انوار البیان
عام فہم اردو تفسیر
محقق العصر حضرت مولانا محمد عاشق الٰہی مہاجر مدنی رحمۃ اللہ علیہ
دار الاشاعت
اردو بازار ○ کراچی
فون: 021-2213768

انوار البیان
فی کشف اسرار القرآن

عام فہم اردو تفسیر

انوار البیان

فی کشف اسرار القرآن

سلیس اور عام فہم اردو میں پہلی جامع اور مفصل تفسیر جس میں تفسیر القرآن بالقرآن اور تفسیر القرآن بالحدیث کا خصوصی اہتمام کیا گیا ہے، دلنشیں انداز میں احکام و مسائل اور مواعظ و نصائح کی تشریحات، اسباب نزول کا مفصل بیان، تفسیر، حدیث و فقہ کے حوالوں کے ساتھ

محقق العصر حضرت مولانا محمد عاشق الٰہی مہاجر مدنی رحمۃ اللہ علیہ

دار الاشاعت
اردو بازار ایم اے جناح روڈ کراچی پاکستان 2213768

باہتمام : خلیل اشرف عثمانی
طباعت : نومبر ۲۰۰۶ء علمی گرافکس
ضخامت : 676 صفحات

مصححین: مولانا محمد شفیق کشمیری صاحب (فاضل جامعہ علوم اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن)
مولانا سرفراز احمد صاحب (فاضل جامعہ علوم اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن)
مولانا عرفان صاحب (فاضل مدرسہ عربیہ رائے ونڈ لاہور)

تصدیق نامہ

میں نے تفسیر ''انوار البیان فی کشف اسرار القرآن'' کے متن قرآن کریم کو بغور پڑھا جو کمی نظر آئی اصلاح کر دی گئی۔ اب الحمدللہ اس میں کوئی غلطی نہیں۔ انشاءاللہ

 23/08/06

محمد شفیق (فاضل جامعہ علوم اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن)
رجسٹرڈ پروف ریڈر محکمہ اوقاف سندھ نمبر جاریہ R ROAUQ 2002/338

﴿......... ملنے کے پتے ....﴾

ادارۃ المعارف جامعہ دارالعلوم کراچی
بیت القرآن اردو بازار کراچی
بیت القلم مقابل اشرف المدارس گلشن اقبال بلاک ۲ کراچی
مکتبہ اسلامیہ امین پور بازار۔ فیصل آباد
مکتبۃ المعارف محلہ جنگی۔ پشاور

ادارہ اسلامیات ۱۹۰۔ انارکلی لاہور
بیت العلوم 20 نابھہ روڈ لاہور
مکتبہ سید احمد شہید اردو بازار لاہور
یونیورسٹی بک ایجنسی خیبر بازار پشاور
مکتبہ اسلامیہ گامی اڈا۔ ایبٹ آباد

کتب خانہ رشیدیہ۔ مدینہ مارکیٹ راجہ بازار راولپنڈی

﴿انگلینڈ میں ملنے کے پتے﴾

Azhar Academy Ltd.
London
Tel : 020 8911 9797, Fax : 020 8911 8999

Islamic Books Centre
119-121, Halli Well Road
Bolton BL 3NE, U.K.

﴿امریکہ میں ملنے کے پتے﴾

MADRASAH ISLAMIAH BOOK STORE
6665 BINTLIFF, HOUSTON,
TX-77074, U.S.A.

DARUL-ULOOM AL-MADANIA
182 SOBIESKI STREET,
BUFFALO, NY 14212, U.S.A.

فہرست تفسیر انوار البیان

(جلد چہارم از پارہ ۱۸...... تا ...... ۲۴)

☆☆☆..........☆☆☆

۱۱۸ آیتیں اور ۶ رکوع	سورۃ المؤمنون	مکی

آیاتھا ۱۱۸ (۲۳) سُوْرَۃُ الْمُؤْمِنُوْنَ مَکِّیَّۃٌ (۷۴) رکوعاتھا ۶

سورۃ مؤمنوں مکہ میں نازل ہوئی اس میں ایک سو اٹھارہ آیات ہیں اور چھ رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝۱ الَّذِیْنَ هُمْ فِیْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ ۝۲ وَالَّذِیْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ ۝۳

تحقیق ایمان والے کامیاب ہو گئے۔ جو اپنی نماز میں خشوع کرنے والے ہیں۔ اور جو لغو باتوں سے اعراض کرنے والے ہیں۔

وَالَّذِیْنَ هُمْ لِلزَّکٰوةِ فٰعِلُوْنَ ۝۴ وَالَّذِیْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ۝۵ اِلَّا عَلٰۤی اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَکَتْ

اور جو ادائیگی زکوٰۃ کا کام کرنیوالے ہیں۔ اور جو اپنی شرم کی جگہوں کی حفاظت کرنیوالے ہیں۔ سوائے اپنی بیویوں کے یا ان باندیوں کے جن کے وہ مالک ہوں

اَیْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَیْرُ مَلُوْمِیْنَ ۝۶ فَمَنِ ابْتَغٰی وَرَآءَ ذٰلِکَ فَاُولٰٓئِکَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ۝۷ وَالَّذِیْنَ هُمْ

سو بلاشبہ وہ ان میں اپنی شرم کی جگہوں کو استعمال کرنے پر ملامت کئے ہوئے نہیں ہے۔ سو جس نے اسکے علاوہ کچھ تلاش کیا تو وہ لوگ حد سے بڑھ جانے والے ہیں۔ اور جو

لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ۝۸ وَالَّذِیْنَ هُمْ عَلٰی صَلَوٰتِهِمْ یُحَافِظُوْنَ ۝۹ اُولٰٓئِکَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ ۝۱۰

لوگ اپنی امانتوں اور عہدوں کی رعایت کرنے والے ہیں۔ اور جو اپنی نمازوں کی حفاظت کرنے والے ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جو میراث پانے والے ہیں۔

الَّذِیْنَ یَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ ؕ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ۝۱۱

جو فردوس کے وارث ہونگے وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

اہل ایمان کی صفات اور ان کی کامیابی کا اعلان

ان آیات میں اہل ایمان کی کامیابی کا اعلان فرمایا ہے اور اہل ایمان کی وہ صفات بیان فرمائی ہیں جن کا اہل ایمان کو کامیاب بنانے میں زیادہ دخل ہے فرمایا قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ (تحقیق اہل ایمان کامیاب ہوگئے) اس میں ان لوگوں کی تردید ہے جو دنیاوی چیزوں کو دیکھ کر کامیابی کا فیصلہ کر لیتے ہیں اور یوں سمجھتے ہیں کہ بادشاہ کامیاب ہے کوئی سمجھتا ہے کہ مالدار کامیاب ہیں اور کوئی گمان کرتا ہے کہ بہت بڑی جائیداد والا کامیاب ہے کسی کے نزدیک وزیر کامیاب ہے، کسی کے نزدیک سفیر کوئی جمال کو کامیابی کا سبب سمجھتا ہے اور کسی کا فیصلہ یہ ہے کہ جو شخص دنیاوی ہنر اور کمال میں ماہر ہو وہ کامیاب ہے۔ اللہ جل شانہ نے فرما دیا کہ اہل ایمان کامیاب ہیں

الجزء ۱۸ وقف لازم

کیونکہ اصل کامیابی آخرت کی کامیابی ہے وہاں اہل ایمان ہی کامیاب ہونگے وہاں کی کامیابی کے بارے میں فرمایا۔ فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَاُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ (جو شخص دوزخ سے بچادیا گیا اور جنت میں داخل کر دیا گیا سو وہ کامیاب ہو گیا)۔اس کے بعد اہل ایمان کے اوصاف بیان فرمائے ان میں پہلا وصف یہ بیان فرمایا اَلَّذِیْنَ هُمْ فِیْ صَلَاتِهِمْ خَاشِعُوْنَ (جو اپنی نمازوں میں خشوع کرنے والے ہیں) خشوع کا اصل معنی قلب کا جھکاؤ' جب مؤمن بندے نماز پڑھیں ان کا پورا دھیان ظاہراً و باطناً نماز کی طرف رہنا چاہیے۔ نماز پڑھتے ہوئے نماز سے غافل نہ ہوں اور یہ ذہن میں رہے کہ میری نماز قبولیت کے لائق ہو جائے غفلت کی نماز خشوع کی نماز نہیں ہے۔ جس میں یہ بھی پتہ نہیں ہوتا کہ کیا پڑھا رکوع سجدہ تو چل میں آیا کے طریقے پر جلدی جلدی کرلیا' سجدہ میں مرغ کی طرح ٹھونگیں مارلیں' لوگوں کو دکھانے کیلئے نماز پڑھ لی' بار بار کپڑوں کو سنبھالا۔ مٹی سے بچایا داڑھی کو کھجایا۔ یہ سب چیزیں خشوع کے خلاف ہیں۔ ایک مرتبہ ایک آدمی نماز پڑھ رہا تھا اور داڑھی سے کھیل رہا تھا اسے دیکھ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا لَوْ خَشَعَ قَلْبُهٗ لَخَشَعَتْ جَوَارِحُهٗ (اگر اس کے دل میں خشوع ہوتا تو اس کے اعضاء میں بھی خشوع ہوتا یعنی اس کے اعضاء شریعت کے قواعد کے مطابق نماز میں اپنی اپنی جگہ ہوتے) نماز چونکہ دربار عالی کی حاضری ہے اس لئے پوری توجہ کے ساتھ نماز پڑھنے کی تعلیم دی گئی ہے' سترہ سامنے رکھنے کی ہدایت فرمائی تاکہ دل جمعی رہے ادھر ادھر دیکھنے سے منع فرمایا ہے' نماز پڑھتے ہوئے شبیک یعنی انگلیوں میں انگلیاں ڈالنے کی ممانعت فرمائی ہے' کھانے کا اور پیشاب پاخانہ کا تقاضا ہوتے ہوئے نماز پڑھنے سے منع فرمایا ہے' کیونکہ یہ چیزیں توجہ ہٹانے والی ہیں۔ ان کی وجہ سے خشوع خضوع باقی نہیں رہتا جو دربار عالی کی حاضری کی شان کے خلاف ہے۔

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب بندہ نماز میں ہوتا ہے تو برابر اس کی طرف اللہ تعالیٰ کی توجہ رہتی ہے جب تک بندہ خود اپنی توجہ نہ ہٹالے' جب بندہ توجہ ہٹالیتا ہے تو اللہ تعالیٰ کی بھی توجہ نہیں رہتی۔ مشکوٰۃ المصابیح ص ۹۱ پر حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اگر تم میں سے کوئی شخص نماز کیلئے کھڑا ہوتا ہے تو کنکریوں کو نہ چھوئے کیونکہ اس کی طرف رحمت متوجہ ہوتی ہے۔ اہل ایمان کا دوسرا وصف بتاتے ہوئے ارشاد فرمایا وَالَّذِیْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ (اور جو لوگ لغو باتوں سے اعراض کرنیوالے ہیں) لغو ہر اس بات اور ہر اس کام کو کہتے ہیں جس کا دنیا و آخرت میں کوئی فائدہ نہیں، مؤمن بندے نہ لغو بات کرتے ہیں نہ لغو کام کرتے ہیں اور اگر کوئی شخص ان سے لغو باتیں کرنے لگے یا کچھ لوگ لغو کاموں میں لگے ہوں تو یہ حضرات اعراض کر کے کنارہ ہو کر گزر جاتے ہیں۔ جیسا کہ سورۂ قصص میں فرمایا ہے وَاِذَا سَمِعُوا اللَّغْوَ اَعْرَضُوْا عَنْهُ (اور جب لغو بات سنتے ہیں تو اس سے کنارہ ہو جاتے ہیں)

اور سورۂ فرقان میں فرمایا وَالَّذِیْنَ لَا یَشْهَدُوْنَ الزُّوْرَ وَاِذَا مَرُّوْا بِاللَّغْوِ مَرُّوْا كِرَامًا (اور جو جھوٹی گواہی نہیں دیتے اور جب لغو بات پر گزرتے ہیں تو کریموں کے طریقہ پر گزر جاتے ہیں)

غور کرلیا جائے کہ جب لغو بات اور لغو کام (جس میں نہ گناہ ہے نہ ثواب ہے) سے بچنے کی اتنی اہمیت ہے تو گناہوں سے بچنے کی کتنی اہمیت ہوگی؟ لغو بات لغو کام میں اگرچہ گناہ نہ ہو لیکن اس سے دل کی نورانیت جاتی رہتی ہے اعمال صالحہ کا ذوق نہیں رہتا زبان کو لغو باتوں کی عادت ہوتی ہے پھر یہ لغو باتیں گناہوں میں مشغولیت کا پیش خیمہ بن جاتی ہیں اور لغو بات اور لغو کام کا کیا یہ نقصان کم ہے کہ جتنے وقت لغو بات یا کوئی لغو کام کیا اتنی دیر میں قرآن مجید کی تلاوت یا اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے تو بہت بڑی دولت سے مالا مال ہو جاتے، لغو باتوں نے بہت بڑی دولت کو گنوا دیا۔ حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ ایک صحابی کی وفات ہوگئی تو ایک شخص نے کہا کہ اس کے لئے جنت

کی خوشخبری ہے اس کی بات سنکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تم اسے جنت کی خوشخبری دے رہے ہو ہو سکتا ہے کہ اس نے کوئی لایعنی بات کی ہو یا کسی ایسی چیز کے خرچ کرنے میں بخل کیا جو خرچ کرنے سے گھٹتی نہیں۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۴۱۳)

(جیسے علم سکھانا تھوڑا سا نمک دیدینا کھانا پکانے کے لئے کسی کو آگ یا ماچس کی تلی دیدینا وغیرہ وغیرہ) اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ **من حسن اسلام المرء تر که مالا یعنیه.** (انسان کے اسلام کے خوبی میں سے ایک یہ بات ہے کہ جو چیز اس کے کام کی نہ ہو اسے چھوڑ دے) حضرت لقمان سے کسی نے کہا کہ آپ کی جو یہ فضیلت حاصل ہوئی ہے کیسے حاصل ہوئی ہے؟ انہوں نے جواب دیا کہ سچی بات کرنے سے اور امانت ادا کرنے سے اور لایعنی کے چھوڑنے سے مجھے یہ مرتبہ ملا۔ (مؤطاء مالک)

اہل ایمان کا تیسرا وصف بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا **وَالَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ فَاعِلُوْنَ** (اور جو لوگ زکوٰۃ ادا کرنے والے ہیں) لفظ زکوٰۃ اپنے لغوی معنی کے اعتبار سے پاک صاف ہونے کے معنی پر دلالت کرتا ہے (اور اسی لیے مال کا ایک حصہ بطور فرض فقراء اور مساکین کو دینے کا نام زکوٰۃ رکھا گیا ہے کیونکہ اس سے نفس بھی بخل سے پاک ہوتا ہے اور مال میں بھی پاکیزگی آجاتی ہے) لغوی معنی کے اعتبار سے بعض مفسرین کرام نے آیت کا یہ مطلب بھی بتایا ہے کہ اپنے نفس کو برے اخلاق سے پاک رکھنے والے ہیں' انسان کے اندر بخل' حسد' حب جاہ' حب مال' ریا کے جذبات امنڈ کر آتے ہیں ان رذائل سے پاک ہونا اور نفس کو دبانا' نفس کی اصلاح کرنا یہ بھی **لِلزَّكٰوةِ فَاعِلُوْنَ** کا مصداق ہے اسی کو سورت الاعلیٰ میں فرمایا **قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى** (وہ شخص کامیاب ہو گیا جو پاک صاف ہوا)

اہل ایمان کا چوتھا وصف یوں بیان فرمایا **وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ** (الآیات الثلاث) اور جو لوگ اپنی شرم کی جگہوں کی حفاظت کرتے ہیں یہ لوگ اپنی بیویوں اور لونڈیوں سے تو شرعی اصول کے مطابق شہوت پوری کر لیتے ہیں ان کے علاوہ کسی اور جگہ اپنی شرم کی جگہوں کو استعمال نہیں کرتے، بیویوں اور لونڈیوں سے شہوت پوری کرنا چونکہ حلال ہے اس لئے اس پر انہیں کوئی ملامت نہیں انکے علاوہ اور کسی جگہ اپنی شرم کی جگہ کو استعمال کیا تو یہ حد شرعی سے آگے بڑھ جانے والی بات ہوگی جس کی سزا دنیا میں بھی ہے اور آخرت میں بھی۔

آیت کی تصریح سے معلوم ہوا کہ متعہ کرنا بھی حرام ہے (جس کا روافض میں رواج ہے) کیونکہ جس عورت سے متعہ کیا جائے وہ بیوی نہیں ہوتی) اسی طرح جانوروں سے شہوت پوری کرنا یا کسی بھی طرح شہوت کے ساتھ منی خارج کرنا یہ سب ممنوع ہے کیونکہ ان سب صورتوں میں شرم کی جگہ کا استعمال نہ بیوی سے ہے اور نہ باندی سے، باندیوں سے قضائے شہوت کرنے کے کچھ احکام ہیں جو کتب فقہ میں مذکور ہیں، یاد رہے کہ گھروں میں کام کرنے والی نوکرانیاں باندیاں نہیں ہیں اگر ان سے کوئی شخص شہوت پوری کرے گا تو صریح زنا ہوگا کسی بھی آزاد عورت کو اگر کوئی شخص بیچ دے تو اس کا بیچنا اور خریدنا دونوں حرام ہیں اور اس کی قیمت بھی حرام ہے اگر کوئی شخص خرید لے گا اور اس خریدی ہوئی عورت سے شہوت والا کام کرے گا تو زنا ہوگا۔

مسئلہ .... جن عورتوں سے نکاح کرنا حرام ہے اگر ان سے نکاح کر بھی لے تب بھی ان سے شہوت پوری کرنا حرام ہی رہے گا۔

مسئلہ .... حیض و نفاس کی حالت میں اپنی بیوی اور شرعی لونڈی سے بھی شہوت والا کام کرنا حرام ہے اور یہ بھی **فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ** میں شامل ہے۔

اہل ایمان کا پانچواں اور چھٹا وصف بتاتے ہوئے ارشاد فرمایا **وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ** (اور جو لوگ اپنی امانتوں اور عہدوں کی رعایت کرنے والے ہیں) اس میں امانتوں کی حفاظت کا اور جو کوئی عہد کر لیا جائے اس کی حفاظت کا تذکرہ فرمایا ہے اور ان دونوں کی رعایت اور حفاظت کو مؤمنین کی صفات خاصہ میں شمار فرمایا ہے۔ حضرت انس ؓ نے بیان کیا ہے کہ بہت کم ایسا ہوا ہے کہ رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ دیا ہو اور یوں نہ فرمایا ہو کہ الالا ایمان لمن لا امانة له و لا دین لمن لا عهد له خبر دار اس کا کوئی ایمان نہیں جو امانت دار نہیں اور اس کا کوئی دین نہیں جو عہد کا پورا نہیں۔ (مشکوۃ المصابیح صفحہ ۱۵)

اللہ تعالیٰ شانہٗ کے جو اوامر و نواہی ہیں انکے متعلق جو شرعی ذمہ داریاں ہیں ان کا پورا کرنا فرائض و واجبات کا احترام کرنا اور محرمات و مکروہات سے بچنا یہ سب امانتوں کی حفاظت میں داخل ہے۔ اسی طرح بندوں کی جو امانتیں ہیں خواہ مالی امانت ہو یا کسی بات کی امانت ہو کسی بھی راز کی امانت ہو ان سب کی رعایت کرنا لازم ہے مالوں کی ادائیگی کو کچھ لوگ امانتداری سمجھتے ہیں لیکن عام طور سے دوسری چیزوں میں امانت داری نہیں سمجھتے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ مجلسیں امانت کے ساتھ ہیں۔ (یعنی مجلسوں کی بات آگے نہ بڑھائی جائے) ہاں اگر کسی مجلس میں حرام طریقے پر کسی کا خون کرنے یا زنا کرنا یا ناحق کسی کا مال لے لینے کا مشورہ کیا تو ان چیزوں کو آگے بڑھا دیں۔ ایک حدیث میں ارشاد ہے کہ جب کوئی شخص بات کہہ دے پھر ادھر ادھر متوجہ ہو (کہ کسی نے سنا تو نہیں) تو یہ بات امانت ہے۔ (رواہ الترمذی و ابوداؤد) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی ارشاد فرمایا ہے کہ یہ بہت بڑی خیانت ہے تو اپنے بھائی سے کوئی بات کہے جس میں وہ تجھے سچا سمجھ رہا ہو اور تو اسے جھوٹ بول رہا ہو۔ (مشکوۃ المصابیح)

ایک حدیث میں ارشاد ہے ان المستشار مؤتمن (بلاشبہ جس سے مشورہ لیا جائے وہ امانت دار ہے) یعنی مشورہ لینے والے کو وہی مشورہ دے جو اس کے حق میں بہتر ہو۔ (رواہ الترمذی)

امانت داری بہت بڑی صفت ہے خیانت منافقوں کا کام ہے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا منافق کی تین نشانیاں ہیں اگر چہ وہ روزہ رکھے اور نماز پڑھے اور مسلمان ہونے کا دعویٰ کرے۔ (۱) جب بات کرے تو جھوٹ بولے۔ (۲) جب وعدہ کرے تو خلاف کرے۔ (۳) اور اگر اسکے پاس امانت رکھ دی جائے تو خیانت کرے۔ (رواہ مسلم)

امانتوں کی حفاظت کے ساتھ عہد کی حفاظت کو بھی مؤمنین کی صفات خاصہ میں شمار فرمایا ہے مؤمن بندوں کا اللہ تعالیٰ سے عہد ہے کہ اس کے فرمان کے مطابق چلیں گے تمام اعمال و احوال میں اس کا خیال رکھیں گے کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان بردار ہو کر رہیں اور نافرمانی نہ کریں اور بندوں سے کوئی معاہدہ ہو جائے کسی بات کا وعدہ کرلیں تو اس کو پورا کریں بشرطیکہ گناہ کا معاہدہ نہ ہو۔ بہت سے لوگ قرض لے لیتے ہیں اور ادائیگی کی تاریخ مقرر کر دیتے ہیں پھر تاریخ آ جانے پر ادائیگی کا انتظام نہیں کرتے بلکہ انتظام ہوتے ہوئے بھی ٹالتے ہیں یہ سب بدعہدی میں آتا ہے، اور اس کے علاوہ بہت سی صورتیں ہیں جو روزمرہ پیش آتی رہتی ہیں، جن لوگوں کا دینی مزاج نہیں ہوتا وہ عہد اور وعدہ کی خلاف ورزی کو کوئی وزن نہیں دیتے، حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس میں چار چیزیں ہونگی خالص منافق ہوگا، اور جس کے اندر ان میں سے ایک خصلت ہوگی اس کے اندر منافقت کی خصلت شمار ہوگی وہ چار خصلتیں یہ ہیں۔ (جب اس کے پاس امانت رکھی جائے تو خیانت کرے)۔ (۲) جب بات کرے تو جھوٹ بولے۔ (۳) جب معاہدہ کرے تو دھوکہ کرے۔ (۴) جب جھگڑا کرے تو گالیاں بکے۔ (رواہ البخاری و مسلم)

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تم مجھے چھ چیزوں کی ضمانت دیدو میں تمہیں جنت کی ضمانت دیتا ہوں۔ (۱) جب بات کرو تو سچ بولو۔ (۲) وعدہ کرو تو پورا کرو۔ (۳) جب تمہارے پاس امانت رکھی جائے تو اس کو ادا کرو۔ (۴) اپنی شرم کی جگہوں کو محفوظ رکھو۔ (۵) اپنی آنکھوں کو نیچے رکھو (یعنی کسی جگہ ناجائز نظر نہ ڈالو)۔ (۶) اور اپنے ہاتھوں کو (بے جا استعمال کرنے سے) روکے رکھو۔ (مشکوۃ المصابیح صفحہ ۴۱۵)

اہل ایمان کے اوصاف بیان کرتے ہوئے مزید فرمایا وَالَّذِیۡنَ ھُمۡ عَلٰی صَلَوٰتِھِمۡ یُحَافِظُوۡنَ (اور اپنی نمازوں کی پابندی کرتے ہیں) اس میں تمام نمازیں پابندی سے پڑھنے کی فضیلت بیان فرمائی۔ جو لوگ ایسی نماز پڑھتے ہیں کہ کبھی پڑھی کبھی نہ پڑھی وہ لوگ اس فضیلت کے مستحق نہیں ہیں جس کا یہاں بیان ہو رہا ہے۔ حضرت عبادہ بن صامتؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا پانچ نمازیں اللہ تعالیٰ نے فرض کی ہیں، جس نے اچھی طرح وضو کیا اور انہیں بروقت ادا کیا اور ان کا رکوع اور سجود پورا کیا اسکے لئے اللہ کا عہد ہے کہ اس کی مغفرت فرمادے گا، اور جس نے ایسا نہ کیا تو اسکے لئے اللہ کا کوئی عہد نہیں اگر چاہے اسکی مغفرت فرمادے اور چاہے تو اسکو عذاب دے۔ (رواہ ابوداؤد) اور حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن نماز کا تذکرہ فرمایا اور ارشاد فرمایا کہ جس نے نماز کی پابندی کی قیامت کے دن اس کے لئے نماز نور ہوگی اور (ایمان کی) دلیل ہوگی اور دوزخ سے نجات کا سبب ہوگی۔ اور جس نے نماز کی پابندی نہ کی اس کے لئے نماز نہ نور ہوگی اور نہ دلیل ہوگی نہ نجات کا سامان ہوگی اور وہ قیامت کے دن قارون فرعون ہامان اور ابی بن خلف کے ساتھ ہوگا۔ (رواہ الدارمی جلد ۲ صفحہ ۲۱۱ والبیہقی فی شعب الایمان کمافی المشکوٰۃ)

مؤمنین کے خاص سات اوصاف بیان فرمانے کے بعد (جن میں اول نماز خشوع کے ساتھ پڑھنا اور آخر میں نماز کی پابندی کرنا ہے) ان مؤمنین کو بشارت دیتے ہوئے ارشاد فرمایا اُولٰٓئِکَ ھُمُ الۡوٰرِثُوۡنَ الَّذِیۡنَ یَرِثُوۡنَ الۡفِرۡدَوۡسَ ط ھُمۡ فِیۡھَا خٰلِدُوۡنَ (یہ وہ لوگ ہیں جو فردوس کے وارث ہونگے وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ جب تم اللہ سے سوال کرو تو فردوس کا سوال کرو کیونکہ وہ جنت کا سب سے اچھا اور سب سے بلند مقام ہے اور اس کے اوپر رحمٰن کا عرش ہے اور اسی سے جنت کی چاروں نہریں پھوٹتی ہیں۔ (رواہ البخاری)

وَلَقَدۡ خَلَقۡنَا الۡاِنۡسَانَ مِنۡ سُلٰلَةٍ مِّنۡ طِیۡنٍ ﴿۱۲﴾ ثُمَّ جَعَلۡنٰهُ نُطۡفَةً فِیۡ قَرَارٍ مَّكِیۡنٍ ﴿۱۳﴾

اور یہ واقعی بات ہے کہ ہم نے انسان کو مٹی کے خلاصہ سے بنایا۔ پھر ہم نے اسے ٹھہرنے کی جگہ میں نطفہ کی صورت میں رکھا۔

ثُمَّ خَلَقۡنَا النُّطۡفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقۡنَا الۡعَلَقَةَ مُضۡغَةً فَخَلَقۡنَا الۡمُضۡغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوۡنَا

پھر ہم نے اس نطفہ کو خون کا لوتھڑا بنایا پھر ہم نے اس لوتھڑے کو بوٹی بنادیا، پھر ہم نے اس بوٹی کو ہڈیاں بنادیا پھر ہم نے ان ہڈیوں کو

الۡعِظٰمَ لَحۡمًا ۗ ثُمَّ اَنۡشَاۡنٰهُ خَلۡقًا اٰخَرَ ؕ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحۡسَنُ الۡخٰلِقِیۡنَ ﴿۱۴﴾ ثُمَّ اِنَّكُمۡ بَعۡدَ

گوشت پہنادیا، پھر ہم نے اس کو دوسری مخلوق بنادیا، سو بابرکت ہے اللہ کی ذات جو سب صناعوں سے بہتر ہے۔ پھر بلاشبہ تم اس کے بعد

ذٰلِكَ لَمَیِّتُوۡنَ ﴿۱۵﴾ ثُمَّ اِنَّكُمۡ یَوۡمَ الۡقِیٰمَةِ تُبۡعَثُوۡنَ ﴿۱۶﴾

ضرور ہی مرجانے والے ہو۔ پھر بلاشبہ تم قیامت کے دن اٹھائے جاؤ گے۔

اللہ تعالیٰ کی شانِ خالقیت، تخلیقِ انسانی کا تدریجی ارتقاء، حیاتِ دنیاوی کے بعد موت، پھر وقوعِ قیامت

ان آیات میں تخلیق انسانی کے مختلف ادوار بتائے ہیں اور آخر میں فرمایا ہے کہ دنیا کا وجود دائمی نہیں ہے آخر مر جاؤ گے اور یہاں سے

چلے جاؤ گے، اور مرنے پر ہی بس نہیں ہے۔ اس کے بعد قیامت کے دن اٹھائے جاؤ گے۔ (پھر زندگی کے اعمال کا حساب ہوگا)

اوّلاً حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق بیان فرمائی جو اول الانسان اور اصل الانسان ہیں اور فرمایا کہ ہم نے انسان کو طین یعنی کیچڑ کے خلاصہ سے پیدا کیا۔ حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے پوری زمین سے ایک مٹھی مٹی لے لی (پھر اس مٹھی سے انسان کا پتلا بنایا پہلے خشک مٹی تھی پھر پانی ڈالا گیا تو کیچڑ بن گئی پھر اس کیچڑ سے پتلا بنایا گیا۔ پھر اس میں روح پھونک دی) سو آدم کی اولاد زمین کے اسی حصہ کے مطابق وجود میں آئے جس کو زمین کا حصہ پہنچ گیا۔ ان میں سرخ بھی ہے سفید بھی کالے بھی اور ان کے درمیان بھی (یہ رنگ کے اعتبار سے ہوا)۔ رواہ الترمذی (ا۔ مشکوۃ المصابیح ص ۲۲)

یہ جو زمین سے مٹی لی گئی تھی جس سے آدم علیہ السلام کی تخلیق ہوئی اسے سلالة من طين (کیچڑ کا خلاصہ فرمایا) یہ تفسیر اس صورت میں ہے جبکہ الانسان سے حضرت آدم علیہ السلام کی شخصیت مراد لی جائے اور بعض حضرات نے فرمایا کہ سلالة من طين سے غذائیں مراد ہیں جنہیں انسان کھاتا ہے پھر ان سے خون بنتا ہے پھر خون سے نطفہ بنتا ہے پھر اس نطفہ سے اولاد پیدا ہوتی ہے۔

پھر فرمایا کہ اس کے بعد ہم نے انسان کو (یعنی کچھ مدت کے بعد پیدا ہونے والے بچہ کو) نطفہ بنایا نطفہ کی حالت میں ٹھہرنے کی جگہ یعنی ماں کے رحم میں رکھ دیا۔ یہ نطفہ رحم مادر میں مقررہ وقت تک رہتا ہے پھر اللہ تعالیٰ اس نطفہ کو علقہ یعنی جمع ہوا خون بنا دیتا ہے، پھر کچھ عرصہ کے بعد یہ جما ہوا خون اللہ کی تخلیق سے مضغہ یعنی بوٹی بن جاتا ہے پھر اللہ تعالیٰ اس بوٹی کے بعض حصوں کی ہڈیاں بنا دیتا ہے، پھر ہڈیوں پر گوشت چڑھا دیتا ہے، پھر اس میں اللہ کے حکم سے روح پھونک دی جاتی ہے۔ شروع میں تو نطفہ بے جان تھا پھر اتنے ادوار سے گزرا پھر ماں کے پیٹ سے باہر آیا تو کان ناک والی بنی بنائی جاندار مورتی سامنے آ گئی، اس کو فرمایا۔ ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ (پھر ہم نے اسے دوسری مخلوق بنا دیا)۔ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ (سو بابرکت ہے اللہ جو تمام صناعین یعنی کاریگروں سے بہتر ہے) دوسرے جو کاریگر ہیں وہ تو خود ہی اللہ تعالیٰ کی مخلوق ہیں ان کو اللہ نے جیسا چاہا پیدا فرمایا اور ان میں جو کوئی کاریگر کسی طرح کی کوئی کاریگری دکھاتا ہے اسے اس کی کوئی طاقت نہیں ہے کہ کسی چیز کو وجود میں لے آئے۔ اللہ تعالیٰ کی پیدا فرمودہ جو چیزیں ہیں انہیں میں جوڑ توڑ لگا کر اور کچھ تراش خراش کر کے کوئی چیز بنا لیتے ہیں اور وہ بھی اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی عقل فہم اور سمع و بصر سے ہوتا ہے۔ ثُمَّ اِنَّكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ لَمَيِّتُوْنَ (پھر بلاشبہ تم اس کے بعد ضرور ہی مر جانے والے ہو) ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ تُبْعَثُوْنَ (پھر بلاشبہ تم قیامت کے دن اٹھائے جاؤ گے)۔

وَلَقَدْ خَلَقْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعَ طَرَآئِقَ ۖ وَمَا كُنَّا عَنِ الْخَلْقِ غٰفِلِيْنَ ﴿۱۷﴾ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ

اور یہ واقعی بات ہے کہ ہم نے تمہارے اوپر سات طرائق پیدا کیے ہیں اور ہم مخلوق سے بے خبر نہیں ہیں۔ اور ہم نے آسمان سے خاص مقدار کے مطابق

فَاَسْكَنّٰهُ فِي الْاَرْضِ ۖ وَاِنَّا عَلٰى ذَهَابٍۢ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ ﴿۱۸﴾ فَاَنْشَاْنَا لَكُمْ بِهٖ جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ

پانی اتارا پھر ہم نے اسے زمین میں ٹھہرایا اور ہم اس کے معدوم کرنے پر قادر ہیں۔ پھر ہم نے اس کے ذریعہ تمہارے لئے کھجور

وَّاَعْنَابٍ ۘ لَكُمْ فِيْهَا فَوَاكِهُ كَثِيْرَةٌ وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَشَجَرَةً تَخْرُجُ مِنْ طُوْرِ سَيْنَآءَ تَنْۢبُتُ

اور انگور کے باغ پیدا کیے ان میں تمہارے لئے بکثرت میوے ہیں اور ان میں سے تم کھاتے ہو۔ اور ہم نے ایک درخت پیدا کیا جو طور سیناء سے تیل لیے ہوئے اگتا

(وقف لازم)

بِالدُّهْنِ وَصِبْغٍ لِّلْاٰكِلِيْنَ ۝۲۰

ہے اور کھانے والوں کے لئے سالن لے کر اگتا ہے۔

آسمان کی تخلیق، خاص مقدار کے موافق بارش ہونا اور اس کے ذریعہ باغیچوں میں پیداوار ہونا

ان آیات میں اللہ جل شانہٗ نے آسمانوں کو پیدا فرمانے اور آسمان سے پانی برسانے اور اس کے ذریعہ درخت اگانے کا تذکرہ فرمایا ہے یہ سب انسانوں کے لیے بڑی بڑی نعمتیں ہیں۔

اول یوں فرمایا ہے کہ ہم نے تمہارے اوپر سَبْعَ طَرَآئِقَ یعنی سات راستے بنائے ہیں مفسرین نے فرمایا ہے کہ ان سے سات آسمان مراد ہیں ان کو سبع طرائق یا تو اس لئے فرمایا ہے کہ سات آسمان اوپر نیچے بنائے ہیں اور یا اس اعتبار سے سبع طرائق فرمایا کہ ان میں فرشتوں کے آنے جانے کے راستے ہیں مزید فرمایا وَمَا كُنَّا عَنِ الْخَلْقِ غَافِلِيْنَ (اور ہم مخلوق سے غافل نہیں ہیں) یعنی بے خبر نہیں اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق سے نہ پہلے غافل تھا اور نہ اب غافل ہے کوئی بڑی مخلوق ہو یا چھوٹی اس نے اپنی حکمت کے موافق جس کو جیسا چاہا اور جب چاہا پیدا فرمادیا۔

ثانیاً یوں فرمایا کہ ہم نے آسمان سے ایک مقدار کے مطابق پانی نازل فرمایا پانی اگر ضرورت سے زیادہ برس جائے تو سیلاب آجاتا ہے اس سے انسان اور جانوروں اور کھیتوں کو نقصان پہنچ جاتا ہے اور اگر پانی کم برسے تو اس سے ضرورتیں پوری نہیں ہوتیں۔ عموماً اللہ تعالیٰ مناسب مقدار میں پانی پیدا فرماتا ہے یہ پانی کھیتوں میں اور باغوں میں پہنچتا ہے جس کی وجہ سے سبزی اور شادابی آجاتی ہے اور پانی کا ایک بہت بڑا حصہ تالابوں میں گڑھوں میں اور ندیوں میں ٹھہر جاتا ہے اس پانی سے انسان پیتے بھی ہیں اور نہاتے بھی ہیں اور دوسری ضرورتوں میں بھی استعمال کرتے ہیں، نیز جانور بھی پانی پیتے ہیں، اگر پانی ایک دم برس کر بہہ کر چلا جائے اور اللہ تعالیٰ اسے زمین میں نہ ٹھہرائے تو مذکورہ فوائد حاصل نہیں ہوسکتے زمین میں ٹھہرانے سے پہلے یا بعد میں اس پانی کو معدوم کرنے پر اللہ تعالیٰ کو قدرت ہے اسی کو فرمایا ہے وَاِنَّا عَلٰى ذَهَابٍ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ (اور بلاشبہ ہم اس کو معدوم کرنے پر ضرور قادر ہیں)

ثالثاً یوں فرمایا کہ پانی کے ذریعہ کھجوروں اور انگوروں کے باغ پیدا کئے، ان کھجوروں اور باغوں میں تمہارے لئے منافع ہیں۔ ایک نفع تو یہ ہے کہ تروتازہ مال ہے درخت سے توڑو اور کھاؤ، میٹھا بھی ہے اور مزے دار بھی، قوت صحت کے لئے بھی مفید ہے نہ پکانے کی ضرورت نہ مسالہ نمک ملانے کی حاجت اور دوسرا فائدہ یہ ہے کہ اس کو سکھا کر رکھ لیتے ہیں جو میوے بن جاتے ہیں اور ان میوں کو اگلی فصل تک کھاتے رہتے ہیں انگور سے منقیٰ اور کشمش تیار کر لیتے ہیں اور کھجوروں سے چھوارے بنا لیتے ہیں اور اس کو فرمایا لَكُمْ فِيْهَا فَوَاكِهُ كَثِيْرَةٌ وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ (اور اس میں تمہارے لئے میوے ہیں اور اس میں سے تم کھاتے ہو)

پھر فرمایا وَشَجَرَةً تَخْرُجُ مِنْ طُوْرِ سَيْنَآءَ (اور ہم نے تمہارے لئے ایک درخت کو پیدا کیا جو طور سیناء سے نکلتا ہے وہ تیل لیکر اور کھانے والوں کے لئے سالن لیکر اگتا ہے اس سے زیتون کا درخت مراد ہے۔ اسکو سورۃ النور میں شجرہ مبارکہ (برکت والا درخت) فرمایا ہے اور سورۂ والتین میں اللہ تعالیٰ نے اس کی قسم کھائی ہے، یہ درخت بڑے منافع اور فوائد کا درخت ہے اس کے دو فائدے تو یہاں اسی آیت میں بیان فرمادیئے ہیں۔ اول تو یہ کہ اس کا تیل بہت نافع ہے بہت سے کاموں میں آتا ہے دوسرا فائدہ یہ ہے کہ اس میں روٹی ڈبو کر کھاتے ہیں اور سالن کی جگہ استعمال کرتے ہیں اور خود زیتون کے دانے بھی روٹی سے اور بغیر روٹی کے کھائے جاتے ہیں زیتون کا

درخت زیادہ تر ملک شام میں ہوتا ہے شام ہی میں طور سیناء ہے جسے سورۃ والتین میں وطور سینین فرمایا ہے یہ تو عام طور سے پڑھے لکھے لوگ جانتے ہی ہیں کہ طور ایک پہاڑ ہے جس پر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے مدین سے مصر کو آتے ہوئے آگ دیکھی تھی پھر جب وہاں آگ لینے کے لئے گئے تو پہلی بار خالق کائنات جل مجدہ سے ہمکلامی کا شرف حاصل ہوا اب رہی یہ بات کہ سیناء اور سینین کا کیا مطلب ہے؟ سو حضرت مجاہدؒ تابعی نے فرمایا کہ یہ دونوں برکت کے معنی میں ہیں اور حضرت قتادہؒ نے فرمایا کہ اس کا معنی ہے: الجبل الحسن اور حضرت مجاہدؒ تابعی کا ایک یہ قول ہے کہ سیناء مخصوص پتھروں کا نام ہے جو طور پہاڑ کے پاس ہوتے ہیں اس لیے اس کی طرف نسبت کی گئی ہے اور حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا سیناء اس جگہ کا نام ہے جس میں طور پہاڑ واقع ہے۔ (معالم التنزیل جلد ۳ صفحہ ۳۰۶)

وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ؕ نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهَا وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ كَثِيْرَةٌ

اور بلاشبہ تمہارے لیے چوپایوں میں عبرت ہے ہم تمہیں ان میں سے پلاتے ہیں جو ان کے پیٹوں میں ہے، اور تمہارے لیے ان میں بہت منافع ہیں

وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ﴿۲۲﴾

اور ان میں سے تم کھاتے ہو، اور ان چوپایوں پر اور کشتیوں پر اٹھائے جاتے ہو۔

ع ۲۲

جانوروں کے منافع، کشتیوں پر بار برداری کا نظام

درختوں کے فوائد بتانے کے بعد چوپایوں کے منافع بیان فرمائے، انسانوں کو ان سے بڑے بڑے فائدے حاصل ہوتے ہیں ان کا دودھ بھی پیتے ہیں گوشت بھی کھاتے ہیں ان کے بالوں کو کاٹ کر کپڑے اور اوڑھنے بچھانے کی چیزیں بنالیتے ہیں اور ان پر سوار ہوتے ہیں۔ جیسے بنی آدم کی نسلیں چل رہی ہیں اسطرح چوپایوں میں بھی تناسل کا سلسلہ چل رہا ہے اللہ تعالیٰ نے جانوروں کو انسانوں کے لیے مسخر فرمایا یہ بھی اللہ تعالیٰ کا بڑا انعام ہے۔

آخر میں کشتیوں کا بھی تذکرہ فرمایا ہے کشتیوں پر بھی سوار ہوتے ہیں سامان لادتے ہیں اور دور دراز کا سفر کرتے ہیں۔ کشتیاں بنانے کا الہام فرمانا اور انکے بنانے کے طریقے سکھانا پھر پانی میں ان کا جاری فرمانا یہ بھی اللہ تعالیٰ کے انعام ہیں۔ سورۃ البقرہ میں وَالْفُلْكِ الَّتِيْ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ کی تفسیر کا مطالعہ کرلیا جائے۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اَفَلَا

اور یہ واقعی بات ہے کہ ہم نے نوح علیہ السلام کو ان کی قوم کی طرف بھیجا سو انہوں نے کہا کہ اے میری قوم تم اللہ کی عبادت کرو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں ہے کیا تم

تَتَّقُوْنَ ﴿۲۳﴾ فَقَالَ الْمَلَؤُا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ يُرِيْدُ اَنْ يَّتَفَضَّلَ

ڈرتے نہیں ہو۔ سو ان کی قوم کے سرداروں نے کہا جنہوں نے کفر اختیار کیا کہ یہ شخص تمہارے ہی جیسا آدمی ہے، یہ چاہتا ہے کہ تم پر فضیلت

عَلَيْكُمْ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَاَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً ۚ مَّا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِيْٓ اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِيْنَ ﴿۲۴﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا رَجُلٌۢ بِهٖ

والا بن کر رہے اور اگر اللہ چاہتا تو فرشتوں کو نازل فرمادیتا ہم نے تو یہ بات اپنے باپ دادوں میں نہیں سنی جو ہم سے پہلے تھے، اس کے علاوہ کچھ بھی نہیں ہے کہ اس کو

جِنَّةٌ فَتَرَبَّصُوا بِهٖ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۲۵﴾ قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ بِمَا كَذَّبُوْنِ ﴿۲۶﴾ فَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ اَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ

جنون ہو گیا ہے سو تم کچھ وقت تک اس کا انتظار کرلو۔ نوح علیہ السلام نے عرض کیا کہ اے میرے رب اس سبب سے کہ انہوں نے مجھے جھٹلایا میری مدد فرمایئے۔ سو ہم نے نوح علیہ السلام کی

بِاَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا فَاِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّوْرُ ۙ فَاسْلُكْ فِيْهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَاَهْلَكَ

طرف وحی بھیجی کہ ہمارے سامنے اور ہماری وحی سے کشتی بنالو پھر جب ہمارا حکم پہنچے اور تنور سے پانی پھوٹ نکلے تو ہر جوڑے سے دو عدد یعنی ایک ایک نر ایک ایک مادہ کشتی میں داخل

اِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ مِنْهُمْ ۚ وَلَا تُخَاطِبْنِيْ فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۚ اِنَّهُمْ مُّغْرَقُوْنَ ﴿۲۷﴾ فَاِذَا

کردینا اور اپنے گھر والوں کو بھی سوائے اسکے جس پر ان میں سے پہلے بات طے ہو چکی ہے اور ان لوگوں کے بارے میں مجھ سے خطاب نہ کرنا جنہوں نے ظلم کیا، بلاشبہ وہ غرق کئے

اسْتَوَيْتَ اَنْتَ وَمَنْ مَّعَكَ عَلَى الْفُلْكِ فَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ نَجّٰنَا مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۸﴾ وَقُلْ

جانے والے ہیں، سو جب تم اور وہ لوگ جو تمہارے ساتھ ہیں ٹھیک طرح کشتی میں بیٹھ جائیں تو یوں کہنا کہ سب تعریف اللہ ہی کیلیے ہے جس نے ہمیں ظالم قوم سے نجات دی۔ اور

رَّبِّ اَنْزِلْنِيْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ﴿۲۹﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ وَّاِنْ كُنَّا لَمُبْتَلِيْنَ ﴿۳۰﴾

تم یوں دعا کرنا کہ اے میرے رب مجھے برکت کا اتارنا اتاریو اور آپ اتارنے والوں میں سب سے بہتر ہیں، بلاشبہ اس میں نشانیاں ہیں اور بلاشبہ ہم ضرور آزمانے والے ہیں۔

حضرت نوح علیہ السلام کا اپنی قوم کو توحید کی دعوت دینا اور نافرمانی کی وجہ سے قوم کا غرقِ آب ہونا

اس رکوع میں حضرت نوح علیہ السلام کی دعوت توحید اور ان کی قوم کی تکذیب کی وجہ سے طوفان میں غرق کئے جانے کا تذکرہ فرمایا ہے :

حضرت نوح علیہ السلام کی قوم بت پرست تھی ان کے بتوں کے نام سورۂ نوح کے دوسرے رکوع میں مذکور ہیں۔ حضرت نوح علیہ السلام نے انہیں تبلیغ کی اور توحید کی دعوت دی اور فرمایا کہ تمہارا معبود صرف اللہ ہی ہے اس کے علاوہ کوئی معبود نہیں۔ صرف اسی کی عبادت کرو تم اس سے کیوں نہیں ڈرتے ؟ کہ اللہ کی طرف سے تمہاری گرفت ہو جائے اور تم پر عذاب آ جائے ، ہر قوم کے سردار اور چودھری حق قبول کرنے سے بچتے ہیں نہ خود قبول کرتے ہیں اور نہ اپنے عوام کو قبول کرنے دیتے ہیں۔ عوام میں جو دنیاوی اعتبار سے نیچے درجہ کے لوگ ہوتے ہیں وہ آگے بڑھنے اور حق قبول کرنے کی ہمت کر لیتے ہیں۔ حضرت نوح علیہ السلام کی قوم کے چودھری اور سرداروں نے بھی وہی طریقہ اختیار کیا اور کہنے لگے کہ یہ شخص جو اپنے بارے میں کہہ رہا ہے کہ میں اللہ کا نبی ہوں اس میں ہمیں تو کوئی خاص بات نظر نہیں آتی جیسے تم آدمی ہو ایسا ہی یہ آدمی ہے، مقصد اس کا یہ ہے کہ تمہارا بڑا بن کر رہے اور تم اس کے ماتحت رہو اگر اللہ کو کوئی پیغمبر بھیجنا ہی تھا تو اس کے لیے فرشتوں کو نازل فرما دیتا جو ہمیں اللہ کا پیغام پہنچا دیتا یہ جو کہتا ہے کہ تم اپنے معبودوں کو چھوڑ و اور صرف ایک معبود کی عبادت کرو اور اسی ایک معبود کو تنہا وحدہ لاشریک بتاتا ہے یہ بات ہم نے اپنے باپ دادوں میں کبھی نہیں سنی جو ہم سے پہلے گزر گئے، ان چودھریوں نے یہ بھی کہا کہ ہمارے خیال میں تو یہ بات آتی ہے کہ اس شخص پر دیوانگی سوار ہے دیکھو اس کا معاملہ کس کل بیٹھتا ہے تم انتظار کرلو۔

ممکن ہے کہ اس کی دیوانگی ختم ہو جائے اور بہر حال اس کو موت تو آ ہی جائے گی موت پر تو اس کے سارے دعوے رکھے ہی رہ جائیں گے۔

حضرت نوح علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ اس سبب سے کہ انہوں نے مجھے جھٹلایا ہے میری مدد فرمائیے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی مدد فرمائی اور عظیم طوفان آیا جس میں سب کافر غرق ہو گئے، اللہ تعالیٰ نے پہلے تو انہیں کشتی بنانے کا حکم فرمایا پھر جب کشتی بنالی تو حکم فرمایا کہ اس میں اپنے اہل وعیال کو اور تمام مؤمنین کو جو (تھوڑے سے تھے) ساتھ لیکر سوار ہو جاؤ۔ ہاں تمہارے اہل وعیال میں جو شخص ایمان نہیں لایا اسے اپنے ساتھ سوار نہ کرنا اور ان کے بارے میں مجھ سے خطاب بھی نہ کرنا یعنی ان کی نجات کے بارے میں درخواست نہ کرنا کیونکہ یہ لوگ ڈبوئے جانے والے ہیں۔ (حضرت نوح علیہ السلام کی بیوی اور ایک بیٹا ایمان نہیں لایا تھا) جو جانور چرندے پرندے اور دوسری چیزیں زمین پر بسنے والی تھیں اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اس میں سے ایک ایک جوڑا لیکر کشتی میں سوار کرلو، کیونکہ حکمت کا تقاضہ یہ ہے کہ طوفان کے بعد بھی نسلیں چلیں، چنانچہ حضرت نوح علیہ السلام نے ان کو بھی کشتی میں سوار فرمالیا۔

اللہ تعالیٰ نے یہ بھی حکم فرمایا کہ جب تم اور تمہارے ساتھی اچھی طرح کشتی میں سوار ہو جاؤ تو اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہوئے یوں کہنا۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ نَجّٰنَا مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ (سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے جس نے ہمیں ظالم قوم سے نجات دی) اور مزید یہ دعا بھی تلقین فرمائی رَبِّ اَنْزِلْنِیْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْمُنْزِلِیْنَ (اے میرے رب مجھے ایسی جگہ میں اتاریئے جو مبارک ہو اور آپ سب سے بہتر اتارنے والوں میں سے ہیں۔

جب کشتی میں سوار ہوئے تو بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖهَا وَمُرْسٰهَا پڑھا (اللہ ہی کے ساتھ ہے اس کا چلنا اور ٹھہرنا) اور سوار ہونے کے بعد یہ دعا پڑھی جو ابھی اوپر مذکور ہوئی، طوفان کی ابتداء کس طرح ہوگی یہ پہلے اللہ تعالیٰ نے بتادیا تھا کہ پہلے تنور سے پانی ابلنا شروع ہوگا تنور سے پانی کی ابتداء ہوئی اور زمین کے دوسرے حصوں میں بھی خوب پانی نکلا اور آسمان سے بھی خوب پانی برسا۔ کافر سارے ڈوب گئے کشتی والوں کو نجات ہوئی اور کشتی جودی پہاڑ پر ٹھہر گئی، پھر اہل ایمان زمین پر آئے دوبارہ آبادی شروع ہوئی جس کی تفصیل سورۂ ھود کے چوتھے رکوع کی تفسیر میں گزر چکی ہے۔ (انوار البیان صفحہ ۳۷ تا صفحہ ۴۳ ج ۳)

حضرت نوح علیہ السلام کی قوم کا حال بیان فرمانے کے بعد ارشاد فرمایا اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ (بلاشبہ اس میں نشانیاں ہیں جو اللہ تعالیٰ کی قدرت پر دلالت کرتی ہیں) وَاِنْ كُنَّا لَمُبْتَلِیْنَ (اور بلاشبہ ہم ضرور آزمانے والے ہیں) حضرت نوح علیہ السلام کی قوم کو آزمایا وہ ان میں ساڑھے نوسو سال تک رہے انہیں نصیحت فرمائی اور توحید کی دعوت دی اور اللہ تعالیٰ کی نعمتیں یاد دلائیں ان کا امتحان تھا انہوں نے ظاہری دنیا ہی کو دیکھا اپنے سرداروں کے بات مانی حق کو قبول نہ کیا ہلاک کر دیئے گئے۔ یہ سلسلہ آزمائش اب بھی جاری ہے۔

ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِیْنَ ﴿۳۱﴾ فَاَرْسَلْنَا فِیْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ

پھر ہم نے ان کے بعد دوسرا گروہ پیدا کیا۔ پھر ہم نے ان میں سے رسول بھیجا کہ تم اللہ کی عبادت کرو اس کے علاوہ تمہارا کوئی

اِلٰهٍ غَیْرُهٗ ؕ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۳۲﴾ وَقَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهِ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ وَاَتْرَفْنٰهُمْ

معبود نہیں ہے کیا تم نہیں ڈرتے ہو۔ اس رسول کو قوم کے چودھری جنہوں نے کفر اختیار کیا اور آخرت کی ملاقات کو جھٹلایا اور ہم نے انہیں دنیا میں عیش کی

فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا ۙ مَا هٰذَاۤ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ یَاْكُلُ مِمَّا تَاْكُلُوْنَ مِنْهُ وَیَشْرَبُ مِمَّا تَشْرَبُوْنَ ﴿۳۳﴾

زندگی دی تھی انہوں نے کہا یہ تو تمہارے جیسا ہی آدمی ہے اسی میں سے یہ کھاتا ہے جس سے تم کھاتے ہو اور اسی میں پیتا ہے جس سے تم پیتے ہو،

وَ لَـئِنۡ اَطَعۡتُمۡ بَشَرًا مِّثۡلَكُمۡ اِنَّكُمۡ اِذًا لَّخٰسِرُوۡنَ ﴿۳۴﴾ اَيَعِدُكُمۡ اَنَّكُمۡ اِذَا مِتُّمۡ وَكُنۡتُمۡ تُرَابًا وَّعِظَامًا

اور اگر تم نے اپنے جیسے آدمی کی بات مان لی تو بلاشبہ تم ضرور ہی نقصان اٹھانے والے ہوجاؤ گے۔ کیا یہ شخص تمہیں یہ بتاتا ہے کہ جب تم مرجاؤ گے اور مٹی اور

اَنَّكُمۡ مُّخۡرَجُوۡنَ ﴿۳۵﴾ هَيۡهَاتَ هَيۡهَاتَ لِمَا تُوۡعَدُوۡنَ ﴿۳۶﴾ اِنۡ هِىَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنۡيَا نَمُوۡتُ وَنَحۡيَا وَمَا

ہڈیاں ہوجاؤ گے تو تم نکالے جاؤ گے۔ دور ہے دور ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جارہا ہے۔ یہ تو بس دنیا والی ہی زندگی ہے ہم مرتے ہیں اور جیتے ہیں اور ہم

نَحۡنُ بِمَبۡعُوۡثِيۡنَ ﴿۳۷﴾ اِنۡ هُوَ اِلَّا رَجُلُ اِۨفۡتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا وَّمَا نَحۡنُ لَهٗ بِمُؤۡمِنِيۡنَ ﴿۳۸﴾

اٹھائے جانے والے نہیں ہیں۔ یہ کچھ نہیں بس یہ ایسا شخص ہے جس نے اللہ پر جھوٹ باندھا ہے اور ہم اس پر ایمان لانے والے نہیں ہیں۔

قَالَ رَبِّ انۡصُرۡنِىۡ بِمَا كَذَّبُوۡنِ ﴿۳۹﴾ قَالَ عَمَّا قَلِيۡلٍ لَّيُصۡبِحُنَّ نٰدِمِيۡنَ ﴿۴۰﴾ فَاَخَذَتۡهُمُ

اس پیغمبر علیہ السلام نے عرض کیا کہ اے میرے رب اس سبب سے کہ انہوں نے مجھے جھٹلایا میری مدد فرمائیے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ عنقریب یہ لوگ پشیمان ہوں گے۔ سوان کو سچے

الصَّيۡحَةُ بِالۡحَـقِّ فَجَعَلۡنٰهُمۡ غُثَآءً ۚ فَبُعۡدًا لِّلۡقَوۡمِ الظّٰلِمِيۡنَ ﴿۴۱﴾

وعدہ کے موافق سخت چیخ نے پکڑلیا، پھر ہم نے انہیں خس وخاشاک کردیا سو دوری ہے ظالم قوم کے لیے۔

حضرت نوح علیہ السلام کے بعد ایک دوسرے نبیؑ کی بعثت اور ان کی قوم کی تکذیب اور ہلاکت

حضرت نوح علیہ السلام کے بعد زمین میں بسنے والی قوموں کی ہدایت کے لئے کثیر تعداد میں اللہ کے رسول آئے، مذکورہ بالا آیات میں ایک رسول اور انکی امت کی تکذیب کا پھر چیخ سے ہلاک ہونے کا تذکرہ ہے، مفسرین نے فرمایا ہے کہ ان سے حضرت ہود یا حضرت صالح علیہ السلام مراد ہیں۔ پہلے قول کو اس اعتبار سے ترجیح معلوم ہوتی ہے، کہ سورۂ اعراف اور سورۂ ہود اور سورۂ شعراء میں حضرت نوح علیہ السلام کے واقعہ کے بعد ہی حضرت ہود علیہ السلام اور ان کی قوم عاد کا تذکرہ فرمایا ہے اور اگر اس بات کو دیکھا جائے کہ حضرت صالح علیہ السلام کی قوم سخت چیخ کے ذریعہ ہلاک ہوئی (کمافی سورہ ہود) اور یہاں جس رسول کی امت کی ہلاکت کا ذکر ہے انکی ہلاکت بھی سخت چیخ کے ذریعہ بتائی ہے تو اس سے قول ثانی کو ترجیح معلوم ہوتی ہے۔ والعلم عنداللہ الکریم۔ اللہ تعالیٰ شانہ نے ارشاد فرمایا کہ ہم نے نوح علیہ السلام کی قوم کے بعد ایک اور جماعت کو پیدا کیا ان میں بھی رسول بھیجا، یہ رسول انہیں میں سے تھا اس نے بھی ان لوگوں کو توحید کی دعوت دی اور ان سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ اللہ ہی کی عبادت کرو اس کے علاوہ تمہارا کوئی معبود نہیں ہے تم وحدہ لاشریک کو چھوڑ کر دوسروں کی عبادت کرتے ہو تمہیں ڈرنا چاہیے کہ اس کی وجہ سے تم پر کوئی عذاب نہ آجائے، ان کے قوم کے چودھری اور سردار جنہوں نے کفر اختیار کررکھا تھا اور آخرت کے منکر تھے اور دنیا کے عیش وعشرت میں مگن تھے کہنے لگے اجی یہ کیسے رسول ہوسکتا ہے یہ تو تمہارا ہی جیسا آدمی ہے جس سے تم کھاتے ہو اسی سے کھاتا ہے جس سے تم پیتے ہو یہ اسی سے پیتا ہے اگر یہ رسول ہوتا تو اس میں کوئی امتیازی بات ہوتی، اگر تم نے ایسے شخص کی بات مانی جو تمہارا ہی جیسا ہے تو تم نقصان اور گھاٹے والے ہوجاؤ گے۔ اس شخص کی بات پر وہی ایمان لاسکتا ہے جس کی عقل کا دیوالیہ ہوچکا ہو، کیا اس کی باتیں سمجھ میں آنے والی ہیں؟ یہ کہتا ہے کہ جب تم مرجاؤ گے اور بالکل مٹی اور ہڈیاں رہ جاؤ گے تو قبروں سے زندہ کرکے نکالے جاؤ گے یہ جو بات تمہیں بتارہا ہے عقل وفہم سے دور ہے۔ (یعنی ایسا ہونے والا نہیں ہے)

ہم تو یہ سمجھے ہیں کہ یہی دنیا والی زندگی ہے اس میں موت وحیات کا سلسلہ جاری ہے، ہم مرتے بھی ہیں اور جیتے بھی ہیں یہ سلسلہ ہمیشہ جاری رہے گا۔ یہ بات کہ مرنے کے بعد قبروں سے اٹھائے جائیں گے پھر حساب کتاب کے لیے پیشی ہوگی یہ بات سمجھ میں آنے والی نہیں ہے جو مر گیا سو مر گیا اب کہاں کا زندہ ہونا اور قبروں سے اٹھنا؟

یہ شخص جو کہتا ہے کہ اللہ نے مجھے رسول بنا کر بھیجا ہے اس کے بارے میں ہماری سمجھ میں تو یہ آتا ہے کہ اس نے اللہ پر جھوٹ پر باندھا ہے، ہم اس پر ایمان لانے والے نہیں ہیں۔ جب ان کی قوم نے انکی بات ماننے سے انکار کیا تو انہوں نے بارگاہ خداوندی میں وہی دعا کی جو حضرت نوح علیہ السلام نے کی تھی کہ اے میرے رب اس سبب سے کہ انہوں نے مجھے جھٹلایا میری مدد فرمایئے۔ اللہ تعالیٰ شانہ نے ان سے مدد کا وعدہ فرمایا اور ارشاد فرمایا کہ وہ وقت قریب ہے کہ یہ لوگ نادم اور پشیمان ہونگے جب عذاب آئے گا تو پچھتائیں گے اللہ تعالیٰ نے جو اپنے رسول سے وعدہ فرمایا تھا حق تھا اس نے اپنے رسول کی مدد فرمائی اور جھٹلانے والوں کے لیے ایک زبردست چیخ بھیج دی جس کی وجہ سے وہ ہلاک ہو گئے ان کا وجود خس وخاشاک اور کوڑا کرکٹ کی طرح ہو کر رہ گیا، سو ظالم قوم کے لئے اللہ کی رحمت سے دوری ہے ان پر اللہ کی مار اور پھٹکار ہے۔

ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قُرُوْنًا اٰخَرِيْنَ ﴿۴۲﴾ مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَمَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ﴿۴۳﴾ ثُمَّ

پھر ہم نے ان کے بعد دوسری جماعتوں کو پیدا کیا۔ کوئی امت اپنی اجل سے نہ آگے بڑھ سکتی تھی اور نہ وہ لوگ پیچھے ہٹ سکتے تھے۔ پھر ہم نے یکے بعد دیگرے پیغمبروں کو

اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا تَتْرَا ؕ كُلَّمَا جَآءَ اُمَّةً رَّسُوْلُهَا كَذَّبُوْهُ فَاَتْبَعْنَا بَعْضَهُمْ بَعْضًا وَّجَعَلْنٰهُمْ

بھیجا جب بھی کسی امت کے پاس اس کا رسول آیا تو انہوں نے اسے جھٹلایا سو ہم بعض کو بعض کے پیچھے وجود میں لاتے رہے اور ہم نے انہیں کہانیاں بنادیا، سو اس قوم کیلیے دوری

اَحَادِيْثَ ۚ فَبُعْدًا لِّقَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۴۴﴾ ثُمَّ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى وَاَخَاهُ هٰرُوْنَ ۙ بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ

ہے جو ایمان نہیں لاتے۔ پھر ہم نے موسیٰ علیہ السلام اور ان کے بھائی ہارون علیہ السلام کو اپنی آیات اور کھلی ہوئی دلیل کے ساتھ

مُّبِيْنٍ ﴿۴۵﴾ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا عَالِيْنَ ﴿۴۶﴾ فَقَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ لِبَشَرَيْنِ مِثْلِنَا

فرعون اور اسکے درباریوں کے پاس بھیجا سو ان لوگوں نے تکبر کیا اور وہ لوگ اونچے تھے۔ سو ان لوگوں نے کہا کیا ہم اپنے جیسے دو آدمیوں پر ایمان لائیں اور حال یہ ہے کہ انکی قوم

وَقَوْمُهُمَا لَنَا عٰبِدُوْنَ ﴿۴۷﴾ فَكَذَّبُوْهُمَا فَكَانُوْا مِنَ الْمُهْلَكِيْنَ ﴿۴۸﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ

ہمارے زیر حکم ہے۔ سو ان دونوں کو انہوں نے جھٹلایا لہٰذا وہ ہلاک کیے جانے والے لوگوں میں شامل کر دیئے گئے۔ اور یہ واقعی بات ہے کہ ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو کتاب دی تا کہ وہ

لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿۴۹﴾ وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗٓ اٰيَةً وَّاٰوَيْنٰهُمَآ اِلٰى رَبْوَةٍ ذَاتِ قَرَارٍ وَّمَعِيْنٍ ﴿۵۰﴾ ع ۳ ۱۸

لوگ ہدایت پائیں۔ اور ہم نے ابن مریم علیہ السلام اور ان کی والدہ کو ایک نشانی بنادیا اور ہم نے ان دونوں کو ایک ایسے ٹیلہ پر ٹھکانہ دیا جو ٹھہرنے کی اور پانی جاری ہونے کی جگہ تھی۔

حضرت موسیٰ و ہارون علیہ السلام اور دیگر انبیاء کرام علیہم السلام کا تذکرہ

فرعون اور اس کے درباریوں کا تکبر اور تکذیب اور ہلاکت

حضرت نوح علیہ السلام کی قوم کا ذکر فرمانے کے بعد ایک اور رسول کی تشریف آوری کا اور ان کی امت کی ہلاکت کا تذکرہ فرمایا پھر

فرمایا کہ ہم نے ان کے بعد اور بہت سی جماعتیں پیدا کیں، ان سے حضرت لوط علیہ السلام اور حضرت شعیب علیہ السلام کی قومیں اور انکے علاوہ جو قومیں تھیں حضرات انبیاء کرام علیہم السلام کی تکذیب کے باعث ہلاک کر دی گئی۔ اللہ تعالیٰ کے قضا وقدر میں جس امت کے ہلاک ہونے کا وقت مقرر تھا ہر امت ٹھیک اسی وقت میں ہلاک کی گئی۔ نہ وہ اپنے مقررہ وقت سے پہلے ہلاک ہوئی اور نہ اس وقت سے مؤخر ہوئی۔

قوله تعالى تترا من المتواترة وهو التتابع مع فصل ومهلة والتاء الاولى بدل من الواو كما فى تراث وجمهور القراء والعرب على عدم تنوينه فالفه للتانيث كالف دعوىٰ وذكرىٰ ومعناه ثم ارسلنا رسلنا متواترين وقرا ابن كثير وابوعمرو وتترًا بالتنوين وهو لغة كنانة (راجع روح المعانى ج ۱۸ صفحه ۳۴)۔

فَاَتْبَعْنَا بَعْضَهُمْ بَعْضًا (سو ہم بعض کو بعض کے بعد وجود میں لاتے رہے) یعنی ایک قوم گئی اور اس کے بعد دوسری قوم آ گئی برابر ایسا ہی ہوتا رہا جیسے وجود میں آنا آگے پیچھے تھا اسی طرح ہلاک ہونے میں بھی آگے پیچھے تھے، ایک قوم آئی رسول کو جھٹلایا وہ ہلاک ہوئی دوسری قوم آئی اس نے بھی اپنے رسول کو جھٹلایا وہ بھی ہلاک ہوگئی اسی طرح سلسلہ جاری رہا، وَجَعَلْنَاهُمْ اَحَادِيْثَ (اور ہم نے انہیں کہانیاں بنا دیا) یعنی وہ لوگ رسولوں کی تکذیب کی وجہ سے ایسے برباد ہوئے اور ایسے گئے کہ بعد کے آنے والے صرف کہانیوں کے طور پر ان کا ذکر کرتے ہیں کہ اس نام کی بھی کوئی قوم تھی اور فلاں علاقے میں بھی کبھی لوگ آباد تھے، کیا انکے بڑے بڑے دعوے تھے اور کیا ان کا یہ انجام ہوا کہ بس کہانیوں کی طرح لوگ ان کا تذکرہ کرتے ہیں۔ فَبُعْدًا لِّقَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ (سو دوری ہے ان لوگوں کے لیے جو ایمان نہیں لاتے) یہ لوگ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے دور ہیں کیونکہ غیر مومن کو اللہ کی رحمت شامل نہ ہوگی وہ ہمیشہ لعنت میں رہیں گے۔ ثُمَّ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى وَاَخَاهُ (الآيات الاربع) یعنی مذکورہ اقوام کے بعد ہم نے موسیٰ علیہ السلام اور ان کے بھائی ہارون علیہ السلام کو اپنی آیات اور سلطان مبین دے کر بھیجا مفسرین نے فرمایا ہے کہ آیات سے وہ آیات مراد ہیں جو سورۂ انفال کی آیت وَلَقَدْ اَخَذْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ اور اس کی بعد والی آیت میں مذکور ہیں اور سلطان مبين (حجة واضحة) سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کا عصا مراد ہے۔ حضرت موسیٰ اور انکے بھائی ہارون علیہما السلام کو اللہ تعالیٰ نے فرعون اور اس کی قوم کے سرداروں کی طرف بھیجا ان لوگوں نے تکبر اختیار کیا انہیں دنیا میں جو برتری حاصل تھی اس کی وجہ سے اپنے کو بڑا سمجھتے تھے یہ تکبر انہیں لے ڈوبا کہنے لگے یہ دونوں آدمی جو کہہ رہے ہیں کہ ہمیں اللہ تعالیٰ نے تمہاری طرف پیغمبر بنا کر بھیجا ہے کیا ہم ان پر ایمان لے آئیں حالانکہ یہ دونوں جس قوم کے فرد ہیں یعنی بنی اسرائیل وہ تو ہمارے فرمانبردار ہیں، یہ انکی پوری قوم جن میں یہ بھی شامل ہیں ہم سے بہت زیادہ کمتر ہیں ہم مخدوم ہیں یہ خادم ہیں، یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ ہم اس قوم کے دو آدمیوں کو اپنا پیغمبر مان لیں جو ہمارے ماتحت ہیں جو لوگ ہم سے دب کے رہتے ہیں ان کو اپنے سے برتر کیسے سمجھ لیں؟ وہ لوگ ایسی ہی باتیں کرتے رہے، اللہ تعالیٰ کے دونوں پیغمبروں کو جھٹلایا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ وہ ہلاک کر دیئے گئے یعنی سمندر میں ڈبو دیئے گئے۔

اس کے بعد فرمایا وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتَابَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ (اور یہ واقعی بات ہے کہ ہم نے موسیٰ کو کتاب دی تاکہ وہ لوگ ہدایت پا جائیں) جب فرعون اور اس کی قوم غرق ہو کر ہلاک ہوگئی اور حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنی قوم بنی اسرائیل کو لے کر دریا پار ہو گئے تو اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کی ہدایت کے لیے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو توراۃ شریف عطا فرمائی۔ جب تک بنی اسرائیل فرعون کی غلامی میں تھے احکام شرعیہ پر عمل کرنے سے عاجز تھے اس لیے انہیں تفصیلی احکام اس وقت دیئے جب فرعون کی گرفت سے نکل گئے یہ احکام توراۃ شریف کے ذریعہ دیئے گئے جو حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی توراۃ شریف کے بارے میں سورۂ انعام میں فرمایا ہے وَتَفْصِيْلًا لِّكُلِّ شَيْءٍ بنی اسرائیل نے کیا کیا حرکتیں کیں ان کا ذکر سورۂ بقرہ میں اور سورۂ انعام میں گذر چکا ہے۔

حضرت مریم اور عیسیٰ علیہما السلام کا تذکرہ

آخر میں فرمایا وَ جَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ وَ اُمَّهٗٓ اٰيَةً (اور ہم نے ابن مریم اور انکی والدہ کو نشانی بنادیا) ابن مریم یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا اپنی والدہ کے بطن سے پیدا ہونا جبکہ کسی بشر نے انکی والدہ کو چھوا تک نہ تھا یہ اللہ تعالیٰ کی قدرت کی ایک عظیم نشانی ہے پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے معجزے (جو سورۂ آل عمران اور سورۂ مائدہ میں بیان ہو چکے ہیں) ان میں بھی اللہ تعالیٰ کے قدرت کی نشانیاں ہیں یاد رہے کہ قرآن کریم میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے علاوہ کسی نبی کا ابن فلاں کہہ کر تذکرہ نہیں فرمایا اور سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نام کے ساتھ جگہ جگہ ابن مریم فرمایا ہے اور سورۂ مریم میں واضح طور پر فرمادیا کہ وہ بغیر باپ کے پیدا ہوئے لیکن اب بعض ملحد اور زندیق یوں کہتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے باپ کا نام یوسف تھا اس طرح سے یہ لوگ اللہ تعالیٰ کی کتاب کو جھٹلاتے ہیں اور حضرت مریم علیہا السلام پر بھی بدکرداری کی تہمت دھرتے ہیں۔ **لعنهم الله تعالٰی**

مزید فرمایا وَ اٰوَيْنٰهُمَآ اِلٰى رَبْوَةٍ ذَاتِ قَرَارٍ وَّمَعِيْنٍ (اور ہم نے ان دونوں کو اونچی جگہ پر ٹھکانہ دیا جو ٹھہرنے کی جگہ تھی اور جس میں پانی جاری تھا) مطلب یہ ہے کہ ہم نے انہیں رہنے کے لئے بلند جگہ عطا کی (جہاں اچھی طرح رہ سکتے تھے وہاں کھیتیاں تھیں پھل پھول تھے) نیز پانی بھی جاری تھا پانی جو کھیتوں کو اور باغات کو سیراب کرتا تھا اور اس کے دیکھنے سے دل خوش ہوتا۔ اس بلند جگہ سے کون سی جگہ مراد ہے اس کے بارے میں مفسرین کے مختلف اقوال ہیں حضرت عبداللہ بن سلام صحابیؓ (جو پہلے یہود میں سے تھے) انہوں نے فرمایا کہ اس سے دمشق مراد ہے، حضرت سعید بن المسیبؒ تابعی کا بھی یہ قول ہے، حضرت ابو ہریرہؓ نے فرمایا کہ اس سے رملہ اور حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا اس سے بیت المقدس مراد ہے۔ (معالم التنزیل ج ۳ ص ۳۱)

یہ تو اکابر کے اقوال ہیں جن میں حضرت عبداللہ بن عباسؓ بھی ہیں، اب دور حاضر کے بعض زندیقوں کی بات سنو! وہ کہتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور ان کی والدہ کی قبر کشمیر میں ہے یہ لوگ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی حیات کے قائل نہیں اور سورۂ نساء میں جو وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًا ۙ بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ فرمایا ہے اس کے منکر ہیں۔ **فلعنة الله على الكاذبين** ۔ بیان القرآن میں لکھا ہے کہ ایک ظالم بادشاہ ہیرودس تھا جو نجومیوں سے یہ سن کر کہ عیسیٰ علیہ السلام کو سرداری ہوگی صغرسنی ہی میں ان کا دشمن ہو گیا تھا الہام ربانی سے حضرت مریم علیہا السلام ان کو لے کر مصر چلی گئیں اور اس ظالم کے مرنے کے بعد پھر شام میں چلی آئیں۔ (كذا فى الروح وفتح المنان عن انجيل متى وروى فى الدر المنثور تفسير الربوة عن ابن عباس ووهب وابن زيد بمصر وعن زيد بن اسلم بالا سكندريه ايضا بمصر) اور مصر کا اونچا ہونا باعتبار رود نیل کے ہے ورنہ غرق ہو جاتا اور ماء معین رود نیل ہے۔ **والله اعلم انتهى**

يٰٓاَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ؕ اِنِّىْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ﴿۵۱﴾ وَاِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً

اے رسولو! پاکیزہ چیزیں کھاؤ اور نیک عمل کرو بلاشبہ میں ان کاموں کو جانتا ہوں جنہیں تم کرتے ہو، اور بلاشبہ یہ تمہارا طریقہ ایک ہی طریقہ ہے اور میں تمہارا رب ہوں سو تم

وَّاحِدَةً وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاتَّقُوْنِ ﴿۵۲﴾ فَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ زُبُرًا ؕ كُلُّ حِزْبٍۢ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ﴿۵۳﴾ فَذَرْهُمْ

مجھ سے ڈرو۔ سو ان لوگوں نے الگ الگ طریقہ اختیار کر کے آپس میں ٹکڑے ٹکڑے ہو گئے ہر جماعت کے لوگ اس سے خوش ہیں جو ان کے پاس ہے۔ سو آپ انہیں

فِىْ غَمْرَتِهِمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۵۴﴾ اَيَحْسَبُوْنَ اَنَّمَا نُمِدُّهُمْ بِهٖ مِنْ مَّالٍ وَّبَنِيْنَ ﴿۵۵﴾ نُسَارِعُ لَهُمْ فِى الْخَيْرٰتِ ؕ بَلْ

ایک وقت تک ان کی جہالت میں چھوڑ دیں کیا یہ لوگ سمجھتے ہیں کہ ہم جو ان کو مال اور بیٹے دیئے جاتے ہیں۔ ان کو فائدہ پہنچانے میں جلدی کر رہے ہیں بلکہ بات یہ ہے

لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۵۶﴾

کہ وہ شعور نہیں رکھتے۔

طیبات کھانے کا حکم، متفرق ادیان بنا کر مختلف جماعتیں بنانے والوں کا تذکرہ، مال اور اولاد کا خیر ہونا ضروری نہیں ہے

یہ چھ آیات ہیں پہلی آیت میں فرمایا کہ ہم نے اپنے رسولوں کو حکم دیا کہ تم پاکیزہ چیزیں کھاؤ اور نیک عمل کرو۔ حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ بے شک اللہ پاک ہے اور وہ پاک ہی کو قبول فرماتا ہے (پھر فرمایا کہ) بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے رسولوں کو جو حکم دیا ہے وہی مؤمنین کو حکم فرمایا ہے رسولوں کو خطاب کرتے ہوئے فرمایا ہے یٰٓاَیُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّیِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا (اے رسولو! پاکیزہ چیزیں کھاؤ اور نیک کام کرو) اور مؤمنین کو خطاب کرتے ہوئے فرمایا یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا كُلُوْا مِنْ طَیِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ (اے ایمان والو تمہیں جو پاکیزہ چیزیں دی ہیں ان میں سے کھاؤ) الحدیث رواہ مسلم ج ا صفحہ ۳۲۶ یہ حکم تین چیزوں پر مشتمل ہے ایک یہ ہے کہ حرام اور خبیث چیزیں نہ کھائیں دوسرے یہ کہ جو چیز نصیب ہوا سے کھالیں تیسرے یہ کہ کھائیں بھی اور نیک عمل بھی کریں، پاکیزہ چیزیں کھانے سے جو صحت اور قوت حاصل ہوا سے اللہ کی فرمانبرداری میں خرچ کریں۔ اس کے احکام پر عمل کریں۔ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں سے منتفع ہونا اور انہیں گناہوں میں لگانا یہ ناشکری ہے، سورۂ سبا میں فرمایا كُلُوْا مِنْ رِّزْقِ رَبِّكُمْ وَاشْكُرُوْا لَهٗ (کھاؤ اپنے رب کے رزق سے اور اس کا شکر ادا کرو) کوئی شخص بھی عمل کرے یہ سمجھ لے کہ اللہ تعالیٰ کو میرے سب اعمال کا علم ہے اعمالِ صالحہ باعث اجر و ثواب اور برے اعمال آخرت میں مؤاخذہ کا سبب ہیں۔ دوسری اور تیسری آیت میں فرمایا کہ یہ جو دین ہم نے تمہیں دیا ہے یہی تمہارا طریقہ ہے اور تمام انبیاء کرام علیہم السلام کا یہی دین تھا اس دین کا خلاصہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کو واحد، احد اور صمد مانو اور اس کی ربوبیت کا اقرار کرو یعنی اسے رب مانو اور اس سے ڈرو اور موت سے ڈرو۔ اور موت کے بعد جی اٹھنے پر بھی ایمان لاؤ۔ اس میں اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات کے بارے میں صحیح عقائد رکھنے کا حکم بھی آ گیا اور قیامت پر ایمان لانے پر بھی اور فرائض و واجبات کے ادا کرنے اور گناہوں سے بچنے کا بھی، دین توحید جو اللہ تعالیٰ نے نبیوں کے ذریعہ بھیجا بہت سی اقوام نے اسے اختیار نہیں کیا اور اپنی طرف سے عقائد تجویز کر لیے اور اعمال بنا لیے، ان جماعتوں میں ہر ہر جماعت اپنے خود تراشیدہ دین پر ہے اور سب اپنے اپنے دین پر خوش ہیں اور مگن ہیں، جو لوگ دین سماوی کے مدعی ہیں ان کا بھی یہی حال ہے اور انکے علاوہ جو دوسرے ادیان کے ماننے والے ہیں وہ بھی اسی دلدل میں پھنسے ہوئے ہیں، انہیں خود بھی اقرار ہے کہ ہم جس دین پر ہیں اس کے بارے میں ایسی کوئی سند حجت اور دلیل نہیں ہے جس سے یہ ثابت کر سکیں کہ اپنے اس دین پر چلنے سے آخرت میں نجات ہوگی اور یہ کہ جس دین پر ہیں وہ اللہ تعالیٰ کا پسندیدہ دین ہے، مدعیان اسلام میں بھی بہت سے ایسی جماعتیں ہیں جو اس دین پر نہیں ہیں، جو سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم لے کر آئے تھے، ان میں وہ لوگ بھی ہیں جو قرآن مجید کی تحریف کے قائل ہیں اور وہ لوگ بھی ہیں جو اپنے امام کو تحلیل اور تحریم کا اختیار دیتے ہیں اور یوں بھی کہتے ہیں کہ ہمارے امام میں اللہ تعالیٰ نے حلول فرمایا ہے اور وہ لوگ بھی جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر نبوت ختم ہونے کے منکر ہیں اور سب اپنے اپنے خیال میں مست ہیں اپنے عقیدہ کے خلاف سوچنے کو تیار نہیں ہیں، جو قرآن کو اور قرآن کی تصریحات کو نہ مانیں بھلا وہ کیسے مسلمان ہو سکتے ہیں؟ لیکن ان لوگوں کو زبردستی اپنے مسلمان ہونے کا دعویٰ ہے قاتلهم الله انّٰی یوفکون۔

چوتھی آیت میں یہ فرمایا کہ اے رسول! (صلی اللہ علیہ وسلم) آپ نے انہیں تبلیغ کر دی ہے حق واضح کر دیا بات سمجھا دی اب یہ آپکی دعوت پر لبیک نہیں کہتے تو انہیں ایک خاص وقت تک انکی جہالت پر چھوڑ دیجئے جب یہ لوگ مریں گے تو انہیں حقیقت حال معلوم ہو جائے گی۔

پانچویں اور چھٹی آیت میں یہ بتایا کہ یہ جو منکرین اور مکذبین آپ پر ایمان نہیں لاتے اور دنیاوی اعتبار سے ہم انہیں بڑھا رہے ہیں اور ترقی دے رہے ہیں اموال بھی بڑھ رہے ہیں اور بیٹوں کی بھی چھل پہل ہے کیا ان لوگوں کو یہ خیال ہے کہ ہم انہیں فائدے پہنچانے میں جلدی کر رہے ہیں؟ ان کا یہ سمجھنا غلط ہے یہ تو ہماری طرف سے استدراج یعنی ڈھیل ہے یہ لوگ غلط فہمی میں مبتلا ہیں انہیں معلوم نہیں کہ ہم کفر کے ساتھ جو اموال اولاد میں ترقی دیتے ہیں یہ اسلئے ہوتی ہے کہ لوگ ان چیزوں سے مغرور ہو کر اور زیادہ سرکشی اختیار کریں اور پھر بہت زیادہ عذاب میں مبتلا ہوں۔

فائدہ.......... كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبَاتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا میں اس طرف اشارہ ہے کہ حلال غذا کو عمل صالح میں بڑا دخل ہے، جب غذا حلال ہوتی ہے تو خود بخود اعمال صالحہ کی رغبت ہوتی ہے اور غذا حرام ہو تو اعمال صالحہ کی طرف طبیعت نہیں چلتی، حرام حرام کی طرف کھینچتا ہے اور گناہ کرواتا ہے۔ عموماً اس کا مشاہدہ ہوتا رہتا ہے۔

إِنَّ الَّذِيْنَ هُمْ مِّنْ خَشْيَةِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۸﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِرَبِّهِمْ

بلاشبہ جو لوگ اپنے رب کی ہیبت سے ڈرتے ہیں۔ اور جو لوگ اپنے رب کی آیتوں پر ایمان رکھتے ہیں۔ اور جو لوگ اپنے رب کے ساتھ

لَا يُشْرِكُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا وَّ قُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ ﴿۶۰﴾ اُولٰٓئِكَ

شرک نہیں کرتے اور جو لوگ کچھ دیتے ہیں تو اس حال میں دیتے ہیں کہ انکے دل اس بات سے خوف زدہ ہوتے ہیں کہ وہ اپنے رب کے پاس لوٹنے والے ہیں، یہ وہ لوگ ہیں

يُسٰرِعُوْنَ فِى الْخَيْرٰتِ وَهُمْ لَهَا سٰبِقُوْنَ ﴿۶۱﴾ وَلَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا وَلَدَيْنَا كِتٰبٌ يَّنْطِقُ

جو نیک کاموں میں جلدی کرتے ہیں اور انکی طرف دوڑ رہے ہیں۔ ہم کسی جان کو اس کی طاقت سے زیادہ مکلف نہیں بناتے اور ہمارے پاس کتاب ہے

بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۶۲﴾

جو حق کے ساتھ بیان کر دیگی اور ان پر ظلم نہیں ہوگا۔

نیک بندوں کی صفات

ان آیات میں نیک بندوں کی مزید صفات بیان فرمائی ہیں۔ اولاً تو یہ فرمایا کہ یہ لوگ اپنے رب کی ہیبت سے ڈرتے ہیں دوسرے یہ فرمایا کہ وہ اپنے رب کی آیات پر ایمان رکھتے ہیں۔ تیسرے یہ فرمایا کہ اپنے رب کے ساتھ شریک نہیں ٹھہراتے چوتھے یہ فرمایا کہ جو کچھ اللہ کے راہ میں خرچ کرتے ہیں اس خرچ کرنے سے انہیں کوئی سخاوت کا گھمنڈ اور غرور نہیں ہوتا بلکہ وہ اس بات سے ڈرتے ہیں کہ ہمیں اللہ کی بارگاہ میں جانا ہے وہاں یہ مال خرچ کرنا قبول ہوتا ہے یا نہیں وہاں پہنچ کر کیا صورت حال ہو یہاں کچھ نہیں کہہ سکتے، مال پوری طرح حلال تھا یا نہیں، نیت خالص اللہ کی رضا کے لیے تھی یا اس میں کچھ ریا کاری ملی ہوئی تھی وغیرہ وغیرہ۔ ان حضرات کی مذکورہ بالا صفات بیان فرما کر ان کی تعریف فرمائی کہ یہ لوگ خیرات یعنی نیک کاموں کی طرف جلدی جلدی بڑھتے ہیں اور نیک کاموں میں سبقت لے جاتے

ہیں۔ اہل دنیا میں اموال کمانے میں مسابقت کرنے یعنی ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کے جذبات ہوتے ہیں اوران لوگوں میں ایسے کاموں میں آگے بڑھنے کے جذبات ہیں جن کی وجہ سے ذریعۂ آخرت میں زیادہ سے زیادہ نعمتیں ملیں۔

یہ جو فرمایا کہ اللہ کی راہ میں مال خرچ کرتے ہوئے اس بات سے ڈرتے ہیں کہ انہیں اپنے رب کے پاس جانا ہے اس کے بارے میں حضرت عائشہؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ جن لوگوں کے دل ڈر رہے ہیں کیا ان سے وہ لوگ مراد ہیں جو شراب پیتے ہیں چوری کرتے ہیں؟ آپ نے فرمایا اس سے یہ لوگ مراد نہیں ہیں بلکہ وہ لوگ مراد ہیں جو روزے رکھتے ہیں اور نمازیں پڑھتے ہیں اور صدقہ دیتے ہیں اور اس بات سے ڈرتے ہیں کہ یہ (عبادات) ان سے قبول نہ ہوں یہ وہ لوگ ہیں جو خیرات یعنی اعمال صالحہ میں جلدی کرتے ہیں۔ (رواہ الترمذی وابن ماجہ کما فی المشکوٰۃ صفحہ ۴۵۸) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سارے اعمال اپنے طور پر اخلاص نیت کے ساتھ ٹھیک طریقہ پر ادا کرنے کے باوجود بھی ڈرتے رہنا چاہیے کہ ہمارے اعمال قبول ہوتے ہیں یا نہیں، اول تو ضروری نہیں ہے کہ ہر کام پوری طرح درست ہی ہو گیا ہے۔ کمی کوتاہی کا اور نیت کی خرابی کا کچھ نہ کچھ احتمال ہر عمل کے ساتھ لگا ہوا ہے کوئی شخص کیسے یقین کرسکتا ہے کہ میرا سب کچھ درست ہے اور لائق قبول ہے، اللہ تعالیٰ نے ایمان کی دولت سے بھی مالا مال فرمایا اور اعمال صالحہ کی بھی توفیق دی، اور اس کا مزید کرم یہ ہے کہ اعمال کو قبول فرما کر اجر و ثواب بھی عطا فرماتا ہے، اگر وہ چاہتا تو اعمال کا حکم بھی دیتا اور عمل کرنے کے بعد کچھ بھی نہ دیتا، وہ مالک ہے حاکم ہے حقیقت میں اس کے ذمہ کسی کا کوئی حق نہیں، اجر و ثواب عطا اور بخشش اور فضل ہی فضل ہے۔

جو حضرات اس حقیقت کو جانتے ہیں وہ اچھے سے اچھا عمل بھی کرتے ہیں اور ساتھ ہی ڈرتے بھی رہتے ہیں کہ دیکھو قبول ہوتا ہے یا نہیں؟ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یارسول اللہ! مجھے نماز میں پڑھنے کے لیے کوئی دعا بتایئے آپ نے فرمایا کہ یوں دعا کیا کرو۔ **اللھم انی ظلمت نفسی ظلماً کثیراً ولا یغفر الذنوب الا انت فاغفرلی مغفرۃ من عندک وارحمنی انک انت الغفور الرحیم** (اے اللہ میں نے اپنی جان پر بہت ظلم کیا اور آپ کے سوا کوئی گناہوں کو نہیں بخش سکتا سو آپ اپنے پاس سے میری بڑی مغفرت فرمایئے اور مجھ پر رحم فرمایئے بلاشبہ آپ بخشنے والے اور رحم فرمانے والے ہیں) غور کرنے کی بات ہے پڑھی ہے نماز وہ بھی ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اور جو دعا بتائی جارہی ہے اس کی ابتداء یہاں سے ہے کہ اے اللہ میں نے اپنی جان پر بہت ظلم کیا، اسی لیے عارفین نے فرمایا کہ ہر اچھے عمل کے آخر میں بھی استغفار کرلینا چاہیے، استغفار جہاں گناہوں کے معاف ہونے کا ذریعہ ہے وہاں اعمال کی کمی اور کوتاہی کی تلافی کا ذریعہ بھی بن جاتا ہے۔

ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کسی کو بھی اس کا عمل نجات نہیں دلائے گا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا کیا آپ کا عمل بھی آپ کو نجات نہیں دلائے گا؟ آپ نے فرمایا ہاں میرا بھی یہ حال ہے الا یہ کہ میرا رب مجھے اپنی رحمت میں ڈھانپ دے۔ آخر میں فرمایا وَلَا نُكَلِّفُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا (ہم کسی جان کو اس کی طاقت سے زیادہ مکلّف نہیں بناتے) جس شخص کو جو حکم دیا ہے وہ اس کی طاقت سے باہر نہیں ہے اور ہر شخص کا عمل محفوظ ہے کتاب میں لکھا ہوا ہے قیامت کے دن وہ کتاب حق کے ساتھ بولے گی سب کو ظاہر کردے گی۔ جب جزا سزا ملے گی تو کسی پر ذرا سا ظلم بھی نہ ہوگا اسی کو فرمایا وَلَدَيْنَا كِتَابٌ يَنْطِقُ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ (اور ہمارے پاس کتاب ہے جو حق کے ساتھ بیان دے گی اور ان پر ظلم نہ کیا جائے گا)۔

بَلْ قُلُوبُهُمْ فِي غَمْرَةٍ مِّنْ هَٰذَا وَلَهُمْ أَعْمَالٌ مِّنْ دُونِ ذَٰلِكَ هُمْ لَهَا عَامِلُونَ ۞ حَتَّىٰ إِذَا أَخَذْنَا مُتْرَفِيهِم

بلکہ ان کے دل اس دین کی طرف سے جہالت میں ہیں علاوہ اور بھی ان کے اعمال ہیں جنہیں وہ کرتے ہیں۔ یہاں تک کہ جب ہم ان کے خوش حال لوگوں کو

بِالْعَذَابِ اِذَا هُمْ يَجْــَٔرُوْنَ ﴿٦٤﴾ لَا تَجْــَٔرُوا الْيَوْمَ اِنَّكُمْ مِّنَّا لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿٦٥﴾ قَدْ كَانَتْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ

عذاب کے ساتھ پکڑ لیں گے تو وہ چلا ئیں گے۔ آج مت چلاؤ، بلاشبہ آج ہماری طرف سے تمہاری مدد نہیں کی جائے گی۔ تم پر میری آیات تلاوت کی

فَكُنْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ تَنْكِصُوْنَ ﴿٦٦﴾ مُسْتَكْبِرِيْنَ ۖ بِهٖ سٰمِرًا تَهْجُرُوْنَ ﴿٦٧﴾ اَفَلَمْ يَدَّبَّرُوا الْقَوْلَ

جاتی تھیں سو تم تکبر کرتے ہوئے قرآن کو مشغلہ بناتے ہوئے بے ہودہ باتیں کرتے ہوئے الٹے پاؤں بھاگ جاتے تھے۔ کیا ان لوگوں نے اس کلام میں

اَمْ جَآءَهُمْ مَّا لَمْ يَاْتِ اٰبَآءَهُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٦٨﴾ اَمْ لَمْ يَعْرِفُوْا رَسُوْلَهُمْ فَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿٦٩﴾

غور نہیں کیا یا انکے پاس ایسی چیز آئی ہے جو ان سے پہلے انکے بڑوں کے پاس نہیں آئی۔ یا انہوں نے اپنے رسول کو نہیں پہچانا سو وہ اسکے منکر ہو رہے ہیں۔

اَمْ يَقُوْلُوْنَ بِهٖ جِنَّةٌ ۭ بَلْ جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ وَاَكْثَرُهُمْ لِلْحَقِّ كٰرِهُوْنَ ﴿٧٠﴾

یا وہ یوں کہتے ہیں کہ اس کو دیوانگی ہے بلکہ یہ رسول ان کے پاس حق لیکر آیا ہے اور ان میں اکثر وہ ہیں جو حق کو مکروہ جانتے ہیں۔

کافروں کا حق سے منہ موڑنا، تکبر کرنا اور تدبر سے دور رہنا

اوپر اہل ایمان کا تذکرہ فرمایا اب ان آیات میں منکرین کے احوال اور اعمال بیان فرمائے اول تو یہ فرمایا کہ ان لوگوں کے دل میں جہالت نے جگہ پکڑ رکھی ہے اللہ تعالیٰ کے بھیجے ہوئے دین کی طرف متوجہ نہیں ہوتے ان کے دل جہالت سے بھرے ہوئے ہیں تکذیب وانکار کے علاوہ دیگر اعمال خبیثہ کا بھی ارتکاب کرتے ہیں یہ لوگ اسی حال میں رہیں گے یہاں تک کہ جب ہم ان کے خوش حال لوگوں کو پکڑ لیں گے اور ان پر عذاب بھیج دیں گے تو فوراً چلا اٹھیں گے، جب پہلے حق کی دعوت دی گئی تبلیغ کی گئی تو حق کو ٹھکرایا اور بات نہ مانی اب جب عذاب آ گیا تو چلانے لگے، ان سے کہا جائے گا اب چیخ پکار نہ کرو اب ہماری طرف سے تمہاری کوئی مدد نہ ہوگی، اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان سے یہ بھی کہا جائے گا کہ تم پر میری آیتیں تلاوت کی جاتی تھیں تو تم تکبر کرتے ہوئے الٹے پاؤں بھاگ جاتے تھے اور تم نے قرآن کو مشغلہ بنا رکھا تھا کہ اس کی شان میں بے ہودہ بکواس کرتے تھے قرآن کے بارے میں باتیں بناتے تھے کوئی شخص اسے کہتا تھا کہ پرانے لوگوں کی باتیں سن لی ہیں انہیں سناتے رہے ہیں کوئی شعر بتاتا تھا۔

بعض مفسرین نے فرمایا ہے کہ بـــہ کی ضمیر حرم کی طرف راجع ہے اور مطلب یہ ہے کہ تمہیں کعبہ کا متولّی ہونے پر ناز تھا مکہ مکرمہ میں امن کے ساتھ رہنے اور بے خوف زندگی گزارنے کی وجہ سے اپنے کو بڑا سمجھتے تھے اور حرم میں بیٹھ کر راتوں رات مجلسیں کرتے اور اول فول بکتے تھے اور اللہ کی ہدایت کی طرف کان نہیں دھرتے تھے۔

پھر فرمایا کہ یہ لوگ قرآن کریم کی تکذیب کرتے ہیں اور اس کے منکر ہیں کہ وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل ہوا ہے۔ اس انکار کا کیا سبب ہے؟ کیا انہوں نے اس پر غور نہیں کیا اگر غور کرتے تو اس کی فصاحت اور بلاغت کو دیکھ لیتے اور اسکے مضامین عالیہ سے متاثر ہوتے، غور وفکر کے بغیر ہی جھٹلا رہے ہیں کیا جھٹلانے کا سبب یہی عدم تدبر ہے یا یہ بات ہے کہ ان کے پاس ایسی چیز آئی ہے جو ان کے بڑوں کے پاس نہیں آئی تھی؟ مطلب یہ ہے کہ اگر انہیں پہلے سے رسولوں کی باتیں نہیں پہنچی ہوتیں اور سلسلۂ نبوت و رسالت سے ناواقف ہوتے تب بھی ایک بہانہ ہوتا کہ یہ ایک نئی چیز ہے ہم اسے نہیں مانتے لیکن اس کے پاس یہ بہانہ بھی نہیں ہے کیونکہ انہیں اس کا

علم ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے نبوت اور رسالت کا سلسلہ جاری رہا ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو جانتے مانتے تھے حج اسی لئے کرتے تھے کہ انہوں نے سکھایا اور بتایا تھا۔

مزید فرمایا کہ یہ لوگ قرآن کی اس لئے تکذیب کرتے ہیں کہ انہوں نے اپنے رسول کو نہیں پہچانا؟ مطلب یہ ہے کہ یہ بات بھی نہیں ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو نہ پہچانا ہو، بچپن سے لیکر جوانی تک پھر جوانی سے لیکر نبوت سے سرفراز ہونے تک پھر نبوت سے سرفراز ہونے سے لیکر آج تک انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے آزمایا ہے آپ کے صفات کریمہ اور اخلاق عالیہ سے واقف ہیں آپ کو صادق اور امین جانتے ہوئے کیوں جھٹلا رہے ہیں؟ اگر آپ کو نہ جانتے ہوتے تو یہ بھی ایک بہانہ بن سکتا تھا لیکن اس بہانہ کا بھی کوئی بہانہ نہیں ہے۔

پھر فرمایا کہ کیا وہ یوں کہتے ہیں کہ رسول دیوانگی سے متاثر ہے حالانکہ یہ بھی سمجھتے ہیں کہ آپ عقل وفہم کے اعتبار سے بلند مقام پر ہیں تو پھر آپ کی نبوت کے منکر کیوں ہیں؟ بات یہ ہے کہ آپ کی ذات اور آپکی دعوت کوئی تعجب کی چیز نہیں ہے نہ آپکی بات نئی ہے نہ آپکی سچائی اور امانت میں کلام ہے اور آپکی طرف جو دیوانگی کی نسبت کرتے ہیں وہ بھی غلط ہے لہٰذا ان کا جھٹلانا کسی دلیل اور حجت کے باعث نہیں ہیں بَلْ جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ وَاَكْثَرُهُمْ لِلْحَقِّ كٰرِهُوْنَ بلکہ یہ بات ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حق بات لیکر آئے اور ان میں سے اکثر لوگ حق سے نفرت کرتے ہیں اصل وجہ تکذیب کی یہ ہے کہ انہیں حق سے بغض اور عناد ہے اور اکثرھم اس لئے فرمایا کہ ان میں سے بعض کا اسلام قبول کرنا مقدر تھا۔

لفظ غمرۃ ڈھانپنے کے معنی میں آتا ہے اور ایسے گہرے پانی کو بھی کہتے ہیں جس میں آدمی ڈوب جائے یہاں اس کا حاصل معنی یعنی جہالت کا کیا گیا ہے مطلب یہ ہے کہ ان کے دلوں پر ایسا پردہ پڑا ہے کہ کسی طرف سے بھی علم وفہم کا گزر نہیں ہے اور مترفیھم جمع ہے جو میم جمع کی طرف مضاف ہے، عربی میں خوشحال آدمی کو مترف کہا جاتا ہے جب عذاب آتا ہے تو پکڑے تو سبھی جاتے ہیں لیکن خوشحال افراد کا ذکر خاص کر اس لئے فرمایا کہ یہ لوگ نہ خود حق قبول کرتے ہیں نہ عوام کو قبول کرنے دیتے ہیں دوسرے اس لئے کہ ان کے پاس مصائب سے بچنے کا انتظام ہوتا ہے اور چونکہ انہیں صبر وتحمل کی عادت نہیں ہوتی اس سے پہلے یہی لوگ بلبلاتے ہیں، علامہ بغوی معالم التنزیل میں لکھتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ آیت بالا میں جس گرفت کا ذکر ہے اس سے مشرکین مکہ کا غزوۂ بدر میں مقتول ہونا مراد ہے۔

قوله تعالىٰ به سامرًا تهجرون قال البغوى فى معالم التنزيل اختلفوا فى هٰذه الكناية فاظهر الاقاويل انها تعود الى البيت الحرام كناية عن غير مذكور، اى مستكبرين متعظمين بالبيت الحرام و تعظمهم به انهم كانوا يقولون نحن اهل حرم الله وجيران بيته فلايظهر علينا احد ولا نخاف احدا فيامنون فيه وسائر الناس فى الخوف، هٰذا قول ابن عباس ومجاهد و جماعة وقيل مستكبرين به اى بالقرآن فلم يومنوا به والاول اظهر والمراد منه الحرم (سامرا) نصب على الحال اى انهم يسمرون بالليل فى مجالسهم حول البيت ووحد سامرا وهو بمعنى السمار لانه وضع موضع الوقت، اراد تهجرون ليلا وقيل وحد سامرا ومعناه الجمع كقوله (ثم نخرجكم طفلا) (تهجرون) قرأنا نافع (تهجرون) بضم التاء وكسر الجيم من الاهجار وهو الافحاش فى القول اى تفحشون وتقولون الخنا وذكر انهم كانوا يسبون النبى صلى الله عليه وسلم واصحابه وقرأ الآخرون (تهجرون) بفتح التاء وضم الجيم اى تعرضون عن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم

وعن الایمان والقرآن وترفضونها وقیل هو الهجر وهو القول القبیح یقال هجر یهجر هجرا اذا قال غیر الحق وقیل تهزؤن وتقولون مالا تعلمون من قولهم هجر الرجل فی منامه اذا هذی .

وَلَوِ اتَّبَعَ الْحَقُّ اَهْوَآءَهُمْ لَفَسَدَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ ؕ بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِذِكْرِهِمْ

اور اگر حق ان کی خواہشوں کے تابع ہو جائے تو آسمان اور زمین اور جو ان کے اندر ہیں سب تباہ ہو جائے بلکہ ہم نے ان کے پاس ان کی نصیحت بھیجی ہے

فَهُمْ عَنْ ذِكْرِهِمْ مُّعْرِضُوْنَ ؕ اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ خَرْجًا فَخَرَاجُ رَبِّكَ خَيْرٌ ۖ وَّهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝

سو وہ اپنی نصیحت سے روگردانی کر رہے ہیں۔ کیا آپ ان سے کچھ آمدنی کا سوال کرتے ہیں سو آپ کے رب کی آمدنی بہتر ہے اور وہ سب دینے والوں سے بہتر ہے۔

وَاِنَّكَ لَتَدْعُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ وَاِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ عَنِ الصِّرَاطِ

اور بلاشبہ آپ انہیں صراط مستقیم کی طرف بلاتے ہیں۔ اور بلاشبہ جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے ، وہ راستے

لَنٰكِبُوْنَ ۝ وَلَوْ رَحِمْنٰهُمْ وَكَشَفْنَا مَا بِهِمْ مِّنْ ضُرٍّ لَّلَجُّوْا فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ۝ وَلَقَدْ اَخَذْنٰهُمْ

سے ہٹے ہوئے ہیں۔ اور اگر ہم ان پر مہربانی کریں اور وہ جس تکلیف میں ہیں اسے دور کر دیں تو وہ اپنی سرکشی میں بھٹکے ہوئے اصرار کرتے رہیں گے۔ اور یہ واقعی بات

بِالْعَذَابِ فَمَا اسْتَكَانُوْا لِرَبِّهِمْ وَمَا يَتَضَرَّعُوْنَ ۝ حَتّٰٓى اِذَا فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا ذَا عَذَابٍ شَدِيْدٍ

ہے کہ ہم نے انہیں عذاب میں گرفتار کیا سو وہ اپنے رب کے سامنے نہ جھکے اور نہ عاجزی اختیار کی یہاں تک کہ جب ہم نے اس پر سخت عذاب والا

اِذَا هُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ ۝

دروازہ کھول دیں گے، تو اچانک وہ اس میں حیرت زدہ ہو کر رہ جائیں گے۔

منکرین کی خواہشوں کا اتباع کیا جائے تو آسمان و زمین میں فساد آ جائے کافر راہ حق سے ہٹے ہوئے ہیں

یہ سات آیات ہیں ان میں پہلی آیت میں یہ فرمایا کہ حق لوگوں کے خیالات اور ان کی خواہشوں کے تابع نہیں ہو سکتا اگر ایسا ہو جائے تو آسمان اور زمین اور جو کچھ ان کے اندر ہے سب کچھ تباہ و برباد ہو جائے کیونکہ جب حق لوگوں کے خواہشوں کے تابع ہو گا تو حق ہی نہیں رہے گا اگر لوگوں کو کھلی چھٹی دیدی جائے کہ اپنی اپنی مرضی کے مطابق جو چاہیں کریں تو وہ اپنی طبیعتوں کے مطابق کفر و شرک کو اختیار کریں گے اور برے اعمال ہی کی طرف چلیں گے جب ایسا ہو گا تو سب قہر الٰہی کے مستحق ہو جائیں گے اور غضب الٰہی کا نزول ہو گا تو خود بھی ہلاک ہونگے اور آسمان و زمین بھی اور ان میں جو کچھ ہے وہ بھی۔ کیونکہ سارے عالم کا بقاء اہل ایمان کے بقاء سے ہے اسی لئے حدیث شریف میں فرمایا ہے کہ اس وقت تک قیامت قائم نہیں ہو گی جب تک زمین میں اللہ اللہ کہا جاتا رہے گا۔ (رواہ مسلم)

بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِذِكْرِهِمْ فَهُمْ عَنْ ذِكْرِهِمْ مُّعْرِضُوْنَ (بلکہ یہ بات ہے کہ ہم نے ان کے پاس ان کی نصیحت بھیجی ہے سو یہ لوگ اپنی نصیحت سے روگردانی کرتے ہیں)۔ نصیحت ربانی سے منہ موڑ کر اپنی جہالتوں سے ضلالتوں میں پھنسے ہوئے ہیں۔

دوسری اور تیسری آیت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب ہے، ارشاد فرمایا کیا آپ ان سے کچھ آمدنی کا مطالبہ کرتے ہیں جسکی

وجہ سے یہ ایمان قبول نہیں کرتے، یہ استفہام انکاری ہے، مطلب یہ ہے کہ آپ ان سے کوئی پیسہ کوڑی طلب نہیں کرتے تا کہ یہ یوں کہیں کہ یہ نبوت و رسالت والی بات اسلئے چلائی ہے کہ لوگ آپ پر ایمان لائیں اور آپ کو کچھ دیا کریں جب آپ کی طرف سے دعوت ایمان کی ساری محنت بالکل للہ فی اللہ ہے ذرا سا بھی شائبہ کسی طرح کی دنیا طلبی کا نہیں ہے تو پھر انہیں کفر پر جمے رہنے کے لئے اس بات کو بہانہ بنانے کا بھی موقع نہیں ہے کہ دنیا کے لالچ کے لئے سب کچھ کر رہے ہیں، اور آپ کو کسی مخلوق سے کچھ چاہنے کی ضرورت ہی کیا ہے اللہ تعالیٰ نے جو کچھ آپ کو دیا ہے اور جو کچھ عطا فرمائے گا وہ بہتر ہے اور اللہ تعالیٰ سب دینے والوں سے بہتر عطا فرمانے والا ہے، پھر ارشاد فرمایا کہ آپ انہیں سیدھے راستے کی طرف بلاتے ہیں آپ اپنے کام میں لگے رہیں۔ چوتھی آیت میں فرمایا کہ جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے وہ سیدھے راستے سے ہٹے ہوئے ہیں حق واضح ہو جانے پر بھی صراط مستقیم پر نہیں آتے، پانچویں آیت میں فرمایا کہ اگر ہم ان پر مہربانی کردیں اور وہ جن تکلیفوں میں مبتلا ہیں انہیں دور کردیں تو اس کی وجہ سے شکر گزار نہ ہونگے اور ایمان کی راہ اختیار نہ کریں گے بلکہ برابر سرکشی کرتے رہیں گے، یہ انسان کا مزاج ہے کہ خوشحالی میں اور آرام و راحت میں صراط مستقیم سے ہٹ کر چلتا ہے اور مزید بغاوت پر کمر باندھ لیتا ہے جیسا کہ سورۂ زمر میں فرمایا وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَا رَبَّهٗ مُنِيْبًا اِلَيْهِ ثُمَّ اِذَا خَوَّلَهٗ نِعْمَةً مِّنْهُ نَسِيَ مَا كَانَ يَدْعُوْٓا اِلَيْهِ مِنْ قَبْلُ وَجَعَلَ لِلّٰهِ اَنْدَادًا لِّيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ (اور آدمی کو جب کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو اپنے رب کی طرف رجوع ہو کر اسی کو پکارنے لگتا ہے پھر جب اللہ تعالیٰ اس کو اپنے پاس سے نعمت عطا فرما دیتا ہے تو جس کے لئے پہلے سے پکار رہا تھا اس کو بھول جاتا ہے اور خدا کے شریک بنانے لگتا ہے جس کا اثر یہ ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی راہ سے دوسروں کو گمراہ کرتا ہے)۔

چھٹی اور ساتویں آیت میں یہ فرمایا کہ ہم نے ان لوگوں کو بعض اوقات عذاب میں گرفتار کیا لیکن اس وقت بھی ان لوگوں نے اپنے رب کے حضور میں فروتنی اور عاجزی اختیار نہ کی۔

معالم التنزیل میں لکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قریش مکہ کی سرکشی پر ان کے لئے بددعا فرمادی کہ یا اللہ ان پر قحط کے ایسے سال بھیج دے جیسے یوسف علیہ السلام کے عہد میں بھیجے تھے جب قحط پڑا اور بہت ہی بدحالی کا سامنا ہوا تو ابوسفیان (جو اس وقت تک مسلمان نہیں ہوئے تھے) خدمتِ عالی میں حاضر ہوئے اور انہوں نے آپ کی خدمت میں عرض کیا، آپ یہ نہیں فرماتے کہ میں جہانوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا گیا ہوں؟ آپ نے فرمایا ہاں میں یہ بات ضرور کہتا ہوں، اس پر ابوسفیان نے کہا ہمارے بڑوں کو تو آپ نے (بدر میں) تہ تیغ کردیا اور اب ہمارے بیٹوں کو بھوک سے مار رہے ہیں، اللہ سے دعا کر دیجئے کہ ہمارے قحط کی مصیبت کو دور فرما دے، آپ نے دعا فرمادی جس سے ان کی مصیبت دور ہوگئی اس پر اللہ تعالیٰ نے آیت کریمہ وَلَقَدْ اَخَذْنٰهُمْ (آخر تک) نازل فرمائی اس میں یہ بتایا کہ ان لوگوں پر مصیبت آچکی ہے پھر بھی اپنے رب کے سامنے نہ جھکے یعنی حسب سابق کفر پر قائم رہے جن لوگوں کا یہ حال ہے کہ عین عذاب کے وقت بھی اپنے رب کی طرف متوجہ نہ ہوں وہ آرام و راحت اور عافیت کے زمانے میں تو اور بھی زیادہ بغاوت اور سرکشی اختیار کریں گے۔ حَتّٰٓى اِذَا فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ یہاں تک کہ جب ہم ان پر سخت عذاب کا دروازہ کھول دیں تو وہ اچانک حیرت زدہ ہو کر رہ جائیں گے (اور وہ اس وقت بھی کچھ نہ کرسکیں گے) اس میں تنبیہ ہے اور وعید بھی ہے کہ اچانک سخت عذاب میں گرفتار کئے جاسکتے ہیں لہٰذا اس سے بچنے کے لئے ہمارے بھیجے ہوئے نبی پر اور نازل کی ہوئی کتاب پر ایمان لائیں۔

معالم التنزیل میں حضرت ابن عباسؓ سے نقل کیا ہے کہ سخت عذاب سے مشرکین کا غزوۂ بدر میں قتل ہونا مراد ہے اور بعض حضرات نے اس سے موت اور بعض حضرات نے قیامت قائم ہونا مراد لیا ہے اور مُبْلِسُوْنَ کا ترجمہ آئسون من کل خیر کیا ہے یعنی جب سخت

عذاب کا دروازہ کھلے گا تو ہر خیر سے ناامید ہو جائیں گے۔

وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَ لَكُمُ السَّمْعَ وَ الْاَبْصَارَ وَ الْاَفْـِٕدَةَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝ وَهُوَ الَّذِيْ ذَرَاَكُمْ

اور اللہ وہی ہے جس نے تمہارے لئے کان اور آنکھیں اور دل بنائے تم کم شکر ادا کرتے ہو۔ اور وہی ہے جس نے تمہیں زمین میں پھیلا

فِي الْاَرْضِ وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝ وَهُوَ الَّذِيْ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ وَلَهُ اخْتِلَافُ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ۭ اَفَلَا

رکھا ہے اور تم اسی کی طرف جمع کئے جاؤ گے۔ اور وہی ہے زندہ کرتا ہے اور موت دیتا ہے، اور اسی کے اختیار میں ہے رات دن کا یکے بعد دیگرے آنا جانا، سو کیا تم

تَعْقِلُوْنَ ۝ بَلْ قَالُوْا مِثْلَ مَا قَالَ الْاَوَّلُوْنَ ۝ قَالُوْٓا ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ۝

سمجھ نہیں رکھتے۔ بلکہ انہوں نے وہ بات کہی جو ان سے پہلے لوگوں نے کہی۔ انہوں نے کہا کیا ہم جب مر جائیں گے اور مٹی اور ہڈیاں ہو کر رہ جائیں گے، کیا ہم زندہ کر کے اٹھائے

لَقَدْ وُعِدْنَا نَحْنُ وَاٰبَاۗؤُنَا هٰذَا مِنْ قَبْلُ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝ قُلْ لِّمَنِ الْاَرْضُ وَمَنْ

جائیں گے۔ اس بات کا ہم سے اور ہم سے پہلے ہمارے باپ دادوں سے وعدہ کیا جاتا رہا ہے یہ بات پرانے لوگوں سے نقل ہوتی آئی ہے۔ آپ فرما دیجئے کس کے لیے ہے زمین

فِيْهَآ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ۭ قُلْ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝ قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبُّ

اور جو کچھ اس میں ہے اگر تم جانتے ہو۔ اسکے جواب میں وہ کہیں گے کہ اللہ ہی کے لئے، آپ فرمائیے پھر کیوں غور نہیں کرتے۔ آپ فرما دیجئے کہ ساتوں آسمانوں کا اور

الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ۭ قُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ۝ قُلْ مَنْۢ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ يُجِيْرُ

عرش عظیم کا رب کون ہے، وہ جواب دیں گے کہ یہ سب کچھ اللہ کیلئے ہے آپ فرما دیجئے کہ پھر تم کیوں نہیں ڈرتے۔ آپ فرمائیے کہ وہ کون ہے جس کے قبضے میں ہر چیز کا اختیار

وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ۭ قُلْ فَاَنّٰى تُسْحَرُوْنَ ۝ بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِالْحَقِّ

ہے اور وہ پناہ دیتا ہے اور اس کے مقابلہ میں کوئی کسی کو پناہ نہیں دے سکتا اگر تم جانتے ہو؟ وہ جواب دیں گے کہ یہ صفات اللہ ہی کی ہیں۔ آپ فرما دیجئے کہ پھر تم کہاں ہو جادو کئے

وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ۝

ہوئے؟ بلکہ بات یہ ہے کہ ہم نے ان کے پاس حق بھیجا ہے اور بلاشبہ وہ جھوٹے ہیں۔

اللہ کی تخلیق کے مظاہرے، منکرینِ بعث کی تردید

گزشتہ آیات میں منکرین کے کفر اور عناد کا ذکر تھا ان آیات میں اللہ تعالیٰ کی وحدانیت پر اور امکانِ بعث پر دلائل قائم فرمائے ہیں اور مشرکین سے اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور صفات جلیلہ کا اقرار کرایا ہے اور انہیں بار بار متوجہ فرمایا ہے کہ سب کچھ جانتے اور مانتے ہوئے اللہ کے توحید کے منکر ہو رہے ہو۔

اول تو یوں فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہیں سننے کی قوت دی ہے آنکھیں عطا فرمائی ہیں تمہارے اندر دل پیدا فرمائے ہیں دیکھو یہ کتنی بڑی بڑی نعمتیں ہیں ان نعمتوں کی وجہ سے تم پر شکر واجب ہوتا ہے لیکن کم شکر ادا کرتے ہو یوں ہی چلتی ہوئی بات کی طرح کہہ دیتے ہو کہ اللہ

کا شکر ہے لیکن اللہ کے نبی اور اس کی کتاب پر ایمان نہیں لاتے ،اس کی عبادت میں نہیں لگتے اس کے ساتھ شرک کرتے ہو، پھر فرمایا کہ ان سے فرمائیے کہ اللہ تعالیٰ ہی نے تمہیں زمین میں پھیلا دیا ہے یعنی زمین میں رہتے سہتے ہو اس میں تمہاری نسلیں چل رہی ہیں اس سے فائدہ اٹھاتے ہو جس نے تمہیں زمین پر پھیلا دیا وہی موت دیگا، موت کے بعد زندہ کر کے اٹھائے جاؤ گے اور اسی کی طرف جمع کئے جاؤ گے، مزید فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ہی زندگی بخشتا ہے وہی موت دیتا ہے اور رات دن کا مختلف ہونا یعنی ایک دوسرے کے بعد آنا جانا یہ بھی اسی کے حکم سے ہوتا ہے تم اس بات کو سمجھو، اگر سمجھتے ہو تو اس کی توحید اور عبادت سے کیوں دور بھاگتے ہو۔

اس کے بعد فرمایا کہ مردہ ہو کر دوبارہ زندہ ہونے کے بارے میں منکرین بعث وہی بات کہہ رہے ہیں جو ان سے پہلے لوگوں نے کہی، ان کا کہنا ہے کہ مرجانے کے بعد جب مٹی ہو جائیں گے اور گوشت پوست ختم ہو کر ہڈیاں ہی ہڈیاں رہ جائیں گی تو کیا ہم پھر زندہ ہو کر اٹھائے جائیں گے یہ بات کہہ کر ان کا مقصد دوبارہ زندہ ہونے سے انکار کرنا ہے انہوں نے اپنی اسی بات پر بس نہیں کیا بلکہ یوں بھی کہا کہ اسطرح کی باتیں پہلے بھی کہی گئی ہیں ہمارے باپ دادوں سے بھی اسی طرح کا وعدہ کیا گیا ہے سینکڑوں سال گزر گئے آج تک تو قیامت آئی نہیں، آنی ہوتی تو اب تک آ جاتی، یہ پرانے لوگوں کی باتیں نقل در نقل چلی آ رہی ہیں، ہماری سمجھ میں نہیں آتی ہیں۔

بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی حکمت کے موافق جو قیامت کا وقت مقرر ہے اس وقت پر قیامت آ جائے گی اللہ تعالیٰ کا وعدہ سچا ہے اور پورا ہو کر رہے گا لوگوں کے کہنے سے وقت سے پہلے قیامت نہیں آئے گی دیر میں آنا دلیل اس بات کی نہیں کہ آنی ہی نہیں ہے منکرین کا یہ کہنا کہ چونکہ اب تک نہیں آئی اس لئے آنی ہی نہیں محض جہالت کی بات ہے۔

اس کے بعد اللہ تعالیٰ شانہ نے نبی کریم ﷺ کو حکم دیا کہ آپ ان سے پوچھ لیجئے کہ زمین اور جو کچھ زمین میں ہے وہ کس کی ملکیت ہے اس کے جواب میں وہ یوں ہی کہیں گے کہ اللہ ہی کے لئے ہے، ان کی طرف سے یہ جواب مل جانے پر سوال فرمایا کہ پھر تم کیوں نصیحت حاصل نہیں کرتے؟ پھر فرمایا آپ ان سے پوچھ لیجئے کہ ساتوں آسمانوں کا اور عرش عظیم کا رب کون ہے؟ وہ اس کا جواب بھی یہی دیں گے کہ سب کچھ اللہ تعالیٰ کی ملکیت ہے ان کے اس جواب پر ان سے سوال فرمائیے کہ تم اس سب کا اقرار کرتے ہو پھر اللہ سے کیوں نہیں ڈرتے؟ جاننے اور ماننے کے باوجود اس کی قدرت کا اور وقوع قیامت کا کیوں انکار کرتے ہو۔

اس کے بعد فرمایا کہ آپ ان سے دریافت فرمائیے کہ وہ کون ہے جس کے ہاتھ میں ہر چیز کا اختیار ہے اور وہی پناہ دیتا ہے (جس کو چاہتا ہے) اور اس کے مقابلہ میں کوئی کسی کو پناہ نہیں دے سکتا؟ اس کے جواب میں بھی وہ یہی کہیں گے کہ یہ سب صفات اللہ تعالیٰ کی ہیں، ان کے اس جواب پر سوال فرمائیے پھر تم کیوں ہورہے ہو یعنی تمہارا ایسا ڈھنگ ہے جیسے تم پر جادو کر دیا گیا ہو حق اور حقیقت واضح ہو جانے کے باوجود مخبوط الحواس بنے ہوئے ہو۔

حق اور حقیقت واضح ہوتے ہوئے اور اللہ تعالیٰ کی قدرت عظیمہ کا اقرار کرتے ہوئے پھر بھی حق کے منکر ہیں اسلئے آخر میں فرمایا بَلْ اَتَیْنٰهُمْ بِالْحَقِّ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ (بلکہ بات یہ ہے کہ ہم نے انہیں حق پہنچا دیا اور یقیناً وہ جھوٹے ہیں)۔

مَا اتَّخَذَ اللّٰهُ مِنْ وَّلَدٍ وَّمَا كَانَ مَعَهٗ مِنْ اِلٰهٍ اِذًا لَّذَهَبَ كُلُّ اِلٰهٍۢ بِمَا خَلَقَ وَلَعَلَا بَعْضُهُمْ

اللہ نے کسی کو اپنا بیٹا قرار نہیں دیا اور نہ اس کے ساتھ کوئی دوسرا معبود ہے، اگر ایسا ہوتا تو ہر معبود اپنی اپنی مخلوق کو جدا کر لیتا اور ہر ایک دوسرے پر

عَلٰى بَعْضٍ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۹۱﴾ عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۹۲﴾

چڑھائی کر لیتا، اللہ ان چیزوں سے پاک ہے جو یہ لوگ بیان کرتے ہیں۔ پوشیدہ اور آشکارا ہر چیز کا جاننے والا ہے سو وہ ان لوگوں کے شرک سے بالاتر ہے۔

ع ۵

اللہ تعالیٰ کی کوئی اولاد نہیں اور نہ کوئی اسکا شریک ہے، وہ مشرکوں کی شرکیہ باتوں سے پاک ہے

مشرکین اللہ تعالیٰ کے لئے اولاد تجویز کرتے تھے اور اللہ تعالیٰ کے سوا دوسرے معبود بھی مانتے تھے آج بھی دنیا میں لاکھوں ایسے افراد ہیں جو اللہ کیلئے اولاد تجویز کرتے ہیں اور خاص کر نصاریٰ تو اس میں بہت آگے ہیں، یہ لوگ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ کا بیٹا بتاتے ہیں اللہ تعالیٰ شانہ نے ان سب لوگوں کی تردید فرمادی جو قرآن کریم میں کئی جگہ مذکور ہے، یہاں یہ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے کسی کو بیٹا نہیں بنایا اور یہ بھی فرمایا کہ صرف وہی معبود حقیقی ہے اس کے علاوہ کوئی معبود حقیقی نہیں ہے، جو لوگ اس کے علاوہ معبود مانتے ہیں اس کو سمجھانے کے لئے فرمایا کہ اگر بالفرض اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی اور اس لائق ہوتا کہ اس کی عبادت کی جائے تو خالق بھی ہوتا خود کسی کی مخلوق نہ ہوتا کیونکہ جس میں خالق ہونے کی اہلیت نہیں وہ معبود ہونے کا اہل نہیں سو بالفرض اگر کوئی دوسرا معبود ہوتا تو اپنی پیدا کردہ ہر چیز کو اپنے قبضہ میں رکھتا۔ اور اپنی مخلوق کو دوسرے خالق کی مخلوق سے علیحدہ رکھتا اور اپنی مخلوق پر کسی کا اختیار نہ چلنے دیتا اور مزید برآں یہ ہوتا کہ ہر معبود دوسرے معبود پر چڑھائی کرتا اور دوسرے کی مخلوق پر بھی قبضہ کرنے کا نظام بناتا، لیکن سب جانتے ہیں جو کچھ وجود میں ہے ساری اللہ تعالیٰ ہی کی مخلوق ہے۔ جس کا سب کو اقرار بھی ہے اور یہ بھی جانتے اور مانتے ہیں کہ پورے عالم کا نظام یکسانیت کے ساتھ چل رہا ہے اور اس میں نہ کوئی کھینچ کھانچ ہے نہ کوئی معارضہ ہے نہ مقابلہ، اللہ تعالیٰ ہی کی مشیت وارادہ کے موافق ساری مخلوق کا نظام چل رہا ہے۔ جس کو اس نے جس طرح مسخر فرمایا ہر ایک اپنے اپنے کام میں اسی طرح لگا ہوا ہے اور اللہ تعالیٰ کی مشیت اور ارادہ کے موافق ہے، اس کو دیکھتے ہیں اور جانتے ہیں پھر بھی شرک کرتے ہیں، یہ سراپا گمراہی ہے۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوْنَ (اللہ ان باتوں سے پاک ہے جو وہ اس کی نسبت بیان کرتے ہیں) یعنی نہ اس کے اولاد ہے اور نہ اس کے علاوہ کوئی دوسرا معبود ہے عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ (ہر چھپی ہوئی اور ہر ظاہر چیز کو جانتا ہے) اس صفت میں بھی اس کا کوئی شریک نہیں فَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ (سو اللہ تعالیٰ لوگوں کے شرک سے بالاتر ہے) (سو اللہ تعالیٰ اس سے پاک ہے جو لوگ شرک کرتے ہیں) یعنی لوگوں کی شرکیہ باتوں سے پاک ہے۔

قُلْ رَّبِّ اِمَّا تُرِيَنِّيْ مَا يُوْعَدُوْنَ ﴿۹۳﴾ رَبِّ فَلَا تَجْعَلْنِيْ فِي الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۹۴﴾ وَاِنَّا عَلٰٓى اَنْ نُّرِيَكَ

آپ یوں دعا کیجئے کہ اے میرے رب جس عذاب کا ان کافروں سے وعدہ کیا جارہا ہے۔ اگر وہ آپ مجھے دکھادیں تو اے میرے رب مجھے ان ظالموں میں شامل نہ فرمایئے۔ اور بلاشبہ ان سے ہم

مَا نَعِدُهُمْ لَقٰدِرُوْنَ ﴿۹۵﴾ اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ السَّيِّئَةَ ؕ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَصِفُوْنَ ﴿۹۶﴾ وَقُلْ

جو وعدہ کر رہے ہیں ہمیں اس پر قدرت ہے کہ اسے آپ کو دکھادیں۔ آپ اس طریقے پر ان کی بدمعاملگی کو دفع کیجئے جو بہت ہی اچھا طریقہ ہے، ہم خوب جانتے ہیں جو کچھ یہ لوگ بیان کرتے

رَّبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ﴿۹۷﴾ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ﴿۹۸﴾

ہیں۔ اور آپ یوں دعا کیجئے کہ اے میرے رب میں شیطان کے وسوسوں سے آپ کی پناہ لیتا ہوں اور اس بات سے آپ کی پناہ لیتا ہوں کہ وہ میرے پاس حاضر ہوں۔

برائی کو اچھے طریقہ پر دفع کرنا اور شیاطین کے آنے اور وساوس ڈالنے سے اللہ کی پناہ لینا

قرآن مجید میں بہت سی جگہ کافروں پر عذاب آنے کی وعید مذکور ہے، موت کے بعد تو ہر کافر کو عذاب میں داخل ہونا ہے دنیا میں بھی کبھی کبھی کہیں کہیں عذاب آجاتا ہے عذاب آنے کی جو وعیدیں ہیں ان میں چونکہ کوئی تاریخ مقرر کر کے نہیں بتائی گئی اور یہ بھی نہیں بتایا

کہ عذاب آئے گا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی میں آئے گا یا آپ کے دنیا سے تشریف لے جانے کے بعد نازل ہوگا اس لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ شانہ نے تلقین فرمائی کہ آپ یوں دعا کریں اے میرے رب اگر مجھے وہ عذاب دکھادیں جس کا ان لوگوں سے وعدہ کیا جارہا ہے تو مجھے ظالموں کے ساتھ نہ کیجئے یعنی مجھے عذاب میں مبتلا نہ فرمایئے دنیا میں جب کسی قوم پر عذاب آتا ہے تو ان کے آس پاس جو لوگ ہوتے ہیں وہ بھی مبتلائے عذاب ہوجاتے ہیں یہ دنیاوی معاملہ ہے۔

حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جب اللہ تعالیٰ کسی قوم پر عذاب نازل فرماتا ہے تو وہاں جو لوگ بھی موجود ہوں سب پر عذاب نازل ہوتا ہے پھر قیامت کے دن اپنے اپنے اعمال کے مطابق اٹھائے جائیں گے۔ (رواہ البخاری)

آیت بالا کا مطلب یہ ہے کہ اے اللہ اگر میری موجودگی میں ان لوگوں پر عذاب آجائے اور میرے دیکھتے ہوئے عذاب آنا ہی ہے تو مجھے ظالموں کے ساتھ نہ رکھئے۔ آپ اللہ کے معصوم نبی تھے جب تکذیب کرنے والی امتوں پر عذاب آتا تھا تو حضرات انبیاء کرام علیہم السلام اور ان حضرات کے متبعین عذاب سے محفوظ رہتے تھے، پھر بھی اللہ تعالیٰ نے آپ کو مذکورہ بالا دعا کی تلقین فرمائی اس میں ایک تو آپ کو اس طرف متوجہ فرمایا کہ ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی طرف رغبت اور خوف و خشیت کی شان ہونی چاہیے اور ساتھ ہی دیگر مؤمنین کو بھی تلقین ہوگئی کہ یہ دعا کیا کریں، اس میں حضرات صحابہؓ کو بھی خطاب ہوگیا اور بعد میں آنے والے اہل ایمان کو بھی۔

پھر فرمایا **وَاِنَّا عَلٰٓى اَنْ نُّرِيَكَ مَا نَعِدُهُمْ لَقٰدِرُوْنَ** (اور ہم اس بات پر ضرور قادر ہیں کہ ان سے جو وعدہ کر رہے ہیں وہ آپ کو دکھادیں) اللہ تعالیٰ کا وعدہ تھا کہ ہم آپ کی موجودگی میں انہیں عذاب میں مبتلا نہ کریں گے یعنی ایسا عذاب نہ بھیجیں گے جس سے یہ سب تباہ و برباد ہوجائیں اور بعض لوگوں پر خاص حالات میں دنیا میں عذاب کا آجانا اس کے منافی نہیں آپ کے وجود گرامی کی وجہ سے عمومی عذاب نہ آئے یہ موعود تھا لیکن اللہ تعالیٰ کو ہمیشہ یہ قدرت حاصل ہے کہ جب چاہے جن لوگوں پر چاہے عذاب بھیج دے۔

پھر فرمایا **اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ** (آپ اس طریقے پر ان کی بدمعاملگی کو دفع کیجئے جو بہت ہی اچھا طریقہ ہے) اس میں رسول اللہ ﷺ کو تلقین فرمائی ہے کہ آپ برائی کو یعنی کافروں کی ایذا رسانی کو دفع کرتے رہیں اور ان کے شر کا دفعیہ اچھے سے اچھے طریقہ پر کرتے رہیں، برائی کے مقابلہ میں خوش اخلاقی اختیار کرنا اور درگزر سے کام لینا اور اپنی طرف سے اچھا برتاؤ کرنا اس سے دشمنوں کی ایذا ختم یا کم ہوجاتی ہے پھر اخلاق عالیہ کا بھی یہی تقاضہ ہے سورۂ حم سجدہ میں فرمایا **وَلَا تَسْتَوِي الْحَسَنَةُ وَلَا السَّيِّئَةُ ۭ اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِيْ بَيْنَكَ وَبَيْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِيٌّ حَمِيْمٌ** اور اچھائی اور برائی دونوں برابر نہیں ہیں، ایسے طریقے پر دفعیہ کیجئے جو اچھے سے اچھا طریقہ ہو جب ایسا کروگے تو وہ شخص جس کے اور آپکے درمیان دشمنی ہے خالص دوست ہوجائیگا) بعض حضرات نے فرمایا کہ یہ حکم آیت جہاد سے منسوخ ہوگیا حالانکہ منسوخ ماننے کی ضرورت نہیں کیونکہ مکارم اخلاق کا استعمال تو ہمیشہ ہی ضروری ہے۔

پھر فرمایا **نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَصِفُوْنَ** (ہم خوب جانتے ہیں جو کچھ یہ لوگ آپکی نسبت کہتے ہیں) ہم اپنے علم کے مطابق انہیں سزا دے دیں گے۔

اس کے بعد کو ایک اور دعا تلقین فرمائی اور وہ یہ ہے **رَبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ۔ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ** (اے میرے رب میں شیطان کے وسوسوں سے آپ کی پناہ لیتا ہوں اور اس بات سے آپکی پناہ لیتا ہوں کہ وہ میرے پاس حاضر ہوں) یہ دعا بہت اہم اور ضروری ہے ہر مسلمان کو یاد کرنی چاہیئے بار بار پڑھنی چاہیئے شیاطین پیچھے لگے رہتے ہیں وسوسے ڈالتے ہیں ان سے محفوظ رہنے میں یہ دعا بہت اہم ہے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو شیاطین سے محفوظ رہنے کے لئے تلقین فرمائی تو اور کون شخص

ہے جسے شیاطین کے وسوسوں سے محفوظ ہونے کی دعاء سے بے نیازی ہو۔ حدیث شریف میں ہے کہ جب تم میں سے کوئی نیند میں گھبرا جائے تو یہ الفاظ پڑھے اعوذ بکلمات اللّٰہ التامات من غضبہ وعقابہ وشر عبادہ ومن ھمزات الشیاطین وان یحضرون ان کلمات کو پڑھ لے تو اسے (شیاطین) ضرر نہ پہنچا سکیں گے۔ (رواہ الترمذی)

ترجمہ: میں اللہ کے پورے کلمات کے ذریعہ اس کے غصہ سے اور اس کے عذاب سے اور اس کے بندوں کے شر سے اور شیاطین کے وسوسوں سے اور اس بات سے کہ شیاطین میرے پاس حاضر ہوں پناہ لیتا ہوں۔

حَتّٰٓی اِذَا جَآءَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ رَبِّ ارْجِعُوْنِ ﴿۹۹﴾ لَعَلِّیْٓ اَعْمَلُ صَالِحًا فِیْمَا تَرَكْتُ كَلَّا ؕ اِنَّهَا كَلِمَةٌ

یہاں تک کہ جب اس کے پاس موت آ پہنچے تو کہتا ہے کہ اے میرے رب مجھے واپس کیجئے تا کہ میں جس کو چھوڑ کر آیا ہوں اس میں نیک عمل کروں، ہرگز نہیں، بلاشبہ یہ بات ہے

هُوَ قَآئِلُهَا ؕ وَمِنْ وَّرَآئِهِمْ بَرْزَخٌ اِلٰی یَوْمِ یُبْعَثُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ فَاِذَا نُفِخَ فِی الصُّوْرِ فَلَآ اَنْسَابَ بَیْنَهُمْ

جس کا وہ کہنے والا ہے اور ان کے آگے اٹھائے جانے کے دن تک برزخ ہے۔، سو جب صور پھونکا جائے گا تو اس روز ان میں باہمی رشتے نہ رہیں

یَوْمَئِذٍ وَّلَا یَتَسَآءَلُوْنَ ﴿۱۰۱﴾ فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِیْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۲﴾ وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِیْنُهٗ

گے اور نہ وہ آپس میں ایک دوسرے کو پوچھیں گے۔، سو جن کے وزن بھاری ہونگے تو یہ وہ لوگ ہیں جو کامیاب ہونگے۔ اور جن کے وزن ہلکے ہونگے تو

فَاُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فِیْ جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾ تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ النَّارُ وَهُمْ فِیْهَا كٰلِحُوْنَ ﴿۱۰۴﴾

یہ وہ لوگ ہونگے جنہوں نے اپنی جانوں کا نقصان کرلیا ہمیشہ جہنم میں رہیں گے۔ ان کے چہروں کو آگ جھلستی ہوگی اور اس میں ان کے منہ بگڑے ہوئے ہونگے۔

اَلَمْ تَكُنْ اٰیٰتِیْ تُتْلٰی عَلَیْكُمْ فَكُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ قَالُوْا رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَیْنَا شِقْوَتُنَا وَكُنَّا

کیا تمہارے پاس میری آیتیں نہیں آئیں جو تمہارے اوپر تلاوت کی جاتی تھیں پھر تم انہیں جھٹلاتے تھے۔ وہ کہیں گے اے ہمارے رب ہماری بدبختی ہم پر غالب آ گئی اور

قَوْمًا ضَآلِّیْنَ ﴿۱۰۶﴾ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْهَا فَاِنْ عُدْنَا فَاِنَّا ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۰۷﴾ قَالَ اخْسَئُوْا فِیْهَا وَلَا

ہم گمراہ لوگ تھے۔ اے ہمارے رب ہمیں اس سے نکال دیجئے پھر اگر ہم دوبارہ کریں تو بلاشبہ ہم ظالم ہونگے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہوگا کہ تم اسی میں راندے ہوئے پڑے رہو

تُكَلِّمُوْنِ ﴿۱۰۸﴾ اِنَّهٗ كَانَ فَرِیْقٌ مِّنْ عِبَادِیْ یَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا

اور مجھ سے بات نہ کرو۔ بلاشبہ بات یہ ہے کہ میرے بندوں میں سے ایک جماعت تھی، جو یوں دعا کرتے تھے کہ اے ہمارے رب ہم ایمان لائے سو آپ ہمیں بخش دیجئے اور ہم

وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ ﴿۱۰۹﴾ فَاتَّخَذْتُمُوْهُمْ سِخْرِیًّا حَتّٰٓی اَنْسَوْكُمْ ذِكْرِیْ وَكُنْتُمْ مِّنْهُمْ تَضْحَكُوْنَ ﴿۱۱۰﴾

پر رحم فرمائیے اور آپ سب رحم کرنے والوں سے بڑھ کر رحم فرمانے والے ہیں۔ سو تم نے ان کو مذاق بنالیا یہاں تک کہ انہوں نے تمہیں میری یاد بھلادی اور تم ان سے ہنستے تھے

اِنِّیْ جَزَیْتُهُمُ الْیَوْمَ بِمَا صَبَرُوْٓا ۙ اَنَّهُمْ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿۱۱۱﴾

بلاشبہ آج میں نے انہیں ان کے صبر کرنے کی وجہ سے یہ بدلہ دیا کہ وہی کامیاب ہونے والے ہیں۔

برزخ اور محشر کے احوال واہوال، کافروں کی دعا قبول نہ ہونا، کافروں کا دنیا میں مذاق بنانا

ان آیات میں اول تو یہ فرمایا کہ جو لوگ کفر پر جمے ہوئے ہیں ان کی کافرانہ زندگی اسی طرح گزرتی رہتی ہے یہاں تک کہ جب ان میں سے کسی ایک کے سر پر موت آ کھڑی ہوتی ہے اور آخرت کے حالات کا معائنہ ہونے لگتا ہے اور روح قبض کرنے والے فرشتے نظر آنے لگتے ہیں (جو بری طرح کافر کی روح قبض کرتے ہیں اور اسے مارتے جاتے ہیں) تو اس وقت وہ اپنی زندگی پر نادم ہوتا ہے اور پشیمان ہو کر اللہ تعالیٰ شانہ سے یوں عرض کرتا ہے کہ اے میرے پروردگار مجھے اسی دنیا میں لوٹا دیجئے اور موت کو ہٹا دیجئے امید ہے کہ اب میں واپس ہو کر نیک کام کرونگا یعنی آپ کے رسول کی تصدیق بھی کرونگا اور اعمال کے اعتبار سے بھی درست رہونگا اچھے اعمال میں لگا رہونگا، اللہ تعالیٰ جل شانہ نے فرمایا کلا (ہرگز نہیں) یعنی اب تو مرنا ہی ہے واپسی نہیں ہوسکتی واپسی کی کوئی صورت نہیں جب موت کا وقت آ گیا تو اب اس میں تاخیر نہیں ہوسکتی: اِنَّهَا كَلِمَةٌ هُوَ قَآئِلُهَا (یہ ایک بات ہے جسے وہ کہتا ہے) لیکن اس کی بات کے موافق فیصلہ ہونے والا نہیں ہے۔ وَمِنْ وَّرَآئِهِمْ بَرْزَخٌ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ۔ (اور ان کے آگے اس دن تک برزخ ہے جس دن اٹھائے جائیں گے) برزخ حاجز یعنی آڑ کو کہتے ہیں جو دو حالتوں یا دو چیزوں کے درمیان حائل ہو۔ موت کے بعد سے قیامت قائم ہونے تک کا جو وقفہ ہے اسے برزخ کہا جاتا ہے جب کوئی شخص مر جاتا ہے تو برزخ میں چلا جاتا ہے مؤمن صالح اچھی حالت میں ہیں اور کافر برابر عذاب میں رہتا ہے، جس کسی کے سر پر موت آ کھڑی ہو تو وہ ٹلنے والی نہیں روح نکلی اور عالم برزخ میں پہنچ گئی، اللہ تعالیٰ کا یہ قانون ہے کہ جو شخص ماں کے پیٹ سے دنیا میں آ گیا اب واپس وہاں نہ جائے گا اور جب موت آ گئی تو دنیا میں واپس نہ آئے گا اور جب قیامت آئے گی تو قبروں میں واپس نہیں لوٹائے جائیں گے اور قیامت کے حساب کتاب سے فارغ ہو کر جو حضرات جنت میں بھیج دیئے جائیں گے وہاں سے واپس نہ ہونگے اور کافر دوزخ میں بھیج دیئے جائیں گے اور وہ وہاں سے واپس نہ ہونگے، حاصل یہ ہے کہ ہر بعد والی منزل میں پہنچ کر پہلی منزل کی طرف واپس نہ ہونگے۔ ہاں بعض مسلمان اپنے گناہوں کی وجہ سے جو دوزخ میں چلے جائیں گے وہ عذاب بھگت کر وہاں سے نکال لئے جائیں گے اور جنت میں داخل کر دیئے جائیں گے اب وہاں سے انہیں پھر کہیں جانا نہ ہوگا ان کو دوزخ سے اس لئے نکال دیا جائیگا کہ اس میں ان کو مستقل طریقہ پر داخل نہیں کیا جائیگا۔ (مستقل طور پر کافر ہی دوزخ میں داخل ہونگے)

برزخ............اس وقفہ کا نام جو موت اور قیامت کے درمیان ہے جو لوگ دفن کئے جاتے ہیں اور جو لوگ جلا دیئے جاتے ہیں اور جنہیں جانور کھا جاتے ہیں ان سب پر برزخ کے احوال گزرتے ہیں اور ہر ایک کے اپنے اپنے دین اور اعمال کے اعتبار سے وہاں اچھی زندگی والے بھی ہیں اور بری زندگی والے بھی، جیسا کہ احادیث شریفہ میں تفصیل آئی ہے ہم نے ایک رسالہ میں ان احوال کو جمع کر دیا ہے۔

پھر فرمایا فَاِذَا نُفِخَ فِى الصُّوْرِ فَلَآ اَنْسَابَ بَيْنَهُمْ يَوْمَئِذٍ وَّلَا يَتَسَآءَلُوْنَ (سو جب صور پھونکا جائے گا تو ان کے درمیان اس دن نسب باقی نہ رہیں گے اور نہ وہ آپس میں ایک دوسرے سے سوال کریں گے) اس میں یہ بتایا کہ برزخ کا زمانہ گزرنے کے بعد جب قیامت قائم ہوگی تو لوگوں کے آپس کے جو انساب یعنی رشتہ داریوں کے تعلقات تھے وہ اس وقت ختم ہو جائیں گے یعنی کوئی کسی کو نہیں پوچھے گا بلکہ آپس میں ایک دوسرے سے دور ہونے اور بھاگنے کی راہ اختیار کریں گے سورۂ عبس میں فرمایا ہے يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِيْهِ. وَاُمِّهٖ وَاَبِيْهِ. وَصَاحِبَتِهٖ وَبَنِيْهِ. لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَاْنٌ يُّغْنِيْهِ (جس روز آدمی اپنے بھائی سے اور اپنی ماں اور اپنے

باپ سے اور اپنی بیوی سے اور اپنی اولاد سے بھاگے گا ان میں ہر شخص کو ایسا مشغلہ ہوگا جو اس کو اور کسی کی طرف متوجہ نہ ہونے دے گا)۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ جب دوسری بار صور پھونک دیا جائے گا تو مرد اور عورت جو بھی ہو اولین وآخرین سب کے سامنے کھڑا کر دیا جائے گا اور ایک پکارنے والا پکار دیگا کہ یہ فلاں کا بیٹا فلاں ہے جس کسی کا اس پر حق ہو اپنا حق لینے کیلئے آ جائے یہ اعلان سن کر انسان کا یہ حال ہوگا کہ وہ اس بات سے خوش ہوگا کہ اچھا ہے کہ میرے باپ پر یا میری اولاد پر یا میری بیوی پر یا میرے بھائی پر کچھ حق نکل آئے تو وصول کرلوں (وہاں نیکی برائیوں کے ذریعہ لین دین ہوگا) اس کے بعد حضرت ابن مسعودؓ نے آیت کریمہ فَلَآ اَنْسَابَ بَیْنَهُمْ کی تلاوت فرمائی۔

اور حضرت ابن مسعودؓ سے فَلَآ اَنْسَابَ بَیْنَهُمْ کی ایک تفسیر یوں نقل کی گئی ہے کہ اس دن آپس میں نسب پر فخر نہ کریں گے جیسا کہ دنیا میں کرتے ہیں اور نہ آپس میں یوں سوال کریں گے کہ تم ہمارے رشتہ دار تھے بحق رشتہ داری یہاں کچھ مدد کرو۔

یہ اشکال ہوتا ہے کہ یہاں وَلَا یَتَسَآءَلُوْنَ فرمایا اور دوسری آیت میں وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰی بَعْضٍ یَّتَسَآءَلُوْنَ فرمایا ہے اس میں بظاہر تعارض سا ہے اگر ولا یتسآء لون کی یہ تفسیر کی جائے کہ آپس میں ایک دوسرے سے مدد اور صلہ رحمی کا سوال نہیں کرینگے جو نسب کی بنیاد پر ہو اور مدد کے لئے کوئی کسی کو نہ پوچھے گا تو کوئی تعارض نہیں رہتا کیونکہ دوسری آیت میں جس سوال کا ذکر ہے وہ سوال رشتہ دار کی بنیاد پر نہیں ہے، اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ قیامت کے احوال مختلف ہونگے کسی وقت بہت زیادہ خوف کی شدت ہوگی تو آپس میں کوئی سوال نہ کریں گے اور بعض مواقع میں جب ہوش وحواس ٹھیک ہونگے تو آپس میں کچھ پوچھ پاچھ کرلیں گے۔ (معالم التنزیل بزیادۃ ج ۳۔ ۳۱۸۔ ۳۱۷)

اس کے بعد قیامت کے دن کی تول کا تذکرہ فرمایا: فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِیْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ (سو جن کی تولیں بھاری ہونگیں یعنی نیکیاں وزن دار ہونگیں سو یہ لوگ کامیاب ہونگے) وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِیْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فِیْ جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ (اور جس کی تولیں ہلکی ہونگی سو یہ وہ لوگ ہونگے جنہوں نے اپنی جانوں کا نقصان کرلیا وہ دوزخ میں ہمیشہ رہیں گے) وزن اعمال کے بارے میں ضروری تفصیل اور تحقیق سورۂ اعراف کے پہلے رکوع کی تفسیر میں گزر چکی ہے اس کو دیکھ لیا جائے۔ (انوار البیان ج ۳)۔

اس کے بعد اہل جہنم کے عذاب اور اس کی بدصورتی کا تذکرہ فرمایا ارشاد ہے تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ النَّارُ وَهُمْ فِیْهَا كٰلِحُوْنَ (دوزخ کی آگ ان کے چہروں کو جھلستی ہوگی اور ان کے منہ بگڑے ہوئے ہونگے) یعنی ان کے چہرے بدصورت ہونگے۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وَهُمْ فِیْهَا كٰلِحُوْنَ کی تفسیر کرتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ دوزخی کو آگ بھون ڈالے گی جس سے اس کا اوپر کا ہونٹ سکڑ کر سر کے درمیان تک پہنچ جائے گا اور نیچے کا ہونٹ لٹک کر اسکی ناف پر پہنچ جائے گا۔ (رواہ الترمذی)

اس کے بعد ایک سوال کے جواب کا تذکرہ فرمایا اللہ تعالیٰ کا سوال ہوگا اَلَمْ تَكُنْ اٰیٰتِیْ تُتْلٰی عَلَیْكُمْ فَكُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ (کیا تمہارے پاس میری آیات نہیں آئی تھیں جو تم پر پڑھی جاتی تھیں سو تم انہیں جھٹلاتے تھے) قَالُوْا رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَیْنَا شِقْوَتُنَا وَكُنَّا قَوْمًا ضَآلِّیْنَ (وہ جواب دیں گے کہ اے ہمارے رب ہم پر ہماری بدبختی غالب آ گئی اور ہم گمراہ لوگ تھے)

یہ لوگ اپنی بدبختی اور گمراہی کا اقرار کرتے ہوئے یوں بھی عرض کریں گے رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْهَا فَاِنْ عُدْنَا فَاِنَّا ظٰلِمُوْنَ (اے

ہمارے رب ہمیں دوزخ سے نکال دیجئے سو اگر ہم پھر اسی طور طریقہ کو اختیار کریں تو بلاشبہ ہم ظلم کرنے والے ہونگے)۔

قَالَ اخْسَئُوْا فِيْهَا وَلَا تُكَلِّمُوْنِ (اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہوگا کہ اسی میں پھٹکارے ہوئے دور ہو جاؤ اور مجھ سے بات نہ کرو) سنن ترمذی میں ہے کہ اس کے بعد دوزخی ہر بھلائی سے ناامید ہو جائیں گے اور گدھوں کی طرح چیخنے چلانے اور حسرت اور واویلا کرنے میں لگ جائیں گے۔ تفسیر ابن کثیر میں ہے کہ ان کے چہرے بدل جائیں گے، صورتیں مسخ ہو جائیں گی حتیٰ کہ بعض مؤمن شفاعت لیکر آئیں گے لیکن دوزخیوں میں سے کسی کو پہچانیں گے نہیں۔ دوزخی ان کو دیکھ کر کہیں گے کہ میں فلاں ہوں مگر وہ کہیں گے کہ غلط کہتے ہو ہم تم کو نہیں پہچانتے۔ (تفسیر ابن کثیر ص ۲۵۸ ج ۳)

اِخْسَئُوْا فِيْهَا کے جواب کے بعد دوزخ کے دروازے بند کر دیئے جائیں گے اور اسی میں جلتے رہیں گے۔ (ایضاً)

اللہ تعالیٰ کا مزید فرمان ہوگا اِنَّهٗ كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْ عِبَادِيْ (بلاشبہ میرے بندوں میں سے ایک گروہ تھا جو یوں دعا کرتے تھے کہ اے ہمارے رب ہم ایمان لائے سو ہماری مغفرت فرما دیجئے اور ہم پر رحم فرمایئے اور آپ رحم کرنے والوں میں سب سے بہتر رحم فرمانے والے ہیں اس جماعت کو تم نے مذاق اور ٹھٹھہ اور مسخرہ پن کا نشانہ بنالیا تھا اور تم اس درجہ ان کے پیچھے پڑے کہ انہوں نے تمہیں میری یاد بھلا دی یعنی تم ان کی مذاق بنانے میں ایسے لگے کہ میری یاد کی تمہیں فرصت ہی نہیں رہی۔ تم ان کا مذاق بھی بناتے تھے اور ان سے ہنستے بھی تھے تم نے اپنے کئے کا نتیجہ بھگت لیا اور ہمیشہ کے لئے دوزخ میں چلے گئے اور انہوں نے اپنے ایمان اور اعمال صالحہ کا پھل پالیا آج میں نے انہیں ان کے صبر کرنے کی وجہ سے یہ بدلہ دیا کہ وہی کامیاب ہیں (وہ ہمیشہ کے لئے جنت میں چلے گئے) سورۂ آل عمران میں فرمایا فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَاُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ (سو جو شخص دوزخ سے ہٹا دیا گیا اور جنت میں داخل کر دیا گیا وہی کامیاب ہوا)۔

قٰلَ كَمْ لَبِثْتُمْ فِي الْاَرْضِ عَدَدَ سِنِيْنَ ﴿۱۱۲﴾ قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ فَسْئَلِ الْعَآدِّيْنَ ﴿۱۱۳﴾

اللہ تعالیٰ کا سوال ہوگا کہ تم برسوں کی گنتی کے اعتبار سے زمین میں کتنے دن رہے۔ وہ کہیں گے کہ ایک یا ایک دن سے بھی کم رہے سو آپ گننے والوں سے سوال فرما لیجئے۔

قٰلَ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا لَّوْ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۱۴﴾ اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہوگا کہ تم تھوڑی ہی مدت رہے اگر تم جانتے ہو۔ کہ کیا تم نے یہ خیال کیا کہ ہم نے تمہیں بطور عبث پیدا کیا اور یہ کہ تم

اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱۵﴾ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ﴿۱۱۶﴾

ہماری طرف لوٹائے نہ جاؤ گے۔ سو برتر ہے اللہ جو بادشاہ ہے حق ہے اسکے سوا کوئی معبود نہیں وہ عرش کریم کا رب ہے،

وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ

اور جو کوئی شخص اللہ کے ساتھ کسی دوسرے معبود کو پکارے جسکی اس کے پاس کوئی دلیل نہیں ہے سو اس کا حساب اس کے رب کے پاس ہے، بلاشبہ بات یہ ہے کہ کافر لوگ کامیاب

الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ ع ۶ ۲۶

نہیں ہونگے۔ اور آپ یوں دعا کیجئے کہ اے میرے رب بخش دیجئے اور رحم فرمایئے بلاشبہ آپ رحم کرنے والوں میں سب سے بہتر رحم فرمانے والے ہیں۔

اللہ تعالیٰ برتر ہے، ملک ہے، حق ہے، وحدہ لاشریک ہے، کافر کامیاب نہیں ہونگے

کافروں سے اللہ تعالیٰ شانہ کا یہ بھی سوال ہوگا کہ تم زمین میں برسوں کی گنتی کے اعتبار سے کتنے دن رہے؟ وہ وہاں ہیبت اور ہول دلی کی وجہ سے ہوش وحواس گم کر چکے ہونگے اس لئے جواب میں کہیں گے کہ ہمیں تو کچھ ایسا خیال آتا ہے کہ ایک دن یا اس سے بھی کم دنیا میں رہے ہونگے اور صحیح بات یہ ہے کہ ہمیں یاد ہی نہیں شمار کرنے والوں سے یعنی فرشتوں سے سوال فرمالیجئے ہمارے عمروں کا صحیح حساب ان کو معلوم ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہوگا کہ تم دنیا میں تھوڑی ہی مدت رہے وہاں جتنے دن بھی زندگی گزاری وہ آخرت کے مقابلہ میں تھوڑی سی ہے، وہ دار الفنا تھا اب دار القرار میں آئے ہو۔ یہاں موت نہیں ہے اگر تم دنیا میں ہی حقیقت کو سمجھ لیتے۔ اور موت کے بعد زندہ ہوکر حساب کتاب کی پیشی کا یقین کر لیتے تو تمہارے حق میں اچھا ہوتا۔

مزید ارشاد ہوگا کہ تم نے دنیا میں جو زندگی گزاری اس میں تم یہ جانتے تھے کہ ہمارے خالق نے ہمیں پیدا کیا ہے کیا یہ بات جاننے کے باوجود تم نے یہ نہ سمجھا کہ ہمارے خالق کا ہم پر حق ہے وہ حکیم مطلق ہے اس نے ہمیں حکمت کے موافق پیدا کیا ہے تم نے اس حقیقت کو نہ سمجھا اور الٹے یوں سمجھے کہ ہماری پیدائش بطور عبث ہے اس میں خالق جل مجدہ کی نہ کوئی حکمت ہے اور نہ ہمیں مرکر اپنے خالق کی طرف واپس لوٹنا ہے، تمہاری اس نا سمجھی اور غلط گمانی نے تمہیں برباد کر دیا اور آج تمہیں دوزخ میں جانا پڑا، سورۂ حٰم سجدہ میں ہے۔ وَذٰلِكُمْ ظَنُّكُمُ الَّذِىْ ظَنَنْتُمْ بِرَبِّكُمْ اَرْدٰكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ مِّنَ الْخَاسِرِيْنَ. (اور تمہارا یہ گمان جو تم نے اپنے رب کے ساتھ کیا اس نے تمہیں ہلاک کر دیا سو تم خسارہ والوں میں ہو گئے)۔ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ (سو برتر ہے اللہ جو بادشاہ ہے حق ہے) لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ (اس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ عرش کریم کا رب ہے) سب سے بڑا بادشاہ ہے ملک الملوک ہے اس کے علاوہ کسی دوسرے کو بھی معبود ماننا یہ بہت بڑی بغاوت ہے یہ باغی یوں نہ سمجھیں کہ ہمارا کوئی مواخذہ اور محاسبہ نہ ہوگا۔ محاسبہ ضرور ہوگا اور کافر لوگ وہاں میدان آخرت میں ناکام ہونگے۔ یعنی دوزخ میں جائیں گے مشرکین جو شرک کرتے ہیں ان کے پاس اس کے صحیح ہونے کی کوئی دلیل نہیں ہے اسی کو فرمایا کہ: وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ط اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ (اور جو شخص اللہ کے ساتھ اور کسی معبود کو پکارے جس کی اس کے پاس کوئی دلیل نہیں ہے تو اس کا حساب اس کے رب کے پاس ہوگا بلاشبہ بات یہ ہے کہ کافر لوگ کامیاب نہ ہونگے)۔

آخر میں دعا کی تلقین فرمائی وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ (اور آپ یوں دعا کیجئے کہ اے میرے رب بخش دیجئے اور رحم فرمایئے اور آپ رحم فرمانے والوں میں سب سے بہتر رحم فرمانے والے ہیں) اس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب ہے امت آپ کے تابع ہے ساری امت اس فرمان پر عمل کرے اور اللہ تعالیٰ سے مغفرت ورحمت طلب کیا کریں۔

رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ

ولقد حصل الفراغ من تفسير سورة المؤمنون فى الليلة الحادية عشر من ربيع الأخر سنة ١٤١٥ الحمدلله اولا وآخرا وظاهرا وباطنا.

☆☆☆

مدنی	سورۃ النور	۶۴ آیتیں اور ۹ رکوع

اٰیَاتُهَا ۶۴ (۲۴) سُوْرَةُ النُّوْرِ مَدَنِيَّةٌ (۱۰۲) رُكُوْعَاتُهَا ۹

''سورۂ نور مدینہ منورہ میں نازل ہوئی اس میں چونسٹھ آیات اور نو رکوع ہیں''

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

سُوْرَةٌ اَنْزَلْنٰهَا وَ فَرَضْنٰهَا وَ اَنْزَلْنَا فِيْهَآ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ لَّعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۝ اَلزَّانِيَةُ

یہ ایک سورت ہے جو ہم نے نازل کی ہے اور ہم نے اس کی ادائیگی کا ذمہ دار بنایا ہے اور ہم نے اس میں واضح آیات نازل کی ہیں تا کہ تم سمجھو۔ زنا

وَ الزَّانِيْ فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ ۠ وَّلَا تَاْخُذْكُمْ بِهِمَا رَاْفَةٌ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اِنْ

کرنے والی عورت اور زنا کرنے والا مرد ان میں سے ہر ایک کو سو درے مارو اور اللہ کے دین میں ان دونوں کے بارے میں تمہیں رحمت نہ پکڑے اگر تم

كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۚ وَلْيَشْهَدْ عَذَابَهُمَا طَآئِفَةٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝

ایمان لاتے ہو اللہ پر اور آخرت کے دن پر اور ان کی سزا کے وقت مؤمنین کی ایک جماعت حاضر رہے۔

احکام شرعیہ پر عمل کرنا لازمی ہے زانیہ اور زانی کی سزا سو کوڑے ہیں

اس سورۃ کا پانچواں رکوع اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ سے شروع ہے اس لیے یہ سورت سورۃ النور کے نام سے موسوم اور معروف ہے اس کے شروع میں عفت اور عصمت کی حفاظت کا بیان ہے اور زنا کرنے والوں اور تہمت لگانے والوں کی سزا مذکور ہے۔ اول تو یہ فرمایا کہ ہم نے یہ سورت نازل کی اور اس میں جو احکام ہیں ان پر عمل کرنے کی ذمہ داری ڈالی ہے۔ (فَرَضْنٰهَا) کا یہ ترجمہ اس لیے کیا گیا کہ اس سورت میں جو احکام مذکور ہیں وہ سب فرض نہیں ہیں البتہ مؤمن بندوں کو سب پر عمل کرنا چاہیے ان میں فرائض بھی ہیں اور غیر فرائض بھی ہیں پھر فرمایا وَاَنْزَلْنَا فِيْهَآ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ (اور ہم نے اس میں واضح آیات نازل کی ہیں) ان آیات میں جو احکام ہیں ان پر عمل کریں لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ (تا کہ نصیحت حاصل کرو)۔

شرعی حدود میں سختی کیوں ہے

اس کے بعد زنا کرنے والے مرد اور زنا کرنے والی عورت کی سزا بیان فرمائی اور فرمایا کہ ان میں سے ہر ایک کو سو کوڑے مارو اور ساتھ

ہی یہ بھی فرمایا کہ سزا جاری کرنے میں تمہیں ان پر رحم نہ آئے۔

اللہ کے قانون کے سامنے کسی کی رورعایت اور کسی پر کوئی رحم کرنا ترس کھانا درست نہیں ہے اللہ تعالیٰ ارحم الراحمین ہے جب اس نے سزا کا حکم دیدیا گو وہ سزا تمہاری نظروں میں سخت ہے تو اسے نافذ کرنا ہی کرنا ہے، اس نے انسان کو پیدا کیا وہ انسان کے مزاج عادت وخصلت کو پوری طرح جانتا ہے اسے معلوم ہے کہ انسان اپنی طبیعت اور مزاج کے اعتبار سے کونسی سزا سے زنا کاری کے جرم سے رک سکتا ہے چونکہ اس میں زانی مرد اور زانیہ عورت کی سزا کے ساتھ دوسروں کو عبرت دلانا مقصود ہے اس لیے یہ بھی حکم آیا کہ جب ان کو زنا کی سزا دی جائے تو اس وقت مومنین کی ایک جماعت حاضر رہے، بہت سے لوگ حاضر ہونگے تو انہیں بھی عبرت حاصل ہوگی اور سزا کا واقعہ اپنی مجلسوں اور قبیلوں میں اور باہر سے آنے جانے والے مسافروں کی ملاقاتوں میں ذکر کریں گے تو سب سے عبرت ناک سزا کا چرچہ ہوگا جس سے عمومی طور پر پورے ملک میں عفت وعصمت کی فضا بنے گی اور لوگ زنا کاری سے باز رہیں گے۔

حضرت عبادہ بن صامتؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ دور اور نزدیک اللہ کی حدود قائم کرو اور کسی ملامت کرنے والے کی ملامت اللہ کے حکم کے بارے میں تمہیں نہ پکڑے۔ (رواہ ابن ماجہ) تمہیں کسی کی ملامت نہ پکڑے اس کا مطلب یہ ہے کہ ہر حالت میں اللہ تعالیٰ کے حکم کو نافذ کیا کرو، دشمن اعتراض کریں گے اس کو نہ دیکھو۔ آج کل کی حکومتیں مخلوق کے طعن وتشنیع سے ڈرتی ہیں اور دشمنوں کے اعتراضات کا خیال کر کے شرعی حدود قائم نہیں کرتیں۔ شرعی حدود قائم کرنے میں بہت بڑی خیر ہے حدود قائم ہونگی تو گناہ ختم ہونگے یا کم ہونگے اور اللہ تعالیٰ کی رحمت متوجہ ہوگی رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ زمین میں ایک حد قائم کی جائے تو یہ اس سے بہتر ہے کہ چالیس دن بارش برستی رہے۔ (رواہ ابن ماجہ) یعنی چالیس دن بارش ہونے کا جو نفع ہے اس سے کہیں زیادہ خیرات وبرکات کا نزول ہوگا جبکہ اللہ کی ایک حد قائم کردی جائے گی۔

موجودہ حکومتوں نے رضامندی سے زنا کرنے کو تو قانونی طور پر جائز ہی کر رکھا ہے اور فاحشہ عورتوں کو یہ پیشہ اختیار کرنے پر لائسنس دیتی ہیں اور تھوڑی بہت جو قانونی گرفت ہے وہ زنا بالجبر پر ہے۔ لیکن بالجبر زنا کرنے والا بھی پکڑا نہیں جاتا اور اگر پکڑا گیا تو مختصر سی جیل میں رہنے کی سزا دے دی جاتی ہے اس سزا سے بھلا زنا کار اپنی عادت بد کہاں چھوڑ سکتے ہیں جو حکومتیں ان لوگوں کے ہاتھ میں ہیں جو مسلمان ہونے کے مدعی ہیں جب ان سے کہا جاتا ہے کہ مجرمین پر شرعی سزائیں نافذ کرو۔ (ڈاکوؤں کو قتل کرو، چوروں کا ہاتھ کاٹو، زنا کار مرد اور عورت کو زنا کاری کی سزا دو۔ غیر محصن ہیں تو سو کوڑے لگاؤ اگر محصن ہیں تو سنگسار کردو) تو اس پر لوگوں کو چوروں اور ڈاکوؤں اور زناکاروں پر رحم آجاتا ہے جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے پہلے ہی فرمادیا ہے۔ **وَلَا تَأْخُذْكُمْ بِهِمَا رَأْفَةٌ فِىْ دِيْنِ اللّٰهِ** (اور تمہیں اللہ کے دین کے بارے میں ان دونوں کے ساتھ رحم کے برتاؤ کا جذبہ نہ پکڑے) اور اس سے بڑھ کر ظلم یہ ہے جو سراپا کفر ہے کہ اللہ تعالیٰ کی جاری فرمودہ حدود کو ظالمانہ اور وحشیانہ سزائیں کہہ دیتے ہیں اور عجیب بات یہ ہے کہ پھر بھی مسلمانی کے دعویدار ہیں مجرمین کو شرعی سزائیں نہیں دی جاتی ہیں اس کی وجہ سے ڈاکہ اور زنا کی کثرت ہے چوریاں بھی بہت ہورہی ہیں زنا کاری کے اڈے بھی کھلے ہوئے ہیں اور ان اڈوں کے علاوہ جگہ جگہ زنا کاری ہوتی رہتی ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ حکومتوں کے نزدیک زنا کاری کوئی جرم ہے ہی نہیں اور چوری اور ڈکیتی پر قابو پانا بھی ان کی مصلحتوں کے خلاف ہے۔ قرآن کو نہیں دیکھتے اس کے احکام پر چلنا نہیں چاہتے اپنے عوام کو اور دشمنانِ اسلام کو راضی رکھنا چاہتے ہیں۔ اور صرف حکومت باقی رکھنے کے جذبات لیے پھرتے ہیں جب یہ صورت حال ہے تو اللہ تعالیٰ کی مدد کیسے آئے۔ **فتذکروا یا اولی الالباب.**

چند مسائل متعلقہ حدِّ زنا

مسئلہ .... جو مرد عورت آزاد ہو یعنی کسی کا مملوک نہیں عاقل ہو، بالغ ہو، مسلمان ہو اس کا نکاح شرعی ہوا ہو پھر آپس میں میاں بیوی والا کام بھی کیا ہو تو ایسے مرد عورت کو محصن کہتے ہیں اگر ان میں سے کوئی زنا کرے تو اسکی سزا رجم یعنی سنگسار کرنا (یعنی پتھر مار مار کر) ہلاک کر دینا ہے اور جو مرد عورت محصن نہ ہو اگر وہ زنا کرے تو ان کی سزا سو سو کوڑے ہیں۔

مسئلہ .... کوڑے لگاتے وقت یہ خیال کر لیا جائے کہ اگر مرد کو کوڑے لگائے جا رہے ہیں تو ستر عورت کے لیے جتنے کپڑے کی ضرورت ہے وہ اس پر باقی رہے باقی کپڑے اتار دیئے جائیں، اور اگر عورت کو کوڑے لگائے جائیں تو اس کے عام کپڑے نہ اتارے جائیں ہاں اگر اس نے لحاف اوڑھ رکھا ہے یا کوئی اور ایسی چیز پہن رکھی ہے جو مارنے کی تکلیف سے بچا سکتی ہے تو وہ بدن سے نکال لی جائے گی۔

مسئلہ .... مرد کو کھڑا کر کے اور عورت کو بٹھا کر کوڑے لگائے جائیں۔

مسئلہ .... ایسا کوڑا مارا جائیگا جس کے آخر میں گرہ لگی ہوئی نہ ہو اور یہ مارنا درمیانہ درجہ کا ہو اور ایک ہی جگہ کوڑے نہ مارے جائیں بلکہ متفرق طور پر اعضائے جسم پر مارے جائیں البتہ سر چہرہ اور شرم گاہ پر کوئی کوڑا نہ مارا جائے۔

مسئلہ .... جس زنا کار مرد یا عورت کو رجم یعنی سنگسار کرنا ہے اسے باہر میدان میں لے جائیں جن لوگوں نے زنا کی گواہی دی تھی پہلے وہ پتھر ماریں پھر امیر المؤمنین پتھر مارے اور اس کے بعد دوسرے لوگ ماریں اگر گواہ ابتداء کرنے سے انکاری ہو جائیں تو جرم ساقط ہو جائے گا اگر زانی کے اقرار کی وجہ سے سنگسار کیا جانے لگے تو پہلے امیر المؤمنین پتھر مارے اس کے بعد دوسرے لوگ، اور عورت کو رجم کرنے لگیں تو اس کے لیے گڑھا کھود کر اس میں کھڑی کر کے رجم کریں تو یہ بہتر ہوگا۔

مسئلہ .... جب کسی مرد یا عورت کے بارے میں چار شخص گواہی دیدیں کہ اس نے زنا کیا ہے اور یوں کہیں کہ ہم نے ان کو یہ عمل کرتے اس طرح دیکھا جیسے سرمہ دانی میں سلائی ہو تو امیر المؤمنین یا قاضی ان چاروں گواہوں کے بارے میں تحقیق اور تفتیش کریگا اگر ان کا سرًّا اور علانیۃً عادل اور صالح سچا ہونا ثابت ہو جائے تو امیر المؤمنین یا قاضی زنا کرنے والے پر حدِ شرعی حسب قانون (کوڑے یا سنگسار) نافذ کر دے اگر چار گواہ نہ ہوں یا چار تو ہوں لیکن ان کا فاسق ہونا ثابت ہو جائے تو اس پر حد جاری نہ ہوگی جس کے بارے میں ان لوگوں نے زنا کی گواہی دی۔ بلکہ ان لوگوں کو حد قذف لگائی جائے گی جنہوں نے گواہی دی۔ (حدِ قذف سے مراد تہمت لگانے کی سزا ہے جو اسی (۸۰) کوڑے ہیں) چند اوراق کے بعد اسی رکوع میں انشاء اللہ تعالیٰ اس کا ذکر آئے گا۔

مسئلہ .... زانی کے اقرار سے بھی زنا کا ثبوت ہو جاتا ہے (مرد ہو یا عورت) جب اقرار کرنے والا عاقل بالغ ہو اور چار مجلسوں میں چار مرتبہ اقرار کرے تو قاضی اس سے دریافت کرے کہ زنا کیا ہوتا ہے اور تو نے کس سے زنا کیا اور کہاں زنا کیا اقرار کرنے والا جب یہ باتیں بتا دے تو قاضی اس پر بھی حسب قواعد شرعیہ حد نافذ کر دے گا۔

دور حاضر کے مدعیان علم کی جاہلانہ باتیں

آجکل بہت سے مدعیان علم ایسے نکلے ہیں جو اپنی جہالت کے زور پر شریعت اسلامیہ میں تحریف کرنے کے پیچھے پڑے ہوئے ہیں۔ دشمنان اسلام اور بہت سے اصحاب اقتدار ان کی سرپرستی کرتے ہیں اور ان کو رشوت دے کر ان سے ایسی باتیں لکھواتے ہیں جو

شریعت اسلامیہ کے خلاف ہوتی ہیں۔ چودہ سو سال سے تمام عوام اور خواص یہی جانتے اور سمجھتے اور عقیدہ رکھتے ہیں کہ اسلام میں زانی غیر محصن کی سزا سو کوڑے اور زانی محصن کی سزا رجم یعنی سنگسار کرنا ہے۔ اپنے علم کو جاہلانہ دعاوی میں استعمال کرنے والے اب یوں کہہ رہے ہیں کہ قرآن مجید میں رجم نہیں ہے۔ ان لوگوں سے سوال ہے کہ قرآن مجید میں یہ کہاں فرمایا ہے کہ جو کچھ قرآن میں نہ ہو وہ دین اسلام نہیں ہے قرآن نے تو یہ فرمایا ہے کہ وَمَآ اٰتٰـكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَانَهٰكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا (جو کچھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دیں اسے پکڑ لو اور جس سے روکیں رک جاؤ)

جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض زانیوں کو ثبوت زنا اور محصن ثابت ہونے پر سنگسار فرما دیا تو اب کس کا مقام ہے جو اس کی تردید کرے اور اسے اللہ کے دین سے نکال دے۔ حضرت عمرؓ کے دل میں اللہ تعالیٰ نے یہ بات ڈال دی تھی کہ بعد میں آنے والے رجم کی سزا کے منکر ہونگے اس لیے انہوں نے ایک دن منبر پر فرمایا کہ بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حق کے ساتھ بھیجا ہے اور آپ پر کتاب نازل فرمائی کتاب اللہ میں جو کچھ نازل ہوا اس میں رجم یعنی سنگسار کرنے کی آیت بھی تھی ہم نے اس آیت کو پڑھا اور سمجھا اور یاد کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سنگسار کیا اور ہم نے بھی آپ کے بعد سنگسار کیا اب میں اس بات سے ڈرتا ہوں کہ زمانہ دراز گزرنے پر کوئی کہنے والا یوں نہ کہنے لگے کہ اللہ کی قسم ہم رجم کی آیت کو اللہ کی کتاب میں نہیں پاتے (یہ کہہ کر وہ دین اسلام میں رجم کی مشروعیت کا منکر ہوگا) جس کی وجہ سے لوگ ایک ایسے فریضہ کو چھوڑ کر گمراہ ہو جائیں گے جسے اللہ نے شروع فرمایا، رجم اللہ کی کتاب میں ہے (یعنی اس کی مشروعیت منسوخ نہیں ہوئی) حق ہے اس مرد عورت پر جاری کی جائے گی جو محصن ہو جبکہ گواہ قائم ہو جائیں یا اقرار ہو یا کسی عورت کو حمل ہو جائے (جس حمل کی وجہ سے حد لازم ہوتی ہو) (رواہ البخاری ۱۰۹)

حضرت عمرؓ نے یہ جو فرمایا رجم اللہ کی کتاب میں ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ جس آیت میں یہ مضمون تھا اس کی تلاوت منسوخ کر دی گئی ہے اس کا حکم منسوخ نہیں ہوا جن حضرات نے علم اصول فقہ پڑھا ہے وہ اس کا مطلب سمجھتے ہیں، اور بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ اس سے سورۂ نساء کی آیت اَوْ يَجْعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِيْلًا کی طرف اشارہ ہے، اور تیسرا مطلب یہ ہے کہ اگر اللہ کی کتاب میں واضح طور پر موجود نہیں ہے تو اس سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ دین اسلام میں رجم نہیں ہے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو شروع فرما دیا تو اللہ کی کتاب میں ہو گیا کیونکہ اللہ کی اطاعت کے ساتھ اللہ کے رسول کی اطاعت کتاب اللہ کے مضمون میں شامل ہے۔

یہ جو لوگ کہہ رہے ہیں کہ رجم قرآن کریم میں نہیں ہے اول تو ان سے سوال ہے کہ ظہر، عصر اور عشاء کی چار رکعتیں مغرب کی تین اور فجر کی دو ہیں اسی کو کسی آیت میں دکھا دیں۔ زکوٰۃ کا کیا نصاب ہے اس کو کسی آیت سے ثابت کریں۔ کیا وجہ ہے کہ نماز اور زکوٰۃ کی ادائیگی کے لئے جو اسلام کے ارکان میں سے ہیں قرآن مجید کی آیت تلاش نہیں کی جاتی ان پر عمل کرنے کے لیے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہی کافی ہے اور رجم کو دین میں مشروع سمجھنے کے لیے آیات قرآنیہ کی تلاش ہے۔ ملحد اور زندیق کا کوئی دین نہیں ہوتا اسی لیے یہ لوگ ایسی باتیں کرتے ہیں یہ بھی قابل ذکر ہے کہ رجم اگر قرآن مجید میں نہیں ہے تو سو سو کوڑے لگانا تو ہے۔ ارے زندیقو! تم جن حکومتوں کے نمائندے ہو ان سے سو سو کوڑے تو لگواؤ۔ اپنے ذرا سے علم کو منکرین اسلام کی تائید کے لیے خرچ کرنا اسی کو تو قرآن مجید نے اضله الله على علم فرمایا ہے حدیث شریف میں ایسے لوگوں کے بارے میں فرمایا ہے من العلم جهلا وارد ہوا ہے۔

زنا کاری کی مضرتیں اور عفت وعصمت کے فوائد نکاح کی فضیلت

کافروں اور ملحدوں، زندیقوں کو اسی پر تعجب ہے کہ شریعت اسلامیہ میں زنا کو کیوں حرام قرار دیا گیا یہ لوگ سمجھتے ہیں کہ یہ مرد عورت کا

اپنا ذاتی معاملہ ہے جس کا جس سے چاہے لذت حاصل کرلے ان لوگوں کی یہ بات جہالت ضلالت اور غوایت پر مبنی ہے یہ کہنا کہ بندوں کو اختیار ہے جو چاہیں کریں یہ بہت بڑی گمراہی ہے جب خالق کائنات جل مجدہ نے پیدا فرمایا اور سب اسی کی مخلوق اور مملوک ہیں تو کسی کو بھی اختیار نہیں ہے کہ وہ خالق اور مالک کے بتائے ہوئے قانون کے خلاف زندگی گزارے، کوئی انسان خود اپنا نہیں ہے نہ اس کے اعضاء اپنے ہیں وہ تو خالق مجدہ کی ملکیت ہے ان اعضاء کو قانون الٰہی کے خلاف استعمال کرنا بغاوت ہے۔

اللہ جل شانہ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا پھر ان کی طبعی موانست کے لیے حضرت حوا علیہا السلام کو پیدا فرمایا پھر ان سے انسانوں کی نسل کو جاری فرمایا، مرد عورت میں جو ایک دوسرے کی طرف فطری اور طبعی میلان ہے اس کے لیے نکاح کو مشروع فرمایا اور نکاح کے اصول قوانین مقرر فرمائے جب مرد عورت کا نکاح ہو جائے تو آپس میں ایک دوسرے سے قانون شریعت کے مطابق استمتاع اور استلذاذ جائز ہے۔ اس میں جہاں نفسیاتی ابھار کا انتظام ہے وہاں بنی آدم کی نسل چلنے اور نسل ونسب کے پاک رکھنے اور آپس میں رحمت اور شفقت باقی رکھنے کا اور عورت کو گھر میں عزت وآبرو کے ساتھ رہنے اور گھر بیٹھے ہوئے ضروریات زندگی پوری ہونے اور عفت وعصمت سے رہنے کا انتظام ہے، مرد کما کر لائے عورت گھر میں بیٹھے اور کھائے لباس بھی شوہر کے ذمہ اور رہنے کا گھر بھی، اولاد پیدا ہو تو ماں باپ کی شفقت میں پلے بڑھے۔ کوئی چچا ہو کوئی ماموں ہو کوئی دادا ہو کوئی دادی ہو کوئی خالہ ہو کوئی پھوپھی، ہر ایک بچے کو پیار کرے گود میں لے اور ہر ایک اس کو اپنا سمجھے صلہ رحمی کے اصول پر سب رشتہ دار دور کے ہوں یا قریب کے آپس میں ایک دوسرے سے محبت بھی کریں مالی امداد بھی کریں نکاحوں کی مجلسوں میں جمع ہوں، ولیمہ کی دعوتیں کھائیں، عقیقے ہوں جب کوئی مرجائے کفن دفن میں شریک ہوں یہ سب امور نکاح سے متعلق ہیں اگر نکاح نہ ہو اور عورت مرد یوں ہی آپس میں اپنی نفسانی خواہشات پوری کرتے رہیں تو جو اولاد ہوگی وہ کسی باپ کی طرف منسوب نہیں ہوگی اور جب عورت زنا کار ہے تو یہ پتہ بھی نہ چلے گا کہ کس مرد کے نطفہ سے حمل قرار پایا جب کوئی باپ ہی نہیں ہے تو کون بچہ کی پرورش کریگا، بچہ کو کچھ معلوم نہیں میں کس سے پیدا ہوا میرے ماں باپ کون ہیں، چونکہ باپ ہی نہیں اس لیے انگلینڈ وغیرہ میں بچوں کی ولدیت ماں کے نام سے لکھ دی جاتی ہے رشتہ داروں کی جو شفقتیں تھیں باپ کی جانب سے ہوں یا ماں کی جانب سے بچہ ان سے محروم رہتا ہے زنا کار عورتوں کے بھائی بہن بھی اپنی بہن کی اولاد کو اس نظر سے نہیں دیکھتے جو شفقت بھری نکاح والی ماں کی اولاد پر نانا نانی اور خالہ ماموں کی ہوتی ہے، ہر سمجھ دار آدمی غور کرسکتا ہے کہ نکاح کی صورت میں جو اولاد ہو اس کی مشفقانہ تربیت اور ماں باپ کی آغوش میں پرورش ہونا انسانیت کے اکرام کا سبب ہے کیا زنا کاروں کی اولاد کی حکومتوں والی پرورش اسکے مقابلہ میں کوئی حیثیت رکھتی ہے؟

پھر جب نکاح کا سلسلہ ہوتا ہے تو ماں باپ لڑکا اور لڑکی کے لئے جوڑ اڈھونڈتے ہیں اور آزاد لڑکے اور لڑکیاں نفسانی خواہشات پورا کرنے کے لیے دوست (فرینڈ) تلاش کرتے پھرتے ہیں یہ عورت کی کتنی بڑی ذلت اور حقارت ہے کہ وہ گلی کوچوں میں کپڑے اتارے کھڑی رہے اور مردوں کو اپنی طرف لبھائے اور جو شخص اس کی طرف جھکے اس کو کچھ دن کے لیے دوست بنالے پھر جب چاہے یہ چھوڑ دے اور جب چاہے وہ چھوڑ دے، اب پھر دونوں تلاش یار میں نکلے ہیں کیا اس میں انسانیت کی مٹی پلید نہیں ہوتی پھر چونکہ عورت کا کوئی شوہر نہیں ہوتا اور جن کو دوست بنایا جاتا ہے وہ قانوناً اس کے خرچ کے ذمہ دار نہیں ہوتے اس لیے عورتیں خود کمانے پر مجبور ہوتی ہیں شوروموں پر کھڑی ہوئی مال سپلائی کرتی ہیں روڈ پر بیٹھ کر آنے جانے والے لوگوں کے جوتوں پر پالش کرتی ہیں عجب بات ہے کہ عورتوں کو یہ ذلت اور رسوائی منظور ہے اور نکاح کر کے گھر میں ملکہ بن کر بچوں کی ماں ہو کر عفت وعصمت کے ساتھ زندگی گزارنے کو ناپسند کرتی ہیں۔

اسلام نے عورت کو بڑا مقام دیا ہے وہ نکاح کر کے عفت وعصمت کی حفاظت کے ساتھ گھر کی چار دیواری میں رہے اور اس کا نکاح

بھی اس کی مرضی سے ہو جس میں مہر بھی اس کی مرضی سے مقرر ہو پھر اسے ماں باپ اور اولاد اور بہن بھائی سے میراث بھی ملے۔ یہ زندگی اچھی ہے یا در بدر یار ڈھونڈتی پھریں اور زنا کرتی پھریں یہ بہتر ہے؟ کچھ تو سوچنا چاہیے، **فاعتبروا یا اولی الابصار** اس تمہید کے بعد اب ایک سمجھدار آدمی کے ذہن میں زنا کی شناعت اور قباحت پوری طرح آ جاتی ہے اسلام کو یہ گوارا نہیں ہے کہ نسب کا اختلاط ہو پیدا ہونے والے بچوں کے باپ کا پتہ نہ چلے یا کئی شخص دعویدار ہو جائیں کہ یہ بچہ میرے نطفہ سے ہے۔

جو مرد عورت زنا کاری کی زندگی گزارتے ہیں ان سے حرامی بچے پیدا ہوتے ہیں انسانیت کی اس سے زیادہ مٹی پلید ہو گی کہ بچہ ہو اور اس کا باپ کوئی نہ ہو اہل نظر اسے حرامی کہتے ہوں یا کم از کم یوں سمجھتے ہوں کہ دیکھو وہ حرامی آ رہا ہے، یہ بات شریفوں کے لیے موت سے بہتر ہے لیکن اگر طبعی شرافت باقی نہ رہے دلوں میں انسانیت کا احترام نہ ہو تو معاشرہ میں حرامی حلالی ہونے کی حیثیت باقی نہیں رہتی جن ملکوں میں زنا کاری عام ہے ان کے یہاں حرامی ہونا کوئی عیب اور حلالی ہونا کوئی ہنر نہیں۔ اب یہ لوگ چاہتے ہیں کہ مسلمان بھی ہماری ہاں میں ہاں ملا دیں اور قرآن کے باغی ہو کر ہماری طرح زنا کار ہو جائیں اور زنا کاری کی سزا منسوخ کر دیں بھلا مسلمان یہ کیسے کر سکتا ہے اگر کوئی مسلمان ایسا کریگا تو اسی وقت کافر ہو جائیگا۔

اسلام جو عفت و عصمت کا دین ہے اس کے ماننے والے شہوت پرستوں کا ساتھ کہاں دے سکتے ہیں زنا کاری میں چونکہ مزا ہے شہوت پرستی ہے اس لئے شہوت پرست اسے چھوڑنے والے نہیں ہیں، معاشرہ اسلامیہ نے زنا کی سزا سخت رکھی ہے پھر اس میں فرق رکھا گیا ہے غیر شادی شدہ مرد عورت زنا کر لے تو سو کوڑے لگانے پر اکتفا کیا گیا اور شادی شدہ شخص زنا کرے تو اس کی سزا رجم مقرر کی گئی ہے مرد ہو یا عورت، جو لوگ شہوت پرست ہیں ان کے تقاضوں پر کافر ملکوں کی پارلیمنٹوں نے نہ صرف یہ کہ مرد عورت کے لیے باہمی رضامندی سے زنا کو قانوناً جائز قرار دیدیا ہے بلکہ مرد کو بھی اجازت دیدی ہے کہ وہ کسی مرد کی بیوی بن کر رہے، ان لوگوں کو نہ انسانیت کی ضرورت ہے نہ شرافت کی نہ نسب محفوظ رکھنے کی نہ عفت عصمت کیساتھ جینے کی نہ عورتوں کو اچھا مقام دینے کی، شہوت پرست ہیں شہوت کے بندے ہیں اس شہوت پرستی کے نتیجے میں جو ایڈز وغیرہ کی نئی نئی بیماریاں پیدا ہو رہی ہیں جن سے سارا معاشرہ متاثر ہوتا جا رہا ہے اور جس کی روک تھام سے حکومتیں عاجز ہیں ان پر نظر نہیں، بس شہوت پوری ہونی چاہیے، یہ ان لوگوں کا مزاج بن گیا ہے۔

یہ زنا کی کثرت، کثرت اموات کا بھی سبب ہے، حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ جس قوم میں خیانت ظاہر ہو جائے اللہ تعالیٰ ان کے دلوں میں رعب ڈال دیتے ہیں اور جس کسی قوم میں زنا پھیل جائے اس میں موت کی کثرت ہو گی اور جو لوگ ناپ تول میں کمی کرنے لگیں ان کا رزق کاٹ دیا جائے گا یعنی رزق کم ملے گا اور اس کی برکت ختم کر دی جائے گی اور جو قوم ناحق فیصلے کرے گی ان میں قتل کی کثرت ہو گی اور جو قوم بد عہدی کریگی ان پر دشمن مسلط کر دیا جائیگا۔ (رواہ مالک فی المؤطا) اور حضرت ابن عباسؓ سے یہ مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب کسی آبادی میں زنا اور سود خوری کا رواج ہو جائے تو ان لوگوں نے اپنی جانوں پر اللہ کا عذاب نازل کر لیا۔ (الترغیب والترہیب ۲۷۸ ج ۳)

حضرت میمونہؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ میری امت برابر خیر پر رہے گی جب تک کہ ان میں حرامی بچوں کی کثرت نہ ہو جائے سو جب ان میں اولاد الزنا کی کثرت ہو جائے گی تو اللہ تعالیٰ ان پر عنقریب عام عذاب بھیج دیگا۔ (رواہ احمد اسنادہ حسن، کمافی الترغیب ص ۲۷۷ ج ۳)

صحیح بخاری میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا ایک خواب بیان فرمایا اس میں بہت سی چیزیں دیکھیں ان میں ایک یہ بھی

دیکھا کہ تنور کیطرح ایک سوراخ ہے اس کا اوپر کا حصہ تنگ ہے اور نیچے کا حصہ وسیع ہے اس کے نیچے آگ جل رہی ہے جو لوگ اس تنور میں ہیں وہ آگ کی تیزی کے ساتھ اوپر کو آ جاتے ہیں جب آگ دھیمی پڑتی ہے تو نیچے کو واپس چلے جاتے ہیں یہ لوگ ننگے مرد اور ننگی عورتیں ہیں انکی چیخ و پکار کی آوازیں بھی آ رہی ہیں آپ نے فرمایا کہ ان کے بارے میں میں نے اپنے ساتھیوں (حضرت جبریل اور حضرت میکائیل علیہما السلام) سے دریافت کیا کہ یہ کون ہیں انہوں نے بتایا کہ یہ زنا کار مرد اور زنا کار عورتیں ہیں۔

زنا امراض عامہ کا سبب ہے

حضرت ابن عمرؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک روز ہماری طرف متوجہ ہوئے اور ارشاد فرمایا کہ اے مہاجرین! پانچ چیزوں میں جب تم مبتلا ہو جاؤ اور خدا نہ کرے کہ تم مبتلا ہو (تو پانچ چیزیں بطور نتیجہ ضرور ظاہر ہونگی پھر ان کی تفصیل فرمائی (۱) جب کسی قوم میں کھلم کھلا بے حیائی کے کام ہونے لگیں تو ان میں ضرور طاعون اور ایسی ایسی بیماریاں پھیل پڑیں گی جو ان کے باپ دادوں میں کبھی نہیں ہوئیں، (۲) اور جو قوم ناپ تول میں کمی کرنے لگے گی قحط اور سخت محنت اور بادشاہ کے ظلم کے ذریعہ ان کی گرفت کی جائے گی، (۳) اور جو لوگ اپنے مالوں کی زکوٰۃ روک لیں گے ان سے بارش روک لی جائے گی۔ (حتی کہ) اگر چوپائے (گائے، بیل، گدھا، گھوڑا وغیرہ) نہ ہوں تو بالکل بارش نہ ہو۔ (۴) اور جو قوم اللہ اور اس کے رسول کے عہد کو توڑ دے گی اللہ ان پر غیروں میں سے دشمن مسلط فرما دے گا جو ان کی بعض مملوک چیزوں پر قبضہ کر لے گا۔ (۵) اور جس قوم کے بااقتدار لوگ اللہ کی کتاب کے خلاف فیصلے دیں گے۔ (اور احکام خداوندی میں اپنا اختیار وانتخاب جاری کریں گے) تو وہ خانہ جنگی میں مبتلا ہوں گے۔ (ابن ماجہ)

اس حدیث پاک میں جن گناہوں اور معصیتوں پر ان کے مخصوص نتائج کا تذکرہ فرمایا ہے اپنے نتائج کے ساتھ اس زمین پر بسنے والے انسانوں میں موجود ہیں۔ سب سے پہلی بات جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمائی یہ ہے کہ جس قوم میں کھلم کھلا بے حیائی کے کام ہونے لگیں گے ان میں ضرور طاعون پھیلے گا اور ایسی ایسی بیماریاں کثرت سے ظاہر ہونگی جو ان کے باپ دادوں میں کبھی نہ ہوئی ہوں گی۔

آج بے حیائی کس قدر عام ہے سڑکوں پارکوں کلبوں اور نام نہاد قومی اور ثقافتی پروگراموں میں عرسوں اور میلوں میں ہوٹلوں اور دعوتی پارٹیوں میں کس قدر بے حیائی کے کام ہوتے ہیں اس کے ظاہر کرنے اور بتانے کے چنداں ضرورت نہیں ہے جاننے والے اخبارات کا مطالعہ کرنے والے بخوبی واقف ہیں، پھر اس بے حیائی اور فحش کاری کے نتیجے میں وبائی امراض طاعون ہیضہ انفلوئنزا ایڈز پھیلتے رہتے ہیں اور ایسے ایسے امراض سامنے آ رہے ہیں جن کے طبعی اسباب اور معالجہ کے سمجھنے سے ڈاکٹر عاجز ہیں جس قدر ڈاکٹری ترقی پذیر ہے اسی قدر نئے امراض ظاہر ہوتے جاتے ہیں ان امراض کے موجود ہونے کا سبب جو خالق عالم جل مجدہ کے سچے پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) نے بتایا ہے یعنی بے حیائیوں کا پھیلنا جب تک وہ ختم نہ ہوگا نئے نئے امراض کا آنا بھی ختم نہیں ہوسکتا دورِ حاضر کے لوگوں کا اب یہ طریقہ ہوگیا ہے کہ ان کے نزدیک شہوت پرستی ہی سب کچھ ہے زندگی کا خلاصہ شہوت پرستوں کے نزدیک صرف یہی رہ گیا ہے کہ مرد اور عورت بغیر کسی شرط اور بغیر کسی پابندی کے آپس میں ایک دوسرے سے شہوت پوری کیا کریں پہلے تو بعض یورپین ممالک نے اس قسم کے قوانین بنا دیئے تھے لیکن اب بین الاقوامی کانفرنسیں بلا بلا کر سارے عالم کے انسانوں کو اس بیہودگی میں لپیٹنا چاہتے ہیں، اصل میں بات یہ ہے کہ اس قسم کی کانفرنس منعقد کرنے والے انسانیت کے دائرہ ہی سے باہر ہو چکے ہیں اور انہیں اس پر ذرا بھی رنج نہیں ہے کہ ہم انسانیت کھو بیٹھے ہیں۔

نفس پرستوں کو لذت چاہیے انسانیت باقی رہے یا نہ رہے

یہ لوگ اس مقام پر اتر آئے ہیں کہ ہم انسان نہ رہے تو کیا حرج ہے مزہ تو ملے گا۔ انسان بننے اور انسانی تقاضے پورے کرنے میں نفس کی آزادی میں فرق آتا ہے لہٰذا انسانیت کی ضرورت کیا ہے؟ جانور بھی تو دنیا میں رہتے ہیں اور جیتے ہیں ہم بھی جانور ہو گئے تو کیا ہوا؟ یہ بات یہ لوگ زبان سے کہیں یا نہ کہیں ان کا طریقہ کار اور رنگ ڈھنگ ایسا ہی ہے اسی کو قرآن مجید میں فرمایا وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَتَمَتَّعُوْنَ وَيَاْكُلُوْنَ كَمَا تَاْكُلُ الْاَنْعَامُ وَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ (اور جن لوگوں نے کفر کیا وہ ایسے متمتع ہوتے ہیں اور کھاتے ہیں جیسے جانور کھاتے ہیں اور دوزخ کی آگ ان کا ٹھکانہ ہے)

انسان کو جو اللہ تعالیٰ نے عقل اور فہم سے نوازا اور اسے جو شرف بخشا اس شرف کی وجہ سے اور اسے اونچا رکھنے کے لئے احکام عطا فرمائے۔ اس کے لئے کچھ چیزوں کو حرام قرار دیا اور کچھ چیزوں کو حلال قرار دیا۔ مرد اور عورت کا آپس میں استمتاع بھی حلال ہے لیکن نکاح کرنے کے بعد، پھر اس نکاح اور انعقاد نکاح کے بھی قوانین ہیں تمام انبیاء کرام علیہم السلام نکاح کرتے تھے۔ سوائے حضرت یحییٰ اور حضرت عیسیٰ علیہما السلام کے کہ ان دونوں حضرات نے نہ نکاح کیا نہ عورتوں سے استمتاع کیا۔ افسوس ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے اتباع کا جو قوم دعویٰ کرنے والی ہیں وہ ان کی طرف بغیر نکاح کے عورتوں سے استمتاع کرنے کا دعویٰ کرتے ہیں۔

ہاں حضرت عیسیٰ علیہ السلام آخری زمانے میں جب آسمان سے تشریف لائیں گے تو دجال کو قتل کریں گے اور نکاح بھی فرمائیں گے آپ کی اولاد بھی ہوگی (کماذکرہ ابن الجوزی فی کتاب الوفاء) جب وہ تشریف لائیں گے تو صلیب کو توڑ دیں گے اور خنزیر کو قتل کردیں گے وہ اسطرح اپنے عمل سے دین نصرانیت کو باطل قرار دینگے۔ (رواہ مسلم)

فائدہ .... قرآن مجید میں عموماً عورتوں کو مردوں ہی کے صیغے میں شریک کر کے احکام شرعیہ بتائے گئے ہیں۔ مثلاً جہاں جہاں یاایھا الذین اٰمنوا ہے اس میں گو اسم موصول مذکر ہے لیکن عورتوں کو بھی ان کا مضمون شامل ہے اور جہاں کہیں صیغۂ تانیث لایا گیا وہاں مردوں کا ذکر مقدم ہے جیسا کہ اِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ وَالْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ (الاٰیۃ) اور جیسے وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْآ اَيْدِيَهُمَا لیکن زنا کی حد بیان کرتے ہوئے دو باتیں زیادہ قابل توجہ ہیں اول تو یہ کہ صرف مذکر کا صیغہ لانے پر اکتفا نہیں کیا گیا بلکہ لفظ الزانیہ مستقل ذکر کیا گیا دوسرا الزانیہ کو الزانی پر مقدم فرمایا ہے۔

اب کسی بھی مرد یا عورت کو یہ شبہ کرنے کی گنجائش نہیں رہی کہ شاید زنا کی حد جاری کرنا مردوں ہی کے ساتھ مخصوص ہو۔ نیز قرآن مجید کے انداز بیان سے یہ بھی واضح ہوگیا کہ عورتوں میں زنا کی رغبت بنسبت مردوں کے زیادہ ہے ان کی حفاظت کا زیادہ اہتمام کیا جائے چوری میں مرد پیش پیش ہوتے ہیں اس لیے سورۂ مائدہ کی آیت میں لفظ السارق کو مقدم فرمایا اور زنا کی طرف مائل ہونے میں عورتوں کا رجحان زیادہ ہوتا ہے اس لیے حد زنا بیان فرماتے ہوئے لفظ الزانیۃ کو مقدم فرمایا۔

فائدہ .... شریعتِ اسلامیہ نے جو زنا کی حد مقرر فرمائی ہے بظاہر یہ سخت ہے اور سختی اس لیے ہے کہ لوگوں کی عفت عصمت محفوظ رہے اور اس جرم کی طرف لوگوں کا میلان نہ ہو، اگر کسی غیر محصن کو لوگوں کی ایک جماعت کے سامنے کوڑے لگا دیئے جائیں اور کسی محصن کو سنگسار کردیا جائے اور اس کی شہرت ہو جائے تو برس ہا برس کے لیے دور دراز علاقوں کے رہنے والوں کے لیے ایک ہی سزا عبرت کا سامان بن جائے گی۔

اسلام نے اول تو ایسے احکام وضع کئے ہیں جن پر عمل کرنے سے زنا کا صدور ہی آسان نہیں نظروں پر پابندی ہے عورتوں کی بے حجابی

پر پابندی ہے نامحرموں سے پردہ ہے محرم بدنفس سے بھی پردہ کا حکم ان سب امور کے باوجود زنا صادر ہو جائے تو اس کی سزا کے لیے ویسی شرطیں لگائی ہیں جنکا وجود میں آنا ہی مشکل ہے اگر چار گواہ گواہی دیں کہ ہم نے فلاں مرد وعورت کو اس طرح زنا کرتے ہوئے دیکھا جیسے سرمہ دانی میں سلائی ہوتب زنا کا ثبوت ہوگا ظاہر ہے ایسے چار گواہ ملنا عادتاً ناممکن ہے ہاں اگر کوئی مرد عورت زنا کا اقرار کر لے تو اس پر سزا جاری ہوگی لیکن اس میں بھی امیر المؤمنین اور قاضی کو حکم دیا گیا کہ معمولی سے شبہات پر حد کو ساقط کر دیں مقصود لوگوں کی پٹائی کرنا اور سنگسار کرنا نہیں بلکہ زنا سے بچانا مقصود ہے اس سب کے باوجود پھر بھی کوئی شخص زنا کے جرم میں پکڑا جائے اور اصول شریعت کے مطابق اس کا زنا ثابت ہو جائے تو امیر المؤمنین اور قاضی لامحالہ اس پر حد جاری کر دے گا کیونکہ یہ شخص مسلمانوں کے معاشرہ کا ایک ایسا عضو ہے جو بالکل ہی سڑ چکا ہے جسے کاٹے بغیر جسم کی اصلاح ممکن نہیں رہتی۔ لوگ زنا کی سزا کی سختی کو تو دیکھتے ہیں اس سزا کی حکمتوں کو نہیں دیکھتے۔

اَلزَّانِیْ لَا یَنْكِحُ اِلَّا زَانِیَةً اَوْ مُشْرِكَةً ز وَّ الزَّانِیَةُ لَا یَنْكِحُهَاۤ اِلَّا زَانٍ اَوْ مُشْرِكٌ ج وَحُرِّمَ

زانی نکاح بھی کسی کے ساتھ نہیں کرتا بجز زانیہ یا مشرکہ کے اور زانیہ کے ساتھ بھی اور کوئی نکاح نہیں کرتا بجز زانی یا مشرک کے اور یہ

ذٰلِكَ عَلَى الْمُؤْمِنِیْنَ ۝

مسلمانوں پر حرام کیا گیا ہے۔

اس آیت کی تفسیر میں حضرات مفسرین کرام کے مختلف اقوال ہیں اوپر ترجمہ سے جو مطلب ظاہر ہو رہا ہے صاحب بیان القرآن نے اسی کو اختیار کیا ہے ونقله صاحب الروح عن النیسابوری فقال قال النیسابوری انه احسن الوجوه فی الآیة ان قوله سبحانه (الزانی لاینکح) حکم مؤسس علی الغالب المعتاد جیٔ به لزجر المؤمنین عن نکاح الزوانی بعد زجرهم عن الزنا وذٰلک ان الفاسق الخبیث الذی من شانه الزنا والتقحب لایرغب غالبًا فی نکاح الصوالح من النساء اللاتی علی خلاف صفته وانما یرغب فی فاسقة خبیثة من شکله اوفی مشرکة والفاسقة الخبیثة المسافحة کذالک لا یرغب فی نکاحها الصلحاء من الرجال وینفرون عنها وانما یرغب فیها من هو من شکلها من الفسقة والمشرکین، ونظیر هذاالکلام لا یفعل الخیرا لا تقی فانه جار مجری الغالب، ومعنی التحریم علی المؤمنین علی هذاقیل التنزیه وعبربه عنه للتغلیظ (یعنی الزانی لا ینکح الخ ایک ایسا حکم ہے جس کی بنیاد اکثری عادت پر رکھی گئی ہے اور اس کا مقصد مؤمنین کو زنا سے روکنے کے بعد اس بات سے بھی روکنا ہے کہ وہ زانیہ عورتوں سے نکاح کریں کیونکہ فاسق فاجر زانی آدمی کو پاکدامن عورتوں سے نکاح کی رغبت نہیں ہوتی بلکہ وہ عموماً اپنی جیسی فاسق وفاجر یا مشرک عورت میں ہی رغبت رکھتا ہے۔ اس طرح فاسقہ فاجرہ اور زانیہ سے نکاح کی عموماً نیکوکار مردوں کو رغبت نہیں ہوتی بلکہ اس سے نکاح کی رغبت عموماً اسی جیسے فاسق وفاجر یا مشرک مردوں کو ہی ہوتی ہے۔ مذکورہ بالا کلام کی نظیر عربوں کا یہ مقولہ ہے "لا یفعل الخیر الا تقی" (کیونکہ یہ بھی اکثری عادت پر مبنی ہے کہ بھلائی کے کام عموماً متقی آدمی ہی کرتا ہے)

اور بعض حضرات نے خبر کو بمعنی النہی لیا ہے اور یہ مطلب بتایا کہ کسی زانی کو زانیہ یا مشرکہ کے علاوہ کسی عورت سے نکاح کرنے کی اجازت نہیں اسی طرح زناکار عورت کو کسی غیر زانی اور غیر مشرک سے نکاح کرنے کی اجازت نہیں اور مؤمنین کے لئے حرام ہے کہ کسی زانیہ یا مشرکہ سے نکاح کریں۔ جن حضرات نے یہ مطلب بتایا ہے ساتھ ہی یہ بھی فرمادیا کہ یہ حکم ہجرت کے ابتدائی دور میں تھا بعد میں زانی اور زانیہ کے بارے میں تو یہ حکم منسوخ ہو گیا اور مشرک اور مشرکہ کے بارے میں باقی رہا یعنی زانی مرد غیر زانی عورت سے نکاح کر سکتا ہے جبکہ

مؤمن ہوں اور کسی مؤمن کا مشرک عورت سے اور کسی مؤمنہ کا کسی مشرک سے جائز نہیں۔ان حضرات نے فرمایا ہے کہ آیت کریمہ وَانْکِحُوا الْاَیَامٰی مِنْکُمْ وَالصّٰلِحِیْنَ مِنْ عِبَادِکُمْ سے اس آیت کا حکم منسوخ ہوگیا، بعض حضرات نے آیت کا نزول بتاتے ہوئے بعض قصے بھی نقل کئے ہیں اور یہ قصے نقل فرما کر جو کچھ فرمایا ہے وہ بھی قول اول یعنی منسوخ تسلیم کرنے کی طرف راجع ہوتا ہے، حضرت ابن عباسؓ سے ایک روایت ہے اور حضرت مجاہد اور عطا ابن ابی رباح اور قتادہ اور زہری اور شعبی (تابعین کرام) نے فرمایا ہے کہ جب مہاجرین مدینہ منورہ آئے اور ان کے پاس اموال نہیں تھے۔تنگ دست بھی تھے اور کنبہ قبیلہ بھی نہ تھا تو اس وقت انہیں مال اور ٹھکانے کی ضرورت تھی مدینہ منورہ میں فاحشہ عورتیں تھیں جو مال لے کر زنا کرتی تھیں ان کے پاس پیسہ بہت تھا یہ فقراء مہاجرین جو مکہ معظمہ آئے تھے انہوں نے ان سے نکاح کرنے کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت مانگی جس میں مصلحت یہ تھی کہ یہ عورتیں ان پر خرچ کریں گی اس پر یہ آیت نازل ہوئی اور ان عورتوں سے نکاح کرنے سے منع فرمادیا۔اسی طرح کے اور بھی بعض قصے ہیں جو حضرت عکرمہ سے منقول ہیں۔ (معالم التنزیل ص ۳۲۳ ج ۳)

وَالَّذِیْنَ یَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ ثُمَّ لَمْ یَاْتُوْا بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ فَاجْلِدُوْهُمْ ثَمٰنِیْنَ جَلْدَةً وَّلَا

اور جو لوگ پاک دامن عورتوں کو تہمت لگائیں پھر چار گواہ نہ لائیں تو ان کو اسی درے مارو، اور

تَقْبَلُوْا لَهُمْ شَهَادَةً اَبَدًا ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝ اِلَّا الَّذِیْنَ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْا ۚ

کبھی ان کی گواہی قبول نہ کرو، اور یہ لوگ فاسق ہیں مگر جو لوگ اس کے بعد توبہ کرلیں اور اصلاح کرلیں

فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝

تو بلاشبہ اللہ بخشنے والا ہے مہربان ہے۔

پاک دامن عورتوں کو تہمت لگانے والوں کی سزا

اسلام میں مؤمن مرد و عورت کی آبرو کی بڑی حیثیت ہے اگر کوئی مرد یا کوئی عورت کسی پاک دامن مرد یا عورت کو صاف لفظوں میں زنا کی تہمت لگا دے مثلاً یوں کہہ دے کہ اے زانی، اے رنڈی، اے فاحشہ اور جسے تہمت لگائی ہے وہ قاضی کے ہاں مطالبہ کرے کہ فلاں شخص نے مجھے ایسے ایسے کہا ہے تو قاضی اسے اسی کوڑوں کی سزا دے گا۔فقہاء کی اصطلاح میں اس کو حد قذف کہتے ہیں۔یہ کوڑے متفرق طور پر اعضاء جسم پر مارے جائیں گے اور اس کے کپڑے نہ اتارے جائیں گے جو عام طور سے پہنے جاتے ہیں البتہ روئی کے کپڑے یا پوستین یا ایسی چیز جو چوٹ لگنے سے مانع ہو اس کو اتار لیا جائے گا۔

تہمت لگانے والے کی یہ تو جسمانی سزا ہوئی اس کے علاوہ ایک سزا اور بھی ہے اور وہ یہ کہ جس شخص کو حد قذف لگائی گئی اس شخص کی گواہی کبھی بھی کسی بارے میں بھی مقبول نہیں ہوگی اگر اس نے توبہ کرلی تو توبہ سے گناہ تو معاف ہوجائے گا لیکن گواہی کے قابل پھر بھی نہ مانا جائے گا۔اس کا یہ عزت کا مقام ہمیشہ کے لئے چھین لیا گیا کہ وہ کبھی کسی معاملہ میں گواہ بنے، حضرت امام ابوحنیفہ کے نزدیک آیت بالا کا یہی مفہوم ہے اِلَّا الَّذِیْنَ تَابُوْا جو استثنا ہے ان کے نزدیک وَلَا تَقْبَلُوْا لَهُمْ شَهَادَةً اَبَدًا سے استثناء نہیں ہے بلکہ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ سے استثناء ہے یعنی توبہ کرنے سے فسق کا حکم ختم ہوجائے گا لیکن فیما بین العباد وہ گواہ بننے کے بلند مقام سے ہمیشہ کے

لئے محروم ہو گیا۔

وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ شُهَدَآءُ اِلَّآ اَنْفُسُهُمْ فَشَهَادَةُ اَحَدِهِمْ اَرْبَعُ شَهٰدٰتٍۢ

اور جولوگ اپنی بیویوں کو تہمت لگائیں اور ان کے پاس ان کو اپنی جانوں کے علاوہ گواہ نہ ہوں تو یہ تہمت لگانے والا اللہ کی قسم کھا کر چار

بِاللّٰهِ ۙ اِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝ وَالْخَامِسَةُ اَنَّ لَعْنَتَ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كَانَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝

مرتبہ یوں کہے کہ بلاشبہ وہ سچوں میں سے ہے، اور پانچویں مرتبہ یوں کہے کہ مجھ پر اللہ کی لعنت ہو اگر میں جھوٹا ہوں۔

وَيَدْرَؤُا عَنْهَا الْعَذَابَ اَنْ تَشْهَدَ اَرْبَعَ شَهٰدٰتٍۢ بِاللّٰهِ ۙ اِنَّهٗ لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝ وَالْخَامِسَةَ

اور عورت کی سزا اس طرح ٹل جائے گی کہ وہ چار مرتبہ اللہ کی قسم کھا کر یوں کہے کہ بلاشبہ یہ جھوٹوں میں سے ہے۔ اور پانچویں مرتبہ یوں کہے

اَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَيْهَآ اِنْ كَانَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ

کہ مجھ پر اللہ کا غضب ہو اگر یہ سچوں میں سے ہو۔ اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی اور یہ کہ بلاشبہ اللہ بہت توبہ قبول فرمانے والا ہے حکمت والا ہے

اللّٰهَ تَوَّابٌ حَكِيْمٌ ۝

تو تم بڑی مضرتوں میں پڑ جاتے۔

ع ۱۰/۷

جولوگ اپنی بیویوں کو تہمت لگائیں ان کے لئے لعان کا حکم

کوئی مرد عورت اگر کسی مرد عورت کو زنا کی تہمت لگادے اور اپنی بات کے سچا ثابت کرنے کے لئے چار گواہ پیش نہ کر سکے تو اس تہمت لگانے والے پر حد قذف جاری ہوگی یعنی اسے اسی کوڑے لگائے جائیں گے (جس کی تفصیل اوپر گزری) لیکن اگر کوئی مرد اپنی بیوی کے بارے میں یوں کہے کہ اس نے زنا کیا ہے اور عورت اس کو جھٹلائے اور شوہر کے پاس چار گواہ نہیں ہیں تو گواہ نہ ہونے کی وجہ سے شوہر کو حد قذف نہیں لگائی جائے گی بلکہ امیر المؤمنین یا قاضی لعان کا حکم دے گا یہ لفظ لعنت سے لیا گیا ہے اور مطلب یہ ہے کہ مرد عورت دونوں آپس میں قسمیں کھائیں اور ہر ایک ایسے الفاظ کہے جس سے خود اس کی اپنی ذات پر لعنت پڑتی ہو جب کسی مرد نے اپنی بیوی کے بارے میں یوں کہا کہ اس نے زنا کیا ہے یا یوں کہا کہ یہ جو بچہ پیدا ہوا ہے مجھ سے نہیں ہے تو اب اس پر لازم ہے کہ چار گواہ پیش کرے اگر گواہ پیش کرنے سے عاجز ہو (اور عموماً ایسا ہی ہوتا ہے کیونکہ زنا گواہوں کے سامنے نہیں کیا جاتا) اور عورت یوں کہے کہ اس نے مجھے تہمت لگائی ہے تو امیر المؤمنین یا قاضی شوہر سے کہے گا کہ تو لعان کر یا یہ اقرار کر کہ تو نے جھوٹی تہمت لگائی ہے اگر وہ دونوں میں سے کسی بات پر راضی نہ ہو تو قاضی اسے بند کر دے گا یہاں تک کہ لعان کرنے پر راضی ہو جائے یا یوں کہے کہ میں نے جھوٹی تہمت لگائی ہے اگر اس دوسری بات کا اقرار کرے تو پھر اسے حد قذف لگائی جائے گی، اگر وہ اپنے نفس کو نہیں جھٹلاتا اور اسے برابر اس بات پر اصرار ہے کہ میری بیوی نے زنا کیا ہے تو قاضی دونوں کے درمیان لعان کرنے کا حکم دیگا۔

لعان کا طریقہ..........لعان کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے مرد کھڑا ہوگا اور چار مرتبہ یوں کہے گا اشھد باللّٰہ انی لمن الصادقین فیما رمیت ھٰذہ من الزنا (میں اللہ کو گواہ بنا کر قسم کھاتا ہوں کہ میں اس عورت کے بارے میں جو کہہ رہا ہوں کہ اس نے زنا کیا ہے میں اس

بات میں سچا ہوں پھر پانچویں مرتبہ یوں کہے لعنت اللّٰہ علیہ ان کان من الکاذبین فیما رمیٰ ھذہ من الزنا (اس عورت کے بارے میں جو میں نے کہا ہے کہ اس نے زنا کیا اس بارے میں اگر میں جھوٹا ہوں تو مجھ پر اللہ کی لعنت ہو) پانچوں مرتبہ جب لفظ ھــــذہ (اس عورت) کے الفاظ ادا کرے تو ہر مرتبہ عورت کی طرف اشارہ کرے جب مرد پانچوں مرتبہ مذکورہ الفاظ کہہ چکے تو اس کے بعد عورت چار مرتبہ کہے اشھد باللّٰہ انہ لمن الکاذبین فیما رمانی بہ من الزنا (میں اللہ کو گواہ بنا کر قسم کھاتی ہوں کہ اس مرد نے جو مجھے زنا کی تہمت لگائی ہے اس بارے میں یہ جھوٹا ہے) پھر پانچویں مرتبہ یوں کہے ان غضب اللّٰہ علیھا ان کان من الصادقین فیما رمانی بہ من الزنا (مجھ پر اللہ کا غضب نازل ہو اگر یہ اپنی اس بات میں سچا ہو جو اس نے میری طرف زنا کی نسبت کی ہے)

جب دونوں لعان کرلیں تو اب قاضی ان دونوں کے درمیان تفریق کردے گا۔ اور یہ تفریق کرنا طلاق بائن کے حکم میں ہوگا۔ اور اگر لعان اس لئے تھا کہ نومولود بچہ کے بارے میں شوہر نے یوں کہا تھا کہ یہ میرا بچہ نہیں ہے تو لعان کے بعد تفریق کرنے کے ساتھ ساتھ قاضی اس بچہ کا نسب اس مرد سے ختم کردے گا اور یہ حکم نافذ کردے گا کہ یہ بچہ اپنی ماں کا ہے۔ اس عورت کے شوہر کا نہیں ہے۔ لعان کرنے کے بعد اگر شوہر اپنی تکذیب کردے یعنی یوں کہہ دے کہ میں نے جھوٹی تہمت لگائی تھی تو پھر قاضی اسے حد قذف یعنی اسی کوڑے لگادے گا۔

حدیث کی کتابوں میں عویمر عجلانی اور ھلال ابن امیہ رضی اللہ عنہما کے اپنی اپنی بیوی سے لعان کرنے کا تذکرہ ملتا ہے صحیح بخاری میں ۷۹۹ و ص ۸۰۰ اور صحیح بخاری کتاب التفسیر ص ۶۹۵ میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ ہلال بن امیہ نے جو اپنی بیوی کے بارے میں یوں کہا کہ اس نے فلاں شخص سے زنا کیا ہے تو آیات لعان وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ (الآیات) نازل ہوئیں۔ لعان کی کچھ شرائط ہیں جو فقہ کی کتابوں میں لکھی ہیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ بیوی نابالغہ نہ ہو دیوانی نہ ہو اور شوہر نابالغ اور دیوانہ نہ ہو اور اگر گونگا شوہر اشاروں سے اپنی بیوی کو تہمت لگادے تو اس کی وجہ سے قاضی لعان کا حکم نہیں دے گا وفیہ شرائط اُخریٰ۔

اِنَّ الَّذِيْنَ جَآءُوْ بِالْاِفْكِ عُصْبَةٌ مِّنْكُمْ ؕ لَا تَحْسَبُوْهُ شَرًّا لَّكُمْ ؕ بَلْ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ؕ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ

بلاشبہ جو لوگ تہمت لے کر آئے یہ تم میں سے ایک جماعت ہے، تم اسے اپنے لئے شر نہ سمجھو، بلکہ وہ تمہارے لئے بہتر ہے، ان میں سے ہر شخص کے لئے گناہ کا

مَّا اكْتَسَبَ مِنَ الْاِثْمِ ۚ وَالَّذِيْ تَوَلّٰى كِبْرَهٗ مِنْهُمْ لَهٗ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۱﴾ لَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ ظَنَّ

وہ حصہ ہے جو اس نے کمایا، اور ان میں سے جس شخص نے بڑا حصہ لیا اس کے لئے بڑا عذاب ہے۔ جب تم نے اس کو سنا تو مؤمن مردوں اور

الْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بِاَنْفُسِهِمْ خَيْرًا ۙ وَّقَالُوْا هٰذَآ اِفْكٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۲﴾ لَوْلَا جَآءُوْ عَلَيْهِ بِاَرْبَعَةِ

مؤمن عورتوں نے اپنے آپس والوں کے ساتھ اچھا گمان کیوں نہ کیا اور یوں کیوں نہ کہا کہ یہ صریح تہمت ہے۔ وہ اس پر چار گواہ

شُهَدَآءَ ۚ فَاِذْ لَمْ يَاْتُوْا بِالشُّهَدَآءِ فَاُولٰٓئِكَ عِنْدَ اللّٰهِ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ﴿۱۳﴾ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ

کیوں نہ لائے ، سو جب وہ گواہ نہ لائے تو وہ اللہ کے نزدیک جھوٹے ہیں۔ اور اگر دنیا اور آخرت میں تم پر اللہ کا فضل

وَرَحْمَتُهٗ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ لَمَسَّكُمْ فِيْ مَآ اَفَضْتُمْ فِيْهِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۴﴾ اِذْ تَلَقَّوْنَهٗ بِاَلْسِنَتِكُمْ

اور اس کی رحمت نہ ہوتی تو جس بات میں تم لگے رہے اس کی وجہ سے تم پر بڑا عذاب واقع ہوجاتا، جب تم اس بات کو اپنی زبانوں سے نقل درنقل کر

وَ تَقُوْلُوْنَ بِاَفْوَاهِكُمْ مَّا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ وَّ تَحْسَبُوْنَهٗ هَيِّنًا ۖ وَّ هُوَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمٌ ﴿۱۵﴾

رہے تھے اور اپنے مونہوں سے ایسی بات کہہ رہے تھے جس کا تمہیں علم نہیں ہے، اور تم اسے ہلکی بات سمجھ رہے تھے حالانکہ وہ اللہ کے نزدیک بڑی بھاری بات ہے،

وَ لَوْ لَاۤ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ قُلْتُمْ مَّا يَكُوْنُ لَنَاۤ اَنْ نَّتَكَلَّمَ بِهٰذَا ۖ سُبْحٰنَكَ هٰذَا بُهْتَانٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۶﴾ يَعِظُكُمُ

اور جب تم نے اس کو سنا تو یوں کیوں نہ کہا کہ یہ بات اس لائق نہیں ہے کہ ہم اسے اپنے منہ سے نکالیں سبحان اللہ یہ بڑا بہتان ہے ، اللہ تمہیں

اللّٰهُ اَنْ تَعُوْدُوْا لِمِثْلِهٖۤ اَبَدًا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۷﴾ وَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ؕ وَ اللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۱۸﴾

نصیحت فرماتا ہے کہ پھر کبھی بھی تم ایسی حرکت نہ کرنا اگر تم مؤمن ہو۔ اور اللہ تمہارے لئے احکام بیان فرماتا ہے اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے ۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يُحِبُّوْنَ اَنْ تَشِيْعَ الْفَاحِشَةُ فِي الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۙ فِي الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ ؕ

بلاشبہ جو لوگ اس بات کو پسند کرتے ہیں کہ ایمان والوں میں بے حیائی کی بات کا چرچا ہو ان کے لئے دنیا و آخرت میں دردناک عذاب ہے ،

وَ اللّٰهُ يَعْلَمُ وَ اَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَ لَوْ لَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَ رَحْمَتُهٗ وَ اَنَّ اللّٰهَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۰﴾ ع

اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔ اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی اور یہ بات کہ اللہ بڑا مہربان بڑی رحمت والا ہے تو تم بھی نہ بچتے۔

ع ۲ النصف ۸

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا پر تہمت لگائے جانے کا واقعہ
اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان کی براءت کا اعلان

ان آیات میں ایک واقعہ کا اجمالی تذکرہ ہے اور اس موقع پر جو منافقین نے برا کردار انجام دیا اس کا ذکر ہے اور بعض مسلمان جو اپنی سادگی میں ان کے ساتھ ہو لئے اور بعض دیگر مسلمان جنہوں نے احتیاط سے کام نہ لیا ان کو تنبیہ اور نصیحت فرمائی ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سفر میں تشریف لے جاتے اور ازواج مطہرات میں سے کسی کو ساتھ لے جانا ہوتا تو قرعہ ڈال لیتے تھے ۶ ھ میں آپ غزوۂ بنی مصطلق کے لئے تشریف لے گئے اس سفر میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا آپ کے ساتھ تھیں یہ ایک ہودج میں سوار رہتی تھیں ہودج ایک قسم کا ڈبہ سا ہوتا تھا جس میں ایک دو آدمی بیٹھ سکتے تھے اس کو اونٹ کی کمر پر رکھ دیا جاتا تھا۔ واپسی میں جب مدینہ طیبہ کے قریب پہنچے اور تھوڑی سی مسافت رہ گئی تو آخری شب میں روانگی کا اعلان کر دیا گیا یہ اعلان روانگی سے پہلے کر دیا جاتا تھا تا کہ اہل ضرورت اپنی ضرورتوں سے فارغ ہو کر تیار ہو جائیں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے جب اعلان سنا تو قضائے حاجت کے لئے ذرا دور چلی گئیں (جنگل میں تو ٹھہرے ہوئے تھے ہی اور دیگر اصحاب حاجات بھی تھے جن میں مرد بھی تھے اس لئے دور جانا مناسب معلوم ہوا) واپس آئیں تو دیکھا کہ گلے میں جو ہار تھا وہ کہیں گر گیا ہے اس کے تلاش کرنے کے لئے گئیں تو واپسی میں تاخیر ہو گئی اب جو اپنی جگہ واپس پہنچیں تو قافلہ روانہ ہو چکا تھا۔ اونٹ پر ہودج رکھنے والوں کو یہ اندازہ نہیں ہوا کہ یہ خالی ہے جیسے ہمیشہ اٹھا کر اونٹ پر رکھ دیتے تھے اسی طرح انہوں نے اس وقت بھی ہودج کو اونٹ پر رکھ دیا انہیں یہ خیال نہ آیا کہ اس میں ام المؤمنین نہیں ہیں جس کی وجہ سے خود حضرت عائشہؓ نے یہ بتائی کہ زیادہ خوراک کھانے کو نہیں ملتی تھی بدن ہلکا تھا زیادہ بوجھل نہیں تھا تو ہودج اٹھانے والوں کو خالی ہونے کا احساس نہ ہوا۔ ان کے اونٹ کو قافلہ کے دوسرے اونٹوں کے ساتھ روانہ کر دیا۔

حضرت عائشہؓ اپنی جگہ تشریف لائیں تو دیکھا کہ قافلہ موجود نہیں ہے اللہ تعالیٰ نے ان کو سمجھ دی وہ چادر اوڑھ کر وہیں لیٹ گئیں اور یہ خیال کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب دیکھیں گے کہ میں ہودج میں نہیں ہوں تو مجھے تلاش کرنے کے لئے یہیں واپس آئیں گے۔ ادھر ادھر کہیں جانے میں خطرہ ہے کہ آپ کو تلاش میں دشواری ہو۔ اسی اثنا میں ان کی آنکھ لگ گئی اور وہیں سو گئیں۔

صفوان بن معطل سلمی ایک صحابی تھے جنہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کام پر مقرر فرمایا تھا کہ لشکر کی روانگی کے بعد پیچھے سے آیا کریں (اسی میں یہ مصلحت تھی کہ کسی کی کوئی چیز گری پڑی ہو تو اٹھا کر لیتے آئیں) حضرت عائشہ فرماتی ہیں کہ جب وہ وہاں پہنچے جہاں میں سو رہی تھی تو انہیں ایک انسان نظر آیا انہوں نے دیکھ کر مجھے پہچان لیا کیونکہ انہوں نے نزول حجاب سے پہلے مجھے دیکھا تھا انہوں نے مجھے دیکھا تو انا للّٰه و انا الیه راجعون پڑھا، ان کی اس آواز سے میری آنکھ کھل گئی اور میں نے اپنی چادر سے چہرہ ڈھانک لیا (اس سے ان جاہلوں کی بات کی تردید ہوتی ہے جو کہتے ہیں کہ چہرہ کا پردہ نہیں ہے) وہ قریب آئے اور اپنی اونٹنی کو بٹھا دیا میں اونٹنی کے اگلے پاؤں پر اپنا قدم رکھ کر سوار ہو گئی اس کے بعد وہ اونٹنی کی مہار پکڑے ہوئے آگے آگے پیدل چلتے رہے۔ دوپہر کے وقت میں لشکر کے پاس پہنچ گئے اس وقت لشکر پڑاؤ ڈال چکا تھا۔ لشکر کے ساتھیوں میں عبداللہ بن ابی بن سلول بھی تھا یہ منافقوں کا سردار تھا اس نے تہمت لگا دی (کہ یہ دونوں قصداً پیچھے رہ گئے تھے اور ان دونوں نے تنہائی میں کچھ کیا ہے) زیادہ بات کو اچھالنے اور لئے لئے پھرنے اور چرچا کرنے میں اس عبداللہ کا بڑا ہاتھ تھا اس کے ساتھ دوسرے منافق بھی تھے اور سچے مسلمانوں میں سے دو مرد اور ایک عورت بھی اس بات میں شریک ہو گئے مرد تو حسان بن ثابت اور مسطح بن اثاثہ تھے اور عورت حمنہ بنت جحش تھیں یہ ام المؤمنین حضرت زینبؓ کی بہن تھیں۔

حضرت عائشہؓ نے بیان فرمایا کہ ہم مدینہ منورہ پہنچ گئے لیکن مجھے بات کا پتہ نہیں چلا میں بیمار ہو گئی تو میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے وہ مہربانی محسوس نہیں کرتی تھی جو پہلے تھی آپ تشریف لاتے تھے تو گھر کے دوسرے افراد سے پوچھ لیتے تھے کہ اس کا کیا حال ہے۔ مجھے معلوم نہیں تھا کہ باہر کیا باتیں چل رہی ہیں اسی اثناء میں یہ ہوا کہ میں مسطح کی والدہ کے ساتھ رات کو قضائے حاجت کے لئے نکلی اس وقت گھروں کے قریب بیت الخلاء نہیں بنائے گئے تھے۔ قضائے حاجت کے لئے آبادی سے باہر رات کے وقت جایا کرتے تھے، میں مسطح کی والدہ کے ساتھ جا رہی تھی کہ ان کی چادر میں ان کا پاؤں پھسل گیا انکی زبان سے یہ لفظ نکل گیا کہ مسطح ہلاک ہو میں نے کہا یہ تو آپ نے ایسے شخص کے لئے برے الفاظ کہہ دیئے جو غزوۂ بدر میں شریک ہوا تھا، وہ یہ سن کر کہنے لگیں کیا تو نے سنا ہے جو لوگ کہہ رہے ہیں (ان کہنے والوں میں مسطح بھی تھے) اس کے بعد انہوں نے مجھے تہمت لگانے والوں کی باتیں بتائیں جس سے میرے مرض میں اور زیادہ اضافہ ہو گیا جب میں اپنے گھر واپس آئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور حسب عادت اسی طرح دوسرے افراد سے دریافت فرمایا کہ اس کا کیا حال ہے میں نے عرض کیا مجھے اجازت دیجئے کہ میں اپنے ماں باپ کے یہاں چلی جاؤں آپ نے اجازت دیدی تو میں اپنے میکہ چلی آئی، والدہ سے میں نے پوچھا کہ لوگوں میں کیا باتیں چل رہی ہیں انہوں نے کہا کہ بیٹا تم تسلی رکھو جس عورت کی سوتنیں ہوتی ہیں اس کے ساتھ (حسد میں) ایسا ہی ہوا کرتا ہے میں نے کہا سبحٰن اللّٰه واقعی ایسا ہی ہو رہا ہے؟ یہ باتیں اڑائی جا رہی ہیں اس کے بعد میں رات بھر روتی رہی ذرا دیر کو آنسو نہ تھمے اور مجھے ذرا سی بھی نیند نہ آئی اور اس کے بعد روتے روتے یہ حال ہو گیا کہ میں نے سمجھ لیا کہ میرا جگر پھٹ جائے گا، اسی پریشان حالی میں رات دن گزرتے رہے اور ایک مہینہ تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر میرے بارے میں کوئی وحی نازل نہیں ہوئی، میں سمجھتی تھی کہ اللہ تعالیٰ مجھے ضرور بری فرما دے گا اور خیال یوں تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کوئی خواب دیکھیں گے جس میں اللہ تعالیٰ مجھے بری فرما دیں گے میں اپنے نفس کو اس لائق نہیں سمجھتی تھی کہ میرے بارے میں قرآن مجید

میں کوئی آیت نازل ہوگی۔

ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف رکھتے تھے کہ آپ پر وحی نازل ہوگئی اور آپ کو پسینہ آ گیا جو وحی کے وقت پسینہ آیا کرتا تھا یہ پسینہ ایسا ہوتا تھا کہ سردی کے دنوں میں بھی پسینے کے قطرے ٹپک جاتے تھے جو موتیوں کی طرح ہوتے تھے جب آپ کی یہ حالت دور ہوئی تو آپ ہنس رہے تھے آپ نے سب سے پہلے یہ کلمہ فرمایا کہ اے عائشہ! اللہ کی تعریف کر اللہ تعالیٰ نے تیری برأت نازل فرمادی اس وقت جو آیتیں نازل ہوئیں ان کی ابتداء اِنَّ الَّذِیْنَ جَآءُ وْبِالْاِفْكِ عُصْبَةٌ مِّنْكُمْ سے تھی۔

مسطح جو تہمت لگانے والوں میں شریک ہو گئے تھے یہ حضرت ابوبکرؓ کے رشتہ دار تھے (مسطح کی والدہ سلمی حضرت ابوبکرؓ کی خالہ زاد بہن تھیں اس اعتبار سے مسطح ان کے بھانجے ہوئے) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ان کا خیال رکھتے تھے اور ان پر مال خرچ کیا کرتے تھے جب حضرت عائشہؓ کی برأت کی آیات نازل ہوئیں تو حضرت ابوبکرؓ نے قسم کھالی کہ اللہ کی قسم میں اب مسطح پر کبھی بھی خرچ نہ کرونگا اس پر آیت شریفہ: وَلَا يَأْتَلِ اُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ (آخر تک) نازل ہوئی۔ اس پر حضرت ابوبکرؓ نے کہا کہ اللہ کی قسم میں کبھی بھی اس کا خرچہ نہیں روکوں گا۔ (صحیح بخاری ج ۱ ص ۳۶۴ و ج ۲ ص ۵۹۴ و ج ۲ ص ۶۹۶ بحذف بعض الاجزاء)

جو آیات حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی براءت میں نازل ہوئیں ان کی ابتداء: اِنَّ الَّذِیْنَ جَآءُ وْ بِالْاِفْكِ سے ہے جن میں یہ بتایا کہ جو لوگ تہمت لیکر آئے ہیں یہ تم ہی میں کا ایک گروہ ہے، روایات حدیث میں اس بارے میں عبداللہ بن ابی رئیس المنافقین کا اور مخلص مسلمانوں میں حضرت حسان بن ثابت حضرت مسطح بن اثاثہ اور حضرت حمنہ بنت جحش کے نام مذکور ہیں۔ ان کو عُصْبَةٌ مِّنْكُمْ فرمایا کہ تم میں سے ایک جماعت نے تہمت لگائی ہے عبداللہ بن ابی رئیس المنافقین گو دل سے مسلمان نہیں تھا لیکن چونکہ ظاہراً اسلام کا دعویٰ کرنے والوں میں سے تھا اس لئے لفظ منکم میں اسے بھی شامل کرلیا گیا۔ (منافقین پر ظاہری طور پر اسلام کے احکام جاری ہوتے تھے اور وہ بھی اپنے کو اہل ایمان میں شمار کرتے تھے) بات کے اٹھانے اور پھیلانے میں تو عبداللہ بن ابی آگے آگے تھا اور سادہ لوحی کی وجہ سے مذکورہ بالا تین مخلص مسلمان بھی تہمت لگانے والی بات میں شریک ہو گئے تھے۔ بعد میں تینوں مخلصین تو تائب ہو گئے تھے لیکن عبداللہ بن ابی اور دوسرے منافقین اپنی بات پر جمے رہے انہوں نے توبہ نہیں کی۔

لَا تَحْسَبُوْهُ شَرًّا لَّكُمْ بَلْ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ (تم اس تہمت والی بات کو اپنے لئے شر نہ سمجھو بلکہ تمہارے لئے بہتر ہے) یہ خطاب آنحضرت سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو اور حضرت عائشہؓ کو اور ان کے والدین کو حضرت صفوان کو اور تمام مؤمنین کو شامل ہے مطلب یہ ہے کہ یہ جو واقعہ پیش آیا ہے اسے اپنے لئے برا نہ سمجھو بلکہ اپنے حق میں اسے اچھا سمجھو بظاہر واقعہ سے صدمہ تو پہنچا لیکن اس صدمہ پر صبر کرنے سے جو اجر ثواب ملا اور جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہدایات ملیں ان سب میں تمہارے لئے خیر ہے اور اس میں حضرت صدیقہ اور حضرت صفوان رضی اللہ عنہما کے لئے بہت بڑا اعزاز ہے کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں ان کی براءت نازل فرمائی یہ آیات قیامت آنے تک مدرسوں میں پڑھائی جاتی رہیں گی اور برابر نمازوں میں ان کی تلاوت ہوتی رہے گی۔

لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ مَّا اكْتَسَبَ مِنَ الْاِثْمِ (ہر شخص کے لئے گناہ کا وہ حصہ ہے جو اس نے کمایا) یعنی اس بارے میں جتنا جس نے حصہ لیا وہ اسی قدر گناہ کا مرتکب ہوا اور اسی تناسب سے عذاب کا مستحق بنا، سب سے بڑا گناہ گار وہ ہے جس نے اس بہتان کو تراشا اور اس کو آگے بڑھانے میں پیش پیش رہا۔ بعض سادہ لوح اس کے ساتھی بن گئے اور بعض سن کر خاموش رہ گئے انہیں خاموش رہ جانے کے بجائے فوراً تردید کرنا لازم تھا۔

وَالَّذِیْ تَوَلّٰی کِبْرَهٗ مِنْهُمْ لَهٗ عَذَابٌ عَظِیْمٌ (اوران میں سے جس نے اس بہتان میں بڑا حصہ لیا اس کے لئے بڑا عذاب ہے)

جس بہتان میں بڑا حصہ لیا تھا وہ عبداللہ بن ابی رئیس المنافقین تھا عذاب عظیم سے دوزخ کا عذاب مراد ہے اور دنیا میں بھی اسے دوہری سزادی گئی۔ صاحب روح المعانی نے بحوالہ معجم طبرانی حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے نقل کیا ہے کہ جب آیت براءت نازل ہوئی تو سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں تشریف لائے اور حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ کو طلب فرمایا انہوں نے لوگوں کو جمع کیا پھر آپ نے حاضرین کو آیت براءت سنائی اور آپ نے عبداللہ ابن ابی کو بلوایا اور اس پر دو حدیں جاری فرمائیں یعنی دوبارہ ۸۰،۸۰ کوڑے لگوائے اور آپ نے حسان اور مسطح اور حمنہ کو بھی بلایا ان پر بھی حد جاری فرمائی ان پر ایک حد جاری کی یعنی ہر ایک کو اسی کوڑے لگائے گئے۔ **وفی ذلک اقوال اخر فقیل ان عبداللّٰہ لم یحدولم یقرو هذا قول غیر صحیح لان عدم اتیانه باربعة شهداء کاف لاجراء حدالقذف ولا ینظر فی ذلک الی الاقرار وقال بعضهم انه لم یحداحد من اهل الافک وهذا ایضالا یصح لما ذکرنا ولان امیر المؤمنین اذا ثبت عنده الحد لا یجوز له الغائه وکان النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم مبینا للاحکام بالقول والعمل فیبعد منه صلی اللّٰہ علیه وسلم لانه مامور من اللّٰہ تعالیٰ ولماان الالغاء الغاء لحق المقذوف ولا یظن به صلی اللّٰہ علیه وسلم ان یمسک الحد عن من وجب علیه الحد ویبطل حق المقذوف**

(یعنی یہ بھی کہا گیا ہے کہ عبداللہ بن ابی نے اقرار نہیں کیا اور نہ ہی اسے حد لگائی گئی لیکن یہ صحیح نہیں ہے کیونکہ حد قذف کے جاری کرنے کے لئے یہی کافی ہے کہ قاذف چار گواہ نہ پیش کر سکے۔ یہ ضروری نہیں کہ وہ قذف کا اقرار بھی کرے۔ بعض دیگر حضرات کا کہنا ہے کہ اہل افک میں سے کسی کو بھی حد نہیں لگائی گئی لیکن مذکورہ بالا روایت کو دیکھتے ہوئے یہ بھی صحیح نہیں کیونکہ مسلمانوں کے امیر کے سامنے جب کسی شخص پر حد ثابت ہو جائے تو امیر کیلئے حد کو ساقط کرنا جائز نہیں ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا تو مقصد ہی یہ تھا کہ اپنے اقوال وافعال کے ذریعے احکام الٰہیہ کی توضیح کریں اور اس کام پر آپ اللہ تعالیٰ کی طرف سے مامور تھے تو آپ کی ذات سے تو یہ امر بدرجۂ اولیٰ بعید ہوگا۔ نیز قاذف سے حد کو ساقط کرنے سے مقذوف کے حق کا ابطال لازم آئے گا اور آپ کے بارے میں یہ گمان نہیں ہو سکتا کہ آپ اس شخص پر حد جاری نہ فرمائیں جس پر حد واجب ہو چکی ہو اور مقذوف کا حق باطل کردیں)

پھر فرمایا لَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ ظَنَّ الْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بِاَنْفُسِهِمْ خَیْرًا وَّقَالُوْا هٰذَآ اِفْكٌ مُّبِیْنٌ (جب تم لوگوں نے یہ بات سنی تو مؤمن مردوں اور مؤمن عورتوں نے اپنی جانوں کے بارے میں یہ گمان کیوں نہ کیا کہ یہ بات صریح جھوٹ ہے) اس میں ان مسلمان مردوں اور عورتوں کو بھی نصیحت ہے جو عبداللہ ابن ابی کی باتوں میں آ کر تہمت والی بات میں ساتھ لگ لئے تھے اور ان لوگوں کو بھی تنبیہ ہے جو بات سن کو چپ رہ گئے یا شک میں پڑ گئے یعنی سب پر لازم تھا کہ نیک گمان کرتے اور بات سنتے ہی یوں کہہ دیتے کہ یہ صاف اور صریح جھوٹ ہے اس میں یہ بتا دیا کہ جب کسی مؤمن مرد عورت پر تہمت لگائی جائے تو فوراً یوں کہہ دیں کہ یہ جھوٹ ہے۔ اور حسن ظن سے کام لیں، بدگوئی میں بھی ساتھ نہ ہوں اور بدگمانی بھی نہ کریں۔

اس سے معلوم ہوا کہ ہر مسلمان مرد عورت کے ساتھ اچھا گمان رکھنا واجب ہے اور جو شخص بلا دلیل شرعی کسی پر تہمت دھرے اس کی بات کو جھٹلانا اور رد کرنا بھی واجب ہے کیونکہ اس میں بلاوجہ مسلمان کی بے آبروئی ہے اور رسوائی ہے۔

حضرت معاذ ابن انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس کسی نے کسی مؤمن کی حمایت کی کسی منافق کی بدگوئی سے اسے بچایا تو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ بھیجے گا۔ جو اس کے گوشت کو دوزخ کی آگ سے بچائے گا۔

اور جس کسی نے کسی مسلمان کو عیب لگا دیا اللہ اسے دوزخ کے پل پر کھڑا کریگا۔ یا تو اس سے نکل جائے یا وہیں کھڑا رہے گا۔ (رواہ ابوداؤد)
یعنی جس کو عیب لگایا تھا یا تو اسے راضی کرے یا اپنے کہے کی سزا پائے، یہاں عورتیں خاص کر دھیان دیں جو بات بات میں ایک دوسری کو چھنال، حرام زادی رنڈی فلاں سے پھنسی ہوئی کہہ دیتی ہیں، ساس بہوئند بھاوج کی لڑائیوں میں ایسا ہوتا رہتا ہے، اور بعض عورتیں تو اپنی لڑکیوں کو بھی نہیں بخشتی ہیں چھنال وغیرہ توان کا تکیہ کلام ہی ہو جاتا ہے۔ (اللہ تعالیٰ جہالت سے بچائے)
حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس نے غائبانہ اپنے بھائی کی طرف سے دفاع کیا (غیبت کے ذریعہ جس کا گوشت کھایا جارہا تھا اس کی صفائی دی) اللہ تعالیٰ نے اس دفاع کرنے والے کے لئے اپنے اوپر یہ واجب کرلیا ہے کہ اسے دوزخ سے آزاد فرمائے گا۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۴۲۴)
حضرت ابوالدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جو بھی کوئی مسلمان اپنے بھائی کی آبرو کی طرف سے دفاع کرے گا اللہ تعالیٰ کے ذمہ ہے کہ قیامت کے دن اسے دوزخ کی آگ کو دور رکھے گا۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۴۲۴)
آیت شریفہ میں یہ تعلیم دی ہے کہ اہل ایمان کے بارے میں بدگمانی سے بچیں ایک حدیث میں ارشاد ہے **ایاکم والظن فان الظن اکذب الحدیث** (کہ تم بدگمانی سے بچو کیونکہ بدگمانی سب باتوں میں جھوٹی چیز ہے (رواہ البخاری) اور ایک حدیث میں ارشاد ہے **حسن الظن من حسن العبادة** کہ نیک گمانی اچھی عبادت سے ہے۔ (رواہ ابوداؤد)
یہاں یہ نکتہ قابل توجہ ہے کہ اللہ جل شانہ نے یوں فرمایا **لَوْلَآ اِذْسَمِعْتُمُوْهُ ظَنَّ الْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بِاَنْفُسِهِمْ خَيْرًا** (جب تم نے یہ بہتان والی بات سنی تو مؤمن مردوں اور مؤمن عورتوں نے اپنی جانوں کے بارے میں اچھا گمان کیوں نہ کیا۔
اس میں جو **بانفسھم** فرمایا اس میں یہ بتادیا کہ سب مسلمان آپس میں ایک ہی ہیں اگر کسی مسلمان پر تہمت لگائی جائے تو سننے والے مسلمان یوں سمجھیں کہ یہ تہمت ہمیں ہی لگائی گئی ہے اور اس میں ہماری اپنی رسوائی ہے یہ ایسا ہی ہے جیسے سورۂ حجرات میں ہے **لَا تَلْمِزُوْٓا اَنْفُسَكُمْ** فرمایا ہے چونکہ سب مسلمان ایک ہی ہیں اس لئے ایک کو تہمت لگنا یا لگانا سب کو تہمت لگانے کے ہم معنی ہیں حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا سب اہل ایمان آپس میں مل کر ایسے ہی ہیں جیسے ایک ہی شخص ہو اگر آنکھ کو تکلیف ہوتی ہے تو سارے جسم کو تکلیف ہوتی ہے اور اگر سر میں تکلیف ہوتی ہے تو سارے جسم کو تکلیف ہوتی ہے۔ (رواہ مسلم) لہٰذا جب ایک مسلمان کو جسمانی اور روحانی تکلیف پہنچے یا کوئی تہمت لگائی جائے تو سب کو تڑپ اٹھنا چاہیے تکلیف دور کرنے کے لئے سب فکر مند ہوں اور جو تہمت لگی ہے ہر شخص یوں سمجھے کہ یہ تہمت مجھے لگائی گئی ہے پھر تہمت لگانے والے کے بارے میں یوں بھی کہے کہ وہ جھوٹا ہے مسلمان کی حمایت بھی کرے اور اسکی طرف سے دفاع بھی کرے۔
لَوْلَا جَآءُوْ عَلَيْهِ بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ (یہ لوگ اپنی بات پر چار گواہ کیوں نہ لائے) **فَاِذْ لَمْ يَاْتُوْا بِالشُّهَدَآءِ فَاُولٰٓئِكَ عِنْدَ اللّٰهِ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ** (جو جب وہ گواہ نہ لائیں تو وہ اللہ کے نزدیک یعنی اس کے نازل فرمودہ قانون شرعی کے اعتبار سے جھوٹے ہیں) اس میں تہمت لگانے والوں کو تنبیہ ہے کہ بن دیکھے ایک مسلمان مرد اور ایک مسلمان عورت پر تہمت لگا رہے ہیں جو لشکر سے پیچھے رہ گئے کیا لشکر سے پیچھے رہ جانا ہی اس بات کے لئے کافی ہے کہ اس کی طرف بری بات منسوب کی جائے نہ خود دیکھا اور نہ کسی اور شخص نے گواہی دی بس برائی کی تہمت لگا کر اچھالنا شروع کر دیا اس کا جھوٹا ہونا اسی سے ظاہر ہے۔ اگر کسی کو کوئی شخص تہمت لگائے تو اس کے لئے چار عینی گواہ پیش

کرے، گواہ نہ ہوں تو وہ قانون شرعی میں جھوٹا مانا جائے گا۔ اور اس پر حد قذف لگے گی جس کا پہلے رکوع میں ذکر ہو چکا ہے اس میں حکام اور قضاۃ کو بتا دیا کہ جو شخص کسی پر تہمت دھرے اس سے چار گواہ طلب کریں اگر وہ چار گواہ نہ لایا تو اس کو جھوٹا سمجھیں اور اس پر حد قائم کردیں چونکہ یہ آبرو کا معاملہ ہے اس لئے اس کے ثبوت کے لئے چار گواہوں کی شرط رکھی گئی ہے اور دیگر حقوق کے ثابت کرنے کے لئے دو گواہوں پر کفایت کی گئی ہے۔

یہاں یہ شبہ ہوتا ہے جب یہ قانون شرعی ہے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تہمت لگانے والوں سے کیوں گواہ طلب نہ فرمائے۔ گواہ طلب فرماتے اور چونکہ وہ گواہ طلب کرنے سے عاجز تھے اس لئے دن کے دن تہمت لگانے والوں پر حد جاری فرما دیتے ایک مہینہ تک پریشانی میں مبتلا رہنے کی کیا ضرورت تھی، اصل بات یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رحمۃ للعالمین تھے آپ کو یہ گوارا نہ تھا کہ ایمان لانے کے باوجود کوئی شخص آپ کی طرف سے بدگمان ہو کر اور کوئی ایسا ویسا کلمہ زبان سے نکال کر کافر ہو جائے بات کا اٹھانے اور پھیلانے والا تو منافقوں کا سردار تھا لیکن تین مسلمان بھی اس کے ہمنوا ہو گئے تھے اور بعض مسلمان خاموش تھے بعض متردد تھے اگر بات سنتے ہی اسی وقت چٹ پٹ حد لگائی جاتی تو اندیشہ تھا کچھ لوگ یوں خیال کر لیتے یا زبانی کہہ دیتے کہ دیکھا چونکہ اپنا معاملہ تھا اس لئے بات کہنے والوں کو پٹائی کر کے دبا دیا اگر کوئی ایسا کہتا تو کافر ہو جاتا لوگوں میں سب طرح کے آدمی ہوتے ہیں ضعیف الایمان بھی پائے جاتے ہیں اور اس وقت مؤلفۃ القلوب بھی تھے اس لئے آپ نے ضعیف الایمان لوگوں کا ایمان باقی رکھنے کے لئے اپنی جان پر تکلیف برداشت فرمائی اور معاملہ کی تحقیق فرمائی پھر جب اللہ تعالیٰ کی طرف سے براءت نازل ہوگئی تو سب کو ماننا پڑا اور آپ نے بھی حد جاری فرما دی۔

یہ بات ہر عقلمند آدمی سمجھ سکتا ہے کہ جب کسی کی بیوی کو تہمت لگائی جائے وہ غلط بھی ثابت ہو جائے تو وہ اسے اپنی کتاب میں ذکر نہیں کر سکتا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی چہیتی بیوی کو تہمت لگائی گئی تو اس کا ذکر قرآن مجید میں نازل ہو گیا اگر قرآن مجید اللہ کی کتاب نہ ہوتی یا آپ کی لکھی ہوئی ہوتی یا آپ کو کسی آیت یا مضمون کے چھپانے کا اختیار ہوتا تو آپ تہمت والے مضمون کو باقی نہ رکھتے۔ اس سے معلوم ہوا کہ قرآن مجید نہ آپ کی لکھی ہوئی کتاب ہے اور نہ آپ کو کسی آیت یا مضمون کے چھپانے کا اختیار تھا اللہ تعالیٰ نے جو کچھ نازل فرمایا حکم الٰہی کے مطابق اللہ کے بندوں تک پہنچایا۔ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ لَمَسَّكُمْ فِيْمَآ اَفَضْتُمْ فِيْهِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ یہ آیت ان مؤمنوں کے بارے میں نازل ہوئی جو بے احتیاطی کی وجہ سے اس تہمت میں کسی قسم کی شرکت کر بیٹھے تھے اللہ تعالیٰ نے دنیا میں ان پر رحم فرمایا کہ توبہ کی توفیق دیدی اور آخرت کی معافی کا بھی وعدہ فرما لیا اگر اللہ کی طرف سے توبہ کی توفیق نہ ہوتی تو جس شغل میں لگے تھے اس کی وجہ سے بڑا عذاب آ جاتا۔

اِذْ تَلَقَّوْنَهٗ بِاَلْسِنَتِكُمْ وَتَقُوْلُوْنَ بِاَفْوَاهِكُمْ مَّا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ وَّتَحْسَبُوْنَهٗ هَيِّنًا وَّهُوَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمٌ (جبکہ تم اس بات کو ایک دوسرے کے منہ سے سنتے تھے اور اپنے منہ سے نکالتے تھے اور ایسی بات کر رہے تھے کہ جس کا تمہیں علم نہیں اور تم خیال کر رہے تھے کہ یہ ہلکی بات ہے حالانکہ وہ اللہ کے نزدیک بڑی بات ہے) یعنی جو کوئی کسی پر تہمت رکھی جائے اسے سننا لے اڑنا دوسروں تک پہنچانا بڑا گناہ ہے اس بات کو ہلکا سمجھنا سخت غلطی کی بات ہے اس میں اس بات پر تنبیہ ہے کہ جب کسی کے بارے میں کوئی تہمت کی بات کہی جائے تو اسے نقل کر کے اپنی ذات کو یوں کہہ کر بے قصور قرار دینا کہ ہم نے تو تہمت نہیں گڑھی تم نے تو سنی ہوئی بات نقل کی ہے یہ بھی ایمانی تقاضوں کی خلاف ہے تہمت والی بات کو نقل کرنا ہی گناہ ہے اور بڑا گناہ ہے۔

وَلَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ قُلْتُمْ مَّا يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ نَّتَكَلَّمَ بِهٰذَا جب اس بات کو سنا تو تم نے یوں کیوں نہ کہا کہ ہم اس بات کو اپنی زبان پر

نہیں لا سکتے۔ سُبْحَانَكَ هٰذَا بُهْتَانٌ عَظِيْمٌ (یعنی تمہیں اس بات کو سنتے ہی تعجب سے یوں کہنا چاہیے کہ سبحان اللہ یہ بڑا بہتان ہے) اس میں مسلمانوں کو یہ بتایا کہ تہمت والی خبر سنتے ہی صاف کہہ دیں کہ ہم اسے زبان پر نہیں لا سکتے یہ تو بہتان عظیم ہے۔ يَعِظُكُمُ اللّٰهُ اَنْ تَعُوْدُوْا لِمِثْلِهٖٓ اَبَدًا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ (اللہ تمہیں نصیحت فرماتا ہے کہ اگر تم ایمان والے ہو تو پھر ایسی حرکت مت کرنا)

وَيُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ (اور اللہ تمہارے لئے واضح طور پر آیات بیان فرماتا ہے اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے) اس میں حد قذف قبول توبہ نصیحت موعظت سب داخل ہیں۔ جن کو ندامت تھی ان کی توبہ قبول فرمائی اور حد جاری کرنے میں حکمت تھی اس لئے حد بھی جاری کرادی۔ اِنَّ الَّذِيْنَ يُحِبُّوْنَ اَنْ تَشِيْعَ الْفَاحِشَةُ فِي الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ (بلاشبہ جو لوگ اس بات کو پسند کرتے ہیں کہ ایمان والوں میں بدکاری کا چرچا ہو ان کے لئے دنیا اور آخرت میں دردناک عذاب ہے) وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ (اور اللہ جانتا ہے تم نہیں جانتے) اس آیت میں بطور قاعدہ کلیہ ایک بات بتادی اور یہ فرمایا کہ جو لوگ اس بات کو پسند کرتے ہیں کہ اہل ایمان میں بے حیائی کا چرچا ہو ان کے لئے دنیا اور آخرت میں دردناک عذاب ہے۔ جن لوگوں نے حضرت عائشہ ؓ کو تہمت لگانے میں حصہ لیا اس میں ان کو بھی تنبیہ ہے اور بعد میں آنے والے لوگوں کو بھی تنبیہ ہے تہمت لگانا تو گناہ ہے ہی اگر کوئی شخص کسی کو تہمت لگا دے یا کسی شخص سے بے حیائی کا گناہ صادر ہو ہی جائے اور اس کا کسی کو پتہ چل جائے تب بھی اس بات کو نہ اچھالے گناہ گار کی پردہ پوشی کرے ہاں سمجھانے کا اہل ہو تو اصلاح کی نیت سے احسن طریقہ پر سمجھائے اگر دلیل شرعی سے ثابت ہو جائے کہ فلاں شخص نے بے حیائی کا کام کیا ہے تو امیر المؤمنین یا قاضی حسب قانون شرعی حد جاری کر دے اس حد جاری کرنے میں بھی بے حیائی کی روک تھام ہے بے حیائی کا عملی طور پر پھیلانا یا کسی بے حیائی والے کام کا چرچا کرنا اور شہرت دینا یہ سب يُحِبُّوْنَ اَنْ تَشِيْعَ الْفَاحِشَةُ میں داخل ہے جو لوگ ایسی حرکت کریں ان کے لئے دنیا اور آخرت میں عذاب الیم کی وعید بیان فرمائی۔

آج کل فواحش اور منکرات کا زور ہے یہود و نصاریٰ مسلمانوں میں بے حیائی کا رواج دینے پر تلے ہوئے ہیں اور مسلمان خود بھی ایسی ایسی فلمیں دیکھتے اور بناتے ہیں اور ایسی ایسی اخبار و رسالے شائع کرتے ہیں اور ایسے ایسے ناول اور افسانے لکھتے ہیں جن سے مسلمانوں میں بے حیائی کا چرچا ہوتا ہے ان سب کو لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ کی وعید شامل ہے۔

وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ اور اگر یہ بات نہ ہوتی کہ تم پر اللہ کا فضل ہے اور رحمت ہے اور یہ بات کہ اللہ رؤف ہے رحیم ہے تو تم بھی نہ بچتے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ۭ وَمَنْ يَّتَّبِعْ خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ فَاِنَّهٗ يَاْمُرُ بِالْفَحْشَاۗءِ

اے ایمان والو شیطان کے قدموں کا اتباع نہ کرو، اور جو شخص شیطان کے قدموں کے پیچھے چلتا ہے سو وہ بے حیائی کے کاموں کا

وَالْمُنْكَرِ ۭ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ مَا زَكٰي مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَبَدًا ۙ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُزَكِّيْ

اور برائیوں کا حکم دیتا ہے، اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی تو تم میں سے کبھی بھی کوئی شخص پاک نہ ہوتا، لیکن اللہ پاک کرتا ہے

مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝۲۱ وَلَا يَاْتَلِ اُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ اَنْ يُّؤْتُوْٓا اُولِي الْقُرْبٰى

جس کو چاہتا ہے اور وہ سننے والا اور جاننے والا ہے۔ اور جو لوگ تم میں سے بڑے درجے والے اور وسعت والے ہیں وہ رشتہ داروں

وَالْمَسٰكِيْنَ وَالْمُهٰجِرِيْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۖ وَلْيَعْفُوْا وَلْيَصْفَحُوْا ؕ اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ ؕ

اور مسکینوں اور اللہ کی راہ میں ہجرت کرنے والوں کو مال نہ دینے کی قسم کھائیں اور معاف کریں اور درگذر کریں۔ کیا تم یہ پسند نہیں کرتے اللہ تمہیں بخش دے

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ الْغٰفِلٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ لُعِنُوْا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۠

اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ بلاشبہ جو لوگ بے خبر مؤمن عورتوں کو تہمت لگاتے ہیں دنیا اور آخرت میں ان پر لعنت کردی گئی

وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝ يَّوْمَ تَشْهَدُ عَلَيْهِمْ اَلْسِنَتُهُمْ وَاَيْدِيْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝

اور ان کیلئے بڑا عذاب ہے۔ جس روز ان کے خلاف ان کی زبانیں اور ان کے ہاتھ اور ان کے پاؤں ان کاموں کی گواہی دیں گے جو یہ لوگ کیا کرتے تھے۔

يَوْمَئِذٍ يُّوَفِّيْهِمُ اللّٰهُ دِيْنَهُمُ الْحَقَّ وَيَعْلَمُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ ۝ اَلْخَبِيْثٰتُ

اس دن اللہ ان کی پوری سزا دے دیگا جو ان کی واقعی سزا ہوگی اور وہ لوگ جان لیں گے کہ بلاشبہ اللہ حق ہے اور ظاہر فرمانے والا ہے۔ خبیث عورتیں

لِلْخَبِيْثِيْنَ وَالْخَبِيْثُوْنَ لِلْخَبِيْثٰتِ ۚ وَالطَّيِّبٰتُ لِلطَّيِّبِيْنَ وَالطَّيِّبُوْنَ لِلطَّيِّبٰتِ ۚ اُولٰٓئِكَ مُبَرَّءُوْنَ

خبیث مردوں کے لائق ہیں اور خبیث مرد خبیث عورتوں کے لائق ہیں اور پاکیزہ عورتیں پاکیزہ مردوں کے لائق ہیں اور پاکیزہ مرد پاکیزہ عورتوں کے لائق ہیں، یہ لوگ اس

مِمَّا يَقُوْلُوْنَ ؕ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝ ع

سے بری ہیں جو تہمت لگانے والے کہتے ہیں ان کے لئے مغفرت اور عزت والا رزق ہے۔

شیطان کے اتباع سے بچو، خیر کے کام سے بچنے کی قسم نہ کھاؤ، بہتان لگانے والوں کے لئے عذاب عظیم ہے پاکیزہ لوگوں کے لئے مغفرت اور رزق کریم ہے

یہ چھ آیات ہیں ان کا تعلق بھی انہی مضامین سے ہے جو سورت کے شروع سے لیکر اب تک بیان کئے گئے۔

پہلی آیت میں اہل ایمان کو تنبیہ فرمائی اور ارشاد فرمایا کہ شیطان کے قدموں کا اتباع نہ کرو۔ یعنی اس کے بتائے ہوئے طریقوں پر نہ چلو جو شخص شیطان کا اتباع کرے گا یعنی اس کے بتائے ہوئے راستے پر چلے گا شیطان اسے برباد کردے گا کیونکہ وہ بے حیائی کے کاموں کا اور طرح طرح کی برائیوں کا حکم دیتا ہے جس نے اس کی بات مانی وہ گمراہی کے گڑھے میں گرا، پھر اگر توبہ نہ کی تو ہلاک ہوا۔ پھر فرمایا کہ اگر تم پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی تو تم میں سے کوئی کبھی بھی پاک نہ ہوتا۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے توبہ کی توفیق ہی نہ ہوتی جیسا کہ منافقین نفاق پر بھی اڑے رہے حضرت صدیقہ کو تہمت لگائی اس پر بھی جمے رہے۔ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَآءُ (اور لیکن اللہ جس کو چاہتا ہے پاکیزہ بنا دیتا ہے) گناہ گاروں کو توبہ کی توفیق دے دیتا ہے اور جس پاک دامن کو تہمت لگا دی جائے اس کی برأت کا راستہ نکال دیتا ہے وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ (اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے) ہر شخص کی اچھی بری بات کو سنتا ہے اور ہر ایک کے ہر عمل کو جانتا ہے۔

دوسری آیت وَلَا يَاْتَلِ اُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ میں یہ فرمایا کہ تم میں سے بڑے درجے والے اور وسعت والے ایسی قسمیں نہ کھائیں کہ رشتہ داروں اور مسکینوں اور فی سبیل اللہ ہجرت کرنے والوں پر خرچ نہ کریں گے، پہلے گزر چکا ہے کہ حضرت ابوبکرؓ

اپنے رشتہ دار مسطح بن اثاثہ پر مال خرچ کیا کرتے تھے جب مسطح نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو تہمت لگانے والوں کا ساتھ دیا پھر اللہ تعالیٰ نے ان کی برأت نازل فرمادی تو حضرت ابوبکر صدیق ؓ نے قسم کھالی کہ اب تم پر خرچ نہ کروں گا۔ اس آیت کریمہ وَلَا يَأْتَلِ اُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ (آخر تک) نازل ہوئی تفسیر درمنثور میں حضرت قتادہ سے نقل کیا ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے عفو اور درگذر کا حکم ہوا اور اللہ نے یوں بھی فرمایا اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ (کیا تم یہ پسند نہیں کرتے کہ اللہ تمہاری مغفرت فرمائے) تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر کو بلایا اور انہیں یہ آیت سنائی اور فرمایا اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ (کیا تم یہ پسند نہیں کرتے کہ اللہ تمہاری مغفرت فرمائے) حضرت ابوبکر ؓ نے عرض کیا میں تو ضرور یہ چاہتا ہوں کہ اللہ میری مغفرت فرمائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لہٰذا تم معاف کرو درگذر کرو اس پر حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا کہ اللہ کی قسم اب تو یہ ضروری بات ہوگئی کہ آج سے پہلے میں جو کچھ مسطح پر خرچ کیا کرتا تھا اسے نہیں روکوں گا وہ بدستور جاری رہے گا درمنثور میں ایک روایت یہ بھی نقل کی ہے کہ آیت بالا نازل ہونے کے بعد حضرت ابوبکر صدیق ؓ نے حضرت مسطح ؓ پر اس سے دوگنا خرچ فرمایا کرتے تھے جو پہلے خرچ کرتے تھے۔ بعض روایات میں ہے کہ حضرت ابوبکر ؓ نے فرمایا کہ اگر میں کوئی قسم کھالوں پھر قسم کی خلاف ورزی کرنے میں خیر دیکھوں تو قسم کا کفارہ دیدوں گا اور جو بہتر کام ہے اسی کو کروں گا۔

درمنثور میں حضرت ابن عباس ؓ سے نقل کیا ہے کہ حضرت ابوبکر ؓ کے علاوہ اور بھی بعض صحابہ ؓ تھے جن لوگوں نے اپنے ان رشتہ داروں کا خرچہ بند کرنے کی قسم کھائی تھی جنہوں نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا پر تہمت لگانے میں کچھ حصہ لیا تھا اللہ تعالیٰ شانہ نے سب کو تنبیہ کی اور آیت بالا نازل فرمائی۔ (درمنثور ج ۵ ص ۳۴، ۳۵)

تیسری اور چوتھی اور پانچویں آیت میں پاکدامن عورتوں کو تہمت لگانے والوں کی سزا اور دنیا اور آخرت کی بدحالی کا تذکرہ فرمایا اول تو یہ فرمایا کہ جو لوگ ان عورتوں کو تہمت لگاتے ہیں جو پاک دامن ہیں اور برے کاموں سے غافل ہیں اور مومن ہیں ایسے لوگوں پر دنیا اور آخرت میں لعنت ہے ان پر اللہ کی پھٹکار ہے اور ان کے لئے بڑا عذاب ہے، پھر فرمایا کہ ان کی بدحرکتوں کا ثبوت قیامت کے دن خود ان کے اپنے اعضاء کی گواہی سے ہوگا۔ قیامت کے دن ان کی زبانیں اور ہاتھ پاؤں ان کے خلاف ان کاموں کی گواہی دیں گے جو کام وہ لوگ دنیا میں کیا کرتے تھے، زبان کہے گی اس نے مجھے فلاں فلاں بری باتوں میں استعمال کیا اور ہاتھ پاؤں کہیں گے کہ اس نے ہمیں گناہ گاری کے فلاں فلاں کام میں استعمال کیا۔

یہاں جو یہ اشکال ہوا ہے کہ سورۂ یٰسٓ میں اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓى اَفْوَاهِهِمْ فرمایا (کہ ہم ان کے مونہوں پر مہر لگا دیں گے) اور سورۂ نور میں فرمایا ہے يَوْمَ تَشْهَدُ عَلَيْهِمْ اَلْسِنَتُهُمْ فرمایا (کہ ان کی زبانیں گواہی دیں گے) اس میں بظاہر تعارض ہے، اس اشکال کا جواب یہ ہے کہ یہ مختلف اوقات میں ہوگا بعض اوقات میں زبانیں گونگی ہوجائیں گی ان پر مہر لگادی جائے گی کچھ بول نہ سکیں گے پھر بعد میں زبان کو بولنے کی طاقت دیدی جائے گی اور جس کی زبان تھی خود زبان اس کے خلاف گواہی دیگی۔

يَوْمَئِذٍ يُّوَفِّيْهِمُ اللّٰهُ (الاٰية) اس روز اللہ تعالیٰ ان کا پورا پورا بدلہ دے گا جو ان کا واقعی بدلہ ہوگا۔ یہ بدلہ عذاب کی صورت میں سامنے آئے گا اور اس دن ان کو معلوم ہوجائے گا کہ واقعی اللہ تعالیٰ صحیح اور ٹھیک فیصلہ دینے والا ہے اور وہ حقیقت کو ظاہر کرنے والا ہے۔ یہاں دنیا میں اگر کوئی یہ سمجھتا ہے کہ میرے اعمال کا محاسبہ نہیں ہوگا یہ اس کی جہالت اور ضلالت کی بات ہے قیامت کے دن جب محاسبہ ہوگا اللہ تعالیٰ کے فیصلے سامنے آجائیں گے جو بالکل حق اور صحیح ہونگے، مجرمین یہ جان لیں گے کہ ہمارا یہ سمجھنا کہ ہماری حرکتوں کا کسی کو پتہ نہ چلے گا غلط

تکا اللہ تعالیٰ نے سب کو ظاہر فرمادیا۔

یہ آیات ان لوگوں کے بارے میں ہیں جنہوں نے آیات برأت نازل ہونے کے بعد بھی توبہ نہ کی اور تہمت والی بات سے باز نہ آئے۔

چھٹی آیت میں یہ فرمایا کہ خبیث عورتیں خبیث مردوں کے لائق ہیں اور خبیث مرد خبیث عورتوں کے لائق ہیں اور پاکیزہ عورتیں پاکیزہ مردوں کے لائق ہیں اور پاکیزہ مرد پاکیزہ عورتوں کے لائق ہیں، اسمیں اول تو یہ بتایا کہ اللہ تعالیٰ نے طبیعتوں میں جوڑ رکھا ہے گندی اور بدکار عورتیں بدکار مردوں کی طرف اور گندے بدکار مرد گندی اور بدکار عورتوں کی طرف مائل ہوتے ہیں اس طرح پاکیزہ عورتیں پاکیزہ مردوں کی طرف اور پاکیزہ مرد پاکیزہ عورتوں کی طرف راغب ہوتے ہیں اور اسی طبعی اور رغبت کی مناسبت کی وجہ سے اچھوں کو اچھا جوڑا مل جاتا ہے اور بروں کو برا جوڑا حاصل ہوتا ہے اس سے معلوم ہوگیا حضرت انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام کو جو اللہ تعالیٰ نے بیویاں عطا فرمائیں وہ پاکیزہ بیویاں تھیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جو تمام انبیاء کرام علیہم السلام کے سردار ہیں ان کی ازواج بھی طاہرات اور مطہرات اور پاکیزہ ہیں جب اللہ تعالیٰ انہیں سردار انبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجیت کا شرف عطا فرمادیا تو اب ان کے بارے میں بری بات کا خیال کرنا اور زبان پر لانا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان اقدس پر حملہ کرنے کے مترادف ہوا۔ اسی لئے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا پر تہمت لگانے والوں کے بارے میں (جنہوں نے بری بات کو اٹھایا اور آگے بڑھایا اور پھیلایا اور پھر آیت قرآنیہ نازل ہونے پر بھی توبہ نہ کی۔ (لُعِنُوْا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ فرمادیا اُولٰٓئِكَ مُبَرَّءُوْنَ مِمَّا يَقُوْلُوْنَ (یہ پاکیزہ مرد اور پاکیزہ عورتیں اس چیز سے بری ہیں جو لوگ ان کے بارے میں کہتے ہیں یعنی تہمت لگاتے ہیں) لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ (ان کے لئے گناہوں کی مغفرت ہے اور عزت والا رزق ہے) یعنی ان کے لئے جنت ہے جس میں عزت کے ساتھ کھائیں گے۔

مُبَرَّءُوْنَ مِمَّا يَقُوْلُوْنَ میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی برأت کی تصریح کے ساتھ حضرت صفوان بن معطل رضی اللہ عنہ کی برأت کی بھی تصریح آ گئی۔ (معالم التنزیل ج ۳ ص ۳۳۵)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرمایا کرتی تھیں کہ مجھے چند چیزوں پر فخر ہے پھر اس کو اس طرح بیان فرماتی تھیں (۱) کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے علاوہ کسی بکر یعنی کنواری عورت سے نکاح نہیں فرمایا۔ (۲) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جب وفات ہوئی تو آپ میری گود میں تھے۔ (۳) اور آپ میرے گھر میں دفن ہوئے۔ (۴) اور آپ کے اوپر (بعض مرتبہ) ایسی حالت میں وحی آتی تھی کہ آپ میرے ساتھ ایک ہی لحاف میں ہوتے تھے۔ (۵) اور آسمان سے میری برأت نازل ہوئی۔ (۶) میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلیفہ اور دوست (یار غار) کی بیٹی ہوں۔ (۷) اور میں پاکیزہ پیدا کی گئی۔ (۸) اور مجھ سے مغفرت اور رزق کریم کا وعدہ فرمایا گیا۔

اور الاصابہ میں بحوالہ طبقات ابن سعد حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے یوں نقل کیا ہے کہ مجھے چند ایسی نعمتیں عطا کی گئی ہیں جو میرے علاوہ کسی اور عورت کو نصیب نہیں ہوئیں (۱) میں سات سال کی تھی جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے نکاح کیا ہے۔ (۲) فرشتہ میری صورت آپ کے پاس ایک ریشمین کپڑے میں لیکر آیا تاکہ آپؐ مجھے دیکھ لیں۔ (۳) میں نو سال کی تھی جب زفاف ہوا۔ (۴) میں نے جبریل علیہ السلام کو دیکھا۔ (۵) میں بیویوں میں آپ کو سب سے زیادہ محبوب تھی۔ (۶) میں نے آپ کی آخری حیات میں آپ کی تیمارداری کی میرے ہی پاس آپ کی وفات ہوئی آپ کی وفات کے وقت میرے اور فرشتوں کے علاوہ کوئی موجود نہیں تھا۔ (انتھی) وراجع الدر المنثور ج ۵ ص ۳۲۔

بعض اکابر نے فرمایا ہے کہ حضرت یوسف علیہ السلام پر تہمت لگائی گئی تو اللہ تعالیٰ نے ایک چھوٹے بچہ کو قوت گویائی دی اور اس نے ان کی برأت ظاہر کی اور حضرت مریم علیہا السلام پر تہمت لگائی گئی تو ان کے فرزند حضرت عیسیٰ علیہ السلام (جبکہ وہ گود ہی میں تھے) ان کی برأت ظاہر کی اور حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا پر تہمت لگائی گئی تو ان کی برأت ظاہر فرمانے کے لئے اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں متعدد آیات نازل فرمائیں۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو جو تہمت لگائی گئی تھی قرآن مجید میں ان کی برأت نازل ہوئی اور اللہ تعالیٰ نے تہمت لگانے والوں کو جھوٹا قرار دیا اور جنہوں نے آیت نازل ہونے کے بعد بھی اعتقاد تہمت سے توبہ نہ کی ان کے لئے فرمایا کہ دنیا و آخرت میں ملعون ہیں اور یہ بھی فرمایا کہ ان کے لئے عذاب عظیم ہے اور یہ بھی فرمایا ان کی حرکت کا اللہ تعالیٰ انہیں پورا پورا بدلہ دے گا اس سب کے باوجود مدعیان اسلام میں جو شیعہ فرقہ ہے وہ یہی کہتا ہے کہ حضرت عائشہؓ پر جو تہمت لگائی گئی تھی وہ صحیح تھی اور ساتھ ہی یہ لوگ یوں بھی کہتے ہیں کہ جب امام مہدی تشریف لائیں گے تو حضرت عائشہؓ کو قبر سے نکال کر حد لگائیں گے۔ (العیاذ باللہ) یہ لوگ آیت قرآنیہ کے منکر اور مکذب ہونے کی وجہ سے کافر ہیں اور لُعِنُوْا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ کا مصداق ہیں قَاتَلَهُمُ اللّٰهُ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ بُيُوْتِكُمْ حَتّٰى تَسْتَاْنِسُوْا وَتُسَلِّمُوْا عَلٰۤى اَهْلِهَا ؕ ذٰلِكُمْ

اے ایمان والو اپنے گھروں کے علاوہ دوسرے گھروں میں اس وقت تک داخل نہ ہو جب تک انسیت حاصل نہ کرلو اور ان گھروں کے رہنے والوں کو سلام نہ کرلو یہ تمہارے لئے بہتر

خَيْرٌ لَّكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۞ فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فِيْهَاۤ اَحَدًا فَلَا تَدْخُلُوْهَا حَتّٰى يُؤْذَنَ لَكُمْ ۚ

ہے تاکہ تم نصیحت حاصل کرلو۔ سو اگر تم ان گھروں میں کسی کو نہ پاؤ تو اس وقت تک ان میں داخل نہ ہو جب تک تمہیں اجازت نہ دی جائے

وَاِنْ قِيْلَ لَكُمُ ارْجِعُوْا فَارْجِعُوْا هُوَ اَزْكٰى لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ۞ لَيْسَ

سو اگر تم سے کہا جائے کہ واپس ہو جاؤ تو لوٹ جاؤ یہ تمہارے لئے خوب زیادہ پاکیزگی کی چیز ہے، جو کچھ تم کرتے ہو اسے اللہ جاننے والا ہے۔ اس میں تم پر کوئی

عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ مَسْكُوْنَةٍ فِيْهَا مَتَاعٌ لَّكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ

گناہ نہیں کہ ایسے گھروں میں داخل ہو جاؤ جن میں کوئی رہتا نہیں ان میں تمہارے استعمال کرنے کی کوئی چیز ہو۔ اور اللہ جانتا ہے جو کچھ تم ظاہر کرتے ہو

وَمَا تَكْتُمُوْنَ ۞

اور جو کچھ تم چھپاتے ہو۔

دوسروں کے گھر جانے میں اندر آ جانے کی اجازت لینے کی ضرورت اور اہمیت استئذان کے احکام و آداب

یہاں سے سورۂ نور کا تیسرا رکوع شروع ہو رہا ہے شروع سورت سے فواحش اور بے حیائی کی روک تھام اور بے حیائی والے کام کی سزا اور تہمت لگانے والے کی سزا کا اور تہمت لگانے کی مذمت کا بیان تھا۔ جو فواحش اور منکرات ظہور پذیر ہوتے ہیں وہ یوں ہی آن واحد میں موجود نہیں ہو جاتے، ان سے پہلے کچھ ایسے اسباب اور دواعی ہوتے ہیں جو قریب کرتے کرتے ایک دن بے حیائی کے کام پر ڈال دیتے

ہیں ان میں ایک بہت بڑا سبب ایسی جگہ نظر کا پڑ جانا بھی ہے جہاں نظر ڈالنا ممنوع ہے نظر کی حفاظت کے لئے اللہ تعالیٰ شانہ نے گھروں میں داخل ہونے کے واسطے اجازت لینے کا حکم دیا ہے اور ان آیات میں اجازت لینے کا قانون بتایا ہے، ارشاد فرمایا ہے کہ جو گھر تمہارے نہیں ہیں (یعنی جن میں تم نہیں رہتے ان میں انسیت حاصل کئے بغیر داخل مت ہو۔ انسیت حاصل کرنے سے اجازت لینا مراد ہے مفسرین نے اس کی تفسیر حَتّٰى تَسْتَاْذِنُوْا سے کی ہے، جو شخص اندر آنا چاہتا ہے اجازت لیتا ہے نام بتاتا ہے وہ صاحب خانہ سے مانوس ہوتا ہے اور انہیں اپنی ذات سے مانوس کرتا ہے اس لئے حَتّٰى تَسْتَاْنِسُوْا فرمایا اور ساتھ ہی وَتُسَلِّمُوْا عَلٰٓى اَهْلِهَا بھی فرمایا یعنی اجازت لینے کے ساتھ سلام کرنے کا حکم دیا ایک صحابی سلام کئے بغیر اور اجازت لیے بغیر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بھی حاضر ہو گئے آپ نے فرمایا کہ واپس جاؤ اور یوں کہو السلام علیکم ادخل؟ (تم پر سلام ہو کیا میں داخل ہو جاؤں) رواہ ابوداؤد۔

اور ایک حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ لا تأذنوا لمن لم یبدا بالسلام (اسے اندر آنے کی اجازت نہ دو جو سلام سے ابتداء نہ کرے)۔ (مشکوۃ المصابیح ص ۴۰۱) ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ (یہ تمہارے لیے بہتر ہے کہ تم نصیحت حاصل کرو) :فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فِيْهَآ اَحَدًا فَلَا تَدْخُلُوْهَا حَتّٰى يُؤْذَنَ لَكُمْ (سو اگر تم ان گھروں میں کسی کو نہ پاؤ تو ان میں اس وقت تک داخل نہ ہو جب تک تمہیں اجازت نہ دی جائے) خالی گھر دیکھ کر اندر نہ چلے جاؤ کیونکہ اوّلاً تو یہ احتمال ہے کہ اس میں اندر کوئی آدمی موجود ہو لیکن تمہیں پتہ نہ چلا ہو اور دوسری بات یہ ہے کہ اگر مکان خالی ہی ہو تب بھی بلا اجازت اندر چلا جانا درست نہیں ہے کیونکہ یہ دوسرے کی ملک میں ایک طرح کا بلا اجازت تصرف کرنا ہوگا، جس گھر میں یہ احتمال ہے کہ کوئی شخص اندر نہیں ہے جب اس میں بلا اجازت اندر جانا ممنوع ہے تو جس مکان میں کسی مرد و عورت کے موجود ہونے کا علم ہو اس میں بلا اجازت اندر جانا کیسے جائز ہوگا؟ اس کے بعد فرمایا وَاِنْ قِيْلَ لَكُمُ ارْجِعُوْا فَارْجِعُوْا هُوَ اَزْكٰى لَكُمْ (اور اگر تم سے کہا جائے کہ واپس چلے جاؤ تو لوٹ جاؤ یہ تمہارے لئے پاکیزہ ترین بات ہے)

اس آیت میں یہ بتادیا کہ جب کسی کے یہاں اندر جانے کی اجازت مانگو اور اندر سے یوں کہہ دیا جائے کہ واپس تشریف لے جائیے۔ (اس وقت موقع نہیں ہے یا ہماری اور آپ کی ایسی بے تکلفی نہیں جس کی وجہ سے اندر بلائیں زبان قال سے کہیں یا زبان حال سے محسوس ہو یا اور کوئی سبب ہو) تو واپس ہو جائیں اس میں خفت اور ذلت محسوس نہ کریں یہ جو فرمایا فارجعوا ھو ازکی لکم اس میں یہ بتادیا کہ جب اجازت مانگنے پر واپس ہونے کو کہہ دیا جائے تو واپس ہو جائے یہ اس سے بہتر ہے کہ وہیں دھرنا دیکر بیٹھ جائے اور وہاں سے نہ ٹلے کیونکہ اس سے صاحب خانہ کو تکلیف ہوگی۔ اگر پہلی ہی بار اندر سے جواب مل جائے تو آگے اجازت لینے کی فکر ہی نہ پڑے کیونکہ اس سے صاحب خانہ کو تکلیف ہوگی اور اگر پہلی بار اجازت لینے پر واپس ہونے کو کہہ دیا گیا تو اب اندر آنے کی ممانعت کے بعد بھی اجازت پر اصرار کرے تو اسے ذلیل ہونے کے لئے تیار رہنا چاہیے۔

جب کسی گھر میں اندر جانے کی اجازت مانگی اور کوئی اندر سے نہ بولا پھر دوسری بار بھی ایسا ہی ہوا اور تیسری بار بھی تو واپس ہو جائے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے اذا استأذن احدکم ثلاثاً فلم یؤذن لہ فلیرجع۔ (رواہ البخاری ص ۹۲۳)

ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کے مکان پر تشریف لے گئے آپ نے تین بار اجازت طلب فرمائی اندر سے جواب نہ آیا تو آپ واپس ہو گئے اندر سے حضرت سعد رضی اللہ عنہ جلدی سے نکلے اور آپ کو اندر لے گئے اور آپ کی خدمت میں کھانے کے لئے کشمش پیش کئے۔ (مشکوۃ المصابیح ص ۳۶۹)

اس سے معلوم ہوا کہ جب تین بار اجازت طلب کرنے پر بھی اجازت نہ ملے تو اس کے بعد اجازت لینے کے لئے چیختے رہنا مسلسل گھنٹیاں بجانا کواڑ پیٹنا یہ سب خلاف شریعت ہے اس میں اپنی جان کو بھی بے آبرو ہونے کے لئے پیش کرنا ہے اور صاحب خانہ کو بھی دکھ دینا ہے۔ اس کے بعد فرمایا۔ لَیۡسَ عَلَیۡکُمۡ جُنَاحٌ اَنۡ تَدۡخُلُوۡا بُیُوۡتًا غَیۡرَ مَسۡکُوۡنَۃٍ فِیۡهَا مَتَاعٌ لَّکُمۡ (اس میں تم پر کوئی گناہ نہیں کہ ایسے گھروں میں داخل ہو جاؤ جن میں کوئی رہتا نہ ہو ان میں تمہارے استعمال کرنے کی کوئی چیز ہو) وَ اللّٰهُ یَعۡلَمُ مَا تُبۡدُوۡنَ وَ مَا تَکۡتُمُوۡنَ (اور اللہ جانتا ہے جو کچھ تم ظاہر کرتے ہو اور جو کچھ تم چھپاتے ہو) اس آیت میں ان گھروں میں اجازت طلب کئے بغیر اندر آنے کی اجازت دیدی جن میں عموماً سب کو آنے کی اجازت ہوتی ہے اور جو کسی خاص فرد یا خاندان کی رہائش کے لئے مخصوص نہیں ہوتے جیسے رباطیں اور مسافر خانے اور مسجدیں مدرسے خانقاہیں ہسپتال، ان اصول شریعت کے مطابق آنے جانے والوں کو نفع حاصل کرنے کی اجازت ہوتی ہے ان میں داخل ہونے کے لئے اجازت کی ضرورت نہیں ہاں مسجد میں امام کا کمرہ مدرسوں میں طلبہ کے حجرے خانقاہوں میں ذاکرین کے خاص غرفے اداروں کے دفاتر جن میں سب کو آنے کی اجازت نہیں ان میں داخل ہونے کے لئے اجازت لینا ضروری ہے تفسیر جلالین میں **بیوتا غیر مسکونة فیها متاع لکم** کی تفسیر کرتے ہوئے لکھا ہے **ای منفعته لکم باستکنان وغیرہ لبیوت الربط والخانات المسبلة**۔ (معالم التنزیل ج ۳ ص ۳۳۷)

حضرت قتادہؒ سے نقل کیا ہے۔ **هی الحانات والبیوت والمنازل المبنیة للسابلة لیاووا الیها ویؤووا امتعتهم الیها فیجوز دخولها بغیر استئذان والمنفعة فیها بالنزول وایواء المتاع والاتقاء من الحر والبرد**۔

اور حضرت عطاءؒ نے بُیُوۡتًا غَیۡرَ مَسۡکُوۡنَۃٍ فِیۡهَا مَتَاعٌ لَّکُمۡ کی تفسیر کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ مراد ان گھروں سے ٹوٹے پھوٹے گرے پڑے ویران ہیں اور متاع سے قضائے حاجت مراد ہے مطلب یہ ہے کہ ٹوٹے پھوٹے گرے پڑے ویران کھنڈر گھروں میں پیشاب پاخانہ کی حاجت پورا کرنے کے لئے جاؤ تو اس میں کوئی گناہ نہیں ہے۔ (**ذکرہ فی معالم التنزیل ایضا**)

تفسیر درمنثور میں نقل کیا ہے کہ جب آیت کریمہ **یا ایها الذین امنوا لا تدخلوا بیوتا غیر بیوتکم** نازل ہوئی تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ! قریش کے تاجر مکہ مدینہ اور شام اور بیت المقدس کے درمیان سفر کرتے ہیں اور راستوں میں گھر بنے ہوئے ہیں انہیں میں ٹھہر جاتے ہیں ان میں کوئی رہتا ہی نہیں ہے تو کس سے اجازت لیں کس کو سلام کریں اس پر اللہ تعالیٰ نے آیت کریمہ لَیۡسَ عَلَیۡکُمۡ جُنَاحٌ اَنۡ تَدۡخُلُوۡا بُیُوۡتًا غَیۡرَ مَسۡکُوۡنَۃٍ نازل فرمائی اور مذکورہ گھروں میں بلا اجازت داخل ہونے کی اجازت دیدی۔ (درمنثور ج ۵ ص ۴۰)

احادیث شریفہ میں استئذان کے احکام وآداب

ذیل میں چند احادیث کا ترجمہ لکھا جاتا ہے جن میں کسی کے یہاں اندر آنے جانے کی اجازت لینے کے احکام وآداب مذکور ہیں۔

حضرت عبداللہ بسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان کیا کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کسی خاندان کے دروازہ پر تشریف لاتے (اور اجازت لینے کے لئے کھڑے ہوتے) تو دروازے کے سامنے کھڑے نہیں ہوتے تھے بلکہ اس کے دائیں جانب یا بائیں جانب کھڑے ہو کر السلام علیکم السلام علیکم فرماتے تھے اس زمانہ میں دروازوں پر پردے نہیں تھے۔ (رواہ ابوداؤد)

اس سے معلوم ہوا کہ جب اندر آنے کی اجازت لینے لگے تو اپنی نظر کی حفاظت کرے تا کہ کھلے دروازہ کے اندر سے یا کواڑوں کی شگاف سے اندر نظر نہ جائے، حضرت ثوبانؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تین چیزیں ہیں جو کسی کے لئے

حلال نہیں ہیں۔ (۱) کوئی شخص ایسا نہ کرے کہ کچھ لوگوں کا امام بنے پھر دعا کرنے لگے تو انہیں چھوڑ کر اپنے ہی نفس کو دعاء کے لئے مخصوص کرے اگر کسی نے ایسا کیا تو اس نے مقتدیوں کی خیانت کی۔

(۲) اور اجازت سے پہلے کسی کے گھر کے اندر نظر نہ ڈالے اگر ایسا کیا تو اس گھر کے رہنے والوں کی خیانت کی۔ (۳) اور کوئی شخص ایسی حالت میں نماز نہ پڑھے جبکہ پیشاب پاخانہ کو روکے ہوئے ہو۔ (رواہ ابوداؤد)

حضرت سہیل بن سعدؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے دروازہ کے سوراخ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر میں نظر ڈالی اس وقت آپ کے ہاتھ میں کنگھی کی قسم کی ایک چیز تھی جس سے سر مبارک کو کھجا رہے تھے آپ نے فرمایا کہ اگر مجھے معلوم ہوتا کہ تو مجھے دیکھ رہا ہے تو اس کنگھی کرنے کی چیز سے تیری آنکھوں کو زخمی کر دیتا، اجازت تو نظر ہی کی وجہ سے رکھی گئی ہے۔ (رواہ البخاری ص ۹۲۲)

اور ایک حدیث میں ارشاد ہے فَاِنْ فَعَلَ فَقَدْ دَخَلَ یعنی جس نے اندر نظر ڈال دی تو وہ تو داخل ہی ہو گیا۔ (رواہ ابوداؤد) مطلب یہ ہے کہ دیکھ رہا ہے تو اجازت کیوں لے رہا ہے اجازت تو اسی لئے رکھی گئی ہے کہ صاحب خانہ اپنے خانگی احوال کو دکھانا نہیں چاہتا۔ جب اجازت سے پہلے دیکھ لیا تو گویا اندر ہی چلا گیا۔ جب اجازت لینے کے لئے کسی کا دروازہ یا گھنٹی بجائے اور اندر سے کوئی سوال کرے کہ کون ہے تو واضح طور پر اپنا نام بتا دے اور اہل خانہ نام سے نہ پہچانتے ہوں تو اپنا صحیح پورا تعارف کرا دے۔ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان فرمایا کہ میں اپنے والد کی قرضہ کی ادائیگی کے سلسلہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے دروازہ کھٹکھٹایا آپ نے اندر سے فرمایا کون ہے؟ میں نے جواب میں عرض کر دیا انا (یعنی میں ہوں) آپ نے کراہت کے انداز میں فرمایا انا انا (رواہ البخاری ص ۹۲۳) مطلب یہ ہے کہ میں میں کرنے سے اہل خانہ کیا سمجھیں گے کہ کون ہے میں تو ہر شخص ہے۔

جس گھر میں کوئی شخص خود اکیلا ہی رہتا ہو اس میں تو اسے کسی استئذان یعنی اجازت لینے کی ضرورت نہیں دروازہ کھولے اندر چلا جائے۔ لیکن جس گھر میں اور لوگ بھی رہتے ہیں اگرچہ اپنے محارم ہی ہوں (والدین بہن بھائی وغیرہ) تب بھی اندر جانے کی اجازت لے۔ حضرت عطاء بن یسار (تابعی) سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک شخص نے سوال کیا کیا میں اپنی والدہ کے پاس بھی اجازت لیکر جاؤں آپ نے فرمایا ہاں اندر جانے کے لئے والدہ سے بھی اجازت لو اس شخص نے کہا میں تو والدہ کے ساتھ گھر میں رہتا ہوں آپ نے فرمایا (اس کے باوجود) اس سے اجازت لیکر اندر جاؤ اس شخص نے کہا کہ میں اپنی والدہ کا خدمت گزار ہوں (جسکی وجہ اکثر اندر آنا جانا پڑتا ہے) آپ نے فرمایا بہرصورت اجازت لیکر داخل ہو کیا تجھے یہ پسند ہے کہ اپنی والدہ کو ننگی دیکھ لے اس نے کہا یہ تو پسند نہیں ہے آپ نے فرمایا بس تو اس کے پاس اجازت لیکر جاؤ۔ (رواہ مالک وہو حدیث مرسل)

اگر کسی گھر میں صرف میاں بیوی رہتے ہوں تب بھی مستحب یہ ہے کہ بغیر کسی اطلاع کے اندر نہ جائے داخل ہونے سے پہلے کھانس سے کھنکار سے یا پاؤں کی آہٹ سے باخبر کر دے کہ میں آ رہا ہوں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی اہلیہ محترمہ نے بیان کیا کہ عبداللہ جب کبھی بھی باہر سے گھر میں آتے تو دروازے سے باہر کھنکار کے پہلے سے اپنے آنے کی اطلاع دیدیتے تھے تاکہ وہ ہمیں کسی ایسی حالت میں نہ دیکھیں جو ان کو پسند نہ ہو۔ (ذکرہ ابن کثیر فی تفسیرہ)

بعض مرتبہ ایسا ہوتا ہے کہ بیوی یہ سمجھ کر کہ میاں کو جلدی آنا نہیں ہے بناؤ سنگھار کے بغیر گھر میں رہتی ہے ایسی حالت میں اچانک شوہر کی نظر پڑ جائے تو ایک طرح کی وحشت معلوم ہوتی ہے۔ اس قسم کے امور کی وجہ سے اسے بھی مستحب اور مستحسن قرار دیا ہے کہ جس گھر میں صرف بیوی ہو اس میں بھی کسی طرح اپنی آمد کی اطلاع دیکر داخل ہو گو میاں بیوی کا آپس میں کوئی پردہ نہیں ہے۔

عورتیں بھی عورتوں کے پاس اجازت لیکر جائیں کیونکہ معلوم نہیں کہ جس عورت کے پاس جانا ہے وہ کس حال میں ہے۔ عورت کو بھی دوسری عورت کے جسم کے ہر حصہ کو دیکھنا جائز نہیں ہے، اگر وہ غسل کر رہی ہو یا کپڑے بدل رہی ہو تو بلا اجازت اس کے گھر میں داخل ہونے کی صورت میں بدن کے اس حصہ پر نظر پڑ جانے کا احتمال رہے گا جسے دوسری عورت کو شرعاً دیکھنا جائز نہیں ہے، (اس کی کچھ تفصیل ان شاء اللہ تعالیٰ آگے آئے گی) پھر یہ بھی ممکن ہے کہ جس عورت کے پاس جانا ہے وہ کسی ایسے شغل میں ہو جس کی وجہ سے بات کرنے کی فرصت نہ ہو یا اپنی مشغولیت سے کسی عورت کو باخبر کرنا مناسب نہ جانتی ہو، تفسیر ابن کثیر میں حضرت ام ایاس سے نقل کیا ہے کہ ہم چار عورتیں تھیں جو اکثر حضرت عائشہؓ کے پاس حاضر ہوا کرتی تھیں گھر میں جانے سے پہلے ہم ان سے اندر آنے کی اجازت طلب کیا کرتے تھے جب اجازت دیتی تھیں تو ہم اندر چلے جاتے تھے۔

بعض مرتبہ ایسا ہوتا ہے کہ اجازت لینے والے کی آواز باہر سے پہنچ سکتی ہے ایسی صورت میں اجازت لینے والے کو السلام علیکم کہہ کر اور اپنا نام بتا کر اجازت لینا چاہیے تاکہ اندر سے یہ پوچھنے کی ضرورت نہ پڑے کہ تم کون ہو۔ حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ملنے کے لئے گئے تو باہر سے یوں کہا **السلام علیکم هٰذا عبدالله بن قیس السلام علیکم هٰذا ابوموسى السلام علیکم هٰذا الاشعری** ۔(رواہ مسلم ج ۲ ص ۲۱۱)

اگر کسی شخص کو بلا کر بھیجا ہو اور جسے بلایا ہو وہ اسی وقت قاصد کے ساتھ آ گیا اور قاصد بغیر اجازت اسے اپنے ساتھ اندر لیجانے لگے تو اس صورت میں اجازت لینے کی ضرورت نہیں۔ **فقدروى ابوهريرة رضى الله عنه ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال اذادعى احدكم فجاء مع الرسول فان ذالک له اذن** (رواہ ابوداؤد) (وجہ اس کی یہ ہے کہ جو بلانے گیا ہے وہی ساتھ لیکر اندر داخل ہو رہا ہے اسے معلوم ہے کہ اندر بلا اجازت چلے جانے کا موقع ہے)

فائدہ (۱)............ بعض متعلقین سے بہت زیادہ بے تکلفی ہوتی ہے اور ایسے دوست کو یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ اس وقت جاؤں گا تو صاحب خانہ کو تکلیف نہ ہوگی اور یہ موقع عورتوں کے پاس ہونے کا اور کسی راز کی بات کا نہیں ہے۔ ایسا شخص اپنے دوست کی عام اجازت پر (جو خاص طور سے اسے دی گئی ہو) نئی اجازت لئے بغیر بھی داخل ہو سکتا ہے۔ اس کو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے یوں بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا کہ تمہارے لئے میرے پاس آنے کی بس یہی اجازت ہے کہ تمہیں میری آہٹ کی آواز سنکر یہ پتہ چل جائے کہ میں اندر موجود ہوں تم پردہ اٹھاؤ اور اندر آ جاؤ۔ ہاں اگر میں منع کر دوں تو اور بات ہے۔ (رواہ مسلم)

فائدہ (۲)......... اجازت دینے کے لئے زبان ہی سے اجازت دینا ضروری نہیں اگر اجازت دینے کے لئے آپس میں کوئی اصطلاح مقرر کر رکھی ہو اور اس کے مطابق عمل کر لیا جائے تو وہ بھی اجازت میں شمار ہوگا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں میرا ایک بار دن کو ایک بار رات کو جانا ہوتا تھا جب میں رات کو جاتا تھا تو آپ مٹھار دیتے تھے۔ (رواہ النسائی کمافی المشکوٰۃ ص ۴۰۱)

فائدہ (۳)............ اگر کوئی شخص کسی شیخ یا استاذ کے پاس جائے اور دروازہ بجائے بغیر وہیں دروازہ سے ہٹ کر ایک طرف اس انتظار میں بیٹھ جائے کہ اندر سے نکلیں گے تو بات کر لوں گا یا کوئی مسئلہ پوچھ لوں گا یا آپکے ساتھ مدرسہ یا بازار جانے کے لئے ہمراہ ہو جاؤں گا تو یہ جائز ہے۔ کیونکہ اس سے اہل خانہ کو کوئی زحمت اور تکلیف نہیں ہوگی۔

فائدہ (۴)............ اگر کسی کے کواڑوں پر دستک دیں تو اتنی زور سے ہاتھ نہ ماریں کہ اہل خانہ پریشان ہو جائیں۔ سوتے ہوئے

جاگ اٹھیں یا نماز پڑھنے والے تشویش میں پڑ جائیں، اتنے آہستہ سے، بجائے کہ اندر آواز پہنچ جائے کہ کوئی شخص دروازہ پر ہے۔

قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ وَ يَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ؕ ذٰلِكَ اَزْكٰى لَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

آپ مؤمنین سے فرمادیجئے کہ اپنی آنکھوں کو پست رکھیں اور اپنی شرمگاہوں کو محفوظ رکھیں، یہ ان کے لئے زیادہ پاکیزہ ہونے کی بات ہے، بلاشبہ اللہ ان

خَبِيْرٌۢ بِمَا يَصْنَعُوْنَ ۝ وَقُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ يَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ وَ يَحْفَظْنَ فُرُوْجَهُنَّ

کاموں سے باخبر ہے جو تم کرتے ہو۔ اور مؤمن عورتوں سے فرمادیجئے کہ اپنی آنکھوں کو پست رکھیں اور اپنی شرمگاہوں کو محفوظ رکھیں

وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَ لْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ ۪ وَلَا يُبْدِيْنَ

اور اپنی زینت کو ظاہر نہ کریں مگر جو اس میں سے ظاہر ہو جائے، اور اپنے دوپٹوں کو اپنے گریبانوں پر ڈالے رہیں، اور اپنی زینت کو ظاہر

زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا لِبُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اٰبَآئِهِنَّ اَوْ اٰبَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اَبْنَآئِهِنَّ اَوْ اَبْنَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ

نہ کریں مگر اپنے شوہروں پر یا اپنے باپوں پر یا اپنے شوہروں کے باپوں پر یا اپنے بیٹوں پر یا اپنے شوہروں کے بیٹوں پر یا اپنے بھائیوں پر یا اپنے

اَوْ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيْٓ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيْٓ اَخَوٰتِهِنَّ اَوْ نِسَآئِهِنَّ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ

بھائیوں کے بیٹوں پر یا اپنی بہنوں کے بیٹوں پر یا اپنی عورتوں پر یا اپنی مملوکہ باندیوں پر یا ایسے

اَوِ التّٰبِعِيْنَ غَيْرِ اُولِي الْاِرْبَةِ مِنَ الرِّجَالِ اَوِ الطِّفْلِ الَّذِيْنَ لَمْ يَظْهَرُوْا عَلٰى عَوْرٰتِ النِّسَآءِ ۪

مردوں پر جو طفیلی بن کر رہتے ہیں جنہیں کوئی حاجت نہیں، یا ایسے لڑکوں پر جو ابھی عورتوں کی پردہ کی باتوں سے واقف نہیں ہوئے،

وَلَا يَضْرِبْنَ بِاَرْجُلِهِنَّ لِيُعْلَمَ مَا يُخْفِيْنَ مِنْ زِيْنَتِهِنَّ ؕ وَ تُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ جَمِيْعًا اَيُّهَ الْمُؤْمِنُوْنَ

اور مؤمن عورتیں زور سے اپنے پاؤں نہ ماریں تاکہ ان کی پوشیدہ زینت معلوم ہو جائے، اور اے مؤمنو! تم سب اللہ کے حضور میں توبہ کرو

لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝

تاکہ تم فلاح پاؤ۔

نظر کی حفاظت اور عفت وعصمت کا حکم، محارم کا بیان

ان دونوں آیتوں میں پردہ کے احکام بیان فرمائے ہیں، اول تو مردوں اور عورتوں کو نظریں پست یعنی نیچی رکھنے کا حکم فرمایا اور ساتھ ہی یہ بھی فرمایا کہ اپنی شرم گاہوں کو محفوظ رکھیں یعنی زنا نہ کریں۔ دونوں باتوں کو ساتھ جوڑ کر یہ بتادیا کہ نظر کی حفاظت نہ ہوگی تو شرم گاہوں کی حفاظت بھی نہ رہے گی۔ گھروں میں جانے کے لئے جو اجازت لینے کا حکم ہے اس میں جہاں دیگر امور کی رعایت ملحوظ ہے وہاں حفاظت نظر بھی مطلوب ہے، جب نظر کی حفاظت ہوگی تو مرد وعورت کا میل جول آگے نہیں بڑھے گا اور زنا تک نہ پہنچیں گے۔ چونکہ نظر کو بھی مزہ آتا ہے اور نظر بازی سے دواعی زنا کی ابتداء ہوتی ہے اس لئے اللہ تعالیٰ نے نظر پر پابندی لگائی ہے اور نظر کو بھی زنا قرار دیا ہے رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ آنکھوں کا زنا دیکھنا ہے اور کانوں کا زنا سننا ہے اور زبان کا زنا بات کرنا ہے اور ہاتھ کا زنا پکڑنا ہے اور پاؤں کا زنا چل کر جانا ہے اور دل خواہش کرتا ہے اور آرزو کرتا ہے اور شرم گاہ اسکو سچا کر دیتی ہے یا جھوٹا کر دیتی ہے۔ (رواہ مسلم ج ۲ ص ۳۳۶)

مطلب یہ ہے کہ زنا سے پہلے جو زانی مرد اور زانی عورت کی طرف سے نظر بازی اور گفتگو اور چھونا اور پکڑنا اور چل کر جانا ہوتا ہے یہ سب زنا میں شمار ہے اور یہ چیزیں اصلی زنا تک پہنچا دیتی ہیں بعض مرتبہ اصلی زنا کا صدور ہو ہی جاتا ہے (جس کے بارے میں فرمایا کہ شرم گاہ تصدیق کر دیتی ہے) اور بعض مرتبہ اصلی زنا رہ جاتا ہے مرد عورت اسے نہیں کر پاتے (جس کو یوں بیان فرمایا کہ شرم گاہ جھٹلا دیتی ہے۔ یعنی اعضاء سے زنا کا صدور تو ہو گیا لیکن اس کے بعد اصلی زنا کا موقع نہیں لگتا) حفاظت نظر کا حکم مردوں کو بھی ہے اور عورتوں کو بھی ہے۔ نظر کے بارے میں شریعت مطہرہ میں بہت سے احکام ہیں، عورت عورت کے کس حصے پر نظر ڈال سکتی ہے اور مرد مرد کے کس حصہ کو دیکھ سکتا ہے اس کے بھی قوانین ہیں، اور شہوت کی نظر تو بجز میاں بیوی کے کسی کے لئے حلال نہیں۔ جس نظر سے نفس کو مزہ آئے وہ شہوت کی نظر ہے اگر عورت پردہ نہ کرے مردوں کو تب بھی نظر ڈالنا ممنوع ہے۔ حضرت ابو سعید خدریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابہؓ سے فرمایا کہ راستوں میں مت بیٹھا کرو، صحابہؓ نے عرض کیا ہمارے لئے اس کے بغیر کوئی چارہ نہیں ہے، ہم راستوں میں بیٹھ کر باتیں کرتے ہیں، آپ نے فرمایا اگر تمہیں یہ کرنا ہی ہے تو راستے کو اس کا حق دیا کرو۔ عرض کیا یا رسول اللہ! راستہ کا حق کیا ہے؟ فرمایا نظریں پست رکھنا، کسی کو تکلیف نہ دینا، سلام کا جواب دینا، بھلائی کا حکم کرنا، گناہ سے روکنا۔ (رواہ البخاری) اپنے محرموں سے پردہ نہیں ہے لیکن اگر وہاں بھی شہوت کی نظر پڑنے لگے تو پردہ لازم ہے۔ اگر کوئی عورت یہ سمجھتی ہو کہ میرا افلاں محرم مجھ پر بری نظر ڈالتا ہے تو پردہ کرے، اگر بے دھیانی سے کہیں ایسی نظر پڑ جائے جو حلال نہیں ہے تو فوراً نظر کو ہٹالیں۔ حضرت جریر بن عبداللہؓ نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا اچانک نظر پڑ جائے تو کیا کروں آپؐ نے فرمایا کہ نظر کو پھیر لو۔ (رواہ مسلم)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو خطاب کرتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ اے علیؓ نظر پڑ جانے کے بعد نظر کو باقی نہ رکھو یعنی جو نظر بے اختیار پڑ جائے اس کو فوراً ہٹا لو کیونکہ بے اختیار جو نظر پڑی اس پر مواخذہ نہیں اگر نظر کو باقی رکھا تو اس پر مواخذہ ہوگا۔ **فان لک الاولی ولیست لک الاخرۃ** (المشکوٰۃ المصابیح ص ۲۶۹) حضرت عبادہ بن صامتؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تم مجھے چھ چیزوں کی ضمانت دیدو میں تمہارے لئے جنت کا ضامن ہو جاتا ہوں (۱) جب بات کرو تو سچ بولو، (۲) جب وعدہ کرو تو پورا کرو، (۳) جب تمہارے پاس امانت رکھی جائے تو ادا کرو، (۴) اور اپنی شرمگاہوں کو محفوظ رکھو، (۵) اور اپنی آنکھوں کو نیچی رکھو، (۶) اور اپنے ہاتھوں کو (ظلم وزیادتی) سے روکے رکھو۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۴۱۵)

حفاظت نظر اور حفاظت شرم گاہ کا حکم دینے کے بعد ارشاد فرمایا۔ **وَلَا یُبْدِیْنَ زِیْنَتَهُنَّ اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا** (اور اپنی زینت کو ظاہر نہ کریں مگر جو اس میں سے ظاہر ہو جائے) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اس سے اوپر کی چادر مراد ہے۔ جب عورت اچھی طرح کپڑوں میں لپٹ کر چوڑی چکلی چادر اوڑھ کر منہ چھپا کر کسی ضرورت سے باہر نکلے گی تو اوپر کی چادر پر مردوں کی نظر پڑے گی چونکہ عورت مجبوری سے نکلی ہے اور اوپر کی چادر پر شہوت کی نظر بھی نہیں پڑتی اس لئے اس طرح کا نکلنا ممنوع نہیں ہے۔ اس پر نظر پڑ جائے تو یہ اظہار زینت میں شامل نہیں ہے جو ممنوع ہے۔ اظہار زینت کی ممانعت کے بعد فرمایا **وَلْیَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰی جُیُوْبِهِنَّ** (اور چاہیے کہ مؤمن عورتیں اپنے دوپٹوں کو اپنے گریبانوں پر ڈالے رہا کریں) اس میں سینہ ڈھانکے رہنے کا حکم فرمایا ہے کیونکہ گریبان عموماً سینے پر ہی ہوتا ہے، زمانہ جاہلیت میں عورتیں سروں پر دوپٹے ڈال کر دونوں کنارے پشت کی طرف چھوڑ دیا کرتی تھیں جس سے گریبان

اور گلا اور سینہ اور کان کھلے رہتے تھے۔ اللہ تعالیٰ شانہ نے مؤمن عورتوں کو حکم دیا کہ ان چیزوں کو چھپا کر رکھیں۔

صحیح بخاری (ص ۷۰۰ ج ۲) میں ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ جب اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ کا حکم نازل فرمایا تو صحابی عورتوں نے اپنی چادروں کو پھاڑ کر دوپٹے بنا لئے، یہ حدیث سنن ابی داؤد (کتاب اللباس ج ۲ ص ۲۱۱) میں بھی ہے اس میں یہ لفظ ہے کہ شققن اکثف مروطھن فاختمرن بھا کہ انہوں نے اپنی موٹی موٹی چادروں کو کاٹ کر دوپٹے بنا لئے۔ (اس سے معلوم ہوا کہ سروں کے دوپٹے ایسے ہوں جن میں بال نظر نہ آئیں اور انہیں اس طرح اوڑھا جائے کہ سر گردن اور کان اور سینہ سب ڈھکا رہے۔ یاد رہے کہ یہ عام حالات میں گھروں میں رہتے ہوئے عمل کرنے کا حکم ہے باہر نکلنے کا اس میں ذکر نہیں ہے باہر نکلنے میں چہرہ ڈھانکنا بھی لازم ہے جبکہ نامحرموں کی نظریں پڑنے کا اندیشہ ہو۔ دور حاضر کی فیشن ایبل عورتیں جنہیں قرآن و حدیث کے احکام کا دھیان نہیں ہے اول تو انہوں نے باریک دوپٹے بنا لئے ہیں جن میں بال نظر آتے ہیں انہیں اوڑھ کر نماز بھی نہیں ہوتی دوسرے ذرا سا حصہ سر پر ڈال کر چل دیتی ہیں زمانہ جاہلیت کی عورتوں کی طرح آدھے آدھے سینے تک سب کچھ کھلا رہتا ہے۔ ان کو گرمی کھائے جاتی ہے، اسلام کے تقاضوں کی کچھ پرواہ نہیں کرتی ہیں۔

اس کے بعد ان مردوں کا ذکر فرمایا جن کے سامنے زینت کا اظہار جائز ہے۔ یہ وہ مرد ہیں جو شرعاً محرم مانے جاتے ہیں ان سے فتنے کا خطرہ نہیں کیونکہ محرم خود ان عورتوں کی عصمت وعفت کے محافظ ہوتے ہیں، پھر ان کا رشتہ ایسا ہے کہ رہن سہن میں ان سے پردہ کا اہتمام کرنا دشوار بھی ہے۔ اب اس کی تفسیر سنئے اولاً یوں فرمایا وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا لِبُعُوْلَتِهِنَّ (اور اپنی زینت کو ظاہر نہ کریں مگر اپنے شوہروں پر) میاں بیوی کا آپس میں کسی جگہ کا کوئی پردہ نہیں لیکن اعضائے مخصوصہ کو نہ دیکھنا پھر بھی افضل ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا مانظرت فرج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قط میں نے کبھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شرم کی جگہ کو نہیں دیکھا۔ بلکہ بیوی کا بے تکلفی والا جو خاص کام ہے اس وقت بھی پوری طرح ننگے ہونے سے منع فرمایا ہے۔

اَوْ اٰبَآئِهِنَّ (یا اپنے باپوں پر)

اَوْ اٰبَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ (یا اپنے شوہروں کے باپوں پر)

اَوْ اَبْنَآئِهِنَّ (یا اپنے بیٹوں پر)

اَوْ اَبْنَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ (یا اپنے شوہروں کے بیٹوں پر) اپنے بیٹے ہوں یا دوسری بیوی سے ہوں۔

اَوْ اِخْوَانِهِنَّ (یا اپنے بھائیوں پر)

اَوْ بَنِیْٓ اِخْوَانِهِنَّ (یا اپنے بھائیوں کے بیٹوں پر)

اَوْ بَنِیْٓ اَخَوٰتِهِنَّ (یا اپنی بہنوں کے بیٹوں پر)

آیت کریمہ کے مندرجہ بالا الفاظ سے معلوم ہوا کہ عورت کا اپنا باپ (جس میں دادا بھی شامل ہے اور شوہر کا باپ اور اپنے لڑکے اور شوہر کے لڑکے (جو کسی دوسری بیوی سے ہوں) اور اپنے بھائی (خواہ حقیقی بھائی ہوں خواہ باپ شریک بھائی ہوں خواہ ماں شریک) اور اپنے بھائیوں کے لڑکے اور اپنی بہنوں کے لڑکے (اس میں تینوں قسم کے بہن بھائی داخل ہیں جن کا ذکر اوپر ہوا) ان لوگوں کے سامنے عورت زیب وزینت کے ساتھ آ سکتی ہے اور یہ لوگ عورت کے محارم کہلاتے ہیں لیکن ان لوگوں کو بھی اپنی محرم عورتوں کا پورا بدن دیکھنا جائز نہیں ہے یہ لوگ اپنی محرم عورت کا چہرہ اور سر اور بازو اور پنڈلیاں دیکھ سکتے ہیں بشرطیکہ عورت کو اور دیکھنے والے مرد کو اپنے نفس پر اطمینان ہو یعنی

جانبین میں سے کسی کو شہوت کا اندیشہ نہ ہو اور اپنی محرم عورت کی پشت اور پیٹ اور ران کا دیکھنا جائز نہیں ہے اگرچہ شہوت کا اندیشہ نہ ہو۔

محرم اس کو کہتے ہیں جس سے کبھی بھی نکاح کرنا حلال نہ ہو، جن لوگوں کا ذکر ہوا ان کے علاوہ چچا ماموں بھی محارم ہیں۔ دودھ شریک بھائی، بہن اور رضاعی بیٹا (جسے دودھ پلایا ہو) بھی محرم ہیں۔ ان لوگوں کے بھی وہی احکام ہیں جو اوپر مذکور ہیں۔ خالہ اور پھوپھی اور چچا تایا کے لڑکے اور بہنوئی محرم نہیں ہیں۔ ان کا وہی حکم ہے جو غیر محرم کا حکم ہے۔

اسکے بعد فرمایا اَوْ نِسَآئِهِنَّ (یا اپنی عورتوں کے سامنے) یعنی مسلمان عورتیں مسلمان عورتوں کے سامنے اپنی زینت ظاہر کرسکتی ہیں، صاحب ہدایہ نے لکھا ہے کہ ایک مرد دوسرے مرد کے سارے بدن کو دیکھ سکتا ہے البتہ ناف سے لیکر گھٹنے تک مرد بھی مرد کو نہیں دیکھ سکتا۔ اسی طرح عورت بھی دوسری عورت کے سارے بدن کو دیکھ سکتی ہے البتہ ناف سے لیکر گھٹنے تک کے حصہ کو نہیں دیکھ سکتی اور ان دونوں مسئلوں میں بھی وہی قید ہے کہ شہوت کی نظر نہ ہو۔ بہت سی عورتیں ولادت کے وقت بہت زیادہ بے احتیاطی کرتی ہیں۔ دائی اور نرس کو بچہ پیدا کرانے کے لئے بقدر ضرورت صرف پیدائش کی جگہ دیکھنا جائز ہے اس سے زیادہ دیکھنا منع ہے۔ آس پاس جو عورتیں موجود ہوں اگر ماں بہن ہی ہوں وہ بھی ناف سے لیکر گھٹنے تک کے حصہ کو نہ دیکھیں کیونکہ ان کا دیکھنا بلا ضرورت ہے۔ نرس اور دائی کو مجبوراً نظر ڈالنی پڑتی ہے دوسری عورتوں کو کوئی مجبوری نہیں ہے لہٰذا انہیں دیکھنے کی اجازت نہیں، یہ جو دستور ہے کہ ولادت کے وقت عورت کو ننگا کر کے ڈال دیتی ہیں اور عورتیں دیکھتی رہتی ہیں یہ حرام ہے۔

آیت شریفہ میں جو اَوْنِسَآئِهِنَّ فرمایا ہے (اپنی عورتیں) اس میں لفظ اپنی سے حضرات مفسرین عظامؒ اور فقہاء کرامؒ نے یہ مسئلہ ثابت کیا ہے کہ جو کافر عورتیں ہیں ان کے سامنے مسلمان عورتیں بے پردہ ہو کر نہ آئیں کیونکہ وہ اپنی عورتیں نہیں ہیں۔ مفسر ابن کثیر نے حضرت مجاہد تابعیؒ سے نقل کیا ہے کہ **لا تضع المسلمة خمارها عند مشركة لان الله تعالىٰ يقول او نسآئهن فليست من نسائهن** (یعنی مسلمان عورت اپنا دوپٹہ کسی مشرک عورت کے سامنے اتار کر نہ رکھے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اَوْنِسَآئِهِنَّ فرمایا ہے اور مشرک عورتیں مسلمان عورتوں میں سے نہیں ہیں) ہر کافرہ عورت مشرکہ یا غیر مشرکہ سب کا یہی حکم ہے۔ **معالم التنزیل** میں ہے: **والكافرة ليست من نسائنا لانها اجنبية فى الدين ، كتب عمر بن الخطاب الى ابى عبيدة ابن الجراح رضى الله عنهما ان يمنع نساء اهل الكتاب ان يدخلن الحمام مع المسلمات** (کافر عورت ہماری عورتوں میں سے نہیں ہیں۔ حضرت عمرؓ نے ابوعبیدہ بن جراحؓ کو لکھا تھا کہ اہل کتاب عورتوں کو مسلمان عورتوں کے ساتھ حمامات میں داخل ہونے سے منع کریں۔

درمختار کتاب الحظر والاباحہ میں ہے۔ **الذمية كالرجل الاجنبى فلا تنظر الى بدن المسلمة** (ذمی عورت یعنی کافر عورت جو مسلمانوں کی عمل داری میں رہتی ہو وہ مسلمان عورت کے بدن کو نہ دیکھے) اس کے ذیل میں صاحب ردالمحتار نے لکھا ہے کہ **لا يحل للمسلمة ان تنكشف بين يدى يهودية او نصرانية او مشركة الا ان تكون امة لها كما فى السراج و نصاب الاحتساب ولا ينبغى للمرءة الصالحة ان تنظر اليها المرأة الفاجرة لانها تصفها عندالرجال فلا تضع جلبابها ولا خمارها كما فى السراج** (مسلمان عورت کے لئے یہ حلال نہیں ہے کہ یہودیہ یا نصرانیہ یا مشرکہ عورت کے سامنے بے پردہ ہو ہاں اگر اس کی اپنی مملوکہ باندی ہو تو اس کے سامنے آنا مستثنیٰ ہے اور کسی نیک عورت کے لئے یہ مناسب نہیں ہے کہ فاجر عورت کے سامنے بے پردہ ہو جائے کیونکہ وہ مردوں کے سامنے اس کا حال بیان کریگی لہٰذا اس کے سامنے اپنی چادر اور دوپٹے کو نہ اتارے۔ (ردالمحتار)

مسلمان عورت کافر عورت کے سامنے چہرہ اور ہتھیلیاں کھول سکتی ہے تمام غیر مسلم عورتیں بھنگن، دھوبن، نرس، لیڈی ڈاکٹر وغیرہ جو

بھی ہوں ان سب کے متعلق وہی حکم ہے جو اوپر بیان ہوا۔ بچے پیدا کرانے کے لئے مسلمان دائیاں اور نرسیں بلائیں اور یہ بھی بقدر ضرورت پیدائش کی جگہ نظر ڈال سکتی ہیں اور اگر کسی غیر مسلم عورت کو بچہ جنوانے کے لئے بلوائیں تو اس کے سامنے کوئی عورت ستر نہ کھولے اور جہاں تک ممکن ہو کافر عورت کو بلانے سے پرہیز کریں۔ **ذکر ابن کثیر فی تفسیرہ عن مکحولٌ و عبادۃ بن نسی انھما کرھا ان تقبل لا تکون قابلت ای حاضرۃ عندالولادۃ لتعمل عمل الاستبلاد حینا اتلدالمرأۃ المسلمۃ النصرانیۃ و الیھودیۃ والمجوسیۃ المسلمۃ.**

اَوْ مَامَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ (یا ان کے سامنے جوان کی مملوک ہیں) ابھی پردہ کا بیان جاری ہے جب مسلمان شرعی جہاد کرتے تھے تو غلاموں باندیوں کے مالک ہوتے تھے جب سے شرعی جہاد کو چھوڑا ہے اور کافروں کے ساتھ معاہدوں میں بندھے ہیں پست ہو رہے ہیں۔ جب باندی اور غلام ہوتے تھے تو عورتیں بھی ان کی مالک ہوتی تھیں اس وقت یہ سوال بھی درپیش ہوتا تھا کہ عورت کا اپنے غلام سے اور اپنی باندی سے کتنا پردہ ہے۔ اَوْ مَامَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ میں اسی کو بیان فرمایا ہے حضرت امام ابوحنیفہؒ نے فرمایا کہ اس سے صرف باندیاں مراد ہیں مرد مملوک یعنی غلام مراد نہیں ہیں۔ حضرت امام شافعیؒ کا بھی یہی قول ہے۔ صاحب روح المعانیؒ نے لکھا ہے کہ حضرت سعید بن مسیبؒ پہلے یوں کہتے تھے کہ غلام اور باندی کا ایک ہی حکم ہے۔ (یعنی کسی مسلمان عورت کا اس کے اپنے مملوک غلام یا باندی سے وہ پردہ نہیں جو اجانب سے ہے) بعد میں انہوں نے رجوع فرمایا اور فرمایا **لا یغرنکم اٰیۃ النور فانھا فی الاناث دون الذکور** (یعنی تم سورۂ نور کی آیت کی وجہ سے دھوکہ میں مت پڑنا کیونکہ وہ مملوکہ عورتوں کے بارے میں ہے مملوک مردوں کے بارے میں نہیں ہے) صاحب ہدایہؒ فرماتے ہیں کہ عورت کا غلام اگرچہ اس کا مملوک ہے لیکن وہ مرد ہے، نہ محرم ہے نہ شوہر ہے اور شہوت متحقق ہے لہٰذا مملوک غلام کا وہی حکم ہے جو اجنبی مردوں کا حکم ہے۔ علامہ قرطبیؒ نے احکام القرآن جلد ۱۲، ص ۲۳۳، ۲۳۴ میں حضرت ابن عباسؓ اور حضرت عامر شعبیؒ اور حضرت مجاہدؒ اور حضرت عطاءؒ سے نقل کیا ہے کہ غلام مملوک اپنی آقا عورت کے بالوں پر نظر نہ ڈالے۔

گھروں میں کام کرنے والے جو نوکر چاکر ہیں ان کا حکم بھی بالکل وہی ہے جو اجنبی مردوں کا ہے اس میں کسی کا اختلاف نہیں اسی طرح جو عورتیں گھروں میں کام کرتی ہیں وہ مملوک اور باندیاں نہیں ہیں ان پر بھی لازم ہے کہ مردوں سے پردہ کریں جن کے گھروں میں کام کرتی ہیں اور مردوں پر بھی لازم ہے کہ ان پر نظر نہ ڈالیں۔

اَوِ التَّابِعِيْنَ غَيْرِ اُولِي الْاِرْبَةِ مِنَ الرِّجَالِ (یا ان مردوں کے سامنے جو طفیلیوں کے طور پر ہوں جنہیں حاجت نہیں ہے) مطلب یہ ہے کہ جو بدحواس اور مغفل قسم کے لوگ ہوں جن کو شہوت سے کوئی واسطہ نہیں عورتوں کے احوال اور اوصاف سے کوئی دلچسپی نہیں انہیں بس کھانے پینے کو چاہیے طفیلی بن کر پڑے رہتے ہیں ایسے لوگوں کے سامنے عورتیں اگر زینت ظاہر کر دیں تو یہ بھی جائز ہے یعنی یہ لوگ بھی محارم کے درجہ میں ہیں آیت کا یہ مطلب حضرت ابن عباسؓ سے منقول ہے انہوں نے فرمایا **ھذا الرجل یتبع القوم وھو مغفل فی عقلہ لا یکترث للنساء ولا یشھی عن نساء** (درمنثور ص ۴۳ ج ۵)

حضرت طاؤس تابعی سے بھی اسی طرح کے الفاظ منقول ہیں انہوں نے فرمایا **ھو الاحمق الذی لاحاجۃ لہ فی النساء.** (حوالہ بالا)

یاد رہے کہ اگر مذکورہ مردوں کے سامنے عورت گہرے پردہ کا اہتمام نہ کرے (محرموں کی طرح سمجھے تو اس کی اجازت تو ہے لیکن عورتوں کو ان پر شہوت کی نظر ڈالنا جائز نہیں ہے۔

قرآن مجید کے الفاظ غَیْرِ اُولِی الْاِرْبَةِ اور حضرت ابن عباسؓ کی تفسیر سے معلوم ہو گیا کہ ان مردوں کے سامنے عورتیں آ سکتی ہیں جو غافل ہوں مغفل ہوں بے عقل ہوں نہ ان میں شہوت ہو نہ عورتوں کی طرف رغبت ہو، ان میں بوڑھے مرد ہوش گوش عقل سمجھ اور شہوت والے اور ہیجڑے داخل نہیں ہیں۔ عورتیں ایسے لوگوں کو بوڑھا سمجھ کر یا بابا دادا کہہ کر سامنے آ جاتی ہیں۔ یہ گناہ کی بات ہے نیز اگر کوئی شخص نامرد ہو یا اس کا عضو مخصوص کٹا ہوا ہو وہ بھی غَیْرِ اُولِی الْاِرْبَةِ میں شامل نہیں ہے۔ اور اس کے سامنے آنا بھی ممنوع ہے۔ صحیح بخاری میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی اہلیہ مطہرہ ام سلمہؓ کے پاس تھے وہاں گھر میں اس وقت ایک مخنث (ہیجڑہ) بھی تھا اس ہیجڑے نے حضرت ام سلمہؓ کے بھائی سے کہا کہ اے عبداللہ اگر اللہ تعالیٰ نے طائف کو فتح فرما دیا میں تجھے غیلان کی بیٹی بتا دوں گا وہ جب سامنے آتی ہے تو اس کے پیٹ میں چار شکنیں ہوتی ہیں اور جب پیٹھ موڑ کر جاتی ہے تو اس کی کمر سے آٹھ شکنیں نظر آتی ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی بات سن کر ارشاد فرمایا کہ یہ لوگ ہر گز تمہارے گھروں میں نہ آئیں۔ (مشکوٰۃ المصابیح ۲۷۰ از بخاری و مسلم)

قال صاحب الهداية الخصى فى النظر الى الاجنبية كالفحل لقول عائشة رضى الله عنها الخصاء مثلة فلا يبيح ما كان حراما قبله و لانه فحل يجامع و كذا المجبوب لانه يسحق و ينزل و كذا المخنث فى الردئى من الافعال لانه فحل فاسق و الحاصل انه يؤخذ فيه بحكم كتاب الله المنزل.

اَوِ الطِّفْلِ الَّذِیْنَ لَمْ یَظْهَرُوْا عَلٰی عَوْرٰتِ النِّسَآءِ (یا ان لڑکوں پر جو عورتوں کے پردہ کی چیزوں پر مطلع نہیں ہوئے) یعنی وہ نابالغ لڑکے جو عورتوں کے مخصوص حالات اور صفات سے بالکل بے خبر ہیں ان کے سامنے عورت آ سکتی ہے اور جو لڑکا عورتوں سے متعلقہ احوال اور اوصاف کو جانتا اور سمجھتا ہو اس سے پردہ کرنا واجب ہے۔

وَلَا یَضْرِبْنَ بِاَرْجُلِهِنَّ لِیُعْلَمَ مَا یُخْفِیْنَ مِنْ زِیْنَتِهِنَّ (اور عورتیں اپنے پاؤں نہ ماریں یعنی زور سے نہ رکھیں تاکہ ان کا پوشیدہ زیور معلوم ہو جائے) عورتوں کو زیور پہننا تو جائز ہے بشرطیکہ دکھاوے کے لئے نہ ہو اور جو زیور پہنے اس میں یہ شرط ہے کہ بجنے والا زیور نہ ہو تو زیور کے اندر کوئی بجنے والی چیز ڈالے اور نہ زور سے پاؤں مار کر چلے کیونکہ ایسا کرنے سے غیر محرم زیور کی آواز سن لیں گے جو آپس میں ٹکرا کر بج سکتا ہے۔ حضرت عائشہ صدیقہؓ کے پاس ایک لڑکی لائی گئی وہ بجنے والا زیور پہنے ہوئے تھی حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ جب تک اس کا یہ زیور نہ کاٹ دو ہر گز میرے پاس نہ لاؤ۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ اس گھر میں فرشتے داخل نہیں ہوتے جس میں بجنے والی چیز ہو۔ (رواہ ابوداؤد)

جب زیور کی آواز سنانا نامحرموں کو ممنوع ہے تو عورت کے لئے اپنی آواز سنانے میں زیادہ احتیاط کی ضرورت ہے۔ بدرجہ مجبوری نامحرموں سے ضرورت کی کوئی بات کی جائے تو اس کی گنجائش ہے اس کو سمجھ لیا جائے۔ عورت اگر باہر نکلے تو خوب اہتمام کے ساتھ پردہ میں نکلے اور پردہ کے لئے جو بڑی چادر یا برقعہ استعمال کرے وہ بھی مزین اور کامدار اور بیل بوٹے والا مردوں کی نظر کو لبھانے والا نہ ہو۔ اور جب زیور کی آواز سنانا جائز نہیں تو نامحرموں کو خوشبو سنگھانا بطریق اولیٰ ممنوع ہے۔

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر آنکھ زنا کار ہے اور کوئی عورت عطر لگا کر (مردوں کی) مجلس کے قریب سے گزرے تو ایسی ہے ویسی ہے یعنی زنا کار ہے۔ (رواہ ابوداؤد)

وَتُوْبُوْٓا اِلَی اللّٰهِ جَمِیْعًا اَیُّهَ الْمُؤْمِنُوْنَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ (اے مؤمنو! تم سب اللہ کے حضور میں توبہ کرو تاکہ کامیاب ہو جاؤ) اس میں مؤمن مردوں اور مؤمن عورتوں کو حکم دیا کہ سب اللہ کے حضور میں توبہ کریں) توبہ کرنے میں کامیابی ہے۔ ہر طرح کے تمام

گناہوں سے توبہ کریں اور نفس ونظر سے جو گناہ صادر ہو گئے ہوں ان سے خاص طور سے توبہ کریں نفس ونظر کا ایسا گناہ ہے جس پر دوسروں کو اطلاع نہیں ہوتی اور نظروں کو اور نفسوں کے ارادوں کو اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے یا وہ جانتا ہے جو مبتلائے معصیت ہو۔ کسی مرد نے کسی مرد یا عورت کو بری نظر سے دیکھ لیا یا کسی عورت نے کسی مرد پر نفسانیت والی نظر ڈال دی تو اس کا اس شخص کو پتہ نہیں چلتا جس پر نظر ڈالی ہے اور نہ کسی دوسرے شخص کو پتہ چلتا ہے اپنے نفس ونظر کی خود ہی نگرانی کرتے رہیں اور ہر گناہ سے توبہ کریں۔

بے پردگی کے حامیوں کی جاہلانہ باتیں اور ان کی تردید

جب سے لوگوں میں صرف اسلام کا دعویٰ رہ گیا ہے اور اسلام پر چلنے کی ہمت نہیں کرتے اور یہ چاہتے ہیں کہ دیندار بھی رہیں اور آزاد بھی رہیں ایسے لوگ بے پردگی کے حامی ہیں یہ لوگ چاہتے ہیں کہ مسلمان عورتیں کافر عورتوں کی طرح گلی کوچوں میں پھریں اور بازاروں میں گشت لگائیں ان آزاد منش جاہلوں کی جہالت کا ساتھ دینے والے بعض مصری قلم کار بھی مل گئے پھر مصر کے ان نام نہاد آزاد خیال لوگوں کا اتباع ہندوپاک کے ناخدا ترس مضمون نگار بھی کرنے لگے۔ ان لوگوں کو اور تو کچھ نہ ملا **الا ماظهر منها** مل گیا اور الا ماظہر کی تفسیر جو حضرت ابن مسعودؓ نے کی ہے کہ اس سے اوپر کی چادر مراد ہے چونکہ یہ ان لوگوں کے لئے جذبات نفسانیہ کے خلاف تھی اس لئے اس سے تو اعراض کیا اور حضرت ابن عباسؓ سے جو اس کی تفسیر میں **وجہ** اور **کفین** منقول ہے اسے لے اڑے، کیا وجہ ہے حضرت ابن مسعودؓ کی تفسیر کو چھوڑا جبکہ وہ پرانے صحابی ہیں سابقین اولین میں سے ہیں جن کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے **تمسكوا بعهد ابن ام عبد** کہ ام عبد کے بیٹے (ابن مسعود کی طرف سے جو دینی حکم ملے اس کو مضبوطی سے پکڑلو۔ (مشکوٰۃ ص ۵۷۸)

حضرت ابن عباس مفسر قرآن تھے اور بڑے عالم تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو **اللهم علمه الكتاب** کی دعا بھی دی تھی اگر ان کی اس تفسیر کو لیا جائے جو انہوں نے **الوجه والكفان** سے کی ہے۔ تب بھی اس سے عورتوں کو بے پردہ ہو کر باہر نکلنے کا جواز ثابت نہیں ہوتا کیونکہ اول تو آیت شریفہ میں **اِلَّا مَاظَهَرَ** فرمایا ہے **اِلَّا مَااَظْهَرْنَ** نہیں فرمایا (یعنی یہ نہیں فرمایا کہ عورتیں ظاہر کیا کریں بلکہ یوں فرمایا کہ جو ظاہر ہو جائے) اب سمجھ لیں جب عورت چہرہ کھول کر باہر نکلے گی تو اظہار ہوگا یا ظہور ہوگا؟ کیا اس کو یوں کہیں گے کہ بلا اختیار ظاہر ہو گیا ہے؟ پھر یہ بھی واضح رہے کہ آیت میں نامحرم کے سامنے ظاہر ہونے کا ذکر نہیں ہے، عورتوں کی پردہ دری کے حامی یہاں نامحرموں کو گھسیٹ کر خود سے لے آئے۔ حضرت ابن عباسؓ کے کلام میں نامحرموں کے سامنے عورت کے چہرہ اور کفین کے ظاہر ہونے اور ظاہر کرنے کا کوئی ذکر نہیں ہے۔ انکی بات کا سیدھا سادھا مطلب یہ ہے کہ عورت کو عام حالات میں جبکہ وہ گھر میں کام کاج میں لگی ہوئی ہو سارے کپڑے پہنے رہنا چاہیے اگر چہرہ اور ہاتھ کھلا رہے اور گھر کی عورتیں اور باپ بیٹے اور دوسرے محرموں کی نظر پڑ جائے یہ جائز ہے۔

لوگوں میں یوں ہی بے دینی ہے اور عفت وعصمت سے دشمنی ہے اوپر سے انہیں یہ مفت کے مفتی بھی مل گئے جنہوں نے کہہ دیا کہ چہرہ کا پردہ نہیں ہے اگر ہے تو درجہ استحباب میں ہے، ان جاہل مفتیوں نے نہ آیات اور احادیث کو دیکھا نہ یہ سوچا کہ عورت بے پردگی کو صرف چہرہ تک محدود نہ رکھے گی۔ عورت کا مزاج تو بننے ٹھننے اور دکھانے کا ہے اب دیکھ لو بے پردہ باہر نکلنے والی عورتوں کا کیا حال ہے کیا صرف چہرہ ہی کھلا رہتا ہے؟ ان لوگوں نے حضرت ابن عباسؓ کے قول کو دیکھ لیا اور اس کا مطلب غلط لے لیا پھر اپنی ذاتی رائے کو عورتوں میں پھیلایا اور **ان من العلم جهلا** کا مصداق بن گئے۔

سورۂ احزاب میں عورتوں کو پردہ کرنے کا حکم

اول سورۂ احزاب کی آیت وَاِذَا سَاَلْتُمُوْهُنَّ مَتَاعًا فَاسْئَلُوْهُنَّ مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ (اور جب تم ان سے کسی برتنے کی چیز کا سوال کروتو ان سے پردہ کے پیچھے سے مانگو) پڑھئے اور غور کیجئے کہ اگر چہرہ پردہ میں نہیں ہے تو پردہ کے پیچھے سے مانگنے کی کیا ضرورت ہے؟ یوں بھی عورتیں عام طور سے گھروں میں ننگی تو نہیں رہتی ہیں عموماً ہاتھ اور چہرہ کھلا رہتا ہے اگر چہرہ کا پردہ نہیں تو نامحرم مردوں کو کوئی چیز لینے کے لئے پردہ کے باہر سے طلب کرنے کا حکم کیوں فرمایا؟ تو معلوم ہوا کہ چہرہ ہی اصل پردہ کی چیز ہے پھر اس میں صیغہ امر بھی ہے جو وجوب پر دلالت کرتا ہے اس سے ان جاہلوں کی بات کی تردید ہوگئی جو یوں کہتے ہیں کہ چہرہ کا ڈھانپنا اعلیٰ وافضل ہے واجب نہیں ہے،

اب سورۂ احزاب کی ایک اور آیت سنئے ارشاد ربانی ہے یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِیْنَ یُدْنِیْنَ عَلَیْهِنَّ مِنْ جَلَابِیْبِهِنَّ (اے پیغمبر اپنی بیویوں سے اور اپنی صاحبزادیوں سے اور دوسرے مسلمانوں کی بیویوں سے کہہ دیجئے کہ اپنے اوپر اپنی چادروں کے حصوں کو نیچا کرلیا کریں) اس آیت کی تفسیر میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا امر نساء المؤمنین ان یغطین رؤسهن ووجوههن بالجلابيب الاعيناً واحدة ليعلم انهن حرائر (معالم التنزیل ج ۳ ص ۵۴۴) یعنی مؤمنین کی عورتوں کو حکم دیا گیا کہ وہ اپنے سروں اور چہروں کو بڑی بڑی چوڑی چکلی چادروں سے ڈھانکے رہا کریں صرف ایک آنکھ کھلی رہے تا کہ یہ معلوم ہو جائے کہ یہ باندیاں نہیں ہیں۔

یادرہے کہ یہ وہی ابن عباسؓ ہیں جن کی طرف اِلَّا مَاظَهَرَ مِنْهَا کی تفسیر الوجه والكفان منسوب ہے معلوم ہوا کہ انہوں نے جو یہ فرمایا ہے کہ اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا سے وجہ و کفین مراد ہیں اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ کھلا چہرہ لیکر نامحرموں کے سامنے آجایا کریں یا چہرہ کھول کر باہر نکلا کریں جب انہوں نے اس دوسری آیت کی تفسیر میں یہ فرمادیا کہ بڑی چادروں سے اپنے سر اور چہرہ کو ڈھانکے رہیں اور دیکھنے کی ضرورت سے صرف ایک آنکھ کھلی رہے تو معلوم ہوا کہ الاماظهر کی تفسیر میں جو انہوں نے وجہ اور کفین فرمایا ہے اس سے ان کے نزدیک گھروں میں رہتے ہوئے چہرہ اور ہاتھ کھلے رہنے کی اجازت مراد ہے۔ شیطان برے برے وسوسے ڈالتا ہے اور گمراہی کے راستے دکھاتا ہے اس نے پردہ کے مخالفین کو یہ بات سمجھائی ہے کہ پردہ کا حکم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات کے لئے ہے اور انہیں کے لئے مخصوص ہے ان لوگوں کی اس جاہلانہ بات کی تردید سورۂ احزاب کے الفاظ سے واضح طور پر ہو رہی ہے کیونکہ اس میں لفظ ونساء المؤمنین موجود ہے پھر ایک موٹی سمجھ والا انسان (جسے خوف خدا ہو) یہ سمجھنے پر مجبور ہو جاتا ہے جب ازواج مطہرات کو پردہ کرنے کا حکم ہے جن کے بارے میں وازواجه امهاتهم (اور آپ کی بیویاں ایمان والوں کی مائیں ہیں) فرمایا ہے جن پر کسی مؤمن کی بری نظر پڑنے کا احتمال ہی نہ تھا تو ان عورتوں کے بارے میں پردہ کا حکم کیونکر نہ ہوگا جن کی طرف قصداً بری نظریں اٹھائی جاتی ہیں اور جو خود مردوں کو اپنی طرف مائل کرنے کا ارادہ رکھتی ہیں، کیا کسی صحیح العقل انسان کی سمجھ میں یہ بات آسکتی ہے کہ خاندان نبوت کی چند خواتین کو پردہ کا حکم دیکر امت کی کروڑہا عورتوں کو قدیم زمانہ کی جاہلیت اولیٰ کی طرح بے پردہ ہو کر باہر پھرنے کی اجازت دیدی ہو۔

احادیث میں پردہ کا حکم

اب احادیث شریفہ کا مطالعہ کیجئے ان ہی اوراق میں گزر چکا ہے کہ جب غزوۂ بنی المصطلق کے موقع پر حضرت صفوان بن معطلؓ کی حضرت عائشہ صدیقہؓ پر نظر پڑی اور حضرت عائشہؓ نے ان کے اناللّٰه وانااليه راجعون پڑھنے کی آواز سنی تو حضرت عائشہ کی آنکھ کھل گئی

اور انہوں نے فوراً اپنا چہرہ ڈھانپ لیا وہ فرماتی ہیں کہ صفوان نے مجھے پردہ کا حکم نازل ہونے سے پہلے دیکھا تھا، اسی سے سمجھ لیا جائے کہ پردہ کا جو حکم نازل ہوا تھا وہ چہرہ سے بھی متعلق تھا ورنہ انہیں چہرہ ڈھانپنے کی اور یہ بیان کرنے کی ضرورت نہ تھی کہ انہوں نے مجھے نزول حجاب کے حکم سے پہلے دیکھا تھا۔

نیز چند صفحات پہلے یہ واقعہ بحوالہ صحیح بخاری گزر چکا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی اہلیہ محترمہ ام سلمہؓ کے پاس تھے وہیں ایک ہیجڑا بھی تھا اس نے حضرت ام سلمہؓ کے بھائی سے کہا اگر اللہ تعالیٰ نے طائف کو فتح کر دیا تو میں تمہیں غیلان کی بیٹی بتادونگا جو ایسی ایسی ہے اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ یہ لوگ ہرگز تمہارے گھروں میں داخل نہ ہوں۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا کہ حضرت عمرؓ نے یوں کہا کہ یارسول اللہ! (صلی اللہ علیہ وسلم) آپ کے پاس (اندرون خانہ) اچھے برے لوگ آتے جاتے ہیں۔ (وہاں امہات المؤمنین بھی ہوتی ہیں) اگر آپ امہات المؤمنین کو پردہ کرنے کا حکم دیدیتے تو اچھا ہوتا۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے پردہ والی آیت نازل فرمائی۔ (صحیح بخاری ص ۷۰۶) اس سے صاف ظاہر ہے کہ پردہ کی آیت میں نامحرموں کے سامنے چہرے ڈھانپنے کا حکم نازل ہوا۔ کیونکہ اس سے پہلے بھی کپڑے پہنے ہوئے ہی بیٹھی رہتی تھیں۔

حضرت انسؓ کی ایک روایت اور سنئے وہ فرماتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زینب بنت جحشؓ کے ساتھ شب گزار کر صبح کو ولیمہ کیا تو خوب بڑی دعوت کی لوگ آتے رہے کھاتے رہے اور جاتے رہے، کھانے سے فارغ ہو کر سب لوگ چلے گئے لیکن تین اصحاب رہ گئے وہ باتیں کرتے رہے آپ کے مزاج میں حیاء بہت تھی آپ نے ان سے نہیں فرمایا کہ تم چلے جاؤ بلکہ خود حضرت عائشہؓ کے حجرہ کی طرف چلے گئے۔ جب میں نے آپ کو خبر دی کہ وہ لوگ چلے گئے تو آپ واپس تشریف لے آئے میں آپ کے ساتھ (حسب عادت) داخل ہونے لگا تو آپ نے میرے اور اپنے درمیان پردہ ڈال دیا اور آیت حجاب یعنی آیت کریمہ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُیُوْتَ النَّبِیِّ (آخر تک) اللہ تعالیٰ نے نازل فرمادی۔ (صحیح بخاری ص ۷۰۷، ۷۰۶)

حضرت انسؓ پرانے خادم تھے دس برس تک انہوں نے آپ کی خدمت کی جب پردہ کا حکم نازل ہوا تو آپ نے پردہ ڈال دیا اور حضرت انسؓ کو اندر آنے نہیں دیا۔ اب سوال یہ ہے کہ اس سے پہلے حضرت انسؓ اندر گھروں میں آتے جاتے تھے کیا ازواج مطہرات کپڑے نہیں پہنتی تھیں، کیا چہرہ کے سوا کسی اور جگہ بھی ان کی نظر پڑتی تھی؟ اگر چہرہ پردہ میں نہیں تو ان کو اندر جانے سے کیوں روکا گیا۔ ازواج مطہراتؓ سے فرمادیتے کہ اس کو آنے جانے دو صرف چہرہ کھلے رکھا کرو لیکن وہاں مستقل داخل ہونے پر پابندی لگادی گئی۔ اسی سے سمجھ لیا جائے کہ پردہ کا جو حکم نازل ہوا اس میں اصل چہرہ ہی کا چھپانا ہے ورنہ جسم کے دوسرے حصے پہلے بھی نامحرموں کے سامنے ظاہر نہیں کئے جاتے تھے۔

سنن ابوداؤد کتاب الجہاد میں ہے کہ حضرت ام خلادؓ کا صاحبزادہ ایک جہاد کے موقعہ پر شہید ہو گیا تھا وہ چہرہ پر نقاب ڈالے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں ان کا یہ حال دیکھ کر کسی صحابیؓ نے کہا کہ تم اپنے بیٹے کا حال معلوم کرنے کے لئے آئی ہو اور نقاب ڈالے ہوئے ہو؟ حضرت ام خلادؓ نے جواب دیا اگر اپنے بیٹے کے بارے میں مصیبت زدہ ہوگئی ہوں تو اپنی شرم و حیاء کھو کر ہرگز مصیبت زدہ نہ بنوں گی (یعنی حیاء کا چلا جانا ایسی مصیبت زدہ کردینے والی چیز ہے جیسے بیٹے کا ختم ہو جانا) حضرت ام خلادؓ کے پوچھنے پر حضورؐ نے جواب دیا کہ تمہارے بیٹے کے لئے دو شہیدوں کا ثواب ہے انہوں نے عرض کیا یارسول اللہ! کیوں؟ ارشاد فرمایا اس لئے کہ اسے اہل کتاب نے قتل کیا ہے۔ (سنن ابوداؤد ج ۱ ص ۳۳۶)

اس واقعہ سے بھی ان مغربیت زدہ مجتہدین کی تردید ہوتی ہے جو چہرہ کو پردہ سے خارج کرتے ہیں اور یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ پردہ ہر حال میں لازم ہے رنج ہو یا خوشی نامحرم کے سامنے بے پردہ ہو کر آنا منع ہے، بہت سے مرد اور عورت ایسا طرز اختیار کرتے ہیں کہ گویا مصیبت کے وقت شریعت کا کوئی قانون لاگو نہیں ہے، جب گھر میں کوئی موت ہو جائے گی تو اس بات کو جانتے ہوئے کہ نوحہ کرنا سخت منع ہے عورتیں زور زور سے نوحہ کرتی ہیں جنازہ گھر سے باہر نکالا جاتا ہے تو عورتیں دروازہ کے ساتھ باہر تک اس کے پیچھے چلی آتی ہیں اور پردہ کا کچھ خیال نہیں کرتیں، خوب یاد رکھو، غصہ ہو یا رضامندی، خوشی ہو یا مصیبت، ہر حال میں احکام شریعت کی پابندی کرنا لازم ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حج وعمرہ کے مسائل بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ **لاتنتقب المرأة المحرمة.** (مشکوۃ المصابیح ۲۳۵) یعنی احرام والی عورت نقاب نہ ڈالے اس سے صاف ظاہر ہے کہ زمانۂ نبوت میں عورتیں چہروں پر نقاب ڈال کر باہر نکلتی تھیں، یاد رہے کہ حکم یہ ہے کہ عورت حالت احرام میں چہرہ پر کپڑا نہ ڈالے یہ مطلب نہیں ہے کہ نامحرموں کے سامنے چہرہ کھولے رہے یہ جو عورتوں میں مشہور ہے کہ حالت احرام میں پردہ نہیں یہ غلط ہے اس غلط فہمی کو حضرت عائشہؓ کی ایک حدیث سے دور کرلیں انہوں نے فرمایا کہ ہم حالت احرام میں حضورؐ کے ساتھ تھے، گزرنے والے اپنی سواریوں پر ہمارے پاس سے گزرتے تھے تو ہم اپنی چادر کو اپنے سر سے آگے بڑھا کر چہرہ کے سامنے لٹکا لیتے تھے۔ جب وہ لوگ آگے بڑھ جاتے تھے تو ہم چہرہ کھول لیتے تھے۔ (مشکوۃ المصابیح ص ۲۳۶)

مسئلہ یہ ہے کہ احرام والی عورت اپنے چہرہ کو کپڑا نہ لگائے یہ مطلب نہیں ہے کہ نامحرموں کے سامنے چہرہ کھولے رہے اس فرق کو حضرت عائشہ صدیقہؓ نے واضح فرمادیا جیسا کہ ابوداؤد شریف کی روایت میں مذکور ہے۔

بے پردگی کے حامی اپنی دلیل میں ایک حدیث بھی پیش کرتے ہیں اور وہ یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت اسماء بنت ابوبکرؓ سے فرمایا کہ اے اسماءؓ جب عورت کو حیض آجائے یعنی بالغ ہو جائے تو اس کے لئے یہ ٹھیک نہیں ہے کہ چہرہ اور ہتھیلیوں کے علاوہ کچھ نظر آجائے، اول تو یہ حدیث ہی منقطع الاسناد ہے۔ حضرت امام ابوداؤد نے اس کی روایت کی ہے لیکن ساتھ ہی یہ بھی فرمادیا کہ **خالدبن دریک لم یسمع من عائشةؓ** پھر اس میں بھی نامحرموں کو دیکھنے دکھانے کا کوئی ذکر نہیں ہے۔

پردہ کے مخالفوں کو یہ منظور ہے کہ ان کی ماں بہنیں، بہو بیٹیاں بے پردہ ہو کر باہر نکلیں، خود تو بے شرم ہیں ہی اپنی خواتین کو بھی شرم کے حدود سے پار کرنا چاہتے ہیں۔ پردہ شکنی کی دلیل کے لئے کچھ بھی نہ ملا تو حضرت ابن عباسؓ کے قول کو حجت بنالیا اور اسے قرآن کریم کے ذمہ لگادیا حالانکہ قرآن مجید میں وجہ اور کفین کا کہیں ذکر نہیں ہے ان لوگوں کی وہی مثال ہے کہ چوہے کو ہلدی کی ایک گرہ مل گئی تو جلدی سے پنساری بن بیٹھا۔

نماز کے مسئلہ سے دھوکہ کھانے والوں کی گمراہی

بعض لوگوں نے نماز کے مسئلہ سے دھوکہ کھایا ہے یا خود سے دھوکہ کھانے کا بہانہ بنایا ہے یہ لوگ کہتے ہیں کہ نماز کے بیان میں یوں لکھا ہے کہ عورت کا چہرہ اور ہتھیلی ستر میں داخل نہیں ہے، اس سے بھلا نامحرموں کے سامنے چہرہ کھولنا کیسے ثابت ہوا؟ نماز میں جسم ڈھانکنے کا مسئلہ اور ہے اور نامحرموں کے سامنے چہرہ کھولنا یہ دوسری بات ہے، دیکھئے صاحب درمختار شروط الصلاۃ کے بیان میں **حرة** یعنی آزاد عورت کی نماز میں پردہ پوشی کا حکم بتاتے ہوئے لکھتے ہیں۔ **وللحرة جميع بدنها حتى شعرها النازل فى الاصح خلا الوجه والكفين والقدمين على المعتمد** اس میں یہ بتایا کہ نماز میں آزاد عورت کے لئے چہرہ اور ہتھیلیاں اور دونوں قدم کے علاوہ سارے بدن کا ڈھانکنا لازم ہے یہاں تک کہ جو بال سر سے لٹکے ہوئے ہوں انکا ڈھانکنا بھی ضروری ہے اسکے بعد لکھتے ہیں۔ **وتمنع المرءة**

الشابة من کشف الوجه بین رجال لا لانه عورة بل لخوف الفتنة کمسه وان امن الشهوة لانه اغلظ ولذاثبتت به حرمة المصاهرة ولا یجوز النظر الیه بشهوة کوجه الا مرد فانه یحرم النظر الی وجهها ووجه الامرد اذا شک فی الشهوة اما بدونها فیباح ولو جمیلا کما اعتمده الکمال. فقہاء پر اللہ تعالیٰ کی رحمتیں ہوں جن کو اللہ تعالیٰ نے متنبہ فرمادیا کہ ایسے لوگ بھی ہوسکتے ہیں جو نماز کے مسئلے سے نامحرموں کے سامنے چہرہ کھولنے پر استدلال کرسکتے ہیں اس لئے انہوں نے کتاب الصلاۃ ہی میں نماز میں ستر عورت کا حکم بتا کر فوراً اسی جگہ پر یہ بھی بتادیا کہ جوان عورت کو مردوں کے سامنے چہرہ کھولنے سے منع کیا جائے گا کیونکہ اس میں فتنہ کا ڈر ہے اور جوان عورت کے چہرہ کی طرف اور بے ریش لڑکے کے چہرہ کی طرف شہوت سے دیکھنا جائز نہیں ہے جبکہ اس میں شک ہو کہ شہوت یعنی نفس کی کشش ہوگی، جب اس میں شک ہو کہ دیکھنے میں شہوت ہوگی یا نہیں اس صورت میں نہ صرف یہ کہ عورت کے چہرہ پر نظر ڈالنا حرام ہے بلکہ بے ریش لڑکے کو دیکھنا بھی حرام ہے۔ پھر جب شہوت کا یقین ہو یا غالب گمان ہو تو نظر ڈالنا کیونکر حرام نہیں ہوگا؟

اب سمجھ لیا جائے کہ اس زمانہ میں جو عورت چہرہ کھول کر باہر نکلے گی اس پر نظریں ڈالنے والے مرد عموماً شہوت والے ہیں یا بلا شہوت والے۔

صاحب جلالینؒ کی عبارت پڑھئے وہ لکھتے ہیں وَلَا یُبْدِیْنَ زِیْنَتَهُنَّ اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا وهو الوجه والکفان فیجوز نظره لاجنبی ان لم یخف فتنة فی احد الوجهین والثانی یحرم لانه مظنة الفتنة ورجح حسما للباب یعنی مَاظَهَرَ مِنْهَا سے (حضرت ابن عباسؓ کے قول کے مطابق) چہرہ اور ہتھیلیاں مراد ہیں لہٰذا اگر فتنہ کا خوف نہ ہو تو اجنبی کو دیکھنا جائز ہے یہ (شافعیہ کے نزدیک) ایک رائے ہے اور دوسری رائے یہ ہے کہ چونکہ چہرہ دیکھنے میں فتنہ کا احتمال ہے اس لئے اجنبی کو نامحرم عورت کا چہرہ دیکھنا حرام ہے اس دوسری رائے کو ترجیح دی گئی ہے تاکہ فتنہ کا دروازہ بالکل بند ہوجائے۔ (معلوم ہوا کہ محققین شافعیہؒ کا بھی یہی فرمانا ہے کہ چہرہ کا پردہ کرنا لازم ہے)

تکمیل.........اسلام میں حیا اور شرم کی بہت اہمیت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ حیا اور ایمان دونوں ساتھ ساتھ ہیں جب ایک اٹھایا جاتا ہے تو دوسرا بھی اٹھالیا جاتا ہے۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۴۳۲)

حیا کے تقاضوں میں جہاں نامحرموں سے پردہ کرنا ہے وہاں مردوں کے آپس کے اور عورتوں کے آپس کے پردہ کے بھی احکام ہیں حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کوئی مرد کسی مرد کی شرم کی جگہ کو نہ دیکھے اور نہ کوئی عورت کسی عورت کی شرم گاہ کو دیکھے اور نہ مرد (کپڑے اتار کر) ایک کپڑے میں لیٹیں۔ اور نہ عورتیں (کپڑے اتار کر) ایک کپڑے میں لیٹیں۔ (رواہ مسلم)

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جس طرح عورت کا مرد سے پردہ ہے اسی طرح عورت کا عورت سے اور مرد کا مرد سے بھی پردہ ہے لیکن پردوں میں تفصیل ہے۔ ناف سے لیکر گھٹنوں کے ختم تک کسی بھی مرد کو کسی مرد کی طرف دیکھنا حلال نہیں ہے۔ بہت سے لوگ آپس میں زیادہ دوستی ہوجانے پر پردہ کی جگہ ایک دوسرے کو بلا تکلف دکھا دیتے ہیں یہ سراسر حرام ہے، اسی طرح عورت کو عورت کے سامنے ناف سے لیکر گھٹنوں کے ختم تک کھولنا حرام ہے۔

مسئلہ.........جتنی جگہ میں نظر کا پردہ ہے اتنی جگہ کو چھونا بھی درست نہیں ہے چاہے کپڑے کے اندر ہاتھ ڈال کر ہی کیوں نہ ہو۔ مثلاً کسی بھی مرد کو یہ جائز نہیں کسی مرد کے ناف سے لیکر گھٹنوں تک کے حصہ کو ہاتھ لگائے۔ اسی طرح کوئی عورت کسی عورت کے ناف کے نیچے

کے حصہ کو گھٹنوں کے ختم تک ہاتھ نہیں لگا سکتی۔ اسی وجہ سے حدیث بالا میں دونوں مردوں کو ایک کپڑے میں لیٹنے کی ممانعت فرمائی ہے اور یہی ممانعت عورتوں کے لئے بھی ہے یعنی دو عورتیں ایک کپڑے میں نہ لیٹیں۔

یہ جو کچھ بیان ہوا ضرورت اور مجبوری کے مواقع اس سے مستثنیٰ ہیں، مجبوری صرف دو جگہ پیش آتی ہے اول تو بچہ پیدا کرانے کے وقت اس میں بھی دائی جنائی نرس لیڈی ڈاکٹر صرف بقدر ضرورت پردہ کی جگہ میں نظر ڈال سکتی ہے اور کسی کو دیکھنے کی اجازت نہیں ہے۔

دوسری مجبوری علاج کے مواقع میں پیش آتی ہے اس میں بھی **الضرورۃ تقدر بقدر الضرورۃ** کا لحاظ کرنا لازم ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ مجبوراً جتنے بدن کا دیکھنا ضروری ہو۔ معالج بس اسی قدر دیکھ سکتا ہے۔ مثلاً اگر ران میں زخم ہو تو حکیم یا ڈاکٹر صرف اتنی جگہ دیکھ سکتا ہے جس کا دیکھنا ضروری ہے۔ جس کی صورت یہ ہے کہ پرانا کپڑا پہن کر زخم کے اوپر کا حصہ کاٹ دیا جائے پھر اسے صرف معالج دیکھ لے (جیسے مثلاً آپریشن کرنا ہے یا کولہے میں کسی مجبوری سے انجکشن لگانا ہے تو صرف انجکشن لگانے کے لئے ذرا سی جگہ کھولی جائے جس کا طریقہ اوپر مذکور ہے اور جس جگہ کو علاج کی مجبوری سے ڈاکٹر یا حکیم کو دیکھنا جائز ہے دوسرے لوگوں کو دیکھنا جائز نہیں جو وہاں موجود ہوتے ہیں۔ کیونکہ ان کا دیکھنا بلا ضرورت ہے۔ اگر کسی حکیم کو ایسی عورت کی نبض دکھانی ہو جو حکیم کی محرم نہ ہو تو نبض کی جگہ پر انگلی رکھ سکتا ہے اس سے زیادہ مریضہ کے جسم کو ہاتھ نہ لگائے۔ ان باتوں کو خوب سمجھ لیا جائے۔

تذییل............اگر کوئی نامحرم عورت اپنی رشتہ دار یا غیر رشتہ دار سے پردہ نہ کرے تو نامحرم مردوں کو اس کی طرف دیکھنا جائز نہیں ہو جاتا پردہ حکم شرعی ہے خود عورت کی اجازت سے یا اس کے شوہر کی اجازت سے یا کسی بھی شخص کے کہنے یا اجازت دینے سے نامحرموں کو اس پر نظر ڈالنا حلال نہیں ہو جاتا، اس طرح، ملازمت کے کام انجام دینے کی وجہ سے بے پردہ ہو کر نامحرموں کے سامنے آ جانا گناہ ہے، لوگ مسلم خواتین کو بے حیاء نصرانی لیڈیوں کے روپ میں دیکھنا چاہتے ہیں ایک مسلمان عورت کسی کافر عورت کی نقل کیوں اتارے؟ ہمارا دین کامل ہے ہمیں اپنے دینی امور یا دنیاوی مسائل میں کافروں کی تقلید کرنے کی کیا ضرورت ہے؟

یاد رہے کہ جیسے نامحرم عورتوں کو دیکھنا جائز نہیں ہے اسی طرح بے ریش لڑکوں پر یا باریش نوجوانوں پر یا داڑھے منڈے خوبصورت مردوں پر شہوت کی نظر ڈالنا جائز نہیں ہے۔ شہوت کی نظر وہ ہے جس میں نفس اور نظر کو مزا آئے اور آجکل لڑکوں اور مردوں کی کسی ہوئی پتلون نے۔ جو ننگا ہونے کے برابر ہے۔ بدنظری کے مواقع بہت زیادہ فراہم کر دیئے ہیں۔ ہر مؤمن بدنظری سے بچے بدنظری گناہ بھی ہے اور اس سے دل کا ناس ہو جاتا ہے نماز اور ذکر تلاوت میں دل نہیں لگتا۔ اور اس کے برخلاف ناجائز نظر پڑ جانے پر نظر پھیر لینے سے ایسی عبادت کے نصیب ہونے کا وعدہ ہے جس کی حلاوت یعنی مٹھاس محسوس ہوگی۔ (رواہ احمد کما فی المشکوٰۃ ص ۲۷)

حضرت حسن سے (مرسلا) مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ کی لعنت ہے دیکھنے والے پر اور جس کی طرف دیکھا جائے اس پر بھی۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۲۷۰ از بیہقی فی شعب الایمان)

یہ حدیث بہت سی جزئیات پر حاوی ہے جس میں بطور قاعدہ کلیہ ہر نظر حرام کو سبب لعنت بتایا ہے بلکہ اس پر بھی لعنت بھیجی ہے جو اپنی خوشی اور اختیار سے ایسی جگہ کھڑا ہو جائے جہاں دیکھنے والے ایسی نظر ڈال سکیں جو شریعت میں حلال نہ ہو، ننگوں کے جو کلب ہیں ان کے ممبر بننا، ناچنے والی عورتوں کا اور ناچنے والے مردوں کا نظارہ کرنے والے سب لعنت کے مستحق ہیں۔

اگر کوئی عورت بغیر پردہ کے بازار میں یا میلہ میں یا پارک میں چلی گئی جس کی وجہ سے غیر مردوں نے اسے دیکھ لیا تو وہ مرد اور عورت لعنت کے مستحق ہوئے۔ اسی طرح کوئی عورت دروازہ یا کھڑکی سے یا برآمدہ سے باہر تاک جھانکتی ہے تو یہ عورت بدنظری کی وجہ

سے مستحق لعنت ہے اور غیر مردوں کو دیکھنے کا موقع دینے کی وجہ سے بھی لعنت کی مستحق ہوتی ہے اسی طرح شادی کے موقع پر سلامی کے لئے جب دولہا اندر گھر میں آیا اور نامحرم عورتوں کو دیکھنے کا موقع دیا تو یہ دولہا عورتوں کے درمیان بیٹھنے کی وجہ سے اور عورتیں اس کو دیکھنے کی وجہ سے لعنت کی مستحق ہوئیں۔ کسی عورت نے کسی عورت کو اگر ناف سے لے کر گھٹنوں کے ختم تک کا حصہ پورا یا کچھ دکھلا دیا تو دیکھنے والی اور دکھانے والی دونوں لعنت کی مستحق ہوئیں۔ اسی طرح اگر کسی مرد نے کسی مرد کے سامنے ناف کے نیچے سے لے کر گھٹنوں کے ختم تک کا پورا حصہ یا کچھ حصہ کھول دیا تو دکھلانے والا اور دیکھنے والا دونوں لعنت کے مستحق ہوئے، کسی عورت نے اپنے محرم یعنی باپ بھائی وغیرہ کے سامنے اپنا پیٹ یا پیٹھ یاران یا گھٹنا کھول دیا تو دیکھنے والا اور دکھانے والی دونوں نے لعنت کا کام کرلیا، بہت سے مغربیت زدہ گھرانوں میں یہ آفت ہے کہ انگریز عورتوں کی دیکھا دیکھی صرف ایک فراک پہنے ہوئے گھروں میں رہتی ہیں اور پائجامہ یا ساڑھی کی جگہ ذرا سی لنگوٹی یا جانگیا پہنے رہتی ہیں جس کی وجہ سے رانیں اور گھٹنے گھر کے مردوں کے سامنے بلکہ نوکروں کے سامنے بھی (جن کو گھروں میں رکھنا حرام ہے) کھلے رہتے ہیں۔ اس طرز عمل سے گھر کے سب مرد عورت لعنت کے مستحق ہوجاتے ہیں۔

وَاَنْكِحُوا الْاَيَامٰى مِنْكُمْ وَالصّٰلِحِيْنَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَاِمَآئِكُمْ ؕ اِنْ يَّكُوْنُوْا فُقَرَآءَ يُغْنِهِمُ

اور تم میں سے جو بے نکاح ہو اور تمہارے غلام اور باندیوں میں سے جو نیک ہو ان کا نکاح کردیا کرو، اگر وہ تنگدست ہوں تو اللہ انہیں اپنے

اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۳۲﴾

اپنے فضل سے غنی فرمادیگا، اور اللہ وسعت والا ہے جاننے والا ہے۔

نکاح کی ضرورت اور عفت وعصمت محفوظ رکھنے کی اہمیت

ان آیات میں ان لوگوں کا نکاح کردینے کا حکم فرمایا ہے جو بانکاح نہ ہوں جس کی دو صورتیں ہیں ایک یہ کہ اب نکاح ہوا ہی نہ ہو، دوسری یہ کہ نکاح ہو کر چھوٹ چھٹراؤ ہوگیا ہو یا میاں بیوی میں سے کسی کی وفات ہوگئی ہو، آیت شریفہ میں جو لفظ **ایامی** وارد ہوا ہے یہ ایم کی جمع ہے۔ عربی میں ایم اس مرد کو کہتے ہیں جس کا جوڑا نہ ہو، چونکہ نکاح ہوجانے سے مرد اور عورت کے نفسانی ابھار کا انتظام ہوجاتا ہے اور نکاح پاکدامن رہنے کا ذریعہ بن جاتا ہے اس لئے شریعت اسلامیہ میں اپنا نکاح کرنے اور دوسروں کا نکاح کرادینے کی بڑی اہمیت اور فضیلت ہے۔ نکاح ہوجانے سے نفس ونظر پاک رہتے ہیں گناہ کی طرف دھیان چلا بھی جائے تو اپنے پاس نفس کی خواہش پورا کرنے کے لئے انتظام ہوتا ہے۔ حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب بندہ نے نکاح کرلیا تو اس نے آدھے دین کو کامل کرلیا لہٰذا وہ باقی آدھے دین کے بارے میں اللہ سے ڈرے۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۲۶۸)

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اے جوانو! تم میں سے جسے نکاح کرنے کا مقدور ہو وہ نکاح کرلے کیونکہ نکاح نظروں کو نیچی رکھنے اور شرم گاہ کو پاک رکھنے کا سب سے بڑا ذریعہ ہے۔ اور جسے نکاح کرنے کا مقدور نہ ہو وہ روزے رکھے۔ کیونکہ روزے رکھنے سے اس کی شہوت دب جائے گی۔ (رواہ البخاری ص ۷۵۸ ج ۲)

مستقل طور پر قوت مردانہ زائل کرنے کی اجازت نہیں ہے کیونکہ نسل بڑھانا مقصود ہے اور مسلمان کی جو اولاد ہوتی ہے وہ عموماً مسلمان ہی ہوتی ہے اور اس طرح سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت بڑھتی ہے آپ نے ارشاد فرمایا۔ کہ ایسی عورت سے نکاح کرو جس سے

دل لگے اور جس سے اولاد زیادہ ہو کیونکہ میں دوسری امتوں کے مقابلہ میں تمہاری کثرت پر فخر کروں گا۔ (رواہ ابوداؤد ص ۲۸۰ ج ۱)

اگر قوت مردانہ زائل نہ کی جائے پھر کبھی نکاح کا مقدور ہو جائے تو اس میں اولاد سے محرومی نہ ہوگی حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ یارسول اللہ! ہمیں خصی ہونے کی اجازت دیجئے آپ نے فرمایا **لیس منا من خصیٰ ولا اختصیٰ ان خصاء امتی الصیام** (مشکوٰۃ المصابیح ص ۶۹ از شرح السنہ) یعنی وہ شخص ہم میں سے نہیں ہے جو کسی کو خصی کرے یا خود خصی بنے، بے شک میری امت کا خصی ہونا یہ ہے کہ روزے رکھے جائیں۔

عام حالات میں نکاح کرنا سنت ہے حضرات انبیاء کرام علیہم السلام کا طریقہ ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ چار چیزیں ایسی ہیں جنہیں انبیاء کرام علیہم السلام نے اختیار فرمایا تھا۔ (۱) شرم کرنا، (۲) عطر لگانا، (۳) مسواک کرنا، (۴) نکاح کرنا، (رواہ الترمذی وھو اول حدیث من ابواب النکاح فی کتابہ) فقہاء نے لکھا ہے کہ اگر کسی کو شہوت کا غلبہ ہو اور اسے غالب گمان ہو کہ حدود شریعت پر قائم نہ رہ سکے گا نفس ونظر کو محفوظ نہ رکھ سکے گا اور اس کے پاس نکاح کرنے کے وسائل بھی موجود ہوں تو ایسے شخص پر نکاح کرنا واجب ہے۔ اگر شہوت کا غلبہ ہے اور نکاح کے وسائل نہیں یا کوئی عورت اس سے نکاح کرنے پر راضی نہیں تو گناہ میں مبتلا ہونا پھر بھی حلال نہیں، شہوت دبانے کے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے روزے رکھنے کا نسخہ بتایا ہے، اس پر عمل کریں۔ پھر جب اللہ تعالیٰ شانہ توفیق دیدے تو نکاح کرلیں۔

چونکہ عام طور سے اپنے نکاح کی کوشش خود نہیں کی جاتی اور خاص کر عورتیں اور ان میں بھی کنواری لڑکیاں اپنے نکاح کی خود بات چلانے سے شرماتی ہیں اور یہ شرم ان کے لئے بہترین ہے جو ایمان کے تقاضوں کی وجہ سے ہے اس لئے اولیاء کو لڑکوں اور لڑکیوں کا نکاح کرنے کے لئے متفکر رہنا لازم ہے اسی طرح بڑے عمر کے بے شادی شدہ مردوں اور عورتوں کے نکاح کے لئے فکرمند رہنا چاہیے۔ آیت شریفہ جو **وَاَنْكِحُوا الْاَيَامٰى** فرمایا ہے اس میں یہی بتایا ہے کہ آجکل لوگوں نے نکاح کو ایک مصیبت بنا رکھا ہے دیندار جوڑ نہیں ڈھونڈتے اور دنیاداری اور ریاکاری کے دھندے پیچھے لگا رکھے ہیں جن کی وجہ سے بڑی بڑی عمروں کے مرد اور عورت بے نکاح کے بیٹھے رہتے ہیں نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ لڑکیاں بے شرم ہو کر خود سے اپنا جوڑا ڈھونڈ لیتی ہیں اور کورٹ میں جا کر قانونی نکاح کرلیتی ہیں اب ماں باپ چونکتے ہیں کہ ہائے ہائے یہ کیا ہوا۔ اور بعض مرتبہ یہ نکاح شرعاً درست نہیں ہوتا اولاد کے نکاحوں کے سلسلے میں لوگوں کی بے دھیانی اور بے راہی کی وجہ سے برے برے نتائج سامنے آرہے ہیں۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ جب تمہارے پاس کوئی ایسا شخص نکاح کا پیغام لائے جس کے دین اور اخلاق سے تم خوش ہو تو تم اس سے نکاح کردو اگر تم اس پر عمل نہ کروگے تو زمین میں بڑا فتنہ ہوگا اور (لمبا) چوڑا فساد ہوگا۔ (رواہ الترمذی)

حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے کہ رسول اللہؐ نے ارشاد فرمایا کہ عورت سے چار چیزوں کی وجہ سے نکاح کیا جاتا ہے۔ (۱) اس کے مال کی وجہ سے، (۲) اس کے مرتبہ کی وجہ سے، (۳) اس کی خوبصورتی کی وجہ سے، (۴) اس کے دین کی وجہ سے، سو تو دین والی عورت سے نکاح کرکے کامیاب ہوجا اللہ تجھے سمجھ دے۔ (رواہ البخاری)

ان دونوں حدیثوں سے معلوم ہوا کہ مرد ہو یا عورت دونوں کے لئے دیندار اور حسن اخلاق سے متصف جوڑا تلاش کیا جائے۔ آجکل دینداری کی بجائے دوسری چیزوں کو دیکھا جاتا ہے۔ بڑے بڑے خرچوں کے انتظام میں دیر لگنے کی وجہ سے لڑکیاں بیٹھی رہتی ہیں

ریا کاری کے جذبات سادہ شادی نہیں کرنے دیتے ہیں تو سید صاحب اپنی ماں حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے مطابق بیٹا بیٹی کے نکاح کرنے کو عار سمجھتے ہیں اگر کوئی توجہ دلاتا ہے تو کہتے ہیں کہ آج کل کا دور ہی ایسا ہے، لیکن یہ نہیں سوچتے کہ اس دور کو لانے والا کون ہے خود ہی ریا کاری کا رواج ڈالا اور اب کہہ رہے ہیں کہ بڑے بڑے اخراجات نہ ہوں تو لڑکی کا نکاح کیسے کریں اور کس سے کریں؟ مسلمانو! ایسی باتیں چھوڑو، سادگی میں آ جاؤ حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ بلاشبہ برکت کے اعتبار سے سب سے بڑا نکاح وہ ہے جس میں خرچہ کم سے کم ہو۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۲۶۸)

غیر شادی شدہ آزاد مردوں اور عورتوں کے نکاح کا حکم کردینے کے بعد فرمایا وَالصّٰلِحِیْنَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَاِمَآئِكُمْ یعنی اپنے غلاموں میں سے ان غلاموں اور باندیوں کا نکاح کر دیا کرو جو صالح ہو بعض مفسرین نے فرمایا کہ صالحین سے وہ غلام اور باندیاں مراد ہیں جن میں نکاح کی صلاحیت ہو اور بعض حضرات نے فرمایا کہ اس سے صالح کے معروف معنی یعنی نیک ہونا مراد ہے، جو معنی بھی مراد لیا جائے غلام اور باندی کے آقا کے لئے مستحب ہے کہ ان میں صلاح اور صلاحیت دیکھے تو ان کا نکاح کر دے۔ **قال فی روح المعانی والامر هنا قیل للوجوب والیه ذهب اهل الظاهر، وقیل للندب والیه ذهب الجمهور** غلاموں اور باندیوں کے نکاحوں اور ان سے پیدا شدہ اولاد کے مسائل کتب فقہ میں مذکور ہیں۔

آزاد مرد اور عورت اور مملوک مرد اور عورت کے نکاح کا حکم دینے کے بعد فرمایا اِنْ یَّكُوْنُوْا فُقَرَآءَ یُغْنِهِمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ (اگر یہ لوگ مفلس ہونگے تو اللہ انہیں اپنی فضل سے غنی فرما دیگا) وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ (اور اللہ وسعت والا ہے جاننے والا ہے)

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے وعدہ فرمایا ہے اللہ تعالیٰ نکاح کرنے والوں کی مالی مدد فرمائے گا۔ اور اس میں اس طرف بھی اشارہ ہے کہ تنگدستی کی وجہ سے نکاح کرنے سے باز نہ رہیں اگر کوئی مناسب عورت مل جائے تو نکاح کر لیں، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تین شخص ایسے ہیں جن کی مدد کرنا اللہ تعالیٰ نے اپنے ذمے کر لیا ہے۔

(۱) وہ مکاتب جو ادائیگی کی نیت رکھتا ہے (عنقریب ہی مکاتب کا معنی معلوم ہو جائے گا ان شاء اللہ تعالیٰ)

(۲) وہ نکاح کرنے والا جو پاکدامن رہنے کی نیت سے نکاح کرے۔

(۳) وہ مجاہد جو اللہ کی راہ میں جہاد کرے۔ (رواہ النسائی فی کتاب النکاح)

پھر فرمایا وَلْیَسْتَعْفِفِ الَّذِیْنَ لَا یَجِدُوْنَ نِكَاحًا حَتّٰی یُغْنِیَهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ کہ جو لوگ نکاح پر قدرت نہ رکھتے ہوں ان کے پاس مال واسباب نہیں گھر در نہیں تو وہ اس کو عذر بنا کر اپنی عفت اور عصمت کو داغدار نہ کر لیں۔ نظر اور شرم گاہ کی حفاظت کا اہتمام کریں، یوں نہ سمجھ لیں کہ جب میں نکاح نہیں کر سکتا تو نفس کے ابھار وخواہشات کو زنا کے ذریعہ پورا کرلوں۔ زنا بہر حال حرام ہے، اس کے حلال ہونے کا کوئی راستہ نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل کا انتظار کریں۔ جب مقدور ہو جائے نکاح کریں اور صبر سے کام لیں اور نفس کے جذبات کو دبانے کی تدبیر حدیث شریف میں گزر چکی ہے کہ روزے رکھا کریں۔

وَلْیَسْتَعْفِفِ الَّذِیْنَ لَا یَجِدُوْنَ نِكَاحًا حَتّٰی یُغْنِیَهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَالَّذِیْنَ یَبْتَغُوْنَ

اور جو لوگ نکاح کی قدرت نہیں رکھتے انہیں چاہیے کہ وہ اپنے جذبات پر قابو رکھے یہاں تک کے اللہ انہیں اپنے فضل سے مال دار کر دے اور تمہاری ملکیت میں

الْكِتٰبَ مِمَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ فَكَاتِبُوْهُمْ اِنْ عَلِمْتُمْ فِيْهِمْ خَيْرًا ۖۗ وَّاٰتُوْهُمْ مِّنْ مَّالِ اللّٰهِ

جولوگ ہیں ان میں سے جو مکاتب ہونے کی خواہش رکھتے ہوں انہیں مکاتب بنادو اگر تم ان میں بہتری پاؤ۔ اور تم انہیں اللہ کے مال میں سے دیدو

الَّذِيْٓ اٰتٰىكُمْ ۭ وَلَا تُكْرِهُوْا فَتَيٰتِكُمْ عَلَى الْبِغَاۗءِ اِنْ اَرَدْنَ تَحَصُّنًا لِّتَبْتَغُوْا عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۭ

جو اس نے تمہیں دیا ہے، اور اپنی باندیوں کو زنا کرنے پر مجبور نہ کرو جبکہ پاکدامن رہنا چاہیں تاکہ تم کو دنیاوی زندگی کا کوئی مال مل جائے۔

وَمَنْ يُّكْرِهْهُّنَّ فَاِنَّ اللّٰهَ مِنْۢ بَعْدِ اِكْرَاهِهِنَّ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۳۳ وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ

اور جو شخص ان پر زبردستی کرے تو اللہ انہیں مجبور کرنے کے بعد بخشنے والا ہے مہربان ہے۔ اور ہم نے تمہاری طرف کھلے کھلے احکام نازل کئے ہیں

وَّمَثَلًا مِّنَ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝۳۴

اور جو لوگ تم سے پہلے تھے ان کی بعض حکایات اور متقیوں کے لئے نصیحت نازل کی ہیں۔

ع ۸ ۱۰

غلاموں اور باندیوں کو مکاتب بنانے کا حکم

غلام اور باندیوں کے بارے میں شریعت مطہرہ میں بہت سے احکام ہیں جو حدیث وفقہ کی کتابوں میں مذکور ہیں انہیں احکام میں سے ایک مکاتب بھی ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ آقا اپنے غلام یا باندی سے کہے کہ اگر تو مجھے اتنی رقم دیدے تو آزاد ہے اگر غلام یا باندی اسے منظور کرلے تو پھر وہ آقا کی خدمت سے آزاد ہوجاتا ہے غلام تو رہتا ہے لیکن اپنے کسب میں آزاد ہوجاتا ہے۔ جب بھی مقررہ پوری رقم دیدے گا آزاد ہوجائے گا۔ جب غلام کا آقا سے مکاتبت کا معاملہ ہوجائے جسے کتابت بھی کہتے ہیں تو غلام مکاتب ہوگیا اگر غلام سے یہ طے ہوا ہے کہ ابھی نقد لاکر رقم دیدے تو آزاد ہے اور وہ کسی سے ادھار قرض کرکے اپنے آقا کو رقم دیدے تو اسی وقت آزاد ہوجائے گا۔ اور اگر یہ طے ہوا کہ اتنے عرصہ میں اتنی قسطوں میں رقم ادا کرتے رہنا جب آخری قسط ادا کردے گا تو آزاد ہوجائے گا۔ اگر وہ کسب سے عاجز ہوجائے یا یوں کہہ دے کہ میں آگے قسط نہیں دے سکتا تو دوبارہ اسی طرح سے غلام ہوجائے گا جیسے غلام ہوا کرتے ہیں۔ یعنی دوبارہ پوری طرح آقا کے اختیارات اس پر محکم ومسلط ہوجائیں گے۔

تفسیر درمنثور ص ۴۵ ج ۵ میں کتاب معرفۃ الصحابہ سے نقل کیا ہے کہ صبیح نامی ایک غلام نے اپنے آقا حویطب بن عبدالعزی سے کہا مجھے مکاتب بنادو انہوں نے انکار کردیا تو آیت کریمہ وَالَّذِيْنَ يَبْتَغُوْنَ الْكِتٰبَ نازل ہوئی، معالم التنزیل ص ۳۴۲ ج ۳ میں بھی یہ واقعہ لکھا ہے اس میں یہ بھی اضافہ ہے کہ آیت نازل ہونے کے بعد صبیح کے آقا نے سو دینار پر مکاتب بنادیا اور اس میں سے بیس دینار اپنے مکاتب کو بخش دیئے یہ مکاتب بھی مسلمان تھا جو غزوۂ حنین میں شہید ہوا رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس کے آقا حضرت حویطب رضی اللہ عنہ بھی صحابی تھے۔

چونکہ آیت میں لفظ كَاتِبُوْهُمْ (امر کا صیغہ) وارد ہوا ہے اس لئے حضرت عطاءؒ اور عمرو بن دینارؒ نے فرمایا ہے کہ اگر غلام اپنی قیمت یا اس سے زیادہ پر کتابت کا معاملہ کرنا چاہے اور اپنے آقا سے درخواست کرے تو آقا پر واجب ہے کہ اسے مکاتب بنادے اور اپنی قیمت سے کم پر مکاتب بنانے کا مطالبہ کرے تو آقا کے ذمہ مکاتب بنانا واجب نہیں ہے۔ لیکن اکثر اہل علم نے یوں فرمایا ہے کہ یہ حکم ایجابی نہیں

ہے استحباب کیلئے ہے۔ یعنی غلام کے کہنے پر اگر آقا اسے کاتب بنادے تو بہتر ہے اگر نہ بنائے گا تو گناہ گار نہ ہوگا۔ (ذکر فی معالم التنزیل)
فَكَاتِبُوْهُمْ کے ساتھ اِنْ عَلِمْتُمْ فِيْهِمْ خَيْرًا بھی فرمایا ہے یعنی اگر تم ان کے اندر خیر پاؤ تو انہیں مکاتب بنادو، خیر سے کیا مراد ہے؟ اس کے بارے میں درمنثور میں ابوداؤد اور سنن بیہقی سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کیا ہے کہ اگر تم ان میں حرفہ یعنی کمائی کا ڈھنگ دیکھو تو انہیں مکاتب بنادو اور انہیں اس حال میں نہ چھوڑ دو کہ لوگوں پر بوجھ بن جائیں (مطلب یہ ہے کہ ان کے اندر اگر مال کمانے کی طاقت اور طریقہ کار محسوس کرو تو مکاتب بنادو ایسا نہ ہو کہ وہ لوگوں سے مانگ کر مال جمع کرتے پھریں اور اس سے تمہیں بدل کتابت ادا کریں)۔
درمنثور میں یہ بھی لکھا ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ اپنے کسی غلام کو مکاتب نہیں بناتے تھے۔ جب تک یہ نہ دیکھ لیتے تھے کہ یہ کما کر دے سکے گا، اور یوں فرماتے تھے کہ (اگر یہ کمانے کا اہل نہ ہوا تو) مجھے لوگوں کے میل کچیل کھلائے گا یعنی مانگ مانگ کر لائے گا۔
جب آقا کسی غلام کو مکاتب بنادے تو اب وہ حلال طریقوں پر مال کسب کر کے اپنے آقا کو قسطیں دیتا رہے دو تین صفحات پہلے حدیث گزر چکی ہے کہ تین شخصوں کی مدد اللہ تعالیٰ نے اپنے ذمہ لے لی ہے۔ ان میں سے ایک وہ مکاتب بھی ہے جس کا ادائیگی کا ارادہ ہو۔
بعض حضرات نے خیر سے نماز قائم کرنا مراد لیا ہے۔ یعنی اگر تم یہ سمجھتے ہو کہ وہ نماز قائم کریں گے تو تم انہیں مکاتب بنادو (ذکرہ فی معالم التنزیل عن عبیدۃ) لیکن اس سے یہ سمجھ میں آتا ہے کہ کافر کو مکاتب بنانا جائز نہ ہو، حالانکہ وہ بھی جائز ہے، اور بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ خیر سے یہ مراد ہے کہ آزاد ہوجانے کے بعد وہ مسلمانوں کے لئے مصیبت اور ضرر کا باعث نہ بنے اگر کسی غلام کے بارے میں یہ محسوس ہوتا ہو کہ آزاد ہونے کے بعد مسلمانوں کو تکلیف دے گا تو ایسے غیر مسلم کو مکاتب نہ بنانا افضل ہے۔ (ذکرہ فی الروح ص ۱۵۵ ج ۱۸)
اس کے بعد فرمایا وَاٰتُوْهُمْ مِّنْ مَّالِ اللّٰهِ الَّذِيْٓ اٰتٰىكُمْ (اور انہیں اس مال میں سے دیدو جو اللہ نے تمہیں عطا فرمایا ہے، اس کے بارے میں صاحب معالم التنزیل نے حضرت عثمانؓ، حضرت علیؓ، حضرت زبیر رضی اللہ عنہم اور حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ سے نقل کیا ہے کہ یہ آقا کو خطاب ہے کہ جسے مکاتب بنایا ہے اس کے بدل کتابت میں سے ایک حصہ معاف کردے اور یہ ان حضرات کے نزدیک واجب ہے بعض حضرات نے فرمایا ہے ۱/۴ معاف کردے یہ حضرت علیؓ کا فرمان ہے، اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول ہے کہ ۱/۳ معاف کردے۔ حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ اور دیگر حضرات نے فرمایا ہے کہ اس کی کوئی حد نہیں ہے جتنا چاہے معاف کردے۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے ایک غلام کو پینتیس ہزار درہم کے عوض مکاتب بنایا پھر آخر میں پانچ ہزار درہم چھوڑ دیئے۔ حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کا یہ طریقہ تھا کہ جب کسی غلام کو مکاتب بناتے تھے تو شروع کی قسطوں میں سے کچھ معاف نہیں کرتے پھر آخری قسط میں سے جتنا چاہتے تھے چھوڑ دیتے تھے۔
آیت بالا کی تفسیر میں دوسرا قول یہ ہے کہ اس کا خطاب عام مسلمانوں کو ہے اور مطلب یہ ہے کہ عامۃ المسلمین مکاتب کی مدد کریں، اور ایک قول یہ ہے کہ اس سے مکاتب کو زکوٰۃ کی رقم دینا مراد ہے کیونکہ سورۂ توبہ میں مصارف زکوٰۃ بیان کرتے ہوئے وَفِي الرِّقَابِ بھی فرمایا ہے۔ (وھٰذا کلہ من معالم التنزیل ص ۳۴۳ ج ۳)
حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک دیہات کا آدمی آیا اور اس نے عرض کیا کہ مجھے ایسا عمل بتا دیجئے جو مجھے جنت میں داخل کرادے آپ نے فرمایا کہ جان کو آزاد کردے اور گردن کو چھڑادے، اس نے

عرض کیا کہ کیا یہ دونوں ایک نہیں ہیں؟ آپ نے فرمایا نہیں! (پھر فرمایا کہ) جان کا آزاد کرنا یہ ہے کہ تو کسی جان کو (غلام ہو یا باندی) پورا پورا اپنی ملکیت سے آزاد کر دے، اور فک رقبۃ (اور گردن کا چھڑانا) یہ ہے کہ تو اس کی قیمت میں مدد کرے۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۲۹۳، از بیہقی فی شعب الایمان)

علامہ ابوبکر جصاص نے احکام القرآن ص ۳۲۲ ج ۳ میں لکھا ہے کہ حضرت امام ابوحنیفہؒ، امام ابو یوسفؒ، امام زفرؒ، امام محمدؒ، امام مالک، امام ثوریؒ نے فرمایا ہے کہ آقا کے ذمہ یہ واجب نہیں ہے کہ مال کتابت میں سے کچھ وضع کرے اسے اس پر مجبور نہیں کیا جائے گا ہاں اگر وہ کچھ رقم خود سے کم کر دے تو یہ مستحسن ہے پھر چند وجوہ سے ان حضرات کی قول کی تردید کی ہے، جنہوں نے یوں فرمایا ہے کہ آقا پر بدل کتابت کا کچھ حصہ معاف کر دینا واجب ہے۔

اس کے بعد فرمایا وَلَا تُكْرِهُوا فَتَيٰتِكُمْ عَلَى الْبِغَآءِ اِنْ اَرَدْنَ تَحَصُّنًا لِّتَبْتَغُوا عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا (اور اپنی باندیوں کو زنا کرنے پر مجبور نہ کرو جبکہ وہ پاکدامن رہنا چاہیں تاکہ تم کو دنیاوی زندگی کا کوئی مال مل جائے) زمانۂ جاہلیت میں لوگ زنا کاری کے خوگر تھے عورتیں اس پیشہ کو اختیار کر کے مالدار بنی رہتی تھیں، زنا کاری کے اڈوں پر جھنڈے لگے رہتے تھے جس سے لوگ پہچان لیتے تھے کہ یہاں کوئی زنا کار عورت رہتی ہے۔ (معالم التنزیل) جب آزاد عورتیں ہی زنا کاری کے پیشہ سے مال حاصل کرتی تھیں تو اس کے لئے باندیاں اور زیادہ استعمال کی جاتی تھیں۔ لوگوں کا یہ طریقہ تھا کہ اپنی باندیوں سے کہتے تھے جاؤ زنا کرو پیسے کما کر لاؤ وہ زنا کار مردوں کو ڈھونڈتی پھرتی تھیں اور زنا کاری کی اجرت میں جو پیسے ملتے تھے وہ اپنے آقاؤں کو لا کر دیدیتی تھیں، جب اسلام کے احکام نازل ہوئے تو زنا کاری کو حرام قرار دیدیا۔ اور زنا کی اجرت کو بھی حرام قرار دیدیا۔ (کما رواہ مسلم عن رافع بن خدیج ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ثمن الکلب خبیث ومھر البغی خبیث وکسب الحجام خبیث) لیکن جن لوگوں کو باندیوں کو زنا کاری کے لئے بھیج کر پیسہ کمانے کی عادت تھی انہیں اسلام کا فیصلہ اچھا نہ لگا۔ تفسیر درمنثور ص ۴۶ ج ۵ میں کتب حدیث سے ایسی متعدد روایات نقل کی ہیں جن میں یہ بیان کیا ہے کہ رئیس المنافقین عبداللہ ابن ابی ابن سلول کی باندیاں تھیں وہ زمانۂ جاہلیت میں ان سے زنا کرا کر پیسے کماتا تھا، جب اسلام کا زمانہ آیا تو انہیں زنا کرنے پر مجبور کیا جب انہوں نے انکار کیا تو بعض کو اس نے مارا بھی، اللہ تعالیٰ شانہ نے آیت بالا نازل فرمائی وَلَا تُكْرِهُوا فَتَيٰتِكُمْ عَلَى الْبِغَآءِ اِنْ اَرَدْنَ تَحَصُّنًا لِّتَبْتَغُوا عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا (کہ دنیاوی مال حاصل کرنے کے لئے اپنی باندیوں کو زنا پر مجبور نہ کرو اگر وہ پاکدامن رہنے کا ارادہ کریں۔

اس میں جو آخری الفاظ ہیں کہ اگر وہ پاکدامن رہنے کا ارادہ کریں اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ باندیاں پاکدامن نہ رہنا چاہیے تو انہیں زنا پر مجبور کرنا جائز ہے بلکہ آقاؤں کو زجر و تنبیہ اور غیرت دلانا مقصود ہے کہ باندی تو پاکدامن رہنا چاہتی ہے اور تم بے غیرتی کے ساتھ انہیں زنا کے لئے مجبور کر کے زنا کی اجرت لینا چاہتے ہو، اب جاہلیت والی بات نہیں رہی اب تو زنا بھی حرام ہے خوشی اور رضامندی سے ہو یا کسی کی زبردستی سے اور زنا کا حکم دینا اور اس پر مجبور کرنا بھی حرام ہے اور اس کی اجرت بھی حرام ہے، چونکہ عبداللہ بن ابی مسلمان ہونے کا دعویدار تھا اس لئے آیت شریفہ میں لفظ اِنْ اَرَدْنَ تَحَصُّنًا بڑھا دیا کہ باندی زنا سے بچ رہی ہے اور تو اسے زنا کے لئے مجبور کر رہا ہے۔ یہ کیسا دعوائے مسلمانی ہے۔

پھر فرمایا وَمَنْ يُّكْرِهْهُّنَّ فَاِنَّ اللّٰهَ مِنْ ۢ بَعْدِ اِكْرَاهِهِنَّ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (اور جو شخص ان پر زبردستی کرے تو انہیں مجبور کرنے کے بعد اللہ بخشنے والا مہربان ہے) مطلب یہ ہے کہ لونڈیوں کو زنا پر مجبور کرنا حرام ہے اگر کسی نے ایسا کیا اور وہ آقا کے جبر و اکراہ سے مغلوب ہو کر

زنا کر بیٹھی تو اللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف فرما دے گا اور اس کا گناہ مجبور کرنے والے پر ہوگا۔ فی معالم التنزیل وَمَنْ يُّكْرِهْهُّنَّ فَاِنَّ اللّٰهَ مِنْۢ بَعْدِ اِكْرَاهِهِنَّ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ یعنی للمکرھات والوزر علی المکرہ وکان الحسن اذا قرأ ھٰذہ الأیۃ قال لھن واللّٰہ لھن واللّٰہ.

پھر فرمایا وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ (الأیۃ) مطلب یہ ہے کہ ہم نے تمہارے پاس کھلے کھلے احکام بھیجے ہیں جنہیں واضح طور پر بیان کر دیا ہے اور جو امتیں تم سے پہلے گزری ہیں ان کے بھی بعض احوال اور واقعات بیان کر دیئے ہیں جن میں تمہارے لئے عبرت ہے اور ایسی چیزیں نازل کی ہیں جن میں متقیوں کے لئے نصیحت ہے (نصیحت تو سب ہی کے لئے ہے لیکن جن کا گناہوں سے بچنے کا ارادہ ہے وہی اس سے مستفیض ہوتے ہیں اس لئے اہل تقویٰ کے لئے مفید ہونے کا خصوصی تذکرہ فرمایا) قال صاحب الروح ص ۱۶۰ ج ۱۸ وقیدت الموعظہ بقولہ سبحانہ (للمتقین) مع شمولھا للکل حسب شمول الانزال حثا للمخاطبین علی الاغتنام بالانتظام فی سلک المتقین بیان انھم المنتفعون لآثارھا المقتبسون من انوارھا فحسب۔

اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ؕ اَلْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ ؕ

اللہ آسمانوں کا اور زمین کا نور ہے، اس کے نور کی مثال ایسی ہے جیسے ایک طاق ہے اس میں ایک چراغ ہے وہ چراغ ایک شیشہ کے قندیل میں ہے

اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ ۙ يَّكَادُ

وہ قندیل ایسا ہے جیسے ایک چمکدار ستارہ ہو وہ چراغ بابرکت درخت سے روشن کیا جاتا ہو جو زیتون ہے یہ درخت نہ مشرق کی طرف ہے اور نہ مغرب کی طرف، قریب ہے

زَيْتُهَا يُضِيْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ؕ نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ ؕ يَهْدِي اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَيَضْرِبُ

کہ اس کا تیل خود بخود روشن ہو جائے اگرچہ اس کو آگ نہ چھوئے نور علی نور ہے اللہ جسے چاہتا ہے اپنے نور کی ہدایت دیتا ہے اور لوگوں کے

اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۳۵﴾

لئے مثالیں بیان فرماتا ہے اور اللہ ہر چیز کو جاننے والا ہے۔

اللہ تعالیٰ آسمانوں کا اور زمین کا منور فرمانے والا ہے

اس آیت کریمہ میں اول تو یوں فرمایا کہ اللہ تعالیٰ آسمانوں کا اور زمین کا نور ہے، حضرات مفسرین کرام نے اس کی تفسیر میں فرمایا ہے کہ لفظ نور منور کے معنی میں ہے اور مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آسمان اور زمین کو روشن فرما دیا ہے یہ روشنی آسمانوں اور زمین کے لئے زینت ہے اور یہ زینت صرف ظاہری روشنی تک محدود نہیں ہے۔

حضرات ملائکہ آسمانوں میں رہتے ہیں وہ اللہ تعالیٰ کی تسبیح و تقدیس میں مشغول ہیں اس سے بھی عالم بالا میں نورانیت ہے اور زمین میں حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام تشریف لائے انہوں نے ہدایت کا نور پھیلایا اس سے اہل زمین کو نورانیت حاصل ہے اور چونکہ ایمان کی وجہ سے آسمانوں اور زمین کا بقاء ہے (ایمان والے نہ ہونگے تو قیامت آ جائے گی) اس لئے ایمان کی نورانیت سے آسمان اور زمین سب منور ہیں۔ اسی معنی کو لیکر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا ھدی اھل السمٰوات والارض فھم بنورہ الی الحق

یھتدون ویھداہ من الضلالۃ ینجون (راجع معالم التنزیل ص ۳۴۵ ج ۴ وروح المعانی ص ۱۶۴ ج ۱۸)

پھر فرمایا مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ (اللہ کے نور کی ایسی مثال ہے جیسے ایک طاقچہ ہے جس میں ایک چراغ رکھا ہوا ہے اور وہ چراغ ایسے قندیل میں ہے جو شیشہ کا بنایا ہوا ہے اور وہ قندیل ایسا صاف شفاف ہے جیسے چمک دار ستارہ ہو۔ چراغ تو خود ہی روشن ہوتا ہے پھر وہ ایسے قندیل میں جل رہا ہے جو شیشہ کا ہے اور شیشہ بھی معمولی نہیں اپنی چمک دمک میں ایک چمکدار ستارہ کی طرح ہے۔ پھر وہ چراغ جل بھی رہا ہے ایک بابرکت درخت کے تیل سے جسے زیتون کہا جاتا ہے۔ زیتون کے جس درخت سے یہ تیل لیا گیا ہے وہ درخت بھی کوئی ایسا عام درخت نہیں بلکہ وہ ایسا درخت ہے جو نہ مشرق کے رخ پر ہے نہ مغرب کے رخ پر یعنی اس پر دن بھر دھوپ پڑتی ہے نہ تو مشرق کی جانب کوئی آڑ ہے جو اس کی دھوپ کو روکے، اور نہ مغرب کی طرف کوئی آڑ ہے جو اس جانب سے آنے والی دھوپ کو روکے یہ درخت کھلے میدان میں ہے جہاں اس پر دن بھر دھوپ پڑتی رہتی ہے، ایسے درخت کا تیل بہت صاف روشن اور لطیف ہوتا ہے کمال یہ ہے کہ اگر اسے آگ نہ بھی چھولے تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ابھی ابھی خود بخود جل اٹھے گا، چراغ روشن ہے پھر اسی میں کئی طرح سے روشنی بڑھنے کے اسباب موجود ہیں۔ یہ سب چیزیں جمع ہو کر نور علی نور (روشنی پر روشنی) کی شان پیدا ہو گئی یہ تشبیہ اور ایک مثال ہے اب یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اللہ کے جس نور کو مثال مذکور میں بیان فرمایا ہے اس سے کیا مراد ہے؟ حضرت حسنؒ اور زید بن اسلمؒ نے فرمایا کہ اس سے قرآن کریم مراد ہے اور حضرت سعید بن جبیرؒ نے فرمایا ہے کہ اس سے سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی مراد ہے اور حضرت ابن مسعودؓ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ اس سے وہ نور مراد ہے جو مؤمن بندوں کے دلوں میں ہے وہ اسی نور کے ذریعہ ہدایت پاتے ہیں جسے سورۂ زمر میں یوں بیان فرمایا۔ اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ فَهُوَ عَلٰى نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ میں بیان فرمایا ہے۔ اور بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ نور سے فرمانبرداری مراد ہے۔ وھو راجع الی قول ابن مسعود وابن عباسؓ (راجع معالم التنزیل)

صاحب بیان القرآن نے اس مقام پر تشبیہ کو واضح کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ اسی طرح مؤمن کے قلب میں اللہ تعالیٰ جب نور ہدایت ڈالتا ہے تو روز بروز اس کا انشراح قبول حق کے لئے بڑھتا چلا جاتا ہے اور ہر وقت احکام پر عمل کرنے کے لئے تیار رہتا ہے گو بالفعل بعض احکام کا علم بھی نہ ہوا ہو۔ کیونکہ علم تدریجاً حاصل ہوتا ہے جیسے وہ روغن زیتون آگ لگنے سے پہلے ہی روشنی کے لئے مستعد تھا مؤمن بھی علم احکام سے پہلے ہی ان پر عمل کے لئے مستعد ہوتا ہے اور جب اس کو علم حاصل ہوتا ہے تو نور عمل یعنی عمل کے پختہ ارادہ کے ساتھ نور علم بھی مل جاتا ہے جسے وہ فوراً ہی قبول کر لیتا ہے، پس عمل وعلم جمع ہو کر نور علی نور صادق آ جاتا ہے اور یہ نہیں ہوتا کہ علم احکام کے بعد اس کو کچھ تامل وتردد ہو کہ اگر موافق نفس کے پایا تو قبول کر لیا ورنہ رد کر دیا اسی انشراح اور نور کو دوسری آیت میں اس طرح بیان فرمایا ہے اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ فَهُوَ عَلٰى نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ (یعنی جس شخص کا سینہ اللہ نے اسلام کے لئے کھول دیا تو وہ اپنے رب کی طرف سے ایک نور پر ہوتا ہے، اور ایک جگہ فرمایا فَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ اَنْ يَّهْدِيَهٗ يَشْرَحْ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ.

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آیت کریمہ فَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ اَنْ يَّهْدِيَهٗ يَشْرَحْ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ تلاوت فرمائی، پھر فرمایا بلاشبہ جب نور سینہ میں داخل کر دیا جاتا ہے تو پھیل جاتا ہے عرض کیا گیا یا رسول اللہ! اس کی کوئی نشانی ہے جس کے ذریعہ اس کو پہچان لیا جائے آپ نے فرمایا ہاں دار الغرور (دھوکے کے گھر یعنی دنیا) سے دور رہنا اور دار الخلود (ہمیشگی والے گھر) کی طرف متوجہ ہونا اور موت آنے سے پہلے اس کے لئے تیاری کرنا یہ اس نور کی علامت ہے۔ (اخرجہ

البیهقی فی شعب الایمان کمافی المشکوٰة ص ۴۴۶)

پھر فرمایا یَهْدِی اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ یَّشَآءُ (اللہ جسے چاہتا ہے اپنے نور کی ہدایت دیتا ہے) اللہ کی ہدایت ہی سے ایمان بھی نصیب ہوتا ہے اور اعمال صالحہ کی بھی توفیق ہوتی ہے۔ اور نفس کو ترک ممنوعات اور اعمال صالحہ اختیار کرنے کی آسانی ہو جاتی ہے نفس بھی دل کے نیک جذبات کا تابع ہو جاتا ہے اور دونوں کو اعمال صالحہ میں لذت محسوس ہونے لگتی ہے۔

وَیَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ (اور اللہ لوگوں کے لئے مثالیں بیان فرماتا ہے) تاکہ ان کے ذریعہ مضامین عقلیہ محسوس چیزوں کی طرح سمجھ میں آ جائیں۔

وَاللّٰهُ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ (اور اللہ ہر چیز کا جاننے والا ہے) سب کے اعمال واحوال اسے معلوم ہیں اپنے علم وحکمت کے موافق جزا سزا دے گا۔

فِیْ بُیُوْتٍ اَذِنَ اللّٰهُ اَنْ تُرْفَعَ وَ یُذْکَرَ فِیْهَا اسْمُهٗ یُسَبِّحُ لَهٗ فِیْهَا بِالْغُدُوِّ وَ الْاٰصَالِ ﴿۳۶﴾

ایسے گھروں میں جن کے بارے میں اللہ نے حکم دیا ہے کہ ان کا ادب کیا جائے اور ان میں اللہ کا نام لیا جائے ایسے لوگ صبح شام اللہ کی پاکی بیان کرتے ہیں

رِجَالٌ لَّا تُلْهِیْهِمْ تِجَارَةٌ وَّ لَا بَیْعٌ عَنْ ذِکْرِ اللّٰهِ وَ اِقَامِ الصَّلٰوةِ وَ اِیْتَآءِ الزَّکٰوةِ یَخَافُوْنَ

جنہیں اللہ کی یاد سے، اور نماز پڑھنے سے اور زکوٰۃ دینے سے، سوداگری اور خرید وفروخت کرنا غفلت میں نہیں ڈالتا، وہ اس دن سے

یَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِیْهِ الْقُلُوْبُ وَ الْاَبْصَارُ ﴿۳۷﴾ لِیَجْزِیَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَ یَزِیْدَهُمْ مِّنْ

ڈرتے ہیں جس میں دل اور آنکھیں الٹ جائیں گی۔ تاکہ اللہ انہیں ان کے اعمال کا اچھے سے اچھا بدلہ دے اور اپنے فضل سے انہیں اور بھی

فَضْلِهٖ وَ اللّٰهُ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ ﴿۳۸﴾

زیادہ دے اور اللہ جسے چاہتا ہے بلا حساب رزق دیتا ہے۔

نیک بندے قیامت کے دن ڈرتے ہیں بیع اور تجارت کے اشغال انہیں اللہ کے ذکر سے اور اقامت صلوٰۃ وادائیگی زکوٰۃ سے غافل نہیں کرتے

ان آیات میں مساجد اور اہل مساجد کی فضیلت بیان فرمائی ہے لفظ فِیْ بُیُوْتٍ جو جار مجرور ہے کس سے متعلق ہے؟ اس میں مختلف اقوال ہیں تفسیر جلالین میں ہے کہ یہ یسبح سے متعلق ہے جو اس سے متأخر ہے اور مطلب یہ ہے کہ ایسے لوگ جنہیں اللہ کے ذکر سے اور نماز قائم کرنے سے اور زکوٰۃ ادا کرنے سے تجارت اور مال کی فروختگی غفلت میں نہیں ڈالتی ایسے گھروں میں صبح شام اللہ کی تسبیح بیان کرتے ہیں جن کے بارے میں اللہ نے حکم دیا ہے کہ ان کا ادب کیا جائے اور ان میں اللہ کا ذکر کیا جائے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ ان گھروں سے مسجدیں مراد ہیں (کما وقع عند مسلم وما اجتمع قوم فی بیت من بیوت اللّٰه یتلون کتاب اللّٰه، الحدیث) علامہ بغوی رحمۃ اللہ علیہ معالم التنزیل میں لکھتے ہیں کہ صبح وشام اللہ کا ذکر کرنے سے پانچوں نمازیں مراد ہیں۔ کیونکہ نماز فجر صبح کے وقت ادا کی جاتی ہے اور باقی نمازیں دن ڈھلنے کے بعد ادا کی جاتی ہیں، لفظ اٰصال اصیل کی جمع ہیں جو ظہر، عصر، مغرب اور عشاء

چاروں نمازوں پر صادق آتا ہے اور بعض علماء نے فرمایا اس سے فجر اور عصر کی نمازیں مراد ہے۔ (انتھی مافی معالم التنزیل) تفسیر جلالین نے پہلے قول کو لیا ہے انہوں نے تفسیر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ **العشا یامن بعدالزوال۔**

خواہ پانچ نمازیں مراد لیجائیں یا صرف فجر اور عصر مراد لی جائے بہر صورت آیت کریمہ میں نمازیوں کی تعریف فرمائی ہے اور فرمایا ہے کہ مسجدوں میں وہ لوگ اللہ کی تسبیح بیان کرتے ہیں جنہیں تجارت اور خرید وفروخت اللہ کی یاد سے اور نماز قائم کرنے سے اور زکوٰۃ ادا کرنے سے نہیں روکتی، دنیا کی ضرورت کے لئے تجارت میں مشغول تو ہو جاتے ہیں لیکن بازار میں ہوتے ہوئے تجارت کی مشغولیت کو پیچھے ڈال کر نماز کے لئے مسجد میں حاضر ہو جاتے ہیں۔ معالم التنزیل میں ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما ایک مرتبہ بازار میں موجود تھے نماز کا وقت ہو گیا تو لوگ کھڑے ہوئے اور اپنی اپنی دکانیں بند کر کے مسجد میں داخل ہو گئے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے یہ منظر دیکھ کر فرمایا کہ انہیں لوگوں کے بارے میں آیت کریمہ رِجَالٌ لَّا تُلْهِيهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ نازل ہوئی۔

تجارت اور خرید وفروخت کے اوقات میں نمازوں کے اوقات آ ہی جاتے ہیں اس موقع پر خصوصاً عصر کے وقت میں جبکہ کہیں ہفت روزہ بازار لگا ہوا ہو یا خوب چالو مارکیٹ میں بیٹھے ہوں اور گاہک پر گاہک آ رہے ہوں کاروبار چھوڑ کر نماز کے لئے اٹھنا اور پھر مسجد میں جا کر جماعت کے ساتھ ادا کرنا تاجر کے لئے بڑے سخت امتحان کا وقت ہوتا ہے، بہت کم ایسے لوگ ہوتے ہیں جو مال کی محبت سے مغلوب نہ ہوں اور نماز کی محبت انہیں دکان سے اٹھا کر مسجد میں حاضر کر دے۔

اِقَامِ الصَّلٰوةِ کے ساتھ وَاِيْتَآءِ الزَّكٰوةِ بھی فرمایا ہے اس میں نیک تاجروں کی دوسری صفت بیان فرمائی اور وہ یہ کہ یہ لوگ تجارت تو کرتے ہیں جس سے مال حاصل ہوتا ہے اور عموماً یہ مال اتنا ہوتا ہے کہ اس پر زکوٰۃ ادا کرنا فرض ہو جاتا ہے۔ مال کی محبت انہیں زکوٰۃ کی ادائیگی سے مانع نہیں ہوتی، جتنی بھی زکوٰۃ فرض ہو جائے حساب کر کے ہر سال اصول شریعت کے مطابق مصارف زکوٰۃ میں خرچ کر دیتے ہیں۔

درحقیقت پوری طرح صحیح حساب کر کے زکوٰۃ ادا کرنا بہت اہم کام ہے جس میں اکثر پیسے والے فیل ہو جاتے ہیں، بہت سے لوگ تو زکوٰۃ دیتے ہی نہیں اور بعض لوگ دیتے ہیں لیکن حساب کر کے پوری نہیں دیتے، اور بہت سے لوگ اس وقت تک تو زکوٰۃ دیتے ہیں جب تک تھوڑا مال واجب ہو۔ لیکن جب زیادہ مال کی زکوٰۃ فرض ہو جائے تو پوری زکوٰۃ دینے پر نفس کو آمادہ کرنے سے قاصر رہ جاتے ہیں ایک ہزار میں سے پچیس روپیہ نکال دیں چار ہزار میں سے سو روپیہ دے دیں۔ یہ نفس کو نہیں کھلتا لیکن جب لاکھوں ہو جاتے ہیں تو نفس سے مغلوب ہو جاتے ہیں، اس وقت سوچتے ہیں کہ ارے اتنا زیادہ کیسے نکالوں؟ مگر یہ نہیں سوچتے کہ جس ذات پاک نے یہ مال دیا ہے اسی نے زکوٰۃ دینے کا حکم دیا ہے اور ہے بھی کتنا کم؟ سو روپیہ میں ڈھائی روپیہ، جس نے حکم دیا وہ خالق اور مالک ہے اور اسے یہ بھی اختیار ہے کہ پورا ہی مال خرچ کر دینے کا حکم فرما دے اور وہ چھیننے پر اور مال کو ہلاک کرنے پر بھی قادر ہے، پھر زکوٰۃ ادا کرنے میں ثواب بھی ہے اور مال کی حفاظت بھی ہے یہ سب باتیں مؤمنین مخلصین کی ہی سمجھ میں آتی ہیں۔

يَخَافُوْنَ يَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِيْهِ الْقُلُوْبُ وَالْاَبْصَارُ (یہ لوگ اس دن سے ڈرتے ہیں جس دن دل اور آنکھیں الٹ پلٹ ہو نگے) اوپر جن حضرات کی تعریف فرمائی کہ انہیں تجارت اور خرید وفروخت اللہ کی یاد سے اور نماز قائم کرنے اور زکوٰۃ ادا کرنے سے نہیں روکتی ان کا ایک اور وصف بیان فرمایا جس پر تمام اعمال صالحہ کا اور منکرات ومحرمات کے چھوڑنے کا مدار ہے، بات یہ ہے کہ جن لوگوں کا آخرت پر ایمان ہے اور وہاں کے حساب کی پیشی کا یقین ہے وہ لوگ نیکیاں بھی اختیار کرتے ہیں گناہوں سے بھی بچتے ہیں اور انہیں اپنے اعمال پر

غرور اور گھمنڈ نہیں ہوتا وہ اچھے سے اچھا عمل کرتے ہیں پھر بھی ڈرتے ہیں کہ ٹھیک طرح ادا ہوا یا نہیں، عمل بھی کرتے ہیں اور آخرت کے مواخذہ اور محاسبہ سے بھی ڈرتے رہتے ہیں۔ قیامت کا دن بہت سخت ہوگا اس میں آنکھیں بھی چکرا جائیں گی اور ہوش و حواس بھی ٹھکانے نہ ہونگے۔ سورۂ ابراہیم میں فرمایا اِنَّمَا يُؤَخِّرُهُمْ لِيَوْمٍ تَشْخَصُ فِيهِ الْاَبْصَارُ. مُهْطِعِيْنَ مُقْنِعِيْ رُءُوْسِهِمْ لَا يَرْتَدُّ اِلَيْهِمْ طَرْفُهُمْ وَاَفْئِدَتُهُمْ هَوَآءٌ (اللہ انہیں اسی دن کے لئے مہلت دیتا ہے جس دن آنکھیں اوپر کو اٹھی ہوئی رہ جائیں گی جلدی جلدی چل رہے ہونگے اوپر کو سر اٹھائے ہونگے ان کی آنکھیں ان کی طرف واپس نہ لوٹیں گی اور ان کے دل ہوا ہونگے) جس نے اس دن کے مواخذہ اور محاسبہ کا خیال کیا اور وہاں کی پیشی کا مراقبہ کیا اور خوف کھاتا رہا اور ڈرتا رہا کہ وہاں میرا کیا بنے گا ایسا شخص دنیا میں فرائض اور واجبات بھی صحیح طریقے پر انجام دے گا اور گناہوں سے بچے گا اور اسے آخرت کی فلاح اور کامیابی نصیب ہوگی۔ سورۂ مؤمنون میں جو فرمایا ہے وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ رَاجِعُوْنَ اس کے بارے میں حضرت عائشہؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا: کیا ان ڈرنے والوں سے وہ لوگ مراد ہیں جو شراب پیتے ہیں، چوری کرتے ہیں؟ آپ نے فرمایا اے صدیقؓ کی بیٹی نہیں (اس سے یہ لوگ مراد نہیں) بلکہ وہ لوگ مراد ہیں جو روزے رکھتے ہیں اور نماز پڑھتے ہیں اور صدقہ دیتے ہیں اور حال ان کا یہ ہے کہ اس بات سے ڈرتے ہیں کہ ان سے ان کا عمل قبول نہ کیا جائے ان لوگوں کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِي الْخَيْرَاتِ (یہ وہ لوگ ہیں جو اچھے کاموں میں آگے بڑھتے ہیں)۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۴۵۷)

درحقیقت آخرت کا فکر اور وہاں کا خوف گناہوں کے چھڑانے اور نیکیوں پر لگانے کا سب سے بڑا ذریعہ ہے۔

فائدہ...... مساجد کے بارے میں جو فِيْ بُيُوْتٍ اَذِنَ اللّٰهُ اَنْ تُرْفَعَ فرمایا ہے اس کے بارے میں بعض مفسرین نے فرمایا ہے کہ تُرْفَعَ بمعنی تبنی ہے اور مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی تعمیر کے کرنے کا حکم دیا ہے۔ حضرت مجاہد تابعی کا قول ہے اور حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ ترفع بمعنی تعظم ہے کہ ان مساجد کی تعظیم کا اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے یعنی ان کا ادب کیا جائے ان میں وہ کام اور وہ باتیں نہ کی جائیں جو مسجد کے بلند مقام کے خلاف ہیں۔ (ذکر البغوی القولین فی معالم التنزیل)

مساجد کی تعمیر بھی مامور بہ ہے اور مبارک ہے جس کا بڑا اجر و ثواب ہے اور ان کا ادب کرنے کا بھی حکم فرمایا ہے۔ مسجدوں کو پاک و صاف رکھنا ان میں برے اشعار نہ پڑھنا، بیع وشراء نہ کرنا اپنی گمشدہ چیز تلاش نہ کرنا۔ پیاز لہسن کھا کر یا کسی بھی طرح کے بدبو منہ میں یا جسم میں یا کپڑے میں لیکر آنے سے پرہیز کرنا، ان میں دنیا والی باتیں نہ کرنا، بہت چھوٹے بچوں کو ساتھ نہ لے جانا یہ سب چیزیں مسجد کی تعظیم میں داخل ہیں۔ مساجد کی اصل آبادی یہ ہے کہ اذانیں دیکر مسلمانوں کو نماز کے لئے بلایا جائے اور داخل ہونے کے بعد تحیۃ المسجد پڑھی جائے اور جماعت سے نمازیں پڑھی جائیں۔ اور ان میں اللہ کا ذکر کیا جائے، قرآن مجید کی تعلیم ہو دینی باتیں سکھائی اور پڑھائی جائیں، ایک نماز پڑھنے کے بعد مسجد میں بیٹھ کر دوسری نماز کا انتظار کیا جائے ان میں اعتکاف کیا جائے۔ نماز پڑھ کر مسجد سے نکلے تو مسجد ہی میں دل اٹکا رہے احادیث شریفہ میں ان امور کا اہتمام کرنے کا حکم فرمایا ہے۔ حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب تم کسی شخص کو دیکھو کہ مساجد کا دھیان رکھتا ہے تو اس کے مؤمن ہونے کی گواہی دیدے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے اِنَّمَا يَعْمُرُ مَسَاجِدَ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ! (رواہ الترمذی والدارمی کما فی المشکوٰۃ ص ۶۹)

فائدہ...... آیت شریفہ میں جو لفظ رِجَالٌ لَّا تُلْهِيْهِمْ وارد ہوا ہے اس سے بعض حضرات نے یہ استنباط کیا ہے کہ رجال یعنی مرد مسجدوں میں آئیں ان میں نماز پڑھیں اور ذکر و تلاوت کریں اور درس میں مشغول ہوں یہ مردوں ہی کے لئے مناسب ہے۔ رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں کو بعض شرطوں کے ساتھ مسجد میں آنے کی اجازت تو دی ہے لیکن ساتھ ہی یہ بھی فرمایا ہے کہ بیوتھن خیر لھن اور ایک حدیث میں ہے کہ آپ نے ارشاد فرمایا کہ عورت کی نماز اس کے گھر میں یعنی اندر کے حصے میں اس نماز سے بہتر ہے جو صحن میں پڑھے اور خوب اندر کے کمرہ میں نماز پڑھے یہ اس سے بہتر ہے کہ اپنے گھر کے ابتدائی حصہ میں نماز پڑھے۔ (رواھما ابوداؤد ص ۸۴ ج ۱)

لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا (تاکہ اللہ ان کو ان کے اعمال کا اچھے سے اچھا بدلہ دے) وَيَزِيْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ (اور انہیں اپنے فضل سے اور بھی زیادہ دے) وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ (اور اللہ جسے چاہتا ہے بلاحساب رزق عطا فرماتا ہے) ایمان اور اعمال صالحہ والوں کے لئے اللہ تعالیٰ کے ہاں اچھے سے اچھے اجر ہے اور زیادہ سے زیادہ ثواب ہے اور بلاحساب رزق ہے۔

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَعْمَالُهُمْ كَسَرَابٍ بِقِيْعَةٍ يَّحْسَبُهُ الظَّمْاٰنُ مَآءً ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَهٗ لَمْ يَجِدْهُ

اور جن لوگوں نے کفر کیا ان کے اعمال ایسے ہیں جیسے چٹیل میدان میں چمکتا ہوا ریت ہو جسے پیاسا آدمی پانی سمجھ رہا ہو، یہاں تک کہ جب ان کے پاس آیا تو ان کو

شَيْئًا وَّوَجَدَ اللّٰهَ عِنْدَهٗ فَوَفّٰىهُ حِسَابَهٗ ؕ وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ۙ﴿۳۹﴾ اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰىهُ مَوْجٌ

کچھ بھی نہ پایا، اور اس نے وہاں اللہ کی قضاء کو پالیا سو اللہ نے اس کا حساب پورا کر دیا اور اللہ جلد حساب لینے والا ہے۔ یا جیسے کسی گہرے سمندر کے اندرونی حصہ میں اندھیریاں ہوں

مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ؕ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ؕ اِذَآ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا ؕ

جسے موج نے ڈھانک رکھا ہو۔ اس کے اوپر ایک موج ہو اس کے اوپر بادل ہو۔ اندھیریاں ہیں بعض بعض کے اوپر ہیں۔ جب اپنے ہاتھ کو نکالے تو اسے نہ دیکھ پائے،

وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ﴿۴۰﴾

اور جس کے لئے اللہ نور مقرر نہ فرمائے سو اس کے لئے کوئی نہیں۔

ع ۱۱

کافروں کے اعمال ریت کی طرح سے ہیں جو دور سے پانی معلوم ہوتا ہے

اہل ایمان کے اعمال کی جزاء بتانے کے بعد کافروں کے اعمال کا تذکرہ فرمایا اور آخرت میں ان کے منافع سے محرومی ظاہر کرنے کے لئے دو مثالیں ظاہر فرمائیں، کافر لوگ دنیا میں بہت سے اعمال کرتے ہیں۔ مثلاً صلہ رحمی بھی کرتے ہیں۔ جانوروں کو کھلاتے ہیں، چیونٹیوں کے بلوں میں آٹا ڈالتے ہیں مسافر خانے بناتے ہیں، کنویں کھدواتے ہیں اور پانی کی سبیلیں لگاتے ہیں، اور یہ سمجھتے ہیں کہ اس سے ہمیں موت کے بعد فائدہ پہنچے گا ان کی اس غلط فہمی کو واضح کرنے کے لئے دو مثالیں ذکر فرمائیں۔ پہلی مثال یہ ہے کہ ایک شخص پیاسا ہو وہ دور سے سراب یعنی ریت کو دیکھے اور اسے یہ سمجھے یہ پانی ہے (سخت دوپہر کے وقت جنگلوں کے چٹیل میدانوں میں سے دور سے ریت پانی معلوم ہوتا ہے) اب وہ جلدی جلدی اپنے خیال میں پانی کی طرف چلا وہاں پہنچا تو جو کچھ اس کا خیال تھا اس کے مطابق کچھ بھی نہ پایا وہاں تو ریت نکلا (جو سخت گرم تھا نہ اسے کھا سکتا ہے نہ اس سے پیاس بجھ سکتی ہے) جس طرح اس پیاسے کا گمان جھوٹا نکلا اسی طرح کافروں کا یہ خیال کہ ظاہری صورت میں وہ اچھے اعمال کرتے ہیں یہ موت کے بعد نفع بخش ہونگے غلط ہے کیونکہ اعمال صالحہ کے اخروی ثواب کے لئے ایمان شرط ہے وہاں پہنچیں گے تو کسی عمل کا جسے نیک سمجھ کر کیا تھا کچھ بھی فائدہ نہ پہنچے گا۔ کما قال تعالیٰ وَقَدِمْنَآ اِلٰى مَا عَمِلُوْا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنٰهُ هَبَآءً مَّنْثُوْرًا (اور ہم ان کے اعمال کی طرف متوجہ ہونگے سو ان کو ایسا کر دیں گے، جیسے پریشان غبار)

لیکن اللہ تعالیٰ کافروں کے اعمال کو (جو بظاہر نیک ہوں) بالکل ضائع نہیں فرماتا ان کا بدلہ دنیا ہی میں دے دیتا ہے۔ حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ بلاشبہ اللہ کسی مؤمن پر ایک نیکی کے بارے میں بھی ظلم نہیں فرمائے گا دنیا میں بھی اس کا بدلہ دے گا اور آخرت میں بھی اس کی جزا دے گا لیکن کافر جو نیکیاں اللہ کے لئے کرتا ہے دنیا میں اس کا بدلہ دے دیا جاتا ہے یہاں تک کہ جب آخرت میں پہنچے گا تو اس کی کوئی بھی نیکی نہ بچی ہوگی جس کا اسے بدلہ دیا جائے۔ (رواہ مسلم)

وَوَجَدَ اللّٰهَ عِنْدَهٗ فَوَفّٰهُ حِسَابَهٗ (اور اس نے اللہ کو اپنے عمل کے پاس پایا سو اس نے اس کا حساب پورا کر دیا) یعنی دنیا میں اس کے اعمال کا بدلہ دیا جا چکا ہوگا قال صاحب معالم التنزیل ص ۳۴۹ ج ۳ ووجداللّٰه عنده ای عند عمله فوفّٰه حسابه ای جزاء عمله اھ۔

وقال صاحب الروح ص ۸۸۷ ج ۱۸ و قیل وجداللّٰه تعالیٰ محاسبا ایاه الا ان العندیة بمعنی الحساب الذکر التوفیه بعده بقوله سبحانه فوفّٰه حسابه ای اعطاه وافیا کاملا حساب عمله وجزاء ہ اواتم حسابه بعرض الکتبة ماقدمه۔

وَاللّٰهُ سَرِیْعُ الْحِسَابِ اور اللہ جلدی حساب لینے والا ہے یعنی اسے حساب لینے میں دیر نہیں لگتی اور ایک کا حساب کرنا دوسرے کا حساب لینے سے مانع نہیں ہوتا۔

کافروں کے اعمال کی دوسری مثال بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِیْ بَحْرٍ لُّجِّیٍّ یا یوں سمجھو جیسے بہت سی اندھیریاں بڑے گہرے سمندر کے اندرونی حصہ میں ہوں اور اس سمندر کو ایک بڑی موج نے ڈھانک لیا ہو، پھر اس موج کے اوپر دوسری موج ہو پھر اس کے اوپر بادل ہو نیچے اوپر اندھیریاں ہی اندھیریاں ہیں۔ اگر کوئی شخص دریا کی تہہ میں ہو جہاں مذکورہ اندھیریوں اور اندھیریاں ہوں اور اپنا ہاتھ نکال کر دیکھنا چاہے تو وہاں اس کے اپنے ہاتھ کے دیکھنے کا ذرا بھی احتمال نہیں۔ اسی طرح کافر بھی گھٹا ٹوپ گھپ اندھیریوں میں ہیں وہ سمجھ رہے ہیں کہ ہمارے اعمال کا اچھا نتیجہ نکلے گا حالانکہ اس کا کچھ بھی اچھا نتیجہ نکلنے والا نہیں ہے۔

مفسر ابن کثیر (ص ۲۹۶ ج ۳) فرماتے ہیں کہ پہلی مثال ان کافروں کی ہے جو جہل مرکب میں مبتلا ہیں وہ سمجھتے ہیں کہ ہمارے اعمال ہمارے لئے نفع مند ہونگے اور دوسری مثال ان لوگوں کی ہے جو جہل بسیط میں مبتلا ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جو کفر کے سرغنوں کے مقلد ہونے کی وجہ سے کافر ہیں انہیں کچھ پتہ نہیں کہ ہمارے قائد کا کیا حال ہے اور وہ ہمیں کہاں لے جائے گا۔ جب ان سے پوچھا جائے کہ تم کہاں جارہے ہو تو کہتے ہیں کہ ہم اپنے سرداروں کے ساتھ ہیں پھر جب پوچھا جاتا ہے کہ وہ لوگ کہاں جارہے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہمیں پتہ نہیں۔

اور بعض مفسرین نے فرمایا ہے کہ پہلی مثال ان لوگوں کی ہے جو موت کے بعد ثواب ملنے کے قائل ہیں اور یوں سمجھتے ہیں کہ ہمارے نیک اعمال ہمارے لئے نفع مند ہونگے اور دوسری مثال ان کافروں کی جو قیامت اور آخرت کو مانتے ہی نہیں اور وہ اعمال کی جزا سزا کے منکر ہیں۔ ان کے پاس وہمی نور بھی نہیں (جبکہ پہلے قسم کے کافروں کے پاس ایک وہمی اور خیالی نور تھا) سو جن لوگوں نے آخرت کے لئے کوئی عمل کیا ہی نہیں ان کے لئے تو بس ظلمت ہی ظلمت ہے۔

مفسر ابن کثیر نے ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ کی تفسیر کرتے ہوئے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کا قول نقل کیا ہے کہ کافر پانچ اندھیریوں میں ہے اس کی بات ظلمت ہے، اس کا عمل ظلمت ہے اس کا اندر جانا (عمارت میں داخل ہونا) ظلمت ہے اور اس کا نکلنا ظلمت ہے اور قیامت کے دن وہ دوزخ کی اندھیریوں میں داخل کر دیا جائے گا۔

وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ (اور اللہ جس کے لئے نور مقرر نہ فرمائے اس کے لئے کوئی نور نہیں) یہ يَهْدِي اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ کے مقابلہ میں فرمایا۔ مؤمن کو اللہ نے نور دیا فَهُوَ عَلٰى نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ اور کافر کے لئے اللہ نے نور مقرر نہیں فرمایا لہٰذا وہ کفر کی ظلمتوں میں ہے۔

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُسَبِّحُ لَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالطَّيْرُ صٰٓفّٰتٍ ؕ كُلٌّ قَدْ

اے مخاطب کیا تو نے نہیں دیکھا کہ وہ سب اللہ کی تسبیح بیان کرتے ہیں جو آسمانوں میں اور زمین میں ہیں اور پرندے جو پر پھیلائے ہوئے ہیں ہر ایک نے اپنی

عَلِمَ صَلَاتَهٗ وَتَسْبِيْحَهٗ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ۝ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَاِلَى

نماز اور تسبیح کو جان لیا ہے، اور جن کاموں کو لوگ کرتے ہیں اللہ انہیں جانتا ہے۔ اور اللہ ہی کے لئے ملک ہے آسمانوں کا اور زمین کا اور اللہ ہی کی طرف

اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ۝ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُزْجِيْ سَحَابًا ثُمَّ يُؤَلِّفُ بَيْنَهٗ ثُمَّ يَجْعَلُهٗ رُكَامًا فَتَرَى الْوَدْقَ

لوٹ کر جانا ہے۔ اے مخاطب کیا تو نے نہیں دیکھا کہ اللہ بادل کو چلاتا ہے۔ پھر بادلوں کو باہم ملا دیتا ہے پھر اس کو تہہ بہ تہہ بنا دیتا ہے، پھر اے مخاطب تو بارش

يَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ ۚ وَيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ جِبَالٍ فِيْهَا مِنْۢ بَرَدٍ فَيُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ

کو دیکھتا ہے کہ اس کے درمیان سے نکل رہی ہے اور بادل سے یعنی بادل کے بڑے بڑے ٹکڑوں میں سے جو پہاڑ کی طرح ہیں اولے برساتا ہے پھر ان کو جس پر چاہتا ہے گرا دیتا

وَيَصْرِفُهٗ عَنْ مَّنْ يَّشَآءُ ؕ يَكَادُ سَنَا بَرْقِهٖ يَذْهَبُ بِالْاَبْصَارِ ۝ يُقَلِّبُ اللّٰهُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ؕ

ہے اور جس سے چاہتا ہے ان کو ہٹا دیتا ہے، قریب ہے کہ اس کی بجلی کی روشنی آنکھوں کو ختم کر دے۔ اور اللہ رات اور دن کو بدلتا ہے اس

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّاُولِي الْاَبْصَارِ ۝ وَاللّٰهُ خَلَقَ كُلَّ دَآبَّةٍ مِّنْ مَّآءٍ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ

میں ضرور عبرت ہے آنکھ والوں کے لئے۔ اور اللہ نے ہر چلنے والے جاندار کو پانی سے پیدا فرمایا پھر ان میں بعض وہ ہیں جو پیٹ

عَلٰى بَطْنِهٖ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰى رِجْلَيْنِ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰٓى اَرْبَعٍ ؕ يَخْلُقُ اللّٰهُ مَا يَشَآءُ ؕ

کے بل چلتے ہیں اور بعض وہ ہیں جو دو پیروں پر چلتے ہیں اور بعض وہ ہیں جو چار پاؤں پر چلتے ہیں وہ جو چاہتا ہے پیدا فرماتا ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

بلاشبہ اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

آسمان اور زمین والے اور صفیں بنائے ہوئے پرندے اللہ تعالیٰ کی تسبیح میں مشغول رہتے ہیں ہر ایک کو اپنی اپنی نماز کا طریقہ معلوم ہے

ان آیات میں اللہ جل شانہ کی قدرت کے بعض مظاہر بیان فرمائے ہیں اور مخلوق میں جو اس کے تصرفات ہیں ان میں سے بعض تصرفات کا تذکرہ فرمایا ہے اور یہ بھی فرمایا ہے کہ آسمانوں اور زمینوں میں جو رہنے اور بسنے والے ہیں وہ سب اللہ کی تسبیح بیان کرتے ہیں

یعنی اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرتے ہیں کہ وہ ہر عیب اور ہر نقص سے پاک ہے۔ اس مخلوق میں پرندے بھی ہیں جو پر پھیلائے ہوئے فضا میں اڑتے ہیں یہ بھی اللہ کی تسبیح وتقدیس میں مشغول رہتے ہیں۔ ان کا فضا میں اڑنا اور زمین پر نہ گرنا ان کے پروں کی حرکتوں کو اس قابل بنانا کہ ان سے اڑیں اور زمین پر نہ گریں ان سب میں اللہ تعالیٰ کی قدرت کا مظاہرہ ہے یہ مضمون کہ آسمانوں اور زمین میں جو بھی کچھ ہے سب اللہ کی تسبیح بیان کرتے ہیں پہلے بھی گزر چکا ہے اور قرآن مجید میں بہت سی جگہ مذکور ہے۔

اللہ کی تسبیح وتقدیس میں مشغول ہونا زبان قال سے بھی، اور زبان حال سے بھی ہے۔ جو لوگ اہل زبان ہیں وہ زبان سے اللہ کی تسبیح بیان کرتے ہیں اور جن چیزوں کو قوت گویائی عطا نہیں فرمائی گئی وہ بھی اپنے حال کے مطابق اللہ کی تسبیح میں مشغول ہیں اول تو ہر چیز کا وجود ہی اس بات کو بتاتا ہے کہ اس کا خالق مالک قادر مطلق اور حاکم متصرف ہے پھر اللہ تعالیٰ نے جس کو جو فہم اور شعور عطا فرمایا ہے اپنے اس شعور سے اللہ کی تسبیح میں اور اس کی عبادت میں مشغول ہے فرشتوں میں اور انسانوں اور جنات میں زیادہ عقل فہم ہے اس سے کم حیوانات میں (وہ بھی مختلف ہے) اور اس سے کم نباتات میں اور اس سے کم جمادات میں ہے، **فیما بین العباد** جمادات میں بظاہر فہم وادراک نہیں ہے لیکن اپنے خالق کی تسبیح بیان کرنے کے لئے ان میں بھی ادراک اور شعور ہے اسی لئے سورۂ بقرہ میں پتھروں کے بارے میں فرمایا وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ اور سورۂ حج میں فرمایا اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَسْجُدُ لَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ مزید سمجھنے کے لئے مذکورہ دونوں آیتوں کی تفسیر دیکھی جائے۔ (انوار البیان ص ۱۰۹-۱۱۲ ج ۱، ص ۵۹۷-۵۹۹ ج ۳)

آیت بالا میں جو كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهٗ وَتَسْبِيْحَهٗ فرمایا ہے اس میں یہ بتایا ہے کہ جو آسمانوں اور زمین کے رہنے اور بسنے والے ہیں انہیں معلوم ہے کہ ہمیں اپنے خالق جل مجدہ کی تسبیح اور نماز میں کس طرح مشغول رہنا چاہیے۔ بعض حضرات نے صلاۃ بمعنی دعا لیا ہے یہ معنی مراد لینا بھی درست ہے لیکن صلاۃ کا معروف معنی لیا جائے تو اس میں بھی کوئی اشکال نہیں۔ جس طرح بنی آدم دوسری مخلوق کی تسبیح کو نہیں سمجھتے كما قال تعالٰى فى سورة الاسراء وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِيْحَهُمْ اسی طرح اگر دوسری مخلوق کی نماز کو نہ جانیں تو اس میں اشکال کی کوئی بات نہیں ہے، بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ تسبیح اور صلاۃ سے اطاعت اور انقیاد مراد ہے یعنی اللہ تعالیٰ نے جس چیز کو جس کام میں لگا دیا وہ اس میں لگی ہوئی ہے اور جس کو جو الہام فرما دیا وہ اسی کے مطابق اپنی ڈیوٹی پوری کرنے میں مشغول ہے۔

یہاں یہ جو اشکال ہوتا ہے کہ بہت سے لوگ اللہ کے وجود ہی کو نہیں مانتے ان کے بارے میں یہ کیسے کہا جا سکتا ہے کہ وہ اللہ کی تسبیح بیان کرتے ہیں؟ اس کا جواب یہ ہے کہ باعتبار ان کی خلقت کے ان کا اپنا وجود اللہ کی تنزیہ بیان کرنے کے لئے کافی ہے اور بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ ان نالائقوں کو تنبیہ کرنے ہی کے لئے تو ارشاد فرمایا ہے کہ ساری مخلوق اللہ کی تسبیح بیان کرتی ہے تم ایسے ناہنجار ہو کہ جس نے تمہیں پیدا کیا اس کو نہیں مانتے اور اس کی تسبیح وتقدیس میں مشغول نہیں ہوتے اسی لئے آیت کریمہ کے آخر میں وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَفْعَلُوْنَ فرمایا ہے (اور اللہ تعالیٰ جانتا ہے جو لوگ کرتے ہیں) اسے اہل ایمان کے اعمال کا بھی علم ہے اور وہ اہل کفر کو بھی جانتا ہے وہ سب کی جزا سزا اپنے علم وحکمت کے موافق نافذ فرما دے گا۔ قال صاحب الروح ج ۱۸ ص ۱۸۷ وانما تسبيحهم ماذكر من الدلالة التى يشاركهم فيها غير العقلاء ايضا وفى ذٰلك من تخطئتهم وتعييرهم مافيه۔

اس کے بعد فرمایا وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (اور اللہ ہی کے لئے ہے آسمانوں اور زمین کا ملک) وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ (اور اللہ ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے) وہ خالق و مالک ہے حقیقی متصرف ہے یہاں جو برائے نام کوئی مجازی حکومت ہے وہ کوئی بھی نہ رہے گی۔ سارے فیصلے اللہ تعالیٰ ہی کے ہوں گے۔

اس کے بعد ارشاد فرمایا اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُزْجِیْ سَحَابًا (الآیۃ) اس میں عالم علوی کے بعض تصرفات کا تذکرہ فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ ایک بادل کو دوسری بادل کی طرف چلاتا ہے پھر ان سب کو آپس میں ملا دیتا ہے پھر ان کو تہہ بہ تہہ جمانے کے بعد اس میں سے بارش نازل فرماتا ہے۔ اے مخاطب تو دیکھتا ہے کہ اس کے درمیان سے بارش نکل رہی ہے، اور جب اس کی مشیت ہوتی ہے تو انہیں بادلوں کے بڑے بڑے حصوں میں سے جو پہاڑوں کے مانند ہیں اولے برسا دیتا ہے۔ یہ اولے بڑے خطرناک ہوتے ہیں جس کی جان یا مال کو محفوظ رکھنا ہوتا ہے اللہ تعالیٰ اسے بچا دیتا ہے اور جسے مالی و جانی نقصان پہنچانا ہو تو وہ ان اولوں کو اسکی ہلاکت یا کثیر و قلیل ضرر کا سبب بنا دیتا ہے۔

قال صاحب الروح فی تفسیرہ قولہ تعالٰی وینزل من السماء من جبال ای من السحاب من قطع عظام تشبہ الجبال فی العظم، والمراد بھا قطع الحساب .

بعض مرتبہ بادلوں میں بجلی پیدا ہوتی ہے جس کی چمک بہت تیز ہوتی ہے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ابھی آنکھوں کی بینائی کو اچک لے گی۔ اسکا پیدا فرمانا بھی اللہ تعالیٰ کے تصرفات میں سے ہے۔ اس کے ذریعہ اموات بھی ہو جاتی ہیں اللہ تعالیٰ ہی جس کو چاہتا ہے بچا لیتا ہے۔

انہی تصرفات میں سے رات اور دن کا الٹنا پلٹنا بھی ہے جو صرف اللہ تعالیٰ کی مشیت سے ہوتا ہے اسی کو فرمایا يُقَلِّبُ اللّٰهُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ (اللہ تعالیٰ رات اور دن کو پلٹتا ہے) رات اور دن کا تعلق ظاہری اعتبار سے آفتاب کے طلوع و غروب ہونے سے ہے، لیکن آفتاب بھی اللہ تعالیٰ کی مخلوق ہے اللہ نے جو طلوع و غروب کا نظام مقرر فرما دیا ہے اسی کے مطابق چلتا ہے۔

اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّاُولِی الْاَبْصَارِ (بلاشبہ اس میں آنکھوں والوں کے لئے عبرت ہے) جو شخص اپنی عقل و فہم اور بصیرت سے کام لے گا اللہ تعالیٰ کی تخلیق اور تکوین کے مظاہروں پر غور کرے گا اسے ضرور اللہ تعالیٰ کی توحید واضح طور سے سمجھ میں آ جائے گی اور جس نے اپنے لئے یہ طے کر لیا کہ مجھے دلائل میں غور نہیں کرنا اور حق کو نہیں ماننا تو وہ گمراہ ہی رہے گا۔

اس کے بعد بعض سفلی تصرفات کا تذکرہ فرمایا، ارشاد ہے وَاللّٰهُ خَلَقَ كُلَّ دَآبَّةٍ مِّنْ مَّآءٍ یعنی اللہ تعالیٰ نے زمین پر چلنے پھرنے والی ہر چیز کو پانی سے پیدا فرمایا، اس سے حیوانات مراد ہیں جو نطفہ سے پیدا ہوتے ہیں پھر ان جانوروں میں بعض وہ ہیں جو اپنے پیٹ کے بل چلتے ہیں جیسے سانپ وغیرہ اور بعض وہ ہیں جو دو پیروں پر چلتے ہیں جیسے انسان اور پرندے (جبکہ خشکی میں ہوں) اور بعض وہ ہیں جو چار پاؤں پر چلتے ہیں جیسے اونٹ بھینس گائے بکری وغیرہ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ وہ جو چاہتا ہے پیدا فرماتا ہے اسے پورا اختیار ہے جیسے جس حال میں اور جس شکل و صورت میں پیدا فرمائے اور جس کو جس طرح چاہے قوت و قدرت عطا فرمائے۔ دیکھو پیٹ کے بل چلنے والے جانوروں کو جس طرح چلنے اور بھاگنے کی قوت عطا فرمائی ہے ان میں سے بہت سی دو اور چار ٹانگوں والی چیزوں کو عطا نہیں فرمائی نہیں چل سکتی۔ چھپکلی کو دیکھ لو وہ چھت سے الٹی لٹک کر بھی دوڑ لیتی ہے دوسری مخلوق ایسا کرے تو گر پڑے، چھپکلی چل بھی رہی ہے اور چپک بھی رہی ہے فسبحان من اعطی کل شئ خلقہ ثم ھدیٰ۔

اِنَّ اللّٰهَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ (بلاشبہ اللہ ہر چیز پر قادر ہے) جس کو جیسا چاہا بنایا وما شاء اللّٰہ کان وما لم یشألم یکن۔

یہاں یہ جو اشکال پیدا ہوتا ہے کہ بعض چیزوں کے بارے میں دیکھا جاتا ہے کہ ان کا توالد و تناسل نطفہ سے نہیں ہے اور حضرت آدم علیہ السلام کو مٹی سے پیدا فرمایا ان کا تو کوئی ماں باپ تھا ہی نہیں اس کا ایک جواب تو یہ ہے کہ یہاں لفظ کل دابۃ بطور تغلیب کے استعمال فرمایا ہے مطلب یہ ہے کہ عام طور سے جو تم انسان اور چوپایوں کو دیکھتے ہو ان کی تخلیق نطفہ سے ہے، اور بعض حضرات نے دوسرا

جواب دیا ہے اور وہ یہ کہ اللہ تعالیٰ نے پانی کو پیدا فرمایا پھر اس میں سے بعض کو آگ بنادیا جس سے جنات پیدا فرمائے اور بعض کو مٹی بنادیا اور اس سے انسان کو پیدا فرمایا اور بعض کو حصہ نور بنادیا اس سے فرشتے پیدا فرمائے اور جتنی مخلوق وجود میں آئی ہے اس کے وجود میں کسی نہ کسی طرح پانی کے جوہر کا وجود ہے۔ (من معالم التنزیل ص ۳۵۱ ج ۳ اور روح المعانی ص ۱۹۳ ج ۱۸)

لَقَدْ اَنْزَلْنَآ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ ؕ وَ اللّٰهُ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۴۶﴾ وَيَقُوْلُوْنَ

واقعی بات یہ ہے کہ ہم نے ایسی آیات نازل کی ہیں جو بیان کرنے والی ہیں، اور اللہ جسے چاہے صراط مستقیم کی طرف ہدایت دیتا ہے۔ اور وہ لوگ کہتے ہیں

اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَ بِالرَّسُوْلِ وَاَطَعْنَا ثُمَّ يَتَوَلّٰى فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ؕ وَمَآ اُولٰٓئِكَ

کہ ہم اللہ پر اور رسول پر ایمان لائے اور ہم فرمانبردار ہیں پھر اس کے بعد ان میں سے ایک فریق روگردانی کرلیتا ہے، اور یہ لوگ

بِالْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۴۷﴾ وَ اِذَا دُعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۴۸﴾

مؤمن نہیں ہیں۔ اور جب انہیں اللہ اور اس کے رسول کی طرف بلایا جاتا ہے تاکہ وہ ان کے درمیان فیصلہ فرمادے تو ان میں کا ایک فریق اسی وقت پہلو تہی کرلیتا ہے،

وَاِنْ يَّكُنْ لَّهُمُ الْحَقُّ يَاْتُوْٓا اِلَيْهِ مُذْعِنِيْنَ ﴿۴۹﴾ اَفِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ اَمِ ارْتَابُوْٓا اَمْ يَخَافُوْنَ

اور اگر ان کا کوئی حق ہو تو اس کی طرف فرمانبردار بنے ہوئے چلے آتے ہیں۔ کیا ان کے دلوں میں مرض ہے یا انہیں شک ہے انہیں اس بات کا خوف ہے

اَنْ يَّحِيْفَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَرَسُوْلُهٗ ؕ بَلْ اُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۵۰﴾

کہ ان پر اللہ اور اس کا رسول ظلم کرینگے، بلکہ بات یہ ہے کہ یہی لوگ ظالم ہیں۔

منافقوں کی دنیا طلبی، اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت سے انحراف اور قبول حق سے اعراض

یہ پانچ آیات ہیں ان میں سے پہلی آیت میں یہ ارشاد فرمایا کہ ہم نے واضح آیات اور کھلی کھلی نشانیاں نازل فرمائی ہیں جو حق اور حقیقت کو واضح کرنے والی ہیں جو عقل و فہم سے کام نہیں لیتا وہ دلائل سے فائدہ نہیں اٹھا سکتا اور گمراہی کے راستے ہی اختیار کئے ہوئے رہتا ہے اور اللہ جسے چاہتا ہے سیدھے راستہ کی ہدایت دے دیتا ہے، اس کے بعد جو چار آیات ہیں ان کو سمجھنے کے لئے منافقین کے بعض واقعات کو سمجھنا چاہیے، ایک اور واقعہ ہم سورۂ نساء کی آیت اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يَزْعُمُوْنَ کی تفسیر کے ذیل میں بیان کرچکے ہیں وہ بشر نامی منافق کا قصہ ہے۔ ایک واقعہ بعض مفسرین نے ان آیات کے ذیل میں لکھا ہے۔ صاحب روح المعانی لکھتے ہیں کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا مغیرہ بن وائل سے ایک زمین کے بارے میں جھگڑا تھا دونوں نے آپس میں بخوشی اس زمین کو تقسیم کرلیا اس کے بعد مغیرہ نے کہا کہ تم اپنی زمین مجھے بیچ دو حضرت علیؓ اس پر راضی ہوگئے بیع مکمل ہوگئی حضرت علی رضی اللہ عنہ نے قیمت پر اور مغیرہ نے زمین پر قبضہ کرلیا۔ اس کے بعد کسی نے مغیرہ کو سمجھایا کہ تو نے یہ نقصان کا سودا کیا ہے۔ یہ شور زمین ہے اس پر اس نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے کہا کہ آپ اپنی زمین واپس لے لیں کیونکہ میں اس سودے پر راضی نہیں تھا حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا کہ تو نے اپنی خوشی سے یہ معاملہ کیا ہے اور اس زمین کا حال جانتے ہوئے تو نے خریدا ہے۔ مجھے اس کا واپس کرنا منظور نہیں ہے اور ساتھ ہی یہ بھی فرمایا کہ چل ہم دونوں رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوکر اپنا مقدمہ پیش کریں، اس پر وہ کہنے لگا کہ میں محمد (علیہ السلام) کے پاس نہیں جاتا وہ تو مجھ سے بغض رکھتے ہیں اور مجھے ڈر ہے کہ وہ فیصلہ کرنے میں مجھ پر ظلم کردیں، اس پر آیت بالا نازل ہوئی چونکہ وہ شخص منافق تھا اس لئے اس نے مذکورہ بالا بے ہودہ گستاخی والی بات کہی۔ اور چونکہ منافقین آپس میں اندرونی طور پر ایک ہی تھے اور گھل مل کر رہتے تھے نیز ایک دوسرے کا تعاون بھی کرتے تھے اس لئے آیت شریفہ میں طرز بیان اس طرح اختیار فرمایا کہ سب منافقین کو شامل فرمالیا، مفسر ابن کثیر نے حضرت حسن رحمۃ اللہ علیہ سے یہ بھی نقل کیا ہے کہ جب منافقین میں سے کسی سے جھگڑا ہوتا اور وہ جھگڑا نمٹانے کے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بلایا جاتا اور اسے یقین ہوتا کہ آپ میرے ہی حق میں فیصلہ فرمائیں گے تو حاضر خدمت ہوجاتا اور اگر اس کا ارادہ ہوتا کہ کسی پر ظلم کرے اور اسے خصومت کا فیصلہ کرانے کے لئے آپ کی خدمت میں حاضری کے لئے کہا جاتا تو اعراض کرتا تھا، اور کسی دوسرے شخص کے پاس چلنے کو کہتا تھا منافقین نے اپنا یہ طریقہ کار بنا رکھا تھا۔ اس پر اللہ تعالیٰ شانہ نے آیت بالا نازل فرمائی۔ سبب نزول سمجھنے کے بعد اب آیات کا ترجمہ اور مطلب سمجھئے۔ ارشاد فرمایا کہ یہ لوگ (یعنی منافقین) ظاہری طور پر زبان سے یوں کہتے ہیں کہ ہم اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان لائے اور ہم فرمانبردار ہیں اس ظاہری قول وقرار کے بعد عملی طور پر ان میں سے ایک جماعت منحرف ہوجاتی ہے چونکہ حقیقت میں مؤمن نہیں ہیں اس لئے انہوں نے ایسا طرز عمل بنا رکھا ہے جب ان سے کہا جاتا کہ اللہ اور اس کے رسول کی طرف آؤ تاکہ تمہارے درمیان فیصلہ کردیا جائے تو ان کی ایک جماعت اس سے اعراض کرتی ہے۔ (کیونکہ انہیں معلوم ہوتا ہے کہ ہم نے ظلم کر رکھا ہے کہ اللہ کے رسول کی خدمت میں حاضر ہونگے تو فیصلہ ہمارے خلاف جائے گا) اور اگر ان کا حق کسی پر آتا ہو تو اس حق کے وصول کرنے کے لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بڑی ہی فرمانبرداری کے ساتھ حاضر ہوجاتے ہیں۔ مقصد ان کا صرف دنیا ہے ایمان کا اقرار اور فرمانبرداری کا قول وقرار دنیاوی منافع ہی کے لئے ہے۔ خدمت عالی میں حاضر ہونے کی صورت میں بھی طالب دنیا ہی نہیں اور حاضری دینے سے اعراض کرنے میں بھی دنیا ہی پیش نظر ہوتی ہے۔

اَفِیۡ قُلُوۡبِهِمۡ مَّرَضٌ (کیا ان کے دلوں میں مرض ہے) یعنی اسکا یقین ہے کہ آپ اللہ کے رسول نہیں ہیں۔ اَمِ ارۡتَابُوۡۤا (یا انہیں شک ہے) کہ آپ نبی ہیں یا نہیں اَمۡ یَخَافُوۡنَ اَنۡ یَّحِیۡفَ اللّٰهُ عَلَیۡهِمۡ وَرَسُوۡلُهٗ (یا وہ یہ خوف کھاتے ہیں کہ اللہ اور اسکے رسول کی طرف سے ان پر ظلم ہوگا) مطلب یہ ہے کہ ان تین باتوں میں سے کوئی چیز نہیں ہے انہیں یہ بھی یقین ہے کہ آپ واقعی اللہ کے رسول ہیں اور وہ یہ بھی سمجھتے ہیں کہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوکر جو فیصلہ ہوگا اس میں ظلم نہیں ہوگا۔ جب یہ بات ہے تو اعراض کا سبب صرف یہی رہ جاتا ہے کہ خود وہ ظالم ہیں۔ بَلۡ اُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوۡنَ وہ چاہتے ہیں کہ دوسروں کا مال تو ہمیں مل جائے لیکن ہم پر جو کسی کا حق ہے وہ دینا نہ پڑے۔ اگر انہیں ڈر ہوتا کہ آپ کا فیصلہ انصاف کے خلاف ہوگا تو جب اپنا حق کسی پر ہوتا اس کے لئے بھی دوڑتے ہوئے نہ آتے وہ جانتے تھے کہ آپ کا فیصلہ صاحب حق کے حق میں ہوگا۔ لیکن جب یہ سمجھتے تھے کہ ہمارے خلاف ہوگا تو اعراض کرتے تھے۔ ان کا مقصود انصاف کرانا نہیں بلکہ دوسروں کا مال مارنا ہے۔

اِنَّمَا كَانَ قَوۡلَ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ اِذَا دُعُوۡۤا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوۡلِهٖ لِيَحۡكُمَ بَيۡنَهُمۡ اَنۡ يَّقُوۡلُوۡا سَمِعۡنَا

جب مؤمنین کو اللہ اور اس کے رسول کی طرف بلایا جائے تاکہ ان کے درمیان فیصلہ فرمائے تو ان کا کہنا یہی ہوتا ہے کہ ہم نے سن لیا

وَ اَطَعْنَا ؕ وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۵۱﴾ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَخْشَ اللّٰهَ وَيَتَّقْهِ فَاُولٰٓئِكَ

اور مان لیا۔ اور یہ وہ لوگ ہیں جو کامیاب ہیں، اور جو شخص اللہ کی اور اس کے رسول کی اطاعت کرے اور اللہ سے ڈرے اور اس کی نافرمانی سے بچے،

هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿۵۲﴾

سو یہی لوگ ہیں جو کامیاب ہیں۔

ایمان والوں کا طریقہ یہ ہے کہ اللہ اور اس کے رسول کے فیصلہ کی طرف بلایا جاتا ہے تو سمعنا و اطعنا کہہ کر رضا مندی ظاہر کر دیتے ہیں اور یہ لوگ کامیاب ہیں

اوپر منافقین کا حال بیان فرمایا کہ وہ صرف زبان سے ایمان اور اطاعت کا اقرار اور اعلان کر دیتے ہیں، پھر جب ان کے جھگڑوں کے فیصلہ کے لئے اللہ اور اس کے رسول کی طرف بلایا جاتا ہے تو اعراض کرتے ہیں اور بچ کر چلے جاتے ہیں، وہ لوگ اپنے ایمان کے اعلان و اقرار میں جھوٹے ہیں۔ ان دونوں آیتوں میں سچے مؤمنین کا قول و عمل بتایا اور وہ یہ کہ جب انہیں کسی فیصلہ کے لئے اللہ اور اس کے رسول کی طرف بلایا جاتا ہے تو وہ ہر موقعہ پر سَمِعْنَا وَ اَطَعْنَا ہی کہتے ہیں، ذرا بھی اعراض اور انحراف نہیں کرتے، وہ کہتے ہیں کہ ہم نے سن بھی لیا مان بھی لیا یہ حضرات ہی کامیاب ہیں۔ یہ پہلی آیت کا مضمون ہے، دوسری آیت میں اس بات کی مزید توضیح فرمائی اور دوبارہ کامیابی کی خوشخبری دی، فرمایا کہ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ (اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرے) وَيَخْشَ اللّٰهَ (اور اللہ سے ڈرے) وَيَتَّقْهِ (اور اس کی نافرمانی سے پرہیز کرے) فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ (سو یہی لوگ کامیاب ہیں) اس میں چار چیزوں کا ذکر ہے اول اللہ تعالیٰ کی اطاعت، دوم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت (اطاعت میں وہ سب مامورات داخل ہیں جن کا اللہ اور اس کے رسول نے حکم فرمایا اور اطاعت میں ان اعمال سے بچنا بھی داخل ہے جن سے اللہ اور اس کے رسول نے منع فرمایا، بلکہ سنن و آداب پر عمل کرنا بھی اطاعت کا جزو ہے) اور تیسری بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتا رہے اس میں فرائض اور واجبات کا اہتمام کرنا داخل ہے۔ اور چوتھی چیز یہ ہے کہ تمام گناہوں سے بچتا رہے گو اطاعت میں گناہوں سے بچنا بھی داخل ہے لیکن مزید تاکید اور اہتمام کے لئے اس کا تذکرہ فرمایا۔ مختصر الفاظ میں مؤمن بندوں کی کامیابی بتادی۔ اسی لئے آیت کے ختم پر فاولٰٓئک ھم الفآئزون فرمادیا فائز یعنی کامیاب ہونے کا مطلب یہ ہے کہ دوزخ سے بچا دیا جائے اور جنت میں داخل کر دیا جائے جیسا کہ سورۂ آل عمران میں فرمایا ہے فمن زحزح عن النار و ادخل الجنة فقد فاز (سو جو شخص دوزخ سے بچا دیا گیا اور جنت میں داخل کرا دیا گیا وہ کامیاب ہو گیا)۔

مفسر ابن کثیر (ص ۲۹۹ ج ۳) نے حضرت قتادہ سے نقل کیا ہے کہ یخشی اللّٰہ سے ان گناہوں کے بارے میں ڈرنا مراد ہے جو گناہ پہلے ہو چکے ہیں اور یتقہ سے یہ مراد ہے کہ آئندہ گناہوں سے بچے۔

وَ اَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ اَمَرْتَهُمْ لَيَخْرُجُنَّ ؕ قُلْ لَّا تُقْسِمُوْا ۚ طَاعَةٌ

اور انہوں نے خوب مضبوطی کے ساتھ قسم کھائی کہ اگر آپ انہیں حکم دیں گے تو وہ ضرور نکل جائیں گے، آپ فرما دیجئے کہ قسم نہ کھاؤ، فرمانبرداری

مَّعْرُوْفَةٌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۵۳﴾ قُلْ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ اَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ

پہچانی ہوئی ہے۔ بلاشبہ اللہ ان کاموں سے باخبر ہے جو تم کرتے ہو۔ آپ فرما دیجئے کہ اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو رسول اللہ کی سو اگر تم روگردانی

تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْهِ مَا حُمِّلَ وَعَلَيْكُمْ مَّا حُمِّلْتُمْ ط وَاِنْ تُطِيْعُوْهُ تَهْتَدُوْا ط وَمَا عَلَى

کروگے تو رسول اللہ کے ذمہ وہ ہے جس کا ان پر بار رکھا گیا اور تمہارے ذمہ وہ ہے جس کا تم پر بار رکھا گیا، اور اگر تم نے انکی فرمانبرداری کی تو ہدایت پانے والے بن جاؤ گے۔

الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۵۴﴾

اور رسول کے ذمہ صرف واضح طور پر پہنچا دینا ہے۔

منافقوں کا جھوٹی قسمیں کھا کر فرمانبرداری کا عہد کرنا

ان آیات میں بھی روئے سخن منافقین کی طرف ہے وہ زوردار طریقہ پر اللہ تعالیٰ کی قسمیں کھا کھا کر کہتے تھے کہ ہم تو سراپا اطاعت ہیں آپ کا حکم ماننے کو تیار ہیں اگر آپ کا حکم ہو تو ہم گھر بار چھوڑ کر نکل جائیں تو ہم اس کے لئے حاضر ہیں یہ تفسیر حضرت ابن عباسؓ سے منقول ہے اور بعض مفسرین نے اس کا یہ مطلب بتایا ہے کہ آپ جب بھی جہاد کے لئے باہر نکلنے کا حکم فرمائیں گے تو ہم ضرور نکل کھڑے ہونگے۔ ان کی تردید میں فرمایا کہ آپ ان سے فرما دیجئے قسمیں نہ کھاؤ تمہاری فرمانبرداری جانی پہچانی ہوئی ہے قسمیں کھانے کے باوجود بھی تم اپنے وعدہ پر پورے نہیں اتر سکتے، حکم سن کر پھر خلاف ورزی کرو گے، اور حقیقت میں یہ بات ہے کہ جو شخص مخلص ہوا سے اپنی فرمانبرداری ظاہر کرنے کے لئے قسمیں کھانے کی ضرورت نہیں ہوتی، وہ تو حکم کو مانتا چلا جاتا ہے۔ اس کا عمل اور طرز عمل ہی بتا دیتا ہے کہ وہ مخلص ہے اور جس کا فرمانبرداری کا صرف دعوی ہو وہ اپنے دعویٰ کا بھرم رکھنے کے لئے بار بار قسمیں کھاتا ہے اور یقین دلاتا ہے کہ میں آپ کا فرمانبردار ہوں اور ہر حکم کے لئے حاضر ہوں، منافقین کا یہی طریقہ تھا کہ فرمانبرداری کا دعوی کرتے تھے اور اس پر قسمیں کھاتے تھے پھر جب حکم ہوتا تھا تو منہ موڑ لیتے تھے اور مؤمنین اخلاص کے ساتھ فرمانبرداری میں لگے رہتے تھے انہیں قسم کھانے کی ضرورت نہ تھی۔ ہر شخص کو آخرت میں بھی پیش ہونا ہے، میدان قیامت میں جب حساب ہوگا تو یہ زبانی دعوے اور جھوٹی قسمیں اور دھوکہ دینے کے ارادے اور شر وفساد کی نیتیں سب ہی کا انجام دیکھ لیں اگر بندوں کو پتہ نہ چلے تو اللہ تعالیٰ کو تو سب کچھ خبر ہے وہ اپنے علم اور حکمت کے مطابق سزا دے گا۔ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ میں اس مضمون کو واضح فرما دیا ہے۔

مزید فرمایا کہ اے منافقو! اگر تم فرمانبرداری سے بچو اور روگردانی کرو تو اس میں رسول اللہ کا کچھ نقصان نہیں آپ کے ذمہ جو بار ڈالا گیا ہے (یعنی تبلیغ کا کام) آپ اس کے ذمہ دار ہیں اور تم جانتے ہو کہ آپ نے اسے پورا کر دیا، اور تم پر جو بار ڈالا گیا تم اس کے ذمہ دار ہو یعنی تمہارے ذمہ فرمانبرداری ہے تم فرمانبرداری نہ کرو گے تو اپنا برا کرو گے۔

مزید فرمایا وَاِنْ تُطِيْعُوْهُ تَهْتَدُوْا اور اگر تم سچے دل سے اخلاص کے ساتھ اطاعت کرو گے تو راہ حق پا جاؤ گے۔ وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ اور رسول کے ذمہ اللہ تعالیٰ کا پیغام واضح طور پر پہنچانے کے علاوہ کچھ نہیں ہے۔ (انہوں نے پہنچا دیا اب تم اپنی ذمہ داری پوری کرو) اس سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ کے جو نائب ہیں وہ امت کو جو بھی کوئی بات بتائیں واضح طور پر بتائیں جو صاف طور پر سمجھ میں آ جائے آگے عمل کرنے والے کی ذمہ داری ہے۔

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ

اور تم میں سے جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کئے اللہ نے ان سے وعدہ فرمایا ہے کہ انہیں ضرور ضرور زمین میں خلیفہ بنائے گا جیسا کہ ان لوگوں کو خلیفہ بنایا تھا جو

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۪ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِي ارْتَضٰى لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ

ان سے پہلے تھے اور اس نے ان کے لئے جس دین کو پسند فرمایا ہے اسے ان کے لئے قوت دے گا ان کے خوف کے بعد ضرور ضرور

خَوْفِهِمْ اَمْنًا ۭ يَعْبُدُوْنَنِيْ لَا يُشْرِكُوْنَ بِيْ شَيْـًٔا ۭ وَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۵۵﴾

امن سے بدل دیگا وہ میری عبادت کرتے ہیں میرے ساتھ کسی چیز کو شریک نہیں ٹھہراتے اور جو شخص اسکے بعد ناشکری کرے گا تو یہی لوگ نافرمان ہیں۔

وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۵۶﴾ لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ

اور نماز کو قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو اور رسول کی فرمانبرداری کرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے ۔ اے مخاطب ان کے بارے

كَفَرُوْا مُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ ۚ وَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ۭ وَلَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۵۷﴾

میں یہ ہرگز خیال نہ کر کہ روئے زمین میں عاجز کرنے والے ہیں، اور ان کا ٹھکانہ دوزخ ہے، اور البتہ وہ بری جگہ ہے۔

ایمان اور اعمال صالحہ والے بندوں سے استخلاف اور تمکین فی الارض کا وعدہ

معالم التنزیل ص ۳۵۳ ج ۳ میں حضرت ابوالعالیہ تابعیؒ سے نقل کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ اپنے اصحاب کے ساتھ نزول وحی کی ابتداء کے بعد ہی سے ثابت قدمی کے ساتھ مقیم رہے اور کافروں کی طرف سے جو تکلیفیں پہنچتی تھیں ان پر بامر الٰہی صبر کرتے رہے صبح و شام دشمنوں کی طرف سے خائف رہتے تھے پھر جب مدینہ منورہ کو ہجرت کرنے کا حکم دے دیا گیا تو مدینہ منورہ پہنچ گئے ، وہاں پہنچنے پر بھی دشمنوں سے چھٹکارا نہ ہوا (یہودی بھی دشمن تھے اور منافقین سے بھی خطرہ رہتا تھا) اس لئے ہر شخص ہتھیار بند رہتا تھا۔ اسی اثناء میں ایک شخص کے منہ سے یہ نکل گیا تھا کہ کیا ہم پر کوئی ایسا دن بھی آئے گا جس میں ہم امن و امان سے ہونگے اور ہتھیار ساتھ رکھنے کی ضرورت نہ ہوگی۔ اس پر اللہ تعالیٰ شانہ نے آیت کریمہ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ (آخر تک نازل فرمائی) اللہ تعالیٰ شانہ نے حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم سے وعدہ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ تمہیں زمین پر خلیفہ بنائے گا تمہیں زمین میں اقتدار و اختیار دے گا، دشمن مغلوب ہونگے عرب و عجم پر تمہارا تسلط ہوگا ان سے پہلے جو اہل ایمان تھے ان کو بھی اللہ تعالیٰ نے زمین میں خلیفہ بنایا اور اقتدار سپرد فرمایا حضرات انبیاء کرام علیہم السلام میں حضرت داؤد اور حضرت سلیمان علیہما السلام کی حکومت و سلطنت تو مشہور رہی ہے ان کے علاوہ بھی بنی اسرائیل کو اللہ تعالیٰ نے حکومت عطا فرمائی اور زمین میں با اختیار اور با اقتدار بنایا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بنی اسرائیل کو خطاب کر کے فرمایا يٰقَوْمِ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَعَلَ فِيْكُمْ اَنْۢبِيَاۗءَ وَجَعَلَكُمْ مُّلُوْكًا ڰ وَّاٰتٰىكُمْ مَّا لَمْ يُؤْتِ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ (اے میری قوم! تم اللہ کی نعمت کو یاد کرو جو اس نے تمہیں عطا فرمائی جبکہ اس نے تم میں انبیاء بنائے اور تمہیں بادشاہ بنایا اور تم کو وہ کچھ دیا جو جہانوں میں سے کسی کو نہیں دیا۔

اللہ تعالیٰ کا ہر وعدہ برحق ہے اس نے ہر وعدہ پورا فرمایا ہے اور آئندہ اس کے سارے وعدے پورے ہونگے۔ حضرات صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم سے جو وعدے فرمائے جو ایمان اور اعمال صالحہ کی بنیاد پر تھے وہ سب پورے ہوئے پورے عرب (حجاز، یمن، شام، عراق، نجد) پر ان کا تسلط ہوا، ان کے بعد آنیوالے مسلمانوں کی بڑی بڑی حکومتیں قائم رہیں۔ صدہا سال افریقہ اور ایشیاء کے ممالک پر ان کا قبضہ

رہا۔ انہیں پورا اختیار تھا کہ اپنے دین پر چلیں اور لوگوں کو چلائیں۔ اسلام کی دعوت دیں اور اسلام کو پھیلائیں۔ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَى لَهُمْ کا پورا پورا مظاہرہ تھا نہایت سکون اطمینان اور امن وامان کے ساتھ رہتے تھے۔ مکہ معظمہ کی زندگی میں جو خوف و ہراس تھا پھر مدینہ منورہ میں جو چند سال خوف وخطرے کے گزرے، اسے اللہ تعالیٰ نے امن سے بدل دیا۔ اور وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْ بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا میں جو وعدہ فرمایا تھا وہ دیکھتی آنکھوں پورا ہو گیا۔ اس وعدہ کے پورا فرمانے کے ساتھ يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا بھی فرمایا تھا جس کا مطلب یہ ہے کہ ایمان اور اعمال صالحہ پر مضبوطی سے جمے رہیں اللہ کی عبادت کرتے رہیں اور کسی طرح کا شرک جلی یا خفی (عمل لغیر اللہ) اختیار نہ کریں۔

مسلمانوں کا شرط کی خلاف ورزی کرنا اور اقتدار سے محروم ہونا

پھر ہوا یہ کہ مسلمانوں نے شرط کی خلاف ورزی کی۔ ایمان بھی کمزور ہو گیا اعمال صالحہ بھی چھوڑ بیٹھے۔ عبادت الٰہیہ سے بھی پہلو تہی کرنے لگے۔ لہٰذا بہت سے ملکوں سے حکومتیں ختم ہو گئیں۔ اور بہت سی جگہ خوف و ہراس میں مبتلا ہو گئے امن وامان تباہ ہو گیا۔ اور دشمنوں سے امن وامان کی اور اپنی حکومتیں باقی رکھنے کی بھیک مانگنے لگے۔ بڑی بڑی حکومتیں چھن جانے کے بعد اب بھی افریقہ اور ایشیا میں مسلمانوں کی حکومتیں قائم ہیں اور زمین کے بہت بڑے حصہ پر اب بھی انہیں اقتدار حاصل ہے۔ لیکن اصحاب اقتدار عموماً نام کے مسلمان ہیں۔ کہیں شیعیت کو اجاگر کیا جارہا ہے اور کہیں شیوعیت کو امام بنا رکھا ہے کہیں مغربی جمہوریت پر ایمان لائے ہوئے ہیں کہیں الحاد اور زندقہ کو اپنا رکھا ہے قانون ہے تو مغرب کا اور وضع قطع ہے تو نصاریٰ کی۔ پھر دشمن سے دبتے ہیں اور اسی کے کہنے کے مطابق کرتے ہیں۔ آپس میں جنگ ہے۔ دشمنوں سے راز داری ہے قرآن مجید میں جو لَا تَتَّخِذُوا بِطَانَةً مِّنْ دُونِكُمْ لَا يَأْلُونَكُمْ خَبَالًا فرمایا ہے اس کی صریح خلاف ورزی ہے، ہر وقت خوف زدہ ہیں کہ دشمن ہمیں اقتدار سے نہ ہٹوادیں یا قتل نہ کروادیں۔ اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری سے دور ہیں دشمنان اسلام کی فرمانبرداری میں لگے ہوئے ہیں۔ ان سب باتوں کے ہوتے ہوئے اپنا بھرم اور مضبوط تسلط کہاں باقی رہ سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ شانہ نے استخلاف اور تمکین کے وعدہ کے ساتھ ہی یہ بھی فرمادیا تھا وَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَأُولٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ (جو اس کے بعد ناشکری کرے گا تو یہی لوگ نافرمان ہیں) ہم نے لفظ کفر کا ترجمہ ناشکری سے کیا ہے کہ اس کا لغوی معنی ہے اور شریعت کی اصطلاح میں ایمان کے مقابلہ میں استعمال کیا جاتا ہے۔ یہاں دونوں معنی مراد ہو سکتے ہیں جو شخص کفر اختیار کرلے پورا نافرمان ہے ایسے شخص کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں رہا۔

اگر کوئی شخص کافر تو نہیں ہوا لیکن اعمال صالحہ سے دور ہے۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی اطاعت اور فرمانبرداری سے منہ موڑے ہوئے ہے اسے گو کافر نہ کہا جائے گا لیکن فاسق اور باغی ضرور ہے۔ جب ایسے لوگوں کی اکثریت ہوگی اور مؤمنین صالحین اور علمائے عاملین کو برا کہا جائے گا اور عامۃ الناس قرآن وحدیث کی تعلیمات سے دور بھاگیں گے تو اللہ کی مدد نہیں ہوگی۔ اللہ تعالیٰ نے مدد اٹھالی ہے، اس لئے حکومتیں ہوتے ہوئے بھی دشمنوں سے خائف ہیں اور ان کے دروازہ پر مال اور اقتدار کی دریوزہ گری کرنے میں منہمک ہیں، ڈرتے رہتے ہیں کہ دشمن کی نافرمانی کرلی تو کرسی جاتی رہے گی۔ کاش مسلمانوں کے جتنے ملک ہیں سب متحد ہوتے، بلکہ ایک ہی امیر المؤمنین ہوتا جو سب کو کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ کے مطابق لے کر چلتا۔ اگر ایسا کر لیتے تو دشمن نظر اٹھا کر بھی نہیں دیکھ سکتے تھے۔ لیکن اب تو مسلمانوں کی خود غرضی نے مسلمانوں کے ملکوں کو اور ان کے اصحاب اقتدار کو دشمنوں کا کھلونا بنا رکھا ہے۔

اگر آج بھی مسلمان مضبوط ایمان والے ہو جائیں اور اعمال صالحہ والے بن جائیں اور اللہ تعالیٰ کی عبادت خالصہ میں لگ جائیں تو پھر انشاء اللہ تعالیٰ وہی دن آ جائیں گے جو خلافت راشدہ کے زمانہ میں اور ان کے بعد دیگر ملوک صالحین کے زمانہ میں تھے۔

وَاَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ وَاٰتُوا الزَّکٰوۃَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ لَعَلَّکُمْ تُرْحَمُوْنَ (اور نماز کو قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو اور رسول کی فرمانبرداری کرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے) اس میں واضح طور پر بتادیا کہ دوبارہ فرمانبرداری کی زندگی پر آنے اور عبادات بدنیہ اور عبادات مالیہ ادا کرنے پر آ جائیں تو پھر رحم کے مستحق ہو سکتے ہیں لیکن مسلمانوں پر تعجب ہے کہ جن فاسقوں کو بار بار آزما چکے ہیں انہی کو دوبارہ اقتدار پر لانے کی کوشش کرتے ہیں۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔

اس کے بعد فرمایا لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا مُعْجِزِیْنَ فِی الْاَرْضِ (اے مخاطب کافروں کے بارے میں یہ خیال نہ کرو کہ روئے زمین میں عاجز کرنے والے ہیں)

اس میں یہ بتادیا کہ کوئی بھی خیال کرنے والا یہ خیال نہ کرے کہ کافر لوگ زمین میں عاجز کرنے والے ہیں۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کی گرفت سے چھٹکارہ نہیں ہو سکتا اور دنیا کے کسی گوشہ میں بھاگ کر اللہ کے عذاب سے نہیں بچ سکتے۔ اور موت تو بہر حال سب کو آنی ہی ہے۔ زمین میں جو شخص جہاں بھی ہو اپنی مقررہ اجل کے موافق اس دنیا سے چلا جائے گا اور کافر کو عذاب تو موت کے وقت سے ہی شروع ہو جاتا ہے، کافروں کو جو دنیا میں عذاب ہے وہ اپنی جگہ ہے اور آخرت میں ان کا ٹھکانہ دوزخ ہے جو بری جگہ ہے اسی کو آخر میں فرمایا وَمَاْوٰهُمُ النَّارُ ؕ وَلَبِئْسَ الْمَصِیْرُ۔

روافض قرآن کے منکر ہیں صحابہٴ کرام رضی اللہ عنہم کے دشمن ہیں

دشمنان اسلام میں روافض یعنی شیعوں کی جماعت بھی ہے یہ لوگ اسلام کے مدعی اور اہل بیت کی محبت کی دعویدار ہیں اور نہ اللہ تعالیٰ سے راضی ہیں نہ قرآن سے، نہ اللہ کے رسول سے (صلی اللہ علیہ وسلم) نہ حضرات صحابہٴ کرام رضی اللہ عنہم سے، نہ حضرات اہل بیت رضی اللہ عنہم سے، آیت استخلاف جو سورۂ نور کا جزو ہے اس میں اللہ تعالیٰ نے حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم سے وعدہ فرمایا ہے کہ اللہ تمہیں خلیفہ بنائے گا اور تمکین فی الارض کی نعمت سے نوازے گا تاریخ جاننے والے جانتے ہیں کہ حضرت ابوبکر اور حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہم کے زمانے میں یہ وعدہ پورا ہو گیا۔

مسلمانوں کا اقتدار عرب اور عجم میں بڑھتا چڑھتا چلا گیا، حضرت علی رضی اللہ عنہ بھی خلیفہ راشد تھے وہ مذکورہ بالا تینوں خلفاء کے ساتھ ایک جان اور دو قالب ہو کر رہے ان کی اقتداء میں نمازیں پڑھتے رہے ان کے مشوروں میں شریک رہے۔ پھر جب انہیں خلافت سونپ دی گئی تو یہ نہیں فرمایا کہ یہ حضرات خلفائے راشدین نہیں تھے یا خلافت کے غاصب تھے اور میں سب سے پہلے خلافت کا مستحق تھا اور وہ انہیں حضرات کے طریقہ پر چلتے رہے ان کے فتح کئے ہوئے ممالک کو باقی رکھا اور قرآن و حدیث کے موافق امور خلافت انجام دیئے۔ انکے بعد ان کے بڑے صاحبزادہ حضرت حسن رضی اللہ عنہ خلیفہ بنے انکی شہادت پر خلافت راشدہ کے تیس سال پورے ہو گئے رسول اللہ ﷺ نے الخلافۃ من بعدی ثلاثون سنۃ فرمایا تھا اسی کے مطابق اہل السنۃ والجماعۃ مذکورہ پانچوں حضرات کو خلفاء راشدین مانتے ہیں لیکن زیادہ تر زبانوں پر چاروں خلفاء کے اسمائے گرامی آتے ہیں کیونکہ حضرت حسن رضی اللہ عنہ کی خلافت چند ماہ تھی۔

اب روافض کی بات سنو وہ کہتے ہیں کہ ابوبکر اور عمر، عثمان (رضی اللہ عنہم) خلیفہ راشد تو کیا ہوتے مسلمان ہی نہیں تھے روافض قرآن

کے بھی منکر ہیں اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے عظیم مرتبہ کے بھی (جوان کے عقیدہ میں امام اول ہیں، اور معصوم ہیں) ان کو بزدل بتاتے ہیں اور یوں کہتے ہیں کہ انہوں نے اپنی خلافت کا اعلان نہیں کیا جس کے وہ اولین مستحق تھے اور جس کی ان کے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے وصیت تھی ان لوگوں کے عقیدہ میں امام اول نے حق کو چھپایا اور اپنے سے پہلے تینوں خلفاء کے ساتھ مل کر رہے اور اس میں انہوں نے تقیہ کرلیا تھا۔ سب کو معلوم ہے کہ حضرت حسن رضی اللہ عنہ کے بعد روافض جن حضرات کو امام مانتے ہیں ان میں سے کسی کی خلافت قائم نہیں ہوئی۔ اگر ان لوگوں کی بات مان لی جائے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ، عمر رضی اللہ عنہ، عثمان رضی اللہ عنہ وہ خلیفہ نہیں تھے جن کا آیت شریفہ میں اللہ تعالیٰ نے وعدہ فرمایا ہے تو قرآن مجید کا وعدہ صحیح ثابت نہیں ہوتا۔ (العیاذ باللہ) شیعوں کے سامنے جب یہ بات آتی ہے تو کہہ دیتے ہیں کہ یہ وعدہ امام مہدی پر پورا ہوگا۔ جھوٹے کا کام جھوٹ ہی سے چلتا ہے۔ آیت شریفہ میں تو مـنـکـم وارد ہوا ہے جس میں حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو مخاطب فرمایا ہے یہ لوگ منکم کو نہیں دیکھتے اپنی گمراہی پر مصر ہیں یاد رہے قرآن مجید میں اور کسی جگہ اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اور عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ کے درمیان لفظ مـنـکـم وارد نہیں ہوا۔ وعدہ استخلاف کے بیان میں یہ لفظ آیا ہے وعدہ استخلاف کے ساتھ ہی اسی وقت اللہ تعالیٰ نے روافض کی تردید فرمادی فلعنة اللّٰه علی من کذب بالقرآن۔

فائدہ............ آخر میں یہ جو فرمایا ہے کہ کافروں کے بارے میں یہ خیال نہ کرو کہ وہ اللہ کی گرفت سے بچ کر بھاگ جائیں گے اس کے عموم میں وہ سب کافر داخل ہیں جو زمانہ نزول قرآن سے لیکر آج تک اسلام اور اہل اسلام کے خلاف سازشیں کرتے ہیں اور ان کے ملکوں کو توڑتے ہیں اور اپنی برتری کے لئے تدبیریں کرتے ہیں۔ وہ اس دنیا میں بھی تباہ ہونگے اور آخرت میں بھی دوزخ میں داخل ہونگے۔ فلیتفکر الکافرون ومنهم الروافض المفسدون۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِيَسْتَاْذِنْكُمُ الَّذِيْنَ مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ وَالَّذِيْنَ لَمْ يَبْلُغُوا الْحُلُمَ مِنْكُمْ ثَلٰثَ مَرّٰتٍ ؕ

اے ایمان والو جو تمہارے مملوک ہیں اور تم میں سے وہ لڑکے جو بلوغ کو نہیں پہنچے تین وقتوں میں اجازت لیا کریں،

مِنْ قَبْلِ صَلٰوةِ الْفَجْرِ وَحِيْنَ تَضَعُوْنَ ثِيَابَكُمْ مِّنَ الظَّهِيْرَةِ وَمِنْۢ بَعْدِ صَلٰوةِ الْعِشَآءِ ۫ ثَلٰثُ عَوْرٰتٍ

نماز فجر سے پہلے، اور جس وقت تم دوپہر میں اپنے کپڑے اتار کر رکھتے ہو، اور نماز عشاء کے بعد یہ تین وقت تمہارے

لَّكُمْ ؕ لَيْسَ عَلَيْكُمْ وَلَا عَلَيْهِمْ جُنَاحٌۢ بَعْدَهُنَّ ؕ طَوّٰفُوْنَ عَلَيْكُمْ بَعْضُكُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ كَذٰلِكَ

پردہ کے ہیں، ان اوقات کے علاوہ تم پر اور ان پر کوئی گناہ نہیں ہے، وہ بکثرت تمہارے پاس آتے جاتے ہیں، کوئی کسی کے پاس اور کوئی کسی کے پاس، اللہ اسی طرح

يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۵۸﴾ وَاِذَا بَلَغَ الْاَطْفَالُ مِنْكُمُ الْحُلُمَ فَلْيَسْتَاْذِنُوْا

تمہارے لئے احکام بیان فرماتا ہے اور اللہ علیم ہے، حکیم ہے۔ اور تمہارے لڑکے جب حد بلوغ کو پہنچ جائیں تو وہ بھی اجازت لیں

كَمَا اسْتَاْذَنَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۵۹﴾

جیسے ان لوگوں نے اجازت لی جو ان سے پہلے ہیں، اسی طرح اللہ تمہارے لئے اپنی آیات بیان فرماتا ہے اور اللہ علیم ہے حکیم ہے۔

گھروں میں داخل ہونے کے لئے خصوصی طور پر تین اوقات میں اجازت لینے کا اہتمام کیا جائے

اسی سورت نور کے چوتھے رکوع میں کسی کے پاس اندر جانے کے لئے اجازت لینے اور اجازت نہ ملنے پر واپس ہو جانے کا حکم مذکور ہے، وہ حکم اجانب کے لئے ہے، جن کا اس گھر سے رہنے سہنے کا تعلق نہ ہو جس میں اندر جانے کی اجازت طلب کرنا چاہتے ہوں۔

ان دو آیتوں میں ان اقارب اور محارم کا حکم فرمایا ہے جو عموماً ایک گھر میں رہتے ہیں اور ہر وقت آتے جاتے رہتے ہیں اور ان سے عورتوں کو پردہ کرنا بھی واجب نہیں ہے ان میں ان بچوں کا حکم بیان فرمایا جو حد بلوغ کو نہیں پہنچے اور غلاموں کا ذکر ہے۔ (جنہیں کام کاج کے لئے اپنے آقا کی خدمت کے لئے بار بار اندر آنا جانا پڑتا ہے) ان کے بارے میں فرمایا کہ یہ لوگ تین اوقات میں تمہارے پاس اندر آنے کے سلسلے میں اجازت لینے کا خاص دھیان رکھیں۔ مطلب یہ ہے کہ تم انہیں یہ تعلیم دو اور انہیں سمجھاؤ اور سدھاؤ کہ وہ ان اوقات میں اجازت لینے کا اہتمام کریں ان اوقات میں سے پہلا وقت نماز فجر سے پہلے اور دوسرا دوپہر کا وقت ہے جب عام طور سے زائد کپڑے اتار کر رکھ دیتے ہیں اور تیسرا وقت نماز عشاء کے بعد کا ہے۔ ان تینوں اوقات کے بارے میں فرمایا کہ: ثَلٰثُ عَوْرٰتٍ لَّكُمْ کہ یہ تینوں تمہارے پردہ کے اوقات ہیں کیونکہ ان اوقات میں عام عادت کے مطابق تخلیہ ہوتا ہے اور انسان بے تکلفی کے ساتھ آرام سے رہنا چاہتا ہے۔ تنہائی میں کسی وقت وہ اعضاء بھی کھل جاتے ہیں جن کا ڈھانکے رکھنا ضروری ہے اور سوتے وقت غیر ضروری کپڑے تو اتار ہی دیتے ہیں اور تنہائی کا موقع پا کر بعض مرتبہ میاں بیوی بھی بے تکلفی کے ساتھ ایک دوسرے سے متمتع ہوتے ہیں۔ اگر آنے والا آزاد لڑکا ہو یا غلام یا لونڈی ہو اور اندر آنے کی اجازت نہ لے تو بعض مرتبہ ممکن ہے کہ ان کی نظر کسی ایسی حالت یا کسی ایسے عضو پر پڑ جائے جس کا دیکھنا جائز نہیں ہے بالغ غلام مرد اپنے آقا کے پاس ان اوقات میں جائے تو وہ بھی اجازت لے۔ گو مرد کا مرد سے پردہ نہیں ہے لیکن ان اوقات میں کپڑے اتارے ہوئے ہونے کا احتمال رہتا ہے۔ اور بعض مرتبہ بے دھیانی میں بعضے وہ اعضاء کھل جاتے ہیں جن کا مرد کے سامنے بھی کھولنا جائز نہیں ہے۔ اس لئے مذکورہ اوقات میں اجازت لینے کا اہتمام کریں۔ معالم التنزیل میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک انصاری لڑکے کو جس کا نام مدلج تھا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو بلانے کے لئے بھیجا یہ دوپہر کا وقت تھا اس نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو ایسی حالت میں دیکھ لیا جو انہیں ناگوار ہوا اس پر آیت بالا نازل ہوئی۔

مضمون بالا بیان فرمانے کے بعد ارشاد فرمایا کہ ان اوقات کے علاوہ اگر یہ لوگ بلا اجازت آ جائیں تو اس میں تم پر یا ان پر کوئی الزام نہیں ہے، پھر اس کی وجہ بتاتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ طَوّٰفُوْنَ عَلَيْكُمْ بَعْضُكُمْ عَلٰى بَعْضٍ (یہ لوگ تمہارے پاس آتے جاتے رہتے ہیں) چونکہ ہر وقت اجازت لینے میں دشواری ہے اس لئے مذکورہ بالا اوقات کے علاوہ بلا اجازت داخل ہونے کے لئے گھر کے لڑکوں اور غلاموں کو اجازت دے دی گئی آخر میں فرمایا: كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ (اللہ اسی طرح تمہارے لئے صاف صاف احکام بیان فرماتا ہے)۔ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ (اور اللہ جاننے والا ہے حکمت والا ہے)۔

یہ پہلی آیت کا مضمون تھا دوسری آیت میں یہ فرمایا کہ جب لڑکے بالغ ہو جائیں جنہیں بلوغ سے پہلے مذکورہ تین وقتوں کے علاوہ بے اجازت اندر آنے کی اجازت تھی اب بالغ ہونے کے بعد اسی طرح اجازت لیں جیسے ان سے پہلے لوگ اجازت لیتے رہے یہ خیال نہ کریں کہ کل تک تو ہم یوں ہی چلے جاتے تھے اب اجازت کیوں لیں۔ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ (اللہ اسی طرح تمہارے لئے صاف صاف احکام بیان فرماتا ہے) وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ (اور اللہ جاننے والا ہے)۔

فائدہ............ پہلی آیت میں جو تین اوقات میں اجازت لینے کا حکم فرمایا ہے اس کے بارے میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ تین آیات ایسی ہیں جن پر لوگوں نے عمل چھوڑ رکھا ہے ایک تو یہی آیت یَـٰٓأَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لِیَسْتَاْذِنْكُمُ الَّذِیْنَ اور دوسرے سورۂ نساء کی آیت وَاِذَا حَضَرَ الْقِسْمَةَ اُولُوا الْقُرْبٰی اور تیسری سورۂ حجرات کی آیت اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰكُمْ نیز حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے یہ بھی فرمایا کہ (اکثر لوگ اس آیت پر عمل نہیں کرتے) (گویا کہ) اس پر ایمان نہیں لائے۔ اور میں تو اپنی اس باندی کو بھی حکم دیتا ہوں کہ میرے پاس اجازت لیکر آئے۔ (ابن کثیر ص ۳۰۳ ج ۳)

وَالْقَوَاعِدُ مِنَ النِّسَآءِ الّٰتِیْ لَا یَرْجُوْنَ نِكَاحًا فَلَیْسَ عَلَیْهِنَّ جُنَاحٌ اَنْ یَّضَعْنَ ثِیَابَهُنَّ غَیْرَ

اور جو عورتیں بیٹھ چکی ہیں جنہیں نکاح کرنے کی امید نہیں ہے سو اس بات میں کوئی گناہ نہیں کہ وہ اپنے کپڑے اتار کر رکھ دیں بشرطیکہ زینت کا

مُتَبَرِّجٰتٍۭ بِزِیْنَةٍ ؕ وَاَنْ یَّسْتَعْفِفْنَ خَیْرٌ لَّهُنَّ ؕ وَاللّٰهُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ۝۶۰

اظہار کرنے والی نہ ہوں، اور یہ بات کہ پرہیز کریں ان کے لئے بہتر ہے اور اللہ سننے والا ہے جاننے والا ہے۔

بوڑھی عورتیں پردہ کا زیادہ اہتمام نہ کریں تو گنجائش ہے

القواعد: قاعدة کی جمع ہے اس سے بوڑھی عورتیں مراد ہیں جو گھر میں بیٹھ چکی ہیں، نہ نکاح کے لائق ہیں نہ انہیں نکاح کی رغبت ہے نہ کسی مرد کو ان سے نکاح کرنے کی طلب ہے ان عورتوں کے بارے میں فرمایا کہ ان کو اس بات میں کوئی گناہ نہیں کہ وہ اپنے زائد کپڑے جن سے چہرہ چھپا رہتا ہے، چادر وغیرہ اتار کر رکھ دیں یعنی غیر محرم کے سامنے چہرہ کھول کر آجائیں بشرطیکہ مواقع زینت کا اظہار نہ کریں۔ مطلب یہ ہے کہ ان کا حکم جوان عورتوں کا سا حکم نہیں ہے اگر چہرہ اور ہتھیلیاں غیر محرم کے سامنے کھول دیں تو اس میں گناہ نہیں ہے البتہ جسم کے دوسرے حصوں کو نہ کھولیں اور یہ جو انہیں چہرہ اور ہتھیلیاں کھولنے کی اجازت دی گئی ہے یہ جائز ہونے کی حد تک ہے۔ بہتر ان کے لئے بھی یہی ہے کہ احتیاط کریں اور نامحرموں کے سامنے چہرہ کھولنے سے بھی احتراز کریں۔

جب بوڑھی عورتوں کو بھی اجازت دینے کے باوجود یہ فرمایا کہ ان کو بھی احتیاط کرنا بہتر ہے کہ چہرہ کھول کر غیر محرموں کے سامنے نہ آئیں تو اسی سے سمجھ لیا جائے کہ جوان عورتوں کو غیر محرموں کے سامنے چہرہ کھول کر آنا کیسے جائز ہوگا۔ **هذا في القواعد فكيف في الكواعب** (روح المعانی ص ۱۷۲ ج ۱۸) وَاللّٰهُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ (اور اللہ سننے والا ہے اور جاننے والا ہے)۔

لَیْسَ عَلَی الْاَعْمٰی حَرَجٌ وَّلَا عَلَی الْاَعْرَجِ حَرَجٌ وَّلَا عَلَی الْمَرِیْضِ حَرَجٌ وَّلَا عَلٰٓی

نہ تو نابینا آدمی کے لئے کوئی مضائقہ ہے اور نہ لنگڑے آدمی کے لئے کوئی مضائقہ ہے اور نہ مریض کے لئے کوئی مضائقہ ہے اور نہ خود تمہارے لئے

اَنْفُسِكُمْ اَنْ تَاْكُلُوْا مِنْۢ بُیُوْتِكُمْ اَوْ بُیُوْتِ اٰبَآئِكُمْ اَوْ بُیُوْتِ اُمَّهٰتِكُمْ اَوْ بُیُوْتِ اِخْوَانِكُمْ

کوئی مضائقہ ہے کہ تم اپنے گھروں سے یا اپنے باپوں کے گھروں سے، یا اپنی ماؤں کے گھروں سے یا اپنے بھائیوں کے گھروں سے

اَوْ بُیُوْتِ اَخَوٰتِكُمْ اَوْ بُیُوْتِ اَعْمَامِكُمْ اَوْ بُیُوْتِ عَمّٰتِكُمْ اَوْ بُیُوْتِ اَخْوَالِكُمْ اَوْ بُیُوْتِ

یا اپنی بہنوں کے گھروں سے یا اپنے چچاؤں کے گھروں سے یا اپنی پھوپھیوں کے گھروں سے یا اپنے ماموؤں کے گھروں سے یا اپنی خالاؤں کے

خٰلٰتِكُمْ اَوْ مَا مَلَكْتُمْ مَّفَاتِحَهٗٓ اَوْ صَدِيْقِكُمْ ؕ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَاْكُلُوْا جَمِيْعًا

گھروں سے یا ان گھروں سے جن کی چابیوں کے تم مالک ہو، یا اپنے دوستوں کے گھروں سے کھاؤ، تم پر اس بات میں کوئی گناہ نہیں کہ سب مل

اَوْ اَشْتَاتًا ؕ فَاِذَا دَخَلْتُمْ بُيُوْتًا فَسَلِّمُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ تَحِيَّةً مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُبٰرَكَةً

کر کھاؤ یا الگ الگ، سو جب تم گھروں میں داخل ہونے لگو تو اپنے لوگوں کو سلام کرو جو اللہ کی طرف سے مقرر ہے دعاء مانگنے کے طور پر، جو مبارک ہے

طَيِّبَةً ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۱﴾ ع ۱۲

پاکیزہ ہے۔ اللہ اسی طرح تمہیں اپنی احکام بتاتا ہے تاکہ تم سمجھ لو۔

اپنے رشتہ داروں اور دوستوں کے گھروں میں کھانے پینے کی اجازت

علامہ بغوی رحمۃ اللہ علیہ نے معالم التنزیل ص ۳۵۸ میں اس آیت کا سبب نزول بتاتے ہوئے مختلف اقوال لکھے ہیں۔ حضرت سعید بن جبیر سے نقل کیا ہے کہ لنگڑے اور نابینا اور بیمار لوگ تندرست آدمیوں کے ساتھ کھانے سے یہ سمجھتے ہوئے پرہیز کرتے تھے کہ لوگ ہم سے گھن کرتے ہیں اور یا یہ کہ کوئی شخص یوں سمجھ لے کہ نابینا زیادہ کھا گیا یا یہ کہ لنگڑے کے بارے میں یہ خیال کرنے لگے کہ اس نے دو آدمیوں کی جگہ گھیر لی اس پر آیت بالا نازل ہوئی۔ اور حضرت مجاہد نے یوں فرمایا کہ اس آیت میں جن لوگوں کا ذکر ہے ان کے یہاں کھانے کی اجازت دینے کے لئے آیت کا نزول ہوا، سبب نزول جو بھی ہو آیت کریمہ میں آپس میں بے تکلفی کی بنیاد ایک دوسرے کے گھر میں شرعی اصول کے مطابق کھانے کی اجازت دی ہے چونکہ آپس میں قرابت اور دوستی کی وجہ سے ایک دوسرے کا کھانا کھانا اور لینا دینا ناگوار نہیں ہوتا دل کی خوشی سے سب کھلاتے پلاتے ہیں بلکہ آپس میں ایک دوسرے کے ہاں نہ کھائیں تو اس سے ناگواری ہوتی ہے اس لئے آیت کریمہ میں بے تکلف آپس میں کھانے کی اجازت مرحمت فرما دی۔ جب ہر شخص دل سے چاہتا ہے اور حالات و معاملات اس بات کو بتاتے ہیں کہ اپنے عزیز کی کوئی چیز کھالی اگرچہ بظاہر اجازت نہیں لی تب بھی اسے ناگوار نہیں تو بلا اجازت بھی کھا سکتے ہیں۔ اپنے گھروں سے کھانے میں اور جن معذوروں کا ذکر ہے ان کو ساتھ کھلانے میں کوئی حرج اور تنگی کی بات نہیں ہے اور ان معذوروں کو بھی ساتھ کھانے میں کوئی تنگی محسوس نہیں کرنی چاہیے۔ اور بعض مفسرین نے مِنْۢ بُیُوْتِكُمْ سے اولاد کے گھر مراد لئے ہیں اور مطلب یہ بتایا ہے کہ تم اپنی اولاد کے گھروں سے کھاؤ اس میں کوئی حرج نہیں۔ (کما فی الجلالین)

اگر تم اپنے باپوں یا ماؤں یا بھائیوں یا بہنوں اور چچاؤں یا پھوپھیوں یا ماموؤں یا خالاؤں کے گھروں سے کھاؤ تو اس میں بھی کوئی حرج نہیں ہے (اگر بہن یا پھوپھی یا خالہ کا ذاتی مال ہے تو اس میں سے بلا تکلف کھا لینے میں کوئی مضائقہ نہیں ہاں اگر ان کے شوہروں کا مال ہو اور وہ دل سے راضی نہ ہوں تو اس کے کھانے میں احتیاط کی جائے۔

رشتہ داریوں کو بیان فرمانے کے بعد اَوْ مَا مَلَكْتُمْ مَفَاتِحَهٗ فرمایا، اس کے بارے میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اس سے وہ لوگ مراد ہیں جو کسی کے مال کی حفاظت کے وکیل اور ذمہ دار ہیں۔ کسی مالک کے مویشی چرانے والے اور باغوں کی دیکھ بھال کرنے والے اگر متعلقہ مال میں سے کھالیں تو اس کی اجازت ہے البتہ ساتھ نہ لے جائیں اور ذخیرہ نہ بنائیں بقدر حاجت اور حسب ضرورت کھالیں۔ بعض حضرات نے فرمایا ہے اس سے مملوک غلام مراد ہیں کیونکہ غلام کے پاس جو مال ہے وہ آقا ہی کی ملکیت ہے اس

لئے وہ اس میں سے کھا سکتا ہے۔

اس کے بعد فرمایا اَوْ صَدِيْقِكُمْ (یعنی اپنے بے تکلف دوستوں کے گھر سے بھی کھا پی سکتے ہو) دوستی سچی اور پکی ہو صرف لینے ہی کا دوست نہ ہو دوست کے کھانے پر بھی دل سے خوش ہوتا ہو قال صاحب الروح ورفع الحرج من بيت الصديق لانه ارضى بالتبسط واسربه من كثير من ذوى القرابة پھر فرمایا لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَاْكُلُوْا جَمِيْعًا اَوْ اَشْتَاتًا (تم پر اس بات میں کوئی گناہ نہیں کہ اکٹھے ہو کر کھاؤ یا الگ الگ) اس کے بارے میں معالم التنزیل میں لکھا ہے کہ انصار میں سے بعض حضرات ایسے تھے جنہوں نے یہ طے کر لیا تھا کہ جب کوئی مہمان ساتھ ہوگا تب ہی کھائیں گے مہمان نہیں ملتا تھا تو تکلیف اٹھاتے تھے بھوکے رہتے تھے لہٰذا ان کو اجازت دے دی گئی کہ چاہے اکٹھے کھاؤ (مہمان مل جائے تو اس کے ساتھ کھالو اور چاہے تنہا کھالو)

اس کے بعد فرمایا فَاِذَا دَخَلْتُمْ بُيُوْتًا فَسَلِّمُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ تَحِيَّةً مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُبٰرَكَةً طَيِّبَةً (سو جب تم گھروں میں داخل ہو تو اپنے نفسوں کو سلام کرو جو اللہ کی طرف سے مقرر ہے۔ دعاء مانگنے کے طور پر جو مبارک ہے پاکیزہ ہے اس میں یہ ارشاد فرمایا ہے کہ جب تم ان گھروں میں داخل ہو جن کا اوپر ذکر ہوا تو اپنے نفسوں کو سلام کرو۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ وہاں جو لوگ موجود ہیں ان کو سلام کرو چونکہ اعزہ واقرباء اور دوست سب مل کر گویا ایک ہی جان ہیں اس لئے علی اهلها کے بجائے علی انفسكم فرمایا اور اس میں ایک یہ نکتہ بھی ہے کہ جب تم سلام کرو گے تو حاضرین جواب دیں گے اس طرح تمہارا سلام کرنا اپنے لئے سلامتی کی دعاء کرانے کا ذریعہ بن جائے گا۔ (ذكره صاحب الروح) یہ سلام اللہ تعالیٰ کی طرف سے مشروع ہے۔ دعاء کرنے کے طور پر مشروع کیا گیا ہے پھر یہ مبارک بھی ہے۔ کیونکہ اس میں اجر بھی ہے برکتیں بھی ہیں۔ اور یہ خصلت طیبہ بھی ہے جس سے سننے والا خوش ہوتا ہے اور اپنا دل بھی خوش ہوتا ہے۔ جب کہیں جائیں جہاں کہیں مسلمان موجود ہو یا راستہ میں کوئی مسلمان مل جائے تو السلام علیکم کہے اور جسے سلام کیا وہ بھی جواب دے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تو اپنے گھر والوں پر داخل ہو تو سلام کر، اس میں تیرے لئے اور تیرے گھر والوں کے لئے برکت ہوگی۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۳۹۹)

اور حضرت قتادہ رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب تم کسی گھر میں داخل ہو۔ تو اس گھر کے رہنے والوں کو سلام کرو اور جب وہاں سے نکلو تو گھر والوں کو سلام کے ساتھ رخصت کرو۔ (مشکوٰۃ المصابیح ۳۹۹)

سلام کے مسائل ہم سورۂ نساء کی آیت کریمہ وَاِذَا حُيِّيْتُمْ بِتَحِيَّةٍ کے ذیل میں بیان کر آئے ہیں۔ آخر میں فرمایا كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ (اسی طرح اللہ تعالیٰ تم سے اپنے احکام بیان فرماتا ہے تاکہ تم سمجھ جاؤ)۔

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاِذَا كَانُوْا مَعَهٗ عَلٰٓى اَمْرٍ جَامِعٍ لَّمْ يَذْهَبُوْا

ایمان والے وہی ہیں جو اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان لائے اور جب وہ رسول کے ساتھ کسی ایسے کام کیلئے جمع ہوتے ہیں جس کے لئے جمع کیا گیا تو اس وقت

حَتّٰى يَسْتَاْذِنُوْهُ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَاْذِنُوْنَكَ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۚ

تک نہیں جاتے جب تک آپ سے اجازت نہ لیں، بلاشبہ جو لوگ آپ سے اجازت لیتے ہیں یہ وہی لوگ ہیں جو اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان رکھتے ہیں،

فَاِذَا اسْتَاْذَنُوْكَ لِبَعْضِ شَاْنِهِمْ فَاْذَنْ لِّمَنْ شِئْتَ مِنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمُ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

سو جب وہ آپ سے اپنے کسی کام کے لئے اجازت طلب کریں تو ان میں سے آپ جسے چاہیں اجازت دیدیں اور ان کے لئے اللہ سے مغفرت کی دعا کیجئے

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۶۲﴾ لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَيْنَكُمْ كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا ؕ قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ

بلاشبہ اللہ غفور ہے رحیم ہے۔ تم اپنے درمیان رسول اللہ کے بلانے کو ایسا مت سمجھو جیسے تم آپس میں ایک دوسرے کو بلاتے ہو بے شک اللہ ان کو جانتا ہے

يَتَسَلَّلُوْنَ مِنْكُمْ لِوَاذًا ۚ فَلْيَحْذَرِ الَّذِيْنَ يُخَالِفُوْنَ عَنْ اَمْرِهٖٓ اَنْ تُصِيْبَهُمْ فِتْنَةٌ اَوْ يُصِيْبَهُمْ

جو تم میں سے آڑ میں ہو کر کھسک جاتے ہیں سو جو لوگ رسولؐ کے حکم کی مخالفت کرتے ہیں وہ اس بات سے ڈریں کہ ان پر کوئی مصیبت آپڑے یا انہیں

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۶۳﴾

کوئی دردناک عذاب پہنچ جائے۔

اہل ایمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت لیکر جاتے ہیں

درمنثور ص ۶۰ ج ۵ میں لکھا ہے کہ غزوۂ احزاب (جسے غزوۂ خندق بھی کہتے ہیں) کے موقع پر قریش مکہ ابوسفیان کی قیادت میں مدینہ منورہ کی آبادی کے قریب بیر رومہ کے پاس ٹھہر گئے اور قبیلہ بنی غطفان کے لوگ آئے تو یہ لوگ احد کی طرف آ کر ٹھہر گئے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کی آمد کی خبر ہوگئی۔ اس موقعہ پر خندق پہلے ہی سے کھودی جا چکی تھی۔ جس میں مسلمانوں نے خوب خوشی سے حصہ لیا۔ لیکن منافقین اول تو دیر میں آتے تھے اور جب آتے تھے تو تھوڑا بہت کام کر دیتے تھے پھر جب جانا ہوتا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے علم اور اجازت کے بغیر چپکے سے کھسک جاتے تھے اور مسلمانوں کا یہ حال تھا کہ جب کوئی ضرورت پیش آتی تھی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت لیکر جاتے تھے پھر جب ضرورت پوری ہو جاتی تھی تو واپس آ جاتے تھے۔ اللہ جل شانہ نے آیت بالا میں اہل ایمان کی توصیف فرمائی اور منافقین کی دنیا سازی اور بے وفائی کا تذکرہ فرمایا، چونکہ منافقین کے دلوں میں ایمان ہی نہیں تھا دنیا سازی اور ریاکاری کے لئے اپنا مؤمن ہونا ظاہر کرتے تھے اس لئے ان سے ایسی چیزیں ظاہر ہوتی رہتی تھیں جو یہ بتا دیتی تھیں کہ یہ لوگ مؤمن نہیں ہیں یہ لوگ نماز بھی جھٹ پٹ پڑھتے تھے اور عشاء اور فجر کی نمازوں میں حاضر ہونے میں جان چراتے تھے، جو نماز تھی وہ بھی ریاکاری کی نماز تھی، جہاد میں جاتے تھے تو وہاں بھی شرارت کرتے تھے جس کا ذکر سورۂ توبہ میں گزر چکا ہے جس کا ظاہر باطن ایک نہ ہو وہ کہاں تک ظاہرداری قائم رکھ سکتا ہے کہیں نہ کہیں جا کر یہ بات کھل ہی جاتی ہے کہ یہ دل سے مؤمن نہیں ہے۔ قال صاحب الروح والتسلل الخروج من البيت على التدريج والخفية وقد للتحقيق وقوله تعالىٰ لواذا اى ملاوذة بان يستتر بعضهم ببعض حتى يخرج سورۂ توبہ میں بھی منافقین کی اس حرکت کو بیان فرمایا ہے۔ وَاِذَا مَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ نَّظَرَ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ هَلْ يَرٰىكُمْ مِّنْ اَحَدٍ ثُمَّ انْصَرَفُوْا صَرَفَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ (اور جب کوئی سورت نازل ہوتی ہے تو منافقین آپس میں ایک دوسرے کو دیکھتے ہیں کہ کسی نے دیکھا تو نہیں پھر چلے جاتے ہیں اللہ نے ان کے دلوں کو پھیر دیا اس سبب سے کہ وہ سمجھتے نہیں)۔

حضرت امام ابوداؤد رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب مراسیل میں لکھا ہے کہ جب حضرات صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوتے اور کسی کو نکسیر پھوٹنے یا کسی ضرورت سے جانا ہوتا تو وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف انگوٹھے کی پاس والی انگلی سے اشارہ کر دیتا تھا آپ بھی ہاتھ کے اشارہ سے اجازت دے دیتے تھے اور منافقین کا یہ حال تھا کہ خطبہ سننا اور مجلس میں بیٹھنا ان کے لئے بھاری کام تھا جب مسلمانوں میں سے کوئی شخص باہر جانے کے لئے آپ سے اجازت طلب کرتا تو منافق یہ کرتے تھے کہ اس

مسلمان کی بغل کے پاس کھڑے ہو کر اسے آڑ بنا کر نکل جاتے تھے اس پر اللہ جل شانہ نے آیت کریمہ قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ يَتَسَلَّلُوْنَ (آخر تک) نازل فرمائی۔ شان نزول گو خاص ہو لیکن آیات کا مفہوم عام ہوتا ہے مسلمانوں کی تعریف بھی فرمائی اور اس کے ذیل میں یہ بھی فرمادیا کہ اہل ایمان کا یہ طریقہ ہونا چاہیے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کسی ضرورت یا کسی مشورہ کے لئے بلائیں تو حاضر ہو جائیں اور اللہ کے رسولؐ کے بلاوے کو ایسا نہ سمجھیں جیسا کہ آپس کے بلاوے کو سمجھتے ہیں (چاہے گئے چاہے نہ گئے) آپکے بلانے پر فوراً آ جائیں اور جب تک آپ مجلس برخاست نہ کریں جم کر بیٹھے رہیں اگر مجلس کے درمیان سے جانا ہو تو آپ سے اجازت لیکر جائیں۔ منافقوں کی طرح چپکے سے نہ جائیں۔

اللہ تعالیٰ نے آپکو حکم دیا کہ جب اہلِ ایمان آپ سے چلے جانے کی اجازت مانگیں تو آپ جسے چاہیں اجازت دیدیں ضروری نہیں کہ سبھوں کو اجازت دیں ممکن ہے کہ جس ضرورت کے پیش نظر اجازت مانگ رہے ہیں وہ واقعی ضروری نہ ہو یا ضروری تو ہو لیکن مجلس کو چھوڑ کر چلے جانے سے اس سے زیادہ کسی ضرر کا خطرہ ہو اس لئے اجازت دینا نہ دینا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر چھوڑ دیا گیا۔ ساتھ ہی وَاسْتَغْفِرْ لَهُمُ اللّٰهَ بھی فرمایا کہ آپ ان کے لئے استغفار بھی کریں۔ کیونکہ جس دینی ضرورت کے لئے جمع کیا گیا ہے اسے چھوڑ کر جانا اگرچہ عذر قوی ہی ہو اس میں اپنی ذاتی ضرورت کو دین پر مقدم رکھنے کی ایک صورت نکلتی ہے اس میں اگرچہ گناہ نہ ہو مگر کوتاہی کا شائبہ ضرور ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ جس عذر کو قوی سمجھ کر اجازت لی اسے قوی سمجھنے میں ہی خطا اجتہادی ہوگئی ہو، لہٰذا آپ اجازت دینے کے ساتھ ان کے لئے استغفار بھی کریں۔ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (بے شک اللہ بخشنے والا ہے مہربان ہے) لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَيْنَكُمْ كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا کا ایک مطلب تو مفسرین کرام نے یہ لیا ہے جو اوپر مذکور ہوا کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بلائیں تو حکم ماننا واجب ہے ضرور حاضر خدمت ہو جاؤ آپکے بلانے کو ایسا نہ سمجھو جیسا آپس میں ایک دوسرے کے بلاوے کو سمجھتے ہیں کہ جس بلاوے کو چاہا اہمیت دی اور جس کو چاہا نظر انداز کر دیا (اگرچہ اس میں بھی حقوق مسلم میں یہ بتایا کہ ویجیبہ اذا دعاہ لیکن اس درجہ کی تاکید نہیں ہے جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بلاوے کی اہمیت ہے جس کی خلاف ورزی حرام ہے) اور بعض حضرات نے یوں فرمایا ہے کہ دعاء الرسول میں مصدر کی اضافت مفعول کی طرف ہے اور مطلب یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ عرض کرنا ہو کوئی بات کرنی ہو تو ادب کو ملحوظ رکھو۔ یارسول اللہ، یا نبی اللہ کہو یا محمد نہ کہو بات کرنے میں ایسا طرز اختیار نہ کرو جس سے آپکو تکلیف پہنچے۔ اس کو سورۂ حجرات میں یوں بیان فرمایا يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوْا لَهٗ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ اَنْ تَحْبَطَ اَعْمَالُكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ (اے ایمان والو! اپنی آوازیں نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آواز پر بلند مت کرو اور بات کرنے میں اس طرح زور کی آواز سے نہ بولو جیسے تم آپس میں ایک دوسرے کی بات پر زور سے آواز نکالتے ہو ایسا نہ ہو کہ تمہارے اعمال ضائع ہو جائیں اور تمہیں پتہ نہ چلے)۔

پھر فرمایا فَلْيَحْذَرِ الَّذِيْنَ يُخَالِفُوْنَ عَنْ اَمْرِهٖ (جو لوگ رسول (ﷺ) کے حکم کی مخالفت کرتے ہیں وہ اس بات سے ڈریں کہ انہیں کوئی فتنہ یا دردناک عذاب پہنچ جائے) فتنہ سے دنیا میں مصیبت اور مشقت میں پڑنا مراد ہے اور دردناک عذاب سے اخروی عذاب مراد ہے اس میں منافقین کو متنبہ فرمایا ہے کہ تم جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کی مخالفت کرتے ہو اور چپکے سے مجلسوں سے کھسک جاتے ہو اس کو معمولی بات نہ سمجھنا۔ اس کی وجہ سے دنیا میں بھی مبتلائے عذاب ہو سکتے ہو اور آخرت میں تو ہر کافر کے لئے دردناک عذاب ہے ہی۔ امرہ کی ضمیر میں دونوں احتمال ہیں لفظ اللہ کی طرف راجع ہو یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف لیکن ہر

صورت میں مآل واحد ہے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم دینا درحقیقت اللہ تعالیٰ ہی کا حکم دیتا تھا اسی لئے سورۂ نساء میں مَنْ یُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ فرمایا ہے۔

فائدہ............علماء کرام نے فرمایا ہے کہ جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بلانے پر جمع ہونا لازم تھا۔ اسی طرح جب آپ کے خلفاء اور علماء اور امرائے اسلام اور دینی مدارس کے ذمے دار اور مساجد کے متولی اور جہاد کے منتظمین کسی دینی ضرورت کے لئے بلائیں تو حاضر ہو جائیں اور مجلس کے ختم تک بیٹھے رہیں اگر درمیان میں جانا ہو تو اجازت لیکر جائیں۔

فائدہ............حضرات فقہائے کرام نے فرمایا ہے کہ آیت کریمہ فَلْیَحْذَرِ الَّذِیْنَ یُخَالِفُوْنَ عَنْ اَمْرِهٖ سے یہ ثابت ہو رہا ہے کہ مطلق امر وجوب کے لئے ہے کیونکہ واجب کی حکم عدولی ہی پر عذاب کی وعید ہو سکتی ہے، سلسلہ کلام گو منافقین کی حکم عدولی کے بارے میں ہے لیکن الفاظ کا عموم ہر خلاف ورزی کرنے والے کو شامل ہے۔ عام بات تو یہ ہے کہ امر وجوب کے لئے ہوتا ہے لیکن جہاں کہیں وجوب کے لئے نہیں ہے وہاں سنت یا مستحب ہونے کا پتہ قرائن سے یا طرز بیان سے اور سیاق کلام سے معلوم ہو جاتا ہے۔

بہت سے لوگ مسلمان ہونے کے مدعی ہیں لیکن جب اللہ تعالیٰ کا اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم سامنے آتا ہے تو حکم عدولی کرتے ہیں نفس کے تقاضوں اور بیویوں بچوں کے مطالبات اور رسم و رواج کی پابندی اور حب دنیا کی وجہ سے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے احکام کی قصداً صریح خلاف ورزی کر جاتے ہیں اور بعضے تو مولویوں کو صلواتیں سناتے ہیں۔ چوری اور سینہ زوری اور زبانی کٹ حجتی پر اتر آتے ہیں۔ داڑھی مونڈھنے اور داڑھی کاٹنے ہی کو لے لو، رشوت کے لین دین کو سامنے رکھ لو، خیانتوں کا اندازہ لگا لو، اور دیکھو کہ زندگی میں کہاں کہاں احکام شرعیہ کی خلاف ورزی ہو رہی ہے اور یہ بھی سمجھ لو کہ ان کی خلاف ورزی پر وعید شدید ہے ہر شخص اپنی زندگی کا جائزہ لے اور دیکھے کہ کہاں کہاں اور کس کس عمل سے آخرت کی بربادی ہو رہی ہے۔

اَلَاۤ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ قَدْ یَعْلَمُ مَاۤ اَنْتُمْ عَلَیْهِ ؕ وَ یَوْمَ یُرْجَعُوْنَ

خبردار بلاشبہ اللہ ہی کے لئے ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور زمین میں ہے، بلاشبہ وہ جانتا ہے کہ تم کس حال پر ہو، اور جس دن وہ اس کی طرف

اِلَیْهِ فَیُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ؕ وَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ﴿۶۴﴾

لوٹائے جائیں گے وہ اس دن کو بھی جانتا ہے۔ پھر وہ انہیں بتلا دے گا جو عمل انہوں نے کئے، اور اللہ ہر چیز کا جاننے والا ہے۔

آسمان و زمین میں جو کچھ ہے سب اللہ ہی کا ہے، اسے سب کچھ معلوم ہے

یہ سورۂ نور کی آخری آیت ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے اللہ ہی کی مخلوق ہے اور مملوک ہے اسے اختیار ہے کہ جو چاہے حکم دے، کوئی شخص کچھ بھی کرے اللہ تعالیٰ کو سب کا حال معلوم ہے۔ قیامت کے دن حاضر ہونگے تو سب بتا دے گا، کوئی چیز اور کوئی عمل اس کے علم سے باہر نہیں لہٰذا سب فرمانبرداری کریں اور آخرت کے مواخذہ سے بچیں۔

وقدتم تفسیر سورة النور للیلة الحادی عشر من جمادی الثانیة سنه ۱۴۱۵ هجریه والحمدلله علی الافضال والانعام والصلوٰة علی رسوله سیدالانام وعلی اله واصحابه الذین اتبعوه فاهتدوابه واستناروا بالنور التام وعلی من تبعهم باحسان الٰی یوم القیام.

☆☆☆............☆☆☆

مکی	سورۃ الفرقان	۷۷ آیتیں اور ۶ رکوع

(۲۵) سُوْرَةُ الْفُرْقَانِ مَكِّيَّةٌ (۴۲) — اٰيَاتُهَا ۷۷ — رُكُوْعَاتُهَا ۶

سورۂ فرقان مکہ میں نازل ہوئی اس میں ستتر آیات اور چھ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے

تَبٰرَكَ الَّذِيْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰى عَبْدِهٖ لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرًا ۙ﴿۱﴾ اِلَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ

وہ ذات بابرکت ہے جس نے اپنے بندہ پر فیصلہ کرنا والی کتاب نازل فرمائی تا کہ وہ جہانوں کا ڈرانے والا ہو جائے۔ اللہ کی وہ ذات ہے جس کیلئے ملک ہے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ

آسمانوں کا اور زمین کا، اور اس نے کسی کو اپنی اولاد قرار نہیں دیا، اور حکومت میں اس کا کوئی شریک نہیں، اور اس نے ہر چیز کو پیدا کیا، پھر اس کا

فَقَدَّرَهٗ تَقْدِيْرًا ﴿۲﴾ وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً لَّا يَخْلُقُوْنَ شَيْـًٔا وَّهُمْ

ٹھیک اندازہ مقرر فرمایا۔ اور لوگوں نے اس کے علاوہ معبود بنالئے جو کچھ بھی پیدا نہیں کرتے اور حال یہ ہے کہ وہ پیدا کئے جاتے ہیں، اور وہ اپنی

يُخْلَقُوْنَ وَلَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا وَّلَا يَمْلِكُوْنَ مَوْتًا وَّلَا حَيٰوةً

جانوں کے لئے کسی ضرر اور کسی نفع کے مالک نہیں ہیں، اور نہ وہ کسی کی موت کا اختیار رکھتے ہیں اور نہ حیات کا

وَّلَا نُشُوْرًا ﴿۳﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اِفْكُ اِفْتَرٰىهُ وَاَعَانَهٗ عَلَيْهِ

اور نہ کسی کو زندہ کرا کے اٹھانے کا۔ اور جن لوگوں نے کفر کیا انہوں نے کہا کہ یہ کچھ نہیں ہے صرف ایک جھوٹ ہے جسے اپنے پاس سے بنالیا ہے اور دوسرے لوگوں نے اس

قَوْمٌ اٰخَرُوْنَ ۚ فَقَدْ جَآءُوْ ظُلْمًا وَّزُوْرًا ﴿۴﴾ وَقَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ اكْتَتَبَهَا

بارے میں اس کی مدد کی ہے، سو یہ لوگ بڑے ظلم اور جھوٹ لیکر آئے۔ اور ان لوگوں نے کہا کہ یہ پرانے لوگوں کی باتیں ہیں جو منقول ہوتی چلی آئی ہیں جن کو اس نے لکھوالیا ہے

فَهِيَ تُمْلٰى عَلَيْهِ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ﴿۵﴾ قُلْ اَنْزَلَهُ الَّذِيْ يَعْلَمُ السِّرَّ فِي السَّمٰوٰتِ

سو وہی صبح شام اس کو پڑھ کر سنائی جاتی ہے۔ آپ فرما دیجئے کہ اس کو اس ذات نے نازل فرمایا ہے جو چھپی ہوئی باتوں کو جانتا ہے آسمانوں میں ہوں

معانقة ۱۰

وَالْاَرْضِ ط اِنَّهٗ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا ۝ وَقَالُوْا مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ یَاْكُلُ الطَّعَامَ

یا زمین میں ، بلاشبہ وہ بخشنے والا ہے مہربان ہے۔ اور ان لوگوں نے کہا اس رسول کو کیا ہوا کھانا کھاتا ہے

وَیَمْشِیْ فِی الْاَسْوَاقِ ط لَوْلَآ اُنْزِلَ اِلَیْهِ مَلَكٌ فَیَكُوْنَ مَعَهٗ نَذِیْرًا ۝ اَوْ یُلْقٰۤى

اور بازاروں میں چلتا ہے ، اس پر کیوں نہیں نازل ہوا ایک فرشتہ جو اس کے ساتھ ڈرانے والا ہوتا۔ یا اس کی طرف کوئی

اِلَیْهِ كَنْزٌ اَوْ تَكُوْنُ لَهٗ جَنَّةٌ یَّاْكُلُ مِنْهَا ط وَقَالَ الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا

خزانہ ڈال دیا جاتا ، یا اس کے پاس کوئی باغ ہوتا جس میں سے کھاتا اور ظالموں نے کہا کہ تم ایسے ہی آدمی کا اتباع کرتے ہو جس پر

مَّسْحُوْرًا ۝ اُنْظُرْ كَیْفَ ضَرَبُوْا لَكَ الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا فَلَا یَسْتَطِیْعُوْنَ سَبِیْلًا ۝ ع ۱۶

جادو کیا گیا ہے۔ آپ دیکھ لیجئے انہوں نے آپ کے لئے کیسی عجیب عجیب باتیں بیان کی ہیں ، سو وہ گمراہ ہوگئے پھر وہ کوئی راہ نہیں پائیں گے۔

اثبات توحید و رسالت ، مشرکین کی حماقت اور عناد کا تذکرہ

یہاں سے سورۂ فرقان شروع ہو رہی ہے اوپر پہلے رکوع کا ترجمہ لکھا گیا ہے ، اس میں قرآن مجید کی صفت بیان فرمائی ہے اور اس کے ساتھ ہی صاحب قرآن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت بھی بیان فرمائی ، ارشاد فرمایا کہ وہ ذات بابرکت ہے جس نے اپنے بندہ پر فرقان یعنی فیصلہ کرنے والی کتاب یعنی قرآن مجید نازل فرمایا جو حق اور باطل میں فرق کرنے والا ہے اور واضح طور پر ہدایت اور ضلالت کو متعین کر کے بتانے والا ہے یہ قرآن اپنے بندہ پر اس لئے نازل فرمایا کہ وہ جہانوں کے لئے ڈرانے والا ہو جائے اس میں رسول اللہ کی بعثت عامہ کو بیان فرمایا ہے ، قیامت آنے تک جتنے بھی جنات اور انسان ہیں آپ سب کی طرف مبعوث ہیں ، آپ کو دین حق دے کر اللہ تعالیٰ نے بھیجا آپ نے حق کی تبلیغ فرمائی قبول کرنے والوں کو بشارتیں دیں اور جو قبول حق سے منکر ہوئے انہیں ڈرایا اور بتایا کہ آخرت میں منکر کا برا انجام ہے جس نے اللہ کے بھیجے ہوئے دین کا انکار کیا اس کے لئے نار جہنم ہے **قال الطیبی فی اختصاص النذیر دون البشیر سلوک طریقة براعة الاستهلال و الا یذان بان هذه السورة مشتملة علی ذکر المعاندین الخ** (ذکرہ صاحب الروح ج ۱۸ ص ۴۳۱)

پھر قرآن نازل فرمانے والی ذات بابرکات کی صفات بیان فرمائیں ، جس کی طرف سے ہر طرح کی برکت اور خیر کثیر ملتی ہے ، فرمایا اَلَّذِیْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (جس کے لئے ملک ہے آسمانوں کا اور زمین کا) وَلَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا (اور اس نے اپنے لئے کوئی اولاد تجویز نہیں کی) وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ (اور ملک میں اس کا کوئی شریک نہیں) وَخَلَقَ كُلَّ شَیْءٍ (اور اس نے ہر چیز کو پیدا فرمایا) فَقَدَّرَهٗ تَقْدِیْرًا یعنی جس چیز کو پیدا فرمایا اس کی ساخت اور شکل و صورت کا ایک خاص اندازہ بنایا اور اس کے آثار و خواص بھی پیدا فرمائے اور ہر چیز کو اپنی حکمت کے مطابق اعمال و اشغال میں لگا دیا۔ آسمان کی ساخت اس کے اجزاء ترکیبی اس کی ہیئت اس کے حال کے مناسب ہے اسی طرح سیاروں اور ستاروں کی تخلیق میں وہ چیزیں رکھی گئیں جو ان کے احوال کے مناسب ہیں ، زمین اور اس کے پیٹ میں پیدا ہونے والی جس چیز پر نظر ڈالو ہر ایک کی ساخت ، شکل و صورت ، نرمی و سختی وغیرہ ہر حالت اور ہر صفت اس کام کے مناسب

بنائی ہے جس کے لئے اس کو پیدا فرمایا زمین کو نہ اتنا رقیق مادہ بنایا کہ جو کچھ اس پر رکھا جائے وہ اس کے اندر ڈوب جائے اور نہ پتھر اور لوہے کی طرح ایسا سخت بنایا کہ اس کو کھود نہ سکیں، چونکہ اس سے یہ ضرورتیں بھی متعلق تھیں کہ اس کو کھود کر پانی نکالا جا سکے اور بنیادیں کھود کر بڑی بڑی عمارتیں کھڑی کی جا سکیں اس لئے اس کو اس کی ہیئت کذائیہ پر رکھا گیا، پانی کو سیال بنایا جس میں ہزاروں حکمتیں ہیں، ہوا بھی سیال مادہ کی طرح ہے مگر پانی سے مختلف ہے پانی ہر جگہ خود بخود نہیں پہنچتا اس میں انسان کو کچھ محنت بھی کرنی پڑتی ہے، ہوا کو قادر مطلق نے اپنا ایسا جبری انعام بنایا کہ وہ بغیر کسی محنت و عمل کے ہر جگہ پہنچ جاتی ہے بلکہ کوئی شخص ہوا سے بچنا چاہے تو اس کو اس کے لئے بڑی محنت کرنی پڑتی ہے۔ **قال صاحب الروح فقدره ای هیاه لما ارادبه من الخصاء والافعال اللائقة به تقدیرا بدیعا لایقادر قدره ولا یبلغ کنهه کتهیئة الانسان لفهم والادراک والنظر والتدبر فی امور المعاد والمعاش واستنباط الصنائع المتنوعة ومزاولة الاعمال المختلفة الی غیر ذٰلک۔**

اس کے بعد مشرکین کا گمراہی کا تذکرہ فرمایا کہ ان لوگوں نے اس ذات پاک کو چھوڑ کر جو آسمان اور زمین کا خالق ہے اور جس کا ملک میں کوئی شریک نہیں اور جس کی کوئی اولاد نہیں بہت سے معبود بنا لئے یہ معبود کسی بھی چیز کو پیدا نہیں کرتے وہ تو خود ہی اللہ تعالیٰ کی مخلوق ہیں اور ان کی عاجزی کا یہ عالم ہے کہ وہ خود اپنی جانوں کے لئے کسی بھی ضرر اور نفع کے مالک اور مختار نہیں ہیں، نہ اپنی ذات سے کسی ضرر کو دفع کر سکتے ہیں اور نہ اپنی جانوں کو کوئی نفع پہنچا سکتے ہیں، نیز وہ موت و حیات کے بھی مالک نہیں، نہ زندوں کو موت دے سکتے ہیں اور نہ مردوں کو زندہ کر سکتے ہیں، پھر جب قیامت کا دن ہوگا اس وقت ان کو بھی اللہ تعالیٰ ہی زندہ فرمائے گا مردوں کو یہ باطل معبود دوبارہ زندہ نہیں کر سکتے۔

اہل کفر کا شرک اختیار کرنے کی ضلالت اور سفاہت بیان کرنے کے بعد ان کا ایک اور عقیدہ کفریہ بیان فرمایا اور وہ یہ کہ یہ لوگ قرآن کے بارے میں یوں کہتے ہیں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ کہنا کہ یہ کتاب جو میں پڑھ کر سناتا ہوں اللہ تعالیٰ نے مجھ پر نازل فرمائی ہے ایک افتراء ہے نازل تو کچھ بھی نہیں ہوا ہاں انہوں نے اپنے پاس سے عبارتیں بنالی ہیں اور اس بارے میں دوسرے لوگوں نے بھی ان کی مدد کی ہے، اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کی تردید کرتے ہوئے فرمایا فَقَدْ جَآءُوْا ظُلْمًا وَّزُوْرًا کہ ان لوگوں نے بڑی ظلم کی بات کہی ہے اور بڑے بڑے جھوٹ کا ارتکاب کیا ہے۔ (اللہ تعالیٰ کی نازل فرمودہ کتاب کو مخلوق کی تراشیدہ بات بتادیا)

ان لوگوں نے جو یوں کہا کہ دوسرے لوگوں نے عبارتیں بنانے میں ان کی مدد کی ہے اس کے بارے میں بعض مفسرین نے فرمایا کہ اس سے مشرکین کا اشارہ یہود کی طرف تھا وہ کہتے تھے کہ انہیں یہودی پرانی امتوں کے واقعات سنا دیتے ہیں اور یہ انہیں بیان کر دیتے ہیں اور بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ ان لوگوں کا اشارہ ان اہل کتاب کی طرف تھا جو پہلے سے توریت پڑھتے تھے پھر مسلمان ہو گئے تھے، وجہ انکار کے لئے ان لوگوں کو کچھ نہ ملا اور قرآن جیسی چیز بنا کر لانے سے عاجز ہو گئے تو اپنی خفت مٹانے کے لئے ایسی باتیں کرنے لگے۔

پھر منکرین کے ایک باطل دعوی کا تذکرہ فرمایا وَقَالُوْآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ اكْتَتَبَهَا (الآیة) اور ان لوگوں نے کہا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم جو یوں کہتے ہیں کہ میرے اوپر اللہ کا کلام نازل ہوتا ہے اس میں نازل ہونے والی کوئی بات نہیں ہے یہ پرانی لکھی ہوئی باتیں ہیں جو پہلے سے نقل ہوتی چلی آ رہی ہیں انہیں کو انہوں نے لکھوالیا ہے یہ صبح شام بار بار ان کے اوپر پڑھی جاتی ہیں جس کی وجہ سے انہیں یاد ہو جاتی ہیں انہی کو پڑھ کر سنا دیتے ہیں اور کہہ دیتے ہیں یہ مجھ پر اللہ کا کلام نازل ہوا ہے، ان لوگوں کی اس بات کی تردید کرتے ہوئے فرمایا قُلْ اَنْزَلَهُ الَّذِيْ يَعْلَمُ السِّرَّ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (آپ فرما دیجئے کہ اس قرآن کو اس ذات پاک نے نازل فرمایا ہے جسے ہر چھپی ہوئی

بات کا علم ہے آسمانوں میں ہو یا زمین میں (تم جو خفیہ مشورے کرتے ہو اور آپس میں جو چپکے چپکے یوں کہتے ہو کہ یہ قرآن محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے پاس سے بنالیا ہے یا دوسروں سے لکھوالیا ہے قرآن نازل فرمانے والے کو تمہاری ان سب باتوں کا پتہ ہے وہ تمہیں اس کی سزا دے گا۔ اِنَّهٗ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا (بلاشبہ وہ بخشنے والا ہے مہربان ہے) اس میں یہ بتایا کہ تم نے جو باتیں کہی ہیں یہ کفریہ باتیں ہیں ان کی وجہ سے تم عذاب کے مستحق ہو گئے ہو لیکن جس نے یہ قرآن نازل فرمایا ہے وہ بہت بڑا کریم ہے اگر اپنی کفریہ باتوں سے توبہ کرلو گے اور ایمان لے آؤ گے تو وہ پرانی تمام باتوں کو معاف فرمادے گا۔

اس کے بعد مشرکین مکہ کی انکار رسالت والی باتوں کا تذکرہ فرمایا وَقَالُوْا مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ (الاٰية) (اور ان لوگوں نے یوں کہا کہ اس رسول کو کیا ہوا یہ تو کھانا کھاتا ہے اور بازاروں میں چلتا پھرتا ہے) ان لوگوں نے اپنی طرف سے نبوت اور رسالت کا ایک معیار بنالیا تھا اور وہ یہ تھا کہ رسول کی کوئی ایسی شخصیت ہونی چاہیے جو اپنے اعمال واحوال میں دوسرے انسانوں سے ممتاز ہو جو شخص ہماری طرح کھانا کھاتا ہے اور اپنی ضرورتوں کے لئے بازار میں جاتا ہے چونکہ یہ شخص ہمارے ہی جیسا ہے اس لئے یہ رسول نہیں ہوسکتا، یہ ان لوگوں کی حماقت کی بات ہے، خود تراشیدہ معیار ہے، صحیح بات یہ ہے کہ انسانوں کی طرف جو شخص مبعوث ہو وہ انسان ہی ہونا چاہیے جو قول سے بھی بتائے اور عمل کر کے بھی دکھائے، کھانا کھائے کھانے کے احکام بھی بتائے اور خرید وفروخت کے طریقے بھی سمجھائے۔

منکرین رسالت نے رسالت ونبوت کا معیار بیان کرتے ہوئے اور بھی بعض باتیں کیں۔

اَوَّلاً یوں کہا لَوْلَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَلَكٌ فَيَكُوْنَ مَعَهٗ نَذِيْرًا (اس پر کوئی فرشتہ کیوں نہیں نازل کیا گیا جو اس کے کام میں شریک ہوتا اور نذیر ہوتا) یعنی وہ بھی لوگوں کو اللہ کے عذاب سے ڈراتا۔

دوم اَوْ يُلْقٰى اِلَيْهِ كَنْزٌ (یا اس کی طرف کوئی خزانہ ڈال دیا جاتا)

سوم اَوْ تَكُوْنُ لَهٗ جَنَّةٌ يَّاْكُلُ مِنْهَا (یا اس کے لئے کوئی باغ ہوتا جس میں سے کھاتا پیتا) انہوں نے جو یوں کہا تھا کہ رسول میں کوئی امتیازی شان ہونی چاہیے اس امتیازی شان کو انہوں نے خود ہی تجویز کیا کہ ان کے ساتھ کوئی فرشتہ ہوتا جو کار رسالت میں ان کا شریک ہوتا یا ان کے پاس خزانہ ہوتا یا ان کا کوئی باغ ہوتا جب ان میں سے کوئی چیز نہیں تو ہم اور یہ برابر ہوئے پھر اس کے دعوائے رسالت کو کیسے مان لیں، ان باتوں کے ساتھ انہوں نے ایک اور ظلم کردیا اور اہل ایمان سے یوں کہہ دیا کہ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا (کہ تم تو ایک ایسے ہی آدمی کا اتباع کررہے ہو جس پر جادو کردیا گیا ہے) کسی نے اس پر جادو کردیا ہے جس کی وجہ سے ایسی باتیں کرتا ہے، جب قرآن جیسا کلام نہ لاسکے اور دلائل اور معجزات کے سامنے لاجواب ہو گئے تو آخر میں یہ بات نکالی کہ تم جسے رسول مان رہے ہو وہ مسحور ہے، اس پر کسی نے جادو کردیا ہے جس کی وجہ سے ایسی باتیں کرتا ہے۔

اللہ جل شانہٗ نے ارشاد فرمایا اُنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوْا لَكَ الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَبِيْلًا (الاٰیه) آپ دیکھ لیجئے کہ یہ لوگ آپ کے لئے کیسی کیسی باتیں بیان کررہے ہیں سو وہ گمراہ ہو گئے پھر وہ راہ نہیں پاسکیں گے (اگر غور کرتے اور عقل سے کام لیتے تو یہی قرآن اور یہی رسول جن پر اعتراض کررہے ہیں ان کی ہدایت کا سبب بن جاتے، اب تو وہ اعتراض کر کے دور جا پڑے اب وہ راہ حق پر نہ آئیں گے)۔

تَبٰرَكَ الَّذِیْٓ اِنْ شَآءَ جَعَلَ لَكَ خَيْرًا مِّنْ ذٰلِكَ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

بابرکت ہے وہ ذات جو اگر چاہے تو آپ کے لئے اس سے بہتر نعمتیں عطا فرمادے یعنی ایسے باغ جن کے نیچے نہر جاری ہوں

وَ يَجْعَلْ لَّكَ قُصُوْرًا ۞ بَلْ كَذَّبُوْا بِالسَّاعَةِ ۚ وَاَعْتَدْنَا لِمَنْ كَذَّبَ بِالسَّاعَةِ

اور آپ کے لئے محل بنادے۔ بلکہ ان لوگوں نے قیامت کو جھٹلایا اور جو شخص قیامت کو جھٹلائے ہم نے اس کے لئے دہکتی ہوئی

سَعِيْرًا ۞ اِذَا رَاَتْهُمْ مِّنْ مَّكَانٍۭ بَعِيْدٍ سَمِعُوْا لَهَا تَغَيُّظًا وَّ زَفِيْرًا ۞ وَاِذَآ اُلْقُوْا

آگ تیار کر رکھی ہے۔ جب وہ انہیں دور سے دیکھے گی تو وہ اس کی غضبناک اور جوش وخروش والی آوازسنیں گے۔ اور جب وہ اس میں ایسی حالت میں ڈالے جائیں گے

مِنْهَا مَكَانًا ضَيِّقًا مُّقَرَّنِيْنَ دَعَوْا هُنَالِكَ ثُبُوْرًا ۞ لَا تَدْعُوا الْيَوْمَ ثُبُوْرًا وَّاحِدًا وَّادْعُوْا

کہ انکے ہاتھ پاؤں جکڑے ہوئے ہونگے تو وہ وہاں ہلاکت کو پکاریں گے۔ آج ایک ہلاکت کو مت پکارو اور بہت سی ہلاکتوں کو پکارو۔ آپ فرمادیجئے کہ یہ بہتر ہے

ثُبُوْرًا كَثِيْرًا ۞ قُلْ اَذٰلِكَ خَيْرٌ اَمْ جَنَّةُ الْخُلْدِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ۚ كَانَتْ لَهُمْ جَزَآءً

یا ہمیشہ کی رہنے والی جنت بہتر ہے جس کا متقیوں سے وعدہ کیا گیا ہے یہ جنت انکے لئے بطور بدلہ عطا کی جائے گی اور ان کا ٹھکانہ ہوگی۔ اور ان کے لئے اس میں وہ سب

وَّ مَصِيْرًا ۞ لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَآءُوْنَ خٰلِدِيْنَ ۚ كَانَ عَلٰى رَبِّكَ وَعْدًا مَّسْـُٔوْلًا ۞

کچھ ہوگا جو وہ چاہیں گے، اس میں ہمیشہ رہیں گے، یہ آپ کے رب کا وعدہ ہے جس کا پورا کرنا اس نے اپنے ذمہ لے لیا ہے جس کی درخواست کرنی چاہیے۔

قیامت کے دن کافروں پر دوزخ کا غیظ وغضب، دوزخ کی تنگ جگہوں میں ڈالا جانا، اہل جنت کا جنت میں داخل ہونا اور ہمیشہ ہمیشہ جی چاہی زندگی میں رہنا

مشرکین جو طرح طرح سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تکذیب کرتے تھے جس میں فرمائشی معجزات کا طلب کرنا بھی تھا اور یہ کہنا بھی تھا کہ آپ کی طرف خزانہ کیوں نہیں ڈالا گیا اور آپ کے پاس کوئی باغ کیوں نہیں ہے جس میں سے آپ کھاتے پیتے اس کے جواب میں فرمایا کہ اللہ پاک جو کثیر البرکات اور کثیر الخیرات ہے وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

اگر وہ چاہے تو آپ کو اس سے بہتر عطا فرمادے جن کا انہوں نے تذکرہ کیا ہے، وہ چاہے تو آپ کو ایسے باغ عطا فرمادے جن کے نیچے نہریں جاری ہوں اور آپ کو محل عطا فرمادے، لیکن وہ کسی کا پابند نہیں ہے کہ لوگوں کے اعتراضات کی وجہ سے کسی کو اموال عطا فرمائے، وہ جو چاہتا ہے اپنی حکمت کے مطابق دیتا ہے اور جس کو چاہتا ہے اس کو دیتا ہے، اس کے بعد معاندین کی ایک اور تکذیب کا ذکر فرمایا بَلْ كَذَّبُوْا بِالسَّاعَةِ یعنی یہ لوگ نہ صرف آپ کی رسالت کے منکر ہیں بلکہ وقوع قیامت کے بھی منکر ہیں۔ اور یہ جو شبہات پیش کرتے ہیں ان کا سبب یہ ہے کہ ان کو آخرت کی فکر نہیں ہے آخرت کی بے فکری نے ان کو شرارت نفس پر آمادہ کر رکھا ہے جس کی وجہ سے طلب حق سے بعید ہو رہے ہیں آیت کے شروع میں جو لفظ بل لایا گیا ہے اس سے یہ مضمون واضح ہو رہا ہے۔ وَاَعْتَدْنَا لِمَنْ كَذَّبَ بِالسَّاعَةِ سَعِيْرًا (اور جو شخص قیامت کو جھٹلائے ہم نے اس کے لئے دہکتی ہوئی آگ کا عذاب تیار کیا ہے)۔

قیامت کے دن جب یہ لوگ حاضر ہونگے تو دوزخ سے ابھی دور ہی ہونگے کہ دوزخ چیخے گی اور چلائے گی، اس کی ہیبت ناک غصہ بھری آوازسنیں گے، دوزخ کو اللہ تعالیٰ کے مبغوض لوگوں پر غصہ آئے گا اور اس کا یہ غیظ وغضب اس کی کڑی اور سخت آواز سے ظاہر ہوگا جیسے کوئی اونٹ کسی کی دشمنی میں بپھر جائے اور اس کا بدلہ لینے میں آواز نکالے اور جیسے ہی موقع ملے تو کچا چبا کر بھرتہ بنادے۔

اول تو مکذبین اور معاندین کو دوزخ کا غیظ وغضب ہی پریشان کر دے گا پھر جب اس میں ڈالے جائیں گے تو تنگ مکان میں پھینک دیئے جائیں گے۔

دوزخ اگر چہ بڑی جگہ ہے لیکن عذاب کیلئے دوزخیوں کو تنگ جگہوں میں رکھا جائیگا بعض روایات میں خود رسول اللہ ﷺ سے اس کی تفسیر منقول ہے کہ جس طرح دیوار میں کیل گاڑی جاتی ہے اسی طرح دوزخیوں کو دوزخ میں ٹھونس دیا جائے گا۔ (ذکرہ ابن کثیر ص ۳۱۱ ج ۳) دوزخ میں ڈالے جانے والوں کی صفت (مقرنین) بیان فرمائی جس کا مطلب یہ ہے کہ ان کے ہاتھ پاؤں بیڑیوں میں جکڑے ہوئے ہونگے۔

سورۂ سبا میں فرمایا وَجَعَلْنَا الْاَغْلَالَ فِیْٓ اَعْنَاقِ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا هَلْ یُجْزَوْنَ اِلَّا مَا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ (اور ہم کافروں کی گردنوں میں طوق ڈال دیں گے ان کو انہیں اعمال کی سزا دی جائے گی جو وہ کرتے تھے) جب کفار دوزخ میں ڈال دیئے جائیں گے اور وہاں کا عذاب چکھیں گے تو ہلاکت کو پکاریں گے یعنی موت کو پکاریں گے اور یہ آرزو کریں گے کہ کاش موت آ جاتی اور اس عذاب سے چھٹکارا ملتا، ان سے کہا جائے گا۔

لَا تَدْعُوا الْیَوْمَ ثُبُوْرًا وَّاحِدًا وَّادْعُوْا ثُبُوْرًا کَثِیْرًا آج ایک موت کو نہ پکارو بلکہ بہت سی موتوں کو پکارو) یعنی یہ آرزو بیکار ہے کہ موت آ جائے تو عذاب سے چھٹکارہ ہو جائے ایک موت نہیں بلکہ بہت کثیر تعداد میں موتوں کو پکارو بہر حال موت آنے والی نہیں ہے اسی عذاب میں ہمیشہ ہمیشہ رہو گے، سورۂ فاطر میں فرمایا: لَا یُقْضٰی عَلَیْهِمْ فَیَمُوْتُوْا وَلَا یُخَفَّفُ عَنْهُمْ مِّنْ عَذَابِهَا کَذٰلِكَ نَجْزِیْ کُلَّ کَفُوْرٍ (نہ ان کو قضا آئے گی کہ مر ہی جائیں اور نہ ان سے دوزخ کا عذاب ہلکا کیا جائے گا، ہم ہر کافر کو ایسی ہی سزا دیں گے۔)

قُلْ اَذٰلِكَ خَیْرٌ (الآیۃ) یعنی آپ فرما دیجئے کیا یہ دوزخ اور اس کا عذاب بہتر ہے یا وہ جنت بہتر ہے جو ہمیشہ رہنے کی جگہ ہے جسکا متقیوں سے وعدہ کیا گیا ہے۔ یہ جنت متقیوں کو ان کے اعمال کی جزاء کے طور پر دی جائے گی اور یہ لوگ انجام کے طور پر اس میں جائیں گے وہی ان کا مقام ہوگا اور اسی میں رہیں گے صرف رہنا ہی نہیں بلکہ اس میں بڑی بڑی نعمتوں سے سرفراز کئے جائیں گے وہاں جو چاہیں گے وہ عطا کیا وہاں نفسوں کی خواہش کے مطابق زندگی گزاریں گے اور زندگی بھی ابدی اور دائمی ہوگی اس کے برعکس کسی دوزخی کی کوئی بھی خواہش پوری نہیں کی جائے گی، سورۂ سبا میں فرمایا:

وَحِیْلَ بَیْنَهُمْ وَبَیْنَ مَا یَشْتَهُوْنَ کَمَا فُعِلَ بِاَشْیَاعِهِمْ مِّنْ قَبْلُ اِنَّهُمْ کَانُوْا فِیْ شَكٍّ مُّرِیْبٍ (اور ان کے اور ان کی خواہشوں کے درمیان آڑ کر دی جائے گی جیسا کہ ان سے پہلے ان کے ہم مشرب کافروں کے ساتھ کیا گیا بلا شبہ وہ بڑے شک میں تھے جس نے ان کو تردد میں ڈال رکھا تھا)۔

مزید فرمایا کَانَ عَلٰی رَبِّكَ وَعْدًا مَّسْئُوْلًا یہ جو جنت کی نعمتیں اہل تقویٰ کو دی جائیں گی اللہ تعالیٰ نے ان سے اس کا وعدہ فرمایا ہے اور اس کا پورا کرنا اپنے ذمہ کر لیا ہے اللہ تعالیٰ سے سوال کرتے رہیں کہ وہ اپنے وعدے کے مطابق ہمیں اپنے انعام سے نوازے، جیسا کہ سورۂ آل عمران میں اولوا الالباب (عقلمندوں) کی دعاء نقل فرمائی ہے۔ رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰی رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا یَوْمَ الْقِیٰمَةِ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ (اے ہمارے رب اپنے رسولوں کی زبانی جو آپ نے ہم سے وعدہ فرمایا ہے اس کے مطابق ہمیں عطا فرما دیجئے اور قیامت کے دن ہمیں رسوا نہ فرمایئے بیشک آپ وعدہ کے خلاف نہیں فرماتے)۔

اللہ تعالیٰ نے جو وعدہ فرمایا ہے وہ ضرور پورا ہوگا۔ اس کے پورا ہونے کی دعا کرنا شک کی وجہ سے نہیں بلکہ اپنی حاجت کا اظہار کرنے اور دعا کی فضیلت ملنے اور مناجات کی لذت حاصل کرنے کے لئے ہے۔

وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَقُوْلُ ءَاَنْتُمْ اَضْلَلْتُمْ

اور یاد کرو جس دن اللہ تعالیٰ انہیں جمع فرمائے گا اور ان کو بھی جن کی وہ اللہ کو چھوڑ کر عبادت کرتے تھے اور اللہ تعالیٰ کا سوال ہوگا کیا تم نے میرے ان بندوں کو

عِبَادِيْ هٰٓؤُلَآءِ اَمْ هُمْ ضَلُّوا السَّبِيْلَ ﴿۱۷﴾ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ مَا كَانَ يَنْبَغِيْ لَنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ

گمراہ کیا یا وہ خود ہی گمراہ ہوگئے؟ وہ کہیں گے کہ آپ کی ذات پاک ہے ہمارے لئے یہ درست نہیں ہے کہ ہم آپ کے علاوہ

مِنْ دُوْنِكَ مِنْ اَوْلِيَآءَ وَلٰكِنْ مَّتَّعْتَهُمْ وَاٰبَآءَهُمْ حَتّٰى نَسُوا الذِّكْرَ ۚ وَكَانُوْا

دوسروں کو اولیاء بنالیں لیکن بات یہ ہے کہ آپ ان کے باپ دادوں کو نعمتیں دیدیں یہاں تک کہ وہ ذکر کو بھول گئے، اور وہ لوگ

قَوْمًا ۢ بُوْرًا ﴿۱۸﴾ فَقَدْ كَذَّبُوْكُمْ بِمَا تَقُوْلُوْنَ ۙ فَمَا تَسْتَطِيْعُوْنَ صَرْفًا وَّلَا نَصْرًا ۚ

ہلاک ہونے والے تھے۔ سو انہوں نے تمہاری بات کو جھٹلا دیا سو تم کسی بھی طرح عذاب دفع نہیں کرسکتے اور نہ کسی طرح کی مدد پاسکتے ہو

وَمَنْ يَّظْلِمْ مِّنْكُمْ نُذِقْهُ عَذَابًا كَبِيْرًا ﴿۱۹﴾

اور تم میں سے جو شخص ظلم کرے گا ہم اسے بڑا عذاب چکھائیں گے۔

مشرکین جن کی عبادت کرتے تھے ان سے سوال و جواب، یہ لوگ مال و متاع کی وجہ سے ذکر کو بھول گئے، روز قیامت عذاب میں داخل ہوں گے، وہاں کوئی مددگار نہ ہوگا

قیامت کے دن مشرکین بھی محشور ہونگے اور وہ معبود بھی موجود ہونگے جن کی عبادت کر کے مشرک بنے۔

اللہ تعالیٰ کی عبادت چھوڑ کر جن کی عبادت کی ان میں فرشتے بھی ہیں اور حضرت عیسیٰ اور حضرت عزیر علیہما السلام بھی، اور اوثان واصنام یعنی بت بھی ہیں ان سے اللہ تعالیٰ کا سوال ہوگا کہ یہ میرے بندے جنہوں نے شرک کیا اور تمہاری عبادت کی کیا تم نے انہیں گمراہ کیا یا یہ خود ہی گمراہ ہوگئے؟ وہ اس کے جواب میں کہیں گے کہ اے اللہ آپ کی ذات پاک ہے، ہمیں یہ زیب نہیں دیتا کہ ہم آپ کو چھوڑ کر دوسروں کو ولی بنائیں ہم ان مشرکین سے دوستی رکھنے والے اور تعلق جوڑنے والے نہیں تھے ان سے ہمارا کوئی تعلق نہیں۔

بعض مفسرین نے فرمایا ہے کہ جن سے مذکورہ بالا سوال و جواب ہوگا ان سے ملائکہ اور دیگر عقلاء مراد ہیں اور جن حضرات نے الفاظ کے عموم میں اصنام کو بھی شامل کیا ہے وہ فرماتے ہیں کہ اس دن اصنام کو بھی زبان دیدی جائیگی اور وہ بھی اپنے معبودوں سے براءت ظاہر کریں گے۔

جواب دینے والے کہیں گے کہ ہم نے ان کو گمراہ نہیں کیا آپ نے انہیں اور ان کے باپ دادوں کو مال و دولت عطا فرمایا یہ لوگ شہوتوں اور خواہشوں میں پڑ کر آپ کی یاد بھول گئے، نہ تو خود ہدایت کے لئے فکر مند ہوئے اور نہ اللہ تعالیٰ کی کتابوں کی طرف دھیان دیا لہٰذا ہلاک ہونے والے بن گئے۔

قولہ تعالیٰ: (قَوْمًا ۢ بُوْرًا) ای ھالکین علی ان بورا مصدر وصف بہ الفاعل مبالغة او جمع بائر کعوذ جمع عائذ، قال ابن عباس رضی اللہ عنہ ھلکئی فی لغة عمان وھم من الیمن، وقیل بورا فاسدین فی لغة الازد ویقولون امر بائر ای فاسد وبارت البضاعة اذا فسدت وقال الحسن رضی اللہ عنہ بورالا خیر فیھم من قولھم ارض بور ای متعطلة لا نبات فیھا وقیل بورا عمیاعن الحق والجملة اعتراض تذییلی مقرر لمضمون ماقبلہ علی ماقال وابو السعود.

اللہ کو چھوڑ کر جن کی عبادت کی گئی ان سے مذکورہ بالا سوال ہوگا ان کا جواب نقل فرما کر ارشاد فرمایا۔ فَقَدْ كَذَّبُوْكُمْ بِمَا تَقُوْلُوْنَ فَمَا تَسْتَطِيْعُوْنَ صَرْفًا وَّلَا نَصْرًا اس میں اس خطاب کا ذکر ہے جو غیر اللہ کی عبادت کرنے والوں سے ہوگا کہ تم جو ان کی عبادت کرتے تھے اور ان کے معبود ہونے کا دعویٰ کرتے تھے اسے تمہارے معبودین نے جھٹلا دیا اب تمہیں عذاب ہی میں جانا ہے عذاب دفع کرنے کی تمہارے پاس کوئی تدبیر نہیں ہے اور کوئی مددکا راستہ بھی نہیں ہے نہ تم خود اپنی کوئی مدد کر سکتے ہو نہ کوئی تمہاری مدد کر سکتا ہے۔

مذکورہ سوال و جواب سے مشرکین کی بیوقوفی اور حماقت ظاہر ہو جائے گی، دنیا میں جن لوگوں کی عبادت کرتے تھے وہ ان سے بیزاری ظاہر کر دیں گے۔ ان سے جو نفع کی امید تھی وہ منقطع ہو جائے گی۔

وَمَنْ يَّظْلِمْ مِّنْكُمْ نُذِقْهُ عَذَابًا كَبِيْرًا اس میں ان لوگوں سے خطاب ہے جو دنیا میں موجود ہیں کہ موت سے پہلے ایمان لے آؤ ظلم یعنی کفر کو چھوڑ و جو شخص کفر پر مر جائے ہم اسے آخرت میں بڑا عذاب چکھا دیں گے۔

قال صاحب الروح و تفسیر الظلم بالکفر ھو المروی عن ابن عباس رضی اللہ عنہ والحسن رضی اللہ عنہ وابن جریج رحمہ اللہ، وایدبان المقام یقتضیہ فان الکلام فی الکفر و عیدہ من مفتتح السورة.

وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّآ اِنَّهُمْ لَيَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَيَمْشُوْنَ

اور بات یہی ہے کہ آپ سے پہلے جو پیغمبر ہم نے بھیجے وہ کھانے کھاتے تھے اور بازاروں میں

فِى الْاَسْوَاقِ ؕ وَجَعَلْنَا بَعْضَكُمْ لِبَعْضٍ فِتْنَةً ؕ اَتَصْبِرُوْنَ ۚ وَكَانَ رَبُّكَ بَصِيْرًا ﴿۲۰﴾

چلتے تھے اور ہم نے تم میں سے بعض کو بعض کے لئے امتحان بنایا ہے کیا تم صبر کرتے ہو؟ اور آپ کا رب دیکھنے والا ہے۔

انبیاء کرام علیہم السلام کھانا کھاتے تھے، اور بازاروں میں چلتے تھے، تم میں بعض بعض کیلئے آزمائش ہیں

چند آیات سے پہلے مشرکین کا یہ قول گزرا ہے کہ یہ کیسا رسول ہے جو کھانا کھاتا ہے اور بازاروں میں چلتا پھرتا ہے۔

یہاں ان کی باتوں کا جواب دے دیا کہ کھانا کھانا اور بازاروں میں چلنا پھرنا نبوت و رسالت کے خلاف نہیں ہے، آپ سے پہلے جو پیغمبر علیہم السلام بھیجے گئے وہ کھانا کھانے والے تھے اور بازاروں میں بھی آتے جاتے اور چلتے پھرتے تھے، اللہ تعالیٰ جل شانہ نے رسول بھیجے اور انہیں ان صفات سے متصف فرمایا جو رسول کی شان کے لائق تھیں اور جن کا صاحب رسالت کے لئے ہونا ضروری تھا، ان صفات کو اللہ تعالیٰ جانتا ہے کسی کو اپنے پاس سے یہ طے کرنے کا حق نہیں کہ صاحب نبوت میں فلاں وصف ہونا چاہیے جب اللہ تعالیٰ کے نزدیک نبی کی صفات و شرائط میں یہ نہیں ہے کہ کھانا نہ کھائے اور بازار میں نہ جائے تو تم اپنے پاس سے نبوت کی صفات کیسے طے کرتے ہو اور اس بنیاد پر کیسے تکذیب کرتے ہو کہ یہ کھانا کھاتے ہیں اور بازار میں جاتے ہیں، انبیائے سابقین علیہم السلام بشر تھے، آنحضرت صلی

اللہ علیہ وسلم بھی بشر ہیں، کھانا پینا بازار جانا بشریت کے تقاضوں میں سے ہے ان تقاضوں کو پورا کرنا نبوت و رسالت کی شان کے خلاف نہیں ہے۔

اس کے بعد فرمایا وَ جَعَلْنَا بَعْضَكُمْ لِبَعْضٍ فِتْنَةً (اور ہم نے تم میں سے بعض کو بعض کے لئے فتنہ یعنی امتحان کا ذریعہ بنایا ہے) اس فتنہ میں تنگدستی بھی ہے اور مالداری بھی، غریبوں کو دیکھ کر مالدار یوں کہتے ہیں کہ اگر یہ اللہ کے مقبول بندے ہوتے تو غریب کیوں ہوتے، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں کہتے ہیں کہ یہ رسول ہوتے تو ان کے پاس خزانہ ہوتا یا باغ ہوتا اس میں سے کھاتے پیتے، یہ سب باتیں مالداری کے کبر اور نخوت کی وجہ سے زبان سے نکلتی ہیں ان باتوں کو بہانہ بنا کر زمانہ نبوت کے مخالفین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تکذیب کرتے تھے، تکذیب کرنے والوں کا مالدار ہونا اور اہل ایمان کا مالدار نہ ہونا یہ ذریعہ امتحان ہے، ایمان لانے کے لئے رسولؐ کے مالدار ہونے کی شرط لگانا اپنے مالدار ہونے کی وجہ سے ہے، خود غریب ہوتے ہوئے تو ایسا نہ کہتے۔ یہ مضمون سورۃ الانعام کی آیت وَ كَذٰلِكَ فَتَنَّا بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لِّيَقُوْلُوْٓا اَهٰٓؤُلَآءِ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنْۢ بَيْنِنَا کے مضمون کے ہم معنی ہیں، جیسے فقراء مالداروں کے لئے فتنہ ہیں ایسے ہی مالدار بھی فقراء کے لئے فتنہ ہیں، صاحب روح المعانی نے آیت کی یہی تفسیر کی ہے وہ لکھتے ہیں و جعلنا اغنیاء کم ایھا الناس ابتلاء لفقرائکم لننظر ھل یصبرون اس تفسیر کی بناء پر اتصبرون کا تعلق ماقبل سے زیادہ واضح ہو جاتا ہے اور مطلب یہ ہے کہ جن لوگوں کو مال نہیں دیا گیا ان کے لئے مالداروں کا وجود فتنہ ہے یعنی آزمائش ہے فقراء سے خطاب فرمایا اَتَصْبِرُوْنَ (کیا تم صبر کرتے ہو) یعنی تمہیں صبر کرنا چاہیے۔ **فالاستفھام بمعنی الامر۔**

وَ كَانَ رَبُّكَ بَصِيْرًا (اور آپ کا رب دیکھنے والا ہے) فتنہ میں پڑنے والوں کو بھی دیکھتا ہے اور صبر کرنے والوں کو بھی جانتا ہے ہر ایک کو اس کی نیت اور اعمال کے مطابق جزا دے گا۔

☆☆☆............پارہ ختم............☆☆☆

(پارہ نمبر ۱۹)

وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا الْمَلٰٓئِكَةُ اَوْ نَرٰى رَبَّنَا ؕ لَقَدِ

اور ان لوگوں نے کہا جو ہماری ملاقات کی امید نہیں رکھتے کہ ہمارے اوپر فرشتے کیوں نہ نازل کئے گئے یا یہ کیوں نہ ہوا کہ ہم رب کو دیکھ لیتے، بلاشبہ

اسْتَكْبَرُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ وَعَتَوْ عُتُوًّا كَبِيْرًا ﴿۲۱﴾ يَوْمَ يَرَوْنَ الْمَلٰٓئِكَةَ لَا بُشْرٰى يَوْمَئِذٍ

انہوں نے اپنے نفسوں کو بڑا سمجھا اور انہوں نے بڑی سرکشی اختیار کی۔ جس دن وہ فرشتوں کو دیکھیں گے اس دن مجرمین کے لئے کوئی بشارت کی چیز

لِّلْمُجْرِمِيْنَ وَيَقُوْلُوْنَ حِجْرًا مَّحْجُوْرًا ﴿۲۲﴾ وَقَدِمْنَآ اِلٰى مَا عَمِلُوْا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنٰهُ

نہیں ہوگی، اور وہ کہیں گے ہٹاؤ اور بچاؤ۔ اور انہوں نے جو بھی عمل کئے تھے ہم ان کی طرف متوجہ ہو کر فضاء میں نظر آنے والے مٹی کے باریک

هَبَآءً مَّنْثُوْرًا ﴿۲۳﴾ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ يَوْمَئِذٍ خَيْرٌ مُّسْتَقَرًّا وَّ اَحْسَنُ مَقِيْلًا ﴿۲۴﴾

ذرات بنادیں گے۔ اس دن جنت والے بہتر ہونگے ٹھہرنے کی جگہ کے اعتبار سے اور آرام کرنے کی جگہ کے اعتبار سے۔

معاندین اور مکذبین کے لئے وعید، اصحاب جنت کیلئے خوشخبری

معاندین ومکذبین کی جاہلانہ باتوں میں سے ایک یہ بات بھی تھی کہ ہم رسالت کا دعویٰ کرنے والے کو اس وقت رسول مانیں گے جب فرشتوں کو اتار کر ہمارے سامنے لے آئے، بلکہ اللہ تعالیٰ کو ہمیں دکھادے، اگر ایسا ہوجائے تو ہم ایمان لے آئیں گے، یہ لوگ آخرت کے قائل نہیں تھے اس لئے ایسی باتیں کرتے تھے، جس کا آخرت پر ایمان ہو وہ تو یہ سوچے گا کہ جو شخص نبوت کا مدعی ہے مجھے اسکی باتوں پر غور کرنا چاہیے اور جو معجزات پیش کئے ان پر کفایت کر کے ایمان لانا چاہیے، جو لوگ آخرت کو مانتے ہیں نہیں وہ لوگ ایسی بے تکی معاندانہ باتیں کرتے ہیں اسی لئے وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا فرمایا کہ یہ باتیں ان لوگوں کی ہیں جنہیں یہ امید نہیں ہے کہ قیامت کے دن پیشی ہوگی اور حق وناحق کے فیصلے ہونگے، اور کفر کی سزا ملے گی اور اہل ایمان کو انعامات ملیں گے، یہاں معاندین کی دو باتیں نقل فرمائیں اول یہ کہ محمد (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) واقعی رسول ہیں تو ہمارے سامنے فرشتوں کو لے آئیں جو ان کی تصدیق کردیں ان کے جواب میں فرمایا لَقَدِ اسْتَكْبَرُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ کہ ان لوگوں نے اپنے نفسوں میں بڑا تکبر اختیار کیا صاحب روح المعانی لکھتے ہیں اوقعوا الاستکبار فی شانها وعدّواها کبیرة الشان یعنی انہوں نے اپنی جانوں کے بارے میں یہ سمجھ لیا کہ ان کے نفوس اتنے بڑے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کو دیکھ سکتے ہیں وَعَتَوْا عُتُوًّا كَبِيْرًا (اور انہوں نے بڑی سرکشی اختیار کی) یعنی انہوں نے اپنے کو اس لائق سمجھا کہ فرشتے آکر ہمارے سامنے بیان دیں اور اپنے کو اس لائق سمجھا کہ اس دنیا میں رب جل شانہ کو دیکھ لیں، یہ تکبر میں بہت آگے بڑھ گئے اور اپنے لئے وہ بات تجویز کی جس کے اہل نہیں ہیں۔

پھر فرمایا يَوْمَ يَرَوْنَ الْمَلٰٓئِكَةَ (الآیة) اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ وقت بھی آنے والا ہے جبکہ فرشتوں کو دیکھیں گے، حضرت عبداللہ

بن عباسؓ نے فرمایا کہ اس سے موت کا دن مراد ہے اور ایک قول یہ بھی ہے کہ اس سے قیامت کا دن مراد ہے، مطلب یہ ہے کہ فرشتوں کو دیکھنے کا جو مطالبہ کر رہے ہیں اس کا وقوع بھی ہو جائے گا، جب مرنے لگیں گے تو فرشتے نظر آ جائیں گے لیکن اس وقت فرشتوں کی حاضری مکذبین کے حق میں نامبارک ہوگی، اس دن مجرمین یعنی مکذّبین کے لئے کسی بھی طرح کی کوئی بشارت یعنی خوشخبری نہیں ہوگی، موت کے وقت سے لے کر ابدالآباد ہمیشہ عذاب اور تکلیف ہی میں رہیں گے، جب قیامت کا دن ہوگا عذاب میں مبتلا ہونگے، اس وقت عذاب سے محفوظ ہونے کی دہائی دیتے ہوئے یوں کہیں گے حِجۡرًا مَّحۡجُوۡرًا کہ کسی بھی طرح یہ عذاب روک دیا جائے اور یہ مصیبت ٹل جائے لیکن عذاب دفع نہیں ہوگا اور چیخ و پکار اور مصیبت ٹلنے کی دہائی ذرا بھی فائدہ مند نہ ہوگی۔

اور کافر لوگ دنیا میں جو بعض اعمال نیکیوں کے عنوان سے کرتے ہیں (اس میں راہبوں کی عبادات اور جوگیوں کی ریاضات بھی داخل ہیں) ان میں سے اگر کوئی چیز ایسی تھی جسے نیکی قرار دیا جا سکے جیسے صلہ رحمی وغیرہ تو کفر کی وجہ سے اس کا کچھ بھی ثواب نہیں ملے گا، آخرت میں کافروں کے سارے اعمال اکارت اور باطل ہونگے، سورۂ ابراہیم میں فرمایا: مَثَلُ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا بِرَبِّهِمۡ اَعۡمَالُهُمۡ كَرَمَادِ ۨاشۡتَدَّتۡ بِهِ الرِّيۡحُ فِىۡ يَوۡمٍ عَاصِفٍ‌ؕ لَا يَقۡدِرُوۡنَ مِمَّا كَسَبُوۡا عَلٰى شَىۡءٍ‌ؕ ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الۡبَعِيۡدُ۝ (جن لوگوں نے اپنے رب کے ساتھ کفر کیا ان کے اعمال کی یہ حالت ہے جیسے راکھ ہو جسے تیز آندھی کے دن میں تیز ہوا اڑا کر لے جائے۔ ان لوگوں نے جو اعمال کئے ان کا کچھ حصہ بھی ان کو حاصل نہ ہوگا۔ یہ دور کی گمراہی ہے)۔

یہاں سورۃ الفرقان میں کافروں کے اعمال کو هَبَآءً مَّنۡثُوۡرًا فرمایا هبآء اس غبار کو کہتے ہیں جو کسی روشن دان سے اس وقت نظر آتا ہے جب اس پر سورج کی دھوپ پڑ رہی ہو یہ غبار اول تو بہت زیادہ باریک ہوتا ہے پھر کسی کام کا نہیں ہوتا ہاتھ بڑھاؤ تو ہاتھ میں نہیں آتا نہ پینے کا نہ پوتنے کا، جس طرح یہ بے کار غبار روشن دان میں پھیلا ہوا نظر آتا ہے لیکن کسی کام کا نہیں اسی طرح کافروں کے اعمال بھی بیکار ثابت ہونگے اور ان کے حق میں ذرا بھی فائدہ مند نہ ہوں گے۔

یہ تو کافروں کا حال ہے، اس کے بعد اہل جنت کی نعمتوں کا تذکرہ فرمایا، ارشاد فرمایا کہ یہ حضرات اس دن ایسی جگہ میں ہونگے جو رہنے کی بہترین جگہ ہے اور آرام کرنے کے اعتبار سے نہایت عمدہ ہے، لفظ مقیلا قال یقیل قیلولة سے ظرف کا صیغہ ہے دوپہر کو آرام کرنے کے لئے جو لیٹتے ہیں اسے قیلولہ کہتے ہیں، جنت میں نیند نہ ہوگی آرام کی جگہ ہونے کے اعتبار سے اَحۡسَنُ مَقِيۡلًا سے تعبیر فرمایا، اسی کو سورۂ کہف میں نِعۡمَ الثَّوَابُ وَحَسُنَتۡ مُرۡتَفَقًا فرمایا (کیا ہی اچھی آرام کی جگہ ہے)۔

وَيَوۡمَ تَشَقَّقُ السَّمَآءُ بِالۡغَمَامِ وَنُزِّلَ الۡمَلٰٓـئِكَةُ تَنۡزِيۡلًا ۝۲۵ اَلۡمُلۡكُ يَوۡمَئِذِ ۨالۡحَـقُّ لِلرَّحۡمٰنِ‌ؕ وَكَانَ

اس وقت کو یاد کرو جب آسمان بادلوں سے پھٹ جائے گا اور بکثرت فرشتے نازل کئے جائیں گے۔ آج ملک رحمٰن ہی کے لئے ہے، اور یہ دن

يَوۡمًا عَلَى الۡكٰفِرِيۡنَ عَسِيۡرًا ۝۲۶ وَيَوۡمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰى يَدَيۡهِ يَقُوۡلُ يٰلَيۡتَنِى اتَّخَذۡتُ مَعَ الرَّسُوۡلِ

کافروں پر سخت ہوگا۔ اور اس دن کو یاد کرو جس دن ظالم اپنے ہاتھوں کو اپنے دانتوں سے کاٹے گا اور یوں کہے گا کہ کاش میں رسول اللہ کے ساتھ

سَبِيۡلًا ۝۲۷ يٰوَيۡلَتٰى لَيۡتَنِىۡ لَمۡ اَتَّخِذۡ فُلَانًا خَلِيۡلًا ۝۲۸ لَقَدۡ اَضَلَّنِىۡ عَنِ الذِّكۡرِ بَعۡدَ اِذۡ جَآءَنِىۡ‌ؕ وَكَانَ

راستہ بنا لیتا۔ ہائے میری بربادی کاش میں فلاں شخص کو دوست نہ بناتا۔ البتہ اس نے مجھے اس کے بعد ذکر سے ہٹا دیا جبکہ میرے پاس ذکر آ گیا تھا اور

الشَّيْطٰنُ لِلْاِنْسَانِ خَذُوْلًا ۝ وَقَالَ الرَّسُوْلُ يٰرَبِّ اِنَّ قَوْمِي اتَّخَذُوْا هٰذَا الْقُرْاٰنَ مَهْجُوْرًا ۝

شیطان انسان کو بے یار و مددگار چھوڑنے والا ہے۔ اور رسول اللہ ﷺ کا کہنا ہوگا کہ اے رب میری قوم نے اس قرآن کو نظر انداز کر رکھا تھا۔

وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا مِّنَ الْمُجْرِمِيْنَ ؕ وَكَفٰى بِرَبِّكَ هَادِيًا وَّنَصِيْرًا ۝

اور اسی طرح ہم نے مجرم لوگوں میں ہر نبی کے لئے دشمن بنائے ہیں اور ہدایت دینے اور مدد کرنے کو آپ کا رب کافی ہے۔

قیامت کے دن ہولناک منظر، کافر کی حسرت کہ کاش فلاں شخص کو دوست نہ بناتا

ان آیات میں قیامت کے دن کی سختی اور ہولنا کی اور مصیبت کو بیان فرمایا ہے اول تو یہ فرمایا کہ آسمان بادلوں سے پھٹ جائے گا قیامت کے دن آسمان کا پھٹنا دوسری آیات میں بھی مذکور ہے کما فی قوله تعالىٰ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ وقوله تعالىٰ اِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ اور یہاں لفظ بالغمام کا بھی اضافہ ہے صاحب روح المعانی لکھتے ہیں کہ بظاہر آسمان سے یہی آسمان مراد ہے جو ہمارے اوپر سایہ فگن ہے اور الغمام سے سحاب معروف یعنی بادل مراد ہیں اور باء سببیت کے لئے ہے مطلب یہ ہے کہ اس دن آسمان بادلوں کے طلوع ہونے کے سبب پھٹ پڑے گا اور اس میں کوئی بعد نہیں، اللہ تعالیٰ کی قدرت ہے کہ آسمان کو بادل کی وجہ سے اس طرح پھاڑ دے جیسے اونٹ کے کوہان کو چھری سے شق کر دیا جاتا ہے، پھر یہ بتاتے ہوئے کہ باء صرف ملابست کے لئے بھی ہو سکتی ہے اس کا یہ معنی بتایا ہے کہ جس وقت آسمان پھٹ پڑے گا اس وقت وہ اس حالت میں ہوگا جیسے اس پر بادل چھائے ہوئے ہوں۔

اس کے بعد حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے نقل کیا ہے کہ السماء سے نہ صرف السماء الدنیا بلکہ سارے آسمان مراد ہیں۔

وَنُزِّلَ الْمَلٰٓئِكَةُ تَنْزِيْلًا (اور فرشتے عجیب طریقہ سے اتار دیئے جائیں گے) جسے آج لوگ نہیں جانتے، اس کے بعد حضرت ابن عباسؓ سے ایک طویل روایت نقل کی ہے جو بظاہر اسرائیلیات میں سے ہے۔ (روح المعانی ج ۱۹ ص ۹)

صاحب بیان القرآن لکھتے ہیں کہ یہ (آسمان کا پھٹنا) حساب شروع ہونے کے وقت ہوگا اور اس وقت آسمان کا پھٹنا صرف کھلنے کے طور پر ہوگا، یہ وہ پھٹنا نہ ہوگا جو نفخ اول کے وقت اس کے افناء کے لئے ہوگا کیونکہ نزول غمام کا وقت بعد نفخہ ثانیہ کے ہے جس وقت سب آسمان و زمین دوبارہ درست ہو جائیں گے۔

اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذِ ۨ الْحَقُّ لِلرَّحْمٰنِ (آج کے دن صرف رحمٰن کی حکومت ہوگی) قیامت کے دن جب آسمان پھٹ پڑے گا تو ساری بادشاہت ظاہری طور پر اور باطنی طور پر صرف رحمٰن جل مجدہ ہی کے لئے ہوگی اس دن کوئی مجازی حاکم اور بادشاہ بھی نہ ہوگا، سورۂ غافر میں فرمایا:

لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ (آج کس کی بادشاہت ہے؟ اللہ تعالیٰ ہی کے لئے ہے جو واحد ہے قہار ہے)۔

وَكَانَ يَوْمًا عَلَى الْكٰفِرِيْنَ عَسِيْرًا (اور وہ دن کافروں پر سخت ہوگا)۔

وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰى يَدَيْهِ (الی الآیات الثلث)

صاحب روح المعانی لکھتے ہیں کہ عقبہ بن ابی معیط لعنۃ اللہ علیہ جب بھی سفر سے آتا کھانا پکاتا اور اہل مکہ کی دعوت کرتا تھا، اور نبی اکرمؐ کے ساتھ زیادہ اٹھتا بیٹھتا تھا، آپ کی باتیں اسے پسند آتی تھیں ایک مرتبہ جب وہ سفر سے واپس آیا تو کھانا تیار کیا اور حضور اقدسؐ

کو کھانے کی دعوت دی آپ ﷺ نے فرمایا کہ میں تیرا کھانا نہیں کھا سکتا جب تک کہ تو لا الہ الا اللہ کی اور میرے رسول ہونے کی گواہی نہ دے، اس نے پھر کھانے کو کہا آپ نے پھر وہی جواب دیا اس کے بعد اس نے شہادتین کی گواہی دیدی اور آپ نے اس کا کھانا کھالیا اس واقعہ کی ابی بن خلف کو خبر ہوئی تو وہ عقبہ کے پاس آیا اور اس سے کہا کہ اے عقبہ کیا تو بددین ہو گیا؟ (مشرکین مکہ شرک میں غرق ہونے کی وجہ سے دین توحید کو بددینی سے تعبیر کرتے تھے، والعیاذ باللہ) اس پر عقبہ نے کہا کہ میں دل سے (بددین) تو نہیں ہوا لیکن بات یہ ہے کہ ایک شخص میرے گھر آیا میں نے اس سے کھانے کے لئے کہا اس نے کہا کہ جب تک تو میرے کہنے کے مطابق گواہی نہ دے دیگا میں تیرا کھانا نہ کھاؤں گا مجھے یہ اچھا نہ لگا کہ ایک شخص میرے گھر آئے اور کھانا کھائے بغیر چلا جائے لہٰذا میں نے اس کے قول کے مطابق گواہی دیدی جس پر اس نے کھانا کھالیا، اس پر ابی بن خلف نے کہا کہ میں اس وقت تک تجھ سے راضی نہیں ہو سکتا جب تک تو اس شخص کے پاس جا کر بدتمیزی والی حرکت نہ کرے، چنانچہ عقبہ آنحضرت ؐ کے پاس آیا اور بدتمیزی سے پیش آیا آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے فرمایا کہ تو مجھے مکہ معظمہ سے باہر ملے گا تو میں تیری گردن ماردوں گا، چنانچہ غزوۂ بدر کے موقع پر اس کی گردن ماردی گئی اس آیت میں ظالم سے عقبہ بن ابی معیط اور فلان سے ابی بن خلف مراد ہے مطلب یہ ہے کہ قیامت کے دن جب مشرکین عذاب میں مبتلا ہونگے اس وقت ندامت وافسوس سے اپنے ہاتھوں کو دانتوں سے کاٹتے ہوئے یوں کہے گا۔ یٰلَیْتَنِی اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُوْلِ سَبِیْلًا (کاش میں اللہ کے رسول کے ساتھ اپنا راستہ بنالیتا) یٰوَیْلَتٰی لَیْتَنِیْ لَمْ اَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِیْلًا (کہ میں فلاں کو یعنی ابی بن خلف کو اپنا دوست نہ بناتا) لَقَدْ اَضَلَّنِیْ عَنِ الذِّکْرِ بَعْدَ اِذْ جَآءَنِیْ (مجھے اللہ کے ذکر سے اس نے ہٹا دیا اس کے بعد کہ ذکر میرے پاس آ گیا (یعنی محمد رسول اللہ ﷺ) کے واسطہ سے جو میرے پاس اللہ کا ذکر آیا اور جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے نصیحت کی اور ان پر جو قرآن نازل ہوا وہ میں نے سنا میرے اس دوست نے مجھے اس سے روک دیا میں اسے دوست سمجھتا تھا لیکن وہ تو دشمن نکلا۔

وَکَانَ الشَّیْطَانُ لِلْاِنْسَانِ خَذُوْلًا (اور شیطان انسان کو بے یار و مددگار چھوڑنے والا ہے) اس جملہ میں دونوں احتمال ہیں (۱) یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہو جس میں علی الاطلاق سب کو یہ بتادیا کہ شیطان سے دوستی کرنے کا انجام برا ہے خواہ کفر شرک اختیار کر کے اس کی دوستی اختیار کی جائے خواہ اس کے مشورہ سے معصیت کی زندگی اختیار کی جائے ہر حال میں شیطان دھوکہ دے گا اور عین ایسے وقت پر بے یار و مددگار چھوڑ کر علیحدہ ہو جائے گا جب مدد کی ضرورت ہوگی۔ (۲) یہ احتمال بھی ہے کہ مذکورہ جملہ ظالم ہی کے کلام کا تتمہ ہو۔

بعض مفسرین نے فرمایا ہے کہ ظالم سے مطلق کافر اور فلانا سے شیطان مراد ہے، یہ پہلی بات کے معارض نہیں ہے سبب نزول خواہ خاص ہو الفاظ کا عموم چاہتا ہے کہ ہر کافر کہے گا کہ میں گمراہ کرنے والوں کو دوست نہ بناتا تو اچھا ہوتا۔

وَقَالَ الرَّسُوْلُ یٰرَبِّ اِنَّ قَوْمِی اتَّخَذُوْا هٰذَا الْقُرْاٰنَ مَهْجُوْرًا (اور رسول کا کہنا ہوگا کہ اے رب میری قوم نے اس قرآن کو نظر انداز کر رکھا تھا) اس آیت کریمہ میں یہ بتایا کہ قیامت کے دن جب کافر اور مشرک پچھتائیں گے کہ اے کاش ہم دنیا میں گمراہ کرنے والوں کو دوست نہ بناتے اور اللہ کے بھیجے ہوئے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لے آتے اور آپ کے ساتھیوں میں شامل ہو جاتے، اس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے خلاف گواہی دیں گے کہ اے رب میری قوم یعنی امت دعوت نے اس قرآن کو بالکل نظر انداز کر دیا تھا لہٰذا مشرکین اور کافرین کا جرم ان کے اقرار سے بھی ثابت ہو جائے گا اور آنحضرت ؐ کی شہادت سے بھی، الفاظ کے عموم میں وہ لوگ بھی داخل ہیں جو بظاہر اسلام کا نام لیتے ہیں لیکن سیاست اور معیشت اور حکومت اور معاشرت میں نہ صرف قرآن کے خلاف چلتے ہیں بلکہ قرآن کے احکام پر کافروں کے قوانین کو ترجیح دیتے ہیں اور اس پر مزید یہ ہے کہ حدود و قصاص کے احکام کو ظالمانہ بتاتے ہیں ایسی

باتیں کرنے والے اگرچہ مدعی اسلام ہیں مگر اپنے اقوال ضلال واضلال کی وجہ سے اسلام سے خارج ہیں۔
بعض مفسرین نے فرمایا ہے کہ الفاظ کے عموم بھی وہ لوگ بھی داخل ہیں جو قرآن کو پڑھتے ہی نہیں اور وہ لوگ بھی داخل ہیں جو پڑھ لیتے ہیں لیکن کھول کر کبھی ہاتھ نہیں لگاتے، وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا مِّنَ الْمُجْرِمِيْنَ (اور اسی طرح ہم نے مجرم لوگوں میں سے ہر نبی کے لئے دشمن بنائے ہیں) یعنی یہ لوگ جو آپ کی مخالفت کررہے ہیں کوئی نئی بات نہیں جس کا غم کیا جائے، وَكَفٰى بِرَبِّكَ هَادِيًا وَّنَصِيْرًا جس کو ہدایت دینا منظور ہو اس کے لئے آپ کا رب کافی ہے اور جو ہدایت سے محروم ہو اس کے مقابلہ میں آپ کی مدد کرنے کے لئے بھی آپ کا رب کافی ہے۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ الْقُرْاٰنُ جُمْلَةً وَّاحِدَةً ۛ كَذٰلِكَ ۛ لِنُثَبِّتَ بِهٖ فُؤَادَكَ

اور کافروں نے کہا کہ ان پر قرآن ایک ہی مرتبہ کیوں نازل نہ کردیا گیا، ہم نے اسی طرح نازل کیا ہے، تاکہ اس کے ذریعہ ہم آپ کے دل کو قوی رکھیں

وَرَتَّلْنٰهُ تَرْتِيْلًا ﴿۳۲﴾ وَلَا يَاْتُوْنَكَ بِمَثَلٍ اِلَّا جِئْنٰكَ بِالْحَقِّ وَاَحْسَنَ تَفْسِيْرًا ﴿۳۳﴾ اَلَّذِيْنَ يُحْشَرُوْنَ

اور ہم نے اس کو ٹھہر ٹھہر کر اتارا ہے۔ اور یہ لوگ آپ کے سامنے کیسا ہی عجیب سوال کریں ہم ضرور اس کا ٹھیک جواب خوب وضاحت میں بڑھا ہوا آپ کو عطا کردیں گے۔ جو لوگ اپنے

عَلٰى وُجُوْهِهِمْ اِلٰى جَهَنَّمَ ۙ اُولٰٓئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضَلُّ سَبِيْلًا ﴿۳۴﴾

چہروں کے بل جہنم کی طرف جمع کئے جائیں گے یہ لوگ جگہ کے اعتبار سے بھی بدترین ہیں اور طریقہ میں بھی بہت گمراہ ہیں۔

قرآن کریم کو دفعۃً نازل نہ فرمانے میں کیا حکمت ہے

مشرکین مکہ اپنے اعناد سے طرح طرح کے اعتراض تراشتے رہتے تھے انہیں اعتراضات میں سے ایک یہ اعتراض تھا کہ محمد رسول اللہ جو یہ کہتے ہیں کہ مجھ پر اللہ کی طرف سے وحی آتی ہے اور یہ کلام جو تمہیں سناتا ہوں اللہ کا کلام ہے اور اللہ کی کتاب ہے اور اس نے یہ قرآن ایمان لانے کے لئے بھیجا ہے تو یہ قرآن تھوڑا تھوڑا کیوں نازل ہوتا ہے بیک وقت ایک ہی ساتھ کیوں نازل نہیں ہوا؟ ان لوگوں کا یہ اعتراض حماقت پر مبنی تھا، جس کی کتاب ہے وہ جس طرح بھی نازل فرمائے اسے پورا اختیار ہے كَذٰلِكَ ای نزلناه كذلك تنزيلا مغاير الما اقترحوا لنثبت به فؤادك (تاکہ ہم اس کے ذریعہ آپ کے دل کو تقویت دیں) اس میں تھوڑا تھوڑا نازل فرمانے کی حکمت بیان فرمائی اور وہ یہ کہ تھوڑا تھوڑا نازل کرنا آپ کے قلب مبارک کو تقویت دینے کا سبب ہے۔ صاحب روح المعانی ج ۱۹ ص ۱۵ پر لکھتے ہیں کہ تھوڑا تھوڑا نازل فرمانے میں حفظ کی آسانی ہے اور فہم معانی ہے اور ان حکمتوں اور مصلحتوں کی معرفت ہے جن کی رعایت انزال قرآن میں ملحوظ رکھی گئی ہے پھر جبرئیل علیہ السلام کا بار بار آنا اور جو بھی کوئی چھوٹی یا بڑی سورت نازل ہو اس کا مقابلہ کرنے سے معترضین کا عاجز ہو جانا اور ناسخ اور منسوخ کو پہچاننا وغیرہ یہ سب آپ کے قلب کی تقویت کا سبب ہے۔

جب معترضین کوئی اعتراض اٹھاتے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کوئی ناگوار معاملہ کرتے تو اسی وقت آپ کی تسلی کے لئے آیت نازل ہو جاتی تھی اس سے آپ کو ہر بار تقویت حاصل ہو جاتی تھی۔ اگر پورا قرآن ایک ہی دفعہ نازل ہو گیا ہوتو یہ بار بار کی تسلی کا فائدہ حاصل نہ ہوتا، واضح رہے کہ یہاں تدریجاً قرآن مجید نازل فرمانے کی ایک حکمت بتائی ہے اس کے علاوہ دوسری حکمتیں بھی ہیں۔
وَرَتَّلْنٰهُ تَرْتِيْلًا (اور ہم نے اس کو ٹھہر ٹھہر کر اتارا ہے) صاحب روح المعانی نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اس کی تفسیر

یوں نقل کی ہے کہ بیناہ بیانافیہ ترسل کہ ہم نے اس قرآن کو واضح طور پر بیان کیا ہے اور وقفہ وقفہ سے نازل فرمایا ہے چنانچہ پورا قرآن کریم تیئیس سال میں نازل ہوا۔

اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مزید تقویت قلب اور تسلی کے لئے ارشاد فرمایا وَلَا يَأْتُونَكَ بِمَثَلٍ (الآية) کہ یہ لوگ آپ پر اعتراض کرنے کے لئے جو بھی عجیب بات پیش کریں گے اس کے مقابلہ میں ہم ضرور حق لے آئیں گے اور واضح طور پر صحیح جواب نازل کردیں گے جس سے ان کا اعتراض باطل ہو جائے گا اور قیل وقال کا مادہ ختم ہو جائیگا۔

اَلَّذِينَ يُحْشَرُونَ عَلٰى وُجُوهِهِمْ (الآية) اس آیت میں کافروں کا برا انجام بیان فرمایا اور وہ یہ کہ ان لوگوں کو چہروں کے بل گھسیٹ کر جہنم کی طرف لیجایا جائیگا اور اس میں پھینک دیا جائیگا وہ جگہ عذاب کے اعتبار سے بری جگہ ہے، یہاں دنیا میں ان کو بتایا جاتا تھا کہ اپنی حرکتوں کی سزا میں برے عذاب میں مبتلا ہو گئے اور یہ کہ تم گمراہ ہو راہ حق سے ہٹے ہوئے ہو لیکن یہاں نہیں مانتے تھے وہاں عذاب میں مبتلا ہونگے تو دونوں باتیں سمجھ میں آ جائیں گی لیکن وہاں کا سمجھنا اور ماننا فائدہ مند نہ ہوگا۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَجَعَلْنَا مَعَهٗٓ اَخَاهُ هٰرُوْنَ وَزِيْرًا ﴿۳۵﴾ فَقُلْنَا اذْهَبَآ اِلَى الْقَوْمِ

اور بلاشبہ ہم نے موسیٰ کو کتاب دی اور ان کے ساتھ ان کے بھائی کو وزیر بنا دیا۔ پھر ہم نے دونوں کو حکم دیا کہ اس قوم کی طرف چلے جاؤ جنہوں نے

الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۭ فَدَمَّرْنٰهُمْ تَدْمِيْرًا ﴿۳۶﴾ وَقَوْمَ نُوْحٍ لَّمَّا كَذَّبُوا الرُّسُلَ

ہماری آیات کو جھٹلایا، پھر ہم نے اس قوم کو بالکل ہی ہلاک کر دیا۔ اور ہم نے قوم نوح کو ہلاک کیا جبکہ انہوں نے رسولوں کو جھٹلایا،

اَغْرَقْنٰهُمْ وَجَعَلْنٰهُمْ لِلنَّاسِ اٰيَةً ۭ وَاَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۳۷﴾ وَّعَادًا وَّثَمُوْدَا۟ وَاَصْحٰبَ

ہم نے انہیں غرق کر دیا اور ان کو لوگوں کے لئے عبرت بنا دیا، اور ہم نے ظالموں کے لئے دردناک عذاب تیار کیا ہے۔ اور ہم نے عاد اور ثمود کو اور اصحاب الرس کو

الرَّسِّ وَقُرُوْنًۢا بَيْنَ ذٰلِكَ كَثِيْرًا ﴿۳۸﴾ وَكُلًّا ضَرَبْنَا لَهُ الْاَمْثَالَ ۡ وَكُلًّا تَبَّرْنَا تَتْبِيْرًا ﴿۳۹﴾

اور ان کے درمیان بہت سی قوموں کو ہلاک کیا۔ اور ان میں سے ہر ایک کے لئے ہم نے امثال بیان کیں، اور ہر ایک کو ہم نے پوری طرح ہلاک کر دیا،

وَلَقَدْ اَتَوْا عَلَى الْقَرْيَةِ الَّتِيْٓ اُمْطِرَتْ مَطَرَ السَّوْءِ ۭ اَفَلَمْ يَكُوْنُوْا يَرَوْنَهَا ۚ بَلْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ نُشُوْرًا ﴿۴۰﴾

بلاشبہ یہ لوگ اس بستی پر گزرے ہیں جس پر بری بارش برسائی گئی کیا یہ اسے نہیں دیکھتے رہے، بلکہ بات یہ ہے کہ یہ لوگ موت کے بعد اٹھنے کی امید ہی نہیں رکھتے۔

وَاِذَا رَاَوْكَ اِنْ يَّتَّخِذُوْنَكَ اِلَّا هُزُوًا ۭ اَهٰذَا الَّذِيْ بَعَثَ اللّٰهُ رَسُوْلًا ﴿۴۱﴾ اِنْ كَادَ لَيُضِلُّنَا عَنْ

اور جب وہ آپ کو دیکھتے تو بس آپ کا مذاق ہی اڑاتے ہیں کیا یہی شخص ہے جسے اللہ نے رسول بنا کر بھیجا ہے، اس نے تو ہمیں معبودوں سے ہٹا ہی

اٰلِهَتِنَا لَوْلَآ اَنْ صَبَرْنَا عَلَيْهَا ۭ وَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ حِيْنَ يَرَوْنَ الْعَذَابَ مَنْ اَضَلُّ سَبِيْلًا ﴿۴۲﴾

دیا ہوتا اگر ہم ان پر جمے ہوئے نہ رہتے، اور جس وقت یہ لوگ عذاب کو دیکھیں گے اس بات کو جان لیں گے کہ کون شخص راہ سے ہٹا ہوا تھا۔

اَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ ؕ اَفَاَنْتَ تَكُوْنُ عَلَيْهِ وَكِيْلًا ﴿۴۳﴾ اَمْ تَحْسَبُ اَنَّ اَكْثَرَهُمْ يَسْمَعُوْنَ

کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا جس نے اپنا معبود اپنی خواہش کو بنالیا، سوکیا آپ اسکے وکیل ہیں۔ آپ یہ خیال کرتے ہیں کہ ان میں سے اکثر سنتے ہیں

اَوْ يَعْقِلُوْنَ ؕ اِنْ هُمْ اِلَّا كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ سَبِيْلًا ﴿۴۴﴾

یا سمجھتے ہیں، یہ لوگ محض چوپایوں کی طرح سے ہیں، بلکہ ان سے بھی زیادہ بے راہ ہیں۔

ع ۱۰ / ۲

نوح علیہ السلام کی قوم اور فرعون و عاد و ثمود اور اصحاب الرس کی بربادی کا تذکرہ

مشرکین کی گمراہی اور بدحالی کا حال

ان آیات میں امم سابقہ کی تکذیب اور ہلاکت وتعذیب کا تذکرہ فرمایا ہے جو قرآن مجید کے مخاطبین کے لئے عبرت ہے اس کے بعد مشرکین مکہ کی شرپسندی کا تذکرہ فرمایا۔

ہلاک شدہ اقوام میں یہاں جن کا ذکر ہے ان میں اوّلاً فرعون اور اس کی قوم اور حضرت نوح علیہ السلام کی قوم کا تذکرہ فرمایا ہے اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کو غرق کردیا اور بعد میں آنے والوں کے لئے عبرت بنادیا، یہ ان کی دنیاوی سزا تھی اور آخرت میں ظالموں کے لئے عذاب الیم تیار فرمایا ہے، اس کے بعد عاد اور ثمود اور اصحاب الرس کی ہلاکت کا تذکرہ فرمایا اور ساتھ ہی یہ بھی فرمایا وَقُرُوْنًا بَيْنَ ذٰلِكَ كَثِيْرًا کہ ان کے درمیان میں اور بہت سی امتوں کو ہلاک فرمادیا، ان لوگوں کا تذکرہ کرتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ ہم نے ان کی ہدایت کے لئے مثالیں یعنی مؤثر مضامین اور عبرت کی باتیں بیان کیں لیکن انہوں نے نہ مانا لہٰذا ہم نے ان کو بالکل ہی ہلاک کردیا۔

اس کے بعد حضرت نوح علیہ السلام کی بستی کا ذکر فرمایا جن بستیوں میں حضرت نوح علیہ السلام کی قوم رہتی تھی ان بستیوں کو ان لوگوں کی تکذیب اور شرمناک افعال کی وجہ سے پلٹ دیا گیا تھا اور ان پر پتھر بھی برسائے گئے تھے جس کا تذکرہ سورۂ اعراف اور سورۂ ہود میں گزر چکا ہے اہل مکہ سال میں دو مرتبہ تجارت کے لئے ملک شام جایا کرتے تھے اور ان بستیوں کے پاس سے گزرا کرتے تھے اور انہیں ان لوگوں کی بربادی کا حال معلوم تھا۔ اسی کو فرمایا وَلَقَدْ اَتَوْا عَلَى الْقَرْيَةِ الَّتِيْٓ اُمْطِرَتْ مَطَرَ السَّوْءِ (بلاشبہ یہ لوگ اس بستی پر گزرے ہیں جس پر بُری بارش برسائی گئی تھی) ہلاک شدہ بستیوں کو دیکھتے ہوئے یہ لوگ گزر جاتے ہیں اور کچھ بھی عبرت حاصل نہیں کرتے، اسی کو سورۂ صافات میں فرمایا۔ وَاِنَّكُمْ لَتَمُرُّوْنَ عَلَيْهِمْ مُّصْبِحِيْنَ۔ وَبِاللَّيْلِ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ (بلاشبہ ضرور تم ان بستیوں پر صبح کے وقت اور رات کے وقت گزرتے ہو کیا تم سمجھ نہیں رکھتے) یہ متعدد بستیاں تھیں یہاں لفظ قریہ مفرد لایا گیا ہے جس میں مرکزی اور بڑی بستی کا ذکر ہے اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ لفظ القریہ جنس کے لئے لایا گیا ہو۔

اَفَلَمْ يَكُوْنُوْا يَرَوْنَهَا (کیا یہ لوگ ان بستیوں کو دیکھتے نہیں رہے) بَلْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ نُشُوْرًا یعنی یہ لوگ ان بستیوں پر گزرتے تو ہیں لیکن ان کا عبرت نہ پکڑنا بے علمی کی وجہ سے نہیں ہے بلکہ اصل وجہ یہ ہے کہ یہ لوگ مرکر جی اٹھنے کی امید ہی نہیں رکھتے یعنی آخرت کے منکر ہیں اور ہلاک شدہ بستیوں کو یوں ہی امور اتفاقیہ پر محمول کرتے ہیں اور اپنے کفر کو دنیا یا آخرت میں موجب سزا نہیں سمجھتے۔

جن لوگوں کو کفر کی وجہ سے ہلاک کیا گیا ہے ان میں اصحاب الرس کا ذکر بھی فرمایا الرس عربی میں کنویں کو کہتے ہیں، یہ کنویں والے

لوگ کون تھے، کس علاقہ میں تھے؟ ان کی طرف کس نبی کی بعثت ہوئی تھی؟ اس بارے میں کوئی یقینی بات نہیں کہی جاسکتی، صاحب روح المعانی نے ان کے بارے میں متعدد اقوال لکھے ہیں، ایک قول یہ ہے کہ یہ لوگ یمامہ کی ایک بستی میں رہتے تھے جو قوم ثمود کے بقایا تھے، اور ایک قول یہ ہے کہ شہر انطاکیہ (شام) میں ایک کنواں تھا یہ لوگ اس کنویں کے آس پاس رہتے تھے اور ایک قول یہ ہے کہ حضرت شعیب علیہ السلام اصحاب الایکہ اور اصحاب الرس دونوں قوموں کی طرف مبعوث ہوئے تھے یہ لوگ بتوں کی پرستش کرتے تھے ان کے بہت سارے کنویں تھے اور کثیر تعداد میں مویشی تھے انہیں اسلام کی دعوت دی تو سرکشی میں آگے بڑھتے چلے گئے اور حضرت شعیب علیہ السلام کو برابر ایذا پہنچاتے رہے، حتیٰ کہ ایک دن ایک کنویں کی چاروں طرف جمع تھے جو صرف کھودا ہی گیا تھا پکا نہیں بنایا گیا، اس کنویں کے آس پاس کی زمین انہیں لیکر گرتی چلی گئی اور یہ لوگ اسی سے ہلاک ہوگئے، ایک قول یہ ہے کہ اصحاب الرس سے اصحاب الاخدود مراد ہیں (جن کا سورۂ بروج میں ذکر ہے اور الرس سے اخدود یعنی خندق مراد ہے)۔

اس کے بعد قریش مکہ کی سرکشی بیان فرمائی اور وہ یہ کہ یہ لوگ صرف آپ کی تکذیب ہی نہیں کرتے آپ کا مذاق بھی بناتے ہیں اور مسخرہ پن کرتے ہیں اور یوں کہتے ہیں اَھٰذَا الَّذِیْ بَعَثَ اللّٰہُ رَسُوْلًا (کیا یہی شخص ہے جسے اللہ نے رسول بنا کر بھیجا ہے) یہ ایسا ہی ہے جیسے قوم ثمود نے حضرت صالح علیہ السلام کے بارے میں کہا تھا ءَ اُلْقِیَ الذِّکْرُ عَلَیْہِ مِنْۢ بَیْنِنَا (کیا ہمارے درمیان سے صرف اسی شخص پر ذکر نازل کیا گیا) مکذبین اور معاندین کا یہ عجیب سوال رہا ہے کہ فلاں شخص ہی کو نبی کیوں بنایا گیا؟ دوسرے شخص کو عہدہ کیوں نہیں دیا گیا؟ یہ جہالت اور حماقت کا سوال ہے، جس کسی بھی شخص کو رسالت کی ذمہ داری سونپی جائے اس کے بارے میں یہ بات کہی جاسکتی ہے کہ اس کو رسول بنایا گیا اس طرح سے تو نبوت کا سلسلہ قائم ہی نہ ہوتا، سورۂ انعام میں ان سب کا جواب دے دیا کہ اَللّٰہُ اَعْلَمُ حَیْثُ یَجْعَلُ رِسَالَتَہٗ (اللہ خوب جاننے والا ہے اس موقع کو جہاں اپنا پیغام بھیجے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں اللہ تعالیٰ کا نبی ہوں اور معجزات پیش فرمادیئے جن میں بہت بڑا معجزہ قرآن مجید ہے، جس کے مقابل بنا کر لانے سے تمام فصحاء بلغاء عاجز رہ گئے ان معجزات کو دیکھیں اور یہ بھی دیکھیں کہ ان کی دعوت کیا ہے وہ شرک چھڑا رہے ہیں توحید کی دعوت دے رہے ہیں موت کے بعد بھی جی اٹھنے اور اعمال کا بدلہ دیئے جانے سے باخبر فرما رہے ہیں ان کی اس دعوت میں غور و فکر کرنا لازم ہے یہ تو کوئی بات نہ ہوئی کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں کو رسول اللہ بنا کر کیوں بھیجا۔

اہل مکہ اپنے کفر و شرک پر خوش تھے اور اس میں بڑا کمال سمجھتے تھے کہ ہم نے توحید کی دعوت قبول نہیں کی، وہ کہتے تھے کہ اگر ہم اپنے معبودوں پر جمے ہوئے نہ رہتے تو یہ شخص تو ہمیں ان کی پرستش سے ہٹا ہی دیتا، ان کی اس جہالت کا جواب دیتے ہوئے فرمایا وَسَوْفَ یَعْلَمُوْنَ (الاٰیۃ) اور جس وقت یہ لوگ عذاب دیکھیں گے اس وقت جان لیں گے کہ راہ حق سے ہٹا ہوا کون تھا، عذاب سب سمجھا دے گا اور اس وقت حقیقت ظاہر ہوجائے گی، دنیا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جو بے راہ بتاتے تھے قیامت کے دن ان کا اپنا گمراہ ہونا واضح ہوجائے گا، اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب کر کے فرمایا اَرَاَیْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰـھَہٗ ھَوٰہُ (کیا آپ نے اس کو دیکھا جس نے اپنی خواہش کو اپنا معبود بنالیا) اَفَاَنْتَ تَکُوْنُ عَلَیْہِ وَکِیْلًا (سو کیا آپ ان کی نگرانی کرنے والے ہیں) اَمْ تَحْسَبُ اَنَّ اَکْثَرَھُمْ یَسْمَعُوْنَ اَوْ یَعْقِلُوْنَ (کیا آپ خیال کرتے ہیں کہ ان میں سے اکثر سنتے ہیں یا سمجھتے ہیں) اِنْ ھُمْ اِلَّا کَالْاَنْعَامِ بَلْ ھُمْ اَضَلُّ سَبِیْلًا (یہ لوگ محض چوپایوں کی طرح ہیں بلکہ ان سے بھی زیادہ بے راہ ہیں)

اس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی دی ہے کہ اگر یہ لوگ ایمان قبول نہ کریں تو آپ پریشان نہ ہوں آپ پر قبول کرانے کی

ذمہ داری نہیں ڈالی گئی لہٰذا آپ ان کے نگراں نہیں ہیں آپ کا کام صرف واضح طور پر پہنچا دینا ہے۔ سورۃ الزمر میں فرمایا اِنَّآ اَنۡزَلۡنَا عَلَیۡكَ الۡكِتٰبَ لِلنَّاسِ بِالۡحَقِّ فَمَنِ اهۡتَدٰى فَلِنَفۡسِهٖ وَمَنۡ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيۡهَا وَمَآ اَنۡتَ عَلَيۡهِمۡ بِوَكِيۡلٍ (ہم نے لوگوں کے لئے آپ پر یہ کتاب حق کے ساتھ اتاری ہے جو شخص راہ راست پر آئے گا تو اپنے نفع کے واسطے، اور جو شخص بے راہ رہے گا اس کا بے راہ ہونا اسی پر پڑے گا اور آپ ان پر مسلط نہیں کئے گئے) آپ کے یہ مخاطب گمراہی میں بہت آگے بڑھ چکے ہیں حق کی طرف متوجہ ہی نہیں ہوتے انہوں نے تو خواہش نفس ہی کو اپنا معبود بنا رکھا ہے جو جی میں آتا ہے وہ کہتے ہیں جو نفس خواہش کرتا ہے اسی کی فرمانبرداری کرتے ہیں جیسے معبود کی فرمانبرداری کی جاتی ہے ایسے لوگوں سے ہدایت کی توقع نہ رکھئے، آپ یہ خیال نہ کریں ان میں اکثر سنتے ہیں یا سمجھتے ہیں۔ یہ تو راہ حق سے اتنی دور جا پڑے ہیں کہ بس چوپایوں کی طرح ہو گئے ہیں، بلکہ ان سے بھی زیادہ راہ سے بھٹک گئے ہیں کیونکہ چوپائے۔ مکلّف نہیں ہیں وہ نہ سمجھیں تو ان کی طرف کوئی مذمت متوجہ نہیں ہوتی اور یہ مکلّف ہیں پھر بھی سننے کی طرح نہیں سنتے اور سمجھنے کی طرح نہیں سمجھتے۔ صاحب روح المعانی لکھتے ہیں کہ جانور تو اپنے مجازی مالک کی فرمانبرداری کرتے ہیں محسن اور غیر محسن کو پہچانتے ہیں اپنے کھانے پینے کے مواقع کو جانتے ہیں اپنے ٹھہرنے اور بیٹھنے کے ٹھکانوں کو سمجھتے ہیں اپنے نفع کے طالب رہتے ہیں اور ضرر سے بچتے ہیں، برخلاف ان لوگوں کے جنہیں اللہ نے عقل دی اور سمجھ دی ہے یہ لوگ اپنے خالق اور رازق کی فرمانبرداری نہیں کرتے اور اس کے احسان مند نہیں ہوتے خواہشوں کے پیچھے لگے ہوئے ہیں نہ ثواب کی طلب ہے نہ عقاب کا خوف، حق سامنے آ گیا معجزات دیکھ لئے دلائل عقلیہ سے لاجواب ہو گئے لیکن ان سب کے باوجود ایمان قبول نہیں کرتے لامحالہ جانوروں سے بھی زیادہ گم کردہ راہ ہیں۔

یہ جو فرمایا اَمۡ تَحۡسَبُ اَنَّ اَكۡثَرَهُمۡ (الآیۃ) اس کے بارے میں صاحب روح المعانی لکھتے ہیں کہ چونکہ ان میں سے بعض کا ایمان لانا بھی مقدر تھا اس لئے لفظ اکثر لایا گیا، آیت شریفہ سے خواہشات نفس کے پیچھے چلنے کی قباحت اور شناعت معلوم ہوئی یہ خواہشات نفس کا اتباع انسان کو کفر و شرک پر بھی ڈالتا ہے اور گناہ بھی کرواتا ہے جو لوگ نفس کے پابند ہوتے ہیں نفس ہی کی خواہشوں کا اتباع کرتے ہیں اور اس طرح چلتے ہیں جیسے نفس ہی ان کا معبود ہو، یہ ذہن اور مزاج تباہ کر کے رکھ دیتا ہے، حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ مجھے اپنی امت پر سب سے زیادہ خوف خواہشات نفس کے پیچھے چلنے کا ہے اور لمبی امیدیں آخرت کو بھلا دیتی ہیں۔ (الحدیث مشکوٰۃ المصابیح ص ۴۴۴)

ایک حدیث میں ارشاد ہے کہ ہلاک کرنے والی یہ چیزیں ہیں (۱) نفس کی خواہش جس کا اتباع کیا جائے۔ (۲) وہ کنجوسی جس کی اطاعت کی جائے۔ (۳) انسان کا اپنے نفس پر اترانا، اور یہ ان تینوں میں سب سے زیادہ سخت ہے۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۴۳۴)

جو لوگ مسلمان نہیں ہیں ان کا اپنی خواہشات کا متبع ہونا ظاہر ہے کہ توحید کی دعوت پر کان نہیں دھرتے اور کفر و شرک ہی کو اختیار کئے رہتے ہیں نفس نہیں چاہتا کہ اللہ کے رسول اللہ کا اتباع کریں لہٰذا نفس ہی کے غلام بنے رہتے ہیں۔ دلائل سے حق واضح ہو جانے پر بھی حق کی طرف نہیں آتے، اتباع نفس کا مرض بہت سے مدعیان اسلام میں بھی قرآن حدیث کی صاف صریح تعلیمات کو پس پشت ڈال کر ایسے عقائد اور ایسے اعمال تراش لیتے ہیں جن میں بعض تو کفر کی حد تک پہنچا دیتے ہیں مثلاً کچھ لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے علم کو اللہ تعالیٰ کے علم کے برابر مانتے ہیں اور کچھ لوگ آپ کے بشر ہونے کے منکر ہیں۔

یہ دونوں کفریہ باتیں ہیں قرآن حدیث کے خلاف ہیں بعض فرقے تحریف قرآن کے قائل ہیں ان میں وہ لوگ بھی ہیں جو دو تین حضرات کے علاوہ تمام صحابہ کو کافر کہتے ہیں یہ بھی کفریہ عقیدے ہیں اور یہ ہے سب نفس کا اتباع یعنی خواہشات نفس کی پابندی ہے۔

یہ ہم نے بعض ایسے عقائد بتائے ہیں جو اتباع ہویٰ کی وجہ سے لوگوں نے اختیار کر لئے ہیں اب رہے وہ اعمال جنہیں بدعت عملی کہا جاتا ہے یہ بھی بہت زیادہ ہیں مختلف علاقوں میں بکثرت مختلف بدعات رواج پذیر ہیں یہ بدعتیں خوشی میں اور مرنے جینے میں، محرم الحرام کے مہینہ میں ربیع الاول میں رجب میں اور شعبان میں بہت زیادہ مروج ہیں جن کی تفاصیل حضرت حکیم الامت تھانوی قدس سرہ کی کتاب اصلاح الرسوم میں بیان کر دی گئی ہیں، اور چونکہ بدعت کے لئے کسی سند کی ضرورت نہیں خود تراش لینے ہی سے وجود میں آ جاتی ہے اس لئے مختلف علاقوں میں مختلف بدعات ہیں احقر نے ایک مرتبہ جنوبی ہند کا سفر کیا ظہر کا وقت تھا مسجد میں امام صاحب کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا مؤذن نے اذان دی تو اس کے بعد نقارہ بجا دیا گیا احقر نے امام صاحب سے پوچھا یہ کیا ہے؟ انہوں نے جواب دیا کہ یہ عورتوں کو بتانے کے لئے ہے کہ مسجد میں اذان ہوگئی ہے میں نے عرض کیا کیا سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں عورتوں کو اطلاع دینے کے لئے اذان کے علاوہ نقارہ پیٹا جاتا تھا؟ کہنے لگے ایسا تو نہیں۔ میں نے کہا کہ پھر آپ لوگوں نے یہ نئی چیز کیوں نکالی؟ ایک تو نئی چیز وہ بھی نقارہ؟ نیز یہ بھی معلوم ہوا کہ وہاں یہ بھی رواج ہے کہ دفن کرنے کے بعد دفن میں شرکت کرنے والوں کو میٹھی روٹیاں بانٹتے ہیں جب تک روٹیاں تیار نہیں ہو جاتیں میت کو گھر ہی میں رکھے رکھتے ہیں، دمشق کا سفر کیا وہاں دیکھا کہ اذان سے چند منٹ پہلے مؤذن مینارہ پر چڑھ کر زور زور سے درود شریف پڑھتا ہے اور جمعہ کے دن خطیب خطبہ پڑھنے کے لئے اپنے حجرہ سے چلتا ہے تو جب اس پر نظر پڑ جائے چند آدمی مل کر زور زور سے درود شریف پڑھتے ہیں اور اس کے منبر میں بیٹھ جانے تک برابر پڑھتے رہتے ہیں، مختلف علاقوں میں مختلف بدعات ہیں اہل بدعات کو جب متنبہ کیا جاتا ہے تو ماننے کے بجائے الٹی الٹی دلیلیں لے آتے ہیں اور سینکڑوں سنتیں جو احادیث کی کتابوں میں مذکور ہیں ان پر عمل کرنے کو تیار نہیں ہوتے یہ اتباع ہویٰ ہے اگر چہ دینی جذبات کے ساتھ ہے۔

اَلَمْ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ ۚ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا ۚ ثُمَّ جَعَلْنَا الشَّمْسَ عَلَيْهِ دَلِيْلًا ﴿۴۵﴾

اے مخاطب کیا تو نے اپنے رب کی طرف نظر نہیں کی کہ اس نے سایہ کو کیسے پھیلایا ہے اور اگر وہ چاہتا تو اس کو ٹھہرا ہوا رکھتا، پھر ہم نے آفتاب کو اس پر علامت مقرر کیا،

ثُمَّ قَبَضْنٰهُ اِلَيْنَا قَبْضًا يَّسِيْرًا ﴿۴۶﴾ وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِبَاسًا وَّالنَّوْمَ سُبَاتًا وَّجَعَلَ

پھر ہم نے اس کو آہستہ آہستہ اپنی طرف سمیٹ لیا۔ اور وہ ایسا ہے جس نے تمہارے لئے رات کو لباس اور نیند کو آرام کی چیز بنایا اور

النَّهَارَ نُشُوْرًا ﴿۴۷﴾ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ الرِّيٰحَ بُشْرًاۢ بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ۚ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً

دن کو پھیل جانے کا وقت بنایا۔ اور وہ ایسا ہے جس نے اپنی رحمت سے پہلے خوشخبری دینے والی ہوائیں بھیج دیں، اور ہم نے آسمان سے پاک کرنے والا

طَهُوْرًا ﴿۴۸﴾ لِّنُحْیِۦَ بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا وَّنُسْقِيَهٗ مِمَّا خَلَقْنَآ اَنْعَامًا وَّاَنَاسِيَّ كَثِيْرًا ﴿۴۹﴾ وَلَقَدْ صَرَّفْنٰهُ

پانی اتارا۔ تا کہ ہم اسکے ذریعے مردہ زمین میں جان ڈال دیں، اور تا کہ یہ پانی ہم اپنی مخلوق میں سے چارپایوں کو اور بہت سے انسانوں کو پلا دیں۔ اور ہم اسے انکے درمیان

بَيْنَهُمْ لِيَذَّكَّرُوْا ۖ فَاَبٰٓى اَكْثَرُ النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا ﴿۵۰﴾ وَلَوْ شِئْنَا لَبَعَثْنَا فِيْ كُلِّ قَرْيَةٍ نَّذِيْرًا ﴿۵۱﴾

تقسیم کر دیتے ہیں تا کہ وہ نصیحت حاصل کریں، لیکن اکثر لوگ ناشکری کے بغیر نہیں رہتے۔ اور اگر ہم چاہتے تو ہر بستی میں ایک ڈرانے والا بھیج دیتے۔

فَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَجَاهِدْهُمْ بِهٖ جِهَادًا كَبِيْرًا ﴿۵۲﴾

سو کافروں کی بات نہ مانیئے، اور اس کے ذریعہ ان سے خوب بڑا مقابلہ کیجئے۔

سایہ اور آفتاب، رات اور دن، ہوائیں اور بارشیں سب تصرفات الٰہیہ کا مظہر ہیں

اولاً ارشاد فرمایا کیا تم نے یہ نہیں دیکھا کہ تمہارے رب نے سایہ کو کس طرح پھیلایا ہے جب سورج طلوع ہوتا ہے تو ہر چیز کا سایہ خوب لمبا ہوتا ہے اور اگر اللہ چاہتا تو اس کو ایک حالت میں ٹھہرا ہوا رکھتا جو آفتاب کے بلند ہونے پر بھی نہ گھٹتا، نیز یہ بھی فرمایا کہ ہم نے آفتاب کو سایہ کی درازی اور کوتاہی پر ایک ظاہری علامت مقرر کر دیا کہ آفتاب طلوع ہوا تو چیزوں کا سایہ لمبا ظاہر ہوا پھر آفتاب چڑھتا گیا تو سایہ گھٹتا گیا، حتیٰ کہ عین زوال کے وقت ذرا سا سایہ رہ گیا، پھر جب آفتاب آگے بڑھا تو سایہ کا رخ مشرق کی طرف ہو گیا جو زوال کے وقت تک مغرب کی طرف تھا۔

گو بظاہر آفتاب کی رفتار ان چیزوں کی علامت ہے لیکن حقیقت میں سب کچھ خالق کائنات جل مجدہ کی مشیت اور ارادہ سے ہوتا ہے۔

ثانیاً یہ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے رات کو لباس بنایا جو تمہارے لئے پردہ ہے جیسے تمہیں لباس چھپاتا ہے رات بھی تمہیں پوشیدہ رکھتی ہے اور چونکہ عموماً نیند رات میں ہوتی ہے اس لئے ساتھ ہی یہ بھی فرمادیا کہ نیند کو ہم نے راحت کی چیز بنایا، دن میں محنت کرتے ہیں کام کاج میں رہتے ہیں پھر رات کو اپنے ٹھکانوں پر آجاتے ہیں تو کھاپی کر سو جاتے ہیں، دن بھر کی محنت مشقت کی وجہ سے جو نڈھال ہو گئے تھے اور جان میں جو کمزوری آ گئی تھی سونے کی وجہ سے ختم ہو جاتی ہے اور صبح کو گویا نئی زندگی مل جاتی ہے، رات میں چونکہ تاریکی ہے اس لئے اس میں خوب مزے دار نیند آتی ہے، دن میں سونے کی کوشش کی جائے تو کھڑکیوں پر پردے ڈال کر باقاعدہ رات کی فضا بنائی جاتی ہے۔

پھر چونکہ نیند ایک طرح کی موت ہے جسے حدیث شریف میں **النوم اخو الموت** فرمایا ہے اس لئے دن کی نعمت کا تذکرہ فرماتے ہوئے وَجَعَلَ النَّهَارَ نُشُوْرًا فرمایا، قرآن وحدیث میں لفظ **نشور** قبروں سے اٹھنے کے لئے استعمال ہوا ہے۔ اور یہاں صبح کو بیدار ہو کر دن میں مختلف کاموں کے لئے پھیل جانے کو **نشور** سے تعبیر فرمایا، سورۃ القصص میں فرمایا وَمِنْ رَّحْمَتِهٖ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ (اور اس کی رحمت میں سے یہ بھی ہے کہ اس نے تمہارے لئے رات اور دن کو بنایا تاکہ تم رات میں آرام کرو اور دن میں اس کا فضل یعنی روزی تلاش کرو اور تاکہ تم شکر کرو) چونکہ رات کا سونا موت کے مترادف ہے اس لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سونے لگتے تو یہ دعا پڑھتے **اللھم باسمک اموت واحیی** (میں اللہ کا نام لیکر مرتا اور جیتا ہوں) اور جب سو کر اٹھتے تو یہ دعا پڑھتے **الحمدللّٰہ الذی احیانا بعد ما اماتنا والیہ النشور** (سب تعریف اللہ کے لئے ہے جس نے موت دینے کے بعد زندہ فرمادیا اور اسی کی طرف اٹھ کر جانا ہے)۔

ثالثاً بارش کی نعمت کا تذکرہ فرمایا اور بارش سے پہلے جو ہوائیں بارش کی خوشخبری دیتی ہوئی آتی ہیں ان کا نعمت ہونا بیان فرمایا، ان ہواؤں سے لوگوں کو بارش کے آنے کی خوشخبری بھی مل جاتی ہے اور جن چیزوں کو بارش سے محفوظ رکھنا چاہتے ہیں (تاکہ بھیگ کر خراب نہ ہوں) ان کے محفوظ کرنے کا وقت بھی مل جاتا ہے۔

یہاں بارش کے تین منافع بتائے اول یہ کہ اس پانی سے طہارت اور پاکیزگی حاصل کی جاتی ہے، یہ پانی ندیوں اور نہروں میں بھی آتا۔ تالابوں میں جمع ہوتا ہے پھر اس پانی سے غسل بھی کرتے ہیں وضو کے استعمال میں بھی لاتے ہیں اور میل کچیل بھی صاف کرتے ہیں کپڑے بھی دھوتے ہیں خاص کر طہارت حکمیہ تو پانی کے بغیر کسی دوسری سیال چیز سے حاصل ہو ہی نہیں سکتی۔

دوم یہ کہ ہم اس کے ذریعہ مردہ زمین کو زندہ کرتے ہیں اس کی وجہ سے زمین سے سبزہ نکل آتا ہے کھیتیوں اور باغوں میں جان پڑ جاتی ہے جس سے پھل میوے غلے پیدا ہوتے ہیں، تیسرے یہ فرمایا کہ بارش کے پانی کو ہم اپنی مخلوق سے چوپایوں کو اور بہت سے انسانوں کو پلاتے ہیں، بارش کے پانی سے انسان اور ان کے مویشی سبھی سیراب ہوتے ہیں اس سے انسانوں کی بھی پیاس دور ہوتی ہے اور جانوروں کی بھی۔

پھر فرمایا کہ ہم نے پانی کو لوگوں کے درمیان تقسیم کر دیا یعنی اس پانی کو حکمت اور مصلحت کے مطابق مختلف مواقع میں پہنچاتے ہیں۔ کبھی کہیں بارش ہوتی ہے کبھی کہیں، کبھی تھوڑی کبھی خوب زیادہ، اس میں عبرت ہے اور نصیحت ہے لیکن لوگ اس سے نصیحت حاصل نہیں کرتے، اکثر لوگوں کا بس یہی کام ہے کہ ناشکری ہی میں لگے رہتے ہیں، یہ ناشکری انسانوں میں عموماً کفر کی حد تک ہے، کھاتے ہیں اور پہنتے ہیں اللہ کی پیدا کردہ چیزیں اور عبادت کرتے ہیں دوسروں کی، اور بہت سے لوگوں کی ناشکری کفر کی حد تک تو نہیں لیکن نافرمانی اور معاصی میں لگے رہتے ہیں یہ بھی ناشکری ہے دونوں قسم کی ناشکری کے بارے میں فرمایا فَاَبٰۤی اَکْثَرُ النَّاسِ اِلَّا کُفُوْرًا (سو اکثر لوگ ناشکری کے بغیر نہ رہے)۔

پھر فرمایا وَلَوْ شِئْنَا لَبَعَثْنَا فِیْ کُلِّ قَرْیَةٍ نَّذِیْرًا (اور اگر ہم چاہتے تو ہر بستی میں ایک نذیر بھیج دیتے) جس سے آپ کی ذمہ داری کم ہو جاتی ہر نبی اپنی اپنی بستی میں دعوت کا کام کرتا اور آپ صرف ام القری (مکہ معظمہ) یا مزید اسکے آس پاس کی چند بستیوں کی طرف مبعوث ہوتے، لیکن ہم نے ایسا نہیں کیا، آپ کو خاتم النبیین بنایا اور سارے عالم کے انسانوں کی طرف رہتی دنیا تک کے لئے مبعوث فرمایا، یہ اللہ تعالیٰ کا آپ پر بہت بڑا انعام ہے، اس انعام کی شکر گزاری بھی لازم ہے اور دعوت الی الحق کا کام جو سپرد کیا گیا ہے اس میں بھی محنت اور کوشش کے ساتھ لگنا ضروری ہے، جب آپ محنت کریں گے تو اہل کفر آپ کو اس کام سے ہٹانے کی کوشش کریں گے، وہ چاہیں گے کہ آپ اپنا کام چھوڑ دیں یا بعض باتوں میں مداہنت اختیار کر لیں آپ ان کی بات بالکل نہ مانیں بلکہ خوب محنت اور مجاہدہ سے کام لیں، اور زوردار طریقہ پر قرآن کے ذریعہ ان کا مقابلہ کریں، جو خود بہت بڑا معجزہ ہے اور اس میں جو توحید پر دلائل قاہرہ بیان کئے ہیں ان کو پیش کرتے رہئے ان کی طرف سے جو مداہنت اور ترک تبلیغ کی درخواست سامنے آئے اس میں ان کی بات نہ مانئے اسی کو فرمایا فَلَا تُطِعِ الْکٰفِرِیْنَ وَجَاهِدْهُمْ بِهٖ جِهَادًا کَبِیْرًا۔

وَهُوَ الَّذِیْ مَرَجَ الْبَحْرَیْنِ هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ وَّهٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ ۚ وَجَعَلَ بَیْنَهُمَا بَرْزَخًا وَّحِجْرًا

اور وہ ایسا ہے جس نے دو دریاؤں کو ملایا جن میں یہ میٹھا ہے پیاس بجھانے والا ہے، اور یہ شور ہے کڑوا ہے، ان کے درمیان میں ایک حجاب

مَّحْجُوْرًا ﴿۵۳﴾ وَهُوَ الَّذِیْ خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ بَشَرًا فَجَعَلَهٗ نَسَبًا وَّصِهْرًا ۗ وَکَانَ رَبُّکَ قَدِیْرًا ﴿۵۴﴾

بنا دیا۔ اور وہ ایسا ہے جس نے پانی سے انسان کو پیدا فرمایا پھر اس کو خاندان والا اور سسرال والا بنا دیا اور تیرا پروردگار بڑی قدرت والا ہے۔

اللہ تعالیٰ کی قدرت کے مظاہر، میٹھے اور کھارے سمندر میں امتزاج، نطفہ سے انسان کی تخلیق

ان دونوں آیتوں میں بھی اللہ تعالیٰ کی قدرت کاملہ کے بعض مظاہر بیان فرمائے ہیں، جو لوگوں کی نظر کے سامنے ہیں اور ان چیزوں کو لوگ جانتے ہیں اور سمجھتے ہیں، ان میں سے ایک تو یہ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے دو سمندروں کو اس طرح ملا دیا کہ دونوں ساتھ چلتے ہیں ان میں سے ایک میٹھا ہے جس سے خوب اچھی طرح پیاس بجھتی ہے اور ایک خوب زیادہ شور ہے کڑوا ہے، ان دونوں کے درمیان اللہ تعالیٰ نے ایک آڑ بنا دیا ہے اور رکاوٹ لگا دی ہے جس کی وجہ سے دونوں ایک دوسرے میں گھلتے ملتے نہیں ساتھ ساتھ چل رہے ہیں ظاہری کوئی آڑ نہیں ہیں بس اللہ تعالیٰ کی قدرت ہی نے ان کو اس طرح جاری کر رکھا ہے کہ میٹھے دریا کا پانی شور دریا کے پانی میں نہیں ملتا اور شور دریا کا پانی میٹھے دریا میں نہیں ملتا، سورۃ الرحمٰن میں فرمایا مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيَانِ بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيَانِ (اس نے دو دریاؤں کو اس طرح ملا دیا کہ وہ باہم ملے ہوئے ہیں، ان دونوں کے درمیان ایک حجاب ہے وہ دونوں اپنی مقررہ بہنے کی جگہ سے تجاوز نہیں کرتے) بظاہر دیکھنے میں کوئی آڑ نہیں لیکن ان میں سے کوئی ایک دوسرے میں ملتا بھی نہیں، اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت سے ان دونوں کو اس حال میں رکھا ہے کہ ایک دوسرے میں نہیں ملتے یہی یعنی قدرتی آڑ ہے اور ظاہری کوئی آڑ نہیں ہے۔

جس نے اپنی مخلوق کو پیدا فرمایا ہے اسے پورا اختیار ہے کہ جس مخلوق کو جس طرح چاہے رکھے جو طبیعتیں ہیں وہ بھی اس کی بنائی ہوئی ہیں، عموماً مخلوقات اپنی طبیعت کے مطابق چلتی رہتی ہیں اور جب اللہ تعالیٰ کی مشیت ہوتی ہے تو طبیعت کے خلاف بھی ظہور ہو جاتا ہے، جیسے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آگ نے نہیں جلایا، پانی کا مزاج یہ ہے کہ ایک پانی دوسرے پانی میں گھل مل جائے لیکن اللہ تعالیٰ کی مشیت اور ارادہ سے دو سمندر ساتھ ساتھ جاتے ہیں دونوں میں سے کوئی بھی ایک دوسرے میں نہیں گھستا۔

حضرت مولانا شبیر احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ تفسیر عثمانی میں تحریر فرماتے ہیں۔

بیان القرآن میں دو معتبر بنگالی علماء کی شہادت نقل کی ہے کہ ارکان سے چاٹگام تک دریا کی شان یہ ہے کہ اس کی دو جانب بالکل الگ الگ نوعیت کے دو دریا نظر آتے ہیں، ایک کا پانی سفید ہے، ایک کا سیاہ، سیاہ میں سمندر کی طرح طوفانی تلاطم اور تموج ہوتا ہے اور سفید بالکل ساکن رہتا ہے کشتی سفید میں چلتی ہے اور دونوں کے بیچ میں ایک دھاری سی برابر چلی گئی ہے جو دونوں کا ملتقی ہے، لوگ کہتے ہیں کہ سفید پانی میٹھا ہے اور سیاہ کڑوا ہے۔ اھ۔ اور مجھ سے باریسال کے بعض طلبہ نے بیان کیا کہ ضلع باریسال میں دو ندیاں ہیں جو ایک ہی دریا سے نکلی ہیں۔ ایک کا پانی کھارا بالکل کڑوا اور ایک کا نہایت شیریں اور لذیذ ہے۔ یہاں گجرات میں راقم الحروف جس جگہ آج کل مقیم ہے۔ (ڈابھیل سملک ضلع سورت) سمندر تقریباً دس بارہ میل کے فاصلہ پر ہے ادھر کی ندیوں میں برابر مدوجزر (جوار بھاٹا) ہوتا رہتا ہے۔ بکثرت ثقات نے بیان کیا کہ مد کے وقت جب سمندر کا پانی ندی میں آ جاتا ہے تو میٹھے پانی کی سطح پر کھاری پانی بہت زور سے چڑھ جاتا ہے لیکن اس وقت بھی دونوں پانی مختلط نہیں ہوتے۔ اوپر کھاری رہتا ہے، نیچے میٹھا، جزر کے وقت اوپر سے کھاری اتر جاتا ہے اور میٹھا جوں کا توں باقی رہ جاتا ہے۔ واللہ اعلم۔ ان شواہد کو دیکھتے ہوئے آیت کا مطلب بالکل واضح ہے یعنی خدا کی قدرت دیکھو کہ کھاری اور میٹھے دونوں دریاؤں کے پانی کہیں نہ کہیں مل جانے کے باوجود بھی کس طرح ایک دوسرے سے ممتاز رہتے ہیں۔ یا یہ مطلب ہو کہ اللہ تعالیٰ نے دونوں دریا الگ الگ اپنے اپنے مجری میں چلائے اور دونوں کے بیچ میں بہت جگہ زمین حائل کر دی، اس طرح آزاد نہ چھوڑا کہ دونوں زور لگا کر درمیان سے زمین کو ہٹا دیتے اور اس کی ہستی کو تباہ کر دیتے، پھر دونوں میں ہر ایک کا جو مزہ ہے وہ اسی کے لئے لازم ہے۔ یہ نہیں کہ میٹھا دریا کھاری، یا کھاری میٹھا بن جائے گویا باعتبار اوصاف کے ہر ایک دوسرے سے بالکل الگ رہنا چاہتا ہے۔ وقیل غیر

ذلک والراجع عندی ھو الاول، واللہ اعلم.

قدرت کاملہ کا ایک بہت بڑا مظاہرہ یہ ہے کہ اس نے نطفہ منی سے انسانوں کی تخلیق فرمائی، ان میں شہوت رکھ دی اس شہوت کی وجہ سے بیاہ شادی کی ضرورت پیش آئی جب نکاح ہوتے ہیں تو میاں بیوی کا اختلاط ہوتا ہے اس سے اولاد ہوتی ہے اور اس طرح سے خاندان بڑھتا چلا جاتا ہے اور آپس میں سلسلہ نسب چلتا ہے، ہر پیدا ہونے والے کے دو خاندان ہوتے ہیں ایک باپ کی طرف کا خاندان دوسرا ماں کی طرف سے، پھر شادیاں ایک خاندان کی دوسرے خاندان میں ہوتی ہیں اور غیر خاندانوں میں بھی ہوتی ہیں یہ سسرالی رشتے بھی نعمت عظیمہ ہیں ان کے ذریعہ مختلف خاندانوں میں محبتیں پیدا ہو جاتی ہیں۔ وکان ربک قدیرا (اور تیرا پروردگار بڑی قدرت والا ہے) اس نے جو کچھ پیدا فرمایا اپنی قدرت سے پیدا فرمایا اور اس کے علاوہ بھی وہ جو چاہے گا پیدا فرمائے گا۔

وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُهُمْ وَلَا يَضُرُّهُمْ ؕ وَكَانَ الْكَافِرُ عَلٰى رَبِّهٖ ظَهِيْرًا ﴿۵۵﴾ وَمَآ

اور اللہ کو چھوڑ کر یہ لوگ ان کی عبادت کرتے ہیں جو انہیں نہ کچھ نفع پہنچا سکیں اور نہ انہیں کچھ ضرر دے سکیں، اور کافر اپنے رب کا مخالف ہے۔ اور ہم نے

اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ﴿۵۶﴾ قُلْ مَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ اِلَّا مَنْ شَآءَ اَنْ يَّتَّخِذَ اِلٰى رَبِّهٖ

آپ کو صرف خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے۔ آپ فرما دیجئے کہ میں تم سے اس پر کوئی معاوضہ طلب نہیں کرتا ہاں جو شخص یہ چاہے کہ اپنے رب کی طرف راستہ

سَبِيْلًا ﴿۵۷﴾ وَتَوَكَّلْ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ وَسَبِّحْ بِحَمْدِهٖ ؕ وَكَفٰى بِهٖ بِذُنُوْبِ عِبَادِهٖ خَبِيْرًا ﴿۵۸﴾ الَّذِيْ

اختیار کرلے۔ اور آپ اسی ذات پر بھروسہ کیجئے جو زندہ ہے جسے موت نہیں آئے گی، اور اسکی تسبیح و تحمید میں لگے رہئے اور وہ اپنے بندوں کے گناہوں سے خبردار ہونے کیلئے کافی ہے۔ جس

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۚ اَلرَّحْمٰنُ

نے آسمانوں کو اور زمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان ہے چھ دن میں پیدا فرمایا پھر وہ عرش پر مستوی ہوا، وہ بڑی مہربان ہے سو اس کی شان کسی جاننے

فَسْئَلْ بِهٖ خَبِيْرًا ﴿۵۹﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اسْجُدُوْا لِلرَّحْمٰنِ قَالُوْا وَمَا الرَّحْمٰنُ ۗ اَنَسْجُدُ لِمَا تَاْمُرُنَا

والے سے دریافت کرلو۔ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ رحمٰن کو سجدہ کرو تو کہتے ہیں کہ رحمٰن کیا ہے کیا ہم اس کو سجدہ کریں جس کو سجدہ کرنے کا تو ہمیں حکم دیتا ہے،

وَزَادَهُمْ نُفُوْرًا ﴿۶۰﴾ السجدۃ تَبٰرَكَ الَّذِيْ جَعَلَ فِي السَّمَآءِ بُرُوْجًا وَّجَعَلَ فِيْهَا سِرٰجًا

اور ان کو اور زیادہ نفرت ہوتی ہے۔ وہ ذات عالی شان ہے جس نے آسمان میں بڑے بڑے ستارے بنائے اور ان میں ایک چراغ بنایا

وَّقَمَرًا مُّنِيْرًا ﴿۶۱﴾ وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ خِلْفَةً لِّمَنْ اَرَادَ اَنْ يَّذَّكَّرَ اَوْ اَرَادَ شُكُوْرًا ﴿۶۲﴾

اور روشن کرنے والا چاند بنایا، اور وہ ایسا ہے جس نے رات اور دن کو ایک دوسرے کے آگے پیچھے آنے جانے والا بنایا اس شخص کے لئے جو سمجھنا چاہے یا شکر کرنا چاہے۔

مع ۸ — ع ۶ السجدۃ ۷

اللہ تعالیٰ نے چھ دن میں آسمانوں کی اور زمین کی تخلیق فرمائی اور رات اور دن کو ایک دوسرے کے بعد آنے جانے والا بنایا

ان آیات میں اول تو مشرکین کی بے وقوفی اور بغاوت ظاہر فرمائی ہے اور وہ یہ کہ یہ لوگ اپنے خالق کو چھوڑ کر جس کی صفات اوپر بیان

کی گئی ہیں ان چیزوں کی عبادت کرتے ہیں جو اپنے ان پرستاروں کو نہ نفع دے سکیں اور نہ کوئی ضرر پہنچا سکیں، پھر ان کی مزید سرکشی بیان کرتے ہوئے فرمایا وَكَانَ الْكَافِرُ عَلٰى رَبِّهٖ ظَهِيْرًا (اور کافر اپنے رب کا مخالف ہے) یعنی ایسے عمل کرتا ہے جیسے کوئی شخص کسی کا مخالف ہو اور اس کی مخالفت میں لگ کر ایسے کام کرتا رہے جو اسے ناگوار ہوں جس کی مخالفت پر تلا ہوا ہے۔

ظَهِيْرًا کا ترجمہ جو ''مخالف'' کیا گیا ہے محاورہ کا ترجمہ ہے، صاحب روح المعانی لکھتے ہیں کہ یہ مظاہر کے معنی میں ہے اور مظاہر معاون اور مددگار کو کہا جاتا ہے (لفظ علی کی وجہ سے بمعنی مخالف لیا گیا ہے) اور کافر سے جنس کافر مراد ہے اور مطلب یہ ہے کہ تمام کافر پروردگار جل مجدہ کی مخالفت پر تلے ہوئے ہیں اللہ تعالیٰ کے دین کی مخالفت اور شیطان کی مدد کرتے ہیں، اور اللہ تعالیٰ کے اولیاء کے مقابلہ میں آپس میں ایک دوسرے کی مدد کرنے میں لگے رہتے ہیں۔

اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے خطاب فرمایا کہ ہم نے آپ کو صرف بشارت دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے، آپ اپنا کام کریں حق کی دعوت دیتے رہیں جو قبول نہ کرے اس کی طرف سے غمگین نہ ہوں، اور مزید یہ فرمایا کہ آپ ان سے فرما دیجئے کہ میں دعوت توحید کی محنت پر تم سے کوئی کسی قسم کا معاوضہ طلب نہیں کرتا ہاں یہ ضرور چاہتا ہوں کہ کوئی شخص اپنے رب کی طرف راستہ بنالے یعنی اس کا دین قبول کرلے اور اس کی رحمت و رضامندی کو اپنا مقصود بنالے، کار دعوت میں میرا کوئی دنیاوی فائدہ نہیں تمہاری ہی ہمدردی مطلوب ہے جب میں طالب دنیا نہیں اور تمہارے نفع ہی کے لئے جدوجہد کرتا ہوں تو تمہیں میری دعوت پر کان دھرنا چاہیے اگر ٹھیک سے سنو گے سوچو گے سمجھو گے تو ان شاء اللہ تعالیٰ حق بات ضرور دل میں اترے گی۔

اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم دیا کہ آپ اس ذات پاک پر توکل کریں جو ہمیشہ سے زندہ ہے اسے کبھی موت نہیں آئے گی وہی آپکو اجر ثواب دے گا اور وہی دشمنوں کے شر سے محفوظ فرمائے گا توکل کے ساتھ اس کی تسبیح و تحمید میں بھی مشغول رہئے (کیونکہ اس کا ذکر نصرت الٰہی، دفع مصائب اور رفع بلایا کے لئے بہت بڑا معاون ہے)۔

وَكَفٰى بِهٖ بِذُنُوْبِ عِبَادِهٖ خَبِيْرًا (اور وہ اپنے بندوں کے گناہوں سے خبردار ہونے کے لئے کافی ہے) جو لوگ کفر و شرک پر جمے ہوئے ہیں آپ کی دعوت قبول نہیں کرتے آپ کو تکلیفیں دیتے ہیں ان کا حال ذات پاک حی لا یموت کو معلوم ہے وہ ان سب کو سزا دے دے گا۔

اس کے بعد اللہ تعالیٰ شانہ کی شان خالقیت بیان فرماتے ہوئے آسمان و زمین کی تخلیق کا تذکرہ فرمایا اور وہ یہ کہ اس نے آسمانوں کو اور زمین کو اور جو چیزیں ان کے اندر ہیں سب کو چھ دن میں پیدا فرمایا ان چھ دنوں کی تفسیر سورۂ حم سجدہ ع ۲ میں مذکور ہے اس کے بارے میں وہیں عرض کیا جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

اس کے بعد فرمایا ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ پھر اس نے عرش پر استواء فرمایا) استواء قائم ہونے کو اور عرش، تخت شاہی کو کہا جاتا ہے قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ شانہ نے اپنے بارے میں عَلَى الْعَرْشِ فرمایا ہے اور اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى بھی فرمایا ہے اس کو سمجھنے کے لئے بعض لوگوں نے مختلف تاویلیں کی ہیں، اس کے بارے میں حضرات سلف صالحین صحابہ و تابعین رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے جو بات منقول ہے وہ یہ ہے کہ انسانی عقل اللہ جل شانہ کی ذات و صفات کو پوری طرح سمجھنے اور احاطہ کرنے سے عاجز ہے لہٰذا جو کچھ فرمایا ہے اس سب پر ایمان لائیں اور سمجھنے کے لئے کھوج کرید میں نہ پڑیں۔

یہی مسلک بے غبار اور صاف صحیح ہے۔ حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ سے کسی نے استوی علی العرش کا معنی پوچھا تو ان کو پسینہ آ گیا

اور تھوڑی دیر سر جھکانے کے بعد فرمایا کہ استوی کا مطلب تو معلوم ہے اور اس کی کیفیت سمجھ سے باہر ہے اور ایمان اس پر لانا واجب ہے اور اس کے بارے میں سوال کرنا بدعت ہے۔

پھر سائل سے فرمایا کہ میرے خیال میں تو گمراہ شخص ہے اسکے بعد اسے اپنی مجلس سے نکلوادیا۔ معالم التنزیل میں لفظ الرحمٰن کے بارے میں صاحب روح المعانی لکھتے ہیں کہ یہ مرفوع علی المدح ہے یعنی ھو الرحمٰن مطلب یہ ہے کہ ابھی جس کی شان خالقیت بیان کی گئی ہے وہ رحمٰن ہے جل مجدہ فَسْئَلْ بِهٖ خَبِيْرًا (سوائے مخاطب تو اس کی شان کے بارے میں کسی جاننے والے سے دریافت کرلے) آسمانوں زمینوں کو پیدا کرنا پھر اپنی شان کے مطابق عرش پر استواء فرمانا سب رحمٰن کی صفات ہیں، اس کی تحقیق مطلوب ہو تو باخبر سے پوچھئے، باخبر سے مراد حق تعالیٰ یا جبرئیل امین ہیں اور یہ احتمال بھی ہے کہ اس سے مراد کتب سابقہ کے علماء ہوں جن کو اپنے اپنے پیغمبروں کے ذریعہ اس معاملہ کی اطلاع ملی۔

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اسْجُدُوْا لِلرَّحْمٰنِ قَالُوْا وَمَا الرَّحْمٰنُ (اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ رحمٰن کو سجدہ کرو تو کہتے ہیں کہ رحمٰن کیا چیز ہے) یہ بات وہ اپنی جہالت اور عناد کی وجہ سے کہتے تھے اَنَسْجُدُ لِمَا تَاْمُرُنَا (اور وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ کیا ہم اسے سجدہ کریں جس کے لئے تم ہمیں سجدہ کرنے کا حکم دیتے ہوں) وہ یہ بات ضد میں کہتے تھے کہ تمہارے کہنے سے ہم کسی کو سجدہ نہیں کریں گے۔ وَزَادَهُمْ نُفُوْرًا (اور آپ کا یہ فرمانا کہ تم رحمٰن کو سجدہ کرو اس سے ان کو اور زیادہ نفرت بڑھ جاتی ہے) قریب آنے کے بجائے اور زیادہ دور ہو جاتے ہیں۔

اس کے بعد اللہ تعالیٰ کی قدرت قاہرہ کے مزید مظاہر بیان فرمائے ارشاد فرمایا تَبٰرَكَ الَّذِيْ جَعَلَ فِي السَّمَآءِ بُرُوْجًا وَّجَعَلَ فِيْهَا سِرٰجًا وَّقَمَرًا مُّنِيْرًا ○ وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ خِلْفَةً لِّمَنْ اَرَادَ اَنْ يَّذَّكَّرَ اَوْ اَرَادَ شُكُوْرًا.

(وہ ذات عالی شان ہے جس نے آسمان میں بڑے بڑے ستارے بنائے اور ان میں ایک چراغ بنایا اور روشن کرنے والا چاند بنایا اور وہ ایسا ہے جس نے رات اور دن کو ایک دوسرے کے آگے پیچھے آنے جانے والا بنایا اس شخص کے لئے جو سمجھنا چاہے یا شکر کرنا چاہے) مقصود ان آیات سے انسان کو یہ بتلانا ہے کہ ہم نے آسمان میں بڑے بڑے ستارے اور شمس و قمر اور رات دن کا انقلاب اور ان کی تاریکی اور روشنی اور زمین و آسمان کی تمام کائنات پیدا کی ہے تاکہ غور و فکر کرنے والے کو اس میں حق تعالیٰ کی قدرت کاملہ اور توحید کے دلائل فراہم ہوں اور شکر گزار کو شکر کے مواقع ملیں۔

وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا وَّ اِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا ﴿۶۳﴾ وَ الَّذِيْنَ

اور رحمٰن کے بندے وہ ہیں جو عاجزی کے ساتھ زمین پر چلتے ہیں اور جب ان سے جہالت والے بات کرتے ہیں تو وہ کہہ دیتے ہیں کہ ہمارا اسلام ہے۔ اور وہ لوگ ہیں جو اپنے

يَبِيْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَّ قِيَامًا ﴿۶۴﴾ وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ اِنَّ عَذَابَهَا

رب کے لئے اس طرح رات گزارتے ہیں کہ سجدوں میں اور قیام میں مشغول رہتے ہیں۔ اور وہ لوگ ہیں جو یوں کہتے ہیں کہ اے ہمارے رب ہم سے جہنم کا عذاب دور رکھئے

كَانَ غَرَامًا ﴿۶۵﴾ اِنَّهَا سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّ مُقَامًا ﴿۶۶﴾ وَ الَّذِيْنَ اِذَآ اَنْفَقُوْا لَمْ يُسْرِفُوْا وَلَمْ يَقْتُرُوْا

بلاشبہ اس کا عذاب بالکل ہی تباہ کرنے والا ہے۔ بے شک وہ برا ٹھکانہ ہے اور برا مقام ہے۔ اور جب وہ لوگ خرچ کرتے ہیں تو فضول خرچی نہیں کرتے اور نہ تنگی کرتے ہیں

وَكَانَ بَيْنَ ذٰلِكَ قَوَامًا ﴿٦٧﴾ وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَلَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ

اور ان کا خرچ کرنا اس کے درمیان اعتدال والا ہوتا ہے۔ اور وہ اللہ کے ساتھ کسی دوسرے معبود کو نہیں پکارتے اور کسی جان کو قتل نہیں کرتے جس کا قتل اللہ نے حرام قرار دیا ہے

اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُوْنَ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ يَلْقَ اَثَامًا ﴿٦٨﴾ يُّضٰعَفْ لَهُ الْعَذَابُ

مگر حق کے ساتھ اور وہ زنا نہیں کرتے، اور جو شخص ایسے کام کرے گا تو وہ بڑی سزا سے ملاقات کرے گا۔ اس کے لئے قیامت کے دن عذاب بڑھتا

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَيَخْلُدْ فِيْهٖ مُهَانًا ﴿٦٩﴾ اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ

چلا جائے گا اور وہ اس میں ذلیل ہو کر ہمیشہ رہے گا۔ سوائے اس کے جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور نیک عمل کئے سو یہ وہ لوگ ہیں جن

يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿٧٠﴾ وَمَنْ تَابَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاِنَّهٗ يَتُوْبُ

کی برائیوں کو اللہ نیکیوں سے بدل دے گا، اور اللہ بخشنے والا ہے مہربان ہے۔ اور جو شخص توبہ کرے اور نیک کام کرے سو وہ اللہ کی طرف

اِلَى اللّٰهِ مَتَابًا ﴿٧١﴾ وَالَّذِيْنَ لَا يَشْهَدُوْنَ الزُّوْرَ ۙ وَاِذَا مَرُّوْا بِاللَّغْوِ مَرُّوْا كِرَامًا ﴿٧٢﴾ وَالَّذِيْنَ

خاص طور پر رجوع ہوتا ہے۔ اور وہ لوگ ہیں جو جھوٹ کے کاموں میں حاضر نہیں ہوتے اور جب بیہودہ کاموں کے پاس کو گزرتے ہیں تو شرافت کے ساتھ گزر جاتے ہیں۔ اور وہ لوگ

اِذَا ذُكِّرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ لَمْ يَخِرُّوْا عَلَيْهَا صُمًّا وَّعُمْيَانًا ﴿٧٣﴾ وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا هَبْ

ہیں جب انہیں ان کے رب کی آیات کے ذریعہ سمجھایا جاتا ہے تو ان پر بہرے اور اندھے ہو کر نہیں گرتے۔ اور وہ لوگ ہیں جو یوں کہتے ہیں کہ اے ہمارے رب ہماری

لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ﴿٧٤﴾ اُولٰٓئِكَ يُجْزَوْنَ

بیویوں اور ہماری اولاد کی طرف سے ہمیں آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرمائیے، اور ہم کو متقیوں کا امام بنادیجئے۔ یہ وہ لوگ ہیں جنہیں ثابت قدم رہنے کی

الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوْا وَيُلَقَّوْنَ فِيْهَا تَحِيَّةً وَّسَلٰمًا ﴿٧٥﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ حَسُنَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ﴿٧٦﴾ قُلْ

وجہ سے بالا خانے ملیں گے اور اس میں ان کو بقاء کی دعاء اور سلام ملے گا۔ وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے، وہ ٹھہرنے کی اچھی جگہ ہے اور اچھا مقام ہے۔ آپ فرما دیجئے

مَا يَعْبَؤُا بِكُمْ رَبِّيْ لَوْلَا دُعَاۗؤُكُمْ ۚ فَقَدْ كَذَّبْتُمْ فَسَوْفَ يَكُوْنُ لِزَامًا ﴿٧٧﴾

کہ میرا رب پرواہ نہ کرتا اگر تمہارا پکارنا نہ ہوتا، سو تم نے جھٹلایا سو عنقریب وبال ہو کر رہے گا۔

ع ۱۷ ۴

عباد الرحمٰن کی صفات اور ان کے اخلاق و اعمال

ان آیات میں اللہ تعالیٰ نے نیک بندوں کی صفات بیان فرمائی ہیں اور انہیں عباد الرحمٰن کا معزز لقب دیا ہے، ان حضرات کی جو چند صفات ذکر فرمائیں۔ **پہلی صفت:** یہ ہے کہ انہیں رحمٰن کا بندہ بتایا، یہ بہت بڑا وصف ہے اور بہت بڑا لقب ہے یوں تکوینی طور پر سب ہی رحمٰن کے بندے ہیں لیکن اپنے اعتقاد سے اور اختیار سے اور اخلاص سے جس نے اپنی ذات کو سچے اعتقاد اور اخلاص کے ساتھ رحمٰن جل مجدہ کی عبادت میں لگا دیا اور رحمٰن جل مجدہ نے اس کے بارے میں یہ فرما دیا کہ یہ ہمارا بندہ ہے اس سے بڑھ کر بندہ کا کوئی اعزاز نہیں یہ

بندے کا سب سے بڑا معزز لقب ہے، اللہ تعالیٰ نے معراج کا تذکرہ شروع فرماتے ہوئے سُبْحَانَ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِہٖ فرمایا ہے یہ شانِ عبدیت ہی تو بندہ کو اللہ تعالیٰ کا مقرب بناتی ہے اور آخرت میں بلند درجات نصیب ہونے کا ذریعہ ہے۔

دوسری صفت: یہ بیان فرمائی کہ وہ زمین پر عاجزی کے ساتھ چلتے ہیں یعنی غرور اور تکبر کے ساتھ اکڑتے مکڑتے ہوئے نہیں چلتے سورۃ الاسراء میں فرمایا ہے وَلَا تَمْشِ فِی الْاَرْضِ مَرَحًا. اِنَّکَ لَنْ تَخْرِقَ الْاَرْضَ وَلَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُوْلاً (اور زمین میں اکڑتا ہوا مت چل بے شک تو زمین کو نہیں پھاڑ سکتا اور پہاڑوں کی لمبائی کو نہیں پہنچ سکتا) جب کسی شخص میں تواضع کی شان ہوتی ہے اور تکبر کے مرض میں مبتلا نہیں ہوتا تو وہ اپنی رفتار میں بھی عاجزی اختیار کرتا ہے۔

تیسری صفت: یہ بیان فرمائی کہ جب جاہل لوگ ان سے خطاب کرتے ہیں تو وہ ان سے الجھتے نہیں نہ انہیں جواب دیتے ہیں اور نہ ان سے جھگڑا کرتے ہیں اس بات کو یہاں سورۂ فرقان میں دو جگہ بیان فرمایا ہے پہلے تو یوں فرمایا وَاِذَا خَاطَبَھُمُ الْجَاھِلُوْنَ قَالُوْا سَلَامًا (کہ جب جاہل ان سے خطاب کرتے ہیں تو کہہ دیتے ہیں کہ بھیا ہمارا سلام ہے) یہ سلام وہ نہیں ہے جو ملاقات کے لئے کیا جاتا ہے بلکہ جان چھڑانے کے لئے یہ لفظ کہہ کر چلے جاتے ہیں، اسی کو سورۂ قصص میں فرمایا وَاِذَا سَمِعُوا اللَّغْوَ اَعْرَضُوْا عَنْہُ وَقَالُوْا لَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَکُمْ اَعْمَالُکُمْ سَلٰمٌ عَلَیْکُمْ لَا نَبْتَغِی الْجَاھِلِیْنَ دوسری جگہ اسی رکوع میں فرمایا وَاِذَا مَرُّوْا بِاللَّغْوِ مَرُّوْا کِرَامًا (اور جب یہ لوگ بے ہودہ کاموں کے پاس سے گزرتے ہیں تو شرافت کے ساتھ گزر جاتے ہیں) بات یہ ہے کہ شریر اور کمینہ مزاج لوگ شریفوں کو تکلیف دینے پر تلے رہتے ہیں زبان سے تکلیف دینا ان کی شان میں برے کلمات کہنا طعنے دینا، اشاروں اور کنایوں سے ان کی برائی کرنا اس سے نہیں چوکتے، یہ لوگ بے ہودہ کاموں میں لگے رہتے ہیں جب اللہ تعالیٰ کے نیک بندے ان کے پاس سے گزرتے ہیں تو ان کی طرف دیکھتے ہی نہیں، شرافت کے ساتھ آنکھیں نیچی کرکے گزر جاتے ہیں۔ اور اگر کسی نے چھیڑ ہی دیا تو یہ کہہ کر چلے جاتے ہیں کہ ہمارا سلام ہے، وہ سمجھتے ہیں کہ اگر ہم نے جواب دیا تو ان منہ پھٹ لوگوں کے درمیان آبرو محفوظ نہ رہے گی۔

رحمٰن کے بندوں کی چوتھی صفت: یہ بیان فرمائی کہ وہ اس طرح رات گزارتے ہیں کہ اپنے رب کی عبادت میں لگے رہتے ہیں کبھی سجدے میں ہیں کبھی قیام میں، ان کا ذوق عبادت انہیں زیادہ آرام نہیں کرنے دیتا سورۂ والذاریات میں فرمایا اِنَّ الْمُتَّقِیْنَ فِیْ جَنّٰتٍ وَّعُیُوْنٍ اٰخِذِیْنَ مَآ اٰتٰھُمْ رَبُّھُمْ اِنَّھُمْ کَانُوْا قَبْلَ ذٰلِکَ مُحْسِنِیْنَ. کَانُوْا قَلِیْلًا مِّنَ اللَّیْلِ مَا یَھْجَعُوْنَ. وَبِالْاَسْحَارِ ھُمْ یَسْتَغْفِرُوْنَ (بلاشبہ متقی لوگ باغوں میں اور چشموں میں ہونگے۔ ان کے رب نے انہیں جو کچھ عطا فرمایا اسے لینے والے ہونگے بلاشبہ وہ اس سے پہلے اچھے کام کرنے والے تھے یہ لوگ رات کو کم سوتے تھے اور سحر کے اوقات میں استغفار کرتے تھے)۔

عباد الرحمٰن کی پانچویں صفت: یہ بیان فرمائی کہ وہ دوزخ کے عذاب سے پناہ مانگتے رہتے ہیں وہ یوں دعا کرتے ہیں کہ اے ہمارے رب ہم سے دوزخ کے عذاب کو ہٹائے رکھنا کیونکہ اس کا عذاب بالکل تباہ کرنے والا ہے، یہ محاورہ کا ترجمہ ہے غراما لزوم کے معنی میں آتا ہے اور جب عذاب کسی کو لازم ہوگا تو وہ پوری طرح تباہ ہوگا اس کے لئے چھٹکارہ کا کوئی راستہ نہیں، اس سے اہل کفر کا عذاب مراد ہے ساتھ ہی یہ بھی فرمایا اِنَّھَا سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا (بلاشبہ دوزخ ٹھہرنے اور رہنے کی بری جگہ ہے) اللہ تعالیٰ اس بری جگہ سے محفوظ فرمائے یہ مؤمنین مخلصین عابدین قانتین کا طریقہ ہے کہ وہ عبادت بھی خوب کرتے ہیں اور ساتھ ہی ڈرتے ہیں اور عذاب سے بچنے کی دعائیں بھی کرتے رہتے ہیں سورۃ المؤمنون میں فرمایا ہے: وَالَّذِیْنَ یُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا وَّقُلُوْبُھُمْ وَجِلَۃٌ اَنَّھُمْ اِلٰی رَبِّھِمْ رٰجِعُوْنَ (اور کچھ دیتے ہیں ان کے دل اس سے خوف زدہ رہتے ہیں کہ وہ اپنے رب کے پاس جانے والے ہیں) یعنی انہیں یہ کھٹکا لگا رہتا ہے کہ

ہم نے جو کچھ دیا ہے وہ قبول ہوتا ہے یا نہیں، نیک عمل کر کے بے فکر ہو جانا مومن کی شان نہیں مومن عمل بھی کرتا ہے اور ڈرتا بھی رہتا ہے کہ دیکھو میرے اعمال کو درجہ قبولیت نصیب ہوتا ہے یا نہیں؟

چھٹی صفت: یہ بیان فرمائی کہ جب رحمٰن کے بندے خرچ کرتے ہیں تو نہ اسراف اور فضول خرچی کرتے ہیں اور نہ خرچ کرنے میں کنجوسی اختیار کرتے ہیں بلکہ درمیانی راہ چلتے ہیں۔ صاحب روح المعانی لکھتے ہیں کہ درمیانی راہ چلنے کو قـوامـا فرمایا ہے کیونکہ اس میں دونوں جانب استقامت رہتی ہے کـان کـلاهـنـهـما يقاوم الأخر یہ میانہ روی شرعاً محمود ہے گناہوں میں تو مال خرچ کرنا جائز ہی نہیں حلال کاموں میں بھی میانہ روی اختیار کرے، یہ میانہ روی مالی امور پر قابو پانے کا کامیاب ذریعہ ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا الاقتصاد فی النفقة نصف المعیشة کہ خرچہ میں میانہ روی اختیار کرنے میں معیشت کا آدھا انتظام ہے یعنی کمانا اور محنت کرنا اس میں معیشت کا آدھا انتظام ہے اور آدھا انتظام میانہ روی سے خرچ کرنے میں ہے اپنی ذات پر اور اپنی آل و اولاد پر والدین و اقرباء پر خرچ کرنے میں میانہ روی اختیار کرے۔ ہاں جن کا تو کل بہت بڑھا ہوا ہے اور نیکیوں میں بیک وقت پورا یا آدھا مال خرچ کرنے میں ان کی اپنے ذات کو بھی تکلیف محسوس نہ ہو اور نفقات مفروضہ اور واجبہ کا کسی طرح حلال انتظام ہو سکتا ہو تو ایسے حضرات اللہ کی راہ میں پورا مال بھی خرچ کر سکتے ہیں جیسا کہ غزوۂ تبوک کے موقعہ پر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے پورا مال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر کر دیا تھا جب آپ نے ان سے پوچھا کہ گھر والوں کے لئے کیا چھوڑا ہے تو انہوں نے جواب میں عرض کیا کہ ان کے لئے اللہ اور اس کے رسول کو چھوڑ آیا ہوں۔ یعنی ان کے لئے اللہ تعالیٰ اور اسکے رسول کی خوشنودی ہی کافی ہے۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۵۵۶)

عباد الرحمٰن کی ساتویں صفت: یہ بیان فرمائی کہ وہ اللہ کے ساتھ کسی دوسرے معبود کو نہیں پکارتے یعنی وہ مشرک نہیں ہیں توحید خالص اختیار کئے ہوئے ہیں۔ اور آٹھویں صفت: یہ بیان فرمائی کہ کسی جان کو قتل نہیں کرتے جس کا قتل کرنا اللہ تعالیٰ نے حرام قرار دیا ہے، ہاں اگر قتل بالحق ہے شریعت کے اصول کے مطابق ہے مثلاً کسی کو قصاص میں قتل کیا جائے یا کسی زانی کو رجم کرنا پڑے تو اس کی وجہ سے قتل کر دیتے ہیں نویں صفت: یہ بیان فرمائی کہ وہ زنا نہیں کرتے اس کے بعد فرمایا وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ يَلْقَ اَثَامًا (اور جو شخص ایسے کام کرے گا تو وہ بڑی سزا سے ملاقات کرے گا) صاحب روح المعانی لکھتے ہیں کہ اثـامـا کی یہ تفسیر حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ اور ابن زیدؒ سے مروی ہے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے اس کی تفسیر جزا سے کی ہے اور ابو مسلمؒ کا قول ہے کہ اثاما گناہ کے معنی میں ہے اور مضاف محذوف ہے یعنی یلق جزاء اثام، اور بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ اثام جہنم کے اسماء میں سے ہے، يُضٰعَفْ لَهُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ (اس کے لئے قیامت کے دن دہرا عذاب بڑھتا چلا جائے گا) یعنی عذاب پر عذاب بڑھتا رہے گا کـمـا فـی اٰیة اخـری زدنـاهـم عذابا فوق العذاب، مزید فرمایا وَيَخْلُدْ فِيْهٖ مُهَانًا (اور وہ عذاب میں ہمیشہ رہے گا ذلیل کیا ہوا) یعنی عذاب بھی دائمی ہوگا اور اس کے ساتھ ذلیل بھی ہوگا، اس عذاب سے کافروں کا عذاب مراد ہے کیونکہ انہیں کو دائمی عذاب ہوگا۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ! سب سے بڑا گناہ اللہ کے نزدیک کونسا ہے؟ آپ نے جواب میں فرمایا یہ کہ تو کسی کو اللہ کے برابر تجویز کرے حالانکہ اللہ نے تجھے پیدا کیا۔ سوال کرنے والے نے پوچھا کہ اس کے بعد کونسا گناہ سب سے بڑا ہے؟ فرمایا یہ کہ تو اپنی اولاد کو اس ڈر سے قتل کرے کہ وہ تیرے ساتھ کھائے (اہل عرب تنگ دستی کے ڈر سے اولاد کو قتل کر دیتے تھے) سائل نے سوال کیا اس کے بعد کونسا گناہ سب سے بڑا ہے؟ آپ نے فرمایا یہ کہ تو اپنے پڑوسی کی بیوی سے زنا کرے (زنا تو یوں بھی گناہ کبیرہ ہے لیکن پڑوسی کی بیوی کے ساتھ زنا کرنے سے اور زیادہ گناہ گاری بڑھ جاتی ہے) اس پر اللہ تعالیٰ شانہ نے آیت کریمہ وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَلَا يَقْتُلُوْنَ

النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُوْنَ (آخر تک) نازل فرمائی۔ (رواہ البخاری ص ۱۰۷)

اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا (سوائے اس کے جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور نیک عمل کئے سو یہ وہ لوگ ہیں جن کی برائیوں کو اللہ نیکیوں سے بدل دے گا اور اللہ بخشنے والا ہے مہربان ہے) اس استثناء سے معلوم ہوا کہ کافر اور مشرک کے لئے ہر وقت توبہ کا دروازہ کھلا ہے، جو بھی کوئی کافر کفر سے توبہ کرے اس کی سابقہ تمام نافرمانیاں معاف فرما دی جائیں گی، حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ میں آپ سے بیعت ہونا چاہتا ہوں اور شرط یہ ہے میری مغفرت ہو جائے آپ نے فرمایا اما علمت یا عمرو ان الاسلام یهدم ما کان قبله (اے عمرو کیا تجھے معلوم نہیں کہ اسلام ان چیزوں کو ختم کر دیتا ہے جو اس سے پہلے تھیں۔ (مسلم ج ۱ ص ۷۶)

یہ جو فرمایا کہ اللہ ان کی سیئات کو حسنات سے بدل دے گا، اس کے بارے میں مفسرین کے متعدد اقوال ہیں جنہیں صاحب روح المعانی نے ذکر کیا ہے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ قیامت کے دن ایک شخص کو لایا جائے گا اللہ تعالیٰ کی طرف سے فرمان ہوگا کہ اس کے سامنے اس کے صغیرہ گناہ پیش کرو اور بڑے گناہوں کو علیحدہ رکھو لہٰذا اس سے کہا جائے گا کہ تو نے فلاں فلاں دن اور فلاں فلاں دن ایسے ایسے کام کئے ہیں وہ اقرار کرے گا منکر نہ ہوگا۔ اس بات سے ڈرتا ہوگا کہ بڑے گناہ باقی ہیں وہ سامنے لائے گئے تو کیا ہوگا۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہوگا کہ اس کے ہر گناہ کے بدلہ اس کو ایک ایک نیکی دے دو یہ سنکر (خوشی کی وجہ سے اور یہ جان کر ہر گناہ پر ایک نیکی مل رہی ہے) یوں کہے گا ابھی تو میرے گناہ اور باقی ہیں جن کو میں نہیں دیکھ رہا ہوں (وہ گناہ بھی پیش کئے جائیں اور اس کے بدلہ بھی ایک ایک نیکی دی جائے) یہ بات بیان کرتے وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسی ہنسی آئی کہ آپ کی مبارک داڑھیں نظر آ گئیں۔ (مشکوۃ المصابیح ص ۴۹۲ از مسلم)

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سیئات کو حسنات سے بدلنے کا یہ مطلب ہے کہ گناہوں کو معاف کر دیا جائے اور ہر گناہ کی جگہ ایک ایک نیکی کا ثواب دیدیا جائے یہ مطلب نہیں کہ گناہوں کو نیکیاں بنا دیا جائیگا۔ کیونکہ برائی کبھی اچھائی نہیں بن سکتی اور بعض حضرات نے تبدیل السیئات بالحسنات کا یہ مطلب لیا ہے کہ گذشتہ معاصی توبہ کے ذریعہ ختم کر دیئے جائیں گے اور ان کی جگہ بعد میں آنے والی طاعات لکھ دی جائیں گی کما یشیر الیه کلام کثیر من السلف۔ (ذکرہ صاحب الروح)

وَمَنْ تَابَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاِنَّهٗ يَتُوْبُ اِلَى اللّٰهِ مَتَابًا (اور جو شخص توبہ کرتا ہے اور نیک کام کرتا ہے وہ اللہ کی طرف خاص طور پر رجوع کرتا ہے) یعنی اللہ تعالیٰ کے عذاب سے ڈرتا ہے اور اخلاص سے توبہ کرتا ہے، اور آئندہ گناہ نہ کرنے کا عہد کرتا ہے اور نیکی پر رہنے کا ارادہ رکھتا ہے۔

قال صاحب الروح ای رجوعا عظیم الشان مرضیا عنده تعالی ماحیا للعقاب محصلا للثواب اس آیت شریفہ میں توبہ کا طریقہ بتا دیا کہ پختہ عزم کے ساتھ توبہ کرے اور اللہ کی رضاء کے کاموں میں لگے اور گناہوں سے خاص طور پر پرہیز کرے۔

عباد الرحمٰن کی دسویں صفت: بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا وَالَّذِيْنَ لَا يَشْهَدُوْنَ الزُّوْرَ (اور یہ وہ لوگ ہیں جو جھوٹ کے کاموں میں حاضر نہیں ہوتے) جھوٹ کے کاموں سے وہ تمام کام مراد ہیں جو شریعت مطہرہ کے خلاف ہوں، کوئی شخص گناہ کا کام کرے اس کی ممانعت سب ہی کو معلوم ہے جن مواقع میں گناہ ہو رہے ہوں ان مواقع میں جانا بھی ممنوع ہے، مشرکین کی عبادت گاہوں میں ان

کے تہواروں میں اور ان کے میلوں میں نہ جائیں۔ جہاں گانا بجانا ہو رہا ہو، ناچ رنگ کی محفل ہو، شراب پینے پلانے کی مجلس ہو، ان سب مواقع میں اللہ کے بندے نہیں جاتے، گو اپنے عمل سے گناہ میں شریک نہ ہوں لیکن جب اپنے جسم سے حاضر ہو گئے تو اول تو اہل باطل کی مجلس میں اپنی ذات سے ایک شخص کا اضافہ کر دیا، جبکہ برائی کی مجلسوں میں اضافہ کرنا بھی ممنوع ہے، دوسرے ان مجالس میں شریک ہونے سے دل میں سیاہی اور قساوت آ جاتی ہے اور نیکیوں کی طرف جو دل کا ابھار ہوتا ہے اس میں کمی آ جاتی ہے، اگر بار بار ایسی مجلسوں میں حاضر ہو تو نیکیوں کی رغبت ختم ہو جاتی ہے اور نفس برائیوں سے مانوس ہوتا چلا جاتا ہے بیاہ شادیوں میں آج کل بڑے بڑے منکرات ہوتے ہیں ٹی وی ہے وی سی آر ہے تصویر کشی ہے فلمیں بنانا ہے، اور بھی طرح طرح کے معاصی ہیں ان میں شریک ہونے سے بچیں اور اپنے نفس اور روح کی حفاظت کریں، یورپ اور امریکہ میں مسلمان دوڑ دوڑ کر جا رہے ہیں اور وہاں ہوٹلوں میں کافروں کی محفلوں میں دوستوں کی مجلسوں میں طرح طرح کے گناہ ہوتے ہیں شراب کا دور بھی چلتا ہے ننگے ناچ بھی ہوتے ہیں، ان سب میں حاضر ہونے سے اپنی جان کو بچانا لازم ہے ورنہ چند دن میں انہی جیسے ہو جائیں گے۔ **اعاذنا اللّٰہ تعالیٰ من ذٰلک**

بعض حضرات نے **لَایَشْھَدُوْنَ الزُّوْرَ** کا مطلب یہ لیا ہے کہ جھوٹی گواہی نہیں دیتے یہ مطلب بھی الفاظ قرآنیہ سے بعید نہیں ہے، جھوٹی گواہی دینا کبیرہ گناہوں میں سے ہے بلکہ بعض روایات میں اسے **اکبر الکبائر** میں شمار فرمایا ہے حضرت خریم بن فاتک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ایک دن نماز فجر سے فارغ ہو کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے اور تین بار فرمایا کہ جھوٹی گواہی اللہ کے ساتھ شرک کرنے کے برابر ہے پھر آپ نے سورۃ الحج کی یہ آیت پڑھی **فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ حُنَفَآءَ لِلّٰہِ غَیْرَ مُشْرِکِیْنَ بِہٖ** (سو تم ناپاکی سے یعنی بتوں سے بچو اور جھوٹی بات سے بچو اس حال میں کہ اللہ کی طرف رجوع کرنے والے ہو، اس کے ساتھ شرک کرنے والے نہ ہو۔ (رواہ ابوداؤد)

عباد الرحمٰن کی گیارہویں صفت: بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا **وَاِذَا مَرُّوْا بِاللَّغْوِ مَرُّوْا کِرَامًا** (جب بے ہودہ کاموں کے پاس کو گزرتے ہیں تو شرافت کے ساتھ گزر جاتے ہیں) یعنی برائی کی مجلسوں میں شریک ہونا تو درکنار اگر کبھی لغو اور بے ہودہ مجلسوں پر اتفاق سے ان کا گزر ہو جائے تو بھلے مانس ہو کر گزر جاتے ہیں یعنی جو لوگ لغو اور بے ہودہ کاموں میں مشغول ہوں ان کے عمل کو نفرت کی چیز جانتے ہوئے ان پر نظر ڈالے بغیر آگے بڑھ جاتے ہیں، بھلے آدمیوں کو ایسا ہی ہونا چاہیے، جو وہاں کھڑا ہو گیا وہ تو شریک ہو گیا اور اس کے علاوہ یہ بھی ممکن ہے کہ ان میں سے کوئی شریر آدمی مجلس میں اندر بلانے لگے یا بلا وجہ خواہ مخواہ کسی بات میں الجھ پڑے، خیرت اسی میں ہے کہ ادھر سے اعراض کرتے ہوئے گزر جائے اگر ان میں سے کوئی شخص چلتے ہوئے کو چھیڑ دے تو یوں سمجھ لے کہ مجھے نہیں کہا۔

عباد الرحمٰن کی بارہویں صفت: بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا: **وَالَّذِیْنَ اِذَا ذُکِّرُوْا بِاٰیٰتِ رَبِّھِمْ لَمْ یَخِرُّوْا عَلَیْھَا صُمًّا وَّعُمْیَانًا**

یعنی ان بندوں کی شان یہ ہے کہ جب انہیں ان کے رب کی آیات کے ذریعہ تذکیر کی جاتی ہے یعنی آیات پڑھ کر سنائی جاتی ہیں اور ان کے تقاضے پورے کرنے کے لئے کہا جاتا ہے تو ان پر گونگے بہرے ہو کر نہیں گر پڑتے۔ مطلب یہ ہے کہ ان آیات پر اچھی طرح متوجہ ہوتے ہیں ان کے سمجھنے اور تقاضے جاننے کے لئے **سمع و بصر** کو استعمال کرتے ہیں ایسا طرز استعمال نہیں کرتے جیسے سنا ہی نہیں اور دیکھا ہی نہیں۔ اس سے معلوم ہوا قرآن کی معانی اور مفاہیم کو اچھی طرح سمجھا جائے اور ان کے تقاضوں پر پوری طرح عمل کیا جائے یہی اہل ایمان کی شان ہے۔

عباد الرحمٰن کی تیرہویں صفت: بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ (اے ہمارے رب ہماری بیویوں اور ہماری اولاد کی طرف سے ہمیں آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما) یعنی انہیں ہماری آنکھوں کی ٹھنڈک بنادے اس کا مفہوم بہت عام ہے بیویاں اور بچے سکھ سے رہیں آرام سے جئیں فرمانبردار بھی ہوں نیک بھی ہوں دین دار بھی ہوں انہیں دیکھ دیکھ کر دل خوش ہوتا ہو یہ سب آنکھوں کی ٹھنڈک میں شامل ہے۔

جو بندے نیک ہوتے ہیں انہیں اپنی ازواج واولاد کی دینداری کی بھی فکر رہتی ہے وہ جہاں ان کے کھانے پینے کا فکر کرتے ہیں، وہاں انہیں دین سکھانے اور ان کی دینی تربیت کا بھی اہتمام کرتے ہیں، اگر بیوی بچے جسمانی اعتبار سے صحت مند ہوں اور انہیں کھانے پینے کو خوب ملتا ہو اور اللہ تعالیٰ کے اور ماں باپ کے نافرمان ہوں تو آنکھوں کی ٹھنڈک نہیں بنتے بلکہ وبال بن جاتے ہیں۔ جب اولاد کو دین پر ڈالیں گے اور انہیں متقی بنائیں گے اور زندگی بھر انہیں دین پر چلاتے رہیں گے تو ظاہر ہے کہ اس طرح متقیوں کے امام اور پیشوا بنے رہیں گے۔

عباد الرحمٰن یہ دعا بھی کرتے ہیں کہ وَاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا (اور ہمیں متقیوں کا پیشوا بنادے) کوئی شخص متقیوں کا پیشوا اس وقت بن سکتا ہے جبکہ خود بھی متقی ہو دعا کا انحصار اسی پر نہیں ہے کہ ازواج اور اولاد ہی متقی ہوں انسان خود بھی متقی بنے جب انسان خود متقی ہوگا اور اپنے تقویٰ کو ہر جگہ کام میں لائے گا تو اس کی ازواج واولاد اور احباب واصحاب بھی متاثر ہونگے اور اس کی دیکھا دیکھی تقویٰ پر آئیں گے اپنے خاندان اور کنبہ کے علاوہ باہر کے لوگوں کا بھی پیشوا بننے کی سعادت حاصل ہوگی، معلوم ہوا کہ تقویٰ کے ساتھ دینی پیشوا بننے کی خواہش رکھنا اور اس کے لئے دعا کرنا شرعاً مذموم نہیں ہے بلکہ محمود ہے جب کسی میں تقویٰ اور اخلاص ہوگا تو اس کی مشیخت اور ریاست اور امامت اس کے نفس میں کبر پیدا نہ ہونے دے گی۔

عباد الرحمٰن کی صفات بیان کرنے کے بعد ان کا آخرت کا مقام بتایا: اُولٰٓئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوْا (یہ وہ لوگ ہیں جنہیں بالا خانے ملیں گے بوجہ ان کے ثابت قدم رہنے کے اس میں الغرفة جنس کے معنی میں ہے سورۂ سبا میں فرمایا فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَزَآءُ الضِّعْفِ بِمَا عَمِلُوْا وَهُمْ فِي الْغُرُفٰتِ اٰمِنُوْنَ (سو یہ وہ لوگ ہیں جن کے لئے دوہری جزا ہے اور وہ بالا خانوں میں امن وامان کے ساتھ رہیں گے) حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ بلاشبہ جنت والے اوپر بالا خانوں کے رہنے والوں کو اس طرح دیکھیں گے جیسے تم چمکدار ستارے کو دیکھتے ہو جو مشرق یا مغرب کی افق میں دور چلا گیا ہو اور یہ فرق مراتب کی وجہ سے ہوگا صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا یا رسول اللہ (ایسا سمجھ میں آتا ہے کہ) یہ حضرات انبیاء کرام علیہم السلام کے منازل ہونگے، ان کے علاوہ وہاں کوئی اور نہ پہنچے گا، آپ نے فرمایا قسم اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے یہ وہ لوگ ہونگے جو اللہ پر ایمان لائے اور جنہوں نے پیغمبروں کی تصدیق کی۔ (رواہ البخاری ص ۴۶۱)

حضرت ابومالک اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ بلاشبہ جنت میں ایسے بالا خانے ہیں جن کا ظاہر ان کے باطن سے اور باطن ان کے ظاہر سے نظر آتا ہے اللہ نے یہ بالا خانے اس شخص کے لئے تیار فرمائے ہیں جو نرمی سے بات کرے اور کھانا کھلائے اور کثرت سے روزے رکھے اور رات کو نماز پڑھے جبکہ لوگ سو رہے ہوں۔

وَيُلَقَّوْنَ فِيْهَا تَحِيَّةً وَّسَلٰمًا (یعنی یہ حضرات بالا خانوں میں آرام سے بھی ہونگے اور معزز بھی ہونگے ان کی بیش بہا نعمتوں کے ساتھ یہ بھی ہوگا کہ فرشتے انہیں زندگی کی دعا دیں گے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو یہیں رکھے اور ہمیشہ کے لئے زندہ رکھے اور فرشتے بھی سلام

کریں گے) جب جنت میں داخل ہونے لگیں گے تو فرشتے یوں کہیں گے کہ سَلَامٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خَالِدِيْنَ (تم پر سلام ہو خوش عیش رہو سو اس میں ہمیشہ کے لئے داخل ہو جاؤ)۔

خَالِدِيْنَ فِيْهَا حَسُنَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا (یہ لوگ اس میں ہمیشہ رہیں گے یہ اچھی جگہ ہے ٹھہرنے اور رہنے کے لئے)۔

مؤمنین مخلصین کا انعام و اکرام بتانے کے بعد فرمایا کہ قُلْ مَا يَعْبَأُ بِكُمْ رَبِّيْ لَوْلَا دُعَآؤُكُمْ (آپ فرما دیجئے کہ میرا رب تمہاری پرواہ نہ کرتا اگر تمہارا پکارنا نہ ہوتا) مفسرین کرام نے اس کے متعدد مفاہیم بتائے ہیں جن میں سے ایک مطلب یہ ہے کہ اے ایمان والو تم جو اللہ کو پکارتے ہو اور اس کی عبادت کرتے ہو اس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کے ہاں تمہاری قدر و قیمت ہے اگر تم اس کی عبادت نہ کرتے تو تمہاری کوئی قدر و قیمت نہ تھی ای لولا دعاء کم لما اعددت بکم ، وھٰذا ابیان لحال المؤمنین من المخاطبین. (روح المعانی)

فَقَدْ كَذَّبْتُمْ (سوائے کافرو تم نے تکذیب کی) فَسَوْفَ يَكُوْنُ لِزَامًا (سو عنقریب تمہیں سزا چپک کر رہے گی)۔

یعنی تم پر اس کا وبال ضرور پڑے گا جو دوزخ کی آگ میں داخل ہونے کی صورت میں سامنے آ جائے گا۔ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ لزام سے کفار قریش کا غزوۂ بدر میں مقتول ہونا مراد ہے۔

ولقدتم تفسیر سورۃ الفرقان بحمدہ سبحانہ وتعالیٰ فی الاسبوع الاخیر من شهر صفرالخیر ۱۴۱۶ھ.

والحمدللّٰہ رب العالمین والصلاۃ والسلام علی سید الانبیاء والمرسلین وعلی اٰلہ واصحابہ اجمعین ومن تبعھم باحسان الی یوم الدین.

☆☆☆..............................☆☆☆

مکی	سورۃ الشعراء	۲۲۷ آیتیں اور ۱۱ رکوع

اٰیَاتُہَا ۲۲۷ (۲۶) سُوْرَۃُ الشُّعَرَآءِ مَکِّیَّۃٌ (۴۷) رُکُوْعَاتُہَا ۱۱

سورۃ شعرآء مکہ میں نازل ہوئی اور اس میں دو سو ستائیس آیتیں اور گیارہ رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے۔

طٰسٓمّٓ ﴿۱﴾ تِلْكَ اٰیٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِیْنِ ﴿۲﴾ لَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ اَلَّا یَكُوْنُوْا مُؤْمِنِیْنَ ﴿۳﴾ اِنْ نَّشَاْ

طسم۔ یہ کتاب مبین کی آیات ہیں۔ کیا ایسا ہونے کو ہے کہ آپ اپنی جان کو اس وجہ سے ہلاک کردیں کہ یہ لوگ ایمان نہیں لاتے۔ اگر ہم چاہیں تو ان

نُنَزِّلْ عَلَیْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ اٰیَةً فَظَلَّتْ اَعْنَاقُهُمْ لَهَا خٰضِعِیْنَ ﴿۴﴾ وَمَا یَاْتِیْهِمْ مِّنْ ذِكْرٍ مِّنَ

پر آسمان سے ایک بڑی نشانی نازل کردیں، پھر ان کی گردنیں اس نشانی کی وجہ سے جھک جائیں۔ اور ان کے پاس رحمٰن کی طرف سے

الرَّحْمٰنِ مُحْدَثٍ اِلَّا كَانُوْا عَنْهُ مُعْرِضِیْنَ ﴿۵﴾ فَقَدْ كَذَّبُوْا فَسَیَاْتِیْهِمْ اَنْۢبٰٓؤُا مَا كَانُوْا بِهٖ

جو بھی کوئی نصیحت آجاتی ہے تو اس سے اعراض کرنے والے بن جاتے ہیں۔ سو انہوں نے جھٹلادیا سو آجائیں گی ان کے پاس اس چیز کی خبریں جس کے ساتھ

یَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۶﴾ اَوَلَمْ یَرَوْا اِلَى الْاَرْضِ كَمْ اَنْۢبَتْنَا فِیْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ كَرِیْمٍ ﴿۷﴾ اِنَّ فِیْ

وہ استہزاء کیا کرتے تھے۔ کیا انہوں نے زمین کو نہیں دیکھا اس میں ہم نے کتنی قسم کی اچھی اچھی بوٹیاں اگائی ہیں۔ بلاشبہ اس میں

ذٰلِكَ لَاٰیَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ﴿۸﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِیْزُ الرَّحِیْمُ ﴿۹﴾

بڑی نشانیاں ہیں، اور ان میں سے اکثر لوگ ایمان لانے والے نہیں ہیں۔ اور بلاشبہ آپ کا رب زبردست ہے رحمت والا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو تسلّی، اور مکذّبین کے لئے وعید

علامہ بغوی معالم التنزیل ص ۳۸۱ ج ۳ میں لکھتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جب اہل مکہ نے تکذیب کی تو یہ آپ کو شاق گذرا چونکہ آپ کو اس بات کی حرص تھی کہ وہ لوگ ایمان لے آئیں اس لئے ان کی تکذیب سے آپ کو تکلیف ہوتی تھی۔ آپ کو تسلی دینے کے لئے اللہ تعالیٰ نے آیت لَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ نازل فرمائی۔ (جس کا مطلب یہ ہے کہ آپ اپنا کام کرتے رہیں، اس کے غم میں آپ کو جان ہلاک کرنا نہیں ہے)۔

اس کے بعد ارشاد فرمایا کہ ہم اگر چاہیں تو آسمان سے ایسی نشانی نازل فرمادیں جسے یہ تسلیم کرلیں اور اس کی وجہ سے ان کی گردنیں

جھک جائیں اور اس طرح جبراً وقہراً ایمان لے آئیں لیکن ایسا کرنا نہیں ہے کیونکہ لوگوں کو مجبور نہیں کیا گیا بلکہ اختیار دیا گیا ہے تا کہ اپنے اختیار سے ایمان قبول کریں۔

اس کے بعد مخاطبین کی عام حالت بیان فرمائی کہ جب بھی رحمٰن کی طرف سے کوئی نصیحت نئی آتی ہے تو قبول کرنے کے بجائے اعراض کرتے ہیں، ان کے جھٹلانے اور آیات کا مذاق بنانے کا نتیجہ عنقریب ان کے سامنے آ جائے گا یعنی تکذیب اور استہزاء کی سزا پائیں گے۔ صاحب روح المعانی لکھتے ہیں کہ آنے والے عذابوں کو انباء سے تعبیر فرمایا جو نبأ کی جمع ہے نبأ خبر کے معنی میں آتا ہے چونکہ قرآن عظیم نے پہلے سے تکذیب واستہزاء کے عواقب کی خبر دی ہے اس لئے: اَنْۢبٰٓؤُا مَا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ فرمایا یعنی تکذیب پر عذاب آنے کی جو خبریں دی گئی تھیں ان کا ظہور ہو جائے گا۔

اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے اپنی شان ربوبیت کا تذکرہ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ شانہ نے زمین سے ہر قسم کی عمدہ عمدہ چیزیں نکالی اور اگائی ہیں جنہیں بنی آدم اور حیوانات کھاتے ہیں اور استعمال کرتے ہیں، آخر میں فرمایا اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً کہ اس میں اللہ تعالیٰ کی توحید اور کمال قدرت پر بڑی نشانی ہے اور اکثر لوگ مانتے نہیں ہیں اور انکار پر تلے ہوئے ہیں۔

آخر میں فرمایا وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ (اور آپ کا رب عزیز ہے غلبہ والا ہے) منکرین دین اور معاندین یہ نہ سمجھیں کہ ہم یوں ہی انتقام اور عذاب سے چھوٹے ہوئے رہیں گے، نیز اللہ تعالیٰ رحیم بھی ہے جو لوگ ابھی کفر شرک سے باز آ جائیں ایمان قبول کر لیں ان پر رحم فرمائے گا۔

وَاِذْ نَادٰى رَبُّكَ مُوْسٰٓى اَنِ ائْتِ الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۰﴾ قَوْمَ فِرْعَوْنَ ۭ اَلَا يَتَّقُوْنَ ﴿۱۱﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّىْٓ

اور جب آپ کے رب نے موسیٰ کو پکارا کہ ظالم قوم یعنی فرعون کے پاس چلے جاؤ کیا یہ لوگ ڈرتے نہیں ہیں۔ موسیٰ نے عرض کیا کہ اے میرے رب میں اس بات سے

اَخَافُ اَنْ يُّكَذِّبُوْنِ ﴿۱۲﴾ وَيَضِيْقُ صَدْرِيْ وَلَا يَنْطَلِقُ لِسَانِيْ فَاَرْسِلْ اِلٰى هٰرُوْنَ ﴿۱۳﴾

ڈرتا ہوں کہ وہ مجھے جھٹلا دیں۔ اور میرا سینہ تنگ ہونے لگتا ہے اور میری زبان نہیں چلتی لہٰذا ہارون کو بھی پیغمبر بنا دیجئے۔

وَلَهُمْ عَلَيَّ ذَنْۢبٌ فَاَخَافُ اَنْ يَّقْتُلُوْنِ ﴿۱۴﴾ قَالَ كَلَّا ۚ فَاذْهَبَا بِاٰيٰتِنَآ اِنَّا مَعَكُمْ مُّسْتَمِعُوْنَ ﴿۱۵﴾

اور مجھ پر ان لوگوں کا جرم ہے لہٰذا میں اس بات سے ڈرتا ہوں کہ مجھے قتل کر ڈالیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ ہرگز ایسا نہیں ہوگا سو تم دونوں ہماری آیات لے کر جاؤ، بے شک ہم تمہارے

فَاْتِيَا فِرْعَوْنَ فَقُوْلَآ اِنَّا رَسُوْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶﴾ اَنْ اَرْسِلْ مَعَنَا بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ ﴿۱۷﴾ قَالَ

ساتھ ہیں سننے والے ہیں۔ سو تم فرعون کے پاس جاؤ اور یوں کہو کہ بلاشبہ ہم رب العالمین کے پیغمبر ہیں۔ یہ کہ تو ہمارے ساتھ بنی اسرائیل کو بھیج دے۔ فرعون نے کہا

اَلَمْ نُرَبِّكَ فِيْنَا وَلِيْدًا وَّلَبِثْتَ فِيْنَا مِنْ عُمُرِكَ سِنِيْنَ ﴿۱۸﴾ وَفَعَلْتَ فَعْلَتَكَ الَّتِيْ فَعَلْتَ

کہ کیا ہم نے تجھے اپنے پاس رکھ کر اس وقت نہیں پالا جب تو نو مولود تھا اور تو ہمارے اندر اپنی عمر کے برسہا برس رہا ہے۔ اور تو نے وہ کام کیا جو تو نے کیا اور تو

وَاَنْتَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۹﴾ قَالَ فَعَلْتُهَآ اِذًا وَّاَنَا مِنَ الضَّاۗلِّيْنَ ﴿۲۰﴾ فَفَرَرْتُ مِنْكُمْ لَمَّا خِفْتُكُمْ

ناشکروں میں سے ہے۔ موسیٰ نے جواب دیا یہ فعل میں نے اس وقت کیا تھا جبکہ میں چوک جانے والوں میں سے تھا۔ سو میں تمہارے یہاں سے فرار ہو گیا جب مجھے تمہاری طرف سے ڈر لگا،

فَوَهَبَ لِي رَبِّي حُكْمًا وَّجَعَلَنِي مِنَ الْمُرْسَلِينَ ﴿۲۱﴾ وَتِلْكَ نِعْمَةٌ تَمُنُّهَا عَلَيَّ أَنْ عَبَّدْتَّ

سو میرے رب نے مجھے دانشمندی عطا فرمائی اور مجھے پیغمبروں میں شامل فرما دیا۔ اور وہ جو تو مجھ پر اپنا احسان جتلا رہا ہے سو اس کی وجہ یہ ہے کہ تو نے

بَنِي إِسْرَآءِيلَ ﴿۲۲﴾ قَالَ فِرْعَوْنُ وَمَا رَبُّ الْعٰلَمِينَ ﴿۲۳﴾ قَالَ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَمَا

بنی اسرائیل کو غلام بنا رکھا تھا۔ فرعون نے کہا کہ اور رب العالمین کون ہے؟ موسیٰ نے جواب دیا کہ رب العالمین وہی ہے جو آسمانوں کا اور زمین کا اور جو ان کے درمیان

بَيْنَهُمَا ؕ إِنْ كُنْتُمْ مُّوقِنِينَ ﴿۲۴﴾ قَالَ لِمَنْ حَوْلَهُ أَلَا تَسْتَمِعُونَ ﴿۲۵﴾ قَالَ رَبُّكُمْ وَرَبُّ آبَآئِكُمُ

ہے ان سب کا رب ہے اگر تم یقین کرنے والے ہو۔ فرعون اپنے آس پاس کے بیٹھنے والوں سے کہنے لگا کیا تم سنتے نہیں؟ موسیٰ نے کہا کہ وہ تمہارا رب ہے اور تمہارے اگلے باپ دادوں

الْأَوَّلِينَ ﴿۲۶﴾ قَالَ إِنَّ رَسُولَكُمُ الَّذِي أُرْسِلَ إِلَيْكُمْ لَمَجْنُونٌ ﴿۲۷﴾ قَالَ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ

کا بھی رب ہے۔ فرعون نے کہا بلاشبہ تمہارا رسول جو تمہاری طرف بھیجا گیا ہے ضرور دیوانہ ہے۔ موسیٰ نے کہا کہ وہ مشرق اور مغرب اور جو کچھ ان کے

وَمَا بَيْنَهُمَا ؕ إِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُونَ ﴿۲۸﴾ قَالَ لَئِنِ اتَّخَذْتَ إِلٰهًا غَيْرِي لَأَجْعَلَنَّكَ مِنَ الْمَسْجُونِينَ ﴿۲۹﴾

درمیان ہے ان سب کا رب ہے اگر تم سمجھتے ہو۔ فرعون نے کہا اگر تو نے میرے علاوہ کوئی معبود بنایا تو میں ضرور ضرور تجھے قیدیوں میں شامل کر دوں گا۔

قَالَ أَوَلَوْ جِئْتُكَ بِشَيْءٍ مُّبِينٍ ﴿۳۰﴾ قَالَ فَأْتِ بِهِ إِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِينَ ﴿۳۱﴾ فَأَلْقٰى عَصَاهُ

موسیٰ نے کہا اگرچہ میں تیرے پاس کوئی واضح دلیل پیش کر دوں؟ فرعون نے کہا اگر تو سچوں میں سے ہے تو دلیل پیش کر دے۔ اس پر موسیٰ نے اپنی عصا ڈال دیا

فَإِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُّبِينٌ ﴿۳۲﴾ وَّنَزَعَ يَدَهُ فَإِذَا هِيَ بَيْضَآءُ لِلنّٰظِرِينَ ﴿۳۳﴾

سو وہ اچانک واضح طور پر اژدھا بن گیا۔ اور اپنا ہاتھ نکالا سو وہ اچانک دیکھنے والوں کے لئے سفید ہو گیا تھا

حضرت موسیٰ اور حضرت ہارون علیہما السلام کا فرعون کے پاس پہنچنا اور گفتگو کرنا

یہ پورے ایک رکوع کا ترجمہ ہے جو بہت سی آیات پر مشتمل ہے ان میں حضرت موسیٰ اور ہارون علیہما السلام کے فرعون کے پاس جانے اور اس سے گفتگو کرنے کا تذکرہ ہے، حضرت موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل کے ایک گھرانہ میں پیدا ہوئے۔ فرعون بنی اسرائیل کا دشمن تھا۔ ان کے لڑکوں کو قتل کر دیتا تھا اور ان کی جو لڑکیاں پیدا ہوتی تھیں انہیں زندہ چھوڑ دیتا تھا، جب موسیٰ علیہ السلام پیدا ہوئے تو اللہ تعالیٰ نے ان کی والدہ کے دل میں ڈالا کہ اس بچہ کو ایک تابوت میں رکھ کر سمندر میں ڈال دو انہوں نے ایسا ہی کیا۔ اہل فرعون نے اس تابوت کو پکڑ لیا، دیکھا کہ اس میں ایک بچہ ہے، بچہ کو اٹھا لیا اور فرعون کی بیوی نے فرعون سے کہا اسے قتل نہ کر و ممکن ہے کہ یہ ہمیں کچھ فائدہ پہنچا دے یا ہم اسے بیٹا ہی بنا لیں، جب فرعون اس پر راضی ہو گیا تو دودھ پلانے والی عورت کی تلاش ہوئی موسیٰ علیہ السلام کسی عورت کا دودھ نہیں پیتے تھے جب ان کی والدہ نے تابوت میں رکھ کر انہیں سمندر میں ڈالا تو ان کی بہن کو پیچھے لگا دیا تھا کہ دیکھ یہ تابوت کدھر جاتا ہے، جب تابوت فرعون کے محل میں پہنچ گیا اور موسیٰ علیہ السلام نے کسی عورت کا دودھ نہ پیا تو ان کی بہن بول اٹھی کہ میں تمہیں ایسا خاندان بتا دیتی ہوں جو ان کی کفالت کرے گا، ان لوگوں نے منظوری دیدی اور یہ جلدی سے اپنی والدہ کو لے آئیں، موسیٰ علیہ السلام نے اپنی

والدہ کا دودھ قبول کرلیا اور اپنی والدہ کے پاس رہتے تھے، لیکن فرعون کا بیٹا ہونے کی حیثیت سے رہتے تھے، جب بڑے ہو گئے تو فرعون کے محل میں رہنا سہنا شروع ہو گیا اور وہاں کئی سال گزارے پھر جب اور بڑے ہو گئے تو ایک قبطی یعنی فرعون کی قوم کے ایک شخص کا ان کے ہاتھ سے قتل ہو گیا لہٰذا ایک شخص کے مشورہ دینے پر مصر چھوڑ کر مدین چلے گئے وہاں ایک بزرگ کی لڑکی سے نکاح ہو گیا دس سال وہاں گزارے، اس عرصہ میں بکریاں چراتے رہے پھر جب اپنے وطن یعنی مصر کو واپس ہونے لگے تو اپنی بیوی کو ساتھ لیا جنگل بیابان میں کوہ طور کے پاس پہنچے (جو مصر اور مدین کے درمیان ہے) اللہ تعالیٰ کا کرنا ایسا ہوا کہ راستہ بھی بھول گئے اور سردی بھی لگنے لگی کوہ طور پر آگ نظر آئی اپنی بیوی سے کہا کہ تم یہاں ٹھہرو میں جاتا ہوں تمہارے تاپنے کے لئے کوئی چنگاری لے آؤں گا یا کوئی راہ بتانے والا ہی مل جائے گا، وہ نار نہ تھی بلکہ نور الٰہی تھا وہاں پہنچے تو اللہ پاک کی طرف سے نبوت سے نواز دیئے گئے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہوا کہ فرعون کے پاس جاؤ اسے توحید کی دعوت دو، وہ اور اس کی قوم ظالم لوگ ہیں، انہیں کفر و شرک سے اور اس کی سزا سے بچنا چاہیے۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا کہ مجھے ڈر ہے کہ وہ مجھے جھٹلا دیں اور ساتھ ہی یہ بات ہے کہ میرا دل تنگ ہونے لگتا ہے اور زبان میں بھی روانی نہ ہے اس لئے میرے بھائی ہارون کو بھی نبوت سے سرفراز فرمائیے اور میرے کام میں شریک فرمائیے، ایک بات اور بھی ہے وہ یہ کہ میرے ذمہ ان کا ایک جرم ہے میں نے ان کا ایک آدمی قتل کر دیا تھا اب ڈر ہے وہ مجھے اس کے بدلہ قتل نہ کر دیں، اللہ تعالیٰ شانہٗ کا ارشاد ہوا تمہاری درخواست قبول کر لی گئی ہارون کو بھی نبوت سے سرفراز کر دیا اور ان کو بھی تمہارے کام میں شریک کر دیا، اور تم اس بات کا خیال نہ کرو کہ وہ تمہیں قتل کر دے گا ایسا ہرگز نہیں ہوگا۔ تم دونوں جاؤ اسے حق کی دعوت دو، ہم تمہارے ساتھ ہیں اور تمہارا حال دیکھتے ہیں اور جو کچھ فرعون سے بات چیت ہوگی وہ سب ہم سنتے رہیں گے فرعون کے پاس پہنچو اور اس سے کہو کہ ہم رب العالمین کے پیغمبر ہیں، تو رب العالمین پر ایمان لا اور ہماری رسالت کو بھی تسلیم کر اور رب العالمین کے سوا کسی کو اپنا رب اور معبود مت بنا اور ہمارا یہ بھی کہنا ہے کہ بنی اسرائیل کو ہمارے ساتھ بھیج دے۔

موسیٰ علیہ السلام مصر پہنچے اور اپنے بھائی ہارون کو ساتھ لیا اور دونوں فرعون کے پاس پہنچے اسے توحید کی دعوت دی اور بنی اسرائیل کو ساتھ بھیجنے کے لئے کہا، فرعون نے کہا کہ اے موسیٰ جب تو چھوٹا سا بچہ تھا ہم نے تجھے پالا اپنی عمر کے کئی سال تو نے ہمارے ساتھ رہ کر گزارے اور تو نے وہ حرکت کی جسے تو جانتا ہے (یعنی ایک قبطی کو قتل کر دیا) ہم نے جو تیری پرورش کی تو نے اس کا یہ بدلہ دیا اور شکر گزاری کی بجائے ناشکروں میں شامل ہو گیا، موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا ہاں یہ بات ٹھیک ہے کہ مجھ سے ایک شخص قتل ہو گیا تھا مجھ سے غلطی ہو گئی تھی (میں نے عمداً قتل نہیں کیا تھا اس کی ظالمانہ روش کو دیکھ کر تادیباً مکا مارا تھا وہ ایک مکا لگنے سے مر گیا میرا مقصود نہ مارنا تھا نہ کوئی ایک مکا میں مرتا ہے) تم لوگ میرے قتل کے مشورے کر ہی رہے تھے لہٰذا میں قتل کے ڈر سے بھاگ گیا اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے مجھے دانشمندی عطا فرمادی اور مجھے اپنے پیغمبروں میں شامل فرمادیا۔ اب جبکہ مجھے اللہ تعالیٰ نے پیغمبر بنا دیا تو اللہ تعالیٰ کا فرمان لے کر تیرے پاس آنا ضروری ہوا، رہی یہ بات کہ تو نے میری پرورش کی تھی اور تو مجھ پر اس کا احسان جتا رہا ہے تو تجھے سمجھنا چاہیے کہ میری پرورش تجھے کیوں کرنی پڑی، نہ تو بنی اسرائیل کے لڑکوں کو قتل کرتا نہ میں سمندر میں بہایا جاتا نہ تیرے گھر میں پہنچتا نہ تجھے پرورش کرنی پڑتی، تو نے جو بنی اسرائیل کو غلام بنا رکھا تھا اس کی وجہ سے تیرے گھر میں میری پرورش کرائی گئی، پھر یہ بھی تو دیکھ کہ میں نے ایک شخص کو قتل کیا میرا ایک شخص کا خطأً قتل کر دینا تیرے نزدیک قابل ذکر ہے اور تو نے جو بنی اسرائیل کے لڑکے کثیر تعداد میں قتل کئے اس کا تجھے کوئی دھیان نہیں اگر تو نے ایک لڑکے کی پرورش کر ہی دی تو کیا اس سے اس ظلم کو دبایا جا سکتا ہے جو تو نے بنی اسرائیل کے ساتھ روا رکھا ہے۔

فرعون چونکہ اپنے ہی کو سب سے بڑا رب کہتا تھا اور اپنی قوم کے لوگوں سے منواتا تھا اور یہ لوگ خالق حقیقی جل مجدہ کے منکر تھے اس لئے موسیٰ وہارون علیہما السلام کا فرمانا کہ اَنَـا رَسُـوْلُ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ اچھا نہ لگا۔ اس نے سوال جواب کے ذریعہ ان کی بات کو رد کرنے اور اپنے درباریوں کو مطمئن رکھنے کے لئے سوالات شروع کر دیئے اس میں سے بعض سوال اور ان کے جواب سورۂ طٰہٰ کے دوسرے رکوع میں مذکور ہیں اور کچھ یہاں سورہ شعرآء میں ذکر فرمائے ہیں، فرعون کہنے لگا کہ یہ جو تم کہہ رہے ہو کہ ہم رب العالمین کے رسول ہیں تو یہ بتاؤ کہ رب العالمین کون ہے؟ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بے دھڑک ہو کر جواب دیا کہ رب العالمین جل مجدہٗ وہ ہے جو آسمانوں اور زمینوں کا اور جو ان کے درمیان ہے ان سب کا رب ہے۔ اس میں یہ بتا دیا کہ اے فرعون تو اور تیرے آس پاس کے بیٹھنے والے اور تیری مملکت کے سارے افراد اور تیری ساری مملکت اور ساری دنیا اور اس کے رہنے بسنے والے، رب العالمین ان سب کا رب ہے، فرعون اور اس کے درباریوں نے یہ بات کبھی نہ سنی تھی وہ اچنبھے کے طور پر اپنے درباریوں سے کہنے لگا اَلَا تَسْتَـمِـعُـوْنَ (کیا آپ لوگ سن رہے ہیں کہ یہ شخص کیا کہہ رہا ہے) حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنی بات کو مزید آگے بڑھاتے ہوئے فرمایا رَبُّـكُـمْ وَرَبُّ اٰبَـآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ (رب العالمین تمہارا بھی رب ہے اور تم سے پہلے جتنے باپ دادے گزرے ہیں ان سب کا بھی رب ہے) ایسی بے باکانہ بات سن کر فرعون سے کچھ بن نہ پڑا اور اپنے درباریوں سے بطور تمسخر یوں کہنے لگا کہ اِنَّ رَسُوْلَكُمُ الَّذِیْٓ اُرْسِلَ اِلَيْكُمْ لَمَجْنُوْنٌ کہ یہ شخص جو اپنے خیال میں تمہارا رسول بن کر آیا ہے مجھے تو اس کے دیوانہ ہونے میں کوئی شک نہیں ہے۔ (اللہ تعالیٰ کے رسولوں کو دیوانہ اور جادوگر تو کہا جاتا ہی رہا ہے فرعون نے بھی یہ حربہ استعمال کر لیا) موسیٰ علیہ السلام نے اپنی بات مزید آگے بڑھائی اور فرمایا کہ میں جس ذات پاک کو رب العالمین بتا رہا ہوں وہ مشرق کا بھی رب ہے اور مغرب کا بھی اور جو کچھ ان کے درمیان میں ہے ان سب کا رب ہے اگر تم عقل رکھتے ہو تو اسے مان لو، اب تو فرعون ظالمانہ کٹ حجتی پر آ گیا جو ظالموں کا شعار ہے اور کہنے لگا کہ اے موسیٰ میرے سوا اگر تو نے کسی کو معبود بنایا تو میں تجھے قیدیوں میں شامل کر دوں گا تو جیل کاٹے گا اور وہاں کے مصائب میں مبتلا رہے گا، حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ میں دلیل سے بات کرتا ہوں میرے پاس اللہ کی طرف سے اس بات کی نشانی ہے کہ میں اس کا پیغمبر ہوں اگر میں وہ نشانی پیش کر دوں تو پھر بھی جیل جانے کا مستحق ہوں؟ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے فرمانے پر فرعون نے کہا اگر تم سچے ہو تو لاؤ نشانی پیش کرو، اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو جو نشانیاں دی تھیں ان میں ایک تو لاٹھی کو زمین پر ڈلوا کر سانپ بنا دیا تھا پھر ان کے پکڑنے سے وہ دوبارہ لاٹھی بن گئی تھی جیسا کہ سورۂ طٰہٰ میں بیان ہو چکا ہے دوسرے ان سے فرمایا تھا کہ تم اپنے گریبان میں اپنا ہاتھ داخل کرو انہوں نے ہاتھ ڈال کر نکالا تو وہ سفید ہو کر نکل آیا یہ سفیدی اس گورے پن سے کئی گنا زیادہ تھی جو عام طور سے گورے آدمیوں کے ہاتھ میں ہوتی ہے، یہ دونوں نشانیاں دے کر فرعون کے پاس بھیجا تھا اور فرمایا تھا کہ فَذٰنِكَ بُرْهَانَانِ مِنْ رَّبِّكَ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ (سو یہ تمہارے رب کی طرف سے دو دلیلیں ہیں فرعون اور اس کے سرداروں کی طرف لے کر جاؤ) فرعون نے نشانی طلب کی تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنی لاٹھی ڈال دی وہ فوراً اژدھا بن گئی اور گریبان میں ہاتھ ڈال کر نکالا تو خوب زیادہ سفید ہو کر نکلا دیکھنے والے اسے دیکھ کر دنگ رہ گئے، تفسیر ابن کثیر ج ۳ ص ۳۳۳ میں لکھا ہے کہ اس وقت حضرت موسیٰ علیہ السلام کا ہاتھ چاند کے ٹکڑے کی طرح چمک رہا تھا، اس کے بعد فرعون نے مقابلہ کے لئے جادوگروں کو بلایا جیسا کہ آئندہ رکوع میں مذکور ہے۔

قَالَ لِلْمَلَاِ حَوْلَهٗۤ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيْمٌ ﴿۳۴﴾ يُّرِيْدُ اَنْ يُّخْرِجَكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ بِسِحْرِهٖ ۖ

قوم کے سردار جو فرعون کے آس پاس موجود تھے ان سے فرعون نے کہا کہ بلاشبہ یہ شخص بڑا ماہر جادوگر ہے۔ یہ چاہتا ہے۔ کہ اپنے جادو کے زور سے تم لوگوں کو تمہاری سرزمین سے نکال دے۔

فَمَاذَا تَاْمُرُوْنَ ﴿۳۵﴾ قَالُوْٓا اَرْجِهْ وَاَخَاهُ وَابْعَثْ فِى الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ﴿۳۶﴾ يَاْتُوْكَ بِكُلِّ

سو بتاؤ تم کیا مشورہ دیتے ہو؟ ان لوگوں نے کہا کہ اس شخص کو اور اس کے بھائی کو مہلت دو اور شہروں میں اپنے کارندوں کو بھیج دو جن کا یہ کام ہو کہ لوگوں کو جمع کریں۔ تمہارے پاس ہر بڑے

سَحَّارٍ عَلِيْمٍ ﴿۳۷﴾ فَجُمِعَ السَّحَرَةُ لِمِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۳۸﴾ وَّقِيْلَ لِلنَّاسِ هَلْ اَنْتُمْ مُّجْتَمِعُوْنَ ﴿۳۹﴾

ماہر جادوگر کو لے آئیں۔ سو ایک مقررہ دن کے خاص وقت پر جادوگر جمع کئے گئے۔ اور لوگوں سے کہا گیا کیا تم جمع ہونے والے ہو؟

لَعَلَّنَا نَتَّبِعُ السَّحَرَةَ اِنْ كَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿۴۰﴾ فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالُوْا لِفِرْعَوْنَ اَئِنَّ لَنَا

شاید ہم جادوگروں کی راہ کو قبول کرلیں اگر وہ غالب ہوجائیں گے۔ جب جادوگر آئے تو انہوں نے فرعون سے کہا کہ اگر ہم غالب ہوگئے تو کیا یقینی

لَاَجْرًا اِنْ كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿۴۱﴾ قَالَ نَعَمْ وَاِنَّكُمْ اِذًا لَّمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿۴۲﴾ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰٓى اَلْقُوْا

طور پر ہمیں کوئی بڑا انعام ملے گا؟ فرعون نے کہا ہاں اور اس میں شک نہیں کہ اس صورت میں تم مقرب لوگوں میں داخل ہوجاؤ گے۔ موسیٰ نے کہا کہ تم ڈال دو

مَآ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ﴿۴۳﴾ فَاَلْقَوْا حِبَالَهُمْ وَعِصِيَّهُمْ وَقَالُوْا بِعِزَّةِ فِرْعَوْنَ اِنَّا لَنَحْنُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿۴۴﴾

جو کچھ ڈالنے والے ہو۔ سو ان لوگوں نے اپنی رسیاں اور لاٹھیاں ڈال دیں اور فرعون کی عزت کی قسم کھا کر بولے کہ بلاشبہ ہم ہی غالب ہونگے۔

فَاَلْقٰى مُوْسٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِىَ تَلْقَفُ مَا يَاْفِكُوْنَ ﴿۴۵﴾ فَاُلْقِىَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ﴿۴۶﴾ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ

سو موسیٰ نے اپنا عصا ڈالا۔ سو اچانک وہ ان لوگوں کے بنائے ہوئے دھندے کو نگلنے لگا۔ پھر جادوگر سجدے میں ڈال دیئے گئے۔ کہنے لگے ہم رب العالمین پر

الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۷﴾ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۴۸﴾ قَالَ اٰمَنْتُمْ لَهٗ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۚ اِنَّهٗ لَكَبِيْرُكُمُ

ایمان لائے۔ جو موسیٰ اور ہارون کا رب ہے۔ فرعون نے کہا کیا تم اس پر اس سے پہلے ایمان لے آئے کہ میں تمہیں اجازت دوں، بے شک بات یہ ہے کہ یہ تم سب کا بڑا ہے

الَّذِىْ عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ ۚ فَلَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۵ؕ لَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ

جس نے تمہیں جادو سکھایا ہے سو یہ ضروری بات ہے کہ تم عنقریب جان لو گے میں ضرور ضرور تمہارے ہاتھوں کو اور پاؤں کو مخالف جانب سے کاٹ دوں

وَّلَاُوصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۴۹﴾ قَالُوْا لَا ضَيْرَ ۫ اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ ﴿۵۰﴾ اِنَّا

گا اور ضرور ضرور تمہیں سولی پر لٹکادونگا۔ انہوں نے جواب دیا کہ کوئی حرج نہیں بلاشبہ ہم اپنے رب کی طرف لوٹنے والے ہیں۔ ہم امید

نَطْمَعُ اَنْ يَّغْفِرَ لَنَا رَبُّنَا خَطٰيٰنَآ اَنْ كُنَّآ اَوَّلَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۱﴾ ع

کرتے ہیں کہ ہمارا رب ہماری خطاؤں کو اس وجہ سے بخش دے گا کہ ہم سب سے پہلے ایمان لانے والے ہیں۔

ع ۳ ۱۸ ۷

حضرت موسیٰ علیہ السلام کے مقابلہ کے لئے فرعون کا جادوگروں کو بلانا، مقابلہ ہونا اور جادوگروں کا شکست کھا کر ایمان قبول کرنا

حضرت موسیٰ علیہ السلام کے جواب وسوال سے عاجز ہو کر اور دو بڑے معجزے دیکھ کر فرعون کی شکست تو اسی وقت ہوگئی لیکن اس نے اپنی خفت مٹانے اور درباریوں کو مطمئن رکھنے اور ان کے ذریعہ ساری قوم کو اپنی فرمانبرداری پر جمائے رکھنے کے لئے سرداروں سے کہا جو اس وقت وہاں دربار میں موجود تھے کہ سمجھ میں آ گیا یہ تو ایک بڑا ماہر جادوگر ہے یہ چاہتا ہے کہ تمہیں مصر کی سرزمین سے نکال دے اور اپنی قوم کا بڑا ابن کر ان کو ساتھ لے کر حکومت کرنے لگے۔ تم لوگ کیا مشورہ دیتے ہو؟ سورۂ اعراف میں ہے کہ یہ بات قوم فرعون کے سرداروں نے کہی تھی اور یہاں اس بات کو فرعون کی طرف منسوب فرمایا۔ بات یہ ہے کہ بادشاہ جو کچھ کہتے ہوں ان کے درباری خوشامدی بھی اس بات کو دہراتے ہوئے تائید میں وہی الفاظ کہہ دیتے ہیں جو بادشاہ سے سنے ہوں۔

جب مشورہ میں بات ڈالی گئی تو آپس میں یہ طے پایا کہ تمہاری قلمرو میں جتنے بھی بڑے بڑے ماہر جادوگر ہیں ان سب کو جمع کرو اور اس مقصد کے لئے اپنے سارے شہروں میں کارندے بھیج دو جو ہر طرف سے جادوگروں کو جمع کر کے لے آئیں اور اس شخص کو جو جادو لے کر سامنے آیا ہے اور اس کے بھائی کو سردست مہلت دو۔ جب جادوگر آ جائیں گے تو مقابلہ کرا لیا جائے گا۔

شہروں میں آدمی بھیجے گئے انہوں نے بڑے بڑے ماہر جادوگروں کو سمیٹنا شروع کیا اور حضرت موسیٰ علیہ السلام سے مقابلہ کا دن اور وقت طے کرنے کی بات کی گئی انہوں نے فرمایا مَوْعِدُكُمْ يَوْمُ الزِّيْنَةِ وَاَنْ يُّحْشَرَ النَّاسُ ضُحًى تمہارے لئے یوم الزینہ یعنی میلے کا دن مقرر کرتا ہوں چاشت کے وقت مقابلہ ہوگا۔

جادوگر آئے اور جیسے اہل دنیا کا طریقہ ہوتا ہے انہوں نے وہی دنیاداری کی باتیں شروع کر دیں اور فرعون سے کہنے لگے کہ اگر ہم غالب آ گئے تو کیا ہمیں اس کی وجہ سے کوئی بڑا انعام اور کوئی عظیم صلہ ملے گا؟ فرعون نے کہا کیوں نہیں تم تو پوری طرح نوازے جاؤ گے۔ نہ صرف یہ کہ تمہیں بڑے انعام سے سرفراز کیا جائے گا بلکہ تم میرے مقربین میں سے ہو جاؤ گے۔

مقررہ دن اور مقررہ وقت میں ایک بڑے کھلے میدان میں مصر کے عوام اور خواص جمع ہوئے حضرت موسیٰ اور حضرت ہارون علیہما السلام بھی پہنچے، جادوگر بھی اپنی اپنی رسیاں اور لاٹھیاں لے کر آئے، مصر کے لوگوں میں دین وشرک مشہور مروج تو تھا ہی لیکن ساتھ ہی حضرت موسیٰ اور حضرت ہارون علیہما السلام کی دعوت توحید کا بھی چرچا ہو چلا تھا اب لوگوں میں یہ بات چلی کہ دیکھو کون غالب ہوتا ہے۔ اگر جادوگر غالب ہو گئے تو ہم انہیں کی راہ پر یعنی شرک پر چلتے رہیں گے جس کا داعی فرعون ہے اس کے ساتھ یوں بھی کہنا چاہئے تھا کہ یہ دونوں بھائی موسیٰ و ہارون (علیہما السلام) غالب ہو گئے تو ان کا دین قبول کر لیں گے لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ فرعون کی ہیبت کی وجہ سے یہ بات زبانوں پر نہ لا سکے گو لفظ لعلنا سے اس طرف اشارہ ملتا ہے۔ انہوں نے یقین کے ساتھ نہیں کہا کہ ہم جادوگروں کا اتباع کر لیں گے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ عامۃ الناس کو اس بات کا اندازہ ہو گیا تھا کہ جادوگر غالب ہونے والے نہیں ہیں۔

جادوگروں نے کہا کہ اے موسیٰ! بولو کیا رائے ہے تم پہلے اپنی لاٹھی ڈال کر سانپ بنا کر دکھاتے ہو یا ہم پہلے اپنی رسیاں اور لاٹھیاں ڈالیں؟ (جادوگروں کا یہ سوال سورۂ طٰہ میں مذکور ہے) حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جواب میں فرمایا کہ پہلے تم ہی ڈالو۔ میں بعد میں ڈالوں گا۔ لہٰذا جادوگروں نے اپنی رسیاں اور لاٹھیاں ڈال دیں۔ رب العالمین جل مجدہ کے ماننے والوں میں تو تھے نہیں لہٰذا

انہوں نے فرعون کی عزت کی قسم کھا کر کہا کہ ہماری ہی فتح ہے اور ہم غالب ہونے والے ہیں۔ اس کے بعد سیدنا حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنا عصا ڈالا وہ عصا اژدھا بن گیا اور نہ صرف یہ کہ اژدھا بن گیا بلکہ جادوگروں نے جو اپنی رسیوں اور لاٹھیوں کے سانپ بنائے تھے ان سب کو نگلنا شروع کر دیا، اب تو جادوگر حضرت موسیٰ علیہ السلام کے معتقد ہو گئے انہوں نے یقین کر لیا کہ موسیٰ اور ان کا بھائی ہارون علیہما السلام جادوگر نہیں ہیں ہم اتنے زیادہ جادوگر ہیں اور جادو میں ماہر بھی ہیں ان کے مقابلہ میں ہم سب کا جادو دھرا رہ گیا ان کا مقابلہ نہیں کیا جا سکتا جب یہ اپنی بات میں سچے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے نبی ہیں اور ان کا سچا ہونا ہم پر واضح ہو گیا تو ان پر ایمان لانا ضروری ہے ان کے دلوں میں حق قبول کرنے کا جذبہ ایسے زور سے ابھرا کہ بے اختیار سجدہ میں گر گئے جیسا کہ کوئی کسی کو پکڑ کر سجدہ میں ڈال دے اور کہنے لگے کہ ہم رب العالمین پر ایمان لے آئے جو موسیٰ وہارون کا رب ہے۔ (اس وقت ان کا اجمالی ایمان ہی کافی تھا)

اب تو فرعون کی خفت اور ذلت کی انتہا نہ رہی جن لوگوں کو حضرت موسیٰ اور حضرت ہارون علیہما السلام کے مقابلہ کے لئے بلایا تھا وہی ہار مان گئے اور ان دونوں پر ایمان لے آئے لہٰذا اپنی خفت مٹانے کے لئے فرعون نے وہی دھمکی والی چال چلی جو بادشاہوں کا طریقہ رہا ہے، اول تو اس نے یوں کہا کہ تم میری اجازت کے بغیر ان پر ایمان لے آئے (حالانکہ دین وایمان ہر شخص کا ذاتی مسئلہ ہے دلوں پر اللہ تعالیٰ ہی کا قبضہ ہے کسی مخلوق کا قبضہ نہیں ہے گو بادشاہ اپنی سرکشی اور طغیانی میں یہ خیال کرتے رہے ہیں کہ دلوں پر بھی ہمارا قبضہ رہنا چاہیے اور ہمارے عوام اسی دین کو قبول کریں جس کے ہم داعی ہیں، جب حق دلوں میں اپنی جگہ کر لیتا ہے تو کسی بھی صاحب اقتدار اور صاحب تسلط سے نہیں ڈرتا وہ صرف معبود حقیقی جل مجدہ سے ڈرتا ہے اور اسی سے امید رکھتا ہے)۔

فرعون نے دوسری بات یہ کہی کہ تم نے جو ہار مان لی ہے اسکی وجہ یہ ہے کہ تم لوگوں کو اسی شخص نے جادو سکھایا ہے اور یہی تمہارا بڑا ہے تم نے یہ ملی بھگت کی ہے کہ ہار جیت کا مصنوعی سوانگ دکھا کر لوگوں کو اپنی طرف مائل کر لو ابھی دیکھو تمہارے ساتھ کیا معاملہ ہوتا ہے' میں تمہارے ایک طرف کے ہاتھ اور دوسری طرف کے پاؤں کاٹ ڈالوں گا اور تم کو سولی پر لٹکا دونگا، چونکہ جادوگروں پر پوری طرح حق واضح ہو چکا تھا اس لئے انہوں نے فرعون کی دھمکی کا کچھ بھی اثر نہ لیا بلکہ فرعون کو منہ توڑ جواب دیا اور یوں کہا کہ کوئی حرج کی بات نہیں بلاشبہ ہم اپنے رب کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں (پروردگار عالم کی طرف سے جو ایمان پر صلہ ملے گا اس کے مقابلہ میں دنیا کی ذرا سی تکلیف کی کوئی حیثیت نہیں) بلاشبہ ہم اللہ سے یہ امید رکھتے ہیں کہ وہ ہماری خطاؤں کو اس وجہ سے معاف فرما دے کہ ہم سب سے پہلے ایمان لانے والے ہیں میدان مقابلہ میں جو لوگ حاضر تھے ان میں سب سے پہلے جادوگر ایمان لائے اس اعتبار سے انہوں نے اپنے کو اول المؤمنین سے تعبیر کیا۔

وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيْٓ اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ﴿۵۲﴾ فَاَرْسَلَ فِرْعَوْنُ فِي الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ﴿۵۳﴾

اور ہم نے موسیٰ کی طرف وحی بھیجی کہ میرے بندوں کو ساتھ لے کر راتوں رات چلے جاؤ بلاشبہ تمہارا پیچھا کیا جائے گا۔ پھر فرعون نے شہروں میں اہل کار بھیج دیئے،

اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَشِرْذِمَةٌ قَلِيْلُوْنَ ﴿۵۴﴾ وَاِنَّهُمْ لَنَا لَغَآئِظُوْنَ ﴿۵۵﴾ وَاِنَّا لَجَمِيْعٌ حٰذِرُوْنَ ﴿۵۶﴾ فَاَخْرَجْنٰهُمْ

بلاشبہ یہ تھوڑی سی جماعت ہے اور انہوں نے ہم کو غصہ دلایا ہے۔ اور بلاشبہ ہم سب خطرہ رکھنے والے ہیں۔ سو ہم نے

مِّنْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۵۷﴾ وَّكُنُوْزٍ وَّمَقَامٍ كَرِيْمٍ ﴿۵۸﴾ كَذٰلِكَ ۭ وَاَوْرَثْنٰهَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۵۹﴾

ان کو باغوں اور چشموں سے اور خزانوں سے اور عمدہ جائے قیام سے نکال دیا، یہ بات اسی طرح سے ہے، اور یہ چیزیں ہم نے بنی اسرائیل کو دے دیں۔

فَاَتْبَعُوْهُمْ مُّشْرِقِيْنَ ﴿۶۰﴾ فَلَمَّا تَرَاۗءَ الْجَمْعٰنِ قَالَ اَصْحٰبُ مُوْسٰٓى اِنَّا لَمُدْرَكُوْنَ ﴿۶۱﴾

سو سورج نکلنے کے وقت انکے پیچھے جا پہنچے۔ پھر جب دونوں جماعتوں نے آپس میں ایک دوسرے کو دیکھا تو موسیٰ کے ساتھیوں نے کہا یہ یقینی بات ہے کہ ہم تو پکڑ لئے گئے۔

قَالَ كَلَّا ۚ اِنَّ مَعِيَ رَبِّيْ سَيَهْدِيْنِ ﴿۶۲﴾ فَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنِ اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْبَحْرَ ۭ فَانْفَلَقَ

موسیٰ نے کہا ہرگز نہیں بلاشبہ میرے ساتھ میرا رب ہے وہ مجھے ابھی راہ بتا دے گا۔ سو ہم نے موسیٰ کی طرف وحی بھیجی کہ دریا پر اپنی لاٹھی کو مار دو، سو وہ پھٹ گیا

فَكَانَ كُلُّ فِرْقٍ كَالطَّوْدِ الْعَظِيْمِ ﴿۶۳﴾ وَاَزْلَفْنَا ثَمَّ الْاٰخَرِيْنَ ﴿۶۴﴾ وَاَنْجَيْنَا مُوْسٰى وَمَنْ مَّعَهٗٓ اَجْمَعِيْنَ ﴿۶۵﴾

ہر حصہ اتنا بڑا تھا جیسے بڑا پہاڑ۔ اور ہم نے اس موقع پر دوسروں کو قریب کر دیا۔ اور ہم نے موسیٰ کو اور جو لوگ ان کے ساتھ تھے سب کو نجات دی۔

ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿۶۶﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۶۷﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۶۸﴾ ع ۱۷ ۸

پھر ہم نے دوسروں کو غرق کر دیا۔ بلاشبہ اس میں بڑی نشانی ہے اور ان میں سے اکثر لوگ ایمان لانے والے نہ تھے۔ بلاشبہ آپ کا رب زبردست ہے رحمت والا ہے۔

بحکمِ الٰہی حضرت موسیٰ علیہ السلام کا اپنی قوم کو ہمراہ لے کر راتوں رات چلا جانا اور فرعون کا پیچھا کرنا، پھر لشکروں سمیت غرق ہونا

سیدنا حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ شانہ کا حکم ہوا کہ میرے بندوں کو راتوں رات لے کر مصر سے نکل جاؤ اور سمندر کی طرف جانا سمندر پر پہنچو گے تو اسے خشک پاؤ گے۔ اپنی قوم کو لے کر گزر جانا تمہارے پیچھے تمہارا دشمن لگے گا۔ بے فکر رہنا اور نڈر رہنا كما قال تعالى فى سورة طه لَا تَخَافُ دَرَكًا وَّلَا تَخْشٰى حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنے قوم کو لے کر چل دیئے فرعون کو پہلے سے اندیشہ تھا کہ کہیں یہ مصر سے نہ نکل جائیں، وہ لوگ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو سچا نبی سمجھ ہی چکے تھے گو زبان سے نہیں مانتے تھے جسے عناد ہو وہ حق کو حق سمجھ کر بھی باطل پر اڑا رہتا ہے، فرعون کو یہ خطرہ لاحق تھا کہ بنی اسرائیل ایک دن مصر کو چھوڑ کر چل دیں گے جب اس کو علم ہوا کہ بنی اسرائیل نکل چکے ہیں تو اس نے اپنے ملک کے شہروں میں کارندے دوڑا دیئے جو ایسے لوگوں کو جمع کر کے لائیں جو اس بات کی کوشش میں مدد دے سکیں کہ بنی اسرائیل مصر سے نکلنے نہ پائیں اور اس کے ساتھ ہی اپنی رعیت کو یہ بھی یقین دلایا کہ یہ تھوڑے سے لوگ ہیں ہمیں ان پر قابو پانا آسان ہے اول تو ہماری رعایا ہیں دوسرے انہوں نے ایسی ایسی حرکتیں کی ہیں کہ انہوں نے ہمیں غصے میں ڈالا ہے، ہم انہیں آزاد چھوڑنے والے نہیں ہیں اپنے ملک سے انہیں نکلنے نہیں دیں گے ہم ان کی طرف سے پوری طرح محتاط ہیں ان کے نکل جانے کا جو خطرہ ہے، ہم ان سے غافل نہیں ہیں، یہ حــــاذرون کا ایک مطلب ہے، دوسرا مطلب صاحب روح المعانی نے بعض مفسرین سے (جن میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بھی ہیں) یہ نقل کیا ہے کہ ہم پوری طرح ہتھیاروں سے مسلح ہیں۔

فرعون کو بنی اسرائیل کی روانگی کا پتہ چلا تو اس نے اپنے لشکروں کو جمع کیا جو بھاری تعداد میں تھے۔ لشکروں کا جمع ہونا پھر بنی اسرائیل کا پیچھا کرنا اس میں اتنی دیر لگ گئی کہ بنی اسرائیل سمندر کے کنارہ تک پہنچ چکے تھے ادھر فرعون اپنے لشکروں کے ساتھ پہنچا ایسا وقت تھا کہ سورج کی روشنی پھیل چکی تھی بنی اسرائیل نے فرعون کو اور اس کے لشکروں کو دیکھا اور فرعون نے اور اس کے لشکروں نے بنی اسرائیل کو دیکھا پہلی جماعت یعنی بنی اسرائیل اپنے دشمنوں کو دیکھ کر گھبرا اٹھی اور حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کہا اِنَّا لَمُدْرَكُوْنَ کہ ہم تو دھر لئے گئے دشمن اپنے لشکروں سمیت پہنچ گیا ہے ہم سے قریب تر ہے اب تو ہم پوری طرح نرغہ میں ہیں، سیدنا حضرت موسیٰ علیہ السلام تو بالکل ہی مطمئن تھے انہوں نے فرمایا کلا ہرگز نہیں۔ (یعنی ہم پکڑے نہیں جاسکتے)۔

اِنَّ مَعِیَ رَبِّیْ سَیَهْدِیْنِ (بلاشبہ میرا رب میرے ساتھ ہے وہ مجھے ضرور راہ بتائے گا) موسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ شانہ کا حکم ہوا کہ سمندر میں اپنی لاٹھی مارو چنانچہ انہوں نے لاٹھی دریا پر ماردی، اللہ کا کرنا ایسا ہوا کہ سمندر پھٹ گیا اور جگہ جگہ پانی ٹھہر گیا اور راستے نکل آئے پانی کے ٹھہرنے سے جگہ جگہ جو ٹکڑے بنے وہ اتنے بڑے بڑے تھے جیسے کوئی بڑا پہاڑ ہو ان ٹکڑوں کے درمیان راستے نکل آئے اور بنی اسرائیل کے قبیلے ان راستوں سے پار ہو گئے فرعون جو اپنے لشکر کے ساتھ پیچھے سے آ رہا تھا اس نے یہ نہ سوچا کہ یہ سمندر تو کبھی ٹھہرا نہیں اس میں کبھی راستے نہیں بنے یہ راستے کیسے بن گئے؟ اگر غور کرتا تو اس کی سمجھ میں آ جاتا کہ یہ بھی حضرت موسیٰ علیہ السلام کا ایک معجزہ ہے اور واقعی وہ اللہ کے رسول ہیں اگر اس وقت بھی ایمان لے آتا تو ڈوبنے کی مصیبت سے دوچار نہ ہوتا لیکن اس نے آؤ دیکھا نہ تاؤ اپنے لشکر کو لے کر بنی اسرائیل کے پیچھے سمندر میں داخل ہو گیا بنی اسرائیل پار ہو کر دوسرے کنارہ پر پہنچ گئے اور فرعون اپنے لشکروں سمیت ڈوب گیا جب اس کا پورا لشکر سمندر میں داخل ہو گیا تو اللہ تعالیٰ شانہ نے سمندر کو حکم دے دیا کہ آپس میں پانی کے سب ٹکڑے مل جائیں اور جو خشک راستے بن گئے تھے وہ ختم ہو جائیں چنانچہ سمندر کے ٹکڑے آپس میں مل گئے فرعون خود بھی ڈوبا اپنے لشکر کو بھی لے ڈوبا جب ڈوبنے لگا تو ایمان لے آیا اور کہنے لگا: اٰمَنْتُ اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا الَّذِیْۤ اٰمَنَتْ بِهٖ بَنُوْۤا اِسْرَآءِیْلَ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ (میں ایمان لایا کہ اس ذات کے سوا کوئی معبود نہیں جس پر بنی اسرائیل ایمان لائے اور میں مسلمانوں میں سے ہوں) اللہ پاک کا ارشاد ہوا آٰلْـٰٔنَ وَقَدْ عَصَیْتَ قَبْلُ وَ كُنْتَ مِنَ الْمُفْسِدِیْنَ (کیا اب ایمان لاتا ہے حالانکہ تو فساد کرنے والوں میں سے تھا)

الحاصل اللہ تعالیٰ شانہ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے تمام ساتھیوں کو نجات دیدی اور فرعون اور اس کے ساتھیوں کو غرق فرما دیا، فرعون اپنی اکڑ مکڑ کے ساتھ یہ سمجھ کر نکلا تھا اور اپنے لشکروں کو ہمراہ لیا تھا کہ بنی اسرائیل کو ابھی ابھی پکڑ کر لے آئیں گے، اپنے باغوں کو اور چشموں کو اور خزانوں کو اور عمدہ مکانوں کو چھوڑ کر نکلے تھے اور خیال یہ تھا کہ ابھی واپس آتے ہیں، یہ خبر نہ تھی کہ اب لوٹنا نصیب نہ ہوگا۔ مذکورہ بالا تمام نعمتوں سے محروم ہوئے ڈوبے اور دریا برد ہوئے دنیا بھی لٹ گئی اور آخرت کا دائمی عذاب اس کے علاوہ رہا، فرعون جیسے دنیا میں بنی اسرائیل کو پکڑنے کے لئے اپنے لشکر سے آگے آگے جا رہا تھا اسی طرح قیامت کے دن دوزخ میں جاتے ہوئے اپنی قوم کے آگے آگے ہوگا کما قال تعالیٰ فی سورۃ ھود (علیہ السلام) یَقْدُمُ قَوْمَهٗ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ فَاَوْرَدَهُمُ النَّارَ (فرعون قیامت کے دن دوزخ کی طرف جاتے ہوئے اپنی قوم سے آگے آگے ہوگا سو وہ انہیں دوزخ میں وارد کر دے گا)۔

فرعون اور فرعون کے ساتھی باغوں اور چشموں اور خزانوں اور اچھے مکانوں سے محروم ہو گئے اور اللہ تعالیٰ شانہ نے یہ چیزیں بنی اسرائیل کو عطا فرما دیں، صاحب روح المعانی رحمۃ اللہ علیہ نے بنی اسرائیل کو وارث بنانے کے بارے میں اولاً تو مفسر واحدی سے یوں

نقل کیا ہے کہ جب فرعون اور اس کی قوم کے لوگ غرق ہو گئے تو اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کو واپس مصر بھیج دیا اور قوم فرعون کے جو اموال اور جائیدادیں اور رہنے کے گھر تھے وہ سب بنی اسرائیل کو عطا فرما دیئے حضرت حسنؒ سے بھی یہی بات نقل کی ہے اور ایک یہ بھی لکھا ہے کہ یہ لوگ فرعون کے غرق ہونے کے بعد حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ واپس چلے گئے تھے اور وہاں جا کر فرعون یعنی قبطیوں کے اموال پر قابض ہو گئے تھے اور باقی لوگ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ شام کی طرف چلے گئے اور ایک قول یہ لکھا ہے کہ وَاَوْرَثْنَاهَا بَنِیْ اِسْرَآئِیْلَ کا مطلب یہ نہیں کہ سمندر سے نجات پانے کے بعد اسی وقت مصر کو واپس لوٹ گئے بلکہ مطلب یہ ہے کہ اس کے بعد انہیں مصر میں اقتدار مل گیا اور مذکورہ چیزیں ان کے قبضہ میں آ گئیں لیکن اقتدار اور قبضہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے زمانہ میں ہوا۔

احقر کے خیال میں یہی بات صحیح ہے کیونکہ آیتوں میں ایسا کوئی لفظ نہیں ہے جو اس بات پر دلالت کرتا ہو کہ انہیں فوراً ہی مصر میں اقتدار مل گیا اور اس قول کے مطابق جنات اور عیون اور کنوز کے بارے میں یوں کہا جائے گا کہ الفاظ جنس کے لئے استعمال ہوئے ہیں عین وہی چیزیں مراد نہیں ہے جو فرعون اور ان کے ساتھیوں نے چھوڑی تھیں۔

اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً (بلاشبہ اس میں بہت بڑی نشانی ہے) وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِیْنَ (اور ان میں اکثر لوگ ایمان والے نہیں ہیں) وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِیْزُ الرَّحِیْمُ (اور بلاشبہ آپ کا رب عزت والا ہے رحمت والا ہے) وہ گرفت فرمانے پر بھی قادر ہے اور رحم بھی فرماتا ہے مؤمن بندوں کو اس کے عذاب سے ڈرتے رہنا چاہیے اور اس کی رحمت کا امیدوار رہنا چاہیے۔

وَاتْلُ عَلَیْهِمْ نَبَاَ اِبْرٰهِیْمَ ﴿۶۹﴾ اِذْ قَالَ لِاَبِیْهِ وَ قَوْمِهٖ مَا تَعْبُدُوْنَ ﴿۷۰﴾ قَالُوْا نَعْبُدُ

اور آپ ان کے سامنے ابراہیم کا قصہ بیان کیجئے۔ جبکہ انہوں نے اپنے باپ سے اور قوم سے کہا کہ تم کس چیز کی عبادت کرتے ہو؟ ان لوگوں نے کہا کہ ہم بتوں کی

اَصْنَامًا فَنَظَلُّ لَهَا عٰكِفِیْنَ ﴿۷۱﴾ قَالَ هَلْ یَسْمَعُوْنَكُمْ اِذْ تَدْعُوْنَ ﴿۷۲﴾ اَوْ یَنْفَعُوْنَكُمْ اَوْ یَضُرُّوْنَ ﴿۷۳﴾

عبادت کرتے ہیں اور انکے پاس جمع رہتے ہیں۔ ابراہیم نے کہا کیا یہ تمہاری بات سنتے ہیں جب تم انہیں پکارتے ہو۔ یا یہ تمہیں نفع دیتے ہیں یا ضرر دیتے ہیں؟

قَالُوْا بَلْ وَجَدْنَاۤ اٰبَآءَنَا كَذٰلِكَ یَفْعَلُوْنَ ﴿۷۴﴾ قَالَ اَفَرَءَیْتُمْ مَّا كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ ﴿۷۵﴾ اَنْتُمْ

وہ لوگ کہنے لگے بلکہ ہم نے اپنے باپ دادوں کو اسی طرح کرتے ہوئے پایا ہے۔ ابراہیم نے کہا کیا تم نے ان کو دیکھا کہ تم اور تمہارے

وَاٰبَآؤُكُمُ الْاَقْدَمُوْنَ ﴿۷۶﴾ فَاِنَّهُمْ عَدُوٌّ لِّیْۤ اِلَّا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۷۷﴾ الَّذِیْ خَلَقَنِیْ فَهُوَ یَهْدِیْنِ ﴿۷۸﴾

باپ دادے جن چیزوں کی عبادت کرتے ہو سو بے شک وہ میرے دشمن ہیں سوائے رب العالمین کے جس نے مجھے پیدا کیا سو وہ مجھے ہدایت دیتا ہے۔

وَالَّذِیْ هُوَ یُطْعِمُنِیْ وَ یَسْقِیْنِ ﴿۷۹﴾ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ یَشْفِیْنِ ﴿۸۰﴾ وَالَّذِیْ یُمِیْتُنِیْ ثُمَّ یُحْیِیْنِ ﴿۸۱﴾

اور مجھے کھلاتا اور پلاتا ہے۔ اور جب بیمار ہو جاؤں تو وہ مجھے شفا دیتا ہے۔ اور جو مجھے موت دے گا پھر زندہ فرمائے گا۔

وَالَّذِیْۤ اَطْمَعُ اَنْ یَّغْفِرَ لِیْ خَطِیْٓئَتِیْ یَوْمَ الدِّیْنِ ﴿۸۲﴾ رَبِّ هَبْ لِیْ حُكْمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ ﴿۸۳﴾

اور جس سے میں امید رکھتا ہوں کہ قیامت کے دن میرا قصور معاف فرما دے گا۔ اے میرے رب مجھے حکم عطا فرمائیے اور مجھے نیک لوگوں میں شامل فرمائیے۔

وقف لازم

وَاجْعَلْ لِّيْ لِسَانَ صِدْقٍ فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿۸۴﴾ وَاجْعَلْنِيْ مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِيْمِ ﴿۸۵﴾ وَاغْفِرْ لِاَبِيْٓ

اور بعد میں آنے والے لوگوں میں اچھائی کے ساتھ میرا ذکر باقی رکھئے۔ اور مجھے جنت النعیم کے وارثوں میں بنا دیجئے۔ اور میرے باپ کی مغفرت فرمایئے

اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿۸۶﴾ وَلَا تُخْزِنِيْ يَوْمَ يُبْعَثُوْنَ ﴿۸۷﴾ يَوْمَ لَا يَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ ﴿۸۸﴾ اِلَّا مَنْ

بلاشبہ وہ گمراہوں میں سے ہے۔ اور مجھے اس دن رسوا نہ کیجئے گا جس دن لوگ اٹھائے جائیں گے۔ جس دن نہ کوئی مال نفع دے گا اور نہ بیٹے۔ سوائے اس

اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ﴿۸۹﴾

شخص کے جو قلب سلیم کے ساتھ اللہ کے پاس آئے گا۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کا اپنی قوم کو توحید کی دعوت دینا، اللہ کی شان ربوبیت بیان کرنا اور بارگاہ خداوندی میں دعائیں پیش کرنا

یہاں سے حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دعوت توحید اور قوم کی تبلیغ کا بیان شروع ہو رہا ہے آخر میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا نقل فرمائی ہے جو انہوں نے اللہ جل شانہ سے اپنی دنیا و آخرت کی کامیابی کے لئے کی تھی، انہوں نے اپنے باپ کو اور اپنی قوم کو توحید کی دعوت دی اور شرک سے روکا، ان لوگوں نے جو بے تک جواب دیئے اس کا ذکر قرآن مجید میں متعدد مواقع میں کیا گیا ہے یہاں جو مکالمہ مذکور ہے قریب قریب اسی طرح کی گفتگو سورۃ الانبیاء (علیہم السلام) (ع ۵) بھی گزر چکی ہے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے باپ سے اور اپنی قوم سے کہا کہ تم لوگ کن چیزوں کی عبادت کرتے ہو؟ (حضرت ابراہیم علیہ السلام کو پہلے سے معلوم تھا کہ یہ لوگ بتوں کے پجاری ہیں بظاہر اس سوال کی حاجت نہ تھی لیکن انہوں نے سوال اس لئے فرمایا کہ جواب دیتے وقت ان کے منہ سے ان کی پرستش کا اقرار ہو جائے اور پھر وہ ان کے اقرار کو بنیاد بنا کر اگلا سوال کر سکیں) حضرت ابراہیم علیہ السلام کے جواب میں وہ لوگ کہنے لگے ہم تو بتوں کو پوجتے ہیں اور انہی پر دھرنا دیئے بیٹھے رہتے ہیں، حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا یہ جو تم ان کی عبادت کرتے ہو اس میں تمہیں کیا فائدہ نظر آتا ہے؟ تم جب ان کو پکارتے ہو اور ان سے کسی حاجت کے پورا ہونے کا سوال کرتے ہو تو کیا وہ تمہاری بات سنتے ہیں؟ اور کیا تمہارے عبادت کرنے کی وجہ سے تمہیں کوئی نفع پہنچاتے ہیں؟ اور کیا ان کی عبادت ترک کر دینے سے کوئی ضرر پہنچا دیتے ہیں؟ وہ لوگ یہ جواب تو دے نہ سکے کہ وہ بات سنتے ہیں یا کوئی نفع ضرر پہنچا سکتے ہیں اور اس طرح کا کوئی جواب ان کے پاس تھا بھی نہیں، لامحالہ مجبور ہو کر وہی بات کہہ دی جو مشرکوں کا طریقہ ہوتا ہے کہ ہم تو اپنے باپ دادوں کی تقلید کرتے ہیں یعنی دلیل اور سند تو کوئی ہمارے پاس ہے نہیں باپ دادوں کو جو کچھ کرتے دیکھا ہم بھی وہ کرنے لگے، حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا کہ تم اور تمہارے پرانے باپ دادے جن چیزوں کی عبادت کرتے ہیں ان کے بارے میں کچھ تو غور کیا ہوتا، یہ کیسی ناسمجھی کی بات ہے کہ جو چیز نہ سنے اور نہ دیکھے نہ نفع دے سکے نہ ضرر پہنچا سکے اس کو معبود بنا بیٹھے، وہ کیسے معبود ہو سکتا ہے جو اپنی عبادت کرنے والے سے بھی کمتر ہو، یہ تو رہی تمہاری بات، رہا میں تو میرے نزدیک یہ بات ہے کہ یہ میرے دشمن ہیں اگر میں ان کی عبادت کرنے لگوں تو ان کی عبادت کی وجہ سے مجھے سخت نقصان پہنچے گا اور آخرت کے عذاب میں مبتلا ہونا پڑے گا لوگوں نے اللہ تعالیٰ کے سوا جو بھی رب بنا رکھے ہیں وہ انہیں کچھ بھی فائدہ نہیں دے سکتے وہ سب ان کے دشمن ہیں، ہاں جو لوگ صرف رب العالمین جل مجدہ کی عبادت میں مشغول ہیں وہی نفع میں ہیں،

رب العالمین جل مجدہ ان کا ولی ہے اور وہ اپنے رب کے اولیاء ہیں۔ (یہ جو فرمایا فَاِنَّهُمْ عَدُوٌّ لِّیْٓ یہ انہوں نے اپنے اوپر رکھ کر کہا اور مقصود یہ تھا کہ یہ باطل معبود تمہارے دشمن ہیں دعوت تبلیغ کا کام کرنے والے مختلف اسالیب بیان اختیار کرتے رہتے ہیں)۔

اس کے بعد رب العالمین جل مجدہ کی صفات جلیلہ بیان فرمائیں اور مشرکین کو بتادیا کہ دیکھو میں جس کی عبادت کرتا ہوں تم بھی اسی کی عبادت کرو۔

اوّلاً یوں فرمایا اَلَّذِیْ خَلَقَنِیْ فَهُوَ یَهْدِیْنِ (جس نے مجھے پیدا کیا اور وہی صحیح راہ بتاتا ہے)

ثانیاً: وَالَّذِیْ هُوَ یُطْعِمُنِیْ وَیَسْقِیْنِ (اور جو مجھے کھلاتا ہے اور پلاتا ہے)

ثالثاً: وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ یَشْفِیْنِ (اور جب میں مریض ہوجاتا ہوں تو وہ مجھے شفا دیتا ہے)

رابعاً: وَالَّذِیْ یُمِیْتُنِیْ ثُمَّ یُحْیِیْنِ (اور جو مجھے موت دیگا پھر زندہ فرمائے گا)

خامساً: وَالَّذِیْٓ اَطْمَعُ اَنْ یَّغْفِرَ لِیْ خَطِیْٓئَتِیْ یَوْمَ الدِّیْنِ (اور جس سے میں اس بات کی امید رکھتا ہوں کہ وہ انصاف کے دن میرے قصور کو معاف فرمادے گا)۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے رب العالمین جل مجدہ کی صفات جلیلہ بیان فرما کر بتادیا کہ دیکھو میں ایسی عظیم ذات کی عبادت کرتا ہوں تمہارے معبودوں میں ان میں سے ایک صفت بھی نہیں ہے پھر تم انہیں کیسے پوجتے ہو؟ نیز یہ بھی بتادیا کہ یہی دنیا سب کچھ نہیں ہے اس کے بعد موت بھی ہے اور موت کے بعد زندہ ہونا بھی ہے اور انصاف کے دن کی پیشی بھی ہے، ہاں رب العالمین کے منکروں اور باغیوں کو عذاب ہوگا اگر اسی دنیا میں توبہ کرلی جائے تو رب العالمین جل مجدہ خطاؤں کو معاف فرمادے گا۔ سب سے بڑا گناہ کفر و شرک ہے اس سے باز آجاؤ تاکہ انصاف کے دن گرفت نہ ہو، حضرت ابراہیم علیہ السلام نے یہ بات اپنے اوپر رکھ کر ان لوگوں کو بتادی اور سمجھادی، اس سے اہل ایمان کو بھی سبق لینا چاہیے کہ جب جلیل القدر پیغمبر حضرت ابراہیم علیہ السلام اپنے کو خطاءوار سمجھ رہے ہیں اور رب العالمین جل مجدہ سے بخشش کی لو لگائے ہوئے ہیں تو عام مؤمنین کو تو اور زیادہ اپنے کو قصوروار سمجھنا لازم ہے۔ اپنے کو خطاکار بھی سمجھیں اور مغفرت کی دعائیں بھی کرتے رہیں اور بخشش کی امید بھی رکھیں۔

اس کے بعد حضرت ابراہیم علیہ السلام کی چند دعاؤں کا تذکرہ فرمایا رَبِّ هَبْ لِیْ حُكْمًا (اے میرے رب مجھے حکم عطا فرما) لفظ حکم کی تفصیل میں کئی قول ہیں بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ اس سے حکمت مراد ہے یعنی قوت علمیہ کا کمال مراد ہے اور مقصود یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر طرح کی خیر کا علم عطا فرمائے اور بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ حکم سے اللہ تعالیٰ کی ذات اور صفات کا اور اس کے تمام احکام کا علم مراد ہے تاکہ ان پر عمل کیا جائے اور ایک قول یہ بھی ہے کہ حکم سے نبوت مراد ہے لیکن یہ بات اس صورت میں تسلیم کی جاسکتی ہے جبکہ دعائے مذکور کے بعد نبوت سے سرفراز ہوئے ہوں۔ (راجع روح المعانی ج ۱۹ ص ۹۸)

وَاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ (اور مجھے صالحین میں شامل فرما) یعنی مجھے ان حضرات میں شامل فرمادے جن کے علوم اور اعمال آپ کے نزدیک مقبول ہوں کیونکہ کتنا ہی علم ہو اور کیسا ہی عمل ہو مقبولیت عند اللہ کے بغیر اس کی کوئی حیثیت نہیں۔ وَاجْعَلْ لِّیْ لِسَانَ صِدْقٍ فِی الْاٰخِرِیْنَ (اور بعد میں آنے والے لوگوں میں اچھائی کے ساتھ میرا ذکر باقی رکھئے) یعنی حضرات انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام جو میرے بعد آئیں گے اور ان کی جو امتیں ہونگی ان میں میرا ذکر اچھائی سے ہوتا رہے یہ شرف مجھے ہمیشہ عطا فرمائیے، اللہ تعالیٰ نے ان کی یہ دعا بھی قبول فرمائی ان کے بعد جتنے بھی انبیائے کرام علیہم الصلاۃ والسلام مبعوث ہوئے سب انہی کی ذریت میں سے تھے

ساری امتوں نے انہیں خیر کے ساتھ یاد کیا اور امت محمدیہ صلی اللہ علی صاحبہا وسلم کا جو حضرت ابراہیم علیہ السلام سے خصوصی تعلق ہے اسے تو سب ہی جانتے ہیں، اللہ جل شانہ نے خاتم الانبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خطاب کرتے ہوئے ارشاد فرمایا ثُمَّ اَوْحَیْنَآ اِلَیْکَ اَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ اِبْرٰهِیْمَ حَنِیْفًا (پھر ہم نے آپ کی طرف وحی بھیجی کہ ابراہیم حنیف کا اتباع کیجئے) اور شریعت محمدیہ علی صاحبہا الصلاۃ و التحیۃ میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی شریعت کے بہت سے احکام ہیں اور یہ کتنی بڑی بات ہے کہ ہر نماز میں حضرت ابراہیم علیہ السلام پر درود بھیجنے کا ذکر ہوتا ہے اور بارگاہ الٰہی میں درخواست پیش کی جاتی ہے کہ اے اللہ! محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی آل پر صلاۃ اور برکت بھیجئے جیسا کہ آپ نے ابراہیم اور اُن کی آل پر صلاۃ اور برکت بھیجی، وَاجْعَلْنِیْ مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِیْمِ (اور مجھے جنت النعیم کے وارثوں میں سے بنا دیجئے) اس سے معلوم ہوا کہ کوئی شخص کیسا ہی نیک ہو اسے بہرحال جنت نصیب ہونے کی دعا کرتے رہنا چاہیے اپنے اعمال پر گھمنڈ نہ رکھے۔

وَاغْفِرْ لِاَبِیْٓ اِنَّهٗ کَانَ مِنَ الضَّآلِّیْنَ (اور میرے باپ کی مغفرت فرمائیے بلاشبہ وہ گمراہوں میں سے ہے) یعنی میرے باپ کو ایمان کی توفیق دیجئے اور اس طرح مغفرت کے قابل بنا کر اس کی مغفرت فرما دیجئے اس بارے میں مزید کلام سورۂ توبہ کی آیت وَمَا کَانَ اسْتِغْفَارُ اِبْرٰهِیْمَ لِاَبِیْهِ اور سورۂ ابراہیم کی آیت رَبَّنَا اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ کے ذیل میں گزر چکا ہے۔

وَلَا تُخْزِنِیْ یَوْمَ یُبْعَثُوْنَ. یَوْمَ لَا یَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ. اِلَّا مَنْ اَتَی اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِیْمٍ (اور مجھے اس دن رسوا نہ کیجئے جس دن لوگ اٹھائے جائیں گے جس دن نہ کوئی مال نفع دے گا اور نہ بیٹے سوائے اس شخص کے جو قلب سلیم کے ساتھ اللہ کے پاس آئے) اس سے معلوم ہوا کہ جنت النعیم حاصل ہونے کی دعا کے ساتھ ساتھ یہ دعا بھی کرنا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ شانہ قیامت کے دن رسوا نہ فرمائیے جنت میں تو کوئی رسوائی نہیں ہے اس سے پہلے رسوائی ہو سکتی ہے جیسا کہ بہت سے گناہ گاروں کے ساتھ ایسا ہوگا کہ قیامت کے دن رسوائی اور ذلت اور عذاب میں مبتلا ہوں گے حضرت انبیائے کرام علیہم الصلاۃ والسلام اس دن بھی باعزت ہوں گے دوسرے اشخاص اس سے عبرت حاصل کریں۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ قیامت کے دن ابراہیم علیہ السلام کی اپنے باپ آزر سے ملاقات ہو جائے گی آزر کا چہرہ بے رونق اور سیاہی والا ہوگا۔ ابراہیم علیہ السلام اپنے باپ سے فرمائیں گے کیا میں نے تجھ سے نہ کہا تھا کہ میری نافرمانی نہ کر، اس پر ان کا باپ کہے گا کہ آج حکم دو میں تمہاری نافرمانی نہ کروں گا، اس کے بعد ابراہیم علیہ السلام بارگاہ الٰہی میں عرض کریں گے کہ اے میرے پروردگار کیا آپ نے مجھ سے اس کا وعدہ نہیں فرمایا کہ جس دن لوگ قبروں سے اٹھائے جائیں گے اس دن آپ مجھے رسوا نہ کریں گے سو اس سے بڑھ کر کیا رسوائی ہوگی کہ میرا باپ ہلاک ہے (یعنی کفر کی وجہ سے دوزخ میں جانے والا ہے) اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہوگا کہ میں نے کافروں پر جنت کو حرام کر دیا ہے پھر ابراہیم سے خطاب ہوگا کہ اپنے پاؤں کے نیچے دیکھو وہ نظریں ڈالیں گے تو انہیں ایک بالوں سے بھرا ہوا بجو نظر آئے گا جو (آلائش میں) آلودہ ہوگا (یہ ان کا باپ ہوگا جس کی صورت مسخ کر دی جائے گی) اس بجو کے پاؤں پکڑ کر دوزخ میں ڈال دیا جائیگا۔ (رواہ البخاری ص ۴۷۳)

جب صورت مسخ ہو جائے گی تو حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اس سے نفرت ہو جائے گی اور رسوائی کا خیال ختم ہو جائے گا۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے قیامت کے دن کی رسوائی سے محفوظ رہنے کے لئے جو دعا کی اس میں قیامت کے دن کا حال بتاتے ہوئے یوں بھی فرمایا لَا یَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ (کہ وہ ایسا دن ہوگا جس دن نہ مال کام دے گا نہ اولاد کام دے گی) اس میں ان لوگوں کو تنبیہ ہے جو مال جمع

کرنے اور اپنے پیچھے اولاد کو مالدار بنا کر چھوڑنے کے جذبات میں بہہ جاتے ہیں اور حرام حلال کا کچھ خیال نہیں کرتے حرام مال تو وبال ہے، ہی وہ حلال مال بھی آخرت میں وبال ہوگا جس سے فرائض اور واجبات ادا نہ کئے گئے اور جو اللہ تعالیٰ کی نافرمانیوں میں خرچ کیا گیا ہو یہ نافرمانیاں بچوں کی فرمائشیں پوری کرنے کے سلسلہ میں بھی ہوتی ہیں، خوب سمجھ لینا چاہیے کہ قیامت کے دن مال اور اولاد کام نہ آئیں گے ہاں اگر کسی نے مال کو حلال طریقہ سے کمایا اور شرعی طریقوں پر خرچ کیا اور اولاد کو اللہ تعالیٰ کے دین پر ڈالا تو یہ نیک کام نفع مند ہونگے، اسی کو فرمایا کہ اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ (کہ جو شخص قلب سلیم کے ساتھ اللہ کی بارگاہ میں حاضر ہوگا اس کے اموال اور اس کی اولاد اس کے لئے فائدہ مند ہونگے) یعنی قلب سلیم کا اخلاص نیک اولاد اور اعمال صالحہ اموال طیبہ ہی نافع ہونگے۔

والکلام علی تقدیر مضاف الی من ای لا ینفع مال و لا بنون الا مال وبنون من اتی اللّٰہ بقلب سلیم حیث انفقوا اماله فی سبیل البر وارشدبنیه الی الحق وحثهم علی الخیر وقصدبهم ان یکونوا عباداللّٰہ تعالیٰ مطیعین شفعاء له یوم القیامة۔ (روح المعانی ج ۱۰ص ۱۰۰)

فائدہ .... حضرت ابراہیم علیہ السلام نے جو یہ دعا کی کہ بعد کے آنے والوں میں میرا ذکر اچھائی کے ساتھ ہو اس سے معلوم ہوا کہ لوگوں میں اپنے بارے میں اچھا تذکرہ ہونے کی آرزو رکھنا مؤمن کے بلند مقام کے خلاف نہیں ہے، اعمال خیر کرتا رہے اور صرف اللہ کی رضا کے لئے اعمال صالحہ میں مشغول ہو ریاکاری کے جذبات نہ ہوں اور یہ بھی نہ ہو کہ لوگ میرے اعمال کو دیکھ کر میری تعریف کریں اعمال صرف اللہ کے لئے ہوں اور یہ دعا اسکے علاوہ ہو کہ لوگوں میں میرا تذکرہ خوبی کے ساتھ ہو یہ دونوں باتیں جمع ہو سکتی ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑھ کر کوئی مخلص نہیں آپ نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں یہ دعا کی **اللهم اجعلنی فی عینی صغیرا وفی اعین الناس کبیرا** (اے اللہ مجھے اپنی نگاہ میں چھوٹا بنا دے اور لوگوں کی نظروں میں بڑا بنا دے)

اس میں کبر نفس کا علاج ہے جب اپنے چھوٹا ہونے کا خیال رہے گا تو لوگوں کے تعریف کرنے سے کبر میں مبتلا نہ ہوگا ہاں اتنا خیال رہنا بھی ضرور ہے کہ دوسروں کو حقیر نہ جانے اور جھوٹی تعریف کا بھی متمنی نہ ہو۔

اپنے لئے ثنائے حسن کی آرزو رکھنا جبکہ (شرائط کے ساتھ ہو) جائز ہے اور ساتھ ہی یہ بھی سمجھ لیں کہ اپنی ذات کو برائی کے ساتھ مشہور کرنا بھی کوئی ہنر اور کمال کی بات نہیں ہے بعض لوگوں کو دیکھا جاتا ہے کہ وہ نیک بھی ہوتے ہیں اور گناہوں سے بھی بچتے ہیں لیکن اگر کسی غلط فہمی سے بدنامی ہونے لگے تو اس کی پرواہ نہیں کرتے اگر کوئی شخص توجہ دلائے کہ اپنی صفائی پیش کریں تو کہہ دیتے ہیں کہ میں اپنی جگہ ٹھیک ہوں جو میری طرف برائی منسوب کرے گا خود غیبت میں مبتلا ہوگا اس کا اپنا برا ہوگا اور مجھے غیبت کرنے والوں کی نیکیاں ملیں گی میں کیوں صفائی دوں؟ یہ طریقہ صحیح نہیں ہے اپنی آبرو کی حفاظت کرنا بھی اچھا کام ہے اور لوگوں کو غیبت اور تہمت سے بچانا ان کی خیر خواہی ہے بعض حضرات نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا کا یہ مطلب بتایا ہے کہ اے اللہ مجھے اچھے اعمال سے متصف فرمائیے اور ان اعمال کو میرے بعد کے آنیوالوں میں باقی رکھئے جو میرا اتباع کریں اس سے لوگ مجھے اچھائی سے یاد کریں گے اور ان کے اعمال صالحہ کا ثواب بھی ملے گا جبکہ ان کے ثواب میں کوئی کمی نہ ہوگی۔

وَ اُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۹۰﴾ وَ بُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِلْغٰوِيْنَ ﴿۹۱﴾ وَ قِيْلَ لَهُمْ اَيْنَمَا كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ ﴿۹۲﴾

اور متقیوں کے لئے جنت قریب کردی جائے گی۔ اور گمراہوں کے لئے دوزخ ظاہر کردی جائے گی۔ اور ان سے کہا جائے گا کہ اللہ کو چھوڑ کر تم جن کی عبادت کیا کرتے تھے وہ کہاں ہیں؟

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ هَلْ يَنْصُرُوْنَكُمْ اَوْ يَنْتَصِرُوْنَ ﴿۹۳﴾ فَكُبْكِبُوْا فِيْهَا هُمْ وَالْغَاوٗنَ ﴿۹۴﴾ وَجُنُوْدُ اِبْلِيْسَ

کیا وہ تمہاری مدد کر سکتے ہیں یا اپنا بچاؤ کر سکتے ہیں۔ وہ لوگ اور گمراہ لوگ اور ابلیس کے لشکر سب اس میں اوندھے منہ ڈال دیئے جائیں گے۔ اور وہ لوگ دوزخ

اَجْمَعُوْنَ ﴿۹۵﴾ قَالُوْا وَهُمْ فِيْهَا يَخْتَصِمُوْنَ ﴿۹۶﴾ تَاللّٰهِ اِنْ كُنَّا لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۹۷﴾ اِذْ نُسَوِّيْكُمْ بِرَبِّ

میں ہوتے ہوئے آپس میں جھگڑیں گے۔ اللہ کی قسم اس میں کوئی شک نہیں کہ ہم صریح گمراہی میں تھے جبکہ ہم تمہیں رب العالمین کے

الْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۸﴾ وَمَاۤ اَضَلَّنَاۤ اِلَّا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۹۹﴾ فَمَا لَنَا مِنْ شَافِعِيْنَ ﴿۱۰۰﴾ وَلَا صَدِيْقٍ حَمِيْمٍ ﴿۱۰۱﴾

برابر مانتے تھے۔ اور ہمیں گمراہ نہیں کیا مگر مجرموں نے۔ سو ہمارے لئے نہ سفارش کرنے والے ہیں اور نہ کوئی مخلص دوست ہے۔

فَلَوْ اَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۰۲﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۰۳﴾

سو کیا اچھا ہوتا کہ ہم کو پھر واپس ہونا نصیب ہو جاتا۔ سو ہم اہل ایمان میں سے ہو جاتے۔ بلاشبہ اس میں بڑی نشانی ہے اور ان میں سے اکثر ایمان لانے والے نہیں ہیں۔

وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۰۴﴾

اور بلاشبہ آپ کا رب عزت والا ہے رحم والا ہے۔

دوزخ میں گمراہوں کا پچھتانا اور آپس میں جھگڑنا، نیز دنیا میں واپس آنے کی آرزو کرنا

ان آیات میں اولاً تو قیامت کے دن کا ایک منظر بیان فرمایا ہے اور وہ یہ کہ اس دن متقیوں کے لئے جنت قریب کردی جائے گی اور گمراہ لوگوں کے لئے دوزخ ظاہر کردی جائے گی جس کی وجہ سے اہل ایمان خوش ہو جائیں گے اور اہل کفر ڈر جائیں گے۔ ثانیاً یوں فرمایا کہ کافروں سے سوال کیا جائیگا کہ اللہ کے سوا جو تم نے معبود بنا رکھے تھے وہ کہاں ہیں؟ تمہیں تو ان سے بڑی امیدیں وابستہ تھیں، وہ یہاں تمہاری مدد نہیں کر سکتے تمہاری تو کیا مدد کرتے عذاب میں خود مبتلا ہونے والے ہیں اس سے اپنے کو نہیں بچا سکتے، اس گفتگو کے بعد ان مشرکوں کو اور ان کے علاوہ دوسرے تمام گمراہوں کو اوندھے منہ کر کے دوزخ میں ڈال دیا جائے گا۔ ثالثاً یہ فرمایا کہ جب وہ لوگ دوزخ میں ڈال دیئے جائیں گے تو آپس میں جھگڑا کریں گے غیر اللہ کی عبادت کرنے والے مشرکین اول تو اس بات کو تسلیم کریں گے کہ واقعی ہم کھلی گمراہی میں تھے اور اس بات کو اللہ کی قسم کھا کر بیان کریں گے اور اپنے معبودوں سے کہیں گے ہم نے جو تمہیں رب العالمین کے برابر قرار دیا یہ ہماری صریح گمراہی تھی، وہاں تو ہم مجرموں کی بات مانتے تھے جو گمراہی کے بانی اور داعی تھے آج معلوم ہوا کہ انہیں مجرموں نے ہمارا ناس کھویا اور ہمیں بہکایا اب یہاں مصیبت میں گرفتار ہو گئے عذاب سے چھٹکارے کا کوئی راستہ نہیں، یہاں نہ کوئی سفارشی ہے نہ مخلص دوست ہے بھکانے والوں نے ہمیں بہکایا اور ہمارا ناس کھویا کاش اگر ہمیں دنیا میں واپس جانا نصیب ہو جاتا تو ہم ایمان والوں میں شامل ہو جاتے اور کسی کے سمجھانے بجھانے سے کفر و شرک اختیار نہ کرتے۔ (لیکن وہاں سے واپس آنے کا کوئی راستہ نہیں ہے، ہمیشہ کے لئے عذاب ہی عذاب ہے۔)

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً (بلاشبہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے واقعہ میں اور مشرکین کے مبتلائے عذاب ہونے کی سچی خبر میں ایک بڑی عبرت ہے) وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ (اور ان عبرت کی باتوں کے باوجود مشرکین میں سے اکثر ایمان لانے والے نہیں ہیں) وَاِنَّ

رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ (اور بلاشبہ آپ کا رب عزیز ہے رحیم ہے بڑا زبردست ہے)۔

كَذَّبَتْ قَوْمُ نُوْحِ ۣالْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۰۵﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ نُوْحٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۰۶﴾ اِنِّیْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿۱۰۷﴾

نوح علیہ السلام کی قوم نے پیغمبروں کو جھٹلایا۔ جبکہ ان سے ان کے بھائی نوح علیہ السلام نے کہا کیا تم نہیں ڈرتے۔ بلاشبہ میں تمہارے لئے امانت والا پیغمبر ہوں۔

فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۱۰۸﴾ وَمَاۤ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۹﴾

سو تم اللہ سے ڈرو اور میری فرمانبرداری کرو۔ اور میں اس پر تم سے کسی عوض کا سوال نہیں کرتا، میرا ثواب تو بس رب العالمین کے ذمہ ہے۔

فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ اَطِيْعُوْنِ ﴿۱۱۰﴾ قَالُوْۤا اَنُؤْمِنُ لَكَ وَاتَّبَعَكَ الْاَرْذَلُوْنَ ﴿۱۱۱﴾ قَالَ

سو تم اللہ سے ڈرو اور میری فرمانبرداری کرو۔ ان لوگوں نے جواب دیا کیا ہم تجھ پر ایمان لائیں حالانکہ تیرے پیچھے رذیل ترین لوگ لگے ہوئے ہیں۔ نوح نے کہا کہ

وَمَا عِلْمِیْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۱۲﴾ اِنْ حِسَابُهُمْ اِلَّا عَلٰى رَبِّیْ لَوْ تَشْعُرُوْنَ ﴿۱۱۳﴾ وَمَاۤ

مجھے ان کے کاموں کے جاننے کی کیا ضرورت ہے۔ ان سے حساب لینا تو میرے رب ہی کا کام ہے، کاش تم سمجھ رکھتے۔ اور میں ایمان والوں

اَنَا بِطَارِدِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۱۵﴾ قَالُوْا لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ يٰنُوْحُ لَتَكُوْنَنَّ مِنَ

کو دور کرنے والا نہیں ہوں۔ میں تو بس واضح طور پر ڈرانے والا ہوں۔ ان لوگوں نے جواب دیا کہ اے نوح اگر تو باز نہ آیا تو ان لوگوں میں سے ہو جائے گا

الْمَرْجُوْمِيْنَ ﴿۱۱۶﴾ قَالَ رَبِّ اِنَّ قَوْمِیْ كَذَّبُوْنِ ﴿۱۱۷﴾ فَافْتَحْ بَيْنِیْ وَبَيْنَهُمْ فَتْحًا وَّنَجِّنِیْ وَمَنْ مَّعِیَ

جنہیں سنگسار کر دیا جاتا ہے۔ نوح نے عرض کیا کہ اے میرے رب بلاشبہ میری قوم نے مجھے جھٹلا دیا۔ سو آپ میرے اور ان کے درمیان فیصلہ فرما دیجئے اور مجھے اور جو ایمان والے میرے

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ فَاَنْجَيْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ فِی الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿۱۱۹﴾ ثُمَّ اَغْرَقْنَا بَعْدُ الْبٰقِيْنَ ﴿۱۲۰﴾

ساتھ ہیں ان کو نجات دے دیجئے۔ سو ہم نے نوح کو اور اسکے ساتھیوں کو جو بھری ہوئی کشتی میں تھے نجات دیدی۔ پھر ہم نے اسکے بعد باقی لوگوں کو غرق کر دیا۔

اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۲۱﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۲۲﴾

بلاشبہ اس میں بڑی عبرت ہے اور ان میں اکثر ایمان لانے والے نہیں ہیں۔ اور بلاشبہ تیرا رب عزیز ہے رحیم ہے۔

النصف ع ۱۸/۱۰

حضرت نوح علیہ السلام کا اپنی قوم کو توحید کی دعوت دینا اور ان لوگوں کا گمراہی پر جمے رہنا اور آخر میں غرق ہو کر ہلاک ہونا

حضرت ابراہیم علیہ السلام کی قوم سے جو گفتگو ہوئی گذشتہ رکوع میں اس کا ذکر تھا، اب یہاں سے دیگر انبیاء کرام علیہم السلام کے واقعات اور قوموں کے ساتھ ان کے مکالمات اور مخاطبات اور قوموں کی تکذیب پھر ان کی ہلاکت اور تعذیب کے قصے بیان کئے جا رہے ہیں اولاً حضرت نوح علیہ السلام کا واقعہ اور اس کے بعد حضرت ہود حضرت صالح اور حضرت لوط اور حضرت شعیب علیہم السلام کے واقعات ذکر فرمائے ہیں۔

حضرت نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنی قوم کو توحید کی دعوت دی شرک سے روکا اور انہیں طرح طرح سے سمجھایا اور ان لوگوں سے کہا کہ تم کفر و شرک کیوں نہیں چھوڑتے اللہ کو ایک ماننے کے لئے تو عقل ہی کافی ہے پھر بھی اللہ تعالیٰ نے مجھے تمہاری طرف رسول بنا کر بھیجا ہے میں اللہ تعالیٰ کا رسول ہوں اور امانت دار ہوں جو کچھ کہتا ہوں اسی کے حکم سے کہتا ہوں ۔ لہٰذا تم اللہ سے ڈرو میری فرمانبرداری کرو کیونکہ میری فرمانبرداری کرنا خالق اور مالک ہی کی فرمانبرداری کرنا ہے، اور تم یہ بھی سمجھ لو کہ میں جو تمہیں توحید کی دعوت دے رہا ہوں اور تمہیں راہ حق پر لانے کی محنت کر رہا ہوں اس میں میرا کوئی دنیاوی فائدہ نہیں ہے تم سے اپنی اس محنت پر کوئی اجرت یا عوض یا صلہ طلب نہیں کرتا میں تو اپنا اجر و ثواب رب العالمین جل مجدہ سے لے لوں گا تمہیں یہ سوچنا چاہیے کہ جب یہ شخص ہم سے کسی چیز کا طالب نہیں تو اتنی محنت کیوں کرتا ہے تم غور کرو اور سمجھو اور اللہ سے ڈرو اور میری فرمانبرداری کرو۔

حضرت نوح علیہ السلام کی قوم نے ہدایت قبول نہ کی اینڈے بینڈے جواب دیتے رہے حضرت نوح علیہ السلام ساڑھے نو سو سال ان لوگوں کے درمیان رہے لیکن تھوڑے ہی سے آدمی مسلمان ہوئے۔

حضرت نوح علیہ السلام کی قوم نے جو کٹ حجتی کی اور ایمان نہ لانے کا بہانہ بنایا اس میں ایک یہ بات بھی تھی کہ تمہارے ساتھ رذیل لوگ لگے ہوئے ہیں اگر ہم تم پر ایمان لے آئیں تو ہمیں ان چھوٹے لوگوں کے ساتھ اٹھنا بیٹھنا پڑے گا (اس میں گویا اس طرف اشارہ تھا اگر یہ لوگ ہٹ جائیں تو ہم ایمان لے آئیں اور آپ سے دین سیکھنے لگیں) یہ ایسا ہی ہے جیسے عرب کے لوگوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا تھا کہ ہمیں اس بات سے شرم آتی ہے کہ عرب کے لوگ ہمیں ان لوگوں کے پاس بیٹھا ہوا دیکھیں (یعنی بلال ،صہیب ،عمار ،خباب وغیرہم رضی اللہ عنہم) جب ہم آپ کے پاس آیا کریں تو آپ ان کو اٹھا دیا کریں۔ **قال القرطبی و کانھم طلبوا منه طرد الضعفاء کماطلبته قریش۔**

حضرت نوح علیہ السلام نے فرمایا کہ مجھے تو دین و ایمان سے مطلب ہے مجھے اس سے کوئی بحث نہیں کہ اپنی دنیاوی ضرورتیں پوری کرنے کے لئے کوئی شخص عمدہ پیشہ اختیار کرلے یا ایسا کوئی کام اختیار کرلے جسے دنیا والے گھٹیا سمجھتے ہیں مثلاً سڑکوں پر جھاڑو دینا جوتے گانٹھنا وغیرہ اصل چیز ایمان اور اعمال صالحہ ہیں اللہ تعالیٰ کے نزدیک انہیں دو چیزوں کے ذریعہ بلند مرتبہ ملتا ہے اور پھر سب کو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہونا ہے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن ان سے محاسبہ فرمائے گا۔ (یہ بات فرما کر ان لوگوں کو متوجہ فرمایا کہ دیکھو تمہارا بھی حساب ہوگا) کاش تم سمجھدار ہوتے تو ایسی بے تکی باتیں نہ کرتے ،حق کو قبول نہ کرنے کے لئے ایسے بہانے کرنا کہ تمہارے پاس جو لوگ بیٹھے ہیں وہ دنیاوی اعتبار سے گھٹیا ہیں نا سمجھی کی بات ہے ، یہ جو تمہاری خواہش ہے کہ میں انہیں ہٹادوں تو میں ایسا نہیں کرسکتا جن لوگوں نے حق کو قبول کرلیا توحید کو مان لیا مؤمن بندے بن گئے بھلا میں ان کو کیسے ہٹا سکتا ہوں اور میں کوئی تم پر زبردستی تو کر نہیں سکتا ، میں تو واضح طور پر ڈرانے والا ہوں میں نے سمجھانے میں اور صاف صاف کہنے میں کوئی کمی نہیں چھوڑی۔ بعض مفسرین نے لکھا ہے کہ حضرت نوح علیہ السلام کی قوم کا یہ مطلب تھا کہ یہ لوگ جو تمہارے ساتھ لگ گئے ہیں یوں ہی ظاہر میں تمہارا دین قبول کرلیا ہے دل سے مؤمن نہیں ہیں جواب میں حضرت نوح علیہ السلام نے فرمایا وَمَا عِلْمِیْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ کہ مجھے کسی کے باطن سے بحث نہیں میں تو ظاہر کے دیکھنے کا مکلّف ہوں۔ کسی نے ایمان قبول کرلیا میرا ساتھی ہوگیا بس وہ میرے نزدیک مؤمن ہے رہا باطن کا معاملہ سو وہ اللہ تعالیٰ کے سپرد ہے وہ ان کا حساب لے گا کاش تم قانون شرعی کو جانتے ہوتے تو ایسی باتیں نہ کرتے۔

حضرت نوح علیہ السلام کی قوم کے آدمی کہنے لگے کہ اپنی یہ باتیں بند کرو اگر تم باز نہ آئے تو سمجھ لو کہ تمہاری خیر نہیں ہم پتھر مار مار کر تمہیں جان سے مار دیں گے۔ سورۂ ہود اور سورۂ نوح میں ان لوگوں کی اور باتیں بھی ذکر فرمائی ہیں جن میں سے یہ بھی ہے کہ انہوں نے عذاب کا مطالبہ کیا (جس کا ذکر سورۂ ہود میں ہے) ساڑھے نو سو سال تک کسی قوم کو دعوت دینا یہ کوئی معمولی مدت نہیں ہے ان لوگوں نے بھی عذاب مانگا اور حضرت نوح علیہ السلام بھی بہت زیادہ دل برداشتہ ہو گئے لہٰذا انہوں نے بارگاہ خداوندی میں دعا کی کہ اے اللہ پاک میرے اور میرے قوم کے درمیان فیصلہ فرما دیجئے یعنی ان کو ہلاک کر دیجئے اور مجھے اور میرے ساتھیوں کو جو ایمان والے ہیں نجات دے دیجئے۔

اللہ تعالیٰ شانہٗ نے حضرت نوح علیہ السلام کو کشتی بنانے کا حکم فرمایا چنانچہ انہوں نے کشتی بنائی اپنے اہل وعیال مؤمنین اور دیگر اہلِ ایمان کو ساتھ لیکر بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖهَا وَمُرْسَاهَا پڑھ کر اس میں سوار ہو گئے۔ آسمان سے پانی برسا زمین سے بھی پانی ابلا زبردست سیلاب آیا اس میں پوری قوم غرق ہو گئی اور حضرت نوح علیہ السلام اپنے ساتھیوں سمیت جو کشتی میں سوار تھے نجات پا گئے تفصیل کے ساتھ سورۂ اعراف اور سورۂ ہود میں واقعہ گزر چکا ہے اور سورۂ نوح کا بھی مطالعہ کر لیا جائے۔

فائدہ.......... حضرت نوح علیہ السلام اور ان کی قوم کا مکالمہ شروع فرماتے ہوئے كَذَّبَتْ قَوْمُ نُوحِ ِۨ الْمُرْسَلِيْنَ فرمایا ہے اس میں یہ اشکال پیدا ہوتا ہے کہ ان کی طرف ایک ہی نبی مبعوث ہوئے تھے۔ پھر تمام مرسلین کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کا جھٹلانا کیسے لازم آیا، اس کے جواب میں حضرات مفسرین نے فرمایا ہے کہ چونکہ تمام انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی دعوت ایک ہی تھی اس لئے جب کسی ایک نبی کو جھٹلایا تو اس سے سب کی تکذیب لازم آ گئی، خصوصاً جبکہ ہر نبی نے تمام نبیوں کی تصدیق کا حکم بھی فرمایا اور یہ بتایا ہو کہ اللہ کے تمام نبیوں پر ایمان لاؤ۔

كَذَّبَتْ عَادُ ِۨالْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۲۳﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ هُوْدٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۲۴﴾ اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿۱۲۵﴾

قوم عاد نے پیغمبروں کو جھٹلایا۔ جبکہ ان کے بھائی ہود نے کہا کیا تم نہیں ڈرتے۔ بلاشبہ میں تمہارے لئے امانت والا پیغمبر ہوں۔

فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۱۲۶﴾ وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۲۷﴾ اَتَبْنُوْنَ

سو تم اللہ سے ڈرو اور میری فرمانبرداری کرو۔ اور میں اس پر تم سے کسی عوض کا سوال نہیں کرتا، میرا ثواب تو بس رب العالمین کے ذمہ ہے۔ کیا تم ہر اونچے

بِكُلِّ رِيْعٍ اٰيَةً تَعْبَثُوْنَ ﴿۱۲۸﴾ وَتَتَّخِذُوْنَ مَصَانِعَ لَعَلَّكُمْ تَخْلُدُوْنَ ﴿۱۲۹﴾ وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ

مقام پر کھیل کے طور پر یادگار بناتے ہو۔ اور بڑے بڑے محل بناتے ہو شاید تم ہمیشہ رہو گے۔ اور جب تم پکڑتے ہو تو بڑے جابر بن کر

جَبَّارِيْنَ ﴿۱۳۰﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۱۳۱﴾ وَاتَّقُوا الَّذِيْٓ اَمَدَّكُمْ بِمَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳۲﴾ اَمَدَّكُمْ بِاَنْعَامٍ

گرفت کرتے ہو۔ سو تم اللہ سے ڈرو اور میری فرمانبرداری کرو۔ اور اس ذات سے ڈرو جس نے ان چیزوں کے ذریعہ تمہاری امداد فرمائی جنہیں تم جانتے ہو۔ اس نے چوپائے

وَّبَنِيْنَ ﴿۱۳۳﴾ وَجَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۱۳۴﴾ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۳۵﴾ قَالُوْا سَوَآءٌ عَلَيْنَآ

اور بیٹے اور باغات اور چشموں کے ذریعہ تمہاری مدد فرمائی۔ بے شک میں تم پر ایک بڑے دن کے عذاب کا اندیشہ رکھتا ہوں۔ وہ لوگ کہنے لگے کہ ہمارے نزدیک تو دونوں باتیں برابر ہیں

اَوَعَظْتَ اَمْ لَمْ تَكُنْ مِّنَ الْوَاعِظِيْنَ ﴿۱۳۶﴾ اِنْ هٰذَآ اِلَّا خُلُقُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۳۷﴾ وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ﴿۱۳۸﴾

تم نصیحت کرو یا نصیحت کرنے والوں میں سے نہ بنو۔ اس کے سوا کوئی بات نہیں ہے کہ یہ پہلے لوگوں کی عادت ہے۔ اور ہم عذاب میں مبتلا ہونے والے نہیں ہیں۔

فَكَذَّبُوْهُ فَاَهْلَكْنٰهُمْ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳۹﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۴۰﴾ ع ۷ ۱۸ ۱۱

سو ان لوگوں نے ہود کو جھٹلایا سو ہم نے انہیں ہلاک کردیا بلاشبہ اس میں بڑی عبرت ہے اور ان میں سے اکثر ایمان لانے والے نہیں ہیں۔ اور بے شک آپ کا رب عزیز رحیم ہے۔

حضرت ہود علیہ السلام کی بعثت، قوم عاد کی تکذیب اور بربادی

مذکورہ بالا آیات میں حضرت ہود علیہ السلام کی قوم کا واقعہ ذکر فرمایا ہے، آپ قوم عاد کی طرف مبعوث ہوئے تھے آپ نے بھی ان سے وہ باتیں کیں جن کا حضرت نوح علیہ السلام کے واقعہ میں ذکر ہوا۔

آپ نے فرمایا کہ میں تمہاری طرف اللہ کا رسول ہوں امانت دار ہوں تم اللہ سے ڈرو میری فرمانبرداری کرو مجھے تم سے کچھ لینا نہیں ہے میرا اجر و ثواب صرف اللہ کے ذمہ ہے، قوم عاد بڑی سرکش قوم تھی ان کے ڈیل ڈول بھی بڑے تھے جس کو سورۂ اعراف میں وَزَادَكُمْ فِي الْخَلْقِ بَسْطَةً سے تعبیر فرمایا ہے اور سورۂ فجر میں ان کے بارے میں اَلَّتِيْ لَمْ يُخْلَقْ مِثْلُهَا فِي الْبِلَادِ فرمایا ہے (ان جیسے لوگ زمین کے حصوں میں پیدا نہیں کئے گئے) یہ لوگ اونچی جگہوں پر یادگار کے طور پر بڑی بڑی عمارتیں بناتے تھے جو ایک عبث اور فضول کام تھا ان چیزوں کی ضرورت بالکل نہ تھی محض فخر و شیخی میں اس طرح کی عمارتیں بناتے تھے۔ اَتَبْنُوْنَ بِكُلِّ رِيْعٍ اٰيَةً تَعْبَثُوْنَ میں اس کا تذکرہ فرمایا، اس کا ایک مطلب تو یہی ہے کہ بلا ضرورت تعمیر کر کے فضول کام کرتے ہو اور علامہ قرطبی نے ایک مطلب یہ لکھا ہے کہ تم لوگ اوپر بیٹھ بیٹھ کر راہگیروں کا مذاق بناتے ہو اور ان کے ساتھ مسخرہ پن کرتے ہو۔

اپنے رہنے کے لئے بھی یہ لوگ بڑے بڑے مضبوط محل بناتے تھے اور انکا ڈھنگ ایسا تھا کہ گویا انہیں ہمیشہ دنیا میں ہی رہنا ہے اس کو فرمایا: وَتَتَّخِذُوْنَ مَصَانِعَ لَعَلَّكُمْ تَخْلُدُوْنَ لعل عربی زبان میں ترجی کے لئے آتا ہے مطلب یہ ہے کہ تم یہ آرزو لئے بیٹھے ہو کہ دنیا میں ہمیشہ رہو گے اسی لئے تو اتنی پختہ عمارتوں کے دلدادہ بنے ہوئے ہو، بعض حضرات نے لعل کو بمعنی کی بتایا ہے ای کی ماتخلدون لا تتفکرون فی الموت (یعنی تم اسی لئے مضبوط محل بناتے ہو تا کہ دنیا میں ہمیشہ رہو اسی لئے موت کے بارے میں فکر مند نہیں ہوتے) اور حضرت ابن عباسؓ اور قتادہؒ نے کان کے معنی میں لیا ہے یعنی تم ایسے گھر بناتے ہو گویا کہ تم ان میں ہمیشہ رہو گے۔

وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ (اور جب تم پکڑتے ہو تو بڑے جابر بن کر پکڑتے ہو) چونکہ وہ لوگ بڑے ڈیل ڈول والے تھے اور انہیں اپنی قوت پر بڑا گھمنڈ بھی تھا اسی لئے انہوں نے از راہ تکبر یہاں تک کہہ دیا تھا من اشد منا قوۃ (کہ طاقت میں ہم سے بڑھ کر کون ہوگا) اپنے اسی گھمنڈ اور غرور کی وجہ سے جب کسی کو پکڑتے تھے تو بہت ظلم و زیادتی کرتے تھے بغیر کسی رحم کے ترس کھائے بغیر مارتے کاٹتے اور ظلم کرتے چلے جاتے تھے، صاحب روح المعانی لکھتے ہیں۔ مسلطین غاشمین بلا رأفة و لا قصد تادیب و لا نظر فی العاقبة۔

حضرت ہود علیہ السلام نے ان کو مزید سمجھایا اور فرمایا فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ (سو اللہ سے ڈرو اور میری فرمانبرداری کرو) وَاتَّقُوا الَّذِيْٓ اَمَدَّكُمْ بِمَا تَعْلَمُوْنَ (اور اس ذات سے ڈرو جس نے ان چیزوں کے ذریعے تمہاری امداد فرمائی جنہیں تم جانتے ہو) یعنی

اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو یاد کرو اور اس سے ڈرو اس کی نافرمانی نہ کرو اَمَدَّكُمْ بِاَنْعَامٍ وَّبَنِيْنَ وَجَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ (اللہ تعالیٰ نے چوپایوں اور بیٹوں اور باغیچوں اور چشموں کے ذریعہ تمہاری امداد فرمائی) لہٰذا تم پر لازم ہے کہ صرف اسی کی عبادت کرو اور اس کا شکر ادا کرو اور ناشکری نہ کرو اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ (بلاشبہ میں تم پر بڑے دن کے عذاب کا اندیشہ کرتا ہوں) یعنی اگر تم ناشکری سے باز نہ آئے تو تم پر عذاب آ جائے گا اور عذاب بھی معمولی نہیں ہوگا جس دن عذاب آئے گا وہ دن عذاب کے اعتبار سے ایک بڑا دن ہوگا۔

قَالُوْا سَوَآءٌ عَلَيْنَآ (الآیات) ان لوگوں نے جواب میں کہا کہ تمہاری واعظانہ باتوں سے ہم متاثر ہونے والے نہیں تم ہمیں نصیحت کرو یا نہ کرو بہر حال ہم اپنی جگہ پر اٹل ہیں ہمیں بات ماننا نہیں ہے، اور یہ جو تم کہتے ہو کہ اللہ سے ڈرو اور قیامت کو مانو یہ کوئی نئی بات نہیں ہے تم سے پہلے جو لوگ گزرے ہیں وہ بھی ایسی باتیں کہتے آئے ہیں اب تک تو قیامت آئی نہیں اور یہ جو تم عذاب والی بات کہتے ہو ہم اسے بھی نہیں مانتے ہم پر کوئی عذاب آنے والا نہیں ہے۔

خلاصہ یہ کہ ان لوگوں نے حضرت ہود علیہ السلام کو جھٹلا دیا اللہ پاک نے انہیں سخت آندھی کے ذریعہ ہلاک کر دیا جس کا ذکر سورۂ حم سجدہ (ع۲) اور سورۃ الحاقہ (ع۱) سورۂ ذاریات (ع۲) سورۂ قمر (ع۱) اور سورۂ احقاف میں فرمایا ہے سات رات اور آٹھ دن لگاتار ٹھنڈی تیز ہوا چلتی رہی جس سے سب ہلاک ہو گئے مفصل واقعہ ہم سورۂ اعراف (ع۹) کی تفسیر میں بیان کر آئے ہیں۔

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً (بلاشبہ اس میں بڑی عبرت ہے) وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ (اور ان میں سے اکثر ایمان لانے والے نہیں ہیں) وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ (اور بے شک آپ کا رب عزیز ہے رحیم ہے)۔

كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ الْمُرْسَلِيْنَ ۝۱۴۱ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ صٰلِحٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ۝۱۴۲ اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ۝۱۴۳

قوم ثمود نے پیغمبروں کو جھٹلایا۔ جبکہ ان کے بھائی صالح نے ان سے کہا کیا تم نہیں ڈرتے ۔ بلاشبہ میں تمہارے لئے اللہ کا رسول ہوں امانت دار ہوں۔

فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ۝۱۴۴ وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰي رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۱۴۵

سو تم اللہ سے ڈرو اور میری فرمانبرداری کرو۔ اور میں تم سے اس پر کسی عوض کا سوال نہیں کرتا، میرا اجر تو بس رب العالمین کے ذمہ ہے۔ یہاں جو کچھ ہے

اَتُتْرَكُوْنَ فِيْ مَا هٰهُنَآ اٰمِنِيْنَ ۝۱۴۶ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ۝۱۴۷ وَّزُرُوْعٍ وَّنَخْلٍ طَلْعُهَا هَضِيْمٌ ۝۱۴۸ وَتَنْحِتُوْنَ

کیا تمہیں اسی میں امن وامان کے ساتھ چھوڑے رکھا جائے گا۔ باغیچوں میں اور چشموں میں۔ اور کھیتیوں میں اور کھجوروں میں جن کے گچھے گوندھے ہوئے ہیں۔ اور تم پہاڑوں کو

مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا فٰرِهِيْنَ ۝۱۴۹ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ۝۱۵۰ وَلَا تُطِيْعُوْٓا اَمْرَ الْمُسْرِفِيْنَ ۝۱۵۱ الَّذِيْنَ يُفْسِدُوْنَ

تراش کر گھر بنا لیتے ہو اتراتے ہوئے۔ سو تم اللہ سے ڈرو میری فرمانبرداری کرو۔ اور ان لوگوں کی بات نہ مانو جو حد سے آگے بڑھ جانے والے ہیں۔ جو زمین میں فساد کرتے ہیں

فِي الْاَرْضِ وَلَا يُصْلِحُوْنَ ۝۱۵۲ قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مِنَ الْمُسَحَّرِيْنَ ۝۱۵۳ مَآ اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۚ فَاْتِ بِاٰيَةٍ اِنْ كُنْتَ

اور اصلاح نہیں کرتے۔ انہوں نے جواب دیا کہ بس تو ان لوگوں میں سے ہے جن پر جادو کر دیا گیا ہو۔ تو ہمارا ہی جیسا ایک آدمی ہے سو تو کوئی نشانی لے

مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝۱۵۴ قَالَ هٰذِهٖ نَاقَةٌ لَّهَا شِرْبٌ وَّلَكُمْ شِرْبُ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ۝۱۵۵ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ

آ اگر تو سچوں میں سے ہے۔ صالح علیہ السلام نے کہا کہ یہ اونٹنی ہے پانی پینے کے لئے ایک دن اس کی باری ہے اور ایک مقررہ دن میں پینے کی تمہاری باری ہے۔ اور اسے برائی کے ساتھ

فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝ فَعَقَرُوْهَا فَاَصْبَحُوْا نٰدِمِيْنَ ۝ فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ

ہاتھ مت لگاؤ ورنہ تمہیں بڑے دن کا عذاب پکڑ لے گا۔ سوان لوگوں نے اس اونٹنی کو کاٹ ڈالا پھر پشیمان ہوئے۔ سوانہیں عذاب نے پکڑ لیا، بلاشبہ اس میں بڑی عبرت ہے

لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝

اور ان میں سے اکثر ایمان لانے والے نہیں ہیں۔ اور بے شک آپ کا رب عزیز ہے رحیم ہے۔

قوم ثمود کا حضرت صالح علیہ السلام کو جھٹلانا اور تکذیب وانکار کے جرم میں ہلاک ہونا

اس رکوع میں قوم ثمود کی سرکشی اور بربادی کا تذکرہ فرمایا ہے، یہ لوگ قوم عاد کے بعد تھے ان کی طرف حضرت صالح علیہ السلام مبعوث ہوئے تھے انہوں نے ان لوگوں کو توحید کی دعوت دی سمجھایا بجھایا، قوم عاد کی طرح ان لوگوں نے بھی ضد وعناد اور سرکشی پر کمر باندھ لی، حضرت صالح علیہ السلام نے انہیں یہ بتایا کہ میں اللہ کا رسول ہوں امین ہوں تم اللہ سے ڈرو اور میری فرمانبرداری کرو اور یہ فرمایا کہ دیکھو اللہ تعالیٰ نے تمہیں خوب نعمتیں دی ہیں ان کو یاد کرو ناشکرے نہ بنو اس نے تمہیں باغ دیئے چشمے عطا فرمائے کھیتیاں عنایت فرمائیں کھجوروں کے باغ دیئے ان کھجوروں کے گچھے گوندھے ہوئے ہیں جو خوب پھل لانے والے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے مزید یہ کرم فرمایا کہ تمہیں پہاڑوں کے تراشنے کی قوت اور ہمت عطا فرمائی تم پہاڑوں کو تراشتے ہو اور فخر کرتے ہوئے اور اتراتے ہوئے ان میں گھر بنا لیتے ہو کیا تمہارا یہ خیال ہے کہ ہمیشہ امن وامان اور چین وآرام میں رہو گے اگر تمہارا یہ خیال ہے تو غلط ہے دیکھو تمہیں مرنا بھی ہے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پیش ہونا بھی ہے تم اللہ سے ڈرو اور میری فرمانبرداری کرو، جن لوگوں نے تمہاری راہ مار رکھی ہے جو حد سے آگے نکل چکے ہیں زمین میں فساد کرتے ہیں اور اصلاح نہیں کرتے تم ان کی باتوں میں آ کر اپنی جانوں کو ہلاکت میں نہ ڈالو، تمہارے جو بڑے ہیں تمہارا ناس کھو رہے ہیں۔ وہ تمہیں حق قبول کرنے نہیں دیتے۔

قوم ثمود نے حضرت صالح علیہ السلام کو جواب دیا کہ ہمارے خیال میں تو صرف یہ بات ہے کہ تم پر کسی نے جادو کر دیا ہے اسی وجہ سے تم ایسی باتیں کر رہے ہو، اور یہ بات بھی ہے کہ تم ہمارے ہی جیسے آدمی ہو تمہارے اندر وہ کونسی بڑائی ہے۔ جس کی وجہ سے تم رسول بنائے گئے؟ سورۃ القمر میں ہے کہ ان لوگوں نے کہا اَبَشَرًا مِّنَّا وَاحِدًا نَّتَّبِعُهٗۤ اِنَّاۤ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ وَّسُعُرٍ ءَاُلْقِيَ الذِّكْرُ عَلَيْهِ مِنْۢ بَيْنِنَا بَلْ هُوَ كَذَّابٌ اَشِرٌ ۝ (سو وہ کہنے لگے کیا ہم ایسے شخص کا اتباع کریں جو ہم ہی میں سے ایک شخص ہے اگر ہم ایسا کریں تو ضرور بڑی گمراہی اور دیوانگی میں پڑ جائیں گے، کیا ہم سب کے درمیان سے اسی کی طرف وحی کی گئی ہے، بلکہ بات یہ ہے کہ وہ جھوٹا ہے شیخی خورہ ہے) باتیں کرتے کرتے وہ لوگ یہاں تک آگے بڑھے کہ انہوں نے یوں کہہ دیا کہ اچھا کوئی خاص معجزہ پیش کرو اگر تم سچے ہو۔ حضرت صالح علیہ السلام نے فرمایا کہ دیکھو یہ اونٹنی ہے اللہ کی طرف سے بطور معجزہ بھیجی گئی ہے (بعض مفسرین نے فرمایا ہے کہ ان لوگوں نے خود ہی کہا تھا کہ ہم تو تمہیں اس وقت نبی مانیں گے جب تم پہاڑ سے اونٹنی نکال کر دکھاؤ ان کو ہر چند سمجھایا کہ اپنا منہ مانگا معجزہ فیصلہ کن ہوتا ہے اگر تمہارے مطالبہ پر پہاڑ سے اونٹنی نکل آئی اور تم ایمان نہ لائے تو سمجھ لو کہ جلد ہی عذاب آ جائے گا لیکن وہ نہ مانے) اللہ کے حکم سے پہاڑ سے اونٹنی برآمد ہوئی یہ اونٹنی عام اونٹنیوں کی طرح نہ تھی اللہ کی بھیجی ہوئی اونٹنی تھی اس کو بہت زیادہ پانی پینے کی ضرورت تھی ان لوگوں کو واضح طور پر بتادیا تھا لَهَا شِرْبٌ وَّلَكُمْ شِرْبُ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ (اس کے لئے پانی پینے کا وقت مقرر ہے اور تمہارے لئے ایک دن کا پینا مقرر ہے) یہ اونٹنی کنویں میں منہ لٹکا کر اکیلی کنویں کا پانی پی جاتی تھی اور قوم ثمود کے لوگ روزانہ پانی نہیں پلا سکتے تھے خود ان کے لئے پانی بھرنے کا اور

مویشیوں کو پانی پلانے کا دن مقرر کر دیا گیا تھا۔

پہلے تو اپنے منہ سے اونٹنی مانگی تھی پھر جب پانی کی تقسیم کا معاملہ درپیش ہوا تو ان لوگوں کو یہ بات کھلنے لگی اور اس اونٹنی کا وجود ناگوار ہوا اور اونٹنی کے قتل کرنے کا مشورہ کرنے لگے۔ حضرت صالح علیہ السلام کو ان کے ارادوں کی اطلاع ملی تو فرمایا اسے برائی کے ساتھ ہاتھ نہ لگانا اگر تم نے ایسا کیا تو تمہیں دردناک عذاب پکڑ لے گا، بالآخر عذاب آ ہی گیا اور وہ لوگ ہلاک کر دیئے گئے ان لوگوں پر سخت چیخ کا اور زلزلہ کا عذاب آیا۔ اسی کو فرمایا۔ فَعَقَرُوْهَا فَاَصْبَحُوْا نٰدِمِيْنَ فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ (سو انہوں نے اس اونٹنی کو کاٹ ڈالا پھر پشیمان ہوئے پھر عذاب نے ان کو پکڑ لیا) سورۂ اعراف اور سورۂ ہود میں تفصیل گزر چکی ہے۔

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً (بلاشبہ اس میں بڑی عبرت) وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ (اور ان میں سے اکثر ایمان لانے والے نہیں ہیں)۔

وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ (اور بے شک آپ کا رب عزیز ہے رحیم ہے)۔

كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوْطِ ِۨالْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۶۰﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ لُوْطٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۶۱﴾ اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ

لوط کی قوم نے پیغمبروں کو جھٹلایا۔ جبکہ ان کے بھائی لوط نے ان سے کہا کیا کہ تم نہیں ڈرتے۔ میں بلاشبہ تمہارے لئے اللہ کا رسول ہوں

اَمِيْنٌ ﴿۱۶۲﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۱۶۳﴾ وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶۴﴾

امانت دار ہوں۔ سو تم اللہ سے ڈرو اور میری فرمانبرداری کرو۔ اور میں تم سے اس پر کسی عوض کا سوال نہیں کرتا، میرا اجر تو بس رب العالمین کے ذمہ ہے۔

اَتَاْتُوْنَ الذُّكْرَانَ مِنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶۵﴾ وَتَذَرُوْنَ مَا خَلَقَ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ ۭ بَلْ اَنْتُمْ

کیا تمام دنیا جہان والوں میں سے تم مردوں سے بدفعلی کرتے ہو اور تمہارے رب نے جو تمہارے لئے بیبیاں پیدا فرمائیں ہیں ان کو چھوڑتے ہو بلکہ تم حد سے آگے بڑھ

قَوْمٌ عٰدُوْنَ ﴿۱۶۶﴾ قَالُوْا لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ يٰلُوْطُ لَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُخْرَجِيْنَ ﴿۱۶۷﴾ قَالَ اِنِّيْ لِعَمَلِكُمْ مِّنَ

جانے والے لوگ ہو۔ ان لوگوں نے کہا کہ اے لوط اگر تم باز نہ آئے تو تم ضرور نکال دیئے جانے والے لوگوں میں شامل ہو جاؤ گے۔ لوط نے کہا کہ میں تمہارے کام سے بغض رکھنے

الْقَالِيْنَ ﴿۱۶۸﴾ رَبِّ نَجِّنِيْ وَاَهْلِيْ مِمَّا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶۹﴾ فَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۷۰﴾ اِلَّا عَجُوْزًا فِي

والوں میں سے ہوں۔ اے میرے رب مجھے اور میرے گھر والوں کو ان کے کاموں سے نجات دیجئے۔ سو ہم نے لوط کو اور اس کے تمام گھر والوں کو نجات دیدی۔ سوائے ایک بڑھیا کے،

الْغٰبِرِيْنَ ﴿۱۷۱﴾ ثُمَّ دَمَّرْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿۱۷۲﴾ وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ۚ فَسَآءَ مَطَرُ

وہ باقی رہ جانے والوں میں سے تھی۔ پھر ہم نے دوسروں کو ہلاک کر دیا۔ اور ہم نے ان پر خاص قسم کی بارش برسادی سو کیا ہی بری بارش تھی

الْمُنْذَرِيْنَ ﴿۱۷۳﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۷۴﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۷۵﴾

ع ۹ ۱۶ ۱۳

جو ان لوگوں پر برسائی گئی جن کو ڈرایا گیا۔ بلاشبہ اس میں بڑی عبرت ہے اور ان میں اکثر ایمان لانے والے نہیں ہیں۔ اور بے شک آپ کا رب عزیز ہے رحیم ہے۔

حضرت لوط علیہ السلام کا اپنی قوم کو تبلیغ کرنا اور برے کاموں سے روکنا، قوم کا دھمکی دینا کہ ہم تمہیں نکال دینگے، پھر پتھروں کی بارش سے ہلاک ہونا

سیدنا حضرت لوط علیہ السلام بھی اللہ تعالیٰ کے پیغمبر تھے، جن بستیوں کی طرف مبعوث ہوئے وہ نہر اردن کے قریب تھیں یہ لوگ فحش کام کرنے والے تھے یعنی مردوں کے ساتھ شہوت رانی کیا کرتے تھے۔ جیسا کہ سورۂ اعراف اور سورۂ ہود اور یہاں سورۂ شعراء میں بیان فرمایا ہے، ان سے پہلے یہ عمل کسی قوم نے نہیں کیا تھا، نیز یہ لوگ ڈاکہ زنی بھی کرتے تھے جیسا کہ سورۂ عنکبوت (ع ۳) میں مذکور ہے۔ وَتَقْطَعُوْنَ السَّبِيْلَ (اور تم راہزنی کرتے ہو)۔

حضرت لوط علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان کو اچھی طرح سے سمجھایا اور برے کام سے روکا لیکن انہوں نے ایک نہ مانی اور بیہودہ جواب دینے لگے، کہنے لگے اجی! ان لوگوں کو بستی سے نکال دو یہ لوگ پاک باز بنتے ہیں۔ مطلب یہ تھا کہ یہ لوگ خود پاک باز بنتے ہیں اور ہمیں گندہ بتاتے ہیں گندوں میں پاکوں کا کیا کام؟ یہ بات انہوں نے ازراہ تمسخر کہی تھی۔

یہاں سورۂ شعراء میں یہ بھی ہے قَالُوْا لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ يٰلُوْطُ لَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُخْرَجِيْنَ (ان لوگوں نے حضرت لوط علیہ السلام کو جواب دیتے ہوئے کہا کہ اے لوط! اگر تو باز نہ آیا تو ضرور ان لوگوں میں سے ہو جائے گا جنہیں نکال دیا جاتا ہے)۔ قَالَ اِنِّيْ لِعَمَلِكُمْ مِّنَ الْقَالِيْنَ (حضرت لوط علیہ السلام نے فرمایا میں تمہارے اعمال سے بغض رکھنے والا ہوں) وہ لوگ برابر اپنی بے ہودگی اور بے حیائی پر اڑے رہے اور کمال بے ہودگی اور ڈھٹائی کے ساتھ انہوں نے کہا کہ اگر تو سچا ہے تو اللہ کا عذاب لے آ، ان پر عذاب آ گیا اور انہیں منہ مانگی مصیبت مل گئی، سورۂ انعام اور سورۂ شعراء اور سورۂ نمل میں وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا فرمایا ہے (کہ ہم نے ان پر خاص قسم کی بارش برسا دی) اور سورۂ ہود اور سورۂ حجر میں فرمایا ہے کہ ہم نے ان کی زمین کے اوپر والے حصہ کو نیچے والا حصہ کر دیا یعنی زمین کا تختہ الٹ دیا اور ان پر کنکر کے پتھر برسا دیئے نیز سورۂ حجر میں یہ بھی ہے کہ سورج نکلتے نکلتے ان کو چیخ نے پکڑ لیا، خلاصہ یہ ہے کہ ان پر تینوں طرح کا عذاب آیا اور ہلاک اور برباد کر دیئے گئے، لوط علیہ السلام اور ان کے گھر والوں کو نجات مل گئی ہاں ایک بڑھیا جو حضرت لوط علیہ السلام کی بیوی تھی انہیں لوگوں میں سے رہ گئی جو عذاب میں مبتلا ہوئے اور وہ بھی انکے ساتھ ہلاک ہو گئی تفصیل کے ساتھ حضرت لوط علیہ السلام کی قوم کا واقعہ سورۂ اعراف، سورۂ ہود، سورۂ حجر میں گزر چکا ہے۔ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً (بلاشبہ اس میں بڑی عبرت ہے وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ اور ان میں سے اکثر ایمان لانے والے نہیں ہیں) وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ (اور بے شک آپ کا رب عزیز ہے رحیم ہے)۔

كَذَّبَ اَصْحٰبُ لْئَيْكَةِ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۷۶﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ شُعَيْبٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۷۷﴾ اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿۱۷۸﴾

ایکہ والوں نے پیغمبروں کو جھٹلایا جبکہ ان سے شعیب علیہ السلام نے کہا کیا تم نہیں ڈرتے۔ بے شک میں تمہارے لئے رسول امین ہوں۔

فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۱۷۹﴾ وَمَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۸۰﴾ اَوْفُوا الْكَيْلَ

سو تم اللہ سے ڈرو اور میری فرمانبرداری کرو۔ اور تم سے اس پر کسی اجرت کا سوال نہیں کرتا میرا ثواب تو بس رب العالمین ہی کے ذمہ ہے۔ تم پورا ناپا کرو۔

وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُخْسِرِيْنَ ﴿۱۸۱﴾ وَزِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيْمِ ﴿۱۸۲﴾ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِي

اور نقصان میں ڈالنے والے مت بنو۔ اور ٹھیک طرح سے وزن کیا کرو۔ اور لوگوں کو ان کی چیزیں گھٹا کر مت دیا کرو۔ اور زمین میں

الْاَرْضِ مُفْسِدِیْنَ ﴿۱۸۳﴾ وَاتَّقُوا الَّذِیْ خَلَقَكُمْ وَ الْجِبِلَّةَ الْاَوَّلِیْنَ ﴿۱۸۴﴾ قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مِنَ الْمُسَحَّرِیْنَ ﴿۱۸۵﴾

فساد کرنے والے نہ بنو۔ اور اس ذات سے ڈرو جس نے تم کو اور تمام اگلی مخلوقات کو پیدا فرمایا۔ ان لوگوں نے کہا کہ بات یہی ہے کہ تو ان لوگوں میں سے ہے جن پر جادو کر دیا گیا ہو۔

وَمَآ اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا وَاِنْ نَّظُنُّكَ لَمِنَ الْكٰذِبِیْنَ ﴿۱۸۶﴾ فَاَسْقِطْ عَلَیْنَا كِسَفًا مِّنَ السَّمَآءِ اِنْ كُنْتَ مِنَ

اور تو ہمارا ہی جیسا ایک آدمی ہے اور بے شک ہم تجھے جھوٹوں ہی میں سے خیال کرتے ہیں۔ سو اگر تو سچوں میں سے ہے تو ہم پر آسمان کا

الصّٰدِقِیْنَ ﴿۱۸۷﴾ قَالَ رَبِّیْٓ اَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸۸﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَهُمْ عَذَابُ یَوْمِ الظُّلَّةِ ؕ اِنَّهٗ كَانَ

کوئی ٹکڑا گرا دے۔ شعیب نے کہا کہ تم جو کام کرتے ہو انہیں میرا رب خوب جانتا ہے۔ سو ان لوگوں نے انہیں جھٹلایا لہٰذا ان لوگوں کو سائبان والے دن کے عذاب

عَذَابَ یَوْمٍ عَظِیْمٍ ﴿۱۸۹﴾ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ﴿۱۹۰﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِیْزُ الرَّحِیْمُ ﴿۱۹۱﴾

نے پکڑ لیا، بے شک وہ بڑے دن کا عذاب تھا۔ بلاشبہ اس میں بڑی عبرت ہے اور ان میں سے اکثر ایمان لانے والے نہیں ہیں۔ اور بے شک آپ کا رب عزیز ہے رحیم ہے۔

اصحاب الایکہ کو حضرت شعیب علیہ السلام کا حق کی دعوت دینا، ناپ تول میں کمی کرنے سے روکنا، پھر ان لوگوں کا نافرمانی کی سزا میں ہلاک ہونا

حضرت شعیب علیہ السلام اصحاب مدین اور اصحاب ایکہ کی طرف مبعوث ہوئے تھے کفر کے علاوہ ان میں جو دوسرے معاصی رواج پذیر تھے ان میں سے ایک یہ بھی تھا کہ ناپ تول میں کمی کرتے تھے بھاؤ طے ہو جانے کے بعد جب خریدار کو ناپ کر یا تول کر سودا دیتے تھے تو کمی کر دیتے تھے حضرت شعیب علیہ السلام نے ان کو توحید کی دعوت دی اور فرمایا کہ میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے رسول امین ہوں اللہ سے ڈرو اور میری فرمانبرداری کرو اور زمین میں فساد نہ کرو، یہ لوگ برابر ضد اور عناد پر اڑے رہے اور حضرت شعیب علیہ السلام کو بے تکے جواب دیتے رہے ناپ تول میں کمی کرنے سے جو انہیں منع فرمایا تھا اس کے بارے میں کہنے لگے یٰشُعَیْبُ اَصَلٰوتُكَ تَاْمُرُكَ اَنْ نَّتْرُكَ مَا یَعْبُدُ اٰبَآؤُنَآ اَوْ اَنْ نَّفْعَلَ فِیْٓ اَمْوَالِنَا مَا نَشٰٓؤُا ط (اے شعیب کیا تمہاری نماز تمہیں یہ حکم دیتی ہے کہ ہم ان چیزوں کو چھوڑ دیں جن کی ہمارے باپ دادے عبادت کرتے تھے اور یہ کہ ہم اپنی مرضی سے اپنے مالوں میں تصرف نہ کریں) مطلب یہ تھا ہمارے مال میں جو چاہیں کریں کم تولیں کم ناپیں تمہیں اس سے کیا غرض۔ جب انسان یہ بھول جاتا ہے کہ میں اللہ کا بندہ ہوں میں اور میرا مال اللہ ہی کی ملکیت ہے تو اس طرح کی باتیں کرنے لگتا ہے۔

حضرت شعیب علیہ السلام نے فرمایا کہ تم اللہ سے ڈرو جس نے تمہیں پیدا فرمایا ہے اور تم سے پہلے جو لوگ گزرے ہیں انہیں بھی اسی نے پیدا فرمایا ہے۔ وہ لوگ کہنے لگے میاں جاؤ تمہاری ایسی ہی باتیں ہیں تم پر کسی نے تگڑا جادو کر دیا ہے اور تم ہو بھی ہمارے جیسے ایک آدمی، ہم تم کو کیسے نبی مانیں؟ ہمارے خیال میں تو تم جھوٹوں میں سے ہو، اور یہ جو تم بار بار عذاب آنے کی رٹ لگاتے ہو اس سے ہم پر کچھ بھی اثر ہونے والا نہیں، اگر عذاب کی بات سچی ہے یوں ہی دھمکی نہیں ہے تو عذاب لا کر دکھا دو، چلو آسمان سے ہم پر ایک ٹکڑا گرا دو، حضرت شعیب علیہ السلام نے فرمایا کہ میں عذاب کا لانے والا نہیں ہوں اور میں اس کی کیفیت کی تعیین بھی نہیں کر سکتا۔ تمہارے اعمال کو میرا رب خوب جانتا ہے تم پر کب عذاب آئے گا اور کس طرح عذاب آئے گا یہ سب اسی کے علم میں ہے، بہر حال تمہارے اعمال عذاب کی

دعوت دینے والے ہیں (صاحب الروح) لوگوں کی سرکشی بڑھتی گئی اور راہ راست پر نہ آئے اور ان پر عذاب آ ہی گیا اور الظلة (سائبان) کے عذاب سے ہلاک ہوئے، مفسر قرطبی نے لکھا ہے کہ جب عذاب آنے کا وقت قریب قریب آ ہی گیا تو ان پر اللہ تعالیٰ نے سخت گرمی بھیج دی لہٰذا وہ گھروں کو چھوڑ کر درختوں اور جھاڑیوں کے پاس جمع ہو گئے پھر اللہ تعالیٰ نے بادل بھیجا جس کے سایہ میں پناہ لینے کے لئے ایک جگہ جمع ہو گئے جب سب اکٹھے ہو گئے تو وہیں پر جلا دیئے گئے۔ روح المعانی میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان پر آگ بھیج دی جوان سب کو کھا گئی یہ ان کا منہ مانگا عذاب تھا انہوں نے کہا کہ ہم پر آسمان سے ٹکڑا گرا دو، لہٰذا آسمان ہی کی طرف سے بادل نظر آیا اور اسی کے سایہ میں جل کر بھسم ہو گئے اِنَّهٗ كَانَ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ (بلاشبہ یہ بڑے دن کا عذاب تھا)۔

فائدہ .... ایکہ جھاڑیوں والے جنگل کو کہا جاتا ہے یہ لوگ ایسے جنگل میں رہتے تھے جس میں جھاڑیاں تھیں اور گھنے درخت تھے، علامہ قرطبی فرماتے ہیں کہ اِذْ قَالَ لَهُمْ شُعَيْبٌ فرمایا اور اخوهم نہیں فرمایا کیونکہ حضرت شعیب علیہ السلام ان کی قوم میں سے نہ تھے ہاں اصحاب مدین کے بارے میں اَخَاهُمْ شُعَيْبًا فرمایا ہے کیونکہ حضرت شعیب علیہ السلام نسب اور خاندان کے اعتبار سے انہی میں سے تھے۔ (كما مر في سورة الاعراف وفي سورة هود عليه السلام ويأتي في سورة العنكبوت ان شاء الله تعالىٰ)

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً (بلاشبہ اس میں بڑی عبرت ہے) وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ (اور ان میں سے اکثر ایمان لانے والے نہیں ہیں) وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ (اور بے شک آپ کا رب عزیز ہے رحیم ہے)۔

وَاِنَّهٗ لَتَنْزِيْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٩٢﴾ نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ ﴿١٩٣﴾ عَلٰى قَلْبِكَ لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ﴿١٩٤﴾

اور بلاشبہ یہ رب العالمین کا اتارا ہوا ہے۔ اس کو آپ کے قلب پر امانت دار فرشتہ لیکر نازل ہوا۔ تاکہ آپ واضح طور پر ڈرانے والوں میں سے ہو جائیں۔

بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِيْنٍ ﴿١٩٥﴾ وَاِنَّهٗ لَفِيْ زُبُرِ الْاَوَّلِيْنَ ﴿١٩٦﴾ اَوَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ اٰيَةً اَنْ يَّعْلَمَهٗ عُلَمٰٓؤُا

واضح عربی زبان میں ہے۔ اور بلاشبہ اس کا ذکر پہلی امتوں کی کتابوں میں ہے۔ کیا ان لوگوں کے لئے یہ بات دلیل نہیں ہے کہ اسے علمائے

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿١٩٧﴾ وَلَوْ نَزَّلْنٰهُ عَلٰى بَعْضِ الْاَعْجَمِيْنَ ﴿١٩٨﴾ فَقَرَاَهٗ عَلَيْهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ مُؤْمِنِيْنَ ﴿١٩٩﴾

بنی اسرائیل جانتے ہیں۔ اور اگر ہم اس کو کسی عجمی پر نازل کرتے پھر وہ اس کو ان کے سامنے پڑھ کر سنا دیتا تب بھی یہ لوگ ایمان لانے والے نہ تھے۔

كَذٰلِكَ سَلَكْنٰهُ فِيْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿٢٠٠﴾ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿٢٠١﴾ فَيَاْتِيَهُمْ

ہم نے اسی طرح اس ایمان نہ لانے کو مجرمین کے دلوں میں ڈال رکھا ہے یہ لوگ اس پر ایمان نہ لائیں گے جب تک کہ دردناک عذاب نہ دیکھ لیں، سو وہ ان کے

بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٢٠٢﴾ فَيَقُوْلُوْا هَلْ نَحْنُ مُنْظَرُوْنَ ﴿٢٠٣﴾ اَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿٢٠٤﴾

پاس اچانک آ جائے گا اور انہیں خبر بھی نہ ہوگی، پھر کہیں گے کیا ہمیں مہلت مل سکتی ہے۔ کیا یہ لوگ ہمارے عذاب کو جلدی چاہتے ہیں۔

اَفَرَءَيْتَ اِنْ مَّتَّعْنٰهُمْ سِنِيْنَ ﴿٢٠٥﴾ ثُمَّ جَآءَهُمْ مَّا كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ﴿٢٠٦﴾ مَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يُمَتَّعُوْنَ ﴿٢٠٧﴾

اے مخاطب ذرا یہ بتا کہ اگر ہم انہیں چند سال عیش میں رہنے دیں پھر جس کا ان سے وعدہ ہے وہ ان کے سر پر آ پڑے۔ تو ان کا وہ عیش ان کو کیا فائدہ دے سکتا ہے،

وَمَآ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ اِلَّا لَهَا مُنْذِرُوْنَ ۝۲۰۸ ذِكْرٰى وَمَا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ۝۲۰۹ وَمَا تَنَزَّلَتْ بِهِ الشَّيٰطِيْنُ ۝۲۱۰ وَمَا

اور ہم نے جتنی بھی بستیاں ہلاک کی ہیں ان سب میں نصیحت کے طور پر ڈرانے والے تھے۔ اور ہم ظلم کرنے والے نہیں ہیں۔ اور اس قرآن کو شیاطین لیکر نہیں اترے اور نہ

يَنْۢبَغِىْ لَهُمْ وَمَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ۝۲۱۱ اِنَّهُمْ عَنِ السَّمْعِ لَمَعْزُوْلُوْنَ ۝۲۱۲

وہ طاقت رکھتے ہیں۔ بلاشبہ وہ سننے سے روک دیئے گئے۔

قرآن عربی زبان میں ہے اسے روح الامین لے کر نازل ہوئے

ان آیات میں نزول قرآن مجید کا تذکرہ فرمایا، منکرین کی تکذیب اور عناد کو بیان فرمایا اور یہ بتایا کہ وہ لوگ عذاب آنے کے لئے جلدی مچاتے ہیں۔ اول تو یہ فرمایا کہ قرآن مجید رب العالمین جل مجدہ کا اتارا ہوا ہے جسے امانت دار فرشتہ لیکر نازل ہوا ہے یعنی حضرت جبریل علیہ السلام، اس فرشتہ نے امانتداری کے طور پر پورا پورا اسی طرح آپ تک پہنچایا ہے جس طرح ان کے سپرد کیا گیا تھا الـــروح الامین یعنی جبریل علیہ السلام نے اس قرآن کو آپ کے قلب پر اتارا تاکہ آپ ڈرانے والوں میں سے ہو جائیں یعنی اس قرآن کے ذریعہ اولین مخاطبین کو اور ان کے آس پاس کے لوگوں کو اور بعد میں آنے والے لوگوں کو ڈرائیں یعنی اللہ کی توحید اور اس کی عبادت کی دعوت دیں جو نہ ماننے اسے بتائیں کہ انکار کی وجہ سے عذاب میں مبتلا ہوگا۔ کمافی سورة الانعام وَاُوْحِيَ اِلَيَّ هٰذَا الْقُرْاٰنُ لِاُنْذِرَكُمْ بِهٖ وَمَنْۢ بَلَغَ وقال تعالٰى في سورة الشورٰى وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا لِّتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى وَمَنْ حَوْلَهَا وَتُنْذِرَ يَوْمَ الْجَمْعِ لَا رَيْبَ فِيْهِ پھر فرمایا کہ قرآن مجید واضح عربی زبان میں نازل ہوا ہے اس کی فصاحت اور بلاغت سب کو مسلم ہے جب اہل عرب کو چیلنج کیا گیا کہ قرآن جیسی ایک سورت بنا کر لاؤ تو عاجز رہ گئے اور آج تک عاجز ہیں، ہمارے ایک ثقہ دوست نے بتایا کہ امریکہ میں دو کمپیوٹر اس بات کے لئے لگا رکھے ہیں کہ قرآن کی ایک آیات کے مقابلہ میں کچھ بنا کر دیں اور اس سلسلہ میں ان کمپیوٹروں کو جب کوئی آیت دیتے ہیں کہ اس کے مقابل بنا کر دو تو وہ انکار کر دیتے ہیں کہ اس کے مقابلہ میں کوئی چیز نہیں بن سکتی۔

مزید فرمایا کہ قرآن مجید پہلی امتوں کی آسمانی کتابوں میں بھی ہے یعنی توریت اور انجیل میں یہ بتایا ہے کہ ایک ایسی شان کا پیغمبر ہوگا اور اس پر ایسا کلام نازل ہوگا اہل کتاب نے گو یا اپنی کتابوں میں تحریف کر دی ہے لیکن اس کے باوجود ان کی کتابوں میں یہ باتیں موجود ہیں بعض مفسرین نے اس کا یہ مطلب بتایا ہے کہ قرآن مجید کے مضامین سابقہ کتب سماویہ میں بھی ہیں جیسا کہ سورۃ الاعلیٰ کے ختم پر فرمایا اِنَّ هٰذَا لَفِي الصُّحُفِ الْاُوْلٰى صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى (بلاشبہ یہ پرانے صحیفوں میں ہے ابراہیم کے صحیفے اور موسیٰ کے صحیفے) حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ مجھے سورۂ بقرہ ذکر اول سے دی گئی ہے اور سورۂ طٰہٰ اور طواسین (جن کے شروع میں طٰسٓ آتا ہے) اور حوامیم (جن سورتوں کے شروع میں حٰمٓ ہے) یہ سورتیں مجھے الواح موسیٰ سے دی گئی ہیں۔ سورۂ فاتحہ اور سورۂ بقرہ کی آخری آیات (اٰمَنَ الرَّسُوْلُ سے لیکر ختم سورت تک) عرش کے نیچے سے دی گئی ہیں اور مفصل (سورۂ حجرات سے سورۃ الناس تک جو سورتیں ہیں) یہ مجھے زائد دی گئی ہیں (جو دیگر انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کو نہیں دی گئیں) ذکر في الجامع الصغير ورمزله بالضعف۔

پھر فرمایا کہ علمائے بنی اسرائیل جو قرآن مجید کے نازل ہونے کے وقت موجود ہیں وہ لوگ یہ جانتے ہیں اور مانتے ہیں کہ خاتم الانبیاء

صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے کتاب نازل ہوگئی، ان علماء میں سے بعض تو مسلمان ہو گئے اور جو مسلمان نہیں ہوئے انہوں نے بھی اس بات کو تسلیم کرلیا ہے، خود تو مسلمان نہ ہوئے لیکن اپنے عوام کو تنہائیوں میں بتادیا اوران کے سامنے اقراری ہو گئے، علماء بنی اسرائیل کا مان لینا کہ قرآن مجید واقعی اللہ کی کتاب ہے یہودیوں پر تو حجت ہے ہی مشرکین عرب پر بھی حجت ہے جو یہود کو اہل علم مانتے ہیں اور جانتے تھے، خصوصاً اہل مکہ جنہوں نے یہودیوں سے جا کر یہ پوچھا کہ تم اہل علم ہو اور اہل کتاب ہو کچھ ایسے سوال بتاؤ جن سے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا امتحان کیا جائے اوران کا جواب پاکر ان کے دعوائے نبوت کی تصدیق کی جاسکے جس پر یہودیوں نے کہا کہ روح کے بارے میں اور اصحاب کہف کے بارے میں اور ذوالقرنین کے بارے میں سوال کرو، قریش مکہ نے واپس آ کر سوالات کئے لیکن جواب ملنے پر بھی ایمان نہ لائے پھر فرمایا کہ اس قرآن کو ہم نے ایسے شخص پر نازل کیا ہے جو عربی ہے اگر ہم بعضے عجمیوں پر یعنی کسی غیر عرب انسان پر نازل کردیتے اور وہ ان کو پڑھ کر سنادیتا تب بھی یہ لوگ ایمان نہ لاتے حالانکہ اس میں معجزہ کا ظہور اور زیادہ ہوتا کیونکہ جس غیر عربی شخص پر قرآن نازل ہوتا اس کا عربی زبان پر قادر نہ ہونا اس بات کی واضح دلیل ہوتی کہ یہ اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے ہے لیکن جن ہٹ دھرموں کو ماننا نہیں ہوتا وہ کسی طرح بھی نہیں مانتے۔

اس کے بعد فرمایا كَذٰلِكَ سَلَكْنٰهُ فِیْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِیْنَ (کہ ہم نے ایمان نہ لانے کو مجرمین کے دلوں میں ڈال دیا ہے) یہ لوگ انکار اور انکار پر اصرار کی وجہ سے قرآن پر ایمان نہ لائیں گے جب تک کہ سخت عذاب کو نہ دیکھ لیں گے جو ان کے سامنے اچانک آ کھڑا ہوگا اوران کو پہلے سے خبر بھی نہ ہوگی، جب یہ صورتحال ہوگی تو یوں کہیں گے کہ کیا ہمیں کچھ مہلت مل سکتی ہے لیکن وہ وقت نہ مہلت کا ہوگا اور نہ اس وقت ایمان قبول کیا جائے گا) عذاب الیم سے وہ عذاب بھی مراد ہوسکتا ہے جو تکذیب کی سزا میں دنیا میں منکرین پر آتا رہا ہے، اور موت کے وقت کا عذاب اور برزخ کا عذاب اور قیامت کے دن کا عذاب بھی مراد ہوسکتا ہے ان عذابوں میں سے کسی بھی عذاب کے آجانے پر مہلت دیئے جانے کا اور ایمان قبول کرنے کا قانون نہیں ہے)۔

پھر فرمایا اَفَبِعَذَابِنَا یَسْتَعْجِلُوْنَ (کیا وہ ہمارے عذاب کے آنے کے لئے جلدی مچا رہے ہیں) چونکہ انہیں عذاب آجانے کا یقین نہیں ہے اس لئے ایسی باتیں کرتے ہیں اوران کا یہ سمجھنا کہ جو ڈھیل دی جارہی ہے یہ اس بات کی دلیل ہے کہ عذاب نہ آئے گا اوران کی سخت غلطی ہے دنیا کی ذراسی چہل پہل دیکھ کر جو یوں سمجھ رہے ہیں کہ عذاب آنے والا نہیں اور اسی زندگی کو سب کچھ سمجھ رہے ہیں یہ بہت بڑی ناسمجھی ہے، جب عذاب آ پہنچے گا جس سے چھٹکارا نہ ہوسکے گا اور سخت بھی ہوگا اس وقت یہ تھوڑی سی زندگی کا کیف اور مال ومتاع کچھ بھی کام نہ دے گا۔ یہ انسانوں کی نہایت ہی حماقت کی بات ہے کہ فانی دنیا میں تھوڑے سے دن کی چہل پہل میں مشغول ہو کر موت کے بعد کی زندگی کو بھول جائیں اور وہاں کے بڑے بڑے اور دائمی عذاب کو اپنے سر لے لیں اسی کو فرمایا اَفَرَءَیْتَ اِنْ مَّتَّعْنٰهُمْ سِنِیْنَ ۝ ثُمَّ جَآءَهُمْ مَّا كَانُوْا یُوْعَدُوْنَ ۝ مَآ اَغْنٰی عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا یُمَتَّعُوْنَ ۝ (اے مخاطب تو بتا کہ اگر ہم ان کو چند سال تک عیش میں رہنے دیں پھر جس عذاب کا ان سے وعدہ کیا جارہا ہے وہ ان کے سر آ پڑے تو ان کا عیش کیا کام دے سکتا ہے؟ یعنی یہ جو عیش کی مہلت دی گئی ہے اس سے آنے والا عذاب تو کیا ٹلتا اس کی وجہ سے اس میں کوئی کمی تخفیف بھی نہ ہوگی) قال صاحب الروح ص ۱۳۱ ج ۱۰ قال سبحانه، ان هٰذا العذاب الموعود وان تأخر ایاماقلائل فهو لا حق بهم لامحالة وهنالک لا ینفعهم ما کانوا فیه من الاغترار المثمر لعدم الایمان۔

اس کے بعد فرمایا وَمَآ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْیَةٍ اِلَّا لَهَا مُنْذِرُوْنَ ذِكْرٰی (اور ہم نے جتنی بھی بستیاں ہلاک کی ہیں ان سب میں نصیحت

کے طور پر ڈرانے والے تھے) یعنی قرآن کے مخاطبین سے پہلے بھی امتیں گزری ہیں کسی امت کو تبلیغ اور انذار کے بغیر نہیں ہلاک کیا گیا ان کی طرف ڈرانے والے بھیجے گئے انہوں نے خیر خواہی اور نصیحت کے طور پر خوب اچھی طرح توحید کی دعوت دی، حق کو واضح کیا منکرین کو ڈھیل دی گئی ان پر حجت پوری ہوگئی اور ڈھیل دینے سے بھی انہوں نے فائدہ نہ اٹھایا تو ان کو ہلاک کر دیا گیا۔ جو لوگ قرآن مجید کے مخاطب ہیں ان لوگوں پر بھی پوری طرح حق واضح کر دیا گیا ہے اور انہیں ڈھیل بھی دی جارہی ہے لہٰذا عذاب کی طرف سے مطمئن ہو کر نہ بیٹھ جائیں۔ وَمَا كُنَّا ظَالِمِيْنَ (اور ہم ظلم کرنے والے نہیں ہیں) یعنی حقیقۃً تو اللہ تعالیٰ سے ظلم کا ظہور ہو ہی نہیں سکتا صورۃً بھی اللہ تعالیٰ سے ظلم کا صدور نہیں ہوسکتا قال صاحب الروح ای لیس شاننا ان یصدر عنا بمقتضی الحکمۃ ماھو فی صورۃ الظلم لو صدر من غیرنا بان نھلک احدا قبل انذارہ او بان نعاقب من لم یظلم۔

اس کے بعد پھر قرآن مجید کی حفاظت کا تذکرہ فرمایا وَمَا تَنَزَّلَتْ بِهِ الشَّيَاطِيْنُ (کہ اس قرآن کو شیاطین لیکر نازل نہیں ہوئے) وَمَا يَنْبَغِيْ لَهُمْ (اور یہ ان کے لئے درست بھی نہیں ہے) وَمَا يَسْتَطِيْعُوْنَ (اور وہ اس پر قدرت بھی نہیں رکھتے) اِنَّهُمْ عَنِ السَّمْعِ لَمَعْزُوْلُوْنَ (بلاشبہ وہ اس کے سننے سے روک دیئے گئے ہیں) یعنی یہ لوگ وحی آسمانی کو سن بھی نہیں سکتے اس پر انہیں بالکل ہی قدرت نہیں ہے۔ صاحب روح المعانی لکھتے ہیں کہ ان میں مشرکین قریش کی اس بات کی تردید ہے جو انہوں نے کہا تھا کہ ایک جن محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے تابع ہے وہ آپ کو قرآن سنا دیتا ہے اور آپ اسی کو نقل فرما دیتے ہیں۔ ان لوگوں کی تردید میں فرمایا کہ اس قرآن کو شیاطین لیکر نہیں آئے اور نہ ان لوگوں کو اس پر قدرت ہے کیونکہ قرآن تو سب ہدایت ہے اور شیاطین کا کام گمراہ کرنے کا ہے وہ ہدایت کی چیز کو جس میں توحید ہی توحید ہے مشرکین کے پاس پہنچانے کا ذریعہ کیونکر بن سکتے ہیں، پھر مزید بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں اس کی قدرت بھی نہیں دی کہ وہ وحی آسمانی کو سن لیں۔ وہاں سے لانا اور آپ تک پہنچانا وہ تو بعد کی بات ہے۔

فَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتَكُوْنَ مِنَ الْمُعَذَّبِيْنَ ﴿۲۱۳﴾ وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ ﴿۲۱۴﴾

سو آپ اللہ کے ساتھ کسی معبود کو نہ پکاریئے ورنہ سزا پانے والوں میں سے ہو جائیں گے۔ اور اپنے قریب ترین رشتہ داروں کو ڈرایئے۔

وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۱۵﴾ فَاِنْ عَصَوْكَ فَقُلْ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ

اور ان لوگوں کے ساتھ تواضع کے ساتھ پیش آیئے جو اہل ایمان آپ کا اتباع کرنے والے ہیں۔ سو اگر یہ لوگ آپ کی نافرمانی کریں تو آپ فرما دیجئے کہ بلاشبہ میں تمہارے

مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۱۶﴾ وَتَوَكَّلْ عَلَى الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ﴿۲۱۷﴾ الَّذِيْ يَرٰىكَ حِيْنَ تَقُوْمُ ﴿۲۱۸﴾ وَتَقَلُّبَكَ

اعمال سے بری ہوں۔ اور آپ عزت والے رحم والے پر توکل کیجئے۔ جو آپ کو دیکھتا ہے جب آپ کھڑے ہوتے ہیں۔ اور سجدہ کرنے

فِي السّٰجِدِيْنَ ﴿۲۱۹﴾ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۲۲۰﴾

والوں میں اٹھتے بیٹھتے ہیں۔ بلاشبہ وہ سننے والا جاننے والا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مؤمنین کے ساتھ تواضع سے پیش آنے اور عزیز ورحیم پر توکل کرنے کا حکم

ان آیات میں اوّلاً یہ فرمایا کہ اللہ کے علاوہ کسی کو معبود نہ بنائیں ایسا کریں گے تو عذاب میں مبتلا ہوں گے بظاہر یہ خطاب رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم کو ہے اور حقیقت میں پوری امت کو خطاب ہے کیونکہ آپ سے شرک اور کفر صادر ہونے کا احتمال ہی نہیں، لیکن آپ کو خطاب کر کے یہ بتادیا کہ جب غیر اللہ کی عبادت کرنے سے آپ کیلئے یہ حکم ہے تو دوسرے لوگ شرک کرنے سے کیونکر **معذب** نہ ہونگے۔

ثانیاً آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم دیا کہ آپ اپنے قریب ترین خاندان کے لوگوں کو ڈرائیے، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جب آیت کریمہ **وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ** نازل ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صفا پہاڑ پر تشریف لے گئے اور وہاں چڑھ کر قریش کے مختلف خاندانوں کو آوازیں دیکر جمع فرمایا جب جمع ہو گئے تو ان سے دریافت فرمایا کہ اگر میں تمہیں یہ خبر دوں کہ میدان میں کچھ گھوڑ اسواروں کی ایک جماعت ہے وہ تم پر حملہ کرنے والے ہیں تو کیا تم میری بات کی تصدیق کرو گے؟ سب نے مل کر جواب میں کہا کہ ہم آپ کی تصدیق کریں گے **ما جربنا عليك الا صدقا** (ہم نے آپ کو ہمیشہ سچا ہی پایا ہے) آپ نے فرمایا تو سمجھ لو کہ میں تمہیں سخت عذاب میں مبتلا ہونے سے ڈرا رہا ہوں (یعنی اگر تم نے میری دعوت توحید قبول نہ کی تو تم سخت عذاب میں مبتلا ہو گے) یہ سن کر ابولہب نے کہا کہ تو ہمیشہ کیلئے ہلاک ہو گیا تو نے ہمیں اس بات کے لئے جمع کیا ہے) اس پر **تَبَّتْ يَدَآ اَبِىْ لَهَبٍ وَّتَبَّ** نازل ہوئی (ابولہب کے ہاتھ ٹوٹ جائیں اور وہ برباد ہو جائے)۔

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ نے ان لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ اے قریش کی جماعت اپنی جانوں کو بچالو (یعنی ایمان لا کر دوزخ کے عذاب سے محفوظ ہو جاؤ) کہ میں اللہ کی طرف سے (آنے والے عذاب) تمہارے چھٹکارا کے لئے کچھ نہیں کر سکتا آپ نے اپنے چچا عباس بن عبدالمطلب سے اپنی پھوپھی صفیہ سے بھی خصوصی طور پر نام لیکر یہی فرمایا اور اپنی بیٹی سے فرمایا اے محمد کی بیٹی فاطمہ میرے مال میں سے تو جو چاہے سوال کر لے میں تجھے اللہ کے عذاب سے نہیں بچا سکتا۔ (رواہ البخاری و مسلم کمافی مشکوٰۃ المصابیح ص ۴۶۰) مطلب یہ ہے کہ آخرت میں نجات کا تعلق رشتہ داری اور کسی کا بیٹا، بیٹی ہونے سے نہیں ہے اس کا تعلق ایمان سے ہے جس نے ایمان قبول کیا اور اسی پر موت آئی وہاں اس کے لئے نجات ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سارے ہی انسانوں اور جنات کی طرف مبعوث ہوئے تھے آپ **رحمة للعالمين** تھے، سب ہی کو ایمان لانے کی دعوت دیتے تھے، پھر بھی خاص طور سے اپنے اہل خاندان کو خصوصیت کے ساتھ ایمان کی دعوت دینے کا حکم فرمایا، اس سے معلوم ہوا کہ مبلغ اور داعی اپنے کنبہ اور خاندان کے لوگوں سے غافل نہ ہوں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے چچا اور پھوپھی کو نام لیکر خطاب فرمایا حتی کہ اپنی بیٹی سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا سے بھی وہی بات فرمائی تھی جو دوسروں سے فرمائی تھی حالانکہ وہ پہلے سے ہی مؤمن تھیں اور اب تک بالغ بھی نہ ہوئی تھیں۔ معلوم ہوا کہ اپنی اولاد کو دین پڑھانا بھی مبلغ اور داعی کی ذمہ داری ہے **سورۃ التحریم** میں فرمایا **يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا وَّقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ** (اے ایمان والو تم اپنے کو اور اپنے گھر والوں کو اس آگ سے بچاؤ جس کا ایندھن آدمی اور پتھر ہیں) بہت سے لوگوں کو دیکھا جاتا ہے کہ دوسروں کو تبلیغ کرنے میں بہت آگے آگے ہوتے ہیں لیکن اولاد اور اہل خانہ اور اہل خاندان سے غافل رہتے ہیں۔

ثالثاً آپ کو یہ حکم دیا کہ اہل ایمان جنہوں نے آپ کی پیروی کر لی آپ کے دین میں داخل ہو گئے اور آپ کی راہ پر چلنے لگے آپ ان کے ساتھ تواضع اور فروتنی اختیار کیجئے ان کے ساتھ مشفقانہ برتاؤ کیجئے (جس نے ایمان قبول کر لیا وہ رحمت و رافت اور شفقت کا زیادہ مستحق ہو گیا)۔

رابعاً یوں فرمایا کہ جن لوگوں کو آپ دین حق کی دعوت دیتے ہیں وہ لوگ اگر آپ کی نافرمانی کریں تو آپ فرما دیجئے کہ میں تمہارے

اعمال سے بیزار ہوں (نافرمانوں کے ساتھ کسی مداہنت اور مسامحت کی گنجائش نہیں)۔

خامساً یہ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کیجئے جو عزیز ہے اور رحیم ہے، جب آپ نماز کے لئے کھڑے ہوتے ہیں امامت کرتے وقت سجدہ کرنے والوں کے درمیان آپ کی نشست اور برخاست ہوتی ہے وہ آپ کو دیکھتا ہے وہ سب کی باتوں کو سنتا ہے اور تمام احوال کو جانتا ہے، اگر مخالفین کی طرف سے تکلیف پہنچنے کا اندیشہ ہو تو آپ فکرمند نہ ہوں، اس ذات پاک پر بھروسہ کریں جو عزیز ہے اور رحیم ہے اور سمیع ہے علیم ہے۔

هَلْ اُنَبِّئُكُمْ عَلٰى مَنْ تَنَزَّلُ الشَّيٰطِيْنُ ﴿٢٢١﴾ تَنَزَّلُ عَلٰى كُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ ﴿٢٢٢﴾ يُّلْقُوْنَ السَّمْعَ وَاَكْثَرُهُمْ

کیا میں تمہیں بتاؤں کہ شیاطین کس پر اترتے ہیں۔ وہ ہر جھوٹے بدکردار پر اترتے ہیں۔ جو کان لگا کر سنتے ہیں اور اکثر ان میں جھوٹ

كٰذِبُوْنَ ﴿٢٢٣﴾ وَالشُّعَرَآءُ يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوٗنَ ﴿٢٢٤﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّهُمْ فِىْ كُلِّ وَادٍ يَّهِيْمُوْنَ ﴿٢٢٥﴾ وَاَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ

بولنے والے ہیں۔ اور شاعروں کے پیچھے گمراہ لوگ چلا کرتے ہیں۔ اے مخاطب کیا تو نے نہیں دیکھا کہ وہ ہر میدان میں حیران پھرا کرتے ہیں۔ اور وہ لوگ وہ باتیں کہتے

مَا لَا يَفْعَلُوْنَ ﴿٢٢٦﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَذَكَرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّانْتَصَرُوْا

ہیں جو کرتے نہیں۔ سوائے ان لوگوں کے جو ایمان لائے اور نیک عمل کئے اور اللہ کو کثرت سے یاد کیا، اور مظلوم ہونے کے

مِنْۢ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا ؕ وَسَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَىَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُوْنَ ﴿٢٢٧﴾

بعد انہوں نے بدلہ لیا اور جن لوگوں نے ظلم کیا وہ عنقریب جان لیں گے کہ وہ کیسی جگہ لوٹ کر جائیں گے۔

ع ۱۱ ۱۵

شیاطین ہر جھوٹے پر نازل ہوتے ہیں اور شعراء کے پیچھے گمراہ لوگ چلتے ہیں

مشرکین کہا کرتے ہیں کہ "ایک جن محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو سکھاتا اور بتاتا ہے وہی باتیں آپ ہمیں بتا دیتے ہیں" کے جواب میں فرمایا هَلْ اُنَبِّئُكُمْ عَلٰى مَنْ تَنَزَّلُ الشَّيٰطِيْنُ (کیا میں تمہیں بتاؤں کہ شیاطین کس پر اترتے ہیں) تَنَزَّلُ عَلٰى كُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ (وہ جھوٹے بدکردار پر اترتے ہیں) يُّلْقُوْنَ السَّمْعَ وَاَكْثَرُهُمْ كٰذِبُوْنَ (جو کان لگا کر سنتے ہیں اور اکثر ان میں جھوٹ بولنے والے ہیں) یعنی ان جھوٹے لوگوں کے کانوں میں جو شیاطین باتیں ڈالتے ہیں یہ ان کی طرف خوب کان لگا کر سنتے ہیں اور شیاطین سے سن کر جو باتیں نقل کرتے ہیں ان میں بھی اکثر جھوٹ بولتے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے پہلے شیاطین اوپر جا کر فرشتوں کی باتیں سنتے تھے اور کاہنوں کے کان میں ڈال دیتے تھے وہ اوپر سے سنی ہوئی خبر میں اپنی طرف سے بہت سا جھوٹ ملا دیتے تھے اور ان میں سے جو کوئی بات صحیح نکل جاتی تھی جو آسمان سے سنی ہوئی ہوتی تھی وہ اس سے کاہنوں کے معتقد ہو جاتے تھے۔ شیاطین کاہنوں کے پاس آتے تھے۔ یہ کاہن خوب زیادہ جھوٹے بھی ہوتے تھے اور بہت بڑے بدکردار بھی، شیاطین کا کام جھوٹے اور بدکردار لوگوں کے پاس آنے کا ہے وہ نبی سے دوستی نہیں رکھتے، اور اس کے پاس نہیں آ سکتے۔

اس کے بعد شعرآء کی مذمت فرمائی۔ وَالشُّعَرَآءُ يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوٗنَ کہ شعراء کے پیچھے گمراہ لوگ چلا کرتے ہیں (لہٰذا مشرکین کا یہ کہنا صحیح نہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم شاعر ہیں) آپ تو حقائق کی دعوت دیتے ہیں اور شاعر جھوٹی باتیں کہتے ہیں آسمان اور زمین

کے قلابے ملاتے ہیں اور جولوگ ان کے پیچھے چلتے ہیں وہ گمراہ ہوتے ہیں اور گمراہ کو گمراہ ہی پسند کرتا ہے اور اس کے پیچھے چلتا ہے۔
اس کے بعد شاعروں کی بدحالی اور کذب بیانی کا حال بتایا اَلَمْ تَرَ اَنَّهُمْ فِىْ كُلِّ وَادٍ يَّهِيْمُوْنَ (اے مخاطب کیا تو نے نہیں دیکھا کہ شاعر ہر وادی میں یعنی ہر میدان میں حیران پھرا کرتے ہیں) جھوٹی باتیں تلاش کرنے کے لئے ٹکریں مارتے ہیں اور ایسی چیز نکال کر لاتے ہیں جو ان کے متبعین کو پسند ہوں وَاَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ مَالَا يَفْعَلُوْنَ (اور وہ ایسی باتیں کرتے ہیں جن پر عمل نہیں کرتے) روح المعانی ص ۱۴۶ ج ۱۹ میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کیا ہے کہ آیت کریمہ شعراء مشرکین کے بارے میں نازل ہوئی انہوں نے کہا کہ محمد جس طرح باتیں کرتے ہیں ہم بھی اسی طرح کہہ سکتے ہیں یہ لوگ فخر دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجو میں دیہاتیوں کے سامنے اشعار کہتے تھے وہ لوگ خوش ہوتے تھے۔ ان دیہاتیوں کو الغاوون بتایا ہے۔
شاعروں کی بے تکی باتیں، جھوٹی تعریفیں اور غلط تشبیہات اور مدح وذم میں کذب بیانی تو معروف ہی ہے، عارف گنجوی نے اپنے بیٹے کو نصیحت کرتے ہوئے کیا ہی اچھی بات کہی کہ اکذب او احسن اوست بعض اہل علم نے اردو میں اس کا مفہوم یوں ادا کیا ہے۔

حسن شعر کا گر سن لو یہ آج تم جتنا ہو جھوٹ اس میں اتنا ہی بہتریں ہے

عربی کا یہ شعر بھی سنا ہی ہوگا۔

لا تعجبوا من بلى غلالته قد زر ازراه على القمر

فارسی کے اشعار بھی سنیئے۔

اے آنکہ جزو لایتجزی دہان تو
طولے کہ ہیچ عرض نہ دارد میان تو
بنطق کردہ نقطہ موہوم رادونیم
اے آنکہ بودہ است معجز نما بیان تو

اس کے بعد مؤمنین صالحین کا استثناء فرمایا اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَذَكَرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّانْتَصَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا (یعنی جو لوگ اہل ایمان ہیں اور نیک اعمال کرتے ہیں اور اللہ کو کثرت سے یاد کرتے ہیں اور مظلوم ہونے کے بعد بدلہ لے لیتے ہیں یہ لوگ شاعروں کی مذکورہ بالا جماعت سے خارج ہیں) چونکہ ان میں ایمان ہے اعمال صالحہ میں لگے رہتے ہیں اور اللہ کے ذکر میں کثرت سے مشغول رہتے ہیں اس لئے اگر شعر بھی کہتے ہیں تو جھوٹی بے تکی بہکی بہکی باتوں سے بچ کر رہتے ہیں ان کے اشعار بھی ایمان اور اعمال صالحہ کی دعوت دیتے ہیں اللہ سے لو لگانے کی ترغیب دیتے ہیں اشعار میں اللہ تعالیٰ کی تعریف بیان کرتے ہیں اور اعمال صالحہ کی طرف متوجہ کرتے ہیں اور کبھی ایسا کام بھی ہوتا ہے کہ جب کسی مشرک اور کافر نے ان کی ہجو کر دی یا دین کی کسی بات پر اعتراض کر دیا جو ان پر ایک طرح کا ظلم ہے تو وہ بدلہ لینے کے لئے کافروں کی ہجو کر دیتے ہیں اور اس ہجو میں انہیں ثواب ملتا ہے کیونکہ یہ کام بھی اللہ کے لئے ہوتا ہے، حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تک تم اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی طرف سے دفاع کرتے ہو جبرئیل علیہ السلام برابر تمہاری تائید میں لگے رہتے ہیں حضرت حسان رضی اللہ عنہ نے مشرکین کی خوب ہجو کی (کیونکہ وہ لوگ ظالم تھے) حضرت حسان رضی اللہ عنہ کے اشعار کی وجہ سے دلوں میں یہ آرزو نہ رہی کاش کوئی شخص مشرکین کی بے ہودگی کا جواب

دیتا کیونکہ یہ ان پر تیروں سے بھی زیادہ سخت ہے۔ (رواہ مسلم) جب حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے دفاع کرنے کے لئے اشعار کہتے تھے تو آپ ﷺ ان کے لئے مسجد میں منبر بچھا دیتے تھے تا کہ اس پر کھڑے ہو کر اشعار پڑھیں۔ (رواہ البخاری) معلوم ہوا کہ اگر شعر اچھا ہوا تو اس کو پڑھنا جائز ہے بلکہ بعض مرتبہ ثواب ہے۔ مؤمن کے ہر کام میں نیک نیتی ہونی چاہیے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اشعار کا تذکرہ ہوا تو آپ نے فرمایا **هو كلام فحسنه حسن وقبيحه قبيح** (یعنی شعر بھی ایک کلام ہے اس میں جو اچھا ہے وہ اچھا ہے اور جو برا ہے وہ برا ہے) جس شاعری میں جھوٹ ہو گمراہی کی باتیں ہوں غیبتیں ہوں تہمتیں ہوں اور اس کی وجہ سے نمازوں سے غفلتیں ہوں اور وہ مشاعرے جن میں باتیں بھی جھوٹی ہوں اور نمازیں بھی قضا ہوں یہ سب حرام ہیں، اگر کوئی شخص سچا اور اچھا شعر پڑھ لے تو اس کی ممانعت نہیں ہے۔

سورت کے ختم پر فرمایا وَسَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَىَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُوْنَ (کہ جن لوگوں نے ظلم کیا یہ عنقریب جان لیں گے کہ انہیں کیسی بری جگہ لوٹ کر جانا ہے) اس میں ان لوگوں کے لئے وعید ہے جو نبوت کے منکر رہے اور قرآن کی تکذیب کرتے رہے اور آنحضرت ﷺ کو ایذاء پہنچاتے رہے، یہ لوگ جب دوزخ میں داخل ہوں گے تو انہیں اپنا ٹھکانہ معلوم ہو جائے گا جہاں انہیں ہمیشہ رہنا ہوگا۔

وهذا اٰخر تفسير سورة الشعراء، والحمدللّٰه ذى الجبروت والكبرياء والصلوٰة على سيد الرسل والانبياء وعلىٰ اٰله وصحبه البررة الاصفياء الاتقياء۔

☆☆☆..........................☆☆☆

مکی	سورۂ نمل	۹۳ آیتیں اور ۷ رکوع

ایاتہا ۹۳ (۲۷) سُوْرَۃُ النَّمْلِ مَکِّیَّۃٌ (۴۸) رکوعاتہا ۷

سورۂ نمل مکہ معظمہ میں نازل ہوئی اس میں ترانویں آیات اور سات رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

طٰسٓ تِلْكَ اٰیٰتُ الْقُرْاٰنِ وَكِتَابٍ مُّبِیْنٍ ﴿۱﴾ هُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۲﴾ الَّذِیْنَ یُقِیْمُوْنَ

طٰسٓ: یہ آیات ہیں قرآن کی، اور واضح طور پر بیان کرنے والی کتاب کی۔ اور روشنی ہیں اہل ایمان کیلئے۔ جو نماز قائم

الصَّلٰوةَ وَیُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ یُوْقِنُوْنَ ﴿۳﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ زَیَّنَّا لَهُمْ

کرتے ہیں اور زکوٰۃ ادا کرتے ہیں اور آخرت پر یقین رکھتے ہیں۔ بلاشبہ جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے ہم نے ان کے

اَعْمَالَهُمْ فَهُمْ یَعْمَهُوْنَ ﴿۴﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ لَهُمْ سُوْٓءُ الْعَذَابِ وَهُمْ فِی الْاٰخِرَةِ هُمُ

اعمال کو مزین کر دیا سو یہ لوگ بھٹکتے پھرتے ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کے لئے برا عذاب ہے، اور یہ لوگ آخرت میں بہت زیادہ خسارہ

الْاَخْسَرُوْنَ ﴿۵﴾ وَاِنَّكَ لَتُلَقَّى الْقُرْاٰنَ مِنْ لَّدُنْ حَكِیْمٍ عَلِیْمٍ ﴿۶﴾

میں ہونگے۔ اور بالیقین آپ کو حکمت والے علم والے کی طرف سے قرآن دیا جا رہا ہے۔

الثلثة

یہ کتاب مبین کی آیات ہیں جو مومنین کے لئے ہدایت اور بشارت ہیں
کافروں کے لئے ان کے اعمال مزین کر دیئے گئے ہیں

یہاں سے سورۃ النمل شروع ہو رہی ہے۔ نمل چیونٹی کو کہتے ہیں اس سورت کے دوسرے رکوع میں ایک قصہ بیان فرمایا ہے۔ جس میں اس بات کا ذکر ہے کہ ایک مرتبہ جب حضرت سلیمان علیہ السلام کا لشکر آ رہا تھا تو ایک چیونٹی نے اپنی ہم جنس چیونٹیوں سے کہا کہ تم لوگ اپنے بلوں میں گھس جاؤ ایسا نہ ہو کہ سلیمان اور ان کا لشکر تمہارا چورا بنا کر رکھ دیں، اسی مناسبت سے اس سورت کا نام سورۃ النمل معروف ہوا۔

اول تو یہ فرمایا کہ یہ قرآن کی اور واضح طور پر بیان کرنے والی کتاب کی آیات ہیں کتاب مبین سے بھی قرآن مجید ہی مراد ہے۔ جیسا کہ سورۂ یوسف کے شروع میں: تِلْكَ اٰیٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِیْنِ فرمایا ہے۔

پھر آیات قرآنیہ کو اہل ایمان کے لئے ہدایت اور بشارت بتایا۔ اور اہل ایمان کی صفات بتائیں کہ وہ نماز قائم کرتے ہیں اور زکوٰۃ ادا کرتے ہیں اور آخرت پر یقین رکھتے ہیں۔ نماز بدنی عبادت ہے اور زکوٰۃ مالی عبادت ہے اور یہ دونوں اسلام کے ارکان میں سے ہیں۔ ان کی ادائیگی پابندی سے کی جائے تو ایمان کے دوسرے تقاضوں پر بھی عمل ہوتا رہتا ہے۔ اور آخرت کا یقین ہر نیکی پر آمادہ کرنے اور ہر گناہ چھڑانے پر ابھارتا رہتا ہے اسی کو آیت کے ختم پر وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ میں بیان فرمایا۔

مؤمنین کی صفات بیان فرمانے کے بعد ارشاد فرمایا کہ آیات قرآنیہ اہل ایمان کے لئے بشارت اور ہدایت ہیں قرآن تو سبھی کو ہدایت کی طرف بلاتا ہے اور حق قبول کرنے پر انعامات کی بشارت دیتا ہے لیکن چونکہ قرآن کی دعوت پر اہل ایمان ہی دھیان دیتے ہیں اس لئے خاص طور سے ان کے لئے ہدایت اور بشارت ہونا بیان فرمایا۔

اس کے بعد کافروں کا تذکرہ فرمایا کہ جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے ہم نے ان کے اعمال کو ان کے لئے مزین کر دیا ہے جو انہیں مرغوب ہیں اور انہیں اچھے لگتے ہیں، جو کام برے ہیں یہ لوگ انہیں اچھا سمجھ رہے ہیں اور اس کی وجہ سے جہل مرکب میں مبتلا ہیں اور گمراہی کی وادیوں میں بھٹکتے پھرتے ہیں، ان لوگوں کی وعید بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ ان کے لئے بڑا عذاب ہے اور یہ لوگ آخرت میں سخت خسارہ میں ہونگے۔ انہیں وہاں نعمت اور رحمت نصیب نہ ہوگی۔ ہمیشہ کے لئے عذاب ہی میں رہیں گے اور عذاب بھی بڑھتا چڑھتا رہے گا اس سے بڑھ کر کیا خسارہ ہو سکتا ہے کہ دنیا میں جو انہیں اجسام دیئے گئے اعضاء اور جوارح عطاء کئے گئے اموال سے نوازے گئے ایمان قبول کر کے ان سب کے ذریعہ جنت حاصل کر سکتے تھے لیکن وہ تو کفر اختیار کر کے اور اعمال بد میں مبتلا ہو کر جنت سے ہاتھ دھو بیٹھے اور دوزخ کے مستحق ہو گئے، یہ سب سے بڑا خسارہ ہے۔

اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب فرمایا وَاِنَّكَ لَتُلَقَّى الْقُرْاٰنَ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ عَلِيْمٍ (اور بالیقین آپ کو حکمت والے علم والے کی طرف سے قرآن دیا جا رہا ہے) پس جب اللہ تعالیٰ کی آپ پر مہربانی ہے اللہ کا فرشتہ آتا رہتا ہے اور اللہ کی کتاب آپ تک پہنچاتا رہتا ہے تو آپ کو یہ محبوبیت عند اللہ ہی کافی ہے۔ دشمن جو کچھ کہیں کہنے دو، ان کی باتوں سے غمگین نہ ہو۔

اِذْ قَالَ مُوْسٰى لِاَهْلِهٖٓ اِنِّيْٓ اٰنَسْتُ نَارًا ؕ سَاٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ اَوْ اٰتِيْكُمْ بِشِهَابٍ قَبَسٍ

جب موسیٰ نے اپنے گھر والوں سے کہا کہ بلاشبہ مجھے آگ نظر آئی ہے میں وہاں سے تمہارے پاس کوئی خبر لاتا ہوں، یا تمہارے پاس آگ کا ایک شعلہ کسی لکڑی میں جلتا

لَّعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ ۞ فَلَمَّا جَآءَهَا نُوْدِيَ اَنْۢ بُوْرِكَ مَنْ فِي النَّارِ وَمَنْ حَوْلَهَا ؕ وَسُبْحٰنَ

ہوا لاتا ہوں تاکہ تم تاپ لو۔ سو جب وہ وہاں آئے تو آواز دی گئی کہ وہ شخص مبارک ہے جو آگ میں ہے، اور وہ بھی مبارک ہیں جو اس کے اردگرد ہیں اور اللہ

اللّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۞ يٰمُوْسٰٓى اِنَّهٗٓ اَنَا اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۞ وَاَلْقِ عَصَاكَ ؕ فَلَمَّا رَاٰهَا تَهْتَزُّ

پاک ہے جو رب العالمین ہے۔ اے موسیٰ بے شک بات یہ ہے کہ میں اللہ ہوں عزیز ہوں حکیم ہوں۔ اور تم اپنی لاٹھی کو ڈال دو، سو جب اس لاٹھی کو دیکھا کہ وہ اس

كَاَنَّهَا جَآنٌّ وَّلّٰى مُدْبِرًا وَّلَمْ يُعَقِّبْ ؕ يٰمُوْسٰى لَا تَخَفْ ۫ اِنِّيْ لَا يَخَافُ لَدَيَّ

طرح حرکت کر رہی ہے جیسے سانپ ہو تو وہ پیٹھ پھیر کر لوٹے اور مڑ کر بھی پیچھے نہ دیکھا، اے موسیٰ تم نہ ڈرو، بلاشبہ میرے حضور

الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۱۰﴾ اِلَّا مَنْ ظَلَمَ ثُمَّ بَدَّلَ حُسْنًاۢ بَعْدَ سُوْٓءٍ فَاِنِّیْ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۱۱﴾ وَ اَدْخِلْ یَدَكَ

میں پیغمبر نہیں ڈرتے۔ مگر جس نے ظلم کیا پھر اس نے گناہ کے بعد اسے نیکی سے بدل دیا تو میں مغفرت کرنے والا ہوں رحمت والا ہوں۔ اور اے موسیٰ تم اپنا ہاتھ گریبان

فِیْ جَیْبِكَ تَخْرُجْ بَیْضَآءَ مِنْ غَیْرِ سُوْٓءٍ فِیْ تِسْعِ اٰیٰتٍ اِلٰی فِرْعَوْنَ وَ قَوْمِهٖ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا

میں داخل کرو وہ بلا کسی عیب کے روشن ہو کر نکلے گا۔ یہ دونوں چیزیں ان نو معجزات میں سے ہیں جنہیں لیکر تمہیں فرعون کی طرف جانا ہے بلاشبہ

قَوْمًا فٰسِقِیْنَ ﴿۱۲﴾ فَلَمَّا جَآءَتْهُمْ اٰیٰتُنَا مُبْصِرَةً قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِیْنٌ ﴿۱۳﴾ وَ جَحَدُوْا بِهَا

وہ لوگ نافرمان ہیں۔ سو جب ان کے پاس ہمارے معجزات پہنچے جو واضح تھے تو کہنے لگے کہ یہ صریح جادو ہے۔ اور انہوں نے ظلم

وَ اسْتَیْقَنَتْهَاۤ اَنْفُسُهُمْ ظُلْمًا وَّ عُلُوًّا ؕ فَانْظُرْ كَیْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِیْنَ ﴿۱۴﴾

اور تکبر کی راہ سے ان کا انکار کیا حالانکہ ان کے نفوس نے یقین کرلیا تھا، سو دیکھو فساد کرنے والوں کا انجام کیا ہوا۔

ع ۱ ۱۴ ۱۶

حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا رات کے وقت سفر میں کوہ طور پر آگ کے لئے جانا اور نبوت سے سرفراز ہونا

سورۂ طٰہٰ کے پہلے اور دوسرے رکوع کی تفسیر میں اور سورۂ شعراء کے دوسرے رکوع کی تفسیر میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کا واقعہ تفصیل کے ساتھ ہم نے بیان کر دیا ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل میں سے تھے مصر میں رہتے تھے فرعون کے بیٹے بنے ہوئے تھے ان کے ہاتھ سے فرعون کی قوم کا ایک شخص قتل ہوگیا ایک شخص نے رائے دی کہ دیکھو فرعونی لوگ تمہارے بارے میں مشورہ کر رہے ہیں لہٰذا تم یہاں سے نکل جاؤ۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام مصر کو چھوڑ کر مدین چلے گئے وہاں کے شیخ کی لڑکی سے نکاح ہوگیا اور دس سال وہاں رہے جب اپنی بیوی کو لیکر مصر کی طرف واپس آنے لگے تو رات کو سردی بھی لگ گئی اور راستہ بھی بھول گئے۔ اچانک کیا دیکھتے ہیں کہ پہاڑ طور پر آگ نظر آ رہی ہے یہ آگ نہیں تھی نور ربانی تھا جسے انہوں نے آگ سمجھ لیا تھا اپنی بیوی سے کہا کہ تم یہاں ٹھہرو مجھے آگ نظر آ رہی ہے میں وہاں جاتا ہوں، وہاں سے لکڑی میں سلگا کر آگ کا کوئی شعلہ لے آؤں گا۔ تا کہ تم اس سے تاپ لوگی یعنی گرمی حاصل کرلوگی اور یہ بھی امکان ہے کہ وہاں کوئی راستہ بتانے والا مل جائے، وہاں پہنچے تو اللہ پاک کی طرف سے یہ آواز آئی کہ وہ شخص مبارک ہے جو آگ میں ہے اور وہ بھی مبارک ہیں جو اس کے اردگرد ہیں۔ مفسرین نے فرمایا ہے کہ من فی النار سے حضرت موسیٰ علیہ السلام اور من حولها سے فرشتے مراد ہیں۔ (وقیل علی عکس ذالک) جہاں یہ آگ تھی سورۂ قصص میں اس کو البقعة المبارکة فرمایا ہے اور آواز بھی وادی کے کنارے کی دائیں جانب سے آئی تھی، بقعہ بھی مبارک وہاں جو فرشتے حاضر تھے وہ بھی مبارک موسیٰ علیہ السلام بھی مبارک، حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے مبارک ہونے کی خوشخبری دی گئی اور ساتھ ہی اللہ تعالیٰ کی تنزیہ بیان کی کہ اللہ تعالیٰ ہر عیب سے اور ہر نقص سے اور مخلوقین کی صفات سے پاک ہے۔ اللہ تعالیٰ شانہ وحدہ لاشریک ہے اپنی ذات وصفات میں مخلوق کی ہر مشابہت سے پاک ہے۔ لَیْسَ كَمِثْلِهٖ شَیْءٌ مبارک ہونے کی بشارت کے بعد اللہ پاک کا مزید خطاب ہوا اور فرمایا یٰمُوْسٰۤی اِنَّهٗۤ اَنَا اللّٰهُ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ کہ اے موسیٰ (علیہ السلام) بے شک میں اللہ ہوں عزیز ہوں حکیم ہوں۔ اس کے بعد لاٹھی کے بارے میں سوال و

جواب ہوا جو موسیٰ علیہ السلام کے ہاتھ میں تھی، پھر اس لاٹھی کے ڈالنے کا حکم فرمایا جب انہوں نے لاٹھی کو ڈال دیا تو وہ اژدھا بن گئی، حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دیکھا کہ وہ سانپ کی طرح سے ہے اور اس میں حرکت ہو رہی ہے یہ حال دیکھ کر وہ پچھلے پاؤں لوٹے اور مڑ کر بھی نہ دیکھا یہ خوف طبعی تھا جس کا اس وقت مظاہرہ ہوا، اللہ پاک کا ارشاد ہوا کہ اسے پکڑ لو ڈرو نہیں ہم اس کو پہلی حالت پر لوٹا دیں گے اور یہ بھی فرمایا کہ اِنِّیْ لَا یَخَافُ لَدَیَّ الْمُرْسَلُوْنَ (میرے حضور میں پیغمبر نہیں ڈرا کرتے) لہٰذا تم ڈرو نہیں میری طرف سے تمہاری حفاظت ہوگی۔ بظاہر اس سے پہلے انہیں نبوت اور رسالت سے نوازنے کا کوئی ذکر نہیں ہے۔ ہمکلامی ہی رسالت عطا فرمانے کے قائم مقام ہوگئی جیسا کہ جبرئیل امین علیہ السلام نے خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم سے غار حرا میں سورۃ العلق کی ابتدائی پانچ آیات سنا دیں اور اسی سے آپ کے پیغمبر ہونے کی ابتداءً خبر دی گئی، اور یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ اِنِّیْ لَا یَخَافُ لَدَیَّ الْمُرْسَلُوْنَ میں دونوں باتیں بیان فرما دیں اول رسالت کا اعلان فرمایا، دوم رسولوں کی ایک صفت خاص بیان فرما دی اور وہ یہ کہ اللہ کے رسول اللہ کے حضور میں کسی مخلوق سے نہیں ڈرتے **قال صاحب الروح والتقیید بلدی لان المرسلین فی سائر الاحیان اَخْوَفُ الناس من اللّٰہ عزوجل۔**

اس کے بعد فرمایا اِلَّا مَنْ ظَلَمَ ثُمَّ بَدَّلَ حُسْنًا بَعْدَ سُوْٓءٍ فَاِنِّیْ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ یہ استثناء منقطع ہے اور مطلب یہ ہے کہ حضرات انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام کے علاوہ جو لوگ کوئی گناہ کر کے اپنی جانوں پر ظلم کرلیں پھر اس کے بعد اس برائی کو نیکی سے بدل لیں یعنی اس کے بعد توبہ کرلیں تو ان کی توبہ قبول ہوگی۔ اللہ تعالیٰ بخشنے والا مہربان ہے۔

چونکہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو فرعون کے پاس بھیجنا تھا اور وہ بڑا سرکش تھا اس لئے معجزات کی ضرورت تھی دو بڑے معجزات تو وہی ہیں جو وادی مقدس میں دے دیئے گئے جہاں آگ لینے کے لئے گئے تھے اور باقی معجزات کا وقتاً فوقتاً ظہور ہوتا رہا یہاں جو دو معجزات دیئے گئے ان میں سے ایک لاٹھی کا سانپ بن جانا تھا اور دوسرا ید بیضاء تھا، اللہ تعالیٰ شانہ نے فرمایا کہ اے موسیٰ (علیہ السلام) تم اپنا ہاتھ اپنے گریبان میں داخل کردو اور پھر اسے نکالو جب نکالو گے تو دیکھو گے کہ وہ خوب سفید ہے اور یہ سفیدی کسی عیب والی نہیں ہوگی جو مرض کی وجہ سے ہو جاتی ہے بلکہ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک خاص نشانی ہے جو بطور معجزہ عطا کی گئی ہے۔

فِیْ تِسْعِ اٰیٰتٍ اِلٰی فِرْعَوْنَ وَقَوْمِهٖ (یہ دو نشانیاں ہیں جو منجملہ ان نو نشانیوں میں سے ہیں جنہیں لے کر تم فرعون اور اس کی قوم کی طرف چلے جانا ہے)۔ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِیْنَ (بلاشبہ وہ لوگ نافرمان ہیں) حضرت موسیٰ علیہ السلام تشریف لے گئے معجزات دکھائے فرعون اور اس کی قوم نے الٹا اثر لیا۔

معجزات سے انہیں بصیرت حاصل ہوئی اور یہ یقین ہوگیا کہ یہ واقعی اللہ کے رسول ہیں لیکن انہوں نے معجزوں کو جادو بتا دیا پھر جادوگروں سے مقابلہ کرایا مقابلہ میں جادوگر ہار گئے اور مسلمان ہوگئے لیکن فرعون اور اس کی قوم نے اپنی جان پر ظلم کیا ان پر ایمان لانے میں اپنی ہیٹی سمجھی تکبر کیا جو انہیں لے ڈوبا اور دلوں میں یقین ہوتے ہوئے انکار کر بیٹھے بالآخر ہلاک کر دیئے گئے اور ڈبو دیئے گئے اسی کو فرمایا فَانْظُرْ كَیْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِیْنَ (سو دیکھ لو فساد کرنے والوں کا کیا انجام ہوا)۔

فائدہ .... وَجَحَدُوْا بِهَا وَاسْتَیْقَنَتْهَآ اَنْفُسُهُمْ سے معلوم ہوا کہ توحید و رسالت کا یقین ہو جانا ایمان نہیں یقین بھی ہو اور یقین کے ساتھ تسلیم بھی ہو (جسے ماننا کہتے ہیں) تب ایمان کا تحقق ہوتا ہے۔ آج کل کافروں میں بکثرت ایسے لوگ ہیں جو اسلام کو دین حق سمجھتے ہیں اس بارے میں مضامین بھی لکھتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت بھی ان کے دلوں میں اتری ہوئی ہے آپ کی تعریف میں نعتیں بھی لکھتے ہیں لیکن اسلام قبول نہیں کرتے یہ جحود اور عناد ہی ہے۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ عِلْمًا ۚ وَقَالَا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ فَضَّلَنَا عَلٰى كَثِيْرٍ مِّنْ عِبَادِهِ

اور البتہ تحقیق ہم نے داؤد اور سلیمان کو علم دیا، اور ان دونوں نے کہا کہ اللہ کے لئے سب تعریف ہے جس نے ہمیں اپنے مؤمن بندوں میں سے بہت سوں پر

الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۵﴾ وَوَرِثَ سُلَيْمٰنُ دَاوٗدَ وَقَالَ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ عُلِّمْنَا مَنْطِقَ الطَّيْرِ وَاُوْتِيْنَا مِنْ كُلِّ

فضیلت دی ہے۔ اور سلیمان، داؤد کے وارث ہوئے اور انہوں نے کہا کہ اے لوگو! ہمیں پرندوں کی بولی سکھائی گئی ہے اور ہمیں ہر

شَيْءٍ ۭ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَضْلُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۶﴾ وَحُشِرَ لِسُلَيْمٰنَ جُنُوْدُهٗ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ

چیز دی گئی ہے، بلاشبہ یہ کھلا ہوا فضل ہے۔ اور سلیمان کے لئے ان کے لشکر جمع کئے گئے جو جنات میں سے اور انسانوں میں سے

وَالطَّيْرِ فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ﴿۱۷﴾ حَتّٰٓى اِذَآ اَتَوْا عَلٰى وَادِ النَّمْلِ ۙ قَالَتْ نَمْلَةٌ يّٰٓاَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا

اور پرندوں میں سے تھے، پھر انہیں روکا جاتا تھا۔ یہاں تک کہ جب چیونٹیوں کے میدان میں آئے تو ایک چیونٹی نے کہا کہ اے چیونٹیو! اپنے رہنے کی جگہوں میں

مَسٰكِنَكُمْ ۚ لَا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمٰنُ وَجُنُوْدُهٗ ۙ وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۸﴾ فَتَبَسَّمَ ضَاحِكًا مِّنْ قَوْلِهَا

گھس جاؤ ایسا نہ ہو کہ سلیمان اور ان کا لشکر تمہیں کچل کے رکھ دیں اور انہیں خبر بھی نہ ہو۔ سو وہ چیونٹی کی بات پر مسکراتے ہوئے ہنس پڑے اور عرض کیا کہ کیا اے

وَقَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ

میرے رب آپ مجھے اس پر رکھئے کہ میں آپ کی نعمت کا شکر ادا کرتا رہوں جو آپ نے مجھے اور میرے والدین کو عطا فرمائی اور یہ کہ میں نیک عمل کروں

صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَدْخِلْنِيْ بِرَحْمَتِكَ فِيْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۹﴾

جس سے آپ راضی ہوں، اور آپ مجھے اپنی رحمت سے اپنے نیک بندوں میں داخل رکھئے۔

حضرت داؤد اور حضرت سلیمان علیہما السلام کا علم وفضل، جن وانس پر حکومت، چیونٹیوں کو بلوں میں داخل ہونے کا مشورہ

ان آیات میں تو حضرت داؤد اور حضرت سلیمان علیہما السلام کا تذکرہ فرمایا کہ ہم نے ان دونوں کو علم عطا فرمایا تھا علم نبوت تو ان دونوں کو دیئے ہی تھے دوسرے علوم بھی عطا فرمائے تھے۔ حضرت داؤد علیہ السلام کے لئے لوہے کو نرم فرما دیا تھا وہ اس سے لوہے کی زرہیں بناتے تھے اور حضرت سلیمان علیہ السلام کو ایسا اقتدار عطا فرمایا تھا جس کے ذریعہ شیاطین سے کام لیتے تھے ان سے عمارتیں بھی بنواتے تھے اور ان سے سمندروں میں غوطے بھی لگواتے تھے اور ان سے بڑے بڑے برتن بنواتے تھے جو تالابوں کے برابر ہوتے تھے اور بڑی بڑی ہانڈیاں بنواتے تھے جو زمین میں گری پڑی رہتی تھیں، دونوں باپ بیٹے تھے اللہ تعالیٰ کے شکر گزار بندے تھے۔ دونوں نے اللہ تعالیٰ کی حمد وستائش بیان کی اور عرض کیا کہ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے جس نے ہمیں اپنے بہت سے مؤمن بندوں پر فضیلت عطا فرمائی، دونوں باپ بیٹے نبی بھی تھے اور بادشاہ بھی تھے۔ علوم نبوت کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے انہیں حکمرانی بھی عطا فرمائی تھی۔ حضرت داؤد علیہ السلام کے بعد حضرت سلیمان علیہ السلام ملک کے وارث ہوئے اور یہ حکومت صرف انسانوں پر ہی نہیں بلکہ ان کی حکومت جنات اور وحوش وطیور سب پر تھی

جنہیں اللہ تعالیٰ نے آپ کے لئے مسخر فرمادیا تھا۔ یہ سب آپ کے حکم کے تابع تھے۔ چرندوں اور پرندوں میں اتنا شعور ہے کہ وہ جس کے لئے مسخر کردیئے جائیں اس کے حکم کو سمجھیں اور اس کی فرمانبرداری کریں ہر ایک کو اس کے احوال کے مطابق اللہ تعالیٰ نے شعور عطا فرمایا ہے جانور اس کو سمجھتے ہیں کہ ہمارا کون دشمن ہے آدمی پتھر اٹھائے تو کوا اور کتا دیکھ کر بھاگ جاتے ہیں۔ چھپکلی ادھر ادھر چھپ جاتی ہے۔ چیونٹی کی قوت شامہ دیکھو جہاں ذرا سا کچھ میٹھا پڑا ہوگا ذرا دیر میں وہیں حاضر ہو جائے گی۔

حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا کہ اے لوگو! ہمیں پرندوں کی بولی سکھائی گئی ہے، زبان تو دوسرے حیوانات کی بھی سکھائی گئی تھی لیکن چونکہ آگے ہدہد کا قصہ آ رہا ہے اس لئے خصوصیت کے ساتھ جانوروں کی بولی کا تذکرہ فرمادیا انہوں نے یہ بھی فرمایا کہ وَاُوْتِیْنَا مِنْ كُلِّ شَیْءٍ (اور ہمیں ہر چیز دی گئی ہے) اس سے اس زمانہ کی ضرورت کے مطابق ہر چیز مراد ہے جو معیشت اور حکومت میں کام آئے اس کا ذکر فرماتے ہوئے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا اور اس کی نعمتوں کا اقرار کرتے ہوئے یوں کہا کہ ہمیں ہر چیز دی گئی ہے۔ **عن ابن عباس رضی اللّٰہ عنہما ھو مایھمه علیه السلام من امور الدنیا والاٰخرۃ وقد یقال انه مایحتاج الملک من الاٰت الحرب وغیرھا (روح المعانی ص ۱۷۴ ج ۱۹) ذٰلک ھو الفضل المبین.** (یہ کھلا ہوا فضل ہے)۔

شکر ادا کرتے ہوئے یہ جو فرمایا ہے کہ اللہ نے ہمیں بہت سے مؤمن بندوں پر فضیلت دی ہے اس میں یہ بتادیا کہ ہم سے افضل بھی اللہ تعالیٰ کے مؤمن بندے ہیں۔ ان سے وہ حضرات انبیائے کرام علیہم الصلاۃ والسلام مراد ہیں جو ان دونوں سے افضل تھے اور اس سے ایک یہ بات معلوم ہوئی کہ اصل افضلیت وہی ہے جو ایمان کے ساتھ ہو اور اہل ایمان میں باہمی اخلاص اور اعمال کے اعتبار سے تفاضل ہے کافر اس قابل نہیں ہے کہ اسے مفضل علیہ قرار دیا جائے۔ یعنی وہ اس قابل بھی نہیں کہ کوئی مؤمن بندہ یہ کہے کہ میں فلاں کافر سے افضل ہوں۔ فضیلت بتانے کے لئے کوئی وجہ تو ہو کافر میں تو خیر ہے ہی نہیں۔ پھر کیسے کہیں کہ ہم اس سے افضل ہیں۔

اس کے بعد حضرت سلیمان علیہ السلام کے لشکر کا تذکرہ فرمایا اور وہ یہ کہ ان کے لشکر میں جنات بھی تھے اور انسان بھی، اور پرندے بھی، جنہیں چلنے کے وقت روکا جایا کرتا تھا۔ روکے جانے کا مطلب یہ ہے کہ بڑی بھاری تعداد میں لشکر ہونے کی وجہ سے متفرق ہو جانے کا اندیشہ تھا لہٰذا ان کو روک روک کر چلایا جاتا تھا تاکہ پچھلے لشکر والے بھی آگے لشکروں تک پہنچ جائیں ایسا نہ ہو کہ اگلے والے آگے نکل جائیں اور پچھلوں کو خبر بھی نہ ہو۔ **قال القرطبی معناه یردا ولھم الی اٰخرھم ویکفون قال قتادۃ کان لکل صنف وزعۃ فی رتبتھم ومن الکرسی ومن الارض اذا مشوا فیھا یقال وزعته اوزعه وزعا ای کففته والوازع فی الحرب الموکل بالصفوف یزع من تقدم منھم۔**

اس کے بعد ایک واقعہ بیان فرمایا اور وہ یہ کہ ایک مرتبہ حضرت سلیمان علیہ السلام اپنے لشکر کو لیکر جا رہے تھے ایک چیونٹی کو ان کا پتہ چل گیا اس نے چیونٹیوں سے کہا تم اپنے رہنے کے ٹھکانوں میں گھس جاؤ ایسا نہ ہو کہ سلیمان اور ان کا لشکر بے علمی میں تمہیں روند ڈالیں جس سے تم پس کر رہ جاؤ اور انہیں پتہ بھی نہ چلے۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے اس کی بات سن لی اور سمجھ لیا اور اس کی بات سنکر ایسے مسکرائے کہ ہنسی تک نوبت پہنچ گئی۔ اور اللہ پاک کے حضور میں یوں دعا کی کہ اے رب مجھے آپ اس کام میں لگائے رکھیئے کہ آپ نے جو مجھ پر اور میرے والدین پر انعام فرمایا ہے میں اس کا شکر ادا کرتا رہوں اور اپنی رحمت سے مجھے اپنے نیک بندوں میں داخل رکھئے۔

اس واقعہ سے معلوم ہوا کہ چیونٹیاں سمجھتی بھی ہیں اور بولتی بھی ہیں گو ہم ان کی بولنے کو نہ سن سکیں اور نہ سمجھ سکیں، ایک چیونٹی نے جو اپنی جنس کو خطاب کر کے کہا اسے حضرت سلیمان علیہ السلام نے سمجھ لیا۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بیان کرتے ہوئے سنا کہ اللہ کے نبیوں میں سے ایک نبیؑ اپنے امتیوں کو لیکر (آبادی سے باہر) بارش کی دعا کرنے کے لئے

نکلے، اچانک کیا دیکھتے ہیں کہ ایک چیونٹی آسمان کی طرف اپنی ایک ٹانگ اٹھائے ہوئے ہے، یہ دیکھ کر انہوں نے فرمایا کہ چلو واپس ہو جاؤ اس چیونٹی کی وجہ سے ہمارے حق میں دعا قبول ہوگئی۔ (رواہ الدار قطنی کما فی المشکوٰۃ ص ۱۳۲)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے یہ بھی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ انبیائے کرام میں سے ایک نبی علیہ السلام کو ایک چیونٹی نے کاٹ لیا انہوں نے حکم دیا کہ چیونٹیوں کی آبادی کو جلا دیا جائے، چنانچہ وہ جلا دی گئی، اس پر اللہ تعالیٰ شانہ نے وحی بھیجی کہ تمہیں ایک چیونٹی نے کاٹا تھا اس کی وجہ سے تم نے تسبیح پڑھنے والی امتوں میں سے ایک امت کو جلا دیا۔ (رواہ البخاری ص ۴۶۷)

مسئلہ.........شریعت میں ایذا دینے والی چیونٹی کو مار دینا جائز تو ہے جلا کر ہلاک کرنا جائز نہیں۔

سنن ابوداؤد شریف میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چیونٹیوں کی ایک آبادی کو دیکھا جسے حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم نے جلا دیا تھا، آپ نے فرمایا کہ اسے کس نے جلایا؟ حاضرین نے کہا کہ ہم نے جلایا ہے آپ نے فرمایا **لاینبغی ان یعذب بالنار الا رب النار** بلا وجہ چیونٹی کو قتل کرنے کی ممانعت وارد ہوئی ہے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چار جانوروں کے قتل کرنے سے منع فرمایا (۱) چیونٹی، (۲) شہد کی مکھی، (۳) ہدہد، (۴) مرد۔ (رواہ ابوداؤد)

فائدہ.........حضرت سلیمان علیہ السلام کے بارے میں جو **فَتَبَسَّمَ ضَاحِكًا مِّنْ قَوْلِهَا** فرمایا اس میں لفظ تبسم (مسکرانا) اور ضاحکا (ہنسنا) دونوں کو جمع فرما دیا ہے جب کسی کو ہنسی آتی ہے تو عموماً مسکراہٹ سے شروع ہوتی ہے حضرت سلیمان علیہ السلام کو اولاً مسکراہٹ آگئی جو ہنسی تک پہنچ گئی اس میں اس طرف اشارہ ملتا ہے کہ ہنسنا محمود کام نہیں ہے کبھی کبھار ہنسی آجائے تو دوسری بات ہے زیادہ تر مسکرانے سے کام چلانا چاہیے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کبھی اس طرح ہنستے ہوئے نہیں دیکھا کہ آپ پوری طرح ہنسے ہوں اور آپ کے گلے کا کوا دیکھنے میں آگیا ہو، آپ تو بس مسکرایا ہی کرتے تھے۔ (رواہ البخاری)

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ نے آپ کی صفت بیان کی **وکان لا یضحک الا تبسما** (آپ نہیں ہنستے تھے مگر مسکرا کر)۔ (رواہ الترمذی)

بہت کم ایسا ہوتا تھا کہ ہنسی آئی اور آپ کی مبارک داڑھیں ظاہر ہوگئی ہوں، شمائل ترمذی میں ہے **لقد رأیت رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم ضحک یوم الخندق حتی بدت نواجذہ** (اور بھی بعض روایات میں ایسا وارد ہوا ہے، آپ نے زیادہ ہنسنے سے منع فرمایا ہے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کو چند نصیحتیں ایک ہی مجلس میں فرمائی تھیں جن میں ایک یہ بھی تھا **ایاک وکثرۃ الضحک فانہ یمیت القلب ویذھب بنور الوجہ** کہ زیادہ ہنسنے سے پرہیز کرو کیونکہ وہ دل کو مردہ کر دیتا ہے اور چہرہ کے نور کو ختم کر دیتا ہے۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۴۱۵)

حضرت سلیمان علیہ السلام کی دعا میں یہ بھی ہے کہ اے پروردگار آپ نے مجھے اور میرے والدین کو جو نعمتیں عطا فرمائی ہیں مجھے اس حال پر باقی رکھئے کہ میں ان کا شکر ادا کرتا رہوں۔ اس سے معلوم ہوا کہ والدین پر جو اللہ تعالیٰ کی نعمتیں ہوں۔ ان کا بھی شکر ادا کرنا چاہیے، بات یہ ہے بہت سی نعمتیں والدین کے ذریعہ اولاد کی طرف منقول ہوتی ہیں اور وہ نعمتوں کا ذریعہ بنتے ہیں۔ علوم دینیہ اور اعمال صالحہ پر ڈالنے میں عموماً والدین ہی کا دخل ہوتا ہے والدین میں جو دینداری کے جذبات ہوتے ہیں یہ ایک بہت بڑی نعمت ہے یہ نعمت اولاد کی دینداری کا سبب بن جاتی ہے لہٰذا اولاد کو اس نعمت کا بھی شکر ادا کرنا ضروری ہوا، نیز والدین سے جو میراث ملتی ہے وہ پہلے ماں باپ کو ملتی ہے پھر اولاد کو پہنچتی ہے لہٰذا اس کا بھی شکر ادا کیا جائے۔

وَتَفَقَّدَ الطَّيْرَ فَقَالَ مَا لِيَ لَآ اَرَى الْهُدْهُدَ ۖ اَمْ كَانَ مِنَ الْغَآئِبِيْنَ ۝۲۰ لَاُعَذِّبَنَّهٗ

اور سلیمان نے پرندوں کی حاضری لی تو کہا کیا بات ہے جو میں ہد ہد کو نہیں دیکھ رہا ہوں، کیا وہ کہیں غائب ہے؟ میں اسے ضرور ضرور سخت سزا دوں

عَذَابًا شَدِيْدًا اَوْ لَاَاذْبَحَنَّهٗٓ اَوْ لَيَاْتِيَنِّيْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۝۲۱ فَمَكَثَ غَيْرَ بَعِيْدٍ فَقَالَ اَحَطْتُّ بِمَا

گا یا ضرور ضرور اسے ذبح کردوں گا، یا یہ بات کہ وہ میرے سامنے کوئی صریح دلیل لیکر آئے۔ پھر تھوڑی ہی دیر گزری تھی کہ ہد ہد نے کہا کہ میں ایسی چیز کی خبر لایا ہوں

لَمْ تُحِطْ بِهٖ وَجِئْتُكَ مِنْ سَبَاٍۭ بِنَبَاٍ يَّقِيْنٍ ۝۲۲ اِنِّيْ وَجَدْتُّ امْرَاَةً تَمْلِكُهُمْ وَاُوْتِيَتْ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ

جو آپ کو معلوم نہیں اور آپ کے پاس ملک سبا کی ایک یقینی خبر لایا ہوں۔ بے شک میں نے ایک عورت کو پایا جو ان پر بادشاہت کرتی ہے اور اسے ہر چیز دی گئی ہے

وَّلَهَا عَرْشٌ عَظِيْمٌ ۝۲۳ وَجَدْتُّهَا وَقَوْمَهَا يَسْجُدُوْنَ لِلشَّمْسِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ

اور اس کے لئے ایک بڑا تخت ہے۔ میں نے اسے اور اس کی قوم کو اس حالت میں پایا کہ وہ اللہ کو چھوڑ کر سورج کو سجدہ کرتے ہیں اور شیطان نے ان کے اعمال

فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ فَهُمْ لَا يَهْتَدُوْنَ ۝۲۴ اَلَّا يَسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِيْ يُخْرِجُ الْخَبْءَ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

کو مزین کردیا ہے سو اس نے انہیں راہ سے ہٹا دیا لہٰذا وہ ہدایت نہیں پاتے۔ وہ اللہ کو سجدہ نہیں کرتے جو آسمانوں اور زمین کی پوشیدہ چیزوں کو نکالتا ہے

وَيَعْلَمُ مَا تُخْفُوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ۝۲۵ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۩ ۝۲۶ قَالَ سَنَنْظُرُ اَصَدَقْتَ

اور وہ ان چیزوں کو جانتا ہے جنہیں تم چھپاتے ہو اور ظاہر کرتے ہو۔ اللہ ہے جس کے سوا کوئی بھی معبود نہیں وہ عرش عظیم کا رب ہے، سلیمان نے کہا ہم عنقریب

اَمْ كُنْتَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝۲۷ اِذْهَبْ بِّكِتٰبِيْ هٰذَا فَاَلْقِهْ اِلَيْهِمْ ثُمَّ تَوَلَّ عَنْهُمْ فَانْظُرْ مَاذَا يَرْجِعُوْنَ ۝۲۸

دیکھتے ہیں کہ تو نے سچ کہا یا تو جھوٹوں میں سے ہے۔ میرا یہ خط لیجا اور اسے ان کے پاس ڈالدے پھر ہٹ جانا، پھر دیکھنا کہ وہ کیا بات چیت کرتے ہیں۔

قَالَتْ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَؤُا اِنِّيْٓ اُلْقِيَ اِلَيَّ كِتٰبٌ كَرِيْمٌ ۝۲۹ اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝۳۰

کہنے لگی کہ اے درباروالو! میرے پاس ایک خط ڈالا گیا ہے جو عزت والا خط ہے۔ بے شک وہ خط سلیمان کی طرف سے ہے اور اس میں یہ ہے کہ شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو رحمٰن

اَلَّا تَعْلُوْا عَلَيَّ وَاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ ۝۳۱ قَالَتْ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَؤُا اَفْتُوْنِيْ فِيْٓ اَمْرِيْ ۚ مَا كُنْتُ

ہے رحیم ہے۔ تم لوگ میرے مقابلہ میں بڑائی نہ جتاؤ اور میرے پاس فرمانبردار ہو کر آ جاؤ، کہنے لگے اے درباروالو! تم میرے معاملہ میں مجھے مشورہ دو میں کسی بات کا

قَاطِعَةً اَمْرًا حَتّٰى تَشْهَدُوْنِ ۝۳۲ قَالُوْا نَحْنُ اُولُوْا قُوَّةٍ وَّاُولُوْا بَاْسٍ شَدِيْدٍ ۙ وَّالْاَمْرُ اِلَيْكِ فَانْظُرِيْ

قطعی فیصلہ نہیں کرتی جب تک کہ تم میرے پاس موجود نہ ہو، وہ کہنے لگے کہ ہم طاقت والے ہیں اور سخت لڑائی والے ہیں اور تمہیں اختیار ہے سو تم دیکھ لو

مَاذَا تَاْمُرِيْنَ ۝۳۳ قَالَتْ اِنَّ الْمُلُوْكَ اِذَا دَخَلُوْا قَرْيَةً اَفْسَدُوْهَا وَجَعَلُوْٓا اَعِزَّةَ اَهْلِهَآ اَذِلَّةً ۚ

کیا حکم کرتی ہو، کہنے لگی کہ بلاشک بادشاہ جب کسی بستی میں داخل ہوتے ہیں تو اسے خراب کردیتے ہیں، اور جو اس کے رہنے والے باعزت ہوتے ہیں انہیں ذلیل بنادیتے ہیں اور

السجدۃ ۸

ع ۲ ۱۷ ۱۷

وَ كَذٰلِكَ يَفْعَلُوْنَ ۝ وَاِنِّىْ مُرْسِلَةٌ اِلَيْهِمْ بِهَدِيَّةٍ فَنٰظِرَةٌۢ بِمَ يَرْجِعُ

یہ لوگ بھی ایسا ہی کریں گے اور میں ان کی طرف ایک ہدیہ بھیجتی ہوں پھر دیکھتی ہوں کہ بھیجے ہوئے لوگ کیا جواب

الْمُرْسَلُوْنَ ۝ فَلَمَّا جَآءَ سُلَيْمٰنَ قَالَ اَتُمِدُّوْنَنِ بِمَالٍ فَمَآ اٰتٰىنِۦَ اللّٰهُ خَيْرٌ مِّمَّآ اٰتٰىكُمْ بَلْ

لیکر واپس ہوتے ہیں۔ سو جب وہ قاصد سلیمان کے پاس پہنچا تو سلیمان نے کہا کیا تم لوگ مال سے میری مدد کرنا چاہتے ہو سو اللہ نے جو کچھ مجھے دے رکھا ہے وہ اس سے بہتر ہے جو تم کو

اَنْتُمْ بِهَدِيَّتِكُمْ تَفْرَحُوْنَ ۝ اِرْجِعْ اِلَيْهِمْ فَلَنَاْتِيَنَّهُمْ بِجُنُوْدٍ لَّا قِبَلَ لَهُمْ بِهَا وَلَنُخْرِجَنَّهُمْ

دیا ہے بلکہ بات یہ ہے کہ تم اپنے ہدیہ پر خوش ہوتے ہو۔ تو ان لوگوں کے پاس لوٹ جا ہم ان پر ایسے لشکر بھیجتے ہیں کہ وہ لوگ ان کا مقابلہ نہ کر سکیں گے اور

مِّنْهَآ اَذِلَّةً وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ ۝

ہم انہیں وہاں سے ذلیل کر کے نکال دیں گے۔

حضرت سلیمان علیہ السلام کا پرندوں کی حاضری لینا، ہدہد کا غائب ہونا اور ملک سبا سے ایک ملکہ کی خبر لانا اور اس کے نام حضرت سلیمان علیہ السلام کا خط لیجانا اور ملکہ کا ہدیہ بھیجنا

حضرت سلیمان علیہ السلام کی حکومت انسان جنات چرند پرند سب پر تھی وہ ان سب کے بادشاہ تھے، اور یہ چیزیں ان کے لشکر کا جزو تھیں ایک بار جانوروں کی حاضری لی تو جانور جمع ہو گئے لیکن ان میں ہدہد حاضر نہیں ہوا (ممکن ہے انہوں نے ہر جنس کے بڑے ہی کو بلایا ہو اور یہ بھی ممکن ہے کہ تمام جانوروں کو جمع ہونے کا حکم دیا ہو سب جانور جمع ہو گئے ہدہد بھی سب آ گئے لیکن ان کا سردار حاضر نہ ہوا ہو) جب مطلوبہ ہدہد کو انہوں نے حاضر نہ پایا تو فرمانے لگے کیا بات ہے مجھے ہدہد نظر نہیں آ رہا ہے، کیا کسی ایسے گوشہ میں ہے جسے میں دیکھ نہیں پا تا یا وہ موجود ہی نہیں ہے، اگر دوسری صورت ہے کہ وہ موجود ہی نہیں تو اسے یا تو سخت سزا دوں گا یا اسے ذبح کر ڈالونگا الا یہ کہ اپنی غیر حاضری کا عذر واضح دلیل کے ساتھ بیان کرے، ابھی ذرا ہی دیر گزری تھی کہ ہدہد حاضر ہو گیا اور اس نے کہا کہ میں ملک سبا میں چلا گیا تھا اور میں ایسی چیز لایا ہوں جس کا آپ کو علم نہیں ہے (علم ایسی ہی چیز ہے جس سے بات کرنے کا حوصلہ ہو جاتا ہے)۔

میں ملک سبا سے ایسی خبر لایا ہوں جو بالکل یقینی ہے اور وہ خبر یہ ہے کہ وہاں ایک عورت کی بادشاہت چلتی ہے اس عورت کے پاس شاہی ضرورت کی ہر چیز موجود ہے اور ایک بڑا تخت ہے جس پر وہ بیٹھتی ہے۔ یہ عورت اور اس کے قوم کے لوگ مشرک ہیں۔ اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر جو تنہا ہے اور معبود حقیقی ہے سورج کو سجدہ کرتے ہیں شیطان ان کے پیچھے لگا ہوا ہے اس نے ان کے اعمال شرکیہ کو مزین کر دیا ہے اور انہیں راہ حق سے ہٹا رکھا ہے، راہ حق تو یہ ہے کہ وہ اللہ کو سجدہ کریں جو آسمانوں اور زمینوں کی پوشیدہ چیزوں کو نکالتا ہے اور ان سب چیزوں کو جانتا ہے جنہیں آپ لوگ چھپاتے ہیں اور ظاہر کرتے ہیں، شیطان نے راہ حق سے ہٹا کر انہیں شرک پر لگا دیا ہے اب وہ اسی پر جمے ہوئے ہیں، جبکہ ساری مخلوق پر لازم ہے کہ اللہ ہی کی عبادت کریں اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔

جب ہدہد نے اپنا بیان دے دیا تو حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا کہ اچھا ہم ابھی پتہ چلا لیتے ہیں کہ تو اپنی بات میں سچا ہے یا جھوٹا ہے میں ایک خط لکھتا ہوں اور تیرے ہی ذریعہ بھیجتا ہوں میرا یہ خط لیجا اور جہاں ملکہ سبا اور اس کے درباری لوگ اکٹھے بیٹھتے ہیں

وہاں جا کر اس کو ڈال دینا پھر وہاں سے ہٹ جانا تا کہ وہ اسے پڑھیں اور آپس میں گفتگو اور مشورہ کریں، وہاں سے ہٹ تو جانا لیکن اتنی دور بھی نہ ہو جانا کہ ان کی باتوں اور مشوروں کا پتہ نہ چلے حضرت سلیمان علیہ السلام نے خط لکھا جس کے الفاظ یہ تھے اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلَّا تَعْلُوْا عَلَيَّ وَاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ (بلاشبہ وہ سلیمان کی طرف سے ہے اور وہ یہ ہے کہ اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو رحمٰن ہے رحیم ہے تم لوگ میرے مقابلہ میں بڑائی نہ جتاؤ اور میرے پاس فرمانبردار ہو کر آ جاؤ)۔

اس سے خط لکھنے کا یہ ادب معلوم ہوا کہ خط لکھنے والا پہلے اپنا نام لکھے تا کہ مکتوب الیہ کو معلوم ہو جائے کہ جو خط میں پڑھ رہا ہوں وہ کس کی طرف سے ہے۔ دوسرا ادب یہ معلوم ہوا کہ خط کی ابتداء میں بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم لکھا جائے۔ اگرچہ کسی کافر کے نام خط لکھا جا رہا ہو۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شاہ فارس ہرقل کو دعوت اسلام کا خط لکھا تھا اس کی ابتداء بھی اسی طرح ہے کہ پہلے آپ نے اپنا اسم گرامی لکھا پھر بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم من محمد عبداللّٰہ ورسولہ الی ھرقل عظیم الروم سلام علی من اتبع الھدی تحریر فرمایا اس میں سلام کا اضافہ ہے۔ لیکن السلام علیکم نہیں ہے بلکہ یوں ہے کہ اس پر سلام ہو جو ہدایت کا اتباع کرے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام فرعون کے دربار میں تشریف لے گئے تھے تو انہوں نے بھی والسلام علی من اتبع الھدی فرمایا تھا۔ معلوم ہوا کہ زبانی یا تحریری طور پر کافروں کو سلام نہ کیا جائے اگر ان کو سلام کرنا ہو تو سلام علی من اتبع الھدی یا اس کے ہم معنی الفاظ کہہ دیں یا لکھ دیں چونکہ سلام لکھنا کوئی فرض واجب نہیں ہے اس لئے حضرت سلیمان علیہ السلام نے اپنے مکتوب گرامی میں تحریر نہیں فرمایا۔

یہ معلوم ہو چکا تھا کہ جس عورت کو خط لکھا جا رہا ہے وہ اور اس کی قوم سورج کو سجدہ کرتے ہیں اس لئے اللہ کا نام شروع میں لکھ دیا اور یہ بھی بتا دیا کہ وہ رحمٰن رحیم ہے اس کی طرف رجوع کریں گے تو اس کی رحمت سے نوازے جائیں گے، پھر بڑی جسارت اور دلیری کے ساتھ تحریر فرمایا کہ تم لوگ میرے مقابلہ میں بڑے نہ بنو۔ تکبر نہ کرو اور ساتھ ہی یہ بھی لکھ دیا کہ تم میرے پاس فرمانبردار ہو کر آ جاؤ خط لکھ کر ہدہد کے حوالہ کر دیا۔

حسب الحکم ہدہد نے خط لیجا کر اس مجلس میں ڈال دیا جس میں ملکہ سبا اور اس کے ارکان دولت موجود تھے وہاں خط ڈال کر ہدہد ذرا دور ہٹ گیا ملکہ نے خط کھولا پڑھا اور اس کا مضمون اپنے درباریوں کو سنایا، خط بہت جاندار تھا کسی صاحب اقتدار کو یہ لکھا جائے کہ تم میرے مقابلہ میں بڑے نہ بنو اور فرمانبردار ہو کر آ جاؤ یہ کوئی معمولی بات نہیں ہے ملکہ سبا نے سمجھ لیا کہ خط لکھنے والا ہم سے بڑھ کر صاحب اقتدار معلوم ہوتا ہے اگر ہم کوئی الٹا سیدھا جواب لکھ دیں تو یہ اپنی بڑائی جتانا ہوگا، اگر صاحب مکتوب نے ہم پر حملہ کر دیا تو ممکن ہے کہ ہم مغلوب ہو جائیں جس سے ہماری حکومت بھی تباہ ہو جائے اور رعیت کو بھی ناگوار احوال سے دوچار ہونا پڑے لہٰذا ہمیں سنجیدگی سے بصیرت کے ساتھ اس مسئلہ سے نبٹنا چاہیے۔

خط پڑھ کر ملکہ سبا نے اپنے درباریوں سے کہا کہ تم لوگ جانتے ہو کہ میں اہم معاملات میں تمہارے مشورے کے بغیر کبھی کوئی اقدام نہیں کرتی اس لئے اب تم مشورہ دو کہ مجھ کو کیا کرنا چاہیے؟ ارکان دولت نے کہا جہاں تک مرعوب ہونے کا تعلق ہے تو اس کی قطعاً ضرورت نہیں کیونکہ ہم زبردست طاقت اور جنگی قوت کے مالک ہیں، رہا مشورہ کا معاملہ تو فیصلہ آپ کے ہاتھ میں ہے جو مناسب ہو اس کے لئے حکم کیجئے۔

ملکہ نے کہا بے شک ہم طاقتور اور صاحب شوکت ہیں لیکن سلیمان کے معاملہ میں ہم کو عجلت نہیں کرنی چاہیے پہلے ہم کو اس کی قوت و طاقت کا اندازہ کرنا ضروری ہے کیونکہ جس عجیب طریقہ سے ہم تک یہ پیغام پہنچا ہے وہ اس کا سبق دیتا ہے کہ سوچ سمجھ کر قدم

اٹھانا مناسب ہے، میرا ارادہ یہ ہے کہ چند قاصد روانہ کرو جو سلیمان کے لئے عمدہ اور بیش بہا تحائف لیجائیں اس بہانہ سے وہ اس کی شوکت وعظمت کا اندازہ لگا سکیں گے اور یہ بھی معلوم ہو جائے گا کہ وہ ہم سے کیا چاہتا ہے۔ اگر واقعی وہ زبردست شان وشوکت کا مالک اور شہنشاہ ہے تو پھر اس سے ہمارا لڑنا مصیبت کو دعوت دینا ہے اس لئے کہ صاحب طاقت وشوکت والے بادشاہوں کا یہ دستور ہے کہ جب وہ کسی بستی میں فاتحانہ غلبہ کے ساتھ داخل ہوتے ہیں تو اس شہر کو برباد اور باعزت شہریوں کو ذلیل وخوار کردیتے ہیں۔ ہمیں بلاوجہ بربادی مول لینے کی کیا ضرورت ہے؟

چنانچہ ملکہ نے چند ہدایا اور تحفہ جات تیار کئے اور اپنے چند اہل کاروں کو قاصد بنا کر بھیج دیا جب وہ لوگ یہ اموال ہدایا اور تحفے لیکر حضرت سلیمان کی خدمت میں حاضر ہوئے تو حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا کیا تم لوگ مال کے ذریعہ میری مدد کرنا چاہتے ہو جس کی وجہ سے یہ تحفے لائے ہو؟ سو اللہ نے مجھے جو کچھ عطا فرمایا ہے وہ اس سے بہتر ہے جو اس نے تمہیں دیا ہے (کیونکہ تمہارے پاس صرف اموال ہیں اور کچھ انسانوں کی جماعت کے فوجی ہیں اور میرے پاس تو دنیا کا وہ مال ہے جسے تم جانتے بھی نہیں، تمہارے پاس تو زمین ہی کا کچھ حصہ ہے اور میرے لئے تو زمین کے اندر تانبے کی نہریں بہہ رہی ہیں اور میری فوج میں انسان بھی ہیں جنات بھی ہیں وحوش بھی ہیں اور طیور بھی ان چیزوں کا حضرت سلیمان علیہ السلام کے جواب میں تذکرہ نہیں ہے البتہ مَآ اٰتٰىنِیَ اللّٰهُ کے عموم میں یہ سب چیزیں داخل ہیں) حضرت سلیمان علیہ السلام نے مزید فرمایا بَلْ اَنْتُمْ بِهَدِیَّتِكُمْ تَفْرَحُوْنَ یعنی ہمیں تو تمہارے تحفوں کے ملنے کی خوشی نہیں ہے بلکہ تم ہی اپنے ہدیہ پر خوش ہو رہے ہو۔ پھر قاصدوں میں جو ایک خصوصی قاصد تھا اس سے فرمایا کہ اِرْجِعْ اِلَیْهِمْ کہ جاؤ ان کے پاس واپس چلے جاؤ (اور اپنے ہدایا بھی لیجاؤ کما فی روح المعانی) اگر ہماری بات نہ مانی اور ہمارے پاس فرمانبردار ہو کر نہ آئے تو ہم ان کے پاس ایسی فوجیں لیکر آئیں گے جن کا وہ مقابلہ نہ کر سکیں گے اور ہم ان کو وہاں سے ذلیل کر کے نکالیں گے۔

قَالَ یٰٓاَیُّهَا الْمَلَؤُا اَیُّكُمْ یَاْتِیْنِیْ بِعَرْشِهَا قَبْلَ اَنْ یَّاْتُوْنِیْ مُسْلِمِیْنَ ﴿۳۸﴾ قَالَ عِفْرِیْتٌ

سلیمانؑ نے کہا اے درباروالو! کیا تم میں کوئی ایسا شخص ہے کہ اس کا تخت اس سے پہلے میرے پاس لیکر آجائے کہ وہ میرے پاس فرمانبردار ہو کر آئیں، جنات میں سے

مِّنَ الْجِنِّ اَنَا اٰتِیْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ تَقُوْمَ مِنْ مَّقَامِكَ ۚ وَاِنِّیْ عَلَیْهِ لَقَوِیٌّ اَمِیْنٌ ﴿۳۹﴾ قَالَ الَّذِیْ

ایک دیو نے کہا کہ میں اسے اس سے پہلے لے آؤنگا کہ آپ اپنے مقام سے کھڑے ہوں اور بلاشبہ میں اس پر قدرت رکھتا ہوں امانت دار ہوں۔ اس شخص نے کہا

عِنْدَهٗ عِلْمٌ مِّنَ الْكِتٰبِ اَنَا اٰتِیْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ یَّرْتَدَّ اِلَیْكَ طَرْفُكَ ۚ فَلَمَّا رَاٰهُ مُسْتَقِرًّا عِنْدَهٗ

جس کے پاس کتاب کا علم تھا کہ میں اسے آپ کے پاس اس سے پہلے لے آؤنگا کہ آپ کی آنکھ جھپکے، سو جب اسے اپنے پاس دھرا ہوا دیکھا تو کہنے لگے کہ یہ میرے

قَالَ هٰذَا مِنْ فَضْلِ رَبِّیْ ۖ لِیَبْلُوَنِیْٓ ءَاَشْكُرُ اَمْ اَكْفُرُ ۖ وَمَنْ شَكَرَ فَاِنَّمَا یَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ

رب کا ایک فضل ہے تاکہ وہ میری آزمائش کرے کہ میں شکر کرتا ہوں یا ناشکری، اور جو شخص شکر کرتا ہے اپنی ہی جان کے لئے شکر کرتا ہے

وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ رَبِّیْ غَنِیٌّ كَرِیْمٌ ﴿۴۰﴾ قَالَ نَكِّرُوْا لَهَا عَرْشَهَا نَنْظُرْ اَتَهْتَدِیْٓ اَمْ تَكُوْنُ مِنَ الَّذِیْنَ

اور جو شخص ناشکری کرے اس میں شک نہیں کہ میرا رب غنی ہے کریم ہے۔ سلیمان نے کہا کہ اس کے لئے اس کے تخت کو بدل دو تاکہ ہم دیکھیں کہ وہ ہدایت پاتی ہے یا ان لوگوں میں سے

لَا یَهْتَدُوْنَ ﴿۴۱﴾ فَلَمَّا جَآءَتْ قِیْلَ اَهٰكَذَا عَرْشُكِ ؕ قَالَتْ كَاَنَّهٗ هُوَ ۚ وَاُوْتِیْنَا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهَا

ہو جاتی ہے جو ہدایت نہیں پاتے۔ سو جب وہ آ گئی تو اس سے کہا گیا کیا تیرا تخت ایسا ہی ہے کہنے لگی گویا یہ تو وہی ہے اور ہمیں اس سے پہلے علم دیدیا گیا تھا اور ہم

وَ كُنَّا مُسْلِمِیْنَ ﴿۴۲﴾ وَصَدَّهَا مَا كَانَتْ تَّعْبُدُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهَا كَانَتْ مِنْ قَوْمٍ كٰفِرِیْنَ ﴿۴۳﴾ قِیْلَ

فرمانبردار ہو چکے ہیں۔ اور سلیمان نے اسے اس سے روک دیا جو وہ اللہ کو چھوڑ کر عبادت کرتی تھی بلاشبہ وہ کافر قوم میں سے تھی۔ اس سے کہا گیا کہ

لَهَا ادْخُلِی الصَّرْحَ ۚ فَلَمَّا رَاَتْهُ حَسِبَتْهُ لُجَّةً وَّ كَشَفَتْ عَنْ سَاقَیْهَا ؕ قَالَ اِنَّهٗ صَرْحٌ مُّمَرَّدٌ

محل میں داخل ہو جا سو جب اس نے اسے دیکھا تو خیال کیا کہ یہ گہرا پانی ہے اور اس نے اپنی پنڈلیاں کھول دیں سلیمان نے کہا بلاشبہ یہ ایسا ایک محل ہے جسے شیشوں سے جوڑ کر بنایا گیا

مِّنْ قَوَارِیْرَ ؕ قَالَتْ رَبِّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ وَ اَسْلَمْتُ مَعَ سُلَیْمٰنَ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۴۴﴾ ع ۳ ۱۳ ۱۸

ہے وہ کہنے لگی کہ اے میرے پروردگار بلاشبہ میں نے اپنی جان پر ظلم کیا اور میں نے سلیمان کے ساتھ اللہ رب العالمین کی فرمانبرداری قبول کر لی۔

حضرت سلیمان علیہ السلام کا ملکہ سبا کا تخت منگوانا، پھر اس سے دریافت کرنا کیا تیرا تخت ایسا ہی ہے؟ پھر اس کا مسلمان ہو جانا

حضرت سلیمان علیہ السلام نے ملکہ سبا کے قاصدوں کو ہدایا سمیت واپس کر دیا اللہ تعالیٰ شانہ نے حضرت سلیمان علیہ السلام کے دل میں یہ ڈالا کہ وہ لوگ فرمانبردار ہو کر آئیں گے ہمارے لشکروں سے لڑنے کا ارادہ نہ کریں گے، بعض مفسرین نے یوں لکھا ہے کہ ملکہ سبا اپنے مصاحبین کے ساتھ روانہ ہو چکی تھی بلکہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے پایہ تخت کے قریب پہنچ چکی تھی حتیٰ کہ اسکا غبار بھی نظر آ گیا تھا لہٰذا انہوں نے عرش کو حاضر کرنے کا حکم فرمایا اور یہ مناسب جانا کہ اپنی قوت اور شوکت کا ملکہ سبا اور اس کے ساتھ آنے والوں کے سامنے مزید مظاہرہ ہو جائے سبا سے چل کر حضرت سلیمان علیہ السلام کے پایہ تخت تک ان لوگوں کے پاس بہت جلدی پہنچنے کا انتظام نہ تھا، اتنی دور سے آنے کے لئے اچھی خاصی مدت درکار تھی، حضرت سلیمان علیہ السلام نے مناسب جانا کہ وہ ملکہ سبا کا تخت (جسے ہدہد نے عرش عظیم سے تعبیر کیا تھا) منگا لیا جائے آپ نے حاضرین مجلس سے فرمایا کہ تم میں سے ایسا شخص کون ہے جو ملکہ سبا کے تخت کو ان کے آنے سے پہلے میرے پاس لے آئے، حاضرین میں سے ایک بڑا قوی ہیکل عفریت دیو بولا کہ آپ یہاں اپنے اجلاس میں تشریف رکھتے ہیں اس سے پہلے کہ آپ اجلاس سے فارغ ہو کر یہاں سے اٹھیں میں اس عرش کو لا کر حاضر کر دونگا۔ اور میرے لئے یہ کام کوئی مشکل نہیں ہے۔ مجھے اتنے وقت میں اس کے لانے پر قوت بھی ہے اور میں امانتدار بھی ہوں، چونکہ آپ کے حکم کا فرمانبردار ہوں، لہٰذا یہ بھی نہیں کر سکتا کہ خیانت کر جاؤں اور اسے لیکر کہیں چلا جاؤں، اس قوی ہیکل عفریت نے یوں کہا تھا کہ میں اتنی دیر میں لے آؤں گا کہ آپ کے اٹھنے سے پہلے پیش کر دوں، وہاں سے حضرت سلیمان علیہ السلام کے دیگر خاص متعلقین بھی تھے ان میں سے ایک شخص نے کہا جس کے پاس کتاب کا علم تھا کہ آپ کے اٹھنے میں تو دیر ہے میں تو اس سے بھی پہلے اس کے تخت کو لا کر حاضر کر سکتا ہوں کہ آپ کی آنکھ بھی جھپکنے نہ پائے، اس نے یہ کہا اور اسی وقت حاضر کر دیا پلک جھپکنے میں کیا دیر لگتی ہے، حضرت سلیمان علیہ السلام نے دیکھا کہ وہ تخت ان کے پاس وہاں دھرا ہوا ہے اسے دیکھ کر اللہ تعالیٰ کے انعامات یاد آ گئے اور اس تازہ انعام کی طرف خاص طور سے ذہن جانا ہی تھا، کہنے لگے کہ میرے

رب کے انعامات میں سے یہ بھی ایک انعام ہے اس نے جو یہ انعامات عطا فرمائے ہیں ان میں اللہ کی طرف سے میری آزمائش ہے کہ میں اپنے رب کا شکر ادا کرتا ہوں یا ناشکری کرتا ہوں۔ اور جو شخص اپنے رب کا شکر گزار ہو اس کی یہ شکر گزاری اس کے اپنے ہی لئے نفع مند ہے دنیا میں بھی اس کا نفع ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ شکر گزاری پر اور زیادہ عطا فرماتا ہے اور آخرت میں بھی اس کا فائدہ ہے کیونکہ شکر گزار بندوں کو ان کے شکر کے عوض وہاں مزید نعمتیں ملیں گی، ساتھ ہی یہ بھی فرمایا کہ جو شخص ناشکری کرے تو اس سے رب العالمین جل مجدہ کا کوئی نقصان نہیں ہے وہ بے نیاز ہے کریم ہے اسے کسی شکر کی کوئی ضرورت نہیں ہے، کسی کے ناشکرا ہونے سے اسے کوئی ضرر نہیں پہنچتا اور کسی کے شکر گزار ہونے سے اس کا کوئی فائدہ نہیں۔

یہ صاحب کون تھے جو پلک جھپکنے سے قبل مختصر وقت میں ملکہ سبا کا عرش لے آئے اس کے بارے میں مشہور ترین قول یہ ہے کہ یہ حضرت آصف بن برخیا تھے جن کے بارے میں یہ کہا جاتا ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے خالہ زاد بھائی تھے۔ اس کے بارے میں اور بھی مختلف اقوال ہیں جنہیں علامہ قرطبی نے اپنی تفسیر میں بیان کیا ہے، علامہ قرطبی نے یہ بھی لکھا ہے۔ آصف بن برخیا نے دو رکعت نماز پڑھ کر حضرت سلیمان علیہ السلام سے عرض کیا کہ اے اللہ کے نبی آپ ذرا یمن کی طرف اپنی نظر بڑھائیں انہوں نے نظر اٹھا کر دیکھا تو اچانک تخت وہیں موجود تھا۔

عِلْمٌ مِّنَ الْكِتٰبِ سے کیا مراد ہے؟ بعض حضرات نے اس سے اللہ تعالیٰ کا اسم اعظم مراد لیا ہے اس کے ذریعہ اللہ تعالیٰ سے دعا کی جائے تو ضرور قبول فرماتا ہے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ الکتاب سے زبور شریف مراد ہو، ظاہر ہے کہ وہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے پاس ہوگی جو ان کے والد حضرت داؤد علیہ السلام پر نازل ہوئی تھی، ان کے مصاحبین اور خواص اہل مجلس اسے ضرور پڑھتے ہونگے۔ مشہور ہے کہ زبور شریف اذکار اور ادعیہ پر مشتمل تھی۔ یہ بات احقر کے ذہن میں آئی ہے ابھی تک کہیں لکھی ہوئی نہیں دیکھی۔ متعدد اقوال میں سے ایک قول یہ بھی ہے کہ ملکہ سبا کے تخت کو لانے والے خود حضرت سلیمان علیہ السلام تھے جب عفریت نے یہ کہا کہ میں آپ کے اس مقام سے کھڑے ہونے سے پہلے لے آؤنگا تو حضرت سلیمان علیہ السلام نے بطور تحقیر اسے خطاب کر کے فرمایا کہ میں تیری آنکھ جھپکنے سے پہلے لا سکتا ہوں، چنانچہ اسی وقت آن واحد میں اس کا تخت وہیں موجود ہو گیا، اور ایک یہ قول بھی ہے کہ حضرت خضر علیہ السلام تخت مذکور کو لے آئے اور ایک قول یہ ہے کہ حضرت جبریل علیہ السلام تخت مذکور کے لانے والے تھے۔

بہر حال اگر حضرت سلیمان علیہ السلام لائے تو ان کا معجزہ تھا اور دوسرا کوئی شخص لایا تو یہ اسکی کرامت تھی۔

یاد رہے قرآن مجید میں عرش کے لانے کا ذکر ہے اس کے لانے کے لئے سفر کرنے کا ذکر نہیں ہے۔ جس سے معلوم ہوا کہ وہ تخت وہیں بیٹھے بیٹھے حاضر ہو گیا، کس طرح آیا؟ حضرت مجاہد کا قول ہے کہ ہوا لیکر آئی (جب اللہ تعالیٰ سے دعا کی تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے جلد سے جلد لے آئی) یوں بھی حضرت سلیمان علیہ السلام کے لئے ہوا مسخر تھی جس کے بارے میں فرمایا غُدُوُّهَا شَهْرٌ وَّرَوَاحُهَا شَهْرٌ (اس کا صبح کا چلنا ایک ماہ کی مسافت تھا اور اس کا شام کا چلنا ایک مہینہ کی مسافت کا تھا) علامہ قرطبی لکھتے ہیں کہ حضرت سلیمان اور تخت مذکور کے درمیان اتنا فاصلہ تھا جتنا کوفہ اور حیرہ کے درمیان ہے۔ بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ یہ معجزہ طی ارض کے طور پر ظاہر ہوا ہے، اور بعض حضرات نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے زمین کے اندر نفق یعنی سرنگ پیدا فرما دی جس کے اندر سے وہ تخت چلا آیا اور بعض حضرات نے فرمایا کہ تصرف کے ذریعہ یہ واقعہ پیش آیا، واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

جب ملکہ سبا کا تخت پہنچ گیا تو حضرت سلیمان علیہ السلام نے حکم دیا کہ اس کو بدل دو یعنی اس میں کچھ تغیر تبدل کر دو تا کہ ہم دیکھیں کہ

وہ اپنے عرش کو پہچاننے کی طرف راہ یاب ہوتی ہے یا نہیں، چنانچہ ایسا ہی کر دیا گیا۔ جب ملکہ سبا آئی تو فرمایا دیکھ کیا تیرا تخت ایسا ہی ہے؟ تخت کا عرض طول وغیرہ دیکھ کر اس کو یہ خیال آیا کہ یہ میرا ہی تخت ہے لیکن ایک تو بدل دیا گیا تھا دوسرے وہ اسے تالوں میں بند کر کے آئی تھی اس لئے اس نے نہ اقرار کیا نہ انکار اور ایک ایسا لفظ بول دیا جس سے دونوں پہلوں نمایاں ہو رہے تھے کہنے لگی ہو نہ ہو گویا کہ وہ تخت یہی ہے مفسرین نے فرمایا ہے کہ بعض شیاطین نے حضرت سلیمان علیہ السلام سے کہا تھا کہ ملکہ کی عقل میں کچھ کمی ہے۔ لہٰذا آپ نے اس کا امتحان لیا اس نے جو جواب دیا اس سے اس کے کمال عقل کا علم ہو گیا۔

بعض حضرات نے اس کا عرش منگوانے اور پھر اس سے یہ سوال کرنے میں کہ تیرا عرش اسی طرح کا ہے؟ یہ حکمت بیان کی ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کو ملکہ سبا کو یہ بتانا مقصود تھا کہ جنات میرے مسخر ہیں تا کہ وہ سلطنت ارضی کو بھی سمجھ لے اور آپ کی نبوت کی بھی قائل ہو جائے اور ایمان قبول کرے۔

وَاُوْتِیْنَا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهَا وَكُنَّا مُسْلِمِیْنَ بعض مفسرین نے فرمایا ہے کہ یہ ملکہ سبا کا قول ہے اس نے اپنا تخت دیکھ کر کہا کہ میرے عرش کا آ جانا حضرت سلیمان علیہ السلام کی شوکت کی ایک نشانی ہے، اس نشانی کے ظاہر ہونے سے پہلے ہی ہم نے جان لیا تھا کہ وہ بڑی سلطنت اور دبدبہ والے ہیں اور ہم پہلے ہی سے ان کے فرمانبردار بن گئے تھے اور بعض حضرات کا قول ہے کہ یہ حضرت سلیمان علیہ السلام کا قول ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ ہمیں تو پہلے ہی معلوم تھا کہ وہ فرمانبردار ہو کر آنے والے ہیں، ہم اللہ تعالیٰ کے فرمانبردار ہیں وہ بھی ہمارے ساتھ اس وصف میں شریک ہو گئے۔

وَصَدَّهَا مَا كَانَتْ تَّعْبُدُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اول یہ سمجھیں کہ صَدَّ فعل ہے اور ھا ضمیر مفعول مقدم ہے اور ما كانت تعبد صلہ موصول ملکر فعل کا فاعل ہے اور مطلب یہ ہے کہ وہ جو غیر اللہ کی عبادت کرتی تھی اس کے اس عمل نے اسے اللہ کی عبادت کرنے سے روک دیا تھا اور بعض حضرات نے اس کا دوسرا مطلب بتایا ہے اور وہ یہ کہ ما كانت تعبد صلہ موصول مل کر مفعول ہے اور فاعل ضمیر مستتر ہے جو حضرت سلیمان علیہ السلام کی طرف راجع ہے اور اس صورت میں مطلب یہ ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام نے اس عورت کو اس کے عمل یعنی عبادت لغیر اللہ سے روک دیا۔ اس صورت میں عن حرف جار مقدر ہو گا یعنی وَصَدَّهَا عَنْ مَّا كَانَتْ تَّعْبُدُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ۔

اِنَّهَا كَانَتْ مِنْ قَوْمٍ كٰفِرِیْنَ (بلاشبہ وہ کافر قوم میں سے تھی) چونکہ وہ ملک سبا کی رہنے والی تھی اور وہاں کے لوگ کافر تھے اس لئے وہ بھی ان کی دیکھا دیکھی کفر اختیار کئے ہوئے تھی کیونکہ اکثر اوقات قومی رواج اور قومی عادت انسان کو سوچنے سمجھنے کے بارے میں رکاوٹ بن جاتے ہیں، چونکہ وہ عورت عاقلہ تھی اس لئے جب اسے تنبہ ہو گیا تو سمجھ گئی کہ واقعی میں غلطی پر ہوں میرا دین شرک غلط ہے مجھ سے زیادہ تو اس شخص کا جاہ جلال ہے جس نے مجھے خط لکھا ہے۔

قِیْلَ لَهَا ادْخُلِی الصَّرْحَ (اس سے کہا گیا تو محل میں داخل ہو جا) فَلَمَّا رَاَتْهُ حَسِبَتْهُ لُجَّةً (سو جب اس محل کو دیکھا تو اس نے خیال کیا کہ یہ گہرا پانی ہے) وَّكَشَفَتْ عَنْ سَاقَیْهَا (اور اپنی دونوں پنڈلیاں کھولدیں تا کہ صحن میں پانی سے گزرتے ہوئے کپڑے تر نہ ہو جائیں)۔

قَالَ اِنَّهٗ صَرْحٌ مُّمَرَّدٌ مِّنْ قَوَارِیْرَ (سلیمان نے کہا کہ یہ تو محل ہے جسے شیشوں سے جوڑ کر بنایا گیا ہے) حضرت سلیمان علیہ السلام نے مناسب جانا کہ اعجاز نبوت کے ساتھ ملکہ سبا کو ظاہری سلطنت اور شوکت بھی دکھا دی جائے۔ تا کہ وہ عورت دنیا کے اعتبار سے بھی بادشاہت اور سلطنت کو حضرت سلیمان علیہ السلام کے مقابلہ میں بڑی نہ سمجھے، اس کے آنے سے پہلے انہوں نے ایک شیش محل بنوا کر

اس کے صحن میں حوض بنوادیا تھا پھر اس حوض میں پانی بھر دیا تھا پھر اس کو شیشوں ہی سے پاٹ دیا اور وہ شیشے ایسے شفاف تھے کہ نیچے کا پانی اس طرح نظر آتا تھا کہ گویا اسی پانی سے ہو کر گزرنا ہوگا جب ملکہ سبا نے گزرنے کے لئے پنڈلیاں کھولدیں تو سلیمان علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ تو شیشے کا محل ہے پنڈلیاں کھولنے کی حاجت نہیں، پانی جو نظر آرہا ہے وہ شیشہ کے نیچے ہے اس سے ملکہ سبا کو حضرت سلیمان علیہ السلام کی عظمت اور سلطنت کا مزید پتہ چل گیا اور سمجھ میں آ گیا کہ جیسی صنعت کاری یہاں ہے وہ تو میں نے کبھی دیکھی ہی نہیں ہے۔

قَالَتْ رَبِّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ وَاَسْلَمْتُ مَعَ سُلَیْمَانَ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ.

(اے رب میں نے اب تک اپنی جان پر ظلم کیا کہ غیر اللہ کی عبادت کرتی رہی، اب تو میں سلیمان کے ساتھ رب العالمین کی فرمانبردار بنتی ہوں۔ یعنی سلیمان کا جو دین ہے اب میرا بھی وہی ہے)۔

فوائد

(۱) قرآن مجید میں ملکہ سبا کا اور اس کے اقتدار کا اور آفتاب کی پرستش کا پھر سلیمان علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہو کر اسلام قبول کرنے کا ذکر ہے لیکن اس ملکہ کا نام کیا تھا قرآن مجید میں اس کا ذکر نہیں ہے عام طور پر مشہور ہے کہ اس ملکہ کا نام بلقیس تھا۔

(۲) جب بلقیس نے اسلام قبول کرلیا تو آگے کیا ہوا قرآن مجید اس سے بھی ساکت ہے، جب بلقیس نے اسلام قبول کرلیا اور حضرت سلیمان علیہ السلام کی امت میں داخل ہوگئی تو اب ان کے ملک میں بھی حضرت سلیمان علیہ السلام کا حکم جاری ہوگیا۔

(۳) علامہ قرطبی نے لکھا ہے کہ جب بلقیس نے یہ سمجھ کر کہ پانی میں گزرنا ہوگا اپنی پنڈلیاں کھول دیں تو حضرت سلیمان علیہ السلام نے اپنی آنکھیں پھیر کر فرمایا کہ یہ تو شیشوں کا بنایا ہوا محل ہے۔ اور ایک نبی کی بلکہ ہر صالح مؤمن کی یہی شان ہے کہ وہ ایسی جگہ نظر نہ ڈالے جہاں نظر ڈالنے کی اجازت نہیں۔ اگر نظر پڑ جائے تو اسی وقت نظر کو پھیر لے۔ حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے بیجا نظر پڑنے کے بارے میں دریافت کیا تو آپ نے حکم دیا کہ نظر پھیر لو اور ایک حدیث میں ہے کہ آپ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ پہلی نظر کے بعد دوسری نظر باقی نہ رکھو کیونکہ بلا اختیار جو پہلی نظر پڑ جائے اس پر تمہارا مواخذہ نہیں ہوگا، اور دوسری نظر پر مواخذہ ہوگا۔ (مشکوٰۃ المصابیح)

(۴) ملکہ سبا نے حضرت سلیمان علیہ السلام کے لئے جو ہدیہ بھیجا تھا اسے انہوں نے واپس فرمادیا کیونکہ واپس کرنے میں مصلحت تھی اور اسے یہ بتانا تھا کہ میرے پاس اللہ کا دیا ہوا بہت ہے اس نے جو کچھ تمہیں دیا ہے مجھے اس سے بہتر عطا فرمایا ہے، اس میں بھی ایک طرح سے اپنے اقتدار کی شان وشوکت کو اس کے اقتدار سے اعلیٰ وارفع بتانا مقصود تھا تا کہ اس پر مزید ہیبت قائم ہوجائے اور اسے بات کے سمجھنے میں اور فرمانبردار ہو کر آنے میں تامل کرنے کا ذرا بھی موقع نہ رہے، اس میں ایک نکتہ اور بھی ہے جسے علاوہ قرطبی نے بیان کیا ہے اور وہ یہ کہ اگر ہدیہ قبول کر لیتے تو یہ ہدیہ رشوت بن جاتا اور گویا اس کا نتیجہ یہ ہوتا کہ بلقیس اپنے ملک اور اپنے دین شرک پر قائم رہے اور اس سے کوئی تعرض نہ کیا جائے اس طرح سے حق کو باطل کے عوض بیچنے کی ایک صورت بن جاتی، لہٰذا حضرت سلیمان علیہ السلام نے اس کا ہدیہ واپس فرمادیا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہدیہ دیتے بھی تھے اور ہدیہ قبول بھی فرماتے تھے اور جو شخص ہدیہ دیتا تھا اس کا بدلہ بھی دیدیتے تھے اور آپس

میں ہدیہ لینے دینے کا حکم بھی فرماتے تھے مؤطا مالک میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تصافحوا یذھب الغل وتھادوا تحابوا وتذھب الشحناء (آپس میں مصافحہ کیا کرو اس سے کینہ جاتا رہے گا اور آپس میں ہدیہ لیا دیا کرو اس سے آپس میں محبت ہوگی اور دشمنی چلی جائے گی) آپس میں مسلمانوں کے لئے یہی حکم ہے کہ ہدیہ لیا دیا کریں اور اگر کسی شرعی عذر کی وجہ سے ہدیہ نہ لیا جائے مثلاً رشوت بصورت ہدیہ دی جارہی ہو یا کوئی شخص مال حرام سے ہدیہ دے رہا ہو یا اور کوئی عذر ہو تو یہ دوسری بات ہے، رہی یہ بات کہ کافر کا ہدیہ قبول کرنا جائز ہے یا نہیں؟ اس بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا عمل مختلف رہا ہے آپ نے ان کا ہدیہ قبول بھی فرمایا اور رد بھی کیا ہے آپ کے عمل سے معلوم ہوتا ہے کہ مشرکین کا ہدیہ علی الاطلاق نہ قبول کرنا ہے اور نہ رد کرنا ہے دینی مصلحت کو دیکھا جائے۔

کسی کافر مشرک کا ہدیہ قبول کرنے سے اسلام قبول کرنے کی امید ہو تو اس کا ہدیہ قبول کر لیا جائے کیونکہ یہ ایک دینی مصلحت ہے اور اگر کافر و مشرک کا ہدیہ قبول کرنے میں ان کی طرف سے کسی سازش یا دھوکہ دہی اور فریب کاری کا اندیشہ ہو یا اور کوئی بات خلاف مصلحت ہو تو ان کا ہدیہ قبول نہ کیا جائے۔

لفظ فَمَآ اٰتٰىنِ ۦَ اللّٰهُ ہندوستان و پاکستان کے جو مطبوعہ مصاحف ہیں ان میں نون کے بعد لمبی (ے) لکھ کر فتحہ دے دیا گیا ہے تاکہ حضرت حفصؒ کی روایت فی الوصل پر دلالت کرے، وہ اس میں وصل کرتے ہوئے رسم قرآنی کے خلاف یائے مفتوحہ ظاہر کر کے پڑھتے ہیں جیسا کہ ہندو پاک کے حفاظ و قراء میں معروف و مشہور ہے (رسم عثمانی میں صرف ن ہے ے نہیں ہے) اب رہی وقف کی حالت تو اس میں حضرت حفص رحمۃ اللہ علیہ سے دونوں روایتیں ہیں وقف بالاثبات یعنی فما اتانی اور وقف بالحذف بھی یعنی فما اتان اس میں انہوں نے بحالت وصل رسم کی مخالفت کی ہے کیونکہ ی کو ظاہر کر کے پڑھا ہے اور وقف کی ایک صورت میں بھی مخالفت کی اور وہ یہ کہ ی کو واپس لا کر ساکن کر کے پڑھا اس کو خوب غور کر کے سمجھیں۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ فَاِذَا هُمْ فَرِيْقٰنِ يَخْتَصِمُوْنَ ﴿۴۵﴾

اور بلاشبہ ہم نے ثمود کی طرف ان کے بھائی صالح کو بھیجا کہ تم اللہ کی عبادت کرو سو اچانک ان میں دو جماعتیں ہوگئیں جو آپس میں جھگڑا کر رہے تھے،

قَالَ يٰقَوْمِ لِمَ تَسْتَعْجِلُوْنَ بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ ۚ لَوْلَا تَسْتَغْفِرُوْنَ

صالح نے کہا کہ اے میری قوم تم اچھی بات سے پہلے بری حالت کی کیوں جلدی کرتے ہو؟ تم کیوں اللہ سے مغفرت طلب نہیں

اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۴۶﴾ قَالُوا اطَّيَّرْنَا بِكَ وَبِمَنْ مَّعَكَ ؕ قَالَ طٰٓئِرُكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ بَلْ

کرتے تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔ وہ کہنے لگے کہ تم اور تمہارے ساتھیوں کی وجہ سے ہم بدشگونی لے رہے ہیں، صالح نے کہا کہ تمہاری بدشگونی اللہ کے پاس ہے بلکہ تم ایسے لوگ ہو جو

اَنْتُمْ قَوْمٌ تُفْتَنُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَكَانَ فِي الْمَدِيْنَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ يُّفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ

عذاب میں مبتلا ہونے والے ہو۔ اور ان کے شہر میں نو اشخاص تھے جو زمین میں فساد کرتے تھے اور اصلاح

وَلَا يُصْلِحُوْنَ ﴿۴۸﴾ قَالُوْا تَقَاسَمُوْا بِاللّٰهِ لَنُبَيِّتَنَّهٗ وَاَهْلَهٗ

نہیں کرتے تھے۔ وہ کہنے لگے کہ تم سب مل کر اس بات پر اللہ کی قسم کھالو کہ ہم صالح کو اور اس کے گھر والوں کو راتوں رات ایسی حالت میں قتل کر دیں گے

ثُمَّ لَنَقُوْلَنَّ لِوَلِيِّهٖ مَا شَهِدْنَا مَهْلِكَ اَهْلِهٖ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿۴۹﴾

کہ انہیں اس کا دھیان بھی نہیں ہوگا پھر ضرور ضرور ہم اس کے ولی سے کہہ دیں گے کہ ہم اس کے گھر والوں کی ہلاکت کے موقع پر حاضر نہیں تھے اور بلاشبہ ہم سچ کہہ رہے ہیں۔

وَمَكَرُوْا مَكْرًا وَّمَكَرْنَا مَكْرًا وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۵۰﴾ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ مَكْرِهِمْ ۙ

اور انہوں نے خاص قسم کا مکر کیا اور ہم نے اس حال میں خاص تدبیر کی اور انہیں پتہ بھی نہیں چلا۔ سو دیکھ لیجئے مکر کا کیا انجام ہوا؟ بلاشبہ ہم نے

اَنَّا دَمَّرْنٰهُمْ وَقَوْمَهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۵۱﴾ فَتِلْكَ بُيُوْتُهُمْ خَاوِيَةً ۢ بِمَا ظَلَمُوْا ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً

انہیں اور ان کی قوم کو سب کو ہلاک کر دیا۔ سو یہ ان کے گھر ہیں جو ان کے ظلم کی وجہ سے خالی پڑے ہیں، بلاشبہ اس میں ان لوگوں کے

لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَاَنْجَيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿۵۳﴾

لئے عبرت ہے جو جانتے ہیں۔ اور ہم نے ان لوگوں کو نجات دیدی جو ایمان لائے اور تقویٰ اختیار کرتے تھے۔

قوم ثمود کی طرف حضرت صالح علیہ السلام کا مبعوث ہونا، قوم کا بدسلوکی کرنا پھر ہلاک ہونا

ان آیات میں قوم ثمود کی کٹ حجتی اور بربادی کا ذکر ہے ان کی طرف حضرت صالح علیہ السلام مبعوث ہوئے تھے یہ لوگ بھی مشرک تھے، حضرت صالح علیہ السلام نے ان کو ہر طرح سمجھایا لیکن ان میں سے تھوڑے سے لوگ ایمان لائے جو دنیاوی اعتبار سے ضعیف سمجھے جاتے تھے۔ جو لوگ اہل دنیا تھے اور متکبر تھے وہ کفر پر اڑے رہے اسی کو فرمایا فَاِذَا هُمْ فَرِيْقَانِ يَخْتَصِمُوْنَ (کہ وہ دو جماعتیں ہو گئیں جو آپس میں جھگڑتے تھے) اس جھگڑے کا ذکر سورۂ اعراف میں گزر چکا ہے جو لوگ دنیاوی اعتبار سے بڑے تھے انہوں نے اہل ایمان سے کہا جو ضعیف تھے۔ اَتَعْلَمُوْنَ اَنَّ صٰلِحًا مُّرْسَلٌ مِّنْ رَّبِّهٖ (کیا تم جانتے ہو کہ صالح اپنے رب کی طرف سے بھیجا ہوا ہے مؤمنین نے جو ضعفاء تھے اِنَّا بِمَآ اُرْسِلَ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ (بے شک ہم اس پر ایمان لائے جو صالح پر نازل ہوا) اس پر متکبرین نے کہا اِنَّا بِالَّذِيْٓ اٰمَنْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ (بے شک اس کے منکر ہیں جس پر تم ایمان لائے) ان متکبرین منکرین نے حضرت صالح علیہ السلام سے یوں بھی کہا يٰصٰلِحُ ائْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ (اے صالح وہ عذاب لے آ جس کا تم ہم سے وعدہ کرتے ہو اگر تم پیغمبروں میں سے ہو)۔

حضرت صالح علیہ السلام نے فرمایا لِمَ تَسْتَعْجِلُوْنَ بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ لَوْلَا تَسْتَغْفِرُوْنَ اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ (کہ تم اچھی بات سے پہلے عذاب کی جلدی کیوں کرتے ہو، عذاب کی وعید سن کر تمہیں ایمان لانا چاہیے تھا لیکن ایمان لانے کے بجائے تم عذاب مانگ رہے ہو، تم کفر کی وجہ سے عذاب کے مستحق ہو چکے ہو تم اللہ سے مغفرت کیوں طلب نہیں کرتے، مغفرت طلب کر لو اور کفر سے تائب ہو جاؤ تم پر رحم کیا جائے گا، اس کے جواب میں انہوں نے یوں کہا کہ ہم تم کو اور تمہارے ساتھ والوں کو منحوس سمجھتے ہیں تمہارے آنے کی وجہ سے ہماری قوم میں نااتفاقی ہو گئی کچھ لوگ تمہارے ساتھ ہو گئے اور کچھ لوگ اپنے پرانے دین پر باقی ہیں اس نااتفاقی کی وجہ سے ہمارے اندر انتشار اور خلفشار پیدا ہو گیا اور دوسری مشکلات بھی پیدا ہو گئیں روح المعانی میں لکھا ہے کہ وہ لوگ قحط میں مبتلا کر دیئے گئے تھے۔

حضرت صالح علیہ السلام نے فرمایا کہ تمہاری نحوست کا سبب تو اللہ کے علم میں ہے یعنی تمہارے اعمال کفریہ ان خرابیوں اور مصیبتوں کا سبب ہیں اگر تم سب ایمان لے آتے تو اللہ کی رحمتیں نازل ہوتیں۔

بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ تُفْتَنُوْنَ (بلکہ بات یہ ہے کہ اب تو تمہیں عذاب میں مبتلا ہونا ہی ہے) اس سے معلوم ہوا کہ مبلغ اور داعی تبلیغ کرنے اور اظہار حق میں یہ سوچ کر کوتاہی نہ کرے کہ میری بات سے قوم میں انتشار اور خلفشار ہو جائے گا جب حق بات کہی جائے گی تو منکرین اور معاندین بہر حال مخالفت کریں گے ان کی وجہ سے جو انتشار ہو اس کا خیال کئے بغیر حق کی دعوت دی جائے اور کھل کر حق بیان کیا جائے۔

جن لوگوں نے ایمان قبول کر لیا تھا ان کے علاوہ باقی قوم کافر اور منکر ہی تھی ان کافروں میں نو شخص ایسے تھے جو بڑے فسادی تھے ان کا کام یہی تھا کہ زمین میں فساد کریں نام کو بھی اصلاح نہیں کرتے، ان لوگوں نے آپس میں حضرت صالح علیہ السلام کو شہید کرنے کی ٹھان لی آپس میں مل کر اللہ کی قسم کھالیں کہ اس شخص (یعنی حضرت صالح علیہ السلام) کو اور اس کے گھر والوں کو راتوں رات قتل کر دیں۔

جب صبح کو اس کے قتل کا چرچا ہوا اور اس کا ولی پوچھ پاچھ کرے کہ کس نے قتل کیا؟ تو ہم کہہ دیں گے کہ ہمیں پتہ نہیں ان کے گھر والوں کے قتل کے وقت ہم موجود نہیں تھے۔ ہم سچ کر رہے ہیں ہماری اس بات میں شک نہ کیا جائے، ان لوگوں نے کہا تھا کہ پہاڑ سے اونٹنی نکال کر دکھاؤ تو تب آپ کو نبی مانیں گے حضرت صالح علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی پہاڑ سے اونٹنی برآمد ہوگئی حضرت صالح علیہ السلام نے فرمایا۔ لَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَیَاْخُذَكُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ (کہ اس کو برائی کے ساتھ ہاتھ نہ لگانا ورنہ تمہیں دردناک عذاب پکڑے گا)۔

ان لوگوں نے حضرت صالح علیہ السلام کے گھر والوں کو قتل کرنے کا منصوبہ بنایا اور اونٹنی کو بھی قتل کرنے کا مشورہ کیا، اور آخر اسے قتل کر ہی دیا جس کی وجہ سے ان پر عذاب آ ہی گیا اس کو فرمایا وَمَكَرُوْا مَكْرًا وَّمَكَرْنَا مَكْرًا وَّهُمْ لَا یَشْعُرُوْنَ (کہ انہوں نے ایک خاص طرح کا مکر کیا اور ہم نے ایک خفیہ تدبیر کی جس کی انہیں خبر بھی نہ ہوئی)۔

درمنثور میں ہے کہ یہ نو آدمی حضرت صالح علیہ السلام اور ان کے ساتھیوں کو قتل کرنے گئے تو ان پر ایک پہاڑ سے پتھر لڑک کر آ گیا اور وہ لوگ وہیں ہلاک ہو گئے۔

یہ نو آدمیوں کا انجام ہوا اور پوری قوم چیخ اور زلزلہ سے ہلاک کر دی گئی جس کا ذکر سورۂ اعراف اور سورۂ ہود میں گزر چکا ہے۔

یہ لوگ پہاڑوں کو کاٹ کاٹ کر گھر بنا لیتے تھے عذاب آیا تو اپنے گھر میں گھٹنوں کے بل ایسے پڑے رہ گئے جیسا کہ اس میں کبھی رہے ہی نہ تھے خود ہلاک ہوئے اور گھر یونہی دھرے رہ گئے جو اب تک موجود ہیں خالی پڑے ہیں۔ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً لِّقَوْمٍ یَّعْلَمُوْنَ (بلاشبہ اس میں جاننے والوں کے لئے بڑی پریشانی ہے)۔

وَاَنْجَیْنَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا یَتَّقُوْنَ (اور ہم نے ایمان والوں کو نجات دی، اور یہ لوگ کفر اور شرک سے پرہیز کرتے تھے)۔

ان لوگوں نے جو یہ کہا کہ ہم صالح کے گھر والوں کو قتل کر کے اس کے ولی سے کہہ دیں گے کہ ہمیں نہیں معلوم کس نے قتل کیا اس میں یہ اشکال پیدا ہوتا ہے کہ جب کسی کے گھر والے مقتول ہو جائیں تو ولی کہاں بچے گا جو خون کا دعویٰ کرے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ ان لوگوں کا مقصد یہ تھا کہ صالح علیہ السلام اور ان کے متعلقین اہل ایمان کو قتل کر دیں گے اور ساتھ ہی یہ ڈر پھر بھی لگا ہوا تھا کہ جو لوگ صالح علیہ السلام کے دین پر نہیں ہیں وہ رشتہ داری کی بنیاد پر خون کا دعویٰ کرنے لگیں گے جیسا کہ قریش مکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو شہید کرنے سے ڈرتے تھے کہ بنی ہاشم خون کا دعویٰ کر دیں گے حالانکہ بنی ہاشم خود ایک عرصہ کے بعد مسلمان ہوئے۔

وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖۤ اَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ وَاَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ ﴿۵۴﴾ اَىِٕنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ

اور ہم نے لوط کو بھیجا جب کہ انہوں نے اپنی قوم سے کہا کیا تم بے حیائی کے کام کرتے ہو حالانکہ تم سمجھ بوجھ رکھتے ہو' کیا تم عورتوں کو چھوڑ کر شہوت پوری کرنے کے لئے

الرِّجَالَ شَهْوَةً مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ ؕ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ ﴿۵۵﴾ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖۤ اِلَّاۤ اَنْ قَالُوْۤا

مردوں کے پاس آتے ہو، بلکہ بات یہ ہے کہ تم جہالت کے کام کر رہے ہو۔ سو ان کی قوم کا جواب یہی تھا کہ

اَخْرِجُوْۤا اٰلَ لُوْطٍ مِّنْ قَرْيَتِكُمْ ۚ اِنَّهُمْ اُنَاسٌ يَّتَطَهَّرُوْنَ ﴿۵۶﴾ فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَهْلَهٗۤ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ۫

آل لوط کو اپنی بستی سے نکال دو بے شک بات یہ ہے کہ یہ لوگ پاک باز بنتے ہیں۔ سو ہم نے لوط کو اور اس کے گھر والوں کو نجات دیدی سوائے اس کی بیوی کے،

قَدَّرْنٰهَا مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿۵۷﴾ وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ۚ فَسَآءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿۵۸﴾

کہ ہم نے ان لوگوں میں تجویز کر رکھا تھا جو عذاب میں رہ جانے والے تھے۔ اور ہم نے ان پر خاص قسم کی بارش برسا دی سو ان لوگوں کی بری بارش تھی جو ڈرائے گئے۔

ع ۱۴ / ۱۹

حضرت لوط علیہ السلام کی قوم کا بے حیائی کے کاموں میں مشغول ہونا، نصیحت قبول نہ کرنا' اور بالآخر ہلاک ہونا

ان آیات میں حضرت لوط علیہ السلام کی قوم کا سوال و جواب اور پھر ان کی ہلاکت کا تذکرہ ہے، تفصیل سے یہ واقعہ سورۂ اعراف، سورۂ ہود، سورۂ حجر اور سورۂ شعراء میں گزر چکا ہے۔

حضرت لوط علیہ السلام جن کی طرف مبعوث ہوئے تھے یہ لوگ برے کام کرتے تھے یعنی مرد مردوں سے شہوت پوری کرتے تھے حضرت لوط علیہ السلام نے ان کو ایمان کی بھی دعوت دی اور یہ بھی سمجھایا کہ اس کام کو چھوڑ و تمہارا دل بھی جانتا ہے کہ یہ کام اچھا نہیں ہے، یہ جاہلوں کا کام ہے تم پر جہالت سوار ہے کہ تم اسے برا کام جانتے ہوئے بھی نہیں چھوڑتے، ان لوگوں نے الٹے الٹے جواب دیئے اور کہنے لگے کہ اجی لوط کو اور ان کے ساتھیوں کو (جنہوں نے ایمان قبول کر لیا) اور ان کے گھر والوں کو اپنی بستی سے نکال باہر کرو یہ لوگ پاک باز بنتے ہیں، پاک آدمیوں کا ناپاک آدمیوں میں کیا کام (یہ ان لوگوں نے بطور طنز و تمسخر کہا تھا)۔

آخر ان لوگوں پر عذاب آ گیا بحکم الٰہی حضرت سیدنا لوط علیہ السلام اہل ایمان کو اور گھر والوں کو آخر رات میں بستی سے لیکر نکل گئے اللہ پاک نے ان کی قوم پر پتھروں کی بارش بھیج دی اور زمین کا تختہ بھی الٹ دیا۔

بارش میں جو پتھر برسائے گئے انہیں سورۂ ہود اور سورۂ حجر میں حِجَارَةً مِّنْ سِجِّيْلٍ فرمایا اور سورۂ ذاریات میں حِجَارَةً مِّنْ طِيْنٍ فرمایا سجیل کا ترجمہ کنکر کیا گیا ہے یعنی یہ اس قسم کے پتھر تھے جیسے مٹی کو آگ میں پکا لیا ہو اور اس سے اینٹیں بنائی جائیں اسی کو فرمایا ہم نے خاص قسم کی بارش بھیج دی آخر میں فرمایا فَسَآءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِيْنَ (سو بری بارش تھی اور لوگوں کی جنہیں ڈرایا گیا) یعنی پہلے انہیں سمجھایا گیا تھا کہ ڈرو، ایمان لاؤ، برے اعمال چھوڑ و اس کا انہوں نے کوئی اثر نہیں لیا لامحالہ عذاب آیا اور پتھروں کی بارش ہوئی اور انہیں ہلاکت کا منہ دیکھنا پڑا۔

☆☆☆..........پارہ ۱۹ ختم..........☆☆☆

(پارہ نمبر ۲۰)

قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلٰمٌ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِيْنَ اصْطَفٰى ۗ آٰللّٰهُ خَيْرٌ اَمَّا يُشْرِكُوْنَ (۵۹) (۱)

آپ کہہ دیجئے کہ سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں اور سلام ہو اللہ کے ان بندوں پر جنہیں اس نے چن لیا، کیا اللہ بہتر ہے یا وہ لوگ جنہیں وہ شریک بناتے ہیں؟

اَمَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ حَدَآئِقَ ذَاتَ بَهْجَةٍ ۚ

کیا وہ ذات جس نے آسمانوں کو اور زمینوں کو پیدا فرمایا اور تمہارے لئے آسمان سے پانی اتارا پھر ہم نے ان کے ذریعہ رونق والے باغیچے اگائے، تم یہ نہیں کر سکتے تھے

مَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُنْۢبِتُوْا شَجَرَهَا ۗ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ۗ بَلْ هُمْ قَوْمٌ يَّعْدِلُوْنَ (۶۰) اَمَّنْ جَعَلَ الْاَرْضَ

کہ ان کے درختوں کو اگاؤ، کیا اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود ہے؟ بلکہ بات یہ ہے کہ یہ لوگ اللہ کے برابر ٹھہراتے ہیں۔ کیا جس ذات نے زمین کو ٹھہرا

قَرَارًا وَّجَعَلَ خِلٰلَهَآ اَنْهٰرًا وَّجَعَلَ لَهَا رَوَاسِيَ وَجَعَلَ بَيْنَ الْبَحْرَيْنِ حَاجِزًا ۗ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ۗ

ہوا بنایا اور اس کے درمیان نہریں بنائیں اور اس کے لئے پہاڑ بنائے اور دو دریاؤں کے درمیان آڑ بنادی کیا اللہ کے ساتھ کوئی معبود ہے؟

بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ (۶۱) اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ وَيَجْعَلُكُمْ

بلکہ ان میں سے اکثر وہ لوگ ہیں جو نہیں سمجھتے۔ کیا وہ جو بے چین آدمی کی دعاء کو سنتا ہے جب وہ اسے پکارتا ہے اور بدحالی کو دور فرماتا ہے اور تمہیں

خُلَفَآءَ الْاَرْضِ ۗ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ۗ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ (۶۲) اَمَّنْ يَّهْدِيْكُمْ فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَ

زمین میں خلیفہ بناتا ہے کیا اللہ کے ساتھ کوئی معبود ہے؟ تم بہت کم دھیان دیتے ہو۔ کیا وہ جو تمہیں خشکی میں اور دریا کے اندھیروں میں راہ

الْبَحْرِ وَمَنْ يُّرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًاۢ بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ۗ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ۗ تَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ (۶۳)

بتاتا ہے اور جو ہواؤں کو بھیجتا ہے جو اس کی رحمت سے پہلے خوشخبری دینے والی ہوتی ہیں کیا اللہ کے سوا کوئی معبود ہے؟ اللہ اس سے برتر ہے جو وہ شرک کرتے ہیں۔

اَمَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ وَمَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ۗ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ۗ قُلْ هَاتُوْا

کیا وہ جو مخلوق کو اول بار پیدا فرماتا ہے پھر اسے دوبارہ پیدا فرمائے گا اور جو تمہیں آسمان سے اور زمین سے رزق دیتا ہے کیا اللہ کے ساتھ کوئی معبود ہے؟ آپ فرمادیجئے

بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ (۶۴) قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ ۗ

کہ تم اپنی دلیل پیش کرو اگر تم سچے ہو۔ آپ فرمادیجئے کہ آسمانوں میں اور زمینوں میں جو بھی چیزیں موجود ہیں ان میں سے کوئی بھی غیب کو نہیں جانتا سوائے اللہ تعالیٰ کے

(۱)۔۔۔۔۔۔۔۔ یہ آیت پارہ نمبر ۱۹ کی ہے لیکن مضمون کی مناسبت سے ترجمہ وتشریح بعد والی آیات کے ساتھ کر دی ہے۔

وَمَا يَشْعُرُوْنَ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ﴿۶۵﴾ بَلِ ادّٰرَكَ عِلْمُهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ بَلْ هُمْ فِىْ شَكٍّ مِّنْهَا بَلْ

اور یہ لوگ علم نہیں رکھتے کہ کب زندہ کئے جائیں گے۔ بلکہ بات یہ ہے کہ آخرت کے بارے میں ان کا علم نیست و نابود ہو گیا، بلکہ یہ لوگ اس کے بارے میں شک میں پڑے ہوئے ہیں،

هُمْ مِّنْهَا عَمُوْنَ ﴿۶۶﴾

بلکہ یہ اس کی طرف سے اندھے ہیں۔

ع ۸ ۱

اللہ تعالیٰ کی صفات عظیمہ، مخلوقات میں اللہ تعالیٰ کے تصرفات، مشرکین کو توحید کی دعوت، شرک کی تردید

یہ چند آیات ہیں جن میں اللہ تعالیٰ کی توحید کے دلائل بیان فرمائے اول تو اللہ تعالیٰ کی تعریف بیان فرمائی پھر جن بندوں کو اللہ تعالیٰ نے منتخب فرما لیا اپنی رضامندی کے کاموں کے لئے اور اپنے دین کی دعوت و تبلیغ کے لئے چن لیا ان کے بارے میں فرمایا کہ ان پر سلام ہو، پھر سوال فرمایا کہ یہ بتاؤ کہ اللہ کی ذات اقدس بہتر ہے یا وہ چیزیں بہتر ہیں جنہیں مشرکین اللہ تعالیٰ کا شریک بناتے ہیں، ان چیزوں کو کچھ بھی قدرت نہیں اور اللہ تعالیٰ کی بڑی قدرت ہے اس کی قدرت کے مظاہرے نظروں کے سامنے ہیں مشرکین بھی جانتے ہیں کہ جو بھی وجود میں ہے اللہ تعالیٰ کی مشیت اور ارادہ سے ہے اللہ تعالیٰ کے علاوہ کسی بھی چیز کو کسی نے کچھ بھی وجود نہیں بخشا پھر اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرانا حماقت نہیں تو کیا ہے؟ اس کے بعد اللہ تعالیٰ کی قدرت کے چند مظاہرے بیان فرمائے، اول تو یہ فرمایا کہ جس پاک ذات نے آسمانوں کو اور زمین کو پیدا فرمایا اور جس نے تمہارے لئے آسمان سے پانی اتارا اور جس نے اس پانی کے ذریعہ بارونق باغیچے پیدا فرمائے تمہارے بس کا کام نہیں تھا کہ تم اس کو پیدا کرتے کیا (ان چیزوں کی تخلیق میں) اس کا کوئی شریک ہے۔ اس کو تو سب مانتے ہیں کہ اس میں اس کا کوئی شریک نہیں پھر عبادت میں اس کا شریک کیوں ٹھہراتے ہو؟ ءالٰـه مع الله (کیا اللہ کے ساتھ کوئی معبود ہے) یعنی اس کے علاوہ کوئی بھی معبود نہیں ہے بَلْ هُمْ قَوْمٌ يَّعْدِلُوْنَ اس کا ایک ترجمہ تو وہی ہے جو اوپر لکھا گیا یعنی ان سب باتوں کو جانتے ہوئے یہ لوگ پھر بھی اللہ کی مخلوق میں سے اللہ کے برابر قرار دیتے ہیں یعنی مخلوق کی عبادت کرتے ہیں اور دوسرا ترجمہ یہ ہے کہ یہ لوگ جان بوجھ کر راہ حق سے ہٹتے ہیں لفظ یعدلون میں دونوں طرح ترجمہ کرنے کی گنجائش ہے اسکے بعد فرمایا کہ جس پاک ذات نے زمین کو ٹھہرنے والی چیز بنادیا جو خود بھی ٹھہری ہوئی ہے اور اس پر انسان اور حیوانات سب ٹھہرے ہوئے ہیں اس میں حرکت نہیں ہے اور جس نے اس کے درمیان نہریں بنادیں اور اس کے لئے بھاری پہاڑ بنادیئے اور جس نے دو سمندروں کے درمیان آڑ بنادی ایک میٹھا ہے اور دوسرا نمکین ہے دونوں ساتھ ساتھ چلتے ہیں اور ایک دوسرے میں داخل نہیں ہوتے کیا ایسی پاک ذات کے ساتھ کوئی معبود ہے؟ یعنی نہیں ہے بلکہ ان میں سے اکثر لوگ نہیں جانتے، یہاں جو زمین کو ٹھہرنے والی بتایا ہے اس سے مراد یہ ہے کہ وہ ایسی حرکت نہیں جس سے اوپر کی چیزیں حرکت کرنے لگیں یعنی اس میں عام حالت میں زلزلہ اور اضطراب کی کیفیت نہیں لہٰذا یہ اس کے معارض نہیں جو اہل سائنس کہتے ہیں کہ دن رات کے آگے پیچھے آنے میں زمین کی حرکت کو دخل ہے جیسے اوپر کے پاٹ پر ایک چیونٹی بیٹھی یا چلتی رہے اور پاٹ گھومتا رہے تو چیونٹی کے بیٹھے رہنے یا چلنے میں کوئی فرق نہیں آئے گا۔ رہی یہ بات کہ اہل سائنس جو یہ کہتے ہیں کہ لیل و نہار کا آگے پیچھے آنا جانا زمین کی حرکت کی وجہ سے ہے ان کا یہ قول صحیح ہے یا نہیں ایک مستقل بحث ہے یہاں تو یہ بتانا مقصود ہے کہ اگر اہل سائنس کا قول درست ہو تب بھی قرار ارض کے بارے

میں کوئی اشکال نہیں ہے جب اللہ تعالیٰ چاہتا ہے زلزلہ والی حرکت بھی زمین میں پیدا ہو جاتی ہے اس وقت بھاری پہاڑ بھی زمین کے زلزلہ کو نہیں روک سکتے بلکہ وہ خود بھی چورہ چورہ ہو جاتے ہیں۔

پھر فرمایا کہ مجبور حال دعا کرے تو اللہ تعالیٰ قبول فرما دیتا ہے اور وہ تمہیں زمین میں خلفاء بناتا ہے یعنی گذشتہ لوگوں کا اس زمین پر جو تسلط تھا اس کے بعد تمہیں تسلط بخشا ہے کیا ایسی ذات کے ساتھ کوئی معبود ہے؟ یعنی اس کے ساتھ کوئی معبود نہیں ہے تم بہت کم نصیحت حاصل کرتے ہو۔

پھر فرمایا کیا جو ذات پاک خشکی اور سمندروں کی تاریکی میں راہ بتاتا ہے اور جو اپنی رحمت یعنی بارش سے پہلے خوشخبری دینے والی ہواؤں کو بھیجتا ہے کیا اس کے ساتھ کوئی معبود ہے؟ یعنی کوئی نہیں اللہ اس سے برتر ہے جو یہ لوگ شرک کرتے ہیں۔

پھر فرمایا کیا جو ذات ابتداءً پیدا فرمائے پھر موت کے بعد اس مخلوق کو لوٹا دے یعنی دوبارہ زندہ فرما دے اور وہ ذات جو تمہیں آسمان اور زمین سے رزق دے کیا اس کے ساتھ کوئی معبود ہے؟ آپ فرما دیجئے کہ اپنی دلیل لے آؤ اگر تم سچے ہو؟ یعنی اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو یہ قدرت نہیں ہے جس کا اوپر ذکر ہوا اور تمہارے پاس اس بات کی کوئی دلیل نہیں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی بھی مخلوق میں حقیقی تصرف کرتا ہے جب یہ بات ہے تو شرک پر کیوں جمے ہوئے ہو۔

آخر میں فرمایا قُلْ لَّا یَعْلَمُ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَیْبَ اِلَّا اللّٰهُ (آپ فرما دیجئے کہ آسمانوں میں اور زمین میں جتنی بھی مخلوق ہے ان میں سے کوئی بھی غیب نہیں جانتا اللہ تعالیٰ ہی غیب کو جانتا ہے)۔

اس میں منکرین قیامت کی تردید ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہتے تھے کہ آپ بتا دیجئے کہ قیامت کب آئے گی، یہ بات کہنے سے ان لوگوں کا مقصود وقوع قیامت کی نفی کرنا تھا، ارشاد فرمایا کہ آسمانوں اور زمین میں جو بھی مخلوق ہے ان میں سے کوئی غیب کو نہیں جانتا غیب کا علم صرف اللہ تعالیٰ ہی کو ہے اس نے مجھے معین کر کے وقوع قیامت کا وقت نہیں بتایا لہٰذا میں اپنے پاس سے نہیں بتا سکتا لیکن مجھے اور تمہیں اس کا وقت معلوم نہ ہونا اس بات کی دلیل نہیں کہ قیامت نہیں آئے گی۔ وَمَا یَشْعُرُوْنَ اَیَّانَ یُبْعَثُوْنَ (اور اس کا علم نہیں کہ وہ کب اٹھائے جائیں گے) بَلْ هُمْ فِیْ شَكٍّ مِّنْهَا (بلکہ وہ اس کے بارے میں شک میں پڑے ہوئے ہیں) بَلْ هُمْ مِّنْهَا عَمُوْنَ مطلب یہ ہے کہ جیسے اندھے کو راستہ نظر نہیں آتا اور اس کی وجہ سے وہ مقصود تک نہیں پہنچ سکتا اس طرح یہ لوگ عناد کی وجہ سے دلائل صحیحہ میں غور و تامل نہیں کرتے جو وضوح حق کا راستہ ہے اس سے انہیں عناد ہے اور شک والے سے بڑھ کر گمراہی میں مبتلا ہیں کیونکہ شک والا آدمی کبھی دلائل میں نظر کرتا ہے تو اس کا شک ختم ہو جاتا ہے اور یہ لوگ قصداً اراداۃً دلائل میں غور ہی نہیں کرتے تفکر اور تامل سے دور بھاگتے ہیں۔

وَقَالَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا وَّاٰبَآؤُنَآ اَئِنَّا لَمُخْرَجُوْنَ ﴿۶۷﴾ لَقَدْ وُعِدْنَا هٰذَا نَحْنُ وَاٰبَآؤُنَا

اور کافروں نے کہا کیا جب ہم مٹی ہو جائیں گے اور ہمارے باپ دادے تو کیا ہم ضرور نکالے جائیں گے۔ بلاشبہ بات یہ ہے کہ اس سے پہلے ہم سے اور ہمارے باپ دادوں

مِنْ قَبْلُ ۙ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِیْرُ الْاَوَّلِیْنَ ﴿۶۸﴾ قُلْ سِیْرُوْا فِی الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَیْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِیْنَ ﴿۶۹﴾

سے اس کا وعدہ کیا گیا ہے یہ پرانے لوگوں کی نقل کی ہوئی باتیں ہیں۔ آپ فرما دیجئے تم زمین میں چلو پھر و سو دیکھ لو مجرموں کا کیا انجام ہوا

وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُنْ فِىْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ۝ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝

اور آپ ان پر رنج نہ کیجئے اور یہ جو مکر کرتے ہیں اس کی وجہ سے تنگ دل نہ ہوجایئے ، اور وہ کہتے ہیں کہ یہ وعدہ کب پورا ہوگا اگر تم سچے ہو۔

قُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ رَدِفَ لَكُمْ بَعْضُ الَّذِىْ تَسْتَعْجِلُوْنَ ۝ وَاِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ

آپ فرما دیجئے کہ تم جس عذاب کی جلدی مچار ہے ہو عنقریب اس کا بعض حصہ تم سے آ ہی لگا ہے اور بلاشبہ آپ کا رب لوگوں پر فضل فرمانے والا ہے لیکن

اَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُوْنَ ۝ وَاِنَّ رَبَّكَ لَيَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۝ وَمَا مِنْ غَآئِبَةٍ فِى

ان میں سے بہت سے لوگ شکر نہیں کرتے اور بلاشبہ آپ کا رب ان باتوں کو ضرور جانتا ہے جنہیں ان کے سینے چھپاتے ہیں اور یہ جو کچھ ظاہر کرتے ہیں اور آسمان اور زمین میں

السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِلَّا فِىْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝

کوئی پوشیدہ چیز ایسی نہیں ہے جو کتاب مبین میں نہ ہو۔

منکرین بعث کے وسوسے، ان کے لئے عذاب کی وعید اور تنبیہ

توحید کے اثبات اور شرک کی تردید کے بعد منکرین کے انکار بعث کا تذکرہ فرمایا، کافر کہتے ہیں کہ آپ جو یہ قیامت آنے والی بات کہتے ہیں اور یہ بتاتے ہیں کہ زندہ ہو کر قبروں سے اٹھ کھڑے ہونگے یہ بات ہماری سمجھ میں نہیں آتی قبروں میں دفن ہونے کے بعد ہم مٹی ہوجائیں گے ہمارے باپ دادا بھی مٹی ہو چکے ہیں اس حالت کو پہنچ کر زندہ قبروں سے نکالا جانا یہ بات سمجھ سے باہر ہے پھر یہ بات بھی ہے کہ ہمارے باپ دادوں کو بھی یہ بتایا گیا تھا کہ زندہ ہو کر قبروں سے اٹھائے جاؤ گے آج تک تو یہ وعدہ پوا ہوا نہیں ہمارے خیال میں تو یہ پرانے لوگوں کی باتیں نقل در نقل چلی آ رہی ہیں ان کی اصلیت کچھ نہیں نہ قیامت آنا ہے نہ زندہ ہونا ہے نہ قبروں سے نکلنا ہے۔ ان لوگوں کی تکذیب کے جواب میں فرمایا سِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِيْنَ (آپ فرما دیجئے کہ زمین میں چلو پھرو سو دیکھ لو مجرمین کا کیا انجام ہوا) اس میں منکرین قیامت کو تنبیہ فرمائی ہے مطلب یہ ہے کہ تم جو اللہ تعالیٰ کی توحید کے اور وقوع قیامت کے منکر ہو تم سے پہلے بھی تکذیب کرنے والے گزرے ہیں جو اسی دنیا میں رہتے تھے تکذیب کی وجہ سے ان پر عذاب آیا اور ہلاک ہوئے، ان کی آبادیوں کے نشان اب تک زمین کے مختلف گوشوں میں موجود ہیں، چلو پھرو انہیں دیکھو تا کہ تمہیں ان لوگوں کا انجام معلوم ہوجائے جنہوں نے اللہ تعالیٰ کے رسولوں کو جھٹلایا، اور تکذیب کر کے مجرم بنے، اگر تمہاری تکذیب جاری رہی تو سوچ لو تمہارا بھی یہ انجام ہوگا اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی دی اور فرمایا کہ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُنْ فِىْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ (اور آپ ان کی باتوں پر رنج نہ کیجئے اور ان کے مکر کی وجہ سے تنگ دل نہ ہوجائے اللہ تعالیٰ آپ کی حفاظت فرمائے گا۔ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ (اور وہ کہتے ہیں کہ یہ وعدہ کب پورا ہوگا اگر تم سچے ہو؟) جب ان سے کہا گیا زمین میں چل پھر کر دیکھ لو کہ مجرمین کا کیا انجام ہوا تو بطور تمسخر اور استہزاء یوں کہا کہ جو عذاب آنا ہے وہ کب آئے گا؟ اگر سچے ہو تو اس کا وقت بتادو! چونکہ عذاب کا یقین نہیں تھا اس لئے انہوں نے ایسی بات کہی، اس کے جواب میں فرمایا قُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ رَدِفَ لَكُمْ بَعْضُ الَّذِىْ تَسْتَعْجِلُوْنَ (آپ فرما دیجئے کہ تم جس عذاب کی جلدی مچار ہے ہو عنقریب اس کا بعض حصہ تم سے آ ہی لگا ہے)۔

مفسرین نے فرمایا ہے کہ اس سے غزوۂ بدر مراد ہے، غزوۂ بدر میں مشرکین مکہ مکرمہ سے آئے اور شکست کھائی ان کے ستر آدمی مارے گئے اور ستر آدمیوں کو قید کر کے مدینہ لایا گیا یہ لوگ بڑے طمطراق سے نکلے تھے بالآخر دنیاوی عذاب بھی دیکھ لیا اور قبر کے عذاب میں بھی مبتلا ہوئے، اور یوم القیامہ کا عذاب اپنی جگہ باقی رہا۔

وَاِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ (بلاشبہ آپ کا رب لوگوں پر فضل فرمانے والا ہے) اسی فضل میں سے یہ بھی ہے کہ کفر میں اور شرک میں مبتلا ہونے والوں کو بھی نعمتیں دیتا ہے اور ان پر فضل فرماتا ہے اور یہ فضل بھی ہے کہ انہیں ڈھیل دیتا ہے۔ عذاب بھیجنے میں جلدی نہیں فرماتا۔

وَاِنَّ رَبَّكَ لَيَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ وَمَا يُعْلِنُوْنَ (اور بلاشبہ آپ کا رب ان باتوں کو ضرور جانتا ہے جنہیں ان کے سینے چھپاتے ہیں اور جو کچھ یہ لوگ ظاہر کرتے ہیں) اس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی بھی ہے کہ آپ ان کی باتوں سے غمگین نہ ہوں ان کی دل کی باتیں نیتیں اور ارادے ہمیں سب معلوم ہیں حکمت کے مطابق ان کا انجام سامنے آئے گا اور ساتھ ہی منکرین کے لئے تہدید اور تخذیر بھی ہے کہ تمہاری کوئی نیت کوئی ارادہ کوئی عمل پروردگار جل مجدہ سے پوشیدہ نہیں ہے اس کی طرف سے جو عذاب میں تاخیر ہے وہ اس وجہ سے نہیں کہ اس کو تمہارا حال معلوم نہیں، اسے سب کچھ پتہ ہے حکمت کے مطابق جب وہ چاہے گا سزا دے گا اس کے بعد فرمایا کہ:......

وَمَا مِنْ غَآئِبَةٍ فِى السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِلَّا فِىْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ (اور آسمان اور زمین میں کوئی پوشیدہ چیز ایسی نہیں جو کتاب مبین میں نہ ہو) کتاب مبین سے مفسرین نے لوح محفوظ مراد لی ہے، مطلب یہ ہے کہ آسمان اور زمین میں جو کچھ ہے وہ کتاب مبین میں محفوظ ہے، ان سب کو اللہ تعالیٰ جانتا ہے اس کا علم کسی کتاب میں مندرج پر موقوف نہیں ہے لیکن پھر بھی لوح محفوظ میں درج فرما دیا ہے لوگوں کے اعمال حسنات سیئات بھی محفوظ ہیں، اللہ تعالیٰ شانہ اپنی حکمت کے مطابق جب چاہے گا سزا دے گا، سزا میں دیر لگنے سے یہ نہ سمجھیں کہ سزا نہ ملے گی۔

اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَقُصُّ عَلٰى بَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَكْثَرَ الَّذِىْ هُمْ فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۷۶﴾ وَاِنَّهٗ لَهُدًى وَّرَحْمَةٌ

بلاشبہ یہ قرآن بنی اسرائیل پر اکثر ان چیزوں کو بیان کرتا ہے جس چیزوں میں وہ جھگڑ رہے ہیں اور بلاشبہ یہ قرآن مؤمنین کے لئے ہدایت ہے

لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۷۷﴾ اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِىْ بَيْنَهُمْ بِحُكْمِهٖ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْعَلِيْمُ ﴿۷۸﴾ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّكَ

اور رحمت ہے، بے شک آپ کا رب ان کے درمیان اپنے حکم سے فیصلے فرمائے گا اور وہ عزیز ہے، علیم ہے، سو آپ اللہ پر بھروسہ کیجئے بلاشبہ آپ

عَلَى الْحَقِّ الْمُبِيْنِ ﴿۷۹﴾

صریح حق پر ہیں۔

قرآن مجید ان چیزوں کو بیان کرتا ہے جن میں بنی اسرائیل اختلاف کرتے ہیں

یہ چار آیات ہیں پہلی دو آیتوں میں قرآن کی صفات بیان فرمائی ہیں اول تو یہ فرمایا کہ بنی اسرائیل جن باتوں میں اختلاف رکھتے ہیں قرآن ان کے بارے میں صحیح صحیح پوری حقیقت کو بیان کرتا ہے، ان لوگوں نے اپنی کتاب میں تو تحریف کر ہی دی تھی اور ان میں جو کچھ سنی سنائی باتیں چلی آ رہی تھیں ان میں بھی اختلاف رکھتے تھے، قرآن مجید نے واضح طور پر حق باتیں واضح فرما دیں۔

ان لوگوں کی جاہلانہ باتوں میں ایک یہ بات بھی تھی کہ العیاذ باللہ حضرت ابراہیم علیہ السلام یہودی تھے اس بات کی تردید کرتے ہوئے فرمایا: مَا كَانَ إِبْرَاهِيمُ يَهُودِيًّا وَّلَا نَصْرَانِيًّا وَّلٰكِنْ كَانَ حَنِيفًا مُّسْلِمًا (ابراہیم علیہ السلام یہودی اور نصرانی نہیں تھے لیکن وہ حق کی طرف مائل ہونے والے فرمانبردار تھے)۔

یہ لوگ یہ بھی کہتے تھے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت یعقوب علیہ السلام نے اپنی اولاد کو یہودیت اختیار کرنے کی وصیت فرمائی تھی اس کی تردید میں فرمایا وَوَصّٰى بِهَآ إِبْرَاهِيمُ بَنِيهِ وَيَعْقُوبُ۔

اسی طرح حضرت مریم علیہا السلام اور ان کے بیٹے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں غلط باتیں کہتے تھے قرآن نے اس کو بھی صاف کیا اور حضرت مریم علیہا السلام کی عفت اور عصمت بیان فرمائی اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا صحیح مقام بتایا کہ وہ اللہ کے بیٹے نہیں تھے بلکہ اللہ کے رسول تھے۔

قرآن مجید کی دوسری صفت یہ بیان فرمائی کہ وہ اہل ایمان کے لئے ہدایت ہے اور رحمت ہے اہل ایمان اس پر ایمان لاتے ہیں اور اس کے مطابق زندگی گزارتے ہیں اس لئے ان کے لئے قرآن ہدایت اور رحمت ہے، ہے تو غیر مؤمنین کے لئے بھی ہدایت اور رحمت لیکن وہ اس پر ایمان نہیں لاتے اس لئے وہ اس کی خیریت اور برکات سے محروم ہیں۔

تیسری آیت میں فرمایا کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اپنے حکم سے ان کے درمیان فیصلہ فرمائے گا اس وقت حق اور باطل ظاہر ہو جائے گا۔ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْعَلِيمُ (اللہ زبردست ہے وہ قیامت کے دن سب کو حاضر فرمائے گا اور وہ علیم بھی ہے اس کو ہر ہر فرد کا اور ہر ہر فرد کے عقیدہ اور عمل کا علم ہے) کوئی اس سے چھوٹ کر جا نہیں سکتا اور کوئی چیز اس کے علم سے باہر نہیں۔

چوتھی آیت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی دی کہ آپ اللہ پر بھروسہ کیجئے ان لوگوں کی تکذیب سے غمگین نہ ہو جائیے بلاشبہ آپ صریح حق پر ہیں حق پر ہونا ہی تسلی اور ثبات قدمی کے لئے کافی ہے۔

إِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَآءَ إِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِينَ ۝٨٠ وَمَآ أَنْتَ بِهٰدِي الْعُمْيِ عَنْ

بلاشبہ آپ مردوں کو نہیں سنا سکتے اور نہ آپ بہروں کو پکار سنا سکتے ہیں جبکہ وہ پیٹھ پھیر کر چل دیں۔ اور نہ آپ اندھوں کو ان کی گمراہی سے بچا کر

ضَلٰلَتِهِمْ ۚ إِنْ تُسْمِعُ إِلَّا مَنْ يُّؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ مُّسْلِمُونَ ۝٨١

راستہ دکھا سکتے، آپ تو انہیں کو سنا سکتے ہیں جو ہماری آیات پر ایمان لاتے ہیں سو وہ فرمانبردار ہیں۔

آپ مردوں کو نہیں سنا سکتے اور اندھوں کو راہ حق نہیں دکھا سکتے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم توحید کی دعوت دینے میں بہت محنت کرتے تھے مکہ معظمہ کے مشرکین میں سے کچھ لوگوں نے اسلام قبول کیا اکثر لوگ دور بھاگتے تھے آپ چاہتے تھے کہ سب مسلمان ہو جائیں وہ لوگ روگردانی کرتے تھے تو آپ کو رنج ہوتا تھا، اللہ پاک کی طرف سے آپ کو تسلی دی جاتی تھی تسلی کا مضمون آیت کریمہ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُنْ فِي ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُونَ میں بھی بیان ہو چکا ہے یہاں دوسرے انداز میں آپ کو تسلی دی گئی ہے وہ یہ کہ جن لوگوں نے اپنی ضد اور عناد کی وجہ سے اپنی قبول حق کی صلاحیت ختم کر دی ہے آپ انہیں ہدایت نہیں دے سکتے ہدایت دینا تو دور کی بات ہے آپ انہیں اپنی بات سنا بھی نہیں سکتے ان لوگوں کو اوّلاً مردہ پھر

گونگا پھر اندھا بتایا اور اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب فرمایا کہ یہ لوگ مردوں کی طرح سے ہیں انہیں آپ کوئی بات نہیں سنا سکتے اور بہروں کی طرح ہیں آپ آواز بھی نہیں سنا سکتے خصوصاً جب کہ وہ پیٹھ پھیر کر دور چلے جارہے ہوں (اول تو بہرہ پھر وہ دور بھاگے بھلا اس کو کیا سنا جا سکتا ہے) بات سننے کے بارے میں ان کا حال یہ بیان ہوا مزید فرمایا کہ وہ اندھے بن چکے ہیں، اندھے کو یہ دکھانا کہ یہ راہ اچھی ہے اور وہ راہ بری ہے آپ کے بس میں نہیں ہے، بس جب منکرین ومکذبین کا یہ حال ہے تو آپ انہیں حق بات کیسے سنا سکتے ہیں اور راہ حق کیسے دکھا سکتے ہیں۔ اگر ان کے کانوں میں بات پڑتی بھی ہے تو ضد اور عناد میں ساری سنی کو ان سنی کر دیتے ہیں۔

اِنْ تُسْمِعُ اِلَّا مَنْ يُّؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ مُّسْلِمُوْنَ یعنی آپ تو صرف ایسے ہی لوگوں کو سنا سکتے ہیں جو اللہ کی آیات پر ایمان لائیں اور اطاعت قبول کریں۔ اس پورے مضمون میں یہ بات بالکل واضح ہے کہ اس جگہ سننے سنانے سے مراد محض کانوں میں آواز پہنچنا نہیں بلکہ مراد اس سے وہ سماع اور سننا ہے جو نفع بخش ہو۔ جو سماع نافع نہ ہو اس کو قرآن نے مقصد کے اعتبار سے عدم سماع سے تعبیر کیا ہے جیسا کہ آخر آیت میں یہ ارشاد ہے کہ آپ تو صرف ان لوگوں کو سنا سکتے ہیں جو ایمان لائیں، اگر اس میں سنانے سے مراد محض ان کے کان تک آواز پہنچانا ہوتا تو قرآن کا یہ ارشاد خلاف مشاہدہ اور خلاف واقع ہو جاتا کیونکہ کافروں کے کانوں تک آواز پہنچانے اور ان کے سننے جواب دینے کی شہادتیں بے شمار ہیں کوئی بھی اس کا انکار نہیں کر سکتا اس سے واضح ہوا کہ سنانے سے مراد سماع نافع ہے، ان کو مردہ لاش سے تشبیہ دیکر جو یہ فرمایا گیا ہے کہ آپ مردوں کو نہیں سنا سکتے اس کے معنی یہی ہوئے کہ جیسے مردے کوئی بات حق کی سن بھی لیں اور اس وقت وہ حق کو قبول کرنا چاہیں تو یہ ان کے لئے نافع نہیں، کیونکہ وہ دنیا کے دارالعمل سے گزر چکے ہیں جہاں ایمان وعمل نافع ہو سکتا ہے اسی طرح آپ کے مخاطبین جو کچھ سنتے ہیں اس سے منتفع نہیں ہوئے اس لئے اس آیت سے یہ بات ثابت نہیں ہوتی کہ مردے کوئی کلام کسی کا سن ہی نہیں سکتے سماع اموات کے مسئلہ سے درحقیقت یہ آیت ساکت ہے البتہ یہ مسئلہ اپنی جگہ قابل نظر ہے کہ مردے کسی کلام کو سن سکتے ہیں یا نہیں۔

مسئلہ سماع اموات......... یہ مسئلہ کہ مردے زندوں کا کلام سن سکتے ہیں یا نہیں ان مسائل میں سے ہے جن میں خود صحابہ کرامؓ کا باہم اختلاف رہا ہے حضرت عبداللہ بن عمرؓ سماع موتیٰ کو ثابت قرار دیتے ہیں اور حضرت ام المؤمنین صدیقہ عائشہؓ اس کی نفی کرتی ہیں اسی طرح دوسرے صحابہ وتابعین میں بھی دو گروہ ہو گئے بعض اثبات کے قائل ہیں بعض نفی کے۔ اور قرآن کریم میں یہ مضمون ایک تو اسی موقع پر سورۂ نمل میں آیا ہے دوسرے سورۂ روم میں تقریباً انہی الفاظ کے ساتھ دوسری آیت آئی ہے اور سورۂ فاطر میں یہ مضمون ان الفاظ سے بیان فرمایا ہے وَمَآ اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِى الْقُبُوْرِ یعنی آپ ان لوگوں کو نہیں سنا سکتے جو کہ قبروں میں ہیں ان تینوں آیتوں میں یہ بات قابل نظر ہے کہ ان میں سے کسی آیت میں بھی یہ نہیں فرمایا کہ مردے سن نہیں سکتے بلکہ تینوں آیتوں میں نفی اس کی کی گئی ہے کہ آپ نہیں سنا سکتے، تینوں آیتوں میں اس تعبیر وعنوان کو اختیار کرنے سے اس طرف واضح اشارہ نکلتا ہے کہ مردوں میں سننے کی صلاحیت تو ہو سکتی ہے مگر باختیار خود ان کو نہیں سنا سکتے۔

ان تینوں آیتوں کے علاوہ ایک چوتھی آیت جو شہداء کے بارے میں آئی ہے وہ یہ ثابت کرتی ہیں کہ شہداء کو اپنی قبروں میں ایک خاص قسم کی زندگی عطا ہوتی ہے اور اس زندگی کے مطابق رزق بھی ان کو ملتا ہے اور اپنے پسماندہ متعلقین کے متعلق بھی منجاب اللہ ان کو بشارت سنائی جاتی ہے آیت یہ ہے وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا بَلْ اَحْيَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ. فَرِحِيْنَ بِمَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَيَسْتَبْشِرُوْنَ بِالَّذِيْنَ لَمْ يَلْحَقُوْا بِهِمْ مِّنْ خَلْفِهِمْ اَلَّا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ۔ یہ آیت اس کی دلیل

ہے کہ مرنے کے بعد بھی روح انسانی میں شعور اور ادراک باقی رہ سکتا ہے بلکہ شہداء کے معاملہ میں اس کے وقوع کی شہادت بھی یہ آیت دے رہی ہے، رہا یہ معاملہ کہ یہ حکم تو شہیدوں کے ساتھ مخصوص ہے دوسرے اموات کے لئے نہیں، سو اس کا جواب یہ ہے کہ اس آیت سے کم از کم اتنا تو ثابت ہو گیا کہ مرنے کے بعد بھی روح انسانی میں شعور و ادراک اور اس دنیا کے ساتھ علاقہ باقی رہ سکتا ہے جس طرح اللہ تعالیٰ شانہ نے شہداء کو یہ اعزاز بخشا ہے کہ ان ارواح کا تعلق ان کے اجساد اور قبور کے ساتھ قائم رہتا ہے اسی طرح جب اللہ تعالیٰ شانہ نے شہداء کو یہ اعزاز بخشا ہے کہ ان ارواح کا تعلق ان کے اجساد اور قبور کے ساتھ قائم رہتا ہے اسی طرح جب اللہ تعالیٰ چاہیں تو دوسرے اموات کو یہ موقع دے سکتے ہیں جو حضرات سماع اموات کے قائل ہیں ان کا یہ قول بھی ایک صحیح حدیث کی بناء پر ہے جو اسناد صحیح کے ساتھ منقول ہے وہ یہ ہے۔

مامن احدیمر بقبر اخیه المسلم کان یعرفه فی الدنیا فیسلمه علیه الا رد الله علیه روحه حتی یرد علیه السلام۔

جو شخص اپنے کسی مسلمان بھائی کی قبر پر گزرتا ہے جس کو وہ دنیا میں پہچانتا تھا اور وہ اس کو سلام کرے تو اللہ تعالیٰ اس مردے کی روح اس میں واپس بھیج دیتے ہیں تاکہ وہ سلام کا جواب دے۔ (ذکر ابن کثیر فی تفسیرہ)

معلوم ہوا کہ جب کوئی شخص اپنے مردہ مسلمان بھائی کی قبر پر جا کر سلام کرتا ہے تو وہ مردہ اس کے سلام کو سنتا ہے اور جواب دیتا ہے اور اس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ اللہ تعالیٰ اس وقت اس کی روح اس دنیا میں واپس بھیج دیتے ہیں۔ اس سے دو باتیں ثابت ہوئیں اول یہ کہ مردے سن سکتے ہیں دوسرے یہ کہ ان کا سننا اور ہمارا سنانا ہمارے اختیار میں نہیں البتہ اللہ تعالیٰ جب چاہیں سنا دیں، جب نہ چاہیں نہ سنائیں۔ مسلمان کے سلام کرنے کے وقت تو اس حدیث نے بتلا دیا کہ حق تعالیٰ مردہ کی روح واپس لا کر اس کو سلام سنا دیتے ہیں اور اس کو سلام کا جواب دینے کی بھی قدرت دیتے ہیں باقی حالات وکلمات کے متعلق کوئی قطعی فیصلہ نہیں کیا جا سکتا کہ مردہ ان کو سنتا ہے یا نہیں۔ اس لئے امام غزالیؒ اور علامہ سبکیؒ وغیرہ کی تحقیق یہ ہے کہ اتنی بات تو احادیث صحیحہ اور قرآن کی آیت مذکورہ سے ثابت ہے کہ بعض اوقات میں مردے زندوں کا کلام سنتے ہیں لیکن یہ ثابت نہیں کہ ہر مردہ ہر حال میں ہر شخص کے کلام کو ضرور سنتا ہے اس طرح آیات وروایات کی تطبیق بھی ہو جاتی ہے۔ ہوسکتا ہے کہ مردے ایک وقت میں احیاء کے کلام کو سن سکیں دوسرے وقت نہ سن سکیں، یہ بھی ممکن ہے کہ بعض کے کلام کو سنیں بعض کے کلام کو نہ سنیں، یا بعض مردے سنیں بعض نہ سنیں، کیونکہ سورۂ نمل، سورۂ روم، سورۂ فاطر کی آیات سے بھی یہ ثابت ہے کہ مردوں کو سنانا ہمارے اختیار میں نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ جس کو چاہتے ہیں سنا دیتے ہیں اس لیے جن مواقع میں حدیث کی روایات صحیح سے سننا ثابت ہے وہاں سننے پر عقیدہ رکھا جائے اور جہاں ثابت نہیں وہاں دونوں احتمال ہیں اس لیے نہ قطعی اثبات کی گنجائش ہے نہ قطعی نفی کی واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔

حافظ ابن کثیر اپنی تفسیر میں لکھتے ہیں:۔

وثبت عنه صلی الله علیه وسلم لامته اذا سلموا علی اهل القبور ان یسلموا علیهم سلام من یخاطبونه فیقول المسلم السلام علیکم دار قوم مؤمنین وهٰذا خطاب لمن یسمع ویعقل ولولا هٰذا الخطاب لکانوا بمنزلة خطاب المعدوم والجماد، والسلف مجتمعون علی هٰذا.

یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ ثابت ہے کہ آپ نے اپنی امت کو تعلیم دی کہ اہل قبور کو سلام کریں اگر اس طرح کا خطاب نہ ہوتا تو اموات معدوم اور جماد کی طرح ہوتے (جبکہ خطاب کا تقاضہ یہ ہے کہ وہ لوگ جماد کی طرح نہ ہوں بلکہ سنتے سمجھتے ہوں اور سلف کا

اموات کو اس طرح سلام کرنے پر اجماع ہے)۔

حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ نے جس صیغہ خطاب کی طرف اشارہ کیا ہے۔

صحیح مسلم میں اس طرح سے ہے **السلام علیکم دار قوم مؤمنین و اتاکم ماتوعدون غدا مؤجلون و انا انشاء اللّٰہ بکم لاحقون**۔ (ص ۳۱۳ ج ۱)

سلام میں خطاب ہے جو سننے پر دلالت کرتا ہے البتہ یہ احتمال رہ جاتا ہے کہ سلام کو سنتے ہوں اس کے علاوہ دوسری باتیں نہ سنتے ہوں لیکن اس کی بھی کوئی دلیل نہیں ہے اور اس مسئلے میں کدو کاوش کی بھی ضرورت نہیں۔ حضرت حکیم الامت تھانوی قدس سرہ سے کسی نے سوال کیا کہ اہل قبور سنتے ہیں یا نہیں تو جواب میں تحریر فرمایا دونوں طرف اکابر اور دلائل ہیں، ایسے اختلافی امر کا فیصلہ کون کرسکتا ہے اور ضروریات عملی و علمی میں سے بھی نہیں، کہ ایک جانب کی ترجیح میں تدقیق کی جائے۔ پھر اس میں بھی معتقدین سماع موتی کے عقائد مختلف ہیں اگر کسی اعتقاد خاص کی تعیین ہوتی تو کسی قدر جواب ممکن تھا۔ واللہ اعلم (امداد الفتاوی ج ۵ صفحہ ۳۷۹)

وَاِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ اَخْرَجْنَا لَهُمْ دَآبَّةً مِّنَ الْاَرْضِ تُكَلِّمُهُمْ ۙ اَنَّ النَّاسَ كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا

اور جب ان پر وعدہ پورا ہونے والا ہوگا تو ہم ان کے لئے زمین سے ایک جانور نکالدیں گے جو ان سے باتیں کرے گا کہ لوگ ہماری آیات پر

لَا يُوْقِنُوْنَ ۝۸۲

یقین نہیں لاتے تھے۔

ع ۶

قرب قیامت میں دابۃ الارض کا ظاہر ہونا

دابۃ الارض (زمین سے برآمد ہونے والا چوپایہ) اس کا خروج علامت قیامت میں سے ہے احادیث شریفہ میں قدرے تفصیل کے ساتھ اس کا ذکر آیا ہے۔

حضرت حذیفہ بن اسیدؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ بلاشبہ قیامت نہ ہوگی جب تک دس نشانیاں ظاہر نہ ہوں (۱) دھواں، (۲) دجال، (۳) دابۃ الارض، (۴) پچھم سے سورج کا نکلنا، (۵) حضرت عیسٰی علیہ السلام کا آسمان سے نازل ہونا، (۶) یاجوج ماجوج کا نکلنا، (۷، ۸، ۹) زمین میں تین جگہ لوگوں کا دھنس جانا ایک مشرق میں دوسرا مغرب میں تیسرا عرب میں، (۱۰) اور ان سب کے اخیر میں یمن سے آگ نکلے گی جو لوگوں کو ان کے محشر کی طرف گھیر کر پہنچا دے گی۔

دوسری روایت میں دسویں نشانی (آگ کے بجائے) یہ ذکر فرمائی کہ ایک ہوا نکلے گی جو لوگوں کو سمندر میں ڈال دے گی۔ (صحیح مسلم ص ۳۹۳ ج ۲)

آیت کریمہ سے قرب قیامت میں زمین سے ایک ایسے جانور کا نکلنا معلوم ہوا جو لوگوں سے باتیں کرے گا لفظ **دابۃ** کی تنوین میں اس جانور کے عجیب الخلقت ہونے کی طرف اشارہ ہے اور یہ بھی کہ یہ جانور عام جانور کی طرح توالد و تناسل کے طریق پر پیدا نہ ہوگا بلکہ اچانک زمین سے نکلے گا اور بات بھی سمجھ میں آتی ہے کہ **دابۃ الارض** کا خروج آخری علامات میں سے ہوگا۔

حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ قیامت کی علامات (جو اس سے پہلے قریب تر

زمانہ میں ظاہر ہونگی) ان میں سب سے پہلے پچھم کی طرف سے سورج کا نکلنا ہے اور چاشت کے وقت لوگوں کے سامنے **دابۃ الارض** کا نکلنا ہے اور دونوں میں سے جو بھی پہلے واقع ہو جائے دوسری نشانی اس کے قریب ہی ظاہر ہوگی۔ (صحیح مسلم)

اور حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (قیامت کی) تین علامتیں ایسی ہیں جب وہ ظاہر ہو جائیں گی تو کسی کو اس کا ایمان لانا نفع نہ دے گا جو اس سے پہلے ایمان نہ لایا ہو یا جس نے اپنے ایمان میں کسی خیر کا کسب نہ کیا ہو (یعنی اب تک گناہوں سے توبہ نہ کی ہو)۔(۱) پچھم کی طرف سے سورج نکلنا۔(۲) دجال کا ظاہر ہونا۔(۳) **دابۃ الارض** کا ظاہر ہونا (رواہ مسلم)

دابۃ الارض کے ظاہر ہونے کی حدیث جو حضرت حذیفہ بن اسیدؓ سے مروی ہے۔ (جس کا ذکر صحیح مسلم کی روایت میں گزرا) یہ مسند ابی داؤد الطیالسی میں بھی ہے جس میں قدرے تفصیل ہے اور وہ یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے **دابۃ** کا تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا کہ **دابۃ** تین مرتبہ ظاہر ہوگا پہلی بار دیہات میں ظاہر ہوگا اور مکہ مکرمہ، اس کا تذکرہ بالکل نہ ہوگا، اس کے بعد وہ عرصہ دراز تک ظاہر نہ ہوگا دوبارہ پھر نکلے گا تو اس کا تذکرہ دیہات میں بھی ہوگا اور مکہ مکرمہ میں بھی ہوگا، (تیسری بار نکلنے کے بارے میں) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پھر ایک دن مسجد حرام میں جو حرمت کے اعتبار سے اللہ تعالیٰ کے نزدیک بڑی مسجد ہے اور سب سے زیادہ محترم ہے لوگ موجود ہونگے کہ اچانک **دابۃ الارض** ظاہر ہو جائے گا جو حجر اسود اور مقام ابراہیم کے درمیان آواز نکالتا ہوا اور سر سے مٹی جھاڑتا ہوا ظاہر ہوگا لوگ اس کے اچانک نکلنے سے خوف زدہ اور منتشر ہو جائیں گے بہت سے لوگ اس کی وجہ سے دور بھاگ جائیں گے، مؤمنین کی ایک جماعت ثابت قدم رہے گی یہ مؤمن بندے یہ سمجھ کر اپنی جگہ جمے رہیں گے کہ وہ اللہ کو عاجز نہیں کر سکتے لہٰذا بھاگنے سے کچھ فائدہ نہیں یہ جانور مؤمن بندوں کے چہروں کو چمکا دے گا گویا کہ چمک دار ستارہ کی طرح ہو جائیں گے، اور پھر وہاں سے پشت پھیر کر چلا جائے گا۔ اور تیزی سے زمین میں گھومے پھرے گا کہ) کوئی پکڑنے کا ارادہ کرنے والا بھی اس کو پکڑ نہ سکے گا اور کوئی بھاگنے والا اس سے نجات نہ پا سکے گا یہاں تک کہ ایک شخص نماز میں اس جانور سے پناہ مانگے گا تو وہ جانور اس کے پیچھے سے آجائے گا اور کہے گا کہ اے فلاں اب تو نماز پڑھتا ہے؟ پھر وہ اس کے چہرہ پر نشان لگا دے گا، اس کے بعد یہ ہوگا کہ لوگ چلیں پھریں گے اموال میں شریک ہونگے اور شہروں میں مل جل کر ساتھ رہیں گے (اور اس جانور کے نشان لگانے کا یہ اثر ہوگا کہ) مؤمن اور کافر میں خوب اچھی طرح امتیاز ہوگا کہ مؤمن کافر سے کہے گا کہ اے کافر میرا حق ادا کر دے اور کافر مؤمن سے کہے گا کہ تو میرا حق ادا کر دے۔ (ابوداؤد طیالسی ۱۴۴)

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ **دابۃ** نکلے گا اس کے ساتھ سلیمان علیہ السلام کی انگوٹھی ہوگی اور موسیٰ علیہ السلام کا عصا ہوگا۔ وہ مؤمن کے چہروں کو روشن کر دے گا اور کافر کی ناک پر مہر لگا دے گا (جس سے دیکھنے والے یہ سمجھ جائیں گے کہ یہ کافر ہے) **رواہ الترمذی فی تفسیر سورۃ النمل وقال ھٰذا حدیث حسن وقد روی ھٰذا الحدیث عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم من غیر ھٰذا الوجہ فی دابۃ الارض)**

وَيَوْمَ نَحْشُرُ مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ فَوْجًا مِّمَّنْ يُكَذِّبُ بِآيَاتِنَا فَهُمْ يُوزَعُونَ ﴿٨٣﴾

جس دن ہم ہر امت میں سے ایک ایک جماعت ان لوگوں میں سے جمع کریں گے جو ہماری آیات کو جھٹلاتے تھے پھر ان کی جماعت بندی کر دی جائے گی۔

حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْ قَالَ اَكَذَّبْتُمْ بِاٰيٰتِيْ وَلَمْ تُحِيْطُوْا بِهَا عِلْمًا اَمَّا ذَا كُنْتُمْ

یہاں تک وہ جب حاضر ہو جائیں گے تو اللہ تعالیٰ کا فرمان ہوگا کیا تم نے میری آیات کو جھٹلایا حالانکہ تم ان کو اپنے احاطہ علمی میں بھی نہ لائے، بلکہ تم اور کیا کیا

تَعْمَلُوْنَ ﴿۸۴﴾ وَ وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ بِمَا ظَلَمُوْا فَهُمْ لَا يَنْطِقُوْنَ ﴿۸۵﴾ اَلَمْ يَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا الَّيْلَ

کام کرتے تھے۔ اور ان کے ظلم کی وجہ سے ان پر وعدہ پورا ہو چکا ہے سو وہ بات نہ کریں گے کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم نے رات کو

لِيَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۸۶﴾

بنایا کہ وہ اس میں آرام کریں اور ہم نے دن کو بنایا جس میں دیکھیں بھالیں بلاشبہ اس میں ان لوگوں کے لیے نشانیاں ہیں جو ایمان لاتے ہیں۔

قیامت کے دن کی پیشی، مکذبین کی جماعت بندی، اور ان سے سوال، اقرار جرم کے بعد ان کے لیے عذاب کا فیصلہ

قیامت کے دن اوّلین وآخرین سب ہی جمع کئے جائیں گے اور ہر امت میں سے ایک ایک گروہ ان لوگوں میں سے علیحدہ کر دیا جائے گا جو اللہ تعالیٰ کی آیات کو جھٹلاتے تھے اور ان کی جماعت بندی باقی رکھنے کے لئے یوں کیا جائے گا کہ آگے پیچھے نہ رہیں سب ساتھ ہو کر حساب کی جگہ تک چلیں پھر جب موقف حساب میں پہنچ جائیں گے (جہاں حساب ہوگا) تو ان جھٹلانے والوں سے اللہ تعالیٰ کا خطاب ہوگا کیا تم لوگوں نے میری آیات کو جھٹلایا تھا حالانکہ تم انہیں اپنے احاطہ علم میں بھی نہیں لائے یعنی آیات کو سن کر اول تمہیں انہیں جاننا چاہیے تھا پھر اس میں غور کرتے تم نے تو سنتے ہی تکذیب کر دی، تکذیب ہی نہیں بلکہ تم دوسرے کام کیا کرتے تھے مثلاً انبیاء علیہم السلام کو قتل کرنا اور اہل ایمان کو تکلیف پہنچانا اور عقائد کفریہ اختیار کرنا اور فسق و فجور کے کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا۔

وَوَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ بِمَا ظَلَمُوْا فَهُمْ لَا يَنْطِقُوْنَ اور ان کے ظلم کی وجہ سے عذاب کا وعدہ پورا ہو جائے گا یعنی وہ سزا کے مستحق ہو نگے اور ثبوت جرم کے بعد وہ بول نہ سکیں گے (بعض آیات میں جو منکرین کا عذر پیش کرنا مذکور ہے وہ ابتدائی سوال و جواب کے وقت ہوگا پھر جب اعمال ناموں سے اور اپنے اعضاء کی گواہی سے حجت قائم ہو جائے گی تو بالکل بولتی بند ہو جائے گی اور کفر و شرک کے اقراری ہو جائیں گے) اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا الَّيْلَ الآیۃ اس آیت میں بتایا ہے کہ لوگوں کو رات اور دن کے آنے جانے میں غور کرنا چاہیے دیکھو ہم نے رات بنائی تاکہ اس میں آرام کریں اور ہم نے دن کو ایسا بنایا کہ جس میں دیکھنے بھالنے کا موقع ہے یہ رات کا سونا جو موت کے مشابہ ہے اس پر نظر ڈالیں اس کے بعد اللہ تعالیٰ دن کو ظاہر فرما دیتے ہیں اور یہ سونے کے بعد اٹھ جانا اور چلنا پھرنا دیکھنا بھالنا اس پر واضح دلالت کرتا ہے کہ جس ذات پاک نے بار بار نیند سے جگا دیا موت کے بعد بھی زندہ کر سکتا ہے اسی سے سمجھ لیا جائے کہ اللہ تعالیٰ موت کے بعد زندہ کرنے پر قادر ہے اسی کو سورۂ زمر میں فرمایا اَللّٰهُ يَتَوَفَّى الْاَنْفُسَ حِيْنَ مَوْتِهَا وَالَّتِيْ لَمْ تَمُتْ فِيْ مَنَامِهَا فَيُمْسِكُ الَّتِيْ قَضٰى عَلَيْهَا الْمَوْتَ وَيُرْسِلُ الْاُخْرٰٓى اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ (اللہ ہی قبض کرتا ہے جانوں کو ان کی موت کے وقت اور ان جانوں کو بھی جن کی موت نہیں آئی ان کے سونے کے وقت، پھر ان جانوں کو تو روک لیتا ہے جن پر موت کا حکم فرما چکا ہے اور باقی جانوں کو ایک میعاد معین کے لیے رہا کر دیتا ہے اس میں نشانیاں ان لوگوں کے لیے جو کہ سوچنے کے عادی ہیں دلائل میں)۔

وَيَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَفَزِعَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ إِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ۖ وَكُلٌّ

اور جس دن صور میں پھونکا جائے گا تو جو آسمانوں میں ہیں اور زمین میں ہیں سب گھبرا جائیں گے سوائے اس کے جسے اللہ چاہے، اور سب اس کے حضور میں عاجزی کے

أَتَوْهُ دٰخِرِيْنَ ﴿۸۷﴾ وَتَرَى الْجِبَالَ تَحْسَبُهَا جَامِدَةً وَّهِيَ تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ ۚ صُنْعَ اللّٰهِ

ساتھ حاضر ہو جائیں گے۔ اور تو پہاڑوں کو ایسی حالت میں دیکھ رہا ہے جس میں تجھ کو خیال ہوتا ہے کہ یہ یوں ہی جمے ہوئے رہیں گے حالانکہ وہ بادلوں کی طرح گزریں گے یہ اللہ کی کاری

الَّذِيْٓ أَتْقَنَ كُلَّ شَيْءٍ ۚ إِنَّهٗ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۸۸﴾ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا ۚ

گری ہے جس نے ہر چیز کو ٹھیک طرح بنایا ہے بلاشبہ وہ ان کاموں سے باخبر ہے جو تم کرتے ہو۔ جو شخص نیکی لیکر آئے گا اسے اس سے بہتر ملے گا

وَهُمْ مِّنْ فَزَعٍ يَّوْمَئِذٍ اٰمِنُوْنَ ﴿۸۹﴾ وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَكُبَّتْ وُجُوْهُهُمْ فِي النَّارِ ۖ

اور ایسے لوگ اس دن گھبراہٹ سے پرامن ہونگے اور جو شخص برائی لیکر آئے گا تو وہ لوگ اوندھے منہ کر کے دوزخ میں ڈال دیئے جائیں گے

هَلْ تُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۰﴾

تمہیں وہی بدلہ دیا جائے گا جو تم کرتے تھے۔

نفخ صور کی وجہ سے آسمان وزمین والوں کی گھبراہٹ، پہاڑوں کا بادلوں کی طرح چلنا، لوگوں کا میدان حساب میں حاضر ہونا، اصحاب حسنہ اور اصحاب سیئہ کی جزا

ان آیات میں یوم قیامت کے بعض مناظر کا اور حسنات وسیئات کی جزاوسزا کا تذکرہ فرمایا ہے وقوع قیامت کی ابتداء اس طرح ہوگی کہ اسرافیل علیہ السلام جو صور پھونکنے پر مقرر ہیں وہ صور میں پھونک ماردیں گے حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ **الصور قرن ینفخ فیه** (کہ صور ایک سینگ ہے جس میں پھونک دیا جائے گا)۔ (الترمذی وابوداؤد)

حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ میں کیسے خوشیوں والی زندگی گزاروں اور حال یہ ہے کہ صور میں پھونکنے والے نے منہ میں صور لے رکھا ہے اور کان لگا رکھے ہیں اور اپنی پیشانی کو جھکا رکھا ہے وہ اس انتظار میں ہے کہ کب صور میں پھونکنے کا حکم دیدیا جائے صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ! آپ ہمیں کیا حکم دیتے ہیں آپ نے فرمایا **حسبنا اللّٰه ونعم الوکیل** (اللہ ہمیں کافی ہے اور اچھا کارساز ہے) پڑھا کرو۔ (رواہ الترمذی)

جب صور میں پھونکا جائے گا تو کائنات کا نظام درہم برہم ہو جائے گا، یہاں سورۃ النمل میں فرمایا **فَفَزِعَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ** کہ وہ سب گھبرا اٹھیں گے جو بھی آسمانوں میں اور زمین میں ہونگے اور سورۂ زمر میں فرمایا کہ **فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ** کہ نفخ صور کی وجہ سے آسمانوں والے اور زمین والے بے ہوش ہو جائیں گے اگر یہ دونوں باتیں نفحة اولیٰ یعنی پہلی بار صور پھونکنے سے متعلق قرار دی جائیں تو مطلب یہ ہوگا کہ اولاً گھبرا جائیں گے اور پریشان ہونگے پھر بے ہوشی میں ہو جائیں گے اور بحکم **كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ** سب مر جائیں گے اور بعض حضرات نے صعق کو نفحۂ اولیٰ سے اور فزع کو نفحۂ ثانیہ سے متعلق قرار دیا ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ جب دوبارہ صور پھونکا جائے گا تو سب مردے زندہ ہو جائیں گے اور یہ جان کر کہ حساب

کتاب ہونے والا گھبراہٹ میں پڑ جائیں گے۔

آیت کے ختم پر جو وَكُلٌّ اَتَوْهُ دَاخِرِيْنَ فرمایا ہے (کہ سب اس کے حضور میں عاجزانہ طور پر حاضر ہونگے) اس سے اسی قول کی تائید ہوتی ہے کہ فَزِعَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ نفخہٴ ثانیہ سے متعلق ہے۔

سورۃ النمل میں جو فزع فرمایا اور سورۃ الزمر میں جو فصعق فرمایا اس کے ساتھ ہی الا من شاء اللّٰہ بھی فرمایا، یہ کون حضرات ہونگے جنہیں فزع اور صعق سے مستثنیٰ فرمایا ہے (کہ جسے اللہ چاہے وہ گھبراہٹ اور بے ہوشی سے محفوظ ہوگا) تفسیر درمنثور میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان سے حضرت جبرائیل، حضرت میکائیل اور حضرت اسرافیل اور حضرت ملک الموت اور حضرات حاملان عرش علیہم السلام مراد ہیں، گویہ حضرات فزع و صعق سے محفوظ رہیں گے لیکن بعد میں یہ لوگ بھی وفات پا جائیں گے۔

صور پھونکے جانے پر جو کائنات درہم برہم ہوگی اس کی تفصیلات آیات قرآنیہ کی کئی جگہ وارد ہوئی ہیں آسمان وزمین کا بدل جانا سورۂ ابراہیم میں اور آسمان کا پھٹ جانا سورۂ انفطار و سورۂ انشقاق میں بیان فرمایا ہے سورج کا مکور ہونا اور ستاروں کا گر جانا اور سمندروں کا مسجور ہونا سورۃ التکویر میں مذکور ہے سورۂ النمل میں پہاڑوں کا تذکرہ فرمایا اور وہ یہ کہ پہاڑ جو مخاطبین کو نظر آ رہے ہیں ان کی ظاہری مضبوطی کو دیکھ کر انسان کو خیال ہوتا ہے کہ گویا یہ ہمیشہ یوں ہی اپنی جگہ جمے رہیں گے اور حرکت نہ کریں گے حالانکہ ان کا یہ حال بنے گا کہ وہ صور پھونکے جانے پر اس طرح اڑے پھریں گے جیسے بادل چلتے ہیں سورۂ قارعہ میں فرمایا کہ (جس دن انسانوں کی یہ حالت ہوگی کہ وہ بکھرے ہوئے پتنگوں کی طرح ہونگے اور پہاڑ ایسے ہونگے جیسے دھنا ہوا رنگین اون ہوتا ہے) سورۂ...... میں فرمایا (جس دن زمین میں زلزلہ آ جائے گا اور پہاڑ ریت کا یا ساڈ ہیر بنے ہوئے ہونگے جو پھسل کر گرا جا رہا ہو) اور سورۂ حاقہ میں فرمایا فَاِذَا نُفِخَ فِي الصُّوْرِ نَفْخَةٌ وَّاحِدَةٌ ○ وَّحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً ○ فَيَوْمَئِذٍ وَّقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ○ وَانْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَهِيَ يَوْمَئِذٍ وَّاهِيَةٌ ○ (سو جب صور میں پھونکا جائے گا ایک بار پھونکنا اور زمین اور پہاڑ اٹھالیے جائیں گے ان کو ایک بار ہی چورا چورا کر دیا جائے گا سو اس دن واقع ہونے والی واقع ہو جائے اور آسمان پھٹ جائے سو وہ اس دن کمزور ہوگا)۔

اور سورۂ واقعہ میں فرمایا کہ وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ○ فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْۢبَثًّا (اور پہاڑ بالکل ریزہ ریزہ ہو جائیں گے پھر وہ پراگندہ غبار بن جائیں گے) اور سورۂ النباء میں فرمایا وَّسُيِّرَتِ الْجِبَالُ فَكَانَتْ سَرَابًا (اور پہاڑوں کو چلا دیا جائے گا سو وہ ریت بن جائیں گے) اور سورۂ طٰہٰ میں فرمایا فَقُلْ يَنْسِفُهَا رَبِّيْ نَسْفًا (سو آپ فرما دیجئے کہ میرا رب ان کو بالکل اڑا دے گا) صور پھونکے جانے کی وجہ سے پہاڑوں پر یہ مختلف حالات گزریں گے بعض حضرات نے آیت کا مطلب یہ بتایا کہ جب وہ بادل کی طرح گزر رہے ہونگے عین اسی وقت کوئی دیکھنے والا دیکھے گا تو یوں محسوس کرے گا کہ وہ ٹھہرے ہوئے ہیں حالانکہ وہ چل رہے ہونگے جیسا کہ کثیف سیاہ بادلوں کے ساتھ ہوتا ہے دیکھنے والا دیکھتا ہے تو اپنی جگہ ٹھہرے ہوئے معلوم ہوتے ہیں حالانکہ وہ گزر رہے ہوتے ہیں۔ (تفسیر قرطبی ج ۷)

صاحب روح المعانی لکھتے ہیں کہ پہلے پہاڑوں میں زلزلہ آئے گا پھر وہ دھنے ہوئے اون کی طرح ہو جائیں گے پھر ھبا بن جائیں گے پھر انہیں ہوائیں بکھیر دیں گی پھر اڑا دیں گی جیسا کہ غبار ہوتا ہے پھر سراب ہو جائیں گے۔

صنع اللّٰہ الذی اتقن کل شیئ (یہ اللہ کی کاری گری ہے جس نے ہر چیز کو ٹھیک طرح بنایا ہے) کوئی شخص یہ نہ سوچے کہ ایسے بھاری پہاڑ کیسے اڑتے پھریں گے اللہ تعالیٰ نے ہر چیز کو اپنی حکمت کے مطابق ٹھیک بنایا ہے پہاڑوں کو بھی اس نے پیدا فرمایا اور ان کو بھاری بوجھل جامد بنایا وہ ہی ان کا پیدا کرنے والا ہے اگر وہ انہیں ان کی جگہوں سے ہٹا دے اور بادلوں کی طرح چلا دے تو اسے اس پر بھی

قدرت ہے اسے اختیار ہے کہ اپنی مخلوق کو جس حال میں رکھے۔

لفظ اتقن اتقان سے ماضی کا صیغہ ہے جو مضبوط بنانے کے معنی میں آتا ہے لیکن چونکہ ساری ہی چیزیں مضبوط نہیں ہیں اس لئے مفسرین نے اس کا ترجمہ **سواہ علی ماتقتضی الحکمۃ** کیا ہے اور صاحب روح المعانی فرماتے ہیں کہ یہ عام مخصوص عنہ البعض ہے، عبدالجبار معتزلی کے ایک استدلال کا جواب دیتے ہوئے فرماتے ہیں **واجیب ان الأیۃ مخصوصۃ بغیر الاعراض لان الاتقان بمعنی الاحکام وھومن اوصاف المرکبات ولومسلم فوصف کل الاعراض ھی ممنوع ضمامن عام الاوقد خص ولوسلم فالاجماع المذکور ممنوع بل ھی متقہ ایضا بمعنی ان الحکمۃ اقتضتھا۔**

اِنَّهٗ خَبِیْرٌۢ بِمَا تَفْعَلُوْنَ (بلاشبہ اللہ ان کاموں سے باخبر ہے جو تم کرتے ہو) اس سب کے احوال اور اعمال معلوم ہیں وہ اپنے علم کے مطابق بدلہ دے گا جس کا اس کے بعد والی آیت میں ذکر ہے۔

مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَیْرٌ مِّنْهَا (جو شخص نیکی لے کر آئے گا اس کے لئے اس سے بہتر ہے) حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ اس آیت سے کلمہ اسلام لا الٰہ الا اللہ مراد ہے اور **فلہ خیر منھا** کے بارے میں حضرت ابن عباس نے فرمایا ہے ای **وصل الیہ الخیر منھا** یعنی اس کلمہ کی خیر اسے پہنچ جائے گی جو داخلہ جنت کی صورت میں حاصل ہوگی اس تفسیر کی بناء پر لفظ خیر اسم تفضیل کے لئے نہیں ہے اور **من** ابتدائے غایت کے لئے ہے اور بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ **خیر** اسم تفضیل ہی کے معنی میں ہے اور مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا ثواب اور اللہ تعالیٰ کی رضامندی اور اس کی رؤیت بندے کے تھوڑے سے عمل سے بہت زیادہ بڑھ کر ہے اور بہتر ہے اگر حسنہ سے فرائض اور دیگر اعمال مراد لیے جائیں تو نیکیوں کو چند در چند اضافہ فرما کر جو ثواب دیا جائے گا وہ بھی **خیر منھا** کا مصداق ہے جیسا کہ دوسری آیت میں: مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا **وراجع تفسیر القرطبی**۔ (ج ۳۳ و روح المعانی)

وَهُمْ مِّنْ فَزَعٍ یَّوْمَئِذٍ اٰمِنُوْنَ (اور یہ لوگ اس دن کی گھبراہٹ سے بے خوف ہونگے) اس سے پہلی آیت میں گزرا ہے فَزِعَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِی الْاَرْضِ اور یہاں اصحاب حسنہ کے بارے میں فرمایا ہے کہ وہ گھبراہٹ سے پرامن اور بے خوف ہونگے فزع اول سے کیا مراد ہے اور فزع ثانی سے کیا مراد ہے؟

فزع اول کے بارے میں آیت میں تصریح ہے کہ وہ نفخ صور کے وقت ہوگا اور اس میں یہ بھی ہے کہ آسمان اور زمین میں جو بھی ہونگے سب گھبرا جائیں گے اس سے معلوم ہوا کہ اس آیت میں جس فزع کا ذکر ہے وہ فزع اول کے علاوہ ہے بعض حضرات نے فرمایا کہ اس سے وہ فزع مراد ہے جو اس وقت ہوگی جب دوزخ میں جانے والوں کے بارے میں حکم ہوگا کہ انہیں دوزخ میں بھیج دیا جائے گا، اور ایک قول یہ ہے کہ فزع ثانی سے وہ گھبراہٹ مراد ہے جب موت کے ذبح کر دیئے جانے کے بعد زور سے پکار کر کہہ دیا جائے گا اے جنتیو! اس میں ہمیشہ رہو گے تمہیں کبھی موت نہ آئے گی اور اے دوزخیو! تم اس میں ہمیشہ رہو گے کبھی موت نہ آئے گی۔

وَمَنْ جَآءَ بِالسَّیِّئَةِ فَكُبَّتْ وُجُوْهُهُمْ فِی النَّارِ (اور جو شخص سیئہ لیکر آئے گا سو وہ یہ لوگ ہونگے جنہیں چہروں کے بل اوندھا کر کے آگ میں ڈال دیا جائے گا) جیسے جملہ سابقہ میں لفظ الحسنہ سے ایمان مراد لیا گیا ہے اسی طرح بعض مفسرین نے اس جملہ میں سیئہ سے کفر اور شرک مراد لیا، اور مطلب یہ ہے کہ جو شخص قیامت کے دن کفر اور شرک لیکر آئے گا اسے اوندھے منہ کر کے دوزخ میں ڈال دیا جائے گا جیسا کہ سورۃ الشعراء میں فرمایا فَكُبْكِبُوْا فِیْهَا هُمْ وَالْغَاوٗنَ وَجُنُوْدُ اِبْلِیْسَ اَجْمَعُوْنَ (سو گمراہ لوگ اور ابلیس کا لشکر سب کے سب اوندھے منہ کر کے دوزخ میں ڈال دیئے جائیں گے) اور اگر سیئہ کو عام لیا جائے تو اس کے عموم میں گناہ گار اہل ایمان بھی

آ جاتے ہیں جو تطہیر اور تمحیص کے لیے دوزخ میں جائیں گے لیکن ان کا عذاب کافروں کے نسبت بہت زیادہ خفیف ہوگا اور کافر ہمیشہ اسی میں رہیں گے اور اہل ایمان گناہوں کی سزا پانے کے بعد دوزخ سے نکالے جائیں گے۔

صاحب روح المعانی فرماتے ہیں کہ ضروری نہیں کہ گناہ گار اہل ایمان بھی اوندھے منہ کر کے دوزخ میں ڈالے جائیں، کیونکہ بہت مرتبہ کسی جماعت کے بارے میں کسی حکم کلی کا حکم لگایا جاتا ہے لیکن بعض کے لیے ایک نوع ہوتی ہے اور بعض کے لیے دوسری نوع۔

هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ (تمہیں وہی بدلہ دیا جائے گا جو تم کرتے تھے) یعنی آخرت میں دوزخیوں سے یہ بات کہہ دی جائے گی کہ ہر شخص کو اپنے عقیدہ اور عمل کی سزا ملے گی کسی پر ذرا بھی ظلم نہ ہوگا۔

اِنَّمَآ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ رَبَّ هٰذِهِ الْبَلْدَةِ الَّذِیْ حَرَّمَهَا وَلَهٗ كُلُّ شَیْءٍ ز وَّاُمِرْتُ

مجھے تو یہی حکم ہوا ہے کہ اس شہر کے رب کی عبادت کروں جس نے اسے حرمت دی ہے اور ہر چیز اس کی ہے اور مجھے یہ حکم دیا گیا ہے کہ میں فرمانبرداروں میں سے رہوں اور یہ کہ

اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ﴿۹۱﴾ وَاَنْ اَتْلُوَا الْقُرْاٰنَ ج فَمَنِ اهْتَدٰی فَاِنَّمَا یَهْتَدِیْ لِنَفْسِهٖ ج وَمَنْ

قرآن کی تلاوت کروں، سو جو شخص ہدایت اختیار کرتا ہے سو وہ اپنے ہی لیے راہ ہدایت پر آتا ہے اور جو شخص

ضَلَّ فَقُلْ اِنَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُنْذِرِیْنَ ﴿۹۲﴾ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ سَیُرِیْكُمْ اٰیٰتِهٖ فَتَعْرِفُوْنَهَا ط

گمراہی پر رہے آپ فرما دیجئے کہ میں تو صرف ڈرانے والوں سے ہوں، اور آپ یوں کہیے کہ سب تعریف اللہ کے لیے ہے وہ عنقریب اپنی نشانیاں دکھا دے گا سو تم ان کو پہچان لوگے

وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۳﴾ ع

اور آپ کا رب ان کاموں سے غافل نہیں ہے جو تم لوگ کرتے ہو۔

آپ یہ اعلان فرما دیں کہ مجھے صرف یہی حکم ہوا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کروں اور فرمانبردار رہوں

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے حکم فرمایا کہ آپ یہ اعلان فرما دیں کہ مجھے اللہ تعالیٰ کی طرف سے حکم دیا گیا ہے کہ میں اس شہر کے رب کی عبادت کروں جس نے اسے حرمت دی ہے اس میں امن وامان رکھنا اور شکار کرنا اور اس کے درخت کاٹنا اور اس میں کسی کا خون بہانے سے پرہیز کرنا اس کی حرمت میں یہ سب داخل ہے آیت شریفہ کے عموم الفاظ کی وجہ سے حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ اگر کوئی شخص حدود حرم میں کسی کو قتل کر دے تو قاتل کو بطور قصاص حرم میں قتل نہیں کیا جائے گا بلکہ اس سے حرم سے باہر لے جا کر قتل کریں گے اگر وہ نہ نکلے تو ایسی صورت حال بنالیں جس کی وجہ سے وہ حرم سے باہر آنے پر مجبور ہو جائے جب حرم سے باہر آ جائے تو قصاص میں قتل کر دیا جائے یاد رہے کہ حرم سے مسجد حرام اور اس کے چاروں طرف جو حرم ہے جس کی حدود پر نشان لگے ہوئے ہیں وہ سب مراد ہیں۔

وَلَهٗ كُلُّ شَیْءٍ (اور اسی رب کے لئے ہر چیز ہے) سب کو اس نے پیدا فرمایا ہے اور سب اس کے مملوک بھی لہٰذا ساری مخلوق پر لازم ہے کہ اسی کی عبادت کرے۔

وَاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ (اور مجھے یہ بھی حکم دیا گیا ہے کہ فرمانبرداروں میں سے ہو جاؤں) جن اعمال کو عام طور سے

عبادت سمجھتے ہیں ان کے علاوہ بھی ہر حکم میں اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری کا حکم ہے جو اعمال پروردگار عالم جل مجدہ کی رضا کے لئے انجام دیئے جائیں گے بھی عبادت میں شامل ہو جائیں گے۔ وَاَنْ اَتْلُوَا الْقُرْاٰنَ (اور مجھے یہ بھی حکم دیا گیا ہے کہ قرآن کی تلاوت کروں جس میں خود قرآن مجید کا پڑھنا اور لوگوں کا پڑھ کر سنانا سب داخل ہے جیسے سورۂ بقرہ میں یَتْلُوْا عَلَیْهِمْ اٰیٰتِكَ میں بتایا ہے۔

فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِىْ لِنَفْسِهٖ (سو جو شخص ہدایت پر آ جائے وہ اپنی ہی جان کے لیے اور اپنے ہی بھلے کے لیے ہدایت پر آئے گا اور دنیا و آخرت کی نعمتوں سے مالا مال ہوگا اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل ہوگی آخرت کے عذاب سے محفوظ رہے گا۔ وَمَنْ ضَلَّ فَقُلْ اِنَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ (اور جو شخص گمراہی کو اختیار کرے تو فرما دیجئے کہ میں تو صرف ڈرانے والا ہوں) آپ پر اس کی کوئی ذمہ داری نہیں ہے اور اس میں آپ کا کوئی ضرر بھی نہیں۔ آپ فرما دیجئے کہ میری ذمہ داری صرف بات پہنچانے کی ہے نہ مانو گے تو تم پر اس کا وبال پڑے گا۔

سورۂ یونس میں فرمایا يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِىْ لِنَفْسِهٖ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ (آپ فرما دیجئے کہ اے لوگو! تمہارے رب کے پاس سے تمہارے پاس حق آ گیا ہے سو جو شخص ہدایت پر آئے تو وہ اپنی جان کے لئے ہدایت اختیار کرتا ہے اور جو شخص گمراہی اختیار کرے تو وہ اپنی جان کو تکلیف میں ڈالنے کے لئے گمراہ بنتا ہے اور میں تمہارے اوپر مسلط نہیں ہوں)

وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ سَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ فَتَعْرِفُوْنَهَا اور آپ فرما دیجئے کہ سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں وہ علم والا بھی ہے اور قدرت والا بھی ہے اور حکیم بھی۔ تم مجھ سے کہتے ہو کہ قیامت کب ہوگی میرے اختیار میں اس کا واقع کرنا نہیں ہے اللہ تعالیٰ جب چاہے گا تمہیں اس کی نشانیاں دکھا دے گا یعنی قیامت کے آثار ظاہر فرما دے گا جنہیں تم دیکھ لو گے جب اس کی حکمت ہوگی قیامت ظاہر ہو جائے گی۔ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ (اور آپ کا رب ان کاموں سے غافل نہیں ہے جو تم کرتے ہو) کوئی شخص کیسا ہی اچھا عمل کرے یا برا عمل اللہ تعالیٰ کو سب کا علم ہے وہ اپنے علم اور حکمت کے مطابق جزا دے گا۔

ولقد تم تفسير سورة النمل ولله الحمد على ماانعم واكرم والهم وعلّم والصلاة على رسوله الذى ارسل بالطريق الامم الى خير الامم، وعلى اله وصحبه الذين جاهدوا لنشر الدين فى العرب والعجم.

☆☆☆..........................☆☆☆

۸۸ آیتیں اور ۹ رکوع	سورۂ قصص	مکی

(۲۸) سُوْرَةُ الْقَصَصِ مَكِّيَّةٌ (۴۹) آیاتہا ۸۸ رکوعاتہا ۹

سورۂ قصص مکی ہے اور اسکی اٹھاسی آیات اور نو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

طٰسٓمّٓ ○ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ○ نَتْلُوْا عَلَيْكَ مِنْ نَّبَاِ مُوْسٰى وَ فِرْعَوْنَ بِالْحَقِّ لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ○

طٰسٓمّٓ: یہ کتاب مبین کی آیات ہیں۔ ہم آپ کو موسیٰ اور فرعون کی بعض خبریں حق کے ساتھ سناتے ہیں ان لوگوں کے لیے جو ایمان لاتے ہیں۔

اِنَّ فِرْعَوْنَ عَلَا فِي الْاَرْضِ وَجَعَلَ اَهْلَهَا شِيَعًا يَّسْتَضْعِفُ طَآئِفَةً مِّنْهُمْ يُذَبِّحُ اَبْنَآءَهُمْ وَيَسْتَحْيٖ

بلاشبہ فرعون زمین میں چڑھ گیا تھا اور اس نے زمین والوں کی کئی قسمیں بنا رکھی تھیں، ان میں ایک جماعت کو کمزور کر رکھا تھا، ان کے بیٹوں کو ذبح کر دیتا تھا اور ان کی عورتوں

نِسَآءَهُمْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ ○ وَنُرِيْدُ اَنْ نَّمُنَّ عَلَى الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا فِي الْاَرْضِ وَنَجْعَلَهُمْ

کو زندہ چھوڑ دیتا تھا۔ بلاشبہ وہ فساد کرنیوالوں میں سے تھا۔ اور ہم نے چاہا کہ جن لوگوں کو زمین میں کمزور کیا ہوا ہے ان پر احسان کریں اور ان کو پیشوا بنا دیں اور انہیں

اَئِمَّةً وَّنَجْعَلَهُمُ الْوٰرِثِيْنَ ○ وَنُمَكِّنَ لَهُمْ فِي الْاَرْضِ وَنُرِيَ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا مِنْهُمْ

وارث بنا دیں۔ اور زمین میں انہیں حکومت دے دیں۔ اور فرعون اور ہامان اور ان دونوں کے لشکروں کو ان مستضعفین کی جانب سے وہ واقعہ دکھلائیں

مَّا كَانُوْا يَحْذَرُوْنَ ○

جس سے وہ اپنا بچاؤ کرتے تھے۔

فرعون کی سرکشی اور بنی اسرائیل پر مظالم کا تذکرہ

ان آیات میں اول تو یہ فرمایا کہ یہ کتاب مبین کی آیات ہیں پھر فرمایا کہ ہم آپ کو موسیٰ علیہ السلام اور فرعون کی بعض خبروں کو حق کے ساتھ بالکل ٹھیک ٹھیک آپ کو سناتے ہیں آپ کے واسطہ سے یہ خبریں اہل ایمان کو پہنچیں گی اور وہ ان سے عبرت حاصل کریں گے۔

پھر فرمایا کہ فرعون زمین میں یعنی سرزمینِ مصر میں حکومت اور اقتدار کے اعتبار سے بڑھ چڑھ گیا تھا۔ اس نے وہاں کے رہنے والوں کو کئی جماعتوں میں تقسیم کر رکھا تھا انہیں جماعتوں میں سے ایک جماعت بنی اسرائیل کی تھی ان کو اس نے ضعیف بنا رکھا تھا اور ان کے

ضعف اور مجبوری کا یہ عالم تھا کہ ان کے بیٹوں کو ذبح کر دیتا تھا اور ان کی عورتوں کو زندہ چھوڑ دیتا تھا اتنی مظلومیت ہوتے ہوئے بنی اسرائیل اف نہیں کر سکتے تھے سورۂ بقرہ کی تفسیر میں لکھا جا چکا ہے کہ نجومیوں نے فرعون کو خبر دی تھی کہ تیری حکومت کا زوال بنی اسرائیل کے ایک لڑکے کے ہاتھوں ہوگا لہٰذا اس نے یہ طریقہ اختیار کیا کہ بنی اسرائیل میں جو لڑکا پیدا ہوتا تھا اسے ذبح کر دیتا تھا اور لڑکیوں سے کیونکہ کوئی خطرہ نہیں تھا اس لیے انہیں زندہ چھوڑ دیتا تھا۔ اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ (بلاشبہ وہ فساد کرنے والوں میں سے تھا) وَ نُرِيْدُ اَنْ نَّمُنَّ (الآیتین) سارے بندے اللہ تعالیٰ ہی کی مخلوق ہیں۔ سب کی عزت اور ذلت، بلندی اور پستی اسی کے قبضۂ قدرت میں ہے، اس کی حکمت کا تقاضا ہوا کہ جو لوگ سرزمین مصر میں ضعیف اور ذلیل بنائے ہوئے ہیں ان پر احسان فرمائے اور انہیں آنے والی نسلوں کے لیے پیشوا بنا دیا اور انہیں زمین میں حکومت بھی عطا فرمائے۔ اور فرعون اس کا وزیر ہامان اور ان دونوں کے لشکر والے جن خطرات کا ان ضعیف لوگوں کی طرف سے خوف رکھتے تھے وہ خطرات واقعہ بن کر ان کے سامنے آجائیں (چنانچہ فرعون اور اس کا لشکر غرق ہوئے اور ہلاکت اور زوال سلطنت کا جو انہیں اندیشہ تھا کہ بنی اسرائیل اس کا ذریعہ نہ بن جائیں آخر وہ واقعہ کی صورت میں سامنے آگیا اور بنی اسرائیل کو قتل کر کے جو اس نے پیش بندی کی تھی اس کا اسے کچھ فائدہ نہ پہنچا۔

وَ اَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اُمِّ مُوْسٰٓى اَنْ اَرْضِعِيْهِ ۚ فَاِذَا خِفْتِ عَلَيْهِ فَاَلْقِيْهِ فِى الْيَمِّ وَلَا تَخَافِىْ

اور ہم نے موسیٰ کی والدہ کے دل میں ڈالا کہ تم ان کو دودھ پلاؤ۔ پھر جب تمہیں اس کی جان کا خطرہ ہو تو اسے سمندر میں ڈال دینا اور نہ ڈرنا نہ

وَلَا تَحْزَنِىْ ۚ اِنَّا رَآدُّوْهُ اِلَيْكِ وَجَاعِلُوْهُ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝ فَالْتَقَطَهٗٓ اٰلُ فِرْعَوْنَ لِيَكُوْنَ

غم کرنا، بلاشبہ ہم اسے تیری طرف واپس کر دیں گے اور اسے پیغمبروں میں سے بنا دیں گے۔ سو اسے آل فرعون نے اٹھا لیا تا کہ ان کے لیے

لَهُمْ عَدُوًّا وَّحَزَنًا ؕ اِنَّ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا كَانُوْا خٰطِـِٕيْنَ ۝ وَ قَالَتِ امْرَاَتُ فِرْعَوْنَ

دشمن بن جائے اور غم کا باعث بنے۔ بلاشبہ فرعون اور ہامان اور اس کا لشکر خطا کرنے والوں میں سے تھے۔ اور فرعون کی بیوی نے کہا کہ یہ میری اور تیری

قُرَّتُ عَيْنٍ لِّىْ وَلَكَ ؕ لَا تَقْتُلُوْهُ ۖ عَسٰٓى اَنْ يَّنْفَعَنَآ اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ وَاَصْبَحَ

آنکھوں کی ٹھنڈک ہے اسے قتل نہ کرو، کچھ بعید نہیں کہ یہ ہمیں نفع پہنچا دے یا ہم اس کو اپنا بیٹا بنا لیں۔ اور ان کو خبر نہ تھی، اور موسیٰ کی ماں

فُؤَادُ اُمِّ مُوْسٰى فٰرِغًا ؕ اِنْ كَادَتْ لَتُبْدِىْ بِهٖ لَوْلَآ اَنْ رَّبَطْنَا عَلٰى قَلْبِهَا لِتَكُوْنَ مِنَ

کا دل بے قرار ہو گیا قریب تھا کہ وہ اس کا حال ظاہر کر دیتی اگر ہم اس کے دل کو مضبوط نہ کر دیتے تا کہ وہ یقین کرنے والوں

الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ وَقَالَتْ لِاُخْتِهٖ قُصِّيْهِ ؗ فَبَصُرَتْ بِهٖ عَنْ جُنُبٍ وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ وَحَرَّمْنَا

میں سے رہے۔ اور موسیٰ کی والدہ نے اس کی بہن سے کہا کہ تو اس کے پیچھے چلی جا۔ سو اس نے اسے دور سے دیکھ لیا اور انہیں خبر بھی نہ ہوئی۔ اور ہم نے پہلے ہی سے موسیٰ

عَلَيْهِ الْمَرَاضِعَ مِنْ قَبْلُ فَقَالَتْ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰٓى اَهْلِ بَيْتٍ يَّكْفُلُوْنَهٗ لَكُمْ وَهُمْ

پر دودھ پلانے والیوں پر بندش کر رکھی تھی، سو موسیٰ کی بہن بولی کیا میں تمہیں ایسے گھرانے کا پتہ بتا دوں جو تمہارے لئے اس کی پرورش کریں اور وہ

لَهٗ نٰصِحُوْنَ ۝ فَرَدَدْنٰهُ اِلٰٓى اُمِّهٖ كَیْ تَقَرَّ عَیْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ وَلِتَعْلَمَ اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ

اسکے خیر خواہ بھی ہوں۔ سو ہم نے موسیٰ کو اس کی والدہ کی طرف لوٹا دیا تا کہ اس کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور غمگین نہ ہو اور تا کہ وہ اس بات کو جان لے کہ بلاشبہ اللہ کا وعدہ حق

وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ ۝

ہے لیکن ان میں سے بہت سے لوگ نہیں جانتے۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی والدہ کا صندوق میں رکھ کر انہیں سمندر میں ڈال دینا اور فرعون کے گھر والوں کا ان کو اٹھالینا، پھر فرعون کے محل میں پرورش پانا

فرعون یہ سن کر کہ میری سلطنت کا زوال بنی اسرائیل کے ایک لڑکے کے ہاتھ ہوگا اس کے توڑ میں لگ گیا اور اس کے نزدیک اس کا توڑ یہ تھا کہ بنی اسرائیل میں جو بھی لڑکا پیدا ہوا سے قتل کر دیا جائے چنانچہ اس کی حکومت کے جاسوس بنی اسرائیل کے رہنے کی جگہوں میں گھومتے پھرتے تھے اور بنی اسرائیل کے جس گھر میں کسی لڑکے کے پیدا ہونے کی خبر ملتی تھی اسے ماں باپ سے چھین کر لے جاتے تھے اور ذبح کر ڈالتے تھے جب حضرت موسیٰ علیہ السلام پیدا ہوئے تو ان کی والدہ اپنے بچہ کی حفاظت کے بارے میں فکرمند ہوئیں، اللہ تعالیٰ جل شانہ نے ان کے دل میں ڈالا کہ تم بچہ کو دودھ پلاتی رہو پھر جب تمہیں جاسوسوں کا خطرہ ہو تو اس بچہ کو تابوت میں رکھ کر دریا میں ڈال دینا اور اس کی ہلاکت کا کوئی خوف نہ کرنا اور نہ اس کی جدائی سے رنجیدہ ہونا ہم اسے تمہاری طرف واپس لوٹا دیں گے اور یہی نہیں کہ تمہارے پاس واپس پہنچ کر وہ دوسرے انسانوں کی طرح ایک عام انسان ہوگا بلکہ ہم اسے رسالت کا مرتبہ دیں گے اور اسے اپنے پیغمبروں میں سے بنا دیں گے۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی والدہ نے اللہ تعالیٰ کے وعدہ پر یقین کر کے بچہ کو دریا میں ڈال دیا، دریا کے کنارے کنارے تابوت بہہ کر جا رہا تھا فرعون کے گھر والوں کی نظر پڑی تو اس کو منگا کر دیکھا اس میں ایک بچہ نکلا اور یہ بچہ بڑا پیارا معلوم ہوا جو دیکھتا گود میں لینے کی کوشش کرتا لیکن فرعون کو یہ کھٹک ہوئی کہ کہیں یہ بنی اسرائیل کا وہی لڑکا نہ ہو جس کے بارے میں نجومیوں نے بتایا ہے کہ وہ میری سلطنت کے زوال کا باعث ہوگا لہٰذا اس نے قتل کرنے کا ارادہ کیا کہا جاتا ہے کہ فرعون لاولد تھا جب فرعون کی بیوی نے محسوس کیا کہ وہ اس بچہ کو قتل کرنے کے درپے ہے تو کہنے لگی کہ یہ میری اور تیری آنکھوں کی ٹھنڈک ہے اس کو دیکھ کر جی خوش ہوا کرے گا اسے قتل نہ کرو ممکن ہے کہ بڑا ہو کر ہمیں فائدہ پہنچا دے یا ہم اس کو بیٹا ہی بنا لیں گے فرعون کی سمجھ میں بات آ گئی اور طے ہوا کہ اس کے لیے کوئی دودھ پلانے والی اور پرورش کرنے والی تلاش کی جائے جتنی بھی دائیاں دودھ پلانے والی عورتیں بلائی گئیں (بوتل سے دودھ پلانے کا رواج نہ تھا) حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کسی کا دودھ پینا گوارا نہ کیا۔ اب تو بڑی مشکل پیش آئی اور فکرمند ہوئے کہ اس کی پرورش کس طرح ہو، حضرت موسیٰ علیہ السلام کے قتل سے تو باز آ گئے اور اپنے مشوروں میں اپنی حکومت کے اعتبار سے چوک گئے انہیں پتہ نہ تھا کہ جس کی پرورش کے مشورے کر رہے ہیں یہی وہ بچہ ہے جس کے ہاتھوں ہماری سلطنت برباد ہوگی۔ اِنَّهُمْ كَانُوْا خَاطِئِیْنَ کی ایک تفسیر یہ ہے کہ وہ لوگ نافرمان تھے اس نافرمانی کی وجہ سے موسیٰ علیہ السلام کے ہاتھوں تباہ و برباد ہوئے۔ وھٰذا الذی اختارہ فی الجلالین و ھو الثواب عندی والجنود لا دخل لھم فی تربیة موسیٰ علیه السلام فیقال ان فرعون و ھامان و جنودھما اخطئوا فی تربیتہٖ علیه السلام. (اور یہی تفسیر ہے جو تفسیر جلالین میں مختار سمجھی گئی ہے اور میرے نزدیک یہی صحیح ہے کیونکہ فرعون کے لشکر کا حضرت موسیٰ علیہ السلام کی تربیت میں کوئی دخل نہیں تھا بعض لوگوں نے کہا ہے کہ فرعون، ہامان اور ان کے لشکروں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی تربیت

میں غلطی کی ہے۔اسی کوفرمایا گیا ہے کہ۔ اِنَّ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَ هُمَا كَانُوْا خٰطِئِيْنَ)

اِدھرتو یہ ہوااور اُدھر حضرت موسیٰ علیہ السلام کی والدہ کا دل بے قرار ہوگیا اور اتنا بے قرار ہوا کہ قریب تھا کہ اپنی بے قراری کو ظاہر کر دیں اور یہ بتادیں کہ میرا بیٹا تھا میں نے ایسے ایسے تابوت میں ڈالا ہے لیکن اللہ تعالیٰ نے ان کے دل کو مضبوط رکھا اور ظاہر کرنے نہ دیا تا کہ اللہ تعالیٰ نے جو حفاظت کا وعدہ فرمایا تھا اس پر ان کا یقین پختہ رہے۔

موسیٰ علیہ السلام کی والدہ کے دل میں اللہ تعالیٰ نے ایک یہ بات ڈالی کہ انہوں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بہن کو حکم دیا کہ جاؤ اس کے پیچھے پیچھے چلی جاؤ یعنی جدھر کو تابوت جائے ادھر ہی چلتی رہو اور یہ دیکھتی رہو کہ تابوت کہاں جاتا ہے وہ ان کے پیچھے پیچھے چلتی رہیں پھر دور سے دیکھ لیا کہ اسے آل فرعون نے اٹھالیا ہے اور اس انداز سے پیچھے لگی رہیں کہ آل فرعون کو پتہ نہ چلے کہ یہ کون عورت ہے جب حضرت موسیٰ علیہ السلام کی ہمشیرہ نے دیکھا کہ موسیٰ علیہ السلام کسی عورت کا دودھ نہیں پیتے اور آل فرعون اس کے بارے میں پریشان ہو رہے ہیں تو انہوں نے کہا کہ کیا میں تمہیں ایسا خاندان نہ بتادوں جو نہ صرف اسے دودھ پلائیں بلکہ اسکی پرورش میں انہیں کسی لالچ کی امید نہ ہو وہ اس کی پوری خیرخواہی کے ساتھ کفالت کردیں وہ لوگ پریشان تو ہو ہی رہے تھے کہنے لگے کہ بلاؤ وہ کون عورت ہے جس کا دودھ یہ بچہ قبول کرسکتا ہے اس پر انہوں نے اپنی والدہ کا پتہ بتا دیا چنانچہ وہ بلائی گئیں جب موسیٰ علیہ السلام کو ان کی گود میں دیا گیا تو فوراً ہی دودھ پینا شروع کردیا آل فرعون نے کہا کہ اچھا تم اسے لے جاؤ دودھ پلاؤ اور پرورش کرو چنانچہ وہ انہیں لے گئیں دودھ پلاتی رہیں اور پرورش کرتی رہیں مفسرین نے لکھا ہے کہ انہیں اس کا معاوضہ بھی ملتا رہا جو روزانہ ایک دینار تھا۔

فَرَدَدْنٰهُ اِلٰٓى اُمِّهٖ (الآية) سو ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو ان کی والدہ کی طرف لوٹا دیا تا کہ ان کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور بچہ کی جدائی سے غمگین نہ ہوں اور تا کہ اس بات کا اور زیادہ یقین کرلیں کہ اللہ کا وعدہ حق ہے۔

لیکن بہت سے لوگ نہیں جانتے کہ اللہ تعالیٰ کس کس طرح اپنے بندوں کے ساتھ رحم کا معاملہ فرماتا ہے اور کس کس طرح ظالموں کو ان کی تدبیروں میں ناکام بناتا ہے۔

فائدہ............ یہاں بعض مفسرین نے یہ سوال اٹھایا ہے کہ اپنی اولاد کی پرورش کرنا تو فرض ہے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی والدہ نے اپنے بچہ کی پرورش کرنے اور دودھ پلانے پر اجرت کیسے قبول فرمائی؟ لیکن قرآن مجید میں اجرت لینے کا کوئی تذکرہ نہیں ہے اور اگر اجرت لی بھی ہو تو کافر ہی سے لی تھی اور حربی کا مال یوں بھی مباح ہے جبکہ وہ کسی دھوکہ دہی کے طریقہ پر نہ لیا جائے پھر جب دشمن کی خوشی سے معاملہ معاہدہ کر کے لے لیا تو اس کے جواز میں کوئی شبہ رہتا ہی نہیں۔

وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَاسْتَوٰٓى اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۴﴾

اور جب موسیٰ علیہ السلام اپنی بھری جوانی کو پہنچے اور پوری طرح درست ہو گئے تو ہم نے ان کو حکمت اور علم عطا فرمایا اور اچھا کام کرنے والوں کو ہم اسی طرح بدلہ دیا کرتے ہیں۔

وَدَخَلَ الْمَدِيْنَةَ عَلٰى حِيْنِ غَفْلَةٍ مِّنْ اَهْلِهَا فَوَجَدَ فِيْهَا رَجُلَيْنِ يَقْتَتِلٰنِ ۟ هٰذَا مِنْ شِيْعَتِهٖ وَهٰذَا

اور وہ ایسے وقت میں شہر میں داخل ہوئے کہ وہاں کے لوگ غافل تھے سو اس میں دو مردوں کو پایا جو آپس میں لڑ رہے تھے، ایک ان کی جماعت میں تھا اور

مِنْ عَدُوِّهٖ ۚ فَاسْتَغَاثَهُ الَّذِىْ مِنْ شِيْعَتِهٖ عَلَى الَّذِىْ مِنْ عَدُوِّهٖ ۙ فَوَكَزَهٗ مُوْسٰى فَقَضٰى

ایک دشمن کی جماعت میں سے تھا۔ سو جو شخص ان کی جماعت میں سے تھا اس نے ان سے اس شخص کے مقابلہ میں مدد طلب کی جو ان کے دشمنوں میں سے تھا۔ سو موسیٰ نے اس کو گھونسا مار دیا

عَلَيْهِ ۚ قَالَ هٰذَا مِنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ ۭ اِنَّهٗ عَدُوٌّ مُّضِلٌّ مُّبِيْنٌ ۝ قَالَ رَبِّ اِنِّىْ ظَلَمْتُ نَفْسِىْ

سو اس کا کام تمام کردیا موسیٰ نے کہا یہ شیطانی حرکت ہے بلا شبہ وہ دشمن ہے گمراہ کرنے والا ہے واضح طور پر۔ موسیٰ نے کہا کہ اے میرے رب بلا شبہ میں نے اپنی جان پر ظلم کیا'

فَاغْفِرْ لِىْ فَغَفَرَ لَهٗ ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝ قَالَ رَبِّ بِمَآ اَنْعَمْتَ عَلَىَّ فَلَنْ

سو آپ میری مغفرت فرما دیجئے' سو اللہ نے ان کو بخش دیا بلا شبہ وہ بخشنے والا ہے مہربان ہے۔ موسیٰ نے عرض کیا کہ اے میرے رب اس سبب سے کہ آپ نے مجھ پر انعام فرمایا

اَكُوْنَ ظَهِيْرًا لِّلْمُجْرِمِيْنَ ۝ فَاَصْبَحَ فِى الْمَدِيْنَةِ خَآئِفًا يَّتَرَقَّبُ فَاِذَا الَّذِى اسْتَنْصَرَهٗ بِالْاَمْسِ

سو میں ہرگز بھی مجرمین کی مدد کرنے والا نہیں بنوں گا۔ پھر اگلے دن شہر میں موسیٰ کو صبح ہوئی خوف کی حالت میں اچانک وہی شخص جس نے کل گزشتہ میں ان سے مدد طلب کی تھی پھر

يَسْتَصْرِخُهٗ ۭ قَالَ لَهٗ مُوْسٰٓى اِنَّكَ لَغَوِىٌّ مُّبِيْنٌ ۝ فَلَمَّآ اَنْ اَرَادَ اَنْ يَّبْطِشَ بِالَّذِىْ هُوَ عَدُوٌّ

ان سے مدد طلب کر رہا ہے' موسیٰ نے کہا کہ بلا شبہ تو تو صریح گمراہ ہے۔ پھر جب موسیٰ نے ارادہ کیا کہ اس شخص کو پکڑیں جو ان دونوں کا دشمن تھا تو وہ اسرائیلی شخص بول

لَّهُمَا ۙ قَالَ يٰمُوْسٰٓى اَتُرِيْدُ اَنْ تَقْتُلَنِىْ كَمَا قَتَلْتَ نَفْسًۢا بِالْاَمْسِ ڰ اِنْ تُرِيْدُ اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ

اٹھا کہ اے موسیٰ کیا تم یہ چاہتے ہو کہ مجھے قتل کر دو جیسا کہ کل تم نے ایک شخص کو قتل کیا ہے۔ بس تم یہی چاہتے ہو کہ زمین میں اپنا زور

جَبَّارًا فِى الْاَرْضِ وَمَا تُرِيْدُ اَنْ تَكُوْنَ مِنَ الْمُصْلِحِيْنَ ۝ وَجَآءَ رَجُلٌ مِّنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ يَسْعٰى ۡ

بھلاتے رہو اور اصلاح کرنے والوں میں سے نہیں ہونا چاہتے اور ایک شخص شہر کے دور والے کنارے سے دوڑتا ہوا آیا کہنے لگا کہ اے

قَالَ يٰمُوْسٰٓى اِنَّ الْمَلَاَ يَاْتَمِرُوْنَ بِكَ لِيَقْتُلُوْكَ فَاخْرُجْ اِنِّىْ لَكَ مِنَ النّٰصِحِيْنَ ۝

موسیٰ بلا شبہ بات یہ ہے کہ اہل دربار آپ کے بارے میں مشورہ کر رہے ہیں کہ آپ کو قتل کر دیں' لہٰذا آپ نکل جایئے بلا شبہ میں آپ کی بھلائی چاہنے والوں میں سے ہوں

فَخَرَجَ مِنْهَا خَآئِفًا يَّتَرَقَّبُ ۡ قَالَ رَبِّ نَجِّنِىْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝

سو وہاں سے ڈرتے ہوئے انتظار کرتے ہوئے نکل گئے' کہنے لگے کہ اے میرے پروردگار مجھے ظالم قوم سے نجات دیجئے۔

ع ۸

حضرت موسیٰ علیہ السلام سے ایک شخص کا قتل ہو جانا پھر مصر چھوڑ کر مدین چلے جانا

ان آیات میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے مصر سے نکل جانے کا اور اس کے لیے ایک قبطی کے قتل کا بہانہ بن جانے کا ذکر ہے اور چونکہ مصر سے نکل کر مدین تشریف لے گئے تھے اور وہاں سے واپس ہو کر راستہ میں نبوت سے سرفراز کر دیئے گئے تھے اس لیے قتل قبطی کے قصہ سے پہلے یہ بیان فرما دیا کہ جب وہ اپنی بھرپور جوانی کو پہنچ گئے اور صحت اور تندرستی کے اعتبار سے خوب اچھی طرح مضبوط اور ٹھیک ہو گئے تو ہم نے انہیں حکمت اور علم عطا فرما دیا اور بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ اس سے فہم سلیم اور عقل مستقیم مراد ہے جو مدین کو جانے سے پہلے انہیں عطا کر دی گئی تھی۔ وَكَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ اور ہم اسی طرح اچھے کام کرنے والوں کو بدلہ دیا کرتے ہیں۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام ایک دن کہیں شہر سے باہر تشریف لے گئے (ممکن ہے کہ اپنی والدہ کے پاس تشریف لے گئے ہوں جو بظاہر

شہر سے دور کسی دیہات میں رہتی ہوں گی) پھر وہاں سے شہر میں ایسے وقت داخل ہوئے جو عام طور سے لوگوں کے غفلت کا وقت تھا بعض مفسرین نے فرمایا کہ وہ دوپہر کا وقت تھا جبکہ لوگ سو چکے تھے جب شہر میں داخل ہوئے تو دیکھا کہ دو آدمی آپس میں لڑ رہے ہیں ایک آدمی ان کی جماعت میں سے تھا یعنی اسرائیلی تھا اور دوسرا شخص ان کے دشمنوں میں سے تھا یعنی فرعون کی قوم میں سے جنہیں قوم قبط کہا جاتا تھا' حضرت موسیٰ علیہ السلام کی برادری والے شخص کو اپنا ایک آدمی نظر آ گیا اور آدمی بھی وہ جو خوب جوانی میں بھرا ہوا تھا اور قوت جسمانیہ کے اعتبار سے بالکل مضبوط اور پکا تھا اس نے آپ سے مدد مانگی اور کہنے لگا کہ دیکھئے یہ شخص مجھ پر زیادتی کر رہا ہے' حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اس کو ایک گھونسہ مار دیا جس سے اس کا کام تمام ہو گیا یعنی اس کا دم نکل گیا اور جان جاتی رہی حضرت موسیٰ علیہ السلام کا مقصود اس کو جان سے مارنا نہ تھا تادیباً ایک گھونسا مارا تھا لیکن ایک ہی گھونسا اس کی موت کا بہانہ بن گیا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو بڑی پشیمانی ہوئی کہ ایک شخص کا قتل ہو گیا لہٰذا انہوں نے اول تو یوں کہا کہ یہ ایک شیطانی حرکت ہو گئی اور ساتھ ہی یہ بھی کہا کہ شیطان انسان کا کھلا ہوا دشمن ہے اس کا کام گمراہ کرنا ہے بنی آدم سے ایسی حرکتیں کراتا رہتا ہے جو اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کا سبب ہوتی ہیں اس کے بعد اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا کی کہ اے میرے رب میں نے اپنی جان پر ظلم کیا لہٰذا میری مغفرت فرمائیے۔ لہٰذا اللہ تعالیٰ نے مغفرت فرما دی اہل خیر اور اہل اصلاح کا یہ طریقہ ہے کہ بلا ارادہ بھی اگر ان سے کوئی ایسا کام سرزد ہو جائے جو گناہ کی فہرست میں آ سکتا ہو تو اس کے لیے بھی اللہ تعالیٰ سے استغفار کرتے ہیں اور قتل خطاء میں تو دیت بھی لازم ہوتی ہے لیکن چونکہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کافر حربی کو قتل کیا تھا اور اس وقت اللہ تعالیٰ کی طرف سے کوئی شریعت بھی جاری نہیں تھی اس لیے دیت کا سوال پیدا نہیں ہوا لیکن قتل نفس کی وجہ سے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کی حضور مغفرت کی درخواست پیش کر دی اور اللہ تعالیٰ نے ان کی مغفرت فرما دی۔ اِنَّـهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ (بلاشبہ اللہ غفور ہے رحیم ہے)

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بارگاہ خداوندی میں مزید عرض کیا کہ اے میرے رب مجھ پر آپ کے بڑے بڑے انعامات ہیں' ان کا تقاضا یہ ہے کہ میں مجرمین کا مددگار نہ بنوں لہٰذا میں کبھی ان لوگوں کی مدد نہ کروں گا۔ جو گناہ کرنے والے اور گناہ کروانے والے ہوتے ہیں' دونوں قسم کے مجرموں سے دور رہنے اور ان کا معاون نہ بننے کا بارگاہ خداوندی میں عہد کیا' شیطان چونکہ گناہ کراتا ہے لہٰذا اس بیزاری کے عموم میں وہ بھی آ گیا اس میں یہ بات بھی داخل ہو گئی ہے کہ شیطان کے کہنے پر عمل نہ کروں گا کیونکہ اس کی بات ماننے میں اس کی مدد ہوتی ہے اور یہ عہد بھی ہو گیا کہ ہمیشہ احتیاط سے کام لوں گا۔

آیت کریمہ سے معلوم ہوا کہ جس طرح ہر گناہ گناہ ہے اسی طرح گناہ کی مدد کرنا بھی گناہ ہے عام طور سے لوگ اس سے غافل ہیں گناہ گاروں کے ساتھ جاتے ہیں' ان کی مدد کرتے ہیں' رشوت دلانے کے ایجنٹ بنتے ہیں' بنکوں میں اور انشورنس کمپنیوں میں نوکریاں کرتے ہیں شراب بیچنے والی دکانوں میں ملازم ہو جاتے ہیں' امیروں' وزیروں اور چھوٹے بڑے حاکموں کے مظالم میں ان کا ساتھ دیتے ہیں یہ سب گناہ ہے۔

حضرت کعب بن عجرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں تجھے بیوقوفوں کی امارات سے اللہ کی پناہ میں دیتا ہوں' میں نے عرض کیا یا رسول اللہ یہ کون لوگ ہیں؟ فرمایا میرے بعد ایسے امراء ہوں گے کہ جو شخص ان کے پاس گیا اور ان کے جھوٹ کو سچا بتایا اور ظلم پر ان کی مدد کی تو وہ شخص مجھ سے نہیں اور ایسے اشخاص سے میرا تعلق نہیں' اور وہ ہرگز میرے پاس حوض پر نہ پہنچیں گے۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۳۲۲ از ترمذی)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی ارشاد فرمایا کہ جو شخص کسی ظالم کے ساتھ چلا تا کہ اس کو قوت پہنچائے اور وہ جانتا ہے کہ وہ ظالم ہے تو یہ شخص اسلام سے نکل گیا۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۴۳۶ عن البیہقی فی شعب الایمان)

حضرت عقبہ بن عامرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ٹیکس وصول کرنے والا جنت میں داخل ہوگا۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۳۲۲) ہر وہ ملازمت حرام ہے جس میں گناہ کیا جاتا ہو ظلم کیا جاتا ہو، ظالم کی مدد کی جاتی ہو کیونکہ گناہ کرنا اور گناہ کی مدد کرنا دونوں حرام ہیں اسی لیے گناہ کی اجرت اور گناہ پر مدد کرنے کی اجرت بھی حرام ہے جو لوگ حکومتوں کے محکموں میں یا دوسرے اداروں اور فرموں اور کمپنیوں میں لگے ہوئے ہیں وہ اپنے بارے میں غور کرلیں کہ وہ کس طرز پر چل رہے ہیں اور وہ خود اپنی جان کے لیے وبال تو نہیں بن رہے ہیں؟

قرآن مجید میں اس کی تصریح ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام سے جو قتل ہو گیا تھا اس کے لیے اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کرلی اور اللہ تعالیٰ نے انہیں معاف فرما دیا اس کے بعد جب ان سے قیامت کے دن سفارش کرنے کے لیے عرض کیا جائے گا تو وہ اپنے اس قتل والے واقعہ کو یاد کر کے شفاعت کرنے سے یہ فرما کر عذر کر دیں گے قتلتُ نفسالم اُوْ مَرْبِقَتْلِهَا کہ میں نے ایک جان کو قتل کر دیا تھا جس کے قتل کا مجھے حکم نہیں دیا گیا جن کے بلند مراتب ہیں ان کی باتیں بھی بڑی ہوتی ہیں۔

آج یہ واقعہ ہوا کہ ایک قبطی کو تادیباً گھونسہ مارا تو وہ مر ہی گیا اب اگلے دن یہ ہوا کہ جب صبح ہوئی تو موسیٰ علیہ السلام شہر میں نکلے لیکن ساتھ ہی خوف زدہ بھی تھے کہ دشمنوں کو واقعہ قتل کا پتہ نہ چل گیا ہو اور اس کا بھی انتظار تھا کہ فرعونی حکومت اور اسکے کارندے کہیں قبطی کے قتل کرنے کی وجہ سے میرے قتل کے درپے نہ ہوں اسی خوف اور غور و فکر میں تھے کہ اچانک وہی اسرائیلی شخص نظر آ گیا جس نے گزشتہ کل ایک قبطی کے مقابلے میں مدد طلب کی تھی آج بھی ایک آدمی سے اس کی لڑائی ہو رہی تھی، موسیٰ علیہ السلام کو دیکھا تو مدد طلب کرنے لگا۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اول تو اس کو تنبیہ فرمائی کہ تو کل بھی لڑ رہا تھا اور آج بھی لڑ رہا ہے تو تو صریح طور پر بے راہ آدمی ہے اس کے بعد حضرت موسیٰ علیہ السلام قبطی کی طرف متوجہ ہوئے جس سے اسرائیلی کی لڑائی ہو رہی تھی قبطی پورے بنی اسرائیل کے دشمن تھے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے چاہا کہ اسے پکڑیں ابھی ہاتھ بڑھایا ہی تھا کہ اسرائیلی نے یہ سمجھا کہ جب مجھے بے راہ بتا رہے ہیں تو مجھ ہی کو مارنے کے لیے ہاتھ بڑھا رہے ہیں، مشہور ہے کہ نادان دوست سمجھدار دشمن سے بھی زیادہ تکلیف دے دیتا ہے اس اسرائیلی نے کہا کہ اے موسیٰ علیہ السلام کیا تم مجھے قتل کرنا چاہتے ہو جیسا کہ کل ایک آدمی کو قتل کر چکے ہو بس تمہارا یہی کام رہ گیا ہے کہ زمین میں اپنی زور آوری دکھایا کرو اور تم اصلاح کرنے والوں میں ہونا نہیں چاہتے بعض مفسرین نے یہاں پر یہ نکتہ بیان کیا ہے جو حضرت ابن عباسؓ کی طرف منسوب ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے چونکہ فَلَنْ اَكُوْنَ ظَهِيْرًا لِّلْمُجْرِمِيْنَ کے ساتھ انشاء اللہ نہیں کہا اس لیے اگلے ہی دن پھر اسی میں مبتلا ہو گئے جس میں کل مبتلا ہوا تھا اب جبکہ ایک اسرائیلی کی زبان سے یہ بات نکل گئی کہ کل تم ایک آدمی کو قتل کر چکے ہو تو اس شخص کے قاتل کا پتہ چل گیا جو کل مقتول ہو گیا تھا اس بات کو فرعون کی قوم کے آدمی نے بھی سن لیا اور فرعون کے درباریوں کو قاتل کا علم ہو گیا لہٰذا فرعون نے اور اس کے درباریوں نے باہمی مشورے سے یہ طے کر دیا کہ موسیٰ کو قتل کر دینا چاہیے اور گو کہ فرعون نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی پرورش کروائی تھی لیکن حضرت موسیٰ علیہ السلام کے طور طریق سے اسے اس بات کا خطرہ لگا رہتا تھا کہ یہ وہی شخص تو نہیں ہے جس کے ذریعہ میری حکومت برباد ہوگی؟

جب حضرت موسیٰ علیہ السلام کے قتل کا مشورہ ہو گیا تو ایک شخص کو اس مشورے کا پتہ چل گیا (ممکن ہے یہ شخص فرعون کے درباریوں

میں سے ہو اور حضرت موسیٰ علیہ السلام سے محبت و عقیدت رکھتا ہو) یہ شخص دوڑتا ہوا شہر کے دور والے کنارے سے آیا اور اس نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کہا کہ تمہارے قتل کے مشورے ہو رہے ہیں تم یہاں سے چلے جاؤ اور یہ میں آپ کی خیر خواہی کی بات کر رہا ہوں اس شخص کی یہ بات سن کر حضرت موسیٰ علیہ السلام ڈرتے ہوئے اور دشمن کا گرفت کا خطرہ دل میں لیے ہوئے وہاں سے تشریف لے گئے اور اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ اے میرے پروردگار مجھے ظالموں سے نجات دے دیجئے۔

وَلَمَّا تَوَجَّهَ تِلْقَآءَ مَدْيَنَ قَالَ عَسٰى رَبِّيْٓ اَنْ يَّهْدِيَنِيْ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ﴿۲۲﴾ وَلَمَّا وَرَدَ مَآءَ مَدْيَنَ وَجَدَ

اور جب موسیٰ نے مدین کی طرف توجہ کی تو یوں کہا کہ امید ہے کہ میرا رب مجھے سیدھا راستہ چلا دے گا۔ اور جب مدین کے پانی پر پہنچے تو وہاں لوگوں کی

عَلَيْهِ اُمَّةً مِّنَ النَّاسِ يَسْقُوْنَ ۠ وَوَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمُ امْرَاَتَيْنِ تَذُوْدٰنِ ۚ قَالَ مَا خَطْبُكُمَا ۭ قَالَتَا لَا نَسْقِيْ

ایک جماعت کو دیکھا جو پانی پلا رہے تھے اور وہاں دو عورتوں کو دیکھا جو ان لوگوں سے روک رہی تھیں موسیٰ نے پوچھا تم دونوں کا کیا حال ہے؟ وہ دونوں کہنے لگیں کہ ہم اس وقت

حَتّٰى يُصْدِرَ الرِّعَآءُ ٚوَاَبُوْنَا شَيْخٌ كَبِيْرٌ ﴿۲۳﴾ فَسَقٰى لَهُمَا ثُمَّ تَوَلّٰٓى اِلَى الظِّلِّ فَقَالَ رَبِّ اِنِّيْ لِمَآ

تک پانی نہیں پلاتے جب تک کہ چرواہے واپس نہ چلے جائیں اور ہمارے والد بہت بوڑھے ہیں۔ سو موسیٰ نے ان کے لیے پانی پلا دیا پھر سایہ کی طرف ہٹ گئے پھر یوں کہا کہ اے میرے رب آپ

اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ ﴿۲۴﴾ فَجَآءَتْهُ اِحْدٰىهُمَا تَمْشِيْ عَلَى اسْتِحْيَآءٍ ۡ قَالَتْ اِنَّ اَبِيْ يَدْعُوْكَ

جو کچھ خیر میرے لیے نازل فرمائیں میں اس کا محتاج ہوں' سو ان دو عورتوں میں سے ایک عورت موسیٰ کے پاس آئی جو چلتے ہوئے شرما رہی تھی اس نے کہا کہ بلاشبہ میرے والد تم کو

لِيَجْزِيَكَ اَجْرَ مَا سَقَيْتَ لَنَا ۭ فَلَمَّا جَآءَهٗ وَقَصَّ عَلَيْهِ الْقَصَصَ ۙ قَالَ لَا تَخَفْ ۫ نَجَوْتَ

بلا رہے ہیں تاکہ تمہیں اس کا صلہ دیں جو تم نے ہمارے لیے پانی پلایا' پس جب موسیٰ ان کے پاس آئے اور ان کو واقعات سنائے تو انہوں نے کہا کہ خوف نہ کرو تم ظالم

مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۵﴾ قَالَتْ اِحْدٰىهُمَا يٰٓاَبَتِ اسْتَاْجِرْهُ ۡ اِنَّ خَيْرَ مَنِ اسْتَاْجَرْتَ الْقَوِيُّ

قوم سے نجات پا گئے ہو' ان دونوں عورتوں میں سے ایک کہنے لگی کہ ابا جی آپ اس شخص کو مزدوری پر رکھ لیجئے بے شک جس کسی کو آپ مزدوری پر رکھیں ان میں سب سے بہتر وہ شخص ہے جو قوی

الْاَمِيْنُ ﴿۲۶﴾ قَالَ اِنِّيْٓ اُرِيْدُ اَنْ اُنْكِحَكَ اِحْدَى ابْنَتَيَّ هٰتَيْنِ عَلٰٓي اَنْ تَاْجُرَنِيْ

ہو امانت دار ہو۔ شیخ نے کہا کہ میں چاہتا ہوں کہ تم سے اپنی ان دو بیٹیوں میں سے ایک بیٹی کا نکاح کر دوں اس شرط پر کہ تم میرے پاس آٹھ سال نوکری

ثَمٰنِيَ حِجَجٍ ۚ فَاِنْ اَتْمَمْتَ عَشْرًا فَمِنْ عِنْدِكَ ۚ وَمَآ اُرِيْدُ اَنْ اَشُقَّ عَلَيْكَ ۭ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ

کے طور پر عمل کرو سو اگر تم دس سال پورے کر دو تو یہ تمہاری طرف سے ہوگا اور میں یہ نہیں چاہتا کہ تم پر مشقت ڈالوں انشاء اللہ

مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۲۷﴾ قَالَ ذٰلِكَ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ ۭ اَيَّمَا الْاَجَلَيْنِ قَضَيْتُ فَلَا عُدْوَانَ عَلَيَّ ۭ

تم مجھے صالحین میں سے پاؤ گے۔ موسیٰ نے کہا یہ معاملہ میرے اور آپ کے درمیان میں دونوں مدتوں میں سے جونسی مدت پوری کر دوں تو مجھ پر کوئی زیادتی نہ ہوگی اور

وَاللّٰهُ عَلٰى مَا نَقُوْلُ وَكِيْلٌ ﴿۲۸﴾

جو کچھ ہم کہہ رہے ہیں اللہ اس پر وکیل ہے۔

موسیٰ علیہ السلام کا مدین پہنچنا وہاں دولڑکیوں کی بکریوں کو پانی پلانا پھران میں سے ایک لڑکی سے شادی ہونا

حضرت موسیٰ علیہ السلام کو جب ایک شخص نے رائے دی کہ دربار والے تمہارے قتل کا مشورہ کررہے ہیں تم یہاں سے نکل جاؤ تو وہ سرزمین مصر سے روانہ ہو گئے اور مدین کی طرف چل دیئے جو ملک شام کا ایک شہر ہے یہ علاقہ فرعونی حکومت میں شامل نہیں تھا اور وہ زمانہ پاسپورٹ اور ویزے کا بھی نہیں تھا جو شخص جس ملک میں اور جس شہر میں چاہتا جا سکتا تھا حضرت موسیٰ علیہ السلام نے مدین کا رخ کیا وہاں کبھی تشریف نہیں لے گئے تھے راستہ معلوم نہیں تھا اللہ تعالیٰ سے خیر کی امید باندھ کر نکل کھڑے ہوئے اور یوں کہا کہ عَسٰى رَبِّيْٓ اَنْ يَّهْدِيَنِيْ سَوَآءَ السَّبِيْلِ (امید ہے کہ میرا رب مجھے سیدھا راستہ بتادے گا' موسیٰ علیہ السلام تنہا تھے کوئی رہبر نہ تھا اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کر کے اور اللہ کی مدد سے سیدھی راہ پر چل کر مدین پہنچنے کی امید باندھ کر روانہ ہو گئے بالآخر صحیح سلامت مدین پہنچ گئے۔ پہنچ تو گئے لیکن وہاں کبھی نہ جانا ہوا تھا نہ کسی سے شناسائی تھی' اللہ تعالیٰ کی مدد کے سوا کوئی ظاہری اور مجازی مدد سامنے نہ تھی جب مدین پہنچے تو ایک کنوئیں پر گزر ہوا وہاں دیکھا کہ ایک بڑی جماعت ہے بھیڑ بھاڑ ہے بکریاں چرانے والے اپنی اپنی بکریاں لے کر آئے ہیں اور انہیں پانی پلا رہے ہیں اور یہ بھی دیکھا کہ دو عورتیں اپنی بکریاں لیے کھڑی ہیں وہ اپنی بکریوں کو روک رہی ہیں تاکہ دوسروں کی بکریوں میں رل مل نہ جائیں اور دوسروں کا کھینچا ہوا پانی نہ پی لیں ورنہ پانی کھینچنے والے ان بکریوں کو مار بھگائیں گے جوان کی اپنی نہیں ہیں' حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ان دونوں سے کہا کہ تمہارا کیا حال ہے' الگ کھڑے ہونے کا مقصد کیا ہے؟ ان دونوں نے جواب دیا کہ یہ لوگ جو پانی پلا رہے ہیں' مرد ہیں' ہم ان کے ساتھ ساتھ کنوئیں میں ڈول ڈال کر اپنی بکریوں کو پانی نہیں پلا سکتے' لہٰذا ہم یہ کرتے ہیں کہ جب چرواہے اپنے اپنے مویشیوں کو پانی پلا کر واپس لے جاتے ہیں تو ہم اپنی بکریوں کو پانی پلاتے ہیں ایک تو عورت ذات مردوں کی بھیڑ میں ڈول نہیں کھینچ سکتی' دوسرے مردوں کے اختلاف سے بھی بچنا ہے چونکہ یہ ایک اشکال ہوتا تھا کہ بکریوں کو پانی پلانا تم دونوں کے ذمہ کیوں پڑا؟ کیا تمہارے گھر میں کوئی مرد نہیں ہے اس لیے اس کا جواب بھی انہوں نے دے دیا: وَاَبُوْنَا شَيْخٌ كَبِيْرٌ کہہ کر بتادیا کہ ہمارے والد بہت بوڑھے ہیں۔ وہ پانی پلانے کے لیے نہیں آسکتے اور اتنا کہنے کے بعد جو خاموشی اختیار کر لی اسی خاموشی میں یہ بھی بتادیا کہ نہ ہمارے شوہر ہیں اور نہ ہمارے بھائی ہیں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو ترس آ گیا اور جلدی سے آگے بڑھ کر ان کی بکریوں کو پانی پلا دیا اور پانی پلانے کے بعد کنوئیں سے ہٹ کر سایہ میں چلے گئے اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں متوجہ ہو کر عرض کیا رَبِّ اِنِّيْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ (اے میرے رب جو خیر آپ میرے لیے نازل فرمائیں میں اس کا محتاج ہوں) حضرات انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام اور مؤمنین صالحین کا یہی طریقہ رہا ہے کہ ہر حال میں اللہ تعالیٰ کو یاد کرتے ہیں اور ہر مشکل اور ہر بے بسی میں اسی کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔

لفظ مِنْ خَيْرٍ میں جو نکرہ ہے اس کی عموم میں سب کچھ آ گیا' بھوک دور کرنے کا انتظام بھی' کچھ غذا بھی اور امن وامان بھی' نیز رہنے کا ٹھکانہ بھی' مفسرین نے لکھا ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام مصر سے روانہ ہو کر مدین پہنچے' پورے سفر میں سبزیوں کے پتے کھاتے رہے

بھوک کی وجہ سے پیٹ کمر سے لگ گیا تھا بھوکے بھی تھے، دبلا پن بھی ظاہر ہو رہا تھا، اللہ تعالیٰ سے جو خیر کا سوال کیا اس سے خاص طور سے کھانے والی چیز کا سوال بھی تھا۔

دونوں عورتیں آج اپنی بکریوں کو لے کر خلاف عادت جلدی گھر پہنچیں تو ان کے والد نے کہا کہ کیا بات ہے کہ آج تم جلدی آگئیں؟ انہوں نے کہا کہ ایک شخص نے ہماری بکریوں کو پانی پلا دیا ہے اور ساتھ ہی اس شخص کی اچھی صفات بھی بیان کر دیں۔ ان دونوں عورتوں کے والد نے کہا کہ اچھا جاؤ اس شخص کو بلا لاؤ چنانچہ ان دونوں میں سے ایک عورت آئی جو شرماتی ہوئی چل رہی تھی۔ روح المعانی میں لکھا ہے کہ اس نے اپنے چہرہ پر کپڑا ڈال رکھا تھا اس نے کہا کہ یقین جانیئے کہ میرے والد آپ کو بلا رہے ہیں تا کہ وہ آپ کو پانی پلانے کا صلہ دے دیں۔

روح المعانی میں لکھا ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام اس کے ساتھ روانہ ہو گئے لیکن انہوں نے پہلے ہی دیکھ لیا تھا کہ وہ شرماتی ہوئی آ رہی ہے اور خود بھی شرمیلے تھے اور حیا و شرم تمام نبیوں علیہم السلام کا شعار تھا۔

لہٰذا اس عورت سے کہا کہ تو میرے پیچھے پیچھے چل اور مجھے راستہ بتاتی رہنا، دائیں بائیں جدھر کو مڑنا ہو بتا دینا، حضرت موسیٰ علیہ السلام نے یہ بھی گوارا نہ کیا کہ پردہ دار عورت کے پیچھے چلیں جو اچھی طرح کپڑوں سے ڈھانکی ہوئی تھی اسی طرح چلتے ہوئے اس لڑکی کے والد کے پاس پہنچے جب ان کے پاس پہنچ گئے تو اپنا واقعہ بتایا۔ انہوں نے قصہ سن کر تسلی دی اور کہا کہ آپ خوفزدہ نہ ہوں آپ ظالم قوم سے نجات پا چکے ہیں جن لوگوں نے آپ کے قتل کا مشورہ کیا ہے ان کی دسترس سے نکل چکے ہیں اس ملک میں ان لوگوں کا کوئی عمل دخل نہیں ہے، ان دونوں لڑکیوں میں سے ایک عورت نے کہا کہ ابا جان اس شخص کو آپ ملازمت پر رکھ لیجئے یہ بکریاں بھی چرائیں گے اور دوسری خدمات بھی انجام دیں گے میرے نزدیک یہ شخص قوی بھی ہے، امین بھی ہے اور ملازم رکھنے کے لیے وہی شخص بہتر ہے جو قوی ہو اور امین بھی ہو، حضرت موسیٰ علیہ السلام کا قوی ہونا ان کی بھری ہوئی جوانی سے ظاہر تھا اور پانی پلاتے وقت جوان کا عمل دیکھا تھا اس سے بھی ان کی قوت و طاقت کا مظاہرہ ہو چکا تھا۔ بعض مفسرین نے لکھا ہے کہ جب ان دونوں عورتوں نے یوں کہا کہ ہم اس وقت تک پانی نہیں پلا سکتے جب تک چرواہے اپنے مویشیوں کو پانی پلا کر واپس نہ لے جائیں تو موسیٰ علیہ السلام نے دریافت فرمایا کیا اس کنویں کے علاوہ کہیں اور بھی پانی ہے؟ اس پر ان دونوں عورتوں نے کہا کہ ہاں قریب میں ایک کنواں اور ہے اس کے منہ پر ایک بھاری پتھر رکھا ہوا ہے اسے چند آدمی بھی مل کر نہیں اٹھا سکتے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ بتاؤ وہ کہاں ہے؟ وہ دونوں انہیں اس کنوئیں میں لے گئیں، حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ایک ہی ہاتھ سے اس پتھر کو ہٹا دیا پھر ان کی بکریوں کو پانی پلا کر پتھر کو اسی طرح کنویں کے منہ پر رکھ دیا جس طرح پہلے رکھا تھا۔ (روح المعانی ص ۶۳ ج ۲) اور موسیٰ علیہ السلام کا امین ہونا اس سے ظاہر ہوا کہ انہوں نے اپنی نظر تک کو خیانت سے بچایا اور یہاں تک احتیاط کی کہ عورت کو اپنے پیچھے چلنے کے لیے فرمایا اور خود آگے آگے چلے، شیخ مدین نے موسیٰ علیہ السلام سے کہا کہ میں چاہتا ہوں کہ ان دونوں لڑکیوں میں سے تمہارے ساتھ ایک کا نکاح کر دوں، بشرطیکہ تم میرے پاس بطور اجیر آٹھ سال کام کرو، میری طرف سے تو آٹھ سال ہی مطالبہ رہے گا اور اگر تم دس سال پورے کر دو تو یہ تمہارے طرف سے بطور تفضّل اور مہربانی کے ہوگا یعنی تمہاری طرف سے ایک احسان ہوگا، میں تمہیں تکلیف میں ڈالنا نہیں چاہتا، نہ دس سال پورے کرنے کے لیے کہوں گا اور نہ کاموں میں دارو گیر کروں گا۔ (قال فی الروح بالزام اتمام العشر و المناقشة فی مراعاة الاوقات واستیفاء الاعمال) ساتھ ہی یہ بھی فرمایا: سَتَجِدُنِیْٓ اِنْشَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰلِحِیْنَ (کہ انشاء اللہ تم مجھے اچھے لوگوں میں پاؤ گے) حسن معاملہ اور برتاؤ میں نرمی اور وفائے عہد میں تم مجھے اچھا پاؤ گے اور میری

طرف سے کوئی دکھ تکلیف اور کدورت والی کوئی بات محسوس نہ کرو گے۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کو شیخ مدین کی پیش کش پسند آ گئی اللہ تعالیٰ سے جو خیر کی دعا کی تھی اس کی قبولیت سامنے آ گئی' نکاح کا بھی انتظام ہو گیا اور کھانے پینے کا بھی نیز رہنے کا ٹھکانہ بھی مل گیا' لہٰذا شیخ مدین کے جواب میں فرمایا کہ ہاں ٹھیک ہے یہ میرا اور آپ کا معاملہ اور معاہدہ ہو گیا' آپ بھی اپنی بات پر قائم رہیں اور میں بھی اس معاملے کے مطابق عمل کرتا رہوں گا۔ آپ نے آٹھ یا دس سال کیلئے مجھ سے خدمت لینے کا معاملہ کیا ہے' دونوں مدتوں میں جو بھی پورا کرلوں' مجھے اختیار ہے اگر آٹھ سال کے بعد میں نے کام چھوڑ دیا تو آپ کی طرف سے مجھ پر زیادہ طاقت دینے کے لیے زیادتی نہ ہوگی' آخر میں حضرت موسیٰ علیہ السلام نے یوں کہا کہ: وَاللّٰهُ عَلٰى مَا نَقُوْلُ وَكِيْلٌ (اللہ اس پر وکیل ہے جو ہم کہہ رہے ہیں) وکیل کا ترجمہ کسی نے نگران کا کیا ہے کسی نے گواہ کا کیا ہے اور کسی نے معنی معروف کا لیا ہے۔ وَهُوَ الَّذِیْ وُکِّلَ اِلَیْهِ الْاَمْرُ۔ یہ سارے معانی مراد لیے جا سکتے ہیں وکیل بمعنی گواہ مراد لینے سے یہ مطلب ہوگا کہ ہم نے جو کچھ آپس میں معاہدہ و معاملہ کیا ہے' ہم اس بارے میں اللہ تعالیٰ کو گواہ بناتے ہیں کسی بھی فریق کو اپنے عہد کی مخالفت کرنے کی گنجائش نہ ہوگی۔

حضرت عتبہ بن نُدّر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھے' آپ نے سورۂ طٰسٓمٓ پڑھی۔ یہاں تک کہ موسیٰ علیہ السلام کے قصے تک پہنچ گئے (اور) فرمایا بلاشبہ موسیٰ علیہ السلام نے اپنی شرم گاہ کو پاک رکھنے کی اور اپنے پیٹ کی روزی حاصل کرنے کے لیے اپنی جان کو آٹھ سال یا دس سال مزدوری کے کام میں لگایا۔ (رواہ احمد، ابن ماجہ ص ۳۷۶) مفسر ابن کثیرؒ نے متعدد روایات نقل کی ہیں جن میں اس بات کی تصریح کی ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے پورے دس سال شیخ مدینؒ کے پاس گزارے اور ان کی بکریاں چرائیں۔ (ابن کثیر ص ۳۸۶ ج ۳)

شرح مواہب لدنیہ میں ہے کہ ایک مرتبہ حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا حاضر خدمت ہوئیں اور عرض کیا یا رسول اللہ! میرے اور علیؓ کے پاس صرف ایک مینڈھے کی کھال ہے جس پر ہم رات کو سوتے ہیں اور دن کو اس پر اونٹ کو چارہ کھلاتے ہیں' آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے میری بیٹی! صبر کر کیونکہ موسیٰ علیہ السلام نے دس برس تک اپنی بیوی کے ساتھ قیام کیا اور دونوں کے پاس صرف ایک عبا تھی (اسی کو اوڑھتے اور اسی کو بچھاتے تھے) اگر یہ روایت صحیح السند ہو تو پھر دس سال پورے کرنا متعین ہو جاتا ہے اور اس صورت میں حضرت عتبہ ندرؓ کی روایت میں جو دس سال یا آٹھ سال کے الفاظ شک کے ساتھ ہیں اس شک کو راوی کے شک پر محمول کیا جائے گا[1]۔

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ کوئی نبی ایسا نہیں گزرا کہ جس نے بکریاں نہ چرائی ہوں صحابہ نے عرض کیا کیا آپ نے بھی بکریاں چرائی ہیں؟ آپ نے فرمایا' ہاں چند قیراط کے عوض میں نے بھی اہل مکہ کی بکریاں چرائی ہیں۔ (رواہ البخاری ص ۳۰۱)

مرقات شرح مشکوٰۃ میں لکھا ہے کہ اس زمانہ میں ایک قراط ایک درہم کا چھٹا حصہ ہوتا ہے (علماء نے فرمایا ہے کہ بکری ضعیف جنس ہے ادھر ادھر بھاگ جاتی ہے اسے مارا جائے تو ٹانگ ٹوٹنے کا اندیشہ ہوتا ہے لہٰذا بکری چرانے والے کو شفقت اور صبر ہی سے کام لینا

---

(۱)........ صحیح بخاری ص ۳۶۹ میں ہے کہ حضرت سعید بن جبیر نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے دریافت کیا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دونوں مدتوں میں سے کونسی مدت پوری کی انہوں نے جواب میں فرمایا کہ دونوں میں جو اکثر اور اطیب تھی وہی پوری کی (یعنی دس سال شیخ مدین کی خدمت میں رہے) اللہ کے رسولوں کا یہ طریقہ رہا ہے کہ جب کوئی بات کہتے تھے تو اس پر عمل بھی کرتے تھے۔ ولفظه قضى اكثر هما واطيبهما ان رسول الله اذاقال فعل (باب من امر بانجاز الوعد). (اور حدیث کے الفاظ یہ ہیں کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دونوں مدتوں میں سے زیادہ اور بہتر مدت کو پورا کیا کیونکہ اللہ کا رسول جب کوئی بات کہتا ہے تو کر کے دکھاتا ہے)

پڑتا ہے۔ حضرات انبیاء کرام نے پہلے بکریاں چرائیں' مزاج میں صبر اور تحمل کی شان پیدا ہوئی پھر ان کو نبوتیں عطا کی گئیں تا کہ مخالفین سے پیش آنے والی مصیبتوں پر صبر کر سکیں اور تحمل اور برداشت سے کام لیں۔

فوائد

فائدہ اولیٰ .... قرآن مجید میں اس کی تصریح نہیں ہے کہ ان دونوں عورتوں کے والد نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو کوئی معاوضہ دیا یا کھانا کھلایا البتہ روح المعانی ص ۶۵ ج ۲ میں ابن عساکر سے نقل کیا ہے کہ موسیٰ علیہ السلام جب وہاں پہنچے تو شیخ رات کے کھانے کے لیے بیٹھے تھے انہوں نے موسیٰ علیہ السلام سے کہا کہ آؤ کھانا کھاؤ' موسیٰ علیہ السلام نے کہا کہ مجھے ڈر ہے کہ یہ میرے پانی پلانے کا عوض نہ ہو؟ شیخ نے کہا کہ یہ اجرت نہیں ہے میرے اور میرے باپ دادوں کا یہ طریقہ رہا ہے کہ ہم مہمان کی مہمان نوازی کرتے ہیں اور کھانا کھلاتے ہیں اس پر موسیٰ علیہ السلام نے ان کے ساتھ بیٹھ کر کھانا کھالیا۔

فائدہ ثانیہ .... یہ شیخ مدین کون تھے جن کے یہاں حضرت موسیٰ علیہ السلام نے قیام فرمایا؟ اس کے بارے میں بعض مفسرین نے فرمایا ہے کہ یہ حضرت شعیب علیہ السلام تھے۔ مفسر ابن کثیرؒ نے حضرت حسن بصریؒ وغیرہ کا یہ قول نقل کیا ہے لیکن بہت سے علماء نے فرمایا ہے کہ حضرت شعیب علیہ السلام حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ سے بہت پہلے گزر چکے تھے ان لوگوں کا استدلال سورۂ ہود کی آیت وَمَا قَوْمُ لُوْطٍ مِّنْكُمْ بِبَعِيْدٍ سے ہے۔ حضرت شعیب علیہ السلام نے اپنی قوم سے فرمایا تھا کہ لوط کی قوم زمانے کے اعتبار سے تم سے دور نہیں ہے اور یہ معلوم ہے لوط علیہ السلام کے قوم کی ہلاکت حضرت ابراہیم علیہ السلام کے زمانہ میں ہوئی تھی اور حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کے درمیان چار سو سال کا فصل تھا پھر موسیٰ علیہ السلام کے خسر شعیب علیہ السلام کیسے ہو سکتے ہیں؟ بعض لوگوں نے اس اشکال کو یوں رفع کیا ہے کہ حضرت شعیب علیہ السلام کی عمر اتنی زیادہ دراز ہوئی کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ان کا زمانہ پالیا لیکن اس کی کوئی سند نہیں ہے۔ (ابن کثیر)

صاحب روح المعانی نے حضرت ابوعبیدہ سے نقل کیا ہے کہ جو صاحب موسیٰ علیہ السلام کے خسر تھے ان کا نام اثرون تھا اور یہ حضرت شعیب علیہ السلام کے بھتیجے تھے اور بعض حضرات نے ان کا نام ہارون اور بعض حضرات نے مروان اور بعض حضرات نے (عاوید) بتایا ہے اور ان سب کو حضرت شعیب علیہ السلام کا بھتیجا ظاہر کیا ہے' مفسر ابن جریرؒ نے حضرت ابن عباسؓ سے نقل کیا ہے کہ جس صاحب نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو بطور اجیر اپنے یہاں رکھا تھا ان کا نام یثرب تھا اس بارے میں بعض دیگر اقوال بھی ہیں' صاحب روح المعانی اور علامہ قرطبی کا رجحان اسی طرف ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے خسر شعیب علیہ السلام ہی تھے لیکن مفسر ابن کثیرؒ نے ابن جریر سے نقل کیا ہے کہ اِنَّ هٰذَا لایدرک الا بخَبَرٍ ولا خبر تجب به الحجةُ فی ذٰلِکَ یعنی کسی حدیث کے بغیر اس کے بارے میں صحیح بات نہیں کہی جا سکتی اور اس بارے میں کوئی ایسی روایت سامنے نہیں ہے جس سے حجت قائم ہو سکے، واللہ اعلم بالصواب۔

فائدہ ثالثہ .... جب حضرت موسیٰ علیہ السلام سے شیخ مدین نے یوں کہا کہ میں آپ کو اپنے یہاں کام پر ملازم رکھنا چاہتا ہوں تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بلا تکلف اسے منظور فرمالیا اس سے معلوم ہوا کہ اپنے ضرورت اور حاجت کے لیے مزدوری کرنا کوئی عار اور عیب نہیں ہے خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے بارے میں فرمایا کہ میں نے بھی چند قیراط کے عوض اہل مکہ کی بکریاں چرائی ہیں۔ (کما مر الحدیث) بہت سے لوگوں کو دیکھا جاتا ہے کہ کچھ پڑھ لکھ لیتے ہیں یا اپنے آپ کو کسی اونچے خاندان کا فرد سمجھتے ہیں تو ملازمت و

مزدوری کرنے کو عار سمجھتے ہیں۔ بھوکے رہتے ہیں حاجتیں رکی رہتی ہیں لیکن مزدوری کرنے سے بچتے ہیں اور اس میں اپنی حقارت سمجھتے ہیں' قرضوں پر قرضے لیے چلے جاتے ہیں جبکہ ادائیگی کا بظاہر انتظام بھی نہیں ہوتا لیکن محنت مزدوری کر کے کسب حلال کی طرف نہیں بڑھاتے' یہ صالحین کا طریقہ نہیں ہے۔

فائدہ رابعہ............ شیخ مدین کی ایک لڑکی نے جو کہا کہ اے ابا جان! اس شخص کو اپنے یہاں اجرت پر رکھ لیجئے اور ساتھ یوں بھی کہا اِنَّ خَيْرَ مَنِ اسْتَأْجَرْتَ الْقَوِيُّ الْاَمِيْنُ (کہ جسے آپ مزدوری پر رکھیں ان میں بہتر آدمی وہ ہے جو قوی بھی ہو امین بھی ہو) اس میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کی تعریف تو ہے ہی کہ یہ شخص قوت والا ہے اور امانتدار ہے ساتھ ہی یہ بھی بتا دیا کہ اپنے کام کے لیے ایسے شخص کو مزدور رکھا جائے جو اس کام کو کر سکتا ہو جس کے لیے ملازم رکھا جا رہا ہے اور ہر عمل کی قوت علیحدہ ہوتی ہے کسی کو پڑھانے کی قوت وصلاحیت ہونی چاہیے جس کسی کو محاسب رکھا جائے وہ حساب دان ہونا چاہیے جس کسی سے عمارت بنوائے وہ اس کا اہل ہونا چاہیے خواہ معمار ہو خواہ سیمنٹ بنانے والا ہو خواہ اینٹیں اٹھا کر دینے والا ہو لفظ قوی' جسمانی' قلبی' دماغی سب قوتوں کو شامل ہے' ساتھ ہی یہ بھی بتایا کہ جسے کسی کام پر رکھا جائے وہ امانتدار بھی ہونا چاہیے اس میں ہر قسم کی امانت داخل ہے مال میں بھی خیانت نہ کرے وقت بھی پورا دے اور جس کے یہاں کام پر لگے اس کے اہل وعیال کے بارے میں بھی بدنفسی اور بدنظری کے خیال سے پاک اور صاف رہے' آج کل لوگوں میں خیانت بہت ہے جب کوئی شخص مزدوروں کو کام پر لاتا ہے تو جب تک سامنے رہتا ہے اچھی طرح لگ کر کام کرتے ہیں اور جہاں وہ نظروں سے اوجھل ہوا باتیں بنانے لگے' عموماً دفتروں میں کام کرنے والے اور اسکولوں میں پڑھانے والے تنخواہ پوری لے لیتے ہیں اور کام آدھا تہائی کرتے ہیں آپس میں مل کر نمبروار ایک شخص پورے مہینہ غیر حاضری کرتا ہے اور رجسٹر حاضری میں برابر لکھی جاتی ہے یہ سب خیانت ہے جن لوگوں کو حکومت کے محکموں میں یا دوسرے اداروں میں ملازم رکھنے کا اختیار دیا گیا ہو ان لوگوں پر لازم ہے کہ جسے ملازم رکھیں اسکی صلاحیت بھی دیکھیں اور امانتدار ہونے کا بھی پتہ چلائیں محض ڈگریاں دیکھنے پر اکتفا نہ کریں اور نہ رشوت لے کر کسی کو ملازم رکھیں اور نہ قرابت داری کو ملازم رکھنے کا سبب بنائیں۔

فائدہ خامسہ............ شیخ مدین نے جو حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کہا کہ میں تم سے اپنی ان دو لڑکیوں میں سے ایک لڑکی سے نکاح کرنا چاہتا ہوں اس سے معلوم ہوا کہ جب لڑکی نکاح کے قابل ہو جائے اور اس کے مناسب حال رشتہ مل جائے تو اس میں دیر نہ لگائے۔

حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اے علی! تین چیزیں ایسی ہیں جس میں دیر نہ لگائی جائے۔

۱)...... نماز (جب اس کا وقت ہو جائے)۔ (۲)...... جنازہ (اس کی نماز اور تدفین) جب حاضر ہو جائے۔ (۳)...... بے شوہر والی عورت (جب تو اس کے لیے کفو پالے)۔ (رواہ الترمذی مشکوٰۃ المصابیح ص۶۱)

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب تمہارے پاس کوئی ایسا شخص نکاح کا پیغام بھیجے جس کے دین اور اخلاق سے راضی ہو تو اسکا نکاح کر دو ایسا نہ کرو گے تو زمین میں بڑا فتنہ ہو جائے گا اور (لمبا) چوڑا فساد ہو گا۔ (مشکوٰۃ المصابیح)

شیخ مدین کے عمل سے دوسری بات یہ معلوم ہوئی کہ کسی شخص سے یہ کہنا کہ میں تم سے اپنی بیٹی کا نکاح کرنا چاہتا ہوں' کوئی عیب کی بات نہیں ہے آج کل جو لوگوں میں یہ طریقہ ہے کہ لڑکیوں کے لیے خود رشتہ نہیں ڈھونڈتے پیغام آنے کے انتظار میں رہتے ہیں اگر اچھا رشتہ سامنے آ جائے تو اپنی زبان سے بات چلانے کو عیب سمجھتے ہیں' یہ جاہلانہ بات ہے اسی طرح اگر لڑکی کا نکاح ہوتا ہے تو باپ

چھپا چھپا پھرتا ہے اور مجلس عقد میں حاضر ہوتا ہے تو خود ایجاب وقبول کرنے کو آبرو کے خلاف سمجھا جاتا ہے۔

حضرت عمرؓ کی بیٹی حفصہؓ اُن کے شوہر کے شہید ہو جانے کی وجہ سے بیوہ ہوگئیں تو عدت گزر جانے کے بعد حضرت ابوبکرؓ سے عرض کیا کہ میری بیٹی کو نکاح میں قبول کرلیں۔ وہ خاموش ہو گئے۔ انہی دنوں حضرت عثمانؓ کی اہلیہ حضرت رقیہ (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی) کی وفات ہوگئی تھی لہٰذا حضرت عمرؓ نے حضرت عثمانؓ سے کہا کہ میری بیٹی کو اپنے نکاح میں قبول کرلو' انہوں نے جواب دیا کہ مجھے ان دنوں نکاح کرنے کا خیال نہیں ہے' حضرت عمرؓ نے یہ بات بطور شکایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ذکر کردی تو آپ نے فرمایا کہ حفصہؓ سے وہ شخص نکاح کرے گا جو عثمانؓ سے بہتر ہے اور عثمان کے نکاح میں ایسی بیوی آ جائے گی جو حفصہؓ سے بہتر ہے۔ اس کے بعد آپ ﷺ نے حضرت حفصہؓ سے خود نکاح فرمالیا اور حضرت عثمانؓ سے اپنی صاحبزادی حضرت کلثومؓ کا نکاح کردیا اس کے بعد حضرت ابوبکرؓ سے فرمایا کہ دیکھو اپنے دل میں ناراض نہ ہونا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے سامنے تذکرہ فرمایا تھا کہ میں حفصہؓ سے نکاح کرلوں گا لہٰذا مجھے یہ بات پسند نہ ہوئی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا راز افشا کردوں۔ اگر آپ حفصہؓ سے نکاح کرنے کا خیال چھوڑ دیتے تو میں نکاح کرلیتا۔ (راجع الاستیعاب والاصابہ ذکر حفصۃ ورقیۃ وام کلثومؓ)

فائدہ سادسہ ...... شیخ مدین نے جو حضرت موسیٰ علیہ السلام سے یوں کہا کہ میں ان دو لڑکیوں میں سے اس شرط پر تم سے نکاح کرنا چاہتا ہوں کہ آٹھ سال میرے پاس ملازمت کرو اس سے معلوم ہوا کہ مہر میں کوئی دینار و درہم روپیہ وپیسہ اور کوئی مالیت کی چیز دینا ہی ضروری نہیں ہے۔

شوہر کا خدمت کرنا بھی مہر بن سکتا ہے' البتہ فقہاء حنفیہ یوں کہتے ہیں کہ کوئی آزاد شخص (جو غلام نہ ہو) اپنی بیوی کی خدمت کرنے کو مہر بنا کر نکاح کرلے تو اسے مہر مثل ملے گا نکاح تو ہو جائیگا لیکن شوہر اس کی خدمت نہ کرے گا کیونکہ یہ قلب موضوع ہے کہ شوہر بیوی کا خادم بن جائے اور شیخ مدین اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے معاملہ سے جو شوافع نے جواز پر استدلال کیا ہے اس کا جواب یہ ہے کہ اس میں اس شرط پر نکاح کرنے کا ذکر ہے کہ تم آٹھ سال میرے ہاں اجرت پر کام کرو وہاں مہر کا ذکر ہی نہیں ہے اور اس کی بھی کوئی دلیل نہیں کہ ان کی شریعت میں مہر ضروری تھا پھر یہ بات بھی ہے کہ بکریاں بیوی کے باپ کی تھیں اور انہیں کی خدمت کا وعدہ تھا اسی لیے ان تاجرنی فرمایا ہے ان تاجرها نہیں فرمایا۔ قال ابن الهمامؒ فی فتح القدير ص ۲۲۴ ج ۳ و كون الاوجه الصحة لقص الله سبحانه قصة شعيب و موسیٰ عليهما السلام من غير بيان نفيه فی شرعنا انما يلزم لو كانت الغنم ملك البنت دون شعيب و هو منتف. (امام ابن الھمام فتح القدیر میں فرماتے ہیں حضرت شعیب وحضرت موسیٰ علیہما السلام کے قصہ کو ہماری شریعت میں نفی کے بغیر بیان کرنا آزاد آدمی کی خدمت کو بیوی کے حق مہر مقرر کرنے کے جائز ہونے کی دلیل تب ہوتا جب بکریاں ان کی بیٹی کی ملکیت ہوتیں نا کہ حضرت شعیب کی جبکہ یہ بات ہے نہیں کہ بکریاں بیٹی کی تھیں۔)

شوہر اگر بیوی کے علاوہ کسی دوسرے شخص کی خدمت کردے اگرچہ مہر ہی کے طور پر ہو تو حنفیہ اس کے جواز کے قائل ہیں' رہی یہ بات کہ جب باپ کی خدمت کردی تو بیٹی کو کیا ملا اور اس کا مہر کس طرح ادا ہوا تو اس کا جواب یہ ہے کہ اگر ان کی شریعت میں واقعی مہر لازم تھا اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کی خدمت مہر ہی کے طور پر تھی' تو اس کی ادائیگی اس کے ذمہ آتی ہے جس نے محنت مزدوری پر رکھا اور کام لیا اب تو باپ کے ذمہ ہوگیا کہ وہ حق الخدمت کا عوض اپنی بیٹی کے حوالے کردے بیٹی کو بھی اختیار ہے کہ پہلے ہی معاف کردے یا باپ دینے لگے تو وصول نہ کرے۔

فائدہ سابعہ............شیخ مدین نے جو یوں کہا تھا کہ میں تم سے ان دونوں بیٹیوں میں سے ایک بیٹی کا نکاح کرنا چاہتا ہوں' اس وقت انہوں نے بیٹی کی تعین نہیں کی تھی اگر کوئی شخص اس پر یہ اشکال کرے کہ بغیر تعیین کے نکاح کیسے صحیح ہوا تو اس کا جواب یہ ہے کہ اس وقت شیخ مدین آٹھ سال ملازمت کرنے کی شرط پر نکاح کرنے کا ارادہ ظاہر کیا تھا نکاح نہیں ہو رہا تھا' حضرت موسیٰ علیہ السلام نے معاہدہ کرلیا' بعد میں باقاعدہ نکاح کردیا گیا اس وقت منکوحہ کی بھی تعین ہوگئی۔ **قال القرطبی** (ص ۲۷۲ ج ۷) **یدل علٰی انه عرض لا عقدلانه لو کان عقد التعین المعقود علیھا له.** (امام قرطبی فرماتے ہیں آیات کے الفاظ اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ شیخ مدین نے ارادہ ظاہر کیا تھا ان مذکورہ الفاظ سے نکاح نہیں کیا اگر اسی بات میں نکاح بھی مقصود ہوتا جس کا نکاح ہو رہا تھا اس کی تعیین بھی فرمادیتے)

فائدہ ثامنہ............آیت کریمہ میں اس کا ذکر نہیں ہے کہ شیخ مدین نے اپنی بیٹی سے نکاح کرنے کی اجازت لی تھی۔ حضرات شوافع کا مذہب یہ ہے کہ بالغ لڑکی کا نکاح اس کا والد اس سے دریافت کیے بغیر کرسکتا ہے لیکن اس پر آیت کریمہ سے استدلال کرنا صحیح نہیں کیونکہ آیت میں صرف حضرت موسیٰ علیہ السلام سے نکاح بشرط ملازمت کرنے کا ذکر ہے جب آپس میں معاہدہ ہوگیا تب نکاح ہوا اس میں لڑکی سے دریافت کرنے کا کوئی ذکر نہیں ہے ہاں بعض روایات حدیث سے شوافع کا استدلال ہوسکتا ہے جو متکلم فیہا ہیں۔ امام ابوحنیفہ کا مذہب یہ ہے کہ بالغ لڑکی سے ولی کا اجازت لینا ضروری ہے اگر لڑکی کنواری ہے تو اجازت کے وقت اس کا چپ ہو جانا کافی ہے یعنی خاموشی اجازت میں شمار ہے اور جو عورت بیوہ یا مطلقہ ہو اس کا ولی اس سے نکاح کی اجازت طلب کرے تو جب تک وہ زبان سے اجازت نہ دے اس وقت تک اجازت نہیں مانی جائے گی۔ نیز قرآن مجید کی آیت **وَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ يَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ** سے بھی یہ بات صاف ظاہر ہے کہ بالغ عورت اپنا نکاح خود کرے تو کرسکتی ہے البتہ جب عورت کا مخلص خیر خواہ ولی موجود ہو تو عورت آگے نہ بڑھے اور نکاح کا معاملہ ولی کے سپرد رکھے۔ (احادیث کے حوالہ کے لیے مشکوٰۃ المصابیح ص ۲۷۰ کا مراجعہ کیا جائے)

فائدہ تاسعہ............شیخ مدین نے یہ جو فرمایا کہ **وَمَآ اُرِيْدُ اَنْ اَشُقَّ عَلَيْكَ** اس میں یہ بتادیا کہ تمہارے ذمہ جو کام لگایا جائے گا تمہارے ذمہ بس وہی ہوگا اور میں تم پر سختی نہ کروں گا' معاہدہ اور طے شدہ معاملہ سے زیادہ کام نہ لوں گا پھر **سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ** بھی فرمایا اس میں یہ بھی بتادیا کہ تم مجھے حسن معاملہ میں اور نرم برتاؤ میں اور عہد کے پورا کرنے میں اچھا پاؤ گے معلوم ہوا کہ مزدور اور ملازم پوری طرح محنت سے مفوضہ اعمال پورا کرنے کی کوشش کرے اور جو شخص ملازم رکھے وہ اس کیساتھ اچھا برتاؤ کرے اس کا حق واجب ادا کرے اس کی ادائیگی میں دیر نہ لگائے اور ملازم سے کبھی کوئی کوتاہی ہو جائے تو اس سے درگزر کرے اگر کسی بات پر مواخذہ کرنا ہو تو اس کا انداز بھی مناسب رکھے۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ مزدور کی مزدوری اس کا پسینہ خشک ہونے سے پہلے دے دو۔ (رواہ ابن ماجہ ص ۱۷۶) اور حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ قیامت کے دن میں تین آدمیوں کے خلاف مدعی بنوں گا۔

۱۔ وہ شخص جس نے میرا نام لے کر عہد کیا پھر دھوکہ کیا۔

۲۔ جس شخص نے کسی آزاد کو بیچ دیا پھر اس کی قیمت کھا گیا۔

۳۔ جس نے کسی شخص کو مزدوری پر لیا پھر اس سے اپنا کام پورا لے لیا اور اسے اس کی مزدوری نہ دی۔ (رواہ البخاری ص ۳۰۲)

فائدہ عاشرہ............شیخ مدین کی جن دونوں بیٹیوں کا ذکر ہے بعض مفسرین نے ان کے نام بھی لکھے ہیں اور یہ بھی لکھا ہے کہ ان

میں سے ایک بڑی تھی ایک چھوٹی تھی ان میں سے ایک کا نام لیا اور دوسری کا نام صفوریا تھا اور یہ بھی لکھا ہے کہ صفوریا چھوٹی تھی اور وہی حضرت موسیٰ علیہ السلام کو بلانے گئی تھی اور اسی سے ان کا نکاح ہوا تھا اور ایک قول یہ بھی ہے کہ بڑی لڑکی حضرت موسیٰ علیہ السلام کے نکاح میں دی گئی تھی۔

فَلَمَّا قَضٰى مُوْسَى الْاَجَلَ وَ سَارَ بِاَهْلِهٖۤ اٰنَسَ مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ نَارًا ۚ قَالَ لِاَهْلِهِ امْكُثُوْۤا

پھر جب موسیٰ نے مدت پوری کردی اور اپنے اہل کو لے کر روانہ ہوئے تو طور کی جانب سے آگ کو محسوس کیا۔ اپنی اہل سے کہا کہ تم ٹھہر جاؤ

اِنِّیْۤ اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّیْۤ اٰتِیْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ اَوْ جَذْوَةٍ مِّنَ النَّارِ لَعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ ﴿۲۹﴾ فَلَمَّاۤ اَتٰىهَا نُوْدِیَ

بے شک میں نے ایک آگ دیکھی ہے، امید ہے کہ میں تمہارے پاس وہاں سے کوئی خبر لے آؤں یا آگ کا انگارہ لے آؤں تا کہ تم تاپ لو۔ سو جب وہ آگ کے

مِنْ شَاطِئِ الْوَادِ الْاَیْمَنِ فِی الْبُقْعَةِ الْمُبٰرَكَةِ مِنَ الشَّجَرَةِ اَنْ یّٰمُوْسٰۤى اِنِّیْۤ اَنَا اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۳۰﴾

پاس پہنچے تو اس میدان کی داہنی جانب سے اس مبارک مقام میں ایک درخت میں سے آواز آئی کہ اے موسیٰ بے شک میں اللہ ہوں رب العالمین ہوں۔

وَاَنْ اَلْقِ عَصَاكَ ؕ فَلَمَّا رَاٰهَا تَهْتَزُّ كَاَنَّهَا جَآنٌّ وَّلّٰى مُدْبِرًا وَّلَمْ یُعَقِّبْ ؕ یٰمُوْسٰۤى اَقْبِلْ

اور یہ کہ تم اپنی لاٹھی کو ڈال دو سو جب انہوں نے دیکھا کہ وہ اس طرح حرکت کر رہی ہے کہ گویا وہ سانپ ہے تو پشت پھیر کر پلٹ گئے اور پیچھے مڑ کر دیکھا اے موسیٰ آگے

وَلَا تَخَفْ ۫ اِنَّكَ مِنَ الْاٰمِنِیْنَ ﴿۳۱﴾ اُسْلُكْ یَدَكَ فِیْ جَیْبِكَ تَخْرُجْ بَیْضَآءَ مِنْ غَیْرِ سُوْٓءٍ ۫ وَّاضْمُمْ

آؤ اور مت ڈرو بے شک تم امن والوں میں سے ہو، اپنا ہاتھ اپنے گریبان میں داخل کرو وہ بغیر کسی مرض کے سفید ہو کر نکلے گا، اور اپنے ہاتھ کو

اِلَیْكَ جَنَاحَكَ مِنَ الرَّهْبِ فَذٰنِكَ بُرْهَانٰنِ مِنْ رَّبِّكَ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَ مَلَاۡىِٕهٖ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا

بوجہ خوف کے اپنے بازو سے ملا لو، سو تمہارے رب کی طرف سے یہ دو دلیلیں ہیں، فرعون اور اس کے سرداروں کی طرف' بلا شبہ وہ

فٰسِقِیْنَ ﴿۳۲﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّیْ قَتَلْتُ مِنْهُمْ نَفْسًا فَاَخَافُ اَنْ یَّقْتُلُوْنِ ﴿۳۳﴾ وَاَخِیْ هٰرُوْنُ هُوَ اَفْصَحُ

نافرمان لوگ ہیں۔ موسیٰ نے کہا کہ اے رب بے شک میں نے ان میں سے ایک جان کو قتل کر دیا تھا سو مجھے ڈر ہے کہ وہ مجھے قتل کر دیں۔ اور میرے بھائی ہارون زبان کے اعتبار سے

مِنِّیْ لِسَانًا فَاَرْسِلْهُ مَعِیَ رِدْاً یُّصَدِّقُنِیْۤ ۫ اِنِّیْۤ اَخَافُ اَنْ یُّكَذِّبُوْنِ ﴿۳۴﴾ قَالَ سَنَشُدُّ عَضُدَكَ

مجھ سے زیادہ فصیح ہیں سو آپ ان کو میرا مددگار بنا کر میرے ساتھ بھیج دیجئے وہ میری تصدیق کریں گے۔ مجھے اندیشہ ہے کہ وہ لوگ میری تکذیب کریں۔ فرمایا ہم عنقریب تمہارا بازو تمہارے

بِاَخِیْكَ وَ نَجْعَلُ لَكُمَا سُلْطٰنًا فَلَا یَصِلُوْنَ اِلَیْكُمَا ۚۛ بِاٰیٰتِنَاۤ ۚۛ اَنْتُمَا وَ مَنِ

بھائی کے ذریعہ مضبوط کر دیں گے تم دونوں کو ایک خاص شوکت عطا کریں گے۔ جس سے وہ لوگ تم دونوں تک نہ پہنچ سکیں گے تم دونوں ہمارے معجزے لے کر جاؤ تم دونوں اور جو شخص

اتَّبَعَكُمَا الْغٰلِبُوْنَ ﴿۳۵﴾

تمہارا اتباع کرے گا غالب رہو گے۔

معانقة ۱۱

حضرت موسیٰ علیہ السلام کا اپنی اہلیہ کے ساتھ مدین سے واپس مصر کے لیے روانہ ہونا، اور کوہ طور پر آگ نظر آنا پھر وہاں پہنچنے پر رسالت سے سرفراز کیا جانا

حضرت موسیٰ علیہ السلام مدین میں اپنے خسر صاحب کے پاس اہلیہ کے ساتھ رہتے رہے پھر وہاں سے مصر کی طرف واپس لوٹنے کا ارادہ فرمایا جب آنے لگے تو اپنی اہلیہ کو ساتھ لیا چلتے چلتے راستہ بھی بھول گئے اور رات کی ٹھنڈک کی وجہ سے سردی لگنے لگی' طور پہاڑ سے کچھ دور پر تھے کہ طور کی جانب آگ نظر آئی ہے موسیٰ علیہ السلام نے اپنے اہل خانہ سے فرمایا میں وہاں جاتا ہوں امید ہے کہ وہاں راستہ کی کوئی خبر مل جائے گی یعنی کسی راستہ بتانے والے سے ملاقات ہو جائے گی اگر یہ نہ ہوا تو کم از کم اتنا تو ہوگا کہ آگ کا کوئی شعلہ کسی لکڑی میں لے آؤں گا' جسے جلا کر تم تاپ لو گے یعنی گرمی حاصل کر لو گے' اہل خانہ سے یہ فرما کر آگ کی طرف چل دیئے جیسے ہی طور پہاڑ کے داہنے جانب کے کنارے پر پہنچے تو اس مبارک جگہ سے انہیں پکارنے کی آواز آئی اور یہ آواز ایک درخت سے نکلتی ہوئی معلوم ہو رہی تھی یہ آواز اللہ تعالیٰ کی طرف سے تھی۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہوا اے موسیٰ میں اللہ ہوں رب العالمین ہوں' اور یہ بھی ارشاد فرمایا کہ یہ تمہارے ہاتھ میں جو عصا ہے اسے ڈال دو موسیٰ علیہ السلام نے اپنے عصا کو ڈال دیا تو اچانک کیا دیکھتے ہیں کہ وہ تو چھوٹے سے سانپ کی طرح حرکت کر رہا ہے اس کو جو حرکت کرتے ہوئے دیکھا تو پشت پھیر کر چل دیئے اور مڑ کر دیکھا بھی نہیں' اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اے موسیٰ ڈرو نہیں آگے بڑھو تم امن میں ہو تمہیں کوئی تکلیف پہنچنے والی نہیں ہے اور مزید یہ کرو کہ اپنا ہاتھ اپنے گریبان میں ڈالو پھر اسے نکالو وہ چمکدار ہو کر تمہارے سامنے آ جائے گا' گندمی رنگ کے بجائے زیادہ تیز روشنی والا ہو کر جو نکلے گا تو کسی مرض یعنی برص وغیرہ کی وجہ سے ایسا نہ ہوگا چنانچہ انہوں نے ایسا ہی کیا کہ ہاتھ کو گریبان میں ڈال کر باہر نکالا ان کا ہاتھ خوب زیادہ روشن ہو کر گریبان سے باہر آ گیا اللہ جل شانہ نے مزید فرمایا کہ ہاتھ کی یہ کیفیت دیکھ کر کچھ خوف محسوس ہو تو اسے دور کرنے کے لیے اپنے بازو یعنی اسی سفید ہاتھ کو دوبارہ اپنے گریبان میں ڈال لینا ایسا کرنے سے وہ اپنی پہلی حالت پر آ جائے گا۔

اللہ تعالیٰ نے ان کے عصا کو سانپ بنا کر پہلی حالت پر لوٹا دیا اور ان کے داہنے ہاتھ کو خوب زیادہ روشن چمکدار بنا دیا پھر اسکو اصلی حالت پر لوٹا دیا اور بطور معجزہ ان کو یہ دونوں چیزیں عطا فرمائیں اور فرمایا کہ تمہارے رب کی طرف سے یہ دو دلیلیں ہیں تم فرعون اور اس کی جماعت کے بڑے لوگوں کے پاس چلے جاؤ اور انہیں حق کی اور اعمال صالحہ کی دعوت دو اور اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور عبادت کی طرف متوجہ کرو۔ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ (بلاشبہ وہ لوگ نافرمان ہیں)

موسیٰ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کے حضور میں دو باتیں عرض کیں ایک تو یہ کہ میں نے مصریوں کا ایک شخص قتل کر دیا تھا اب مجھے ڈر ہے کہ ان کے پاس جاؤں تو مجھے قتل کر دیں اور اس صورت میں رسالت کا کام نہ ہو سکے گا اور دوسری بات یہ ہے کہ میرے ساتھ کوئی ایک شخص ہونا چاہیے جو میرا معاون ہو لہٰذا میرے خاندان میں سے میرے بھائی ہارون کو میرا وزیر بنا دیں۔ (کما فی سورۃ طٰہٰ) اس سے مجھے قوت بھی ملے گی اور میری زبان میں روانی نہیں ہے۔

ہارون زبان کے اعتبار سے مجھ سے زیادہ فصیح ہیں جب وہ بھی رسول ہوں گے اور میرے کام میں شریک ہوں گے اور ہم دونوں مل کر فرعون کے پاس جائیں گے تو ان کی وجہ سے ہمت بندھی رہے گی اور اگر زبانی مناظرے کی ضرورت پیش آ گئی تو چونکہ ان کی زبان میں روانی زیادہ ہے اس لیے وہ مناظرہ میں بھی اچھی طرح گفتگو کر سکیں گے' مجھے ڈر ہے کہ وہ لوگ مجھے جھٹلائیں گے لہٰذا مناسب یہ ہے کہ اس موقع پر ہارون میرے مددگار ہوں' اور میری تصدیق کریں۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے یہ دعا وہیں کوہ طور کے پاس کی تھی جب نبوت سے سرفراز ہوئے تھے اللہ تعالیٰ نے ان کی دعا قبول فرمائی اور حضرت ہارون علیہ السلام کو بھی نبوت عطا فرما دی مفسرین نے لکھا ہے کہ ہارون علیہ السلام مصر ہی میں تھے ابھی موسیٰ علیہ السلام وہاں پہنچے بھی نہ تھے کہ اس سے پہلے انہیں رسالت سے سرفراز کر دیا گیا تھا۔

قَالَ سَنَشُدُّ عَضُدَكَ بِاَخِيْكَ (الآیۃ) اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ ہم تمہارے بھائی کے ذریعہ تمہارے بازو کو مضبوط کر دیں گے اور تمہیں ایسا غلبہ دیں گے کہ وہ لوگ تمہیں کوئی تکلیف نہیں پہنچا سکیں گے تم دونوں میری آیات کو لے کر چلے جاؤ تم دونوں اور جو بھی شخص تمہارا اتباع کرے تم سب غالب ہو گے۔ (هٰذا اذا تعلق قوله تعالىٰ باٰياتنا بالفعل المحذوف اى اذهبا باٰياتنا و اختاره المحلى فى تفسيره وفيه اوجه ذكرها فى حاشية تفسير الجلالين. (یہ تفسیر تب ہے کہ جبکہ با یاتنا کا تعلق فعل محذوف سے ہو یعنی اِذْ هَبَا بِاٰيَاتِنَا (تم دونوں میری آیات لے جاؤ) اسی توجیہ کو علامہ محلّہ نے اپنی تفسیر میں اختیار کیا ہے اور آیت کے اس جملہ میں اور بھی کئی ساری توجیہات ہیں جو تفسیر جلالین کے حاشیہ میں مذکورہ ہیں)

فائدہ .... صاحب معارف القرآن لکھتے ہیں کہ طور پر جو تجلی تھی یہ تجلی بشکل نار تجلی مثالی تھی کیونکہ تجلی ذاتی کا مشاہدہ اس دنیا میں کسی کو نہیں ہو سکتا اور خود موسیٰ علیہ السلام کو اس تجلی ذاتی کے اعتبار سے لن ترانی فرمایا گیا ہے یعنی آپ مجھے نہیں دیکھ سکتے مراد مشاہدہ ذات حق ہے۔

فَلَمَّا جَآءَهُمْ مُّوْسٰى بِاٰيٰتِنَا بَيِّنٰتٍ قَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّفْتَرًى وَّمَا سَمِعْنَا بِهٰذَا

پھر جب ان کے پاس موسیٰ ہماری واضح آیات کے ساتھ آئے تو انہوں نے کہا کہ یہ تو محض ایک جادو ہے جو افتراء کیا گیا ہے اور ہم نے یہ بات اپنے پہلے

فِيْٓ اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِيْنَ ۝ وَقَالَ مُوْسٰى رَبِّيْٓ اَعْلَمُ بِمَنْ جَآءَ بِالْهُدٰى مِنْ عِنْدِهٖ وَمَنْ تَكُوْنُ

باپ دادوں میں نہیں سنی۔ اور موسیٰ نے کہا کہ میرا رب اس شخص کو خوب خوب جانتا ہے جو اس کے پاس سے ہدایت لے کر آیا اور اسے بھی خوب جانتا ہے

لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ۝ وَقَالَ فِرْعَوْنُ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَاُ مَا عَلِمْتُ لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ

جس کا دار آخرت میں اچھا انجام ہو گا۔ بلاشبہ بات یہ ہے کہ ظالم لوگ کامیاب نہیں ہوتے۔ اور فرعون نے کہا کہ اے میرے درباریو! میں تمہارے لیے اپنے علاوہ کوئی

غَيْرِيْ ۚ فَاَوْقِدْ لِيْ يٰهَامٰنُ عَلَى الطِّيْنِ فَاجْعَلْ لِّيْ صَرْحًا لَّعَلِّيْٓ اَطَّلِعُ اِلٰٓى اِلٰهِ مُوْسٰى ۙ

معبود نہیں جانتا سوائے ہامان تو میرے لیے مٹی پر آگ جلا دے سو میرے لیے ایک محل بنا دے تاکہ میں موسیٰ کے معبود کو دیکھوں

وَاِنِّيْ لَاَظُنُّهٗ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝ وَاسْتَكْبَرَ هُوَ وَجُنُوْدُهٗ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ

اور بلا شبہ میں اسے جھوٹوں میں سے سمجھتا ہوں۔ سو اس نے اور اس کے لشکروں نے زمین میں ناحق تکبر کیا اور انہوں نے خیال کیا کہ

اِلَيْنَا لَا يُرْجَعُوْنَ ۝ فَاَخَذْنٰهُ وَجُنُوْدَهٗ فَنَبَذْنٰهُمْ فِي الْيَمِّ ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظّٰلِمِيْنَ ۝

وہ ہماری طرف نہیں لوٹیں گے۔ سو ہم نے اسے اور اس کے لشکروں کو پکڑ لیا سو انہیں سمندر میں پھینک دیا۔ سو اے مخاطب دیکھ لے ظالموں کا کیسا انجام ہوا۔

وَجَعَلْنٰهُمْ اَىِٕمَّةً يَّدْعُوْنَ اِلَى النَّارِ ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿۴۱﴾ وَاَتْبَعْنٰهُمْ فِىْ هٰذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً ۚ

اور ہم نے انہیں پیشوا بنا دیا جو آگ کی طرف دعوت دیتے رہے اور قیامت کے دن ان کی مدد نہ کی جائے گی۔ اور ہم نے اس دنیا میں ان کے پیچھے لعنت لگا دی

وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ هُمْ مِّنَ الْمَقْبُوْحِيْنَ ﴿۴۲﴾

اور قیامت کے دن قباحت والوں میں سے ہوں گے۔

رسالت سے سرفراز ہوکر حضرت موسیٰ علیہ السلام کا مصر کو واپس ہونا' پھر فرعون اور اس کے درباریوں کے پاس پہنچ کر حق کی دعوت دینا

حضرت موسیٰ علیہ السلام مدین سے واپس ہوتے ہوئے وادی طویٰ میں نبوت سے سرفراز کیے گئے اور وہیں انہوں نے اللہ جل شانہ سے دعا کی کہ میرے بھائی ہارون کو بھی رسول بنا دیجئے تاکہ میں اور وہ مل کر فرعون اور اس کی قوم کے پاس جائیں اور آپ کا فرمان پہنچائیں، اللہ تعالیٰ نے دعا قبول فرمائی اور حضرت ہارون علیہ السلام کو بھی نبوت عطا فرما دی جس کی کچھ تفصیل گزر چکی ہے جب حضرت موسیٰ علیہ السلام مصر پہنچے تو اپنے گھر گئے اور حضرت ہارون علیہ السلام کو ساتھ لیا دونوں مل کر فرعون کے پاس پہنچے' فرعون اپنے درباریوں کے ساتھ موجود تھا' حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اللہ جل شانہ کو واحد معبود ماننے کی دعوت دی اور فرمایا کہ میں اللہ کا رسول ہوں میں صحیح صحیح بات پہنچاؤں گا۔ (حَقِيْقٌ عَلٰٓى اَنْ لَّآ اَقُوْلَ عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ (اور میں اس بات پر قائم ہوں کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے سوائے سچ کے اور کچھ نہ کہوں گا) اور حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دو بڑے معجزے دکھائے۔ عصا کو ڈالا تو وہ اژدھا بن گیا اور گریبان میں ہاتھ ڈال کر نکالا تو وہ نہایت سفید اور روشن تھا۔ سب دیکھنے والوں نے جب یہ دونوں معجزے دیکھ لیے تو فرعون اور اس کے درباری کہنے لگے کہ یہ تو جادو ہے جسے اس نے خود ہی بنا لیا ہے اور اس شخص کا یہ دعویٰ کہ میں نبی ہوں' ایسا دعویٰ ہم نے اپنے باپ دادوں کے زمانوں میں تو نہیں سنا۔ یہ بات انہوں نے جھوٹ کہی ہے کیونکہ حضرت یوسف علیہ السلام مصر میں حضرت موسیٰ علیہ السلام سے پہلے تھے اور وہ ایمان کی دعوت دیتے رہے تھے۔

چونکہ انہوں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے معجزات کو جادو پر محمول کیا اس لیے مقابلہ کرنے کے لیے جادوگروں کو بلایا جس کا ذکر سورۂ اعراف (ع ۱۴) اور سورۂ طٰہٰ (ع ۳) اور سورۂ شعراء (ع ۳) میں مذکور ہے ان لوگوں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے متعدد سوالات بھی کیے اور آپ نے بڑی جسارت اور بے باکی کے ساتھ جواب دیئے یہ سوال و جواب بھی سورۂ طٰہٰ اور سورۂ شعراء میں مذکور ہیں، چونکہ فرعون اور اس کے درباری حضرت موسیٰ علیہ السلام کی تکذیب پر تلے ہوئے تھے اس لیے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے یہ بھی فرمایا کہ رَبِّيْٓ اَعْلَمُ بِمَنْ جَآءَ بِالْهُدٰى مِنْ عِنْدِهٖ وَمَنْ تَكُوْنُ لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ (میرا رب خوب جانتا ہے اس کو جو ہدایت لے کر آیا اور اس شخص کو بھی جس کا انجام آخرت میں اچھا ہونے والا ہے) تم لوگ مجھے جھٹلاتے ہو لیکن میرے رب کو تو معلوم ہے کہ میں اس کا رسول ہوں جو شخص میری بات مان لے گا اس کا انجام اچھا ہوگا: عَاقِبَةُ الدَّارِ سے بعض حضرات نے دار دنیا کا انجام اور بعض حضرات نے دار آخرت کا انجام مراد لیا ہے اگر دار دنیا مراد ہو تو اس میں اس بات کی پیشگی اطلاع ہے کہ تم میری دعوت قبول نہ کرو گے تو تمہارا برا انجام ہوگا چنانچہ ایسا ہوا کہ فرعون اور اسکے لشکر سمندر میں غرق کر دیئے گئے۔ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ (بلاشبہ ظالم لوگ

کامیاب نہیں ہوتے) صاحب روح المعانی لکھتے ہیں کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے فرمان کا حاصل یہ ہے کہ میرے رب کو خوب معلوم ہے کہ فلاح اعظم کا کون اہل ہے اس کو اللہ تعالیٰ نے نبی بنا دیا اور ہدایت دے کر بھیج دیا اور حسن عاقبت کا وعدہ فرمالیا اور اگر ایسی بات ہوتی جیسے تم کہتے ہو کہ تمہارے پاس ہدایت لانے والا جادوگر ہے افترا پرداز ہے تو ایسے شخص کو اللہ تعالیٰ نبی کیوں بناتا؟ وہ غنی ہے حکیم ہے جھوٹوں کو اور جادوگروں کو رسالت اور نبوت سے نہیں نوازتا۔

فرعون نے جب یہ محسوس کیا کہ مصر کے لوگ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے معجزات سے متأثر ہو رہے ہیں اور وہ جو معبود ہونے کا دعویٰ کرتا تھا اس میں رخنہ پڑ رہا ہے اور موسیٰ اور اس کا بھائی مجھے معبود ماننے کو تیار نہیں ہے تو اس نے اپنے درباریوں سے کہا کہ جہاں تک میں جانتا ہوں تمہارے لیے میرے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے (جب بڑوں کا معبود ہونے کا دعویٰ کر دیا تو چھوٹے کس شمار میں ہو سکتے ہیں) اس کا دل تو جانتا تھا کہ موسیٰ علیہ السلام حق پر ہیں جیسا کہ سورۂ بنی اسرائیل میں ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا: لَقَدْ عَلِمْتَ مَا هٰٓؤُلَآءِ اِلَّا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ بَصَآئِرَ (تو خوب جانتا ہے کہ یہ عجائبات خاص آسمان اور زمین کے پروردگار ہی نے بھیجے ہیں جو کہ بصیرت کے ذرائع ہیں) لیکن وہ انکار پر جما رہا اور خواص کی نظر ہٹانے کے لیے اور ان کے غور و فکر کو الجھانے کے لیے اپنے وزیر ہامان سے مخاطب ہوا اور کہنے لگا۔ فَاَوْقِدْ لِیْ یٰهَامٰنُ عَلَی الطِّیْنِ فَاجْعَلْ لِّیْ صَرْحًا لَّعَلِّیْٓ اَطَّلِعُ اِلٰٓی اِلٰهِ مُوْسٰی وَاِنِّیْ لَاَظُنُّهٗ مِنَ الْكٰذِبِیْنَ (اے ہامان تو ایسا کر کہ اول کچی اینٹیں بنوا اور اس کام کے لیے ایک بھٹہ لگا پھر اس میں اینٹوں کو پکا کر بہت بڑی تعداد میں پکی اینٹیں تیار کر پھر ان اینٹوں سے ایک اونچا محل تیار کرتا کہ میں اوپر چڑھ کر موسیٰ کے معبود کا پتہ چلاؤں بلاشبہ میں اسے جھوٹوں میں سے سمجھتا ہوں اس کا ذکر سورۂ مؤمن میں اس طرح سے ہے۔ وَقَالَ فِرْعَوْنُ یٰهَامٰنُ ابْنِ لِیْ صَرْحًا لَّعَلِّیْٓ اَبْلُغُ الْاَسْبَابَ اَسْبَابَ السَّمٰوٰتِ فَاَطَّلِعَ اِلٰٓی اِلٰهِ مُوْسٰی (اور فرعون نے کہا کہ اے ہامان میرے لیے ایک محل بنا دے تاکہ میں آسمانوں کے راستوں پر پہنچ جاؤں پھر میں موسیٰ کے رب کو دیکھوں) یہ بات جاہلوں کو بیوقوف بنانے کے لیے کہی۔ کتنا ہی بڑا محل بنالیا جائے پہلے آسمان پر نہیں پہنچ سکتے (پھر کوئی شخص زینہ سے چڑھ کر سارے آسمانوں پر کیسے پہنچ سکتا ہے؟) جو لوگ ایک بڑی مدت تک جہالت میں رہتے ہیں معبود حقیقی کو نہیں جانتے وہ ایسی باتوں میں آجاتے ہیں ورنہ عوام کے لیے تو اس کے جواب میں یہ کہہ دینا کافی تھا کہ تو اپنے آپ کو معبود بتاتا ہے حالانکہ تو آسمان پر پہنچنے کے لیے زینہ اور عمارت کا محتاج ہے اپنے اور تیرے چاہنے سے تو اینٹیں بھی وجود میں نہیں آسکتیں پہلے کچی اینٹیں بنائی جائیں پھر ان کو پکایا جائے پھر عمارت بنائی جائے پھر تو اس پر چڑھے کیا ایسے عاجز کو بھی خدائی کا دعویٰ کرنا زیب دیتا ہے جن لوگوں کو کچھ سمجھ عقل تھی وہ دنیاوی مفاد اور فرعون کی سطوت اور سلطنت کی وجہ سے دب گئے اور زبان نہ ہلا سکے۔ قال صاحب الروح ص ۸۰ ج وایا ما کان فالقوم کانوا فی غایة الغباوة والجهل و افراط العمایة والبلادة والا لمانفق علیهم مثل هذا الهذیان الخ ما قال۔ (الغرض فرعون کی قوم حد درجہ غبی و جاہل تھی اور اندھے پن و کند خاطری میں حد سے بڑھی ہوئی تھی یہی وجہ ہے کہ فرعون کو ان کے سامنے اس طرح کی واہی تباہی باتیں کرنے کی جرأت ہوتی تھی) قرآن مجید میں اس کا ذکر نہیں ہے کہ محل تیار ہوا یا نہیں اور تیار ہوا تو نتیجہ کیا نکلا۔ علامہ قرطبیؒ نے سدی سے نقل کیا ہے کہ ہامان نے محل بنایا اور فرعون اس پر چڑھا اور اس نے آسمان کی طرف تیر پھینکے اور وہ خون میں بھرے ہوئے واپس ہوئے اس پر وہ کہنے لگا کہ میں نے موسیٰ کے معبود کو قتل کر دیا جب اس نے یہ بات کہی تو حضرت جبرائیل علیہ السلام نے اس محل میں اپنا ایک پر مارا جس کا ایک ٹکڑا فرعون کے لشکر پر گرا جس کی وجہ سے ہزاروں آدمی ہلاک ہو گئے اور ایک سمندر میں گرا اور ایک مغرب کی جانب گرا جن لوگوں نے اس محل کے بنانے میں کام کیا تھا وہ سب ہلاک ہوئے۔ علامہ قرطبیؒ نے نقل کر دیا لیکن انہیں خود ہی اس کے صحیح ہونے میں تردد تھا اس لیے آخر میں: وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِصِحَّةِ ذٰلِكَ فرمادیا۔ بعض مفسرین کا موقف یہ ہے کہ

فرعون نے یہ بات بطور مذاق اڑانے کے کہی تھی موسیٰ جو کہہ رہے ہیں کہ تمہارا اور تمہارے باپ دادوں کا رب وہ ہے جو آسمانوں کا زمینوں کا اور ان چیزوں کا رب ہے جو ان کے درمیان ہیں۔ (کما فی سورۃ الشعراء) تو میں بھی تو اس کے رب کو دیکھوں یعنی مقصود محل بنانا اور چڑھنا نہ تھا بلکہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو جھٹلانا مقصود تھا۔ وَاسْتَكْبَرَ هُوَ وَجُنُوْدُهٗ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ (اور فرعون نے اور اس کے لشکروں نے زمین میں ناحق تکبر کیا۔ وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ اِلَيْنَا لَا يُرْجَعُوْنَ (اور انہوں نے یہ گمان کیا کہ ہماری طرف نہیں لوٹیں گے) یعنی وہ قیامت کے دن کے اور انکار و تکذیب کے قائل نہ تھے۔ دنیا ہی کو سب کچھ سمجھا اور ان کا تکبر انہیں لے ڈوبا۔ فَاَخَذْنٰهُ وَجُنُوْدَهٗ فَنَبَذْنٰهُمْ فِي الْيَمِّ (سو ہم نے فرعون کو اور اس کے لشکروں کو پکڑ لیا اور انہیں سمندر میں پھینک دیا۔ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظّٰلِمِيْنَ (سو اے مخاطب تو دیکھ لے ظالموں کا کیسا انجام ہوا)۔

وَجَعَلْنٰهُمْ اَئِمَّةً يَّدْعُوْنَ اِلَى النَّارِ (اور ہم نے انہیں پیشوا بنا دیا جو دوزخ کی طرف بلاتے رہے) یعنی کفر و شرک کی دعوت دیتے رہے جس کا نتیجہ دوزخ میں جانا ہے وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ لَا يُنْصَرُوْنَ (اور قیامت کے دن ان کی مدد نہیں کی جائے گی۔)

وَاَتْبَعْنٰهُمْ فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً (اور اس دنیا میں ہم نے ان کے پیچھے لعنت لگا دی اہل ایمان ان پر ہمیشہ لعنت بھیجتے رہے اور بھیجتے رہیں گے۔ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ هُمْ مِّنَ الْمَقْبُوْحِيْنَ اور وہ لوگ قیامت کے دن بری حالت میں ہوں گے' سورۂ مؤمن میں فرمایا اَلنَّارُ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا غُدُوًّا وَّعَشِيًّا ۚ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ اَدْخِلُوْٓا اٰلَ فِرْعَوْنَ اَشَدَّ الْعَذَابِ ۔ (وہ صبح و شام آگ پر پیش کیے جاتے ہیں (یعنی برزخ میں) اور قیامت کے دن کہا جائے گا کہ آل فرعون کو سخت عذاب میں داخل کر دو۔)

فائدہ.........فرعون اور اس کی جماعت کے لئے اَئِمَّةً يَّدْعُوْنَ اِلَى النَّارِ فرمایا کہ ہم نے انہیں پیشوا اور امام بنایا جو دوزخ کی طرف بلاتے تھے اس سے معلوم ہوا لفظ امام جس طرح خیر کی دعوت دینے والوں کے لیے بولا جاتا ہے اسی طرح شر کی دعوت دینے والے کے لیے بھی مستعمل ہے جو اہل شر کی دعوت قبول کر لیتے ہیں یہ داعی ان کے امام اور پیشوا بنے رہتے ہیں' بہت سے باطل فرقے ہیں جو اپنے پیشوا کو امام کہتے ہیں لفظ ''امام'' سے دھوکہ کھا کر انہیں مسلمان نہ سمجھیں' جو شخص کفریات کی دعوت دیتا ہو وہ کفر کا اور کافروں کا امام ہے اگرچہ مسلمان ہونے کا دعویٰ بھی کرتا ہو اس کو خوب سمجھ لیا جائے۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ مِنْۢ بَعْدِ مَآ اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ الْاُوْلٰى بَصَآئِرَ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّرَحْمَةً لَّعَلَّهُمْ

اور اس کے بعد ہم نے اگلی امتوں کو ہلاک کر دیا تھا ہم نے موسیٰ کو کتاب دی جو لوگوں کے لیے بصیرتوں کا ذریعہ تھی اور سراپا ہدایت اور رحمت تھی تاکہ

يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۴۳﴾ وَمَا كُنْتَ بِجَانِبِ الْغَرْبِيِّ اِذْ قَضَيْنَآ اِلٰى مُوْسَى الْاَمْرَ وَمَا كُنْتَ مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۴۴﴾

وہ لوگ نصیحت حاصل کریں۔ اور آپ مغربی جانب میں نہیں تھے جبکہ ہم نے موسیٰ کو احکام دیئے اور آپ مشاہدہ کرنے والے نہ تھے۔

وَلٰكِنَّآ اَنْشَاْنَا قُرُوْنًا فَتَطَاوَلَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ ۚ وَمَا كُنْتَ ثَاوِيًا فِيْٓ اَهْلِ مَدْيَنَ تَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۙ

اور لیکن ہم نے بہت سی جماعتوں کو پیدا کیا پھر ان پر دراز زمانہ گزر گیا۔ اور آپ اہل مدین میں مقیم نہ تھے' آپ ان پر ہماری آیتیں تلاوت کرتے ہیں

وَلٰكِنَّا كُنَّا مُرْسِلِيْنَ ﴿۴۵﴾ وَمَا كُنْتَ بِجَانِبِ الطُّوْرِ اِذْ نَادَيْنَا وَلٰكِنْ رَّحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا

اور لیکن ہم ہی رسول بنانے والے ہیں اور آپ طور کی جانب نہ تھے جب ہم نے آواز دی اور لیکن آپ کے رب کی طرف سے آپ پر رحمت ہوئی تاکہ آپ

مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ۞ وَلَوْلَآ اَنْ تُصِيْبَهُمْ مُّصِيْبَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ

ان لوگوں کو ڈرائیں، جن کے پاس آپ سے پہلے کوئی ڈرانے والا نہیں آیا تا کہ وہ نصیحت حاصل کریں۔ اور ہم رسول نہ بھیجتے اگر یہ بات نہ ہوتی کہ ان کے اعمال کی وجہ

اَيْدِيْهِمْ فَيَقُوْلُوْا رَبَّنَا لَوْلَآ اَرْسَلْتَ اِلَيْنَا رَسُوْلًا فَنَتَّبِعَ اٰيٰتِكَ وَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۞

سے ان پر مصیبت آ جاتی تو یہ کہنے لگتے کہ اے ہمارے رب ہمارے پاس کوئی رسول کیوں نہیں بھیجا تا کہ ہم آپ کی آیتوں کا اتباع کر لیتے اور ایمان لانے والوں میں سے ہو جاتے۔

فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْا لَوْلَآ اُوْتِيَ مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى ؕ اَوَلَمْ يَكْفُرُوْا بِمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى

سو جب ہماری طرف سے ان کے پاس حق آ گیا تو کہنے لگے کہ اس شخص کو ایسی کتاب کیوں نہ ملی۔ جیسی موسیٰ کو ملی تھی

مِنْ قَبْلُ ۚ قَالُوْا سِحْرٰنِ تَظٰهَرَا ۫ وَقَالُوْٓا اِنَّا بِكُلٍّ كٰفِرُوْنَ ۞ قُلْ فَاْتُوْا

کیا اس سے پہلے لوگوں نے اس چیز کے ساتھ کفر نہیں کیا جو موسیٰ کو دی گئی کہنے لگے یہ دونوں جادوگر ہیں دونوں نے آپس میں ایک دوسرے کی مدد کرنے کا معاہدہ کر لیا ہے اور کہنے لگے کہ ہم تم

بِكِتٰبٍ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ هُوَ اَهْدٰى مِنْهُمَآ اَتَّبِعْهُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۞ فَاِنْ لَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكَ

دونوں میں سے کسی کو نہیں مانتے۔ آپ فرما دیجئے کوئی کتاب لے آؤ جو اللہ کی طرف سے ہو جو ہدایت کرنے میں ان دونوں سے بہتر ہو اگر تم سچے ہو۔ سو وہ اگر آپ کی بات قبول نہ کریں

فَاعْلَمْ اَنَّمَا يَتَّبِعُوْنَ اَهْوَآءَهُمْ ؕ وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنِ اتَّبَعَ هَوٰىهُ بِغَيْرِ هُدًى مِّنَ اللّٰهِ ؕ اِنَّ

تو آپ جان لیجئے کہ وہ اپنی خواہشوں کا اتباع کرتے ہیں اور اس سے بڑھ کر کون گمراہ ہو گا جو اللہ کی طرف سے ملنے والی ہدایت کے بغیر اپنی نفسانی خواہشوں

اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۞

کا اتباع کرتا ہو، بلا شبہ اللہ ظالم قوم کو ہدایت نہیں کرتا۔

توریت شریف سراپا بصیرت ہدایت اور رحمت تھی

ان آیات میں چند امور ذکر فرمائے ہیں۔

اوّل ...... یہ کہ موسیٰ علیہ السلام سے پہلے حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام تشریف لائے تھے انہوں نے توحید کی دعوت دی تھی۔ حق پہنچایا ایمان قبول کرنے پر بشارتیں دیں۔ کفر پر جمے رہنے پر دنیا و آخرت کے عذاب سے ڈرایا۔ ان کی امتوں نے نہیں مانا، ہم نے انہیں ہلاک کر دیا جو اقوام و افراد باقی تھے ان کی نسلیں چلیں پلے اور بڑھے حتیٰ کہ بنی اسرائیل میں موسیٰ علیہ السلام کو نبی بنا کر بھیج دیا اس وقت بنی اسرائیل کو بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہدایت کی ضرورت تھی اور فرعون کو اور اس کی قوم کو بھی، موسیٰ علیہ السلام مبعوث ہوئے ہم نے انہیں کتاب دی اس کتاب میں بصیرتیں یعنی عقل و فہم اور سمجھ کی باتیں تھیں اور ہدایت بھی تھی اور اس ہدایت کا قبول کرنا ان لوگوں کے لیے رحمت کا سبب تھا یہ کتاب انہیں موسیٰ علیہ السلام کے واسطہ سے دی گئی تا کہ وہ نصیحت حاصل کریں مزید فرمایا کہ موسیٰ علیہ السلام کے بعد ہم نے بہت سی جماعتوں کو بھیجا ان کا زمانہ دراز ہو گیا اس درازی زمانہ کی وجہ سے بعد میں آنے والے لوگ علوم نبوت سے اور ہدایت سے ناآشنا ہو گئے لہٰذا ہماری حکمت کا تقاضا ہوا کہ آپ کو نبوت اور رسالت سے سرفراز کر دیا اور گمراہ لوگوں کی طرف آپ

کو مبعوث کریں۔

دوم.......... حضرت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت اور نبوت کے جو دلائل جگہ جگہ قرآن مجید میں مذکور ہیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ آپ نے سابقہ امتوں کے احوال کہیں نہیں پڑھے تھے نہ کسی نے آپ کو بتائے تھے اسکے باوجود آپ نے حضرات انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام کے اور ان کی امتوں کے واقعات بتائے تھے ان واقعات کا بتانا اور اہل کتاب کا ان کو ماننا کہ ہاں ایسا ہوا تھا کم از کم اہل کتاب اور ان کی بات کی تصدیق کرنے والوں کے لیے اس امر کی بڑی بھاری دلیل تھی کہ سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم واقعی اللہ کے رسول ہیں' ان کے واقعات کو جاننا اور صحیح صحیح بیان کرنا اس بات کی صریح دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو وحی کے ذریعہ بتائے ہیں ان واقعات میں سے یہاں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے واقعہ کا حوالے دے کر فرمایا (جو عنقریب ہی گزرا ہے) اور خطاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کہ جب کوہ طور کی مغربی جانب ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو احکام دیئے اس وقت آپ وہاں موجود نہ تھے اور یہ بھی فرمایا کہ آپ اہل مدین میں مقیم نہ تھے جو اپنی آنکھوں سے موسیٰ علیہ السلام کے واقعات کا مشاہدہ کرتے پھر بھی آپ نے وہاں کے واقعات کی خبر دی۔ یہ واقعات ہماری آیات میں موجود ہیں جنہیں آپ ان کو پڑھ کر سناتے ہیں۔ ان لوگوں کے سامنے آیات کا پڑھنا آپ کے نبی اور رسول ہونے کی واضح دلیل ہے۔ وَلٰكِنَّا كُنَّا مُرْسِلِيْنَ (اور لیکن ہم رسول بنانے والے ہیں) ہم نے آپ کو رسول بنا کر مذکورہ واقعات وحی کے ذریعہ بتا دیئے وَمَا كُنْتَ بِجَانِبِ الطُّوْرِ اِذْ نَادَيْنَا اور آپ طور کی جانب میں اس وقت بھی موجود نہ تھے جب ہم نے موسیٰ کو پکارا وَلٰكِنْ رَّحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ (اور لیکن اس کا علم آپ کو اس طرح حاصل ہوا کہ آپ اپنے رب کی رحمت سے نبی بنا دیئے گئے جب نبوت مل گئی تو اس کے ذریعہ انبیاء سابقین علیہم الصلاۃ والسلام کے واقعات معلوم ہوگئے لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اَتٰهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ مِّنْ قَبْلِكَ ۔ تاکہ آپ ان لوگوں کو ڈرائیں جن کے پاس آپ سے پہلے کوئی ڈرانے والا نہیں آیا۔ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ تاکہ وہ لوگ نصیحت قبول کرلیں۔ یہاں اس قوم سے اہل عرب مراد ہیں جو حضرت اسماعیل علیہ السلام کے اولاد میں ہیں ان کے بعد سیدنا حضرت محمد رسول اللہ ﷺ تک اہل عرب میں کوئی پیغمبر مبعوث نہیں ہوا تھا۔

سوم.......... یہ فرمایا کہ جن لوگوں کی طرف آپ مبعوث ہوئے ہیں آپ کی بعثت سے ان پر حجت قائم ہوگئی اگر آپ کی بعثت نہ ہوتی اور ان کے گناہوں کی وجہ سے انہیں کوئی مصیبت پہنچ جاتی تو وہ کہنے لگتے کہ ہمارے پاس کوئی رسول آیا ہوتا تو ہم اس کا اتباع کرلیتے نہ گناہگار ہوتے نہ مصیبت کا منہ دیکھتے جب کوئی نہ آیا تو ہم کیا کریں ان لوگوں کی اس بات کی پیش بندی کرنے اور ان کا عذر ختم کرنے کے لیے ہم نے آپ کو رسول بنا کر بھیج دیا۔ اب جب حجت تمام ہوگئی پھر بھی کفر پر جمے ہوئے ہیں تو اس کا وبال ان پر پڑے گا اس آیت کا مضمون تقریباً سورۂ طٰہٰ کی آیت کریمہ وَلَوْ اَنَّآ اَهْلَكْنٰهُمْ بِعَذَابٍ مِّنْ قَبْلِهٖ لَقَالُوْا رَبَّنَا لَوْلَآ اَرْسَلْتَ اِلَيْنَا رَسُوْلًا فَنَتَّبِعَ اٰيٰتِكَ مِنْ قَبْلِ اَنْ نَّذِلَّ وَنَخْزٰى (اور اگر ہم اس سے پہلے ان لوگوں کو عذاب کے ذریعہ ہلاک کردیتے تو یوں کہتے کہ اے ہمارے رب آپ نے ہمارے پاس کوئی رسول کیوں نہیں بھیجا کہ ہم آپ کی آیات کا اتباع کرتے اس سے پہلے کہ ہم ذلیل اور رسوا ہوں۔

چہارم.......... یہ فرمایا کہ جب ان لوگوں کے پاس ہماری طرف سے حق آ گیا یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ کی کتاب پیش کردی تو قبول نہ کرنے کا بہانہ بنانے کے طور پر یوں کہنے لگے کہ ان کو ایسی کتاب کیوں نہ ملی جیسی موسیٰ کو ملی یعنی قرآن پورا مکمل ایک ہی دفعہ کیوں نازل نہیں ہوا جیسے توراۃ شریف ایک ہی مرتبہ مکمل عطا کردی گئی تھی یہ بات اہل مکہ نے یہودیوں کو کہی تھی کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو دفعۃً واحدۃً پوری کتاب دے دی گئی تھی ان کے جواب میں فرمایا اَوَلَمْ يَكْفُرُوْا بِمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ (کیا لوگوں نے اس

کتاب کے ساتھ کفر نہیں کیا جو اس سے پہلے موسیٰ کو دی گئی تھی ان کے زمانہ کے لوگوں نے نہ صرف یہ کہ توراۃ شریف کا انکار کیا بلکہ حضرت موسیٰ اور ان کے بھائی ہارون علیہما السلام کے بارے میں یوں بھی کہا کہ یہ دونوں جادوگر ہیں (کمافی قراء ۃ سبعة " ساحران" علی صیغة اسم الفاعل) آپس میں مشورہ کر کے ایک دوسرے کے معاون بن گئے ہیں اور یہ بھی کہا کہ اِنَّا بِکُلٍّ کٰفِرُوْنَ ۔ (کہ ہم دونوں میں سے ہر ایک کے منکر ہیں پس اگر کسی کتاب کے قبول کرنے کے لیے ایک ہی مرتبہ نازل ہونا ان کے خیال میں مشروط ہے تو جن لوگوں کے پاس توراۃ شریف آئی تھی وہ اسے مان لیتے معلوم ہوا کہ ان لوگوں کو ماننا نہیں ہے بہانہ بازی سے کام لیتے ہیں اور عناد پر جمے ہوئے ہیں۔قال القرطبیؒ اولم یکفروا هؤلاء الیهود بما اوتی موسیٰ حین قالوا موسیٰ و هارون هماساحران و انا بکل کافرون ای و انا کافرون بکل واحد منهم اه و فیه قول آخر و هو ان المراد بساحران سیدنا موسی و سیدنا محمد علیهما السلام یوافق قولهما فیما ادعیاه.

(قرطبیؒ کہتے ہیں مطلب یہ ہے کہ کیا ان یہودیوں نے اس سے قبل حضرت موسیٰ علیہ السلام کی لائی ہوئی کتاب تورات کا انکار نہیں کیا تھا یقینی طور پر انہوں نے تورات کا انکار کیا جبکہ انہوں نے حضرت موسیٰ و ہارون علیہما السلام کے بارے میں العیاذ باللہ یہ ہرزہ سرائی کی کہ یہ دونوں تو جادوگر ہیں اور ہم ان میں سے ہر ایک کے منکر ہیں۔اور ایک قول یہ ہے کہ ساحران سے مراد حضرت موسیٰ و ہارون علیہما السلام نہیں ہیں بلکہ اس سے مراد حضرت موسیٰ اور سیدنا محمد علیہما السلام مراد ہیں)۔

پنجم .... یوں فرمایا قُلْ فَاْتُوْا بِکِتٰبٍ مِّنْ عِنْدِ اللّٰہِ ھُوَ اَھْدٰی مِنْھُمَآ (الأیة) (آپ فرما دیجئے کہ تم اللہ کے پاس سے کوئی کتاب لے آؤ جو ان دونوں کتابوں یعنی قرآن اور توراۃ سے بڑھ کر ہدایت دینے والی ہو میں اس کا اتباع کرلوں گا اگر تم اپنی بات میں سچے ہو) مطلب یہ ہے کہ تم نہ توراۃ کو مانتے ہو نہ قرآن کو مانتے ہو چلو تم اور کوئی کتاب لے آؤ جو اللہ کی طرف سے ہو اگر تم بالفرض اسے اللہ کی کتاب ثابت کردو تو میں اس کی پیروی کرلوں گا اگر تم ایسا نہیں کرسکتے تو میری لائی ہوئی کتاب کو مانو میں نے اس کا حق ہونا ثابت کردیا ہے اور اس میں توریت شریف کی بھی تصدیق ہے۔

یہ لوگ اگر آپ کی یہ بات قبول نہ کرسکیں اور قبول کر بھی نہیں سکتے کیونکہ ان کے پاس اللہ تعالیٰ کی طرف سے کوئی کتاب نہیں ہے تو آپ سمجھ لیں کہ یہ لوگ ہدایت کی تلاش میں ہیں ہی نہیں یہ تو حق سے منہ موڑنے کے لیے بہانے تلاش کررہے ہیں ان کا یہی طریقہ ہے کہ اپنی خواہشوں کا اتباع کرتے ہیں جس کے پاس اللہ کی ہدایت نہ ہو اور وہ اپنی خواہشات نفسانی ہی کا اتباع کرتا ہے اس سے بڑھ کر کون گمراہ ہوسکتا ہے۔اِنَّ اللّٰہَ لَا یَھْدِی الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ (بلاشبہ اللہ ظالموں کو ہدایت نہیں دیتا) جو وضوح حق کے بعد ہدایت سے منہ موڑے اور نفسانی خواہشات کے پیچھے چلتا رہے۔اَھْدٰی مِنْھُمَا میں تثنیہ کی ضمیر قرآن مجید اور اصلی توراۃ کی طرف راجع ہے لہٰذا یہ اشکال نہیں ہوتا کہ صرف توراۃ کو ہدایت کا ذریعہ کیسے بتادیا اور بات بھی علی سبیل الفرض ہے کہ اگر تم سے ہوسکے تو ان دونوں کتابوں سے زیادہ ہدایت والی کتاب لے آؤ جو اللہ کی طرف سے ہو لہٰذا یہ اشکال بھی نہیں رہا کہ اصل توریت بھی تو منسوخ ہے اس پر عمل کرنے کا وعدہ کیوں فرمایا۔

وَلَقَدْ وَصَّلْنَا لَھُمُ الْقَوْلَ لَعَلَّھُمْ یَتَذَکَّرُوْنَ ۞ اَلَّذِیْنَ اٰتَیْنٰھُمُ الْکِتٰبَ مِنْ قَبْلِهٖ ھُمْ بِهٖ

اور ہم نے اس کلام کو ان لوگوں کے لیے مسلسل بھیجا تاکہ یہ لوگ نصیحت حاصل کریں۔جن لوگوں کو ہم نے اس سے پہلے کتاب دی ہے وہ اس پر

يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَاِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِهٖٓ اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّنَآ اِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلِهٖ

ایمان لائے ہیں اور جب ان کے سامنے اس کی تلاوت کی جاتی ہے تو کہتے ہیں کہ ہم اس پر ایمان لائے بلاشبہ یہ حق ہے ہمارے پروردگار کی طرف سے ہے بے شک ہم پہلے ہی سے

مُسْلِمِيْنَ ﴿۵۳﴾ اُولٰٓئِكَ يُؤْتَوْنَ اَجْرَهُمْ مَّرَّتَيْنِ بِمَا صَبَرُوْا وَيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ وَمِمَّا

فرمانبردار تھے۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کو صبر کرنے کی وجہ سے دہرا ثواب دیا جائے گا اور یہ لوگ بھلائی کے ذریعہ برائی کو دفع کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے دیا ہے

رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۵۴﴾ وَاِذَا سَمِعُوا اللَّغْوَ اَعْرَضُوْا عَنْهُ وَقَالُوْا لَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ز

اس میں سے خرچ کرتے ہیں اور جب لغویات سنتے ہیں تو اس سے اعراض کرتے ہیں اور یوں کہتے ہیں کہ ہمارے لیے ہمارے اعمال

سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ ز لَا نَبْتَغِي الْجٰهِلِيْنَ ﴿۵۵﴾

اور تمہارے لیے تمہارے اعمال ہم تم کو سلام کرتے ہیں ہم جاہلوں سے بات کرنا نہیں چاہتے۔

سابق اہل کتاب قرآن کریم پر ایمان لاتے ہیں ان کے لیے دوہرا اجر ہے

یہ پانچ آیات ہیں پہلی آیات میں یہ فرمایا ہے کہ ہم نے قرآن کو اس طرح نازل کیا کہ یکے بعد دیگرے آیات نازل ہوتی رہی ہیں جن میں وعدے بھی ہیں وعیدیں بھی، قصے بھی ہیں اور عبرت کے واقعات بھی نصائح بھی ہیں اور مواعظ بھی ان کا تقاضا یہ ہے کہ ان سے نصیحت حاصل کریں شرک اور کفر کو چھوڑیں قرآن لانے والے پر (پیغمبر پر) ایمان لائیں۔

دوسری اور تیسری آیت میں اہل کتاب کے بارے میں فرمایا کہ جنہیں اس سے پہلے کتاب دی گئی وہ اس پر ایمان لاتے ہیں جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لائے تو انصاف پسند چند یہودیوں نے اسلام قبول کرلیا جن میں حضرت عبداللہ بن سلامؓ بھی تھے اور حضرت سلمان فارسیؓ جو پہلے نصرانی تھے اور آپ کے انتظار ہی میں برس ہا برس پہلے سے مدینہ منورہ میں مقیم تھے انہوں نے بھی علامات دیکھ کر ایمان قبول کرلیا۔ حضرت تمیم داریؓ بھی پہلے نصرانی تھے وہ بھی ایمان لے آئے پھر چند سال کے بعد یہ ہوا کہ حضرت جعفر بن ابی طالبؓ (جو ہجرت کرنے والوں کی جماعت میں حبشہ چلے گئے تھے اور انہوں نے ہی وہاں کے بادشاہ نجاشی اور اس کے درباریوں کے سامنے سورۂ مریم پڑھی تھی) کے ساتھ بتیس ۳۲ آدمی حبشہ سے آئے ان لوگوں نے بھی اسلام قبول کیا' حق ظاہر ہونے کے بعد ان لوگوں نے تأمل نہیں کیا اور ایمان قبول کرلیا اور انہوں نے یوں کہا کہ ہم تو پہلے ہی سے اس بات کو مانتے تھے کہ نبی آخر الزماں صلی اللہ علیہ وسلم مبعوث ہوں گے اور ان پر کتاب نازل ہوگی۔

چوتھی آیت میں مؤمنین اہل کتاب کے بارے میں فرمایا کہ انہیں ان کے صبر کرنے کی وجہ سے دہرا اجر ملے گا' حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تین شخص ایسے ہیں جن کے لیے دو اجر ہیں ایک اہل کتاب میں سے وہ شخص جو اپنے نبی پر ایمان لایا اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لایا اور دوسرا وہ مملوک غلام جس نے اللہ کا حق ادا کیا (فرائض' واجبات کی پابندی کی اور جو احکام اس سے متعلق تھے ان کو ادا کرتا رہا) اور اس نے اپنے آقاؤں کا حق بھی ادا کیا اور تیسرا وہ شخص جس کے پاس کوئی لونڈی تھی اس سے وہ جماع کرتا تھا پھر اسے اس نے ادب سکھایا اور اچھی طرح ادب سکھایا اور اسے تعلیم دی اور اچھی طرح تعلیم دی پھر

اسے آزاد کر کے اس سے نکاح کر لیا سو اس شخص کے لیے (بھی) دو اجر ہیں۔ (رواہ البخاری ص۲۰ ج)

حدیث شریف سے معلوم ہوا کہ اہل کتاب میں سے جو شخص اسلام قبول کرے اس کے لیے ایک اجر اپنے نبی پر ایمان لانے کا اور ایک اجر خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانے کا ہے' آیت میں جو لفظ بِمَا صَبَرُوْا ہے اس میں یہ بتایا کہ صبر کرنے کی وجہ سے انہیں دہرا اجر ملے گا صبر میں سب کچھ داخل ہے پہلے نبی کی طرف سے جو اعمال خیر پہنچے تھے ان پر عمل کرنا اور خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے جو اعمال ملے ان پر عمل کرنا اور ایمان قبول کرنے کے بعد یہود نصاریٰ سے جو تکلیفیں پہنچیں مال اور جائیداد سے ہاتھ دھونا پڑا صبر میں یہ سب چیزیں شامل ہیں۔

مؤمنین اہل کتاب کی ایک یہ صفت بیان فرمائی کہ وہ اچھائی کے ذریعہ برائی کو دفع کرتے ہیں یعنی گناہ کے بعد نیک کام کر لیتے ہیں جن سے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔ نیکیوں کے ذریعے گناہوں کا معاف ہو جانا یہ بھی اللہ تعالیٰ کا ایک قانون ہے اور یہ اس کا بہت بڑا کرم ہے سورۂ ہود میں فرمایا ہے اِنَّ الْحَسَنٰتِ یُذْهِبْنَ السَّیِّاٰتِ (بلاشبہ نیکیاں برائیوں کو ختم کر دیتی ہیں حضرت ابوذرؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا کہ تم جہاں کہیں بھی ہو اللہ سے ڈرو اور برائی کے پیچھے نیکی لگا دو یہ نیکی اس برائی کو مٹا دے گی اور لوگوں سے اچھے اخلاق کے ساتھ میل جول رکھو۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص۴۳۲ از احمد ترمذی، دارمی)

اور بعض حضرات نے برائی کو اچھائی کے ذریعہ دفع کرنے کا یہ مطلب لیا ہے کہ جب کوئی گناہ ہو جاتا ہے تو اس کے سرزد ہو جانے پر توبہ واستغفار کر لیتے ہیں اس نیکی سے وہ برائی گم ہو جاتی ہے یہ معنی مراد لینا بھی الفاظ قرآنیہ سے بعید نہیں ہیں۔

وَیَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّیِّئَةَ کا ایک مطلب مفسرین نے یہ بتایا ہے جو سیاق قرآنی سے اقرب ہے کہ جو لوگ ان کے ساتھ بداخلاقی سے پیش آئیں بدکلامی کریں وہ ان کی اس حرکت کو تحمل اور برداشت کے ذریعہ دفع کر دیتے ہیں یعنی بدلہ لینے اور ترکی بہ ترکی جواب دینے کا ارادہ نہیں کرتے عفو اور درگزر اور نرمی اختیار کرتے ہیں یہ مفہوم سورۂ فصلت کی آیت کریمہ اِدْفَعْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ کے ہم معنی ہے۔ مؤمنین اہل کتاب کی تیسری صفت انفاق مال بتائی اور فرمایا وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ یُنْفِقُوْنَ (اور ہمارے دیئے ہوئے مال میں خرچ کرتے ہیں) اہل ایمان کی یہ صفت قرآن مجید میں کئی جگہ بیان فرمائی ہے یہاں مؤمنین اہل کتاب کی صفات میں خاص طور سے اس کا ذکر اس لیے فرمایا کہ حضرت جعفرؓ کے ساتھ حبشہ سے جو افراد آئے تھے (جن کا ذکر اوپر ہوا مدینہ منورہ پہنچ کر جب انہوں نے مسلمانوں کی مالی تنگی دیکھی تو کہنے لگے کہ اے اللہ کے نبی! صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس بہت سے اموال ہیں اگر آپ ہمیں اجازت دیں تو واپس جا کر اپنے اموال لے آئیں اور ان کے ذریعہ مسلمانوں کی مدد کریں آپ نے انہیں اجازت دے دی اور واپس گئے اور اپنے اموال لے کر آ گئے جن کے ذریعہ انہوں نے مسلمانوں کی مدد کی اس پر آیت بالا نازل ہوئی۔ (ذکرہ فی معالم التنزیل عن سعید بن جبیرؒ)

پانچویں آیت میں مؤمنین اہل کتاب کی ایک اور صفت بیان فرمائی (جو دیگر اہل ایمان کی صفات میں بھی مذکور ہے کہ) جب وہ کوئی لغو بات سنتے ہیں تو وہ اس سے اعراض کرتے ہیں یعنی اس طرح گزر جاتے ہیں جیسے سنا ہی نہیں اور جو لوگ ان کے ساتھ بے ہودہ باتوں سے پیش آتے ہیں ان سے کہتے ہیں کہ لَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ (کہ ہمارے لیے ہمارے اعمال اور تمہارے لیے تمہارے اعمال) تم لغو باتیں کیوں کرتے ہو اپنے اعمال کو دیکھو اور اپنے جان کی خیر منانے کی فکر کرو عذاب میں مبتلا ہونے کا کام کر رہے ہو اور ہم سے بلا وجہ الجھ رہے ہو) سَلٰمٌ عَلَیْكُمْ تم پر سلام ہو یہ سلام وہ سلام نہیں ہے جو اہل ایمان ملاقات کے وقت ایک دوسرے کو پیش کرتے ہیں بلکہ یہ جان چھڑانے کا ایک طریقہ ہے جیسے اہل اردو کسی بیہودہ آدمی سے جان چھڑانے کے لیے یوں کہہ دیتے ہیں کہ بھیا سلام کریں اور اس کا یہ

معنی بھی ہوسکتا ہے کہ ہم تمہاری حرکتوں کا جواب نہ دیں گے بدلہ نہ لیں گے تم ہماری طرف سے باسلامت رہو، ہم تم سے کوئی انتقام نہیں لیں گے لَا نَبْتَغِي الْجَاهِلِيْنَ (ہم جاہلوں سے بات چیت کرنا الجھنا نہیں چاہتے)۔ تفسیر قرطبی ص ۲۹۵ ج میں حضرت عروہ بن زبیرؓ سے نقل کیا ہے کہ آیت بالا نجاشی اور اس کے ساتھیوں کے بارے میں نازل ہوئی نجاشی نے بارہ آدمی بھیجے یہ لوگ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ایمان لے آئے ابوجہل ان کے ساتھ ہی وہیں قریب تھا جب یہ لوگ ایمان قبول کر کے خدمت عالی سے اٹھے تو ابوجہل اور اس کے ساتھی ان کے پیچھے پڑ گئے اور کہنے لگے کہ تم تو نامراد لوگ نکلے تمہاری یہ جماعت بری جماعت ہے تم نے محمد رسول اللہ ﷺ کی تصدیق کرنے میں ذرا بھی دیر نہ لگائی۔ سواروں کی کوئی جماعت ہم نے تم سے بڑھ کر احمق اور جاہل نہیں دیکھی ان حضرات نے جواب میں کہا کہ سَلَامٌ عَلَيْكُمْ اور یہ بھی کہا کہ ہمارے سامنے جب ہدایت آ گئی تو ہم نے اسے قبول کر لیا اور اپنی جانوں کی خیر خواہی میں کوتاہی نہیں کی اور ساتھ ہی یوں بھی کہا کہ لَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ (ہمارے لیے ہمارے اعمال ہیں اور تمہارے لیے تمہارے اعمال ہیں) ابوجہل اور اس کے ساتھیوں کو جواب دیا اور اللہ تعالیٰ نے ان کا یہ جواب نقل فرمایا اور ان کی توصیف فرمائی۔

اِنَّكَ لَا تَهْدِيْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿۵۶﴾

بلا شبہ جسے آپ چاہیں ہدایت پر نہیں لا سکتے اور لیکن اللہ جس کو چاہے ہدایت دیتا ہے اور وہ ہدایت پانے والوں کو خوب جانتا ہے۔

آپ جسے چاہیں ہدایت نہیں دے سکتے اللہ جسے چاہے ہدایت دیتا ہے۔

اول تو ہدایت کا مفہوم سمجھنا چاہیے سو واضح رہے کہ لفظ ہدایت عربی میں دو معنی کے لیے آتا ہے اول صحیح راہ بتا دینا اور دوسرے پہنچا دینا۔ اول کو ارائۃ الطریق اور دوسرے کو ایصال الی المطلوب کہتے ہیں لفظ ہدایت قرآن مجید میں دونوں معنی میں استعمال ہوا ہے اس بات کو سمجھنے کے بعد اب یہ سمجھیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے سے اللہ تعالیٰ نے تمام انسانوں اور جنات کو حق کی راہ بتا دی اور راہ دکھا دی اور چونکہ یہ سب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے توسط سے ہوا اس لیے آپ ﷺ بھی سب کے ہادی اور رہبر اور راہ دکھانے والے ہیں آپ نے خوب واضح طریقہ پر حق واضح فرما دیا اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو نازل ہوا ہے بڑی محنت اور کوشش سے اللہ تعالیٰ کے بندوں کو پہنچا دیا اب پہنچانے کے بعد لوگوں کی طرف سے قبول کرنا رہ جاتا ہے کسی نے قبول کیا اور کسی نے قبول نہ کیا لیکن آپ کا دل چاہتا تھا سب ہی ہدایت پر آ جائیں اور مسلمان ہو جائیں لیکن لوگوں سے حق منوانا اور اسلام قبول کرانا آپ ﷺ کے بس میں نہیں تھا اسی لیے اللہ تعالیٰ نے بار بار آپ کو قرآن مجید میں خطاب فرمایا ہے کہ آپ ﷺ کا کام بتانا ڈرانا اور سمجھانا ہے منوا دینا آپ ﷺ کی ذمہ داری نہیں ہے۔

چونکہ آپ کے جذبات یہ تھے کہ سب ہی ہدایت یاب ہو جائیں تو اپنے چچا ابوطالب کے واسطے اس بات کے فکر مند کیوں نہ ہوتے کہ وہ مسلمان ہو جائیں انہوں نے آپ کی بہتر خدمت کی تھی بچپن سے آپ کے ساتھ رہے جب آپ کو معلوم ہوا کہ ابوطالب کے موت کا وقت ہے اور ابھی ہوش میں ہیں تو آپ ان کے پاس تشریف لے گئے اور ان سے کہا کہ آپ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہہ دیں میں اللہ تعالیٰ کے حضور آپ کے اس کلمہ کے کہنے اور پڑھنے کی گواہی دے دوں گا وہیں پر ابوجہل اور عبداللہ بن امیہ دونوں مشرک بھی موجود تھے وہ ابوطالب کو عبدالمطلب کی ملت پر مرنے کی ترغیب دیتے رہے آپ نے بار بار اپنی بات پیش کی لیکن ابوطالب نے یوں کہہ کر انکار کر دیا کہ

اگر قریش یہ کہہ کر مجھے عار نہ دلاتے کہ گھبراہٹ کی وجہ سے اس نے اسلام کا کلمہ کہہ لیا ہے تو تمہاری آنکھیں ٹھنڈی کر دیتا انہوں نے کلمہ اسلام پڑھنے سے انکار کر دیا اور موت آ گئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کا رنج تھا اللہ تعالیٰ جل شانہ نے آیت بالا نازل فرمائی اور فرمایا کہ آپ جسے چاہیں ہدایت دیں یعنی حق قبول کرا دیں اور مؤمن بنا دیں یہ آپ کے بس کی بات نہیں ہے اللہ جسے چاہے ہدایت دے۔ (راجع صحیح مسلم ص ۴۰ ج ا و صحیح البخاری ص ۷۰۳ ج ۲)

معلوم ہوا کہ آپ کا کام بیان کرنا پہنچا دینا ہے اور کسی کے دل میں ایمان ڈال دینا یہ صرف اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے۔

وَ قَالُوْٓا اِنْ نَّتَّبِعِ الْهُدٰى مَعَكَ نُتَخَطَّفْ مِنْ اَرْضِنَا ؕ اَوَلَمْ نُمَكِّنْ لَّهُمْ حَرَمًا اٰمِنًا

اور انہوں نے کہا کہ اگر ہم آپ کے ساتھ ہدایت کا اتباع کرنے لگیں تو ہم اپنی زمین سے اچک لیے جائیں گے، کیا ہم نے انہیں امن وامان والے حرم میں جگہ نہیں دی

يُّجْبٰٓى اِلَيْهِ ثَمَرٰتُ كُلِّ شَيْءٍ رِّزْقًا مِّنْ لَّدُنَّا وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَكَمْ

جہاں ہر چیز کے پھل لائے جاتے ہیں جو ہمارے پاس سے کھانے کے لیے دیئے جاتے ہیں اور لیکن ان میں سے اکثر لوگ نہیں جانتے۔ اور کتنی ہی بستیاں

اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍۭ بَطِرَتْ مَعِيْشَتَهَا ۚ فَتِلْكَ مَسٰكِنُهُمْ لَمْ تُسْكَنْ مِّنْۢ بَعْدِهِمْ اِلَّا قَلِيْلًا ؕ

ہم نے ہلاک کر دیں جو اپنے سامان عیش پر اترانے والی تھیں، سو یہ ان کے گھر ہیں جن میں ان کے بعد سکونت اختیار نہیں کی گئیں مگر تھوڑی سی

وَكُنَّا نَحْنُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿۵۸﴾ وَمَا كَانَ رَبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى حَتّٰى يَبْعَثَ فِيْٓ اُمِّهَا رَسُوْلًا يَّتْلُوْا

اور بالآخر ہم ہی مالک ہیں۔ اور آپ کا رب بستیوں کو ہلاک کرنے والا نہیں جب تک کہ ان کی مرکزی بستی میں رسول نہ بھیج دے جو ان پر

عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۚ وَمَا كُنَّا مُهْلِكِي الْقُرٰٓى اِلَّا وَ اَهْلُهَا ظٰلِمُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ

ہماری آیات تلاوت کرتا ہو اور ہم بستیوں کو ہلاک کرنے والے نہیں، الا یہ کہ ان کے رہنے والے ظالم ہوں۔ اور تمہیں جو بھی کوئی چیز دی گئی ہے

فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَزِيْنَتُهَا ۚ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ وَّ اَبْقٰى ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۰﴾

سو وہ دنیاوی زندگی کا سامان ہے اور زینت ہے اور جو کچھ اللہ کے پاس ہے سو وہ بہتر ہے اور باقی رہنے والا ہے کیا تم نہیں سمجھتے ہو۔

اہل مکہ کی اس بات کی تردید کہ ہم ہدایت قبول کر لیں تو اپنی زمین سے نکال دیئے جائیں گے

علامہ قرطبیؒ نے لکھا ہے (تفسیر قرطبی ص ۳۰۰ ج ۷) کہ حارث بن عثمان بن نوفل بن عبد مناف نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا ہے ہم یہ جانتے ہیں کہ آپ کی بات حق ہے لیکن ہم جو ایمان لانے اور ہدایت قبول کرنے سے بچ رہے ہیں سو اس کا سبب یہ ہے کہ ہمیں ڈر ہے کہ اہل عرب ہمیں ہماری سرزمین مکہ سے اچک لیں گے یعنی ہمارے خلاف محاذ بنا کر ہمیں مکہ معظمہ سے نکال دیں گے، یہ خواہ مخواہ کی حیلہ بازی تھی کیونکہ عرب کے قبائل آپس میں ایک دوسرے پر حملہ کر کے لوٹ مار تو کرتے تھے اور ایک دوسرے کے خون کے دشمن بنے رہتے تھے لیکن حرم مکہ کو محترم جانتے تھے اور اہل مکہ پر کبھی حملہ نہیں کرتے تھے اسی کو فرمایا اَوَلَمْ نُمَكِّنْ لَّهُمْ حَرَمًا اٰمِنًا (کیا ہم نے انہیں امن وامان والے حرم میں جگہ نہیں دی؟) جب امن کی جگہ میں رہتے ہیں جہاں قتل وقتال اور لوٹ مار کرنے سے سارے عرب

بچتے ہیں تو یہ بہانہ کیوں بناتے ہو کہ ہم ایمان قبول کریں گے تو ہمیں اہل عرب اچک لیں گے۔ یُجْبٰٓی اِلَیْهِ ثَمَرٰتُ کُلِّ شَیْءٍ رِّزْقًا مِّنْ لَّدُنَّا (جہاں ہر چیز کے پھل لائے جاتے ہیں) جو ہمارے پاس سے کھانے کے لیے دیئے جاتے ہیں۔

حرم پر امن بھی ہے اور کھانے پینے کے لئے ہر قسم کے پھل وہاں کھچے چلے آرہے ہیں تو وہاں نہ خوف کی بات ہے نہ بھوک رہنے کا ڈر ہے اسی کو سورۃ القریش میں فرمایا۔ فَلْیَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَیْتِ الَّذِیْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ (سو اس بیت کے رب کی عبادت کریں جس نے انہیں بھوک کی وجہ سے کھلایا اور خوف سے امن دیا)۔

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ (اور لیکن ان میں سے اکثر لوگ نہیں جانتے کہ ان کا یہ استدلال غلط ہے کہ اسلام قبول کرلیں گے تو بھوکے مرجائیں گے جس ذات نے انہیں ان کے زمانہ کفر میں امن دیا اور رزق عطا فرمایا کیا اسلام قبول کرنے پر انہیں رزق سے محروم فرما دے گا اور ان پر کافروں کو مسلط فرما دے گا؟ وَكَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْیَةٍۭ بَطِرَتْ مَعِیْشَتَهَا (اور کتنی ہی بستیاں ہم نے ہلاک کردیں جو اپنے سامان عیش پر اترانے والی تھیں۔ فَتِلْكَ مَسٰكِنُهُمْ لَمْ تُسْكَنْ مِّنْۢ بَعْدِهِمْ اِلَّا قَلِیْلًا (سو یہ ان کے گھر ہیں کہ ان کے بعد آباد ہی نہ ہوئے مگر تھوڑی دیر کے لیے)

اس میں یہ بتایا کہ تم جو اس وہم کی وجہ سے ایمان لانے سے ڈرتے ہو کہ لوگ ہمیں اچک لیں گے اور ایمان لانے کو قتل وغارت کا سبب سمجھتے ہو یہ تمہارا غلط خیال ہے ایمان سبب ہلاکت نہیں ہے بلکہ کفر سبب ہلاکت ہے اہل مکہ گو امن وامان میں ہیں اور انہیں رزق ملتا ہے لیکن ان کا رزق اور مال اتنا زیادہ نہیں جتنا گزشتہ اقوام کے پاس تھا بہت سی ایسی ایسی بستیاں اسی زمین پر آباد تھیں جنہیں اپنے سامان عیش وعشرت پر ناز تھا۔ نعمتوں میں مست تھے مال ودولت پر اتراتے تھے لیکن ساتھ ہی کافر بھی تھے انہوں نے حضرات انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام کی دعوت پر کان نہ دھرا ایمان قبول نہ کیا لہٰذا ہم نے انہیں ہلاک کردیا ان کی بستیاں تباہ ہوگئیں مضبوط قلعے برباد ہوگئے۔ ان کے رہنے کے جو مکانات تھے ان مکانوں میں ان کے بعد تھوڑا بہت ہی کسی کو رہنے کا موقع ملا اگر ان میں سے کوئی گھر باقی رہ گیا تو مسافروں نے آتے جاتے تھوڑی بہت قیام کرلیا۔ لم یسکنها الا المسافر او مار الطریق یوما او ساعة. (قرطبی)

وَكُنَّا نَحْنُ الْوٰرِثِیْنَ (اور ہم ہی مالک ہیں) جو مجازی ملکیتیں تھیں وہ سب ہلاک ہوگئیں۔ سدا رہے نام اللہ کا وہ سب کا حقیقی مالک اور بادشاہ ہے ہمیشہ سے اسی کا اختیار اور اقتدار باقی ہے اور باقی رہے گا۔

اللہ تعالیٰ اس وقت تک کسی بستی کو ہلاک نہیں فرماتا جب تک ان کی مرکزی بستی میں کوئی رسول نہ بھیجے اور بستیوں میں رہنے والے ظلم پر نہ اتر آئیں

اس کے بعد فرمایا وَمَا كَانَ رَبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰی (الآیة) کہ آپ کا رب اس وقت تک بستیوں کو ہلاک نہیں فرماتے جب تک مرکزی بستی میں کوئی رسول نہ بھیجیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے رسول آتے رہے اللہ کے احکام پہنچاتے رہے جب مخاطبین نے نہیں مانا اور ظلم پر جمے رہے گناہوں پر اڑے رہے تو اللہ تعالیٰ نے انہیں ہلاک فرما دیا۔ مطلب یہ ہے کہ اتمام حجت کے بعد ظالموں کو ہلاک کیا جاتا رہا ہے۔ قال القرطبیؒ اخبر تعالیٰ انه لا یهلكهم الا اذا استحقوا الا هلاک بظلمهم ولا یهلكهم مع كونهم ظالمین الا بعد تاكید الحجة والالزام ببعثة الرسل ولا یجعل علمه باحوالهم حجة علیهم. (امام قرطبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "اللہ تعالیٰ نے خبر دی ہے کہ اللہ تعالیٰ قوموں کو ہلاک نہیں کرتا مگر اس وقت جب کہ وہ اپنے ظلم کی وجہ سے ہلاک ہونے کے مستحق ہوجاتے ہیں اور انکے ظالم ہونے کے باوجود پیغمبر بھیج کر اتمام حجت کرنے کے بعد ہی ہلاک کرتا ہے اور قوموں کے حالات کے علم کو ان پر حجت نہیں

بنایا)۔

پھر فرمایا: وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَمَا عِنْدَاللّٰهِ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى (اور تمہیں وہ بھی کوئی چیز دی گئی ہے سو دنیاوی زندگی کا سامان ہے اور زینت ہے اور جو کچھ اللہ کے پاس ہے سو وہ بہتر ہے اور باقی رہنے والا ہے) چونکہ دنیاوی زندگی اور اس میں کام آنے والا مال و متاع اہل کفر کو ایمان لانے سے روکتا تھا اور اب بھی بھاری تعداد میں ایسے کافر و مشرک ہیں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو واقعی اللہ تعالیٰ کا رسول سمجھتے ہیں اور یہ یقین کرتے ہیں کہ قرآن مجید اللہ کی کتاب ہے لیکن دنیاوی اموال اور اغراض اور تھوڑی سی دیر کی دنیاوی عزت اور جاہ کو دیکھتے ہوئے ایمان قبول نہیں کرتے اللہ جل شانہ نے فرمایا کہ تمہیں دنیا میں جو کچھ بھی دیا گیا ہے یہ سب دنیا والی زندگی میں کام آنے والی چیز ہے اور اسی دنیا کی زیب و زینت ہے یہ سب کچھ موت کے ساتھ ختم ہو جائے گا تھوڑی سی دیر کی چیزیں ہیں ان کی وجہ سے ایمان نہ لا کر آخرت کی نعمتوں سے کیوں محروم ہوتے ہو وہاں جو کچھ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ملے گا وہ اس سب سے بہتر ہوگا اور دائمی ہوگا۔ کفر کی وجہ سے اس سے محرومی ہوگی اور دوزخ میں داخل ہو گے حقیر فانی دنیا کے لیے وہاں کی دائمی اور بہتر در بہتر نعمتوں سے محروم ہونا اور دائمی عذاب میں جانا یہ کوئی سمجھداری کی بات نہیں۔ اسی کو فرمایا اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ کیا تم سمجھتے نہیں۔

حرم شریف میں ہر قسم کے ماکولات مشروبات اور مصنوعات ملتے ہیں جس میں يُجْبٰٓى اِلَيْهِ ثَمَرٰتُ كُلِّ شَيْءٍ کا مظاہرہ ہے حرم کے بارے میں جو یہ فرمایا کہ جہاں ہر چیز کے پھل لائے جاتے ہیں اس سے بعض حضرات نے یہ استنباط کیا ہے کہ لفظ ثمرات پھلوں کو تو شامل ہے ہی دوسری مصنوعات کو بھی شامل ہے جو فیکٹریوں اور ملوں اور کارخانوں کے ثمرات ہیں چنانچہ ہمیشہ اس کا مشاہدہ ہوتا ہے کہ دنیا بھر کی پیدا ہونے والی غذائیں اور ہر براعظم کی مصنوعات بڑی تعداد میں فراوانی کے ساتھ مکہ معظمہ میں ملتی ہیں۔ حج کے موقع پر لاکھوں افراد بیک وقت جمع ہو جاتے ہیں سب کو رزق ملتا ہے اور دنیا بھر کی چیزیں مکہ مکرمہ میں اور منیٰ میں بڑی وافر مقدار میں ملتی ہیں اور مدینہ منورہ میں بھی اس کا مشاہدہ ہے بلکہ وہاں مکہ مکرمہ سے زیادہ غذائیں اور دوائیں انسانی ضرورت کی چیزیں ملتی ہیں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا کا اثر ہے آپ نے بارگاہ الٰہی میں عرض کیا: اللھم اجعل بالمدینة ضعفی ما جعلت بمکة (اے اللہ مکہ میں جو برکت آپ نے رکھی ہے مدینہ میں اس کی دگنی برکت رکھ دیجئے۔ (رواہ البخاری)

اَفَمَنْ وَّعَدْنٰهُ وَعْدًا حَسَنًا فَهُوَ لَاقِيْهِ كَمَنْ مَّتَّعْنٰهُ مَتَاعَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ثُمَّ

سو جس شخص سے ہم نے اچھا وعدہ کیا ہو پھر وہ اسے پانے والا ہو کیا اس شخص کی طرح ہو سکتا ہے جسے ہم نے دنیا والی زندگی کا سامان دے دیا پھر

هُوَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ ۝ وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ

وہ قیامت کے دن گرفتار کر کے لایا جائے گا۔ اور جس دن وہ انہیں پکارے گا سو فرمائے گا کہ میرے وہ شرکاء کہاں ہیں جن کے بارے میں تم گمان

تَزْعُمُوْنَ ۝ قَالَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ اَغْوَيْنَا ۚ اَغْوَيْنٰهُمْ

کرتے تھے۔ جن لوگوں پر اللہ کا فرمودہ ثابت ہو چکا ہوگا وہ کہیں گے کہ اے ہمارے رب یہ وہ لوگ ہیں جن کو ہم نے بہکایا ہم نے ان کو ویسا ہی بہکایا

كَمَا غَوَيْنَا ۚ تَبَرَّاْنَآ اِلَيْكَ ۡ مَا كَانُوْٓا اِيَّانَا يَعْبُدُوْنَ ۝ وَقِيْلَ ادْعُوْا شُرَكَآءَكُمْ

جیسا کہ ہم خود بہکے تھے ہم آپ کے حضور ان سے بیزاری ظاہر کرتے ہیں یہ لوگ ہماری عبادت نہیں کرتے تھے۔ اور کہا جائے گا کہ اپنے شرکاء کو بلا لو

فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيبُوا لَهُمْ وَرَاَوُا الْعَذَابَ ۚ لَوْ اَنَّهُمْ كَانُوا يَهْتَدُونَ ﴿۶۴﴾ وَيَوْمَ

سو وہ ان کو بلائیں گے پھر وہ ان کی پکار کا جواب نہ دیں گے اور عذاب کو دیکھ لیں گے، اے کاش وہ ہدایت پائے ہوئے ہوتے۔ اور جس دن انہیں

يُنَادِيهِمْ فَيَقُولُ مَاذَآ اَجَبْتُمُ الْمُرْسَلِينَ ﴿۶۵﴾ فَعَمِيَتْ عَلَيْهِمُ الْاَنْبَآءُ يَوْمَئِذٍ فَهُمْ لَا يَتَسَآءَلُونَ ﴿۶۶﴾

آواز دے گا سو فرمائے گا کہ تم نے پیغمبروں کو کیا جواب دیا۔ سو اس دن ان کی خبریں گم ہو جائیں گی پھر وہ آپس میں پوچھ پاچھ نہ کریں گے۔

فَاَمَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَعَسٰٓى اَنْ يَّكُونَ مِنَ الْمُفْلِحِينَ ﴿۶۷﴾

سو جس شخص نے توبہ کی اور ایمان لایا اور نیک عمل کئے سو امید ہے کہ یہ لوگ فلاح پانے والوں میں سے ہوں گے۔

قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کا مشرکین سے خطاب اور یہ سوال کہ جنہیں تم نے شریک ٹھہرایا تھا وہ کہاں ہیں؟

مذکورہ بالا سات آیات ہیں۔ پہلی آیت میں آخرت کے انجام کے اعتبار سے مؤمن اور کافر کا فرق بتایا ہے ارشاد فرمایا کہ ایک تو وہ شخص ہے جس سے ہم نے اچھا وعدہ کر رکھا ہے کہ اس کو ایمان اور اعمال صالحہ کی وجہ سے ابدی نعمتیں ملیں گی اور ایک وہ شخص ہے جو مؤمن نہیں ہے لیکن اسے ہم نے دنیا والی زندگی کا سامان دے رکھا ہے جسے وہ استعمال کرتا ہے دنیا میں تو بظاہر کامیاب سمجھا جاتا ہے لیکن کیونکہ وہ کافر ہے اس لیے وہ قیامت کے دن گرفتار ہو کر آئے گا اور پھر دوزخ میں چلا جائے گا غور کرنے والے غور کریں اور سمجھنے والے بتائیں کیا یہ مؤمن اور کافر برابر ہو سکتے ہیں؟ ہرگز ایسا نہیں ہو سکتا اس میں جہاں کافروں کو تنبیہ ہے کہ چند روزہ زندگی اور سامان عشرت پر نہ اترائیں وہاں مسلمانوں کو بھی بتا دیا کہ کافروں کے سامان کی طرف نظریں نہ اٹھائیں یہ تھوڑے دن کی حقیر دنیا ہے اس کو دیکھ دیکھ کر للچانا ایمانی تقاضے کے خلاف ہے۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ہرگز کسی فاجر کی نعمت پر رشک نہ کر، کیونکہ تجھے معلوم نہیں کہ وہ موت کے بعد کس چیز سے ملاقات کرنے والا ہے بے شک اللہ کے نزدیک اس کے لیے ایک قاتل ہے جسے کبھی موت نہ آئے گی یعنی دوزخ ہے (اس میں وہ داخل ہوگا اور چھٹکارہ کا کوئی راستہ نہ ہوگا)

دوسری آیت سے لے کر چھٹی آیت کے ختم تک مشرکین اور کافرین سے جو خطاب ہوگا اس کا ذکر ہے اول تو یہ فرمایا کہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ ان سے پکار کر سوال فرمائے گا کہ میرے وہ شریک کہاں ہیں؟ جنہیں تم میرا شریک سمجھ رہے تھے اس کے جواب میں ان کے گمراہ کرنے والے شیاطین جن کے بارے میں یہ طے ہو چکا ہے کہ انہیں دوزخ میں جانا ہی ہے یوں کہیں گے کہ اے ہمارے رب بے شک یہ وہ لوگ ہیں جنہیں ہم نے بہکایا ہم نے انہیں ایسے ہی بہکایا جیسے ہم بہکے تھے یعنی نہ ہم پر کسی نے کوئی زبردستی کی تھی نہ ہم نے ان پر زبردستی کی، ہم گمراہ ہوئے انہیں بھی گمراہی کی باتیں بتائیں انہوں نے بات مان لی دنیا میں ہم نے انہیں گمراہی پر لگایا اور یہ بھی ہماری باتوں میں آگئے اب یہاں تو ہم آپ کے حضور میں ان سے بیزار ہیں۔ (جب بہکانے والے اور گمراہ کرنے والے اپنے متبعین سے بیزاری ظاہر کریں گے تو وہ یوں کہیں گے کہ اگر ہمیں دنیا میں واپس جانا نصیب ہو جاتا تو ہم بھی ان سے بیزاری ظاہر کرتے (کما فی سورۃ البقرۃ) وَقَالَ الَّذِينَ اتَّبَعُوا لَوْ اَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَتَبَرَّاَ مِنْهُمْ كَمَا تَبَرَّءُوا مِنَّا۔ بہکانے والے ساتھ ہی یوں بھی کہیں گے مَا كَانُوٓا اِيَّانَا يَعْبُدُونَ کہ یہ لوگ ہماری عبادت نہیں کرتے تھے (یہ حقیقت میں اپنی خواہشوں کے بندے تھے گمراہی کی باتیں ان کی

خواہشوں کے مطابق تھیں لہٰذا انہیں قبول کرلیا اور وہ اپنی بربادی کا سبب خود بنے) مشرکین سے یہ بھی کہا جائے گا کہ جنہیں تم اپنے خیال میں ہمارا شریک سمجھتے تھے انہیں پکارو! وہ حیرانی کے عالم میں انہیں پکاریں گے لیکن وہ ان کی بات کا جواب نہ دیں گے وہ اپنی ہی مصیبت میں مبتلا ہوں گے کسی کو کیا جواب دیں وَرَاَوُا الْعَذَابَ (اور گمراہی کی دعوت دینے والے اور جنہیں گمراہی کی دعوت دی گئی عذاب کو دیکھ لیں گے) لَوْ اَنَّهُمْ كَانُوْا يَهْتَدُوْنَ (اس وقت وہ آرزو کریں گے کہ ہائے کاش ہم دنیا میں ہدایت پر ہوتے) اور بعض مفسرین نے اس کا یہ مطلب بتایا ہے کہ کاش اس وقت کوئی ایسی تدبیر جان لیتے جس سے یہ عذاب دفع ہوسکتا۔ اگر کوئی تدبیر ہوتی تو اس کو اختیار کر لیتے۔

وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ مَاذَآ اَجَبْتُمُ الْمُرْسَلِيْنَ (اللہ تعالیٰ کی طرف سے پکار کر سوال کیا جائے گا کہ جب تمہیں رسولوں نے تبلیغ حق کی دعوت پہنچائی تو تم نے کیا جواب دیا؟) فَعَمِيَتْ عَلَيْهِمُ الْاَنْبَآءُ يَوْمَئِذٍ (سو ساری خبریں یعنی ہر طرح کے مضامین جن کے ذریعہ جواب دیں سب غائب ہو جائیں گے) اور انہیں کچھ سمجھ میں نہ آئے گا کہ کیا جواب دیں۔ صاحب روح المعانی فرماتے ہیں کہ حضرات انبیاء کرام علیہم السلام سے یہ سوال ہوگا کہ تمہیں کیا جواب دیا گیا (كما فی سورة المائدة يَوْمَ يَجْمَعُ اللّٰهُ الرُّسُلَ فَيَقُوْلُ مَاذَآ اُجِبْتُمْ ؕ قَالُوْا لَا عِلْمَ لَنَا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ تو اس وقت کی حیرانی میں کچھ جواب نہ دے سکیں گے جب اللہ تعالیٰ کے پیاروں کا یہ حال ہوگا تو گمراہ لوگوں کا جو حال ہوگا' ظاہر ہے انہیں بولنے اور جواب دینے کی تاب کہاں ہوسکتی ہے؟ فَهُمْ لَا يَتَسَآءَلُوْنَ (سو وہ آپس میں پوچھ پاچھ نہ کریں گے) کیونکہ اس دن کی وحشت اور مصیبت نے سب کچھ بھلا رکھا ہوگا کوئی کسی سے نہ پوچھے گا کہ کیا جواب دوں شرک اور کفر پر مرنے والوں کا حال بتانے کے بعد ان حضرات کا تذکرہ فرمایا جنہوں نے شرک اور کفر سے توبہ کی اور ایمان اور اعمال صالحہ سے آراستہ ہوئے۔ ارشاد فرمایا فَاَمَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَعَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ مِنَ الْمُفْلِحِيْنَ (یعنی جس نے کفر و شرک سے توبہ کی اور ایمان لایا اور اعمال صالحہ اختیار کیے' سو یہ لوگ کامیابی پانے والوں میں سے ہوں گے۔

وَرَبُّكَ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ وَيَخْتَارُ ؕ مَا كَانَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَتَعٰلٰى عَمَّا

اور آپ کا رب جسے چاہتا ہے پیدا فرماتا ہے اور چاہتا ہے چن لیتا ہے ان لوگوں کو چن لینے کا کوئی حق نہیں ہے' اللہ پاک ہے اور اس سے برتر ہے جو یہ لوگ

يُشْرِكُوْنَ ﴿۶۸﴾ وَرَبُّكَ يَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿۶۹﴾ وَهُوَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ

شرک کرتے ہیں۔ اور آپ کا رب جانتا ہے جسے ان کے سینے چھپاتے ہیں اور جسے یہ لوگ ظاہر کرتے ہیں۔ اور اللہ وہی ہے اس کے سوا

لَهُ الْحَمْدُ فِى الْاُوْلٰى وَالْاٰخِرَةِ ۫ وَلَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۷۰﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ

کوئی معبود نہیں اسی کے لیے سب تعریف ہے دنیا میں اور آخرت میں' اور اسی کے لیے حکم ہے اور تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔ آپ فرما دیجئے تم بتاؤ اگر اللہ

اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ الَّيْلَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِضِيَآءٍ ؕ

قیامت کے دن تک تمہارے اوپر ہمیشہ کے لیے رات ہی کو موجود رکھے تو اللہ کے سوا کون سا معبود ہے جو تمہارے پاس روشنی کو لے آئے،

اَفَلَا تَسْمَعُوْنَ ﴿۷۱﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ النَّهَارَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ

تمہارے پاس روشنی کو لے آئے۔ تو کیا تم نہیں سنتے ؟ اور آپ فرما دیجئے کہ تم یہ بتاؤ کہ اگر اللہ قیامت تک ہمیشہ کیلئے دن ہی کو موجود رکھے تو اللہ کے سوا

مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِلَيْلٍ تَسْكُنُوْنَ فِيْهِ ؕ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ۝ وَمِنْ رَّحْمَتِهٖ جَعَلَ

وہ کون سا معبود ہے جو تمہارے لیے رات کو لے آئے ' اس میں تم آرام کرتے ہو' کیا تم نہیں دیکھتے ؟ اور اس نے اپنی رحمت

لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝

سے تمہارے لیے دن کو اور رات کو بنایا تاکہ تم اس میں آرام کرو اور تاکہ اس کا فضل تلاش کرو اور تاکہ تم شکر ادا کرو ۔

اگر اللہ تعالیٰ رات یا دن کو ہمیشہ باقی رکھتے تو وہ کون ہے جو اس کے مقابلہ میں رات یا دن لا سکے

ان آیات میں اللہ تعالیٰ شانہ کی صفات جلیلہ اور قدرت کاملہ کے مظاہر بیان فرمائے جن میں بندوں پر بھی امتنان ہے۔ پہلی آیت میں فرمایا وَرَبُّكَ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ وَيَخْتَارُ (آپ کا رب جو چاہے پیدا فرمائے اور جسے چاہتا ہے چن لیتا ہے) بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ اس میں ولید بن المغیرہ کی اس بات کا جواب دیا ہے جو اس نے کہا تھا کہ اللہ تعالیٰ کو رسول بھیجنا ہی تھا تو مکہ اور طائف کے شہروں میں سے کسی بڑے آدمی کو بھیجنا چاہیئے تھا (یعنی جو اس کے ذہن میں بڑا تھا) اہل دنیا دنیا داروں ہی کو بڑا سمجھتے ہیں اس لیے ایسی بات کہی اس کا مقصد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کا انکار کرنا تھا اسی کو سورۂ زخرف میں یوں بیان فرمایا ہے وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ ۔ (اور انہوں نے کہا کہ دونوں بستیوں میں سے کسی بڑے آدمی پر یہ قرآن مجید کیوں نازل نہ ہوا؟)

اور بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ یہ مذکورہ بالا آیت یہودیوں کے جواب میں نازل ہوئی۔ انہوں نے کہا تھا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس وحی لانے والا فرشتہ اگر جبرئیل علیہ السلام کے علاوہ کوئی دوسرا فرشتہ ہوتا تو ہم ان پر ایمان لے آتے ان لوگوں کو جواب دیا کہ اللہ تعالیٰ ہی جو چاہتا ہے پیدا فرماتا ہے اور جسے چاہتا ہے چن لیتا ہے اس نے سارے نبیوں کے بعد خاتم النبیین بنانے کے لیے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو چن لیا اور سب فرشتوں میں سے وحی بھیجنے کے لیے حضرت جبرئیل علیہ السلام کو چن لیا اس پر اعتراض کرنے کا کسی کو حق نہیں اور حضرت ابن عباسؓ نے آیت کا یہ مطلب بتایا ہے کہ اللہ تعالیٰ جسے چاہے پیدا فرمائے اور جسے چاہے اپنی اطاعت کے لیے چن لے۔ (ذکرذلک القرطبیؒ فی تفسیرہ) اور بعض حضرات نے یختار کا یہ مطلب بتایا ہے کہ اللہ تعالیٰ جس حکم کو چاہتا ہے پسند فرماتا ہے اور اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ نازل فرما دیتا ہے۔ پہلے جملہ میں یہ بتایا کہ تکوینی امور میں بھی اللہ تعالیٰ کا کوئی شریک نہیں اور تشریعی اختیارات میں بھی اس کا کوئی شریک نہیں۔ اور آیت کریمہ کے عموم لفظی میں یہ سب باتیں داخل ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی رسالت کے لئے جسے چاہا' چن لیا۔ اور جن حضرات کو نبوت سے سرفراز فرمایا ان میں بھی آپس میں ایک دوسرے کو فضیلت دی بعض کو اولو العزم بنایا اور بعض کو بہت بڑی امت عطا فرما دی اور بعض پر ایمان لانے والے تھوڑے ہی سے تھے بعض انبیاء کرام علیہم السلام پر ایک شخص بھی ایمان نہیں لایا۔ حضرت ابراہیم کو خلیل اللّٰہ بنایا اور سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حبیب اللّٰہ بنایا اور معراج کا شرف عطا فرمایا' حضرت موسیٰ علیہ السلام کو مناجات کی فضیلت عطا فرمائی۔ اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو روح اللّٰہ، کلمة اللّٰہ کے ساتھ موصوف فرمایا۔

اسی طرح فرشتوں میں جس کو جو مرتبہ دیا اس میں کوئی دخیل اور شریک نہیں' سورۂ حج میں فرمایا اَللّٰهُ يَصْطَفِيْ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا

(اللہ فرشتوں میں پیغام پہنچانے والے چن لیتا ہے اور انسانوں میں سے بھی)۔

اسی طرح سے جنتوں میں بھی باہم فضیلت ہے جنت الفردوس سب سے اعلیٰ اور افضل ہے آسمانوں میں بھی ایک کو دوسرے پر برتری عطا فرمائی اور زمین کے خطوں میں بھی ایک دوسرے کو فضیلت دی کعبہ شریف کے لیے مکہ معظمہ کو منتخب فرمالیا اور مسجد نبوی میں بھی ایک حصہ کو روضة من ریاض الجنة قرار دے دیا اور مدینہ منورہ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مسکن اور مدفن بنایا۔

جو لوگ اہل علم ہیں ان میں بھی کسی کو بہت زیادہ علم دیا کسی سے دین کی خدمت بہت لی، کسی کو مفسر کسی کو محدث کسی کو مفتی اور فقیہ بنایا، کسی کی طرف بہت زیادہ رجوع عطا فرمایا طلبہ وتلامذہ کی ہزاروں کی تعداد ہوگئی کسی سے بہت بڑا مدرسہ قائم کروا دیا اور اس کی طرف امت کا رجوع عام کر دیا، کسی کو کتابیں لکھنے کی توفیق زیادہ دے دی پھر اسکی کتابوں کو مقبولیت عامہ نصیب فرما دی۔ وھلم جر الی ما لا یعدو لا یحصیٰ۔

مَا كَانَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ (لوگوں کو چن لینے اور اختیار کرنے کا کوئی حق نہیں) اللہ نے جسے چاہا فضیلت دے دی اور جو حکم چاہا بھیج دیا یہ سب کچھ اسی کے اختیار میں ہے۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَتَعَالٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ اللہ پاک ہے اور برتر ہے اس سے جو وہ شرک کرتے ہیں)

دوسری آیت میں اللہ تعالیٰ جل شانہ کی صفت علم کو بیان فرمایا اور فرمایا کہ آپ کا رب وہ سب کچھ جانتا ہے جسے لوگ اپنے سینوں میں چھپاتے ہیں اور جو کچھ ظاہر کرتے ہیں لہٰذا کوئی شخص یہ نہ سمجھے کہ میں نے جو کچھ اپنے دل میں بات رکھی ہے وہ اللہ تعالیٰ کے علم میں نہیں ہے اسے ظاہراً اور باطناً ہر چیز اور ہر بات کا پورا پورا علم ہے۔

تیسری آیت میں اللہ تعالیٰ کی وحدانیت بیان فرمائی اور صفات جلیلہ وجمیلہ سے اس کا متصف ہونا ذکر فرمایا۔ ارشاد ہے وَهُوَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لَهُ الْحَمْدُ فِي الْاُوْلٰى وَالْاٰخِرَةِ وَلَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ (اور اللہ وہی ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں اسی کے لیے سب تعریف ہے دنیا میں اور آخرت میں اور اسی کے لیے حکم ہے اور تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے) تمام تعریفوں کا وہی مستحق ہے دنیا میں بھی آخرت میں بھی، اسی کا فیصلہ حق ہے دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی، اور اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے اسے سب کا حال معلوم ہے وہ اپنے علم کے مطابق فیصلے فرمائے گا اور جزا وسزا دے گا۔

چوتھی پانچویں، چھٹی آیت میں اللہ تعالیٰ جل شانہ نے بندوں کو اپنی دو بڑی نعمتیں یاد دلائیں اور فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہیں دن بھی دیا ہے اور رات بھی دی ہے یہ محض اس کا فضل ہے اور اسی کی قدرت سے لیل و نہار کا آنا جانا ہے وہ اگر چاہے تو قیامت تک ہمیشہ رات ہی رات کر دے، دن کبھی نہ آئے اور دن کی روشنی سے تم بالکل محروم ہو جاؤ، اسی طرح اگر وہ ہمیشہ ہمیشہ قیامت تک دن ہی دن رکھے رات نہ لائے جس میں تم آرام کرتے ہو تو تم کیا کر سکتے ہو؟ چونکہ مشرکین غیر اللہ کو بھی عبادت میں شریک کرتے تھے جبکہ انہیں کچھ قدرت اور اختیار نہیں اس لئے پہلی جگہ یوں فرمایا کہ مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِضِيَآءٍ کہ اللہ کے سوا کون معبود ہے جو روشنی لے آئے) اور دوسری جگہ فرمایا مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِلَيْلٍ تَسْكُنُوْنَ فِيْهِ (کہ اللہ کے سوا کون سا معبود ہے جو رات کو لے آئے جس میں تم آرام کرتے ہو) یہ بطور استفہام انکاری ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں ہے جو رات کو دن سے بدل دے اور دن کو رات سے بدل دے، تم عقل اور فہم اور سمع وبصر سے کام کیوں نہیں لیتے؟

رات اور دن کے آگے پیچھے آنے جانے میں فوائد تو بہت ہیں لیکن دن میں معاش حاصل کرنا اور رات کو آرام کرنا دونوں عظیم فائدے ہیں، ان کو اجمالاً آخری آیت میں بطور یاد دہانی مکرر بیان فرمایا چنانچہ ارشاد ہے وَمِنْ رَّحْمَتِهٖ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَ

لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ (اور اس کی رحمت سے یہ بات ہے کہ اس نے تمہارے لیے رات کو بنایا اور دن کو بنایا تا کہ رات کو تم آرام کرو اور دن میں اس کا فضل تلاش کرو اور تا کہ تم شکر ادا کرو)

عام طور پر کسب اموال اور تحصیل رزق کے لیے دن ہی کو اختیار کیا جاتا ہے اور رات کو سکون حاصل ہوتا ہے ان دونوں کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کا شکر گزار رہنا لازم ہے اسی لیے آخر میں وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ فرمایا۔

وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿۷۴﴾ وَنَزَعْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ

اور جس دن وہ ان سے فرمائے گا کہ میرے شرکاء کہاں ہیں جنہیں تم شریک سمجھتے تھے اور ہم ہر امت میں سے ایک ایک گواہ نکال کر لائیں گے۔ پھر ہم

شَهِيْدًا فَقُلْنَا هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ فَعَلِمُوْٓا اَنَّ الْحَقَّ لِلّٰهِ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۷۵﴾

کہیں گے کہ اپنی دلیل پیش کرو۔ سو انہیں معلوم ہو جائے گا کہ سچی بات اللہ ہی کی ہے اور وہ جو کچھ جھوٹی باتیں گھڑا کرتے تھے وہ سب گم ہو جائیں گی۔

ع ۱۵ ۱۰

قیامت کے دن ہر امّت میں سے گواہ لانا اور شرک کی دلیل طلب فرمانا

یہ دو آیات ہیں پہلی آیت کے الفاظ تو مکرر ہیں لیکن سیاق کے اعتبار سے مقام مختلف ہے۔ پہلے تو یہ فرمایا تھا کہ جب ان لوگوں سے یہ سوال ہوگا کہ میرے شرکاء کہاں ہیں؟ جنہیں تم میرا شریک بناتے تھے تو اس پر وہ لوگ جواب دیں گے جنہوں نے انہیں بہکایا تھا اور گمراہ کیا کہ اے ہمارے رب ہم نے انہیں گمراہ کیا جیسے ہم گمراہ ہوئے ہم نے بہکایا تو تھا لیکن زبردستی نہیں کی تھی ہم بھی بہکے ان کو بھی بہکایا ہم ان سے بیزاری ظاہر کرتے ہیں اور یہاں دوسری جگہ جو آیت شریفہ کو دوبارہ ذکر فرمایا ہے وہ بعد والی آیت کی تمہید ہے یعنی جب انہیں پکارا جائے گا تو ان سے جواب نہ بن پڑے گا اور ہر امت کا نبی ان پر گواہی دے گا کہ یہ لوگ دنیا میں کافر تھے' مشرک تھے ایمان لانے سے منکر تھے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہوگا کہ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ (کہ تم اپنی دلیل لے آؤ) اول تو ان کے نبی کی ان کے خلاف گواہی ہوگی پھر اپنے شرک اور کفر پر کوئی دلیل نہ لا سکیں گے اور اس وقت انہیں عین الیقین کے طور پر معلوم ہو جائے گا کہ اللہ تعالیٰ ہی کی بات سچی تھی جو انبیاء کرام علیہم السلام کے ذریعہ پہنچی تھی اور ہمارا کفر شرک پر جمار ہنا جہالت اور ضلالت پر مبنی تھا جب دنیا میں کہا جاتا تھا کہ کفر و شرک سے بچو تو بڑی کٹ حجتی سے پیش آتے تھے اور جھوٹی جھوٹی باتوں کو دلیل کے طور پر پیش کیا کرتے تھے آج قیامت کے دن دلیل کا سوال ہوگا تو وہ سب باتیں جو دنیا میں تراشتے تھے اور جھوٹے بناتے تھے سب گم ہو جائے گا۔

اِنَّ قَارُوْنَ كَانَ مِنْ قَوْمِ مُوْسٰى فَبَغٰى عَلَيْهِمْ ۪ وَاٰتَيْنٰهُ مِنَ الْكُنُوْزِ مَآ اِنَّ مَفَاتِحَهٗ

بلاشبہ قارون موسیٰ کی قوم میں سے تھا سو وہ ان کے مقابلہ میں تکبر کرنے لگا اور ہم نے اسے خزانوں میں سے اس قدر دیا تھا کہ اس کی چابیاں

لَتَنُوْٓاُ بِالْعُصْبَةِ اُولِى الْقُوَّةِ ۗ اِذْ قَالَ لَهٗ قَوْمُهٗ لَا تَفْرَحْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْفَرِحِيْنَ ﴿۷۶﴾

ایسی جماعت کو گراں بار کر دیتی تھیں جو قوت والے لوگ تھے جبکہ اس کی قوم نے اس سے کہا کہ تو مت اترا بلاشبہ اللہ اترانے والوں کو پسند نہیں فرماتا

وَابْتَغِ فِيْمَآ اٰتٰىكَ اللّٰهُ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ وَلَا تَنْسَ نَصِيْبَكَ مِنَ الدُّنْيَا وَاَحْسِنْ كَمَآ

اور اللہ نے تجھے جو کچھ دیا ہے اس میں دار آخرت کی جستجو کرتا رہ اور دنیا میں سے اپنا حصہ فراموش مت کر اور جیسے اللہ نے تیرے ساتھ احسان کیا ہے

اَحْسَنَ اللّٰهُ اِلَيْكَ وَلَا تَبْغِ الْفَسَادَ فِي الْاَرْضِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ۞ قَالَ اِنَّمَآ

اسی طرح تو بھی احسان کر، اور زمین میں فساد کو تلاش مت کر، بے شک اللہ فساد کرنے والوں کو پسند نہیں فرماتا۔ وہ کہنے لگا کہ مجھے جو

اُوْتِيْتُهٗ عَلٰى عِلْمٍ عِنْدِيْ ؕ اَوَلَمْ يَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَهْلَكَ مِنْ قَبْلِهٖ مِنَ الْقُرُوْنِ

کچھ دیا گیا ہے یہ تو صرف میرے علم کی وجہ سے ہے جو میرے پاس ہے، کیا اس نے نہیں جانا کہ بلاشبہ اللہ نے اس سے پہلے کتنی ہی جماعتوں کو ہلاک کر دیا

مَنْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُ قُوَّةً وَّ اَكْثَرُ جَمْعًا ؕ وَلَا يُسْئَلُ عَنْ ذُنُوْبِهِمُ الْمُجْرِمُوْنَ ۞

جو قوت میں اس سے زیادہ سخت تھیں اور اس سے زیادہ جتھہ والی تھیں اور مجرموں سے ان کے گناہوں کے بارے میں سوال نہ کیا جائے گا۔

فَخَرَجَ عَلٰى قَوْمِهٖ فِيْ زِيْنَتِهٖ ؕ قَالَ الَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا يٰلَيْتَ لَنَا مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ

سو وہ اپنی قوم کے سامنے اپنی ٹھاٹھ باٹھ میں نکلا جو لوگ دنیا والی زندگی کے طالب تھے وہ کہنے لگے کاش ہمارے لیے بھی ایسا ہی مال ہوتا جیسا

قَارُوْنُ ۙ اِنَّهٗ لَذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ۞ وَقَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ وَيْلَكُمْ ثَوَابُ اللّٰهِ

قارون کو دیا گیا ہے بلاشبہ وہ بڑے نصیب والا ہے۔ اور جن لوگوں کو علم دیا گیا تھا انہوں نے کہا تمہارے لیے ہلاکت ہے اللہ کا ثواب اس شخص

خَيْرٌ لِّمَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ۚ وَلَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا الصّٰبِرُوْنَ ۞ فَخَسَفْنَا بِهٖ وَبِدَارِهِ

کے لیے بہتر ہے جو ایمان لایا اور نیک عمل کئے اور یہ بات انہی کے دلوں میں ڈالی جاتی ہے جو صبر کرنے والے ہوں سو ہم نے قارون کو اور اس کے گھر

الْاَرْضَ ۫ فَمَا كَانَ لَهٗ مِنْ فِئَةٍ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۗ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُنْتَصِرِيْنَ ۞

کو زمین میں دھنسا دیا، سو کوئی بھی جماعت نہ تھی جو اس کی مدد کر کے اللہ سے بچا لیتی اور وہ خود بھی اپنی مدد کرنے والا نہ تھا۔

وَاَصْبَحَ الَّذِيْنَ تَمَنَّوْا مَكَانَهٗ بِالْاَمْسِ يَقُوْلُوْنَ وَيْكَاَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ

اور کل گزشتہ جو لوگ آرزو کر رہے تھے کہ ہم بھی اس جیسے ہو جاتے صبح ہونے پر کہنے لگے کہ ارے! بات یہ ہے کہ بلاشبہ اللہ تعالیٰ اپنا رزق

يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ ۚ لَوْلَآ اَنْ مَّنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا لَخَسَفَ بِنَا ؕ وَيْكَاَنَّهٗ

اپنے بندوں میں سے جسے چاہے زیادہ دے اور جس پر چاہے رزق تنگ کر دے اگر اللہ ہم پر احسان نہ فرماتا تو ہمیں بھی دھنسا دیتا، ارے

لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ۞

بات یہ ہے کہ کافر لوگ کامیاب نہیں ہوتے۔

ع ۸

قارون کا اپنے مال پر اِترانا' دنیاداروں کا اس کا مال دیکھ کر ریجھنا اور قارون کا اپنے گھر کے ساتھ زمین میں دھنس جانا

ان آیات میں قارون کا اور اسکی مالداری کا اور بغاوت اور سرکشی کا اور زمین میں دھنسائے جانے کا ذکر ہے یہ تو قرآن مجید میں ذکر ہے کہ وہ موسیٰ علیہ السلام کی قوم میں سے تھا اور بعض حضرات نے یہ بھی فرمایا ہے کہ وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے چچا کا لڑکا تھا اور ایک قول یہ ہے کہ ان کا چچا تھا اور ایک قول یہ ہے کہ ان کی خالہ کا لڑکا تھا یہ سب اسرائیلی روایات ہیں' اللہ تعالیٰ جل شانہ نے اسے اتنا زیادہ مال دیا تھا کہ اس کے خزانوں کا اٹھانا تو بہت دور کی بات ہے اس کے خزانوں کی کنجیاں اتنی زیادہ تھیں کہ قوت والی ایک جماعت کو ان چابیوں کے اٹھانے میں بوجھ محسوس ہوتا تھا جب مال زیادہ ہوتا ہے تو انسان کو تکبر ہو جاتا ہے اور مال کے غرور میں پھولا نہیں سماتا' قارون نے اپنے مال کی وجہ سے بنی اسرائیل پر بغاوت کی یعنی فخر کیا اور ان کو حقیر جانا اپنے مال پر اترانے لگا۔ اس کی قوم نے اس سے کہا کہ دیکھ تو اترا مت بلاشبہ اللہ تعالیٰ اترانے والوں کو پسند نہیں کرتا اور تجھے جو اللہ تعالیٰ نے مال دیا ہے تو اسکے ذریعہ دار آخرت کا طالب بن جا' یعنی اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرتا رہ' تا کہ یہ مال موت کے بعد تیرے کام آئے کیونکہ سب مال یہیں اسی دنیا میں دھرا رہ جائے گا ہاں جس نے آگے بھیج دیا اس کا آگے بھیجا ہوا مال کام دے گا جو مال آخرت کے لیے نہ بھیجا' وہ پیچھے رہ جانے والے لوگوں کو مل جائے گا پھر ایسی بیوقوفی کیوں کرے کہ دوسرے لوگ اپنے چھوڑے ہوئے مال سے گل چھڑے اڑائیں اور آخرت میں خود خالی ہاتھ حاضر ہو جائے اور بخیل بن کر اللہ تعالیٰ کے قوانین کے مطابق مال کو خرچ نہ کر کے اپنے ہی مال کو اپنے لیے وبال اور باعث عذاب بنا لے۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے کہ بندہ کہتا ہے کہ میرا مال میرا مال حالانکہ اس کا صرف وہ ہے جو تین کاموں میں لگ گیا جو کھایا اور فنا کیا اور جو پہنا اور پرانا کر دیا اور جو اللہ کی رضا کے لیے دے دیا' سو اس نے اپنے لیے ذخیرہ بنا لیا اور اسکے سوا جو کچھ بھی ہے اسے لوگوں کے لیے چھوڑ کر چلا جائے گا (یعنی مر جائے گا۔ (رواہ مسلم ص ۳۰۷ ج ۲) حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے (حاضرین سے) سوال فرمایا کہ تم میں ایسا کون ہے جسے اپنے مال کی بہ نسبت اپنے وارث کے مال سے زیادہ محبت ہو؟ صحابہ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ! ہم میں سے ایسا تو کوئی بھی نہیں جسے اپنے مال کی بہ نسبت اپنے وارث کے مال سے زیادہ محبت ہو۔ آپ نے فرمایا اب تم سمجھ لو کہ اپنا مال وہ ہے جو آگے بھیج دیا یعنی اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے خرچ کر دیا تا کہ آخرت میں ثواب ملے) اور وارث کا مال وہ ہے جو اپنے پیچھے چھوڑ کر چلا گیا۔ (یعنی موت آنے پر خود اسی کا مال اس کے وارثوں کا ہو جائے گا) اب ہر شخص سوچ لے کہ اللہ تعالیٰ کی رضامندی کے لیے مال خرچ کرنے میں کنجوسی کرنا اور اس مال کو وارثوں کے لیے چھوڑ جانا یہ اپنے مال سے محبت نہ ہوئی بلکہ وارث کے مال سے محبت ہوئی)۔

انسان کا یہ عجب مزاج ہے کہ جتنا زیادہ مال ہو جائے اسی قدر کنجوس ہوتا چلا جاتا ہے یعنی اللہ تعالیٰ کی رضامندی کے لیے خرچ نہیں کرتا ایک فیکٹری کے بعد دوسری فیکٹری کروڑوں میں خریدے گا اور اگر کوئی سائل آ جائے تو سو پچاس ہاتھ پر رکھ دے گا اگر مسجد و مدرسہ میں خرچ کرنے کے لیے کہا جائے تو سو پچاس روپے سے زیادہ کی ہمت نہیں کرے گا مالدار اکثر دنیادار ہوتے ہیں آگے بھی دنیا پیچھے بھی دنیا' سوتے بھی دنیا جاگتے بھی دنیا اگر نماز پڑھنے لگے تو اس میں بھی دکان کا حساب لگانے کا دھیان' امپورٹ اور ایکسپورٹ کے بارے میں غور و فکر۔

قارون کی قوم نے یہ بھی کہا کہ وَلَا تَنْسَ نَصِيْبَكَ مِنَ الدُّنْيَا (کہ دنیا میں سے اپنے حصہ کو مت بھول جا) یعنی اس دنیا میں سے اپنا حصہ لے لے جو آخرت میں تیرے کام آئے' دنیا میں سے اپنا حصہ وہی ہے جو آخرت کے لیے بھیج دیا' وہاں جائیں گے تو وہ مل جائے گا۔ سورۂ مزمل میں فرمایا وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ (اور جو کچھ اپنی جانوں کے لیے پہلے سے بھیج دو گے اسے اللہ کے پاس لو گے)۔

بعض مفسرین نے وَلَا تَنْسَ نَصِيْبَكَ مِنَ الدُّنْيَا کا یہی مطلب بتایا ہے جو ہم نے ابھی ذکر کیا۔ اس معنی کے اعتبار سے یہ جملہ پہلے جملہ کی تاکید ہوگا اور بعض حضرات نے اس کا یہ مفہوم بتایا ہے کہ اپنے مال کو دنیا میں بھی اپنی جان پر خرچ کرلے کھالے پی لے اور معاش کی ضروریات میں خرچ کرلے لیکن پہلا معنی اقرب اور راجح ہے کیونکہ کسی مالدار کو جو مال پر اتراتا ہو اس بات کی تلقین کرنے کی ضرورت نہیں کہ تو اپنی دنیا سے اپنے اوپر بھی خرچ کرلے وَاَحْسِنْ كَمَآ اَحْسَنَ اللّٰهُ اِلَيْكَ (اور تو اللہ کی مخلوق کے ساتھ احسان کر جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے تجھ پر احسان فرمایا) وَلَا تَبْغِ الْفَسَادَ فِي الْاَرْضِ (اور زمین میں فساد کا خواہاں مت ہو) یعنی اللہ تعالیٰ کے مقرر فرمودہ حقوق اور فرائض سے جان مت چرا اور گناہوں میں خرچ نہ کر' ریا کاری کے کاموں میں نہ لگا کیونکہ یہ زمین میں فساد برپا کرنے کی چیزیں ہیں۔ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ (بلاشبہ اللہ فساد کرنے والوں کو پسند نہیں فرماتا قوم نے جو فساد سے بچنے اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرنے کی نصیحت کی تھی اس جواب میں قارون نے کہا اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ عَلٰى عِلْمٍ عِنْدِيْ (کہ یہ جو کچھ تم کہہ رہے ہو کہ اللہ تعالیٰ نے میرے ساتھ احسان فرمایا ہے مجھے مال دیا ہے میں اس بات کو نہیں مانتا مجھے تو یہ مال میری دانش مندی اور ہنر مندی کی وجہ سے ملا ہے۔ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ قارون سونا بنانے کی صنعت یعنی کیمیا گری سے واقف تھا اور بعض حضرات نے فرمایا کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ میں نے تجارت کے طریقوں سے اور کسب اموال کے مختلف ذرائع سے یہ مال کمایا ہے۔ (قرطبیؒ) پس جب میری محنتوں سے ملا ہے تو مجھے اختیار ہونا چاہیے کہ اپنا مال جہاں لگاؤں جس طرح لگاؤں اور کسی کو دوں یا نہ دوں۔ اللہ جل شانہ نے فرمایا: اَوَلَمْ يَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَهْلَكَ مِنْ قَبْلِهٖ مِنَ الْقُرُوْنِ مَنْ هُوَ اَشَدُّ قُوَّةً وَّاَكْثَرُ جَمْعًا (کیا اس نے نہیں جانا کہ بلاشبہ اللہ نے اس سے پہلے کتنی ہی جماعتوں کو ہلاک کر دیا جو قوت میں اس سے زیادہ سخت تھیں اور جتھہ کے اعتبار سے زیادہ تھیں قارون نے اپنے مالدار ہونے کے گھمنڈ میں یوں کہہ دیا کہ میرے پاس جو کچھ مال ہے میری ہنر مندی سے ملا ہے اور اللہ تعالیٰ کی داد و دہش کا منکر ہو گیا اور ناشکری پر تل گیا ناشکروں کا برا انجام ہوتا رہا ہے کیا اسے یہ پتہ نہ تھا کہ اللہ تعالیٰ اس سے پہلے بھی بہت سی ایسی جماعتوں کو ہلاک فرما چکا ہے جو مالی قوت میں بھی اس سے زیادہ تھیں اور مجمع کثیر ہونے کے اعتبار سے بھی' جب اللہ تعالیٰ کی طرف سے گرفت ہوئی تو ان کے اموال اور جماعت اور جتھہ کچھ بھی کام نہ آیا۔

وَلَا يُسْئَلُ عَنْ ذُنُوْبِهِمُ الْمُجْرِمُوْنَ (اور مجرموں سے ان کے گناہوں کے بارے میں سوال نہ ہوگا) یعنی ان سے گناہوں کی تصدیق کے طور پر یہ نہ پوچھا جائے گا کہ تم نے جرم کیا ہے یا نہیں؟ اللہ تعالیٰ کو تمام مجرمین کے گناہوں کی خبر ہے اور فرشتوں نے جو صحائف اعمال لکھے تھے ان میں بھی سب کچھ موجود ہے لہٰذا اس نوع کا سوال نہ ہوگا کہ اقرار کرلیں تو عذاب دیا جائے بلکہ جو سوال ہوگا (جس کا بعض آیات میں ذکر ہے) وہ سوال زجر و توبیخ کے لیے ہوگا۔

فَخَرَجَ عَلٰى قَوْمِهٖ فِيْ زِيْنَتِهٖ (الیٰ اٰخر الاٰ یات الاربع) قارون کو اپنے مال پر فخر بھی تھا تکبر بھی تھا ایک دن ریا کاری کے طور پر مالی حیثیت دکھانے کے لیے ٹھاٹھ باٹھ ساز و سامان کے ساتھ نکلا (جیسے اس دور میں مالدار لوگ بعض علاقوں میں ہاتھی پر بیٹھ کر بازاروں

میں نکلتے ہیں اور بعض لوگ بلاضرورت بڑی بڑی کوٹھیاں بناتے ہیں پھر ریا کاری کے لیے لوگوں کی دعوتیں کرتے ہیں اور آنے والوں کو مختلف کمرے اور ان کا ساز و سامان دکھاتے پھرتے ہیں حد یہ ہے کہ بیٹی کو جو جہیز دیتے ہیں وہ بھی ریا کاری کے طور پر گاڑی کے ساتھ آگے پیچھے اس طرح روانہ کرتے ہیں کہ ایک ایک چیز کو ایک ایک مزدور ہاتھ میں لے کر یا رکھ کر گزرتا ہے پھر جب لڑکی کی سسرال میں سامان پہنچتا ہے تو آنے جانے والوں کو دکھانے کے لیے گھر سے باہر سجاتے ہیں۔

جب قارون زینت کی چیزیں لے کر نکلا اور لوگوں کو لمبا جلوس نظر آیا تو ان کی رال ٹپکنے لگی کہنے لگے اے کاش ہمارے پاس بھی اسی طرح کا مال ہوتا جیسا کہ قارون کو دیا گیا ہے بے شک وہ بڑا نصیب والا ہے یہ بات سن کر اہل علم نے کہا (جو دنیا کی بے ثباتی اور آخرت کے اجور کی بقا کو جانتے تھے) کہ تمہارا انجام برا ہو تم دنیا دیکھ کر للچا گئے یہ تو حقیر اور فانی تھوڑی سی دنیا ہے اصل دولت ہے ایمان کی اور اعمال صالحہ کی۔ جو شخص ایمان لائے اور اعمال صالحہ کو اختیار کرے اس کے لیے اللہ کا ثواب بہتر ہے۔ (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ادنیٰ درجہ کے جنتی کو جنت میں اتنی وسیع جنت دی جائے گی جو اس پوری دنیا اور جو کچھ اس میں ہے اور اس سے دس گنا ہوگی۔ اسی سے دوسری نعمتوں کا اندازہ کر لیا جائے) **وَلَا يُلَقّٰهَآ اِلَّا الصّٰبِرُوْنَ** (اور یہ بات جو بیان کی گئی کہ اہل ایمان اور اعمال صالحہ والوں کے لیے اللہ کا ثواب بہتر ہے یہ بات انہی بندوں کے دلوں میں ڈالی جاتی ہے جو طاعات اور عبادات پر جمے رہتے ہیں اور معاصی سے بچتے ہیں۔ قارون کروفر کیساتھ نکلا اہل دنیا دیکھنے والے اس پر ریجھ گئے اب اس پر اللہ تعالیٰ کی گرفت کا وقت آ گیا۔ اللہ تعالیٰ نے اسے اور اس کے گھر کو زمین میں دھنسا دیا نہ مال کام آیا نہ جماعت کام آئی نہ نوکروں اور چاکروں نے مدد کی اور نہ خود کوئی تدبیر کر سکا تاکہ اللہ کے عذاب سے بچ جاتا۔

جب صبح ہوئی تو لوگ دیکھ رہے ہیں کہ کہاں گیا قارون اور کہاں گیا اس کا گھر نہ خود ہے نہ گھر ہے وہ خود اور اس کا گھر زمین کا لقمہ بن چکے ہیں اب تو وہ لوگ کہنے لگے جو کل اس کے جیسا مالدار ہونے کی آرزو کر رہے تھے کہ سمجھ میں آ گیا کہ کل جو ہم قارون جیسا ہونے کی آرزو کر رہے تھے یہ ہماری بے وقوفی تھی اصل بات یہ ہے کہ اللہ اپنے بندوں میں سے جس کو چاہے زیادہ رزق دے دے اور جس کے لیے چاہے تنگ کر دے' مالداری نہ تو اللہ تعالیٰ کا مقبول بندہ ہونے کی دلیل ہے اور نہ ایسی چیز ہے کہ مالداروں کی مالداری پر رشک کیا جائے' یہ تو اچھا ہوا کہ ہماری آرزو کے مطابق اللہ تعالیٰ نے ہمیں قارون جیسا مال کثیر عطا نہیں فرمایا اگر ہمیں مال مل جاتا تو ہم بھی اسی کی طرح اتراتے اور زمین میں دھنسا دیئے جاتے' یہ اللہ تعالیٰ کا احسان ہے کہ اس نے مال کثیر نہ دے کر ہم پر کرم فرمایا اور زمین میں دھنسانے سے بچا لیا وہ لوگ آخر میں اظہار ندامت کے طور پر کہنے لگے واقعی بات یہ ہے کہ کافر کامیاب نہیں ہوتے اب ایمان اور عمل صالح کی قدر ہوئی۔ کافروں کی چہل پہل مال و دولت پر کبھی نہ جائیے ان کے اموال اور احوال کو کبھی نظر میں نہ لائیے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے کہ ہرگز کسی فاجر کی نعمت پر رشک نہ کر کیونکہ تو نہیں جانتا کہ موت کے بعد اسے کس مصیبت سے ملاقات کرنا ہے بلاشبہ اس کے لیے اللہ کے نزدیک ایک قاتل ہے جسے کبھی موت نہ آئے گی یہ قاتل دوزخ کی آگ ہے (وہ اسی میں ہمیشہ رہے گا)۔ (کذا فی المشکوٰۃ ص ۴۴۷ از شرح السنہ)

جب کافروں کو دوزخ میں جانا ہے تو اس کی دولت کو دیکھ کر للچانا کسی طرح بھی زیب نہیں دیتا مؤمن بندے جنت کے طالب ہیں اسی کے لیے عمل کرتے ہیں ان کے نظر میں کافر کے دولت کی کوئی حیثیت نہیں ہوتی۔

فائدہ......... قارون کے واقعہ کا گزشتہ مضامین سے ربط کیا ہے اس کے بارے میں بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ شروع سورت میں جو **نَتْلُوْا عَلَيْكَ مِنْ نَّبَاِ مُوْسٰى** فرمایا تھا یہ اسی سے متعلق ہے' سورت کے شروع میں موسیٰ علیہ السلام کا واقعہ بتایا

اور سورت کے ختم کے قریب قوم کے ایک شخص کی مالداری اور بربادی کا تذکرہ فرمایا اور بعض حضرات نے فرمایا کہ اس کا ربط آیت کریمہ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا سے ہے قارون کو مالداری اور دنیاداری اور بربادی کی ایک نظیر پیش فرما کر یہ بتادیا کہ اہل دنیا کا برا انجام ہوتا ہے۔ (روح المعانی)

قوله تعالیٰ ويكان الله ويكانه قال صاحب الروح ووَى عند الخليل وسيبويه اسم فعل ومعنا ها اعجب وتكون للتحسر والتندم ايضا كما صرحوا به و عن الخليل ان القوم ندموا فقالوا وى اى امتندمين على ما سلف منهم و كل من ندم و اراد اظهار ندمه قال وى و لعل الاظهر ارادة التعجب بان يكونوا تعجبوا اولا مما وقع و قالوا ثانيا كان الخ و كان فيه عارية عن معنى التشبيه جئ بها للتحقيق (ص ۱۲۴ ج ۲۰) (اللہ تعالیٰ کا ارشاد وَيْكَاَنَّهٗ اس کے بارے میں تفسیر روح المعانی کے مصنف فرماتے ہیں خلیل اور سیبویہ کے نزدیک ''وَی'' اسم بمعنی فعل ہے اور اس کا معنی ہے ''اَعْجَب'' ''مجھے تعجب ہے'' اور یہ وَی حسرت وندامت کے اظہار کے لئے بھی آتا ہے جیسا کہ اہل علم نے اس کی صراحت کی ہے۔ خلیل کہتے ہیں کہ قوم والے پشیمان ہوئے اور کہنے لگے ''وَی'' یعنی جو کچھ ان سے ہو چکا اس پر ندامت کرتے ہیں اور ہر آدمی جو پشیمان ہوا اور اس نے اپنی ندامت ظاہر کرنا چاہی تو کہتا ہے ''وَی'' اور اس سے زیادہ ظاہر یہ کہ اس سے مراد تعجب ہو اس طرح کہ جو واقعہ پیش آیا پہلے انہوں نے اس پر تعجب کیا اور پھر کہا ''کَاَنَّ'' تشبیہ کے معنی سے خالی ہوگا اور تحقیق کے لئے استعمال کیا گیا ہے۔)

تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِيْنَ لَا يُرِيْدُوْنَ عُلُوًّا فِي الْاَرْضِ وَلَا فَسَادًا ؕ وَالْعَاقِبَةُ

یہ آخرت کا گھر ہم اسے ان لوگوں کے لیے خاص کر دیں گے جو زمین میں بلندی اور فساد کا ارادہ نہیں کرتے اور اچھا نتیجہ متقیوں

لِلْمُتَّقِيْنَ ۝ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا ۚ وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزَى

کے لیے ہے۔ جو شخص نیکی لے کر آئے گا سو اسکے لیے اس سے بہتر بدلہ ملے گا، اور جو شخص بدی لے کر آئے گا سو جن لوگوں

الَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝

نے برے عمل کیے انہیں انہی اعمال کا بدلہ دیا جائے گا جو وہ لوگ کیا کرتے تھے۔

آخرت کا گھر ان لوگوں کے لیے ہے جو زمین میں بلندی اور فساد کا ارادہ نہیں کرتے

یہ دو آیتیں ہیں پہلی آیت میں یہ بتایا کہ دار آخرت یعنی موت کے بعد جو مؤمنین صالحین کو ٹھکانہ ملے گا اسے ہم انہیں لوگوں کے لیے خاص کر دیں گے جو زمین میں بڑائی، برتری اور بلندی کا ارادہ نہیں کرتے اور فساد کو نہیں چاہتے اور اچھا انجام متقیوں ہی کا ہے بندوں کو تواضع کے ساتھ رہنا لازم ہے، ساری بڑائی خالق اور مالک ہی کے لیے ہے جس نے سب کو پیدا فرمایا۔ اس کی بڑائی اور کبریائی کے سامنے ہر بندہ کو جھک جانا لازم ہے جن لوگوں کو جتنی زیادہ معرفت حاصل ہوتی ہے ان میں اسی قدر تواضع ہوتی ہے جو لوگ دنیا میں بڑا بننا چاہتے ہیں اس بڑائی کے حاصل کرنے کے لیے بہت سے گناہ کرتے ہیں اللہ کی مخلوق کو ستاتے ہیں دکھ دیتے ہیں قتل تک کرواتے ہیں، اللہ تعالیٰ کے احکام کو پامال کرتے ہیں ظاہر ہے کہ یہ لوگ اپنے لئے دار آخرت یعنی جنت سے محرومی ہی کا انتظام کرتے ہیں پھر دنیا میں بھی انہیں وہ عزت حاصل نہیں ہوتی جو اللہ کی رضا چاہنے والوں کو حاصل ہوتی ہے اگر لوگ دنیاوی اقتدار کے دباؤ میں

کچھ نہ کہیں تو دلوں سے تو برا سمجھتے ہی ہیں۔

تواضع کی منفعت اور تکبر کی مذمت............رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس نے اللہ کے لیے تواضع اختیار کی اللہ اسے بلند فرما دے گا وہ اپنے نفس میں چھوٹا ہوگا اور لوگوں کی آنکھوں میں بڑا ہوگا اور جس نے تکبر اختیار کیا اللہ اسے گرا دے گا پس وہ لوگوں کی نظروں میں چھوٹا ہوگا اور اپنے نفس میں بڑا ہوگا (لوگوں کے نزدیک اس کی ذلت کا یہ حال ہوگا کہ) وہ کتے اور خنزیز سے بڑھ کر ان کے نزدیک ذلیل ہوگا۔ (مشکوۃ المصابیح ص ۴۳۴) ایک حدیث میں ہے کہ دوزخ میں کوئی ایسا شخص داخل نہ ہوگا جس کے دل میں رائی کے دانہ کے برابر ایمان ہوگا اور کوئی ایسا شخص جنت میں داخل نہ ہوگا جس کے دل میں رائی کے دانہ کے برابر تکبر ہوگا۔ (مشکوۃ المصابیح ص ۴۳۳ از مسلم)

نیز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ قیامت کے دن تکبر کرنے والے انسانی صورتوں میں چیونٹیوں کے برابر چھوٹے چھوٹے جسموں میں جمع کیے جائیں گے انہیں دوزخ کے جیل خانہ کی طرف ہنکا کر لے جایا جائے گا جس کا نام بولس ہے ان کے اوپر آگوں کو جلانے والی آگ چڑھی ہوئی ہوگی ان لوگوں کو طینۃ الخبال (یعنی دوزخیوں کے جسموں کا نچوڑ) پلایا جائے گا۔ (رواہ الترمذی)

تکبر بری بلا ہے شیطان کو لے ڈوبا اس کی راہ پر چلنے والے انسانوں کو بھی برباد کر دیتا ہے دوسری آیت میں یہ بتایا کہ جو شخص قیامت کے دن نیکی لے کر آئے گا اسے اس کا اس سے بہتر بدلہ ملے گا سب سے بڑی نیکی تو ایمان ہے اس کا بہت بڑا بدلہ ہے یعنی ہمیشہ کے لیے جنت میں داخل ہونے کا انعام ہے اور صاحب ایمان جتنی بھی نیکیاں کرے گا ہر نیکی کا بہت بڑا ثواب پائے گا جو اس کی نیکی سے کہیں زیادہ بہتر ہوگا اور ہر نیکی کا ثواب کم از کم دس گناہ ہو کر تو ملنا ہی ہے یہ تو اہل ایمان کا ذکر ہوا اب رہے کافر ان کو بھی ان کے اعمال کا بدلہ دیا جائے گا سب سے بڑا برا عمل کفر و شرک ہے اور کفر کے ساتھ اہل کفر اور بھی بڑے بڑے گناہ کرتے رہتے ہیں۔ کافروں میں وہ لوگ بھی ہوں گے جو دنیا میں غریب تھے اصحاب اقتدار کی رعیت تھے ان کے سامنے ذلیل تھے تنگ دست بھی تھے لوگوں کے سامنے حقیر بھی تھے اور وہ لوگ بھی ہوں گے جو بڑے بڑے مالدار تھے بادشاہ تھے امیر تھے وزیر تھے کافر و مشرک امیر ہو یا غریب ہو عزت دار ہو یا ذلیل ہو اپنے کفر کی وجہ سے دوزخ کا ایندھن بنے گا اور کفر کے علاوہ جو گناہ کیے ہوں گے ان کی سزا بھی ملے گی۔

إِنَّ الَّذِي فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْآنَ لَرَادُّكَ إِلَىٰ مَعَادٍ ۚ قُل رَّبِّي أَعْلَمُ مَن جَاءَ بِالْهُدَىٰ

بلاشبہ جس نے آپ پر قرآن کو فرض کیا وہ آپ کو لوٹنے کی جگہ واپس پہنچا دے گا، آپ فرما دیجئے کہ میرا رب اس شخص کو خوب جانتا ہے جو ہدایت لے کر

وَمَنْ هُوَ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ﴿٨٥﴾ وَمَا كُنتَ تَرْجُو أَن يُلْقَىٰ إِلَيْكَ الْكِتَابُ إِلَّا رَحْمَةً مِّن

آیا اور اسے بھی جانتا ہے کہ جو کھلی ہوئی گمراہی میں ہے۔ اور آپ کو اس کی امید نہ تھی کہ آپ کو کتاب دی جائے گی مگر محض آپ کے رب کی رحمت سے،

رَّبِّكَ ۖ فَلَا تَكُونَنَّ ظَهِيرًا لِّلْكَافِرِينَ ﴿٨٦﴾ وَلَا يَصُدُّنَّكَ عَنْ آيَاتِ اللَّهِ بَعْدَ إِذْ أُنزِلَتْ

سو آپ ہرگز کافروں کے مددگار نہ ہو جائیے۔ اور ہرگز یہ لوگ آپ کو اللہ کی آیات سے نہ روک دیں۔ اس کے بعد کہ وہ آپ کی طرف نازل ہو چکی ہے

إِلَيْكَ ۖ وَادْعُ إِلَىٰ رَبِّكَ ۖ وَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ﴿٨٧﴾ وَلَا تَدْعُ مَعَ اللَّهِ إِلَٰهًا آخَرَ ۘ

وقف لازم

اور آپ اپنے رب کی طرف بلاتے رہیے اور ہرگز مشرکین میں سے نہ ہو جائیے۔ اور اللہ کے ساتھ کسی دوسرے معبود کو نہ پکاریے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۟ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ ؕ لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۸﴾

اس کی ذات کے سوا ہر چیز ہلاک ہونے والی ہے اسی کی حکومت ہے اور تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

ع ۱۲ الثلثة

اللہ تعالیٰ کی رحمت سے آپ کو کتاب دی گئی

حضرات مفسرین کرام نے فرمایا ہے کہ مَعَاد سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا سابق وطن یعنی مکہ معظّمہ مراد ہے اور اس میں آپ کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے بشارت دی گئی ہے کہ آپ واپس اپنے وطن تشریف لائیں گے چنانچہ آپ ۸ھ میں فاتح ہو کر مکہ معظمہ میں داخل ہوئے تھے انہوں نے بھی اسلام قبول کر لیا۔ علامہ قرطبیؒ لکھتے ہیں کہ ہجرت کے سفر میں جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جحفہ میں نازل ہوئے اس وقت مکہ معظم یاد آ گیا اور آپ کو اپنے وطن کا اشتیاق ہوا اس موقع پر جبریل علیہ السلام یہ آیت لے کر حاضر ہوئے جس میں آپ کے واپس مکہ معظّمہ تشریف لانے کا وعدہ ہے اسی لیے حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ یہ آیت جحفہ میں نازل ہوئی نہ مکی ہے نہ مدنی ہے اس روایت کی بناء پر فَرَضَ کا ترجمہ اَنْزَلَ کیا جائے گا یعنی جس ذات نے آپ پر قرآن مجید نازل فرمایا ہے وہ آپ کو آپ کے وطن واپس پہنچا دے گا، بعض حضرات نے فَرَضَ کا معنی معروف لیا ہے اور مَعَادٌ سے جنت مراد لی ہے اور مطلب یہ ہے کہ جس ذات نے آپ پر یہ فرض کیا ہے کہ قرآن پر عمل کریں وہ آپ کو جنت میں پہنچا دے گا۔

قُلْ رَّبِّيْٓ اَعْلَمُ مَنْ جَآءَ بِالْهُدٰى (آپ فرما دیجئے کہ میرا رب اسے خوب جانتا ہے جو ہدایت لے کر آیا) وَمَنْ هُوَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ (اور اسے بھی خوب جانتا ہے جو کھلی گمراہی میں ہے) صاحب روح المعانی نے معالم التنزیل سے نقل کیا ہے کہ اس میں مکہ معظّمہ کے کفار کا جواب ہے جنہوں نے آپ کو گمراہی پر بتایا تھا۔

وَمَا كُنْتَ تَرْجُوْٓا اَنْ يُّلْقٰٓى اِلَيْكَ الْكِتٰبُ اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ اور آپ کی یہ امید نہیں تھی کہ آپ پر کتاب نازل کی جائے گی لیکن اللہ تعالیٰ نے کرم فرمایا اور اپنی رحمت سے آپ کو نبوت اور رسالت سے سرفراز کیا اور آپ پر قرآن نازل کیا) پس جس طرح آپ کی امید کے بغیر اللہ تعالیٰ نے آپ کو کتاب عطا فرما دی اسی طرح سمجھ لیں کہ گو اس باب ظاہرہ کے اعتبار سے آپ مکہ معظّمہ چھوڑنے پر مجبور ہو رہے ہیں لیکن اللہ تعالیٰ کی رحمت سے پھر مکہ معظّمہ میں واپس ہوں گے اور یہ بھی صرف اللہ کی رحمت سے ہوگا۔ **قال صاحب الروح ای سیردک الی معاد کما انزل الیک القراٰن العظیم الشان و ما کنت ترجوا۔**

فَلَا تَكُوْنَنَّ ظَهِيْرًا لِّلْكٰفِرِيْنَ (سو آپ کافروں کے مددگار نہ ہو جائیے) اس میں خطاب تو آپ کو ہے لیکن جواب کافروں کی اس بات کا ہے جنہوں نے آپ کو آپ کے آباؤ اجداد کے دین پر آ جانے کی دعوت دی تھی۔ وَلَا يَصُدُّنَّكَ عَنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ بَعْدَ اِذْ اُنْزِلَتْ اِلَيْكَ (اور اس کے بعد کہ اللہ کی آیات آپ کی طرف نازل کی گئی ہیں کافر لوگ آپ کو ان کے پڑھنے سے اور ان پر عمل کرنے سے نہ روک دیں) یہ حکم امت کو بھی ہے کافروں کے کہنے اور روکنے سے اللہ تعالیٰ کی آیات کے پڑھنے پڑھانے سے نہ رکیں۔ وَادْعُ اِلٰى رَبِّكَ (اور آپ اپنے رب کی طرف بلاتے رہیں) یعنی توحید کی دعوت دیتے رہیں۔ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ (اور آپ مشرکین میں سے نہ ہو جائیے) علامہ قرطبیؒ نے لکھا ہے کہ یہ آیت اس وقت نازل ہوئی جب قریش مکہ نے آپ کو اپنے بتوں کی تعظیم کرنے کی دعوت دی۔ صاحب معالم التنزیل لکھتے ہیں کہ بظاہر اس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب ہے لیکن مقصود آپ کے دشمنوں کو سنانا ہے کہ تم جو امید رکھتے ہو کہ آپ تمہاری طرف مائل ہو جائیں گے ایسا کبھی نہ ہوگا۔

وَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهاً (اور آپ اللہ کے ساتھ کسی دوسرے معبود کو نہ پکاریئے اس میں اہل ایمان کو واپس شرک میں چلے جانے کی ممانعت ہے گو بظاہر خطاب آپ کو ہے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ (روح المعانی ص ۱۳۰ ج ۲۰) لَآ اِلٰـهَ اِلَّا هُوَ (اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں کُلُّ شَیْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ (ہر چیز ہلاک ہونے والی ہے سوائے اس کی ذات کے) لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ (اسی کے لیے حکومت ہے اور اسی کے پاس تم سب کو جانا ہے)۔

وقدتم والحمد للّٰه تفسير سورة القصص فى ليلة السابع والعشرين من شهر ربيع الثانى ۱۴۱۶ھ من هجرة سيد المرسلين واكرم الاكرمين صلى اللّٰه تعالىٰ عليه وسلم فى الاولين والآخرين وعلى اٰله واصحابه اجمعين ومن تبعهم باحسان الى يوم الدين.

☆☆☆......................☆☆☆

۶۹ آیتیں اور ۷ رکوع	سورۃ العنکبوت	مکی

ایاتہا ۶۹ (۲۹) سُوْرَۃُ الْعَنْکَبُوْتِ مَکِّیَّۃٌ (۸۵) رکوعاتہا ۷

سورۃ العنکبوت مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی اس میں انہتر آیات اور سات رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

الٓمّٓ ۝ اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ يُّتْرَكُوْٓا اَنْ يَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَهُمْ لَا يُفْتَنُوْنَ ۝ وَلَقَدْ فَتَنَّا

الٓمّٓ۔ کیا لوگوں نے یہ خیال کیا ہے کہ وہ اتنا کہنے سے چھوڑ دیئے جائیں گے کہ ہم ایمان لائے اور ان کو آزمایا نہ جائے گا۔ اور بلاشبہ ہم نے ان

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْكٰذِبِيْنَ ۝ اَمْ حَسِبَ

سے پہلے لوگوں کو آزمایا ہے سو اللہ ضرور ضرور ان لوگوں کو جان لے گا جو سچے ہیں اور ضرور ضرور جھوٹوں کو بھی جان لے گا۔ جو لوگ برے کام

الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ اَنْ يَّسْبِقُوْنَا ؕ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ۝

کرتے ہیں کیا یہ خیال کرتے ہیں کہ ہم سے چھوٹ کر کہیں بھاگ جائیں گے برا فیصلہ ہے جو وہ کرتے ہیں۔

دعوائے ایمان کے بعد امتحان بھی ہوتا ہے

یہاں سے سورۂ عنکبوت شروع ہو رہی ہے عربی زبان میں عنکبوت مکڑی کو کہا جاتا ہے۔ اس سورۃ کے پانچویں رکوع میں عنکبوت یعنی مکڑی کا ذکر ہے اسی لئے یہ سورۃ اس نام سے مشہور ہے آیت کے ابتدائی مضمون میں اول تو یوں فرمایا کہ جو لوگ مؤمن ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں کیا انہوں نے یہ خیال کیا ہے کہ صرف اتنا کہہ دینے سے چھوڑ دیئے جائیں گے کہ ہم ایمان لائے اور ان کا امتحان نہ کیا جائے گا؟ یہ استفہام انکاری ہے اور مطلب یہ ہے کہ صرف زبان سے یہ کہہ دینا کہ میں مؤمن ہوں کافی نہیں ہے دل سے مؤمن ہونا لازم ہے اور جب کوئی سچا مؤمن ہوگا تو آزمائشوں میں ڈالا جائے گا یہ آزمائشیں کئی طرح سے ہوں گی عبادات میں مجاہدہ ہوگا خواہشوں کے خلاف بھی چلنا ہوگا، مصائب پر بھی صبر کرنا ہوگا ان چیزوں کے ذریعہ مؤمن بندوں کا امتحان لیا جاتا ہے جب امتحان ہوتا ہے اور مجاہدات اور مشقتیں سامنے آتی ہیں تو مخلص مؤمن اور منافق کے درمیان امتیاز ہو جاتا ہے۔

صاحب روح المعانی نے (جلد ۲ ص ۱۳۴) بحوالہ ابن جریر و ابن ابی حاتم حضرت شعبیؒ سے نقل کیا ہے کہ یہ آیت ان لوگوں کے بارے میں نازل ہوئی جنہوں نے ہجرت کے بعد مکہ مکرمہ میں ہوتے ہوئے اسلام قبول کر لیا تھا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہؓ نے

(جو ہجرت کر کے مدینہ منورہ آ چکے تھے) ان لوگوں کو لکھا کہ جب تک ہجرت نہ کرو گے تمہارا اسلام لانا مقبول اور معتبر نہ ہوگا اس پر وہ لوگ مدینہ منورہ کے ارادہ سے نکلے تو مشرکین ان کے پیچھے لگ گئے اور انہیں واپس لے گئے اس پر آیت بالا نازل ہوئی' مہاجرین نے انہیں پھر لکھا کہ تمہارے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی ہے اس پر انہوں نے پھر مکہ معظمہ سے نکلنے کا ارادہ کیا اور یہ طے کیا کہ اگر مشرکین آڑے آئے تو ہم ان سے جنگ کریں گے چنانچہ یہ لوگ ہجرت کے ارادہ سے نکلے اور مشرکین پھر ان کے پیچھے لگ گئے جس پر انہوں نے قتال کیا' بعض مقتول ہو گئے اور بعض نجات پا کر مدینہ منورہ پہنچ گئے اس پر اللہ تعالیٰ نے سورۂ نحل کی یہ آیت نازل فرمائی۔ ثُـمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ هَاجَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا فُتِنُوْا ثُمَّ جَاهَدُوْا وَصَبَرُوْٓا اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (ترجمہ: پھر بے شک آپ کا رب ایسے لوگوں کے لئے جنہوں نے فتنہ میں ڈالے جانے کے بعد ہجرت کی پھر جہاد کیا اور قائم رہے تو آپ کا رب ان کے بعد بڑی مغفرت کرنے والا بڑی رحمت کرنے والا ہے)۔

اس کے بعد صاحب روح المعانی نے حضرت حسن بصریؒ کا مقولہ نقل کیا ہے کہ یہاں الناس سے منافقین مراد ہیں۔

پھر فرمایا: وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ (اور ہم نے آزمایا ان لوگوں کو جو ان سے پہلے تھے) فَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا (سو ضرور ضرور اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو جان لے گا جو اپنے دعوائے ایمان میں سچے ہیں) وَلَيَعْلَمَنَّ الْكَاذِبِيْنَ (اور ضرور ضرور ان لوگوں کو بھی جان لے گا جو جھوٹے ہیں) یعنی جو زبان سے ایمان کے مدعی ہیں لیکن ان کے دلوں میں ایمان نہیں ہے۔ مطلب یہ ہے کہ پہلے لوگوں کو آزمائش میں ڈالا گیا ان کو بھی تکلیفیں پہنچیں اور دشمنان اسلام سے واسطہ پڑا مقتول ہوئے زخم کھائے اور دوسری تکلیفوں میں مبتلا ہوئے اب امت محمدیہ۔ (علیٰ صاحبها الصلوٰة والتحيه) کو خطاب ہے ان کا بھی امتحان لیا جائے گا۔

سورۂ آل عمران میں فرمایا وَكَاَيِّنْ مِّنْ نَّبِيٍّ قٰتَلَ مَعَهٗ رِبِّيُّوْنَ كَثِيْرٌ فَمَا وَهَنُوْا لِمَآ اَصَابَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَمَا ضَعُفُوْا وَمَا اسْتَكَانُوْا وَاللّٰهُ يُحِبُّ الصّٰبِرِيْنَ ○ (اور بہت سے نبی گزرے ہیں جن کے ساتھ مل کر بہت سے اللہ والوں نے جنگ کی پھر جو مصیبتیں ان کو اللہ کی راہ میں پہنچیں ان کی وجہ سے نہ وہ ہمت ہارے نہ کمزور پڑے اور نہ عاجز ہوئے اور اللہ صبر کرنے والوں سے محبت فرماتا ہے)۔

اہل ایمان کے ساتھ آزمائش کا سلسلہ چلتا رہتا ہے دعا امن و عافیت اور سلامتی کی ہی کرنی چاہیے اگر اللہ تعالیٰ کی طرف سے کوئی آزمائش آ جائے تو صبر و تحمل اور برداشت کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی رضامندی کو سامنے رکھتے ہوئے آزمائش کا وقت گزار دیں' تکلیفوں پر بھی اجر ہے اور صبر پر بھی صبر کا پھل میٹھا ہے دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی۔

جو لوگ صدق دل سے مسلمان ہوتے ہیں وہ تکلیفوں اور آزمائشوں میں بھی ثابت قدم رہتے ہیں اور جو لوگ دفع الوقتی کے طور پر دنیا سازی کے لیے اوپر اوپر سے اسلام کے مدعی ہو جاتے ہیں وہ آڑے وقت میں اسلام کو چھوڑ بیٹھتے ہیں۔ مصائب اور مشکلات کے ذریعہ مخلص اور غیر مخلص کا امتیاز ہو جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ جل شانہ کو مخلوق پیدا فرمانے سے پہلے ہی سب کچھ معلوم تھا کہ کون کیا کرے گا اور کیسا ہوگا اسے پہلے ہی سے اس کا علم ہے پھر جب اسی علم ازلی کے مطابق لوگوں کے اعمال اور احوال کا ظہور ہو جاتا ہے تو یہ علم بھی ہو جاتا ہے کہ علم ازلی کے مطابق جو واقعہ ہونے والا تھا وہ ہو چکا۔ مفسرین کرام اسے علم ظہوری سے تعبیر کرتے ہیں یہ مسئلہ ذرا باریک سا ہے کسی اچھے عالم سے سمجھ لیں۔

یہ جو کچھ امتحان اور آزمائش کا ذکر تھا ایمان کا دعویٰ کرنے والوں سے متعلق تھا اور جو لوگ تکلیفیں پہنچاتے تھے (یعنی کافر و مشرک) ان

کے بارے میں فرمایا: اَمْ حَسِبَ الَّذِیْنَ یَعْمَلُوْنَ السَّیِّاٰتِ اَنْ یَّسْبِقُوْنَا جولوگ برے کام کرتے ہیں کیا وہ یہ خیال کرتے ہیں کہ ہم سے آگے بڑھ جائیں گے (یعنی ہماری گرفت میں نہ آسکیں گے اور کہیں نکل کر بھاگ جائیں گے؟) سَآءَ مَا یَحْکُمُوْنَ (یہ لوگ جو کچھ اپنے خیال میں گمان کر رہے ہیں اور سوچ رہے ہیں اور اپنے گمان کے مطابق فیصلہ کر رہے ہیں یہ برا فیصلہ ہے) اور بیہودہ خیال ہے خداوندی گرفت سے بچ کر کہیں نہیں جا سکتے اس میں ایذاء دینے والوں کے لیے تہدید بھی ہے اور اہل ایمان کو تسلی بھی ہے کہ یہ لوگ جو تمہیں ستاتے ہیں اور دکھ دیتے ہیں انہیں اس کی سزا ضرور ملے گی۔

مَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ اللّٰهِ فَاِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ لَاٰتٍ ؕ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۵﴾ وَمَنْ جَاهَدَ

جوشخص اللہ کی ملاقات کی امید رکھتا ہے سو بلا شبہ اللہ کا مقرر کردہ وقت ضرور آنے والا ہے، اور وہ سننے والا ہے جاننے والا ہے جوشخص مجاہدہ کرتا ہے

فَاِنَّمَا يُجَاهِدُ لِنَفْسِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

سو وہ اپنے لیے ہی محنت کرتا ہے بلا شبہ اللہ سارے جہانوں سے بے نیاز ہے، اور جولوگ ایمان لائے اور نیک عمل کیے ضرور ضرور ہم ان

لَنُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَحْسَنَ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۷﴾

کی برائیوں کا کفارہ کر دیں گے اور ضرور ہم انہیں ان کے کاموں کا اچھے سے اچھا بدلہ دیں گے۔

ہر شخص کا مجاہدہ اس کے اپنے نفس کے لیے ہے
اور اللہ تعالیٰ سارے جہانوں سے بے نیاز ہے

جوشخص اللہ تعالیٰ کی ملاقات کی امید رکھتا ہے (اور یہ چاہتا ہے کہ اسے ثواب ملے تو اسے سمجھ لینا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی ملاقات اور ثواب عطا فرمانے کے لیے ایک وقت مقرر فرمایا ہے اور وہ وقت ضرور آئے گا اور جو عمل ثواب کے لائق ہوگا اس پر ضرور ثواب ملے گا' اللہ تعالیٰ سننے والا اور جاننے والا ہے وہ سب کی دعائیں سنتا ہے' آرزوئیں جانتا ہے سب کے اعمال سے باخبر ہے وہ تمام مخلصین کو بہترین بدلہ عطا فرمائے گا' اہل ایمان کو جو ایمان قبول کرنے پر بعض مرتبہ تکلیفیں ہوتی ہیں اور دشمنان دین سے اذیت پہنچتی ہے یہ ایک مجاہدہ ہے یعنی نفس سے مقابلہ ہے یہ لفظ جھد سے مشتق ہے عربی زبان میں جہد مشقت کو کہتے ہیں یہ باب مفاعلہ ہے جو جانبین کی شرکت پر دلالت کرتا ہے جب کوئی شخص آخرت کی بہتری کے لیے کوئی عمل کرنا چاہے (جس میں ایمان کا قبول کرنا بھی ہے) تو نفس کو شاق گزرتا ہے اور نفس کے ساتھ مقابلہ ہوتا ہے اس لیے اس کو مجاہدہ سے تعبیر فرمایا اور ارشاد فرمایا جوشخص مشقت اٹھائے' محنت اور مجاہدہ کرے تو اس کا تکلیف اٹھانا اور مشقت برداشت کرنا اس کی اپنی جان کے لیے ہے وہ اس کا اجر و ثواب پالے گا' اللہ تعالیٰ پر کوئی احسان نہیں ہے اسے کسی کے کسی عمل کی حاجت نہیں وہ سارے جہانوں سے بے نیاز ہے۔

اس کے بعد ایک عمومی قانون بتایا: وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ (الآیۃ) اور جولوگ ایمان لائے اور نیک کام کیے ہم ان کی برائیوں کا کفارہ کر دیں گے یعنی ان کی برائیوں کو اپنی مغفرت سے ڈھانپ دیں گے توبہ کے ذریعہ اور نیکیوں کے ذریعہ اور اپنے فضل و کرم سے انہیں معاف کر دیں گے کفر اور شرک کا ایمان سے کفارہ ہو جاتا ہے اور اسلام قبول کرنے کے بعد جو گناہ کیے ہوں ان گناہوں کا بھی

کفارہ ہوتا رہتا ہے اسلام پر باقی رہتے ہوئے اخلاص کے ساتھ جو اعمال صالحہ اختیار کیے جائیں ان کا اچھے سے اچھا بدلہ ملے گا جوان کے اعمال سے بہت زیادہ اچھا اور عمدہ ہوگا تھوڑے سے کام پر بہت زیادہ نعمتیں ملیں گی اور ہر نیکی کم از کم دس گنا کر دی جائیگی اور اسی اعتبار سے ثواب ملے گا۔

وَ وَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ حُسْنًا ؕ وَاِنْ جَاهَدٰكَ لِتُشْرِكَ بِيْ مَا

اور ہم نے انسان کو تاکیدی حکم دیا کہ اپنے ماں باپ کے ساتھ حسن سلوک کا برتاؤ کرا ور اگر وہ تجھ پر اس بات کا زور ڈالیں کہ تو میرے ساتھ کسی ایسی چیز کو شریک ٹھہرا

لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا ؕ اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ

جسکی دلیل تیرے پاس نہیں ہے سو تو ان کی فرمانبرداری نہ کرنا، میری طرف تم لوگوں کو واپس ہونا ہے سو میں تمہیں ان کاموں سے باخبر کر دوں گا جو تم

تَعْمَلُوْنَ ۞ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُدْخِلَنَّهُمْ فِي الصّٰلِحِيْنَ ۞

کیا کرتے تھے۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کیے سو ہم ان کو ضرور ضرور نیک بندوں میں داخل کر دیں گے۔

والدین کے ساتھ حسنِ سلوک کرنے کا حکم

یہ دو آیتوں کا ترجمہ ہے پہلی آیت میں ارشاد فرمایا کہ ہم نے انسان کو وصیت کی کہ اپنے ماں باپ کے ساتھ اچھا برتاؤ کرے حسن سلوک کے ساتھ پیش آئے' سورۂ بنی اسرائیل رکوع نمبر۳ میں اس کا طریقہ کار بھی بیان فرمایا ہے وہاں ارشاد فرمایا ہے وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا اِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ اَحَدُهُمَآ اَوْ كِلٰهُمَا فَلَا تَقُلْ لَّهُمَآ اُفٍّ وَّ لَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيْمًا ۝ وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا (ترجمہ اور تیرے رب نے حکم کر دیا ہے کہ اس کے علاوہ کسی کی عبادت نہ کرو اور تم ماں باپ کے ساتھ حسن سلوک کیا کرو اگر تیرے پاس ان میں سے ایک یا دونوں بڑھاپے کو پہنچ جائیں سو ان کو کبھی اف بھی مت کہنا اور نہ ان کو جھڑکنا اور ان سے خوب ادب سے بات کرنا اور ان کے سامنے شفقت سے انکساری کے ساتھ جھکے رہنا اور یوں دعا کرتے رہنا کہ اے میرے رب ان دونوں پر رحمت فرمائیے جیسا کہ انہوں نے مجھے بچپن میں پالا ہے)۔

سورۂ بنی اسرائیل کی مندرجہ بالا آیات میں اول تو وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا فرمایا جس میں والدین کے ساتھ اچھی طرح پیش آنے کا حکم دیا ہے جو حسنِ سلوک کرنے اور ان پر مال خرچ کرنے کو شامل ہے۔

پھر بوڑھے ماں باپ کا خصوصیت کے ساتھ ذکر فرمایا کہ ان کو اف بھی نہ کہو اور ان کو مت جھڑکو اور ان سے اچھے طریقے سے بات کرو اور یہ بھی فرمایا کہ ماں باپ کے سامنے شفقت اور رحمت کی وجہ سے انکساری کے ساتھ جھکے رہو پھر ان کے لیے دعا کرنے کا حکم دیا کہ یوں دعا کرو کہ اے میرے رب ان پر رحم فرما جیسا کہ انہوں نے چھٹ پنے میں میری پرورش کی ہے۔

اس میں رحمت اور شفقت کا سبب بھی بیان فرمایا کہ کبھی تم ایسے تھے کہ ان کی شفقت کے محتاج تھے انہوں نے تمہیں پالا پوسا تمہارے لئے تکلیفیں اٹھائیں اب وہ ضعیف ہیں تم قوی ہو تمہیں ان کے لیے فکرمند ہونا چاہیے' مزید تفصیل کے لیے سورۂ بنی اسرائیل کی مذکورہ آیات کی تفسیر دیکھئے وہاں ہم نے بہت سی احادیث شریفہ کا ترجمہ بھی لکھ دیا ہے جو والدین کی خدمت اور ان کے ساتھ حسن سلوک کا برتاؤ

کرنے سے متعلق ہیں۔

والدین کے ساتھ حسن سلوک کا برتاؤ کرنے کا حکم دینے کے بعد ارشاد فرمایا: وَاِنْ جَاهَدٰكَ لِتُشْرِكَ بِیْ مَا لَیْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا (اور اگر تیرے ماں باپ تجھ پر زور ڈالیں کہ تو میرے ساتھ کسی چیز کو شریک ٹھہرائے جس کے معبود ہونے کی تیرے پاس دلیل نہیں تو ان کی فرمانبرداری مت کرنا) یہ حکم سورۂ لقمان میں بھی ہے وہاں مزید فرمایا وَصَاحِبْهُمَا فِی الدُّنْیَا مَعْرُوْفًا (کہ ان کے ساتھ دنیا میں اچھے طریقے سے پیش آتے رہو) یعنی اگر وہ کفر وشرک کرنے کا حکم دیں تو اس میں ان کی اطاعت مت کرنا اور باوجودیکہ وہ کافر ہوں حسن سلوک کے ساتھ پیش آنا اور ان کی خدمت سے دریغ نہ کرنا جیسا کہ ماں باپ کے کہنے سے کفر وشرک اختیار کرنا حرام ہے اسی طرح اللہ تعالیٰ کی کسی بھی نافرمانی میں ان کی فرمانبرداری کرنا ممنوع ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے لَا طَاعَةَ لِمَخْلُوْقٍ فِیْ مَعْصِیَةِ الْخَالِقِ (کہ خالق تعالیٰ شانہ کی نافرمانی میں کسی بھی مخلوق کی فرمانبرداری کی اجازت نہیں ہے ہاں ماں باپ کے ساتھ حسن سلوک میں اور مالی انفاق میں کوتاہی نہ کرے۔ (مشکوٰۃ المصابیح)

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی ایک بیٹی حضرت اسماء رضی اللہ عنہا تھیں وہ ہجرت کر کے مدینہ منورہ آ گئی تھیں ان کی والدہ مشرکہ تھیں اور وہ مکہ مکرمہ میں رہ گئی تھی، ۶ھ میں جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرکین مکہ کا معاہدہ ہوا جس میں یہ بھی تھا کہ ایک دوسرے پر حملہ نہ کریں گے اس زمانہ میں حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کی والدہ مدینہ منورہ آ گئیں، حضرت اسماء رضی اللہ عنہا نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مسئلہ پوچھا کہ میری والدہ آئی ہیں اور اس وقت وہ عاجز ہیں اور مالی مدد چاہتی ہیں کیا میں مال سے ان کی خدمت کر دوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہاں ان کے ساتھ صلہ رحمی کا برتاؤ کرو۔ (رواہ البخاری)

آج کل نوجوان کو اس میں بڑا ابتلا ہوتا ہے کہ ماں باپ انہیں گناہوں کی زندگی اختیار کرنے پر زور دیتے ہیں، داڑھی مونڈوانے پر اصرار کرتے ہیں، رشوت لینے پر آمادہ کرتے ہیں، بینک کی نوکری اختیار کرنے اور سود لینے کا بھی حکم دیتے ہیں، بے پردگی اختیار کرنے کو کہتے ہیں، ان کے علاوہ اور بہت سے گناہوں کی فرمائش کرتے ہیں اوپر حدیث سے معلوم ہوا کہ خالق کی نافرمانی میں مخلوق کی کوئی فرمانبرداری نہیں ماں باپ کے لیے حرام ہے کہ اولاد کو گناہوں کا حکم دیں اور اولاد کے لیے بھی حلال نہیں ہے کہ ماں باپ کے کہنے پر کوئی گناہ کریں، اللہ تعالیٰ خالق اور مالک ہے اس نے سب کو وجود بخشا ہے اس کا حق سب سے پہلے ہے اور سب سے زیادہ ہے کسی مخلوق کا حق اس کے بعد میں ہے، اللہ تعالیٰ کے حق کی رعایت کرنا لازم اور فرض ہے اس کے حکم کی خلاف ورزی کسی کے کہنے سے بھی حلال نہیں ہے۔

تفسیر روح المعانی ص ۱۳۹ میں آیت بالا کا سبب نزول یوں لکھا ہے کہ جب حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کر لیا تو ان کی والدہ نے کہا کہ اے سعد رضی اللہ عنہ میں نے سنا ہے کہ تو اپنا دین چھوڑ کر دوسرے دین میں داخل ہو گیا ہے؟ میں اللہ کی قسم کھاتی ہوں کہ میں کسی گھر میں داخل نہ ہوں گی (یوں ہی میدان میں پڑی رہوں گی خواہ دھوپ اور ہوا سے میرا کچھ بھی بنے) اور مجھ پر کھانا پینا حرام ہے جب تک کہ تو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اتباع کا انکار نہ کرے، حضرت سعد رضی اللہ عنہ اپنی والدہ کے سب سے زیادہ چہیتے بیٹے تھے انہوں نے کفر اختیار کرنے سے صاف انکار کر دیا اور ان کی والدہ نے اپنی قسم کی وجہ سے بغیر کھائے پیئے یوں ہی میدان میں پڑے ہوئے تین دن گذار دیئے، حضرت سعد رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور پورا واقعہ سنایا اس پر آیت بالا اور سورۂ لقمٰن کی آیت (وَوَصَّیْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَیْهِ اِحْسَانًا) نازل ہوئی۔

معالم التنزیل ص ۴۶۱ میں لکھا ہے کہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی والدہ نے دو دن اور دو رات تک کچھ نہ کھایا پیا، اس کے بعد حضرت سعد رضی اللہ عنہ والدہ

کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ اماں جان اگر آپ کے بدن میں سو روحیں بھی ہوتیں اور ایک ایک کر کے نکلتی رہتی تو میں اس کو دیکھ کر بھی کبھی اپنا دین نہ چھوڑتا' اب تم چاہو تو کھاؤ پیو یا مر جاؤ بہر حال میں اپنے دین سے نہیں ہٹ سکتا ماں نے ان کی اس گفتگو سے مایوس ہو کر کھانا کھالیا۔

اِلَیَّ مَرْجِعُکُمْ فَاُنَبِّئُکُمْ بِمَا کُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ (میری طرف تمہارا لوٹنا ہے سو میں تمہیں ان کاموں سے باخبر کر دوں گا جو تم کیا کرتے تھے) اس میں یہ بتا دیا کہ دنیا میں کوئی شخص کیسا بھی عمل کرے بہر حال اسے قیامت کے دن حاضر ہونا ہے اور دنیا میں جو اعمال کیے تھے وہ سامنے آجائیں گے اور اعمال کے مطابق جزا سزا ملے گی' پھر اہل ایمان اور اعمال صالحہ والے بندوں کو خوشخبری دی اور فرمایا وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُدْخِلَنَّھُمْ فِی الصّٰلِحِیْنَ (اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کیے ہم ضرور ضرور انہیں صالحین میں داخل کریں گے یعنی ان کا شمار صالحین میں ہوگا اور انہیں صالحین کے مراتب اور درجات سے سرفراز کیا جائے گا۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ فَاِذَآ اُوْذِیَ فِی اللّٰهِ جَعَلَ فِتْنَةَ النَّاسِ

اور بعض لوگ وہ ہیں جو یوں کہتے ہیں کہ ہم اللہ پر ایمان لائے پھر جب انہیں اللہ کے بارے میں تکلیف دی جاتی ہے تو لوگوں کی ایذا رسانی کو

کَعَذَابِ اللّٰهِ ؕ وَلَئِنْ جَآءَ نَصْرٌ مِّنْ رَّبِّكَ لَیَقُوْلُنَّ اِنَّا کُنَّا مَعَکُمْ ؕ اَوَلَیْسَ اللّٰهُ

اللہ کے عذاب کی طرح بنا لیتے ہیں اور اگر ان کے پاس آپ کے رب کی طرف سے مدد آجائے تو ضرور ضرور یوں کہیں گے کہ ہم تمہارے ساتھی تھے کیا اللہ

بِاَعْلَمَ بِمَا فِیْ صُدُوْرِ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۰﴾ وَلَیَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَلَیَعْلَمَنَّ الْمُنٰفِقِیْنَ ﴿۱۱﴾

جہان والوں کے سینوں کی باتوں کو خوب اچھی طرح جاننے والا نہیں ہے؟ اور البتہ اللہ ایمان والوں کو ضرور جان لے گا اور وہ ضرور ضرور منافقوں کو جان لے گا۔

مدعیان ایمان کا امتحان لیا جاتا ہے

صاحب روح المعانی نے لکھا ہے کہ بعض ضعیف قسم کے مسلمان تھے وہ زبان سے تو اسلام کا اظہار کر دیتے تھے پھر جب کافروں کی طرف سے تکلیف پہنچ جاتی تھی تو ان کے موافق ہو جاتے تھے اور اس موافقت کو مسلمانوں سے چھپاتے تھے اور قتادہ سے یہ نقل کیا ہے کہ بعض لوگ ہجرت کر کے مدینہ منورہ آگئے تھے پھر مشرکین مکہ انہیں واپس لے گئے۔ دنیا داری حقیقت میں کمزوری کا سبب ہے اگر آخرت کا یقین پختہ ہو اور آخرت کی ضرورت سمجھ کر ایمان قبول کیا ہو تو منافقت کی شان ختم ہو جاتی ہے اگر کافروں میں پھنس کر کوئی مؤمن بندہ مجبور ہو جائے تو گو وہ بظاہر زبان سے کوئی نامناسب کلمہ کہہ دے لیکن دل سے کفر اختیار نہیں کر سکتا اور کافروں کا ہمنوا نہیں بن سکتا اگر کافروں سے کوئی تکلیف پہنچ جائے تو اس پر صبر کرتا ہے جیسے عہد نبوی ﷺ کے مسلمانوں (حضرت بلالؓ اور حضرت عمارؓ اور حضرت خبابؓ نے تکلیفیں برداشت کیں، پختہ مسلمان سمجھتا ہے کہ یہ تو تھوڑی سی تکلیف ہے کفر پر مرنے کی وجہ سے جو اللہ تعالیٰ کا عذاب ہوگا وہ بہت ہی زیادہ شدید ہوگا لیکن جن لوگوں کا ایمان یوں ہی نام کو ہوتا ہے وہ لوگ ایمان پر پہنچنے والی تکلیفوں کو اس عذاب کے برابر سمجھ لیتے ہیں جو آخرت میں کافروں کو ہوگا اور اس کی وجہ سے صریح کفر اختیار کر لیتے ہیں اور کافروں کا ساتھ دینے لگتے ہیں اور چونکہ دنیا ہی کے طالب ہوتے ہیں اس لیے خفیہ طور پر کفر اختیار کرنے کے باوجود مسلمانوں سے کہتے ہیں کہ دیکھو تمہیں جو فلانی جگہ سے مال غنیمت حاصل ہوا ہے ہمیں بھی اس میں شریک کرو ہم بھی تو تمہارے ساتھ تھے (یعنی ہم دینی اعتبار سے ساتھی ہیں) ایسے لوگوں کے بارے میں فرمایا اَوَلَیْسَ

اَللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِمَا فِیْ صُدُوْرِ الْعٰلَمِیْنَ (کیا اللہ جہان والوں کے سینوں کی باتوں کو خوب اچھی طرح جاننے والا نہیں ہے) یعنی اللہ تعالیٰ کو سب علم ہے کہ کس کے دل میں کیا ہے کون مخلص ہے کون منافق ہے اگر کسی نے بندوں سے اپنے نفاق کو چھپالیا تو اللہ تعالیٰ سے تو نہیں چھپا سکتا۔

وَلَیَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَلَیَعْلَمَنَّ الْمُنٰفِقِیْنَ (اور البتہ اللہ ایمان والوں کو ضرور جان لے گا اور وہ ضرور ضرور منافقوں کو جان لے گا اسے ہمیشہ سے سب کچھ معلوم ہے اور آئندہ بھی جس کا وہ عقیدہ اور عمل ہوگا وہ اسے جان لے گا' اہل ایمان کو ایمان کی جزا اور اہل نفاق کو نفاق کی سزا دے گا۔

وَ قَالَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّبِعُوْا سَبِیْلَنَا وَلْنَحْمِلْ خَطٰیٰكُمْ ؕ وَمَا هُمْ

اور کافروں نے ایمان والوں سے کہا کہ تم ہمارے راستے کا اتباع کر لو اور تمہارے گناہوں کو ہم اٹھا لیں گے حالانکہ وہ

بِحٰمِلِیْنَ مِنْ خَطٰیٰهُمْ مِّنْ شَیْءٍ ؕ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَلَیَحْمِلُنَّ اَثْقَالَهُمْ وَ اَثْقَالًا

ان کے گناہوں میں سے کچھ بھی اٹھانے والے نہیں ہیں۔ بلاشبہ وہ جھوٹے ہیں اور وہ لوگ ضرور ضرور اپنے بوجھوں کو اٹھائیں گے اور اپنے بوجھوں کے ساتھ

مَّعَ اَثْقَالِهِمْ ۫ وَلَیُسْـَٔلُنَّ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ عَمَّا كَانُوْا یَفْتَرُوْنَ ﴿۱۳﴾

دوسروں کے بوجھ بھی اٹھائیں گے اور قیامت کے دن ضرور ضرور ان باتوں کا سوال کیا جائے گا جو دنیا میں جھوٹ بناتے ہیں۔

ع ۱۳

قیامت کے دن کوئی کسی کے گناہوں کا بوجھ نہیں اٹھائے گا

دشمنان اسلام خود تو کفر پر جمے ہوئے تھے ہی اہل ایمان کو بھی کفر پر لانے کی کوششیں کرتے رہتے تھے اور انہیں ترغیب دیتے رہتے تھے کہ تم ہمارے دین میں آجاؤ ان کی ان باتوں میں سے یہاں پر ایک بات نقل فرمائی ہے اور وہ یہ کہ کافروں نے اہل ایمان سے کہا کہ تمہیں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی باتوں پر یقین آ گیا ہے اور تم اس بات سے ڈرتے ہو کہ اگر تم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے دین سے پھر جاؤ گے تو تم قیامت کے دن عذاب میں گرفتار ہو گے اس کے بارے میں ہماری پیشکش سن لو! تمہیں اس عذاب سے ڈرنے کی ضرورت نہیں ہے فرض کرو اگر قیامت کا دن واقعی کوئی چیز ہے اور اس دن محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اتباع نہ کرنے سے تمہارا مواخذہ ہوا اور تم دوزخ میں جانے لگے تو ہم تمہاری سب خطاؤں کو اپنے اوپر لادلیں گے اور تمہارے بارے میں جو عذاب کا فیصلہ ہوگا اس عذاب کو ہم بھگت لیں گے بس تم ہمارے دین کا اتباع کرو اور ہمارے ساتھ رہو چونکہ ان لوگوں کو قیامت کے واقع ہونے اور وہاں کی جزا سزا پر یقین نہیں تھا اس لیے ایسی بات کہہ دی اگر قیامت کو ماننے اور قیامت کے دن کے عذاب کو اور دوزخ کا یقین رکھتے تو ایسی بات کبھی نہ کہتے دنیا میں کوئی شخص ایک منٹ کے لیے بھی دنیا والی آگ ہاتھ میں رکھنے کے لیے تیار نہیں بھلا وہاں آپ کی تکلیف کیسے برداشت کر سکتا ہے جس کی حرارت دنیاوی آگ کی حرارت سے انہتر درجہ زیادہ ہے جیسا کہ حدیث شریف میں وارد ہوا ہے۔

جب قیامت کا دن ہوگا کوئی کسی کو نہ پوچھے گا نہ کوئی کسی کا عذاب اپنے سر لینے کو تیار ہوگا اسی کو سورۂ بنی اسرائیل میں فرمایا ہے وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰی (اور کوئی گنہگار نفس کسی دوسرے گنہگار نفس کا بوجھ نہ اٹھائے گا) اور یہاں سورۂ عنکبوت میں فرمایا ہے وَمَا هُمْ بِحَامِلِیْنَ مِنْ خَطٰیٰهُمْ مِّنْ شَیْءٍ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ (اور وہ ان کے گناہوں میں سے کچھ بھی اٹھانے والے نہیں ہیں' بلاشبہ وہ جھوٹ بول

رہے ہیں)۔

اور پھر یہ بھی تو سمجھنا چاہیے کہ کفر اختیار کرنے میں اور دوسرے گناہوں پر چلنے میں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی ہے اور سزا دینے کا اختیار اللہ تعالیٰ ہی کو ہے جو کفر کرے گا اور گنہگاری کی زندگی گزارے گا وہ اپنی نافرمانی کی وجہ سے عذاب کا مستحق ہوگا مستحق عذاب کو چھوڑ کر اس کی جگہ کسی اور کو عذاب دینا یہ اللہ تعالیٰ کے قانون میں نہیں ہیں۔

بالفرض اگر کوئی شخص کسی کا عذاب اپنے سر لینے کے لیے تیار ہو بھی جائے تو اس کے لیے اس کی رضا مندی بھی تو ضروری ہے جس کی نافرمانی کی ہے اپنی طرف سے بات بنا دینے سے گناہ کرنے والے کی جان نہیں چھوٹ سکتی۔ کفار کا یہ کہنا کہ ہم عذاب بھگت لیں گے اس میں دو جھوٹ ہیں اول عذاب بھگتنے کا وعدہ حالانکہ قیامت کے دن کوئی کسی کو نہ پوچھے گا رشتہ دار دوست احباب سب ایک دوسرے سے دور بھاگیں گے باپ بیٹے کی طرف سے اور بیٹا باپ کی طرف سے کوئی بدلہ نہ دے سکے گا نہ بدلہ دینے کے لیے تیار ہوگا۔

اور ان کے دعوے میں دوسرا جھوٹ یہ ہے کہ ہم نے جو بات کہی ہے اللہ تعالیٰ اس کو منظور فرمالے گا اور تم عذاب سے بچ جاؤ گے ان لوگوں کی تکذیب کے لیے فرمایا اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ (بلاشبہ وہ جھوٹے ہیں اور یہ بھی فرمایا: وَلَيُسْـَٔلُنَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَمَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ (اور ضرور ضرور قیامت کے دن اس کے بارے میں ان سے پوچھا جائے گا جو جھوٹ وہ بناتے ہیں)۔

یاد رہے کہ آیت کریمہ میں یہ بتلایا ہے کہ ایک شخص کے کفر اور معاصی پر دوسرے شخص کو عذاب نہ ہوگا ہر ایک شخص اپنے کفر اور عمل بد کی خود سزا بھگتے گا یہ مطلب نہیں ہے کہ گمراہ کرنے والوں کو گمراہ کرنے کی سزا نہیں ملے گی' گمراہ کرنے والوں کو خود اپنے کفر کی بھی سزا ملے گی اور گمراہ کرنے کے لیے جو کوششیں کی ہیں اور کفر و شرک اور گمراہی پر لگایا اس کی بھی سزا ملے گی یہ اس وجہ سے کہ گمراہ کرنا اور کفر و شرک پر ڈالنا یہ ان کا اپنا عمل ہے اسی کو سورۂ نحل میں فرمایا: لِيَحْمِلُوْٓا اَوْزَارَهُمْ كَامِلَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ وَمِنْ اَوْزَارِ الَّذِيْنَ يُضِلُّوْنَهُمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ اَلَا سَآءَ مَا يَزِرُوْنَ ○ (تا کہ وہ اپنے گناہوں کے بوجھ پورے پورے اٹھالیں اور ان لوگوں کے بوجھ بھی اٹھالیں جنہیں وہ علم کے بغیر گمراہ کرتے ہیں خبر دار برا بوجھ ہے جو وہ اٹھا رہے ہیں۔

اور یہاں سورۂ عنکبوت میں فرمایا وَلَيَحْمِلُنَّ اَثْقَالَهُمْ وَاَثْقَالًا مَّعَ اَثْقَالِهِمْ (اور وہ اپنے بوجھوں کے ساتھ دوسروں کے بوجھ بھی اٹھائیں گے) یعنی جن کے گمراہ کرنے کا سبب بنے ان کی گمراہی کا بھی عذاب بھگتیں گے اور ان کے گمراہ کرنے سے گمراہی اختیار کرنے والے سبکدوش نہ ہوں گے انہیں گمراہی اختیار کرنے پر مستقل عذاب ہوگا۔

اس تفسیر سے حدیث نبوی کا مفہوم بھی واضح ہو گیا حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس شخص نے ہدایت کی دعوت دی اسے ان سب لوگوں کے اعمال کا بھی ثواب ملے گا جنہوں نے اس کا اتباع کیا اور ان اتباع کرنے والوں کے ثواب میں سے کچھ بھی کمی نہ ہوگی اور جس کسی شخص نے گمراہی کی دعوت دی تو اس پر ان سب لوگوں کے گناہوں کا بوجھ بھی ہوگا جنہوں نے اس کا اتباع کیا اور ان لوگوں کے گناہوں میں سے کچھ بھی کمی نہ ہوگی۔ (رواہ مسلم)

بہت سے لوگوں کو دیکھا گیا ہے کہ اپنے ساتھ کے اٹھنے بیٹھنے والوں کو گناہ کی زندگی گزارنے کی ترغیب دیتے ہیں اور اپنے ماحول کی وجہ سے مجبور کرتے ہیں کہ تو ہماری طرح کا گنہگار ہو جا اگر کوئی شخص یوں کہتا ہے کہ گناہ پر گرفت ہوگی اور آخرت میں عذاب ہوگا تمہارے کہنے پر گناہ کیوں کروں؟ تو اس پر کہہ دیتے ہیں کہ اس کا جو گناہ ہے وہ ہمارے اوپر رہا اس کی سزا ہم بھگت لیں گے درحقیقت اس میں وہی کافرانہ عقیدہ پوشیدہ ہے کہ قیامت کے دن عذاب نہیں ہوگا اگر عذاب کا یقین ہوتا تو ایسی باتیں نہ کرتے کسی کے یوں کہہ

دینے سے کہ میں تیری طرف سے عذاب بھگت لوں گا عذاب سے چھٹکارا نہ ہوگا البتہ یہ بات کہنے والا اپنی اس بات کی سزا پائے گا کیونکہ اس نے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی ترغیب دی اور اپنی طرف سے یہ قانون بنا کر کہ ایک شخص دوسرے کی طرف سے عذاب بھگت لے گا اللہ کے دین میں داخل کیا۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَلَبِثَ فِيْهِمْ اَلْفَ سَنَةٍ اِلَّا خَمْسِيْنَ عَامًا ؕ فَاَخَذَهُمُ

اور بلا شبہ ہم نے نوح کو ان کی قوم کی طرف بھیجا سو وہ ان میں پچاس کم ہزار سال رہے سو ان لوگوں کو

الطُّوْفَانُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۴﴾ فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَصْحٰبَ السَّفِيْنَةِ وَجَعَلْنٰهَاۤ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۵﴾

طوفان نے پکڑ لیا اس حال میں کہ وہ ظلم کرنے والے تھے۔ پھر ہم نے نوح کو اور کشتی والوں کو نجات دے دی اور اس واقعہ کو ہم نے تمام جہان والوں کے لیے عبرت بنا دیا۔

حضرت نوح علیہ السلام کی تبلیغ اور ان کی قوم کی بغاوت و ہلاکت کا تذکرہ

ان دونوں آیتوں میں حضرت نوح علیہ السلام کی رسالت اور بعثت اور مدت اقامت اور قوم کی عداوت و بغاوت اور ہلاکت کا واقعہ اجمالی طور پر بیان فرمایا ہے حضرت نوح علیہ السلام اپنی قوم میں ساڑھے نو سو سال رہے ان لوگوں کو توحید کی دعوت دی اور تبلیغ کی اور بت پرستی چھوڑنے کی تبلیغ فرمائی مگر ان لوگوں نے بہت بڑی سرکشی کی اور حضرت نوح علیہ السلام کو الٹے الٹے جواب دیتے رہے اور کفر و شرک پر جمے رہے حد یہ ہے کہ انہوں نے یوں کہہ دیا کہ تم جس عذاب سے ہمیں ڈراتے ہو وہ لے آؤ' اللہ تعالیٰ نے حضرت نوح علیہ السلام کو کشتی بنانے کا حکم دیا جب آپ نے کشتی بنالی تو اللہ تعالیٰ نے حکم فرمایا کہ اپنے باایمان گھر والوں کو اور دوسرے اہل ایمان کو کشتی میں اپنے ساتھ سوار کرلیں جب یہ حضرات کشتی میں سوار ہوگئے تو اللہ تعالیٰ نے عذاب بھیج دیا زمین نے پانی اگلا اور آسمان نے بھی پانی برسایا' کافر قوم میں سے کوئی بھی نہ بچا سب غرق ہوگئے۔ سورۂ اعراف میں فرمایا: فَكَذَّبُوْهُ فَاَنْجَيْنَاهُ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ فِى الْفُلْكِ وَاَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَاۤ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا عَمِيْنَ (سو ان لوگوں نے نوح کو جھٹلایا سو ہم نے انہیں اور ان لوگوں کو جو ان کے ساتھ کشتی میں سوار تھے نجات دے دی اور ہم نے ان لوگوں کو غرق کر دیا جنہوں نے ہماری آیات کو جھٹلایا بلاشبہ وہ لوگ اندھے تھے)

حضرت نوح علیہ السلام کی قوم کی بغاوت اور غرقابی کا مفصل قصہ سورۂ اعراف (ع نمبر ۸) اور سورۂ ہود (ع نمبر ۴) کی تفسیر میں لکھا جا چکا ہے اور سورۂ شعراء (ع نمبر ۵) میں بھی گزر چکا ہے اور سورۂ نوح میں بھی آئے گا۔ انشاء اللّٰہ العزیز۔

وَاِبْرٰهِيْمَ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاتَّقُوْهُ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۶﴾

اور ہم نے ابراہیم کو بھیجا جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا کہ اللہ کی عبادت کرو اور اس سے ڈرو یہ تمہارے لئے بہتر ہے اگر تم جانتے ہو۔

اِنَّمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا وَّتَخْلُقُوْنَ اِفْكًا ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ

اللہ کو چھوڑ کر تم بتوں ہی کی عبادت کرتے ہو اور جھوٹی تراشتے ہو یہ تمہارے لیے رزق کے

اللّٰهِ لَا يَمْلِكُوْنَ لَكُمْ رِزْقًا فَابْتَغُوْا عِنْدَ اللّٰهِ الرِّزْقَ وَاعْبُدُوْهُ وَاشْكُرُوْا لَهٗ ؕ اِلَيْهِ

مالک نہیں ہیں سو تم اللہ کے پاس رزق تلاش کرو اور اس کی عبادت کرو اور اس کا شکر ادا کرو تم اسی کی طرف

تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَاِنْ تُكَذِّبُوْا فَقَدْ كَذَّبَ اُمَمٌ مِّنْ قَبْلِكُمْ ؕ وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۸﴾

لوٹائے جاؤ گے۔ اور اگر تم جھٹلاؤ گے تو تم سے پہلی امتیں جھٹلا چکی ہیں اور رسول کے ذمہ واضح طور پر پیغام پہنچانے کے علاوہ اور کچھ نہیں ۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کا اپنی قوم کو توحید کی دعوت دینا اور اللہ تعالیٰ سے رزق طلب کرنے اور اس کا شکر ادا کرنے کی تلقین فرمانا

ان آیات میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی بعثت اور رسالت کا اور قوم کو توحید کی دعوت دینے اور شرک سے بیزار ہونے کا اجمالاً تذکرہ فرمایا ہے ان کا واقعہ جگہ جگہ قرآن مجید میں مذکور ہے، سورۂ آل عمران میں ان کا نمرود سے مناظرہ کرنا اور سورۂ انعام میں اپنی قوم کو اور اپنے باپ کو بت پرستی اور ستارہ پرستی سے روکنا اور انہیں یہ بتانا کہ یہ سب گمراہی کا کام ہے اور سورۂ انبیاء میں اور سورۃ الشعراء میں اپنی قوم کو سمجھانے اور بت پرستی کا ضرر اور نقصان اور خسران سمجھانے کا تذکرہ گزر چکا ہے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنی قوم سے فرمایا کہ تم اللہ کو چھوڑ کر بتوں کی عبادت کرتے ہو اور جھوٹی باتیں تراشتے ہو تمہارا یہ کہنا بھی جھوٹ ہے کہ یہ اللہ کے شریک ہیں اور تمہارا یہ خیال کرنا کہ یہ ہمارے کام آئیں گے یہ سب جھوٹ ہے اللہ کو چھوڑ کر جن کی تم عبادت کرتے ہو وہ تمہیں رزق دینے کا کچھ بھی اختیار نہیں رکھتے تم ان کی عبادت چھوڑ دو اللہ سے رزق طلب کرو اور اسی کی عبادت کرو اور اس کا شکر ادا کرو اور یہ بھی سمجھ لو کہ تمہیں اللہ ہی کی طرف لوٹنا ہے اس کی عبادت کرو گے اور اس کا شکر ادا کرو گے تو موت کے بعد بھی اچھی حالت میں رہو گے اور اگر تم کفر اور شرک پر جمے رہے تو مرنے کے بعد اس کی سزا بھگتو گے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مزید فرمایا کہ اگر تم مجھے جھٹلاؤ گے تو یہ کوئی نئی بات نہیں ہے بلکہ تم سے پہلے بھی بہت سی امتیں اپنے اپنے رسولوں کو جھٹلا چکی ہیں وہ اپنے کردار کی وجہ سے ہلاک ہو گئیں رسول کا کام بس اتنا ہی ہے کہ واضح طور پر حق کو بیان کر دے ایسا کرنے سے اس کی ذمہ داری پوری ہو جاتی ہے تم سے پہلے جو لوگ رسولوں کی رسالت کے منکر ہوئے انہوں نے اپنا ہی برا کیا اور اپنی جانوں کو عذاب میں جھونکنے کا راستہ اختیار کیا تم بھی سمجھ لو کہ اگر تم نے میری دعوت قبول نہیں کی شرک سے توبہ نہ کی توحید پر نہ آئے تو تمہارا اپنا ہی برا ہوگا۔

اَوَلَمْ يَرَوْا كَيْفَ يُبْدِئُ اللّٰهُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿۱۹﴾ قُلْ سِيْرُوْا

کیا ان لوگوں نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے کس طرح مخلوق کو پہلی مرتبہ پیدا فرمایا ہے، پھر وہ اسے دوسری بار پیدا فرمائے گا، بلاشبہ یہ اللہ پر آسان ہے۔ آپ فرما دیجئے کہ

فِى الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ بَدَاَ الْخَلْقَ ثُمَّ اللّٰهُ يُنْشِئُ النَّشْاَةَ الْاٰخِرَةَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ

زمین میں چلو پھرو سو دیکھو اللہ نے پہلی بار کس طرح مخلوق کو پیدا فرمایا پھر دوسری مرتبہ بھی اللہ پیدا فرما دے گا بلا شبہ اللہ ہر

شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۰﴾ يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَرْحَمُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَاِلَيْهِ تُقْلَبُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَمَآ اَنْتُمْ

چیز پر قادر ہے۔ وہ جس کو چاہے گا عذاب دیگا اور جس پر چاہے گا رحم فرمائے گا اور تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔ اور تم زمین

بِمُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ ۫ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿۲۲﴾

پر کسی کو عاجز کرنے والے نہیں ہو اور نہ آسمان میں اور اللہ کے سوا تمہارا کوئی کار ساز اور مدد گار نہیں،

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَلِقَآئِهٖٓ اُولٰٓئِكَ يَئِسُوْا مِنْ رَّحْمَتِيْ وَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۲۳﴾

اور جن لوگوں نے اللہ تعالیٰ کی آیات کا اور اس کی ملاقات کا انکار کیا یہ لوگ میری رحمت سے ناامید ہوں گے اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔

اثبات قیامت پر دلیل آفاقی اور منکرین قیامت کے لیے زجر

ابھی حضرت ابراہیم علیہ السلام کی گفتگو باقی ہے جوان کے اور ان کی قوم کے درمیان تھی، درمیان میں قریش مکہ کو خطاب فرمایا جو قرآن کے مخاطبین اولین تھے ارشاد فرمایا کہ جو لوگ قیامت کے دن زندہ ہونے کے منکر ہیں کیا انہوں نے یہ نہیں دیکھا کہ ان کے سامنے انسان اور حیوان اور دوسری چیزوں کی ابتدائی پیدائش ہوتی رہتی ہے چیزیں پیدا ہوتی ہیں اور فنا ہو جاتی ہیں، اللہ تعالیٰ دوبارہ ان کو پیدا فرما دیتا ہے ابتداءً پیدا فرمانا اور دوبارہ پیدا فرمانا یہ سب اس کے لیے آسان ہے دیکھو زمین ہری بھری ہوتی ہے، کھیتیاں پیدا ہوتی ہیں پھر فنا ہو جاتی ہیں، زمین مردہ ہو جاتی ہیں یعنی خشک ہو جاتی ہے پھر اللہ تعالیٰ زمین سے بار بار ہری بھری کھیتیاں نکال دیتا ہے یہ سب نظروں کے سامنے ہے پھر انسان کی دوبارہ تخلیق میں کیوں شک ہے؟

قال صاحب الروح قوله تعالىٰ (ثم يعيد) عطف علىٰ (اولم يروا) لا علىٰ يبدئ و جوز العطف عليه بتاويل الاعادة بانشائه تعالىٰ كل سنة مثل ما انشأه سبحانه فى السنة السابقة من النبات والثمار وغيرهما فان ذٰلك مما يستدل به علىٰ صحة البعث و وقوعه من غير ريب. (تفسیر روح المعانی کے مصنف فرماتے ہیں ثُمَّ يُعِيْدُ کا عطف اَوَلَمْ يَرَوْا پر ہے نہ کہ يُبْدِئُ پر اور بعض حضرات نے يُبْدِئُ پر عطف کا احتمال نکالا ہے تو اس تاویل کے ساتھ کہ اللہ تعالیٰ ہر آنے والے موسم میں پچھلے موسم کی طرح کھیتوں اور پھلوں وغیرہ کو نئے سرے سے اگاتے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ کا یہ نظام ایسا ہے کہ اس سے انسانوں کے مرنے کے بعد جی اٹھنے پر اور وقوع حشر پر بلاشک استدلال کیا جا سکتا ہے۔

پھر فرمایا تم زمین میں چلو پھرو اور دیکھو کہ اللہ نے ابتداءً مخلوق کی تخلیق فرمائی اس کے بعد جب دوبارہ پیدا کرنے کا ارادہ فرمائے گا تو پھر پیدا فرما دے گا۔

اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (بلاشبہ اللہ ہر چیز پر قادر ہے) يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ (وہ جس کو چاہے عذاب دے) وَيَرْحَمُ مَنْ يَّشَآءُ (اور جس پر چاہے رحم فرمائے) وَاِلَيْهِ تُقْلَبُوْنَ (اور اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے) دنیا میں بھی اس کی مشیت اور ارادہ کے مطابق سب کچھ ہوتا ہے اور آخرت میں بھی اسی کے فیصلوں کے مطابق سب کچھ ہوگا آسمان اور زمین میں کوئی اسے عاجز کرنے والا نہیں، اگر کوئی یہ چاہے کہ کہیں چھپ جائے یا بھاگ جائے اور اللہ کے قضا اور قدر والے فیصلے سے بچ جائے یا اسکے عذاب سے چھوٹ جائے ایسا نہیں ہو سکتا اسی کو یہاں فرمایا ہے وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ (اور تم عاجز کرنیوالے نہیں ہو زمین میں نہ آسمان میں) وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ (اور اللہ کے سوا تمہارا کوئی کارساز اور مددگار نہیں ہے) وہ جس پر چاہے رحم کرے اور جس کی چاہے مدد کرے) جب اسکا کسی کو عذاب دینے کا فیصلہ ہو جائے تو کوئی بھی اس کی کسی قسم کی مدد نہیں کر سکتا، وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَلِقَآئِهٖ (الآیۃ) اور جو لوگ اللہ کی آیات اور ملاقات کے منکر ہوئے وہ میری رحمت سے ناامید ہوں گے اور ان کیلئے دردناک عذاب ہوگا) اس وقت وہ سمجھ لیں گے کہ ہم اپنے کفر کی وجہ سے اس لائق نہیں ہیں کہ ہم پر رحم کیا جائے اور اللہ کی رحمت سے ناامید ہوں گے۔

فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖۤ اِلَّاۤ اَنْ قَالُوا اقْتُلُوْهُ اَوْ حَرِّقُوْهُ فَاَنْجٰىهُ اللّٰهُ مِنَ النَّارِ ؕ اِنَّ فِیْ

سو ان کی قوم کا جواب اس کے سوا کچھ نہ تھا کہ اس کو قتل کر ڈالو یا جلا ڈالو' سو اللہ نے ان کو آگ سے نجات دے دی' بلا شبہ اس میں ان لوگوں

ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَ قَالَ اِنَّمَا اتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا ۙ

کے لیے نشانیاں ہیں جو ایمان لاتے ہیں۔ اور ابراہیم نے کہا کہ تم نے جو اللہ کو چھوڑ کر بتوں کو معبود بنا لیا ہے یہ تمہاری آپس

مَّوَدَّةَ بَیْنِكُمْ فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا ۚ ثُمَّ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ یَكْفُرُ بَعْضُكُمْ بِبَعْضٍ وَّ یَلْعَنُ

کی دوستی کی وجہ سے ہے جو دنیا والی زندگی میں ہے پھر قیامت کے دن تم ایک دوسرے کے مخالف ہو گے اور تم میں سے

بَعْضُكُمْ بَعْضًا ۫ وَّ مَاْوٰىكُمُ النَّارُ وَ مَا لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِیْنَ ﴿۲۵﴾ فَاٰمَنَ لَهٗ لُوْطٌ ۘ وَ قَالَ اِنِّیْ

بعض بعض پر لعنت کریں گے اور تمہارا ٹھکانا دوزخ ہوگا اور تمہاری مدد کرنے والے بالکل نہ ہوں گے۔ سو لوط نے ابراہیم کی تصدیق کی اور ابراہیم نے کہا کہ

مُهَاجِرٌ اِلٰی رَبِّیْ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ﴿۲۶﴾ وَ وَهَبْنَا لَهٗۤ اِسْحٰقَ وَ یَعْقُوْبَ وَ جَعَلْنَا

بلا شبہ میں اپنے رب کی طرف ہجرت کرنے والا ہوں بلا شبہ وہ عزیز ہے حکیم ہے۔ اور ہم نے ابراہیم کو اسحٰق اور یعقوب عطا فرمائے اور ہم نے

فِیْ ذُرِّیَّتِهِ النُّبُوَّةَ وَ الْكِتٰبَ وَ اٰتَیْنٰهُ اَجْرَهٗ فِی الدُّنْیَا ۚ وَ اِنَّهٗ فِی الْاٰخِرَةِ

ان کی ذریت (اولاد) میں نبوت اور کتاب کو قائم رکھا اور ہم نے ان کو دنیا میں اس کا اجر دیا اور بلا شبہ وہ آخرت

لَمِنَ الصّٰلِحِیْنَ ﴿۲۷﴾

میں صالحین میں سے ہوں گے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کی قوم کا جواب کہ ان کو قتل کر دو یا آگ میں جلا دو

اوپر حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعوت اور تبلیغ کا ذکر تھا درمیان میں کچھ تنبیہات آ گئیں جو قرآن کریم کے مخاطبین سے متعلق ہیں یہاں سے پھر حضرت ابراہیم علیہ السلام اور ان کے مخالفین کا ذکر شروع ہوتا ہے ارشاد فرمایا کہ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنی قوم کو توحید کی دعوت دی اور بت پرستی چھوڑنے کی تلقین کی تو ان کی قوم نے یہی کہا کہ ان کو مار ڈالو یا آگ میں جلا دو چنانچہ قوم نے انہیں آگ میں ڈال دیا اور اللہ تعالیٰ نے آگ کو ٹھنڈی ہو جانے کا حکم دے دیا اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آگ سے نجات دے دی وہ آگ سے صحیح سالم نکل آئے۔ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ (بلا شبہ اس میں ایمان والوں کے لیے نشانیاں ہیں)۔

حضرت ابراہیمؑ کا قوم کو سمجھانا کہ تم دنیاوی دوستی کی وجہ سے بت پرستی میں لگے ہو اور قیامت کے دن ایک دوسرے پر لعنت کرو گے

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے جو اپنی قوم سے دعوت توحید کے سلسلہ میں باتیں کیں ان میں سے ایک بات یہ تھی کہ تم لوگوں نے

جو بتوں کو معبود بنا رکھا ہے اس کی وجہ صرف یہ ہے کہ تم لوگوں کی دیکھا دیکھی اس کام میں لگ گئے ہو تم نے غور و فکر تو کی ہی نہیں جس سے تم پر حق واضح ہو جاتا کہ بتوں کا پوجھنا بہت بڑی حماقت ہے تم نے تو یہ دیکھ لیا کہ ساری قوم ان کی پرستش کرتی ہے اور باپ دادے ان کی پوجا کرتے چلے آئے ہیں تمہاری دنیا والی دوستیاں ایک دوسرے کو کفر و شرک پر لگائے ہوئے ہیں تم یہ سمجھتے ہو کہ توحید کو مانیں اور بتوں کو چھوڑیں تو قوم سے علیحدہ ہو جائیں گے قوم ہم سے ناراض ہو جائے گی۔

صاحب روح المعانی (ج ۲۰ص ۱۵۰) مَوَدَّةَ بَيْنِكُمْ کی تفسیر کرتے ہوئے لکھتے ہیں: **المعنى ان مودة بعضكم بعضا هي التي دعتكم الى اتخاذها بان رأيتم بعض من تودونه اتخذها فاتخذتموها موافقة له لمودتكم اياه' و هذا كما يرى الانسان من يوده يفعل شَيْئًا فيفعل مودة له .** (مطلب یہ ہے کہ تمہاری آپس کی دوستی ہی بتوں کی پرستش کی داعی ہے کہ تم اپنے بعض دوستوں کو بتوں کی پرستش کرتے دیکھتے ہو تو ان کی موافقت اور دوستی کے اقتضاء میں تم بھی ان کی پرستش کرنے لگتے ہو۔ اور ایسا ہوتا ہے کہ آدمی اپنے کسی دوست کو کوئی کام کرتے دیکھتا ہے تو اس کی دیکھا دیکھی خود بھی وہی کام کرنے لگتا ہے)۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مزید فرمایا کہ دنیا میں تو تم دوست بنے ہوئے ہو اور تمہاری یہ دوستی آپس میں ایک دوسرے سے بت پرستی کرانے کا سبب بنی ہوئی ہے لیکن قیامت کے دن تمہاری یہ دوستی دشمنی سے بدل جائے گی وہاں ایک دوسرے کے مخالف ہو جاؤ گے اور تم میں سے بعض بعض پر لعنت کریں گے کیونکہ تم نے ایک دوسرے کو راہ حق سے روکا تھا' یہ لعن طعن آپس میں ہوگا اور سب ہی کو دوزخ میں جانا ہوگا اور وہاں تم میں سے کوئی کسی کا مددگار نہ ہوگا یہاں شرک کرانے میں ایک دوسرے کے مددگار بنے ہوئے ہو لیکن وہاں کوئی کسی کی مدد نہ کرے گا۔

سورۂ اعراف میں فرمایا: كُلَّمَا دَخَلَتْ اُمَّةٌ لَّعَنَتْ اُخْتَهَا (جب کوئی جماعت دوزخ میں داخل ہوگی اپنی ساتھ والی جماعت پر لعنت کرے گی جو ان سے پہلے دوزخ میں داخل ہو چکی ہوگی)۔ سورۂ ص میں فرمایا: قَالُوْا بَلْ اَنْتُمْ لَا مَرْحَبًا بِكُمْ اَنْتُمْ قَدَّمْتُمُوْهُ لَنَا فَبِئْسَ الْقَرَارُ (یعنی دنیا میں جو لوگ اتباع تھے وہ اپنے متبوعین یعنی لیڈروں اور سرداروں سے کہیں گے تمہارے لیے کوئی مبارک باد نہیں تم نے کفر کو ہماری طرف بڑھایا اب یہ برا ٹھکانہ ہے جس میں ہمیں بھی ٹھہرنا ہے اور تمہیں بھی)۔

جو حال اہل کفر کا ہے وہی اہل معاصی کا ہے ایک دوسرے کو دنیا میں گناہوں پر ابھارتے ہیں' اپنے ساتھ لگاتے ہیں اپنے پاس سے پیسے دے کر گناہ کراتے ہیں اور آخرت میں کوئی کسی کا یار و مددگار نہ ہوگا۔

حضرت لوط علیہ السلام کا دعوت ابراہیمی کو قبول کرنا اور دونوں حضرات کا فلسطین کے لیے ہجرت کرنا

اس کے بعد فرمایا: فَاٰمَنَ لَهٗ لُوْطٌ ۔ لوط علیہ السلام ابراہیم علیہ السلام کی نبوت پر ایمان لے آئے (جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بھائی ہارون کے بیٹے تھے) جب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنی قوم پر ہر طرح سے حجت پوری کر دی تو فرمایا اب میں اس وطن کو چھوڑتا ہوں اور اپنے رب کی طرف ہجرت کرتا ہوں یعنی میرے رب نے جو ہجرت کی جگہ بتائی ہے وہاں جاتا ہوں بلاشبہ میرا رب عزیز ہے حکیم ہے۔

بعض مفسرین نے یہ احتمال ظاہر کیا ہے کہ وَقَالَ اِنِّیْ مُهَاجِرٌ کا فاعل حضرت لوط علیہ السلام ہیں لیکن پہلی بات راجح ہے کہ یہ حضرت ابراہیم علیہ اسلام کا قول ہے جیسا کہ سورۂ صافات میں مذکور ہے وَقَالَ اِنِّیْ ذَاهِبٌ اِلٰی رَبِّیْ سَيَهْدِيْنِ (اور انہوں نے کہا کہ میں اپنے رب کی طرف جانے والا ہوں وہ عنقریب مجھے راہ بتادے گا)۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے وطن سے (جو عراق اور فارس کے درمیان تھا) ہجرت فرمائی اور حضرت لوط علیہ السلام اور حضرت سارہ سلام اللہ علیہا کو ساتھ لے کر (جو آپ کے چچا کی بیٹی تھیں اور آپ کی بیوی تھیں) ہجرت فرما کر فلسطین میں آ کر مقیم ہو گئے۔

بیٹے اور پوتے کی بشارت اور محبت ...... اس وقت آپ کی عمر بعض مفسرینؒ کے قول کے مطابق ۷۵ سال تھی اور آپ کی اہلیہ محترمہ بھی بوڑھی تھیں، شام میں پہنچ گئے تو اللہ تعالیٰ سے دعا مانگی: رَبِّ ھَبْ لِیْ مِنَ الصّٰلِحِیْنَ (اے میرے رب مجھے صالحین میں ایک لڑکا عطا فرمائیے) اللہ تعالیٰ نے آپ کی دعا کو شرف قبولیت بخشا اور فرشتوں کے ذریعہ آپ کو لڑکا پیدا ہونے کی بشارت دی یہ فرشتے حضرت لوط علیہ السلام کی قوم کو ہلاک کرنے کے لیے آئے تھے جیسا کہ سورۂ ہود میں گزر چکا ہے۔

یہ بشارت حضرت اسحٰق علیہ السلام اور ان کے بیٹے حضرت یعقوب علیہ السلام کی پیدائش سے متعلق تھی حضرت اسماعیل علیہ السلام دوسری بیوی یعنی حضرت ہاجرہ سلام اللہ علیہا کے بطن سے پیدا ہوئے تھے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اولاد میں سلسلۂ نبوت جاری فرمانا ...... حضرت اسحٰق اور حضرت یعقوب علیہما السلام اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو عطا فرمائے اور ہمیشہ کے لیے ان کی ذریت میں نبوت بھی رکھ دی اور کتابوں کا نازل فرمانا ابراہیم علیہ السلام کے بعد جتنے بھی انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام تشریف لائے سب انہیں کی نسل میں سے تھے آخر الانبیاء والمرسلین سیدنا حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت اسمٰعیل بن حضرت ابراہیم علیہ السلام کی نسل میں سے ہیں۔

ذکر خیر کی دعا اور قبولیت ...... اللہ تعالیٰ جل شانہ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو بڑا مرتبہ دیا' دنیا میں بھی ان کو چن لیا اور اپنا خلیل بنا لیا اور بعد میں آنے والی قوموں میں اچھائی کے ساتھ ان کا ذکر جاری فرما دیا' جتنے ادیان ہیں ان کے ماننے والے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اچھائی کے ساتھ یاد کرتے ہیں ان میں یہود و نصاریٰ بھی ہیں اور دیگر مشرک اقوام بھی ہیں مسلمانوں کے علاوہ دوسری قومیں گو سیدنا حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کا انکار کرنے کی وجہ سے کافر ہیں لیکن حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بارے میں سب ہی اچھے کلمات کہتے ہیں انہوں نے جو دعا کی تھی وَاجْعَلْ لِّیْ لِسَانَ صِدْقٍ فِی الْاٰخِرِیْنَ۔ وہ اللہ تعالیٰ نے قبول فرمائی اور ان کا ذکر حسن تمام ادیان میں جاری رکھا۔

وَاٰتَیْنٰہُ فِی الدُّنْیَا (اور ہم نے ان کو ان کا صلہ دنیا میں دے دیا) ان کی ذریت میں انبیاء کرام علیہم السلام کا آنا متعین فرما دیا اور انہیں دار الکفر سے نجات دے کر فلسطین میں پہنچا دیا اور ان سے کعبہ شریف بنوا دیا اور ان کے ذریعہ قربانی کا سلسلہ جاری فرما دیا' دنیا میں جو کچھ ملا وہ اللہ کا فضل ہے اور اس کی وجہ سے آخرت کا اجر و ثواب اور رفع درجات اور قرب الٰہی کا حصول اس کے علاوہ ہیں اسی کو سورۂ بقرہ' سورۂ نحل اور سورۂ عنکبوت میں فرمایا۔ وَاِنَّہٗ فِی الْاٰخِرَۃِ لَمِنَ الصّٰلِحِیْنَ۔ (اور بلاشبہ وہ آخرت میں نیک بندوں میں سے ہوں گے)۔

وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِہٖۤ اِنَّکُمْ لَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَۃَ ز مَا سَبَقَکُمْ بِھَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۲۸﴾

اور ہم نے لوط علیہ السلام کو بھیجا جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا کہ بلاشبہ تم بے حیائی کا کام کرتے ہو تم سے پہلے اس کام کو دنیا جہاں والوں میں سے کسی نے نہیں کیا،

اَئِنَّکُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ وَتَقْطَعُوْنَ السَّبِیْلَ ۵ لا وَتَاْتُوْنَ فِیْ نَادِیْکُمُ الْمُنْکَرَ ط فَمَا کَانَ

کیا تم مردوں کے پاس آتے ہو اور رہزنی کرتے ہو اور اپنی مجلسوں میں برا کام کرتے ہو سو ان کی قوم کا

جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوا ائْتِنَا بِعَذَابِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۲۹﴾ قَالَ رَبِّ

جواب یہی تھا کہ تو اللہ کا عذاب لے آ اگر تو سچوں میں سے ہے۔ لوط نے عرض کیا

انْصُرْنِيْ عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۳۰﴾ وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَآ اِبْرٰهِيْمَ بِالْبُشْرٰى قَالُوْٓا اِنَّا

کہ اے میرے رب فساد کرنے والے لوگوں کے مقابلہ میں میری مدد فرمائیے۔ اور جب ہمارے فرشتے خوشخبری لے کر ابراہیم کے پاس آئے تو انہوں نے کہا کہ

مُهْلِكُوْٓا اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ اِنَّ اَهْلَهَا كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ﴿۳۱﴾ قَالَ اِنَّ فِيْهَا لُوْطًا قَالُوْا نَحْنُ

بلاشبہ ہم اس بستی کو ہلاک کرنیوالے ہیں بلاشبہ اسی بستی کے لوگ ظالم ہیں۔ ابراہیم نے کہا یہ یقینی بات ہے کہ اس بستی میں لوط بھی ہے انہوں نے کہا کہ ہم خوب جانتے ہیں

اَعْلَمُ بِمَنْ فِيْهَا لَنُنَجِّيَنَّهٗ وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا امْرَاَتَهٗ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿۳۲﴾ وَلَمَّآ اَنْ

کہ اس بستی میں کون ہے اور ہم لوط کو اور اسکے گھر والوں کو ضرور ضرور نجات دے دیں گے سوائے اس کی بیوی کے وہ رہ جانے والوں میں سے ہے۔ اور جب ہمارے

جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِيْٓءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا وَّقَالُوْا لَا تَخَفْ وَلَا تَحْزَنْ اِنَّا مُنَجُّوْكَ

فرستادے لوط کے پاس آئے تو وہ ان کی وجہ سے رنجیدہ ہوئے اور تنگ دل ہوئے اور قاصدوں نے کہا کہ آپ ڈریئے نہیں اور رنج نہ کیجئے بلاشبہ ہم آپ کو اور آپ کے گھر والوں

وَاَهْلَكَ اِلَّا امْرَاَتَكَ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿۳۳﴾ اِنَّا مُنْزِلُوْنَ عَلٰٓى اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ رِجْزًا مِّنَ

کو نجات دینے والے ہیں سوائے آپ کی بیوی کے وہ رہ جانے والوں میں سے ہے۔ بلاشبہ ہم اس بستی والوں پر آسمان سے عذاب اتارنے والے ہیں اس وجہ

السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۳۴﴾ وَلَقَدْ تَّرَكْنَا مِنْهَآ اٰيَةًۢ بَيِّنَةً لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿۳۵﴾

سے کہ وہ نافرمانی کا کام کرتے رہے ہیں اور البتہ تحقیق ہم نے اس بستی کے بعض نشان چھوڑ دیئے ہیں۔ جو ظاہر ہیں ان لوگوں کے لیے جو سمجھتے ہیں۔

حضرت لوط علیہ السلام کا اپنی قوم کو تبلیغ کرنا اور برے اعمال سے روکنا پھر قوم کا نافرمانی کی وجہ سے ہلاک کیے جانے کا ذکر

جب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے وطن سے ہجرت کی تو ان کے ساتھ حضرت لوط علیہ السلام بھی تشریف لے آئے' حضرت لوط علیہ السلام کو بھی اللہ تعالیٰ نے نبوت سے سرفراز فرمادیا اور انہوں نے سدوم نامی بستی میں قیام کیا وہاں اور بھی چند بستیاں تھیں جو نہر اردن سے قریب تھیں' حضرت لوط علیہ السلام ان بستیوں کی طرف مبعوث ہوئے اور وہاں کے رہنے والوں کو توحید کی دعوت دی اور برے کاموں سے روکا یہ لوگ ایک ایسے برے کام میں مبتلا تھے جو ان سے پہلے کسی قوم نے نہیں کیا اور وہ یہ کہ مرد مردوں سے شہوت پوری کرتے تھے اور رہزنی بھی کرتے تھے اور اپنی مجلسوں میں بعض دیگر منکرات کے بھی مرتکب ہوتے تھے حضرت لوط علیہ السلام نے ان کو سمجھایا کہ تم ان سارے فواحش و منکرات کو چھوڑ دو لیکن وہ نہیں مانے بلکہ الٹا یہ جواب دیا کہ اگر تم سچے ہو تو اللہ کا عذاب لے آؤ۔

یہ جو فرمایا وَتَقْطَعُوْنَ السَّبِيْلَ' اس کا ایک مطلب تو یہی ہے کہ راہزنی کرتے ہو یعنی جو لوگ تمہارے علاقے سے گزرتے ہیں تم ان پر ڈاکہ ڈالتے ہو اور اس کا ایک معنی بعض مفسرین نے یہ لیا ہے کہ تم مردوں سے شہوت پوری کر کے توالد و تناسل کا راستہ روک رہے ہو

کیونکہ اولاد عورتوں سے پیدا ہوتی ہے مردوں سے پیدا نہیں ہوتی اور تیسرا مطلب یہ بتایا کہ جو لوگ تمہارے علاقہ سے گزرتے ہیں ان کے ساتھ برا کام کرتے ہو جس کی وجہ سے لوگوں نے تمہارے علاقے سے گزرنا چھوڑ دیا یہ بھی **قَطْعُ السَّبِيْل** کا ایک طریقہ ہے۔

وَتَاْتُوْنَ فِیْ نَادِیْکُمُ الْمُنْکَرَ - اس کا ترجمہ یہ ہے کہ ''تم اپنی مجلس میں برا کام کرتے ہو'' اس کے بارے میں حضرت اُمّ ہانی بنت ابی طالبؓ سے مروی ہے کہ انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ وہ کون سا منکر تھا جس کا آیت کریمہ میں ذکر ہے؟ فرمایا کہ وہ لوگ راہ گیروں کو دور سے کنکریاں مارتے تھے اور ان کی ہنسی اڑاتے تھے۔ بعض روایات میں یوں ہے کہ وہ اپنے پاس کنکریاں لے کر بیٹھتے تھے پھر گزرنے والوں کو مارتے تھے جس کی کنکری جس راہ گیر کو لگ گئی وہ اس کا ہو گیا اور وہ اس کو ساتھ لے جا کر برا کام کرتا تھا اور اس کو چند درہم دے دیتا تھا۔ ان کے ہاں قاضی بھی تھا جو اس بات کا فیصلہ کر دیتا تھا اور حضرت قاسم بن محمدؒ سے مروی ہے کہ یہ لوگ اپنی مجلسوں میں ہوا چھوڑنے میں مقابلہ کیا کرتے تھے اور حضرت مجاہدؒ نے فرمایا کہ یہ لوگ پوری بے شرمی کے ساتھ اپنی مجلسوں میں مرد مردوں کے ساتھ برا فعل کیا کرتے تھے۔ (معالم التنزیل جلد۳ ص ۴۶۶)

حضرت لوط علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ اے میرے رب فسادی قوم کے مقابلہ میں میری مدد فرما (یعنی میں نے جوان سے عذاب کا وعدہ کیا ہے میرے وعدہ کو سچا کر دے) اللہ تعالیٰ نے ان کی دعا قبول فرمائی اور ان کی قوم کو ہلاک کرنے کے لیے فرشتے بھیج دیئے فرشتے پہلے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس آئے اور انہیں بشارت دی کہ تمہارے یہاں ایک لڑکا پیدا ہو گا جو صاحب علم ہو گا اور ساتھ ہی اس لڑکے کا ایک لڑکا پیدا ہونے کی خوشخبری دی اور پہلے ہی سے انہوں نے لڑکے کا نام اسحٰق اور پوتے کا نام یعقوب بتا دیا۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرشتوں سے دریافت کیا کہ آپ حضرات کا کیسے تشریف لانا ہوا؟ انہوں نے بتایا کہ ہم اس بستی کے لوگوں کو ہلاک کرنے کے لیے بھیجے گئے ہیں جس میں حضرت لوط علیہ السلام رہتے ہیں۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو خیال آیا کہ بستی پر عام عذاب آئیگا۔ اس میں لوط علیہ السلام بھی ہیں ان کے ساتھ کیا ہو گا۔ اپنا یہ سوال فرشتوں کے سامنے رکھ دیا، فرشتوں نے جواب میں کہا کہ ہمیں خوب معلوم ہے کہ اس بستی میں کون کون ہے ہم لوط علیہ السلام کو اور ان کے گھر والوں کو نجات دے دیں گے ہاں ان کی بیوی نجات نہ پائے گی کیونکہ اس نے ایمان قبول نہ کیا اس لیے وہ ان لوگوں میں رہ جائے گی جو ہلاک ہونے والے ہیں یعنی ہلاکت والوں کے ساتھ وہ بھی ہلاک ہو گی۔

حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بات کا جواب دینے کے بعد حضرات ملائکہ علیہم السلام حضرت لوط علیہ السلام کے پاس پہنچے، یہ حضرات خوبصورت انسانوں کی صورت میں تھے انہیں دیکھ کر حضرت لوط علیہ السلام رنجیدہ ہوئے اور دل میں پریشانی کی کیفیت پیدا ہو گئی انہیں خیال ہوا کہ میری قوم کے لوگ بدکار ہیں اور یہ لوگ میرے مہمان ہیں، خوبصورت ہیں بستی کے رہنے والے بدکار کہیں ان کی طرف متوجہ نہ ہو جائیں، فرشتوں نے ان کی پریشانی کو محسوس کر لیا اور ان سے کہا کہ آپ نہ ڈریں اور غم نہ کریں ہم ان لوگوں کو ہلاک کرنے کے لیے بھیجے گئے ہیں، آپ کو اور آپ کے گھر والوں کو ہم نجات دے دیں گے البتہ آپ کی بیوی ہلاک کیے جانے والوں میں شامل رہے گی، ان بستی والوں پر ہم عذاب اتارنے والے ہیں، ان کے کرتوتوں کے سبب ان پر عذاب آئے گا اور ہلاک ہوں گے۔

فرشتوں نے حضرت لوط علیہ السلام سے کہا کہ آپ اپنے گھر والوں کو لے کر رات کے ایک حصہ میں اس بستی سے نکل جائیں اور آپ میں سے کوئی پیچھے مڑ کر نہ دیکھے، ہاں اپنی بیوی کو ساتھ نہ لے جانا کیونکہ وہ بھی قوم کے ساتھ عذاب میں شریک ہو گی۔

حضرت لوط علیہ السلام اپنے گھر والوں کو اور دیگر اہل ایمان کو لے کر بستی سے نکل گئے جب صبح ہوئی تو ان کی قوم پر عذاب آ گیا یہ بستی

جس میں حضرت لوط علیہ السلام رہتے تھے اور اس کے آس پاس کی بستیاں جن کے رہنے والے کافر تھے اور بدکار بھی' ان سب بستیوں کا تختہ الٹ دیا گیا' حضرت جبریل علیہ السلام نے اٹھا کر اس طرح پلٹ دیا کہ نیچے کا حصہ اوپر اور اوپر کا حصہ نیچے کر دیا اور اوپر سے پتھروں کی بارش بھی ہوگئی' اس طرح یہ سب لوگ ہلاک و برباد ہوگئے۔

حضرت لوط علیہ السلام رات کے کسی وقت اپنے ساتھیوں کو لے کر بستی سے نکلے تھے اور سورج نکلنے کے وقت ان کی قوم پر مذکورہ بالا عذاب آگیا۔

سورۂ اعراف' سورۂ ہود' سورۂ حجر' سورۂ شعراء اور سورۃ النمل میں بھی حضرت لوط علیہ السلام کی قوم کی ہلاکت کا واقعہ گزر چکا ہے۔

آخر میں فرمایا وَلَقَدْ تَّرَكْنَا مِنْهَآ اٰيَةًۢ بَيِّنَةً لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ (اور ہم نے لوط علیہ السلام کی بستی کے بعض نشان چھوڑ دیئے ہیں جو ظاہر ہیں جنہیں دیکھ کر گزرنے والے عبرت حاصل کر سکتے ہیں جو فہم اور تدبر سے کام لیں) یعنی لوط علیہ السلام کی قوم کی بستیوں کے نشانات اب تک موجود ہیں' چلو پھرو دیکھو اور عبرت حاصل کرو۔ سورۂ صافات میں فرمایا: وَاِنَّكُمْ لَتَمُرُّوْنَ عَلَيْهِمْ مُّصْبِحِيْنَ وَبِالَّيْلِ (اور بلاشبہ تم ان پر صبح کے وقت اور رات کے وقت گزرتے ہو کیا تم سمجھ نہیں رکھتے) اہل مکہ جب تجارت کے لیے ملک شام جایا کرتے تھے تو حضرت لوط علیہ السلام کی ہلاک شدہ بستیوں پر گزرتے تھے' اس جگہ سے کبھی صبح کو کبھی رات کو گزرنا ہوتا تھا ان (اہل مکہ) سے فرمایا تم انہیں دیکھ کر عبرت حاصل کیوں نہیں کرتے' ان بستیوں کی جگہ آج کل بحر میت موجود ہے افسوس ہے کہ سفر کرنے والے اسے تفریح کے لیے دیکھتے ہیں اور ذرا بھی عبرت حاصل نہیں کرتے۔

وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ۙ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَارْجُوا الْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَلَا

اور ہم نے مدین والوں کے پاس ان کے بھائی شعیب کو بھیجا' سو انہوں نے کہا کہ اے میری قوم اللہ کی عبادت کرو اور آخرت کے دن کی توقع رکھو' اور

تَعْثَوْا فِى الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿۳۶﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا فِىْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿۳۷﴾

زمین میں فساد مت پھیلاؤ۔ سو ان لوگوں نے شعیب کو جھٹلایا لہٰذا انہیں زلزلہ نے پکڑ لیا اور وہ صبح کے وقت اپنے گھروں میں اوندھے منہ گرے ہوئے تھے۔

وَعَادًا وَّثَمُوْدَاۡ وَقَدْ تَّبَيَّنَ لَكُمْ مِّنْ مَّسٰكِنِهِمْ ۗ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ

اور ہم نے عاد اور ثمود کو ہلاک کیا اور حال یہ ہے کہ تمہیں ان کے رہنے کی جگہوں سے ان کا حال معلوم ہو چکا ہے اور شیطان نے ان کے اعمال کو ان کے لیے اچھا کر کے

فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ وَكَانُوْا مُسْتَبْصِرِيْنَ ﴿۳۸﴾ وَقَارُوْنَ وَفِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ ۗ

دکھایا سو اس نے انہیں راستہ سے روک دیا، اور وہ صاحب بصیرت تھے۔ اور ہم نے قارون کو اور فرعون کو اور ہامان کو ہلاک کیا،

وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مُّوْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ فَاسْتَكْبَرُوْا فِى الْاَرْضِ وَمَا كَانُوْا سٰبِقِيْنَ ﴿۳۹﴾

اور یہ واقعہ ہے کہ موسیٰ ان کے پاس کھلی ہوئی دلیلیں لیکر آئے سو انہوں نے اپنے کو بڑا سمجھا اور وہ آگے بڑھنے والے نہ تھے۔

فَكُلًّا اَخَذْنَا بِذَنْۢبِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِ حَاصِبًا ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ اَخَذَتْهُ الصَّيْحَةُ ۚ

سو ہم نے ہر ایک کو اس کے گناہ کی وجہ سے پکڑ لیا، سو بعض پر ہم نے سخت ہوا بھیج دی

وَ مِنۡهُمۡ مَّنۡ خَسَفۡنَا بِهِ الۡاَرۡضَ ۚ وَ مِنۡهُمۡ مَّنۡ اَغۡرَقۡنَا ۚ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظۡلِمَهُمۡ وَ لٰكِنۡ

اور بعض کو چیخ نے پکڑ لیا اور بعض کو ہم نے زمین میں دھنسا دیا اور بعض کو غرق کر دیا، اور اللہ ایسا نہیں ہے کہ ان پر ظلم فرماتا اور لیکن

كَانُوۡۤا اَنۡفُسَهُمۡ يَظۡلِمُوۡنَ ۝

وہ خود ہی اپنی جانوں پر ظلم کرتے تھے۔

اہل مدین اور فرعون، ہامان، قارون کی ہلاکت کا تذکرہ

ان آیات میں اجمالی طور پر بعض گزشتہ اقوام کی ہلاکت کا تذکرہ فرمایا ہے پہلی اور دوسری آیت میں حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم کا ذکر ہے جو علاقہ مدین میں رہتے تھے ان لوگوں کو حضرت شعیب علیہ السلام نے توحید کی دعوت دی اللہ تعالیٰ کی عبادت کی طرف بلایا اور فرمایا کہ آخرت کا دن بھی واقع ہوگا وہاں کفر کی اور اعمال بد کی سزا ملے گی تم یہ نہ سمجھو کہ دنیا ہی سب کچھ ہے بلکہ موت کے بعد حساب کتاب ہے، پیشی ہے اس کے واقع ہونے کا یقین رکھو اور اس یقین کے مطابق عمل کرو اور زندگی گزارو جو برے افعال کرتے ہو ان کو چھوڑ و یہ لوگ ناپ تول میں کمی کرتے تھے جیسا کہ سورۂ ہود اور سورۃ الشعراء میں مذکور ہے۔ حضرت شعیب علیہ السلام نے انہیں تنبیہ فرمائی کہ زمین میں فساد مت پھیلاؤ ان لوگوں نے حضرت شعیب علیہ السلام کی بات نہ مانی لہٰذا ان پر اللہ تعالیٰ کا عذاب نازل ہوا اور ایسا زلزلہ آیا کہ ان سب کو جھنجوڑ کر اور تباہ کر کے رکھ دیا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اپنے گھروں میں گھٹنوں کے بل اوندھے منہ گرے ہوئے رہ گئے جیسا کہ سورۂ ہود میں ذکر فرمایا ہے ان پر چیخ کا عذاب بھی آیا اور زلزلہ نے بھی دبایا اور یہ دونوں چیزیں ہلاکت کا ذریعہ بن گئیں۔

تیسری آیت میں قوم عاد اور ثمود کی ہلاکت کا تذکرہ فرمایا اور ساتھ ہی یہ بھی فرمایا کہ ان کی ہلاکت کے نشانات تمہاری نظروں کے سامنے ہیں، جب تم سفر میں جاتے ہو تو ان کے برباد شدہ گھروں کے پاس سے گزرتے ہو، یہ عبرت کی جگہ ہے غور کرو اور کفر سے توبہ کرو۔ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيۡطٰنُ اَعۡمَالَهُمۡ (اور شیطان نے ان کے اعمال بد اور کفر و معاصی کو ان کے سامنے مزین کر کے پیش کیا) یعنی انہیں سمجھایا تھا کہ تم اچھی زندگی گزار رہے ہو۔ فَصَدَّهُمۡ عَنِ السَّبِيۡلِ (سو انہیں راہ حق سے ہٹا دیا) وَكَانُوۡا مُسۡتَبۡصِرِيۡنَ (حالانکہ وہ لوگ صاحب بصیرت تھے سمجھدار تھے) لیکن شیطان کے کہنے میں آ گئے، عقل سے کام نہ لیا، دنیاوی لذتوں کو سامنے رکھا اور اللہ تعالیٰ نے جو سمجھ دی تھی اسے استعمال نہ کیا اور شیطان کی تزیین اور تحسین کی وجہ سے مدہوش ہو گئے۔

چوتھی آیت میں قارون، فرعون اور ہامان کی بربادی کا تذکرہ فرمایا، سورۂ عنکبوت سے پہلے سورۂ قصص میں ان لوگوں کی ہلاکت اور بربادی کا ذکر گزر چکا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو ان کی طرف مبعوث فرمایا، وہ ان کے پاس کھلے ہوئے معجزات لے کر آئے لیکن ان لوگوں نے آپ کی بات نہ مانی اور کفر پر جمے رہے، انکار پر مصر رہے اور انکار کا سبب ان کا استکبار تھا یعنی یہ کہ وہ اپنے کو زمین میں بڑا سمجھتے تھے اور ایمان قبول کرنے میں اپنی خفت محسوس کرتے تھے اور یہ سمجھتے تھے کہ اگر ہم موسیٰ علیہ السلام پر ایمان لے آئے تو یہ ہم سے اونچے ہو جائیں گے۔

سورۃ المؤمنون میں ہے کہ فرعون اور اس کی قوم کے سرداروں نے یوں کہا کہ اَنُؤۡمِنُ لِبَشَرَيۡنِ مِثۡلِنَا وَقَوۡمُهُمَا لَنَا عٰبِدُوۡنَ۔ (کیا ہم ایسے دو شخصوں (موسیٰ و ہارون علیہما السلام) پر ایمان لائیں جو ہمارے ہی جیسے ہیں اور حال یہ ہے کہ ان کی قوم ہماری فرمانبردار ہے) سورۃ الزخرف میں ہے کہ فرعون نے کہا: اَمۡ اَنَا خَيۡرٌ مِّنۡ هٰذَا الَّذِىۡ هُوَ مَهِيۡنٌ وَّ لَا يَكَادُ يُبِيۡنُ (بلکہ میں افضل ہوں اس شخص سے

جو کہ کم قدر ہے اور قوت بیانیہ بھی نہیں رکھتا) بہر حال ان لوگوں کو ان کا کفر اور کبر لے ڈوبا' فرعون اپنے لشکروں کے ساتھ ڈوب گیا۔ فَغَشِيَهُمْ مِنَ الْيَمِّ مَا غَشِيَهُمْ ۔

وَمَا كَانُوا سَابِقِينَ (اور یہ لوگ ہم سے آگے بڑھنے والے نہ تھے) یعنی ایسا نہیں ہو سکتا تھا کہ ہمارے عذاب سے بچ کر نکل جاتے اور کہیں فرار ہو کر امن کی جگہ پہنچ جاتے۔

پانچویں آیت میں مذکورہ بالا اقوام کی ہلاکت کی طرف اجمالی اشارہ فرمایا ہے ارشاد فرمایا فَكُلًّا أَخَذْنَا بِذَنْبِهِ (سو ہم نے ان میں سے ہر ایک کو ان کے گناہوں کی وجہ سے پکڑ لیا) فَمِنْهُمْ مَنْ أَرْسَلْنَا عَلَيْهِ حَاصِبًا (سو بعض پر ہم نے تیز ہوا بھیج دی) جو کہ آندھی کی صورت میں آئی اور اس نے انہیں ہلاک کر دیا۔ یہ قوم عاد کے ساتھ ہوا' یہ ہوا ان پر سات رات اور آٹھ دن مسلط رہی جیسا کہ سورۃ الحاقہ میں بیان فرمایا ہے۔ وَمِنْهُمْ مَنْ أَخَذَتْهُ الصَّيْحَةُ (اور بعض کو چیخ نے پکڑ لیا) اس سے قوم ثمود مراد ہے (کمانی سورۃ ھود علیہ السلام) پھر فرمایا وَمِنْهُمْ مَنْ خَسَفْنَا بِهِ الْأَرْضَ (اور ہم نے بعض کو زمین میں دھنسا دیا) اس میں قارون کی ہلاکت کی طرف اشارہ ہے جس کا ذکر سورۂ قصص کے ختم کے قریب گزر چکا ہے۔ وَمِنْهُمْ مَنْ أَغْرَقْنَا (اور بعض کو ہم نے غرق کر دیا) اس میں فرعون اور اس کی قوم کی ہلاکت کا ذکر ہے۔ وَمَا كَانَ اللَّهُ لِيَظْلِمَهُمْ (اور اللہ ایسا نہیں کہ ان پر ظلم فرماتا) یعنی اس نے کسی کو بغیر گناہ کے عذاب نہیں دیا۔ وَلَٰكِنْ كَانُوا أَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ (اور لیکن وہ اپنی جانوں پر ظلم کرتے تھے) یعنی وہ حق قبول نہیں کرتے تھے کفر پر جمے رہتے تھے' گناہوں پر مصر رہتے تھے۔

مَثَلُ الَّذِينَ اتَّخَذُوا مِنْ دُونِ اللَّهِ أَوْلِيَاءَ كَمَثَلِ الْعَنْكَبُوتِ اتَّخَذَتْ بَيْتًا ۖ

جن لوگوں نے اللہ کو چھوڑ کر کارساز بنا رکھے ہیں ان کی مکڑی جیسی مثال ہے کہ اس نے گھر بنایا

وَإِنَّ أَوْهَنَ الْبُيُوتِ لَبَيْتُ الْعَنْكَبُوتِ ۖ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ ﴿٤١﴾ إِنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا يَدْعُونَ

اور بلا شبہ سب گھروں میں کمزور تر گھر مکڑی کا ہے اگر وہ جان لیتے تو ایسا نہ کرتے۔ بلا شبہ اللہ جانتا ہے جس کسی کو بھی وہ

وقف لازم

مِنْ دُونِهِ مِنْ شَيْءٍ ۚ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿٤٢﴾ وَتِلْكَ الْأَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ ۖ

اللہ کے سوا پکارتے ہیں وہ زبردست ہے حکمت والا ہے۔ اور ہم یہ مثالیں لوگوں کے لیے بیان کرتے ہیں۔

وَمَا يَعْقِلُهَا إِلَّا الْعَالِمُونَ ﴿٤٣﴾ خَلَقَ اللَّهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ

ان کو بس علم والے ہی سمجھتے ہیں۔ اللہ نے پیدا فرمایا آسمانوں کو اور زمین کو حق کے ساتھ بلا شبہ اس میں

لَآيَةً لِلْمُؤْمِنِينَ ﴿٤٤﴾

ایمان والوں کے لیے نشانیاں ہیں۔

ع ۱۴ / ۱٦

مشرکین اپنے معبودوں سے جو امیدیں لگائے بیٹھے ہیں اس کی مثال مکڑی کے جالے کی طرح ہے

جو لوگ اللہ کو چھوڑ کر دوسروں کی عبادت کرتے ہیں اور یہ سمجھتے ہیں کہ ان کی عبادت ہمارے لیے فائدہ مند ہو گی اور یہ ہمارے

گا رہوں گے'ان لوگوں کی جہالت اور گمراہی کی مثال دیتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ ان لوگوں کے اعتقاد کی ایسی مثال ہے جیسے مکڑی کا گھر ہو' مکڑی جالا بن کر اس میں بیٹھی رہتی ہے اور اس جال کے ذریعہ مکھی کو شکار کرتی ہے' جانوروں کے جتنے بھی چھوٹے بڑے گھر گھونسلہ وغیرہ کی صورت میں ہوتے ہیں مکڑی کا گھر ان میں سب سے زیادہ بودا اور کمزور ہوتا ہے' یہی حال ان لوگوں کا ہے جو غیر اللہ کی پرستش کرتے ہیں اور ان پر اعتقاد کرتے ہیں اور اپنا مددگار سمجھتے ہیں۔

ان کا یہ اعتقاد و اعتماد اور بھروسہ کرنا مکڑی کے جالے کی طرح کمزور ہے جو نہیں کوئی فائدہ دینے والا نہیں ہے اگر سمجھ رکھتے تو ایسی بیہودہ حرکت نہ کرتے اور معبود حقیقی کو چھوڑ کر مخلوق کی پرستش میں نہ لگتے۔

اِنَّ اللّٰـهَ یَعْلَمُ مَا یَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَیْءٍ (یہ لوگ اللہ کے سوا جس جس کی بھی عبادت کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کو ان سب کا علم ہے) یہ چیزیں نہایت ضعیف ہیں۔وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ (اور وہ غلبہ والا حکمت والا ہے) وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ (اور یہ مثالیں ہیں جو ہم لوگوں کے لیے بیان کرتے ہیں)وَمَا یَعْقِلُهَآ اِلَّا الْعٰلِمُوْنَ (اور ان مثالوں کو بس علم والے ہی سمجھتے ہیں) جو لوگ سمجھنا ہی نہیں چاہتے علم سے دور رہنے ہی کو پسند کرتے ہیں یہ لوگ ان سے مستفید نہیں ہوتے۔

خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ (اللہ نے آسمانوں کو اور زمین کو حق کیساتھ پیدا فرمایا) ان کے پیدا کرنے میں بڑی حکمت ہے' جو منکر ہیں وہ بھی مانتے ہیں کہ یہ اللہ تعالیٰ کی پیدا کی ہوئی چیزیں ہیں لیکن ایمان نہیں لاتے۔اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً لِّلْمُؤْمِنِیْنَ (بلاشبہ اس میں مؤمنین کے لیے نشانیاں ہیں) یعنی اللہ تعالیٰ کی قدرت کے دلائل ہیں' دلائل تو سب ہی کے لیے ہیں لیکن ان سے اہل ایمان ہی منتفع ہوتے ہیں جنہیں ایمان قبول کرنا نہیں وہ جانتے بوجھتے منکر بنے ہوئے ہیں اور انکار پر تلے ہوئے ہیں۔

☆☆☆..........بحمد اللہ پارہ ۲۰ مکمل ہوا..........☆☆☆

(پارہ نمبر (۲۱))

اُتْلُ مَآ اُوْحِیَ اِلَیْکَ مِنَ الْکِتٰبِ وَاَقِمِ الصَّلٰوۃَ ؕ اِنَّ الصَّلٰوۃَ تَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْکَرِ ؕ وَلَذِکْرُ

جو کتاب آپ پر وحی کی گئی آپ اس کی تلاوت فرمایئے اور نماز قائم کیجئے' بلا شبہ نماز بے حیائی سے اور برے کاموں سے روکتی ہے اور البتہ

اللّٰہِ اَکْبَرُ ؕ وَاللّٰہُ یَعْلَمُ مَا تَصْنَعُوْنَ ﴿۴۵﴾

اللہ کا ذکر بہت بڑی چیز ہے اور جو کام تم کرتے ہو اللہ جانتا ہے۔

قرآن مجید کی تلاوت کرنے اور نماز قائم کرنے کا حکم

اس آیت کریمہ میں دو حکم ہیں' پہلا حکم یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جو کتاب آپ کو دی ہے آپ اس کی تلاوت کرتے رہیں۔ تنہائی میں تلاوت کرنا' نمازوں میں قرآن مجید پڑھنا' لوگوں کے سامنے پڑھنا اور اس کی تعلیم دینا الفاظ کا عموم ان سب کو شامل ہے۔ دوسرا حکم یہ ہے کہ آپ نماز قائم کریں دیگر آیات میں بھی نماز قائم کرنے کا حکم وارد ہوا ہے، سورۂ بنی اسرائیل میں ارشاد ہے اَقِمِ الصَّلٰوۃَ لِدُلُوْکِ الشَّمْسِ۔ اور سورۂ ہود میں فرمایا ہے وَاَقِمِ الصَّلٰوۃَ طَرَفَیِ النَّھَارِ وَزُلَفًا مِّنَ الَّیْلِ۔ ان آیات میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو نماز قائم کرنے کا حکم دیا ہے اور یہ حکم جہاں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہے وہاں آپ کی امت کو بھی ہے اور امت کو علیحدہ خطاب بھی ہے۔ سورۂ بقرہ میں فرمایا: وَاَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ وَاٰتُوا الزَّکٰوۃَ۔ علماء نے فرمایا ہے کہ لفظ اقامۃ الصلوٰۃ اپنے مفہوم کے اعتبار سے بہت زیادہ عام ہے' اس کا مطلب یہ ہے کہ نماز کو پڑھنے کی طرح پڑھو اس میں سنتوں اور مستحبات کا اہتمام اور نماز باجماعت کی ادائیگی اور خشوع و خضوع سے پڑھنا سب آجاتا ہے۔

نماز بے حیائی سے روکتی ہے........... پھر نماز کا ایک خاص بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ: اِنَّ الصَّلٰوۃَ تَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْکَرِ (بلاشبہ نماز بے حیائی سے اور برے کاموں سے روکتی ہے)

درحقیقت نماز کو نماز کی طرح پڑھا جائے تو وہ گناہوں کے چھڑانے کا سبب بن جاتی ہے' نماز میں قرأت قرآن بھی ہے اور تسبیح بھی تکبیر بھی ہے تحمید بھی رکوع بھی ہے سجود بھی خشوع بھی ہے خضوع بھی اللہ تعالیٰ کی بڑائی کا اظہار بھی ہے اور اپنی عاجزی اور فروتنی کا تصور بھی' ان سب امور کا دھیان کرکے نماز پڑھی جائے تو بلا شبہ نمازی آدمی بے حیائی کے کاموں اور گناہوں سے رک جائے گا جس شخص کی نماز جس قدر اچھی ہوگی اسی قدر گناہوں سے دور ہوگا اور جس قدر نماز میں کمی ہوگی اسی قدر گناہوں کے چھوٹنے میں دیر لگے گی نمازی آدمی اگرچہ گنہگار ہی کیوں نہ ہو بہرحال نماز پڑھتا ہے کبھی نہ کبھی اس کی نماز انشاء اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں کو چھڑا ہی دے گی۔

حضرت ابو ہریرۃؓ روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کیا کہ فلاں شخص رات کو نماز پڑھتا ہے اور صبح ہوتی ہے تو چوری کرلیتا ہے آپ نے فرمایا کہ اس کا نماز پڑھنے والا عمل اسے اس عمل سے روک دے گا جسے تو بیان کررہا ہے۔ (ذکرہ صاحب الروح وعزاہ الی احمد وابن ابی حاتم والبیہقی ۱۲)

دیکھا جاتا ہے کہ بعض لوگ گناہوں میں بھی مشغول رہتے ہیں اور نماز بھی پڑھتے ہیں اس پر جو اشکال ہوتا ہے اس کا جواب ہمارے

بیان میں گزر چکا ہے اور بعض حضرات نے یوں فرمایا ہے کہ نماز تو بلاشبہ برائیوں سے روکتی ہے لیکن روکنے کی وجہ سے رک جانا ضروری نہیں، آخر واعظ بھی تو وعظ کرتے ہیں، برائیوں کی وعیدیں سناتے ہیں پھر بھی جو رکنا چاہتا ہے وہی رک جاتا ہے اور جو رکنا نہیں چاہتا وہ گناہ کرتا رہتا ہے اور بعض علماء نے جواب دیا ہے کہ نماز کم از کم اتنے وقت تک تو گناہوں سے روکتی ہی ہے جتنی دیر نماز میں مشغول رہتا ہے۔

بعض گناہ ایسے ہیں کہ ان کے ہوتے ہوئے انسان نماز نہیں پڑھ سکتا، نمازی آدمی اس سے ضرور بچے گا، مثلاً پیشاب کر کے یوں ہی اٹھ جائے اور استنجانہ کرے نمازی سے یہ نہیں ہوسکتا اور کوئی نمازی ستر کھول کر رانیں دکھاتا ہوا نہیں پھر سکتا اور نماز کو جاتے ہوئے راستہ میں گناہ نہیں کرسکتا اور اسی طرح کی بہت سی باتیں ہیں جو غور کرنے سے سمجھ میں آسکتی ہیں۔

ذکر اللہ کے فضائل ۔۔۔۔۔۔۔۔ نماز کی اہمیت بیان فرمانے کے بعد ارشاد فرمایا وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ (اور اللہ کا ذکر البتہ بہت بڑی چیز ہے) درحقیقت اللہ کا ذکر ہی پورے عالم کی جان ہے جب تک دنیا میں اللہ کا ذکر ہوتا ہے آسمان و زمین قائم ہیں اور دوسری مخلوق بھی موجود ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ اس وقت تک قیامت قائم نہ ہوگی جب تک زمین میں ایک مرتبہ بھی اللہ اللہ کہا جاتا رہے گا۔ (رواہ مسلم ص ۸۴ ج ۱)

نماز بھی اللہ کا ذکر کرنے کے لیے ہے جو سراپا ذکر ہے سورۂ طٰہٰ میں فرمایا ہے: اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِیْ کہ میری یاد کے لیے نماز قائم کیجئے، نماز میں اول سے آخر تک ذکر ہی ذکر ہے، نمازی آدمی تکبیر تحریمہ سے لے کر سلام پھیرنے تک برابر اللہ کے ذکر میں مشغول رہتا ہے اس کی زبان بھی ذکر اللہ میں مشغول رہتی ہے اور دل بھی۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہؓ نے بیان فرمایا، كَانَ يَذْكُرُ اللّٰهَ فِیْ كُلِّ اَحْيَانِهٖ (کہ آپ ہر وقت اللہ کا ذکر کرتے رہتے تھے)۔ (رواہ مسلم۔ باب ذکر اللہ تعالیٰ حال الجنابۃ وغیرھا)

یوں تو اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری کا ہر عمل اللہ کے ذکر میں شامل ہے لیکن دیگر اعمال ایسے ہیں کہ ہر وقت ان کی ادائیگی کے مواقع نہیں ہوتے اور ذکر اللہ ایسی چیز ہے جو وضو بے وضو ہر وقت حتیٰ کہ ناپاکی کی حالت میں بھی ہوسکتا ہے البتہ غسل فرض ہو تو تلاوت کرنا ممنوع ہے۔

تلاوت قرآن مجید تسبیح و تحمید تکبیر تہلیل دعا یہ سب اللہ کا ذکر ہے، درود شریف بھی اللہ کے ذکر میں شامل ہے، اس میں حضور نبی کریم ﷺ کے لیے اللہ تعالیٰ سے رحمت کی دعا مانگی جاتی ہے وہ لوگ مبارک ہیں جو دل سے بھی اللہ تعالیٰ کو یاد کرتے ہیں اس کی نعمتوں کے شکر گزار ہوتے ہیں اس کی کتاب کی تلاوت میں مشغول رہتے ہیں اور اس کی حمد و ثناء بیان کرتے رہتے ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن مجید کی تلاوت کی فضیلت بتاتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ جو شخص اللہ کی کتاب میں سے ایک حرف پڑھے اس کی وجہ سے اسے ایک نیکی ملے گی اور ہر نیکی دس گنا ہو کر ملے گی۔ (رواہ الترمذی وقال حسن صحیح)

اور تسبیح و تحمید وغیرہ کے بارے میں فرمایا ہے کہ اگر میں ایک بار سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ کہہ لوں تو یہ مجھے ساری دنیا میں سے زیادہ محبوب ہے جس پر سورج نکلتا ہے۔ (رواہ الترمذی وقال حسن صحیح)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا کہ دو کلمے ایسے ہیں جو زبان پر ہلکے ہیں، ترازو میں بھاری ہوں گے، رحمٰن کو محبوب ہیں اور وہ یہ ہیں: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ۔ (رواہ البخاری و ھو آخر الحدیث من کتابہ)

حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس شخص نے سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ کہا اس کے

لیے جنت میں کھجور کا ایک درخت لگا دیا جائے گا۔ (رواہ الترمذی)

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس رات مجھے معراج کرائی گئی میں نے حضرت ابراہیم علیہ السلام سے ملاقات کی' انہوں نے فرمایا کہ اے محمد اپنی امت کو میرا اسلام کہہ دینا اور انہیں بتا دینا کہ جنت کی اچھی مٹی ہے اور میٹھا پانی ہے اور وہ چٹیل میدان ہے اور اس کے پودے یہ ہیں: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ (رواه الترمذي و قال حسن غريب اسناداً) مطلب یہ ہے کہ جنت میں ہے تو سب کچھ مگر اسی کے لیے ہے جو یہاں سے کچھ کر کے لے جائے' جو عمل سے خالی ہاتھ گیا اس کے لیے تو چٹیل میدان ہی ہے۔

حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک ایسے درخت پر گزر ہوا جس کے پتے سوکھے ہوئے تھے آپ نے اس میں اپنی عصا کو مارا تو پتے جھڑنے لگے آپ نے فرمایا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اور سُبْحَانَ اللّٰهِ اور لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اور اَللّٰهُ اَكْبَرُ بندہ کے گناہوں کو اس طرح گرا دیتے ہیں جیسے اس درخت کے پتے گر رہے ہیں۔ (رواہ الترمذی)

حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اَفْضَلُ الذِّكْرِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ و افضل الدعاء اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ) یعنی سب سے بڑی فضیلت والا ذکر لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه ہے اور سب سے بڑی فضیلت والی دعا اَلْحَمْدُ لِلّٰه ہے۔ (رواہ الترمذی)

حضرت ابوموسیٰؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا میں تمہیں جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ نہ بتا دوں؟ میں نے عرض کیا ارشاد فرمائیے! فرمایا وہ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ہے۔ (رواہ البخاری ص ۹۴۹)

جب ذکر اللہ کی اس قدر فضیلت ہے تو اسی میں لگا رہنا چاہیے' ایک لمحہ بھی ضائع نہ ہونے دیں' بہت سے لوگوں کو دیکھا جاتا ہے کہ کوئی کام کاج نہیں ریٹائرمنٹ کے بعد بیس بیس سال گزار دیتے ہیں دکانوں میں لڑکے اور ملازم کام کرتے ہیں اور اتنی بڑی قیمتی زندگی فضول گفتگو میں اخبار پڑھنے میں دنیا کے ملکوں کا تذکرہ کرنے میں بلکہ غیبتوں میں گزار دیتے ہیں یہ بڑے نقصان کا سودا ہے۔

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو لوگ کسی مجلس میں بیٹھے جس میں انہوں نے اللہ کا ذکر نہ کیا تو یہ مجلس ان کے لیے نقصان کا باعث ہوگی پھر اگر اللہ چاہے تو انہیں عذاب دے اور چاہے تو مغفرت فرمادے۔ (رواہ الترمذی)

ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ اسلام کی چیزیں تو بہت ہیں آپ مجھے ایک ایسی چیز بتلا دیجئے کہ میں اسی میں لگا رہوں آپ نے فرمایا: لَا يَزَالُ لِسَانُكَ رَطْبًا مِّنْ ذِكْرِ اللّٰهِ (کہ تیری زبان ہر وقت اللہ کی یاد میں تر رہے) ایک اور شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ! صلی اللہ علیہ وسلم فضیلت کے اعتبار سے سب سے بڑا عمل کون سا ہے؟ فرمایا وہ عمل یہ ہے کہ تو دنیا سے اس حال میں جدا ہو کہ تیری زبان اللہ تعالیٰ کی یاد میں تر ہو۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۱۹۸ عن الترمذی وغیرہ)

حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ذکر اللہ کے علاوہ زیادہ باتیں نہ کیا کرو کیونکہ اللہ کے ذکر کے علاوہ زیادہ بولنے سے دل میں قساوت یعنی سختی آ جاتی ہے اور اس میں شک نہیں کہ اللہ تعالیٰ سے سب سے زیادہ دور وہی شخص ہے جس کا دل سخت ہو۔ (رواہ الترمذی)

نیز حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ہر چیز کے لیے صاف کرنے کی ایک چیز ہوتی ہے اور دلوں کو صاف کرنے والی چیز اللہ کا ذکر ہے اور اللہ تعالیٰ کے ذکر سے بڑھ کر اللہ تعالیٰ کے عذاب سے نجات دینے والی کوئی چیز نہیں' صحابہؓ نے عرض کیا کیا جہاد فی سبیل اللہ بھی نہیں؟ آپ نے فرمایا کہ اگر کوئی شخص اس قدر جہاد کرے کہ مارتے مارتے اس کی تلوار

ٹوٹ جائے تو یہ عمل بھی عذاب سے بچانے میں ذکر اللہ سے بڑھ کر نہیں ہے (رواہ البیھقی فی الدعوات الکبیر کما فی المشکوٰۃ ص ۱۹۹)

آخر میں فرمایا وَاللّٰہُ یَعْلَمُ مَا تَصْنَعُوْنَ (اور اللہ جانتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو) ہر شخص کے اعمال خیر اور اعمال شر کا اس کو علم ہے وہ اپنی حکمت کے مطابق اصحاب اعمال کا بدلہ دے گا عمل کرنے والے اس چیز کا مراقبہ کرتے رہیں کہ ہمارے اعمال پیش ہوں گے اور ان کا بدلہ دیا جائے گا۔

وَلَا تُجَادِلُوْٓا اَهْلَ الْكِتٰبِ اِلَّا بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ ۖ اِلَّا الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ وَقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِالَّذِیْٓ اُنْزِلَ

اور اہل کتاب سے بحث مت کرو مگر ایسے طریقہ پر جو اچھا طریقہ ہو، مگر وہ لوگ جو ان میں سے بے انصاف ہیں اور یوں کہو کہ ہم ایمان لائے اس پر جو ہماری

اِلَیْنَا وَاُنْزِلَ اِلَیْكُمْ وَاِلٰهُنَا وَاِلٰهُكُمْ وَاحِدٌ وَّنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنَآ اِلَیْكَ الْكِتٰبَ ؕ

طرف نازل ہوا اور اس پر جو تمہاری طرف نازل ہوا اور ہمارا اور تمہارا معبود ایک ہی ہے۔ اور ہم اسکے فرمانبردار ہیں۔ اور اسی طرح ہم نے آپ کی طرف کتاب نازل کی،

فَالَّذِیْنَ اٰتَیْنٰهُمُ الْكِتٰبَ یُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ۚ وَمِنْ هٰٓؤُلَآءِ مَنْ یُّؤْمِنُ بِهٖ ؕ وَمَا یَجْحَدُ بِاٰیٰتِنَآ اِلَّا الْكٰفِرُوْنَ ﴿۴۷﴾

سو جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی ہے وہ اس کتاب پر ایمان لاتے ہیں اور ان میں سے بعض وہ ہیں جو اس پر ایمان لے آتے ہیں اور کافر لوگ ہی ہماری آیتوں کا انکار کرتے ہیں۔

وَمَا كُنْتَ تَتْلُوْا مِنْ قَبْلِهٖ مِنْ كِتٰبٍ وَّلَا تَخُطُّهٗ بِیَمِیْنِكَ اِذًا لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۴۸﴾ بَلْ هُوَ اٰیٰتٌۢ بَیِّنٰتٌ

اور اس سے پہلے آپ کوئی کتاب نہیں پڑھتے تھے اور نہ اپنے داہنے ہاتھ سے لکھتے تھے اگر ایسا ہوتا تو اہل باطل شک میں پڑ جاتے۔ بلکہ یہ قرآن بذات خود بہت سے واضح دلائل کا مجموعہ

فِیْ صُدُوْرِ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ ؕ وَمَا یَجْحَدُ بِاٰیٰتِنَآ اِلَّا الظّٰلِمُوْنَ ﴿۴۹﴾ وَقَالُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَیْهِ اٰیٰتٌ

ہے ان لوگوں کے سینوں میں جنہیں علم دیا گیا اور ہماری آیتوں کا انکار بے انصاف لوگ ہی کرتے ہیں۔ اور ان لوگوں نے کہا کہ اس پر اس کے رب کی طرف سے نشانیاں

مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ قُلْ اِنَّمَا الْاٰیٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَاِنَّمَآ اَنَا نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ﴿۵۰﴾ اَوَلَمْ یَكْفِهِمْ اَنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَیْكَ

کیوں نازل نہیں ہوئیں، آپ فرما دیجئے کہ نشانیاں اللہ کے اختیار میں ہیں اور میں تو صرف واضح طور پر ڈرانے والا ہوں۔ کیا یہ بات انہیں کافی نہیں ہے کہ ہم نے آپ پر

الْكِتٰبَ یُتْلٰی عَلَیْهِمْ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَرَحْمَةً وَّذِكْرٰی لِقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ ﴿۵۱﴾ ع ۱

کتاب نازل فرمائی جو ان پر پڑھی جاتی ہے بلاشبہ اس میں رحمت ہے اور نصیحت ہے ایمان والوں کے لیے۔

اہل کتاب سے مجادلہ اور مباحثہ کرنے کا طریقہ

ان آیات مبارکہ میں اللہ رب العزت نے اہل کتاب سے مباحثہ کرنے کے بارے میں نصیحت فرمائی ہے ارشاد فرمایا کہ یہود و نصاریٰ سے جب گفتگو کرنے کا موقع آ جائے تو ان سے اچھے طریقے پر بحث کرو۔ یہود نصاریٰ اللہ تعالیٰ کو مانتے تھے اور اب بھی مانتے ہیں اور یہ بھی مانتے تھے کہ اللہ تعالیٰ جل شانہ نے اپنے بندوں کی ہدایت کے لیے انبیاء کرام علیہم السلام مبعوث فرمائے اس لیے ان سے اللہ تعالیٰ جل شانہ کی الوہیت اور پیغمبروں کی رسالت کے بارے میں کوئی بحث کرنے کی ضرورت نہ تھی البتہ خاتم الانبیاء والمرسلین جناب

محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کے جو منکر تھے ان سے اس بارے میں بحث کرنے کی ضرورت تھی اور ان لوگوں نے جو اپنے دین میں تحریف کر لی تھی اور اپنی کتابوں کو بدل دیا تھا اور یہود نے حضرت عزیر علیہ السلام کو اور نصاریٰ نے حضرت مسیح علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ کا بیٹا بتادیا۔ ان کی اس گمراہی پر بھی تنبیہ کرنا ضروری تھا۔ یہودی پہلے سے مدینہ منورہ میں رہتے تھے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہجرت فرما کر مدینہ منورہ تشریف لائے تو یہودیوں سے واسطہ پڑا ان سے دینی امور میں مباحثہ ہوتا رہتا تھا اور ایک مرتبہ نجران کے نصاریٰ بھی حاضر ہوئے ان سے بھی بحث ہوئی اور سورۂ آل عمران کے شروع کی تقریباً اَسّی (۸۰) آیات نازل ہوئیں جن میں مباہلہ کی دعوت بھی ہے جو آیت کریمہ: فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ اَبْنَآءَ نَاوَاَبْنَآءَ كُمْ وَنِسَآءَ نَا وَنِسَآءَ كُمْ (الآية) میں مذکور ہے۔ اہل مکہ مشرک تھے ان سے بھی بحث ہوتی رہتی تھی۔ سورۂ نحل میں تمام انسانوں سے دعوت حق کا خطاب کرنے کے لیے ارشاد فرمایا ہے: اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ (اور یہاں سورۂ عنکبوت میں خصوصیت کے ساتھ اہل کتاب سے اچھے طریقے پر بحث کرنے کا حکم فرمایا ہے اچھے طریقہ پر بحث کرنے کا مطلب یہ ہے کہ سخت بات کا جواب نرمی کے ساتھ اور غصہ کا جواب بردباری کے ساتھ اور جاہلانہ شور وشغب کا جواب باوقار گفتگو کے ساتھ دیا جائے، حق کی تبلیغ ہو اور نرمی اور بردباری کے ساتھ ہو تو وہ زیادہ نافع ہوتی ہے، ہاں جن لوگوں نے ضد اور ہٹ دھرمی پر کمر باندھ لی ہو تو وہ خوش اخلاقی سے پیش آنے والے داعی کی بات بھی قبول نہیں کرتے لیکن داعی کو چاہیے کہ ہر حال میں حلم اور وقار سنجیدگی اور نرمی پر قائم رہے۔ مذکورہ بالا نصیحت کے ساتھ اِلَّا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا بھی فرمایا جس کا مطلب یہ ہے کہ جو لوگ بے انصافی پر ہی اتر آئیں اور بھونڈے طریقہ پر گفتگو کرنے لگیں تو تم بھی انہیں ایسا جواب دے سکتے ہو جس سے ان کی بدتمیزی اور بیوقوفی کا کاٹ ہوتا ہو۔

صاحب روح المعانی نے حضرت مجاہد تابعیؒ سے نقل کیا ہے کہ اِلَّا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ سے وہ اہل کتاب مراد ہیں جنہوں نے اللہ کے لیے بیٹا تجویز کیا اور اس کی عبادت میں کسی کو شریک ٹھہرایا یا جنہوں نے یوں کہا کہ اِنَّ اللّٰهَ فَقِيْرٌ یا یوں کہا يَدُ اللّٰهِ مَغْلُوْلَةٌ۔ ایسی باتیں سن کر مؤمن آدمی کو زیادہ غصہ آجاتا ہے اس غصہ میں اللہ تعالیٰ کی توحید اور عظمت ثابت کرتے ہوئے کوئی سخت بات نکل جائے تو اس کی گنجائش ہے۔

اس کے بعد فرمایا وَقُوْلُوْآ اٰمَنَّا بِالَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَاُنْزِلَ اِلَيْكُمْ وَاِلٰهُنَا وَاِلٰهُكُمْ وَاحِدٌ وَّ نَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ○ (اور یوں کہو کہ ہم ایمان لائے اس پر جو ہماری طرف نازل ہوا اور اس پر جو تمہاری طرف نازل ہوا اور ہمارا اور تمہارا معبود ایک ہی ہے اور ہم اس کے فرمانبردار ہیں) اس خطاب میں اہل کتاب سے بات کرنے کا طریقہ بتایا ہے اور وہ یہ کہ تم اہل کتاب سے یوں کہو کہ ہم تو قرآن کریم پر بھی ایمان لاتے ہیں جو ہم پر نازل ہوا اور ان کتابوں پر بھی ایمان لاتے ہیں جو تم پر نازل ہوئیں یعنی توراۃ اور انجیل اور ہمارا اور تمہارا معبود بھی ایک ہی ہے پھر تم دین اسلام سے دور کیوں بھاگتے ہو؟ اگر ہم تمہاری کتابوں کو اللہ تعالیٰ کی کتاب نہ مانتے اور ہمارا تمہارا معبود ایک نہ ہوتا تو اختلاف کرنے اور دور بھاگنے کی کوئی وجہ بھی تھی جب کوئی وجہ اختلاف نہیں ہے تو آجاؤ اور جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت پر ایمان لے آؤ اختلاف ختم ہم تم ایک، جو کچھ انکار ہے تمہاری طرف سے ہے اصحاب کتاب ہو کر اللہ کی آخری کتاب سے کیوں منہ موڑتے ہو؟ دیکھو ہم تو اللہ کے فرمانبردار ہیں تم بھی فرمانبردار ہو جاؤ اور اس کے آخری نبی ﷺ پر ایمان لے آؤ۔

صحیح بخاری میں حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ اہل کتاب توراۃ کو عبرانی زبان میں پڑھتے تھے اور مسلمانوں کے سامنے عربی میں اس کی تفسیر بیان کرتے تھے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ لا تصدقوا اهل الكتب ولا تكذبوهم وقولوا اٰمَنَّا بِالَّذِيْٓ اُنْزِلَ

اِلَیۡنَا وَاُنۡزِلَ اِلَیۡکُمۡ وَ اِلٰـھُنَا وَ اِلٰـھُکُمۡ وَاحِدٌ وَّنَحۡنُ لَهٗ مُسۡلِمُوۡنَ (اہل کتاب کی نہ تصدیق کرو نہ تکذیب کرو اور یوں کہو کہ ہم ایمان لائے اس پر جو ہماری طرف نازل ہوا اور اس پر جو تمہاری طرف نازل ہوا اور ہمارا اور تمہارا معبود ایک ہی ہے اور ہم اس کے فرمانبردار ہیں) جب ہمیں معلوم نہیں کہ وہ سچ کہہ رہے ہیں یا جھوٹ تو ان کی تکذیب یا تصدیق کیسے کر سکتے ہیں؟

بعض صحابہؓ نے یہود سے جو بعض روایات لی ہیں (اور تفسیر کی کتابوں میں بھی نقل ہو گئی ہیں) وہ صرف تاریخی حیثیت سے لے لی گئی ہیں احکام شرعیہ اور حلال و حرام میں ان کا اعتبار نہیں کیا گیا۔

وَ کَذٰلِکَ اَنۡزَلۡنَاۤ اِلَیۡکَ الۡکِتٰبَ اور جس طرح ہم نے پہلی کتابیں نازل کیں اسی طرح ہم نے آپ کی طرف یہ کتاب نازل فرمائی یعنی قرآن مجید۔ فَالَّذِیۡنَ اٰتَیۡنٰھُمُ الۡکِتٰبَ یُؤۡمِنُوۡنَ بِهٖ (جن لوگوں کو ہم نے آپ سے پہلے کتاب دی ہے وہ اس پر ایمان لاتے ہیں) اس سے وہ اہل کتاب مراد ہیں جنہوں نے حق ظاہر ہوتے ہی حق کو قبول کیا اور اسلام لے آئے جیسے عبداللہ بن سلامؓ، سلمان فارسیؓ اور حبشہ کے نصاریٰ۔ وَمِنۡ ھٰۤؤُلَآءِ مَنۡ یُّؤۡمِنُ بِهٖ (اور ان لوگوں میں سے یعنی قریش مکہ اور دیگر قبائل اہل عرب میں سے بعض لوگ قرآن کریم پر ایمان لاتے ہیں۔ وَمَا یَجۡحَدُ بِاٰیٰتِنَاۤ اِلَّا الۡکٰفِرُوۡنَ (اور ہماری آیات کا وہی لوگ انکار کرتے ہیں جو کافر ہیں) حق کو چھپاتے ہیں باطل پر جمے رہتے ہیں۔

رسالت محمدیہ پر ایک واضح دلیل .... اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت پر ایک واضح دلیل بیان فرمائی اور وہ یہ کہ آپ مکہ مکرمہ میں پیدا ہوئے اہل مکہ میں آپ نے پورے چالیس سال گزارے اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے آپ کو نبوت سے سرفراز فرمایا مکہ والے جانتے تھے کہ آپ بالکل امی ہیں کسی سے آپ نے کچھ بھی نہیں پڑھا آپ نہ پڑھنا جانتے تھے نہ لکھنا' اہل کتاب بھی اپنی کتابوں میں جو آپ کی صفات پاتے تھے ان میں یہ واضح طور پر موجود تھا کہ آپ امی ہوں گے۔ مکہ معظمہ میں آپ نے نبوت کے بعد تیرہ سال گزارے اور ان کو اللہ تعالیٰ کی کتاب سنائی تو انہوں نے ضد اور عناد کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کی کتاب ہونے سے انکار کر دیا اور یوں کہنے لگے کہ اِنَّمَا یُعَلِّمُهٗ بَشَرٌ (انہیں ایک آدمی سکھاتا ہے) جب ان سے کہا گیا کہ تم اس جیسی ایک سورت بنا کر لاؤ تو بالکل عاجز رہ گئے حالانکہ وہ فصحاء اور بلغاء تھے جس سے صاف ظاہر ہو گیا کہ یہ کتاب آپ کی بنائی ہوئی نہیں ہے' آپ نے کسی سے پڑھا نہیں اور یہ کسی دوسرے بشر کی سکھائی اور پڑھائی ہوئی کتاب نہیں ہے اگر ایسا ہوتا تو تم لوگ اس جیسا کلام بنا کر لے آتے خصوصاً جبکہ وہ شخص **عجمی** ہے جس کے بارے میں کہتے ہو کہ وہ آپ کو سکھاتا ہے ایک امی شخص جس نے کسی سے بھی نہیں پڑھا اس کا ایسی فصیح و بلیغ کتاب پیش کر دینا جس کے مقابلہ سے بڑے بڑے فصحاء عاجز رہ گئے اس کی نبوت کی صاف صریح اور واضح دلیل ہے۔

پھر جب آپ مدینہ منورہ تشریف لائے تو یہاں پہلے سے اہل علم یعنی یہود موجود تھے انہوں نے آپ کو پہچان لیا کہ یہ وہی نبی ہیں جن کی تشریف آوری کا ہمیں انتظار تھا وہ لوگ آپ کی نشانیاں جانتے تھے اور اپنے اسلاف سے سنتے آ رہے تھے ان نشانیوں میں یہ بھی تھا کہ آپ امی ہوں گے امی ہوتے ہوئے آپ نے حضرات انبیاء سابقین علیہم السلام اور ان کی امتوں کے واقعات بتائے اور جامع شریعت پیش کی عقائد صحیحہ سے واقف کیا' یہود و نصاریٰ کی تحریفات سے آگاہ فرمایا ان کی گمراہیوں پر مطلع کیا' یہ سب اس بات کی دلیل ہے کہ آپ اللہ تعالیٰ کے سچے رسول ہیں اللہ تعالیٰ نے آپ کو وہ علوم دے دیئے جو کسی کو نہیں دیئے۔

اس تمہید کے بعد اب آیت کا مفہوم سمجھیں ارشاد فرمایا: وَمَا کُنۡتَ تَتۡلُوۡا مِنۡ قَبۡلِهٖ مِنۡ کِتٰبٍ وَّلَا تَخُطُّهٗ بِیَمِیۡنِکَ اِذًا لَّارۡتَابَ الۡمُبۡطِلُوۡنَ (اور اس سے پہلے آپ کوئی کتاب نہیں پڑھتے تھے اور نہ اپنے داہنے ہاتھ سے کتاب کو لکھتے تھے اگر ایسا ہوتا تو باطل والے شک

کرتے (یعنی انہیں شک کرنے اور یوں بات بنانے کا موقع مل جاتا کہ یہ تو پڑھے لکھے آدمی ہیں اپنے پاس سے لکھ لیتے ہیں پھر یوں کہہ دیتے ہیں کہ یہ اللہ کی کتاب ہے لیکن جب آپ پڑھنا لکھنا جانتے ہی نہیں تو خود سے لکھنے کا کوئی احتمال ہی نہیں لہٰذا اب یہ بات کہنے کا موقع نہیں رہا کہ انہوں نے یہ کتاب خود لکھ لی ہے اور اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب کر دی ہے۔ (العیاذ باللّٰہ)

پھر فرمایا: بَلْ هُوَ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ فِیْ صُدُوْرِ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ (بلکہ بات یہ ہے کہ یہ کتاب یعنی (قرآن شریف) اگرچہ ایک کتاب ہے لیکن بہت سے معجزات پر مشتمل ہونے کی وجہ سے بہت بڑی دلیل ہے جو اپنی قوت وعظمت کی وجہ سے بہت سی واضح دلیلوں کا مجموعہ بنا ہوا ہے اور ان لوگوں کے دلوں میں ہے جن کو علم عطا کیا گیا ہے۔ وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا الظّٰلِمُوْنَ (اور ہماری آیتوں کا انکار صرف بے انصاف لوگ ہی کرتے ہیں) باوجود یہ کہ قرآن معجز ہے اور اس کا اعجاز سب پر ظاہر ہے پھر بھی ظالم لوگ انکار پر تلے ہوئے ہیں۔

فائدہ .... سورۂ اعراف میں خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں اَلَّذِیْنَ یَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِیَّ الْاُمِّیَّ فرمایا ہے اور یہاں یوں فرمایا ہے کہ آپ اس سے پہلے کوئی کتاب نہیں پڑھتے تھے اور نہ اپنے داہنے ہاتھ سے لکھتے تھے اور آپ کا یہ معجزہ تھا کہ امی ہوتے ہوئے آپ نے علوم کے سمندر بہا دیئے یہ امتیازی صفت بطور معجزہ آخر تک باقی رہی جو ایک فضل وکمال کی بات ہے۔

بعض علماء نے یوں کہا ہے کہ آخر میں آپ لکھنا پڑھنا جان گئے تھے ان حضرات کی دلیل یہ ہے کہ جب صلح حدیبیہ کے موقع پر صلح نامہ لکھا جا رہا تھا تو اس میں آپ کے کاتب حضرت علیؓ نے ھٰذا مَا قاضی علیه رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم لکھ دیا تو مشرکین مکہ کے نمائندہ سہیل بن عمرو نے یوں کہا کہ محمد رسول اللہ نہ لکھا جائے بلکہ محمد بن عبداللہ لکھا جائے اگر ہم آپ کو اللہ کا رسول مانتے ہوتے تو کوئی جھگڑے والی بات ہی نہ تھی نہ آپ سے قتال کرتے اور نہ آپ کو بیت اللہ سے روکتے' حضرت علیؓ سے آپؐ نے فرمایا کہ محمد بن عبداللہ لکھ دو اس وقت ان پر ادب کی شان غالب تھی اس لیے انہوں نے عذر کر دیا اس پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے ہاتھ سے ورقہ لے لیا اور خود ھٰذا ما قاضی علیه محمد بن عبداللّٰه لکھ دیا' صحیح مسلم کی بعض روایات میں اسی طرح سے ہے۔ (صحیح مسلم جلد ۲ ص ۱۰۵)

لیکن بعض علماء نے فرمایا کہ آپؐ نے حضرت علیؓ کے علاوہ کسی دوسرے صحابی کو لفظ محمد بن عبداللہ لکھنے کا حکم دیا اور اس حکم فرمانے کو راوی نے اس طرح تعبیر کیا کہ آپ نے لکھ دیا' درحقیقت یہ تاویل نہ بھی کی جائے تب بھی آپ کی طرف کتابت کی نسبت کرنے سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ آپ کے امی ہونے کی صفت باقی نہیں رہی کیونکہ بطور معجزہ کوئی چیز لکھ دینا دوسری بات ہے اور باقاعدہ پوری طرح کاتب ہونا یہ دوسری بات ہے بلکہ کتابت نہ جانتے ہوئے آپ کا لکھ دینا یہ مستقل معجزہ ہے لہٰذا یہ کہنا کہ آپ بعد میں کتابت سے واقف ہو گئے تھے اس میں اس سے زیادہ فضیلت نہیں ہے کہ آپ نے امی ہوتے ہوئے بھی لکھ دیا۔

اس کے بعد فرمایا: وَقَالُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَیْهِ اٰیٰتٌ مِّنْ رَّبِّهٖ (اور انہوں نے کہا کہ ان پر نشانیاں کیوں نازل نہ ہوئیں) ان لوگوں کا مطلب یہ تھا کہ ہم جن معجزات کی فرمائش کرتے ہیں انہیں کیوں ظاہر نہیں کرتے' اللہ تعالیٰ نے ان کے جواب میں فرمادیا قُلْ اِنَّمَا الْاٰیٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ (آپ فرمادیجئے کہ نشانیاں اللہ تعالیٰ کے قبضہ قدرت میں ہیں) میرے اختیار کی چیزیں نہیں ہیں۔ وَاِنَّمَآ اَنَا نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ (اور میں تو صرف واضح طریقہ پر ڈرانے والا ہوں) تمہارے فرمائشی معجزات لانا میرے اختیار میں نہیں ہے۔

اَوَلَمْ یَكْفِهِمْ اَنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَیْكَ الْكِتٰبَ یُتْلٰی عَلَیْهِمْ (کیا ان کے لیے یہ کافی نہیں ہے کہ ہم نے آپ پر کتاب نازل فرمائی ہے جس کی ان لوگوں پر تلاوت کی جاتی ہے) یہ کتاب سراپا معجزہ ہے اس کا اعجاز سب کے سامنے ہے، اگر کوئی منصف قبول حق کا ارادہ

کرے تو اس کے لیے یہی قرآن بطور نشانی اور بطور معجزہ کافی ہے۔ اِنَّ فِیۡ ذٰلِکَ لَرَحۡمَۃً وَّ ذِکۡرٰی لِقَوۡمٍ یُّؤۡمِنُوۡنَ (بلاشبہ اس قرآن میں بڑی رحمت ہے اور نصیحت ہے ان لوگوں کے لیے جو ایمان لاتے ہیں) جن کو ایمان لانے سے گریز ہے وہ اس سے دور رہتے ہیں اور نصیحت حاصل کرنے سے کتراتے ہیں۔

قُلۡ کَفٰی بِاللّٰہِ بَیۡنِیۡ وَ بَیۡنَکُمۡ شَہِیۡدًا ۚ یَعۡلَمُ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ ؕ وَ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا

آپ فرما دیجئے کہ اللہ میرے اور تمہارے درمیان گواہ بس ہے وہ ان سب چیزوں کو جانتا ہے جو آسمانوں میں ہیں اور زمین میں ہیں اور جو لوگ باطل

بِالۡبَاطِلِ وَ کَفَرُوۡا بِاللّٰہِ ۙ اُولٰٓئِکَ ہُمُ الۡخٰسِرُوۡنَ ﴿۵۲﴾ وَ یَسۡتَعۡجِلُوۡنَکَ بِالۡعَذَابِ ؕ وَ لَوۡ لَاۤ اَجَلٌ

پر ایمان لائے اور اللہ کے منکر ہو گئے یہی لوگ نقصان والے ہیں۔ اور وہ لوگ آپ سے عذاب کا تقاضا کرتے ہیں اور اگر مقررہ اجل نہ

مُّسَمًّی لَّجَآءَہُمُ الۡعَذَابُ ؕ وَ لَیَاۡتِیَنَّہُمۡ بَغۡتَۃً وَّ ہُمۡ لَا یَشۡعُرُوۡنَ ﴿۵۳﴾ یَسۡتَعۡجِلُوۡنَکَ بِالۡعَذَابِ ؕ

ہوتی تو ضرور ان کے پاس عذاب آ جاتا اور البتہ ان پر اچانک عذاب آ پہنچے گا اور انہیں خبر بھی نہ ہوگی۔ یہ لوگ آپ سے جلدی عذاب آنے کا تقاضا کر رہے ہیں

وَ اِنَّ جَہَنَّمَ لَمُحِیۡطَۃٌۢ بِالۡکٰفِرِیۡنَ ﴿۵۴﴾ یَوۡمَ یَغۡشٰہُمُ الۡعَذَابُ مِنۡ فَوۡقِہِمۡ وَ مِنۡ تَحۡتِ اَرۡجُلِہِمۡ

اور بلا شبہ جہنم کافروں کو گھیرے ہوئے ہے۔ جس دن ان کے اوپر سے اور پاؤں کے نیچے سے ان پر عذاب چھا جائیگا

وَ یَقُوۡلُ ذُوۡقُوۡا مَا کُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۵۵﴾

اور اللہ تعالیٰ کا فرمان ہوگا کہ چکھ لو جو کچھ تم کیا کرتے تھے۔

اہل باطل کی تکذیب اور تکذیب پر تعذیب

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی باتوں پر منکرین کو یقین نہیں تھا حالانکہ آپ کے معجزات ظاہر ہوتے رہتے تھے اور سب سے بڑا معجزہ قرآن مجید ہے۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ آپ ان سے فرما دیجئے کہ میرے اور تمہارے درمیان اللہ گواہ کافی ہے تم مانو یا نہ مانو وہ میری رسالت کا گواہ ہے آسمانوں میں اور زمین میں جو کچھ ہے وہ ان سب کو جانتا ہے میں جو تم پر حق پیش کرتا ہوں اسے اس کا بھی علم ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو یعنی انکار اور تکذیب کے ساتھ پیش آتے ہو اسے اس کا بھی علم ہے تمہیں اپنی حرکتوں کی سزا ضرور ملے گی اور تم بھی بہت بڑے خسارہ میں پڑو گے۔

اسی کو فرمایا: وَ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا بِالۡبَاطِلِ وَ کَفَرُوۡا بِاللّٰہِ اُولٰٓئِکَ ہُمُ الۡخٰسِرُوۡنَ (جو لوگ باطل پر ایمان لائے اور اللہ کے ساتھ کفر کیا یہی لوگ نقصان والے ہیں) نقصان بھی کتنا بڑا؟ خَسِرُوۡۤا اَنۡفُسَہُمۡ وَ اَہۡلِیۡہِمۡ یَوۡمَ الۡقِیٰمَۃِ قیامت کے دن اپنی جانوں سے بھی گئے اور گھر والوں سے بھی جب جان دوزخ میں گئی تو جان کہنے کے لائق نہ رہی اور نہ کوئی اپنا رہا' عذاب سے چھوٹنے کا کوئی راستہ نہیں' یہ کتنا بڑا خسارہ ہے' منکرین کو سمجھ لینا چاہیے۔

منکرین اپنے کفر کو جرم نہیں سمجھتے تھے اور عذاب آ جانے کی بات سنتے تھے تو اس کا یقین نہیں رکھتے تھے اور یوں کہتے تھے کہ عذاب آنا ہے تو جلدی آ جائے اور ان کی مانگ کے مطابق فوراً عذاب نہ آنے کی وجہ سے آنحضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت میں شک کرتے تھے' اللہ تعالیٰ نے فرمایا وَلَوْ لَآ اَجَلٌ مُّسَمًّى لَّجَآءَهُمُ الْعَذَابُ ۔ (اگر اللہ کے علم میں عذاب آنے کی میعاد مقرر نہ ہوتی تو ان پر عذاب آ جاتا) جب اجل مقررہ کا وقت آ جائے گا ان پر عذاب دفعۃً آ جائے گا جس کی انہیں خبر بھی نہ ہوگی ۔ یہ عذاب دنیا میں بھی آ سکتا ہے اور کافر کی موت کے وقت سے ہی عذاب شروع ہو جاتا ہے' موت کے وقت بھی عذاب' موت کے بعد برزخ میں بھی عذاب' قیامت کے دن بھی عذاب پھر دوزخ کا داخلہ وہاں بھی عذاب ہی عذاب اور دائمی عذاب' اوپر سے بھی عذاب اور نیچے سے بھی عذاب' دوزخ کافروں کو گھیرے لے گی ہر طرف سے عذاب ہی عذاب ہوگا اور اللہ تعالیٰ کا فرمان ہوگا کہ تم جو عمل کیا کرتے تھے اس کا مزہ چکھ لو اور سزا بھگت لو۔

يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ اَرْضِيْ وَاسِعَةٌ فَاِيَّايَ فَاعْبُدُوْنِ ﴿۵۶﴾ كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ

اے میرے وہ بندو جو ایمان لائے ہو بلاشبہ میری زمین کشادہ ہے سو تم میری ہی عبادت کرو' ہر نفس موت کو چکھنے والا ہے،

ثُمَّ اِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُبَوِّئَنَّهُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ غُرَفًا تَجْرِيْ مِنْ

پھر تم ہماری ہی طرف لوٹائے جاؤ گے اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کیے ہم انہیں ضرور ضرور جنت کے بالا خانوں میں ٹھکانہ دیں گے ان کے نیچے نہریں جاری

تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ نِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ﴿۵۸﴾ الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَلٰي رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿۵۹﴾

ہوں گی، وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے' اچھا اجر ہے عمل کرنے والوں کا جنہوں نے صبر کیا اور وہ اپنے رب پر بھروسہ کرتے ہیں

وَكَاَيِّنْ مِّنْ دَآبَّةٍ لَّا تَحْمِلُ رِزْقَهَا ڰ اَللّٰهُ يَرْزُقُهَا وَاِيَّاكُمْ ڮ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۶۰﴾

اور کتنے ہی چوپائے ہیں جو اپنا رزق نہیں اٹھاتے اللہ انہیں اور تمہیں رزق دیتا ہے اور وہ سننے والا ہے جاننے والا ہے ۔

ہجرت کی اہمیت اور ضرورت

معالم التنزیل (جلد ۳ ص ۴۷۷) میں علامہ بغویؒ نے لکھا ہے کہ آیت يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا (الآیۃ) ان لوگوں کے بارے میں نازل ہوئی جنہوں نے مکہ معظمہ میں رہتے ہوئے اسلام قبول کر لیا تھا لیکن وہاں کے مقامی حالات کی وجہ سے (جو کافروں کی طرف سے دکھ تکلیف کی صورت میں پیش آتے رہتے ہیں) اپنا ایمان ظاہر کرنے سے قاصر تھے' اللہ جل شانہ نے فرمایا کہ میری زمین وسیع ہے فراخ ہے یہاں سے ہجرت کر جاؤ' دشمنوں کے خوف کی وجہ سے میری عبادت نہیں کر سکتے ہو تو اس شہر کو چھوڑ دو اور میری عبادت میں لگو اس وقت مدینہ منورہ دار الھجـرۃ تھا۔ رسول اللہ ﷺ اور بہت سے صحابہ رضی اللہ عنہم مدینہ منورہ پہنچ گئے تھے اور اس سے پہلے بہت سے صحابہ حبشہ کو ہجرت کر چکے تھے' کوئی شخص اللہ کے لیے وطن چھوڑ کر ہجرت کرنے کو آمادہ ہو تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے مدد ہوتی ہے اور رہنے کو ٹھکانہ ملتا ہے جیسا کہ سورۂ نساء میں فرمایا: وَمَنْ يُّهَاجِرْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يَجِدْ فِي الْاَرْضِ مُرٰغَمًا كَثِيْرًا وَّسَعَةً (اور جو شخص اللہ کے لیے وطن چھوڑے وہ زمین میں جانے کی بہت سی جگہ پائے گا اور اسے کشادگی سے جگہ ملے گی) چونکہ وطن کو مستقل طریقہ پر چھوڑ دینا دنیاوی حالات کے اعتبار سے ایک مشکل چیز ہے اس لیے بعض لوگ ہجرت کرنے کی ہمت نہیں کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ جل شانہ نے ان سے

فرمایا کہ میری زمین بہت وسیع ہے ہجرت کرو اور میری عبادت کرو۔

ہجرت کرنے میں دو طرح کی تکلیفیں پیش آنے کا خطرہ رہتا ہے اول موت کا خطرہ (کافروں کی طرف سے حملہ آور ہونے کا قوی احتمال) اور دوسرے بھوکے مر جانے کا خطرہ۔ انسان سوچتا ہے کہ یہاں اپنے گھر میں کمائی کرتا ہوں، بیٹے بھی کماتے ہیں، تجارت چالو ہے اپنی کھیتی باڑی ہے وطن سے باہر نکلتا ہوں تو کھانے کو کہاں سے ملے گا؟

ہر جان کو موت چکھنا ہے .... اللہ تعالیٰ جل شانہ نے دونوں باتوں کا جواب دے دیا، اول تو یہ فرمایا کُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ۔ کہ ہر جان کو موت چکھنا ہے کہیں بھی رہو موت اپنے مقررہ وقت پر آجائے گی پھر موت سے کیا ڈرنا اور اس کے لئے ہجرت کو چھوڑنے کا کیا معنی؟ ثُمَّ اِلَیْنَا تُرْجَعُوْنَ (پھر موت کے بعد ہمارے پاس آؤ گے) اگر ہجرت کر لی تھی تو اس کا اجر پاؤ گے اور اگر فرض ہوتے ہوئے ہجرت نہ کی تو اس کی سزا ملے گی۔

اس کے بعد اہل ایمان کے اجر و ثواب کا تذکرہ فرمایا وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ (الآیۃ) (اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کیے ضرور ضرور ہم انہیں جنت کے بالا خانوں میں ٹھکانہ دیں گے جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے اچھا اجر ہے عمل کرنے والوں کا) اتنی بڑی جنت دنیا کا چھوٹا سا گھر اور وطن مالوف چھوڑنے کے عوض مل جانا بہت بڑی کامیابی ہے۔

رزق مقدر ضرور ملے گا .... دوسری بات کا جواب دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: وَكَاَیِّنْ مِّنْ دَآبَّةٍ لَّا تَحْمِلُ رِزْقَهَا ۖ اللّٰهُ یَرْزُقُهَا وَاِیَّاكُمْ (زمین پر چلنے والے بہت سے جانور ہیں جو اپنا رزق نہیں اٹھاتے، اللہ ان کو اور تم کو رزق دیتا ہے) اس کے دو مطلب ہیں، ایک تو یہ کہ جانور اپنا رزق ساتھ لئے نہیں پھرتے جہاں ہوتے ہیں اللہ ان کو رزق دے دیتا ہے اور دوسرا مطلب یہ ہے کہ وہ ذخیرہ نہیں رکھتے، جو ملا کھالیا آگے کی فکر نہیں کرتے نہ ان کے یہاں رزق جمع کرنے کا انتظام ہے نہ تحصیل رزق کی کوشش، وہ اسباب کے پیچھے نہیں پڑتے اللہ تعالیٰ ان کو اپنے فضل سے رزق عطا فرماتا ہے، اسی طرح جب تم ہجرت کرو گے تو وہ تمہیں بھی رزق دے گا اب تک جس نے کھلایا پلایا ہے ہجرت کے بعد بھی وہی کھلائے پلائے گا۔

حضرت عمر بن خطابؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اگر تم اللہ پر توکل کرتے جیسا کہ توکل کرنے کا حق ہے تو وہ تمہیں اس طرح رزق دیتا جیسے پرندوں کو رزق دیتا ہے وہ صبح کو بھوکے جاتے ہیں اور شام کو پیٹ بھر کر واپس آتے ہیں۔ (رواہ الترمذی وابن ماجہ، مشکوٰۃ المصابیح ص ۴۵۲)

حضرت ابو الدرداءؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ بلاشبہ رزق بندہ کو اس طرح طلب کر لیتا ہے جیسے اسے موت طلب کر لیتی ہے۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۴۵۴)

آخر میں فرمایا وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ (اور اللہ تعالیٰ سننے والا جاننے والا ہے) وہ سب کی باتیں سنتا ہے اور سب کے احوال جانتا ہے جو شخص اخلاص کے ساتھ ہجرت کرے سچے دل سے اللہ پر توکل کرے اور جو شخص عذر کی وجہ سے ہجرت کرنے سے رکے اور جو شخص محض دنیاوی مفاد کے پیش نظر ہجرت کے لیے نکلے اللہ تعالیٰ کو ان سب کے احوال و اقوال معلوم ہیں۔

جب رسول اللہ ﷺ ہجرت فرما کر مدینہ منورہ تشریف لے آئے تو بہت سے لوگ مکہ معظمہ میں رہ گئے ان میں اصحاب عذر بھی تھے اور وہ لوگ بھی تھے جن کے لیے واقعی عذر نہ تھا وہ ہجرت کر سکتے تھے اس زمانے میں مدینے کے لیے ہجرت کرنا فرض تھا جو شخص ہجرت نہ کرتا اس کا ایمان معتبر نہ سمجھا جاتا تھا جب مکہ معظمہ فتح ہو گیا تو ہجرت کی فرضیت منسوخ ہو گئی لیکن مختلف احوال کے اعتبار سے ہمیشہ

ایسے احوال مسلمانوں کے لیے پیش آتے رہتے ہیں جن کی وجہ سے ایمان اور اعمال اسلام باقی رکھنے کے لیے ہجرت کرنا فرض ہو جاتا ہے لیکن گھر بار، مال، جائیداد اور رشتہ داروں کی محبت میں وطن نہیں چھوڑتے، ایسی جگہوں میں رہتے ہیں جہاں اذان بھی نہیں دے سکتے نماز بھی نہیں پڑھ سکتے مگر دنیا کی محبت انہیں ہجرت نہیں کرنے دیتی، ایسے لوگ تارک فرض ہوتے ہیں۔ (تفصیل کے لیے سورۂ نساء کی تفسیر کا مطالعہ کیجئے)۔

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ۚ فَاَنّٰى

اور اگر آپ ان سے سوال کریں کہ آسمانوں کو اور زمین کو کس نے پیدا کیا اور چاند اور سورج کو کس نے مسخر کیا تو ضرور ضرور جواب دیں گے کہ اللہ نے سو وہ پھر کہاں

يُؤْفَكُوْنَ ۝ اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ لَهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ

الٹے جا رہے ہیں۔ اللہ اپنے بندوں میں سے جس کے لیے چاہے رزق کشادہ کر دیتا ہے اور جس کے لیے چاہے تنگ کر دیتا ہے، بلاشبہ اللہ ہر چیز

شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ نَّزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِ مَوْتِهَا

کا جاننے والا ہے۔ اور اگر آپ ان سے سوال کریں کہ کس نے آسمان سے پانی نازل کیا پھر زمین کی موت کے بعد پانی کے ذریعہ اس کو زندہ کیا تو وہ ضرور ضرور

لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ۭ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ۝

جواب دیں گے کہ اللہ نے، آپ فرما دیجئے کہ سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے بلکہ ان میں اکثر لوگ نہیں سمجھتے۔

ع ۱۲ / ۲

توحید کے دلائل

جو لوگ اللہ تعالیٰ کی عبادت میں غیر اللہ کو بھی شریک کرتے تھے ان کے بارے میں فرمایا کہ اے نبی! صلی اللہ علیہ وسلم اگر آپ ان لوگوں سے دریافت کریں کہ آسمانوں کو اور زمین کو کس نے پیدا کیا اور چاند اور سورج کو کس نے مسخر کیا اور انہیں ایک طریقہ خاص پر کس نے کام لگایا تو یہ لوگ اس کا یہی جواب دیں گے کہ اللہ تعالیٰ نے یہ سب کچھ کیا ہے، جب اقرار بھی ہے کہ یہ سب اللہ تعالیٰ نے ہی کیا ہے تو پھر کہاں الٹے پاؤں جا رہے ہیں یعنی توحید کو چھوڑ کر شرک کو کیوں اختیار کر رہے ہیں؟ خالقیت میں جس طرح اللہ کا کوئی شریک نہیں اسی طرح صفت رزاقیت میں بھی اس کا کوئی شریک نہیں وہ اپنے بندوں میں سے جس کے لیے چاہے رزق وسیع کر دیئے یعنی رزق میں فراخی دے دے اور جس کے لیے چاہے رزق تنگ کر دے۔ بہت سے لوگ بڑی بڑی محنتیں کرتے ہیں، مشقتیں اٹھاتے ہیں مگر ان کا رزق تنگ ہی رہتا ہے اور بہت سے لوگ کچھ بھی نہیں کرتے انہیں بہت زیادہ وسعت کے ساتھ رزق ملتا ہے اللہ تعالیٰ کے مقرر کردہ سے زیادہ کسی کو کچھ بھی نہیں مل سکتا۔

اس کے بعد سبب رزق کے بارے میں ارشاد فرمایا کہ اگر آپ ان سے یہ سوال کریں کہ بتاؤ آسمان سے کس نے پانی اتارا؟ پھر اس پانی کے ذریعہ کس نے زمین کو زندہ کیا جبکہ زمین مر چکی تھی یعنی خشک ہونے کی وجہ سے کوئی چیز اگانے کے قابل نہ تھی تو یہی جواب دیں گے کہ یہ سب کچھ اللہ تعالیٰ ہی نے کیا ہے۔ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ (آپ فرما دیجئے کہ سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے) پیدا بھی اسی نے فرمایا اور نعمتیں بھی اسی نے دیں، رزق بھی وہی دیتا ہے، زمین بھی وہی زندہ فرماتا ہے جب وہی فاعل مختار ہے، خالق و مالک ہے اور رزاق بھی وہی

ہے تو پھر عبادت بھی صرف اسی کی کرنا لازم ہے یہ ان سب باتوں کا اقرار کرتے ہیں لیکن عقل سے کام نہیں لیتے، تھوڑے ہی سے افراد ہیں جو سمجھ سے کام لیتے ہیں، اسی لیے فرمایا۔ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ۔

وَمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا لَهْوٌ وَّ لَعِبٌ ؕ وَاِنَّ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ لَهِيَ الْحَيَوَانُ ۘ لَوْ

اور یہ دنیا والی زندگی نہیں ہے مگر لہو ولعب اور بلا شبہ آخرت والا گھر ہی زندگی ہے، کاش

كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۝

لوگ جانتے ہوتے۔

دنیا والی زندگی لہو ولعب ہے حقیقی زندگی آخرت ہی کی زندگی ہے

اس آیت کریمہ میں دنیا کی فنا اور آخرت کی بقا کو اجمالی طور پر بیان فرمایا ہے اور مشرکین و کافرین کی ناسمجھی اور نادانی اور بے عقلی کی طرف بھی اشارہ فرمایا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ دنیا کی زندگی جتنی بھی دراز ہو جائے اور اس میں جتنی بھی نعمتیں مل جائیں سب ہیچ ہیں۔

کیونکہ انسان کی اصل ضرورت آخرت کی ضرورت ہے جہاں دوام ہے اور ابدی زندگی ہے وہاں کی دائمی زندگی اور ابدی نعمتوں کے سامنے یہ فنا ہونے والی دنیا جو وہاں کچھ بھی کام نہ دے گی بالکل لہو ولعب ہے جیسے بچے آپس میں کھیلتے ہیں، ہوٹل بھی کھولتے ہیں دکاندار بن کر بھی بیٹھتے ہیں کھانے پینے کی چیزیں بھی بیچتے ہیں، پھر جب بھوک لگتی ہے تو اپنی ماں کے پاس آجاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ امی جان کھانا دے دیجئے، اگر والدہ ان سے پوچھے کہ تم تو ابھی ہوٹل کھولے ہوئے تھے، روٹی سالن فروخت کر رہے تھے اسی میں سے کھا لیتے، اب مجھ سے کیوں مانگ رہے ہو؟ تو بچے جواب دیں گے کہ وہ تو ایک کھیل تھا حقیقت نہیں تھی، اسی طرح اہل دنیا کا حال ہے کہ دنیا میں لگتے ہیں اسی کے لیے جیتے ہیں اسی کے لیے مرتے ہیں، مال بھی جمع کرتے ہیں، جائیدادیں بھی بناتے ہیں پھر موت کے وقت سب کچھ یہیں چھوڑ جاتے ہیں، اس مال و جائیداد سے جو یہاں کی تھوڑی بہت حاجت پوری ہو جاتی ہے آخرت کی حاجتوں کے سامنے اس کی کوئی حیثیت نہیں، وہاں پہنچیں گے تو یہاں کی جائیداد اور مال و اولاد کچھ بھی کام نہ آئیں گے وہاں تو ایمان اور اعمال صالحہ کی قیمت لگے گی اور یہی وہاں کی اصل ضرورت پورا کرنے کا ذریعہ بنیں گے وہاں کی ضرورت دوزخ سے بچنا ہے (یہ دفع مضرت ہے) اور جنت میں داخل ہونا ہے (جو جلب منفعت ہے) وہاں کی ان دونوں ضرورتوں کے لیے جب دنیاوی چیزیں کام نہ آئیں تو ساری دنیا کھیل ہی ہوئی جس سے واقعی ضرورتیں پوری نہیں ہوتیں، اگر دوزخ کے دائمی عذاب سے بچنے کا انتظام کر کے دنیا سے نہ سدھارے اور خدانخواستہ وہاں عذاب میں گرفتار ہوئے تو اس وقت سمجھ میں آئے گا کہ دنیا سے نہ سدھارے اور خدانخواستہ وہاں عذاب میں گرفتار ہوئے تو اس وقت سمجھ میں آئے گا کہ دنیا واقعی لہو ولعب تھی، وہاں حسرت اور افسوس کے سوا کچھ نہ ہوگا جو کچھ کرنا ہے یہیں سے لے کر جانا ہے۔

دنیا کو لہو ولعب بتانے کے بعد یوں فرمایا: وَاِنَّ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ لَهِيَ الْحَيَوَانُ (اور بلا شبہ دار آخرت ہی زندگی ہے) مطلب یہ ہے کہ جن لوگوں کو جنت کا داخلہ ملے گا، وہ ہمیشہ نعمتوں میں رہیں گے نہ کبھی موت آئے گی نہ نعمتیں چھینی جائیں گی اور اللہ تعالیٰ ہمیشہ ان سے راضی رہے گا، درحقیقت وہی زندگی زندگی کہنے کے قابل ہے۔ کافر کی نہ دنیاوی زندگی زندگی کہنے کے قابل ہے کیونکہ فانی ہے اور مکروہات، مشکلات، مکدرات، مصائب و آلام امراض و اسقام سے بھری ہوئی ہے اور نہ اس کی آخرت کی زندگی کوئی زندگی ہے کیونکہ وہاں تو عذاب ہی

عذاب ہے۔ سورۃ الاعلیٰ میں فرمایا ہے: ثُمَّ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى (پھر وہ اس میں نہ مرے گا نہ جیئے گا) دوزخ کی زندگی بھی کوئی زندگی ہے؟

آخر میں فرمایا لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ۔ اگر یہ حیات دنیا و یہ اور دار آخرت کو جان لیتے اور دونوں میں جو فرق ہے اسے سمجھ لیتے تو دنیا کو زندگی کا مقصد نہ بناتے۔

فَاِذَا رَكِبُوْا فِى الْفُلْكِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۚ فَلَمَّا نَجّٰىهُمْ اِلَى الْبَرِّ اِذَا هُمْ يُشْرِكُوْنَ ﴿۶۵﴾

سو جب وہ کشتی میں سوار ہوتے ہیں تو خوب خالص اعتقاد کر کے اللہ کو پکارنے لگتے ہیں پھر جب وہ انہیں خشکی کی طرف نجات دے دیتا ہے تو اچانک شرک کرنے لگتے ہیں۔

لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ۚ وَلِيَتَمَتَّعُوْا ۫ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۶۶﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا حَرَمًا اٰمِنًا وَّ

تاکہ ان چیزوں کی ناشکری کریں جو ہم نے انہیں دی ہیں اور تاکہ مزے اڑالیں، سو وہ عنقریب جان لیں گے۔ کیا ان لوگوں نے نہیں دیکھا کہ ہم نے حرم کو امن کی جگہ بنائی ہے

يُتَخَطَّفُ النَّاسُ مِنْ حَوْلِهِمْ ۭ اَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُوْنَ وَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ يَكْفُرُوْنَ ﴿۶۷﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ

اور ان کے گرد و پیش کے لوگ اچک لیے جاتے ہیں کیا وہ باطل پر ایمان لاتے ہیں اور اللہ کی نعمتوں کی ناشکری کرتے ہیں۔ اور اس سے بڑھ کر کون ظالم

مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهٗ ۭ اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى

ہوگا جو اللہ پر جھوٹ باندھے یا حق کو جھٹلائے جب وہ اس کے پاس آ جائے، کیا دوزخ کافروں کا ٹھکانہ

لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿۶۸﴾ وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۶۹﴾

نہیں ہے اور جن لوگوں نے ہماری راہ میں تکلیفیں اٹھائیں ضرور ہم انہیں اپنی راہیں بتائیں گے اور بلاشبہ اللہ اچھے کام کرنیوالوں کے ساتھ ہے۔

مشرکین کی ناشکری اور ناسپاسی

جو لوگ اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کرتے ہیں ان کا طریقہ یہ ہے کہ وہ آڑے وقت میں تمام باطل معبودوں کی طرف سے ذہن ہٹا لیتے ہیں اور خالص اعتقاد کے ساتھ صرف اللہ تعالیٰ ہی سے مصیبت دفع کرنے کی درخواست کرتے ہیں، یہاں بطور مثال ان کی حالت بیان فرمائی ہے اور وہ یہ کہ جب کشتی میں سوار ہوں اور تیز ہوا چلنے لگے جس سے کشتی ڈگمگانے لگے اور ڈوبنے کا خطرہ لاحق ہو جائے تو صرف اللہ تعالیٰ ہی کی طرف متوجہ ہوتے ہیں اور یوں کہتے ہیں کہ لَئِنْ اَنْجَيْتَنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ (اگر آپ نے ہمیں اس سے نجات دے دی تو ہم ضرور ضرور شکر گزار ہوں گے) جب مصیبت میں مبتلا ہوتے ہیں تو بڑے سچے وعدے کرتے ہیں لیکن جب اللہ تعالیٰ مصیبت سے نجات دے دیتا ہے تو پھر وہی ناشکری اور کفر و شرک اختیار کر لیتے ہیں۔ اسی کو فرمایا: فَلَمَّا نَجّٰىهُمْ اِلَى الْبَرِّ اِذَا هُمْ يُشْرِكُوْنَ (سو جب اللہ انہیں نجات دے کر خشکی میں لے آتا ہے تو اسی وقت شرک کرنے لگتے ہیں) لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ (تاکہ وہ ان نعمتوں کی ناشکری کریں جو ہم نے انہیں دی ہیں) وَلِيَتَمَتَّعُوْا (اور تاکہ مزے اڑاتے رہیں) دنیا کے اشغال اور لذات اور مزوں کے کاموں میں لگے رہیں، مصیبت ٹل جانے پر سارے وعدے بھول جاتے ہیں فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ (سو عنقریب جان لیں گے کہ کفر و شرک اختیار کرنے اور اپنے وعدوں کو بھول بھلیاں کرنے کا کیا نتیجہ نکلتا ہے) یہ نتیجہ عذاب کی صورت

میں سامنے آئے گا۔

اہل مکہ پر امن وامان کا خصوصی انعام............اہل مکہ بھی شرک میں مبتلا تھے، اللہ تعالیٰ نے ان پر یہ انعام فرمایا تھا کہ وہ امن وچین سے اپنے شہر میں رہتے تھے۔ جبکہ عرب کے دوسرے علاقوں میں لڑائیاں رہتی تھیں، قتل، خون، لوٹ مار، غارت گری کا سلسلہ قبائل عرب میں جاری تھا۔ اہل عرب اگرچہ مشرک تھے لیکن حرم مکہ کو محترم جانتے تھے اور اہل مکہ پر کوئی حملہ نہیں کرتے تھے اہل مکہ پر اس کی قدردانی کرنا لازم تھا۔ جب نبی کریم ﷺ نے توحید کی دعوت دی تو انہیں سب سے پہلے مسلمان ہونا چاہیے تھا ان پر لازم تھا کہ انہیں امن وامان سے رکھنے پر بھی اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو نبی مبعوث ہوا جو کہ انہیں میں سے تھا۔ اس پر ایمان لے آتے لیکن وہ حسب سابق باطل معبودوں کی پرستش میں لگے رہے جن کی عبادت میں پہلے سے مشغول تھے۔ اسی کو فرمایا **اَوَلَمْ یَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا حَرَمًا اٰمِنًا** (کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم نے حرم کو امن والی جگہ بنادیا) **وَیُتَخَطَّفُ النَّاسُ مِنْ حَوْلِهِمْ** (اور ان کے آس پاس لوگوں کو اچک لیا جاتا ہے) **اَفَبِالْبَاطِلِ یُؤْمِنُوْنَ** (کیا باطل پر ایمان لاتے ہیں اور اللہ کی نعمتوں کے منکر ہوتے ہیں) **وَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ یَكْفُرُوْنَ** (اور اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی ناشکری کرتے ہیں)

مشرکین کا عجیب حال تھا اور اب بھی ہے کہ پیدا تو اللہ نے فرمایا اور وہی رزق دیتا ہے اور پرورش فرماتا ہے اور حاجتیں پوری فرماتا ہے جس کا اقرار بھی کرتے ہیں لیکن پھر بھی کفر وشرک اختیار کیے رہتے ہیں۔

مشرکین کا یہ کہنا کہ اللہ کے لیے شریک ہے، یہ اللہ تعالیٰ پر تہمت ہے اور افتراء ہے اسی کو یہاں فرمایا ہے۔ **وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰی عَلَی اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهٗ** (اور اس سے بڑھ کر کون ظالم ہوگا جو اللہ پر جھوٹ باندھے یا حق آجانے پر اس کو جھٹلائے) **اَلَیْسَ فِیْ جَهَنَّمَ مَثْوًی لِّلْكٰفِرِیْنَ** (کیا جہنم میں کافروں کا ٹھکانہ نہیں ہے) یہ استفہام تقریری ہے، مطلب یہ ہے کہ ان لوگوں کا ٹھکانہ دوزخ ہے اس کو استفہام کی صورت میں بیان کیا تاکہ خوب سمجھ لیں اور اپنا انجام اور واقعی واصلی ٹھکانہ جان لیں۔

آخر میں فرمایا **وَالَّذِیْنَ جَاهَدُوْا فِیْنَا لَنَهْدِیَنَّهُمْ سُبُلَنَا وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِیْنَ** (اور جن لوگوں نے ہماری راہ میں تکلیفیں اٹھائیں ضرور ضرور ہم انہیں اپنی راہیں بتائیں گے اور بلاشبہ اللہ اچھے کام کرنے والوں کے ساتھ ہے) اس آیت میں ایک اہم مضمون بیان فرمایا ہے اور وہ یہ کہ اللہ کی رضا اختیار کرنے اور اس کی طلب میں محنت کرنے اور مشقت اٹھانے پر اللہ تعالیٰ شانہ کا وعدہ ہے کہ وہ ضرور اپنے راستے بتادے گا، آیت شریفہ میں بہت بڑی جامعیت ہے، اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے جس طرح بھی جو بھی کوششیں کی جائیں مثلاً طلب علم ہو، کافروں سے مقاتلہ ہو، اہل فتن سے مقابلہ ہو، زبان سے یا قلم سے **امر بالمعروف** اور **نہی عن المنکر** ہو یا ظالموں کے سامنے اظہار حق ہو، یہ سب کچھ مجاہدہ ہے، اللہ تعالیٰ جل شانہ نے ارشاد فرمایا کہ جو لوگ ہمارے بارے میں یعنی ہماری رضا کے لیے ہمارے دین کو بلند کرنے کیلیے محنت کریں گے، تکلیف اٹھائیں گے، مصیبتیں برداشت کریں گے ہم انہیں ضرور ضرور اپنے راستے دکھادیں گے، اس کا ایک مطلب تو یہ ہے کہ انہیں اور زیادہ ہدایت سے نوازیں گے جیسا کہ سورۂ محمد میں فرمایا۔ **وَالَّذِیْنَ اهْتَدَوْا زَادَهُمْ هُدًی وَّاٰتٰهُمْ تَقْوٰهُمْ** (اور جن لوگوں نے ہدایت کو اختیار کیا اللہ تعالیٰ انہیں اور زیادہ ہدایت دے گا اور انہیں ان کا تقویٰ عطا فرمادے گا) دوسرا مطلب یہ ہے کہ ہم انہیں جنت کے راستے دکھادیں گے۔

جو شخص علم میں لگے اللہ تعالیٰ اس کے لیے علم کی راہیں کھول دیتے ہیں اور علم پر عمل کرنے سے مزید علم عطا فرماتے ہیں، جو شخص دعوت وتبلیغ اور جہاد کے کام میں لگے تصنیف وتالیف کا کام کرے اس کا سینہ کھول دیتے ہیں، تفسیر قرآن لکھنے لگے تو اسے ایسی معرفت عطا

فرماتے ہیں جس کی وجہ سے قرآن مجید کے اسرار ورموز اس پر کھلتے چلے جاتے ہیں' جو شخص معاشرہ کی اصلاح کرنا چاہے اللہ تعالیٰ کی توفیق سے اس کی نظر معاشرہ کی خرابیوں پر جاتی ہے پھر زبان سے یا تحریر سے ان خرابیوں پر تنبیہ کرنے کی بھی توفیق ہو جاتی ہے اور بات کہنے کے لیے ایسے پیرائے ذہن میں ڈال دیئے جاتے ہیں جنہیں اختیار کرنے سے مخاطبین بات کو قبول کرتے چلے جاتے ہیں' مؤمن بندہ کو اپنے ہر عمل میں مخلص ہونا لازم ہے یعنی محض اللہ تعالیٰ کی رضا مطلوب ہو پھر دیکھیں کہ اللہ تعالیٰ کی کیسی مدد نازل ہوتی ہے؟ اللہ تعالیٰ کی طرف کوئی بڑھے تو سہی پھر دیکھے کہ اس کا کیسا فضل وانعام ہوتا ہے۔

حدیث قدسی میں ہے من تقرب منی شبرا تقربت منه ذراعاً و من تقرب منی ذراعا تقربت منه باعا (یعنی اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جو شخص میری طرف ایک بالشت قریب ہوتا ہے میں اس سے ایک ہاتھ قریب ہو جاتا ہوں اور جو شخص ایک ہاتھ میرے نزدیک ہو تو میں چار ہاتھ اس کے نزدیک ہو جاتا ہوں)۔

آخر میں فرمایا کہ اِنَّ اللّٰہَ لَمَعَ الْمُحْسِنِیْنَ o (اور بلا شبہ اللہ محسنین کے ساتھ ہے) لفظ مُحْسِنِیْنَ جمع ہے محسن کی' جو لفظ احسان سے لیا گیا ہے اور احسان کا معنی ہے اچھائی کرنا' اللہ تعالیٰ پر ایمان لانا' اس کو وحدہ لاشریک ماننا اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرنا اس کے بھیجے ہوئے دین کو قبول کرنا' اخلاص کے ساتھ اس کی عبادت کرنا' نماز کے ارکان اور اعمال ادا کرنے میں خوبی اختیار کرنا' خشوع وخضوع کے ساتھ نماز پڑھنا' ہر عمل کو ریا کاری اور شہرت کے جذبہ سے پاک رکھنا اور جس طرح جس عمل کے ادا کرنے کا حکم ہو اسی طرح عمل کرنا۔ لفظ ''احسان'' ان سب کو شامل ہے' جو لوگ صفت احسان سے متصف ہیں وہ محسنین ہیں ان کے بارے میں وَاللّٰہُ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ (اور بلا شبہ اللہ محسنین کے ساتھ ہے) اللہ تعالیٰ کی معیت یہ ہے کہ وہ مدد فرماتا ہے اور آفات ومصائب سے محفوظ رکھتا ہے' ہدایت دیتا ہے اور ہدایت پر باقی رکھتا ہے اور مزید ہدایت دیتا ہے۔

سورۂ عنکبوت کے ابتداء میں فرمایا۔ اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ یُّتْرَکُوْٓا اَنْ یَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَھُمْ لَا یُفْتَنُوْنَ (کیا لوگوں نے یہ خیال کیا کہ ہم یوں کہہ کر چھوٹ جائیں گے کہ ہم ایمان لائے اور ان کی آزمائش نہ کی جائے گی) وہاں یہ بتا دیا تھا کہ اہل ایمان کو تکلیفیں پہنچیں گی' اور سورت کے ختم پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے مدد نصرت اور معیت کا وعدہ فرمایا۔

فالحمد للّٰه الذی بنعمته و عزته تتم الصالحات وقد تم تفسیر سورة العنكبوت بحمد اللّٰه تعالىٰ و حسن توفیقه والحمد للّٰه رب العالمین و الصلوٰة والسلام علی سید الاولین والاٰخرین وعلی اٰله واصحابه اجمعین

☆☆☆......................☆☆☆

مکی	سورۃ الروم	۶۰ آیتیں اور ۶ رکوع

سورۂ روم مکہ معظمہ میں نازل ہوئی اس میں ساٹھ آیات اور چھ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

الٓمّٓ ﴿۱﴾ غُلِبَتِ الرُّوْمُ ﴿۲﴾ فِيْٓ اَدْنَى الْاَرْضِ وَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ غَلَبِهِمْ سَيَغْلِبُوْنَ ﴿۳﴾ فِيْ بِضْعِ

الٓمّٓ ۔ روم والے زمین کے قریب والے حصے میں مغلوب ہوگئے۔ اور وہ اپنے مغلوب ہونے کے بعد عنقریب چند سال میں غالب ہو جائیں گے۔ اللہ ہی

سِنِيْنَ ۗ لِلّٰهِ الْاَمْرُ مِنْ قَبْلُ وَمِنْۢ بَعْدُ ۭ وَيَوْمَىِٕذٍ يَّفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۴﴾ بِنَصْرِ اللّٰهِ ۭ يَنْصُرُ

کے لیے اختیار ہے پہلے بھی اور بعد میں بھی اور ایمان والے اس دن خوش ہوں گے اللہ کی مدد کی وجہ سے وہ مدد فرماتا ہے

مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۵﴾ وَعْدَ اللّٰهِ ۭ لَا يُخْلِفُ اللّٰهُ وَعْدَهٗ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ

جس کی چاہے اور وہ زبردست ہے رحمت والا ہے۔ اللہ نے وعدہ فرمایا ہے اللہ اپنے وعدہ کو خلاف نہیں فرماتا اور لیکن اکثر لوگ

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۶﴾ يَعْلَمُوْنَ ظَاهِرًا مِّنَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ښ وَهُمْ عَنِ الْاٰخِرَةِ هُمْ غٰفِلُوْنَ ﴿۷﴾

نہیں جانتے۔ یہ لوگ دنیا والی زندگی کے ظاہر کو جانتے ہیں اور وہ آخرت سے غافل ہیں۔

اہل فارس پر رومیوں کے غالب ہونے کی پیشین گوئی اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا ابی بن خلف سے ہار جیت کی بازی لگانا

حضرات مفسرین کرام رحمہم اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے ان آیات کا سبب نزول ذکر فرماتے ہوئے لکھا ہے کہ فارس اور روم کے درمیان جنگ ہونے کی صورت بن گئی تھی اہل فارس جن کا بادشاہ کسریٰ تھا' یہ لوگ مشرک تھے اور رومیوں کا بادشاہ قیصر تھا یہ لوگ اہل کتاب تھے اہل اسلام کی خواہش تھی کہ روم والے فارس پر غالب ہو جائیں کیونکہ اہل روم اہل کتاب تھے اور مشرکین کی خواہش تھی کہ فارس والے اہل روم پر غالب ہو جائیں کیونکہ وہ اہل شرک تھے' قریش مکہ کے ہم مذہب تھے کسریٰ نے بھی اپنا لشکر بھیجا اور قیصر نے بھی اور مقام اذرعات اور بصریٰ پر دونوں لشکروں کی مڈبھیڑ ہوئی' یہ شام کا علاقہ ہے جو سرزمین عرب سے قریب ہے جس میں مسلمان رہتے تھے جنگ کے نتیجہ میں اہل فارس رومیوں پر غالب آ گئے جب یہ خبر پھیلی تو مسلمانوں کو رنج ہوا اور کفار مکہ نہ

صرف یہ کہ خوش ہوئے بلکہ انہوں نے مسلمانوں سے یہ بھی کہا کہ تم اہل کتاب ہو اور نصاریٰ یعنی رومی بھی اہل کتاب ہیں اور ہمارے بھائی اہل فارس تمہارے رومی بھائیوں پر غالب آ گئے اس سے معلوم ہوا کہ اگر تم نے ہم سے جنگ کی تو ہم بھی تم پر غالب ہو جائیں گے' اس وقت اللہ تعالیٰ نے یہ آیات نازل فرمائیں جن میں یہ بتا دیا کہ عنقریب ہی رومی لوگ اہل فارس پر چند سال میں غالب ہو جائیں گے۔

یہ پیشین گوئی فرماتے ہوئے بِضْعِ سِنِيْنَ فرمایا ہے لفظ بضع عربی زبان میں تین سے لے کر نو تک کے عدد کے لیے بولا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ جل شانہ نے بتا دیا کہ جس دن اہل روم اہل فارس پر غالب ہوں گے اس دن اہل ایمان خوش ہوں گے۔

جب مذکورہ بالا آیات نازل ہوئیں تو حضرت ابوبکر صدیقؓ نے کفار مکہ سے کہا کہ تم آج اس بات پر خوش ہو رہے ہو کہ تمہارے ہم مذہب غلبہ پا گئے تم خوشی نہ مناؤ اللہ کی قسم ہم فارس پر غالب ہوں گے جیسا کہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں خبر دی ہے۔ اس پر ابی بن خلف نے کہا کہ تم جھوٹ کہتے ہو' حضرت ابوبکرؓ نے جواب میں فرمایا کہ اے اللہ کے دشمن! چل تو مشارطہ کر لے' یعنی ہم اور تم اپنے درمیان ایک میعاد مقرر کر لیں اور دس دس اونٹ لینے دینے کی ذمہ داری قبول کر لیں' اگر اس مدت میں رومی فارس پر غالب آ گئے تو تو مجھے دس اونٹ دے گا اور اگر اہل فارس غالب ہو گئے تو میں دس اونٹ دوں گا' آپس میں اس کا معاہدہ کر لیا گیا اور تین سال کی مدت مقرر کر لی گئی۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور جو معاملہ اور معاہدہ کیا تھا وہ خدمت عالی میں پیش کر دیا' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے تو بِضْعِ سِنِيْنَ فرمایا ہے جس میں تین سے لے کر نو سال کے درمیان رومیوں کے غالب ہونے کی خبر دی ہے' لہٰذا تم ایسا کرو کہ مدت بڑھا لو جو آپس میں لینا دینا طے کیا ہے اس میں بھی اضافہ کر لو۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے پھر ابی بن خلف سے ملاقات کی' ابی نے دیکھتے ہی کہا کہ تم نے جو شرط باندھی ہے اس پر نادم ہو رہے ہو' حضرت ابوبکر صدیقؓ نے فرمایا میں نادم نہیں ہوں اپنی بات پر قائم ہوں بلکہ مجھے مدت اور اونٹوں کی تعداد میں اضافہ کرنا ہے۔ اس کے مدت مقررہ کو آپس میں طے کر کے نو سال کر دیا گیا اور بجائے دس دس اونٹ دینے کے ہر جانب سے سو سو اونٹ دینے کی بات ہو گئی۔

بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ سات سال کے اندر ہار جیت ہونے پر معاہدہ و معاملہ کیا گیا تھا' ابی بن خلف کو یہ خوف ہوا کہ کہیں ابوبکرؓ مکہ معظمہ سے باہر نہ چلے جائیں وہ ان سے آ کر کہنے لگا کہ مجھے تم ضامن دے دو اگر شرط میں تم ہارے تو تمہارے ضامن سے مقررہ تعداد میں اونٹ لے لوں گا' اس پر حضرت ابوبکر صدیقؓ نے اپنے بیٹے[1] عبداللہ کو ضامن بنا دیا (کچھ عرصہ کے بعد حضرت ابوبکر صدیقؓ ہجرت کر کے مدینہ طیبہ تشریف لے آئے) اس کے بعد ابی بن خلف کو مکہ معظمہ سے نکلنے کی ضرورت پیش آئی' وہ قریش مکہ کے ساتھ جنگ احد کے موقع پر مکہ معظمہ سے روانہ ہونے لگا' اس پر عبداللہ بن ابی بکرؓ نے اس سے کہا تو مجھے ضامن دے دے اگر تیری ہار ہو جائے تو تیرے ضامن سے سو اونٹ لے لوں' چنانچہ اس نے ایک شخص کو ضامن بنا دیا اس کے بعد یہ ہوا کہ واقعہ حدیبیہ کے پہلے سال اہل روم اہل فارس پر غالب آ گئے جبکہ مشارطہ اور معاہدہ کو چھ سال گزر گئے تھے اور ساتواں سال شروع ہو چکا تھا (ابی بن خلف زندہ نہ تھا اس سے پہلے ہی مقتول ہو چکا تھا) رومیوں نے جو اہل فارس پر غلبہ پایا تو اس سے حضرت ابوبکر صدیقؓ کی جیت ہو گئی اور ابی بن خلف کے وارثوں سے

---

(۱)............معالم التنزیل میں عبداللہ بن ابی بکرؓ اور روح المعانی میں عبدالرحمٰن بن ابی بکرؓ ہے۔

سو اونٹ وصول کر لیے گئے۔ حضرت ابو بکر صدیقؓ یہ مال لے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپؐ نے فرمایا کہ اس مال کو صدقہ کر دو۔[۲]

چونکہ مذکورہ مشارطہ قمار یعنی جوا ہے اس لیے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو صدقہ کرنے کا حکم فرمایا ہے' جس وقت معاہدہ کیا تھا اس وقت قمار یعنی جوا ممنوع نہ تھا' جب مال موصول ہوا اس وقت قمار کی حرمت نازل ہو چکی تھی' یہ وجہ صدقہ کا حکم فرمانے کی سمجھ میں آتی ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ اس وقت تک حرمت نازل نہ ہوئی ہو یوں ہی مسلمانوں کی عام ضرورتوں میں خرچ کرنے کا حکم فرمایا ہو اور بعض روایات میں اس کے لیے جو لفظ حرام وارد ہوا ہے اگر روایۃً صحیح ہو تو مکروہ اور ناپسندیدہ کے معنی میں لیا جائے گا۔ (کما قال صاحب الروح)

لِلّٰهِ الْاَمْرُ مِنْ قَبْلُ وَمِنْ ۢ بَعْدُ (اللہ ہی کے لیے اختیار ہے پہلے بھی اور بعد میں بھی) یعنی جو کچھ پہلے ہوا کہ اہل فارس غالب ہوئے اور رومی مغلوب ہوئے اور جو اس کے بعد ہوگا کہ رومی غالب ہوں گے اور اس کے علاوہ جو بھی کچھ ہوگا وجود میں آئے گا وہ سب اللہ تعالیٰ ہی کے اختیار سے ہوگا اور اسی کی قدرت کا مظاہرہ ہوگا۔

وَيَوْمَئِذٍ يَّفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ بِنَصْرِ اللّٰهِ (اور جس دن رومی اہل فارس پر غالب ہوں گے مؤمن بندے اللہ کی مدد کے ساتھ خوش ہوں گے) مؤمنین کی خوشی ایک تو اس اعتبار سے ہوگی کہ انہوں نے کفار مکہ کو جو بتایا تھا کہ عنقریب اہل روم اہل فارس پر غالب ہوں گے اس بات کی سچائی سب کے سامنے آ جائے گی۔ اور یوں بھی خوشی ہوگی کہ انہی دنوں میں بدر کا واقعہ پیش آئے گا' خوشی کے اسباب جمع ہو جائیں گے' لفظ بِنَصْرِ اللّٰهِ کا تعلق ان سب باتوں سے ہو سکتا ہے کیونکہ ان سب میں اللہ تعالیٰ کی مدد ہوئی۔ يَنْصُرُ مَنْ يَّشَآءُ (وہ جس کی چاہے مدد فرمائے) جسے چاہے غالب کرے جسے چاہے مغلوب کرے۔ اس میں مسلمانوں کی آئندہ مدد ہونے کی طرف بھی اشارہ ہو گیا چنانچہ بعد میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے برابر مدد ہوتی رہی۔

وَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ (اللہ زبردست ہے رحم فرمانے والا ہے) جسے چاہے غلبہ دے دے اور جس پر چاہے رحم فرما دے کوئی اسے روکنے والا نہیں۔ وَعْدَ اللّٰهِ (اللہ نے وعدہ فرمایا ہے) لَا يُخْلِفُ اللّٰهُ وَعْدَهٗ (اللہ اپنے وعدہ کے خلاف نہیں فرماتا) وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ (اور لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے) نہ ان کو اللہ کے قادر اور مطلق ہونے کا علم ہے اور نہ اللہ تعالیٰ کے وعدوں پر یقین ہے' محض ظاہری اسباب کو دیکھتے ہیں' خالق کائنات جل مجدہ کی صفات' قدرت' عزت اور رحمت اور صدق الوعد کو نہیں جانتے۔

جنہیں اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل نہیں' دنیاوی علم کے باوجود جاہل ہیں

يَعْلَمُوْنَ ظَاهِرًا مِّنَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا (یہ لوگ دنیا والی زندگی کے ظاہر کو جانتے ہیں) وَهُمْ عَنِ الْاٰخِرَةِ هُمْ غٰفِلُوْنَ (اور وہ آخرت سے غافل ہیں) (یہاں جن لوگوں کے حق میں لَا يَعْلَمُوْنَ فرمایا انہی کے حق میں يَعْلَمُوْنَ ظَاهِرًا مِّنَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا بھی فرما

(۲)........ یہ تفصیل ہم نے معالم التنزیل جلد ۳ ص ۴۷۵ سے نقل کی ہے' اس سلسلہ میں اور بھی متعدد روایات ہیں جنہیں حافظ ابن کثیر نے اپنی تفسیر میں ذکر کیا ہے' روح المعانی میں سنن ترمذی سے نقل کیا ہے کہ غزوۂ بدر کے موقعہ پر رومیوں نے اہل فارس پر غلبہ پایا' امام ترمذی نے اس کی سند کو حسن بتایا ہے' غزوۂ بدر ۲ھ میں ہوا تھا اس بات کو سامنے رکھتے ہوئے یوں کہا جائے گا کہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ابی بن خلف ہی سے سو اونٹ وصول کئے کیونکہ ابی خلف کی موت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نیزہ مارنے سے ہوئی تھی' یہ واقعہ غزوۂ اُحد کا ہے جو ۳ھ میں پیش آیا تھا۔)

دیا، اس سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کی ذات اور صفات اور اس کے تصرفات کو نہ جاننا اور اس کی معرفت حاصل نہ کرنا یہ جہالت ہے اللہ تعالیٰ کی ذات کی معرفت حاصل نہ ہو اور دنیاوی زندگی کے آلات اور اسباب کو جانتے ہوں، نئی نئی چیزیں ایجاد کرتے ہوں، دنیاوی ترقی میں آگے بڑھ گئے ہوں اور مال جمع کرنے کے طریقوں سے واقف ہوں لیکن اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات کو نہ جانتے ہوں اور آخرت سے غافل ہوں (جہاں دائمی زندگی ملے گی جس کی خبر اللہ تعالیٰ کی کتابوں اور رسولوں نے دی ہے) تو ایسے لوگ اصحاب علم نہیں ہیں، انسان کی اصل ضرورت آخرت کے عذاب سے بچنا اور جنت کی نعمتوں سے مالا مال ہونا ہے، جو شخص اللہ تعالیٰ کی کتابوں پر ایمان نہ لایا اور اپنی آخرت کے لیے فکرمند نہ ہوا وہ شخص دنیا کے اسباب کو کتنا ہی جانتا اور سمجھتا ہو صاحب علم اور صاحب عقل نہیں ہے۔ سورۃ آل عمران میں فرمایا: اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّیْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰیٰتٍ لِّاُولِی الْاَلْبَابِ. الَّذِیْنَ یَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِیٰمًا وَّ قُعُوْدًا وَّ عَلٰی جُنُوْبِهِمْ وَیَتَفَكَّرُوْنَ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (بلاشبہ آسمانوں اور زمینوں کے پیدا فرمانے میں ضرور نشانیاں ہیں عقل والوں کے لیے جو اللہ کو یاد کرتے ہیں کھڑے ہوئے بھی اور بیٹھے بھی اور لیٹے بھی اور وہ آسمانوں اور زمینوں کے بارے میں فکر کرتے ہیں) اس آیت شریفہ میں ان لوگوں کو عقل والا فرمایا ہے جو اللہ کی یاد میں لگے رہتے ہیں اور آسمان وزمین کی تخلیق کے بارے میں فکر کرتے ہیں یعنی ان کے وجود کو دیکھ کر خالق تعالیٰ جل شانہ کی ذات اور صفات کی معرفت حاصل کرتے ہیں جو لوگ دنیا ہی پر دل دیئے ہوتے ہیں خواہ وہ کیسی ہی مشینیں ایجاد کرتے ہوں اور دنیا کو ترقی دینے میں مشہور ہوں وہ حقیقی صاحب عقل نہیں ہیں، سورۂ زمر میں فرمایا: قُلْ هَلْ یَسْتَوِی الَّذِیْنَ یَعْلَمُوْنَ وَالَّذِیْنَ لَا یَعْلَمُوْنَ اِنَّمَا یَتَذَكَّرُ اُولُوا الْاَلْبَابِ (آپ فرمادیجئے کیا وہ لوگ برابر ہیں جو جانتے ہیں اور جو نہیں جانتے پس عقل والے ہی نصیحت حاصل کرتے ہیں) جس کا علم اللہ تعالیٰ کی توحید نہ سکھائے اور اس کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانے پر آمادہ نہ کرے اور آخرت کا فکرمند نہ بنائے اس کا دنیاوی علم اس لائق نہیں ہے کہ اسے علم کہا جائے۔

اَوَلَمْ یَتَفَكَّرُوْا فِیْٓ اَنْفُسِهِمْ ۫ مَا خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَیْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ

کیا انہوں نے اپنے نفسوں میں غور نہیں کیا، اللہ نے آسمانوں کو اور زمین کو پیدا نہیں فرمایا مگر حق کے ساتھ

وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ وَاِنَّ كَثِیْرًا مِّنَ النَّاسِ بِلِقَآئِ رَبِّهِمْ لَكٰفِرُوْنَ ۝۸ اَوَلَمْ یَسِیْرُوْا فِی الْاَرْضِ

اور ایک معینہ مدت تک اور بلاشبہ بہت سے لوگ اپنے رب کی ملاقات کے منکر ہیں۔ کیا یہ لوگ زمین میں نہیں

فَیَنْظُرُوْا كَیْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَّ اَثَارُوا الْاَرْضَ

چلے پھرے، سو دیکھ لیتے کیا انجام ہوا ان لوگوں کا جو ان سے پہلے تھے، وہ لوگ قوت کے اعتبار سے ان سے بڑھے ہوئے تھے اور انہوں نے زمین کو بویا

وَعَمَرُوْهَآ اَكْثَرَ مِمَّا عَمَرُوْهَا وَجَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَیِّنٰتِ ؕ فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِیَظْلِمَهُمْ

جوتا اور اس سے زیادہ آباد کیا، جتنا ان لوگوں نے آباد کیا ہے، اور ان کے پاس ان کے رسول واضح دلیلیں لے کر آئے، سو اللہ ایسا نہ تھا کہ ان پر ظلم کرتا

وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ یَظْلِمُوْنَ ۝۹ ثُمَّ كَانَ عَاقِبَةَ الَّذِیْنَ اَسَآءُوا السُّوْٓاٰۤی اَنْ كَذَّبُوْا

اور لیکن وہ لوگ اپنی جانوں پر ظلم کرتے تھے۔ پھر جن لوگوں نے برے کام کیے ان لوگوں کا برا انجام ہوا، اس وجہ سے کہ انہوں نے اللہ کی

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَكَانُوْا بِهَا يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝۱۰

آیات کو جھٹلایا اور وہ ان کا مذاق بناتے تھے۔

ع ۱

آسمان وزمین کی تخلیق میں فکر کرنے کی تلقین

قرآن کریم کے اولین مخاطبین مشرکین عرب تھے' ان آیات میں ان کو اور ان کے بعد آنے والے پوری دنیا جہاں کے انسانوں کو غور و فکر کی دعوت دی ہے۔ اول تو یہ فرمایا کہ ان لوگوں کو اپنے نفسوں میں یہ سوچنا چاہیے کہ یہ جو آسمان وزمین اللہ تعالیٰ نے پیدا فرمائے اور ان کے درمیان جو کائنات ہے اس کو وجود بخشا، یہ سب یوں ہی نہیں ہے، اللہ تعالیٰ نے ان کو حق کے ساتھ پیدا فرمایا ہے یعنی ان کے پیدا فرمانے میں بڑی حکمتیں ہیں اور بات یہی ہے کہ ان کو ایک معینہ مدت تک کے لئے وجود بخشا ہے' یہ سب چیزیں خالق کائنات کے پہچاننے کے لیے ہیں' اس وجود کی بقاء کے لیے ایک مدت معین ہے' جب قیامت آئے گی تو آسمان پھٹ جائے گا زمین پھیلا دی جائیگی اور جو کچھ اس کے اندر ہے اسے باہر ڈال دے گی۔ پہاڑ روئی کے گالوں کی طرح اڑتے پھریں گے۔ زندے مر جائیں گے، پھر اللہ تعالیٰ کے حضور پیشی ہوگی اور اعمال کی جزا اور سزا سامنے آئے گی جس نے آسمانوں کو اور زمین کو اور ان کے درمیان کی کائنات کو پیدا فرمایا ہے جس میں بنی آدم بھی ہیں اس نے بلاحکمت پیدا نہیں فرمایا اس نے زندگی بخشی پھر موت دے گا پھر زندہ فرمائے گا یہ ہونا ضروری ہے۔ اللہ تعالیٰ کے جو مؤمن بندے ہیں وہ اس پر ایمان لاتے ہیں اور بہت سے لوگ آخرت کو نہیں مانتے اور اپنے رب کی ملاقات کے منکر ہیں' ان منکرین میں وہ بھی ہیں جو وقوع قیامت کے قائل نہیں اور وہ لوگ بھی ہیں جن کے نزدیک جزا و سزا کا صرف دھندلا سا تصور ہے اور کچھ لوگوں نے جزا و سزا کے لیے اپنے طور پر تناسخ یعنی آواگون کا عقیدہ تراش رکھا ہے' اور کچھ لوگ کہتے ہیں کہ یہ دنیا یوں ہی رہے گی۔ ان سب لوگوں کو تنبیہ فرمادی مانو یا نہ مانو یہ دنیا اس کے خالق کی مقررہ مدت تک باقی رہے گی پھر اس پر فنا طاری ہوگی اور خالق تعالیٰ جل شانہ کی بارگاہ میں پیشی ہوگی لہٰذا ہر شخص فکر مند ہو اور اپنی جان کی سلامتی اور قیامت کے دن کی نجات کے لیے سوچے۔

زمین پر چلنے پھرنے کی تلقین اور اُمم سابقہ سے عبرت حاصل کرنے کا حکم

اس کے بعد فرمایا: اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ (الآیۃ) کیا ان لوگوں نے زمین میں چل پھر کر نہیں دیکھا تا کہ پرانے لوگوں کے احوال سے عبرت حاصل کرتے' ان سے پہلے جو لوگ پہلے تھے وہ ان سے زیادہ قوت والے تھے انہوں نے زمین کو جوتا اور بویا بیج ڈالا اور اس کے پیداوار کو اپنے تصرف میں لائے' نیز کھیتی باڑی کے علاوہ بھی انہوں نے زمین کو آباد کیا' اپنے مکانات بنائے' قلعے تعمیر کیے باغات لگائے نہریں جاری کیں اور بہت کچھ کیا لیکن وہ اس سب کو چھوڑ کر چلے گئے۔ اللہ تعالیٰ جل شانہ نے اپنے رسول بھیجے جو ان کے پاس دعوت حق لے کر آئے لیکن ان لوگوں نے نہیں مانا' بالآخر فنا کے گھاٹ اتر گئے' ان کے قلعوں اور محلات کے کھنڈرات ابھی تک دنیا میں موجود ہیں دیکھنے والے انہیں دیکھ کر عبرت حاصل کر سکتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے جو ان کو ہلاک فرمایا اس کا سبب ان کا اپنا ظلم تھا۔ وہ اپنی جانوں پر ظلم کرتے تھے' انہوں نے اپنے خالق کو نہیں مانا' اسکے رسولوں کو جھٹلایا۔ معجزات سامنے آنے پر بھی برابر کفر پر اڑے رہے' ان کے اعمال ہی ان کی بربادی کا سبب بنے۔ ثُمَّ كَانَ عَاقِبَةَ الَّذِيْنَ (الآیۃ) پھر دنیاوی ہلاکت کے بعد موت کے بعد بھی برے کاموں میں لگنے والوں کا برا انجام ہوگا کیونکہ ان لوگوں نے اللہ تعالیٰ کی آیات کو جھٹلایا ہی نہیں ان کا مذاق بھی اڑایا' ان کے اپنے اعمال ہی موت کے

بعد عذاب میں مبتلا ہونے کا سبب بن گئے۔قوله تعالیٰ : ثم كان عاقبة الذين اسآء وا بنصب العاقبة واضافة الى الموصول و نصبها على انها خبر كان و قوله تعالىٰ "السوء" تانيث الاسوء كالحسنىٰ تانيث الاحسن ' و هي مرفوعة علىٰ انها اسم كان ' و هٰذا علىٰ قراة حفص و من وافقه و قرء الحرميان و ابو عمرو عاقبة بالرفع علىٰ انه اسم كان ' و السوٓءَ بالنصب على الخبرية . (یعنی اللہ تعالیٰ کے قول ثم كان عاقبة الذين اساء وا السوأى میں لفظ عاقبة منصوب ہے اور اس کی اضافت الذین اسم موصول کی طرف ہو رہی ہے۔امام حفص اور ان کے موافقین کی قرأت میں چونکہ یہ کان کی خبر واقع ہو رہا ہے اس لئے منصوب ہے اور لفظ ''سوء'' جو کہ اسوء کی تانیث ہے جیسے حسنیٰ کی احسن تانیث ہے یہ کان کا اسم ہونے کی بنا پر حالت رفعی میں ہے اور حرمیان وابو عمر و بصری کی قرأت میں لفظ ''عاقبۃ'' کان کا اسم ہونے کی بنا پر مرفوع ہے اور لفظ ''السوء'' بنا بر خبریت منصوب ہے۔

اَللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱﴾ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يُبْلِسُ

اللہ مخلوق کو ابتداء پیدا فرماتا ہے پھر اسے دوبارہ پیدا فرمائے گا' پھر تم اس کی طرف لوٹائے جاؤ گے اور جس دن قیامت قائم ہوگی مجرمین ناامید ہو کر

الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ مِّنْ شُرَكَآئِهِمْ شُفَعٰٓؤُا وَكَانُوْا بِشُرَكَآئِهِمْ كٰفِرِيْنَ ﴿۱۳﴾ وَيَوْمَ تَقُوْمُ

رہ جائیں گے۔ اور ان کے شرکاء میں سے کوئی بھی سفارش کرنے والا نہ ہوگا اور وہ اپنے شرکاء کے منکر ہوں گے۔ اور جس دن قیامت

السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَّتَفَرَّقُوْنَ ﴿۱۴﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَهُمْ فِيْ رَوْضَةٍ يُّحْبَرُوْنَ ﴿۱۵﴾

قائم ہوگی اس دن لوگ متفرق حالتوں میں ہوں گے سو جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کیے وہ باغ میں مسرور ہوں گے

وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَلِقَآئِ الْاٰخِرَةِ فَاُولٰٓئِكَ فِي الْعَذَابِ مُحْضَرُوْنَ ﴿۱۶﴾ فَسُبْحٰنَ

اور جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو اور آخرت کی ملاقات کو جھٹلایا سو یہ لوگ عذاب میں حاضر کیے جائیں گے' سو تم اللہ کی

اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ

تسبیح بیان کرو شام کے وقت اور صبح کے وقت اور اسی کے لیے سب تعریف ہے آسمانوں میں اور زمین میں اور دن کے پچھلے اوقات میں اور دوپہر کے

تُظْهِرُوْنَ ﴿۱۸﴾ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ

وقت اس کی تسبیح بیان کرو وہ جاندار کو بے جان سے باہر لاتا ہے اور بے جان کو جاندار سے نکالتا ہے اور زمین کو اس کے مردہ ہونے کے بعد زندگی بخشتا ہے

وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ﴿۱۹﴾

اور اسی طرح تم نکالے جاؤ گے۔

ع ۲ ۹ ۵

قیامت کے دن مختلف جماعتیں ہونگی' مؤمنین باغوں میں مسرور ہونگے مجرمین بدحال ہونگے

ان آیات میں اول تو یہ بیان فرمایا کہ اللہ تعالیٰ مخلوق کو پیدا فرماتا ہے پھر جب سب مر جائیں گے تو دوبارہ زندہ فرما دے گا اور یہ دوبارہ

زندہ ہونا قیامت کے دن ہوگا' مرنیوالے زندہ ہو کر اس دن حساب کتاب کے لیے اللہ تعالیٰ ہی کی طرف لوٹائے جائیں گے' اس کے بعد مجرمین کی حالت بیان فرمائی کہ جب قیامت قائم ہوگی تو وہ ناامید ہو جائیں گے' ان مجرموں میں مشرک بھی ہوں گے جنہوں نے دنیا میں مخلوق کو عبادت میں اللہ کا شریک بنا رکھا تھا اور یہ سمجھتے تھے کہ یہ ہمارے لیے سفارش کریں گے ان میں سے کوئی بھی ان کی سفارش نہیں کرے گا نہ کر سکے گا بلکہ شفاعت کے امیدوار خود ہی منکر ہو جائیں گے اور یوں کہیں گے کہ ہم تو مشرک تھے ہی نہیں۔

اس کے بعد فرمایا کہ جس دن قیامت قائم ہوگی اس دن حاضر ہونیوالے مختلف حالتوں میں ہوں گے' اہل ایمان کی حالت اہل کفر کی حالت سے مختلف ہوگی' جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کیے وہ تو بہشت کے باغوں میں مسرور اور خوش وخرم ہوں گے اور جن لوگوں نے کفر اختیار کیا اور اللہ تعالیٰ کی آیات کو جھٹلایا اور قیامت کے دن کی ملاقات کو نہ مانا' یہ لوگ عذاب میں حاضر کر دیئے جائیں گے۔

صبح وشام اور دن کے پچھلے اوقات میں اللہ تعالیٰ کی تسبیح کرنے کا حکم

اس کے بعد اللہ تعالیٰ جل شانہ کی پاکی بیان کرنے کا حکم دیا کہ شام کے وقت اور صبح کے وقت اور دن کے پچھلے اوقات میں اور ظہر کے وقت اللہ کی پاکی بیان کرو اوقات مذکورہ میں اللہ کی تسبیح اور تنزیہ بیان کرنے کا حکم دیتے ہوئے درمیان میں یہ بھی فرما دیا کہ آسمانوں اور زمین میں اللہ تعالیٰ ہی کی حمد ہے' یعنی آسمانوں میں فرشتے اور زمین میں اہل ایمان اللہ تعالیٰ کی تعریف بیان کرتے ہیں اور جو لوگ اہل کفر ہیں ان کا وجود ہی اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کرنے کے لیے کافی ہے گو زبان سے اس کی حمد بیان نہ کرتے ہوں۔ جیسا کہ سورۃ النور میں فرمایا: اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُسَبِّحُ لَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالطَّيْرُ صٰٓفّٰتٍ كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهٗ وَتَسْبِيْحَهٗ (کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ کی تسبیح بیان کرتے ہیں جو آسمانوں میں ہیں اور زمین میں ہیں اور پرندے بھی جو پر پھیلائے ہوئے ہیں' ہر ایک نے اپنی نماز اور تسبیح کو جان لیا ہے) یوں تو ہر وقت ہی اللہ تعالیٰ کی تسبیح اور تحمید میں مشغول رہنا چاہیے لیکن چونکہ یہ اوقات تجدد نعمت اور آثار قدرت ظاہر ہونے کے خصوصی اوقات ہیں اس لیے ان میں تسبیح کا حکم دیا گیا ہے' صاحب روح المعانی جلد ۲۱ ص ۲۸ پر تحریر فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عباسؓ سے سوال کیا گیا کہ قرآن مجید میں پانچ نمازوں کا کس جگہ ذکر ہے؟ تو انہوں نے یہ آیت پڑھ کر بتایا کہ تُمْسُوْنَ سے مغرب کی نماز اور تُصْبِحُوْنَ سے صبح کی نماز اور عَشِيًّا سے عصر کی نماز اور تُظْهِرُوْنَ سے ظہر کی نماز مراد ہے' اس طرح آیت شریفہ میں چار نمازوں کا ذکر آ گیا اور پانچویں نماز ثابت کرنے کے لیے انہوں نے سورۃ النور کی ایک آیت کا یہ حصہ پڑھ دیا' وَمِنْ بَعْدِ صَلٰوةِ الْعِشَآءِ اور ایک روایت میں یوں ہے کہ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ لفظ تُمْسُوْنَ ہی مغرب اور عشاء دونوں مراد ہیں اور اسی آیت سے پانچوں نمازوں کو ثابت کر دیا' نماز چونکہ افضل الاعمال ہے اور سراپا اللہ کے ذکر پر مشتمل ہے اس لیے ان اوقات میں عام ذکر کے علاوہ فرض نمازوں کا اہتمام کرنے کا بھی خصوصیت کے ساتھ حکم فرمایا۔ حضرت عبادہ بن صامتؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ پانچ نمازیں ہیں جو اللہ تعالیٰ نے فرض فرمائی ہیں جس نے ان نمازوں کو اچھی طرح ادا کیا اور ان کو بروقت پڑھا اور ان کا رکوع اور سجدہ پورا کیا ایسے شخص کے لیے اللہ تعالیٰ کا عہد ہے کہ اس کی مغفرت فرما دے گا اور جس نے ایسا نہ کیا تو اس کے لیے اللہ تعالیٰ کا کوئی عہد نہیں اگر چاہے تو اس کی مغفرت فرما دے اور چاہے تو عذاب دے۔ (رواہ احمد وابوداؤد کما فی المشکوٰۃ ص ۵۸)

لفظ ''عشی'' عربی زبان میں زوال سے لے کر غروب آفتاب کے لیے بولا جاتا ہے جس کا ترجمہ ہم نے ''دن کے پچھلے اوقات'' کیا ہے۔ آیت شریف میں یہ لفظ حِيْنَ تُظْهِرُوْنَ سے پہلے آیا ہے اور اس سے عصر کا وقت مراد لیا ہے۔

بعض اکابر نے اس میں یہ نکتہ بتایا ہے کہ نماز عصر چونکہ صلوٰۃ وسطیٰ ہے اور اس کی ادائیگی کے لیے خاص تاکید وارد ہوئی ہے اور چونکہ یہ وقت عموماً کاروبار کا ہوتا ہے اور اس میں مشغولیت کی وجہ سے نماز کیطرف سے غافل ہو جاتے ہیں (جیسا کہ بازاروں میں دیکھا جاتا ہے کہ عام حالات میں نمازوں کا اہتمام کرنے والے بھی نماز کو چھوڑ بیٹھتے ہیں) اس لیے اس کا ذکر مقدم فرمایا۔

یُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ (الآیۃ) (اللہ تعالیٰ مردہ کو زندہ سے اور زندہ کو مردہ سے پیدا کرتا ہے) اس آیت میں اللہ تعالیٰ کی قدرت کو بیان فرمایا ہے کہ وہ جاندار کو مردہ سے اور مردہ کو جاندار سے نکالتا ہے۔ مفسرین نے اس کی شرح میں فرمایا ہے کہ مردہ سے نطفہ مراد ہے جو بے جان ہے اور بعض حضرات نے اس کی مثال بچہ اور انڈے سے دی ہے کہ چوزے کو انڈے سے اور انڈے کو پرندے سے نکالتا ہے۔ وَیُحْیِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِھَا (اور زمین کو اس کے مردہ ہونے کے بعد زندہ فرماتا ہے) یعنی جب زمین خشک ہو کر مردہ ہو جاتی ہے اس میں ایسی جان ہی نہیں رہتی جس سے کھیتی اور گھاس وغیرہ پیدا ہو تو اللہ تعالیٰ اس کو زندہ فرماتا ہے وہ تر و تازہ اور شاداب ہو جاتی ہے اس میں سے کھیتیاں نکل کر لہلہانے لگتی ہیں۔ آخر میں فرمایا وَکَذٰلِکَ تُخْرَجُوْنَ (اور تم بھی اسی طرح نکالے جاؤ گے) یعنی قیامت کے دن قبروں سے زندہ ہو کر اٹھو گے موت کے بعد زندہ ہونے کی یہ نشانی تمہارے سامنے ہے پھر بھی قیامت کا انکار کرتے ہو اور قیامت کے دن زندہ اٹھنے کو نہیں مانتے۔

فائدہ............ حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص صبح کو یہ تین آیات (فَسُبْحٰنَ اللّٰہِ سے وَکَذٰلِکَ تُخْرَجُوْنَ تک) پڑھ لے اس کا جو ورد چھوٹ جائے اس کا ثواب پالے گا اور جو شخص یہ آیات شام کو پڑھ لے اس رات کو جو اس کا ورد چھوٹ جائے گا اس کا ثواب پالے گا۔

وَمِنْ اٰیٰتِہٖٓ اَنْ خَلَقَکُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ اِذَآ اَنْتُمْ بَشَرٌ تَنْتَشِرُوْنَ ﴿۲۰﴾ وَمِنْ اٰیٰتِہٖٓ اَنْ خَلَقَ لَکُمْ مِّنْ

اور اس کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ اس نے تمہیں مٹی سے پیدا فرمایا پھر اچانک تم آدمی بن کر پھیلے ہوئے پھرتے ہو۔ اور اس کی قدرت کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ اس نے تمہارے لئے

اَنْفُسِکُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْکُنُوْٓا اِلَیْھَا وَجَعَلَ بَیْنَکُمْ مَّوَدَّۃً وَّرَحْمَۃً ۭ اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّتَفَکَّرُوْنَ ﴿۲۱﴾

تمہاری جنس سے جوڑے بنائے تاکہ تم ان کے پاس آرام کرو اور تمہارے درمیان محبت اور ہمدردی پیدا فرما دی، اس میں ان لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں جو فکر کرتے ہیں۔

وَمِنْ اٰیٰتِہٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافُ اَلْسِنَتِکُمْ وَاَلْوَانِکُمْ ۭ اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّلْعٰلِمِیْنَ ﴿۲۲﴾

اور اس کی نشانیوں میں سے آسمانوں کا پیدا فرمانا اور تمہاری بولیوں اور رنگوں کا مختلف ہونا، بلاشبہ اس میں جاننے والوں کے لیے نشانیاں ہیں۔

وَمِنْ اٰیٰتِہٖ مَنَامُکُمْ بِالَّیْلِ وَالنَّھَارِ وَابْتِغَآؤُکُمْ مِّنْ فَضْلِہٖ ۭ اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّسْمَعُوْنَ ﴿۲۳﴾

اور اس کی نشانیوں میں سے تمہارا سونا ہے رات میں اور دن میں اور تمہارا تلاش کرنا ہے اس کے فضل کو، بلاشبہ اس میں نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لیے جو سنتے ہیں۔

وَمِنْ اٰیٰتِہٖ یُرِیْکُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَّطَمَعًا وَّیُنَزِّلُ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَیُحْیٖ بِہِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِھَا ۭ

اور اس کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ وہ تمہیں بجلی دکھاتا ہے جس سے ڈر ہوتا ہے اور امید بھی اور وہ آسمان سے پانی اتارتا ہے پھر اس کے ذریعہ زمین کو زندہ فرما دیتا ہے اس کی موت کے بعد،

اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ ۝ وَمِنْ اٰیٰتِهٖۤ اَنْ تَقُوْمَ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ بِاَمْرِهٖ ؕ ثُمَّ اِذَا

بلا شبہ اس میں ان لوگوں کے لیے نشانیاں ہیں جو عقل سے کام لیتے ہیں۔ اور اس کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ آسمان اور زمین اس کے حکم سے قائم ہیں، پھر جب وہ

دَعَاكُمْ دَعْوَةً ۖۗ مِّنَ الْاَرْضِ ۖۗ اِذَاۤ اَنْتُمْ تَخْرُجُوْنَ ۝ وَلَهٗ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

تم کو پکار کر زمین سے بلائے گا تو تم اسی وقت نکل پڑو گے۔ اور اسی کیلئے ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے

كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوْنَ ۝ وَهُوَ الَّذِیْ یَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ یُعِیْدُهٗ وَهُوَ اَهْوَنُ عَلَیْهِ ؕ وَلَهُ الْمَثَلُ الْاَعْلٰی

سب اسی کے حکم کے تابع ہیں۔ اور وہی ہے جو مخلوق کو پیدا فرماتا ہے پھر اسے لوٹائے گا اور وہ اس پر زیادہ آسان ہے اور اسی کے لیے شان اعلیٰ ہے

فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ۝

آسمانوں میں اور زمین میں، اور وہ عزت والا حکمت والا ہے۔

اللہ تعالیٰ کی قدرت کے مظاہر اور توحید کے دلائل

یہ پوری آٹھ آیات کا ترجمہ ہے اس میں اللہ تعالیٰ کی صفت تخلیق اور مخلوقات میں تصرف فرمانے کا بیان ہے۔ اللہ تعالیٰ کی صفت تخلیق اور تصرفات بیان فرماتے ہوئے بار بار یوں فرمایا ہے کہ اس میں نشانیاں ہیں، یہ بات چار جگہ فرمائی ہے۔ اولاً: اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّتَفَكَّرُوْنَ اور ثانیاً اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّلْعٰلِمِیْنَ ۔ اور ثالثاً: اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّسْمَعُوْنَ اور رابعاً: اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ ۔ فرمایا ہے، درحقیقت ان آیات میں جن مظاہر قدرت کو بیان فرمایا ہے، ان میں غور و فکر کرنے سے اللہ تعالیٰ کی صفت تخلیق اور صفت ربوبیت و الوہیت اور اس کا وحدہ لاشریک ہونا پوری طرح سمجھ میں آجاتا ہے، آخری تین آیتوں میں قیامت کے دن دوبارہ پیدا فرمانے کا تذکرہ فرمایا ہے اور یہ فرمایا کہ جس نے ابتداء تخلیق فرمائی وہ دوبارہ بھی پیدا فرمائے گا۔

اول تو یہ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہیں یعنی تمہارے باپ آدم علیہ السلام کو مٹی سے پیدا فرمایا ہے تم لوگ انہیں کی نسل سے ہو، سورۂ نساء میں فرمایا: یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِیْرًا وَّ نِسَآءً (اے لوگو اللہ سے ڈرو جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا فرمایا اور اسی ایک جان سے اس کا جوڑا بنایا اور ان دونوں سے خوب زیادہ مرد و عورت پھیلائے) نَفْسٍ وَّاحِدَةٍ (ایک جان) سے حضرت آدم علیہ السلام مراد ہیں، ان کی تخلیق مٹی سے تھی لہٰذا سب انسانوں کی اصل مٹی ہی ہوئی، اس لیے یہاں سورۂ روم میں خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ فرمایا۔ حضرت آدم علیہ السلام کی پسلی سے ان کا جوڑا پیدا کیا یعنی حضرت حوا علیہا السلام وجود میں آئیں، پھر دونوں میاں بیوی سے نسل چلی، نسلیں چلتی ہیں مرد و عورت پیدا ہوتے ہیں، تدریجی طور پر نشو و نما ہوتی ہے، ہوش سنبھالتے ہیں جسم میں قوت آتی ہے، اپنی حاجات اور ضروریات کے لیے زمین میں پھیل پڑتے ہیں، مٹی جو بالکل بے جان چیز تھی اللہ تعالیٰ نے اس سے حضرت آدم علیہ السلام کا پتلا بنایا پھر اس میں جان ڈال دی، اس طرح سب سے پہلے انسان کی تخلیق ہوئی، اس کے بعد برابر مادہ منویہ سے تخلیق ہو رہی ہے۔ جس نے بے جان مٹی میں جان ڈال دی اور بے جان مادہ سے جاندار کو پیدا فرما دیا، اسے قدرت ہے کہ وہ موت دینے کے بعد دوبارہ پیدا فرما دے، جبکہ مٹی میں رل مل چکے ہوں گے۔

پہلے رکوع کے ختم پر جو وَ كَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ فرمایا تھا اس کی مزید تفہیم اس رکوع کی پہلی آیت میں فرمادی۔ دوم یہ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے جوڑے پیدا فرمادیئے جو تم ہی میں سے ہیں یعنی عورت اور مرد جو آپس میں شرعی نکاح کے ذریعہ زوجین بن جاتے ہیں یہ بھی اللہ تعالیٰ کی تخلیق سے ہے اگر وہ بیویاں پیدا نہ فرماتا تو انسانوں کو زندگی گزارنا دوبھر ہو جاتا' بیویوں کے تذکرہ میں جو خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ فرمایا اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ عورتیں جو تمہاری بیویاں ہیں یہ تمہاری ہی جنس سے ہیں اگر یہ ہم جنس نہ ہوتیں تو الفت و محبت کے ساتھ زندگی نہ گزرتی اسی لیے لِتَسْكُنُوْا اِلَيْهَا بھی فرمایا' مطلب یہ ہے کہ ان بیویوں کی تخلیق تمہارے لیے ہے تاکہ تم ان کے پاس جاؤ اور ان سے تمہیں سکون حاصل ہو' اس سے معلوم ہوا ہے کہ بیوی وہ ہونی چاہیے جس کے پاس جانے اور رہنے اور زندگی گزارنے سے سکون اور چین نصیب ہو' جب میاں بیوی دونوں ایک دوسرے کے آرام و راحت کا خیال رکھتے ہیں تو اچھی طرح زندگی گزرتی ہے جن عورتوں کا یہ طریقہ ہوتا ہے کہ نافرمانی کرتی ہیں' بات بات میں لڑتی جھگڑتی ہیں وہ مرد کے لیے وبال بن جاتی ہیں۔

مزید فرمایا: وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً (اور اللہ تعالیٰ نے تمہارے درمیان محبت اور رحمت پیدا فرمادی) یہ اللہ تعالیٰ کا بڑا انعام ہے کہ میاں بیوی میں ایسا تعلق پیدا فرمادیتا ہے کہ صرف شرعی قانونی ہی نہیں ہوتا بلکہ اللہ تعالیٰ ایک دوسرے کے دل میں الفت بھی پیدا فرما دیتا ہے اور رحمت بھی کہ دونوں ایک دوسرے کے چاہنے والے اور ایک دوسرے کے خیر خواہ اور ہمدرد اور رحمت کا برتاؤ کرنے والے بن جاتے ہیں' عموماً دیکھا جاتا ہے کہ شوہر کہاں کا بیوی کہاں کی جب نکاح ہو جاتا ہے تو ایک دوسرے میں بے مثال محبت پیدا ہو جاتی ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لَمْ تَرَ لِلْمُتَحَابَّيْنِ مِثْلَ النِّكَاحِ! (مشکوٰۃ المصابیح ص ۲۶۸) (کہ اے مخاطب دو محبت کرنے والوں میں نکاح سے بڑھ کر تو نے کوئی چیز نہیں دیکھی) چونکہ نکاح والی زندگی شرعی زندگی ہے اور اس میں جذبات نفسانیہ کی تسکین کے علاوہ ایک دوسرے کے ساتھ نباہنے کے جذبات بھی ہوتے ہیں اور عموماً زندگی بھر ساتھ رہنے کی نیت ہوتی ہے اس لیے مؤمن مرد اور عورت آپس میں میل و محبت سے رہنے ہی کو ترجیح دیتے ہیں اور آپس میں اونچ نیچ کو نباہتے ہوئے زندگی گزارتے رہتے ہیں۔

بعض مفسرین نے یہاں یہ نکتہ بیان فرمایا ہے کہ مَوَدَّة کا تعلق جوانی کے زمانہ سے ہے جس میں دونوں کی خواہشات آپس میں ایک دوسرے سے محبت کرنے پر مجبور کرتی ہیں اور رحمۃ کا تعلق بڑھاپے سے ہے جب جذبات شہوانیہ ختم ہو جاتے ہیں تو آپس میں صرف رحمت ہی کا تعلق رہ جاتا ہے اور طبعی طور پر ایک دوسرے پر رحم کھاتے ہیں کہ جس کے ساتھ اتنی لمبی زندگی گزاری ہے اس کے اعزار اور امراض کے زمانہ میں خدمت کرنا چاہیے اور اس کے کام آنا چاہیے' نکاح سے پہلے بھی یہ دیکھ لینا چاہیے کہ عورت میل و محبت کے ساتھ رہنے والی ہے یا نہیں' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: تَزَوَّجُوا الْوَدُوْدَ الْوَلُوْدَ فَاِنِّي مُكَاثِرٌ بِكُمُ الْاُمَمَ (ایسی عورت سے نکاح کرو جو محبت کے ساتھ گزارہ کرنے والی ہو اور جس سے اولاد زیادہ ہو کیونکہ میں دوسری امتوں کے مقابلہ میں تمہاری کثرت پر فخر کروں گا)۔ (رواہ ابوداؤد والنسائی کما فی المشکوٰۃ المصابیح ص ۲۶۷) (عورت کے خاندان کی عورتوں کے احوال جاننے سے پتہ چل جاتا ہے کہ یہ خاندان کثیر الاولاد ہے کہ نہیں)۔

نکاح کے برخلاف جو نفسانی تعلق مردوں اور عورتوں میں پیدا ہو جاتا ہے جس کا مظاہرہ زنا کاری کی صورت میں ہوتا ہے' اس سے آپس میں محبت پیدا نہیں ہوتی' ایک نفسانی اور مطلب برآری کا تعلق ہوتا ہے یہ تعلق کٹتا رہتا ہے' جہاں جس سے مطلب نکلتا دیکھا اسی سے جوڑ لگا لیا پھر جب جی چاہا تعلق توڑ دیا' جیسا کہ انگلینڈ میں اس کا عام مزاج اور رواج بن گیا ہے وہاں زنا کار مرد اور عورت جو آپس میں دوست (فرینڈ) بنتے ہیں وہ جھوٹی دوستی ہے آپس میں محبت اور رحمت کے وہ جذبات نہیں ہوتے جو شرعی نکاح

کی وجہ سے دلوں میں رچ بس جاتے ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ مؤمن بندہ کو خوف خدا کی نعمت حاصل ہونے کے بعد نیک بیوی سے بڑھ کر کوئی نعمت حاصل نہیں ہوئی اگر اس بیوی کو حکم دے تو فرمانبرداری کرے اور اس کی طرف دیکھے تو اسے خوش کرے اور اگر وہ اس سے متعلق کوئی قسم کھا بیٹھے تو اسے قسم میں سچا کر دے (ایسا معاملہ نہ کرے جس سے اس کی قسم ٹوٹ جائے) اور اگر شوہر کہیں چلا جائے تو اپنی جان میں اور اس کے مال میں اس کی خیر خواہی کرے۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۲۶۸) (یعنی اس کی خیانت نہ کرے) مرد کو بھی چاہیے کہ نباہنے اور آرام پہنچانے کی فکر رکھے اگر کوئی بات ناگوار ہو تو اسے ٹال دے۔

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ کوئی مؤمن مرد اپنی مؤمن بیوی سے بغض نہ رکھے اگر اس کی کوئی خصلت ناگوار ہوگی تو دوسری خصلت پسند آجائے گی (رواہ مسلم)

اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّتَفَكَّرُوْنَ (بلاشبہ اس میں ان لوگوں کے لیے نشانیاں ہیں جو فکر کرتے ہیں) یعنی میاں بیوی کے مذکورہ تعلق کے مختلف پہلوؤں پر اور ان سے حاصل ہونے والے دینی اور دنیاوی مقاصد پر نظر کی جائے تو بہت سی نشانیاں سمجھ میں آ سکتی ہیں۔

سوم آسمان اور زمین کی تخلیق کا اور چہارم انسانوں کی بولیوں اور رنگتوں کا تذکرہ فرمایا' اس میں بھی اللہ تعالیٰ کی قدرت کی نشانیاں ہیں' آسمان و زمین کی تخلیق کا دیگر آیات میں بھی تذکرہ ہے' ان دونوں کا وجود سب کے سامنے عیاں ہے ظاہر ہے آسمان اور زمین میں بڑی چیزیں ہیں' بنی آدم آسمان کے نیچے رہتے ہیں' زمین کے فرش پر بستے ہیں۔ انسانوں کی زبانوں کا مختلف ہونا بھی اللہ تعالیٰ کی قدرت عظیمہ کا مظاہرہ ہے' انسانوں کو بولنے کی صفت سے متصف فرمانا اور اسے الفاظ و کلمات سکھانا اور بات کرنے کی قوت اور استعداد عطا فرمانا یہ اللہ تعالیٰ کا بہت بڑا انعام ہے اور اس میں قدرت الٰہیہ کا مظاہرہ بھی ہے جس کسی کو گونگا بنا دیا وہ بول نہیں سکتا اور جس کسی کو بولنے کی قوت دی ہے وہ حروف اور کلمات کی ادائیگی میں خود مختار نہیں ہے' حروف کے جو مخارج اللہ تعالیٰ نے مقرر فرما دیئے ہیں انسان انہی مخارج سے حروف ادا کرنے پر مجبور ہے۔ ب دونوں ہونٹوں کے ملنے سے ادا ہوتی ہے اور میم کا مخرج بھی یہی ہے لیکن ب بری ہے اور میم بحری ہے (اسے اصحاب تجوید جانتے ہیں) ایک کو دوسرے کی جگہ سے ادا نہیں کر سکتے جب ب اور میم کا یہ حال ہے جو بہت زیادہ قریب المخرج ہیں (بلکہ دونوں کا مخرج ایک ہی بتایا جاتا ہے تو ب کو جیم کے مخرج سے اور جیم کو ح کے مخرج سے کیسے ادا کر سکتے ہیں)۔

پھر اللہ تعالیٰ نے جو قوت گویائی عطا فرمائی ہے یہ مختلف لغات میں اور بے شمار بولیوں میں بٹی ہوئی ہیں مشرق سے مغرب تک اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے کتنی زبانیں ہیں' ہر زبان کے لغات علیحدہ ہیں' طرز تکلم مختلف ہے کسی زبان میں مضاف الیہ پہلے بولا جاتا ہے اور کسی زبان میں مضاف پہلے ہوتا ہے' بعض زبانوں میں مذکر مؤنث کے لیے ایک ہی فعل ہے (مثلاً فارسی میں) اور بعض زبانوں میں تثنیہ کا صیغہ الگ ہے اور جمع کا صیغہ اس سے مختلف ہے بعض زبانوں میں وہ حروف ہیں جو دوسری زبانوں میں نہیں ہیں مثلاً ص اور ظ اور ق اور ذ اور ث عربی زبان میں ہیں اور کھ اور گھ ہندی زبان میں ہیں جو دوسری زبانوں میں نہیں ہیں اور برمی زبان میں ر انہیں ہے' اور ساتھ ہی یہ بات بھی ہے کہ جو حرف جس زبان کا ہے اس کے علاوہ دوسری زبان والے آدمی کو اس کا بولنا مشکل ہو جاتا ہے بلکہ بہت سے لوگ محنت کرنے پر بھی نہیں بول سکتے۔ ان امور کا برابر مظاہرہ ہوتا رہتا ہے' یہ سب اللہ تعالیٰ کی تخلیق ہے اس میں اللہ تعالیٰ کی قدرت کا بھی مظاہرہ ہے اور اس کی نعمت کا بھی اور انسانوں کے عاجز ہونے کا بھی۔

پھر یہ بات بھی ہے کہ کلمات اور لغات تو مختلف ہیں ہی لب ولہجہ بھی مختلف ہے' آوازیں بھی مختلف ہیں' مختلف علاقوں کے لوگ مختلف لب ولہجہ میں بات کرتے ہیں' بات سننے سے ہی معلوم ہو جاتا ہے کہ فلاں شخص فلاں علاقہ کا آدمی ہے یا فلاں نسب ونسل سے تعلق رکھتا ہے' پھر مردوں کی آواز الگ اور عورتوں کی آواز جدا، بچوں کی آواز علیحدہ' پھر ہر فرد ہر شخص کی آواز علیحدہ' یہ سب اللہ تعالیٰ کی قدرت کاملہ کی نشانیاں ہیں۔

زبانوں کا اختلاف بیان فرمانے کے بعد رنگتوں کا اختلاف بیان فرمایا' سارے انسانوں کی صورتیں اس اعتبار سے تو ایک ہی ہیں کہ ہر شخص کے چہرہ پر ناک ہے اور ناک کے اوپر دو آنکھیں ہیں اور ناک کے نیچے منہ ہے اور اس کے اندر دانت ہیں جو ہونٹوں کے کھولنے سے نظر آتے ہیں لیکن صورتوں میں اتنا زیادہ اختلاف ہے کہ نسب ونسل کے اعتبار سے بھی صورتیں مختلف ہیں اور علاقوں کے اعتبار سے بھی' مردانہ صورتیں علیحدہ ہیں اور زنانہ صورتیں الگ' اور باہمی امتیاز بھی ہے' ہر شخص اور ہر فرد کی صورت جدا ہے یہ تو ہوا صورتوں کی ہیئتوں کا اختلاف' پھر ان صورتوں کا مزید اختلاف رنگوں کے اعتبار سے بھی ہے کسی کا رنگ کالا ہے کسی کا گورا ہے پھر ان میں بھی تفاوت ہے یہ الوان واشکال کا فرق صرف اللہ تعالیٰ کی تخلیق سے ہے۔ آیت کے ختم پر فرمایا۔ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّلْعٰلِمِیْنَ (بلاشبہ اس میں جاننے والوں کے لیے نشانیاں ہیں)

پنجم اور ششم: السنہ اور الوان کی نعمت کا تذکرہ فرمانے کے بعد انسانوں کے سونے اور رزق تلاش کرنے کا تذکرہ فرمایا ہے' بات یہ ہے کہ انسانوں کا سونا اور سونے کے لیے مجبور ہونا اور نیند کا آ جانا اور آرام پانا جو عموماً رات کو ہوتا ہے اور بہت سے افراد دن میں بھی سو جاتے ہیں خاص کر جنہیں قیلولہ کرنے کی عادت ہوتی ہے۔ یہ سونا اور آرام پانا سب اللہ کی نعمت بھی ہے اور اس کی قدرت کی نشانی بھی' انسان بعض مرتبہ سونا نہیں چاہتا لیکن نیند کا غلبہ اسے سلا ہی دیتا ہے اور بہت مرتبہ ایسا بھی ہوتا ہے کہ سونے کی نیت سے لیٹا' دماغ تھکا ہوا ہے جسم تھکن سے بے جان ہو رہا ہے آنکھیں میچتا ہے کروٹیں بدلتا ہے پوری رات گزر جاتی ہے لیکن نیند نہیں آتی' اللہ تعالیٰ ہی چاہتا ہے تو سلا دیتا ہے اور وہی چاہتا ہے تو جگا دیتا ہے اسی لیے تو سو کر اٹھنے کی دعا میں دونوں نعمتوں کی یاد دہانی کرائی گئی ہے اور نیند چونکہ موت کی بہن ہے اس لیے اسے موت سے تعبیر فرمایا ہے سو کر اٹھنے کی دعا یہ ہے: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَحْیَانَا بَعْدَمَآ اَمَاتَنَا وَاِلَیْهِ النُّشُوْرُ (سب تعریف اللہ کے لیے ہے جس نے ہمیں موت دے کر زندگی بخش دی اور اسی کی طرف زندہ ہو کر قبروں سے نکل کر جانا ہے) کیونکہ بہت سے لوگ رات میں بھی کسب کرتے ہیں اور رزق تلاش کرتے ہیں اس لیے مَنَامُكُمْ بِالَّیْلِ وَالنَّهَارِ وَابْتِغَآؤُكُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ فرمایا جس طرح دن میں بھی سونا ہو جاتا ہے گو عمومی طور پر سونے کے لیے رات ہی کو اختیار کیا جاتا ہے اسی طرح رات میں بھی تحصیل رزق کی صورتیں بن جاتی ہیں' الفاظ کے عموم نے دونوں باتیں بنا دی ہیں۔

دن کا نکلنا بھی اللہ تعالیٰ کی نعمت ہے اور رزق تلاش کرنے کے قابل ہونا بھی اس کا انعام ہے' اور ان سب چیزوں میں اللہ تعالیٰ کی مشیت اور ارادہ ہو تو یہ سب چیزیں وجود میں آ جاتی ہیں' آخر میں فرمایا: اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّسْمَعُوْنَ (بلاشبہ اس میں ان لوگوں کے لیے نشانیاں ہیں جو سنتے ہیں)

ھفتم و ھشتم: بجلی کے چمکنے اور آسمان سے پانی نازل فرمانے اور اس کے ذریعہ زمین کو زندہ فرمانے کا تذکرہ فرمایا جب بجلی چمکتی ہے تو انسان ڈرتے بھی ہیں اور بارش ہونے کی امید بھی رکھتے ہیں کیونکہ عام طور پر بجلی چمکنے کے بعد بارش ہو جاتی ہے اور جب بارش ہو جاتی ہے تو اس سے مردہ زمین میں زندگی آ جاتی ہے زمین سرسبز ہو جاتی ہے اور کھیتیاں لہلہانے لگتی ہیں' ان سب چیزوں میں اللہ تعالیٰ کی

نشانیاں ہیں، عقلمندوں کو چاہیے کہ اس میں غور کریں اور سوچیں بجلی چمکی خوف وہراس طاری ہوا بارش کی امید بندھی، پانی برسا، زمین سرسبز ہوئی، یہ سب کیسے ہوا؟ کس کی قدرت سے ہوا؟ **اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ** (بلاشبہ اس میں ان لوگوں کے لیے نشانیاں ہیں جو عقل سے کام لیتے ہیں) اگر غور کریں گے تو یہی سمجھ میں آئے گا کہ یہ سب اللہ تعالیٰ کی قدرت اور مشیت اور ارادہ سے ہوا۔

نہم اور دہم: یہ فرمایا کہ آسمان اور زمین اسی کے حکم سے قائم ہیں، تین آیات پہلے آسمان وزمین کے پیدا فرمانے کا تذکرہ تھا اور اس آیت کریمہ میں آسمان اور زمین کی بقا کا تذکرہ ہے جب تک ان کے باقی رکھنے کا اللہ تعالیٰ کا ارادہ ہے اس وقت تک باقی رہیں گے اور جب قیامت کے دن ان کا حال بدلنے کا ارادہ ہوگا تو اس وقت ان کی حالت بدل جائے گی، آسمان پھٹ پڑیں گے اور زمین میں زلزلہ آجائے گا، آسمان کو اپنی مقررہ جگہ پر اور موجودہ حالت پر قائم رکھنا اور زمین کو اس کی مقررہ جگہ پر اور موجودہ حالت پر باقی رکھنا یہ سب اللہ تعالیٰ ہی کے حکم سے ہے اس میں کسی اور کا کچھ بھی کوئی دخل نہیں، سورۂ فاطر میں فرمایا: **اِنَّ اللّٰہَ یُمْسِکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَکَھُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِہٖ** (بلاشبہ اللہ آسمان اور زمین کو اس سے روکے ہوئے ہے کہ وہ اپنی جگہ سے ہٹیں اور اگر وہ اپنی جگہ سے ہٹیں تو اس کے علاوہ کوئی بھی انہیں روکنے والا نہیں ہے۔)

یہ آسمان قائم ہے اس کے نیچے لوگ جیتے ہیں زمین کے اوپر بستے ہیں اس کے بقا کی اللہ تعالیٰ کے علم میں ایک مدت مقرر ہے وہ جب تک اس دنیا کو باقی رکھے گا باقی رہے گی، جب فنا کرنا چاہے گا فنا ہو جائے گی، صور پھونکا جائے گا اللہ تعالیٰ کا بلاوا ہوگا، قبروں سے نکل کھڑے ہوں گے اور حساب کے میدان میں جمع ہو جائیں گے اسی کو فرمایا: **ثُمَّ اِذَا دَعَاکُمْ دَعْوَۃً مِّنَ الْاَرْضِ اِذَآ اَنْتُمْ تَخْرُجُوْنَ ۝** (پھر جب وہ تمہیں بلائے گا زمین سے اچانک تم نکل آؤ گے) پھر فرمایا: **وَلَہٗ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ کُلٌّ لَّہٗ قٰنِتُوْنَ** (آسمانوں میں اور زمین میں جو بھی کچھ ہے سب اللہ تعالیٰ ہی کی مخلوق ہے اور سب اس کے حکم کے تابع ہیں تکوینی طور پر وہ جو چاہتا ہے وہی ہوتا ہے)۔

آخری آیت میں ابتداء اور اعادہ کا تذکرہ فرمایا: **وَھُوَ الَّذِیْ یَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ یُعِیْدُہٗ** (اور وہی ہے جو پہلی بار پیدا فرماتا ہے پھر وہی دوبارہ زندہ فرمائے گا) **وَھُوَ اَھْوَنُ عَلَیْہِ** (اور اسے دوبارہ پیدا فرمانا پہلی بار پیدا فرمانے کے بہ نسبت زیادہ آسان ہے) یہ لوگوں کی سمجھ کے اعتبار سے فرمایا ہے کیونکہ لوگ اس بات کو جانتے ہیں اور مانتے ہیں کہ کسی چیز کا دوبارہ وجود میں لانا پہلی بار کے لانے کے اعتبار سے آسان ہوتا ہے۔

اسی لیے حدیث قدسی میں فرمایا: **فاما تکذیبہ ایای فقولہ لن یعیدنی کما بدانی ولیس اول الخلق باھون علی من اعادتہ** (ابن آدم یوں کہہ کر مجھے جھٹلاتا ہے کہ اللہ نے جو پہلی بار مجھے پیدا کیا تھا اس کے بعد مجھے دوبارہ ہرگز پیدا نہ فرمائے گا حالانکہ میرے لیے پہلی بار پیدا کرنا دوسری بات پیدا کرنے سے زیادہ آسان ہے) یعنی جو قدرت ابتداء پیدا کرنے پر ہے وہی دوبارہ پیدا کرنے پر ہے، اس کے لیے دونوں برابر ہیں۔ (رواہ البخاری) **ھٰذا اذا ارید باھون مایدل علیہ اسم التفضیل قال صاحب الروح وروی الزجاج عن ابی عبیدۃ و کثیر من اھل اللغۃ ان (اھون) ھٰھنا بمعنی ھین وروی ذلک عن ابن عباس و الربیع و کذا ھو فی مصحف عبداللّٰہ.**

پھر فرمایا **وَلَہُ الْمَثَلُ الْاَعْلٰی** (اور آسمانوں اور زمین میں اس کی شان اعلیٰ ہے یعنی آسمان اور زمین کے رہنے والے جانتے ہیں اور اس کا یہ وصف بیان کرتے ہیں کہ اس کی شان سب سے اعلیٰ وارفع ہے وہ صفات کمال سے متصف ہے اس کی صفت قدرت بھی عام ہے

اور حکمت بھی تام ہے۔ قال صاحب الروح فی السمٰوات والارض متعلق بمضمون الجملة المتقدمة علی معنی انه سبحان ھو قدوصف بذٰلک وعرف به فیھما علی اَلْسِنَةِ الخلائق والسنة الدلائل :(تفسیر روح المعانی کے مصنف علامہ آلوسی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں فِی السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ پچھلے جملہ کے مضمون سے متعلق ہے اس معنی میں کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ ان صفات کے آسمانوں اور زمینوں میں اسی وصف کے ساتھ جانا پہچانا جاتا ہے مخلوقات کی زبانوں پر بھی یہی ہے دلائل کی زبان سے بھی)۔

وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ (اور وہ عزت اور غلبہ والا ہے اس کی بڑی قدرت ہے اور وہ حکمت والا بھی ہے) قیامت واقع کرنے اور دوبارہ پیدا فرمانے میں جو تاخیر ہے وہ اس کی حکمت کے موافق ہے۔

ضَرَبَ لَكُمْ مَّثَلًا مِّنْ اَنْفُسِكُمْ ؕ هَلْ لَّكُمْ مِّنْ مَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ مِّنْ شُرَكَآءَ فِيْ مَا رَزَقْنٰكُمْ

اللہ نے تمہارے لیے ایک مثال بیان فرمائی جو تمہارے نفسوں کے اندر سے ہے جن کے تم مالک ہو کیا ان میں سے کوئی اس مال میں شریک ہے جو ہم نے تمہیں دیا کہ

فَاَنْتُمْ فِيْهِ سَوَآءٌ تَخَافُوْنَهُمْ كَخِيْفَتِكُمْ اَنْفُسَكُمْ ؕ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿۲۸﴾

وہ اور تم اس میں برابر ہو تم ان سے اسی طرح ڈرتے ہو جیسا اپنے نفسوں سے ڈرتے ہو ہم اسی طرح آیات کو بیان کرتے ہیں ان لوگوں کے لیے جو عقل رکھتے ہیں۔

بَلِ اتَّبَعَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۚ فَمَنْ يَّهْدِيْ مَنْ اَضَلَّ اللّٰهُ ؕ

بلکہ بات یہ ہے کہ جن لوگوں نے ظلم کیا وہ بغیر علم کے اپنی خواہشوں کا اتباع کرتے ہیں، سو جسے اللہ گمراہ کردے اسے کون ہدایت دے گا

وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۲۹﴾

اور کوئی بھی ان کے لیے مددگار نہ ہوگا۔

ایک خاص مثال سے شرک کی تردید اور توحید کا اثبات

مشرکین جو اللہ تعالیٰ کی عبادت میں مخلوق کو شریک کرتے ہیں ان سے اللہ تعالیٰ نے مثال کے طور پر ایک سوال فرمایا اور وہ یہ کہ تم لوگوں کو ہم نے مال دیا ہے، اس مال میں تمہارے غلام اور باندیاں بھی ہیں تم ان کے مالک ہو، مال تو تمہارے پاس غلام باندیوں کے علاوہ بھی ہے لیکن غلاموں اور باندیوں کے پاس سمجھ ہے کیونکہ وہ انسان ہیں، ان سے تم خدمت لیتے ہو دوسرے مال کے اٹھانے اور رکھنے اور خرچ کرنے میں انہیں استعمال کرتے ہو، ان غلاموں اور باندیوں سے کام تو لیتے ہو لیکن تم نے انہیں اپنے مالوں میں شریک تو نہیں کیا؟ اگر تم انہیں اپنے مالوں میں شریک کر لیتے تو یہ بھی اختیارات میں تمہارے برابر ہو جاتے اور تم سے پوچھے بغیر خرچ کرتے، اور جب وہ شریک ہو جاتے تو تم ان سے اسی طرح خوف کھاتے جیسے اپنے شرکاء سے اعتراض کا اندیشہ رکھتے ہو اور انہیں خوش کر کے چلتے ہو اور باوجود اپنی ذاتی شرکت کے اپنے شرکاء سے دریافت کر کے اور مشورہ لے کر تصرف کرتے ہو۔

جب تمہارے غلام تمہارے مالوں میں اور مال خرچ کرنے کے اختیار میں شریک نہیں جو تمہاری طرح کی مخلوق ہیں تو وہ جو تم نے اللہ کے سوا معبود بنا رکھے ہیں ان کو تم اللہ تعالیٰ کی صفت خاصہ یعنی معبودیت میں شریک کرتے ہو؟ وہ تو اللہ کی مخلوق ہیں، اپنے مالوں میں تو تم اپنے غلاموں کو شریک کرنے کو تیار نہیں اور عبادت میں تم نے مخلوق کو خالص کے ساتھ شریک کر دیا یہ کیسی بھونڈی بات ہے اور الٹی سمجھ ہے،

كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ (جولوگ سمجھتے ہیں اور اپنی عقل کو کام میں لاتے ہیں ہم اسی طرح ان کے لیے واضح طور پر آیات بیان کرتے ہیں) بَلِ اتَّبَعَ الَّذِیْنَ (الاٰیة) جن لوگوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا' آیات میں غور نہ کیا یہ لوگ بغیر علم کے جہالت کے ساتھ اپنی اھواء یعنی نفس کی خواہشوں کے پیچھے پڑ گئے' جو جی میں آیا اسی کو معبود بنالیا حق اور حقیقت کی طرف متوجہ نہ ہوئے' جب گمراہی کو قصداً و ارادۃً اختیار کرلیا تو اللہ تعالیٰ نے بھی انہیں گمراہی میں چھوڑ دیا' سو وہ کون ہے جو اسے ہدایت دے جسے اللہ نے گمراہ کر دیا جب اسی گمراہی پر عذاب ہونے لگے گا تو کوئی بھی مددگار اور عذاب سے چھڑانے والا نہ ملے گا۔

فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّیْنِ حَنِیْفًا ؕ فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِیْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَیْهَا ؕ لَا تَبْدِیْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ؕ

آپ ایک طرف ہوکر اسی دین کی طرف اپنا رخ رکھیے' اللہ کی دی ہوئی قابلیت کا اتباع کیجیے جس پر اللہ نے لوگوں کو پیدا فرمایا ہے، اللہ کی تخلیق میں تبدیلی نہیں ہے،

ذٰلِكَ الدِّیْنُ الْقَیِّمُ ۙ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿۳۰﴾ مُنِیْبِیْنَ اِلَیْهِ وَاتَّقُوْهُ وَاَقِیْمُوا

یہ دین قیم ہے اور لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔ اللہ کی طرف رجوع ہو کر اس کی فطرت کا اتباع کرو اور اس سے ڈرو

الصَّلٰوةَ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ ﴿۳۱﴾ مِنَ الَّذِیْنَ فَرَّقُوْا دِیْنَهُمْ وَكَانُوْا شِیَعًا ؕ كُلُّ حِزْبٍۢ

اور نماز قائم کرو اور مشرکین میں سے نہ ہو جاؤ۔ جنہوں نے دین کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا اور مختلف گروہ ہوگئے ہر گروہ اس

بِمَا لَدَیْهِمْ فَرِحُوْنَ ﴿۳۲﴾

چیز پر خوش ہے جو اس کے پاس ہے۔

فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّیْنِ حَنِیْفًا ؕ

یہ ماقبل کے مضمون پر تفریع ہے بظاہر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب ہے لیکن مخاطب سب ہی انسان ہیں' مطلب یہ ہے کہ جب شرک کی مذمت سامنے آگئی تو جو لوگ مؤحد ہیں صحیح راستہ پر ہیں وہ سیدھے راستہ پر ہی قائم رہیں اور اپنا رخ دین قیم کی طرف رکھیں اور برابر اسی پر جمے رہیں اور تمام دینوں سے ہٹ کر یکسو ہو کر اسی دین میں لگے رہیں جو دین اللہ تعالیٰ نے بھیجا ہے یعنی دین توحید جس پر اس نے اپنے بندوں کو پیدا فرمایا ہے اور جو لوگ کافر و مشرک ہیں وہ بھی اسی دین پر آجائیں۔

فِطْرَتَ اللّٰهِ سے کیا مراد ہے؟ بعض حضرات نے فرمایا کہ اس سے دین اسلام مراد ہے اور بعض حضرات نے فرمایا کہ اس سے دین اسلام قبول کرنے کی قابلیت مراد ہے' ترجمہ میں اسی کو اختیار کیا گیا ہے حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ہر بچہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے پھر اس کے ماں باپ اسے یہودی یا نصرانی یا مجوسی (آتش پرست) بنا دیتے ہیں جیسا کہ چوپایہ کا بچہ بالکل صحیح سالم پیدا ہوتا ہے' کیا تم اس میں دیکھتے ہو کہ اس کا کوئی حصہ کٹا ہوا ہو؟ اس کے بعد آپؐ نے یہی آیت فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِیْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَیْهَا لَا تَبْدِیْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ذٰلِكَ الدِّیْنُ الْقَیِّمُ تلاوت فرمائی۔ (رواہ البخاری و مسلم)

معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے انسانوں میں قبول حق کی صلاحیت اور قابلیت رکھی ہے یہ قابلیت ہوش اختیار کرنے سے لے کر بوڑھا ہو کر مرنے تک باقی رہتی ہے' اگر انسان اپنے ماں باپ یا معاشرہ کے ماحول میں کافر و مشرک ہو گیا ہو اگر وہ پھر اپنی عقل کو کام میں لائے اور کسی دنیاوی رکاوٹ سے متاثر نہ ہو تو وہ ضرور حق کو قبول کرلے گا اور دین حق پر آجائے گا۔

مندرجہ بالا تشریح سے لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ کا مطلب بھی واضح ہو گیا کہ اللہ تعالیٰ نے فطری طور پر جو انسان میں دین حق پر غور کرنے کی استعداد رکھی ہے وہ نہیں بدلتی، کیسا ہی کافر یا مشرک ہو اگر اپنی عقل سے کام لے گا اور غور و فکر کرے گا تو اسے دین اسلام قبول کرنے کی طرف توجہ ہو ہی جائے گی اگر غور و فکر کی طرف متوجہ نہ ہو اور حق سے اعراض کرتا ہے تو یہ دوسری بات ہے۔

حضرت حکیم الامت قدس سرہ نے لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ کو نہی کے معنی میں لیا ہے (گو وہ بظاہر نفی ہے) اور ترجمہ یوں کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی پیدا کی ہوئی چیز کو جس پر اس نے تمام آدمیوں کو پیدا کیا ہے بدلنا نہ چاہیے اگر یہ معنی لیے جائیں تو اس سے ہر اس چیز کی ممانعت ثابت ہوگئی جس سے دینی ماحول خراب ہوتا ہو مثلاً ملحدوں اور زندیقوں کی کتابیں پڑھنا اور ان کی مجلسوں میں اٹھنا بیٹھنا اور ان کے درس میں جانا کیونکہ ان چیزوں سے قبول حق کی استعداد کمزور ہو جاتی ہے اور پھر انسان ملحدوں اور زندیقوں کے ہی گن گانے لگتا ہے۔ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ (یہ دین قیم ہے سیدھا راستہ ہے) وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ (اور لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے) غور و فکر نہ کرنے کی وجہ سے دور بھاگتے ہیں۔ مُنِيْبِيْنَ اِلَيْهِ (اللہ کی طرف رجوع کرتے ہوئے فطرت کا اتباع کرو) وَاتَّقُوْهُ (اور اللہ سے ڈرو) وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ (اور نماز قائم کرو) وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ (اور مشرکین میں سے مت ہو جاؤ) مِنَ الَّذِيْنَ فَرَّقُوْا دِيْنَهُمْ وَكَانُوْا شِيَعًا (جنہوں نے اپنے دین میں پھوٹ ڈالی اور جو دین اختیار کیا اسے ٹکڑے ٹکڑے کیا) دین حق تو ہمیشہ سے ایک ہی ہے اس کے ٹکڑے نہیں ہو سکتے، جو لوگ اسے چھوڑتے ہیں ان کے سامنے مختلف راہیں ہوتی ہیں ان راہوں میں سے کسی راہ کو اختیار کر لیتے ہیں، اگر حق پر رہتے تو سب ایک راہ پر ہوتے۔ كُلُّ حِزْبٍۢ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ (ہر جماعت اس سے خوش ہے جو ان کے پاس ہے) حالانکہ ان باطل والوں میں سے کسی کی راہ بھی حق نہیں ہے اور اگر اللہ کے بھیجے ہوئے دین پر ہوتے تو افتراق بھی نہ ہوتا اور اللہ کے دین پر ہی خوش اور نازاں ہوتے۔

شاید یہاں کوئی یہ سوال کرے کہ مسلمانوں میں بھی تو بہت سے فرقے ہیں؟ حقیقت میں یہ فرقے اسلام سے تعلق رکھنے والے نہیں ہیں، اسلام سے ہٹے تو یہ فرقے بنے۔ جو لوگ اللہ تعالیٰ کی کتاب کو اور اس کے رسول مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کو سامنے رکھ کر چلتے ہیں سب آپس میں ایک دوسرے کو مسلمان سمجھتے ہیں جیسا کہ چاروں مذاہب کے مقلدین ہیں جو اشخاص قرآن و حدیث کو چھوڑتے گئے ان کے فرقے الگ الگ بنتے گئے، اگرچہ دھوکہ دینے کے لیے قرآن و حدیث کا دم بھرتے ہیں۔

وَاِذَا مَسَّ النَّاسَ ضُرٌّ دَعَوْا رَبَّهُمْ مُّنِيْبِيْنَ اِلَيْهِ ثُمَّ اِذَآ اَذَاقَهُمْ مِّنْهُ رَحْمَةً اِذَا فَرِيْقٌ

اور جب لوگوں کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو اپنے رب کو پکارتے ہیں اس کی طرف رجوع ہو کر پھر جب اللہ انہیں اپنی رحمت کا کچھ مزہ چکھا دیتا ہے تو اچانک

مِّنْهُمْ بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُوْنَ ﴿۳۳﴾ لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ؕ فَتَمَتَّعُوْا ۥ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۴﴾

ان میں سے بعض لوگ اپنے رب کے ساتھ شرک کرنے لگتے ہیں۔ تاکہ وہ اس کے منکر ہو جائیں جو ہم نے انہیں دیا ہے، سو مزے اڑا لو عنقریب جان لو گے۔

اَمْ اَنْزَلْنَا عَلَيْهِمْ سُلْطٰنًا فَهُوَ يَتَكَلَّمُ بِمَا كَانُوْا بِهٖ يُشْرِكُوْنَ ﴿۳۵﴾ وَاِذَآ اَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً

کیا ہم نے ان پر کوئی سند نازل کی ہے، سو وہ ان سے اس کے بارے میں بات کر رہے ہیں جو وہ شرک کرتے ہیں۔ اور جب ہم لوگوں کو رحمت کا کچھ مزہ چکھاتے ہیں

فَرِحُوْا بِهَا ؕ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ اِذَا هُمْ يَقْنَطُوْنَ ﴿۳۶﴾

تو اس پر خوش ہوتے ہیں اور اگر ان کے اعمال بد کی وجہ سے انہیں کوئی مصیبت پہنچ جائے تو اچانک وہ ناامید ہو جاتے ہیں۔

رحمت اور زحمت کے بارے میں انسان کا ایک خاص مزاج

ان آیات میں اول تو انسانوں کی ایک عادت کا تذکرہ فرمایا ہے اور وہ یہ ہے کہ ان پر جب کوئی مصیبت آتی ہے اور کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہوتے ہیں اور پوری توجہ کے ساتھ اسے پکارتے ہیں کہ یہ مصیبت دور ہو جائے' یہ تو مصیبت کے وقت ان کا عمل ہوتا ہے پھر جب اللہ تعالیٰ اپنی طرف سے کچھ رحمت سے نوازتا ہے تو اچانک ان میں سے ایک گروہ اپنے رب کے ساتھ شرک کرنے لگتا ہے جس کا حاصل یہ ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی نعمتوں کی ناشکری کرتے ہیں' ان لوگوں سے خطاب فرمایا۔ فَتَمَتَّعُوْا فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ (کہ تم مزے اڑا لو عنقریب کفر و شرک اور ناشکری کا انجام دیکھ لو گے) یہ مضمون سورۂ عنکبوت کے ختم کے قریب بھی گزر چکا ہے۔

یہ لوگ جو شرک کرتے ہیں خود ان کے نزدیک بھی ان کے باطل معبود کسی نفع و نقصان کے مالک نہیں ہیں' اگر ان باطل معبودوں سے انہیں کوئی نفع ہوتا یا دکھ درد میں کام آنے والے ہوتے تو مصیبت کے وقت میں انہیں کیوں چھوڑ دیتے اور صرف رب تعالیٰ جل شانہ ہی کی طرف کیوں متوجہ ہوتے' ان کی عقل خود یہ بتاتی ہے کہ غیر اللہ کی پرستش اور پوجا بالکل حماقت ہے' عقلی طور پر بھی باطل معبودوں کا باطل ہونا ان کی سمجھ میں آ چکا ہے اور اس اعتبار سے بھی لوگ باطل پر ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان کے پاس کوئی سند نہیں آئی یعنی کوئی کتاب نازل نہیں ہوئی' جس نے شرک کرنا بتایا ہو یا ان کے شرک کرنے کی تحسین کی ہو؟ یہ لوگ ہر اعتبار سے گمراہی میں ہیں شرک کے درست ہونے کی نہ ان کے پاس عقلی دلیل ہے اور نہ خالق کائنات جل مجدہ کی طرف سے انہیں سند ملی ہے۔ اسی کو فرمایا: اَمْ اَنْزَلْنَا عَلَيْهِمْ سُلْطَانًا (الآیۃ)

پھر فرمایا: وَاِذَآ اَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً فَرِحُوْا بِهَا (الآیۃ) کہ جب ہم لوگوں کو اپنی رحمت چکھا دیتے ہیں تو اس پر خوش ہوتے ہیں اور پھولے نہیں سماتے ان کی یہ خوشی غفلت اور مستی کی حد تک پہنچ جاتی ہے اور نعمت دینے والے کو بھول جاتے ہیں اور اس کی نافرمانیوں میں لگ جاتے ہیں اسی خوشی اور مستی کے بارے میں اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْفَرِحِيْنَ فرمایا (بلاشبہ اللہ تعالیٰ اترانے والوں کو دوست نہیں رکھتا) یہ تو ہوا رحمت الٰہی کے ساتھ انسان کا معاملہ ہے۔ اب اس کے مزاج کا دوسرا رخ یہ ہے کہ جب انہیں ان کے اپنے کرتوتوں کی وجہ سے کوئی مصیبت پہنچ جاتی ہے تو ناامید ہو کر آس توڑ کر بیٹھے رہتے ہیں' گویا کہ اب ان کو کوئی نعمت نہ ملے گی اور کوئی خیر نہ پہنچے گی۔

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝

کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ اللہ رزق پھیلا دیتا ہے جس کے لیے چاہے اور تنگ کر دیتا ہے' بلاشبہ اس میں ان لوگوں کے لیے نشانیاں ہیں جو ایمان لاتے ہیں۔

فَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ ۭ ذٰلِكَ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَ

سو اے مخاطب تو رشتہ دار کو اس کا حق دے دے اور مسکین کو اور مسافر کو یہ ان لوگوں کے لیے بہتر ہے جو اللہ کی رضا کے طالب

اللّٰهِ ۡ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝۳۸ وَمَآ اٰتَيْتُمْ مِّنْ رِّبًا لِّيَرْبُوَا۟ فِيْٓ اَمْوَالِ النَّاسِ فَلَا يَرْبُوْا عِنْدَ اللّٰهِ ۚ

ہیں اور یہ وہ لوگ ہیں جو کامیاب ہیں۔ اور جو بڑھنے والی چیز تم دو گے تاکہ وہ لوگوں کے مالوں میں شامل ہو کر بڑھ جائے' سو وہ اللہ کے نزدیک نہیں بڑھے گی

وَمَآ اٰتَيْتُمْ مِّنْ زَكٰوةٍ تُرِيْدُوْنَ وَجْهَ اللّٰهِ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُضْعِفُوْنَ ۝۳۹ اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ ثُمَّ

اور جو بھی زکوٰۃ تم دو گے جس کے ذریعہ اللہ کی رضا چاہتے ہو سو یہ وہ لوگ ہیں جو بڑھانے والے ہیں۔ اللہ وہی ہے جس نے تمہیں پیدا فرمایا۔

رَزَقَكُمْ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيكُمْ ۚ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّفْعَلُ مِنْ ذٰلِكُمْ مِّنْ شَيْءٍ ۚ

پھر تمہیں رزق دیا، پھر تمہیں موت دے گا، پھر تمہیں زندہ فرمائے گا' کیا تمہارے شریکوں میں سے کوئی ایسا ہے جو ان کاموں میں سے کچھ بھی کر سکے؟

سُبْحٰنَهٗ وَ تَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۴۰﴾

اللہ ان کے شرک سے پاک ہے اور برتر ہے۔

ع ۷

رشتہ دار مسکین اور مسافر کو دینے کا حکم' اللہ کی رضا میں خرچ کرنے کی فضیلت

یہ چار آیات ہیں' پہلی آیت میں تو یہ بتایا کہ اللہ تعالیٰ جل شانہ اپنے بندوں کو رزق دیتا ہے اور رزق دینے میں وہ جس کو چاہتا ہے زیادہ رزق دیتا ہے اور کھلی ہوئی بات ہے جو سب کے سامنے ہے' اہل ایمان اس سے عبرت حاصل کرتے ہیں دیکھا جاتا ہے کہ بعض لوگوں کو تھوڑی سی محنت سے اور بعض لوگوں کو بلامحنت ہی میراث یا ہبہ کے ذریعہ بہت زیادہ مال مل جاتا ہے اور بعض لوگ بہت زیادہ محنت کرتے ہیں' طرح طرح کی تجارت میں ہاتھ ڈالتے ہیں' بڑی بڑی اسکیمیں سوچتے ہیں لیکن ان کا اصل مال بھی ختم ہو جاتا ہے' ایک شخص تجارت لے کر بیٹھتا ہے' تھوڑا سا مال لگاتا ہے اس کا مال خوب زیادہ ہو جاتا ہے' یہ سب کچھ اللہ کی مشیت اور ارادہ سے ہوتا ہے' وہ اپنی حکمت سے جس کے لیے چاہتا ہے رزق بڑھا دیتا ہے اور جس کیلئے چاہتا تنگ کر دیتا ہے اس میں دونوں فریق کا امتحان بھی ہوتا ہے' مال والا مال کی کثرت کی وجہ سے احکام الٰہیہ سے غافل ہوا اور گناہوں میں لگ گیا تو امتحان میں فیل ہو گیا اور ناشکروں میں شمار ہو گیا اور جس پر رزق میں تنگی کی گئی اس پر صبر لازم ہے' جزع فزع نہ کرے' زبان سے برے کلمات نہ نکالے' تنگدستی کی وجہ سے احکام شرعیہ کی خلاف ورزی نہ کرے جو اس سے متعلق ہیں' کسب مال کے لیے حرام طریقے اختیار نہ کرے۔

دوسری آیت میں ارشاد فرمایا کہ ذَا الْقُرْبٰى یعنی رشتہ داروں کو ان کا حق دے دو اور مسکینوں کو بھی دو اور مسافروں کو بھی' علماء تفسیر نے فرمایا ہے کہ اس سے صلہ رحمی کے طور پر خرچ کرنا اور نفلی صدقہ دینا مراد ہے کیونکہ سورۃ الروم مکی ہے اور زکوٰۃ کی فرضیت مدینہ منورہ میں ہوئی تھی' ان لوگوں پر اللہ کی رضا کے لیے خرچ کیا جائے' اللہ کے لیے خرچ کریں گے تو یہ بہتر ہوگا' ریاکاری کے لیے خرچ نہ کریں اور جس کو مال دیں اسے عمل سے یا قول سے تکلیف نہ پہنچائیں اور اس پر احسان نہ دھریں محض اللہ کی رضا کے لیے دیں' اللہ سے ثواب لینے کی نیت رکھیں' اسی کو فرمایا ذٰلِكَ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَ اللّٰهِ (یہ ان لوگوں کے لیے بہتر ہے جو اللہ کی رضا چاہتے ہیں) وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ (اور یہی لوگ کامیاب ہیں)۔

ذَوِي الْقُرْبٰى اور يَتٰمٰى اور مَسَاكِيْن اور مُسَافِرِيْن پر خرچ کرنے کا ثواب کسی قدر تفصیل سے سورۂ بقرہ کی آیت شریفہ لَيْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ کے ذیل میں اور سورۂ بنی اسرائیل کی آیت وَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ کے ذیل میں بھی بیان ہو چکا ہے۔ نیز انفاق مال کے احکام و آداب کے بارے میں سورۂ بقرہ کے رکوع (۳۶) اور (۳۷) کی تفسیر بھی دیکھ لی جائے۔

تیسری آیت میں فرمایا: وَمَآ اٰتَيْتُمْ مِّنْ رِّبًا لِّيَرْبُوَاۡ فِيْٓ اَمْوَالِ النَّاسِ فَلَا يَرْبُوْا عِنْدَ اللّٰهِ (تم جو کچھ بڑھنے والی چیز دو گے تاکہ وہ لوگوں کے مالوں میں شامل ہو کر بڑھ جائے سو وہ اللہ کے نزدیک نہیں بڑھے گی) پہلے یہ سمجھنا چاہیے کہ لفظ ربوا اصل میں رِبْوٌ ہے

جس کا معنی زائد چیز کا ہے، یہ فعل کے وزن پر ہے اس کا ماضی مصارع رَبَـی . یَـرْبُـوْ اہے۔ لغت میں تو اس کا ترجمہ یہی ہے جو اوپر لکھا گیا ہے یعنی بڑھنے والی چیز پھر یہ لفظ عام طور سے سود کے لیے استعمال ہونے لگا جیسا کہ سورۂ بقرہ (رکوع نمبر ۳۸) میں کئی جگہ یہ لفظ اسی معنی میں استعمال ہوا ہے، مال چونکہ بڑھنے والی چیز ہے سلیقہ سے اسے کاروبار میں لگایا جائے اور شرعی طریقہ کے مطابق خرچ کیا جائے تو اس میں اضافہ ہوتا رہتا ہے اس لیے اسے آیت بالا میں ربوا سے تعبیر فرمایا بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ اس آیت میں سود لینے کی ممانعت بیان فرمائی ہے اور اس کی بے برکتی کو واضح فرمایا ہے اور مطلب یہ ہے کہ جب تم کسی کو قرض کے طور پر مال دو گے تو وہ دوسروں کے مال میں شامل ہو کر زائد مال لے کر آئے تو اگرچہ تمہارے خیال میں اس سے مال میں اضافہ ہوا لیکن اللہ کے نزدیک اس میں کوئی اضافہ نہیں، اول تو سود لینے کی نیت سے دینا ہی حرام ہے پھر جو زائد مال مل گیا وہ بھی حرام ہے اور جو بظاہر زیادہ ہوا ہے وہ تمہاری نظروں میں زیادہ ہوا ہے چونکہ یہ مال حلال نہیں ہے اس لیے قانون شرعی میں تمہارے لیے کوئی اضافہ نہیں ہوا' یہ زائد مال کا واپس کرنا واجب ہے پھر اگر تم نے واپس نہ کیا تو وہ بے برکت ہوگا اور حرام خوری کا گناہ اپنی جگہ پر رہا یہ تفسیر آیت کریمہ **یَـمْـحَـقُ الـلّـٰهُ الرِّبٰوا وَيُرْبِی الصَّدَقَاتِ** کے مطابق ہے۔

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ بلاشبہ اگرچہ سود بہت ہو جائے اس کا انجام کمی ہی کی طرف ہوگا۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۲۴۶)

سود سے جو مال جمع ہوتا ہے اس سے اسباب معیشت تو جمع ہو جاتے ہیں لیکن سکون و اطمنان سلب ہو جاتا ہے' سودی اموال ہلاک ہو جاتے ہیں' بینکوں کا دیوالیہ ہو جاتا ہے' مالوں سے بھرے ہوئے جہاز ڈوب جاتے ہیں' پھر اگر کسی سودخور کا مال دنیا میں ہلاک و برباد نہ ہوا تو آخرت میں تو پوری طرح بربادی ہے ہی وہاں تو یہ مال بالکل ہی کام نہ دے گا بلکہ دوزخ میں لے جانے کا ذریعہ بنے گا۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو بھی کوئی شخص حرام مال کما کر صدقہ کرے گا تو وہ قبول نہ ہوگا اور جو کچھ اس میں سے خرچ کرے گا اس میں برکت نہ ہوگی اور اپنے پیچھے چھوڑ کر جائیگا تو وہ اس کے لیے دوزخ کی آگ میں لے جانے والا توشہ بنے گا۔ (رواہ احمد کما فی المشکوٰۃ ص ۲۴۲) مزید توضیح کے لیے سورۂ بقرہ رکوع نمبر ۳۸ کی تفصیل کا مطالعہ کر لیا جائے۔

بعض مفسرین نے فرمایا ہے کہ آیت کریمہ میں وہ بخشش اور عطیہ مراد ہے جس میں دینے والے نے یہ نیت کی ہو کہ جسے میں بخشش کر رہا ہوں وہ مجھے اس سے زائد دے گا، اپنے کسی عزیز قریب کو یا کسی استاذ یا شیخ کو یا کسی دوست کو جو بھی کچھ پیش کیا جائے اس سے صرف اللہ کی رضا مقصود ہونی چاہیے' دوسری جانب سے مال ملنے کی نیت نہ رکھے اگر دوسری جانب سے مال ملنے کی نیت کی تو یہ اللہ کی رضا کے لیے خرچ کرنا نہ ہوا لہٰذا یہ مال اللہ کے نزدیک نہیں بڑھے گا اور اس کا ثواب نہیں ملے گا کیونکہ خرچ کیے ہوئے مال کا بڑھنا اسی مال کے ساتھ مخصوص ہے جو محض اللہ کی خوشنودی کے لیے خرچ کیا جائے' آیت کے الفاظ میں جو عموم ہے اس کے اعتبار سے یہ معنی اور مفہوم مراد لینا بھی صحیح ہے البتہ اتنی بات یاد رہے کہ ہدیہ دینے والے کو تو صرف اللہ کی رضا کے لیے دینا چاہیے لیکن جسے ہدیہ دیا گیا ہو اسے چاہیے کہ ذہن میں رکھے کہ مجھے فلاں شخص نے ہدیہ دیا تھا پھر جب موقع دیکھے اس کا بدلہ دے دے لیکن اسے نہ جتائے کہ یہ تمہارے ہدیہ میں ہے اور جَـزَاکَ الـلّٰهُ کی دعا تو اسی وقت دے دے جب کسی نے کچھ دیا ہو۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: **مَنْ اُعْـطِی عَطَاءً فَـوَجَـدَ فَلْيَجْزِبِهٖ وَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَلْيُثْنِ فَاِنَّ مَنْ اَثْنٰى فَقَدْ شَكَرَ وَ مَنْ كَتَمَ فَقَدْ كَفَرَ** (یعنی جسے بطور بخشش کچھ دیا جائے اور اسے مقدور ہو تو اس کا بدلہ دے دے اور جسے بدلہ دینے کا مقدور نہ ہو وہ لوگوں کے سامنے بیان کر دے کہ فلاں شخص نے ہمارے ساتھ یہ سلوک

کیا ہے جس نے اس کے احسان کو بیان کیا اس نے شکریہ ادا کر دیا اور جس نے پوشیدہ رکھا اس نے ناشکری کی۔ (مشکوۃ المصابیح ص ۲۶۱) یہ تو ہدیہ لینے والے کی طرف سے ہونا چاہیے اور جو شخص ہدیہ دے اسے مال زیادہ ملنے کی امید تو کیا شکریہ تک کی امید سے غافل ہو جانا چاہیے جیسا کہ سورۃ الدہر میں فرمایا: اِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللّٰهِ لَا نُرِيْدُ مِنْكُمْ جَزَآءً وَّلَا شُكُوْرًا (ہم تمہیں صرف اللہ کی رضا کے لیے کھلاتے ہیں ہم تم سے کوئی بدلہ یا شکریہ نہیں چاہتے)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہدیہ قبول فرماتے تھے پھر اس کے بدلہ میں اس سے زیادہ دیتے تھے ایک اعرابی نے آپ کو ایک جوان اونٹ ہدیہ دیا تھا تو آپ نے اسے چھ جوان اونٹ عطا فرمائے۔ (مشکوۃ المصابیح ص ۲۶۱)

آیت کے ختم پر فرمایا: وَمَآ اٰتَيْتُمْ مِّنْ زَكٰوةٍ تُرِيْدُوْنَ وَجْهَ اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُضْعِفُوْنَ (اور جو بھی تم زکوۃ دو گے جس سے اللہ کی رضا مقصود ہو تو ایسا عمل کرنے والے ہی بڑھانے والے ہیں) اس میں مفسرین نے لفظ زکوۃ سے صدقہ نافلہ مراد لیا ہے (کیونکہ سورۂ روم مکی ہے اور زکوۃ بمعنی معروف مدینہ منورہ میں فرض ہوئی تھی) چونکہ اللہ تعالیٰ کے لیے مال کا خرچ کرنا نفس کو بخل سے پاک کرنے کے لیے بھی ہے اس لیے عام صدقات کو بھی زکوۃ سے تعبیر کر دیا جاتا ہے، جیسا کہ نیک کام ہونے کی وجہ سے زکوۃ مفروضہ کو بھی صدقہ سے تعبیر فرمایا ہے۔ (كَمَا فِي قَوْلِهٖ تَعَالٰى اِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَآءِ) آیت کریمہ میں یہ بتایا کہ تم جو کچھ بھی کوئی صدقہ اللہ کو راضی کرنے کی نیت سے دو گے اس میں اضافہ کر دیا جائے گا، اس اضافہ کو لفظ اَلْمُضْعِفُوْنَ سے تعبیر فرمایا۔ یہ لفظ اِضْعَاف سے اسم فاعل کا صیغہ ہے جس کا مادہ ضِعْفٌ ہے۔ ضِعْف عربی میں دوگنے کو کہتے ہیں اور اس کی جمع اَضْعَافٌ آتی ہے جب کوئی چیز بہت زیادہ بڑھ جائے اور چند در چند ہو جائے تو اسے اَضْعَافًا مُّضَاعَفَةً کہا جاتا ہے اس تشریح کو سامنے رکھ کر آیت کریمہ کا مطلب سمجھ لیں کہ جو شخص اللہ کی رضا کے لیے کوئی صدقہ دے گا تو اس کا یہ صدقہ اللہ تعالیٰ کے ہاں مقبول ہو جاتا ہے اور اس کا ثواب بڑھ کر ملتا ہے، اللہ تعالیٰ کا یہ تو عام قانون ہے مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا (جو شخص ایک نیکی کرے اس کے لیے دس گنا ہے) یہ قانون تو ہر نیکی کو شامل ہے اور اس سے زائد جس قدر بھی اللہ تعالیٰ چاہے بڑھا چڑھا کر ثواب عطا فرماتا ہے جسے سورۂ بقرہ کی آیت کریمہ وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ میں بیان فرمادیا ہے۔

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس نے حلال کمائی سے ایک کھجور کے برابر صدقہ کیا تو اللہ تعالیٰ اسے قبول فرمالیتا ہے، پھر اسے صدقہ دینے والے کے لئے بڑھاتا رہتا ہے جیسا کہ تم میں سے کوئی شخص اپنے گھوڑے کے بچہ کی تربیت کرتا رہتا ہو، یہ صدقہ جو کھجور کے برابر کیا تھا بڑھتے بڑھتے پہاڑ کے برابر ہو جاتا ہے۔ (رواہ البخاری) جب صدقہ دینے والے کو قیامت کے روز ثواب دیا جانے لگے گا تو اسے تھوڑے سے صدقہ کا اتنا بڑا ثواب ملے گا جیسے اس نے پہاڑ کے برابر صدقہ کیا ہو۔

چوتھی آیت میں پھر توحید کی طرف متوجہ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہیں پیدا فرمایا ہے پھر تمہیں رزق دیا، اس رزق کو کھاتے پیتے ہو اور زندہ رہتے ہو، پھر اس زندگی کے بعد تمہیں موت دے گا پھر زندہ فرمائے گا، اسی کی قدرت کے یہ سب مظاہرے ہیں اور وہی مستحق عبادت ہے وحدہ لاشریک ہے تم لوگوں نے جو اس کے لیے شریک بنا رکھے ہیں کیا ان میں سے کوئی ایسا ہے جسے ان چیزوں پر قدرت ہو؟ ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی بھی یہ کام نہیں کر سکتا، جب اس کے علاوہ کوئی بھی قدرت رکھنے والا نہیں ہے تو پھر عبادت میں دوسروں کو شریک کیوں کرتے ہو۔ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ (وہ ان کے شرک سے پاک ہے اور برتر ہے)۔

ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ اَيْدِي النَّاسِ لِيُذِيْقَهُمْ بَعْضَ الَّذِيْ عَمِلُوْا لَعَلَّهُمْ

ظاہر ہو گیا فساد خشکی میں اور دریا میں لوگوں کے اعمال کی وجہ سے تا کہ اللہ انہیں ان کے بعض اعمال کا مزہ چکھا دے، تا کہ وہ

يَرْجِعُوْنَ ﴿۴۱﴾ قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلُ ؕ كَانَ

لوگ باز آجائیں۔ آپ فرما دیجئے زمین میں چلو پھر دیکھو ان لوگوں کا کیا انجام ہوا جو تم سے پہلے تھے ان میں سے

اَكْثَرُهُمْ مُّشْرِكِيْنَ ﴿۴۲﴾ فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ الْقَيِّمِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ

اکثر مشرک تھے۔ سو اے مخاطب تو اپنا رخ دین قیم کی طرف رکھ اس دن کے آنے سے پہلے جس کے لیے اللہ کی طرف سے ہٹنا نہ ہو گا اس

اللّٰهِ يَوْمَئِذٍ يَّصَّدَّعُوْنَ ﴿۴۳﴾ مَنْ كَفَرَ فَعَلَيْهِ كُفْرُهٗ ۚ وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِاَنْفُسِهِمْ

دن لوگ جدا جدا ہو جائیں گے۔ جو شخص کفر اختیار کرے گا تو اس کا کفر اسی پر پڑے گا اور جو شخص نیک کام کرے گا سو ایسے لوگ اپنی ہی جانوں کے لیے

يَمْهَدُوْنَ ﴿۴۴﴾ لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۴۵﴾

راہ ہموار کر رہے ہیں۔ تا کہ اللہ ان لوگوں کو اپنے فضل سے جزا دے جو ایمان لائے اور نیک عمل کیے، بلاشبہ وہ کفر اختیار کرنے والوں کو دوست نہیں رکھتا۔

لوگوں کے اعمالِ بد کی وجہ سے بحر و بر میں فساد ظاہر ہو گیا

اللہ تعالیٰ نے انسان کو دنیا میں بھیجا اور اسے ایمان اور اعمال صالحہ اختیار کرنے کا حکم فرمایا، امتحان کے لیے اس میں خیر و شر کے اپنانے کی قوت رکھ دی، اس کے اندر ایسے جذبات ہیں جو اسے اللہ تعالیٰ کی نافرمانیوں کی طرف کھینچتے ہیں اور شیطان بھی ساتھ لگا ہوا ہے وہ لوگوں کو ایمان سے اور اعمال صالحہ سے ہٹاتا ہے اور کفر اور شرک کی راہ پر ڈالتا ہے، اللہ تعالیٰ نے اپنے رسولوں کے ذریعہ یہ بتا دیا کہ کفر اور شرک اور برے اعمال کا نتیجہ برا ہے، کفر اور شرک کی سزا دنیا میں بھی مل جاتی ہے اور آخرت میں بھی ملے گی اور کفر اور شرک کے علاوہ جو برے اعمال ہیں ان کی سزا بھی دونوں جہاں میں مل سکتی ہے، انسانوں کا مزاج کچھ ایسا ہے کہ عموماً برائیوں کی طرف زیادہ ڈھلتے ہیں اور یہ برائیاں طرح طرح کی مصیبتوں کا سبب بن جاتی ہیں، دنیا میں امن و امان قائم نہیں رہتا اور ایسے ایسے انقلاب آتے رہتے ہیں جن کی وجہ سے دنیا مصیبتوں کی آماجگاہ بنی رہتی ہے۔ آیت کریمہ ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ میں اسی مضمون کو بیان فرمایا ہے کہ خشکی (جس میں آبادیاں اور جنگل سب شامل ہیں) اور سمندر میں فساد ظاہر ہو گیا، آپس میں قتل و خون ہوتا اور قحط آتا ہے، مہلک امراض کا عام ہو جانا، نئے نئے امراض کا پیدا ہو جانا، آندھیوں کا چلنا، کھیتوں کو کیڑوں کا کھا جانا اور زلزلوں کا آنا اور سخت سردی سے تباہ ہو جانا (جسے بعض علاقوں میں پالا مارنا کہتے ہیں) اور اس طرح کی بہت سی مصیبتوں کا ظہور ہونا، اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ سزائیں دی جاتی ہیں تا کہ بندے ہوش میں آئیں، کفر و شرک اور گناہوں کو چھوڑیں اور اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کریں اور یہ انسانوں کے پورے اعمال کی سزا نہیں ہے بلکہ بعض اعمال کی سزا ہے۔ اسی لیے فرمایا ہے: لِيُذِيْقَهُمْ بَعْضَ الَّذِيْ عَمِلُوْا لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ (تا کہ اللہ انہیں ان کے بعض اعمال کا مزہ چکھائے) اگر تمام اعمال پر گرفت کی جائے تو زمین پر کوئی بھی چلنے پھرنے والا زندہ نہ بچے۔ سورۂ فاطر میں فرمایا: وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِمَا كَسَبُوْا مَا تَرَكَ عَلٰى ظَهْرِهَا مِنْ دَآبَّةٍ وَّلٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى (اور اگر اللہ لوگوں کا مواخذہ فرمائے ان کے

اعمال کی وجہ سے تو زمین کی پشت پر کسی بھی چلنے پھرنے والے کو نہ چھوڑے اور لیکن وہ انہیں مقررہ میعاد تک مؤخر فرماتا ہے) اور سورۂ شوریٰ میں فرمایا: وَمَآ اَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِيْبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ اَيْدِيْكُمْ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ (اور جو کچھ تمہیں کوئی مصیبت پہنچ جائے سو وہ تمہارے اعمال کے سبب سے ہے اور اللہ بہت سے اعمال کو معاف فرمادیتا ہے)

زمین کے خشک حصہ میں جو فساد اور بگاڑ ہے وہ تو نظروں کے سامنے ہے سمندر میں جو فساد ہے اس سے کیا مراد ہے؟ اس کے بارے میں تفسیر قرطبی میں حضرت ابن عباسؓ سے نقل کیا گیا ہے کہ جب بارش ہوتی ہے تو سمندر میں جو سیپیاں ہیں ان کا منہ کھل جاتا ہے اور جس سیپی میں بارش کا قطرہ گر جائے وہ موتی بن جاتا ہے اور بارشیں انسانوں کی وجہ سے رک جاتی ہیں لہٰذا موتیوں کی پیدائش بھی کم ہو جاتی ہے اور یہ موتی جو انسانوں کے کام آتے ہیں ان سے انسان محروم ہو جاتے ہیں۔

صاحب روح المعانی نے حضرت مجاہدؒ (تابعی) سے یوں نقل کیا ہے کہ ظالم لوگ غریب کشتی والوں کی کشتیاں چھین لیتے تھے۔ آیت میں اس کو بیان فرمایا ہے (اور یہ کشتی چھیننا بطور مثال کے ہے' سمندر کی سطح پر کشتیوں اور جہازوں میں جو لوگوں پر ظلم ہوتے ہیں' ٹیکس لیے جاتے ہیں اور ملکوں کی آپس کی لڑائیوں کیوجہ سے جو گولہ باری ہوتی ہے' جہاز تباہ ہوتے ہیں' ہر فریق کے آدمی مرتے ہیں اور سامانوں سے بھرے ہوئے جہاز ڈبو دیئے جاتے ہیں' یہ سب **فساد فی البحر** کے ذیل میں آتا ہے)

یاد رہے کہ آیت کریمہ میں عمومی فساد کا ذکر ہے جب گناہوں کی وجہ سے عمومی مصیبتیں آتی ہیں تو ان کی وجہ سے مؤمن اور کافر' نیک اور بد حتیٰ کہ جانور بھی متاثر ہوتے ہیں۔

حضرت ابو ہریرہؓ نے سنا کہ ایک شخص یوں کہہ رہا ہے کہ ظالم شخص صرف اپنی ہی جان کو نقصان پہنچاتا ہے' اس پر حضرت ابو ہریرہؓ نے فرمایا کہ یہ بات نہیں ہے بلکہ دوسری مخلوق بھی اس سے متاثر ہوتی ہے یہاں تک کہ حباری (ایک پرندہ کا نام ہے) بھی اپنے گھونسلہ میں ظالم کے ظلم کی وجہ سے دبلی ہو کر مر جاتی ہے۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۴۳۶)

جب بارش نہ ہوگی تو زمین میں پانی کی بھی کمی ہوگی' بارش کا پانی جو جگہ جگہ ٹھہر جاتا ہے جس سے انسان اور جانور سب ہی پیتے ہیں وہ نہ ہوگا تو پیاسے مریں گے اور بارش نہ ہونے کیوجہ سے جب کھیتوں میں پیداوار نہ ہوگی تو انسان اور جانور سب ہی مصیبت میں پڑ جائیں گے۔

یاد رہے کہ آیت کریمہ میں ان تکلیفوں کا ذکر نہیں ہے جو نیک بندوں کو ان کے گناہ معاف کرنے یا درجات بلند کرنے کے لیے پیش آتی ہیں۔ ان حضرات کو آلام و امراض سے تکلیف تو ہوتی ہے لیکن یہ ان کے حق میں مفید ہوتی ہے اس لیے مصیبت نہیں رہتی' پھر یہ لوگ صبر کرتے ہیں اس کا بھی ثواب پاتے ہیں اور گناہوں پر متنبہ ہو کر توبہ و استغفار کی طرف متوجہ ہوتے ہیں لہٰذا یہ تکلیفیں ان پر بطور قہر نہیں ہوتیں' ان کے حق میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے رحمت اور مہربانی ہوتی ہے اور صبر اور توبہ و استغفار کا مستقل ثواب ملتا ہے۔

پھر فرمایا: قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ (الاٰیۃ) کہ آپ اپنے مخاطبین یعنی مشرکین مکہ وغیرہ ہم سے فرما دیجئے کہ تم زمین میں چل پھر کر دیکھ لو تم سے پہلے جو قومیں تھیں ان کا کیا انجام ہوا؟ ان لوگوں میں اکثر مشرک تھے' ان لوگوں کے کفر اور شرک کی وجہ سے عام عذاب آیا اور ہلاک و برباد ہوئے' ان کے گھروں کے نشانات تمہارے سامنے ہیں' چلو پھرو دیکھو اور عبرت حاصل کرو۔ اس آیت میں جو كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّشْرِكِيْنَ فرمایا اس میں یہ بتا دیا کہ ان برباد ہونے والوں میں اکثر تو مشرکین تھے اور بعض ایسے تھے جو کفر کی دوسری انواع میں مبتلا تھے'

اور اس میں اس طرف بھی اشارہ فرمادیا کہ شرک کفر کی بدترین اقسام میں سے ہے اس کا وبال بہت بڑا ہے اس کے بعد فرمایا کہ فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ الْقَيِّمِ (الآیۃ) اے مخاطب! اپنا رخ دین قیم کی طرف رکھ یعنی توحید پر جمارہ اس سے پہلے کہ ایسا دن آ جائے یعنی اللہ کی طرف سے عذاب والا دن آ جائے اور اس عذاب کو ہٹایا نہ جائے گا (اس سے قیامت کا دن مراد ہے) اس دن لوگ متفرق یعنی جدا جدا ہو جائیں گے، نیک اعمال والے الگ اور برے اعمال والے الگ ہوں گے۔

پھر فرمایا مَنْ كَفَرَ فَعَلَيْهِ كُفْرُهٗ (کہ جو شخص کفر کرے اس کا وبال اسی پر پڑے گا) وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِاَنْفُسِهِمْ يَمْهَدُوْنَ (اور جو شخص نیک کام کرے سو ایسے لوگ اپنی ہی جانوں کے لیے راہ ہموار کر رہے ہیں) یعنی پیشگی سامان کر رہے ہیں۔ لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْ فَضْلِهٖ (تاکہ اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو اپنے فضل سے جزا دے جو ایمان لائے اور نیک عمل کیے) اللہ تعالیٰ کے اس فضل سے کافر محروم ہوں گے۔ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْكٰفِرِيْنَ (بلاشبہ اللہ کافروں کو دوست نہیں رکھتا) جب دنیا میں کافر اللہ کی ذات پر ایمان نہ لائے اس کے انعامات کا شکر یہ ادا نہ کیا اور مزید یہ کیا کہ دوسروں کو اس کی عبادت میں شریک کر لیا تو قیامت کے دن اس کی سزا پائیں گے، ایمان لاتے تو اللہ کے محبوب ہوتے، اب انہیں کفر کی سزا دی جائے گی اور دوزخ میں داخل ہوں گے۔

وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ يُّرْسِلَ الرِّيَاحَ مُبَشِّرٰتٍ وَّلِيُذِيْقَكُمْ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ وَلِتَجْرِيَ الْفُلْكُ بِاَمْرِهٖ

اور اس کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ وہ ہواؤں کو بھیجتا ہے جو خوشخبری دیتی ہیں تاکہ تمہیں اپنی رحمت کا مزہ چکھائے اور تاکہ کشتیاں اس کے حکم سے جاری ہوں

وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝٤٦ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ رُسُلًا اِلٰى قَوْمِهِمْ

اور تاکہ تم اس کے فضل کو تلاش کرو اور تاکہ تم شکر ادا کرو۔ اور بلاشبہ ہم نے آپ سے پہلے رسولوں کو ان کی قوم کی طرف بھیجا سو

فَجَآءُوْهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَانْتَقَمْنَا مِنَ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا ۭ وَكَانَ حَقًّا عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝٤٧

وہ ان کے پاس کھلی ہوئی نشانیاں لے کر آئے پھر ہم نے ان لوگوں سے انتقام لے لیا جنہوں نے جرم کیے اور اہل ایمان کو غالب کرنا ہمارے ذمہ ہے،

اَللّٰهُ الَّذِيْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ فَتُثِيْرُ سَحَابًا فَيَبْسُطُهٗ فِي السَّمَاۗءِ كَيْفَ يَشَاۗءُ وَيَجْعَلُهٗ كِسَفًا فَتَرَى

اللہ وہ ہی ہے جو بھیجتا ہے ہواؤں کو جو اٹھاتی ہیں بادل کو پھر وہ اس کو آسمان میں پھیلا دیتی ہیں جیسے اللہ چاہے اور وہ بادل کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیتا ہے پھر اے مخاطب تو بارش کو

الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ ۚ فَاِذَآ اَصَابَ بِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ مِنْ عِبَادِهٖٓ اِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ۝٤٨

دیکھتا ہے کہ اس کے اندر سے نکلتی ہے پھر وہ اس مینہ کو اپنے بندوں میں سے جس کو چاہے پہنچا دیتا ہے پھر وہ خوشی کرنے لگتے ہیں۔

وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْهِمْ مِّنْ قَبْلِهٖ لَمُبْلِسِيْنَ ۝٤٩ فَانْظُرْ اِلٰٓى اٰثٰرِ رَحْمَتِ اللّٰهِ

اگرچہ وہ اس سے پہلے کہ ان پر پانی اتارا جائے نا امید ہو گئے تھے۔ سو دیکھ لو اللہ کی رحمت کے آثار کو وہ کیسے

كَيْفَ يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ اِنَّ ذٰلِكَ لَمُحْيِ الْمَوْتٰى ۚ وَهُوَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝٥٠

زندہ فرماتا ہے زمین کو اس کی موت کے بعد، بلاشبہ وہی مردوں کو زندہ فرمانے والا ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

وَلَئِنْ اَرْسَلْنَا رِيْحًا فَرَاَوْهُ مُصْفَرًّا لَّظَلُّوْا مِنْۢ بَعْدِهٖ يَكْفُرُوْنَ۝

اور اگر ہم ان پر دوسری قسم کی ہوا چلادیں پھر یہ اپنی کھیتی کو ایسی حالت میں دیکھیں کہ پیلی پڑ گئی ہو سو یہ ناشکری کرنے لگیں گے۔

اللہ تعالیٰ ہواؤں کو بھیجتا ہے اور بارش برساتا ہے وہی مردوں کو زندہ فرمائے گا

ان آیات میں اول تو ہواؤں کا ذکر فرمایا جن کے چلنے سے یہ اندازہ ہو جاتا ہے کہ بارش آنے والی ہے یہ ہوائیں بارش آنے سے پہلے بارش کی خوشخبری دے دیتی ہیں' پھر جب بارش ہو جاتی ہے انسان اس کے منافع سے مستفید ہوتے ہیں' ان منافع میں سے یہ بھی ہے کہ ان کے ذریعہ بادبانی کشتیاں چلتی ہیں جب ان کشتیوں میں سوار ہو کر سفر کرتے ہیں تو ان سفروں میں اللہ تعالیٰ کا رزق بھی تلاش کرتے' تجارت کے لیے بھی مال لاتے ہیں اور آل اولاد کے کھانے پینے کے لیے بھی' ان سب چیزوں میں اللہ تعالیٰ کے انعامات بھی ہیں اور اس کی قدرت کے دلائل بھی ہیں۔ ان دلائل کے ذریعہ اسے پہچانیں اور اس کی جو نعمتیں ہیں۔ ان کا شکر ادا کریں اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی دیتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ ہم نے آپ سے پہلے بہت سے رسول بھیجے جنہوں نے اللہ کا پیغام پہنچایا' واضح دلائل پیش کیے لیکن جنہیں ماننا نہ تھا انہوں نے نہ مانا' انہوں نے رسولوں کو جھٹلایا اور کفر پر جمے رہے ان کے جرم کی وجہ سے ہم نے انتقام لے لیا' وہ انتقام یہ تھا کہ یہ مجرمین ہلاک ہوئے اور اہل ایمان عذاب سے محفوظ رہے' جو لوگ آپ ﷺ کی مخالفت کر رہے ہیں وہ بھی مجرم ہیں ان سے بھی انتقام لیا جائے گا: وَكَانَ حَقًّا عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ (اور اہل ایمان کی مدد کرنا ہمارے ذمہ ہے)۔ اس میں اللہ تعالیٰ نے ایک قاعدہ کلیہ بیان فرمادیا اور یہ وعدہ فرمایا کہ جس طرح ہم نے گزشتہ زمانوں میں مؤمنین کی مدد کی ہے اسی طرح آئندہ بھی مؤمنین کی مدد ہوتی رہے گی البتہ مدد میں حکمت کے موافق دیر بھی لگ جاتی ہے جیسا کہ انبیاء سابقین علیہم الصلوٰۃ والسلام کی امتوں کے ساتھ ہوا ہے لہٰذا اہل ایمان کو ناامید اور اداس نہ ہونا چاہیے اور یہ بھی سمجھنا چاہیے کہ یہ ضروری نہیں ہے کہ دنیا ہی میں مدد ہو جائے' سب سے بڑی مدد یہ ہے کہ موت کے بعد انسان دوزخ سے بچ جائے اور جنت میں چلا جائے' دنیا میں جو صبر شکر کے ساتھ زندگی گزاری اور نیک اعمال کیے یہ جنت میں داخل ہونے کا ذریعہ بنیں گے۔

حضرت ابوالدرداءؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس کسی مسلمان نے اپنے بھائی کی آبرو کی طرف سے دفاع کیا (یعنی بے آبرو کرنے والے کو جواب دیا) (تو یہ بات اللہ تعالیٰ کے ذمہ ہے کہ اس دفاع کرنے والے سے قیامت کے دن اللہ تعالیٰ جہنم کی آگ کو دور رکھیں گے۔ اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت وَكَانَ حَقًّا عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ تلاوت فرمائی۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۴۲۴)

درمیان میں بطور جملہ معترضہ تسلی دینے کے طور پر کافروں سے انتقام لینے اور اہل ایمان کی مدد فرمانے کا تذکرہ فرمانے کے بعد پھر ہواؤں کے ارسال فرمانے اور ان کے بعض منافع کا تذکرہ فرمایا۔ ارشاد فرمایا کہ اللہ وہی ہے جو ہواؤں کو بھیجتا ہے یہ ہوائیں بادلوں کو اٹھا کر لاتی ہیں پھر اللہ تعالیٰ ان بادلوں کو جیسے چاہے پھیلا دیتا ہے اور کبھی اس کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیتا ہے پھر ان بادلوں سے بارش کو نکالتا ہے' بارش آتی ہے تو دیکھنے والے دیکھتے ہیں کہ بادل کے اندر سے بارش آرہی ہے' اسی کو فرمایا: فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ فَاِذَآ اَصَابَ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖٓ اِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ (پھر اللہ اس بارش کو اپنے بندوں میں سے جسے چاہے پہنچا دیتا ہے جنہیں بارش پہنچ گئی وہ خوش ہوتے ہیں) وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْهِمْ مِّنْ قَبْلِهٖ لَمُبْلِسِيْنَ (اور یہ بات واقعی ہے کہ وہ لوگ اس

سے پہلے ناامید ہو چکے تھے) ناامیدوں کی امیدیں برلانا یہ اللہ تعالیٰ کا انعام ہے' بارش آنے پر خوشی بھی منائیں اور شکر بھی ادا کریں۔ (قرطبی)

پھر فرمایا فَانْظُرْ اِلٰٓی اٰثٰرِ رَحْمَتِ اللّٰهِ (الآیۃ) کہ اے مخاطب تو اللہ کے آثار کو دیکھ لے کہ وہ زمین کو اس کی موت کے بعد کیسے زندہ کرتا ہے) اس زمین کو بار بار زندہ فرماتا ہے' بلاشبہ وہی مردوں کو زندہ فرمانے والا ہے زمین کی نظیر سب کے سامنے ہے پھر مردوں کو زندہ کیے جانے میں تردد اور تامل کیوں ہے؟ اللہ تعالیٰ ہی نے زمین کو بار بار زندہ فرمایا ہے وہی مردوں کو زندہ فرمائے گا۔ اس میں منکرین بعث بعد الموت کو تنبیہ ہے کہ بار بار اللہ تعالیٰ کی قدرت کی نشانیاں دیکھتے ہو پھر قیامت کے دن دوبارہ زندہ ہو کر قبروں سے نکلنے کا کیوں انکار کرتے ہو؟

اس کے بعد فرمایا: وَلَئِنْ اَرْسَلْنَا رِيْحًا (الآیۃ) اور اگر ہم خاص قسم کی ہوا چلا دیں جس سے ان کی کھیتیاں زرد نظر آنے لگیں یعنی ان کی سرسبزی اور شادابی جاتی رہے اور پتے پیلے پڑ جائیں سو اس کے بعد ناشکری کرنے لگیں گے یعنی پچھلی نعمتوں کو بھول جائیں گے اور نئی صورت حال دیکھ کر ناشکری پر اتر آئیں گے۔

فَاِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَآءَ اِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِيْنَ ۝ وَمَآ اَنْتَ بِهٰدِ الْعُمْيِ

سو آپ مردوں کو نہیں سنا سکتے اور نہ بہروں کو پکار سنا سکتے ہیں جبکہ وہ پشت پھیر کر چل دیں۔ اور آپ اندھوں کو ان کی گمراہی

عَنْ ضَلٰلَتِهِمْ ۭ اِنْ تُسْمِعُ اِلَّا مَنْ يُّؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ مُّسْلِمُوْنَ ۝

سے ہٹا کر ہدایت نہیں دے سکتے، آپ اسی کو سنا سکتے ہیں جو ہماری آیات پر ایمان لائے سو وہ ماننے والے ہیں۔

ع ۱۳ ۸

آپ مردوں اور بہروں کو نہیں سنا سکتے اور اندھوں کو ہدایت نہیں دے سکتے

یعنی آپ کے جو مخاطبین ہیں آپ ان کے سامنے اللہ کی آیات تلاوت کرتے ہیں ان کے سامنے دلائل پیش کرتے ہیں' یہ سننے کا ارادہ ہی نہیں کرتے جس طرح آپ مردوں کو اور بہروں کو نہیں سنا سکتے جبکہ یہ بہرے پیٹھ پھیر کر چل دیں اور اشارہ کو بھی نہ دیکھیں' اسی طرح یہ لوگ ہیں ان کا سننے کا ارادہ ہی نہیں ہے مردوں کی طرح بنے ہوئے ہیں پھر یہ لوگ اندھے بھی بنے ہوئے ہیں راہ پر آنے کو تیار ہی نہیں لہٰذا آپ کی ہدایت دینے سے ہدایت پر نہ آئیں گے۔ (صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ)۔

آپ تو بس انہیں لوگوں کو سنا سکتے ہیں جو اللہ کی آیات پر یقین رکھتے ہیں اور اس یقین کی وجہ سے وہ فرمانبردار بنے ہوئے ہیں۔ اس میں امام الانبیاء جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی ہے کہ جو لوگ آپ کی باتیں سن کر ان سنی کر دیتے ہیں اور گونگے بہرے بنے ہوئے ہیں آپ ان کی حالت پر غم نہ کریں اور ان سے ایمان کی امید نہ رکھیں آپ کا کام دعوت دینا اور حق کو ظاہر کر دینا ہے جو لوگ دعوت حق قبول نہ کریں وہ ان کی اپنی گمراہی ہے۔

آیت کریمہ میں جو فَاِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى فرمایا ہے اس کے بارے میں سورۂ نمل کی آیت اِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَآءَ کے ذیل میں ضروری بحث گزر چکی ہے۔

اَللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ ضُعْفٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْۢ بَعْدِ ضُعْفٍ قُوَّةً ثُمَّ جَعَلَ مِنْۢ

اللہ وہ ہے جس نے تمہیں ضعف کی حالت میں پیدا فرمایا پھر ضعف کے بعد قوت پیدا کر دی پھر قوت کے بعد ضعف

بَعْدِ قُوَّةٍ ضُعْفًا وَّ شَیْبَةً ؕ یَخْلُقُ مَا یَشَآءُ ۚ وَ هُوَ الْعَلِیْمُ الْقَدِیْرُ ﴿۵۴﴾

اور بڑھاپا پیدا فرما دیا وہ جو چاہتا ہے پیدا فرماتا ہے وہ خوب جاننے والا ہے بڑی قدرت والا ہے۔

قرء حفص بضم الضاد و فتحها في الثلاثة لكن الضم مختار ه

انسان ضعف وقوت کے مختلف احوال سے گزرتا ہے جو صرف اللہ تعالیٰ کی تخلیق سے ہوتا ہے

اس آیت میں انسان کی پیدائش اور اس کی قوت وضعف کی حالت بیان فرمائی ہے' ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے تم لوگوں کو ایسی حالت میں پیدا فرمایا کہ تم کمزور تھے یعنی بچے تھے پھر ضعف کے بعد قوت سے نواز دیا' انسان پہلے دودھ پیتا بچہ ہوتا ہے حرکت کے قابل بھی نہیں ہوتا پھر ہاتھ پاؤں چلاتا ہے' نظریں گماتا ہے اپنے گھر والوں کو پہچانتا ہے' پھر لیٹے لیٹے پلٹیں کھانا شروع کر دیتا ہے پھر ٹیک لگا کر بیٹھنے کے قابل ہوتا ہے پھر بغیر سہارے کے بیٹھنے لگتا ہے' پھر گھٹنوں کے بل چلنا شروع کرتا ہے پھر سہارے سے کھڑا ہوتا ہے ایک دو قدم چلنا شروع کرتا ہے پھر بلا سہارا چلنا شروع کر دیتا ہے۔ ضعف کے احوال سے گزرتا ہوا جوانی میں داخل ہوتا ہے' جوانی کا زمانہ قوت اور طاقت کا ہوتا ہے' جسمانی طاقت بھی اچھی ہوتی ہے اور بچپن اور بڑھاپے کے مقابلہ میں عقل وفہم وادراک بھی جوانی میں زیادہ ہوتا ہے (گو بعض مرتبہ بڑھاپے میں ارذل العمر آنے سے پہلے پہلے تجربات کی بناء پر سوچ سمجھ کی قوت زیادہ ہوتی ہے) جب بڑھاپا آجاتا ہے تو پھر کمزوری آجاتی ہے بال بھی سفید ہو جاتے ہیں اور جیسے جیسے بڑھاپا بڑھتا جاتا ہے کمزوری بھی بڑھتی جاتی ہے' پھر ارذل العمر یعنی گھٹیا ترین نکمی زندگی کو پہنچ جاتا ہے اور بچپن والا ضعف آجاتا ہے' ہوش وحواس بھی باقی نہیں رہتے' واپس ہو کر پھر اسی ضعف پر پہنچ جاتا ہے جو بچپن میں تھا اسی کو سورۂ یٰسٓ میں فرمایا: وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِی الْخَلْقِ ؕ اَفَلَا یَعْقِلُوْنَ (اور ہم جس کو زیادہ عمر دیتے ہیں اس کی خلقی حالت میں واپس کر دیتے ہیں' کیا وہ نہیں سمجھتے ؟)

یَخْلُقُ مَا یَشَآءُ (اللہ جو چاہتا ہے پیدا فرماتا ہے) وَهُوَ الْعَلِیْمُ الْقَدِیْرُ (اور وہ خوب جاننے والا ہے اور بڑی قدرت والا ہے) اسے سب کے احوال اور اعمال کا علم ہے اور اسے پوری طرح سے قدرت ہے۔ جس طرح چاہے پیدا فرمائے اور جس حالت میں رکھے اسے پورا اختیار ہے۔

وَیَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ یُقْسِمُ الْمُجْرِمُوْنَ ۙ۬ مَا لَبِثُوْا غَیْرَ سَاعَةٍ ؕ كَذٰلِكَ كَانُوْا یُؤْفَكُوْنَ ﴿۵۵﴾

اور جس دن قیامت قائم ہوگی مجرمین قسم کھائیں گے کہ ایک گھڑی سے زیادہ نہیں ٹھہرے وہ اسی طرح سے دنیا میں الٹے چلائے جاتے تھے۔

وَقَالَ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ وَالْاِیْمَانَ لَقَدْ لَبِثْتُمْ فِیْ كِتٰبِ اللّٰهِ اِلٰی یَوْمِ الْبَعْثِ ؗ فَهٰذَا یَوْمُ الْبَعْثِ

اور جن کو علم اور ایمان دیا گیا وہ کہیں گے کہ بلا شبہ تم اللہ کے نوشتہ میں بعث کے دن تک ٹھہرے ہو،

وَلٰكِنَّكُمْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۵۶﴾ فَیَوْمَئِذٍ لَّا یَنْفَعُ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا مَعْذِرَتُهُمْ وَلَا هُمْ یُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿۵۷﴾

سو یہ بعث کا دن ہے اور لیکن تم نہیں جانتے۔ سو اس دن ظالموں کو ان کی معذرت نفع نہ دے گی اور نہ انہیں اس کا موقع دیا جائے گا۔

قیامت کے دن مجرمین کی جھوٹی قسماقسمی اور اہل ایمان کی حق بیانی

یہ تین آیات ہیں، پہلی آیت میں یہ بتایا کہ جب قیامت قائم ہوگی اور زندہ ہو کر قبروں سے نکلیں گے تو اس وقت مجرمین یعنی کافر لوگ قسمیں کھا کر کہیں گے کہ ہم تو موت کے بعد قبروں میں تھوڑی سی ہی دیر رہے ہیں اور بعض مفسرین نے بتایا کہ اس سے دنیا کی زندگی مراد لیں گے اور ان کے کہنے کا مطلب یہ ہوگا کہ دنیا میں ہم ذرا دیر ہی رہے تھے، عمریں تو اچھی خاصی گزاریں لیکن ایمان نہ لائے اور نیک عمل نہ کیے اتنی بڑی زندگی بے کار ہی چلی گئی، جو چیز زیادہ ہو اور اس سے نفع نہ اٹھایا جائے تو وہ قلیل مانی جاتی ہے جیسا کہ قلیل چیز نفع مند ہو تو اسے کثیر کہا جاتا ہے۔ (ذکرہ صاحب الروح)

ان لوگوں کا یہ کہنا کہ ہم دنیا میں یا برزخ میں صرف ذرا دیر ہی رہے جھوٹ ہی ہوگا اور یہ ان کا پہلا جھوٹ نہیں ہوگا بلکہ دنیا میں جب ان کے سامنے حق آتا تھا تو اس سے اعراض کرتے تھے اور اس کی تکذیب کرتے تھے اور الٹی ہی چال چلتے تھے، شیطان اور نفس انہیں حق کی تکذیب پر آمادہ کرتے تھے۔

جن لوگوں کو اللہ نے علم دیا اور ایمان دیا (ان میں فرشتے بھی ہیں اور بنی آدم میں سے وہ افراد بھی ہیں جنہیں علم اور ایمان کے لیے منتخب فرمالیا) یہ حضرات ان سے یوں کہیں گے کہ تم اللہ کے نوشتہ میں یعنی اللہ کی کتاب میں بعث کے دن ٹھہرے رہے ہو اللہ تعالیٰ جل شانہ نے جو لوح محفوظ میں لکھ دیا تھا اور اپنی کتاب میں جو وَمِنْ وَّرَآئِهِمْ بَرْزَخٌ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ (فرمادیا تھا تم اسی کے مطابق بعث کے دن تک ٹھہرے رہے ہو۔ يَوْمُ الْبَعْثِ سے قبروں سے اٹھائے جانے کا دن مراد ہے۔

اہل علم وایمان مجرمین سے خطاب کرتے ہوئے یوں کہیں گے کہ یہ يَوْمُ الْبَعْث ہے، قبروں سے زندہ ہو کر اٹھائے جانے کا دن ہے، تم جس کے منکر تھے وہ سامنے آ گیا اور آج واضح ہو گیا کہ تمہارا انکار کرنا باطل تھا لیکن تم نہیں جانتے تھے جو حضرات قیامت واقع ہونے اور وہاں کی پیشی ہونے کی باتیں کرتے تھے تم ان کو جھٹلاتے تھے اور مذاق اڑاتے تھے ان کی بات مانتے تو تمہیں آج کے دن کا اور آج کے دن کے حالات کا علم ہوتا۔

تیسری آیات میں فرمایا کہ جن لوگوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا، کفر اختیار کیا، قیامت کے دن پر ایمان نہ لائے اب جو بھی کوئی معذرت کریں وہ قبول نہیں ہوگی اور معذرت انہیں کوئی نفع نہ دے گی اور نہ ان کو اس کا موقع دیا جائے گا کہ اللہ تعالیٰ کو راضی کرلیں کیونکہ کفر پر مرنے کے بعد توبہ کرنے کا کوئی موقع نہیں اور ایسے لوگوں سے اللہ تعالیٰ کبھی راضی نہیں ہوگا۔

وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ؕ وَلَئِنْ جِئْتَهُمْ بِاٰيَةٍ لَّيَقُوْلَنَّ

اور یہ بات واقعی ہے کہ ہم نے اس قرآن میں لوگوں کے لیے عمدہ مضامین بیان کردیے ہیں اور اگر آپ ان کے پاس کوئی بھی نشانی لے آئیں تب بھی وہ

الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُبْطِلُوْنَ ﴿۵۸﴾ كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِ الَّذِيْنَ

لوگ جو کافر ہیں یہی کہیں گے کہ تم لوگ صرف باطل والے ہو۔ جو لوگ نہیں جانتے ان کے دلوں پر اللہ یوں ہی

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۹﴾ فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلَا يَسْتَخِفَّنَّكَ الَّذِيْنَ لَا يُوْقِنُوْنَ ﴿۶۰﴾

مہر کردیتا ہے۔ سو آپ صبر کیجئے، بلاشبہ اللہ کا وعدہ حق ہے اور جو لوگ یقین نہیں کرتے وہ لوگ آپ کو بے برداشت نہ بنا دیں۔

ع ۶ ۷ ۹

قرآن عمدہ مضامین پر مشتمل ہے، معاندین کو حق ماننا نہیں ہے، آپ صبر سے کام لیں، اللہ کا وعدہ حق ہے

یہ تین آیات کا ترجمہ ہے، اول تو یہ بتایا کہ ہم نے اس قرآن میں ہر طرح کی عمدہ باتیں بتادی ہیں ان میں جو کوئی شخص غور وفکر کرے گا تو اس کے ذہن پر یہ وارد ہوگا کہ قرآن حق ہے اور قرآن کا ہر بیان حق ہے، قرآن اور صاحب القرآن صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت حق ہے لیکن جو لوگ انکار پر تلے ہوئے ہیں اور ضد وعناد اور ہٹ دھرم پر کمر باندھ رکھی ہے وہ بات ماننے والے نہیں ہیں۔ یہ قرآن خود ایک معجزہ ہے۔ اس کے علاوہ بھی جتنے معجزے اور آیات آپ پیش فرمادیں کافر لوگ آپؐ کے اور آپؐ کے ساتھیوں کے بارے میں یوں ہی کہیں گے کہ تم لوگ باطل والے ہو۔

اہل باطل کا یہ طریقہ ہے کہ خود بھی قبول نہیں کرتے اور اہل حق کو اہل باطل بتاتے ہیں، ان لوگوں کے بارے میں فرمایا کہ ان لوگوں کے دلوں پر مہر لگادی گئی ہے جیسے ان کے دلوں پر مہر لگادی گئی اسی طرح اللہ ان لوگوں کے دلوں پر مہر لگا دیتا ہے جو نہیں جانتے یعنی جاننا نہیں چاہتے اور حق قبول کرنے کے بجائے اپنی خرافات پر ہی مصر رہتے ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مکذبین ومعاندین کی باتوں سے تکلیف ہوتی تھی اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ آپ صبر کیجئے بلاشبہ اللہ کا وعدہ حق ہے، اس نے جو آپ سے مددگار اور دین اسلام کو غالب کرنے کا اور کلمہ حق کو بلند کرنے کا وعدہ فرمایا ہے وہ ضرور پورا ہوگا، آپ کے صبر میں فرق نہ آئے پوری طرح ثابت قدم رہیں، یہ لوگ جو یقین نہیں کرتے، آپ کی دعوت کو نہیں مانتے، ان کے اس طرز عمل سے کہیں ایسا نہ ہو کہ آپ کے پائے ثبات میں لغزش آجائے، یہ لوگ آپ کو بے صبری پر آمادہ نہ کردیں۔

☆☆☆..................☆☆☆

مکی	سورۂ لقمان	۳۴ آیتیں اور ۴ رکوع

سورۂ لقمان مکہ معظمہ میں نازل ہوئی اس میں چونتیس (۳۴) آیات اور چار رکوع ہیں

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے

الٓمّٓ ۚ﴿۱﴾ تِلۡكَ اٰيٰتُ الۡكِتٰبِ الۡحَكِيۡمِ ۙ﴿۲﴾ هُدًى وَّرَحۡمَةً لِّلۡمُحۡسِنِيۡنَ ۙ﴿۳﴾ الَّذِيۡنَ يُقِيۡمُوۡنَ

الٓمّٓ۔ یہ قرآن حکیم کی آیات ہیں۔ جو اچھے کام کرنے والوں کے لیے ہدایت ہے اور رحمت ہے، جو نماز قائم

الصَّلٰوةَ وَيُؤۡتُوۡنَ الزَّكٰوةَ وَهُمۡ بِالۡاٰخِرَةِ هُمۡ يُوۡقِنُوۡنَ ؕ﴿۴﴾ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنۡ رَّبِّهِمۡ

کرتے ہیں اور زکوٰۃ ادا کرتے ہیں اور آخرت پر یقین رکھتے ہیں' یہ لوگ اپنے رب کی طرف سے ہدایت پر ہیں

وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الۡمُفۡلِحُوۡنَ ﴿۵﴾

اور یہی لوگ کامیاب ہیں۔

قرآن مجید محسنین کے لیے ہدایت اور رحمت ہے

حضرت ابن عباسؓ کا فرمان ہے کہ سورۂ لقمان مکہ معظمہ میں نازل ہوئی اور ان کا ایک قول یہ ہے کہ پوری سورت میں سے تین آیات وَلَوۡاَنَّ مَافِى الۡاَرۡضِ مِنۡ شَجَرَةٍ اَقۡلَامٌ سے لے کر اَنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ خَبِيۡرٌ تک مدینہ منورہ میں نازل ہوئیں۔

الٓمّٓ۔ یہ حروف مقطعات میں سے ہے جس کا معنی اللہ تعالیٰ ہی کو معلوم ہے۔ تِلۡكَ اٰيٰتُ الۡكِتٰبِ الۡحَكِيۡمِ یہ کتاب حکیم یعنی قرآن کریم کی آیات ہیں پُرحکمت ہیں۔ هُدًى وَّرَحۡمَةً لِّلۡمُحۡسِنِيۡنَ ۝ یہ قرآن اچھے کام کرنے والوں کے لیے ہدایت ہے اور رحمت ہے۔ ہدایت اور رحمت تو سارے انسانوں کے لیے ہے لیکن سب اسے قبول نہیں کرتے' قبول کرنے والے وہی لوگ ہیں جو صفت احسان سے متصف ہیں ان کے قلوب صالح ہیں نیتوں میں اخلاص ہے اس لیے قرآن کو سن کر اس کی ہدایت کو قبول کر لیتے ہیں پھر اس کی ہدایت کے مطابق زندگی گزارتے ہیں اور یہ قرآن کے مطابق زندگی گزارنا ان کے لیے رحمت کا باعث بن جاتا ہے ان محسنین کی صفات بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا۔ اَلَّذِيۡنَ يُقِيۡمُوۡنَ الصَّلٰوةَ کہ یہ لوگ نماز قائم کرتے ہیں۔ وَيُؤۡتُوۡنَ الزَّكٰوةَ اور زکوٰۃ ادا کرتے ہیں' وَبِالۡاٰخِرَةِ هُمۡ يُوۡقِنُوۡنَ اور یہ لوگ آخرت پر یقین رکھتے ہیں درحقیقت اقامت صلوٰۃ اور ادائے

زکوٰۃ یہ دونوں اسلام کے اہم رکن ہیں جن کا درجہ توحید اور رسالت پر ایمان لانے کے بعد ہے' باقی دو رکن یعنی صیام رمضان اور حج بیت اللہ اسلام کے ارکان تو ہیں لیکن ان کا درجہ نماز اور زکوٰۃ کے بعد ہے' نماز اور زکوٰۃ کی پابندی رہے اور آخرت کا مضبوط یقین ہو تو انسان اسلام کے دوسرے احکام پر بآسانی چل سکتا ہے اور ان کی ادائیگی کے لیے اپنے نفس کو آمادہ کر سکتا ہے۔ ایسے حضرات کے بارے میں فرمایا کہ اُولٰٓئِکَ عَلٰی هُدًی مِّنْ رَّبِّهِمْ یہ حضرات اپنے رب کی طرف سے ہدایت پر ہیں وَاُولٰٓئِکَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ اور یہ وہ لوگ ہیں جو کامیاب ہیں (اصل کامیابی آخرت کی کامیابی ہے یعنی دوزخ سے بچ جانا اور جنت میں داخل ہونا) جنہیں دنیا ہی میں اس کی بشارت دے دی گئی ان کا عظیم مرتبہ ہے' یہ مضمون سورۂ بقرہ کے شروع میں بھی گزر چکا ہے۔

چونکہ آیت بالا میں زکوٰۃ کا بھی ذکر ہے اس لیے بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ یہ آیات بھی مدینہ منورہ میں نازل ہوئیں اور اس بات کی بنیاد اس پر ہے کہ زکوٰۃ مدینہ منورہ میں فرض ہوئی اور جن حضرات نے مذکورہ بالا آیات کو مکی کہا ہے انہوں نے فرمایا ہے کہ زکوٰۃ بھی مکہ معظمہ میں فرض ہو گئی تھی البتہ اس کے تفصیلی احکام' مقادیر نصاب وغیرہ مدینہ منورہ میں نازل ہوئے لیکن اگر زکوٰۃ سے عام صدقہ مراد لے لیا جائے جیسا کہ چند صفحات پہلے سورۂ روم کی آیت وَمَآ اٰتَيْتُمْ مِّنْ زَكٰوةٍ تُرِيْدُوْنَ وَجْهَ اللّٰهِ کے ذیل میں گزر چکا ہے تو پھر ان آیات کو بھی مکی کہنے میں کوئی تامل نہیں رہتا۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِيْ لَهْوَ الْحَدِيْثِ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۖ وَّيَتَّخِذَهَا هُزُوًا ۚ اُولٰٓئِكَ

اور بعض ایسے لوگ ہیں جو ان باتوں کو خریدتے ہیں جو کھیل کی باتیں ہیں تاکہ بغیر علم کے اللہ کے راستے سے ہٹائیں اور اللہ کی راہ کا مذاق بنائیں' ان لوگوں کے لیے

لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ○ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا وَلّٰى مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا كَاَنَّ فِيْٓ اُذُنَيْهِ

ذلیل کرنے والا عذاب ہے۔ اور جب ایسے شخص پر ہماری آیات کی تلاوت کی جاتی ہے تو تکبر کرتے ہوئے پیٹھ پھیر دیتا ہے گویا کہ اس نے ان کو سنا ہی نہیں گویا کہ اس کے دونوں کانوں

وَقْرًا ۚ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ○ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ جَنّٰتُ النَّعِيْمِ ○ خٰلِدِيْنَ

میں بوجھ ہے' سو آپ اس کو دردناک عذاب کی خوشخبری سنا دیجئے' بلاشبہ جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کیے ان کے لیے نعمتوں والے باغ ہیں۔ وہ ان میں ہمیشہ

فِيْهَا ۚ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○

رہیں گے' اللہ نے سچا وعدہ فرمایا ہے اور وہ عزیز ہے حکیم ہے۔

قرآن کے دشمنوں کی حرکتیں' ان کے لیے عذاب مہین کی وعید

قرآن پر ایمان لانے والوں کے اعمال اور ان کے ہدایت پر ہونے اور آخرت پر کامیاب ہونے کی بشارت دینے کے بعد قرآن کا انکار کرنے والوں اور اس کے مقابلہ میں بعض چیزیں اختیار کرنے والوں کا شغل پھر ان کے عذاب کا تذکرہ فرمایا ہے جو قرآن کے مخالف رویہ رکھتے ہیں اور قرآن سے خود بھی دور رہتے ہیں اور دوسروں کو بھی دور رکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ لهو الحدیث ہر وہ بات جو اللہ کی یاد سے غافل کرے اور کھیل میں لگائے۔ حضرت حسن بصریؒ نے لَهْوَ الْحَدِيْثِ کی تفسیر کرتے ہوئے فرمایا: هو کل ماشغلک عن عبادة الله تعالٰی و ذکره یعنی ہر وہ چیز جو اللہ کی عبادت سے ہٹائے وہ لهو الحدیث ہے۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے فرمایا کہ اس

سے غِنَاء یعنی گانا بجانا مراد ہے اور حضرت ابن عباسؓ سے بھی یہ بات منقول ہے۔ حضرت مکحول تابعیؒ نے فرمایا لَهْوَ الْحَدِيْثِ سے گانے بجانے والی لونڈیاں مراد ہیں۔ (روح المعانی)

آیت بالا کا سبب نزول بیان کرتے ہوئے کئی باتیں منقول ہیں۔ حضرت ابن عباسؓ نے بیان فرمایا کہ نضر بن حارث (جو مشرکین مکہ میں سے اسلام کے بڑے کٹر دشمنوں میں سے تھا) نے ایک گانے والی باندی خرید لی تھی اسے جس کسی کے بارے میں یہ خبر ملتی تھی کہ وہ اسلام قبول کرنے کا ارادہ کر رہا ہے تو وہ اسے اس لونڈی کے پاس لے جاتا تھا اور اس لونڈی سے کہتا تھا کہ اس شخص کو کھلا پلا اور گانا سنا' پھر جس شخص کو ساتھ لے جاتا تھا اس سے کہتا تھا کہ یہ اس سے بہتر ہے جس کی طرف تجھے محمد صلی اللہ علیہ وسلم دعوت دیتے ہیں وہ تو کہتے ہیں کہ نماز پڑھ روزے رکھ اور ان کے ساتھ مل کر ان کے دشمنوں سے جنگ کر' اس پر آیت کریمہ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِيْ لَهْوَ الْحَدِيْثِ نازل ہوئی اور ایک روایت میں یوں ہے کہ نضر بن حارث تجارت کے لیے فارس جاتا تھا وہاں سے عجمیوں کی کتابیں خریدتا تھا پھر انہیں مکہ معظمہ میں لا کر قریش کو سناتا تھا اور کہتا تھا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم تمہیں عاد اور ثمود کی باتیں سناتے ہیں اور میں تمہیں رستم اور اسفند یار اور فارس کے بادشاہوں کی خبریں سناتا ہوں' لوگوں کو یہ باتیں پسند آتی تھیں اور قرآن کے بجائے ان چیزوں کی طرف متوجہ ہوتے تھے' اس پر آیت بالا نازل ہوئی اور بعض حضرات نے فرمایا کہ ابن خطل نے یہ حرکت کی تھی کہ اس نے گانے والی باندی خریدی تھی جو ایسے گانے گاتی تھی جو مسلمانوں کو اور اسلام کو برے الفاظ سے ذکر کرنے پر مشتمل ہوتے تھے۔

حضرت حسن بصریؒ نے یہ جو فرمایا کہ لَهْوَ الْحَدِيْثِ سے ہر وہ چیز مراد ہے جو اللہ تعالیٰ کی عبادت سے اور اس کے ذکر سے ہٹائے یہ لغت کے اعتبار سے بالکل صحیح ہے اور حدیث شریف سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: كُلُّ شَيْءٍ يَلْهُوْ بِهِ الرَّجُلُ بَاطِلًا اِلَّا رَمْيَهُ بِقَوْسِهٖ وَتَادِيْبَهُ فَرَسَهُ وَمُلَاعَبَتَهُ اِمْرَاَتَهُ فانهن من الحق. (رواہ الترمذی وابن ماجہ کما فی المشکوٰۃ ص ۳۳۷)

مطلب یہ ہے کہ تین چیزوں کے علاوہ جو بھی کوئی لہو کا کام کوئی شخص کرتا ہے تو وہ باطل ہے ہاں تین کھیل ایسے ہیں جو درست ہیں (۱) اپنی کمان سے تیر پھینکنے کی مشق کرنا۔ (۲) گھوڑے کو سدھارنا (یہ دونوں جہاد کے کام میں آتے ہیں جو دینی ضرورت ہے)۔ (۳) اپنی بیوی کے ساتھ دل لگی کرنا (جو نفس و نظر کو پاک رکھنے کا ذریعہ ہے)

گانے بجانے کی مذمت و حرمت............لہو و لعب میں ہر طرح کا جوا اور تاش کھیلنا اور ہر وہ شغل آ جاتا ہے جو شرعاً ممنوع ہو اور نماز سے اور اللہ کے ذکر سے غافل کرتا ہو۔ کسی شخص کو اللہ تعالیٰ نے اچھی آواز دی ہو اور وہ قرآن مجید کی تلاوت کرے یا نعت کے اشعار پڑھے (جس میں بجانے کا سامان بالکل نہ ہو) یا عبرت کے لیے کچھ اشعار پڑھے تو یہ جائز ہے گندے گانے' عشقیہ غزلیں اگر چہ ان کے ساتھ بجانے کے سامان نہ ہو یہ سب ممنوع ہیں' اس قسم کے گانوں کو بعض اکابر نے رقیۃ الزناء (زنا کا منتر) فرمایا ہے۔

حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اَلْغِنَاءُ يُنْبِتُ النِّفَاقَ فِي الْقَلْبِ كَمَا يُنْبِتُ الْمَاءُ الزَّرْعَ (کہ گانا دل میں نفاق کو اگاتا ہے جیسے پانی کھیتی کو اگاتا ہے) (مشکوٰۃ المصابیح ص ۴۱۱)

اگر عشقیہ غزلیں نہ ہوں لیکن اشعار پڑھنے والا خوش آواز ہو تب بھی اسے یہ دیکھ لینا چاہیے کہ میرے آس پاس کون ہے اگر عورتیں آواز سن رہی ہوں تو پھر شعر نہ پڑھے صحیح بخاری میں ہے کہ انجشہؓ ایک صحابی تھے وہ سفر میں جا رہے تھے' عرب کا طریقہ تھا کہ سفر میں اونٹوں کو مست کرنے اور اچھی رفتار سے چلانے کے لیے بلند آواز سے شعر پڑھتے ہوئے جاتے تھے' انجشہؓ خوش آواز آدمی تھے انہوں نے اونٹوں کی رفتار جاری رکھنے کے لیے اشعار پڑھنا شروع کیے جسے حدی پڑھنا کہتے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ

علیہ وسلم نے ان کی آواز سن لی اور فرمایا کہ اے انجشہ! (ﷺ) ٹھہر جاؤ شیشوں کو نہ توڑو۔ راوی قتادہؒ نے شرح کرتے ہوئے بتایا کہ شیشوں سے عورتیں مراد ہیں جو جلدی متاثر ہو جاتی ہیں۔ (مشکوٰۃ ص ۴۱۰)

دیکھو حضرت انجشہؓ اونٹوں کو سنانے کے لیے اشعار پڑھ رہے تھے چونکہ وہاں عورتیں بھی تھیں اس لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو ٹوک دیا۔

آج کل تو گانا بجانا جزو زندگی بن چکا ہے، حلق سے لقمہ ہی تب اترتا ہے جب گانے کی کیسٹ لگا کر کھانا شروع نہ کریں اور آج کل تو ہر گھر کو ٹی وی نے ناچ گھر اور گانا گھر بنا دیا ہے، چھوٹے بڑے مل کر سب گانا سنتے ہیں جس کی وجہ سے فرض نمازیں تک غارت کی جاتی ہیں اور اللہ کی یاد میں مشغول ہونے کا تو ذکر ہی کیا ہے، جن گھروں کو کبھی شریف گھرانہ سمجھا جاتا تھا آج ان گھرانوں کی بچیوں کو ناچ گانا سکھایا جاتا ہے اور ان کی ہمت افزائی کی جاتی ہے اور انہیں گلوکارہ اور فنکار کے القاب دیئے جاتے ہیں، پھر اوپر سے غضب یہ ہے کہ اسے اسلامی ثقافت سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

حضرت ابوامامہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ گانے والی لونڈیوں کی خرید و فروخت نہ کرو اور انہیں (گانا) نہ سکھاؤ اور ان کی قیمت حرام ہے اور فرمایا اسی جیسے معاملہ کے بارے میں آیت کریمہ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِیْ لَهْوَ الْحَدِيْثِ نازل ہوئی۔

حضرت ابوالصہباء نے بیان کیا کہ میں نے اس آیت کے بارے میں حضرت ابن مسعودؓ سے سوال کیا تو انہوں نے فرمایا کہ قسم اللہ کی جس کے سوا کوئی معبود نہیں اس آیت میں غناء یعنی گانے کی مذمت کی گئی ہے۔ (معالم التنزیل جلد ۲ ص ۴۹۰)

گانے بجانے کے شغل نے لوگوں کو بربادی کے گڑھے پر لا کر کھڑا کر دیا ہے اور عجیب بات یہ ہے کہ جو مصیبتیں آتی ہیں انہیں اپنی بدعملی کا نتیجہ نہیں سمجھتے اور اگر سمجھتے ہیں تو جھوٹی زبان سے کہہ دیتے ہیں کہ یہ سب کچھ ہمارے اعمال کا نتیجہ ہے لیکن ان اعمال کو چھوڑنے پر آمادہ نہیں ہوتے گناہوں میں جیسے لت پت تھے ایسے ہی مصیبتوں کے آنے پر ان میں مشغول رہتے ہیں، بات یہ ہے کہ ہم نے نفس ہی کو آگے رکھ لیا ہے، اسی کو امام بنا لیا ہے، اسے ناراض کرنے کے لیے تیار نہیں ہوتے۔

حضرت ابو عامر اشعریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہؐ نے ارشاد فرمایا کہ میری امت میں ضرور ایسے لوگ ہوں گے جو زنا کو اور ریشم کو اور شراب کو اور گانے بجانے کے سامان کو حلال کر لیں گے اور بہت سے ایسے لوگ ہوں گے جو ایک پہاڑ کے قریب قیام کریں گے ان کے جانور شام کو ان کے پاس پہنچا کریں گے، ان کے پاس ایک شخص کسی ضرورت سے آئے گا تو اس سے کہیں گے کہ کل کو آنا پھر کل آنے سے پہلے ہی اللہ تعالیٰ ان کو ہلاک فرما دے گا اور ان پر پہاڑ گر پڑے گا اور ان میں سے کچھ لوگوں کو قیامت کے دن تک کے لیے بندر خنزیر بنا دے گا۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۴۵۶ از صحیح بخاری)

ارشاد نبوی کہ میں گانے بجانے کی چیزیں مٹانے کے لیے آیا ہوں........حضرت ابوامامہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے مجھے جہانوں کے لیے رحمت بنا کر اور جہانوں کے لیے ہدایت بنا کر بھیجا ہے اور میرے رب نے مجھے حکم دیا ہے کہ گانے بجانے کے آلات کو اور بتوں کو اور صلیب کو (جسے عیسائی پوجتے ہیں) اور جاہلیت کے کاموں کو مٹا دوں۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۳۱۸)

اب نام نہاد مسلمانوں کو دیکھو کہ حضور رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم جن چیزوں کو مٹانے کیلئے تشریف لائے انہیں چیزوں کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نعت سننے میں استعمال کرتے ہیں، پھر اوپر سے ثواب کی امید کرتے ہیں نفس و شیطان نے ایسا مزاج بنا دیا

ہے کہ قرآن وحدیث کا قانون بتانے والوں کی بات ناگوار معلوم ہوتی ہے راتوں رات بارمونیم اور طبلہ اور سارنگی پر اشعار سنتے ہیں اور ساری رات اس کام میں مشغول رہتے ہیں جس کے مٹانے کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور رات بھر قوالی سن کر فجر کی اذان ہوتے ہی نماز پڑھے بغیر سو جاتے ہیں' دیکھ لو یہ ہیں حب نبوی ﷺ کے متوالے جنہیں فرض نمازوں کے غارت کرنے پر ذرا بھی ملال نہیں' خدارا انصاف کرو یہ راتوں کو جاگنا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نعت سننے کے لیے ہے یا آپ کا اسم گرامی استعمال کر کے نفس وشیطان کو لذیذ گانے کی غذا دینے کے لیے ہے؟

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: اَلْجَرَسُ مَزَامِیْرُ الشَّیْطَانِ۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۳۳۸ رواہ مسلم) گھنٹیاں شیطان کے باجے ہیں) اور یہ بھی ارشاد فرمایا ہے کہ لَاتَصْحَبُ الْمَلٰٓئِکَۃُ رفقۃً فِیْھَا کَلْبٌ وَّلَا جَرَسٌ۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۳۳۸ رواہ مسلم) جن لوگوں کے ساتھ کتا یا گھنٹی ہو رحمت کے فرشتے ان کے ساتھ نہیں رہتے' ایک اور حدیث میں ارشاد ہے کہ مَعَ کُلِّ جَرَسٍ شَیْطَانٌ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۳۷۹) (ہر گھنٹی کے ساتھ شیطان ہوتا ہے) حضرت عائشہ صدیقہؓ کی خدمت میں ایک لڑکی داخل ہونے لگی اس کے پاؤں میں بجنے والا زیور تھا' حضرت عائشہ صدیقہؓ نے فرمایا کہ اس لڑکی کو میرے پاس ہرگز نہ لائیں جب تک اس کے جھانجن نہ کاٹ دیئے جائیں' میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ جس گھر میں گھنٹی ہو اس میں رحمت کے فرشتے داخل نہیں ہوتے۔

بات یہ ہے کہ گانے بجانے کا دھندا شیطانی دھندا ہے' جو لوگ شیطانی اعمال کرتے ہیں انہیں بجنے بجانے والی چیزوں سے محبت اور رغبت ہوتی ہے اسی لیے دیکھا جاتا ہے کہ ہندوؤں کے مندروں اور نصاریٰ کے گرجا گھروں میں اور ان تمام مواقع میں جہاں شیطان کا راج ہوگا نے بجانے کا انتظام اور اہتمام ہوتا ہے۔ شیطان ان سے گانے گواتا ہے اور باجے بجواتا ہے اور خود بھی سنتا ہے اور مزے لیتا ہے۔

جاہل پیروں کی بدعملی......... بعض لوگ جو پیری مریدی کا پیشہ کرتے ہیں وہ اپنی خانقاہوں میں اور قبروں پر ساز سارنگی اور ہارمونیم اور طبلہ بجانے کا خاص اہتمام کرتے ہیں اور عجیب بات یہ ہے کہ اس کو کار خیر سمجھتے ہیں اور بزرگوں کا طریقہ بتاتے ہیں حالانکہ جن بزرگوں سے نعتیہ اشعار سننا منقول ہے انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ ایسی محفلوں میں شریک ہونے کی شرط یہ ہے کہ ''بجانے کا سامان نہ ہو اور بے ریش لڑکے نہ ہوں اور عورتیں نہ ہوں'' اگر کسی شخص نے ساز اور سارنگی کے ساتھ قوالی سن لی (اگرچہ پیر بنتا ہو) تو اس کا یہ عمل کیسے دلیل بن سکتا ہے جبکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرما دیا کہ میں گانے بجانے کے سامان کو مٹانے کے لیے آیا ہوں' اسلام میں جب بجتا ہوا زیور گوارا نہیں اور جانوروں کے گلے میں جو گھنٹی ڈال دی جاتی ہے وہ بھی برداشت نہیں تو گانے بجانے کا اہتمام کرنا اور اس کے لیے جمع ہونا کیسے گوارا ہو سکتا ہے؟

حضرت نافعؒ نے بیان کیا کہ میں حضرت ابن عمرؓ کے ساتھ جا رہا تھا انہوں نے مزمار کی آواز سنی (جو بجانے کی چیز تھی) یہ آواز سن کر انہوں نے اپنے کانوں میں انگلیاں دے دیں اور ایک جانب کو راستہ سے دور ہو گئے پھر دور چلے جانے کے بعد دریافت فرمایا کہ اے نافع رضی اللہ عنہ کیا آواز آ رہی ہے؟ میں نے عرض کیا کہ اب آواز نہیں آ رہی' اس پر انہوں نے اپنے کانوں سے انگلیاں ہٹا دیں اور فرمایا کہ میں ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جا رہا تھا کہ آپ نے ایک بانسری کی آواز سنی اور یہی عمل کیا ہے جو میں نے کیا ہے۔ واقعہ بیان کر کے حضرت نافعؒ نے فرمایا کہ جس وقت کا یہ واقعہ ہے میں اس وقت کم عمر تھا۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۴۱۱ از احمد و ابوداؤد)

حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے روایت ہے کہ بلاشبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شراب سے اور جوئے سے اور طبل سے اور غبیراء سے

منع فرمایا' یہ اہل حبشہ کی ایک شراب تھی اور فرمایا کہ ہر نشہ والی چیز حرام ہے۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۳۱۸)

لَهْوَ الْحَدِيْثِ (جو چیز کھیل میں لگائے)............اس کے عموم میں ہر چیز آ جاتی ہے چونکہ سبب نزول میں گانے بجانے کی چیزوں کا بھی ذکر ہے اور یہ اللہ تعالیٰ کے ذکر سے اور نماز سے غافل کرنے میں سب سے زیادہ بڑھ کر ہے اور بعض لوگ ساز اور سارنگی کے ساتھ قوالی سننے کو ثواب سمجھتے ہیں اس لیے مندرجہ بالا مضمون کو ہم نے اہتمام سے بیان کیا ہے اور گانے بجانے کے سلسلہ میں جو روایات سرسری طور پر سامنے آئی ہیں ان کو جمع کر دیا ہے جو لوگ کسی بھی ایسے کام میں مشغول ہوں جو اللہ کی یاد سے ہٹائے یہ سب لَهْوَ الْحَدِيْثِ ہے۔

یاد رہے کہ لایعنی باتوں میں مشغول ہونے میں یہ نقصان بہر حال ہے کہ جتنی دیر میں یہ باتیں کی جائیں گی تلاوت قرآن اور ذکر اللہ سے محروم رہے گا جو بہت بڑا نقصان ہے' مباح ہونا اور بات ہے اور ثواب سے محروم ہونا دوسری چیز ہے اور غیبت اور چغلی جھوٹ تو بہر حال حرام ہی ہے۔

لَهْوَ الْحَدِيْثِ میں بعض چیزیں حرام ہیں جن میں قمار یعنی جوا کھیلنا بھی شامل ہے اور بعض چیزیں مکروہ ہیں جن میں گناہ تو نہیں مگر وقت ضائع ہوتا ہے اگر ضیافت طبع اور دماغ کی تفریح کے لیے کوئی شعر پڑھا جائے جو گندانہ ہو تو یہ مباح ہے۔

شطرنج وغیرہ کا تذکرہ............شطرنج کے بارے میں حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ نے فرمایا کہ شطرنج سے وہی شخص کھیلے گا جو گنہگار ہوگا اور انہوں نے یہ بھی فرمایا کہ یہ باطل چیز ہے اور اللہ تعالیٰ کو باطل چیز پسند نہیں۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۳۸۷) حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ ہی سے یہ بھی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص نرد سے کھیلا (جو شطرنج کی طرح کھیلنے کی ایک چیز تھی) سو اس نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۳۸۶)

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو دیکھا جو کبوتر کے پیچھے لگا ہوا تھا' اسے دیکھ کر آپؐ نے فرمایا کہ یہ شیطان ہے جو شیطان کے پیچھے لگ رہا ہے۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۳۸۶) روایات حدیث میں تاش کھیلنے کا ذکر نہیں ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس زمانہ میں نہیں تھا اگر ہار جیت کی شرط کے ساتھ ہو تو قمار یعنی جوا ہے' اس کے حرام ہونے میں کوئی شک نہیں اور اگر قمار کے بغیر ہو تو بہر حال اللہ تعالیٰ کے ذکر سے غافل کرنے والا تو ہے ہی جیسا کہ تاش کھیلنے والوں کو دیکھا جاتا ہے۔

قرآن مجید میں وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِيْ لَهْوَ الْحَدِيْثِ فرمایا ہے۔ اِشْتَرٰی کے لغوی معنی خریدنے کے ہیں اور ایک کام کے بدلہ دوسرے کام کو اختیار کرنے کے لیے بھی اس لفظ کا اطلاق ہوتا ہے جیسا کہ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ میں استعمال ہوا ہے۔ یہاں آیت کریمہ جو یَشْتَرِی فرمایا ہے اس میں اس طرف اشارہ ہے کہ بعض لوگ قرآن کو چھوڑ کر اس کے عوض لهو الحديث کو اختیار کر لیتے ہیں یعنی کھیلنے کی چیزوں میں لگ جاتے ہیں اور قرآن کریم کی طرف متوجہ نہیں ہوتے جس کی فضیلت سورۃ کے شروع کی دو آیتوں میں بیان فرمائی۔ قَالَ البغوی فی معالم التنزیل ای یستبدل ویختار الغناء والمزامیر والمعازف علی القرآن۔ (جلد ۳ ص ۴۹۰) (علامہ بغویؒ نے معالم التنزیل میں لکھا ہے "یعنی گانے بجانے اور لہو ولعب کے آلات کو قرآن کے بدلے میں لیتا ہے اور انہیں قرآن کے بدلے میں ترجیح دیتا ہے"۔)

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا وَاَلْقٰى فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ

اللہ نے آسمانوں کو بلا ستون پیدا فرمایا تم اسے دیکھ رہے ہو اور زمین میں پہاڑ ڈال دیئے کہ وہ تم کو لے کر ڈانواں ڈول نہ ہو اور اس میں ہر طرح کے

كُلِّ دَآبَّةٍ ؕ وَ اَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ كَرِيْمٍ ۞ هٰذَا خَلْقُ اللّٰهِ

جانور پھیلا دیئے اور ہم نے آسمان سے پانی برسایا سو ہم نے زمین میں ہر قسم کے اچھے پھل اگا دیئے۔ یہ اللہ کی پیدا کی ہوئی چیزیں

فَاَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقَ الَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ ؕ بَلِ الظّٰلِمُوْنَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۞

ہیں سو تم مجھے دکھاؤ کہ انہوں نے کیا پیدا کیا جو اس کے علاوہ ہیں؟ بلکہ بات یہ ہے کہ ظالم لوگ کھلی ہوئی گمراہی میں ہیں۔

آسمان و زمین اور پہاڑ سب اللہ تعالیٰ کی مخلوق ہیں اس کے سوا کسی نے کچھ بھی پیدا نہیں کیا

یہ دو آیتیں ہیں، پہلی آیت میں آسمان کی تخلیق اور زمین کے بعض احوال بیان فرمائے اول تو یہ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے آسمانوں کو بغیر ستون کے پیدا فرمایا ہے تم آسمانوں کو دیکھ رہے ہو کہیں بھی کوئی ستون نہیں ہے اتنے بڑے اور بھاری ساتوں آسمان محض اللہ تعالیٰ کی قدرت سے قائم ہیں انہیں قائم رکھنے کے لیے اسے ستون بنانے اور ان پر قائم رکھنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

اس کے بعد پہاڑوں کی تخلیق کا تذکرہ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے زمین میں بڑے بڑے بھاری بھاری پہاڑ ڈال دیئے تاکہ وہ تمہیں لیکر حرکت نہ کریں اگر یہ پہاڑ نہ ہوتے تو سمندروں کے پانیوں کی وجہ سے جو اسے گھیرے ہوئے ہیں اور سخت تیز ہواؤں کی وجہ سے زمین حرکت کرتی رہتی جب وہ حرکت کرتی تو بنی آدم بھی اس کے ساتھ متحرک ہوتے گرتے پڑتے اور کوئی کام نہ کر پاتے، یوں تو اللہ تعالیٰ کی قدرت ہے کہ پہاڑوں کے بغیر بھی زمین کو ہلنے جلنے سے محفوظ رکھے لیکن اس نے اسباب کے طور پر اس پر پہاڑ پیدا فرما دیئے، اسی لیے جب اللہ تعالیٰ کی مشیت ہوتی ہے تو پہاڑوں کے ہوتے ہوئے بھی زمین میں زلزلہ آ جاتا ہے اور قیامت کے دن تو زمین میں پوری طرح بھونچال آنا ہی ہے جسے اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا میں بیان فرمایا ہے۔ یاد رہے کہ آیت کریمہ میں جس حرکت کی نفی فرمائی ہے اس سے زلزلہ جیسی حرکت مراد ہے، اگر زمین کی حرکت متدیرہ ہو جیسا کہ اہل سائنس کہنے لگے ہیں تو آیت کریمہ میں اس کی نفی نہیں ہے۔

پھر فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے زمین میں ہر طرح کے چوپائے پیدا فرما دیئے، یہ چوپائے زمین پر پھیلے ہوئے ہیں، چرتے پھرتے ہیں اور کھاتے پیتے ہیں اور انسانوں کی ضرورت میں کام آتے ہیں، نیز اللہ تعالیٰ نے آسمان سے زمین پر پانی برسایا جو بار بار برستا ہے، اس پانی کی وجہ سے مختلف انواع کی چیزیں پیدا ہوتی رہتی ہیں جو انسانوں کے بھی کام آتی ہیں اور ان کے چوپایوں کو بھی ان میں سے چارہ ملتا ہے۔

دوسری آیت میں فرمایا کہ جو اوپر مذکور ہوا یہ سب اللہ تعالیٰ کی تخلیق ہے، جو ان چیزوں کا خالق ہے صرف وہی عبادت کے لائق ہے، مشرکین نے اللہ تعالیٰ کے سوا جو معبود تجویز کر رکھے ہیں وہ تو عاجز محض ہیں اگر انہوں نے کوئی چیز پیدا کی ہو تو دکھاؤ وہ کیا ہے۔ جب کائنات کا ذرہ ذرہ اللہ تعالیٰ نے پیدا فرمایا اور تمہارے تجویز کیے ہوئے باطل معبود بھی اسی کی مخلوق ہیں اور ان کے عاجز ہونے کا یہ عالم ہے کہ سب مل کر ایک مکھی بھی پیدا نہیں کر سکتے (لَنْ يَّخْلُقُوْا ذُبَابًا وَّلَوِ اجْتَمَعُوْا لَهٗ) تو انہیں اللہ تعالیٰ کا شریک کیوں ٹھہراتے ہو؟ اللہ تعالیٰ کے سوا معبود تجویز کرنا صریح گمراہی ہے، اس بات کو واضح فرمانے کے لیے آیت کریمہ کو بَلِ الظّٰلِمُوْنَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۞ پر ختم فرمایا۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا لُقْمٰنَ الْحِكْمَةَ اَنِ اشْكُرْ لِلّٰهِ ۭ وَمَنْ يَّشْكُرْ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ

اور بلا شبہ ہم نے لقمان کو دانشمندی عطا فرمائی کہ اللہ کا شکر ادا کر، جو شخص شکر ادا کرے سو وہ اپنے ہی بھلے کے لیے شکر ادا کرتا ہے، اور جو شخص

كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ⑫ وَاِذْ قَالَ لُقْمٰنُ لِابْنِهٖ وَهُوَ يَعِظُهٗ يٰبُنَيَّ لَا تُشْرِكْ

ناشکری کرے تو اس میں شک نہیں کہ اللہ بے نیاز حمد کا مستحق ہے۔ اور جب لقمان نے نصیحت کرتے ہوئے اپنے بیٹے سے کہا اے میرے بیٹو! اللہ کے ساتھ شرک نہ کرنا، بلاشبہ شرک

بِاللّٰهِ ۭ اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ ⑬ وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ ۚ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ وَهْنًا

بہت بڑا ظلم ہے اور ہم نے انسان کو اس کے والدین کے بارے میں تاکید کر دی، اس کی ماں نے ضعف پر ضعف برداشت کرتے ہوئے

عَلٰى وَهْنٍ وَّفِصٰلُهٗ فِيْ عَامَيْنِ اَنِ اشْكُرْ لِيْ وَلِوَالِدَيْكَ ۭ اِلَيَّ الْمَصِيْرُ ⑭ وَاِنْ جَاهَدٰكَ

اسے پیٹ میں رکھا اور اس کا دودھ چھوٹنا دو سال میں ہے یہ کہ تو میرا شکر ادا کر اور اپنے والدین کا بھی، میری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے۔ اور اگر تیرے ماں باپ

عَلٰٓى اَنْ تُشْرِكَ بِيْ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ۙ فَلَا تُطِعْهُمَا وَصَاحِبْهُمَا فِي الدُّنْيَا مَعْرُوْفًا ۡ

تجھ پر زور دیں کہ تو میرے ساتھ شرک کرے جس کی تیرے پاس کوئی دلیل نہیں تو ان کی فرمانبرداری نہ کرنا اور ان کے ساتھ دنیا میں خوبی کے ساتھ رہنا

وَّاتَّبِعْ سَبِيْلَ مَنْ اَنَابَ اِلَيَّ ۚ ثُمَّ اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ⑮

اور جو شخص میری طرف متوجہ ہو اس کا اتباع کرنا پھر تم سب کو میری طرف لوٹنا ہے سو میں تمہیں ان اعمال سے باخبر کر دوں گا جو تم کیا کرتے تھے۔

وقف النبی ﷺ

النصف

حضرت حکیم لقمانؒ کے نصائح

اس رکوع میں حضرت لقمانؒ کا اور ان کی نصیحتوں کا ذکر ہے جو انہوں نے اپنے بیٹے کو کی تھیں، درمیان میں یہ بھی ارشاد فرمایا ہے کہ ہم نے انسان کو وصیت کی کہ اپنے ماں باپ کے ساتھ اچھی طرح پیش آئے۔

حضرت لقمانؒ کا تعارف......... لقمانؒ کون تھے اور کس زمانہ میں تھے؟ اس بارے میں اصحاب سیر اور علمائے تفسیر نے کئی باتیں لکھی ہیں، یہ سب باتیں اسرائیلیات میں سے ہیں۔ صاحب روح المعانی نے لکھا ہے کہ وہ حضرت ایوب علیہ السلام کی بہن کے بیٹے تھے اور ایک قول یہ ہے کہ ان کی خالہ کے بیٹے تھے، والد کا نام باعوراء اور عنقاء لکھا ہے اور ایک قول یہ ہے کہ یہ آزر کی اولاد میں سے تھے، ایک ہزار سال تک زندہ رہے اور داؤد علیہ السلام کا زمانہ پایا اور ان سے علم بھی حاصل کیا۔ واقدی سے نقل کیا گیا ہے کہ وہ حضرت عیسیٰ اور حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان جو زمانہ تھا اس میں گزرے ہیں پھر اس میں یہ اختلاف ہے کہ وہ نبی تھے یا نہیں، حضرت عکرمہؒ اور شعبیؒ سے نقل کیا ہے کہ وہ نبی تھے بعض لوگوں نے انہیں حبشی بتایا ہے ان کے آزاد اور غلام ہونے میں بھی اختلاف ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

ان کا شغل کیا تھا؟ اس بارے میں بھی متعدد اقوال ہیں: اول یہ کہ وہ نجار تھے یعنی بڑھئی کا کام کرتے تھے اور دوئم یہ کہ گدے اور تکیے بناتے تھے۔ سوئم یہ کہ درزی کا کام کرتے تھے اور ایک قول یہ ہے کہ بکریاں چراتے تھے یہ سب باتیں لکھنے کے بعد صاحب روح المعانی

جلد ۲۱ ص ۸۳ میں فرماتے ہیں: ولا وثوق لی بشیء من ھذہ الاخبار غیرانی اختارانہ کان رَجُلًا صالحًا حکیمًا و لم یکن نبیًا (یعنی ان باتوں میں سے کسی بات پر بھی وثوق نہیں کیا جا سکتا اور میں یہ مانتا ہوں کہ وہ رجل صالح تھے، حکیم تھے اور نبی نہیں تھے۔)
جب نبی نہیں تھے تو ان کو جو خطاب ہے وہ بذریعہ الہام تھا یا ان کے زمانہ کے نبی کے ذریعہ تھا۔ بعض روایات میں ہے کہ وہ بنی اسرائیل کے قاضی تھے۔ حضرت لقمانؒ سے بہت کلمات حکمت منقول ہیں، مؤطا امام مالک میں ہے کہ حضرت لقمان حکیمؒ سے دریافت کیا گیا کہ یہ جو آپ کو علم اور فضل ملا ہے اس کا کیا سبب ہے؟ انہوں نے فرمایا کہ تین باتوں پر عمل کرنے سے یہ مقام حاصل ہوا، (۱) سچی بات کرنا، (۲) امانت ادا کرنا، (۳) لایعنی بات اور لایعنی کام کو چھوڑ دینا۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۴۴۵)

یہ جو فرمایا کہ ہم نے لقمان کو حکمت دی اس حکمت کی تشریح میں بھی متعدد اقوال ہیں۔ حضرت ابن عباسؓ سے منقول ہے کہ حکمت سے عقل و فہم اور سمجھداری مراد ہے اور علامہ راغب اصفہانیؒ نے فرمایا کہ اس سے موجودات کی معرفت اور اچھے کام کرنا مراد ہے، امام رازیؒ نے فرمایا کہ علم کے مطابق عمل کرنا مراد ہے اور بعض حضرات نے فرمایا کہ اس سے علم و عمل دونوں کی پختگی مراد ہے۔ (روح المعانی)

اَنِ اشْكُرْ لِلّٰهِ (کہ تو اللہ کا شکر ادا کر) جو نعمتیں تمہیں دی ہیں ان سب کا اور خاص کر حکمت جو عطا فرمائی ہے اس کا شکر ادا کرو، وَمَنْ يَّشْكُرْ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ (اور جو شخص اللہ کا شکر ادا کرتا ہے وہ اپنی ہی جان کے لیے شکر کرتا ہے) کیونکہ اس شکر کا نفع خود اسی کو پہنچے گا اللہ تعالیٰ ثواب بھی عطا فرمائے گا اور مزید نعمتیں دے گا، جیسا کہ لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ میں واضح فرمادیا ہے، وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ اور جو شخص ناشکری کرے گا تو اس میں اس کا اپنا ہی نقصان ہے اور اللہ تعالیٰ کو کسی کے شکر گزار ہونے کی ضرورت نہیں وہ ساری مخلوق سے اور ساری مخلوق کے اعمال سے اور طاعات سے بے نیاز ہے اور وہ حمید ہے تمام خوبیوں والا ہے، اس کی ذات کامل ہے، صفات عالیہ سے متصف ہے کوئی شخص اس کی حمد و ثناء بیان کرنے میں مشغول ہو یا نہ ہو وہ بہرحال حمید ہے۔

شرک ظلم عظیم ہے............ اس کے بعد حضرت لقمانؒ کی ایک اہم نصیحت کا تذکرہ فرمایا اور وہ یہ کہ تو کسی کو اللہ کا شریک نہ بنانا نہ اعتقادیات میں نہ عبادات میں 'اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ (بلاشبہ شرک ظلم عظیم ہے) جس کسی چیز کو بے محل استعمال کیا جائے اسے ظلم کہتے ہیں اور اس سے بڑا کیا ظلم ہوگا کہ اپنے خالق اور مالک کو چھوڑ کر اپنے جیسی مخلوق کی عبادت کی جائے۔

والدین کے ساتھ حسن سلوک کی وصیت............ وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ (الآیة) اور ہم نے انسانوں کو تاکید کی کہ اپنے والدین کے ساتھ اچھی طرح پیش آتا رہ ان کی خدمت کر، حسن سلوک کا رویہ اختیار کر، انسان کو سمجھنا چاہیے کہ کبھی وہ حاجت مند تھا اس وقت اس کے ماں باپ نے اس کی خدمت کی، اس کی ضرورتوں کا خیال رکھا اور اسکے لیے تکلیفیں برداشت کیں، ایک والدہ ہی کی مصیبت کو دیکھ لو اس نے زمانہ حمل میں پیٹ میں رکھا، ضعف پر ضعف کو برداشت کیا کیونکہ جیسے جیسے حمل کی مدت بڑھتی چلی جاتی ہے اسکے ساتھ ساتھ عورت کا ضعف بھی بڑھتا چلا جاتا ہے، سورۂ بنی اسرائیل میں جو دعا تلقین فرمائی ہے اس میں ماں اور باپ دونوں کی محنت و مشقت کا ذکر ہے، ارشاد ہے وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا (اے انسان تو یوں دعا کر کہ اے رب ان دونوں پر رحم فرما جیسا کہ انہوں نے مجھے بچپن میں پالا ہے)

وَفِصَالُهٗ فِيْ عَامَيْنِ (اور انسان کا دودھ نہ چھوٹنا دو سال میں ہے) بچے کی پیدائش کے بعد دودھ پلانے کا سلسلہ چلتا ہے اس زمانہ میں بھی ماں باپ کو تکلیف اٹھانی پڑتی ہے بچہ دودھ پیتا جاتا ہے، جسم بڑھتا رہتا ہے، توانائی آتی رہتی ہے، ماں دودھ پلانے کا اہتمام کرتی ہے، باپ مال کسب کرتا ہے، بچہ سوتے سوتے ڈر جاتا ہے، کبھی بخار آجاتا ہے، کبھی کسی اور تکلیف میں مبتلا ہو جاتا ہے ماں باپ جان نثاری

کے ساتھ اس کی خدمت کرتے ہیں، اسے آرام سے سلاتے ہیں اپنی نیند کھوتے ہیں اور اسے سینے سے لگائے لگائے پھرتے ہیں، یہ تو چھٹپنے کی باتیں ہیں اور اس کے بعد بھی بالغ ہونے تک اس کی پرورش اور پرداخت میں لگے ہی رہتے ہیں۔ ان کی محنتوں اور مشقتوں کو سامنے رکھا جائے تو ایک شریف انسان کا دل یہی چاہتا ہے کہ جب بڑا ہو گیا تو اب انہیں آرام پہنچائے اور ان کی خدمت کرے اور ان کی خدمات کا شکر گزار رہو۔ شرافت انسانی کا یہی تقاضا ہے پھر خالق جل مجدہ نے بھی اس کا حکم فرمایا ہے سب سے بڑا شکر تو اللہ تعالیٰ کا ہے جس نے انسان کو پیدا فرمایا اور اس کے ماں باپ کو بھی اور ماں باپ کے دل میں محبت اور مامتا ڈالی جنہوں نے دکھ سکھ میں پرورش کی، ان کی یہ محنت اور مشقت لائق شکر ہے اس لیے فرمایا: اَنِ اشْکُرْ لِیْ وَلِوَالِدَیْکَ (کہ تو میرا شکر ادا کر اور اپنے ماں باپ کا) ساتھ ہی اِلَیَّ الْمَصِیْرُ بھی فرمایا (کہ سب کو میری طرف لوٹنا ہے) جو شخص جو بھی عمل کرے گا اس کی جزا سزا پالے گا۔

اس کے بعد فرمایا: وَاِنْ جَاهَدٰكَ عَلٰٓى اَنْ تُشْرِكَ بِیْ مَا لَیْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا (اور اگر تیرے والدین تجھ پر اس بات کا زور ڈالیں کہ تو میرے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرائے جس کی تیرے پاس کوئی دلیل نہیں ہے تو ان کی فرمانبرداری نہ کرنا) دنیا میں اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانے اور غیر اللہ کی عبادت کرنے کا سلسلہ چلا ہوا ہے، یہ ایک محض اندھی تقلید کے طور پر ہے، ماں باپ کو مشرک پاتے ہوئے شرک کا رواج دیکھتے ہیں تو خود بھی شرک میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ اسی لیے جب مشرکین کو تنبیہ کی جاتی ہے اور شرک سے روکا جاتا ہے تو کہہ دیتے ہیں کہ ہم نے اپنے آباؤ اجداد کو اسی پر پایا، علمی عقلی دلیل کوئی نہیں محض تقلید ہے۔ اللہ تعالیٰ شانہ نے ارشاد فرمایا کہ جو چیز بے دلیل ہے وہ غلط ہے، گمراہی ہے اسے اختیار نہ کرو، اگر ماں باپ زور دیں کہ اللہ کے ساتھ شرک کرو تو اس میں ان کی اطاعت نہ کرنا۔ انہیں یہ حق نہیں پہنچتا کہ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کا حکم دیں، سب سے بڑا اللہ تعالیٰ کا حق ہے کیونکہ وہ خالق اور مالک ہے کسی کے بھی کہنے سے اس کی نافرمانی کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ کسی کے کہنے سے نہ شرک اختیار کرنا جائز ہے نہ کسی بھی قسم کا کفر نہ کسی بھی قسم کا گناہ۔ اسی لیے حدیث شریف میں فرمایا **لا طاعة لمخلوق فی معصیة الخالق** کہ خالق کی نافرمانی میں کسی کی فرمانبرداری نہیں ہے۔

وَصَاحِبْهُمَا فِی الدُّنْیَا مَعْرُوْفًا (اور دنیا میں ان کے ساتھ خوبی کے ساتھ رہنا سہنا رکھو) یعنی ماں باپ کے ساتھ حسن سلوک کا برتاؤ رکھو، مؤمن ہوں یا کافر حسن سلوک کے ساتھ پیش آتے رہو، اگر وہ کافر ہیں تو ان کے کفر کی وجہ سے ان کی خدمت اور حسن سلوک سے منہ نہ موڑو بس اتنا خیال رہے کہ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی نہ ہو۔

وَاتَّبِعْ سَبِیْلَ مَنْ اَنَابَ اِلَیَّ (اور جو لوگ میرے راستے کی طرف رجوع کریں ان کا اتباع کرنا) اس میں نیک بننے اور نیکیوں پر ثابت قدم رکھنے کا طریقہ بتا دیا اور وہ یہ کہ جو بندے اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرتے ہیں ان کا اتباع کیا جائے۔ انسان کا مزاج ہے کہ وہ صحبت سے متأثر ہوتا ہے، برے آدمیوں میں آنا جانا رکھتا ہے تو ان کا اثر لے لیتا ہے اور اگر صالحین کے پاس آتا جاتا ہے، ان کی مجلسوں میں اُٹھتا بیٹھتا ہے تو نیکی کی طرف طبیعت چلنے لگتی ہے لہٰذا انسان پر لازم ہے کہ جو لوگ اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرتے ہیں ان کی بتائی ہوئی راہ پر چلے، انہیں کے ساتھ رہے اور ان کا اتباع کرے ورنہ شیطان اچک لے گا اور بری راہ پر ڈال دے گا۔

ثُمَّ اِلَیَّ مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ (پھر میری طرف تم سب کا لوٹنا ہے سو میں تمہیں ان کاموں سے باخبر کردوں گا جو تم کیا کرتے تھے) ہر ایک اپنے عمل سے باخبر ہوگا اور اپنے اپنے عمل کے مطابق سزا و جزا کا مستحق ہوگا۔ والدین کی خدمت اور فرمانبرداری کے بارے میں سورۃ الاسراء کے رکوع نمبر ۳ میں اور سورۃ العنکبوت کے رکوع نمبر ۱ میں تفصیل سے لکھا جا چکا ہے اس کا بھی مطالعہ کر لیا جائے۔

يٰبُنَيَّ اِنَّهَآ اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِيْ صَخْرَةٍ اَوْ فِي السَّمٰوٰتِ اَوْ فِي

اے میرے بیٹے! بے شک بات یہ ہے کہ اگر کوئی عمل رائی کے دانہ کے برابر ہو پھر وہ پتھر کے اندر ہو یا آسمانوں میں ہو یا زمین میں

الْاَرْضِ يَاْتِ بِهَا اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ﴿١٦﴾ يٰبُنَيَّ اَقِمِ الصَّلٰوةَ وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ

ہو اللہ اس کو حاضر کر دے گا بلا شبہ وہ لطیف ہے خبیر ہے۔ اے بیٹے! نماز قائم کر اور بھلائی کا حکم کر اور برائی سے

وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلٰي مَآ اَصَابَكَ ۭ اِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ﴿١٧﴾ وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ

منع کر اور تجھے جو تکلیف پہنچ جائے اس پر صبر کر بلاشبہ یہ ہمت کے کاموں میں سے ہے۔ اور تو لوگوں سے

لِلنَّاسِ وَلَا تَمْشِ فِي الْاَرْضِ مَرَحًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ ﴿١٨﴾

اپنا رخ مت پھیر اور زمین پر اترا کر مل چل، بلا شبہ تکبر کرنے والے کو اللہ پسند نہیں فرماتا،

وَاقْصِدْ فِيْ مَشْيِكَ وَاغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ ۭ اِنَّ اَنْكَرَ الْاَصْوَاتِ لَصَوْتُ الْحَمِيْرِ ﴿١٩﴾ ع ۲ / ۸ / ۱۱

اور تو اپنی چال میں درمیانہ طریقہ اختیار کر اور اپنی آواز کو پست کر، بلا شبہ سب سے زیادہ مکروہ آواز گدھوں کی آواز ہے۔

نماز قائم کرنے اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی تاکید

انسانوں کو والدین کے ساتھ حسن سلوک کے ساتھ زندگی گزارنے کا حکم فرمانے کے بعد پھر حضرت لقمانؑ کی وصیتوں کا بیان شروع ہے۔ حضرت لقمانؑ نے اپنے بیٹے سے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کا علم بہت وسیع ہے وہ اپنی مخلوق کو اور مخلوق کے ہر عمل کو خوب اچھی طرح سے جانتا ہے، جب قیامت کے دن حاضر ہوں گے تو وہ چھوٹے بڑے عمل کی جزا دے گا، اگر کسی شخص نے بہت ہی چھپا کر کوئی عمل کیا ہو جو چھوٹا ہونے میں رائی کے دانہ کے برابر ہو اور اس کے پوشیدہ ہونے کی یہ صورت ہو کہ وہ کسی پتھر کے اندر چھپا ہوا ہو یا آسمانوں کے اندر موجود ہو یا زمین میں ہو تو اللہ تعالیٰ جل شانہ کو اس کا بھی علم ہے، جو چیزیں چھپی ہوئی ہیں وہ بھی اس سے پوشیدہ نہیں ہیں، حضرت لقمانؑ نے فرمایا کہ دیکھو بیٹا کسی کا کوئی بھی عمل ہو، کسی بھی طرح اور کہیں بھی پوشیدہ ہو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس کو حاضر فرما دے گا، کوئی شخص یہ نہ سمجھے کہ میں جو عمل چھپ کر کر لوں گا اس کی جزا سے بچ جاؤں گا، بلا شبہ اللہ تعالیٰ لطیف ہے، باریک بین ہے ہر ہر چیز کو جانتا ہے اور خبیر بھی ہے اسے ہر شخص ہر فرد اور ہر عمل کی خبر ہے۔

حضرت لقمانؑ نے اپنے بیٹے کو نماز قائم کرنے اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرنے کی بھی وصیت فرمائی، نماز کو قائم کرنا، اچھی طرح پڑھنا، دنیاوی دھندوں سے دل فارغ کر کے نماز میں لگنا، نماز ہی کی طرف متوجہ رہنا اور نماز کو صحیح طریقے پر ادا کرنا اور خود نیکی پر قائم رہتے ہوئے دوسروں کو بھی بھلائی کا حکم کرنا اور برائیوں سے روکنا یہ سب بہت بڑا اور اہم کام ہے، پھر جب کوئی شخص لوگوں کو فرائض و واجبات کی طرف متوجہ کرے، نیک کاموں کی تلقین کرے اور گناہوں پر متنبہ کرے تو اس کے مخاطبین بعض مرتبہ آڑے آ جاتے ہیں بے تکے جواب دیتے ہیں، طرح طرح کی باتیں سناتے ہیں جس سے قلبی و روحانی تکلیف ہوتی ہے اور بعض مرتبہ معاند جاہل جٹ مخاطب مبلغ اور داعی کو جسمانی تکلیف بھی پہنچا دیتے ہیں، اس پر صبر کرنے کی ضرورت ہوتی ہے اس لیے ثابت قدمی کے ساتھ کام کرتے

رہنے اور جو تکلیف پہنچے اسے سہنے اور اس پر صبر کرنے کی اہمیت بیان کرتے ہوئے اِنَّ ذٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ فرمایا کہ بلاشبہ یہ سب کچھ ہمت کے کاموں میں سے ہے۔

صبر کرنے کی اہمیت وضرورت اور تواضع سے پیش آنے کی تاکید.........وَاصْبِرْ عَلٰى مَآ اَصَابَكَ جو فرمایا گو یہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے سیاق میں واقع ہے لیکن الفاظ کا عموم ہر طرح کی مصیبت پر صبر کرنے کو شامل ہے۔ درحقیقت کسی بھی تکلیف پر صبر کرنا عین وقت پر تو بڑا مشکل معلوم ہوتا ہے لیکن اس کا پھل میٹھا اور اچھا ہی سامنے آتا ہے اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ میں بیان فرمایا ہے۔ حضرت لقمانؑ نے اپنے بیٹے سے یہ بھی فرمایا کہ لوگوں سے اپنا رخ مت پھیر یعنی تکبر نہ کر اور ایسا انداز رکھو جس سے اپنی بڑائی اور لوگوں کی حقارت نہ ہوتی ہو یعنی لوگوں کے ساتھ بشاشت کے ساتھ پیش آؤ، حق پر قائم رہتے ہوئے گھل مل کر رہو ان کی طرف سے اپنا رخ پھیر کر اور چہرہ موڑ کر نہ گزر جاؤ، درحقیقت یہ بہت بڑی نصیحت ہے اور ان لوگوں کو تنبیہ ہے جنہیں کچھ علم یا مال یا عہدہ مل جاتا ہے تو وہ دوسروں کو اس قابل نہیں سمجھتے کہ ان کے ساتھ انھیں بیٹھیں یا ان کے ساتھ لطف اور رفق اور مہربانی کے ساتھ پیش آئیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے اتنی بڑائی دی کہ جو کسی بھی مخلوق کو عطا نہیں فرمائی، آپ ﷺ تواضع کے ساتھ زندگی گزارتے تھے۔ شمائل ترمذی میں آپ کے اخلاق کریمانہ کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا ہے: وَاِذَا الْتَفَتَ اِلْتَفَتَ مَعًا کہ جب آپ ﷺ کسی کی طرف توجہ فرماتے تو پورے بدن کے ساتھ توجہ فرماتے تھے ایسا نہیں کہ جس سے بات ہو رہی ہو اس کے ساتھ لاپرواہی اور بے توجہی کا معاملہ فرماتے۔

حضرت انسؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ طریقہ تھا کہ جب کسی سے مصافحہ فرماتے تو اس کے ہاتھ سے اپنا ہاتھ خود نہیں چھڑاتے تھے جب تک کہ وہی اپنا ہاتھ نہ چھڑا لیتا اور جس سے ملاقات ہوتی تھی اس کی طرف سے اپنا چہرہ نہیں پھیرتے تھے جب تک کہ وہ خود نہ پھیر لیتا۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۵۲۰ از ترمذی)

حضرت ابو ہریرہؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ مؤمن الفت والا ہوتا ہے اور اس میں کوئی خیر نہیں جو الفت نہیں رکھتا اور جس سے لوگ الفت نہیں رکھتے۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۴۲۵ از احمد وبیہقی ومجمع الزوائد جلد ۱۰ ص ۲۷۳)

تکبر کی مذمت.........حضرت لقمانؑ نے اپنے بیٹے کو نصیحت کرتے ہوئے یہ بھی فرمایا کہ زمین پر اتراتے ہوئے اکڑتے مکڑتے ہوئے نہ چلو کیونکہ یہ تکبر کی بات ہے اور اللہ تعالیٰ تکبر کرنے والے اور فخر کرنے والے کو دوست نہیں رکھتا۔ سورۃ الاسراء رکوع نمبر ۳ میں بھی یہ مضمون گزر چکا ہے وہاں یہ بھی فرمایا ہے: اِنَّكَ لَنْ تَخْرِقَ الْاَرْضَ وَلَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُوْلًا (بلاشبہ تو زمین کو نہیں پھاڑ سکتا اور لمبائی کے اعتبار سے پہاڑوں تک نہیں پہنچ سکتا) یعنی تجھ سے بڑی بڑی مخلوق موجود ہے، تجھے اکڑنا مکڑنا اترانا اور شیخی بھگارنا کہاں زیب دیتا ہے۔

حضرت لقمانؑ نے اپنے بیٹے سے یہ بھی کہا کہ اپنی رفتار میں میانہ روی اختیار کرو یعنی اس طرح چلو کہ دوڑ بھاگ نہ ہو کیونکہ یہ وقار کے خلاف ہے اور اس میں خود اپنی ذات کو اور زمین پر رہنے اور بسنے والوں اور چلنے پھرنے والوں کے لیے بھی خطرہ ہے اور نہ بہت آہستہ چلو جیسا کہ تکبر اور تصنع والے چلتے ہیں تاکہ لوگوں پر اپنا امتیاز ظاہر کریں ہاں اگر کوئی بیمار اور ضعیف ہے تو وہ دوسری بات ہے۔

آواز کو پست کرنے کا حکم.........حضرت لقمان نے اپنے بیٹے کو یہ نصیحت بھی فرمائی کہ اپنی آواز کو پست کرو یعنی شور نہ کرو اور ضرورت سے زیادہ بلند آواز نہ نکالو، ساتھ ہی یہ بھی فرمایا کہ آوازوں میں سب سے زیادہ مکروہ آواز گدھوں کی آواز ہے۔ جس طرح گدھوں کی آواز سے تکلیف ہوتی ہے اسی طرح انسانوں کے چیخنے اور چلانے سے بھی وحشت اور اذیت ہوتی ہے۔

اَلَمْ تَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ وَاَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهٗ ظَاهِرَةً

کیا تم نے نہیں دیکھا کہ بلا شبہ اللہ نے تمہارے لیے وہ سب کچھ مسخر فرما لیا جو آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے اور تم پر اپنی ظاہری اور باطنی نعمتیں بھر پور

وَّبَاطِنَةً ؕ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِى اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ مُّنِيْرٍ ۝٢٠ وَاِذَا قِيْلَ

انڈیل دی ہیں، اور لوگوں میں بعض لوگ ایسے ہیں جو بغیر علم کے اور بغیر ہدایت کے اور بغیر روشن کتاب کے اللہ کے بارے میں جھگڑتے ہیں۔ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ اس چیز

لَهُمُ اتَّبِعُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا بَلْ نَتَّبِعُ مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ؕ اَوَلَوْ كَانَ الشَّيْطٰنُ

کا اتباع کرو جو اللہ نے نازل فرمائی تو کہتے ہیں کہ بلکہ ہم تو اس چیز کا اتباع کریں گے جس پر ہم نے اپنے باپ دادوں کو پایا ہے کیا باپ دادوں کا اتباع کریں گے اگرچہ ان کے

يَدْعُوْهُمْ اِلٰى عَذَابِ السَّعِيْرِ ۝٢١ وَمَنْ يُّسْلِمْ وَجْهَهٗٓ اِلَى اللّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ

باپ دادوں کو شیطان عذاب دوزخ کی طرف بلا رہا ہو۔ اور جو شخص اپنی ذات کو اللہ کا فرمانبردار بنا دے اور وہ مخلص بھی ہو تو اس نے مضبوط کڑے کو اچھی

بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ؕ وَاِلَى اللّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ ۝٢٢ وَمَنْ كَفَرَ فَلَا يَحْزُنْكَ كُفْرُهٗ ؕ اِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ

طرح سے پکڑ لیا اور اللہ ہی کی طرف سب کاموں کا انجام ہے۔ اور جو کوئی شخص کفر اختیار کرے تو اس کا کفر آپ کو رنجیدہ نہ کرے ان سب کو ہمارے ہی پاس لوٹنا ہے سو ہم

فَنُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝٢٣ نُمَتِّعُهُمْ قَلِيْلًا ثُمَّ نَضْطَرُّهُمْ اِلٰى عَذَابٍ غَلِيْظٍ ۝٢٤

انہیں وہ عمل بتا دیں گے جو انہوں نے کیے' بلا شبہ اللہ کو دلوں کی باتیں خوب معلوم ہیں۔ ہم انہیں چند روزہ عیش دیں گے پھر انہیں سخت عذاب کی طرف مجبور کریں گے۔

اللہ تعالیٰ نے انسان کو بھر پور ظاہری اور باطنی نعمتوں سے نوازا ہے منکرین آباؤ اجداد کی تقلید میں گمراہ ہوئے اہل ایمان نے مضبوط کڑے کو پکڑ رکھا ہے

حضرت لقمانؑ کی نصائح کا تذکرہ ختم کرنے کے بعد پھر توحید کا مضمون شروع فرمایا۔ ارشاد فرمایا کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ تعالیٰ نے وہ سب کچھ تمہارے لیے مسخر فرما دیا جو آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے' مطلب یہ ہے کہ جو چیزیں آسمان و زمین میں پیدا فرمائی ہیں انہیں تمہارے کام میں لگا دیا ہے ان میں بعض چیزیں تو وہ ہیں جو انسان کے حکم کے تابع ہیں اور جو تابع نہیں ہیں وہ بھی واسطہ یا بلا واسطہ انسانوں کے لیے فائدہ مند ہیں' ان کا وجود کسی نہ کسی طرح سے انسان کے منافع کا ذریعہ ہے' انسان اگر غور کرے اور اپنے واقعی نفع و ضرر کو پہچانے تو یہ بات اس کی سمجھ میں آجائے گی۔

پھر فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے تم پر اپنی ظاہری اور باطنی نعمتیں انڈیل دی ہیں یعنی بھر پور نعمتیں عطا فرمائی ہیں' اللہ تعالیٰ نے انسان کو اتنی زیادہ نعمتیں دی ہیں جن کو شمار بھی نہیں کر سکتا اور یہ نعمتیں جسمانی بھی ہیں اور روحانی بھی' ظاہری بھی اور باطنی بھی' اہل ایمان کے لیے تو ایمان بہت بڑی نعمت ہے بلکہ سب سے بڑی نعمت ہے جو آخرت میں ابدی نعمتیں ملنے کا ذریعہ ہے' تمام انسانوں کو اللہ تعالیٰ نے جسم دیا ہے' صحت و عافیت عطا فرمائی ہے' طرح طرح کی غذائیں دی ہیں' حواس خمسہ (یعنی قوت سامعہ اور باصرہ اور شامہ اور ذائقہ اور لامسہ) عطا فرمائی اور عقل و فہم سے نوازا ہے' اچھی صورت دی ہے' جسم میں جوڑ رکھے ہیں جن کے ذریعہ اٹھتا بیٹھتا اور لیٹتا ہے اور چلتا پھرتا ہے اور

ضرورت کی چیزوں کو پکڑتا اور استعمال کرتا ہے' یہ سب اللہ تعالیٰ کی نعمتیں ہیں۔ ظاہری نعمتوں سے کون سی نعمتیں مراد ہیں اور باطنی نعمتیں کون سی ہیں؟ اس کے بارے میں صاحب روح المعانی نے متعدد اقوال نقل کیے ہیں' ایک قول یہ ہے کہ ظاہری نعمتوں سے اسلام کا غالب ہونا اور دشمنوں کے مقابلے میں فتحیاب ہونا اور باطنی نعمتوں سے فرشتوں کی امداد آنا مراد ہے' اور بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ **نعم ظاھرہ** سے دنیاوی نعمتیں اور **نعم باطنہ** سے اخروی نعمتیں مراد ہیں اور بعض حضرات نے فرمایا کہ ظاہری نعمتوں سے سمع' بصر' زبان اور تمام اعضا مراد ہیں اور باطنی نعمتوں سے قلب اور عقل وفہم مراد ہیں اور یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ ظاہری نعمتیں وہ ہیں جو سب کے سامنے ہیں اور باطنی نعمتیں وہ ہیں جو ہر شخص کے ساتھ مخصوص ہیں۔

نعمتوں کا تقاضا یہ ہے کہ جس ذات پاک نے یہ نعمتیں دی ہیں صرف اسی کی عبادت کی جائے لیکن بعض لوگ توحید کے بارے میں جھگڑتے ہیں' اللہ تعالیٰ کو معبود حقیقی ماننے کو تیار نہیں نہ ان کے پاس علم ہے نہ ہدایت ہے نہ کوئی اللہ تعالیٰ کی نازل فرمودہ کتاب ہے جس کی روشنی میں کوئی بات کرتے' محض باپ دادوں کی اندھی تقلید کر رکھی ہے جب انہیں توحید کی دعوت دی جاتی ہے اور کہا جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جو کچھ نازل فرمایا ہے اس کا اتباع کرو تو کہہ دیتے ہیں کہ ہم نے جس دین پر اپنے باپ دادوں کو پایا ہے اسی کا اتباع کرتے رہیں گے ان لوگوں کی جہالت اور حماقت پر تنبیہ کرتے ہوئے فرمایا: **اَوَلَوْ كَانَ الشَّيْطٰنُ يَدْعُوْهُمْ اِلٰى عَذَابِ السَّعِيْرِ** (کیا یہ لوگ اپنے باپ دادوں کا اتباع کرتے رہیں گے اگرچہ ان لوگوں کو شیطان دوزخ کے عذاب کی طرف بلاتا ہو) اور وہ اس کی دعوت کو قبول کر کے (جو شرک اور کفر کی دعوت ہے) دوزخ میں جا چکے ہوں۔ مطلب یہ ہے کہ ہوش گوش سے کام لو' دنیاوی نقصان اور خسران کے بارے میں تو کسی کا اتباع کرنے کو تیار نہیں ہوتے اور صاف کہہ دیتے ہیں کہ فلاں شخص کنوئیں میں گرنے لگے تو ہم کیوں گریں لیکن باپ دادوں کی تقلید کر کے دوزخ کے دائمی عذاب میں جانے کو تیار ہیں۔

اہل شرک اور اہل کفر کی حماقت اور ضلالت بتانے کے بعد اہل ایمان کی تعریف فرمائی اور فرمایا **وَمَنْ يُّسْلِمْ وَجْهَهٗۤ اِلَى اللّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى** (اور جو شخص اپنی ذات کو اللہ کا فرماں بردار بنا دے اور وہ مخلص بھی ہو تو اس نے مضبوط کڑے کو اچھی طرح سے پکڑ لیا) یعنی جس نے اپنے جسم اور جان کو اللہ تعالیٰ کا فرمانبردار بنا دیا (عقائد میں بھی اعمال میں بھی) اور اس کی یہ فرمانبرداری اخلاص کے ساتھ ہے' ظاہر اور باطن دونوں یکساں ہیں تو اس نے بڑے مضبوط کڑے کو پکڑ لیا' یعنی ایسے دین کو اختیار کیا جو ہلاکت وخسران اور تباہی سے پوری طرح محفوظ ہونے کا سبب بن گیا اور اس کی وجہ سے وہ **دار العذاب** یعنی دوزخ میں جانے سے بچ گیا اور اس نے جو دین اختیار کیا یہ دین اسے **دار النعیم** یعنی جنت میں لے جانے کا ضامن بن گیا۔ دین توحید مضبوط حلقہ ہے جو ٹوٹنے والا نہیں ہے جیسا کہ سورۂ بقرہ میں **لَا انْفِصَامَ لَهَا** فرمایا ہے۔

وَاِلَى اللّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ (اور اللہ ہی کی طرف سب کاموں کا انجام ہے) یعنی حق کا اتباع کرنے والے اور باطل کے ماننے والے اور ان کے اعمال سب ہی اس کے حضور پیش ہوں گے وہ سب کو ان کے عقائد واعمال کے مطابق جزا سزا دے گا۔

اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی دینے کے لیے ارشاد فرمایا کہ **وَمَنْ كَفَرَ فَلَا يَحْزُنْكَ كُفْرُهٗ** (جو شخص کفر کرے اس کا کفر آپ کو رنجیدہ نہ کرے) آپ اپنا کام کرتے رہیں اور واضح طور پر حق کو واضح طور پر فرماتے رہیں آپ کی اتنی ہی ذمہ داری ہے پھر آپ کسی کے کفر سے رنجیدہ کیوں ہوں؟ جو شخص کفر پر رہے گا اپنا ہی برا کرے گا۔ **اِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ فَنُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا** (ہماری ہی طرف سب کو لوٹنا ہے سو وہ جو اعمال کرتے تھے ہم ان کو بتا دیں گے) ہر ایک کا عمل سامنے آ جائے گا پھر اسی کے مطابق جزا سزا پائے گا۔ **اِنَّ اللّٰهَ**

عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ (بلاشبہ اللہ کو دلوں کی باتیں خوب معلوم ہیں) اسے اہل ایمان کے ایمان اور اہل کفر کے کفر کا پتہ ہے کسی کا کوئی عمل اور عقیدہ اس سے ڈھکا چھپا نہیں ہے۔

دنیا میں کافروں کو جو کچھ مال ملا ہے اور اس کی وجہ سے ان کی دنیاوی زندگی اچھے حال میں گزر رہی ہے ان کے بارے میں فرمایا کہ نُمَتِّعُهُمْ قَلِيْلًا (ہم انہیں چند روزہ عیش دیں گے) ثُمَّ نَضْطَرُّهُمْ اِلٰى عَذَابٍ غَلِيْظٍ (پھر انہیں سخت عذاب کی طرف مجبور کریں گے) جب قیامت کے دن حاضر ہوں گے تو دنیا کا چند روزہ عیش انہیں وہاں ذرا بھی فائدہ نہ دے گا اور انہیں دوزخ کے سخت عذاب میں داخل ہونے پر مجبور کیا جائے گا جس سے بچنے کا کوئی راستہ نہ ہوگا۔

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ بَلْ

اور اگر آپ ان سے سوال کریں کہ آسمانوں کو اور زمین کو کس نے پیدا فرمایا تو وہ ضرور ضرور یہ جواب دیں گے کہ اللہ نے پیدا فرمایا' آپ فرما دیجئے کہ سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے بلکہ

اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۞ لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِىُّ الْحَمِيْدُ ۞

ان میں اکثر لوگ نہیں جانتے۔ اللہ ہی کے لیے ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے' بلا شبہ وہ بے نیاز ہے سب خوبیوں والا ہے۔

وَلَوْ اَنَّ مَا فِى الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ وَّالْبَحْرُ يَمُدُّهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ

اور زمین میں جتنے بھی درخت ہیں اگر وہ سب قلم بن جائیں اور یہ جو سمندر ہے اس کے بعد سات سمندر اس میں اور شامل ہوجائیں تو اللہ کے

كَلِمٰتُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۞ مَا خَلْقُكُمْ وَلَا بَعْثُكُمْ اِلَّا كَنَفْسٍ وَّاحِدَةٍ ؕ اِنَّ

کلمات ختم نہ ہوں گے بلا شبہ اللہ عزیز ہے حکیم ہے۔ نہیں ہے تمہارا پیدا کرنا اور موت کے بعد اٹھانا مگر ایک ہی جان کی طرح بلا شبہ اللہ سننے

اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ۞ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِى النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِى الَّيْلِ وَسَخَّرَ

والا ہے دیکھنے والا ہے۔ اے مخاطب! کیا تو نے نہیں دیکھا کہ اللہ داخل کرتا ہے رات کو دن میں اور داخل کرتا ہے دن کو رات میں اور اس نے چاند اور

الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؗ كُلٌّ يَّجْرِىْٓ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى وَّاَنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۞ ذٰلِكَ بِاَنَّ

سورج کو مسخر فرمایا' ہر ایک اپنے وقت مقررہ تک چلتا ہے اور بلا شبہ اللہ ان کاموں سے باخبر ہے جو تم کرتے ہو۔ یہ اس وجہ سے ہے کہ بلا شبہ

اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهِ الْبَاطِلُ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِىُّ الْكَبِيْرُ ۞ ع ۳/۱۱/۱۲

اللہ حق ہے اور بلا شبہ یہ لوگ اس کے علاوہ جن چیزوں کی عبادت کرتے ہیں وہ باطل ہیں اور بلا شبہ اللہ عالی شان ہے اور بڑا ہے۔

اللہ تعالیٰ کی تخلیق اور تسخیر اور تصرفات تکوینیہ کا تذکرہ کلمات اللہ غیر متناہی ہیں

ان آیات میں اللہ تعالیٰ کی صفت خالقیت اور قدرت اور شان بے نیازی اور محمودیت اور عزت وحکمت اور سمع وبصر اور علم اور برتری اور کبریائی کو بیان فرمایا ہے۔ اول تو یہ فرمایا ہے کہ اگر آپ مشرکین سے دریافت فرمائیں کہ بتاؤ آسمانوں کو اور زمین کو کس نے پیدا کیا تو وہ

یہی جواب دیں گے کہ اللہ تعالیٰ نے پیدا فرمایا ہے آپ فرما دیجئے کہ سب تعریف اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہے، جب تمہارے اقرار سے خالق وہی ہے جس نے اتنے بڑے آسمانوں کو اور زمین کو وجود بخشا تو یہ بھی سمجھ لینا کہ سب تعریفوں کا مستحق بھی وہی ہے، جب یہ بات ہے تو اس کے ساتھ دوسروں کی عبادت کیوں کرتے ہو اور شرک کے مرتکب کیوں ہوتے ہو؟ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ (بلکہ بات یہ ہے کہ ان میں سے اکثر لوگ نہیں جانتے) ماحول سے متاثر ہو کر اور اپنے باپ دادوں کی تقلید کو سامنے رکھ کر ایسی جہالت میں مبتلا ہوئے ہیں کہ توحید کی طرف آتے ہی نہیں۔ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (اور جو کچھ آسمانوں میں ہے اور زمین میں ہے وہ سب اللہ ہی کی مخلوق ومملوک ہے) منجملہ اس مخلوق اور مملوک کے وہ چیزیں بھی ہیں جن کی یہ لوگ اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر عبادت کرتے ہیں، یہ ان کی بیوقوفی ہے 'اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ یہ بھی سمجھ لیں کہ اللہ تعالیٰ کو کسی کی عبادت کی حاجت وضرورت نہیں ہے وہ ہر حال میں ہر ایک سے بے نیاز ہے اور وہ حمید بھی ہے، تمام صفات کمال سے متصف ہے اگر کوئی بھی شخص اس کی حمد وثناء بیان نہ کرے وہ تب بھی حمید ہے اس کی صفت محمودیت میں کوئی فرق نہیں۔

اس کے بعد فرمایا کہ زمین میں جتنے بھی درخت ہیں اگر ان سب کے قلم بن جائیں (جو کروڑوں کی تعداد میں ہوں گے) اور سمندر کو روشنائی کی جگہ استعمال کیا جائے اور ایک سمندر ختم ہو جائے اور اس کے بعد سات سمندر اور ملا دیئے جائیں یعنی ان کی بھی روشنائی بنا دی جائے اور اس روشنائی سے اللہ تعالیٰ کے کلمات کو لکھا جائے تو اللہ تعالیٰ کے کلمات ختم نہ ہوں گے کیونکہ اس کے کلمات غیر متناہی ہیں اور متناہی خواہ کتنا بھی زیادہ ہو بہر حال وہ غیر متناہی کے مقابلہ میں کہیں پہنچ کر ختم ہو ہی جائے گا اور سات دریا جو فرمایا یہ بھی بطور فرض ہے ان کے علاوہ جتنے بھی سمندر روشنائی کی جگہ استعمال ہوتے رہیں گے ختم ہوتے جائیں گے اور اللہ تعالیٰ کے کلمات ختم نہ ہوں گے۔

کلمات سے کیا مراد ہے؟ بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ اس سے اللہ تعالیٰ کی صفت قدیم کلام نفسی مراد ہے اور بعض حضرات نے اس سے اللہ تعالیٰ کی معلومات اور مقدورات مراد لی ہیں یعنی اللہ تعالیٰ کی معلومات اور مقدورات غیر متناہی ہیں، جتنے بھی قلم تیار کر لیے جائیں اور جتنے بھی سمندروں کی روشنائی بنا لی جائے پھر قلموں سے اللہ تعالیٰ کی معلومات ومقدورات کو لکھا جائے تو یہ معلومات ومقدورات ختم نہیں ہو سکتیں، ان کا احصاء نہیں ہو سکتا اور بعض حضرات نے اس سے اللہ تعالیٰ کی صفات کمالیہ مراد لی ہیں یعنی اللہ تعالیٰ کے کمالات کو لکھا جائے تو کبھی ختم نہیں ہو سکتے، ان کو لکھتے لکھتے بے انتہاء کروڑوں قلم اور کروڑوں بڑے بڑے دریا ختم ہو جائیں گے لیکن اللہ کی صفات اور کمالات کو اس طرح نہیں لکھا جا تا کہ وہ ختم ہو جائیں، اس کا کچھ بیان سورۂ کہف کی آیت قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ کے ذیل میں گزر چکا ہے۔ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ (بلاشبہ اللہ عزت والا ہے حکمت والا ہے)۔

اس کے بعد فرمایا: مَا خَلْقُكُمْ وَلَا بَعْثُكُمْ اِلَّا كَنَفْسٍ وَّاحِدَةٍ (تمہارا پہلی بار پیدا کرنا اور موت دے کر دوبارہ زندہ فرمانا یہ ایسا ہی ہے جیسے ایک جان کو پیدا کرنا) یعنی سارے انسانوں کو دوبارہ زندہ فرمانا اللہ تعالیٰ کے لیے کچھ بھی مشکل نہیں ہے جس نے کثیر تعداد میں جانیں پیدا فرما دیں وہی دوبارہ ان سب کو زندہ اٹھا دے گا، ابتداء پیدا کرنا اور ایک جان کو پیدا کرنا اور بہت بھاری تعداد میں جانوں کو پیدا کرنا اور ان سب کو موت دے کر دوبارہ زندہ فرمانا اس قادر مطلق کے لیے یکساں ہے، لہٰذا بعثت کا انکار کر کے اپنی جانوں کو ہلاکت میں نہ ڈالو۔ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ بَصِيْرٌ (بے شک اللہ تعالیٰ سننے والا دیکھنے والا ہے) جو لوگ اہل ایمان ہیں وہ ان کے اقوال کو سنتا ہے اور اعمال کو دیکھتا ہے اور جو لوگ کافر ومنکر ہیں وہ ان کے اقوال کو دیکھتا ہے اور جو لوگ کافر ومنکر ہیں وہ ان کے اقوال واعمال سے بھی باخبر ہے، وہ ہر ایک کو اس کے عقیدہ اور قول کے مطابق جزا اور سزا دے گا۔

اس کے بعد ارشاد فرمایا: اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ (الآیۃ) اے مخاطب کیا تو اس کو نہیں دیکھتا کہ اللہ تعالیٰ رات کو دن میں اور دن کو رات میں داخل فرماتا ہے (یہ سب نظروں کے سامنے ہے) اور اس کے علاوہ کسی کو بھی اس تصرف پر قدرت نہیں ہے اور اسی نے چاند اور سورج کو مسخر کیا ہے ان دونوں کو جس کام میں لگایا ہے اس کے کرنے پر مجبور ہیں' ان کے لیے جو محور مقرر فرمایا ہے اسی پر چلتے رہتے ہیں' ایک سر مو اس سے ہٹ نہیں سکتے' ان کے لیے جو اللہ تعالیٰ نے ایک اجل مقرر فرما دی ہے اسی اجل تک چل رہے ہیں' اپنی ذات میں ان کا اپنا ذاتی کوئی تصرف نہیں۔ وَاَنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ (اور تم جو کچھ عمل کرتے ہو اللہ تعالیٰ اس سے باخبر ہے) وہ اسی کے مطابق جزا و سزا دے گا۔ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ (الآیۃ) یہ اس سبب سے ہے کہ اللہ تعالیٰ ہی حق ہے اس کا وجود حقیقی ہے اور اس کا معبود ہونا بھی برحق ہے لہٰذا اسی کی عبادت کرنا لازم ہے وَاَنَّ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهِ الْبَاطِلُ (اور مشرک لوگ جو اس کے علاوہ دوسروں کی عبادت کر رہے ہیں وہ باطل ہیں نہ وہ معبود ہیں نہ معبود ہونے کے قابل ہیں) وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ (اور بلاشبہ اللہ عالی شان ہے اور بڑا ہے) کوئی اس کے برابر و ہمسر نہیں لہٰذا اس کے علاوہ کوئی بھی مستحق عبادت نہیں۔

اَلَمْ تَرَ اَنَّ الْفُلْكَ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِنِعْمَتِ اللّٰهِ لِيُرِيَكُمْ مِّنْ اٰيٰتِهٖ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ

اے مخاطب کیا تو نے نہیں دیکھا کہ بلاشبہ کشتی اللہ کی نعمت کے ساتھ سمندر میں چلتی ہے تاکہ وہ تمہیں اپنی نشانیوں میں سے دکھلائے بلاشبہ اس میں ہر ایسے

لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ﴿۳۱﴾ وَاِذَا غَشِيَهُمْ مَّوْجٌ كَالظُّلَلِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۚ

شخص کے لیے نشانیاں ہیں جو خوب صبر کرنے والا خوب شکر کرنے والا ہو۔ اور جب انہیں موج ڈھانپ لیتی ہے جو سائبانوں کی طرح ہوتی ہے تو وہ خاص اعتقاد کر کے اللہ ہی کو پکارنے لگتے

فَلَمَّا نَجّٰىهُمْ اِلَى الْبَرِّ فَمِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ ؕ وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا كُلُّ خَتَّارٍ كَفُوْرٍ ﴿۳۲﴾

ہیں، پھر جب وہ انہیں نجات دے کر خشکی کی طرف لے آتا ہے تو ان میں سے بعض لوگ راہ اعتدال پر چلتے ہیں اور ہماری آیتوں کا ہر وہی شخص انکار کرتا ہے جو عہد کا بہت جھوٹا بہت ناشکرا ہو۔

سمندر میں کشتیوں کا چلنا اللہ تعالیٰ کی نعمت ہے' مشرکین کو جب موج گھیر لیتی ہے تو اخلاص کے ساتھ دعا کرتے ہیں

اللہ تعالیٰ نے اپنا انعام بیان فرمایا ہے کہ سمندر میں جو کشتی چلتی ہے تو یہ اللہ تعالیٰ کا فضل و انعام ہے اس میں اللہ تعالیٰ کی نشانیاں ہیں۔ دیکھو آدھا تولہ لوہا سمندر میں ڈالو تو اسی وقت ڈوب جائے گا اور سو من کا لکڑ جو کشتی کی صورت میں ہے وہ نہیں ڈوبتا' یہ کشتیاں ایک شہر سے دوسرے شہر اور ایک براعظم سے دوسرے براعظم تک لے جاتی ہیں سامان لاتی ہیں' ضرورت کی چیزیں ان کے آنے جانے کی وجہ سے فراہم ہوتی ہیں' اللہ تعالیٰ جب چاہتا ہے انہیں ہواؤں کے تھپیڑوں کے ذریعہ اس حال میں کر دیتا ہے کہ ان کا چلنا تیرنا مشکل ہو جاتا' پھر اللہ تعالیٰ ہواؤں کا رخ بدل دیتا ہے تو آرام سے چلتی ہیں' یہ سب عبرت کی چیزیں ہیں ان کے ذریعہ خالق کائنات جل مجدہ کی معرفت حاصل کرنی چاہیے جو لوگ صبر اور شکر کا مزاج رکھتے ہیں وہی اللہ تعالیٰ کی آیات سے عبرت حاصل کرتے ہیں۔

بہت مرتبہ ایسا ہوتا ہے کہ چلتی ہوئی کشتی کو پانی کا طوفان گھیر لیتا ہے' بڑی بڑی موجیں جو سائبانوں اور بادلوں کی طرح ہوتی ہیں وہ ڈھانپ لیتی ہیں اس صورت میں انسان کو اپنے بچاؤ کا کوئی راستہ سمجھ میں نہیں آتا جو مؤمن بندے ہیں وہ تو اللہ تعالیٰ کی طرف اخلاص کے

ساتھ رجوع ہوتے ہی ہیں اور اسی سے دعا مانگتے ہیں لیکن جو لوگ غیر اللہ کی عبادت کرتے ہیں اس وقت وہ بھی صرف اللہ تعالیٰ ہی کی طرف متوجہ ہوتے ہیں اور پوری سچائی اور بھرپور اعتقاد کے ساتھ اللہ تعالیٰ ہی کو پکارتے ہیں ان میں جو مومن بندے ہوتے ہیں وہ برابر اللہ تعالیٰ ہی کی طرف متوجہ رہتے ہیں خشکی میں آ کر غیر اللہ کو نہیں پکارتے اور شرک میں مبتلا نہیں ہوتے ان کے بارے میں فرمایا فَمِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ کہ کشتی سے اتر کر خشکی میں آنے والے بعض لوگ اعتدال والی راہ اختیار کرنے والے ہوتے ہیں یعنی توحید پر ہی برقرار رہتے ہیں جو سیدھا اور اعتدال والا راستہ ہے۔ اور جو لوگ خشکی میں آ کر اس مصیبت کو بھول جاتے ہیں جو کشتی میں پیش آئی تھیں یعنی کشتی ڈوبنے کے قریب تھی یہ لوگ پھر شرک اختیار کر لیتے ہیں۔ سورۂ عنکبوت میں اسی کو فرمایا فَلَمَّا نَجّٰهُمْ اِلَى الْبَرِّ اِذَا هُمْ يُشْرِكُوْنَ (سو جب وہ انہیں خشکی کی طرف نجات دے دیتا ہے تو وہ فوراً ہی شرک کرنے لگتے ہیں)

وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا كُلُّ خَتَّارٍ كَفُوْرٍ (اور ہماری آیتوں کا ہر وہی شخص انکار کرتا ہے جو عہد کا بہت جھوٹا بہت ناشکرا ہو) ان جھوٹے عہد کرنے والوں میں وہ بھی ہوتے ہیں جو کشتی میں اخلاص کے ساتھ توحید کا عہد کرتے ہیں پھر کشتی سے باہر خشکی میں آ کر توڑ دیتے ہیں بہت سے لوگ ایسے ہوتے ہیں جو بڑے بڑے دلائل اور آیات کو دیکھ کر بھی ایمان نہیں لاتے اور توحید کی دعوت کو قبول نہیں کرتے اور نہ صرف یہ کہ حق کو قبول نہیں کرتے بلکہ جھوٹ بھی بولتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی ناشکری بھی کرتے ہیں' آیت کے آخر میں اسی کو بیان فرمایا۔

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ وَاخْشَوْا يَوْمًا لَّا يَجْزِيْ وَالِدٌ عَنْ وَّلَدِهٖ ۫ وَلَا مَوْلُوْدٌ هُوَ

اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو اور اس دن سے ڈرو جس دن باپ اپنے بیٹے کی طرف سے بدلہ نہ دے گا اور نہ

جَازٍ عَنْ وَّالِدِهٖ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ٙ وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ

کوئی بیٹا اپنے باپ کی طرف سے کچھ بھی بدلہ دینے والا ہوگا، بلاشبہ اللہ کا وعدہ حق ہے، سو تمہیں دنیا والی زندگی ہرگز دھوکے میں نہ ڈال دے اور ہرگز

بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ﴿۳۳﴾

تمہیں اللہ کا نام لے کر بڑا دھوکہ باز دھوکہ میں نہ ڈالے۔

اللہ تعالیٰ سے ڈرو' قیامت کے دن کی حاضری کا فکر کرو، شیطان دھوکہ باز تمہیں دھوکہ نہ دے دے

اس آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ سے ڈرنے کا حکم فرمایا ہے اور یہ بھی فرمایا ہے کہ قیامت کے دن سے ڈرو یعنی اس دن کی بے بسی اور بے کسی کا دھیان کرو اور اس کا انتظام کرو اور وہ انتظام یہ ہے کہ ایمان لاؤ اور اعمال صالحہ اختیار کرو' اس دن بے کسی کا یہ عالم ہوگا کہ آپس میں کوئی کسی کی طرف سے کوئی بدلہ دینے کو تیار نہ ہوگا' سب سے بڑا قریب تر رشتہ باپ اور بیٹے کا ہے قیامت کا دن بڑا ہولناک ہوگا سب کو اپنی اپنی فکر لگی ہوئی ہوگی جب محاسبہ ہونے لگے گا اور کفر پر اور اعمال بد پر سزا ملنے کا فیصلہ ہوگا تو نہ باپ بیٹے کی طرف سے کوئی بدلہ دے گا اور نہ بیٹا باپ کی طرف سے کسی کو بھی یہ گوارا نہ ہوگا کہ یہ عذاب سے بچ جائے اور اس کو جو عذاب ہونا ہے وہ مجھ پر آ جائے۔

قیامت کے بارے میں جو کچھ بیان کیا جا رہا ہے کوئی شخص اسے یوں ہی چلتی ہوئی بات نہ سمجھے اللہ تعالیٰ کا وعدہ حق ہے ضرور واقع ہوگا اب ہر شخص کو اپنے واقعی اصلی مفاد کے لیے متفکر ہونا ضروری ہے کہ میرا آخرت میں کیا بنے گا؟ بہت سے لوگ ایسے ہوتے ہیں جنہیں آخرت کے دن کا خیال ہوتا ہے لیکن دنیاوی زندگی کی مشغولیت آخرت کی تیاری نہیں کرنے دیتی' اسی کو فرمایا: فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا (سو تمہیں ہرگز دنیا والی زندگی دھوکہ میں نہ ڈال دے) الفاظ کا عموم ان لوگوں کو بھی شامل ہے جو دنیا کا جاہ و مال چھوٹ جانے کے ڈر سے اسلام قبول نہیں کرتے اور ان کو بھی شامل ہے جو مسلمان ہونے کا تو دم بھرتے ہیں لیکن دنیا ہی کو انہوں نے مقصود حقیقی بنا رکھا ہے اور اسی کے لیے سوچتے ہیں' اسی کے لیے جیتے ہیں اور اسی کے لیے مرتے ہیں' انہیں ہری بھری دنیا پسند ہے' فرائض اور واجبات کو بھی چھوڑتے ہیں اور دنیا جمع کرنے کے لیے خیانت' چوری' غصب' ظلم حرام کاروبار سب کچھ کر گزرتے ہیں۔

نفس اور شیطان دونوں کا دوستانہ ہے دونوں انسان کو دھوکہ دیتے رہتے ہیں اور اللہ کا نام لے کر انسان کو دھوکہ دیتے ہیں اور ورغلاتے ہیں اور یوں کہتے ہیں کہ اس وقت نماز چھوڑ دو' روزہ توڑ دو' اگلے سال زکوٰۃ دے دینا اس سال حج کو نہ جاؤ ابھی تو جوانی ہے گناہ کر کے مزے اڑالو' اللہ تعالیٰ بڑا مہربان ہے گناہ کر لیا تو کیا ہے بعد میں توبہ کر لینا۔ اس طرح کی باتیں نفس اور شیطان اور گمراہی کے لیڈر سامنے لاتے رہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرما دیا ہے کہ دھوکہ دینے والا تمہیں دھوکہ میں نہ ڈال دے' اپنی فکر خود کرو' مؤمن بنو' اللہ کی عبادت میں لگو' اس کی فرمانبرداری کرو' ہوشیار بندہ وہی ہے جو نفس و شیطان کے کہنے میں نہ آئے اور کسی کے بھی بہلانے پھسلانے سے اپنی آخرت تباہ نہ کرے۔

إِنَّ اللّٰهَ عِندَهُۥ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ ۚ وَيَعْلَمُ مَا فِى الْأَرْحَامِ ۖ وَمَا

بلا شبہ اللہ کے پاس قیامت کا علم ہے، اور وہ بارش کو نازل فرماتا ہے اور وہ جانتا ہے جو ماؤں کے ارحام میں ہے، اور کوئی شخص

تَدْرِى نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا ۖ وَمَا تَدْرِى نَفْسٌۢ بِأَىِّ أَرْضٍ تَمُوتُ ۚ

نہیں جانتا کہ وہ کل کو کیا کرے گا، اور کوئی شخص نہیں جانتا کہ اسے کس زمین میں موت آئے گی،

إِنَّ اللّٰهَ عَلِيمٌ خَبِيرٌ ﴿۳۴﴾

بلاشبہ اللہ جاننے والا ہے باخبر ہے۔

ع ۴ ۱۴

پانچ چیزوں کا علم صرف اللہ تعالیٰ ہی کو ہے

قرآن مجید میں جگہ جگہ یہ فرمایا ہے کہ اللہ غیب اور شہادہ کو جاننے والا ہے اور یہ بھی فرمایا ہے کہ اللہ کے سوا کوئی غیب کو نہیں جانتا۔ جس کسی کو اس نے غیب کا کچھ علم دیا ہے۔ جس قدر عطا فرمایا ہے اسے اسی قدر علم ہے' یہاں پانچ امور غیبیہ کا تذکرہ فرمایا ہے صحیح مسلم میں ہے کہ جب حضرت جبریل علیہ السلام نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ قیامت کب آئے گی تو آپ نے فرمایا کہ پوچھنے والا اور جس سے پوچھا گیا ہے اس بارے میں دونوں برابر ہیں اور ساتھ ہی آپ نے یہ بھی فرمایا: فِىْ خَمْسٍ لَا يَعْلَمُهُنَّ إِلَّا اللّٰهُ (کہ یہ ان پانچ چیزوں میں ہے جنہیں اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا) اس کے بعد آپ نے سورۂ لقمان کی یہی آخری آیت تلاوت فرمائی۔ (صحیح مسلم ص ۲۹)

جن پانچ چیزوں کا آیت بالا میں ذکر ہے ان میں ایک تو قیامت قائم ہونے کا علم ہے' یہ غیب کا علم ہے جو اللہ تعالیٰ نے کسی کو بھی نہیں دیا۔ دوسرے یہ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ بارش کو برساتا ہے۔ تیسرے یہ فرمایا کہ ماؤں کے ارحام میں کیا ہے' اس کا بھی اللہ ہی کو علم ہے اسے سب پتہ ہے کہ رحم مادر میں کیا ہے' لڑکا ہے یا لڑکی ہے اور کچھ ہے یا کچھ بھی نہیں ہے۔ اس کے بعد مزید دو چیزوں کا تذکرہ فرمایا اور وہ یہ کہ کسی کو یہ معلوم نہیں کہ کل کو میں کیا کروں گا اور فرمایا پانچویں نمبر پر کہ کسی کو یہ بھی پتہ نہیں کہ اس کی موت کہاں ہوگی اور اسے کس زمین میں موت آئے گی۔ آیت کے ختم پر فرمایا اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ (بلاشبہ اللہ علم والا ہے باخبر ہے)

جب سے دنیا میں آلات کا رواج ہو گیا ہے اس وقت سے ایمانیات میں فرق آنے لگا ہے اور لوگ یوں کہتے ہیں کہ فضا میں جو آلات نصب کر دیتے ہیں وہ بتا دیتے ہیں کہ بارش کب ہوگی اور ایکسرے کے ذریعہ معلوم ہو جاتا ہے کہ حاملہ عورت کے پیٹ میں نر ہے یا مادہ۔ ان لوگوں کو یہ پتہ نہیں کہ آیت شریف میں آلات کے ذریعہ جو علم حاصل ہو اس کا ذکر نہیں ہے' اللہ تعالیٰ کا جو علم ہے وہ ازل سے ہے ہمیشہ سے ہے جب دنیا میں انسان نہیں آیا تھا اس وقت بھی اللہ تعالیٰ کو معلوم تھا کہ انسانوں کی نسلیں چلیں گی اور فلاں فلاں عورت حاملہ ہوگی اور اس کے پیٹ میں نر ہوگا یا مادہ ہوگا' ناقص پیدا ہوگا یا کامل! کہاں اللہ تعالیٰ کا علم ازلی اور کہاں بنی آدم کا علم جو آلات اور اسباب اور تجربات پر موقوف ہے پھر اس بات کو بھی جاننے والے جانتے ہیں کہ اسباب و آلات سے پتہ چلانے والوں کی پیشین گوئیاں غلط بھی ہو جاتی ہیں' لہٰذا یہ کہنا کہ بندے بھی علم قطعی کے طور پر بارش آنے کا وقت بتا دیتے ہیں اور حاملہ عورتوں کے پیٹوں میں جو ہے اس سے باخبر کو دیتے ہیں یہ ان لوگوں کی جاہلانہ باتیں ہیں جو آیت کا مفہوم نہ جاننے کی وجہ سے صادر ہوتی ہیں۔ واضح رہے کہ آیت میں جو پانچ چیزوں کا ذکر ہے اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ ان چیزوں کے علاوہ دوسری غیب کی چیزوں کو بندے جانتے ہیں' غیب کی تمام چیزوں کو صرف اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے ہر غیب کا علم علم قطعی، علم ازلی، علم ذاتی، علم محیط صرف اللہ تعالیٰ ہی کو ہے۔

وھٰذا اٰخر تفسیر سورۃ لقمٰن واللّٰہ المستعان و علیہ التکلان.

☆☆☆..........................☆☆☆

مکی	سورۃ السجدۃ	۳۰ آیتیں اور ۳ رکوع

آیاتہا ۳۰ (۳۲) سُوْرَةُ السَّجْدَةِ مَكِّيَّةٌ (۷۵) رکوعاتہا ۳

سورۃ السجدۃ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی اس میں تیس آیات اور تین رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

الٓمّٓ ﴿۱﴾ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۚ بَلْ

آلم۔ یہ نازل کی ہوئی کتاب ہے، اس میں کوئی شک نہیں، رب العالمین کی طرف سے ہے۔ کیا وہ لوگ یوں کہتے ہیں کہ اس نے جھوٹ بنالیا ہے، بلکہ بات

هُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿۳﴾

یہ ہے کہ وہ آپ کے رب کی طرف سے حق ہے تاکہ آپ ان لوگوں کو ڈرائیں جن کے پاس آپ سے پہلے کوئی ڈرانے والا نہیں آیا تاکہ وہ لوگ ہدایت پر آجائیں۔

اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۗ

اللہ وہی ہے جس نے آسمانوں کو اور زمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان ہے چھ دن میں پیدا فرمایا پھر عرش پر مستوی ہوا

مَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا شَفِيْعٍ ۗ اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۴﴾

تمہارے لیے اس کے سوا نہ کوئی ولی ہے نہ کوئی سفارشی، کیا تم نہیں سمجھتے؟

قرآن مجید حق ہے، اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل ہوا ہے، آسمان اور زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے چھ دن میں پیدا فرمایا ہے

یہاں سے **سورۃ السجدہ** شروع ہے اور پر چند آیات کا ترجمہ لکھا گیا ہے ان میں سے الٓمّٓ تو متشابہات میں سے ہے، جس کا معنی اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو معلوم نہیں باقی آیات میں قرآن مجید کا حق ہونا اور اللہ تعالیٰ کی صفت قدرت اور صفت خالقیت بیان فرمائی ہے۔

مشرکین مکہ جو یوں کہتے تھے کہ یہ قرآن جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود سے بنالیا ہے اس کی تردید فرماتے ہوئے فرمایا: بَلْ هُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ (بلکہ وہ حق ہے آپ کے رب کی طرف سے ہے) لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ مِّنْ قَبْلِكَ (تاکہ آپ ڈرائیں ان لوگوں کو جن کے پاس آپ سے پہلے ڈرانے والا یعنی رسول اور نبی نہیں آیا) لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ (تاکہ وہ ہدایت پر آجائیں)۔

اول تو یہ فرمایا کہ یہ قرآن اللہ تعالیٰ جل مجدہ کی طرف سے نازل ہوا ہے اس میں کوئی شک و شبہ نہیں ہے یہ کتاب آپ کی طرف اس

لیے نازل کی گئی ہے کہ آپ ان لوگوں کو ڈرائیں جن کے پاس آپ سے پہلے کوئی ڈرانے والا نہیں آیا' ان لوگوں سے اہل مکہ مراد ہیں' ان کے پاس براہ راست کوئی رسول نہیں آیا تھا البتہ دوسرے انبیاء کرام علیہم السلام کی بعثت کا انہیں علم تھا اور ان کی طرف سے دعوت توحید پہنچی تھی' یہ لوگ داعی توحید حضرت ابراہیم اور حضرت اسماعیل علیہما السلام کی اولاد ہی میں سے تھے۔ ان دونوں نے جو مکہ معظمہ میں کعبہ شریف بنایا تھا اس کا وجود ہی اشاعت توحید کے لیے تھا اور ان لوگوں کو اس کا علم بھی تھا کہ یہ حضرات داعی توحید تھے لہٰذا یہ اشکال نہیں رہتا کہ ان کے پاس نبی نہیں آیا تو شرک کی وجہ سے ان کا مواخذہ کیوں صحیح ہوا؟ سورۂ فاطر میں فرمایا ہے۔ وَاِنْ مِّنْ اُمَّةٍ اِلَّا خَلَا فِیْهَا نَذِیْرٌ . اس کا عموم ہر قوم اور ہر جماعت کو شامل ہے ضروری نہیں کہ نذیر (ڈرانے والا) رسول ہی ہو' ان حضرات کے نائبین نے بھی تبلیغ کی ہے اور لوگوں کو توحید کی دعوت دی ہے۔

اس کے بعد اللہ تعالیٰ کی صفت خالقیت بیان کی گئی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آسمانوں کو اور زمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان ہے چھ دن میں پیدا فرمایا پھر وہ عرش پر مستوی ہوا (اس کا بیان سورۂ اعراف رکوع نمبر ۷ اور سورۂ فرقان رکوع نمبر ۵ میں گزر چکا ہے) مَالَكُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِیٍّ وَّلَا شَفِیْعٍ (اللہ کے سوا تمہارے لیے کوئی ولی نہیں ہے (جو نافرمانی پر مواخذہ کرنے سے بچا سکے) اور کوئی سفارش کرنے والا بھی نہیں (جو اس کی اجازت کے بغیر اس کی بارگاہ میں سفارش کرے) اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ (کیا تم نصیحت حاصل نہیں کرتے)۔

يُدَبِّرُ الْاَمْرَ مِنَ السَّمَآءِ اِلَى الْاَرْضِ ثُمَّ يَعْرُجُ اِلَيْهِ فِىْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗٓ
وہ آسمان سے لیکر زمین تک ہر امر کی تدبیر کرتا ہے پھر ہر امر اس کے حضور میں ایک ایسے دن میں پہنچ جائے گا جس کی مقدار
اَلْفَ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ۞
تمہاری گنتی کے مطابق ایک ہزار سال ہوگی۔

اللہ تعالیٰ آسمان سے زمین تک تدبیر فرماتا ہے ہر امر اُس کے حضور میں ایسے دن پیش ہوگا جس کی مقدار ایک ہزار سال ہے

جو کچھ وجود میں آتا ہے' کائنات میں جو انقلاب ہوتے ہیں اور جو مخلوق کے احوال اور اعمال وجود میں آتے ہیں یہ سب اللہ تعالیٰ کی تقدیر اور تدبیر کے موافق ہے جو کچھ وجود میں آرہا ہے سب کچھ اللہ تعالیٰ کے حضور میں قیامت کے دن پیش ہوگا اس دن کی مقدار اس شمار کے مطابق جو دنیا میں گنتے ہیں ایک ہزار سال کی ہوگی۔ الفاظ آیت سے متبادر تو یہی ہے کہ یَعْرُجُ میں جو ضمیر مرفوع ہے وہ اَلْاَمْر کی طرف راجع ہے لیکن مفسرین نے اس میں متعدد احتمالات بیان کیے ہیں اسی طرح لفظ اِلَیْهِ کے مرجع کے بارے میں بھی متعدد اقوال ہیں۔ (راجع تفسیر القرطبی جلد ۱۴ ص ۸۸' ۸۷) صاحب روح المعانی نے آیت کی تفسیر میں لمبی بحث کی ہے۔ (جلد ۲۱ ص ۱۲۱) یہاں سورۃ السجدۃ میں قیامت کے دن کو ایک ہزار سال بتایا اور سورۃ المعارج میں پچاس ہزار سال کا بتایا جب اس کے بارے میں حضرت ابن عباسؓ سے پوچھا گیا تو انہوں نے فرمایا: هما یومان ذکر هما الله تعالیٰ فی کتابه الله تعالیٰ اعلم بهما واکره ان اقول فی کتاب الله ما لا اعلم (یعنی ان دونوں کو اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں ذکر فرمایا اللہ تعالیٰ ہی کو ان کا علم ہے) بعض حضرات نے یہ توجیہ کی ہے کہ احوال واشخاص کے اعتبار سے کسی کا یہ دن بہت جلدی گزر جائے گا اور کسی کا بہت دیر میں گزرے گا' مؤمنین صالحین جلدی سے چھٹکارہ

پا جائیں گے انہیں ایسا معلوم ہوگا جیسے ایک فرض نماز کا وقت گزرا ہو۔ (کما ورد فی الحدیث) اور فاسقین کے لیے بہت مصیبت کا دن ہوگا اور کافروں کے لیے تو بہت ہی زیادہ مصیبت درپیش ہوگی اور ان کے لیے یہ دن پچاس ہزار سال گزرنے کے برابر ہوگا۔

قال العبد الفقیر عفا اللّٰہ تعالیٰ عنہٗ ان المفسرین الکرام ذکروا اقوالاً کثیرۃ فی تفسیر قولہ تعالیٰ : یُدَبِّرُ الْاَمْرَ (الأیۃ؛ و اختاروا فی مرجع ضمیر الیہ ثم فی تطبیق قولہ تعالیٰ اَلْفَ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ . وقولہ تعالیٰ فِیْ یَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗ خَمْسِیْنَ اَلْفَ سَنَةٍ حتی ان صاحب الروح جعل الأیۃ الکریمۃ من المتشابہات' والذی القی اللّٰہ تعالیٰ فی روعی ھو ان اللّٰہ تعالیٰ یدبر الامور التی تجری فی السّماء والارض وما بینھما حسب ما قدرہ و یرجع الامور کلھا الیہ تعالیٰ فی یوم القیامۃ' والامور التکوینیۃ لیس لھا صلۃ بالعباد لا یثابون علیھا ولا یعاقبون' فاما الامور التشریعیۃ التی امروا بامتثالھا بعد عروجھا الیہ تعالیٰ فی یوم القیامۃ تعرض علی العباد لا یخفیٰ علیھم خافیۃ فیحا سبون فمنھم مثابون و اٰخرون یعاقبون' فاما التوفیق بین الف سنۃ و خمسین فعلم بذٰلک تخفیفہ علی المؤمنین الذین یصلون' فاما العصاۃ من اھل الایمان احوالھم مختلفۃ فمن مقل من الذنوب و مکثر منھا فیھون او یصقب حسب حالم فیمتد لبعضھم الیٰ مقدار الف سنۃ واما الا متداد الاکبر فھو علی الکفرۃ الفجرۃ اعنی خمسین الف سنۃ' ثم انہ لم یقید اللّٰہ تعالیٰ خمسین الف سنۃ لقولہ مما تعدون' وکذٰلک لم یقید ھا بذٰلک النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم فی ذکرہ تعذیب من لا یؤدی زکوتہ کما رواہ مسلمٌ فیمکن ان یکون الف سنۃ مما تعدو خمسین الف سنۃ باعتبار عد آخر' و من الاکابر من قال ان ھٰذا الا ختلاف یمکن باعتبار اختلاف الآفاق کما ھو موجود فی ھذہ الدنیا فان مایقع علی خط الاستواء یتم فیہ اللیل والنھار فی اربع و عشرون ساعۃ و اما ما یقع علیٰ عرض التسعین فیمتد فیہ الیوم فی سنۃ واحدۃ و ھٰذا یتم اذا کان فی ذٰلک الحین للسماء حرکۃ دولابیّۃ اورحویۃ ولم یثبت ذٰلِکَ واللّٰہ تعالیٰ اعلم بالصواب و الیہ المرجع والمآب. (بندہ عاشق الٰہی عفا اللہ عنہ کہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد یدبر الامر الخ کی تفسیر میں مفسرینؒ نے بہت سے اقوال ذکر کئے ہیں لیکن وہ الیہ کی ضمیر کے مرجع اور اللہ تعالیٰ کے ان دو ارشادات فی یوم کان مقدارہ خمسین الف سنۃ میں تطبیق وتوفیق کے بارے میں حیران وسرگرداں ہیں حتیٰ کہ صاحب روح المعانی نے تو اس آیت کو آیاتِ متشابہات میں سے قرار دیا ہے۔ میرے دل میں جو بات آئی ہے وہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ آسمان وزمین اور ان کے درمیان کے تمام امور کی حسب تقدیر تدبیر فرماتے ہیں۔ پھر جب قیامت کا دن ہوگا تو ان سب امور کی رجعت اللہ تعالیٰ کی طرف ہوگی۔ یہ امور دو طرح کے ہوں گے ایک امور تکوینیہ دوسرے امور تشریعیہ۔ امور تکوینیہ کا چونکہ بندوں کے ساتھ تعلق نہیں ہے اس لئے ان پر جزا و سزا کا ترتب بھی نہ ہوگا۔ رہے امور تشریعیہ جن کی بجا آوری کا بندوں کو حکم ہے وہ بندوں کے سامنے پیش کئے جائیں گے اور ان کا محاسبہ کیا جائے گا جس کے نتیجہ میں بندوں کے دو گروہ ہو جائیں گے۔ ایک گروپ اپنے نیک اعمال کی بدولت اجر وثواب پانے والا اور دوسرا اپنی بداعمالیوں کے سبب سزا پانے والا۔ یہ تو ہوئی ضمیر کے مرجع کی بات' رہی دونوں آیتوں میں تطبیق کی بات تو مذکورہ بالا مضمون سے معلوم ہوگیا کہ قیامت کا دن مؤمنین صالحین کے لئے بہت ہلکا ہوگا۔ البتہ جو لوگ اہل ایمان میں سے گنہگار ہوں گے ان کے احوال چونکہ مختلف ہوں گے بعض کے گناہ کم ہوں گے اور بعض کے زیادہ تو ان کے لئے قیامت کے دن کی سختی وطوالت ان کے احوال کے موافق کم یا زیادہ ہوگی یہاں تک کہ بعض کیلئے اس کی طوالت ایک ہزار سال کے برابر ہوگی۔ اور دوسری آیت میں جو اس کی مقدار پچاس ہزار سال آئی ہے وہ صرف کفار کے لئے ہے۔ ایک اور صورت تطبیق کی یہ ہے کہ جہاں اللہ تعالیٰ نے روزِ قیامت کی مقدار خمسین الف سنۃ بیان فرمائی

ہے وہ کسی اور شمار کے اعتبار سے ہو۔ بعض اکابر کا کہنا ہے کہ ممکن ہے مقداروں کا یہ اختلاف افـق کے اختلاف کی وجہ سے ہو جیسا اس دنیا میں اس کی مثالیں موجود ہیں کہ زمین کے جس خطہ میں سورج خط استواء پر واقع ہے وہاں دن رات چوبیس گھنٹے میں پورے ہو جاتے ہیں جبکہ جس خطہ میں سورج نوے ڈگری پر ہو وہاں ایک دن ایک سال تک طویل ہو جاتا ہے لیکن یہ قول اس وقت صحیح ہو سکتا ہے جبکہ یہ ثابت ہو جائے کہ اس وقت آسمان کی حرکت دولابی یا رحوی ہو گی اور ایسا کسی حدیث سے ثابت نہیں)۔

ذٰلِكَ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَ الشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝ الَّذِيْٓ اَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ وَبَدَاَ خَلْقَ

وہی پوشیدہ اور ظاہر چیزوں کا جاننے والا ہے زبردست ہے رحمت والا ہے۔ اس نے جو چیز بنائی خوب بنائی اور انسان کی پیدائش کی

الْاِنْسَانِ مِنْ طِيْنٍ ۝ ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ۝ ثُمَّ سَوّٰىهُ وَ نَفَخَ فِيْهِ مِنْ

ابتداء مٹی سے کی۔ پھر اس کی نسل کو ذلیل پانی سے نکالی ہوئی چیز بنایا۔ پھر اس کو ٹھیک طرح بنا دیا اور اس میں اپنی

رُّوْحِهٖ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝ وَقَالُوْٓا ءَاِذَا ضَلَلْنَا فِي الْاَرْضِ

روح پھونک دی، اور تمہارے لیے کان اور آنکھیں اور دل بنا دیئے۔ تم کم شکر ادا کرتے ہو اور انہوں نے کہا کیا یہ واقعی بات ہے کہ جب ہم مٹی میں

ءَاِنَّا لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ۥ بَلْ هُمْ بِلِقَآءِ رَبِّهِمْ كٰفِرُوْنَ ۝ قُلْ يَتَوَفّٰىكُمْ مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِيْ

رل مل جائیں گے تو نئے طور پر پیدا ہوں گے، بلکہ بات یہ ہے کہ وہ اپنے رب کی ملاقات کے منکر ہیں۔ آپ فرما دیجئے ملک الموت تمہاری جانوں کو قبض

وُكِّلَ بِكُمْ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ۝

کرتا ہے جو تم پر مقرر ہے پھر تم اپنے رب کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

انسان کی تخلیق اور تصویر کا تذکرہ اور منکرین بعث کی تردید

جس ذات پاک کی صفات اوپر بیان ہوئیں وہ غیب اور شہادہ کا جاننے والا ہے یعنی جو کچھ بندوں سے غائب ہے اور جو کچھ آئندہ ہوگا اسے اس سب کا علم ہے اور جو کچھ موجود ہے اور بندوں کے سامنے ہے وہ اس سب کو جانتا ہے 'اَلْعَزِيْزُ (وہ سب پر غالب ہے) اَلرَّحِيْمُ (وہ اپنی مخلوق پر رحم فرمانے والا ہے) اَلَّذِيْٓ اَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ (اس نے ہر چیز کو پیدا فرمایا اچھا بنایا) یعنی حکمت کے مطابق پیدا فرمایا اور حکمت کے مطابق اسے کام میں لگایا، ساری مخلوق خالق جل مجدہ کی حکمت کے مطابق وجود میں آئی ہے اور حکمت کے موافق اپنے اپنے اعمال میں مشغول ہے۔

حکمت کے مطابق پیدا فرمانا، کام میں لگانا یہ اللہ تعالیٰ کی صفت خاصہ ہے، اگر کوئی چیز فی نفسہ قبیح ہو تو یہ اَحْسَنِ الْخَلْق کے منافی ہے کیونکہ احسن الخلق کا تعلق حکمت سے ہے۔

وَبَدَاَ خَلْقَ الْاِنْسَانِ مِنْ طِيْنٍ (اور اللہ نے انسان کی ابتدائی پیدائش مٹی سے فرمائی) اس کی تفسیر سورۂ حجر کے رکوع نمبر ۳ میں گزر چکی ہے اور سورۂ ص کے آخری رکوع میں بھی اس کا تذکرہ فرمایا ہے 'ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ (پھر اس کی نسل کو ذلیل

پانی سے نکالی ہوئی چیز بنادی) یعنی مٹی سے ابتدائی تخلیق کے بعد جو انسان کی نسل چلائی اس کا سلسلہ اس طرح جاری فرمایا کہ نطفہ منی جو ایک مَآءٍ مَّهِيْنٍ یعنی ذلیل پانی ہے باپ کی پشت سے نکل کر ماں کے رحم میں جاتا ہے (جسے سللة سے تعبیر فرمایا ہے جو سَلَّ يَسُلُّ سے فُعَالَة کا وزن ہے) یہ نطفہ رحم مادر میں قرار پاتا ہے پھر اس سے لڑکا یا لڑکی کی تخلیق ہوتی جاتی ہے۔ ثُمَّ سَوّٰهُ وَنَفَخَ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِهٖ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْئِدَةَ (پھر اللہ نے اس کو ٹھیک طرح بنادیا یعنی وہیں اندر اندر رحم مادر میں اس کی شکل وصورت بنا دی، اعضاء بنادیئے پھر اس میں اپنی طرف سے روح پھونک دی اس روح کے پھونکے جانے کے بعد جیتی جاگتی تصویر بن گئی' اس تصویر میں کان بھی بنادیئے اور آنکھیں بھی اور دل بھی اب جو بچہ باہر آیا تو وہ ہاتھ پاؤں کے اعتبار سے صحیح جاندار' سننے اور دیکھنے والا اور اپنے دل کو ادراک اور فہم میں استعمال کرنے والا سامنے آ گیا' گو یہ قوی اور ادراکات بتدریج نشو ونما کے ساتھ ترقی پذیر ہوتے ہیں لیکن ابتداء ہی سے اس پیدا ہونے والے بچہ میں یہ چیزیں ودیعت رکھ دی جاتی ہیں۔ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ انسانوں پر لازم ہے کہ وہ اپنے خالق و مالک کا شکر ادا کریں جس نے نطفہ سے رحم مادر میں اس کی تخلیق کی ابتداء کی اس کے اعضاء بنائے اور اس میں اپنی روح پھونکی اور اس میں قوت سامعہ و باصرہ ودیعت رکھی اور اس کے اندرون جسم دل بھی مرکب فرمادیئے جس کے دو کام ہیں' ایک تو رگوں میں خون کو برابر پھینکتے رہنا' دوسرے سوچنا سمجھنا' ان سب انعامات کا تقاضا یہ ہے کہ بنی آدم اپنے خالق کے شکر گزار ہوں لیکن شکر ادا کرنے والے کم ہیں اور جو شکر ادا کرنے والے ہیں وہ بھی بقدر استطاعت شکر ادا نہیں کرتے اور پورا شکر تو ادا ہو ہی نہیں سکتا۔

اس کے بعد منکرین قیامت کا ذکر فرمایا: وَقَالُوْٓا ءَاِذَا ضَلَلْنَا فِی الْاَرْضِ ءَاِنَّا لَفِیْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ بَلْ هُمْ بِلِقَآئِ رَبِّهِمْ كٰفِرُوْنَ (اور ان لوگوں نے کہا کہ جب ہم زمین میں رل مل جائیں گے تو کیا ہم نئے طور پر پیدا ہوں گے بلکہ وہ اپنے رب کی ملاقات کے منکر ہیں) وقوع قیامت کے منکرین جو باتیں کیا کرتے تھے ان باتوں میں سے ایک بات نقل فرمائی ہے وہ یوں کہتے تھے کہ جب ہم مر جائیں گے زمین میں دفن ہو جائیں گے پھر ہڈیاں ریزہ ریزہ ہو جائیں گی اور زمین میں ان کے ذرات رل مل جائیں گے اس وقت بھلا کیسے زندہ ہو سکتے ہیں؟ ان کا یہ استبعاد دوسری آیت میں بھی ذکر فرمایا ہے ان لوگوں کا یہ کہنا قیامت آنے کے انکار پر مبنی تھا اسی لیے فرمایا بَلْ هُمْ بِلِقَآئِ رَبِّهِمْ كٰفِرُوْنَ (بلکہ وہ اپنے رب کی ملاقات کے منکر ہیں)۔

قُلْ يَتَوَفّٰكُمْ مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِیْ وُكِّلَ بِكُمْ ثُمَّ اِلٰی رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ (آپ فرمادیجئے ملک الموت تمہاری جانوں کو قبض کرتا ہے جو تم پر مقرر ہے پھر تم اپنے رب کی طرف لوٹائے جاؤ گے) اس میں یہ بتایا کہ تمہیں مرنا بھی ضروری ہے اور زندہ ہو کر اپنے رب کی طرف لوٹنا بھی ضروری ہے اور موت واقع کرنے کا یہ طریقہ مقرر کیا گیا کہ تم پر ملک الموت کو مسلط فرمایا ہے وہ تمہیں مقررہ وقت پر موت دے گا جان کو رگ رگ سے نکالے گا کافر کا عذاب اسی وقت سے شروع ہو جائے گا۔

وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الْمُجْرِمُوْنَ نَاكِسُوْا رُءُوْسِهِمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ رَبَّنَآ اَبْصَرْنَا وَسَمِعْنَا فَارْجِعْنَا

اور اے مخاطب اگر تو اس موقع کو دیکھے جبکہ مجرم لوگ اپنے رب کے سامنے سر جھکائے ہوئے ہوں گے تو عجیب منظر دیکھے گا یہ لوگ کہہ رہے ہوں گے کہ اے ہمارے رب ہم نے دیکھ لیا اور سن لیا سو

نَعْمَلْ صَالِحًا اِنَّا مُوْقِنُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَلَوْ شِئْنَا لَاٰتَيْنَا كُلَّ نَفْسٍ هُدٰىهَا وَلٰكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ

ہم کو واپس بھیج ہم نیک عمل کریں گے بلاشبہ ہمیں یقین آ گیا۔ اور اگر ہم چاہتے تو ہر نفس کو اس کی ہدایت دے دیتے اور لیکن میری طرف سے یہ بات طے ہو چکی ہے

مِنِّیْ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ ۝ فَذُوْقُوْا بِمَا نَسِیْتُمْ لِقَآءَ یَوْمِكُمْ

کہ میں ضرور ضرور جہنم کو جنات سے اور انسانوں سے بھردوں گا جو اس میں اکٹھے ہوں گے۔ سو تم آج کے دن کی ملاقات کو بھول جانے کیوجہ

هٰذَا ج اِنَّا نَسِیْنٰكُمْ وَ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝

سے چکھ لو' بلاشبہ ہم نے تمہیں بھلا دیا اور تم جو اعمال کیا کرتے تھے ان کی وجہ سے ہمیشگی والا عذاب چکھ لو۔

قیامت کے دن مجرمین کی بدحالی اور دنیا میں واپس ہونے کی درخواست کرنا

یہ تین آیات کا ترجمہ کیا گیا ہے' پہلی آیت میں مجرمین کی ایک حالت بتائی ہے کہ یہ لوگ دنیا میں وقوع قیامت کا انکار کرتے تھے اور یوں کہتے تھے: ءَ اِذَا ضَلَلْنَا فِی الْاَرْضِ ءَ اِنَّا لَفِیْ خَلْقٍ جَدِیْدٍ جب یہ لوگ قیامت کے دن حاضر ہوں گے اور بارگاہ الٰہی میں پیشی ہوگی تو رسوائی اور ذلت کے مارے ہوئے سر جھکائے ہوں گے اور یوں کہیں گے کہ ہم نے دیکھ لیا اور سن لیا جس بات کے منکر تھے وہ سمجھ میں آ گئی لہٰذا ہمیں دنیا میں واپس بھیج دیجئے اب واپس ہو کر اچھے عمل کریں گے ہمیں پوری طرح ان باتوں کا یقین آ گیا جو حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام اور ان کے نائبین سناتے اور سمجھاتے تھے۔

دوسری آیت میں ارشاد فرمایا کہ اگر ہم چاہتے تو ہر نفس کو ہدایت دے دیتے لیکن میری طرف سے یہ بات محقق ہو چکی ہے کہ دوزخ کو جنات سے اور انسانوں سے بھر دینا ہے، دونوں گروہ کے افراد کثیر تعداد میں دوزخ میں جائیں گے جنہوں نے دنیا میں کفر اختیار کیا یہ لوگ وہاں اکٹھے ہوں گے' یہ بات ازل سے طے شدہ ہے اور کافروں کیلئے مقدر ہے۔ جب ابلیس نے لَاُغْوِیَنَّهُمْ اَجْمَعِیْنَ ۝ کہا تھا اس وقت اللہ جل شانہ نے فرمادیا تھا: لَاَمْلَئَنَّ الخ (کہ اے ابلیس میں تجھ سے اور جو تیرا اتباع کرے گا ان سب سے دوزخ کو بھر دوں گا)۔

ہدایت بمعنی اراءۃ الطریق تو سب ہی کے لیے ہے لیکن ہدایت بمعنی ایصال الی المطلوب سب کے لیے نہیں ہے' دوزخ کو بھی بھرنا ہے اور جنت کو بھی اور جو شخص دوزخ میں جائے گا وہ اپنے اختیار کو غلط استعمال کرنے کی وجہ سے جائے گا۔ اسے دنیا میں ایمان اور کفر کے دونوں راستے دکھا دیئے گئے اسی اختیار دے دینے کی وجہ سے کسی کو ایمان یا کفر پر مجبور نہیں کیا گیا جیسا کہ سورۂ کہف میں فرمایا: وَقُلِ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ فَمَنْ شَآءَ فَلْیُؤْمِنْ وَّ مَنْ شَآءَ فَلْیَكْفُرْ (اور آپ فرما دیجئے کہ تمہاری طرف حق آ چکا ہے سو تم میں سے جو چاہے ایمان لے آئے اور جو چاہے کفر اختیار کرے) بہرحال اللہ تعالیٰ نے بھی اختیار دے دیا ہے اور قضاء اور قدر کا فیصلہ بھی ہے کہ بہت سے لوگ کافر ہوں گے اور بہت سے لوگ مؤمن ہوں گے اور کافر دوزخ میں جائیں گے اور اہل ایمان جنت میں' جو امر اللہ تعالیٰ کی طرف سے طے شدہ ہے اس کا وجود میں آنا ضروری ہے۔ کفار جو وہاں کہیں گے کہ ہمیں واپس کر دیا جائے ہم نیک بنیں گے' ان کا یہ وعدہ غلط ہوگا، سورۂ انعام میں فرمایا: وَلَوْ رُدُّوْا لَعَادُوْا لِمَا نُهُوْا عَنْهُ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ (اور اگر واپس کر دیئے جائیں تو پھر لازمی طور پر وہی کام کریں گے جن سے منع کیا گیا ہے اور بلاشبہ وہ جھوٹے ہیں) اور سورۂ فاطر میں ہے کہ ان کے واپس لوٹا دیئے جانے کی درخواست کے جواب میں یوں ارشاد ہوگا: اَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَّا یَتَذَكَّرُ فِیْهِ مَنْ تَذَكَّرَ وَجَآءَكُمُ النَّذِیْرُ (کیا ہم نے تمہیں اتنی عمر نہیں دی تھی کہ نصیحت حاصل کرنے والا نصیحت حاصل کر لیتا، اور تمہارے پاس ڈرانے والا بھی آیا تھا۔)

تیسری آیت میں فرمایا کہ مجرمین کی واپسی کی درخواست کے جواب میں ان سے کہا جائے کہ تم آج کے دن کی ملاقات کو جو بھول گئے

تھے (اور اسی بھولنے کی وجہ سے نافرمانی پر تلے ہوئے تھے) اس بھولنے کی وجہ سے عذاب چکھ لو۔

إِنَّمَا يُؤْمِنُ بِآيَاتِنَا الَّذِينَ إِذَا ذُكِّرُوا بِهَا خَرُّوا سُجَّدًا وَسَبَّحُوا بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَهُمْ

ہماری آیات پر وہی لوگ ایمان لاتے ہیں کہ جب ان کو آیات یاد دلائی جاتی ہیں تو وہ سجدہ میں گر پڑتے ہیں اور اپنے رب کی تسبیح بیان کرتے ہیں جس کے ساتھ حمد بھی ہوتی ہے اور وہ تکبر

لَا يَسْتَكْبِرُونَ ﴿۱۵﴾ تَتَجَافَىٰ جُنُوبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُونَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَطَمَعًا وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ

نہیں کرتے۔ ان کے پہلو لیٹنے کی جگہوں سے جدا ہوتے ہیں' وہ ڈرتے ہوئے اور امید باندھتے ہوئے اپنے رب کو پکارتے ہیں اور ہم نے انہیں جو کچھ دیا ہے

يُنفِقُونَ ﴿۱۶﴾ فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّا أُخْفِيَ لَهُم مِّن قُرَّةِ أَعْيُنٍ جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿۱۷﴾

اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔ سو کسی شخص کو اس کا علم نہیں ہے جو ان کے لیے آنکھوں کی ٹھنڈک کا سامان پوشیدہ رکھا گیا ہے یہ ان اعمال کا بدلہ ہوگا جو دنیا میں کیا کرتے تھے۔

أَفَمَن كَانَ مُؤْمِنًا كَمَن كَانَ فَاسِقًا ۚ لَّا يَسْتَوُونَ ﴿۱۸﴾ أَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَلَهُمْ

سو جو شخص مؤمن ہو کیا وہ فاسق کی طرح ہوسکتا ہے ؟ برابر نہیں۔ جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کیے ان کے لیے باغ ہوں گے ٹھہرنے کی جگہوں میں

جَنَّاتُ الْمَأْوَىٰ نُزُلًا بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿۱۹﴾ وَأَمَّا الَّذِينَ فَسَقُوا فَمَأْوَاهُمُ النَّارُ ۖ كُلَّمَا أَرَادُوا أَن

یہ بطور مہمانی ان اعمال کے بدلہ ہوں گے جو دنیا میں کیا کرتے تھے۔ اور جن لوگوں نے نافرمانی کی ان کا ٹھکانہ دوزخ ہے جب بھی اس میں سے نکلنے

يَخْرُجُوا مِنْهَا أُعِيدُوا فِيهَا وَقِيلَ لَهُمْ ذُوقُوا عَذَابَ النَّارِ الَّذِي كُنتُم بِهِ تُكَذِّبُونَ ﴿۲۰﴾

کا ارادہ کریں گے اسی میں واپس لوٹا دیئے جائیں گے اور ان سے کہا جائے گا کہ آگ کا عذاب چکھ لو جس کو تم جھٹلاتے تھے۔

وَلَنُذِيقَنَّهُم مِّنَ الْعَذَابِ الْأَدْنَىٰ دُونَ الْعَذَابِ الْأَكْبَرِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ﴿۲۱﴾ وَمَنْ أَظْلَمُ

اور ضرور ضرور ہم انہیں بڑے عذاب سے پہلے قریب والا عذاب چکھا دیں گے تاکہ وہ باز آجائیں۔ اور اس سے بڑھ کر کون

مِمَّن ذُكِّرَ بِآيَاتِ رَبِّهِ ثُمَّ أَعْرَضَ عَنْهَا ۚ إِنَّا مِنَ الْمُجْرِمِينَ مُنتَقِمُونَ ﴿۲۲﴾

ظالم ہوگا جسے اس کے رب کی آیات یاد دلائی جائیں پھر وہ ان سے اعراض کرے' بلا شبہ ہم مجرمین سے بدلہ لینے والے ہیں۔

السجدۃ ۹ — وقف غفران — ع ۲

اہل ایمان کی صفات، مؤمنین کا جنت میں داخلہ' اہل کفر کا دوزخ میں برا ٹھکانہ

ان آیات میں مؤمنین صالحین کی بعض صفات اور ان کے انعامات بیان فرمائے ہیں اور کافرین فاسقین کا ٹھکانہ اور ان کی بدحالی بیان فرمائی ہے۔ اول تو یہ فرمایا کہ ہماری آیات پر وہ لوگ ایمان لاتے ہیں جو تذکیر اور نصیحت کا اثر لیتے ہیں' جب انہیں ہماری آیات یاد دلائی جاتی ہیں تو انہیں سن کر سجدہ میں گر پڑتے ہیں اور اپنے رب کی تسبیح اور تحمید میں مشغول ہو جاتے ہیں اور تکبر بھی نہیں کرتے۔ مزید فرمایا کہ ان کے پہلو اپنے لیٹنے کی جگہوں سے یعنی خواب گاہوں سے دور ہو جاتے ہیں وہ ڈرتے ہوئے اور امید کرتے ہوئے اپنے رب کو پکارتے ہیں اور جو کچھ ہم نے انہیں دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں' اس میں نماز تہجد پڑھنے والوں کی فضیلت بتائی ہے کہ یہ لوگ

سونے اور آرام کرنے کے لیے لیٹتے ہیں پھر تھوڑا سا آرام کر کے بستر کو چھوڑ کر کھڑے ہو جاتے ہیں اور وضو کر کے نماز میں لگ جاتے ہیں، نماز بھی پڑھتے ہیں اور اللہ تعالیٰ سے دعا بھی مانگتے ہیں اور اس کے انعامات کی امید بھی رکھتے ہیں اور گرفت اور مؤاخذہ ہونے سے بھی ڈرتے ہیں۔ درحقیقت خوف اور طمع (ڈرنا اور نعمتوں اور مغفرتوں کی امید رکھنا) یہ دونوں مؤمن کی زندگی کے اہم جزو ہیں، مؤمن کی زندگی میں یہ دونوں چیزیں ساتھ ساتھ رہنی چاہئیں یعنی گناہوں سے بچتا رہے اعمال صالحہ کرتا رہے اور عدم قبولیت کا خوف بھی لگا رہے، جیسا عمل چاہیے ویسا نہ ہونے کی وجہ سے مواخذہ سے بھی ڈرے اور ساتھ ہی اللہ تعالیٰ سے اچھی امید بھی لگائے رکھے، جس کے دل سے خوف گیا وہ گناہ بھی کرے گا اعمال بھی ترک کرے گا اور فسق میں ترقی کرتا چلا جائے گا اور جس کے دل سے امید نکل گئی، اللہ کی طرف سے مغفرتوں اور نعمتوں کا امیدوار نہ رہا ایسا شخص دعا بھی نہ کرے گا، خوف اور طمع نہ ہو تو بندہ محرومی کے غار میں اترتا چلا جاتا ہے۔

جو شخص تہجد کا اہتمام کرے گا ظاہر ہے کہ فرائض وسنن کی ادائیگی کا اس سے زیادہ فکرمند ہوگا، لہٰذا اس میں نمازوں کا اہتمام کرنے والوں کی تعریف بیان فرمادی اور ساتھ ہی وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ بھی فرمادیا کہ یہ لوگ نمازوں کا اہتمام بھی کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے دیا ہے اس میں سے خرچ بھی کرتے ہیں۔ لفظوں کا عموم زکوٰۃ اور نفلی صدقہ اور صدقہ واجبہ سب کو شامل ہے اور قلیل وکثیر سب کچھ اس میں آ گیا، یعنی یہ جو فرمایا کہ ہم نے جو کچھ دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔ اس میں ایک پیسے سے لے کر لاکھوں خرچ کرنا سب داخل ہو گیا اللہ کی رضا میں خرچ کرنے کے لیے مالدار ہونا ضروری نہیں جس کے پاس تھوڑا سا مال ہو وہ اسی میں سے خرچ کرے، خرچ کرنے کا ذوق ہو تو زیادہ مالیت اور کم مالیت سے کچھ فرق نہیں پڑتا اور تھوڑا مال ہونا بھی خرچ سے مانع نہیں ہوتا۔ بعض صحابہؓ نے تو یہاں تک کیا کہ اپنے پاس کچھ نہ ہوا تو مزدوری کر کے کچھ حاصل کیا اور اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کر دیا۔

نماز تہجد کی فضیلت .... تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ سے نماز تہجد مراد ہے جیسا کہ ہم نے اوپر ذکر کیا، صاحب معالم التنزیل (ج ۳ ص) فرماتے ہیں کہ یہ اشہر الاقوال ہے اور اس کی تائید میں حضرت معاذ بن جبلؓ سے ایک روایت بھی نقل کی ہے وہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ سفر میں ساتھ چلتے ہوئے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ مجھے ایسا عمل بتائیے جس کے ذریعہ جنت میں داخل ہو جاؤں اور دوزخ سے دور رہ سکوں، سیّد دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم نے بہت بڑی چیز کا سوال کیا اور حقیقت میں کچھ بڑی بھی نہیں جس کے لیے اللہ تعالیٰ آسان فرمادیں اس کے لیے بے شک ضرور آسان ہے اس کے بعد فرمایا کہ (وہ عمل یہ ہے کہ) تو اللہ کی عبادت کر اور کسی کو اس کا شریک نہ بنا اور نماز قائم کر اور زکوٰۃ ادا کر اور رمضان کے روزے رکھ اور بیت اللہ کا حج کر، پھر فرمایا کیا تم کو خیر کے دروازے نہ بتادوں؟ (سنو) روزہ ڈھال ہے (جو نفس کی شہوتوں کو توڑ کر شیطان کے حملہ سے بچاتا ہے) اور صدقہ گناہ کو بجھادیتا ہے، جیسا کہ آگ کو پانی بجھادیتا ہے) اور انسان کا رات کے درمیان نماز پڑھنا (تہجد کے وقت) نیک بندوں کا امتیازی نشان ہے اس کے بعد سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت تلاوت فرمائی (جس میں تہجد پڑھنے والوں کی تعریف کی گئی ہے) تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا وَّ مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ. فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ جَزَآءً بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ (ان کی کروٹیں (بستر سے چھوڑ کر) لیٹنے کی جگہوں سے جدا ہوتی ہیں، وہ اپنے رب کو امید سے اور خوف سے پکارتے ہیں اور ہمارے دیئے ہوئے میں سے خرچ کرتے ہیں سو کسی شخص کو خبر نہیں جو آنکھوں کی ٹھنڈک کا سامان ان کے لیے چھپادیا گیا ہے خزانہ، یہ ان کو ان کے اعمال کا صلہ ملا ہے) پھر فرمایا کیا تم کو احکام الٰہیہ کی جڑ اور ان کا ستون اور اس کی چوٹی کا عمل نہ بتادوں! میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! ضرور بتائیے! آپؐ نے فرمایا

احکام الٰہیہ کی جڑ فرمانبرداری ہے اور اس کا ستون نماز ہے اور چوٹی کا عمل جہاد ہے۔ پھر فرمایا کیا تم کو اس سب کا جز واصلی نہ بتادوں (جس کو عمل میں لانے سے ان سب چیزوں پر عمل کرسکو گے) میں نے عرض کیا یا نبی اللہ! ضرور ارشاد فرمائیے! آپؐ نے اپنی زبان مبارک پکڑ کر فرمایا اسے قابو میں رکھ کر اپنی نجات کا سامان کرو میں نے عرض کیا اے اللہ کے نبی! (صلی اللہ علیہ وسلم) جو باتیں ہم بولتے ہیں کیا ان پر بھی پکڑ ہوگی؟ آپؐ نے فرمایا اے معاذ! تم بھی عجیب آدمی ہو! دوزخ میں منہ کے بل اوندھے کر کے جو چیز لوگوں کو دوزخ میں گرائے گی وہ ان کی زبان کی باتیں ہی تو ہوں گی، پھر فرمایا تم جب تک خاموش رہتے ہو محفوظ رہتے ہو اور جب بولتے ہو تو تمہارا بول تمہارے لیے ثواب یا عذاب کا سبب بنا کر لکھ دیا جاتا ہے۔

صاحب معالم التنزیل نے یہ حدیث اپنی سند سے ذکر کی ہے اور صاحب مشکوٰۃ المصابیح نے ص ۱۴ پر مسند احمد اور سنن ترمذی اور سنن ابن ماجہ سے نقل کی ہے، خواب گاہوں سے پہلو جدا ہوتے ہیں اس کا مصداق نماز تہجد بتا کر صاحب معالم التنزیل نے دیگر اقوال بھی نقل کیے ہیں، حضرت انسؓ سے نقل کیا ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ یہ آیت انصار کے بارے میں نازل ہوئی، یہ حضرات مغرب کی نماز پڑھ کر ٹھہر جاتے تھے اور جب تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ عشاء کی نماز نہ پڑھ لیتے تھے گھروں کو نہیں جاتے تھے۔ حضرت انسؓ سے یہ بھی مروی ہے کہ یہ آیت ان صحابہؓ کے بارے میں نازل ہوئی جو مغرب کی نماز کے بعد عشاء تک برابر نماز پڑھتے رہتے تھے اور حضرت ابوالدرداء اور حضرت ابوذرؓ اور حضرت عبادہ بن صامتؓ سے مروی ہے کہ اس آیت میں ان حضرات کی تعریف فرمائی ہے جو عشاء اور فجر جماعت سے پڑھتے ہیں۔ (معالم التنزیل جلد ۳ ص ۵۰۰)

درحقیقت ان اقوال میں کوئی تعارض نہیں ہے البتہ صلوٰۃ اللیل یعنی نماز تہجد مصداق ہونا متبادر ہے اور حدیث شریف سے اس کی تائید بھی ہوتی ہے، البتہ یوں کہا جاسکتا ہے کہ جب نماز تہجد کے لیے خواب گاہ چھوڑنے کی فضیلت ہے جو نفل نماز ہے تو نماز فجر کے لیے گرمی اور سردی میں بستر چھوڑ کر نماز ادا کرنے کی فضیلت کیوں نہ ہوگی جو فرض نماز ہے۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ اگر میں نماز فجر جماعت سے پڑھ لوں تو یہ مجھے اس سے زیادہ محبوب ہے جو پوری رات نماز میں کھڑا رہوں۔ (مشکوٰۃ المصابیح)

حضرت اسماء بنت یزیدؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ قیامت کے دن لوگوں کو ایک ہی میدان میں جمع کیا جائے گا (اس موقع پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک) منادی پکار کر کہے گا کہاں ہیں وہ لوگ جن کے پہلو خواب گاہوں سے جدا ہوجاتے تھے، یہ سن کر کچھ لوگ کھڑے ہوجائیں گے جن کی تعداد تھوڑی ہوگی یہ لوگ بغیر حساب جنت میں داخل ہوجائیں گے اس کے بعد باقی لوگوں کا حساب شروع کرنے کا حکم ہوگا۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۴۴۷)

جن حضرات کی صفات اوپر بیان ہوئی ہیں ان کا انعام بتاتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ ان کے اعمال کی وجہ سے ان کے لیے جو آنکھوں کی ٹھنڈک کا سامان پوشیدہ کیا ہوا ہے اسے کوئی شخص نہیں جانتا، اس میں اجمالی طور پر جنت کی نعمتوں کا مرتبہ بتایا ہے۔ حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ میں نے اپنے بندوں کے لیے وہ سامان تیار کیا ہے جسے نہ کسی آنکھ نے دیکھا نہ کسی کان نے سنا اور نہ کسی انسان کے دل پر اس کا گزر ہوا، اس کے بعد راوی حدیث حضرت ابوہریرہؓ نے فرمایا کہ تم چاہو تو یہ آیت پڑھ لو: فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِیَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْیُنٍ ج (صحیح بخاری ج ۲ ص ۷۰۴)

درحقیقت بات یہ ہے کہ جنت کی جن چیزوں کا قرآن وحدیث میں تذکرہ ہے اس میں کسی نعمت کی پوری کیفیت بیان نہیں کی گئی جو کچھ بیان فرمایا ہے وہاں کی نعمتیں اس سے بہت بلند ہیں اور بالا ہیں اس لیے فرمادیا کہ آنکھوں کی ٹھنڈک کا جو سامان اہل جنت کے لیے

تیار کیا گیا ہے کوئی آنکھ تو دنیا میں اسے کیا دیکھ پاتی کسی کان نے اس کی کیفیت کو سنا تک نہیں اور کسی کے دل میں اس کا تصور تک نہیں آیا۔ جنت کے متعلق جو کچھ سن کر اور پڑھ کر سمجھ میں آتا ہے جب جنت میں جائیں گے تو اس سے بہت بلند و بالا پائیں گے، پھر جنت کی جن نعمتوں کا تذکرہ قرآن وحدیث میں موجود ہے وہاں ان کے علاوہ بہت زیادہ نعمتیں ہیں، نیز کسی چیز کے دیکھنے اور استعمال کرنے سے جو پوری واقفیت حاصل ہوتی ہے وہ محض سننے سے حاصل نہیں ہوتی لہٰذا اس دنیا میں رہتے ہوئے نعمائے جنت کی واقعی حقیقت کا ادراک نہیں ہوسکتا ہے۔

حضرت سعد بن ابی وقاص سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اگر جنت کی نعمتوں میں سے اتنی تھوڑی سی کوئی چیز دنیا والوں پر ظاہر ہو جائے جسے ناخن پر اٹھا سکتے ہیں تو آسمان اور زمین کے کناروں میں جو کچھ ہے وہ سب مزین ہو جائے اور اہل جنت میں سے کوئی شخص دنیا کی طرف جھانک لے جس سے اس کے کنگن ظاہر ہو جائیں تو اس کی روشنی سورج کی روشنی کو ختم کر دے جیسا کہ سورج ستاروں کی روشنی کو ختم کر دیتا ہے۔ (رواہ البخاری) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی ارشاد فرمایا کہ جنت میں ایک کوڑا رکھنے کی جگہ ساری دنیا اور جو کچھ دنیا میں ہے اس سب سے بہتر ہے۔ (صحیح بخاری ج ۲ ص ۴۰۷)

حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ دنیا کی چیزوں میں سے کوئی چیز بھی جنت میں نہیں ہے صرف ناموں کی مشابہت ہے۔ مطلب یہ ہے کہ جنت کی نعمتوں کے تذکرے میں جو سونا چاندی موتی، ریشم، درخت، پھل، میوے، تخت، گدے، کپڑے وغیرہ آئے ہیں یہ چیزیں وہاں کی چیزیں ہوں گی اور اسی عالم کے اعتبار سے ان کی خوبی اور بہتری ہوگی، دنیا کی کوئی بھی چیز جنت کی کسی چیز کے پاسنگ بھی نہیں ہے۔

تنبیہ...... نیک بندوں کی تعریف فرماتے ہوئے **وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ** بھی فرمایا ہے یہ سلبی صفت ہے دیگر صفات ایجابی ہیں۔ بات یہ ہے کہ تکبر بہت بری بلا ہے اپنی بڑائی بگھارنا، شہرت کا طالب ہونا، دوسروں کو حقیر جاننا، دکھاوے کے لیے عبادت کرنا تاکہ لوگ معتقد ہوں یہ سب تکبر کے شعبے ہیں، تکبر عبادات کا ناس کھو دیتا ہے، کیا کرایا سب مٹی میں مل جاتا ہے، ریا کاری کی وجہ سے اعمال باطل ہو جاتے ہیں اور وہ مستوجب سزا بھی ہے جیسا کہ احادیث شریفہ میں اس کا تذکرہ آیا ہے، مؤمن بندوں پر لازم ہے کہ تکبر سے دور رہیں، تواضع اختیار کریں، فرائض بھی ادا کریں، واجبات بھی پورے کریں، نوافل بھی پڑھیں، زکوٰۃ بھی دیں، صدقہ بھی کریں، سب سے اللہ کی رضا مقصود ہو، دکھاوا نہ کریں اور نہ بندوں سے تعریف کے خواہش مند ہوں۔

مؤمن اور فاسق برابر نہیں...... مؤمنین صالحین کا اجر وانعام بتانے کے بعد ارشاد فرمایا: **اَفَمَنْ كَانَ مُؤْمِنًا كَمَنْ كَانَ فَاسِقًا** کیا جو شخص مؤمن ہو وہ فاسق کی طرح ہو سکتا ہے؟ پھر خود ہی جواب دے دیا **لَا يَسْتَوٗنَ** (مؤمنین اور فاسقین برابر نہیں ہوسکتے) اس کے بعد دوبارہ اہل ایمان کی نعمتوں کا تذکرہ فرمایا اور ساتھ ہی کافروں کے عذاب کا بھی ارشاد فرمایا: **اَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ جَنّٰتُ الْمَاْوٰى** (جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کیے ان کیلئے باغ ہوں گے ٹھہرنے کی جگہوں میں) **نُزُلًا بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ** (یہ بطور مہمانی ان اعمال کا بدلہ ہوں گے جو وہ دنیا میں کیا کرتے تھے) **وَاَمَّا الَّذِيْنَ فَسَقُوْا فَمَاْوٰهُمُ النَّارُ** (اور جن لوگوں نے نافرمانی کی ان کا ٹھکانہ دوزخ ہے) **كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَآ اُعِيْدُوْا فِيْهَا** (جب بھی اس میں سے نکلنے کا ارادہ کریں گے اسی میں واپس لوٹا دیئے جائیں) **وَقِيْلَ لَهُمْ ذُوْقُوْا عَذَابَ النَّارِ الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ** (اور ان سے کہا جائے گا کہ آگ کا عذاب چکھ لو جس کو تم جھٹلاتے تھے) جب ایمان والوں اور نافرمانوں کے انجام میں فرق ہے کہ اہل ایمان ہمیشہ رہنے والی جنتوں میں ہوں گے اور وہاں ان کے ساتھ مہمانوں جیسا برتاؤ ہوگا اور نافرمان دوزخ میں جائیں گے تو دونوں فریق برابر کیسے ہو سکتے ہیں؟ اہل کفر کی ذلت کا یہ

عالم ہوگا کہ جب اس میں سے نکلنا چاہیں گے تو اسی میں دھکیل دیئے جائیں گے اور ان سے کہا جائے گا کہ جو تم جھٹلانے والا عمل کیا کرتے تھے اس کی وجہ سے آگ کا عذاب چکھتے رہو۔

معالم التنزیل میں لکھا ہے کہ آیت کریمہ اَفَمَنْ كَانَ مُؤْمِنًا كَمَنْ كَانَ فَاسِقًا حضرت علیؓ اور ولید بن عقبہ بن ابی معیط کے بارے میں نازل ہوئی دونوں میں کچھ گفتگو ہو رہی تھی ولید نے حضرت علیؓ سے کہہ دیا کہ چپ ہو جا تو بچہ ہے اور میں بولنے میں بھی تجھ سے بہتر ہوں اور نیزہ بھی زیادہ تیز ہے اور دلاور بھی تجھ سے زیادہ ہوں' اس پر حضرت علیؓ نے فرمایا کہ چپ ہو جا تو فاسق ہے' اس پر آیت بالا نازل ہوئی (فی صحتہ کلام طویل ذکرہ صاحب الروح فراجعہ ان شئت 'قال صاحب الروح و فی روایۃ اخریٰ انھا نزلت فی علی کرم اللّٰہ وجھہ و رجل من قریش ولم یسمہ) اس بات کے صحیح ہونے میں طویل کلام ہے جسے روح المعانی والے نے ذکر کیا ہے مگر آپ چاہیں تو اسے دیکھ لیں۔ روح المعانی کے مصنفؒ نے کہا ہے کہ ایک دوسری روایت میں ہے یہ آیت حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور ایک دوسرے آدمی کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔ دوسرے آدمی کا نام ذکر نہیں کیا۔

اس کے بعد ارشاد فرمایا وَلَنُذِيقَنَّهُمْ مِنَ الْعَذَابِ الْأَدْنَىٰ دُونَ الْعَذَابِ الْأَكْبَرِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ (اور ہم انہیں ضرور ضرور بڑے عذاب سے پہلے قریب والا عذاب چکھا دیں گے تا کہ وہ باز آ جائیں) بڑے عذاب سے مراد آخرت کا عذاب اور قریب والے عذاب سے دنیا کا عذاب مراد ہے' حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے اس کی تفسیر میں دو باتیں منقول ہیں' اول یہ کہ اہل مکہ کو جو چند سال قحط میں مبتلا کیا تھا اس سے وہ عذاب مراد ہے اور دوسرا قول یہ ہے کہ اس سے مشرکین مکہ کا غزوۂ بدر میں مقتول ہونا اور شکست کھانا مراد ہے۔ اگر وَلَنُذِيقَنَّهُمْ کی ضمیر منصوب مشرکین مکہ کی طرف راجع ہو تو یہ دونوں تفسیر اس کے مناسب ہیں اور اگر عمومی طور پر سب ہی کافر اس ضمیر کا مرجع قرار دیئے جائیں تو پھر دنیا کے مصائب اور امراض مراد ہوں گے' حضرت ابو عباسؓ سے یہ تیسرا قول بھی مروی ہے۔ دنیا کا یہ عذاب ایمان کی طرف متوجہ کرنے کے لیے ہوتا ہے تا کہ تنبیہ ہو جائے اور توبہ کی طرف رجوع کر لیں۔ (روح المعانی جلد ۲۱ ص ۱۳۴' ۱۳۵)

آخر میں فرمایا وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِآيَاتِ رَبِّهِ ثُمَّ أَعْرَضَ عَنْهَا (اور اس سے بڑھ کر کون ظالم ہوگا جسے اس کے رب کی آیات یاد دلائی جائیں پھر وہ ان سے اعراض کرے) إِنَّا مِنَ الْمُجْرِمِينَ مُنْتَقِمُونَ (اور بلا شبہ ہم مجرمین سے بدلہ لینے والے ہیں) اس میں مکذبین کے مستحق عذاب ہونے کی وجہ بتائی ہے کہ ہماری آیات کو جھٹلا کر بڑے ظالم بن گئے۔ نیز امام الانبیاء جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی تسلی ہے کہ یہ لوگ جو تکذیب پر تلے ہوئے ہیں ہم ان سے بدلہ لے لیں گے۔

صاحب روح المعانی فرماتے ہیں کہ پہلے ان حضرات کی تعریف فرمائی جو اللہ تعالیٰ کی آیات سن کر سجدے میں گر پڑتے ہیں اور ان آیات میں ان لوگوں کی مذمت بیان فرمائی جن کے سامنے اللہ کی آیات آئیں پھر وہ ان سے اعراض کریں۔

وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ فَلَا تَكُنْ فِي مِرْيَةٍ مِنْ لِقَائِهِ وَجَعَلْنَاهُ هُدًى

اور بلا شبہ ہم نے موسیٰ کو کتاب دی سو آپ اس کے ملنے میں کچھ شک نہ کیجئے اور ہم نے ان کو بنی اسرائیل کے لیے

لِبَنِي إِسْرَائِيلَ ﴿٢٣﴾ وَجَعَلْنَا مِنْهُمْ أَئِمَّةً يَهْدُونَ بِأَمْرِنَا لَمَّا صَبَرُوا ۖ وَكَانُوا بِآيَاتِنَا

موجب ہدایت بنایا تھا۔ اور ہم نے ان میں سے پیشوا بنائے جو ہمارے حکم سے ہدایت دیتے تھے جبکہ انہوں نے صبر کیا، اور وہ ہماری آیتوں پر

يُوْقِنُوْنَ ﴿۲۴﴾ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۲۵﴾

یقین رکھتے تھے۔ بلاشبہ آپ کا رب قیامت کے دن ان کے درمیان ان چیزوں میں فیصلے فرمائے گا جس میں وہ اختلاف کرتے تھے۔

جن چیزوں میں اختلاف کرتے ہیں اللہ تعالیٰ ان کے بارے میں قیامت کے دن فیصلہ فرمادے گا

یہ تین آیات کا ترجمہ ہے، پہلی آیت میں فرمایا کہ ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو کتاب دی تھی (انہوں نے اس کی اشاعت میں تکلیفیں برداشت کیں) اور اب آپ کو یہ کتاب دی ہے یعنی قرآن مجید عطا فرمایا ہے آپ اس کتاب کے ملنے میں کچھ شک نہ کیجئے یعنی آپ صاحب کتاب ہیں اللہ کی طرف سے آپ پر وحی آتی ہے' آپ کا بلند مرتبہ ہے' اس بلند مرتبہ کے ہوتے ہوئے اگر کج فہم آپ کی دعوت پر دھیان نہ دیں تو آپ غم نہ کریں۔ موسیٰ علیہ السلام کو کتاب دی گئی وہ محنت کرتے رہے اور ایذا دینے والوں کی باتوں پر صبر کرتے رہے۔ صاحب روح المعانی فرماتے ہیں کہ فَلَا تَكُنْ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَآئِهٖ کا خطاب گو بظاہر حضور اکرم ﷺ کو ہے لیکن مقصود خطاب آپ کی امت ہے اور وہ لوگ ہیں جنہیں قرآن مجید کے بارے میں کتاب اللہ ہونے میں شک تھا۔

حضرت حسن نے فرمایا کہ لِقَآئِهٖ کی ضمیر مجرور شدت اور محنت کی طرف راجع ہے جو کلام سے مفہوم ہو رہی ہے **فکانہ قیل: ولقد اٰتینا موسیٰ ھذا العب ء الذی انت بسبیلہ فلا تمتر انک تلقی مالقی ھو من الشدۃ والمحنۃ بالناس،** (گویا کہ کہا گیا ہے کہ ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو یہی مشقت دی ہے، جس مشقت کے راستہ پر آپ چل رہے ہیں پس آپ گھبراہٹ میں نہ پڑیں لوگوں کی طرف سے جو پریشانیاں حضرت موسیٰ علیہ السلام کو پہنچیں وہ یقیناً آپ کو بھی پہنچیں گی) (ذکرہ صاحب الروح) صاحب بیان القرآن نے اپنی تفسیر میں ضمیر کا مرجع تو کتاب ہی کو بتایا ہے البتہ شدت و محنت والی بات لے لی ہے۔ ہم نے بھی ان کا اتباع کیا ہے اگرچہ صاحب روح المعانی آخر میں فرماتے ہیں: **ولا یخفی بعدہ**. (اور اس توجیہ کا بعید ہونا ظاہر ہے)

وَجَعَلْنٰهُ هُدًى لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ۔ اور ہم نے اس کتاب کو (جو موسیٰ علیہ السلام کو دی تھی) بنی اسرائیل کے لیے سبب ہدایت بنایا تھا اسی طرح آپ ﷺ پر نازل ہونے والی کتاب بھی آپ کی امت کے لیے ہدایت کا سبب ہے۔

دوسری آیت میں فرمایا کہ ہم نے بنی اسرائیل میں پیشوا بنا دیئے تھے جو ہمارے حکم سے ہدایت کرتے تھے جبکہ انہوں نے صبر کیا (اس سے معلوم ہوا ہدایت اور محنت کی کوشش میں صبر کرنا ضروری ہے لہٰذا آپ بھی صبر کریں) اور وہ ہماری آیتوں پر یقین رکھتے تھے۔ یہ یقین انہیں ہدایت اور دعوت کے کام پر ثابت قدم رکھتا تھا۔ اَئِمَّةً سے کون حضرات مراد ہیں؟ حضرات مفسرین نے فرمایا ہے کہ ان سے انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام مراد ہیں' اور ایک قول یہ ہے کہ ان کی امت کے افراد مراد ہیں جو ہدایت اور دعوت کے کام میں لگے رہتے تھے یہ دوسرا قول اقرب ہے کیونکہ وَكَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يُوْقِنُوْنَ حال کے مناسب ہے' حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام تو اصحاب یقین تھے ہی۔

قال صاحب الروح ج ۲۱ ص ۱۳۸ والمراد کذالک لنجعلن الکتٰب الذی اٰتیناک او لنجعلنک ھدًی لامتک و لنجعلن منھم ائمۃ یھدون مثل تلک الھدایۃ. (تفسیر روح المعانی کے مصنف نے کہا ہے اور مراد یہ ہے کہ اسی طرح ہم نے آپ کو جو کتاب دی اسے یا خود آپ کو آپ کی امت کے لئے ہدایت کا سامان بنائیں گے اور ہم ضرور ان میں راہنما بنائیں گے جو اس ہدایت کے مطابق راہنمائی کریں)

تیسری آیت میں یہ فرمایا کہ قیامت کے دن آپ کا رب ان کے درمیان ان امور کے بارے میں فیصلہ فرمادے گا جن میں یہ لوگ آپس میں اختلاف کرتے تھے یعنی اہل ایمان کو جنت میں اور اہل کفر کو دوزخ میں داخل فرمادے گا' اس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی ہے کہ جو لوگ آپ کے مخالف رہے ہیں اگر کفر ہی پر جمے رہے تو قیامت کے دن سزامل ہی جائیگی۔

اَوَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ يَمْشُوْنَ فِيْ مَسٰكِنِهِمْ ؕ اِنَّ

کیا ان لوگوں کو اس چیز نے ہدایت نہیں دی کہ ان سے پہلے ہم کتنی ہی امتوں کو ہلاک کر چکے ہیں' یہ لوگ ان کے رہنے کی جگہوں میں چلتے پھرتے ہیں،

فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ ؕ اَفَلَا يَسْمَعُوْنَ ﴿٢٦﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا نَسُوْقُ الْمَآءَ اِلَى الْاَرْضِ الْجُرُزِ

بلا شبہ اس میں نشانیاں ہیں' کیا یہ لوگ نہیں سنتے۔ کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم سوکھی زمین کی طرف پانی کو روانہ کرتے ہیں

فَنُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا تَاْكُلُ مِنْهُ اَنْعَامُهُمْ وَاَنْفُسُهُمْ ؕ اَفَلَا يُبْصِرُوْنَ ﴿٢٧﴾

الثلثة

پھر اس کے ذریعہ کھیتی نکالتے ہیں جس میں سے ان کے مویشی اور خود یہ لوگ کھاتے ہیں، کیا یہ لوگ نہیں دیکھتے۔

ہلاک شدہ اقوام کے مساکن سے عبرت حاصل کرنے کی تاکید

کھیتیاں اللہ تعالیٰ کی نعمت ہیں جن سے بنی آدم اور مویشی کھاتے ہیں

جو لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جھٹلاتے تھے اور اس تکذیب پر عذاب آجانے کی وعید سنتے تھے وہ عذاب آنے کی بھی تکذیب کرتے تھے اور یوں سمجھتے تھے کہ عذاب آنے والا نہیں یہ یوں ہی باتیں ہیں۔ ایسے لوگوں کی تنبیہ کے لیے فرمایا کہ ان لوگوں کو معلوم ہے کہ ہم نے ان سے پہلے کتنی ہی امتیں ہلاک کر دی ہیں' یہ خبریں ان تک پہنچی ہوئی ہیں اور ان لوگوں کی ہلاکت کے واقعات انہوں نے سن رکھے ہیں اور صرف سنے ہی نہیں آنکھوں سے بھی ان کی تباہیوں کے آثار دیکھتے ہیں' جب اپنی تجارت کیلئے سفر کرتے ہیں (خصوصاً اہل مکہ جو تجارت کے لئے شام جایا کرتے تھے) تو یہ لوگ برباد شدہ اقوام کے کھنڈرات پر گزرتے تو ان کے قلعے گرے ہوئے اور مکانات ٹوٹے ہوئے اور بیکار پڑے ہوئے کنوئیں نظروں سے دیکھتے ہیں' کیا یہ بات ان کی ہدایت کے لیے کافی نہیں ہے اگر فکر کریں اور تھوڑا سا بھی سوچیں تو یہ نشانیاں ہدایت کا سبب بن سکتی ہیں' جب یہ چیزیں نظر کے سامنے ہیں تو کیوں ہدایت قبول نہیں کرتے؟

سورۃ الحج میں فرمایا: فَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ فَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا وَ بِئْرٍ مُّعَطَّلَةٍ وَّ قَصْرٍ مَّشِيْدٍ (سو کتنی ہی بستیاں ہیں جنہیں ہم نے ہلاک کر دیا اور حال یہ ہے کہ ان کے رہنے والے ظلم کرنے والے تھے' سو وہ اپنی ہی چھتوں پر گری پڑی ہیں اور کتنے ہی بے کار کنوئیں ہیں اور پختہ بنائے ہوئے محل ہیں جو ویران پڑے ہیں)۔

پھر ان لوگوں کو تنبیہ فرمائی جو قیامت کے منکر تھے اور یوں کہتے تھے کہ دوبارہ زندہ ہونا ہماری سمجھ میں نہیں آتا ان کے بارے میں فرمایا یہ لوگ یہ نہیں دیکھتے کہ زمین خشک پڑی رہتی ہے اس میں ذرا بھی ایک سبز پتہ کا نشان بھی نہیں ہوتا ہم اس زمین کی طرف پانی روانہ کرتے ہیں جو بادلوں سے بھی برستا ہے اور نہروں اور کنوؤں سے بھی حاصل کیا جاتا ہے جب یہ پانی زمین میں اترتا ہے تو ہم اس سے کھیتی نکال دیتے ہیں' یہ کھیتی ان کے کام آتی ہے اس سے ان کے جانوروں کا چارہ بھی بنتا ہے اور خود بھی یہ لوگ اس میں سے کھاتے ہیں' یہ مردہ زمین کو زندہ کرنا انسانوں کو دوبارہ زندہ کرنے کی زندہ مثال ہے اگر سمجھنا چاہیں تو سمجھ سکتے ہیں یہ سب کچھ نظروں کے سامنے ہے کیوں نہیں

دیکھتے؟ سورۂ روم میں فرمایا: فَانْظُرْ اِلٰٓى اٰثٰرِ رَحْمَتِ اللّٰهِ كَیْفَ یُحْیِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا اِنَّ ذٰلِكَ لَمُحْیِ الْمَوْتٰى وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ (سوائے مخاطب اللہ کی رحمت کے آثار کو دیکھ لے وہ زمین کو اس کی موت کے بعد کیسے زندہ فرماتا ہے، بلاشبہ وہ ضرور مردوں کو زندہ کرنے والا ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے)۔

وَیَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْفَتْحُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿۲۸﴾ قُلْ یَوْمَ الْفَتْحِ لَا یَنْفَعُ الَّذِیْنَ

اور یہ لوگ کہتے ہیں کہ یہ فتح کب ہوگی اگر تم سچے ہو۔ آپ فرما دیجئے کہ فتح کے دن کافروں کو ان کا ایمان نہ نفع

كَفَرُوْٓا اِیْمَانُهُمْ وَلَا هُمْ یُنْظَرُوْنَ ﴿۲۹﴾ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَانْتَظِرْ اِنَّهُمْ مُّنْتَظِرُوْنَ ﴿۳۰﴾

دے گا اور نہ انہیں مہلت دی جائے گی۔ سو آپ ان سے اعراض کیجئے اور انتظار کیجئے بے شک وہ بھی منتظر ہیں۔

ع ۳ ۸ ۱۶

فتح کے دن کافروں کا ایمان نفع نہ دے گا

جب منکرین اور معاندین کے سامنے قیامت کے واقع ہونے اور وہاں فیصلے کیے جانے کا ذکر ہوتا تھا تو کافر لوگ بطور مذاق ہنسی اڑاتے ہوئے یوں کہتے تھے کہ فیصلہ کا دن کب ہوگا؟ تم سچے ہو تو ہمیں اس کی تاریخ بتادو ان کے جواب میں فرمایا کہ انکار کرنے اور جلدی مچانے سے اس دن کے عذاب سے خلاصی نہ پاؤ گے آنے والی آہی جائے گی دیر میں آنے کا مطلب یہ نہیں کہ آنی ہی نہیں ہے، وہ آئے گی ضرور آئے گی اور کافروں کو بہت بڑی مصیبت کا سامنا ہوگا اسے دیکھ کر ایمان لاؤ گے تو ایمان بھی معتبر نہ ہوگا اور اگر یوں کہیں کہ ہمیں مہلت دے دی جائے تو مہلت بھی نہیں دی جائے گی۔ قال صاحب الروح فکانه قیل لهم لا تستعجلوا به ولا تستهزء وا فکانی باسم و قد حصلتم فی ذٰلک الیوم وآمنتم فلم ینفعکم الایمان واستنظرتم فی ادراک العذاب فلم تنظروا' و هٰذا قریب من اسلوب الحکم.

فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ (سو آپ ان سے اعراض فرمائیے) ان کی تکذیب اور استہزاء کا وبال انہیں پر پڑے گا، ان کو سمجھنے کا ارادہ نہیں ہے اور افہام و تفہیم بھی ان کے حق میں مفید نہیں۔ وَانْتَظِرْ اِنَّهُمْ مُّنْتَظِرُوْنَ (آپ انتظار کیجئے وہ بھی انتظار کر رہے ہیں) آپ ہماری مدد کے منتظر رہیں وہ غیر شعوری طور پر عذاب کے منتظر ہیں۔

ولقد تم تفسیر سورة السجدة بحمد الله تعالیٰ و حسن توفیقه للیلة الثانی عشر من شهر شعبان المعظم من شهور السنة السادس عشرة بعد الالف واربعمائة.

سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا یَصِفُوْنَ . وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ .

☆☆☆.......................☆☆☆

مدنی	سورۃ الاحزاب	۷۳ آیتیں اور ۹ رکوع

(۳۳) سُوْرَۃُ الْاَحْزَابِ مَدَنِیَّۃٌ (۹۰) آیَاتُھَا ۷۳ رُکُوْعَاتُھَا ۹

سورۃ الاحزاب مدینہ منورہ میں نازل ہوئی اس میں تہتر آیات اور نو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

یٰٓاَیُّھَا النَّبِیُّ اتَّقِ اللّٰہَ وَلَا تُطِعِ الْکٰفِرِیْنَ وَالْمُنٰفِقِیْنَ ؕ اِنَّ اللّٰہَ کَانَ عَلِیْمًا حَکِیْمًا ۝۱

اے نبی اللہ سے ڈرتے رہیے اور کافروں اور منافقوں کا کہنا نہ مانیے، بلا شبہ اللہ علیم ہے حکیم ہے،

وَّاتَّبِعْ مَا یُوْحٰٓی اِلَیْکَ مِنْ رَّبِّکَ ؕ اِنَّ اللّٰہَ کَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرًا ۝۲ وَّتَوَکَّلْ

اور آپ اس کا اتباع کیجئے جو آپ کے رب کی طرف سے آپ پر وحی کیا جاتا ہے، بلاشبہ اللہ ان کاموں سے باخبر ہے جو تم کرتے ہو۔ اور اللہ

عَلَی اللّٰہِ ؕ وَکَفٰی بِاللّٰہِ وَکِیْلًا ۝۳

پر بھروسہ کیجئے اور وہ کافی ہے اور کارساز ہے۔

اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہئے اور اس پر توکل کیجئے' کافروں اور منافقوں کی بات نہ مانئے

یہاں سے سورۃ الاحزاب شروع ہو رہی ہے، اَحْزَاب حِزْب کی جمع ہے جو گروہ کے معنی میں آتا ہے' ۵ ہجری میں قریش مکہ اور بہت سے قبائل اور جماعتیں سب مل کر مسلمانوں کو ختم کرنے کے لیے مدینہ طیبہ پر چڑھ آئے تھے چونکہ ان کے بہت سے گروہ تھے اس لیے اس غزوہ کا نام غزوۃ الاحزاب معروف ہوا' اور چونکہ اس موقع پر خندق بھی کھودی گئی تھی (اور ظاہری اسباب میں وہی تمام گروہوں کے حملہ سے محفوظ ہونے کا ذریعہ بنی) اس لیے اس غزوہ کو غزوہ خندق بھی کہا جاتا ہے۔

تفسیر روح المعانی میں حضرت ابن عباسؓ سے سورۃ الاحزاب کا سبب نزول نقل کرتے ہوئے لکھا ہے کہ اہل مکہ میں سے ولید بن مغیرہ اور شیبہ بن ربیع نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ اگر آپ اپنی دعوت کو چھوڑ دیں تو ہم آپ کو اپنا آدھا مال دے دیں گے اور ادھر مدینہ طیبہ کے یہودیوں اور منافقوں نے یہ دھمکی دی کہ آپ نے اگر اپنی بات نہ چھوڑی تو ہم آپ کو قتل کر دیں گے' اس پر سورۃ الاحزاب نازل ہوئی۔

اوپر تین آیات کا ترجمہ ذکر کیا گیا ہے ان میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب ہے کہ آپ برابر تقوے پر قائم و دائم رہیے' کافروں اور منافقوں کی بات نہ مانئے اور آپ کے رب کی طرف سے آپ پر جو وحی کی جاتی ہے اس کا اتباع کرتے رہیں اور ساتھ ہی یہ بھی فرمایا کہ

آپ اللہ پر بھروسہ رکھیں۔ اللہ کافی ہے اللہ کارساز ہے وہ کارساز ہونے کے لیے کافی ہے' اللہ تعالیٰ کو ہر چیز کا علم ہے دشمنوں نے جو آپ کو مال کی پیش کش کی ہے اور جو قتل کی دھمکی دی ہے اسے اس کا علم ہے' اللہ تعالیٰ حکیم بھی ہے جو کچھ وجود میں آتا ہے اس میں حکمت ہے' دشمنوں نے آپ کو جو پیش کش کی ہے اس میں بھی اللہ تعالیٰ کی حکمت ہے جس میں سے ایک یہ ہے کہ آپ مضبوطی کے ساتھ اللہ کے دین پر جمے رہیں اور وحی کا اتباع کرتے رہیں تا کہ آپ کے اندر مزید قوت اور توکل کی شان پیدا ہو جائے۔

مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَيْنِ فِيْ جَوْفِهٖ ۚ وَمَا جَعَلَ اَزْوَاجَكُمُ الّٰٓـِٔيْ تُظٰهِرُوْنَ مِنْهُنَّ

اللہ نے کسی شخص کے سینے میں دو دل نہیں بنائے اور تمہاری بیویوں کو جن سے تم ظہار کر لیتے ہو تمہاری ماں نہیں بنایا

اُمَّهٰتِكُمْ ۚ وَمَا جَعَلَ اَدْعِيَآءَكُمْ اَبْنَآءَكُمْ ؕ ذٰلِكُمْ قَوْلُكُمْ بِاَفْوَاهِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَقُوْلُ

اور جو تمہارے منہ بولے بیٹے ہیں ان کو تمہارا بیٹا نہیں بنایا' یہ تمہارے منہ سے کہنے کی بات ہے' اور اللہ حق بات

الْحَقَّ وَهُوَ يَهْدِي السَّبِيْلَ ۝۴ اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ لَّمْ تَعْلَمُوْٓا

فرماتا ہے اور راستہ دکھاتا ہے۔ تم انہیں ان کے باپوں کے نام سے پکارو، یہ اللہ کے نزدیک انصاف کی بات ہے، سو اگر تم ان کے باپوں کو نہ جانتے ہو

اٰبَآءَهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ وَمَوَالِيْكُمْ ؕ وَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ فِيْمَآ اَخْطَاْتُمْ بِهٖ ۙ وَلٰكِنْ

تو وہ دین میں تمہارے بھائی ہیں، اور تمہارے دوست ہیں اور جو کچھ تم سے خطا ہو جائے اس کے بارے میں تم پر کوئی گناہ نہیں اور لیکن جس

مَّا تَعَمَّدَتْ قُلُوْبُكُمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝۵

کا تمہارے دل قصداً ارادہ کر لیں، اور اللہ غفور ہے رحیم ہے۔

منہ بولے بیٹے تمہارے حقیقی بیٹے نہیں ہیں ان کی نسبت ان کے باپوں کی طرف کرو

تفسیر قرطبی جلد نمبر ۱۴ ص ۱۱۶ میں لکھا ہے کہ جمیل بن معمر فہری ایک آدمی تھا اس کی ذکاوت اور قوت حافظہ مشہور تھی' قریش اس کے بڑے معتقد تھے اور کہتے تھے کہ اس کے سینہ میں دو دل ہیں اور وہ خود بھی یوں کہتا تھا کہ میرے دو دل ہیں ان دونوں کے ذریعہ جو کچھ سمجھتا ہوں وہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی عقل سے زیادہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کی باتوں کی تردید فرمائی اور فرمایا۔ مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَيْنِ فِيْ جَوْفِهٖ (کہ اللہ نے کسی بندہ کے سینہ میں دو دل نہیں بنائے) جو شخص یہ دعویٰ کرتا ہے اسے اپنے دعوے کی سزا ضرور ملنا ہے اور اس کے دعوے کے خلاف ظاہر ہو جاتا ہے چنانچہ اس شخص کے ساتھ بھی ایسا ہی ہوا جو یہ کہتا تھا کہ میرے اندر دو دل ہیں۔ قصہ یہ ہوا کہ یہ شخص بھی جنگ بدر میں شریک تھا جب مشرکین کو شکست ہو گئی تو ابوسفیان نے اس سے پوچھا کہ لوگوں کا کیا حال ہے؟ اس نے کہا وہ تو شکست کھا گئے' ابوسفیان نے کہا کہ یہ کیا بات ہے کہ تیرا ایک چپل تیرے ایک ہاتھ میں ہے اور دوسرا تیرے پاؤں میں ہے' کہنے لگا اچھا یہ بات ہے! میں تو یہی سمجھ رہا ہوں کہ وہ دونوں میرے پاؤں میں ہیں۔ اس وقت لوگوں پر ظاہر ہو گیا کہ اگر اس کے دو دل ہوتے تو اپنے چپل کو ہاتھ میں لٹکائے ہوئے یہ نہ سمجھتا کہ وہ میرے پاؤں میں ہے۔

ظہار کیا ہے..........اہل عرب میں ظہار کا طریقہ جاری تھا یعنی مرد اپنی بیوی سے یوں کہہ دیتا تھا کہ: اَنْتِ كَظَهْرِ اُمِّیْ (تو میرے لیے ایسی ہے جیسی میری ماں کی کمر ہے) ایسا کہہ دینے سے اس عورت کو اپنے اوپر ہمیشہ کے لیے حرام سمجھ لیتے تھے۔ اسلام میں اگر کوئی شخص ایسا کہہ دے تو اسکے لیے کفارہ مقرر کر دیا گیا ہے جو سورۃ المجادلہ کے پہلے رکوع میں مذکور ہے اہل عرب جو اپنے اوپر عورت کو ہمیشہ کے لیے حرام سمجھ لیتے تھے ان کی تردید کرتے ہوئے فرمایا: وَمَا جَعَلَ اَزْوَاجَكُمُ الّٰٓئِیْ تُظٰهِرُوْنَ مِنْهُنَّ اُمَّهٰتِكُمْ (اور اللہ تعالیٰ نے تمہاری بیویوں کو جن سے تم ظہار کر لیتے ہو تمہاری حقیقی اور واقعی ماں نہیں بنا دیا) لہٰذا اگر کوئی شخص ظہار کر لے تو اس کی بیوی اس پر ہمیشہ کے لیے حرام نہ ہو جائے گی، مقررہ کفارہ دے دے تو پھر میاں بیوی کی طرح رہیں۔

بیٹا بنا لینا..........اہل عرب کا یہ بھی طریقہ تھا کہ جب کسی لڑکے کو منہ بولا بیٹا بنا لیتے تھے (جو اپنا بیٹا نہیں دوسرے شخص کا بیٹا تھا جسے ہمارے محاورہ میں لے پالک کہتے ہیں) تو اس لڑکے کو بیٹا بنانے والا شخص اپنی ہی طرف منسوب کرتا تھا یعنی حقیقی بیٹے کی طرح اسے مانتا اور سمجھتا تھا اور اس سے بیٹے جیسا معاملہ کرتا تھا اس کو میراث بھی دیتا تھا اور اس کی موت یا طلاق کے بعد اس کی بیوی سے نکاح کرنے کو بھی حرام سمجھتا تھا اور عام طور سے دوسرے لوگ بھی اس لڑکے کو اسی شخص کی طرف منسوب کرتے تھے جس نے بیٹا بنایا ہے اور ابن فلاں کہہ کر پکارتے تھے ان کی تردید کرتے ہوئے ارشاد فرمایا: وَمَا جَعَلَ اَدْعِيَآءَكُمْ اَبْنَآءَكُمْ (کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے منہ بولے بیٹوں کو تمہارا اصلی بیٹا قرار نہیں دیا) تم جو انہیں بیٹا بنانے والے کا بیٹا سمجھتے ہو۔ اور اس پر حقیقی بیٹے کا قانون جاری کرتے ہو یہ غلط ہے۔ ذٰلِكُمْ قَوْلُكُمْ بِاَفْوَاهِكُمْ (یہ تمہاری اپنی منہ بولی باتیں ہیں اللہ کی شریعت کے خلاف ہیں) وَاللّٰهُ يَقُوْلُ الْحَقَّ وَهُوَ يَهْدِي السَّبِيْلَ (اور اللہ حق بات فرماتا ہے اور حق راہ بتاتا ہے) اسی میں سے یہ بھی ہے کہ منہ بولے بیٹوں کو حقیقی بیٹا نہ سمجھا جائے۔ اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ (تم انہیں ان کے باپوں کی طرف نسبت کر کے پکارو یہ اللہ کے نزدیک انصاف کی چیز ہے) فَاِنْ لَّمْ تَعْلَمُوْٓا اٰبَآءَهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ وَمَوَالِيْكُمْ (سو اگر تمہیں ان کے باپوں کا علم نہ ہو مثلاً کسی لڑکے کو پال لیا جس کا باپ معلوم نہ تھا مثلاً کسی لقیط (پڑا ہوا بچہ) کو اٹھا لیا اس کے باپ کا علم نہیں نہ بیٹا بنانے والے کو ہے نہ بستی والوں کو تو اسے یَا اَخِیْ میرا بھائی کہہ کر بلاؤ کیونکہ وہ تمہارا دینی بھائی ہے، یا دوست کہہ کر بلاؤ، مَوَالِیْ مَوْلٰی کی جمع ہے جس کے متعدد معانی ہیں ان میں سے ایک ابن العم یعنی چچا کے بیٹے کے معنی میں بھی آتا ہے اس لیے صاحب جلالین نے مَوَالِيْكُمْ کا ترجمہ بنو عمکم کیا ہے یعنی چچازاد کہہ کر پکارلو۔ وَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ فِيْمَآ اَخْطَاْتُمْ بِهٖ (اور جو کچھ تم سے خطاء ہو جائے اس کے بارے میں تم پر کوئی گناہ نہیں) تم سے بھول چوک ہو جائے اور منہ سے بیٹا بنانے والے کی طرف نسبت کر بیٹھو تو اس پر گناہ نہیں ہے۔ وَلٰكِنْ مَّا تَعَمَّدَتْ قُلُوْبُكُمْ (لیکن اس حکم کی خلاف ورزی قلبی ارادہ کے ساتھ قصداً ہو جائے تو یہ مؤاخذہ کی بات ہے) وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا (اور اللہ تعالیٰ بخشنے والا ہے مہربان ہے) گناہ ہو جائے تو مغفرت طلب کرو اور توبہ کرو۔

ضروری مسائل

مسئلہ..........اگر کسی لڑکے یا لڑکی کو کوئی شخص لے کر پال لے اور بیٹا بیٹی کی طرح اس کی پرورش کرے جیسا کہ بعض بے اولاد ایسا کر لیتے ہیں تو ایسا کرنا جائز ہے لیکن حقیقی ماں باپ، بھائی بہن اور دیگر رشتہ داروں سے اس کا تعلق حسب سابق باقی رہنے دیں، شرعی اصول کے مطابق آنا جانا ملنا جلنا جاری رہے قطع رحمی نہ کی جائے۔

مسئلہ..........قرآن مجید میں بتادیا کہ مُتَبَنّٰی یعنی منہ بولا بیٹا حقیقی بیٹا نہیں ہو جاتا لہٰذا اس کو پالنے والے مرد یا عورت کی میراث نہیں ملے گی، بعض مرتبہ کسی کو بیٹا بیٹی بنا لینے کے بعد اپنی اولاد پیدا ہو جاتی ہے اور اولاد کے علاوہ دیگر شرعی ورثاء بھی ہوتے ہیں پس سمجھ لیا جائے کہ میراث اسی اصلی ذاتی اولاد اور دیگر شرعی ورثاء کو ملے گی منہ بولے بیٹے بیٹی کا اس میں کوئی حصہ نہیں، البتہ منہ بولے بیٹے کے لیے وصیت کی جاسکتی ہے جو تہائی مال سے زیادہ نہ ہو اور اس وصیت کرنے میں اصل وارثوں کو محروم کرنے یا ان کا حصہ کم کرنے کی نیت نہ ہو۔

مسئلہ..........منہ بولا بیٹا بیٹی چونکہ اپنے حقیقی بیٹا بیٹی نہیں بن جاتے اس لیے اگر وہ محرم نہیں ہیں تو ان سے وہی غیر محرم والا معاملہ کیا جائے گا اور سمجھدار ہو جانے پر پردہ کرنے کے احکام نافذ ہوں گے، ہاں اگر کسی مرد نے بھائی کی لڑکی لے کر پال لی تو اس سے پردہ نہ ہوگا، یا اگر کسی عورت نے بہن کا لڑکا لے کر پال لیا تو اس سے بھی پردہ نہ ہوگا کیونکہ دونوں صورتوں میں محرم ہونے کا رشتہ سامنے آگیا ہاں جس کا رشتہ محرمیت نہ ہوگا اس سے پردہ ہوگا مثلاً کسی عورت نے اپنے بھائی یا بہن کی لڑکی لے کر پالی جس کا عورت کے شوہر سے کوئی رشتہ محرمیت نہیں ہے تو اس مرد کے حق میں وہ غیر ہوگی اس سے پردہ ہوگا۔

مسئلہ..........کسی نے کسی کو منہ بولا بیٹا بنایا اور اس بیٹا بنانے والے کی لڑکی بھی ہے تو اس لڑکے اور لڑکی کا آپس میں نکاح ہو سکتا ہے، بشرطیکہ حرمت نکاح کا کوئی دوسرا سبب نہ ہو۔

مسئلہ..........اگر کسی نے کسی نامحرم کو اپنا بیٹا بنایا اور اس لڑکے کی کسی لڑکی سے شادی کر دی پھر یہ لڑکا مر گیا یا طلاق دے دی تو اس بیٹا بنانے والے شخص سے مرنے والے کی بیوی کا نکاح ہو سکتا ہے بشرطیکہ کوئی دوسری وجہ حرمت نہ ہو۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زید بن حارثہؓ کو اپنا بیٹا بنا لیا تھا پھر بڑا ہو جانے پر اپنی پھوپھی کی لڑکی حضرت زینب بنت جحشؓ سے ان کا نکاح کر دیا تھا جب انہوں نے طلاق دے دی تو آپؐ نے حضرت زینبؓ سے نکاح کر لیا، اس پر عرب کے جاہلوں نے اعتراض کیا کہ دیکھو بیٹے کی بیوی سے نکاح کر لیا جس کا تذکرہ اس سورت کے پانچویں رکوع میں آرہا ہے، انشاء اللہ) ان لوگوں کی تردید میں اللہ تعالیٰ نے وَمَا جَعَلَ اَدْعِيَآءَكُمْ اَبْنَآءَكُمْ فرمادیا (کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے منہ بولے بیٹوں کو تمہارا حقیقی بیٹا نہیں بنا دیا تھا) حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے بیان کیا کہ ہم زید بن حارثہؓ کو زید بن محمد صلی اللہ علیہ وسلم کہا کرتے تھے، جب آیت: وَمَا جَعَلَ اَدْعِيَآءَكُمْ اَبْنَآءَكُمْ نازل ہوئی تو ہم نے ایسا کہنا چھوڑ دیا۔

مسئلہ..........دوسروں کے بچوں کو شفقت اور پیار میں جو بیٹا کہہ کر بلا لیتے ہیں جبکہ ان کا باپ معروف ومشہور ہو تو یہ جائز تو ہے لیکن بہتر نہیں ہے۔

مسئلہ..........جس طرح کسی کے منہ بولے بیٹے کو بیٹا بنانے والے کی طرف منسوب کرنا جائز نہیں ہے اسی طرح اس کی بھی اجازت نہیں ہے کہ کوئی شخص اپنے باپ کے علاوہ کسی کو اپنا باپ بنائے یا بتائے یا کاغذات میں لکھوائے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص نے اپنے باپ کے علاوہ کسی دوسرے کی طرف نسبت کی حالانکہ وہ جانتا ہے کہ یہ میرا باپ نہیں ہے تو اس پر جنت حرام ہے۔ آج کل جو لوگوں میں اپنا نسب بدلنے، جھوٹا سید بننے یا اپنی قوم وقبیلہ کے علاوہ کسی دوسرے قبیلہ کی طرف منسوب ہونے کا رواج ہو گیا ہے یہ حرام ہے ایسا کرنے والے حدیث مذکور کی وعید کے مستحق ہیں۔ (رواہ البخاری عن سعد بن ابی وقاص)

مسئلہ..........اگر کسی عورت نے زنا کیا اور اس سے حمل رہ گیا پھر جلدی سے کسی سے نکاح کر لیا اور اس طرح سے اس شوہر کا بچہ ظاہر کر دیا جس سے نکاح کیا ہے تو یہ بھی حرام ہے اور اگر کسی شخص کا واقعی بچہ ہے اور اس کا انکار کرے تو یہ بھی حرام ہے۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو بھی کوئی عورت کسی قوم میں کسی ایسے بچے کو شامل کر دے جو ان میں

سے نہیں ہے تو اللہ سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہے اور اللہ اسے ہرگز اپنی جنت میں داخل نہ فرمائے گا اور جس کسی مرد نے اپنے بچے کا انکار کر دیا حالانکہ وہ اس کی طرف دیکھ رہا ہے تو اللہ تعالیٰ اس شخص کو اپنی رحمت سے دور فرما دے گا اور اسے (قیامت کے دن) اولین و آخرین کے سامنے رسوا کرے گا۔ (رواہ ابوداؤد)

اَلنَّبِيُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ وَاَزْوَاجُهٗۤ اُمَّهٰتُهُمْ ؕ وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ
مؤمنین سے نبی کا تعلق اس سے زیادہ ہے جو ان کا اپنے نفسوں سے ہے اور آپ کی بیویاں ان کی مائیں ہیں اور رشتہ دار اللہ کی کتاب
اَوْلٰى بِبَعْضٍ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُهٰجِرِيْنَ اِلَّاۤ اَنْ تَفْعَلُوْۤا اِلٰۤى اَوْلِيٰٓئِكُمْ
میں ایک دوسرے سے زیادہ تعلق رکھنے والے ہیں بہ نسبت دوسرے مؤمنین مہاجرین کے مگر یہ کہ تم اپنے دوستوں سے کچھ اچھا
مَّعْرُوْفًا ؕ كَانَ ذٰلِكَ فِي الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا ۝
سلوک کرنا چاہو یہ کتاب میں لکھا ہوا ہے۔

مؤمنین سے نبی ﷺ کا تعلق اس سے زیادہ ہے جو ان کا اپنے نفسوں سے ہے اور آپ ﷺ کی بیویاں ان کی مائیں ہیں

اس آیت میں بظاہر چار باتیں بتائی ہیں۔ اول یہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو مؤمنین سے جو تعلق ہے وہ اس تعلق سے بھی زیادہ ہے جو مؤمنین کی اپنی جانوں سے ہے اس میں بہت سے مضامین آجاتے ہیں۔ اول یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایمان والوں کے ساتھ جو رحمت اور شفقت کا تعلق ہے وہ اتنا زیادہ ہے کہ مؤمنین کو بھی اپنی جانوں سے رحمت اور شفقت کا اتنا تعلق نہیں ہے اس کا کچھ بیان سورۂ توبہ کی آیت کریمہ لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ کے ذیل میں گزر چکا ہے وہاں آپ کی رحمت اور شفقت کے بارے میں بعض احادیث گزر چکی ہیں، آپ کو یہ گوارہ نہ تھا کہ کسی مؤمن کو کوئی بھی تکلیف پہنچ جائے، آپ نے کبھی کسی کو دینی ضرورت سے غصہ میں کچھ فرما دیا تو اس کو بھی رحمت بنا دیا۔

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بارگاہ خداوندی میں یوں دعا کی: اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اتَّخَذْتُ عِنْدَكَ عَهْدًا لَنْ تُخْلِفَنِيْهِ فَاِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ فَاَىُّ الْمُؤْمِنِيْنَ اٰذَيْتُهٗ شَتَمْتُهٗ لَعَنْتُهٗ جَلَدْتُهٗ فَاجْعَلْهَا لَهٗ صَلٰوةً. زَكٰوةً تُقَرِّبُهٗ بِهَاۤ اِلَيْكَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ (صحیح مسلم جلد ۲ ص ۳۲۴) (اے اللہ! میں آپ سے ایک درخواست کرتا ہوں جو امید ہے کہ آپ ضرور ہی قبول فرمائیں گے وہ یہ کہ میں ایک انسان ہوں پس جس کسی مؤمن کو میں نے تکلیف دی برا بھلا کہا، لعنت کی، کوڑا مارا تو میرے اس عمل کو آپ اس کے لیے رحمت اور پاکیزگی اور اپنی نزدیکی کا ذریعہ بنا دیں جس کے ذریعہ آپ قیامت کے دن اس کو اپنے قرب سے نواز دیں)۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شفقت عامہ............ حضرت ابو ہریرہؓ سے یہ بھی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت شریفہ تھی کہ جب کسی ایسے شخص کا جنازہ پڑھنے کے لیے لایا جاتا جس پر قرض ہوتا تو آپ دریافت فرماتے تھے اس نے ادائیگی کا انتظام چھوڑا ہے یا نہیں؟ اگر جواب میں عرض کیا جاتا کہ اس نے ادائیگی کا انتظام چھوڑا ہے تو آپ اس کی نماز جنازہ پڑھا دیتے تھے اور اگر یہ بتایا

جاتا کہ اس نے قرض کی ادائیگی کا انتظام نہیں چھوڑا تو فرماتے تھے کہ تم لوگ اپنے ساتھی کی نماز جنازہ پڑھ لو (یہ طریقہ آپؐ نے اس لیے اختیار فرمایا تھا کہ لوگوں پر قرض دار ہو کر مرنے کی شناعت وقباحت ظاہر ہو جائے کہ دیکھو حضورﷺ نے اس کی نماز جنازہ تک نہیں پڑھی (پھر جب اللہ نے آپ پر فتوحات کے دروازے کھول دیئے تو آپؐ بطور خطیب کے کھڑے ہوئے اور اَنَا اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِھِمْ (مجھے مؤمنین سے اس سے زیادہ تعلق ہے جتنا انہیں ان کی جانوں سے ہے) لہٰذا مؤمنین میں سے جس کسی شخص کی وفات ہو جائے اور وہ اپنے اوپر قرضہ چھوڑ جائے تو اس کی ادائیگی میرے ذمہ ہے اور جو کوئی مال چھوڑ جائے وہ اس کے وارثوں کے لیے ہے۔ (رواہ البخاری)

آپؐ چاہتے تھے کہ کسی مسلمان کو کوئی بھی تکلیف نہ ہو نہ دنیا میں نہ آخرت میں، آپؐ نے جو کچھ ارشاد فرمایا اور بتایا اور تعلیم دی اس میں مومنین کے لیے خیر ہی خیر ہے جبکہ خود مؤمن بندے کبھی اپنی رائے کی غلطی سے اور کبھی کسی خواہش سے متأثر ہو کر دنیا و آخرت میں اپنی جانوں کو تکلیف پہنچانے والے کام بھی کر گزرتے ہیں، آپؐ نے اپنی شفقت کو ایک مثال دے کر سمجھایا اور فرمایا کہ میری تمہاری مثال ایسی ہے کہ جیسے کسی شخص نے آگ جلائی جب آگ نے اپنے آس پاس روشنی کر دی تو پروانے اور یہ چھوٹے چھوٹے کیڑے جو آگ میں گرا کرتے ہیں اس میں گرنے لگے، آگ جلانے والا انہیں روکتا ہے اور وہ اس پر غالب ہو جاتے ہیں اور اس میں داخل ہو جاتے ہیں، میری اور تمہاری مثال ایسی ہے میں دوزخ سے بچانے کے لیے تمہاری کمروں کو پکڑتا ہوں کہ آجاؤ آگ سے، بچو آجاؤ آگ سے، بچو پھر تم مجھ پر غلبہ پا جاتے ہو (یعنی ایسے کام کرتے ہو جو دوزخ میں جانے کا سبب ہوتے ہیں)۔ (رواہ مسلم جلد ۲ ص ۲۴۸)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کوشش تو یہی رہی کہ امت مسلمہ کا کوئی شخص دوزخ میں نہ جائے لیکن دنیا داری کی وجہ سے اور نفس کی خواہشوں کے دباؤ سے لوگ گناہ کر کے عذاب کے مستحق ہو جاتے ہیں، یہاں تو آپؐ نے اپنی امت کی خیر خواہی کے لیے محنت کی ہی تھی آخرت میں سفارش بھی کریں گے، آپ کی شفقت میں نہ یہاں کمی رہی نہ وہاں ہوگی، البتہ امت کو بھی اپنی جانوں کو عذاب آخرت سے بچانے کے لیے فکر رکھنا چاہیے۔

آپؐ نے تو یہاں تک کیا کہ امت کی خیر خواہی کے لیے یقیناً مقبول ہونے والی دعا کو آخرت میں فائدہ پہنچانے کے لیے محفوظ فرما لیا۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ہر نبی کے لیے ایک دعائے مستجاب ہے (یوں تو حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام بہت سی دعائیں کرتے تھے جو مقبول ہوا کرتی تھیں لیکن اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ اختیار دیا گیا تھا کہ کوئی سی ایک دعا کر لو جو ضرور ہی مقبول ہوگی) لہٰذا ہر نبی نے اپنی اس دعا کو دنیا ہی میں استعمال کر لیا اور میں نے یہ دعا اپنی امت کی شفاعت کے لیے قیامت کے دن تک چھپا کر رکھ لی ہے سو میری امت میں سے ہر اس شخص کو پہنچ جائے گی جس نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی بھی چیز کو شریک نہ کیا۔ (رواہ مسلم)

ازواج مطہراتؓ کا اکرام واحترام.......... دوسری بات یہ بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا وَاَزْوَاجُہٗٓ اُمَّھٰتُھُمْ (کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویاں ایمان والوں کی مائیں ہیں) یعنی ان کا اکرام واحترام واجب اور لازم ہے، آپ کی وفات کے بعد امت کے کسی فرد کے لیے یہ حلال نہیں کہ آپ کی ازواج مطہراتؓ میں سے کسی سے نکاح کر سکے، جیسا کہ اسی سورت کے رکوع نمبر ۷ میں وَلَآ اَنْ تَنْکِحُوْٓا اَزْوَاجَہٗ مِنْ بَعْدِہٖٓ اَبَدًا فرمایا ہے لیکن پردہ کے اعتبار سے وہ حکم نہیں تھا جو اپنی ماؤں سے ہے جیسا کہ اسی سورت میں فرمایا ہے وَاِذَا سَاَلْتُمُوْھُنَّ مَتَاعًا فَسْئَلُوْھُنَّ مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ (اور جب تم ان سے کوئی سامان طلب کرو تو پردہ کے پیچھے سے مانگو)۔

رشتہ داری کے اصول مقررہ کے مطابق میراث تقسیم کی جائے.......... تیسرا حکم بیان فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا: وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُھُمْ

اَوْلٰی بِبَعْضٍ فِیْ کِتَابِ اللّٰہِ (اور رشتہ دار اللہ کی کتاب میں بہ نسبت دوسرے مؤمنین مہاجرین کے زیادہ قریب تر ہیں) جب حضرات صحابہؓ مکہ مکرمہ سے ہجرت کر کے مدینہ منورہ آئے تو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے مہاجرین وانصار کے درمیان مؤاخات فرمادی تھی یعنی بعض کو بعض کا بھائی بنادیا تھا' بھائی بن جانے کی وجہ سے ایک دوسرے کی خصوصی رعایت اور خدمت کے جذبات پیدا ہو گئے تھے اور یہ تعلق یہاں تک تھا کہ دونوں میں سے کسی ایک کے فوت ہو جانے پر آپس میں میراث بھی جاری ہوتی تھی اس آیت میں اور سورۂ انفال کی آخری آیت میں اس اُخُـوّت والی میراث کو منسوخ فرمادیا اور یہ ارشاد فرمایا کہ آپس میں رشتہ داریاں ہیں اب انہیں ان کی بنیاد پر حسب قواعد شرعیہ میراث ملے گی۔

چوتھی بات بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا: اِلَّآ اَنْ تَفْعَلُوْٓا اِلٰٓی اَوْلِیٰٓئِکُمْ مَّعْرُوْفًا (مگر یہ کہ تم اپنے دوستوں کے ساتھ حسن سلوک کرو) یعنی غیر رشتہ داروں میں میراث تو جاری نہ ہوگی (بلکہ سب رشتہ داروں میں بھی جاری نہیں ہوتی) البتہ جس کو بھی شرعی اصول سے میراث نہ پہنچتی ہو اس کے ساتھ حسن سلوک کیا جائے' مالی امداد کر دی جائے اس کی حاجتیں پوری کرنے کی کوشش کی جائے (مثلاً بطور ہبہ یا صدقہ یا میراث شرعی اصول کے مطابق دے دیا جائے) تو یہ دوسری بات ہے یہ چیز نہ صرف یہ کہ جائز ہے بلکہ مستحب و مستحسن اور باعث اجر و ثواب ہے۔

کَانَ ذٰلِکَ فِی الْکِتٰبِ مَسْطُوْرًا (یہ اللہ کی کتاب میں لکھا ہوا ہے) بعض حضرات نے یہاں کتاب سے لوح محفوظ مراد لی ہے اور مطلب یہ بتایا ہے کہ لوح محفوظ میں یہ لکھا ہے کہ ہجرت کی وجہ سے جو توراث مشروع ہوگا وہ منسوخ ہو جائے گا اور آخری حکم توارث بالارحام یعنی رشتہ داریوں کے اصول پر میراث دینے کا حکم باقی رہے گا اور بعض حضرات نے کتاب سے آیت المواریث اور بعض حضرات نے یہی آیت مراد لی ہے۔ صاحب روح المعانی نے ایک اور احتمال نکالا ہے وہ فرماتے ہیں۔ او فیما کتبہ سبحانہ و تعالٰی و فرضہ و قضاہ یعنی اللہ تعالیٰ نے فرض فرمادیا اور فیصلہ فرمادیا کہ اب میراث رشتہ داری کے اصول ہی پر منحصر رہے گی' یہ کتاب اللہ ہے۔

وَاِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِیّٖنَ مِیْثَاقَهُمْ وَمِنْكَ وَمِنْ نُّوْحٍ وَّاِبْرٰهِیْمَ وَمُوْسٰى وَعِیْسَى

اور جب ہم نے نبیوں سے ان کا اقرار لیا اور آپ سے بھی اور نوح اور ابراہیم اور موسیٰ اور عیسیٰ بن

ابْنِ مَرْیَمَ ۠ وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّیْثَاقًا غَلِیْظًا ۙ﴿۷﴾ لِّیَسْـَٔلَ الصّٰدِقِیْنَ عَنْ صِدْقِهِمْ ۚ وَاَعَدَّ

مریم سے' اور ہم نے ان سے پختہ عہد لے لیا۔ تاکہ اللہ سچوں سے ان کی سچائی کے بارے میں سوال فرمائے اور اس نے کافروں

لِلْكٰفِرِیْنَ عَذَابًا اَلِیْمًا ﴿۸﴾

کے لیے دردناک عذاب تیار فرمایا ہے۔

ع ۱ ۸ ۱۷

حضرات انبیاء کرام علیہم السلام سے عہد لینا

اللہ تعالیٰ نے حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام سے جو عہد لیا تھا اس آیت میں اس کا ذکر ہے' تمام انبیاء کرام علیہم السلام کا عمومی اور حضرت خاتم الانبیاء سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت نوح اور حضرت ابراہیم اور حضرت عیسیٰ بن مریم علیہم السلام

کا خصوصیت کے ساتھ نام لیا ہے ان حضرات کی محنتیں اپنی اپنی امتوں کو تبلیغ کرنے سے متعلق بہت زیادہ تھیں، صاحب روح المعانی لکھتے ہیں کہ ان حضرات کی فضیلت زائدہ ظاہر فرمانے اور یہ بتانے کے لیے کہ یہ حضرات گزشتہ اصحاب شرائع والے انبیاء علیہم السلام میں مشہور ہیں ان حضرات کا خصوصی تذکرہ فرمایا ہے۔

صاحب روح المعانیؒ نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر مقدم کرنے کی وجہ بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ چونکہ آپ کی تخلیق مقدم تھی اس لیے ذکر میں آپ کی تقدیم فرمائی اور اس بارے میں ضیاء الدین مقدسی کی کتاب المختارہ سے ایک مرفوع حدیث بھی نقل کی ہے: **بدئ بی الخلق و کنت اخرهم فی البعث**، اور ایک حدیث یوں نقل کی ہے: **کنت اول النبیین فی الخلق و اخرهم فی البعث** (یہ حدیث علامہ سیوطیؒ نے خصائص کبریٰ (ص ۳) میں بھی نقل کی ہے) نیز یہ بھی لکھا ہے کہ چونکہ آپ سب سے پہلے نبوت سے سرفراز کیے گئے تھے اس لیے بھی آپ کا ذکر مقدم کیا گیا اس بارے میں بھی متعدد روایات ہیں جنہیں علامہ سیوطیؒ نے خصائص کبریٰ میں مختلف کتابوں سے جمع کیا ہے۔ مشکوٰۃ المصابیح ص ۵۱۳ میں حضرت ابو ہریرہؓ سے بحوالہ سنن ترمذی نقل کیا ہے کہ حضرات صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ! (صلی اللہ علیہ وسلم) آپ کی نبوت کب ثابت ہوگئی۔ آپؐ نے فرمایا **وَاٰدَمُ بَیْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ** (یعنی میرے لیے اس وقت نبوت ثابت ہوگئی تھی جب آدم روح و جسم کے درمیان تھے) حضرت عرباض بن ساریہؓ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کیا ہے کہ میں اس وقت اللہ کے نزدیک خاتم النبیین لکھا ہوا تھا جب آدم اپنی مٹی ہی میں تھے۔

حضرات انبیاء کرام علیہم السلام سے کیا عہد لیا جس کا اس آیت شریفہ میں ذکر ہے اس کے بارے میں صاحب روح المعانی (جلد ۲۱ ص ۱۵۴) لکھتے ہیں: **ای و اذکر وقت اخذنا من النبیین کافة عهود هم تبلیغ الرسالة و الشرائع و الدعاء الی الدین الحق**۔ یعنی اس وقت کو یاد کیجئے جب ہم نے تمام نبیوں علیہم السلام سے یہ عہد لیا کہ رسالت کی تبلیغ کریں گے، احکام شریعت پہنچائیں گے اور دین حق کی طرف بلائیں گے۔ مشکوٰۃ المصابیح ص ۲۴ پر مسند احمد سے نقل کیا ہے جو حضرت ابی بن کعبؓ سے مروی ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے بنی آدم کو حضرت آدم علیہ السلام کی پشت سے نکال کر **اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ** (کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں) فرمایا تو سب نے **بَلٰی** کہا یعنی اقرار کیا کہ ہاں واقعی آپ ہمارے رب ہیں۔ اسی موقع پر حضرات انبیاء کرام علیہم السلام سے ایک خصوصی عہد لیا گیا جو رسالت اور نبوت کے بارے میں تھا جو آیت (مذکورہ بالا) **وَاِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِیّٖنَ مِیْثَاقَهُمْ** میں مذکور ہے۔

وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّیْثَاقًا غَلِیْظًا (اور ہم نے ان سے پختہ عہد لیا) جس عہد کا شروع آیت میں ذکر ہے بطور تاکید اسی کو دوبارہ ذکر فرمایا اور بعض حضرات نے فرمایا کہ پہلے مذکورہ عہد لینے کے بعد پھر اللہ کی قسم دلا کر دوبارہ عہد لیا جسے **مِیْثَاقًا غَلِیْظًا** سے تعبیر فرمایا۔ (ذکرہ فی الروح)

لِیَسْئَلَ الصّٰدِقِیْنَ عَنْ صِدْقِهِمْ (تاکہ اللہ سچوں سے ان کی سچائی کے بارے میں سوال فرمائے) اس میں میثاق لینے کی حکمت بیان فرمائی اور مطلب یہ ہے کہ یہ میثاق اس لیے لی گئی اللہ تعالیٰ قیامت کے دن نبیوں سے دریافت فرمائے جو عہد کرنے میں سچے تھے کہ تم نے اپنے عہد کے مطابق اپنی امتوں کو تبلیغ کی یا نہیں؟ صحیح بخاری جلد ۲ ص ۴۶۵ میں ہے کہ قیامت کے دن حضرت نوح علیہ السلام کو لایا جائے گا اور ان سے سوال کیا جائے گا کہ کیا تم نے تبلیغ کی؟ تو وہ عرض کریں گے کہ اے رب میں نے واقعۃً تبلیغ کی پھر ان کی امت سے سوال ہوگا کہ کیا انہوں نے تمہیں میرے احکام پہنچائے؟ وہ کہیں گے نہیں ہمارے پاس تو کوئی نذیر (ڈرانے والا) نہیں آیا اس کے بعد

حضرت نوح علیہ السلام سے پوچھا جائے گا کہ تمہارے دعوے کی تصدیق کے لیے گواہی دینے والے کون ہیں؟ وہ جواب دیں گے کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے امتی ہیں۔ یہاں تک بیان فرمانے کے بعد حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کو خطاب کر کے فرمایا کہ اس کے بعد تم کو لایا جائے گا اور تم گواہی دو گے کہ بیشک حضرت نوح علیہ السلام نے اپنی قوم کو تبلیغ کی تھی۔

مسند احمدؒ وغیرہ کی روایات سے ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت نوح علیہ السلام کے علاوہ دیگر انبیاء کرام علیہم السلام کی امتیں بھی انکاری ہوں گی اور کہیں گی کہ ہم کو تبلیغ نہیں کی گئی ان کے نبیوں سے سوال ہوگا کہ تم نے تبلیغ کی؟ وہ اثبات میں جواب دیں گے کہ واقعی ہم نے تبلیغ کی تھی اس پر ان سے گواہ طلب کیے جائیں گے تو وہ بھی حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی امت کی گواہی پیش کریں گے۔ (درمنثور جلد ۱ ص ۱۴۴)

حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ سے یہ سوال ان کی امتوں کے سامنے ہوگا تا کہ ان پر حجت قائم ہو جائے۔ حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام سچے تھے اور ان کے ماننے والے اپنے ایمان میں سچے تھے ان کے بارے میں سورۂ مائدہ کے آخری رکوع میں فرمایا: قَالَ اللّٰهُ هٰذَا يَوْمُ يَنْفَعُ الصّٰدِقِيْنَ صِدْقُهُمْ (یہ وہ دن ہے جس میں سچوں کو ان کی سچائی نفع دے گی) جن لوگوں نے سچ کو جھٹلایا ان کے بارے میں فرمایا: وَاَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا اَلِيْمًا (اور کافروں کے لئے دردناک عذاب تیار فرمایا) سورۂ زمر میں فرمایا: فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَبَ عَلَى اللّٰهِ وَكَذَّبَ بِالصِّدْقِ اِذْ جَآءَهٗ اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ (سو اس شخص سے بڑا ظالم کون ہوگا جس نے اللہ پر جھوٹ باندھا اور سچ کو جھٹلایا جب اس کے پاس آیا، کیا جہنم میں کافروں کا ٹھکانہ نہیں ہے)۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَآءَتْكُمْ جُنُوْدٌ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا

اے ایمان والو! اللہ کی نعمت جو تمہیں ملی ہے اسے یاد کرو جبکہ تمہارے پاس لشکر آ گئے، سو ہم نے ان پر ہوا بھیج دی

وَّجُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا ۞ اِذْ جَآءُوْكُمْ مِّنْ فَوْقِكُمْ وَمِنْ اَسْفَلَ

اور لشکر بھیج دیئے جنہیں تم نے نہیں دیکھا اور اللہ ان کاموں کو دیکھنے والا ہے جو تم کرتے ہو، جبکہ وہ لوگ تمہارے اوپر آ چڑھے اور تمہارے نیچے

مِنْكُمْ وَاِذْ زَاغَتِ الْاَبْصَارُ وَبَلَغَتِ الْقُلُوْبُ الْحَنَاجِرَ وَتَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ الظُّنُوْنَا ۞ هُنَالِكَ

کی طرف سے بھی، اور جبکہ آنکھیں پھٹی رہ گئیں اور دل گلوں کو پہنچ گئے، اور تم اللہ کے ساتھ طرح طرح کے گمان کر رہے تھے۔ اس موقع پر

ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُوْنَ وَزُلْزِلُوْا زِلْزَالًا شَدِيْدًا ۞

مومنین کی جانچ کی گئی اور انہیں سختی کے ساتھ جھنجھوڑ دیا گیا۔

غزوۂ احزاب کے موقع پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے اہل ایمان کی مدد اور کفار کی جماعت کی بدحالی اور بدحواسی

اس رکوع میں غزوۂ احزاب کا ذکر ہے جسے غزوۂ خندق بھی کہا جاتا ہے، یہ سن ۵ ہجری کا واقعہ ہے، تھوڑی سی تمہید کے بعد اس غزوہ کی تفصیل نقل کی جاتی ہے۔

مدینہ منورہ میں زمانہ قدیم سے یہودی رہتے تھے اور دو قبیلے یمن سے آ کر آباد ہو گئے تھے جن میں سے ایک کا نام اوس اور دوسرے کا نام خزرج تھا' انہیں خبر دی گئی تھی کہ نبی آخر الزمان خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم اس شہر میں تشریف لائیں گے' یہ لوگ آپ پر ایمان لانے اور آپ کا اتباع کرنے کیلئے یہاں آ کر بس گئے تھے' جب حضور انورؐ نے حج کے موقع پر اوس اور خزرج کو منیٰ میں ایمان لانے کی دعوت دی تو اوس اور خزرج کے جو افراد وہاں موجود تھے انہوں نے ایمان قبول کر لیا اور مدینہ منورہ آ کر اپنے اپنے قبیلہ کو حق کی دعوت دی تو وہ بھی مسلمان ہو گئے۔ یہودیوں کے سامنے حق ظاہر ہو گیا تب بھی ایمان نہ لائے (فَلَمَّا جَآءَهُمْ كَفَرُوْا بِهٖ) یہودیوں کے تین قبیلے مدینہ منورہ میں آباد تھے ان میں سے ایک بنی قینقاع اور دوسرا بنی نضیر اور تیسرا بنی قریظہ تھا۔ جب آپؐ مدینہ منورہ تشریف لائے تو ان تینوں سے تعاون اور تناصر کا معاہدہ فرما لیا تھا۔

بنی نضیر کا یہ واقعہ ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دو مقتولین کی دیت کے سلسلہ میں ان کے پاس تشریف لے گئے' یہودیوں نے کہا کہ آپ تشریف رکھیئے ہم اس بارے میں مالی تعاون کریں گے' ادھر تو آپؐ سے یہ کہا اور ادھر یہ مشورہ کیا کہ کوئی شخص اوپر چڑھ کر ان کے اوپر بھاری پتھر گرا دے' یہود میں سے ایک شخص نے اس کا ارادہ اور وعدہ کر لیا اور پتھر گرانے کے لیے اوپر چڑھ گیا' اللہ تعالیٰ نے آپ کو ان کے مشورے سے مطلع فرما دیا اور آپؐ جلدی سے واپس تشریف لے آئے اور آپ نے محمد بن مسلمہؓ کو یہود کے پاس پیغام دے کر بھیجا کہ تم لوگ مدینہ منورہ چھوڑ دو اور یہاں سے چلے جاؤ۔ منافقین نے یہودیوں کو بھڑکایا اور کہا تم یہیں رہو اور ہرگز مت جاؤ' ہم تمہاری مدد کریں گے' اس سے ان کو تقویت پہنچ گئی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں کہلا بھیجا کہ ہم مدینہ سے نہیں نکلیں گے اور ہمارے اور آپ کے درمیان جو عہد ہے وہ بھی توڑتے ہیں جب ان کی طرف سے یہ پیغام آیا تو آپؐ نے ان سے جہاد کرنے کی تیاری کی اور حضرت ابن ام مکتومؓ کو نائب بنا کر اور دیگر صحابۂ کرامؓ کو ساتھ لے کر بنو نضیر کے محلّہ کی طرف روانہ ہو گئے (یہ محلّہ شہر سے ذرا دور تھا) آپؐ وہاں پہنچے تو وہ لوگ قلعہ بند ہو گئے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا محاصرہ فرمایا منافقین نے یہودیوں کو خبر بھیجی کہ تم ڈٹے رہنا ہم تمہیں بے یار و مددگار نہیں چھوڑیں گے' اگر تم سے جنگ ہوئی تو ہم بھی ساتھ لڑیں گے اور اگر تمہیں نکلنا پڑا تو ہم بھی تمہارے ساتھ نکل جائیں گے یہودی منافقین کی مدد کے انتظار میں رہے چند روز گزر گئے مگر انہوں نے کچھ بھی مدد نہ کی لہٰذا انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ پیغام بھیجا کہ آپؐ ہمیں جلا وطن کر دیں مگر قتل نہ فرمائیں اور ہمیں ہتھیار بھی نہ لے جانے دیں' اس کے علاوہ جتنا سامان اونٹوں پر لے جا سکیں اسے لے جانے کی اجازت دیں' آپؐ نے انہیں جلا وطن کرنا منظور فرما لیا اور حکم فرمایا کہ تین دن میں مدینہ منورہ سے نکل جاؤ' وہ لوگ مدینہ منورہ سے نکل کر خیبر میں آباد ہو گئے اور بعض لوگ شام چلے گئے (بطور تمہید یہ واقعہ ہم نے البدایہ والنہایہ جلد ۴ ص ۷۵ سے نقل کیا ہے۔ مفصل قصہ انشاء اللہ سورۃ الحشر کی تفسیر میں بیان کریں گے) یہود نے جو اموال چھوڑے وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں میں تقسیم فرما دیئے' یہ سن ۴ھ کا واقعہ ہے۔

غزوۂ احزاب کا مفصل واقعہ ....اب غزوۂ احزاب کا واقعہ سنیئے' اس کی ابتداء اس طرح ہوئی کہ بنو نضیر کو جب حضور انور ﷺ نے مدینہ منورہ سے جلا وطن کر دیا تو وہ وہاں جا کر بھی شرارتوں سے اور اپنی یہود والی بیہودگیوں سے باز نہ آئے' ان کے چودھری مکہ معظمہ پہنچے اور قریش مکہ سے کہا کہ آؤ ہم تم مل کر داعی اسلام (صلی اللہ علیہ وسلم) سے جنگ کریں اور ان کو' ان کے کام کو اور ان کے ساتھیوں کو سب کو ختم کر دیں' قریش مکہ نے کہا (جو مشرک تھے) کہ تم تو اہل کتاب ہو' سچ بولو ہمارا دین بہتر ہے یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا دین بہتر ہے؟ ان لوگوں نے پوری ڈھٹائی کے ساتھ دین شرک کو دین توحید سے بہتر بتایا اور قریش سے کہہ دیا کہ تمہارا دین محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے دین سے

بہتر ہے۔ یہ بات سن کر قریش بہت خوش ہوئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جنگ کرنے کے لیے آمادہ ہو گئے۔ اس کے بعد یہودیوں کے سردار قبیلہ بنی غطفان کے پاس گئے اور انہیں بتایا کہ دیکھو محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے جنگ کرنا ہے۔ قریش مکہ نے ہمارا ساتھ دینے کا وعدہ کر لیا ہے تم لوگ بھی ہمارے ساتھ جنگ میں شریک ہو جاؤ تا کہ اسلام اور مسلمانوں کا قصہ ہی ختم ہو جائے ان کے علاوہ دیگر قبائل کی جماعتیں بھی جنگ کرنے کے لیے تیار ہو گئیں۔

دشمنوں سے حفاظت کے لیے خندق کھودنا .... رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ان لوگوں کے ارادۂ بد کی اطلاع ملی تو آپؐ نے حضرات صحابۂ کرامؓ سے مشورہ کیا۔ حضرت سلمان فارسیؓ نے مشورہ دیا کہ مدینہ منورہ کے باہر خندق کھود لی جائے۔ انہوں نے بتایا کہ اہل فارس دشمن سے محفوظ رہنے کے لیے یہ تدبیر اختیار کرتے ہیں؛ چنانچہ خندق کھودی گئی جو مدینہ منورہ کے اس جانب تھی جدھر سے دشمنوں کے آنے کا اندیشہ تھا' اس خندق کی کھدائی میں سید دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے خود ہی خط کھینچ کر خندق کی حدود مقرر فرمائیں اور ہر دس آدمیوں کو چالیس ہاتھ کا رقبہ کھودنے کیلئے دیا (بعض حضرات نے اس خندق کی لمبائی ساڑھے تین میل بتائی ہے) حضرت سلمان فارسیؓ بڑے قوی اور تندرست آدمی تھے ان کے متعلق مہاجرین وانصار میں اختلاف ہوا' انصار نے کہا کہ سلمان ہم میں سے ہیں اور مہاجرین نے کہا کہ ہم میں سے ہیں ان کو ہمارے ساتھ قطعہ کھودنے کے لیے دیا جائے یہ سن کر سید دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا **سَلْمَانُ مِنَّا اَهْلَ الْبَيْتِ** (یعنی سلمان نہ مہاجرین میں سے ہیں نہ عام مہاجرین میں سے ہیں بلکہ وہ ہمارے اہل بیت میں سے ہیں) جب دشمنوں کی جماعتیں مدینہ طیبہ کے قریب پہنچیں جن کی تعداد دس بارہ ہزار تھی تو انہوں نے خندق کھدی ہوئی پائی اور کہنے لگے یہ تو عجیب دفاعی تدبیر ہے جسے اہل عرب نہیں جانتے تھے وہ لوگ خندق کے اس طرف رہ گئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خندق کے اس طرف تین ہزار مسلمانوں کے ساتھ جبل سلع کی طرف پشت کر کے قیام پذیر ہو گئے اور عورتوں اور بچوں کو حفاظت کی جگہوں یعنی قلعوں میں محفوظ فرما دیا۔

دشمنوں کا خندق پار کرنے سے عاجز ہونا .... خندق کو دیکھ کر مشرکین مسلمانوں تک پہنچ تو نہ سکے جس سے آمنے سامنے ہو کر دونوں لشکروں کی جنگ ہوتی لیکن اپنی جگہ سے جلدی واپس بھی نہیں ہوئے اپنی جگہ پر جمے رہے۔ ان کا اپنی جگہ پر جمے رہنا تقریباً ایک مہینہ تک تھا۔ گو وہ خندق کے پار نہیں آسکتے تھے لیکن انہیں چھوڑ کر چلے جانے کا بھی موقع نہیں تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ کے ساتھ اپنی جگہ پر مقیم رہے اس موقع پر مسلمانوں کو بہت زیادہ تکلیف پہنچی' سردی بھی تھی' کھانے پینے کا انتظام بھی نہ تھا اور خندق بھی اس حال میں کھودی کہ بھوک کی وجہ سے پیٹوں پر پتھر بندھے ہوئے تھے پھر دشمن کے مقابلہ میں اتنا لمبا پڑاؤ ڈالنا پڑا نہ جائے ماندن نہ پائے رفتن' اس وقت جو سخت مصیبت کا سامنا تھا اسے اللہ جل شانہ نے آیت بالا میں بیان فرمایا کہ دشمن تمہارے اوپر سے چڑھ آئے اور نیچے کی جانب سے بھی آ گئے اور آنکھیں پھٹی رہ گئیں اور دل حلقوم کو پہنچ گئے جسے اردو کے محاورہ میں کہتے ہیں کلیجہ منہ کو آ گیا اس وقت مسلمان آزمائش میں ڈالے گئے اور سختی کے ساتھ جھنجھوڑ دیئے گئے۔ مفسرین نے فرمایا ہے کہ **مِنْ فَوْقِكُمْ** سے وادی کا اوپر کا حصہ مراد ہے جو مشرق کی جانب تھا اس جانب سے بنو غطفان اور ان کے ساتھی آئے تھے جن میں اہل نجد بھی تھے اور بنو قریظہ بھی تھے اور بنو نضیر بھی اور **اَسْفَلَ مِنْكُمْ** سے وادی کا نیچے والا حصہ مراد ہے جو مغرب کی جانب تھا اس جانب سے قریش مکہ' بنی کنانہ اور اہل تہامہ آئے تھے۔

وَتَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ الظُّنُوْنَا جو فرمایا اس کے بارے میں مفسرین نے لکھا ہے کہ صیغہ خطاب مجموعی طور پر مدعیان اسلام کو شامل ہے جس میں مخلص اہل ایمان بھی تھے اور منافقین بھی' مؤمنین تو یہی گمان کر رہے تھے کہ اللہ تعالیٰ شانہ اپنا وعدہ پورا فرمائے گا اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مدد فرمائے گا اور منافقین دوسری قسم کا خیال کر رہے تھے وہ سمجھ رہے تھے کہ اب تو اسلام اور مسلمانوں کا نام ونشان ہی مٹ جائے گا

اور یوں سمجھتے تھے کہ اتنے لوگوں سے جنگ کرنا ان تھوڑے سے مسلمانوں کے بس کی بات نہیں ہے وقال بعضھم انہ خطاب للمؤمنین المخلصین و کانت ظنونھم من خواطر نفس و ھواجسھا التی یوجبھا الخوف الطبیعی وھٰذا لا مواخذۃ فیہ قال صاحب الروح بعد ھٰذا الذی ذکرنا اویقال ظنونھم المختلفۃ ھی ظن النصر بدون نیل العدو منھم شَیْئًا وظنہ بعد النیل وظن الا متحان و علیٰ ھٰذا لا یحتاج الی الاعتذار. (اور بعض مفسرین نے کہا ہے کہ یہ تَظُنُّوْنَ بِاللّٰہِ الظُّنُوْنَا کا خطاب مؤمنین مخلصین سے ہے۔ مؤمین مخلصین کے گمان دل کے خیالات تھے جن سے طبعی خوف پیدا ہوتا ہے اور ایسے گمانوں میں کوئی مؤاخذہ نہیں ہے۔ روح المعانی والے نے اس کو ذکر کرنے کے بعد فرمایا بعض نے کہا کہ ان کے اس طرح کے مختلف گمان مراد ہیں کہ دشمن سے لڑائی کے بغیر ہی مدد ہو جائے اور دشمن سے لڑائی کے بعد اور آزمائش کا گمان اور اس طرح کے گمانوں پر کسی معذرت کی ضرورت نہیں ہے)

بعض کافروں کا مقتول ہونا............ دشمن نے خندق کو پار کرنے کی ہمت تو نہ کی البتہ کچھ تیر اندازی ہوتی رہی، مشرکین سے چند آدمی اپنے گھوڑے لیکر خندق میں اتر گئے جنہیں ناکامی کا منہ دیکھنا پڑا ان میں سے ایک شخص عمرو بن عبدود بھی تھا جنگ بدر میں اس نے سخت چوٹ کھائی تھی اس لیے جنگ احد میں شریک نہ ہو سکا تھا' غزوۂ خندق کے موقع پر وہ خندق میں کودا اور اس نے اپنی بہادری دکھانے کے لیے پکار کر کہا کہ ھَلْ مَنْ یُبَارِز یعنی مجھ سے کون مقابلہ کرتا ہے؟ (اس وقت وہ ہتھیاروں سے لیس تھا) اس کو اہل عرب ہزار سواروں کے برابر سمجھتے تھے' حضرت علیؓ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت لے کر اس کے سامنے آئے' عمرو بن عبدود نے ان سے کہا کہ تم کون ہو؟ آپ نے جواب میں فرمایا کہ میں علی بن ابی طالب ہوں' اس نے کہا کہ تمہاری عمر کم ہے میں اچھا نہیں سمجھتا کہ تمہارا خون بہاؤں' تمہارے چچاؤں میں ایسے لوگ موجود ہیں جو عمر میں تجھ سے بڑے ہیں ان میں سے کسی کو سامنے لاؤ' حضرت علیؓ نے فرمایا کہ لیکن مجھے تو یہ پسند ہے کہ تیرا خون بہاؤں' یہ بات سن کر وہ غصہ میں بھر گیا اور تلوار نکال کر حضرت علیؓ کی طرف بڑھا اور حضرت علیؓ نے اس سے مقابلہ کیا اور ڈھال آگے بڑھا دی' اس نے ایسے زور سے تلوار ماری کہ ڈھال کٹ گئی پھر حضرت علیؓ نے اس کے مونڈھے کے قریب تلوار ماری جس سے وہ گر گیا' غبار بلند ہوا اور حضرت علیؓ نے زور سے اللہ اکبر کہا' تکبیر کی آواز سے مسلمانوں نے سمجھ لیا کہ حضرت علیؓ نے دشمن کو ختم کر دیا ہے' مشرکین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پیغام بھیجا کہ ہمیں اس کی نعش دے دی جائے ہم اس کے عوض بطور دیت کے دس ہزار درہم دے دیں گے' بعض روایات میں ہے کہ انہوں نے بارہ ہزار درہم کی پیش کش کی' آپؐ نے جواب میں کہلوایا کہ تم اس کی نعش کو لے لو ہم مُردوں کی قیمت نہیں کھاتے۔ اور ایک روایت میں ہے کہ آپؐ نے یوں فرمایا کہ اسکی نعش دے دو اس کی نعش بھی خبیث ہے اس کی دیت بھی خبیث ہے۔ عمرو بن عبدود کے علاوہ دشمن کے اور بھی تین چار آدمی مارے گئے جن میں سے ایک یہودی کو حضرت صفیہ بنت عبدالمطلب نے قتل کیا جو مسلمان عورتوں کے قلعہ کے باہر چکر لگا رہا تھا' مسلمانوں میں سے حضرت سعد بن معاذؓ کو ایک تیر آ کر لگا جس نے ان کی اکحل نامی رگ کاٹ دی' انہوں نے دعا کی کہ اے اللہ مجھے اتنی زندگی اور نصیب فرما کہ بنی قریظہ (قبیلہ یہود) کی ذلت اور ہلاکت دیکھ کر اپنی آنکھیں ٹھنڈی کر لوں۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی دعا قبول فرمائی جس کا تذکرہ غزوۂ احزاب کے تذکرہ کے بعد آئے گا انشاء اللہ تعالیٰ شہید ہونے والوں میں انس بن اوس اور عبداللہ سہل اور طفیل بن نعمان ثعلبہ بن غنمہ اور کعب بن زیدؓ کے اسمائے گرامی ذکر کیے گئے ہیں۔

جہاد کی مشغولیت میں بعض نمازوں کا قضا ہو جانا............ غزوۂ احزاب کے موقع پر اس قدر مشغولیت اور پریشانی رہی کہ ایک روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عصر کی نماز بھی نہ پڑھ سکے' آپ نے بددعا دیتے ہوئے فرمایا: ملاء اللّٰہ علیھم بیوتھم و قبورھم نارًا

کما شغلونا عن الصّلوٰۃ الوسطیٰ حتّٰی غابت الشمس (اللہ ان دشمنوں کے گھروں اور قبروں کو آگ سے بھرے جیسا کہ انہوں نے ہمیں صلوٰۃ وسطیٰ سے ایسا مشغول رکھا کہ سورج بھی غائب ہوگیا) اس کے بعد آپ نے وضو فرمایا پھر آپ نے عصر کی نماز پڑھی اس کے بعد مغرب کی نماز پڑھی۔ بعض روایات میں ہے کہ غزوۂ خندق کے موقع پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی چار نمازیں قضاء ہوگئی تھیں ظہر، عصر، مغرب، عشاء۔ آپؐ نے رات کا ایک حصہ گزر جانے پر ان کو اسی ترتیب سے پڑھا جس ترتیب سے قضاء ہوئی تھیں عشاء تو وقت عشاء ہی میں پڑھی گئی کیونکہ رات باقی تھی البتہ جس وقت پڑھی جاتی تھی اس سے مؤخر ہوگئی تھی۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا............رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت شریفہ تھی کہ جب کوئی مشکل پیش آتی تھی نماز میں مشغول ہوجاتے تھے، غزوۂ خندق کے موقع پر بھی آپؐ دعائیں کرتے رہے، دشمنوں کے شکست خوردہ ہوکر بھاگنے سے پہلے تین دن تک خوب زیادہ دعا کا اہتمام کیا، صحیح بخاری ص ۵۹۰ میں حضرت عبداللہ بن ابی اوفیؓ سے نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مقابلے میں آنے والی جماعتوں کی شکست کے بارے میں یوں دعا کی: اَللّٰھُمَّ مُنْزِلَ الْکِتَابِ سَرِیْعَ الْحِسَابِ اھْزِمِ الْاَحْزَابَ اَللّٰھُمَّ اھْزِمْھُمْ وَزَلْزِلْھُمْ (اے اللہ کتاب کے نازل فرمانے والے جلدی حساب لینے والے ان جماعتوں کو شکست دے ان کو ڈگمگا دے)

صحابۂ کرامؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ! ہمیں بھی کوئی دعا بتایئے، آپؐ نے فرمایا کہ یہ دعا پڑھو: اَللّٰھُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِنَا وَاٰمِنْ رَّوْعَاتِنَا (اے اللہ ہماری آبرو کی حفاظت فرما اور ہمارے خوف کو ہٹا کر امن عطا فرما)

دعا کی قبولیت اور دشمنوں کی ہزیمت............اللہ تعالیٰ نے دعا قبول فرمائی اور سخت تیز ہوا بھیج دی جس سے دشمنوں کے خیمے اکھڑ گئے، چولہے بجھ گئے، ہانڈیاں الٹ گئیں، ہوا تیز بھی تھی اور سخت سرد بھی، دشمنوں کی جماعتیں اس سے متاثر ہوکر بھاگ کھڑی ہوئیں۔ ابوسفیان جو اس وقت قریش مکہ کا قائد بن کر آیا تھا اس نے کہا تھا اے قریشیو! اب یہاں ٹھہرنے کا موقع نہیں رہا ہتھیار بھی ہلاک ہوگئے، جانور بھی ختم ہوچکے اور بنوقریظہ معاہدہ کی خلاف ورزی کرچکے ہیں، ہوا کے تھپیڑوں کو تم دیکھ ہی رہے ہو اب یہاں سے چلے جاؤ میں تو جارہا ہوں، اس کے بعد ابوسفیان اپنے اونٹ پر بیٹھا اور چل دیا پھر قریش بھی چلے گئے، قبیلہ بنی غطفان کو قریش کی یہ حرکت معلوم ہوئی تو وہ بھی واپس ہوگئے۔

اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو اپنا انعام یاد دلایا اور فرمایا: یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اذْکُرُوْا نِعْمَۃَ اللّٰہِ عَلَیْکُمْ اِذْجَآءَتْکُمْ جُنُوْدٌ فَاَرْسَلْنَا عَلَیْھِمْ رِیْحًا وَّجُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْھَا (اے ایمان والو اللہ کی نعمت جو تمہیں ملی اسے یاد کرو جبکہ تمہارے پاس لشکر آگئے سو ہم نے ان پر ہوا بھیج دی اور لشکر بھیج دیئے جو تم نے نہیں دیکھے) جن لشکروں کو نہیں دیکھا ان سے فرشتے مراد ہیں، اس موقع پر فرشتے نازل تو ہوئے تھے لیکن انہوں نے قتال میں حصہ نہیں لیا البتہ دشمنوں کے دلوں میں رعب ڈالنے کا کام کیا، جب ہوا کے تھپیڑوں سے عاجز آکر مشرکین بھاگ رہے تھے تو فرشتے تکبیر بلند کررہے تھے اور یوں کہتے جارہے تھے کہ بھاگ چلو یہاں ٹھہرنے کا موقع نہیں ہے۔

اللہ تعالیٰ نے ہوا کے ذریعہ دشمنان اسلام کو واپس کردیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اب یہ لوگ ہم سے لڑنے کے لیے نہ آئیں گے اور ہم ہی ان سے لڑنے کے لیے جائیں گے۔ (البدایہ والنہایہ، سیرت ابن ہشام، معالم التنزیل) چنانچہ غزوۂ خندق کے بعد دشمن مدینہ منورہ پر چڑھائی کا ارادہ نہیں کرسکے۔ سن ۸ ہجری میں مکہ معظمہ فتح ہوگیا اور اس کے بعد عرب کے لوگ مسلمان ہوگئے، جوق در جوق مدینہ منورہ میں ان کے وفود آتے تھے اور اسلام قبول کرتے تھے۔

بعض ان واقعات کا تذکرہ جو خندق کھودتے وقت پیش آئے

سخت بھوک اور سردی کا مقابلہ .... جس وقت دشمن چڑھ کر آئے تھے اس وقت سخت سردی کا زمانہ تھا' کھانے پینے کا بھی معقول انتظام نہ تھا بھوک کی مصیبت بھی درپیش تھی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بنفس نفیس خندق کھودنے میں شریک تھے۔ حضرات صحابہ کرامؓ بھی اس کام میں مشغول تھے، پیٹوں پر پتھر باندھ رکھے تھے' خندق کھودنی بھی پڑتی تھی اور اس کی مٹی بھی منتقل کرنی پڑتی تھی جسے اپنے کندھوں اور پشتوں پر ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچاتے تھے' کھانے کے لیے ایک مٹھی جو لائے جاتے تھے جنہیں ابال لیا جاتا تھا اور یہ ابلے ہوئے جو ایسے تیل یا چربی کے سامنے ساتھ رکھ لیے جاتے تھے جس میں بو آ جاتی تھی اور اس کو کھانا بھی آسان نہ تھا مشکل سے گلے سے اترتا تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس موقع پر یہ پڑھتے جاتے تھے: اَللّٰھُمَّ اِنَّ الْعَیْشَ عَیْشُ الْاٰخِرَۃِ فَاغْفِرِ الْاَنْصَارَ وَالْمُھَاجِرَۃ (اے اللہ زندگی آخرت ہی کی زندگی ہے سو آپ انصار اور مہاجرین کو بخش دیجئے) آپ کی یہ بات سن کر صحابہ کرامؓ جواب میں یوں کہتے تھے۔ (صحیح بخاری ج ۲ ص ۵۸۸' ص ۵۸۹)

نَحْنُ الَّذِیْنَ بَایَعُوْا مُحَمَّدًا عَلَی الْجِھَادِ مَابَقِیْنَا اَبَدًا

(ہم وہ ہیں جنہوں نے جہاد پر محمد سے بیعت کی ہے ہم جب تک بھی زندہ رہیں ہماری بیعت باقی ہے)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خندق کھودنے میں شریک تھے اور مٹی منتقل کرنے کی وجہ سے آپ کے شکم مبارک پر اتنی مٹی لگ گئی کہ کھال دیکھنے میں نہیں آتی تھی۔ اس موقع پر آپؐ یہ اشعار پڑھتے جاتے تھے جو حضرت عبداللہ بن رواحہؓ کے شعر ہیں۔

(۱) اللّٰھم لو لا انت ما اھتدینا ولا تصدقنا ولا صلینا

(۲) فانزلن سکینۃ علینا وثبت الاقدام ان لاقینا

(۳) ان الالی قدبغوا عَلَیْنَا وان ارادوا فتنۃ اَبَیْنَا

(۱) اے اللہ اگر آپ ہدایت نہ دیتے تو ہم ہدایت نہ پاتے' اور نہ صدقہ دیتے اور نہ نماز پڑھتے۔

(۲) سو ہم پر اطمینان نازل فرمائیے' اور ہمارے قدموں کو ثابت رکھیئے اگر ہماری مڈبھیڑ ہو جائے۔

(۳) بلاشبہ ان لوگوں نے ہم پر زیادتی کی ہے' اور اگر یہ فتنے کا ارادہ کریں گے تو ہم ان سے انکار کر دیں گے۔

آخری کلمہ اَبَیْنَا کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بلند آواز سے پڑھتے تھے اور اس کلمہ کو دہراتے تھے۔ (مشکوٰۃ المصابیح (باب البیان الشعر)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشین گوئی کہ مسلمان فلاں فلاں علاقوں پر قابض ہوں گے .... خندق کھودتے وقت ایک یہ واقعہ پیش آیا کہ ایک ایسی سخت چٹان برآمد ہوئی جس کا توڑنا حضرات صحابہؓ کے بس سے باہر ہو گیا۔ صحابہ کرامؓ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کی اطلاع دی تو آپ نے فرمایا کہ میں اس میں اترتا ہوں' آپ نے پھاوڑہ لے کر اس میں مارا جس سے وہ ریت کا ڈھیر بن گیا۔ بعض روایات میں ہے کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس چٹان میں پھاوڑا مارا تو ضرب لگنے کی وجہ سے ایک ایسی تیز روشنی ظاہر ہوئی جس سے مدینہ منورہ کی دونوں جانب روشنی ہو گئی' ایسا معلوم ہو رہا تھا جیسے اندھیری رات میں چراغ جل گیا ہو' اس پر آپؐ نے فتح یابی ظاہر کرنے والی تکبیر کہی اور مسلمانوں نے بھی اللہ اکبر کہا۔ حضرت سلمان فارسیؓ اور دیگر صحابہؓ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ یہ کیا روشنی تھی جو بار بار ظاہر ہو رہی تھی؟ آپؐ نے فرمایا کہ جب پہلی بار روشنی ہوئی تو اس میں مجھے حیرہ شہر کے محلات اور کسریٰ کے شہر ظاہر ہو گئے'

مجھے جبریل نے بتایا کہ آپ کی امت ان پر غلبہ پائے گی اور دوسری بار جو چمک ظاہر ہوئی اس سے روم کی سرزمین کے سرخ محلات ظاہر ہو گئے مجھے جبریل نے بتایا کہ میری امت ان پر غلبہ پائے گی اور تیسری بار جو روشنی چمکی اس سے مجھے صنعاء کے محلات ظاہر ہوئے (جو یمن کا مشہور شہر ہے) جبریل نے مجھے بتایا کہ میری امت ان پر بھی غلبہ پائے گی لہٰذا تم خوش ہو جاؤ اس پر مسلمان بہت خوش ہوئے اور اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا اور یقین کر لیا کہ یہ سچا وعدہ ہے اور پورا ہو کر رہے گا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب مذکورہ بالا شہروں کے فتح ہونے کی خبر دی تو منافقین کہنے لگے کہ ان کو دیکھو یثرب سے ان کو حیرہ اور کسریٰ کے محل نظر آ رہے ہیں اور یہ خبر دی جا رہی ہے کہ تم انہیں فتح کرو گے اور حال یہ ہے کہ تم لوگ خندق کھود رہے ہو یعنی مصیبت میں گرفتار ہو۔

اور بعض روایات میں یوں ہے کہ جب آپ نے بسم اللّٰہ پڑھ کر پہلی بار ضرب ماری تو اس چٹان کا تہائی حصہ ٹوٹ گیا آپ نے فرمایا اللّٰہ اکبر مجھے ملک شام کے خزانے دے دیئے گئے' پھر دوبارہ ضرب ماری تو اس کا ایک تہائی حصہ اور ٹوٹ گیا اور فرمایا اللّٰہ اکبر مجھے ملک فارس کی چابیاں دے دی گئیں پھر تیسری بار ضرب ماری تو باقی پتھر بھی ٹوٹ گیا آپؐ نے فرمایا اللّٰہ اکبر مجھے ملک یمن کی چابیاں دے دی گئیں۔ ساتھ ہی آپؐ نے یہ بھی فرمایا کہ اللہ کی قسم! میں شام کے سرخ محل اور مدائن کا سفید محل اور صنعاء کے دروازے ابھی یہیں اسی وقت دیکھ رہا ہوں۔

حضرت عمرؓ اور حضرت عثمانؓ کے زمانے میں جب یہ شہر فتح ہوتے جاتے تھے تو حضرت ابو ہریرہؓ فرمایا کرتے تھے کہ جس ذات کے قبضہ میں ابو ہریرہؓ کی جان ہے اس کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ تم نے جن شہروں کو فتح کر لیا اور قیامت تک جن شہروں کو فتح کرو گے ان سب کی چابیاں جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پہلے ہی سے دے دی گئی تھیں' یعنی آپؐ کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ خوشخبری دے دی گئی تھی کہ آپ کی امت ان کو فتح کرے گی۔ حضرت ابو ہریرہؓ یہ بھی فرماتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تو اس دنیا سے تشریف لے گئے ہیں اب تم ان کو حاصل کر رہے ہو۔ (البدایۃ والنھایۃ ج ۴ ص ۹۹ تا ۱۱۲)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ جب قیصر ہلاک ہو جائے گا تو اس کے بعد کوئی قیصر نہ ہوگا اور جب کسریٰ ہلاک ہو جائے گا تو اس کے بعد کوئی کسریٰ نہ ہوگا قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے تم قیصر و کسریٰ کے خزانے اللہ کی راہ میں خرچ کرو گے۔ آپؐ نے یہ بھی فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے زمین کے مشارق اور مغارب مجھے عطا فرما دیئے ہیں اور جو کچھ اللہ تعالیٰ نے مجھے عطا فرمایا ہے میری امت کا ملک وہاں تک پہنچ جائے گا۔

حضرت جابرؓ کے ہاں ضیافت عامہ...... حضرت جابرؓ نے بیان کیا کہ خندق کھودتے وقت جب ایک سخت چٹان پیش آ گئی تو صحابۂ کرامؓ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ ایسی جگہ نکل آئی ہے جس کی مٹی بہت سخت ہے (جو ہمارے قابو میں نہیں آ رہی) آپؐ نے فرمایا میں اترتا ہوں اس کے بعد آپ کھڑے ہوئے اور آپؐ کے شکم مبارک پر پتھر بندھا ہوا تھا اور بھوک کا یہ عالم تھا کہ ہم نے تین دن سے کچھ بھی نہیں چکھا تھا آپ نے پھاوڑا لیا اور اس سخت زمین میں مارا جس کی وجہ سے وہ ایسا ہو گیا جیسے ریت کا ڈھیر ہو' وہ خود ہی پھسلا جا رہا تھا۔ حضرت جابرؓ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت لی کہ ذرا گھر ہو آؤں آپ نے اجازت دے دی' میں اپنے گھر گیا اور اپنی بیوی سے کہا کہ تمہارے پاس کھانے پینے کی کوئی چیز ہے؟ میں نے محسوس کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سخت بھوک کی حالت میں ہیں' اس پر میری بیوی نے چمڑے کا ایک تھیلا نکالا جس میں ایک صاع یعنی تین کلو کے لگ بھگ جو تھے اس کے علاوہ ہماری ایک چھوٹی سی پالتو بکری بھی تھی میں نے اسے ذبح کیا اور میری اہلیہ نے جو پیسنا شروع کیے اتنے میں میں نے بکری کی بوٹیاں

بنا کر ہانڈی میں ڈالیں وہ جو پینے سے فارغ ہوگئی، میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں جانے لگا تو وہ کہنے لگی جا تو رہے ہو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے مجھے رسوا مت کرنا ایسا نہ ہو کہ زیادہ افراد آ جائیں) میں حضور انور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ ہم نے تھوڑا سا کھانا تیار کیا ہے آپ تشریف لے چلیں اور اپنے ہمراہ ایک دو آدمی اور لے لیں۔ آپؐ نے فرمایا کتنا کھانا ہے؟ میں نے پوری صورتحال عرض کر دی، آپؐ نے فرمایا یہ تو بہت ہے، پھر آپ نے زور سے اعلان فرمایا کہ اے خندق والو! آ جاؤ جابرؓ نے کھانا تیار کیا ہے، آپؐ مہاجرین وانصار کو ساتھ لے کر روانہ ہوگئے۔ آپ آگے آگے تشریف لا رہے تھے اور حضرات صحابہؓ آپ کے پیچھے چل رہے تھے، میں جلدی سے اپنی بیوی کے پاس پہنچا اور پوری کیفیت بیان کر دی کہ مجمع کثیر آ رہا ہے) اس پر وہ ناراض ہوئی اور کہا کہ وہی ہوا نا! جس کا مجھے اندیشہ تھا، میں نے کہا تھا کہ مجھے رسوا مت کرنا! پھر کہنے لگی اچھا تم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سب بات بتا دی تھی؟ میں نے کہا کہ ہاں میں نے سب کچھ بتا دیا تھا۔ (البدایہ والنہایہ جلد ۴ ص ۹۸ میں بحوالہ دلائل النبوۃ للبیہقی یہ بھی اضافہ ہے کہ یہ سن کر وہ کہنے لگی کہ بس پھر تو اللہ اور اس کا رسول ہی جانیں۔) آپ تشریف لائے تو جو گوندھا ہوا آٹا تھا اس میں اپنا لعاب مبارک ڈال دیا اور برکت کی دعا فرمائی پھر ہانڈی کی طرف توجہ فرمائی اور اس میں بھی لعاب مبارک ڈال دیا اور برکت کی دعا فرمائی پھر فرمایا کہ ایک روٹی پکانے والی اور بلا لو اور ہانڈی کو چولہے سے مت اتارو، حضور اکرمؐ نے صحابہؓ سے فرمایا کہ تم گھر میں آ جاؤ گھچ پچ میں مت بیٹھو، چنانچہ صحابہ کرامؓ بیٹھ گئے اور روٹی پکتی رہی جو آپؐ کی خدمت میں پیش ہوتی رہی۔ آپ روٹی توڑ توڑ کر اس پر گوشت کی بوٹیاں رکھ کر اور شوربا بھر بھر کر حاضرین کو دیتے رہے یہاں تک کہ سب نے پیٹ بھر کر کھا لیا۔ حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں کہ کھانے والے ہزار آدمی تھے میں اللہ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ انہوں نے خوب کھایا اور سیر ہو کر واپس چلے گئے اور ہماری ہانڈی کا یہ حال تھا کہ جیسی تھی اسی طرح ابل رہی تھی اور ہمارا آٹا جیسا تھا ویسا ہی رہا (گویا اس میں سے کچھ بھی خرچ نہیں ہوا) آپؐ نے میری بیوی سے فرمایا کہ یہ بچا ہوا کھانا خود کھا لو اور (پڑوسیوں کو بھی) ہدیہ دو کیونکہ لوگ بھوک کی مصیبت میں مبتلا ہیں۔ (صحیح بخاری جلد ۲ ص ۵۸۸، ۵۸۹)

اسی طرح کا ایک واقعہ حافظ ابن کثیرؒ نے بحوالہ محمد بن اسحٰق یوں بیان کیا ہے کہ حضرت نعمان بن بشیرؓ کی بہن نے بیان کیا کہ میری والدہ نے مجھے لپ بھر کر کھجوریں دیں جو میرے کپڑے میں ڈال دیں اور کہا کہ اے میرے بیٹا جاؤ اسے اپنے والد اور اپنے ماموں عبداللہ بن رواحہ کے پاس لے جاؤ تاکہ وہ صبح کے وقت ان کو کھالیں (یہ دونوں حضرات بھی خندق کھودنے میں مشغول تھے) میں یہ کھجوریں لے کر روانہ ہوئی، اپنے والد اور ماموں کی تلاش میں تھی کہ اسی اثناء میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر میرا گزر ہوا، آپؐ نے فرمایا کہ اے بیٹا! یہ تمہارے پاس کیا ہے؟ میں نے کہا کہ یہ کچھ کھجوریں ہیں جو میری والدہ نے بھیجی ہیں تاکہ اپنے والد اور اپنے ماموں کو دے دوں! حضورؐ نے فرمایا کہ ان کو یہاں لاؤ میں نے وہ کھجوریں آپؐ کی ہتھیلیوں میں ڈال دیں، وہ اتنی کم تھیں کہ ان سے آپ کی دونوں ہتھیلیاں نہ بھر سکیں، آپؐ نے ایک کپڑا بچھانے کا حکم دیا پھر وہ کھجوریں اس پر پھیلا دیں اور ایک شخص سے فرمایا کہ اونچی آواز سے خندق والوں کو پکارو کہ آ جاؤ صبح کا کھانا کھا لو، خندق کے کام میں جو حضرات مشغول تھے حاضر ہوئے اور ان کھجوروں میں سے کھاتے رہے یہاں تک کہ سب فارغ ہو کر واپس ہوگئے۔ (قال ابن کثیر فی البدایۃ والنہایۃ ج ۴ ص ۹۹ ہکذا رواہ ابن اسحاق وفیہ انقطاع۔)

وَ اِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ مَّا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗۤ اِلَّا غُرُوْرًا ⑫

اور جب منافقین اور وہ لوگ جن کے دلوں میں مرض ہے یوں کہہ رہے تھے کہ ہم سے اللہ نے اور اس کے رسول نے محض دھوکہ کا وعدہ کر رکھا ہے۔

وَاِذْ قَالَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْهُمْ يٰٓاَهْلَ يَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَكُمْ فَارْجِعُوْا ۚ وَيَسْتَاْذِنُ فَرِيْقٌ مِّنْهُمُ

اور جب کہ ان میں سے ایک جماعت نے کہا کہ اے یثرب والو تمہارے لیے ٹھہرنے کا موقع نہیں ہے لہٰذا تم واپس ہو جاؤ' اور ان میں سے ایک فریق نبی سے اجازت طلب

النَّبِيَّ يَقُوْلُوْنَ اِنَّ بُيُوْتَنَا عَوْرَةٌ ۛ وَمَا هِيَ بِعَوْرَةٍ ۚ اِنْ يُّرِيْدُوْنَ اِلَّا فِرَارًا ﴿۱۳﴾ وَلَوْ دُخِلَتْ

مع ۱۰

کر رہا تھا یہ لوگ کہہ رہے ہیں کہ ہمارے گھر غیر محفوظ ہیں حالانکہ وہ غیر محفوظ نہیں تھے یہ لوگ صرف بھاگنے کا ارادہ کر رہے تھے اگر مدینہ کے اطراف

عَلَيْهِمْ مِّنْ اَقْطَارِهَا ثُمَّ سُئِلُوا الْفِتْنَةَ لَاٰتَوْهَا وَمَا تَلَبَّثُوْا بِهَآ اِلَّا يَسِيْرًا ﴿۱۴﴾ وَلَقَدْ كَانُوْا

سے کوئی لشکر ان پر گھس جائے پھر ان سے فتنہ کا سوال کیا جائے تو یہ ضرور فتنے کو منظور کر لیں گے اور گھروں میں نہیں ٹھہریں گے مگر بس ذرا سی دیر۔ اور اس سے پہلے انہوں

عَاهَدُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ لَا يُوَلُّوْنَ الْاَدْبَارَ ۭ وَكَانَ عَهْدُ اللّٰهِ مَسْئُوْلًا ﴿۱۵﴾ قُلْ لَّنْ يَّنْفَعَكُمُ الْفِرَارُ

نے اللہ سے عہد کیا تھا کہ ہم پیٹھ نہیں پھیریں گے اور اللہ سے جو عہد کیا اس کی باز پرس ہوگی۔ آپ فرما دیجئے اگر تم موت سے یا قتل سے بھاگو گے

اِنْ فَرَرْتُمْ مِّنَ الْمَوْتِ اَوِ الْقَتْلِ وَاِذًا لَّا تُمَتَّعُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۶﴾ قُلْ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَعْصِمُكُمْ

تو یہ بھاگنا تمہیں نفع نہ دے گا اور اس وقت بس تھوڑے ہی دن جیو گے۔ آپ فرما دیجئے کہ وہ کون ہے جو تمہیں اللہ سے

مِّنَ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَ بِكُمْ سُوْٓءًا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ رَحْمَةً ۭ وَلَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا

بچا دے گا اگر وہ تمہارے بارے میں کسی بری حالت کا ارادہ فرمائے یا تم پر فضل فرمائے اور اپنے لیے اللہ کے سوا کوئی حمایت کرنے والا یا مددگار

نَصِيْرًا ﴿۱۷﴾ قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الْمُعَوِّقِيْنَ مِنْكُمْ وَالْقَآئِلِيْنَ لِاِخْوَانِهِمْ هَلُمَّ اِلَيْنَا ۚ وَلَا يَاْتُوْنَ

نہ پائیں گے۔ بلاشبہ اللہ تم میں سے ان لوگوں کو جانتا ہے جو رکاوٹ ڈالتے ہیں اور جو اپنے بھائیوں سے کہتے ہیں کہ ہمارے پاس آ جاؤ اور یہ لوگ

الْبَاْسَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۸﴾ اَشِحَّةً عَلَيْكُمْ ښ فَاِذَا جَآءَ الْخَوْفُ رَاَيْتَهُمْ يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ تَدُوْرُ

لڑائی میں کم آتے ہیں۔ یہ لوگ تمہارے بارے میں بخیل بنے ہوئے ہیں پھر جب خوف پیش آ جاتا ہے تو آپ ان کو دیکھتے ہیں کہ آپ کی طرف تک رہے ہیں ان کی آنکھیں

اَعْيُنُهُمْ كَالَّذِيْ يُغْشٰى عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ۚ فَاِذَا ذَهَبَ الْخَوْفُ سَلَقُوْكُمْ بِاَلْسِنَةٍ حِدَادٍ اَشِحَّةً

اس طرح چکرائی جاتی ہیں جیسے کسی پر موت کے وقت بے ہوشی طاری ہو رہی ہو پھر جب خوف چلا جاتا ہے تو تم کو تیز زبانوں سے طعنے دیتے ہیں، مال کے حریص

عَلَى الْخَيْرِ ۭ اُولٰٓئِكَ لَمْ يُؤْمِنُوْا فَاَحْبَطَ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ ۭ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿۱۹﴾ يَحْسَبُوْنَ

بنے ہوئے ہیں' یہ وہ لوگ ہیں جو ایمان نہیں لائے سو اللہ نے ان کے اعمال اکارت کر دیئے اور یہ اللہ کے لیے آسان ہے۔ وہ سمجھتے ہیں کہ جماعتیں واپس

الْاَحْزَابَ لَمْ يَذْهَبُوْا ۚ وَاِنْ يَّاْتِ الْاَحْزَابُ يَوَدُّوْا لَوْ اَنَّهُمْ بَادُوْنَ فِي الْاَعْرَابِ يَسْاَلُوْنَ

نہیں گئیں اور اگر جماعتیں آ جائیں تو یہ لوگ اس بات کی آرزو کریں گے کہ کاش ہم دیہاتوں میں ہوتے تمہاری خبریں دریافت کر لیا کرتے اور

عَنْ اَنْۢبَآىِٕكُمْ ؕ وَلَوْ كَانُوْا فِيْكُمْ مَّا قٰتَلُوْٓا اِلَّا قَلِيْلًا ۝۲۰

اگر وہ تمہارے اندر موجود ہوں تو وہ لڑائی نہ لڑیں گے مگر ذرا سی۔

منافقوں کی بدعہدی اور شرارتیں

یہ نو آیات کا ترجمہ ہے جن میں منافقین کی قولی اور عملی غداری کا تذکرہ فرمایا ہے اور ان کی مخالفانہ اور بزدلانہ حرکتوں کو بیان کیا ہے۔

پہلی آیات میں یہ بتایا ہے کہ منافقین اور وہ لوگ جن کے دلوں میں مرض تھا (جو ضعیف الاعتقاد تھے) انہوں نے یوں کہا کہ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے جو وعدہ کیا ہے وہ محض ایک دھوکہ ہے، مفسرین نے لکھا ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خندق کھودتے وقت بشارت دی کہ تم حیرہ کے محل اور کسریٰ کے شہر اور یمن کے شہر اور روم کے محل فتح کرو گے تو اس پر منافقین نے کہا لو دیکھ لو! یہاں کیا مصیبت پڑی ہوئی ہے خندق کھودی جا رہی ہے ذرا بھی باہر نہیں جا سکتے اگر یہاں سے جائیں تو قتل ہو جائیں حال تو یہ ہے لیکن بشارتیں یوں دی جا رہی ہیں کہ یوں شہر فتح ہوں گے اور ایسے محلات پر قبضہ ہوگا کچھ نہیں یہ سب دھوکہ ہی دھوکہ ہے اس پر اللہ تعالیٰ نے آیت کریمہ وَاِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ نازل فرمائی۔

یہاں جو یہ اشکال پیدا ہوتا ہے کہ وہ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دل سے مانتے ہی نہیں تھے پھر انہوں نے مَا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗ کیسے کہا؟ اس کا جواب یہ ہے کہ منافق کا کوئی دین نہیں ہوتا وہ منہ دیکھی باتیں کرتا ہے کیونکہ وہ لوگ بظاہر اسلام کے مدعی تھے اور حضرات صحابہؓ کے سامنے یہ بات کہہ رہے تھے اس لیے اس کے علاوہ کوئی چارہ بھی نہ تھا کہ آپ کو رسول ماننے کا دم بھریں لیکن انہوں نے یہ نہ سمجھا کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف دھوکہ دہی کی نسبت کریں گے تو مسلمان ہمیں کیسے مسلمان مانیں گے۔

دوسری آیت میں منافقوں کی ایک جماعت کی یہ بات نقل فرمائی ہے کہ انہوں نے اس موقع پر یوں کہا کہ اے یثرب والو یعنی مدینے میں سکونت کرنے والو! یہاں ٹھہرنے کا موقع نہیں ہے لہٰذا اپنے اپنے گھروں کو واپس ہو جاؤ کیونکہ بظاہر قتل ہونے کی صورت بن رہی ہے اپنے گھروں کو لوٹ جاؤ گے تو قتل ہونے سے بچ جاؤ گے ورنہ تمہیں بھی یہیں موت کے منہ میں جانا پڑے گا۔

بعض مفسرین نے فرمایا ہے کہ یہ بات رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی اور اس کے ساتھیوں نے کہی تھی۔ مفسرین نے لَا مُقَامَ لَكُمْ فَارْجِعُوْا کا ایک مطلب تو وہی لکھا ہے جو ہم نے اوپر بیان کیا اور بعض حضرات نے یہ فرمایا ہے کہ اس کا معنی یہ ہے کہ اب محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے دین میں رہنے کا موقع نہیں رہا لہٰذا تم اپنے پرانے دین شرک پر واپس ہو جاؤ اور ایک مطلب یہ لکھا ہے کہ جناب محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے تم نے جو بیعت کی ہے اس سے واپس ہو جاؤ اور انہیں دشمنوں کے حوالے کر دو۔

یثرب مدینہ منورہ کا سابق نام ہے بعض اہل علم کا کہنا ہے کہ عمالقہ میں سے ایک شخص کا نام یثرب تھا اسی کے نام پر یہ نام رکھا گیا، چونکہ ثَرَبَ يَثْرِبُ ملامت کرنے کے معنی میں آتا ہے اس لیے اب اس کو اس نام سے یاد کرنا ممنوع ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: مَنْ سَمَّى الْمَدِيْنَةَ يَثْرِب فَلْيَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ تَعَالٰى هِيَ طَابَةُ هِيَ طَابَة هي طابة (یعنی جو شخص مدینہ کو یثرب کے نام سے یاد کرے وہ اللہ تعالیٰ سے استغفار کرے، یہ طابہ ہے، یہ طابہ ہے، یہ طابہ ہے) یعنی عمدہ ہے مبارک ہے اچھا شہر ہے۔ (رواہ احمد فی مسندہ عن البراء بن عازب رضی اللہ عنہ۔)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تشریف لانے کے بعد اس شہر کا نام مدینہ منورہ ہی مشہور ہو گیا اگرچہ اسکے علاوہ اسکے اور بھی نام ہیں۔

آیت بالا میں بعض منافقوں کے اجازت لینے کا ذکر ہے ان لوگوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ ہمیں واپس ہونے کی اجازت دے دی جائے کیونکہ ہمارے گھر غیر محفوظ ہیں چھوٹی چھوٹی دیواریں ہیں چوروں کا خوف ہے جب یہاں آ گئے تو وہاں کوئی حفاظت کا انتظام بھی نہیں اور وہاں دشمنوں کے پہنچنے کا ڈر ہے کیونکہ خندق کی جگہ سے دور ہیں۔ مفسرین نے بتایا ہے کہ جب منافقوں نے یہ کہا کہ اے یثرب والو! یہاں سے چلے جاؤ، ٹھہرنے کا موقع نہیں ہے تو ان کی باتوں میں آ کر قبیلہ بنو حارثہؓ اور بنو سلمہؓ نے آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر واپس ہونے کی اجازت طلب کر لی تھی۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی تردید فرمائی اور فرمایا: وَمَا هِيَ بِعَوْرَةٍ (یہ بات نہیں ہے کہ ان کے گھر غیر محفوظ ہیں) اِنْ يُّرِيْدُوْنَ اِلَّا فِرَارًا (ان کا مقصد صرف یہ ہے کہ بھاگ جائیں)۔

تیسری آیت میں ان لوگوں کی فتنہ پردازی کا تذکرہ فرمایا: وَلَوْ دُخِلَتْ عَلَيْهِمْ مِّنْ اَقْطَارِهَا (الآیۃ) (اگر مدینہ کے اطراف سے کوئی لشکر ان پر گھس آئے پھر ان سے فتنے کا سوال کیا جائے تو یہ ضرور فتنے کو منظور کر لیں گے) مطلب یہ ہے کہ یہ لوگ جو گھروں کے غیر محفوظ ہونے کا بہانہ کر کے آپؐ سے اجازت لے کر راہ فرار اختیار کرنا چاہتے ہیں ان کا مقصد مسلمانوں کے ساتھ شریک قتال ہونے سے منہ موڑنا ہے اگر کافروں کا کوئی لشکر ان کے پاس پہنچ جائے اور وہاں سے یہ کہے کہ چلو مسلمانوں سے لڑو تو یہ ضرور ان کی بات مان لیں گے اور اپنے گھروں میں بہت ہی کم ٹھہریں گے بس کافروں کے کہتے ہی چل پڑیں گے یا اتنی دیر لگائیں گے جتنی دیر میں ہتھیار لے لیں اس وقت انہیں گھروں کی حفاظت کا خیال بالکل نہیں رہے گا انہیں مسلمانوں سے دشمنی ہے اور کافروں سے محبت ہے۔ **قال صاحب الروح ان طلبهم الا ذن فی الرجوع ليس لا ختلال بيوتهم بل لنفاقهم و کراهتهم نصرتک** ۔ (تفسیر روح المعانی کے مصنفؒ فرماتے ہیں ان کا واپسی کی اجازت مانگنا واقعۃً کوئی گھروں کے نقصان کے اندیشہ کی وجہ سے نہیں تھا بلکہ ان کے منافق ہونے اور تیری مدد کو ناپسند کرتے کی وجہ سے تھا)

آیت کریمہ کی دوسری طرح بھی تفسیر کی گئی ہے صاحب روح المعانی فرماتے ہیں۔ **والوجوه المحتملة فی الأيات کثيرة کما لا يخفیٰ علیٰ من له ادنیٰ تأمل و ماذکرنا اولاً هو الا ظهر فی ما اریٰ.** (آیات میں کئی سارے احتمالات موجود ہیں جیسا کہ ذرا بھی غور کرنے والے آدمی پر مخفی نہیں ہے اور جو ہم نے اس سے پہلی توجیہ ذکر کی ہے میرے خیال میں وہی زیادہ راجح ہے)

چوتھی آیت میں بھی انہی لوگوں کا ذکر ہے جنہوں نے گھروں کے خالی ہونے کا بہانہ کر کے راہ فرار اختیار کرنے کے لیے اجازت طلب کی تھی، ارشاد فرمایا: وَلَقَدْ كَانُوْا عَاهَدُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ (الآیۃ) یعنی ان لوگوں نے اس سے پہلے عہد کیا تھا کہ پشت پھیر کر نہ جائیں گے)۔ صاحب روح المعانی فرماتے ہیں کہ اس آیت میں بنو حارثہ کا ذکر ہے اور بعض حضرات نے فرمایا کہ اس سے قبیلہ بنو سلمہ مراد ہے، یہ لوگ غزوۂ احد کے موقع پر بزدلی دکھا چکے تھے پھر توبہ کر کے شریک ہو گئے تھے اور خندق کا واقعہ پیش آنے سے پہلے عہد کیا تھا کہ راہ فرار اختیار نہ کریں گے۔ بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ آیت کریمہ میں ان منافقین کا ذکر ہے جو غزوۂ بدر کی شرکت سے رہ گئے تھے پھر جب اللہ تعالیٰ نے وہاں مسلمانوں کو فتح عطا فرمائی اور کافروں کو بری طرح شکست دی تو یہ کہنے لگے افسوس ہم شریک نہ ہوئے اگر ہم شریک ہوتے تو یوں کرتب دکھاتے اور ایسا کرتے ویسا کرتے۔ آئندہ جب کوئی جہاد کا موقع ہوگا تو ہم اپنی بہادری کے جوہر دکھائیں گے جب غزوۂ خندق کا موقع آیا تو ان کے سارے دعوے اور معاہدے دھرے کے دھرے رہ گئے اور فرار کی راہیں اختیار کرنے لگے، وَكَانَ عَهْدُ اللّٰهِ مَسْئُوْلًا (اور اللہ سے جو عہد کیا جاتا ہے اس کی باز پرس ہوگی) عہد کی خلاف ورزی اور عہد شکنی کر کے سزا کے مستحق ہو چکے ہیں۔

پانچویں اور چھٹی آیت میں راہ فرار اختیار کرنے والوں کو تنبیہ فرمائی کہ اگر تم موت سے یا قتل کے ڈر سے بھاگ گئے تو تمہارا یہ بھاگنا

تمہیں نفع نہ دے گا اگر بھاگ گئے تو کتنا جیو گے؟ اجل مقررہ کے مطابق موت تو آ ہی جائے گی اور عمر کا جو بقیہ حصہ ہے اس سے بھی زیادہ نفع حاصل نہیں کر سکتے بھاگ کر عمر نہیں بڑھ سکتی کیونکہ اس کا وقت مقرر ہے۔

مزید فرمایا کہ ہر چیز کا فیصلہ اللہ کے اختیار میں ہے اگر تم بھاگ گئے اور جہاں پہنچے وہاں اللہ تعالیٰ نے تمہیں ہلاک فرما دیا تو تمہیں اللہ سے کون بچا سکتا ہے؟ اور اگر وہ تم پر اپنا فضل فرمائے مثلاً تمہیں زندہ رکھے جو کہ ایک دنیاوی رحمت ہے تو اسے اس سے کون روک سکتا ہے؟

ساتویں اور آٹھویں آیت میں بھی ان لوگوں کا تذکرہ ہے جو دوسروں کو شرکت جہاد سے روک رہے تھے اور مسلمانوں کے حق میں اپنے قول اور فعل سے برا کردار ادا کر رہے تھے' ارشاد فرمایا اللہ ان لوگوں کو جانتا ہے جو دوسروں کو جنگ میں شریک ہونے سے روکتے ہیں اور اپنے بھائیوں سے کہتے ہیں کہ ہمارے پاس آ جاؤ' صاحب روح المعانی لکھتے ہیں کہ ایک مخلص مسلمان غزوۂ خندق کے موقع پر اپنے سگے بھائی کے پاس پہنچا تو دیکھا کہ وہ بھنا ہوا گوشت کھا رہا ہے اور اس کے پاس نبیذ (کھجوروں کا میٹھا پانی) پڑا ہے یہ شخص منافق تھا، مخلص مسلمان (اس کا بھائی) جو اس کے پاس سے گزر رہا تھا نے اس سے کہا تو یہاں ہے؟ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نیزوں اور تلواروں کے درمیان ہیں' اس پر بھنا ہوا گوشت کھانے والے شخص نے کہا کہ تو بھی میرے پاس آ جا کہ اب تو تم لوگ ایسے گھیرے میں آ گئے ہو کہ اس کا مقابلہ نہیں کر سکتے' مخلص مسلمان نے کہا کہ تو جھوٹا ہے اللہ کی قسم میں تیری بات کی اطلاع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کر دوں گا' یہ صاحب امام الانبیاء کی خدمت عالی میں پہنچے تو دیکھا کہ جبریل علیہ السلام آیت کریمہ: قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الْمُعَوِّقِيْنَ مِنْكُمْ لے کر نازل ہو چکے ہیں۔

اور صاحب معالم التنزیل نے (جلد ۳ ص ۵۱۸) لکھا ہے کہ یہودیوں نے منافقوں کو کہلا بھیجا کہ تم لوگ ابوسفیان اور اس کی جماعت اور دوستوں کے ہاتھوں کیوں اپنی جان کو تباہ کر رہے ہو اگر اس مرتبہ انہوں نے تم پر قابو پا لیا تو تم میں سے ایک کو بھی نہیں چھوڑیں گے' ہمیں تم پر ترس آ رہا ہے تم ہمارے بھائی ہو اور پڑوسی ہو ہمارے پاس آ جاؤ (اس صورت میں اخوان سے برادر نسبی نہیں بلکہ برادر وطنی مراد ہوں گے) یہود کی باتوں سے متاثر ہو کر رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی اور اس کے ساتھی مؤمنین مخلصین کی طرف متوجہ ہوئے اور انہیں جنگ کرنے سے روکنے لگے اور خوف زدہ کرنے لگے کہ دیکھو اگر ابوسفیان اور اس کے ساتھیوں نے تم پر قابو پا لیا تو تم میں سے کسی کو نہ چھوڑیں گے' تمہیں محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے کس خیر کی امید ہے اس کی جنگ کا تو یہ حاصل ہے کہ ہم سب یہیں مقتول ہو جائیں گے چلو ہم اپنے یہودی بھائیوں کے پاس چلے چلیں' منافقوں کی یہ بات سن کر اہل ایمان کا ایمان اور مضبوط ہو گیا اور ان میں ثواب کی امید اور زیادہ پکی ہو گئی۔

وَلَا يَاْتُوْنَ الْبَاْسَ اِلَّا قَلِيْلًا (اور یہ لوگ یعنی منافقین لڑائی کے موقع پر جو حاضر ہو جاتے ہیں ان کا یہ حاضر ہونا بس ذرا سا نام کرنے کو ہے) اَشِحَّةً عَلَيْكُمْ (یعنی ان کا ذرا سا نام کرنے کے لیے آنا بھی تمہارے بارے میں بخل اختیار کرنے کے لیے ہے) جس کا مطلب یہ ہے کہ اگر مسلمان جیت گئے اور انہیں غنیمت کا مال مل گیا تو ہم بھی استحقاق غنیمت کا دعویٰ کر سکیں گے۔

فَاِذَا جَآءَ الْخَوْفُ رَاَيْتَهُمْ يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ تَدُوْرُ اَعْيُنُهُمْ كَالَّذِيْ يُغْشٰى عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ (سو جب کوئی خوف کا موقع پیش آ جاتا ہے تو آپ ان کو دیکھیں گے کہ وہ آپ کی طرف اس طرح دیکھنے لگتے ہیں کہ ان کی آنکھیں چکرائی جاتی ہیں جیسے کسی پر موت کی بے ہوشی طاری ہو) فَاِذَا ذَهَبَ الْخَوْفُ سَلَقُوْكُمْ بِاَلْسِنَةٍ حِدَادٍ (پھر جب خوف دور ہو جاتا ہے تو تمہیں تیز زبانوں سے طعنے دیتے ہیں) اَشِحَّةً عَلَى الْخَيْرِ (ان طعنوں کا باعث یہ ہے کہ وہ مال کی حرص کے لیے آئے ہوتے ہیں) یعنی مال غنیمت لینے کے لیے دلخراش باتیں کرتے ہیں کہ ہمیں مال غنیمت میں کیوں شریک نہیں کرتے ہم بھی تو جنگ میں شریک تھے ہماری وجہ ہی سے تو تمہیں یہ فتح میسر ہوئی ہے' مطلب یہ ہے کہ یہ لوگ بزدل بھی ہیں اور حریص بھی ہیں ان میں دونوں چیزیں انتہاء کو پہنچی ہوئی ہیں۔ صاحب معالم

التنزیل فرماتے ہیں: فَهُمْ عِنْدَ الْغَنِيمَةِ اَشَحُّ قوم وَعِنْدَ الْبَعْثِ اجْبَنُ قَوْمٍ.

اُولٰٓئِكَ لَمْ يُؤْمِنُوْا (یہ لوگ ایمان نہیں لائے) فَاَحْبَطَ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ (سو اللہ نے ان کے اعمال اکارت کر دیئے) جن کا آخرت میں کچھ بھی ثواب نہ ملے گا۔ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا (اور یہ اللہ کے لیے بالکل آسان ہے) یعنی اس سے کوئی شخص مزاحمت کر کے اپنے اعمال کا بدلہ نہیں لے سکتا۔

نویں آیت میں منافقین کی بزدلی کو مزید آشکارا فرمایا کہ باوجودیکہ قریش مکہ اور بنی غطفان اور دیگر جماعتوں کے گروہ واپس چلے گئے لیکن یہ لوگ ڈر رہے ہیں اور یوں کہہ رہے ہیں کہ وہ لوگ ابھی نہیں گئے' مذکورہ گروہ جا تو چکے ہیں لیکن اگر واپس آجائیں تو منافقین خوف اور بزدلی کی وجہ سے یوں آرزو کرنے لگیں گے کہ کیا ہی اچھا ہوتا اگر ہم دیہات میں چلے جاتے اور وہیں سے مسلمانوں کی خبریں معلوم کرتے رہتے کہ جنگ کا کیا انجام ہوا۔ وَلَوْ كَانُوْا فِيْكُمْ مَّا قَاتَلُوْٓا اِلَّا قَلِيْلًا۔ اے مسلمانو! یہ منافق اگر تمہارے اندر رہ جائیں تب بھی تمہیں فائدہ نہیں پہنچا سکتے بس نام کے لیے ذرا سی جنگ کر لیں گے جس سے ریاکاری مقصود ہوگی' ایک دو پتھر پھینک کر کہیں گے کہ ہم نے بھی تو جنگ میں شرکت کی تھی۔

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَذَكَرَ

تمہارے لیے یعنی اس شخص کے لیے جو اللہ سے اور آخرت کے دن سے ڈرتا ہو اور اللہ کو کثرت سے یاد کرتا ہو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک عمدہ

اللّٰهَ كَثِيْرًا ﴿۲۱﴾ وَلَمَّا رَاَ الْمُؤْمِنُوْنَ الْاَحْزَابَ قَالُوْا هٰذَا مَا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَ

نمونہ موجود تھا۔ اور جب ایمان والوں نے جماعتوں کو دیکھا تو انہوں نے کہا کہ یہ ہے وہ جس کا ہم سے اللہ نے اور اس کے رسول نے

صَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَمَا زَادَهُمْ اِلَّآ اِيْمَانًا وَّتَسْلِيْمًا ﴿۲۲﴾ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ

وعدہ فرمایا، اور اللہ نے اور اس کے رسول نے سچ فرمایا اور ان کے ایمان اور فرمانبرداری میں ترقی ہی ہوگی۔ اہل ایمان میں بعض ایسے ہیں جنہوں نے

صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ فَمِنْهُمْ مَّنْ قَضٰى نَحْبَهٗ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْتَظِرُ

اپنا وہ عہد سچ کر دکھایا جو انہوں نے اللہ سے کیا تھا سو ان میں سے بعض وہ ہیں جنہوں نے اپنی نذر پوری کر لی اور بعض وہ ہیں جو انتظار کر رہے ہیں

وَمَا بَدَّلُوْا تَبْدِيْلًا ﴿۲۳﴾ لِّيَجْزِيَ اللّٰهُ الصّٰدِقِيْنَ بِصِدْقِهِمْ وَيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ اِنْ شَآءَ

اور انہوں نے کچھ بھی تبدیلی نہیں کی۔ تاکہ اللہ سچوں کو ان کی سچائی کا بدلہ دے اور منافقین کو عذاب دے اگر چاہے،

اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۲۴﴾ وَرَدَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِغَيْظِهِمْ

یا ان کی توبہ قبول فرمائے بلا شبہ اللہ غفور رحیم ہے۔ اور کافروں کو اللہ نے ان کے غصہ کے ساتھ واپس لوٹا دیا۔

لَمْ يَنَالُوْا خَيْرًا وَكَفَى اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ الْقِتَالَ وَكَانَ اللّٰهُ قَوِيًّا عَزِيْزًا ﴿۲۵﴾

انہوں نے کوئی خیر نہ پائی اور قتال کی جانب سے مؤمنین کے لیے اللہ خود ہی کافی ہو گیا اور اللہ قوت والا ہے عزت والا ہے۔

مؤمنین کے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی اسوہ ہے

اہل ایمان نے اللہ سے سچا وعدہ کیا اور اس پر پورے اترے

ان آیات میں اول تو اہل ایمان کو تلقین فرمائی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اتباع کرتے رہیں، غزوۂ احزاب میں بھی سب کو وہی کرنا لازم تھا جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا، کسی کو اپنی جان بچا کر چلے جانا درست نہیں تھا، اس میں اہل ایمان کو تعلیم فرمادی کہ جیسے اب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ساتھ دیا اور اتباع کیا اسی طرح آئندہ بھی اس کا اتباع کریں اور آپ کی ذات گرامی کو اپنے لئے اسوۂ حسنہ یعنی عملی زندگی کا نمونہ بنائیں جو لوگ اللہ سے ڈرتے ہیں اور یوم آخرت کی پیشی کا یقین رکھتے ہیں انہیں ایسا ہی ہونا چاہیے۔ مؤمنین کی تعلیم وتلقین کے ساتھ ہی منافقین پر تعریض بھی ہے جنہوں نے ایمان کا دعویٰ کرنے کے باوجود راہ فرار کو پسند کیا اور لوگوں کو شرکت سے روکا۔ بات یہ ہے کہ صرف دعویٰ کچھ کام نہیں دیتا جب کسی کام کا دعوے کرے تو اس کو سچا کر دکھائے، منافقین دنیاوی مصالح کی بناء پر ایمان کا دعویٰ تو کر بیٹھے جب آزمائش آئی تو وعدہ کو نبھا نہ سکے ان کا اعمال واقوال سے جھوٹا ہونا صاف طریقے پر واضح ہو گیا۔

اس کے بعد مؤمنین صحابہؓ کی تعریف فرمائی کہ جب انہوں نے کافروں کے گروہوں کو دیکھ لیا کہ وہ باہمی مشورے کر کے آ گئے ہیں تو انہوں نے یوں کہا: هٰذَا مَا وَعَدَ نَااللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ (یہ وہ ہے جس کا اللہ نے اور اس کے رسول نے وعدہ فرمایا تھا) یعنی اہل ایمان کی جانچ اور امتحان کا جو قرآن کریم میں کئی جگہ ذکر ہے اسی میں کا ایک یہ بھی امتحان وابتلا ہے، دشمنوں کی آمد اہل ایمان کے لئے ایمان میں اضافہ کا اور اللہ تعالیٰ کے احکام کو زیادہ بشاشت کے ساتھ تسلیم کرنے کا سبب بن گئی، سورۂ بقرہ میں امتحان کا ذکر فرمایا ہے: وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَیْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَالْجُوْعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْاَمْوَالِ (الآیۃ) اور سورۂ آل عمران میں فرمایا ہے: اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ جَاهَدُوْا مِنْكُمْ وَيَعْلَمَ الصّٰبِرِيْنَ اور سورۂ عنکبوت میں فرمایا ہے: الٓمّٓ ﴿۱﴾ اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ يُّتْرَكُوْٓا اَنْ يَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَهُمْ لَا يُفْتَنُوْنَ اور فرمایا وَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَلَيَعْلَمَنَّ الْمُنَافِقِيْنَ۔ ان آیات میں واضح طور پر بیان فرمادیا ہے کہ اہل ایمان کا امتحان ہوگا اور مؤمنین ومنافقین الگ الگ پہچان لیے جائیں گے۔

اس کے بعد ان مؤمنین کا تذکرہ فرمایا جنہوں نے ایمان والے عام عہد اور اقرار کے علاوہ بھی کچھ عہد زائد کیا تھا، ان کے لیے فرمایا کہ بعض نے تو اپنی نذر پوری کر دی یعنی معاہدہ کے مطابق جہاد میں شرکت کر کے شہید ہو گئے ان کے بارے میں فَمِنْهُمْ مَّنْ قَضٰى نَحْبَهٗ فرمایا اور ان میں سے بعض وہ ہیں جو ابھی انتظار میں ہیں کہ جب موقع ہوگا اپنی جان کو اللہ کی راہ میں قربان کر دیں گے۔

یہاں مفسرین کرامؒ نے ایک واقعہ نقل کیا ہے جو حضرت انس بن مالکؓ سے مروی ہے انہوں نے بیان کیا کہ میرے چچا انس بن النضرؓ غزوۂ بدر کی شرکت سے رہ گئے تھے انہوں نے کہا کہ یارسول اللہ! آپ کا مشرکین سے جنگ کرنے کا یہ پہلا موقع تھا میں جس میں شریک نہ ہوا اب اگر اللہ تعالیٰ نے مشرکین سے جنگ کرنے کا موقع دیا تو میں جان جوکھوں میں ڈال کر دکھادوں گا جب غزوۂ احد کا موقع آیا تو یہ اس میں شریک ہو گئے اور مسلمانوں کو جب ظاہری شکست ہوگئی تو بارگاہ الٰہی میں عرض کیا کہ ایمان والوں نے جو کچھ کیا میں اس کی معذرت پیش کرتا ہوں اور مشرکین نے جو کچھ کیا میں اس سے برأت ظاہر کرتا ہوں، کہہ کر آگے بڑھے، مشرکین کی طرف جا رہے تھے کہ راستہ میں حضرت سعد بن معاذؓ سے ملاقات ہوگئی اور ان سے کہا میرے رب کی قسم! مجھے احد کے ورے جنت کی خوشبو محسوس ہو رہی ہے اس کے بعد لڑتے لڑتے شہید ہو گئے۔ حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ جب ان کی نعش ملی تو چونکہ مشرکین نے ان کے ناک کان کاٹ دیئے

تھے جس سے چہرہ بدل گیا تھا اس لیے انگلیوں کے پوروں سے ان کی بہن نے انہیں پہچانا، شمار کیا تو دیکھا کہ ان کے جسم پر اسی ۸۰ سے کچھ اوپر تلوار، نیزہ اور تیر کے زخم تھے ہم سمجھتے تھے کہ یہ آیت یعنی مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَاعَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ حضرت انس بن نضر اور ان جیسے اصحاب کے بارے میں نازل ہوئی۔ (ذکرہ البغوی فی معالم التنزیل ج ۳ ص ۵۲۰ و ذکرہ البخاری فی کتاب التفسیر من جامعہ ج ۲ ص ۷۰۵ قال ان بن مالک نریٰ ھذہ الآیۃ نزلت فی انس بن نضر)

حضرت انس بن مالکؓ نے جو فرمایا کہ یہ آیت انس بن نضر اور ان جیسے اصحاب کے بارے میں نازل ہوئی۔ ان اصحاب کے اسمائے گرامی جو مفسرینؒ نے لکھے ہیں ان میں سید الشہداء حضرت حمزہ بن عبدالمطلبؓ اور حضرت مصعب بن عمیرؓ اور حضرت طلحہ بن عبید اللہؓ ہیں، بعض روایات میں یوں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو یہ بات پسند کرے کہ کسی ایسے شخص کو زمین پر چلتا پھرتا دیکھے جس نے اپنی نذر پوری کر دی ہو تو وہ طلحہ بن عبید اللہؓ کو دیکھے۔ (معالم التنزیل) حضرت طلحہ بن عبید اللہؓ غزوۂ احد اور غزوۂ احزاب میں شہید نہیں ہوئے تھے لیکن رسول اللہ ﷺ نے انہیں مَنْ قَضٰى نَحْبَهٗ کا مصداق بتایا کیونکہ انہوں نے غزوۂ احد کے موقع پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دشمنوں کے تیروں سے اپنے ہاتھ کے ذریعہ بچایا تھا یعنی ڈھال کی جگہ اپنے ہاتھوں سے کام لیا تھا جس کی وجہ سے ان کا ہاتھ شل ہو گیا تھا اور ان کے جسم میں ستر سے کچھ اوپر زخم آ گئے تھے، اپنی طرف سے تو انہوں نے نذر پوری کر ہی دی اور شہید ہونے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی، یہ دوسری بات ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں زندگی دی اور جنگ جمل کے موقع پر سن ۳۰ھ میں شہید ہوئے۔ صحابۂ کرامؓ کے دشمن ذرا غور تو کریں کہ انہوں نے کیسی کیسی قربانیاں دی ہیں؟

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْتَظِرُ وَمَا بَدَّلُوْا تَبْدِيْلًا (اور بعض وہ ہیں جو انتظار کر رہے ہیں اور انہوں نے کچھ بھی تبدیلی نہیں کی) یعنی جو حضرات ابھی زندہ ہیں اور شہادت کے منتظر ہیں وہ اپنے عہد پر قائم ہیں اپنے عزم کو انہوں نے ذرا بھی نہیں بدلا۔ لِيَجْزِيَ اللّٰهُ الصّٰدِقِيْنَ بِصِدْقِهِمْ (تا کہ اللہ سچوں کو ان کی سچائی کا بدلہ دے) یعنی غزوۂ احزاب کا واقعہ اس لیے ہوا کہ اللہ تعالیٰ سچے اور مخلص مسلمانوں کو ان کے سچ کا بدلہ دے۔ وَيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ اِنْ شَآءَ (اور چاہے تو منافقین کو سزا دے) اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ (یا ان کو توبہ کی توفیق دے اور وہ توبہ کر کے مسلمان ہو جائیں اور زمانہ کفر میں جو انہوں نے حرکت کی وہ معاف ہو جائے۔ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا (بلاشبہ اللہ غفور ہے رحیم ہے)۔

فائدہ ...... مَنْ قَضٰى نَحْبَهٗ ایک ترجمہ تو وہی ہے جو اوپر ذکر کیا کہ اپنی نذر پوری کر دی اور بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ یہ لفظ بطور استعارہ موت کے معنی میں آتا ہے اور مطلب یہ ہے کہ اپنے وعدہ کے مطابق کام کر کے دنیا سے چلے گئے، یہ دوسرا معنی مراد لینے میں بھی مطلب وہی نکلتا ہے کہ وہ اپنا کام کر گزرے اور دنیا سے چلے گئے۔

پھر فرمایا وَرَدَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِغَيْظِهِمْ (کہ کافر لوگ جو غصے میں بھرے ہوئے مدینہ منورہ پر چڑھ کر آئے تھے اللہ تعالیٰ نے انہیں واپس لوٹا دیا) لَمْ يَنَالُوْا خَيْرًا (انہیں کوئی بھی خیر نہ ملی) یعنی جس فتح یابی کی امید پر غصہ میں بھرے ہوئے آئے تھے اس میں سے کچھ بھی نہ ملا اور نا کام و نامراد واپس ہوئے وَكَفَى اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ الْقِتَالَ (اور قتال کی جانب سے اللہ مؤمنین کے لیے کافی ہو گیا) یعنی مؤمنین کو جنگ نہ کرنی پڑی، اللہ تعالیٰ نے سخت تیز ٹھنڈی ہوا بھیج دی جس کی وجہ سے دشمن بھاگ گئے اور مؤمنین صحیح سالم شہر مدینہ میں داخل ہو گئے۔ وَكَانَ اللّٰهُ قَوِيًّا عَزِيْزًا (اور اللہ قوت والا ہے غالب ہے) وہ جس طرح جس کی چاہے مدد فرما دے کوئی اس کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔

وَ اَنْزَلَ الَّذِیْنَ ظَاهَرُوْهُمْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ صَیَاصِیْهِمْ وَ قَذَفَ فِیْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ فَرِیْقًا

اور اہل کتاب میں سے جن لوگوں نے ان کی مدد کی اللہ نے ان کو ان کے قلعوں سے نیچے اتار دیا اور ان کے دلوں میں رعب ڈال دیا، تم ایک جماعت

تَقْتُلُوْنَ وَ تَاْسِرُوْنَ فَرِیْقًا ۝۲۶ وَ اَوْرَثَكُمْ اَرْضَهُمْ وَ دِیَارَهُمْ وَ اَمْوَالَهُمْ وَ اَرْضًا لَّمْ تَطَـُٔوْهَا ؕ

کو قتل کرنے لگے اور ایک جماعت کو قید کرنے لگے۔ اور تمہیں ان کی زمین کا اور ان کے گھروں کا اور ان کے مالوں کا اور ایسی زمین کا مالک بنا دیا جس پر تم نے قدم نہیں رکھا تھا

وَ كَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرًا ۝۲۷

اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

اہل کتاب کو غداری کی سزا مل گئی اور اہل ایمان کو اللہ تعالیٰ نے غلبہ عطا فرما دیا

جیسا کہ پہلے عرض کیا گیا کہ مدینہ منورہ میں پہلے سے یہودیوں کے تین قبیلے آباد تھے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ معظمہ سے ہجرت فرما کر مدینہ منورہ تشریف لائے تو یہاں کے تمام رہنے والوں کے درمیان ایک معاہدہ کروا دیا جس میں خود آپ بھی مہاجرین وانصار کے ساتھ شریک تھے اور یہودیوں کے تینوں قبیلوں کو بھی شریک فرما لیا تھا اس معاہدہ میں جو باتیں لکھی گئی تھیں ان میں یہ بھی تھا کہ آپس میں جنگ نہ کریں گے اور یہ کہ مدینہ منورہ پر کوئی دشمن حملہ آور ہوگا تو سب مل کر دفاع کریں گے، ان میں سے بنی قینقاع نے تو غزوۂ بدر کے بعد ہی اس عہد کو توڑ دیا تھا جس کی سزا انہیں مل گئی۔ ان کے بعد قبیلہ بنی نضیر نے عہد توڑا جنہیں ۴ھ میں مدینہ منورہ سے جلا وطن کر دیا گیا اور وہ خیبر میں جا کر آباد ہو گئے اور وہاں بس جانے کے بعد قریش مکہ اور بنی غطفان وغیرہم کو مدینہ منورہ پر حملہ کرنے کے لیے آمادہ کیا جس کے نتیجے میں غزوۂ احزاب پیش آیا، اب صرف قبیلہ بنو قریظہ مدینہ منورہ میں باقی رہ گیا تھا جو اپنے عہد پر قائم تھا جیسا کہ پہلے عرض کیا گیا بنی نضیر کو جب مدینہ منورہ سے جلا وطن کر دیا گیا تو انہوں نے مکہ مکرمہ پہنچ کر قریش مکہ اور بنی غطفان کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف اُبھارا اور مدینہ منورہ پر حملہ کرنے کیلئے تیار کیا اور یہ عزم لے کر چلے کہ مسلمانوں کو بالکل ختم ہی کر دینا ہے جن یہودیوں نے قریش مکہ اور بنو غطفان وغیرہم کو اس کے لیے آمادہ کیا تھا ان میں حی بن اخطب بھی تھا جو بنی نضیر کا سردار تھا جب یہ دشمنان اسلام کی جماعتوں کو لے کر مدینہ منورہ پہنچا اور خندق کے باہر پڑاؤ ڈالنا پڑا تو وہ موقع پا کر بنی قریظہ کے سردار کعب بن اسد کے پاس گیا اور اسے عہد شکنی پر آمادہ کرنے کی کوشش کی، کعب بن اسد نے اول تو اپنے قلعہ کا دروازہ بند کر لیا اور ابن اخطب کو اپنے پاس آنے کی اجازت نہ دی اور یہ کہہ کر عہد شکنی سے انکار کر دیا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے میرا معاہدہ ہے میں نے ان کی طرف سے وفائے عہد اور سچائی کے علاوہ کچھ نہیں دیکھا لہٰذا میں عہد شکنی نہیں کروں گا لیکن ابن اخطب برابر اصرار کرتا رہا اور باتیں بناتا رہا، کعب بن اسد نے کہا کہ اچھا اگر قریش مکہ اور بنی غطفان نامراد ہو کر واپس ہو گئے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم صحیح سالم مدینہ منورہ میں رہ گئے تو تیرا اور ہمارا کیا معاملہ بنے گا؟ ابن اخطب نے کہا کہ میں تیرے ساتھ تیرے قلعہ میں داخل ہو جاؤں گا پھر جو تیرا حال بنے گا میں بھی اسی میں تیرا ساتھی رہوں گا، یہ بات سن کر کعب بن اسد نے معاہدہ توڑ دیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جو معاہدہ کیا تھا اس سے بری ہو گیا۔

جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کی خبر ملی تو آپ نے حضرت سعد بن معاذؓ سعد بن عبادہؓ اور عبداللہ بن رواحہؓ اور خوات بن جبیرؓ

کو بھیجا کہ جاؤ تحقیق حال کرو یہ حضرات بنوقریظہ پہنچے تو دیکھا کہ وہ واقعی عہد توڑ چکے ہیں' ان حضرات نے واپس ہو کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اصل صورتحال سے مطلع کر دیا' اس کے بعد جب قریش مکہ اور بنی غطفان وغیرہم نا کام واپس چلے گئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شہر مدینہ منورہ میں واپس تشریف لے آئے اور ہتھیار رکھ کر غسل فرمایا تو حضرت جبریل علیہ السلام حاضر خدمت ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ! صلی اللہ علیہ وسلم آپؐ نے ہتھیار رکھ دیئے (آپ نے فرمایا: ہاں! حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کیا اللہ کی قسم ہم نے تو ہتھیار نہیں رکھے' اللہ تعالیٰ آپ کو حکم فرماتا ہے کہ آپ بنی قریظہ کی طرف روانہ ہو جائیں میں بھی ان کی طرف جا رہا ہوں میں ان کے قلعوں میں زلزلہ لاؤں گا۔

اس کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بنی قریظہ کی طرف روانہ ہو گئے اور مسلمانوں کے پاس خبر بھیج دی کہ بنوقریظہ کی طرف روانہ ہو جائیں اور وہیں جا کر عصر کی نماز پڑھیں۔ حضرات صحابۂ کرامؓ روانہ ہوئے بعض نے یہ سمجھ کر راستہ میں عصر کی نماز پڑھ لی کہ وقت ختم ہو رہا ہے انہوں نے آپ کے ارشاد کا یہ مطلب سمجھا کہ نماز پڑھ لی جائے تا کہ نماز قضاء نہ ہو اور بعض حضرات نے نماز قضاء کر دی اور وہیں جا کر پڑھی ان حضرات نے ظاہر حکم کو دیکھا اور اپنی طرف سے اس کا کوئی مفہوم تجویز نہیں کیا' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں جماعتوں میں سے کسی کو بھی ملامت نہیں کی۔

اس سے علماء نے یہ اخذ کیا ہے کہ مجتہدین کرامؒ کا اختلاف (جو اجتہاد کی صلاحیت رکھتے ہوں) منکر نہیں ہے' ہر مجتہد کو اپنے اپنے اجتہاد پر عمل کرنے میں ثواب ملتا ہے۔

بنی قریظہ کا قبیلہ مدینہ منورہ سے باہر تین چار میل کے فاصلے پر رہتا تھا' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرات صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین ان کے علاقوں میں پہنچ گئے اور وہ لوگ قلعہ بند ہو گئے' آپؐ نے پچیس دن تک ان کا محاصرہ فرمایا' یہ محاصرہ ان کے لیے مصیبت بن گیا ان سے کعب بن اسد نے کہا کہ دیکھو میں تم پر تین باتیں پیش کرتا ہوں جس کو چاہو قبول کر لو۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ ہم سب مل کر محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لے آئیں اور آپ کی تصدیق کر لیں میں قسم کھا کر کہتا ہوں کہ تم پر یہ بات کھل چکی ہے کہ یہ واقعی نبی ہیں اور رسول ہیں اور ان کی شخصیت وہی ہے جن کا تم اپنی کتاب یعنی توراۃ شریف میں ذکر پاتے ہو' اگر ایسا کر لو گے تو تمہاری جانیں اور تمہاری اولاد اور تمہاری عورتیں اور تمہارے اموال سب محفوظ ہو جائیں گے' یہ سن کر وہ لوگ کہنے لگے کہ ہم اپنا دین نہیں چھوڑ سکتے۔ کعب بن اسد نے کہا کہ اگر تم اس رائے کو قبول نہیں کرتے تو دوسری رائے یہ ہے کہ ہم سب اپنے بیوی بچوں کو قتل کر دیں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے اصحاب کی طرف ننگی تلواریں لے کر نکل جائیں پھر اللہ کا جو فیصلہ ہو وہ ہو جائے گا اگر ہم سب ہلاک ہو گئے تو بال بچوں کی طرف سے کوئی فکر نہ رہے گی اور اگر ہم نے غلبہ پا لیا تو اور عورتیں مل جائیں گی اور اولاد بھی پیدا ہو جائے گی یہ بات سن کر اسکی قوم کے لوگ بولے کہ ان مسکینوں کو اگر ہم قتل کر دیں تو ان کے بعد زندگی کا کیا مزہ ہے؟ کعب بن اسد نے کہا کہ تیسری صورت یہ ہے کہ آج لیلۃ السبت یعنی سنیچر کی رات ہے' قلعوں سے اتر کر ہم محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے اصحاب پر چپکے حملہ کر دیں ہو سکتا ہے کہ وہ یہ سمجھ کر ہمارے حملہ سے غافل ہوں کہ آج لیلۃ السبت ہے' ہم ان پر حملہ نہ کریں گے کعب بن اسد کی یہ رائے بھی ان کی قوم نے قبول نہیں کی اور کہنے لگے کہ ہم سنیچر کے دن کو کیوں خراب کریں۔

اس کے بعد بنوقریظہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیغام بھیجا کہ ہمارے پاس ابولبابہؓ کو بھیج دیئے' یہ انصاری صحابیؓ تھے' ان کا قبیلہ زمانۂ جاہلیت میں بنوقریظہ کا حلیف تھا' یہود بنوقریظہ نے انہیں مشورہ لینے کیلئے طلب کیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

انہیں بھیج دیا جب یہود کی ان پر نظر پڑی تو ان کی عورتیں اور بچے ابولبابہؓ کے سامنے رونے لگے، یہودیوں نے ان سے مشورہ لیا کہ آپ کی کیا رائے ہے؟ کیا ہم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلہ پر قلعے سے نیچے اتر آئیں؟ حضرت ابولبابہؓ نے رائے تو دے دی کہ ہاں اتر آؤ اور ساتھ ہی اپنے حلق کی طرف اشارہ کر دیا یعنی یہ بتا دیا کہ تم ذبح کر دیئے جاؤ گے، اشارہ تو کر دیا لیکن اسی وقت دل میں یہ بات آ گئی کہ میں نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی خیانت کی ہے یہ سوچا اور سیدھے مسجد نبوی میں حاضر ہوئے اور مسجد کے ایک ستون سے اپنے آپ کو باندھ لیا اور کہنے لگے کہ میں اس جگہ سے نہ ٹلوں گا جب تک کہ اللہ تعالیٰ میری توبہ قبول نہ فرمائے۔

مفسرین نے فرمایا ہے کہ سورۃ الانفال کی آیت: یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَخُوْنُوا اللّٰہَ وَالرَّسُوْلَ وَتَخُوْنُوْٓا اَمٰنٰتِکُمْ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ کا سبب نزول حضرت ابولبابہؓ ہی کا واقعہ ہے۔

جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پہنچنے میں دیر ہوئی اور آپؐ کو معلوم ہوا کہ ایسا واقعہ پیش آیا ہے تو آپ نے فرمایا اگر وہ میرے پاس آ جاتا تو میں اس کے لیے اللہ سے استغفار کر دیتا اب اس نے اپنا معاملہ اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دیا ہے تو اب میں نہیں کھولوں گا جب تک اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول نہ فرمائے، چھ دن تک وہ ستون سے بندھے رہے، ہر نماز کے وقت ان کی بیوی آتی تھی اور نماز کے لیے کھول دیتی تھی، نماز سے فارغ ہو کر وہ پھر اپنے آپ کو ستون سے باندھ لیتے تھے۔ اللہ تعالیٰ شانہ نے ان کی توبہ کے بارے میں سورہ توبہ کی آیت وَاٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِھِمْ خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَیِّئًا عَسَی اللّٰہُ اَنْ یَّتُوْبَ عَلَیْھِمْ ...... الخ جب ان کی توبہ کی قبولیت کا اعلان ہو گیا (جو سحر کے وقت ہوا تھا) تو لوگ انہیں کھولنے کے لیے دوڑے، انہوں نے کہا کہ میں تمہارے ہاتھوں سے نہیں کھلوں گا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہی کھولیں گے تو میں کھلنا منظور کروں گا پھر جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز فجر کے لیے باہر تشریف لائے تو ان کو کھول دیا۔

بنو قریظہ طول محاصرہ سے بلبلا اٹھے اور انہوں نے یقین کر لیا کہ اب مقابلہ کا کوئی راستہ نہیں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلے پر راضی ہو گئے یعنی یہ کہلوا بھیجا کہ آپ جو بھی فیصلہ فرمائیں ہمیں منظور ہے۔

جب وہ لوگ آپؐ کے فیصلہ پر راضی ہو گئے تو قبیلہ اوس کے اشخاص آگے بڑھے (جو انصار میں سے تھے) انہوں نے عرض کیا کہ یہ ہمارے حلیف تھے ان کا معاملہ ہمارے سپرد فرما دیجئے، آپؐ نے فرمایا کیا ان کا فیصلہ تم ہی میں سے ایک شخص کے سپرد نہ کر دوں؟ کہنے لگے کہ جی ٹھیک ہے، آپؐ نے فرمایا میں ان کا فیصلہ سعد بن معاذؓ کے سپرد کرتا ہوں۔ (حضرت سعد بن معاذؓ قبیلہ بنی اوس کے سردار تھے)

پہلے گزر چکا ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دشمنوں کے مقابل اپنے صحابہؓ کے ساتھ جبل سلع کے قریب قیام پذیر تھے اور مقابلہ تقریباً ایک ماہ تک تھا اس وقت حضرت سعد بن معاذؓ کی ایک رگ میں (جسے عربی میں اَکْحَل کہتے ہیں) ایک تیر آ کر لگا تھا جس کی وجہ سے ان کو تکلیف ہو گئی، انہوں نے محسوس کر لیا تھا کہ یہ زخم جان لیوا ثابت ہو سکتا ہے لہٰذا انہوں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی تھی کہ اے اللہ مجھے اس وقت تک موت نہ دینا جب تک بنی قریظہ کا انجام دیکھ کر میری آنکھیں ٹھنڈی نہ ہو جائیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں رفیدہ نامی ایک عورت کے خیمہ میں ٹھہرا دیا تھا، جب آپ نے ان کو بنی قریظہ کا فیصلہ سپرد فرما دیا تو انہیں بلایا جب وہ حاضر ہوئے تو آپؐ مسجد میں تشریف فرما تھے ان کو آتا دیکھ کر فرمایا کہ اپنے سید کے لیے کھڑے ہو جاؤ (چونکہ وہ مریض تھے اور انہیں سواری سے اتارنے کی ضرورت تھی اس لیے آپؐ نے کھڑے ہونے کا اور ان کی مدد کرنے کا حکم فرمایا) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا کہ یہود بنی قریظہ تمہارے فیصلہ پر راضی ہو گئے ہیں (راضی تو ہوئے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلہ پر پھر جب انصار کے قبیلہ بنی اوس نے

کہا کہ ان کا معاملہ ہمارے سپرد کر دیجئے تو آپ نے سعد بن معاذؓ کے سپرد فرما دیا اس سے یہود بھی خوش ہوئے کیونکہ یہ ان کے حلفاء میں سے تھے اور خود ان کے اپنے قبیلہ کے لوگ بھی خوش ہوئے اور ان سے کہتے رہے کہ اپنے حلفاء کے بارے میں اچھا فیصلہ کرنا، حضرت سعد بن معاذؓ نے اپنا فیصلہ سنا دیا کہ جو لوگ جنگ کرنے کے لائق ہیں ان سب کو قتل کر دیا جائے اور مال تقسیم کر دیا جائے اور ان کے بچوں اور عورتوں کو قید بنا لیا جائے، جب انہوں نے اپنا یہ فیصلہ دے دیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم نے وہ فیصلہ کیا ہے جو اللہ تعالیٰ کا فیصلہ ہے۔

اس کے بعد مدینہ منورہ کے بازار میں خندقیں کھودی گئیں، بنو قریظہ کی جماعتیں وہاں پہنچائی جاتی رہیں اور ان کی گردنیں ماری جاتی رہیں، ان مقتولین میں حی بن اخطب بھی تھا اور کعب بن اسد بھی، جو بنو قریظہ کا سردار تھا جس نے بنو قریظہ پر تین باتیں پیش کی تھیں اس کی پیش کش پر قوم مسلمان نہ ہوئی تو اس نے بھی اسلام قبول نہ کیا۔ یاد رہے کہ حی بن اخطب وہی شخص ہے جو اپنے ساتھیوں کو لے کر مکہ معظمہ پہنچا تھا اور قریش مکہ اور بنو غطفان کو مدینہ منورہ پر چڑھائی کرنے پر آمادہ کیا تھا اور اسی نے کعب بن اسد کو نقض عہد پر آمادہ کیا تھا اور آخر میں یوں کہا تھا کہ اگر ان جماعتوں کو شکست ہوئی جو باہر سے آئی ہیں تو میں بھی تیرے ساتھ قلعہ میں داخل ہو جاؤں گا اور جو مصیبت تم لوگوں کو پہنچے گی میں بھی اس میں شریک رہوں گا، اسی عہد کی وجہ سے وہ واپس خیبر گیا جہاں بنی نضیر کو جلا وطن کر دیا گیا تھا اور بنی قریظہ کے ساتھ یہ بھی مقتول ہوا، یہ شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اہلیہ طاہرہ حضرت صفیہؓ کا والد بھی تھا جنہیں سن ۷ ہجری میں غزوۂ خیبر کے موقع پر قید کر کے لایا گیا تھا۔

بنی قریظہ میں سے صرف ایک عورت کو قتل کیا گیا اور باقی جو مقتولین تھے حضرت سعد بن معاذؓ کے فیصلہ کے مطابق سب مرد تھے جس عورت کو قتل کیا گیا اس نے حضرت خلاد بن سویدؓ پر چکی کا پاٹ گرا دیا تھا جس کی وجہ سے وہ شہید ہو گئے تھے بنی قریظہ میں سے حضرت عطیہ قرظی کو بھی قتل نہیں کیا گیا کیونکہ وہ اس وقت تک بلوغ کی حد کو نہیں پہنچے تھے۔

فیصلہ یہ ہوا کہ جس کے زیر ناف بال نکل آئے ہوں اسے بالغ سمجھا جائے اور قتل کر دیا جائے اور جس کے بال نہ نکلے ہوں اسے قتل نہ کیا جائے۔ حضرت عطیہ قرظیؓ نے بتایا کہ میرے بال اگنے کی جگہ پر نظر ڈالی گئی تو دیکھا کہ میرے بال نہیں نکلے ہیں لہٰذا مجھے چھوڑ دیا گیا اور قیدیوں میں شامل کر دیا گیا یہ بات انہوں نے اسلام قبول کرنے کے بعد بتائی تھی، بنی قریظہ کے کتنے افراد قتل کیے گئے؟ اس میں تین قول ہیں (۱) چھ سو (۶۰۰)، (۲) سات سو (۷۰۰)، (۳) آٹھ اور نو سو کے درمیان۔

یہود میں سے چند ایسے لوگوں نے بھی اسلام قبول کیا جو نہ بنی قریظہ سے تھے اور نہ بنی نضیر میں سے تھے جس رات بنی قریظہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلہ پر راضی ہونے کا اعلان کیا اسی وقت یہ لوگ مسلمان ہوئے، ان کے نام یہ ہیں : ثعلبہ بن سعید، اسد بن سعید، اسد بن عبیدہ، یہ لوگ بنی عدل میں سے تھے۔

بنی قریظہ کے مردوں کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قتل فرما دیا اور ان کے مال اور ان کی عورتوں اور بچوں کو مال غنیمت بنا کر مجاہدین میں تقسیم فرما دیا اور ان کے اموال سے خمس یعنی ۱/۵ نکال دیا جیسا کہ مال غنیمت تقسیم کرنے کا طریقہ ہے۔ بنی قریظہ میں سے جن بچوں اور عورتوں کو قید بنایا تھا ان میں سے بعض کو نجد کی طرف بھیج دیا، حضرت سعد بن زید انصاریؓ آپ کے حکم سے انہیں لے گئے اور انہیں بیچ کر گھوڑے اور ہتھیار خرید لیے تاکہ جہاد میں مسلمانوں کے کام آئیں۔

جب بنی قریظہ کا معاملہ ختم ہوا یعنی انہیں قتل کر دیا گیا تو حضرت سعد بن معاذؓ کا زخم جاری ہو گیا اور خون بہتا رہا جو ان کی موت کا

ظاہری سبب بن گیا چونکہ یہ زخم انہیں جہاد کے موقع پر تیر لگنے کی وجہ سے آ گیا تھا اس لیے ان کی یہ موت شہادت کی موت ہوئی۔ حضرت سعدؓ کا بدن بھاری تھا جب ان کا جنازہ اٹھا کر لے جانے لگے تو ہلکا محسوس ہوا' بعض لوگوں نے کہا کہ اس شخص کا بدن تو بھاری تھا جنازہ اتنا ہلکا کیوں ہے؟ یہ بات رسول اللہ ﷺ کو پہنچی تو آپؐ نے فرمایا جنازہ کو اٹھانے والی تمہارے علاوہ دوسری مخلوق بھی تھی' قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے فرشتوں کو سعدؓ کی روح پہنچنے پر خوشی ہوئی اور ان کے لیے عرش بھی متحرک ہو گیا۔

حضرت جابرؓ نے بیان کیا کہ ہم سعد بن معاذؓ کی وفات کے موقع پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ روانہ ہوئے' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی نماز جنازہ پڑھی پھر جب انہیں دفن کر دیا گیا تو آپؐ نے دیر تک تسبیح پڑھی پھر تکبیر پڑھی' اس پر ہم نے بھی تکبیر پڑھی اور عرض کیا کہ آپ نے پہلے تسبیح پڑھی پھر تکبیر پڑھی اس کی کیا وجہ تھی؟ آپ نے فرمایا اس نیک بندہ پر اس کی قبر تنگ ہو گئی تھی (میں برابر تسبیح پڑھتا رہا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے اس کی مشکل دور فرما دی اور حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ وہ شخص ہے جس کے لیے عرش متحرک ہوا اور آسمان کے دروازے کھولے گئے اور ستر ہزار فرشتے حاضر ہوئے' قبر میں اس کو کچھ دبایا گیا پھر تکلیف دور کر دی گئی (جب حضرت سعد بن معاذؓ کو زمین نے دبایا جو شہید ہو گئے تھے تو دوسرے لوگ اپنے بارے میں کیا خیال کرتے ہیں جو نماز نہیں پڑھتے اور گناہوں میں لت پت ہیں)۔

غزوۂ بنی قریظہ کا مفصل قصہ بیان کر دیا گیا ہے جو سیرت ابن ہشام سے ماخوذ ہے ان میں سے بعض چیزیں کتب حدیث میں بھی ملتی ہیں۔ تفصیل کے ساتھ پورا واقعہ پڑھنے کے بعد آیت بالا کے ترجمہ پر دوبارہ نظر ڈال لیں۔

ممکن ہے بعض قارئین کو یہ اشکال ہو کہ بنو قریظہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جو معاہدہ کر رکھا تھا اسے انہوں نے توڑ دیا تھا جس کی سزا پائی لیکن ابو سفیان نے راہ فرار اختیار کرتے ہوئے یہ کیوں کہا کہ قریش وغیرہ کے ساتھ جو عہد کیا تھا بنو قریظہ اس عہد کو توڑ چکے ہیں حالانکہ مِنْ فَوْقِكُمْ کی تفسیر میں یہ بتایا گیا ہے کہ اوپر کی جانب سے بنی قریظہ آ گئے تھے اور ان لوگوں کو حی بن اخطب نے اپنے ساتھ ملانے اور مسلمانوں سے جنگ کرنے پر آمادہ کر لیا تھا اس سے معلوم ہوتا ہے کہ بنو قریظہ قریش کے ساتھ تھے اس کا جواب یہ ہے کہ بنی قریظہ نے قریش مکہ کے ساتھ جنگ میں شریک ہونے کا وعدہ تو کر لیا تھا لیکن نعیم بن مسعودؓ کی ایک تدبیر سے بنو قریظہ مشرکین مکہ اور ان کے ساتھیوں کی امداد سے بھی پھر گئے تھے' ہوا یہ کہ نعیم بن مسعودؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ! میں نے اسلام قبول کر لیا ہے لیکن میری قوم کو اس کا پتہ نہیں ہے آپ مجھے جو کچھ حکم فرمائیں میں حاضر ہوں' آپؐ نے فرمایا کوئی ایسی صورت نکالو جس سے یہ جماعتیں ایک دوسرے کی مدد سے منحرف ہو جائیں۔ حضرت نعیم بن مسعودؓ بنی قریظہ کے پاس گئے جاہلیت میں ان کے ساتھ بیٹھنا اٹھنا تھا ان سے کہا کہ تمہیں معلوم ہے میری تمہاری کیسی دوستی ہے اور کیسے خصوصی تعلقات ہیں؟ بنو قریظہ نے جواب میں کہا کہ واقعی تم ہمارے دوست ہو' ہم اس بات کو مانتے ہیں اس پر ان سے فرمایا کہ دیکھو قریش اور بنی غطفان تمہاری طرح سے نہیں ہیں تم شہر مدینہ میں رہتے ہو اس میں تمہارے اموال ہیں' بچے ہیں' عورتیں ہیں اس شہر کو چھوڑ کر تم کہیں نہیں جا سکتے' رہے قریش اور بنی غطفان سو وہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جنگ کرنے آئے ہیں اور تم ان کی مدد کر رہے ہو' اب دیکھو بات یہ ہے کہ انہیں موقع مل گیا تو غلبہ پالیں گے اور اگر شکست ہو گئی تو اپنے شہروں کو چلے جائیں گے اس کے بعد تم بے یار و مددگار رہ جاؤ گے اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مقابلہ کرنے کی تم میں طاقت نہیں ہے لہٰذا میری رائے یہ ہے کہ تم قریش مکہ سے یوں کہو کہ تم لوگ اپنے سرداروں کو بطور رہن ہمارے ساتھ چھوڑ دو اس کا فائدہ یہ ہو گا کہ وہ لوگ تمہیں چھوڑ کر بھاگ نہ سکیں گے انہیں اپنے آدمیوں کی فکر لاحق ہو گی' یہ بات سن کر بنو قریظہ نے کہا واقعی تمہاری رائے تو ٹھیک ہے۔

اس کے بعد نعیم بن مسعودؓ قریش کے پاس گئے اور ان سے کہا کہ کیا تمہیں پتہ ہے کہ یہودی اس بات پر پچھتا رہے ہیں کہ انہوں نے تمہارا ساتھ دینے کا وعدہ کر لیا اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جو معاہدہ تھا وہ توڑ دیا۔ اب انہوں نے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس خبر بھیجی ہے کہ آپ ہم سے اس بات پر راضی ہو جائیں کہ ہم قریش اور بنی غطفان کے سرداروں پر قبضہ کر کے آپ کے پاس بھیج دیں اور آپ ان کی گردنیں ماردیں اس کے بعد ہم آپ کے ساتھ مل کر ان لوگوں کو بالکل ہی ختم کر دیں گے' اور ساتھ ہی قریش اور بنی غطفان سے یہ بھی کہا کہ دیکھو اگر یہودی تم سے یہ مطالبہ کریں کہ بطور رہن ہمیں اپنے آدمی دے دو تو تم بات مت ماننا اور انہیں اپنا ایک آدمی بھی نہ دینا' پھر حضرت نعیم بن مسعودؓ بنی غطفان کے پاس آئے اور ان سے بھی یہی کہا کہ دیکھو تمہارے سرداروں میں سے یہودی بطور رہن کچھ افراد طلب کریں گے تم اپنا ایک شخص بھی ان کے حوالے نہ کرنا۔

اس کے بعد ابوسفیان نے اور بنی غطفان کے چودھریوں نے بنی قریظہ کے پاس عکرمہ بن ابی جہل کو قریش و غطفان کے چند افراد کے ساتھ پیغام دے کر بھیجا انہوں نے یہود سے کہا کہ دیکھو ہمارے ٹھہرنے کا موقع نہیں رہا ہمارے پاس جو اونٹ اور گھوڑے تھے وہ ہلاک ہو چکے ہیں' آؤ صبح صبح سب مل کر یکبارگی محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر حملہ کر دیں اور معاملے کو نمٹا دیں' یہودیوں نے جواب میں کہا کہ ہم اس وقت تک تمہارا ساتھ نہیں دیں گے جب تک تم اپنے چند آدمی بطور رہن ہمیں نہ دے دو' جب تمہارے آدمی ہمارے ساتھ ہوں گے تو ہمیں بھروسہ رہے گا ہمیں ڈر ہے کہ تم لوگ لڑائی میں شکست کھا گئے تو ہمیں چھوڑ کر اپنے شہروں کو بھاگ جاؤ گے جب یہ لوگ بنی قریظہ کا جواب لے کر قریش اور بنی غطفان کے پاس واپس پہنچے تو کہنے لگے کہ واقعی نعیم بن مسعودؓ نے سچ کہا تھا کہ بنو قریظہ تم سے بطور رہن آدمی طلب کریں گے' اس پر قریش اور بنی غطفان نے بنی قریظہ کو ٹکا سا جواب بھجوا دیا کہ ہم اپنا ایک شخص بھی تمہیں نہیں دیں گے لہٰذا بنو قریظہ نے جواب دے دیا کہ ہم اس کے بغیر محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جنگ نہیں کر سکتے۔ لہٰذا اب صورتحال یہ پیدا ہو گئی کہ بنو قریظہ نے وہ معاہدہ بھی توڑ دیا جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کر رکھا تھا اور قریش و بنی غطفان کی مدد سے بھی دستبردار ہو گئے اور اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تلوار کی زد سے بھی نہ بچ سکے۔ حضرت نعیم بن مسعودؓ کی یہ تدبیر ابن ہشامؒ نے لکھی ہے اور حافظ ابن کثیرؒ نے بھی ''البدایہ والنہایہ'' میں اس کو ذکر کیا ہے۔ **قولہ تعالیٰ** (مِنْ صَيَاصِيهِمْ) **ای من حصونهم جمع صيصية و هی كل ما يمتنع و يقال لقرن الثور و الظباء و لشوكة الديک التی فی رجله كالقرن الصغير' و تطلق الصياصی علی الشوک الذی للنسا جين ويتخد من حديد'** (روح المعانی).

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ اِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَ زِيْنَتَهَا فَتَعَالَيْنَ

اے نبی! آپ اپنی بیویوں سے فرما دیجئے کہ اگر تم دنیا والی زندگی اور اس کی زینت چاہتی ہو تو آؤ

اُمَتِّعْكُنَّ وَ اُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا ﴿۲۸﴾ وَاِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ وَ الدَّارَ

میں تمہیں فائدہ پہنچا دوں اور تمہیں خوبی کے ساتھ چھوڑ دوں۔ اور اگر تم اللہ کو اور اس کے رسول کو چاہتی ہو

الْاٰخِرَةَ فَاِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْمُحْسِنٰتِ مِنْكُنَّ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۲۹﴾ يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ مَنْ يَّاْتِ مِنْكُنَّ

اور دار آخرت کو بلا شبہ اللہ نے ان عورتوں کے لیے جو تم میں اچھے کام کرنے والی ہوں بڑا اجر تیار فرمایا ہے۔ اے نبی کی بیویو! تم میں سے جو بیوی

بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ يُّضٰعَفْ لَهَا الْعَذَابُ ضِعْفَيْنِ ؕ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ۝

بے ہودگی کرے گی اس کو دوہرا عذاب دیا جائے گا اور یہ اللہ کے لیے آسان ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات ؓ کو نصائح ضروریہ

آیت کریمہ یٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ سے اَجْرًا عَظِيْمًا تک کا سبب نزول حضرات مفسرین کرام نے یہ لکھا ہے کہ ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات ؓ نے آپ ؐ سے کچھ زیادہ خرچہ ملنے کی درخواست کی، اس وقت آپ کی نو بیویاں تھیں۔ (عائشہ بنت ابوبکر صدیق، (۲) حفصہ بنت عمر، (۳) ام حبیبہ بنت ابی سفیان، (۴) ام سلمہ بنت ابی امیہ، (۵) زینب بنت جحش، (۷) میمونہ بنت حارث، (۸) صفیہ بنت حی بن اخطب، (۹) جویریہ بنت حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہن اجمعین۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کا یہ مطالبہ اچھا نہ لگا (بڑوں کی بڑی باتیں ہیں، وہ سید الاولین والآخرین صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویاں تھیں انہیں آپ ؐ کے ساتھ صبر وشکر کے ساتھ رہنا چاہیے تھا اور بعض مرتبہ جو فاقہ کی نوبت آ جاتی تھی اس کو درجات کی بلندی کے لیے برداشت کرنا چاہیے تھا اور خرچہ کا سوال زبان پر نہیں لانا چاہیے تھا) جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے انہوں نے خرچ کا سوال کیا تو آپ نے قسم کھالی کہ ایک مہینہ تک ان کے پاس نہیں جاؤں گا۔ حضرات صحابہ ؓ میں یہ مشہور ہو گیا کہ آپ ؐ نے اپنی بیویوں کو طلاق دے دی ہے، اس پر حضرت عمر فاروق ؓ نے فرمایا کہ میں اس کی خبر لاتا ہوں، انہوں نے خدمت عالی میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ یا رسول اللہ! میں مسجد میں گیا تو دیکھا کہ وہاں مسلمان موجود ہیں اور یوں کہہ رہے ہیں کہ آپ ؐ نے اپنی بیویوں کو طلاق دے دی ہے، آپ نے فرمایا میں نے طلاق نہیں دی، عرض کیا تو کیا میں مسلمانوں کو یہ بات بتا دوں آپ ؐ نے فرمایا چاہو تو بتا دو! حضرت عمر ؓ نے مسجد کے دروازے پر کھڑے ہو کر پکار کر اعلان کر دیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ازواج کو طلاق نہیں دی۔

جب انتیس دن گزر گئے تو آیت تخییر یعنی يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ (آخر تک نازل ہوئی) جس میں اللہ تعالیٰ نے آپ کو حکم دیا کہ آپ اپنی بیویوں سے فرما دیجئے کہ اگر تم دنیا چاہتی ہو تو آؤ میں تمہیں دنیا کا سامان دے دیتا ہوں اور ساتھ ہی تمہیں خوبصورتی کے ساتھ چھوڑ دوں گا یعنی اپنے نکاح میں نہیں رکھوں گا اور اگر تم اللہ کو اور اس کے رسول کو چاہتی ہو اور آخرت کی طلب گار ہو تو تم سمجھ لو کہ اللہ نے نیک کام کرنے والی عورتوں کے لیے اجر عظیم تیار فرمایا ہے یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ زندگی گزارتی رہو، اچھے اعمال کرتی رہو تو تمہیں اللہ تعالیٰ اجر عظیم عطا فرمائے گا (اس صورت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جدائی کا کوئی مسئلہ نہیں) جب آیت تخییر نازل ہوئی تو آپ ؐ نے آیت شریفہ کے مضمون کے مطابق اپنی بیویوں کو اختیار دے دیا کہ اگر چاہو تو دنیا کا سامان لے لو اور ساتھ ہی یہ سمجھ لو کہ میں تمہیں طلاق دے دوں گا اور اگر چاہو تو میرے ہی پاس رہو لیکن اس صورت میں مطلوبہ اخراجات کا کوئی وعدہ نہیں، ہاں یہ وعدہ ہے کہ نیک کام کرتی رہو گی تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے اجر عظیم دیا جائے گا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلے حضرت عائشہ صدیقہ ؓ سے فرمایا کہ میں تمہارے سامنے ایک بات پیش کرتا ہوں جب تک اپنے ماں باپ سے مشورہ نہ کر لو جواب دینے میں جلدی نہ کرنا (آپ ؐ کو معلوم تھا کہ ان کے والدین انہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جدا ہونے کا مشورہ نہیں دے سکتے تھے) یہ فرما کر آپ ؐ نے حضرت عائشہ ؓ کو دونوں آیتیں سنا دیں جن میں اختیار دینے کا مضمون ہے، حضرت عائشہ ؓ بہت سمجھدار اور مزاج شناس نبوت تھیں فوراً عرض کیا کیا میں آپ ؐ کے بارے میں اپنے ماں باپ سے مشورہ لوں گی؟ میں اللہ اور اس کے

رسول کو اور دار آخرت کو اختیار کرتی ہوں اور ساتھ ہی یوں بھی عرض کیا کہ آپ دوسری بیویوں میں کسی کو میرے جواب سے مطلع نہ فرمائیں۔ آپ نے فرمایا بلا شبہ اللہ تعالیٰ نے مجھے تکلیف میں ڈالنے والا اور تکلیف میں پڑنے والا بنا کر نہیں بھیجا مجھے تو سکھانے والا اور سہولت کا طریقہ بتانے والا بنا کر بھیجا ہے۔ اس کے بعد آپ نے باقی آٹھ ازواج مطہرات کے سامنے بھی آیت بالا کا مضمون پیش فرمایا ان سب نے بھی یہی جواب دیا کہ ہم اللہ کو اور اس کے رسول کو اور دار آخرت کو اختیار کرتی ہیں۔ جب انتیس دن گزر گئے تو آپ حضرت عائشہؓ کے پاس تشریف لے گئے انہوں نے عرض کیا یارسول اللہ آپ نے تو یہ قسم کھائی تھی کہ پورے ایک ماہ ہمارے ہاں تشریف نہیں لائیں گے آپؐ نے فرمایا کہ یہ مہینہ انتیس دن کا تھا' انتیس دن گزر گئے نیا مہینہ شروع ہو گیا جب آپ کی تمام بیویوں نے اللہ اور اس کے رسول کو اور دار آخرت کو اختیار کر لیا تو آپ کے چہرہ انور پر خوشی کے انوار ظاہر ہو گئے اور آپؐ نے ان کی قدر دانی فرمائی۔ (معالم التنزیل ج ۳ ص ۵۲۵' ۵۲۶ ،صحیح بخاری ج ۲ ص ۷۰۵' صحیح مسلم ص ۴۸۰ تا ۴۸۲)

فائدہ: بیوی کو اگر طلاق کا اختیار دیا جائے تو اس کی دو صورتیں ہیں' ایک یہ کہ طلاق کا اختیار عورت کے سپرد کر دیا جائے اگر وہ چاہے تو اپنے اوپر طلاق واقع کر کے آزاد ہو جائے اور دوسری صورت یہ ہے کہ مرد طلاق کو اپنے ہی ہاتھ میں رکھے اور عورت سے یوں کہے کہ اگر تو چاہے تو میں تجھے طلاق دے دوں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو اپنی بیویوں کو اختیار دیا تھا وہ یہی دوسری صورت تھی یعنی بطور مشورہ ایک بات پیش فرمائی تھی اگرچہ بعض اکابر نے فرمایا ہے کہ آیت کے سیاق میں دونوں باتوں کا احتمال ہے' حضرت عائشہ صدیقہؓ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اختیار دیا تھا ہم نے آپؐ کے ساتھ رہنا منظور کر لیا اور آپ کی زوجیت اختیار کر لی اور آپ کا اختیار دے دینا کسی بھی طلاق میں شمار نہیں کیا گیا۔ ائمہ اربعہ کا یہی مذہب ہے کہ محض اختیار دے دینے سے طلاق واقع نہیں ہوتی۔ صحیح مسلم میں تخییر کو طلاق میں شمار نہیں کیا گیا۔ اس کے ذیل میں امام نوویؒ لکھتے ہیں: **فی ھٰذہ الاحادیث دلالۃ لمذھب مالک والشافعی و ابی حنیفۃ واحمد وجماھیر العلماء. زوجتہ فاختارتہ لم یکن ذٰلک طلاقاً ولا یقع بہ فرقۃ و روی عن علی وزید بن ثابت والحسن واللیث بن سعد ان نفس التخییر یقع بہ طلقۃ بائنۃ سواء اختارت زوجھا ام لا و حکاہ الخطابی والنقاش عن مالک قال القاضی لا یصح ھٰذا عن مالک ثمّ ھو مذھب ضعیف مَرْدُوْدٌ بِھٰذا و لاحادیث الصریحۃ و لعل القائلین بہ لم تبلغھم ھٰذہ الاحادیث . واللّٰہ اعلم.** (ان احادیث میں حضرت امام مالک، امام شافعی، امام ابوحنیفہ، امام احمد اور جمہور علماء رحمۃ اللہ علیہم کے مذہب کی دلیل ہے اگر کسی نے اپنی بیوی کو اختیار دیا تو محض یہ اختیار دینا طلاق نہیں ہوگا اور نہ اس سے فرقت ہوتی ہے۔ حضرت علی، حضرت زید، حضرت حسن اور حضرت لیث بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے مروی ہے کہ نفس تخییر سے طلاق بائنہ واقع ہو جاتی ہے خواہ عورت نے اپنے آپ کو اختیار کیا ہو یا نہ کیا ہو اور اس بات کو خطابی اور نقاش نے امام مالک سے نقل کیا ہے قاضی فرماتے ہیں حضرت امام مالک سے یہ روایت صحیح نہیں ہے۔ پھر یہ کہ یہ مذہب ضعیف ہے اور ان مذکورہ صریح احادیث کی وجہ سے مردود ہے۔ شاید اس مذہب کے قائلین کو یہ احادیث نہیں پہنچیں)

حنفیہؒ میں سے صاحب ہدایہ نے لکھا ہے کہ کوئی شخص طلاق کی نیت سے اپنی بیوی سے اِخْتَارِیْ (تو اختیار کر لے) کہہ دے یا یوں کہہ دے کہ تو اپنے نفس کو طلاق دے دے تو جب تک وہ اپنی مجلس میں رہے گی اسے طلاق دینے کا اختیار رہے گا اگر مجلس سے اٹھ گئی یا وہیں بیٹھے بیٹھے کسی کام میں لگ گئی (جس سے اعراض سمجھا جاتا ہو) تو اس کے ہاتھ سے اختیار جاتا رہا' اگر اِخْتَارِیْ کے جواب میں

(جبکہ شوہر نے طلاق کی نیت سے کہا ہو) عورت نے یوں کہہ دیا کہ اخترت نفسی) میں اپنی جان کو اختیار کرتی ہوں) تو ایک بائن طلاق واقع ہو جائے گی۔ (باب تفویض الطلاق)

دوہرے عذاب وثواب کا استحقاق .... تخییر کا مضمون بیان کرنے کے بعد ارشاد فرمایا: یٰنِسَآءَ النَّبِيِّ مَنْ يَّاْتِ مِنْكُنَّ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ (الآیة) (اے نبی کی بیویو! تم میں سے جو عورت واضح طور پر کسی معصیت کا ارتکاب کرے گی تو اسے دوہرا عذاب دیا جائے گا اور یہ اللہ کے لیے آسان ہے) واضح طور پر معصیت یہ لفظ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ کا ترجمہ ہے۔ صاحب بیان القرآن نے اس کا ترجمہ کھلی ہوئی بیہودگی کیا ہے اور فرمایا ہے کہ اس سے وہ معاملہ مراد ہے جس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تنگ اور پریشان ہوں۔ صاحب معالم التنزیل نے حضرت ابن عباسؓ سے اس کا یہی مطلب نقل کیا ہے۔ فقال المراد بالفاحش النشور و سوء الخلق۔ صاحب روح المعانی نے بھی بعض حضرات سے یہی تفسیر نقل کی ہے۔ فقال وقیل ذٰلک طلبهن ما یشق علیه الصلوٰة والسلام اوما یضیق به ذرعه ویغتم ﷺ لا جله۔ یعنی فاحشة سے یہ مراد ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے ایسی چیزیں طلب کی جائیں جس سے آپ تنگ دل ہوں اور آپ کو گھٹن محسوس ہو اور بعض حضرات نے بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ کا ترجمہ مَعْصِيَةٍ ظَاهِرَةٍ کیا ہے اور فرمایا ہے کہ یہ علی السبیل الفرض ہے کما فی قولہ تعالیٰ: لَئِنْ اَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ۔

یہ دُہرا عذاب دیئے جانے کی وعید اس لیے ہے کہ جن کے مرتبہ بلند ہوتے ہیں ان کا مؤاخذہ زیادہ ہوتا ہے اسی طرح حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام پر بعض ان چیزوں پر عتاب ہوا جن پر دوسرے مؤمنین پر عتاب نہیں ہوتا' ایک جاہل شخص ایک عمل کرے اور کوئی عالم شخص اس عمل کو کرلے تو اس عالم کا مؤاخذہ جاہل کے مؤاخذہ سے زیادہ ہوتا ہے۔

صاحب روح المعانی لکھتے ہیں کہ ایک شخص نے حضرت امام زین العابدینؒ سے کہہ دیا کہ آپ تو اہل بیت کے فرد ہیں جو بخشے بخشائے ہیں اس پر وہ غصہ ہونے لگے اور فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج کے بارے میں جو کچھ فرمایا ہے، ہم اپنے کو اسی کا مستحق سمجھتے ہیں ہم میں سے جو محسن ہیں ان کے لیے دوہرے اجر کی امید رکھتے ہیں اور ہم میں سے جو شخص کوئی گناہ کرے اس کے لیے دوہرے عذاب کا اندیشہ رکھتے ہیں' اس کے بعد انہوں نے آیت کریمہ یٰنِسَآءَ النَّبِيِّ مَنْ يَّاْتِ مِنْكُنَّ اور اس کے بعد والی آیت وَمَنْ يَّقْنُتْ مِنْكُنَّ تلاوت فرمائی۔ (روح المعانی جلد ۲۱ ص ۱۸۴)

☆☆☆ .... بحمد اللہ پارہ ۲۱ مکمل ہوا .... ☆☆☆

(پارہ نمبر ۲۲)

وَمَنْ يَّقْنُتْ مِنْكُنَّ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتَعْمَلْ صَالِحًا نُّؤْتِهَاۤ اَجْرَهَا مَرَّتَيْنِ ۙ وَاَعْتَدْنَا لَهَا رِزْقًا
اور تم میں سے جو عورت اللہ اور رسول کی فرمانبرداری کرے گی اور نیک عمل کرے گی ہم اس کا ثواب دُہرا کر دیں گے اور ہم نے اس کے لئے
كَرِيْمًا ۝ يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ اِنِ اتَّقَيْتُنَّ فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ فَيَطْمَعَ
رزق کریم تیار کیا ہے۔اے نبی کی بیویو! تم دوسری عورتوں میں سے کسی عورت کی طرح نہیں ہو اگر تم تقویٰ اختیار کرو تو نرمی سے بات نہ کرو کہ ایسا شخص لالچ نہ کرنے لگے جس کے دل
الَّذِيْ فِيْ قَلْبِهٖ مَرَضٌ وَّقُلْنَ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۝۳۲ وَقَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ
میں مرض ہو اور مناسب طریقہ پر بات کرو۔ اور تم اپنے گھروں میں ٹھہری رہو اور قدیم جہالت
الْجَاهِلِيَّةِ الْاُوْلٰى وَاَقِمْنَ الصَّلٰوةَ وَاٰتِيْنَ الزَّكٰوةَ وَاَطِعْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۭ اِنَّمَا يُرِيْدُ
کے دستور کے موافق نہ پھرو اور نماز قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو اور اللہ اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرو، اللہ یہی چاہتا ہے
اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا ۝۳۳ وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلٰى فِيْ
کہ اے نبی کے گھر والو تم سے گندگی کو دور فرما دے اور تم کو اچھی طرح پاک کر دے۔ اور گھروں میں تلاوت کی
بُيُوْتِكُنَّ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ وَالْحِكْمَةِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ لَطِيْفًا خَبِيْرًا ۝۳۴
جاتی ہیں ان آیات کو اور حکمت کو یاد کرو بلاشبہ اللہ مہربان ہے باخبر ہے۔

وَمَنْ يَّقْنُتْ مِنْكُنَّ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتَعْمَلْ صَالِحًا نُّؤْتِهَاۤ اَجْرَهَا مَرَّتَيْنِ وَاَعْتَدْنَا لَهَا رِزْقًا كَرِيْمًا (اور تم میں سے جو عورت اللہ اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرے گی اور نیک عمل کرے گی ہم اسے اس کا دوہرا ثواب دیں گے اور ہم نے اس کے لیے رزق کریم تیار کیا ہے)

صاحب بیان القرآن لکھتے ہیں "علت اس تضعیف اجر اور اسی طرح تضعیف وزر کی جو اس کے قبل ارشاد ہے شرف زوجیت نبی ہے جس پر یٰنِسَآءَ النَّبِيِّ دال ہے کیونکہ اہل خصوصیت کا عصیان بھی اوروں کے عصیان سے اشد ہوتا ہے اسی طرح ان کی اطاعت بھی اوروں کی طاعت سے زیادہ مقبول ہوتی ہے پس وعدہ و وعید دونوں میں وہ دوسروں سے ممتاز ہوتے ہیں اور خصوصاً مقام کلام میں یہ کہنا ممکن ہے کہ حضرات امہات المؤمنین سے خدمت و اطاعت کا صدور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے قلب کو راحت افزا زیادہ ہوگا پس آپ کی راحت رسانی موجب اجر تھی زیادہ راحت رسانی موجب زیادتی اجر ہوگئی، علیٰ ہذا اس کی ضد میں سمجھنا چاہیے۔"

ایک ہی مرتبہ حضرات ازواج مطہرات کی طرف سے خرچہ میں اضافہ اور خوشحالی کی بات اٹھائی گئی اس پر آیاتِ بالا نازل ہوگئیں اس

کے بعد کوئی واقعہ اس قسم کا پیش نہیں آیا جس میں خرچہ کی تنگی کا سوال اٹھایا گیا ہو ازواج مطہرات برابر زندگی بھر اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی فرمانبرداری میں اور عبادت الٰہی میں لگی رہیں اور آپ کی وفات کے بعد آپ کی احادیث کو اور آپ کی تعلیمات کو آگے بڑھاتی رہیں۔رضی اللہ عنھن و ارضاھن.

ازواج مطہراتؓ کی فضیلت............ اس کے بعد فرمایا: یٰنِسَآءَ النَّبِیِّ لَسْتُنَّ کَاَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ (اے نبی کی بیویو! تم دوسری عورتوں کی طرح سے نہیں ہو) اللہ تعالیٰ نے تمہیں فضیلت دی ہے وہ بہت بڑی ہے جو اور کسی بھی عورت کو حاصل نہیں ہے اپنے شرف اور بلند مقام کو سمجھو اور اللہ تعالیٰ شانہ کی خوشنودی کے اعمال میں لگی رہو۔ اِنِ اتَّقَیْتُنَّ فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ (اگر تم تقویٰ اختیار کرتی ہو) یعنی تقویٰ ہی پر آئندہ زندگی گزارنی ہے تو اس بات کا بھی دھیان رکھو کہ جب کسی نامحرم مرد سے کسی ضرورت سے بات کرنی پڑ جائے تو لب ولہجہ میں نزاکت کا انداز مت اختیار کرو اگر ایسا انداز ہوگا تو بعض ایسے لوگ جن کے دلوں میں نفاق کا مرض ہے لالچ کرلیں گے یعنی تم سے بار بار اور بلاضرورت بات کریں گے اور تمہارے لب ولہجہ سے اپنے کانوں کو لذت پہنچائیں گے۔ وَقُلْنَ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا (اور مناسب طریقہ پر بات کرو) نامحرموں سے بات کرنے کا مناسب طریقہ یہ ہے کہ درشتی کے طور پر روکھا پن اختیار کرکے جواب دیا جائے جب یہ صورت اختیار کی جائے تو جن کے دلوں میں مرض یعنی نفاق ہے وہ خود بات کرنے سے بچیں گے اور بلاضرورت تو بالکل ہی پرہیز کریں گے اور بعض حضرات نے قَوْلًا مَّعْرُوْفًا کا مطلب یہ بتایا ہے کہ اللہ کے ذکر میں لگی رہو اور جو کوئی بات کرنی ہو تو بوقت ضرورت بات کرلو۔

نامحرموں سے بات کرنے کا طریقہ............ معلوم ہوا عند الضرورت نامحرم سے بات کرنے کی اجازت تو ہے کیونکہ کبھی اس کی ضرورت پیش آ ہی جاتی ہے لیکن ایسے موقع پر زیادہ آواز بلند نہ کرے نہ آواز کو دراز کرے نہ نرم کرے نہ آواز کے اتار چڑھاؤ کی صورت اختیار کرے کیونکہ اس سے نامحرموں کے دل مائل ہوں گے اور نفسانی خواہشوں کو تحریک ہوگی' اسی لیے عورت کو اذان دینا اور حج کے موقع پر زور سے تلبیہ پڑھنا ممنوع ہے۔ علامہ شامیؒ ابو العباس قرطبیؒ سے نقل کرتے ہوئے لکھتے ہیں: **فانا نجیز الکلام مع النساء للاجانب و محاورتھن عند الحاجة الی ذٰلک ولا نجیز لھن رفع اصواتھن ولا تمطیطھا ولا تلیینھا ولا تقطیعھا لما فی ذٰلک من استمالة الرجال الیھن و تحریک الشھوات منھم و من ھذا لم یجز ان تؤذن المرءة اھ** (شامی جلد ۱ ص ۲۷۲) (لہٰذا ہم غیر محرم سے عورتوں کے بات کرنے اور جواب دینے کو جائز سمجھتے ہیں جبکہ اس کی ضرورت ہو البتہ آواز کو بلند کرنا، لمبا کرنا اور نرم کرنا اور بات میں اتار چڑھاؤ کرنا جائز نہیں سمجھتے کیونکہ اس سے مردوں کے دل ان کی طرف مائل ہوں گے اور ان کے جذبات کو تحریک ملے گی اسی لئے عورت کے لئے اذان دینا جائز نہیں ہے۔)

گھروں میں ٹھہرے رہنے کا حکم............ اس کے بعد فرمایا وَقَرْنَ فِیْ بُیُوْتِکُنَّ (اور تم اپنے گھروں میں ٹھہری رہو) وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِیَّةِ الْاُوْلٰی (اور قدیم جہالت کے دستور کے موافق بن ٹھن کر نہ پھرو) اس میں اول تو یہ حکم فرمایا کہ گھروں میں قرار پکڑے رہو اور دوسرے یہ فرمایا کہ جاہلیت اولیٰ کے طریقہ پر باہر نہ نکلو جس سے کہ سر' سینہ' چہرہ' گردن' کان' کانوں کی بالیاں وغیرہ ظاہر ہوں۔ جاہلیت اولیٰ سے عرب کا اسلام سے پہلے والا زمانہ مراد ہے' اس زمانہ میں عورتیں بلا پردہ بے محابا باہر نکلتی تھیں' سر اور سینے کھلے ہوئے ہوتے تھے اور بلا کھٹک مردوں کے درمیان سے گزر جاتی تھیں۔ بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ جاھلیة اولیٰ جاھلیة اُخری کے مقابلہ میں ہے' مطلب یہ ہے کہ اسلام سے پہلے لوگ جاہلیت میں مبتلا تھے' زمانہ اسلام میں فسوق اور فجور اختیار کریں گے تو یہ دوسری جاہلیت ہوگی جو

جاہلیت اولیٰ کی نقل ہوگی۔ اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات کو حکم دیا کہ گھروں میں ٹھہری رہیں اور اگر کسی ضرورت سے باہر جانا ہی ہوتو پردہ کا خاص اہتمام کیا کریں' اپنے اعضاء کو اور زیور اور زینت کو ظاہر نہ ہونے دیں۔

مذکورہ بالا خطاب گو ازواج مطہراتؓ کو ہے لیکن تمام مسلمان عورتوں کے لیے یہی حکم ہے کہ جہاں تک ہو سکے گھروں میں رہیں اور اگر باہر نکلنا ضروری ہوتو پردہ شرعی کا خوب زیادہ اہتمام کریں۔

حضرت ابن مسعودؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اَلْمَرْءَ ۃُ عَوْرَۃٌ فَاِذَا خَرَجَتْ استشرفها الشیطٰن (کہ عورت چھپا کر رکھنے کی چیز ہے' جب باہر نکلتی ہے تو اسے شیطان تکنے لگتا ہے)(رواہ الترمذی کما فی المشکوٰۃ المصابیح ص۲۶۹)

ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد سے باہر تشریف لائے تو دیکھا کہ عورت مرد راستہ میں اکٹھے چل رہے ہیں' آپؐ نے فرمایا اے عورتو! پیچھے ہٹو تمہارے لیے یہ جائز نہیں ہے کہ راستوں کے درمیان چلو تم راستہ کے کناروں پر چلو' آپؐ کے اس ارشاد کے بعد عورتوں کا یہ حال تھا کہ بالکل دیوار کے ساتھ مل کر چلتی تھیں یہاں تک کہ ان کا کپڑا دیوار سے اٹک جاتا تھا۔(رواہ ابوداؤد)

اگر کسی عورت کو کسی مجبوری سے باہر نکلنا ہو تو بن ٹھن کر خوشبو لگا کر نہ نکلے اور مردوں سے دور ہو کر گزر جائے' حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ہر آنکھ زنا کار ہے(یعنی بے جگہ نظر ڈالنا' مرد کی نظر ہو یا عورت کی' زنا میں شمار ہے)اور بلاشبہ جب کوئی عورت عطر لگائے اور مجلس پر گزرے تو ایسی ہے ویسی ہے یعنی زنا کار ہے۔(مشکوٰۃ المصابیح ص۹۶)

قوله تعالیٰ وَقَرْنَ فِیْ بُیُوْتِکُنَّ : قال صاحب الروح من قریقر من باب علم اصله اقررن فحذفت الراء الاولیٰ والقیت فتحها علیٰ ما قبلها و حذفت الهمزة للاستغناء عنها بتحرک القاف' و ذکر ابو الفتح الهمدانی فی کتاب التبیان وجها اخر قال' قاریقار اذا اجتمع و منه القارة لا جتما عها' الا تری الیٰ قول عضل والدیش اجتمعوا فکونوا قارة فالمعنی جمعن انفسکن فی البیوت' وقرأ الاکثر (وقِرن) بکسر القاف من وقریقر وقارًا اذا سکن و ثبت و اصله اوقرن ففعل به ما فعل بعد ن من وعد او من قریقر المضاعف من باب ضرب و اصله اقررن حذفت الراء الاولی والقیت کسرتها الی القاف وحذفت الهمزة اللاستغناء عنها .اھ (اللہ تعالیٰ کا ارشاد" وَقَرْنَ فِیْ بُیُوْتِکُن "تفسیر روح المعانی کے مصنفؒ فرماتے ہیں۔قَرْنَ قَرَّیَقَرُّ باب عَلِم سے بنا ہے اصل میں اِقْرَرْنَ تھا۔پہلی را حذف کی گئی اور اس کا فتحہ ماقبل کو دیدیا اور قاف کے متحرک ہو جانے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں رہی اس لئے ہمزہ کو حذف کردیا۔ابوالفتح الھمدانی نے کتاب النبیان میں ایک اور صورت ذکر کی ہے اس نے کہا ہے قَارَیَقَارُ کا معنی ہے جمع ہونا، مجتمع ہونا کَقَارَۃ اسی سے ہے کیونکہ وہ بھی مجتمع ہوتا ہے، کیا آپ نہیں دیکھتے پس وہ ہوگئے۔پس اس طرح قَرْنَ کا معنی ہوا کہ تم اپنے آپ کو گھروں میں ہی مجتمع رکھو۔اور اکثر نے وَقِرْنَ پڑھا ہے قاف کے کسرہ کے ساتھ وَقَرَیَقِرُ وَقَارًا سے جس کا معنی ہے ساکن ہونا، قائم ہونا اور یہ اصل میں اِقْرِرْنَ تھا پھر اس میں وعد والے باب کے صیغہ وعِدْنَ والی تعلیل ہوئی یا یہ قَرَّیَقِرُّ سے ہے جو کہ مضاعف ہے اور باب ضَرَبَ ہے اور اصل میں تھا اِقْرِرْنَ پہلی را حذف کردی گئی اور اس کا کسرہ قاف کو دیدیا گیا اور ضرورت نہ ہونے کی وجہ سے ہمزہ بھی حذف کردیا گیا)

پھر فرمایا وَاَقِمْنَ الصَّلٰوۃَ وَاٰتِیْنَ الزَّکٰوۃَ وَاَطِعْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ (اور نمازیں قائم کرتی رہو اور زکوٰتیں ادا کرتی رہو اور اطاعت کرو اللہ کی اور اس کے رسول کی) نماز اور زکوٰۃ کی ادائیگی اور اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی فرمانبرداری کا حکم تو ہر مسلمان مرد وعورت کو ہے لیکن خصوصیت کے ساتھ ازواج مطہراتؓ کو خطاب فرمانے میں یہ حکمت ہے کہ کہیں وہ اپنے رشتہ زوجیت پر فخر کر کے نہ بیٹھ جائیں اور اعمال دینیہ میں کوتاہی نہ کرنے لگیں۔

پھر فرمایا: اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰهُ لِیُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَیْتِ وَیُطَهِّرَكُمْ تَطْهِیْرًا (اللہ کو یہی منظور ہے کہ اے اہل بیت تم سے گندگی کو دور رکھے اور تم کو اچھی طرح پاک کردے)۔

آیت تطھیر یعنی اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰهُ لِیُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ (الآیۃ) میں اللہ تعالیٰ جل شانہ نے حضرات ازواج مطہرات سے خطاب کر کے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تم سے گندگی کو دور کرنے کا اور پاک کرنے کا ارادہ فرمایا ہے۔ گندگی سے فسق اور گناہ کے کام مراد ہیں اور بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ اس سے اخلاق رذیلہ، بخل، طمع، حسد وغیرہ مراد ہیں اور درحقیقت قول اول ہی میں یہ سب چیزیں داخل ہو جاتی ہیں۔ بعض مفسرین نے فرمایا ہے کہ لِیُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ سے تخلیہ عن الرذائل اور وَیُطَهِّرَكُمْ تَطْهِیْرًا سے تحلیہ بالفضائل والفواضل مراد ہے۔ جب اللہ تعالیٰ نے ان کو اَهْلَ الْبَیْتِ یعنی اہل بیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب دے دیا اور انہیں معصیتوں سے اور گندگیوں سے پاک کرنے کا ارادہ فرمالیا تو اس کے بعد کوئی گمراہ اور منکر قرآن ہی ازواج مطہرات کے خلاف کوئی بات لکھ سکتا ہے اور جہالت کی زبان سے کوئی نازیبا کلمہ نکال سکتا ہے۔

روافض جن کو (اپنے ایمان کی فکر نہیں اور) حضرات صحابہ سے اور ازواج مطہرات سے دشمنی ہے، انہیں ان حضرات کی دشمنی میں قرآن کو جھٹلانے اور قرآنی تصریحات کو رد کرنے سے کوئی چیز مانع نہیں ہوتی، یہ لوگ کہتے ہیں کہ تین چار کے علاوہ سب صحابہ رضی اللہ عنہم کافر تھے اور (حضرت خدیجہ کے علاوہ) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سب بیویاں کافرہ تھیں (العیاذ باللہ، نقل کفر کفر نہ باشد) یہ قرآنی آیات کے منکر ہیں، پھر بھی ان لوگوں سے ناراض ہوئے جو انہیں خارج عن الاسلام سمجھتے اور جانتے ہیں اور امت مسلمہ کو ان کے عقائد کفریہ سے باخبر کرتے ہیں۔

روافض کہتے ہیں کہ اَهْلَ الْبَیْتِ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل قرابت یعنی حضرت علی، حضرت فاطمہ اور حضرات حسنین مراد ہیں۔ ہمیں تو ان حضرات سے بھی محبت ہے اور ہمارے نزدیک یہ حضرات بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل بیت ہیں۔ البتہ قرآن مجید کے سیاق اور سباق سے یہ بالکل واضح ہے کہ یہاں اہل بیت سے حضرات ازواج مطہرات ہی مراد ہیں اور اس کا انکار کرنا زبردستی آنکھیں بند کرنے اور اندھا بننے کے مترادف ہے۔

روافض کو اپنی بات آگے بڑھانے کے لیے کچھ نہ ملا تو جاہلوں کو سمجھنے کے لیے یہ نکتہ نکالا کہ آیت شریفہ میں ضمیر جمع مذکر عَنْكُمْ اور وَیُطَهِّرَكُمْ لائی گئی ہے اگر ازواج مطہرات مراد ہوتیں تو عَنْكُنَّ اور وَیُطَهِّرَكُنَّ ہوتا۔ ڈوبنے والے کو جب کچھ نہیں ملتا تو تنکے ہی کا سہارا لے لیتا ہے، ان لوگوں کو چونکہ ازواج مطہرات سے بغض ہے اور قرآن کے خلاف سوچنے ہی کو ہنر سمجھتے ہیں اس لیے انہوں نے قرآن مجید کی دوسری آیات کی طرف ذہن لے جانا مناسب نہ جانا، حالانکہ قرآن مجید میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کا مدین سے واپس ہونے کا قصہ بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا ہے کہ قَالَ لِاَهْلِهِ امْكُثُوْٓا اِنِّیْٓ اٰنَسْتُ نَارًا اس میں امْكُثُوْا صیغہ جمع مذکر حاضر ہے اور خطاب بیوی کو ہے اور سورۂ ہود میں ہے کہ فرشتوں نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی بیوی سے خطاب کرتے ہوئے کہا: اَتَعْجَبِیْنَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ رَحْمَتُ اللّٰهِ عَلَیْكُمْ اَهْلَ الْبَیْتِ اس میں صرف ایک عورت کو لفظ عَلَیْكُمْ کے ساتھ خطاب فرمایا ہے، جو جمع مذکر کی ضمیر ہے اور اسی عورت کو اہل البیت کے معزز لقب سے بھی نوازا ہے۔ معلوم ہوا کہ عورت کو کبھی کبھی مذکر کے صیغہ سے بھی خطاب کیا جاتا ہے اور یہ بھی بالتصریح معلوم ہوا کہ بیوی اہل بیت میں بھی شامل ہے، پھر ازواج مطہرات کے پاکیزہ ہونے کا ذکر سورۂ نور میں بھی ہے، وہاں ارشاد فرمایا: وَالطَّیِّبٰتُ لِلطَّیِّبِیْنَ وَالطَّیِّبُوْنَ لِلطَّیِّبٰتِ حسب تصریح سورۂ نور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج طیبات تھیں اور آپ خود طیب تھے، آپ کی

ازواج بھی طیبات تھیں۔ روافض نے صرف عَنۡكُمُ اور وَيُطَهِّرَكُمْ کی ضمیر جمع مذکر کو دیکھا اور انہیں یہ نظر نہ آیا کہ اس کے بعد پھر جمع مؤنث کا صیغہ وَاذْكُرْنَ مَايُتْلٰى آ رہا ہے اور یہ جملہ ماقبل پر معطوف ہے اور جو حضرات اس کے مخاطب ہیں وہی اس سے پہلی آیت میں بھی مخاطب ہیں۔ قال الحافظ ابن کثیر ج ۳ ص ۴۸۶ ثم الذی لا شک فیه من تدبر القرآن ان نساء النبی صلی اللّٰه علیه وسلم دا خلات فی قوله تعالیٰ: اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَ يُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا. فان سیاق الکلام معهن و لهٰذا قال تعالیٰ بعد هٰذا کله وَاذْكُرْنَ مَايُتْلٰى فِيْ بُيُوْتِكُنَّ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ وَالْحِكْمَةِ.

(حافظ ابن کثیر فرماتے ہیں قرآن میں غور و فکر رکھنے والے کو اس سے کوئی شک نہیں ہو سکتا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ میں داخل ہیں چنانچہ سیاق کلام کا تعلق ازواج مطہرات کے متعلق ہے اسی وجہ سے اس سب کے بعد اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ تمہارے گھروں میں اللہ کی آیات اور حکمت کی جو تلاوت ہوتی ہے اسے یاد رکھو)

سورۂ احزاب والی آیت تطہیر کے بارے میں حضرت ابن عباسؓ فرماتے تھے۔ نزلت فی نساء النبی صلی اللّٰه علیه وسلم خاصة۔ اور حضرت عکرمہؓ نے فرمایا من شاء باهلته انها نزلت فی ازواج النبی صلی اللّٰه علیه وسلم کہ جو شخص چاہے میں اس سے مباہلہ کر سکتا ہوں کہ یہ آیت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج کے بارے میں نازل ہوئی، حضرت عکرمہؓ بازار میں پکار پکار کر یہ فرماتے تھے کہ آیت کریمہ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج کے بارے میں نازل ہوئی۔

البتہ یہاں ایک اشکال پیدا ہوتا ہے وہ یہ کہ سنن ترمذی میں حضرت عمر بن ابی سلمہؓ سے روایت نقل کی ہے کہ جب آیت کریمہ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا نازل ہوئی اس وقت آپ ام المؤمنین حضرت ام سلمہؓ کے گھر میں تشریف فرما تھے آپ نے حضرت فاطمہؓ اور حضرات حسنینؓ کو بلایا اس وقت آپ کے پیچھے حضرت علیؓ بھی بیٹھے ہوئے تھے، آپؐ نے ان سب کو اپنی چادر اوڑھا دی اور بارگاہ الٰہی میں عرض کیا اَللّٰهُمَّ هٰؤُلَاۗءِ اَهْلُ بَيْتِيْ فَاَذْهِبِ الرِّجْسَ وَطَهِّرْهُمْ تَطْهِيْرًا (اے اللہ یہ میرے اہل بیت ہیں ان سے رجس کو یعنی گندگی کو دور فرما دے) حضرت ام سلمہؓ نے عرض کیا کہ یا نبی اللہ میں بھی ان میں سے ہوں، آپ نے فرمایا انت علیٰ مکانک و انت علیٰ خیر کہ تم اپنی جگہ پر ہو اور خیر پر ہو۔

اس سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ حضرت ام سلمہؓ کو (جو ازواج مطہرات میں سے تھیں) آپؐ نے اہل بیت میں شامل نہیں فرمایا لیکن ہر مسلمان کے لیے یہ ضروری ہے کہ تمام آیات اور احادیث کو سامنے رکھ کر چلے اور کسی حدیث کا ایسا مفہوم مراد نہ لے جو کسی بھی آیت سے معارض ہو یا اس سے کسی بھی آیت کا انکار لازم آتا ہو۔ روافض تو قرآن کریم میں تحریف کے قائل ہیں انہیں اس کی کوئی پرواہ نہیں کہ کسی آیت کے خلاف کیا کہہ دیا اور کیا عقیدہ بنالیا' مسلمان تو ایسا نہیں کر سکتے کہ کسی آیت کے مضمون کو رد کر دیں' اس لیے اکابر علماء اور محققین مفسرین نے یہی فرمایا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہراتؓ بھی اہل بیت میں شامل ہیں جس کی تصریح آیت بالا میں مذکور ہے اور جن حضرات کو آپؐ نے چادر اوڑھا کر فرمایا کہ یہ میرے اہل بیت ہیں وہ بھی آپؐ کے اہل بیت ہیں۔ بعض روایات میں یوں بھی ہے کہ جب حضرت ام سلمہؓ نے عرض کیا کہ مجھے بھی چادر میں داخل فرما لیجئے تو آپؐ نے فرمایا اَنْتِ مِنْ اَهْلِيْ اور ایک روایت میں ہے فقلت و انا یا رسول اللّٰه؟ فقال صلی اللّٰه علیه وسلم و انت۔ تو میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! میں؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اور تم بھی اہل بہت میں ہو۔ (ابن کثیر ج ۳ ص ۳۸۴، ۳۸۵)

اس سے معلوم ہوا کہ چادر اوڑھانے کا واقعہ ایک سے زائد مرتبہ پیش آیا' بعض مرتبہ انک علیٰ خیر فرما دیا اور بعض مرتبہ انت من

اھلی فرمایا اور بعض مرتبہ صرف وانتِ فرمایا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض ایسے افراد کو بھی اپنے اہل بیت میں شمار فرمایا جن سے کوئی نسبی یا ازدواجی رشتہ نہ تھا چنانچہ حضرت سلمان فارسیؓ کے بارے میں فرمایا کہ **سلمان منا اھل البیت** .(ذکرہ صاحب الروح عن ابن عباسؓ وعن قتادۃ قال وفسرت بنصائحہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یہ روایت روح المعانی کے مصنف نے حضرت عبداللہ بن عباس سے اور حضرت قتادہ سے نقل کی ہے حضرت قتادہ نے فرمایا میں نے اہل بیت کی یہ تفسیر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات کی روشنی میں کی ہے۔)اور حضرت واثلہ بن اثقعؓ کے بارے میں بھی ایسا فرمایا ہے، بس جب یہ حضرات اہل بیت میں شمار ہو سکتے ہیں تو آپؐ کے ہمراہ گھروں میں ساتھ رہنے والی بیویاں کیونکر اہل بیت میں شامل نہ ہوں گی؟

صاحب بیان القرآن لکھتے ہیں: اس میں محقق بات یہ ہے کہ آیت اور حدیث میں اہل بیت کا مفہوم متحد نہیں بلکہ حدیث میں عترت مراد ہے اور آیت میں یا تو عام مراد ہے جس کی ایک نوع تو آیت ہی کی مدلول ہے اور دوسری نوع کا مدلول ہونا آپؐ نے اپنے اس فعل سے ظاہر فرمادیا اور حضرت ام سلمہؓ کا (چادر میں) داخل نہ کرنا ایسے ہوگا کہ تمہارا تو مدلول آیت ہونا ظاہر ہی ہے جن کا خفی ہے (یعنی جن کا مدلول آیت ہونا خفی ہے۔)ان کو ظاہر کرتا ہوں پھر تم کو اس کا اہتمام کیا ضرور اور خیر سے بھی مدلولیت مراد ہوگی۔ **قال صاحب الروح (ج ۲۲ ص ۱۵) وما اجاب بہ ام سلمۃ و عدم ادخالھا فی بعض المرات تحت الکساء لیس لانھا لیست من اھل البیت اصلاً بل لظھور انھا منھم حیث کانت من الازواج اللاتی یقتضی سیاق الأیۃ و سباقھا دخولھن فیھم بخلاف من ادخلوا تحتہ رضی اللّٰہ تعالیٰ عنھم فانہ علیہ الصلوٰۃ والسلام لو لم یدخلھم ویقل ما قال لتوھم عدم دخولھم فی الأیۃ لعدم اقتضاء سیاقھا و سباقھا ذٰلک** . (تفسیر روح المعانی والے فرماتے ہیں کہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو جو جواب جواب دیا گیا اور بعض دفعہ چادر کے تحت ان کو داخل نہ کرنا اس لئے نہیں تھا کہ وہ اہل بیت میں ہیں ہی نہیں بلکہ یہ تو اس بات کو ظاہر کرنے کے لئے تھا کہ حضرت ام سلمہ تو ازواج میں سے ہیں جن کا اہل بیت میں داخل ہونا آیت کے سیاق سے ثابت ہے بخلاف ان حضرات کے جنہیں چادر کے تحت داخل کیا گیا کہ اگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم چادر کے تحت ان کو لا کر اور ان کے بارے میں اہل بیت کا لفظ نہ فرماتے تو اہل بیت میں سے ان کے نہ ہونے کا خیال ہوتا کیونکہ آیات کا سیاق سباق ان کے اہل بیت میں سے ہونے کا تقاضا نہیں کرتا)

آخر میں فرمایا: وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلٰى فِي بُيُوْتِكُنَّ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ وَالْحِكْمَةِ آیات اللہ سے قرآن حکیم اور حکمت سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات اور سنتیں مراد ہیں جیسا کہ بعض مفسرینؒ نے تفسیر کی ہے' اور واذکرن کے دو مفہوم ہو سکتے ہیں' ایک یہ کہ ان چیزوں کو خود یاد رکھنا جن پر عمل کرنا ہے' دوسرے یہ کہ جو کچھ قرآن ان کے گھروں میں ان کے سامنے نازل ہوا یا جو تعلیمات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو دیں اس کا ذکر امت کے دوسرے لوگوں سے کریں اور ان کو پہنچائیں۔

جس طرح قرآن حکیم کی تعلیم اور تدریس لازم ہے اسی طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال اور اعمال کی تحدیث اور تبلیغ بھی ضروری ہے کیونکہ قرآن مجید کے مجمل احکام کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث سے تشریح اور توضیح ہوتی ہے اگر احادیث شریفہ کو سامنے نہ رکھا جائے تو پانچوں نمازوں کے اوقات اور زکوٰتوں کی مقادیر اور نصاب معلوم نہیں ہو سکتے اور حدیث نبوی پر عمل کیے بغیر قرآن کریم پر عمل پیرا نہیں ہو سکتا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج کی کثرت میں جہاں دوسری حکمتیں ہیں وہاں ایک حکمت یہ بھی ہے کہ حضرات ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن وارضاہن کے ذریعہ ان احکام شریعہ کی تبلیغ ہوئی جو گھر میں رہتے ہوئے صادر ہوتے تھے اور

خاص کردہ احکام جن کا تعلق ازدواجی امور سے تھا۔

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ لَطِيْفًا خَبِيْرًا یعنی اللہ تعالیٰ مہربان ہے تمہیں یہ مرتبہ عطا فرمایا کہ اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجیت کا شریف بخشا اور ان گھروں میں تمہیں نصیب فرمایا جن میں اللہ کی کتاب پڑھی جاتی ہے اور وہ ہر چیز سے باخبر بھی ہے تم جو خیر کے کام کرو گی اللہ تعالیٰ کو ان سب کا علم ہے اور وہ اجر و ثواب سے نوازے گا۔

اِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمٰتِ وَالْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْقٰنِتِيْنَ وَالْقٰنِتٰتِ وَالصّٰدِقِيْنَ

بلا شبہ مسلم مرد اور مسلم عورتیں اور مؤمن مرد اور مؤمن عورتیں اور فرمانبرداری کرنے والے مرد اور فرمانبرداری کرنے والی عورتیں اور راست باز مرد

وَالصّٰدِقٰتِ وَالصّٰبِرِيْنَ وَالصّٰبِرٰتِ وَالْخٰشِعِيْنَ وَالْخٰشِعٰتِ وَالْمُتَصَدِّقِيْنَ وَالْمُتَصَدِّقٰتِ

اور راست باز عورتیں اور صبر کرنے والے مرد اور صبر کرنے والی عورتیں اور خشوع کرنے والے مرد اور خشوع کرنے والی عورتیں اور صدقہ دینے والے مرد اور صدقہ دینے والی عورتیں

وَالصَّآئِمِيْنَ وَالصّٰٓئِمٰتِ وَالْحٰفِظِيْنَ فُرُوْجَهُمْ وَالْحٰفِظٰتِ وَالذّٰكِرِيْنَ اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّالذّٰكِرٰتِ

اور روزے رکھنے والے مرد اور روزے رکھنے والی عورتیں اور اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کرنے والے مرد اور حفاظت کرنے والی عورتیں اور اللہ کو بکثرت

اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۳۵﴾

یاد کرنے والے مرد اور یاد کرنے والی عورتیں ان کے لیے اللہ نے مغفرت اور اجر عظیم تیار کر رکھا ہے۔

مؤمن مردوں اور عورتوں کی صفات اور ان کے لیے اجر عظیم کا وعدہ

مفسر ابن کثیرؒ نے (جلد۳ص ۴۸۷) کتب حدیث سے متعدد روایات نقل کی ہیں جن سے واضح ہوتا ہے کہ آیت بالا حضرت ام سلمہؓ کے سوال پر نازل ہوئی انہوں نے عرض کیا یا نبی اللہ! قرآن مجید میں مردوں کا ذکر تو آتا ہے عورتوں کا ذکر نہیں آتا (یعنی جو احکام ہیں وہ مردوں کے خطاب کے ذیل میں بیان کیے جاتے ہیں عورتوں سے علیحدہ سے خطاب یا مؤنث کے صیغے نہیں لائے جاتے) اس پر اللہ تعالیٰ جل شانہ نے آیت کریمہ اِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمٰتِ آخر تک نازل فرمائی۔ (واخرجها الترمذی فی تفسیر سورة الاحزاب من کتابه.) اور تانیث کے صیغے لاکر ان کی بھی دلداری فرمادی۔

مذکورہ بالا آیت میں مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کی صفات بتائی ہیں جن میں یہ بتایا کہ مؤمن مردوں اور مؤمن عورتوں کو ان صفات سے متصف ہونا چاہیے اور آیت کے ختم پر مؤمنین و مؤمنات کے لیے اجر عظیم کا وعدہ فرمایا ہے۔

مسلمین اور مسلمات سے احکام اسلام پر اعضاء و جوارح سے عمل پیرا ہونا مراد ہے اور مؤمنین و مؤمنات سے دل سے صاحب ایمان ہونا اور اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کچھ بتایا اور فرمایا دل سے اس کی تصدیق کرنا اور ماننا مراد ہے اور گو فرمانبرداری میں وہ صفات بھی داخل ہیں جو آئندہ بیان فرمائیں تاہم ان کو مستقل بھی مہتم بالشان ہونے کی وجہ سے ذکر فرمادیا۔ اسلام اور ایمان بیان کرنے کے بعد جو دوسری صفات بیان فرمائیں ان میں سے اوّلاً وَالْقَانِتِيْنَ وَالْقَانِتَاتِ فرمایا یہ لفظ قُنُوْت سے لیا گیا ہے۔ صاحب روح المعانی نے ان دونوں لفظوں کا مطلب بتاتے ہوئے لکھا ہے کہ المداومین علی الطاعات والقائمین بها کہ یہ

لوگ پابندی کے ساتھ ہمیشہ اللہ تعالیٰ کے احکام کی تعمیل میں لگے رہتے ہیں۔ اس کے بعد وَالصّٰدِقِیْنَ وَالصّٰدِقٰتِ فرمایا یعنی یہ حضرات قول و عمل میں سچائی اختیار کرنیوالے ہیں۔ وَالصّٰبِرِیْنَ وَالصّٰبِرٰتِ اور طاعات کی ادائیگی میں مصائب کے آنے پر صبر اختیار کرنے والے ہیں۔ وَالْخٰشِعِیْنَ وَالْخٰشِعٰتِ اور یہ حضرات خشوع اختیار کرنے والے ہیں' خشوع قلب کی جھکاؤ کو کہا جاتا ہے، اگر مطلق خشوع مراد لیا جائے تو خشوع فی العبادات' خشوع فی الاعمال اور خشوع فی المعاملات سب کو شامل ہوگا اور مطلب یہ ہوگا کہ یہ لوگ تکبر نہیں کرتے' قلب و جوارح کو عناد سے اور ہر ایسی چیز سے پاک اور صاف رکھتے ہیں جس میں کبر و نخوت والی چیز ہو۔ خشوع فی الصلوٰۃ کی فضیلت کے لیے آیت کریمہ وَاِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ اِلَّا عَلَى الْخَاشِعِيْنَ (سورۂ بقرہ) اور آیت قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ (شروع پ ۱۸) کی مراجعت کر لی جائے۔

وَالْمُتَصَدِّقِیْنَ وَالْمُتَصَدِّقٰتِ اور یہ حضرات صدقہ کرنے والے ہیں اس میں اللہ کی راہ میں مال خرچ کرنے' ضعیف اور مسکینوں کی حاجات پوری کرنے' فرض زکوٰۃ اور واجب اور نفل صدقات کے اموال مستحقین کو دینے کی فضیلت آ جاتی ہے۔ وَالصَّآئِمِیْنَ وَالصّٰٓئِمٰتِ یعنی یہ حضرات روزہ رکھنے والے ہیں۔ اس میں روزے رکھنے کا اہتمام کرنے کی فضیلت بتائی ہے۔ الفاظ کے عموم میں فرض اور نفل روزے سب ہی داخل ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جن پانچ چیزوں پر اسلام کی بنیاد بتائی ہیں اس میں رمضان شریف کے روزے رکھنا بھی ہے۔ سورۂ بقرہ میں رمضان کے روزوں کی فرضیت بتا کر فَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ فرمادیا ہے جس میں نفل روزوں کی ترغیب بھی دے دی ہے روزے رکھنے سے نفس کے تقاضوں پر زور پڑتی ہے اور صفت تقویٰ پیدا ہوتی ہے' نفس کا ابھار کم ہو جاتا ہے اور شہوات و لذات کی امنگ کم ہو جاتی ہے۔ وَالْحٰفِظِیْنَ فُرُوْجَهُمْ وَالْحٰفِظٰتِ (اور اپنی شرم کی جگہوں کی حفاظت کرنے والے مرد اور حفاظت کرنے والی عورتیں) اس میں شرم کی جگہوں کو حرام جگہ استعمال کرنے سے منع فرمایا۔ انسان سے جو گناہ سرزد ہوتے ہیں ان میں سب سے زیادہ گناہ کا باعث دو چیزیں ہوتی ہیں ایک منہ دوسرے شرم گاہ۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہؓ سے دریافت فرمایا کہ بتاؤ وہ کون سی چیز ہے جو سب سے زیادہ دوزخ میں لے جانے کا ذریعہ ہے' پھر خود ہی جواب میں فرمایا اَلْفَمُ وَالْفَرْجُ یعنی منہ اور شرم کی جگہ۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۴۱۲) اور حضرت سہل بن سعدؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ کون ہے جو مجھے اس کی ضمانت دے کہ وہ اپنے جبڑوں کے درمیان کی چیز اور اپنی دونوں رانوں کے درمیان کی چیز کی حفاظت کرے گا میں اس کے لیے جنت کا ضامن بنتا ہوں۔ (رواہ البخاری)

سورۃ المعارج میں نیک لوگوں کی صفات بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حَافِظُوْنَ اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ (اور جو لوگ اپنی شرم کی جگہوں کی حفاظت کرنے والے ہیں سوائے اپنی بیویوں اور باندیوں کے کیونکہ بیویوں اور باندیوں کے بارے میں ان پر ملامت نہیں ہے)

وَالذّٰكِرِيْنَ اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّ الذّٰكِرٰتِ (اور جو اللہ کا ذکر زیادہ کرنے والے مرد ہیں اور جو زیادہ ذکر کرنے والی عورتیں ہیں) اللہ تعالیٰ کا ذکر بہت بڑی چیز ہے' نماز جو اسلام کا سب سے بڑا عمل ہے وہ خود ذکر ہے۔ سورۂ طٰہٰ میں فرمایا کہ اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِيْ (نماز کو میری یاد کے لیے قائم کرو) اور سورۂ عنکبوت میں فرمایا وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ (اور اللہ کا ذکر بہت بڑی چیز ہے) قرآن مجید میں کثرت ذکر کا حکم دیا ہے (جیسا کہ چند صفحات کے بعد ان شاء اللہ تعالیٰ آیت کریمہ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا میں فرمایا ہے اور سورۃ الجمعہ میں ارشاد ہے: وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ (اور اللہ کو کثرت سے یاد کرو تاکہ تم کامیاب ہو جاؤ)۔

حدیث شریف میں بھی ذکر اللہ میں کثرت کے ساتھ مشغول ہونے کی ترغیب دی گئی، حضرت ابو سعید خدری ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا کہ بندوں میں سب سے زیادہ کون افضل ہیں اور قیامت کے دن اللہ کے نزدیک کون سب سے زیادہ بلند درجہ والا ہوگا؟ آپؐ نے فرمایا: اَلذّٰاکِرِیْنَ اللّٰہَ کَثِیْرًا وَّالذّٰاکِرَاتِ کہ یہ فضیلت اور مرتبہ ان لوگوں کو حاصل ہے جو (مرد اور عورت) اللہ کو زیادہ یاد کرنے والے ہیں، کسی نے عرض کیا کیا یہ لوگ اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والوں سے بھی افضل ہیں؟ آپؐ نے فرمایا کہ جہاد کرنے والا اگر کافروں اور مشرکوں میں اتنی کثرت کے ساتھ اپنی تلوار مارے کہ تلوار ٹوٹ جائے اور خود یہ شخص خون میں رنگ جائے تب بھی اللہ کا ذکر کرنے والا ہی درجہ کے اعتبار سے افضل رہے گا۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۱۹۸)

حضرت عبداللہ بن بسرؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ! اسلام کے کام تو بہت ہیں مجھے کوئی ایسی چیز بتا دیجئے میں جس میں لگا رہوں، آپ نے فرمایا لَا یَزَالُ لِسَانُکَ رَطْبًا مِّنْ ذِکْرِ اللّٰہِ (تیری زبان ہر وقت اللہ کے ذکر سے تر رہے)۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۱۹۸)

مؤمن بندوں کو چاہیے کہ ہر وقت اللہ کی یاد میں لگے رہیں، فضول باتوں اور فضول کاموں سے بچیں ذکر و تلاوت کی کثرت کو اپنے درجات کو بلند کرنے کا ذریعہ بنائیں، تلاوت قرآن مجید تسبیح و تہلیل، تکبیر و تحمید اور درود شریف میں لگے رہیں۔

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اگر میں یوں کہوں سبحان اللّٰہ و الحمد للّٰہ و لا الٰہ الا اللّٰہ و اللّٰہ اکبر تو یہ مجھے ان سب چیزوں سے زیادہ محبوب ہے جن پر آفتاب طلوع ہوا۔ (صحیح مسلم جلد ۲ ص ۳۴۵)

ذکر کے فضائل ہم آیت کریمہ فَاذْکُرُوْنِیْٓ اَذْکُرْکُمْ (اور دوسری آیت کریمہ اِنَّ الصَّلٰوۃَ تَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْکَرِ وَلَذِکْرُ اللّٰہِ اَکْبَرُ کے ذیل میں ذکر کر آئے ہیں۔

زندگی کے مختلف احوال و اعمال کے وقت کی جو دعائیں مشروع کی گئی ہیں حسب مواقع انہیں پڑھتے رہا کریں تو کثرت ذکر کی نعمت با آسانی حاصل ہو سکتی ہے، اللہ کا ذکر تمام عبادات میں سب سے زیادہ سہل لیٹے بیٹھے، چلتے پھرتے، وضو بے وضو تلاوت کرو تسبیح پڑھو، درود شریف پڑھو سب درست ہے البتہ قرآن مجید کو بے وضو چھو نہیں سکتے اور حالت جنابت میں پڑھ بھی نہیں سکتے، ایسا سستا اور آسان شغل تو کبھی کسی حالت میں نہیں چھوڑنا چاہیے۔ جو لوگ کاروبار سے فارغ ہو چکے ہیں، ملازمتوں سے ریٹائر ہو چکے ہیں وہ اپنی زندگیوں کو فضول باتوں میں لگا کر برباد نہ کریں، ہر لمحہ کی قدر کریں اور ہر وقت اللہ تعالیٰ کے ذکر میں لگے رہیں۔

اَعَدَّ اللّٰہُ لَھُمْ مَّغْفِرَۃً وَّاَجْرًا عَظِیْمًا۔ ان مردوں اور عورتوں کے لیے اللہ نے مغفرت اور اجر عظیم کا وعدہ فرمایا ہے پس مؤمنین اور مؤمنات کا یہی شغل ہونا چاہیے کہ مذکورہ بالا کاموں میں لگے رہیں۔

وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ

اور کسی مؤمن مرد اور کسی مؤمن عورت کے لیے اس کی گنجائش نہیں ہے کہ جب اللہ اور اس کا رسول کسی کام کا حکم دے دیں تو انہیں اپنے کام میں اختیار

مِنْ اَمْرِهِمْ ۭ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِيْنًا ۝۳۶ وَاِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِيْٓ

باقی رہے اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرے سو وہ صریح گمراہی میں پڑ گیا۔ اور جب آپ اس شخص سے فرما رہے تھے جس پر اللہ

اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِ اَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللّٰهَ وَتُخْفِيْ فِيْ نَفْسِكَ مَا

نے انعام کیا اور آپ نے انعام کیا کہ اپنی بیوی کو اپنے پاس روکے رکھو اور اللہ سے ڈر اور آپ اپنے دل میں اس چیز کو چھپا

اللّٰهُ مُبْدِيْهِ وَتَخْشَى النَّاسَ ۚ وَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشٰىهُ ؕ فَلَمَّا قَضٰى زَيْدٌ

رہے تھے جسے اللہ تعالیٰ ظاہر فرمانے والا تھا اور آپ لوگوں سے ڈر رہے تھے اور آپ کو یہ سزاوار ہے کہ اللہ سے ڈریں، پھر جب زید اس سے اپنی حاجت

مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنٰكَهَا لِكَيْ لَا يَكُوْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ حَرَجٌ فِيْۤ اَزْوَاجِ اَدْعِيَآئِهِمْ

پوری کر چکا تو ہم نے اس عورت کا آپ سے نکاح کر دیا تا کہ مسلمانوں پر اپنے منہ بولے بیٹوں کی بیویوں کے بارے میں کوئی تنگی نہ رہے

اِذَا قَضَوْا مِنْهُنَّ وَطَرًا ؕ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ۝۳۷ مَا كَانَ عَلَى النَّبِيِّ مِنْ حَرَجٍ فِيْمَا

جب وہ ان سے حاجت پوری کر چکیں اور اللہ کا حکم پورا ہونے ہی والا تھا۔ نبی پر اس بارے میں کوئی تنگی نہیں ہے جو اللہ نے

فَرَضَ اللّٰهُ لَهٗ ؕ سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ؕ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ قَدَرًا مَّقْدُوْرَا ۝۳۸

ان کے لیے مقرر فرما دیا جو لوگ اس سے پہلے گزرے ہیں ان کے بارے میں اللہ نے یہی معمول رکھا ہے اور اللہ کا حکم مقرر کیا ہوا ہے۔

الَّذِيْنَ يُبَلِّغُوْنَ رِسٰلٰتِ اللّٰهِ وَ يَخْشَوْنَهٗ وَلَا يَخْشَوْنَ اَحَدًا اِلَّا اللّٰهَ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ۝۳۹

جو اللہ کے پیغاموں کو پہنچاتے ہیں اور اللہ سے ڈرتے ہیں اور اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے اور اللہ کافی ہے حساب لینے والا۔

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم ہو جائے تو اس پر عمل کرنا لازم ہے، خلاف ورزی کرنا جائز نہیں

عرب میں یہ دستور تھا کہ دوسروں کی اولاد کو بیٹا بنا لیا کرتے تھے اور جو شخص بیٹا بناتا تھا اسی کی طرف نسبت کر کے اِبْنِ فُلَانٍ کہتے تھے اور ایک رواج یہ بھی تھا کہ لوگ چلتے پھرتے کسی بچہ کو لے کر کسی ایسے شہر میں لے جاتے جہاں کوئی پہچانتا نہ ہوتا وہاں اسے اپنا غلام بتا کر بیچ دیتے تھے۔

زید بن حارثہؓ کا تعارف......... زید بن حارثہؓ اپنی والدہ کے ساتھ ننھیال جا رہے تھے کہ کچھ لوگوں نے ان پر قبضہ کر لیا جبکہ ان کی عمر آٹھ سال کی تھی، پھر انہیں مکہ معظمہ لے آئے اور سوق بنی عکاظ میں (جو مکہ معظمہ کے قریب ایک بازار لگتا تھا) میں اپنا غلام بتا کر فروخت کر دیا حکیم بن حزام بن خویلد نے اپنی پھوپھی حضرت خدیجہؓ کے لیے چار سو درہم میں خرید لیا، جب حضرت خدیجہؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نکاح کر لیا تو زید بن حارثہ کو آپ کی خدمت میں پیش کر دیا اور آپ کو ہبہ کر دیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اپنا بیٹا بنا لیا اور انہیں زید بن محمدؐ کے نام سے بلایا جانے لگا۔ حضرت زید بن حارثہ کے والد کو پتہ چلا کہ میرے بیٹے کو فلاں قوم کے لوگوں نے مکہ معظمہ میں لے جا کر بیچ دیا ہے اور وہاں پر موجود ہے تو وہ حضرت زیدؓ کو چھڑانے کے لیے مکہ معظمہ آئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ آپ اس کے عوض اتنا اتنا مال لے لیں اور اسے چھوڑ دیں تا کہ ہم اسے اپنے ساتھ لے جائیں، آپؐ نے فرمایا اگر وہ تمہارے ساتھ

جانا گوارا کرے تو مفت میں ہی لے جاؤ ہمیں کوئی پیسہ دینے کی ضرورت نہیں' زید کے والد نے کہا: لقد زدتنا علی النصفة' یہ بات تو آپ نے انصاف سے بھی آگے بڑھ کر فرمادی' آپ کو رواج کے مطابق نہ چھوڑنے کا بھی حق تھا اور پیسے لے کر چھوڑ دینا آپ کا کرم تھا لیکن جب آپ نے فرمادیا کہ مفت میں ہی لے جاؤ تو یہ تو کرم بالائے کرم اور احسان پر احسان ہے' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زیدؓ سے فرمایا کہ جانتے ہو یہ کون ہیں ؟ عرض کیا کہ یہ میرے والد ہیں اور میرے چچا ہیں' آپ نے فرمایا تم مجھے بھی جانتے ہو اور انہیں بھی پہچانتے ہو' میری صحبت بھی اٹھا چکے ہو اب تمہیں اختیار ہے کہ چاہو تو میرے پاس رہو چاہو تو اپنے گھر چلے جاؤ' اس پر انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس رہنے کو ترجیح دی اور اپنے باپ کے ساتھ جانا گوارا نہ کیا' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق عالیہ حسن سلوک اور شفقت و محبت کے سامنے انہوں نے اپنے باپ کے ساتھ جانا اور کنبہ وقبیلہ میں رہنا منظور نہ کیا اور عرض کیا کہ آپ میرے لیے باپ اور چچا کی جگہ ہیں' باپ اور چچا نے کہا کہ اے زید افسوس کی بات ہے کہ تم نے آزادی کے مقابلہ میں غلامی کو پسند کیا اور اپنے باپ اور چچا اور سب گھر والوں پر کسی دوسرے شخص کو ترجیح دیتے ہو' حضرت زیدؓ نے کہا کہ ہاں میں نے ان میں ایسی صفات دیکھی ہیں کہ ان کو جانتے ہوئے کسی دوسرے کو ترجیح نہیں دے سکتا۔

یہ پورا واقعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نبوت سے سرفراز کیے جانے سے پہلے کا ہے' جب رسول اللہ کو نبوت عطا کی گئی تو جن حضرات نے قبول اسلام کی طرف سبقت کی ان میں حضرت زید بن حارثہؓ بھی تھے ایک اور قول کے مطابق مردوں میں سے سب سے پہلے فرد تھے جنہوں نے قبول اسلام کی طرف سبقت کی۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی باندی برکہ حبشیہ سے ان کا نکاح کر دیا تھا جن کی کنیت ام ایمن تھی' یہ آپ کو اپنے والد ماجد کی میراث میں (اور ایک قول کے مطابق والدہ کی میراث میں) ملی تھیں اور یہی وہ خاتون ہیں جو آپ کی والدہ ماجدہ کی وفات کے بعد مقام ابواء سے آپ کو چھوٹی سی عمر میں مکہ معظمہ لے کر آئی تھیں۔ حضرت ام ایمنؓ سے حضرت اسامہ بن زید پیدا ہوئے جنہیں حِبّ رسول اللہ (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا پیارا) کہا جاتا تھا۔

ایک عرصہ تک حضرت زیدؓ کو زید بن محمدؐ ہی کہا جاتا رہا پھر جب قرآن مجید کی آیت **اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ** ۔ نازل ہوئی (جو کہ اسی سورت کے پہلے رکوع کی آیات میں سے ہے) تو زید بن حارثہ کہا جانے لگا کیونکہ اللہ تعالیٰ نے حکم دیا کہ جو منہ بولے بیٹے ہیں ان کی نسبت ان کے باپوں کی طرف کرو۔ (الاستیعاب والاصابہ (ذکر برکہ ام ایمن وزید بن حارثہؓ)

زید بن حارثہؓ سے زینب بنت جحش کا نکاح اور طلاق: پھر آپ نے زید بن حارثہ کا نکاح اپنی پھوپھی کی بیٹی زینب بنت جحشؓ کے ساتھ کر دیا تھا' حضرت زینب نے آپ کے فرمانے پر اس نکاح کو قبول تو کر لیا تھا لیکن باہمی مزاج میں موافقت نہ ہوئی۔ حضرت زیدؓ چاہتے تھے کہ ان کو طلاق دے دیں لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انہیں اس سے باز رکھتے تھے اور فرماتے تھے کہ اپنی بیوی کو اپنے نکاح میں روکے رکھو لیکن انہوں نے طلاق دے ہی دی' جب انہوں نے طلاق دے دی تو اللہ تعالیٰ نے زینب بنت جحشؓ کا نکاح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کر دیا۔ یہاں اسی کو فرمایا: **فَلَمَّا قَضٰى زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنٰكَهَا** (جب زید نے ان سے اپنی حاجت پوری کر لی تو ہم نے اس سے آپ کا نکاح کر دیا) جب یہ آیت نازل ہوگئی تو آپ بلا اذن واجازت حضرت زینبؓ کے پاس تشریف لے گئے اس سے پہلے بھی (زید کی طلاق کی عدت گزرنے کے بعد) آپ نے حضرت زیدؓ ہی کو اپنا پیغام دے کر بھیجا تھا لیکن حضرت زینبؓ نے جواب میں یوں کہہ دیا تھا کہ میں استخارہ کر کے جواب دوں گی، اللہ نے آپ ﷺ سے حضرت زینب رضی اللہ عنہا کا نکاح کر دیا' اس پردہ

فخر کیا کرتی تھیں اور دوسری ازواج مطہراتؓ سے کہا کرتی تھیں کہ تمہارے نکاح تمہارے اولیاء نے کیے اور میرا نکاح اللہ تعالیٰ نے کیا ہے (تفسیر ابن کثیر)

اس ساری تفصیل کو سامنے رکھ کر آیات بالا کی تفسیر سمجھئے پہلے آیت کریمہ وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّ لَا مُؤْمِنَةٍ کا ترجمہ دیکھ لیجئے جو اوپر مذکور ہوا۔

حضرت ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم زید بن حارثہؓ کے نکاح کا پیغام لے کر حضرت زینب بنت جحشؓ کے پاس تشریف لے گئے انہوں نے عرض کیا کہ میں ان سے نکاح نہیں کروں گی۔ آپؐ نے فرمایا کہ تم انکار نہ کرو ان سے نکاح کرلو کہنے لگیں کہ اچھا میں پھر اپنے نفس سے مشورہ کرلوں یعنی مجھے سوچ بچار کا موقع دیا جائے ابھی یہ باتیں ہو ہی رہی تھیں کہ اللہ تعالیٰ جل شانہ نے آیت کریمہ وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ (آخر تک نازل فرمادی اور حضرت زینبؓ نے عرض کردیا کہ میں اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی نہ کروں گی میں نے زیدؓ سے اپنا نکاح کردیا۔

مفسر ابن کثیرؒ نے اپنی تفسیر میں یہ سبب نزول لکھا ہے (جلد۳ ص ۴۸۹) اور تفسیر روح المعانی میں ہے کہ جب آپؐ نے زینب بنت جحشؓ کو زید بن حارثہ کے لیے پیغام دیا تو انہوں نے کہا کہ زید میرے میل کے نہیں ہیں میں مرتبہ کے اعتبار سے ان سے بہتر ہوں اور ان کے بھائی عبداللہ بن جحش بھی یہی بات کہنے لگے (یہ انہوں نے اس لیے کہا کہ حضرت زیدؓ پر غلامی کا دھبہ لگ گیا تھا اور قریشی بھی نہ تھے) پھر جب آیت کریمہ نازل ہوگئی تو دونوں بہن بھائی راضی ہوگئے۔ (جلد۲۲ ص ۲۳)

آیت شریفہ کا سبب نزول گو خاص ہے لیکن اس کا مفہوم عام ہے جیسا کہ دیگر آیات کے اسباب نزول کے بارے میں مفسرین یہی فرماتے ہیں۔ آیت کریمہ سے واضح طور پر معلوم ہوگیا کہ کسی بھی مومن مرد اور عورت کے لیے یہ گنجائش نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی طرف سے کوئی حکم آجائے تو اس کے کرنے نہ کرنے کا اختیار باقی رہے جو حکم مل جائے اس پر عمل کرنا ہی کرنا ہے اسلام سراپا فرمانبرداری کا نام ہے یہ جو آج کل لوگوں کا طریقہ ہے کہ مسلمانی کے دعویدار بھی ہیں لیکن احکام شرعیہ پر عمل کرنے کو تیار نہیں یہ اہل ایمان کا طریقہ نہیں جب قرآن وحدیث کی کوئی بات سامنے آتی ہے تو کہہ دیتے ہیں کہ آج کل اس پر عمل نہیں ہوسکتا (العیاذ باللہ) معاشرت اور معاملات اور زندگی کے دوسرے شعبوں میں قصداً وارادۃً قرآن وحدیث کے خلاف چلتے ہیں یہ سراسر بے دینی ہے جیسا کہ آیت کریمہ کے ختم پر فرمایا: وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِيْنًا (اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرے سو وہ کھلی ہوئی گمراہی میں جا پڑا) فرائض اور واجبات کو چھوڑنے کی تو کوئی گنجائش نہیں ہے اور سنن ونوافل کی ادائیگی کی بھی حرص کرنا چاہیے جس کا فرمانبرداری کا مزاج نہیں ہوتا وہ پہلے سنتوں سے بچتا ہے پھر واجبات چھوٹنے لگتے ہیں پھر فرائض کی ادائیگی کا اہتمام ختم ہوجاتا ہے حتیٰ کہ شیطان وسوسے ڈال کر ایمان سے بھی ہٹانے کی کوشش کرتا ہے خیریت اسی میں ہے کہ جو کچھ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے حکم ملا ہے دل وجان سے قبول کرے نیم دروں نیم بروں مسلمان بھی ہیں اور نہیں بھی یہ گمراہی کا طریقہ ہے۔

زینب بنت جحشؓ کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نکاح میں آنا .... وَاِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِيْٓ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاَنْعَمْتَ عَلَيْهِ اَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللّٰهَ (اور اس وقت کو یاد کرو جب آپ اس شخص سے (بطور فہمائش اور مشورہ) فرما رہے تھے جس پر اللہ نے انعام کیا اور آپ نے بھی انعام کیا کہ تم اپنی بیوی کو روکے رکھو اور اللہ سے ڈرو) حضرت زید بن حارثہؓ پر اللہ تعالیٰ نے یہ انعام فرمایا کہ انہیں اپنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پہنچایا غلامی سے چھڑایا اور اسلام کی توفیق دی اور آپؐ نے ان پر

انعام فرمایا کہ محبتوں اور شفقتوں کے ساتھ اپنے پاس رکھا، دین سکھایا اور اپنی پھوپھی زاد بہن سے نکاح کرایا۔

وَتُخْفِیْ فِیْ نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ مُبْدِیْهِ (اور آپ اپنے جی میں اس چیز کو چھپا رہے تھے جسے اللہ ظاہر کرنے والا تھا) وَتَخْشَ النَّاسَ وَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشٰهُ (اور آپ لوگوں سے اندیشہ کر رہے تھے اور اللہ سے ڈرنا ہی آپ کو زیادہ سزاوار ہے) وہ کیا چیز تھی جسے آپ اپنے دل میں چھپائے ہوئے تھے؟ بعض لوگوں نے تو اس کا یہ مطلب لیا ہے کہ آپ ظاہر میں تو یہ فرما رہے تھے اور اندر سے دل میں یہ بات تھی کہ زید طلاق دے دے تو میں ان سے نکاح کرلوں گا۔ تفسیر جلالین میں بھی یہی بات لکھی ہے، لیکن یہ بات شانِ نبوت کے خلاف ہے۔ قال القشیری هذا اقدام عظیم من قائله و تفریط بحق النبی صلی الله علیه وسلم وبفضله ۔امام قشیری فرماتے ہیں یہ بات کہنے والے کی بہت بڑی جرأت ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں اور شان میں کوتاہی ہے۔ (ذکرہ فی حاشیۃ الجلالین)

مفسرین نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو بتا دیا تھا کہ زید طلاق دے دیں گے تو ہم زینبؓ سے آپ کا نکاح کردیں گے، یہ بات آپؐ کے ذہن میں تھی آپ اسے ظاہر کرنا نہیں چاہتے تھے اور زید سے فرما رہے تھے کہ تم اپنی بیوی کو اپنی زوجیت میں رکھو، یہ معلوم ہوتے ہوئے کہ زید ضرور طلاق دے دیں گے اور زینبؓ میرے نکاح میں آنی ہی ہے پھر بھی یہ مشورہ دینا کہ روکے رکھو، اس پر اللہ تعالیٰ نے ہلکا سا عتاب فرمایا، آپ نے تو اپنے نکاح میں آنے والی بات کو چھپایا لیکن اللہ تعالیٰ نے زَوَّجْنٰكَهَا نازل فرما کر زینبؓ کو آپ کے نکاح میں دے ہی دیا۔ قال صاحب الروح (ج ۲۲ ص ۳۴) والمراد بالموصول علیٰ ما اخرج الحکیم الترمذی وغیرہ من علی بن حسین ؓ ما اوحی اللّٰه تعالیٰ به الیه ان زینب سیطلقها زید و یتزوجها بعده علیه الصلوٰة والسلام الیٰ هٰذا ذهب اهل التحقیق من المفسرین کالزهری و بکر بن العلاء والقشیری والقاضی ابی بکر بن العربی و غیر هم۔

تفسیر روح المعانی والے لکھتے ہیں کہ یہاں حکیم ترمذیؒ وغیرہ نے جو حضرت علی بن حسین رضی اللہ عنہما سے جو روایت کی ہے کہ یہاں اسم موصول سے مراد وہ بات ہے جو اللہ تعالیٰ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف وحی فرمائی تھی کہ عنقریب حضرت زید، حضرت زینب کو طلاق دیدیں گے اور اس کے بعد ان سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا نکاح ہوگا۔ محقق مفسرین اسی کی طرف گئے ہیں جیسا کہ زہری، بکر بن العلا، قشیری اور قاضی ابوبکر بن العربی وغیرہ

متبنّٰی کی سابقہ بیوی سے نکاح کرنے کا جواز.......... مفسرینؒ نے ایک یہ بات بھی لکھی ہے کہ اہل عرب جسے بیٹا بنا لیتے تھے اس کی بیوی سے نکاح کرنے کو (جبکہ وہ مرجائے یا طلاق دے دے) ایسے ہی حرام سمجھتے تھے جیسے اپنے حقیقی بیٹے کی بیوی سے نکاح کرنے کو حرام جانتے تھے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ خیال ہو رہا تھا کہ اگر میں نے زید کی مطلقہ بیوی سے نکاح کرلیا تو عرب کے جاہل اعتراض کریں گے اور یوں کہیں گے کہ دیکھو اپنے بیٹے کی بیوی سے نکاح کرلیا۔ جب اللہ تعالیٰ نے وَمَا جَعَلَ اَدْعِیَآءَكُمْ اَبْنَآءَكُمْ فرمایا کہ اللہ نے تمہارے منہ بولے بیٹوں کو تمہارا اصلی بیٹا قرار نہیں دیا تو اب زید کی مطلقہ بیوی زینبؓ سے نکاح کرنے میں کوئی باک نہیں ہونا چاہیے۔ جب اللہ تعالیٰ نے حلال قرار دے دیا تو جاہلوں کے اعتراض کا خیال کرنا اور ان کے طعن و تشنیع سے ڈرنا آپؐ کے مقام رفیع کے خلاف تھا۔ اللہ تعالیٰ نے جس چیز کو حلال قرار دیا ہے اسے خوب واضح طریقے پر حلال بتانا چاہتے تھا عملاً بھی تاکہ حکم شرعی پوری طرح واضح ہوجائے۔ اہل ایمان کے دلوں میں اس کے حلال ہونے کے بارے میں کوئی شک و شبہ اور کوئی کسک باقی نہ رہے آپ کے دل میں جو لوگوں کے اعتراض کا خیال آیا اللہ تعالیٰ نے اس پر عتاب فرمایا اور ارشاد فرمایا۔ وَتَخْشَى النَّاسَ وَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشٰهُ (اور آپ لوگوں سے ڈر رہے تھے اور آپ کو یہ سزاوار ہے کہ اللہ سے ڈریں)۔

فَلَمَّا قَضٰی زَیْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنٰكَهَا (پھر جب زید اس سے اپنی حاجت پوری کر چکا تو ہم نے اس عورت کا نکاح آپ سے کر دیا) حاجت پوری کرنے کا مطلب یہ ہے کہ زینب کی طرف سے بالکل ہی دل بھر گیا اور انہیں نکاح میں رکھنے کی ذرا سی بھی خواہش نہیں رہی اور بالآخر علیحدگی کے تقاضے پر عمل کر ہی لیا اور طلاق دے دی۔ قال صاحب الروح فکانه قیل فلما قضٰی زید حاجته من نکا حها فطلقها و انقضت عدتها فلم یکن فی قلبه میل الیها ولا وحشة من فراقها ۔

لِكَيْ لَا يَكُوْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ حَرَجٌ فِيْٓ اَزْوَاجِ اَدْعِيَآئِهِمْ اِذَا قَضَوْا مِنْهُنَّ وَطَرًا (تاکہ مسلمانوں پر اپنے منہ بولے بیٹوں کی بیویوں کے بارے میں کوئی تنگی نہ رہے جب وہ ان سے حاجت پوری کر چکیں) یعنی طلاق دے دیں اور عدت گزر جائے‘ اس میں یہ بتایا ہے کہ منہ بولے بیٹوں کی مطلقہ بیویوں سے نکاح جائز ہو جانا آپؐ کے عمل سے بھی ظاہر ہو جائے اور آپ کی امت کے افراد اپنے منہ بولے بیٹوں کی بیویوں سے نکاح کرنے کے بارے میں ذرا بھی دل میں تنگی محسوس نہ کریں‘ اگر مذکورہ مطلقہ یا بیوہ عورتوں سے نکاح کرنے کی رغبت ہو اور کوئی دوسرا مانع شرعی نہ ہو تو بلا تکلف ان سے نکاح کر لیا کریں۔ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا (اور اللہ کا حکم پورا ہونے والا ہی تھا) یعنی اللہ تعالیٰ نے تکوینی طور پر یہ طے فرما دیا تھا کہ زینبؓ کو آپؐ کے نکاح میں ضرور ہی آنا ہے چنانچہ تکوینی طور پر جو اللہ تعالیٰ کا فیصلہ تھا وہ پورا ہو کر ہی رہا اور اس میں جو تشریعی حکم تھا اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے عمل سے اس کے جواز کا فیصلہ کرا دیا۔

سنن ترمذی میں ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہؓ نے فرمایا کہ اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وحی کا کچھ بھی حصہ چھپا سکتے تو آیت کریمہ وَاِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِيْٓ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ (آخر تک) کو ضروری چھپا لیتے (جس میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے آپ کو مخاطب فرما کر وَتَخْشَى النَّاسَ وَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشٰىهُ فرمایا ہے)۔

مَا كَانَ عَلَى النَّبِيِّ مِنْ حَرَجٍ فِيْمَا فَرَضَ اللّٰهُ لَهٗ (نبی پر اس بارے میں کوئی تنگی نہیں ہے جو اللہ نے ان کے لیے مقرر فرما دیا) یعنی اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کے لیے جو مقدور مقرر فرما دیا اور حلال قرار دے دیا اس کے بارے میں نبی پر کوئی الزام و مؤاخذہ نہیں‘ جب اللہ تعالیٰ کی طرف سے کوئی الزام نہیں تو مخلوق کو اعتراض کرنے کا اور طعن و تشنیع کا کوئی حق نہیں۔ سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ (جو لوگ ان سے پہلے گزرے ہیں اللہ تعالیٰ نے ان کا یہی طریقہ رکھا ہے) یعنی سابقین انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا یہی معاملہ رہا ہے کہ ان کے لیے بہت سی چیزوں کو حلال قرار دیا ان پر انہوں نے بے تکلف عمل کیا اور مخلوق کے طعن و تشنیع کا بالکل خیال نہ کیا‘ حضور خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اسی پر عمل کر لیا اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو عورت آپؐ کے لیے حلال تھی اسے اپنے نکاح میں لے لیا۔ قال صاحب الروح :سنة اللّٰهِ ای سن اللّٰهُ تعالیٰ ذلک سنة فهو مصدر منصوب بفعل مقدر من لفظه والجملة مؤکدة لما قبلها من نفی الحرج فی الذین من قبل ‘ای من قبلک من الانبیاء علیهم الصلوٰة والسلام من حیث لم یخرج جل شانه علیهم فی الاقدام علیٰ ما حللهم ووسع لهم فی باب النکاح وغیره. (جلد ۲۲ ص ۳۷)

وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ قَدَرًا مَّقْدُوْرًا (اور اللہ کا حکم مقرر کیا ہوا ہے) یہ مضمون سابق کی تاکید ہے اور مطلب یہ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے کوئی بات طے کر دی ہے کہ ایسا ہونا ہی ہے اور فلاں حکم دینا ہے اور اس پر عمل کرانا ہے تو اس کا وجود بھی ضروری ہے اور شرعی اصول کے مطابق اس کی حلت اور جواز کو بھی ظاہر کرنا ہے پس ایسی صورت میں کسی کو اعتراض کرنے کا کوئی حق نہیں ہے۔ الَّذِيْنَ يُبَلِّغُوْنَ رِسٰلٰتِ اللّٰهِ وَيَخْشَوْنَهٗ (جو اللہ کے پیغاموں کو پہنچاتے ہیں اور اللہ سے ڈرتے ہیں) وَلَا يَخْشَوْنَ اَحَدًا اِلَّا اللّٰهَ (اور اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے) یہ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ کی صفت ہے یعنی اللہ تعالیٰ نے جو حکم مقدر اور مقرر فرما دیا ہے اس پر بغیر کسی

جھجک کے عمل کر لیا یہ حضرات انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کا طریقہ رہا ہے ان حضرات کی شان یہ تھی کہ اللہ تعالیٰ کے پیغاموں کی تبلیغ کرتے تھے اور صرف اللہ تعالیٰ سے ڈرتے تھے، مخلوق کی کسی قسم کی کوئی ملامت انہیں تبلیغ حق سے نہیں روکتی تھی وہ قول سے بھی عمل کرتے تھے اور عمل کر کے بھی دکھاتے تھے۔ وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا (اور اللہ کافی ہے حساب لینے والا) جو لوگ آپ پر طعن کر رہے ہیں آپ ان کے طعن و تشنیع سے مغموم نہ ہوں اللہ تعالیٰ کو سب کے اعمال و اقوال کا علم ہے اور وہ حساب لینے کے لیے کافی ہے وہ جب حساب لے گا تو انہیں ان کے اعمال بد کی سزا دے گا۔

فوائد ضروریہ

(۱) شریعت اسلامیہ میں کفاءت کی بھی رعایت رکھی گئی ہے جس کا معنی برابری کا ہے۔ حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اے علی! تین چیزیں ایسی ہیں جب ان کا وقت آ جائے تو ان میں تاخیر نہ کی جائے (۱) جب نماز کا وقت ہو جائے، (۲) جب جنازہ حاضر ہو جائے، (۳) جب تم بے نکاحی عورت کے لیے اس کے برابر کا آدمی پا لو۔ (رواہ الترمذی ص ۵۲) مطلب یہ ہے کہ جب نماز کا وقت ہو جائے تو اس کی ادائیگی میں تاخیر نہ کرو اور جب جنازہ حاضر ہو جائے تو نماز جنازہ ادا کر کے اسے فوراً دفن کر دو اور جب کوئی عورت بے شوہر کی ہو (خواہ کنواری ہو خواہ مطلقہ ہو خواہ اس کا شوہر مر گیا ہو) جب اس کے میل کا آدمی مل جائے تو اس مرد سے اس کا نکاح کر دو)

اس سے معلوم ہوا کہ مرد عورت کی برابری اور باہمی میل کا دیکھنا بھی دینی اور شرعی بات ہے، یہ میل اور برابری نسبوں میں اور آزاد ہونے میں اور مسلمان ہونے میں اور دیندار ہونے میں اور پیشوں میں اور مال میں دیکھی جائے گی۔ کفاءت کا لحاظ اس لیے رکھا گیا ہے کہ عورت اور اس کے اولیاء کو لوگ عار نہ دلائیں کہ گھٹیا آدمی سے اس کا نکاح ہو گیا' تفصیلات فقہ کی کتابوں میں لکھی ہیں۔ یہاں اس سوال کا جواب دینا مقصود ہے کہ جب حضرت زینبؓ اور ان کے بھائی نے حضرت زیدؓ سے نکاح کرنے کے بارے میں یہ عذر پیش کر دیا کہ زیدؓ زینبؓ کے میل کے نہیں ہیں کیونکہ وہ قریشی بھی نہیں اور ان میں غلامی کا بٹہ بھی لگا یا ہوا ہے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا عذر کیوں قبول نہیں فرمایا؟ بات یہ ہے کہ شرعاً کفاءت کا اعتبار تو ہے لیکن بعض مرتبہ دوسری مصالح ایسی ہوتی ہیں جن کی وجہ سے کفاءت کا خیال چھوڑ دینا مناسب معلوم ہوتا ہے۔ چونکہ یہاں ایک مصلحت مضمر تھی جو اللہ تعالیٰ کے علم میں تھی کہ زیدؓ سے زینبؓ کا نکاح ہو جانے کے بعد طلاق ہو پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا زینبؓ سے نکاح ہو جس سے قیامت تک آنے والے مسلمانوں پر نہ صرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قول سے بلکہ عمل سے یہ واضح ہو جائے کہ منہ بولے بیٹے کی بیوی سے اس کی طلاق اور عدت کے بعد نکاح کیا جا سکتا ہے۔ عملی تعلیم و تبلیغ کے پیش نظر کفاءت کی مصلحت کو چھوڑ دیا گیا اور آپؐ نے زینب اور ان کے بھائی کو حکم دیا کہ زید کا زینبؓ سے نکاح ہو جانے میں کوئی حجت نہ کریں اور آپ نے جو پیغام دیا ہے اسے قبول کر لیں' چونکہ آپ کا یہ حکم تھا بطور مشورہ ایک رائے نہیں تھی اس لیے آیت کریمہ میں اس سے انحراف کرنے کو عصیان سے تعبیر فرمایا اور فرمایا وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِيْنًا۔ پھر یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مرتبہ اولیاء سے بلکہ ہر مؤمن کے اپنے نفس سے بھی زیادہ ہے جسے اَلنَّبِيُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ میں بتا دیا ہے اس صورت میں آپؐ کے حکم کو ماننا ہی لازم تھا اگر امیر المؤمنین یا کوئی بھی بادشاہ یا حاکم یا ماں یا باپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے خلاف حکم دے یا خود کسی عورت و مرد کا نفس آپؐ کے حکم کے خلاف کرنا چاہے تو آپؐ کے حکم کی خلاف ورزی جائز نہیں، آپؐ نے جو حکم دے دیا جو درجہ وجوب میں ہو اس پر عمل کرنا ہی کرنا ہے۔ اگر آپ کا کوئی حکم عام مسلمانوں کے لیے درجہ استحباب میں

ہو اور آپ کسی مسلمان کو اس کے بارے میں بطور وجوب حکم دے دیں تو اس مسلمان کو اس پر عمل کرنا فرض ہے۔

(۲) اللہ تعالیٰ جل شانہ نے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب فرمایا: وَتَخْشَى النَّاسَ وَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشٰهُ اس سے معلوم ہوا کہ ہمیشہ اللہ تعالیٰ کے حکم پر نظر رکھنا لازم ہے لوگ کیا کہیں گے اس کو نہ دیکھیں قرآن و حدیث میں جو حکم ہو اس پر نظر رکھیں جو لوگ علماء اور مبلغ اور داعی ہوں خصوصیت کے ساتھ اس کا خیال رکھیں، آج کل لوگوں کا یہ مزاج بنا ہوا ہے کہ شرعی احکام کو اس ڈر سے چھوڑ دیتے ہیں کہ لوگ کیا کہیں گے، وضع قطع میں اور لباس میں اور بیاہ شادی اور مرنے جینے کی رسموں میں عوام ہی کو خوش کرنے کے کام کرتے ہیں اور صریحاً شریعت مطہرہ کی خلاف ورزی کر جاتے ہیں۔ اچھے اچھے نام نہاد نیک اور نمازی بیاہ شادی میں خلاف شرع امور کا ارتکاب کر لیتے ہیں جب توجہ دلائی جاتی ہے تو کہہ دیتے ہیں کہ کیا کریں جی دور ہی ایسا ہے مخلوق کو بھی راضی رکھنا پڑتا ہے لوگوں کی باتوں کا خیال کرنا اور اللہ تعالیٰ کے احکام کی خلاف ورزی کرنا دعوائے ایمان کے سراسر منافی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی حکم کی خلاف ورزی نہیں کی تھی لیکن لوگوں کی طعن و تشنیع کا خیال آ گیا تھا اس پر اللہ تعالیٰ جل شانہ نے عتاب فرما دیا کیونکہ ایسا خیال کرنا بھی آپ کی شان اقدس کیخلاف تھا۔

ہاں بعض مرتبہ ایسا ہوتا ہے کہ کسی عمل کے کرنے سے لوگوں کے غلط فہمی میں مبتلا ہونے کا اور اس کی وجہ سے ان کے دین و ایمان میں نقصان کا خطرہ ہوتا ہے، سو اگر وہ عمل فی نفسہ محمود لیکن شرعاً ماً مور بہ نہ ہو تو اسے ترک کرنا درست ہے جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عائشہ صدیقہؓ سے فرمایا کہ اگر تمہاری قوم (قریش) نئی نئی مسلمان نہ ہوئی ہوتی تو میں کعبہ شریف کو پھر سے تعمیر کر دیتا اور حطیم کو تعمیر کے اندر چھت والے حصہ میں شامل کر لیتا اور کعبہ شریف کے دو دروازے بنا دیتا لیکن آپ نے اس کو اچھا عمل جانتے ہوئے بھی انجام نہیں دیا تا کہ کہنے والے یہ نہ کہیں کہ دیکھو یہ کیسا نبی ہے کہ کعبہ شریف کو گرا دیا، چونکہ آپ کو تعمیر جدید کا حکم نہیں دیا گیا تھا اس لیے آپ نے اس کو چھوڑ دیا اور اس میں تکوینی طور پر یہ حکمت تھی کہ جن لوگوں کو کعبہ شریف کے اندر داخلہ میسر نہ ہو وہ حطیم میں داخل ہو جائیں اس میں داخل ہونا بھی دخول کعبہ ہی کے حکم میں ہے کیونکہ حطیم بھی کعبہ شریف کا حصہ ہے۔

(۳) حضرت زید بن حارثہؓ کو یہ شرف حاصل ہے کہ ان کا اسم گرامی قرآن مجید میں وارد ہوا ہے آپ کے علاوہ کسی صحابیؓ کا نام قرآن مجید میں مذکور نہیں۔ حکم قرآنی اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ کی وجہ سے مسلمانوں نے انہیں زید بن محمد کہنا چھوڑ دیا اور اس طرح سے وہ ایک بہت بڑے اعزاز سے محروم ہو گئے لیکن اللہ تعالیٰ جل شانہ نے انہیں دوسری طرح نواز دیا کہ ان کا نام قرآن مجید میں نازل فرما دیا جب آیت قرآنیہ کی تلاوت کی جائے گی جس میں لفظ زَیْدٌ واقع ہوا ہے تو قرآن مجید کے ہر حرف پر دس نیکیاں ملنے کے وعدہ کے مطابق اس لفظ کے پڑھنے پر تیس نیکیاں مل جائیں گی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی اس طرح بھی دلداری فرمائی کہ انہیں جس کسی لشکر میں بھیجتے تھے تو انہیں اس لشکر کا امیر بنا دیتے تھے۔ ۸ھ میں پچپن سال کی عمر میں غزوۂ موتہ میں انہوں نے شہادت پائی اس وقت بھی وہ لشکر کے امیر تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض مرتبہ انہیں اپنے پیچھے مدینہ منورہ کا امیر بنایا اور اپنی آخری عمر میں ان کے بیٹے حضرت اسامہؓ کو بھی ایک لشکر کا امیر بنایا تھا پھر اس لشکر کو حضرت ابو بکر صدیقؓ نے روانہ فرمایا۔

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿٤٠﴾

تمہارے مردوں میں سے محمد کسی کے باپ نہیں ہیں اور لیکن اللہ کے رسول ہیں نبیوں کی مہر ہیں اور اللہ ہر چیز کا جاننے والا ہے۔

محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبیین ہیں

اس آیت کریمہ میں اول تو یہ فرمایا کہ تم میں جو مرد ہیں یعنی بالغ افراد ہیں محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان میں سے کسی کے نسبی والد نہیں ہیں۔ اس میں اس بات کی نفی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کسی بھی ایسے شخص کے والد ہوں جو رجولیت کے حدود میں داخل ہو گیا ہو' اس کے عموم میں زید بن حارثہ ؓ کے والد ہونے کی بھی نفی ہوگئی' آیت میں یہ بتادیا کہ نسبی والد ہونے سے جو باپ بیٹے کے درمیان احکام شرعیہ مرتب ہوتے ہیں مثلاً میراث جاری ہونا اور حرمت مصاہرت ثابت ہونا آپ ؐ کے اور زید بن حارثہ ؓ یا کسی بھی صحابی کے درمیان ان میں سے کوئی حکم بھی جاری نہیں ہے اور رِجَالِكُمْ اس لیے فرمایا کہ آپ ؐ چار صاحبزادیوں کے باپ تھے جو آپ ؐ کے سامنے بالغ بھی ہوئیں اور ان کی شادیاں بھی ہوئیں' حضرت سیدہ فاطمۃ الزہرہ ؓ کے علاوہ باقی صاحبزادیوں کی آپ کے سامنے وفات بھی ہو گئی۔ آپ ؐ کی وفات کے چھ ماہ بعد حضرت فاطمہ ؓ کی بھی وفات ہوگئی' حضرات حسنین ؓ کے واسطہ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نسل حضرت فاطمہ ؓ ہی سے چلی' آپ ؐ کی اولاد میں صاحبزادے بھی تھے لیکن چونکہ وہ سب بچپن ہی میں وفات پا گئے اس لیے اس بات میں کوئی اشکال نہیں کہ آپ مردوں یعنی بالغ افراد میں سے کسی کے والد نہیں ہیں۔

دوسری بات یہ بتائی کہ گو وہ کسی بالغ مرد کے نسبی باپ نہیں ہیں لیکن روحانی باپ ہیں یعنی اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں' بحیثیت رسول ؐ ہونے کے ساری امت پر فرض ہے کہ آپ پر ایمان لائیں اور آپ کے اکرام اور توقیر کا ہمیشہ لحاظ رکھیں' اور ساتھ ہی آپ کو خاتم النبیین بھی بتایا اور یہ اعلان فرمادیا کہ آپ آخری نبی ہیں اور آپ کے بعد کوئی بھی نبی قیامت تک آنے والا نہیں ہے۔ اس تصریح سے یہ واضح ہو گیا کہ آپ کی روحانی نبوت نسبی نبوت سے کہیں زیادہ اعلیٰ اور افضل ہے اور آپ کی موجودگی میں جو صحابہ ؓ تھے صرف انہی کے لیے نہیں ہے بلکہ آپ خاتم النبیین ہیں قیامت تک آپ کے بعد نبی آنے والا نہیں ہے لہٰذا موجودہ افراد اور ان کی آنے والی نسلیں اور ان کے علاوہ جو بھی اقوام اور قبائل اور افراد ذکور واناث (مرد وعورت) آپ ؐ پر ایمان لائیں گے آپ سب کے روحانی باپ ہیں' آپ کی یہ فضیلت ومنقبت اس سے کہیں زیادہ ہے کہ اپنی دنیاوالی زندگی میں چند افراد کے نسبی باپ ہوتے۔ قال صاحب الروح فکانہ قیل: (مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ) بحیث تثبت بینه و بینه حرمة المصاهرة ولكن كان ابا كل واحد منكم و اب ابناء كم و ابناء ابناء كم و هكذا الىٰ يوم القيامة بحيث يجب له عليكم و علىٰ من تناسل منكم احترامه و تو قيره ويجب عليه لكم ولمن تناسل منكم الشفقه و النصح الكامل ۔ (تفسیر روح المعانی والے فرماتے ہیں گویا یہاں مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ میں یہ فرمایا گیا ہے کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس طرح تم میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں کہ اس کے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان مصاہرت کی حرمت ثابت ہو ورنہ تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم تم میں سے ہر ایک کے باپ ہیں اور تمہاری اگلی نسلوں کے بھی باپ ہیں اسی طرح قیامت تک سب کے باپ ہیں کہ تم پر اور تمہاری نسلوں پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا اعزاز واحترام واجب ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر تمہارے لئے شفقت اور کامل ہمدردی ہے)

آپ ؐ سے پہلے جو انبیاء اور رسل علیہم الصلوٰۃ والسلام تشریف لاتے تھے وہ خاص قوم کیلئے اور محدود وقت کے لیے تشریف لایا کرتے تھے' خاتم النبیین جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قیامت تک تمام جنات اور تمام انسانوں اور تمام قوموں اور قبیلوں اور تمام زمانوں اور تمام مکانوں کے بسنے والوں کیلئے رسول ہیں اور نبی ہیں کیونکہ نبی عام ہیں اور رسول خاص ہیں (جیسا کہ پہلے بیان کیا گیا کہ رسول کا

اطلاق صاحب شریعت جدیدہ کیلئے ہے اور نبی ہر پیغمبر پر صادق آتا ہے صاحب شریعت جدیدہ ہو یا نہ ہو) لہٰذا خاتم النبیین فرمانے سے آپ کے خاتم الرسل ہونے کا بھی اعلان ہوگیا' سورۂ سباء میں فرمایا وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ (اور ہم نے آپ کو نہیں بھیجا مگر تمام انسانوں کیلئے بشیر اور نذیر بنا کر لیکن بہت سے لوگ نہیں جانتے)۔

خلاصہ یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی پر وصف نبوت سے متصف ہونا یعنی نبوت جدیدہ سے سرفراز کیا جانا ختم ہو گیا ہے اور سلسلہ نبوت آپ کی ذات گرامی پر منقطع ہو گیا اب نبوت جدیدہ سے کوئی بھی شخص متصف نہیں ہوگا۔

ختم نبوت کے منکر قرآن کے منکر ہیں اسلام سے خارج ہیں............ آپؐ کے بعد جو بھی کوئی شخص نبوت کا دعویٰ کرے وہ جھوٹا ہے' گمراہ ہے' کافر ہے اور اس کی تصدیق کرنے والے بھی گمراہ اور کافر ہیں اور آیت قرآنیہ کے منکر ہیں جس میں صاف اس بات کا اعلان فرما دیا ہے کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبیین ہیں' احادیث شریفہ صحیح اسانید کے ساتھ بہت زیادہ کثیر تعداد میں کتب حدیث میں مروی ہیں جن میں واضح طور پر یہ بتایا ہے کہ جناب محمد رسول اللہ پر نبوت اور رسالت ختم ہے' ان احادیث کو بعض اکابر نے اپنے رسائل میں جمع بھی فرمایا ہے' قرآن وحدیث کی تصریحات کے باوجود بعض لوگوں نے نبوت کا دعویٰ کیا خود بھی کافر ہوئے اور اپنے ماننے والوں کو بھی کفر پر ڈالا۔ مفسر ابن کثیرؒ (جلد ۳ ص ۴۹۴) بہت سی احادیث نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں۔ **فمن رحمة اللّٰه تعالٰى بالعباد ارسال محمد صلى اللّٰه عليه وسلم اليهم ثم من تشريفه لهم ختم الا نبياء والمرسلين به و اكمال الدين الحنيف له و قد اخبر اللّٰه تبارك و تعالٰى فى كتابه و رسوله صلى اللّٰه عليه وسلم فى السنة المتواترة عنه انه لانبى بعده ليعلموآ ان كل من ادعى هٰذا المقام بعده فهو كذاب افاك دجال ضال مضل ولو تحرق و شعبذ واتى بانواع السحر والطلاسم والنير نجيات فكلها محال وضلال عند اولى الالباب.** (یہ بندوں پر اللہ تعالیٰ کی (یہ بندوں پر اللہ تعالیٰ کی رحمت ہے کہ اس نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کی طرف بھیجا پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شان ختم نبوت بھی اور آپ پر دین حنیف کی تکمیل بھی بندوں پر رحمت ہے اور اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی احادیث میں جو کہ متواتر ہیں خبر دیدی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی نبی نہیں ہے، تاکہ سب پر واضح ہو جائے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد جو اس مقام کا دعوٰی کرے گا وہ مکار دجال، جھوٹا ہے خود بھی گمراہ ہے دوسروں کو بھی گمراہ کرنے والا ہے اگر وہ جادوگریوں کے کرشمے دکھائے جو بھی طلسم ونرنگیاں دکھائے سب عقل مندوں کے نزدیک بے کار و گمراہی ہیں۔)

خاتم النبیین بھی قرأت متواترہ ہے............ یاد رہے کہ خاتم النبیین حضرت امام عاصم کوفی کی قرأت میں بفتح التاء ہے اور ان کے علاوہ دیگر قراء کے قرآت بکسر التاء یعنی خاتم النبیین ہے' خاتم (ت کے زبر کے ساتھ) مہر کے معنی میں آتا ہے اور خاتم (ت کے زیر کے ساتھ) صیغۂ اسم فاعل ہے جس کا معنی ہے ختم کرنے والا دونوں قرائتوں کا مآل ایک ہی ہے یعنی آخر الانبیاء پس سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبیین بھی ہیں یعنی آپ کی تشریف آوری سے سلسلۂ نبوت ختم ہو گیا اور خاتم النبیین بھی ہیں یعنی آپ کی ذات گرامی کو نبیوں کے لیے مہر بنا دیا گیا جیسے مہر آخر میں لگائی جاتی ہے اسی طرح آپؐ پر سلسلۂ نبوت ختم ہو گیا اب آپ کے بعد کوئی نبی آنے والا نہیں۔

یہ دوسری قرأت جو تــــا کے زیر کے ساتھ قرأت متواترہ ہے اس کا انکار بھی کفر ہے۔ ہم نے خصوصیت کے ساتھ یہ قرأت اس لیے ذکر کی ہے کہ بعض ملحدوں نے خاتم النبیین (بفتح التاء) کا ترجمہ افضل النبیین کر کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے خاتم الانبیاء ہونے کا انکار کیا۔

گزشتہ صدی میں نصاریٰ کے کہنے سے پنجاب کے ایک آدمی (مرزا قادیانی) نے نبوت کا دعویٰ کر دیا تھا نصاریٰ کو اس سے اپنا مقصد نکالنا مقصود تھا' انہوں نے اس جھوٹے نبی سے جہاد شرعی منسوخ کرنے کا اعلان کرایا اور اسے اور اس کے ماننے والوں کو دنیاوی لالچ دے کر اپنا ہمنوا بنالیا، دنیا کے طالب اس شخص کی جھوٹی نبوت کا اقرار کرتے چلے گئے اور جب انکے سامنے آیت قرآنیہ وَلٰـكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَـاتَـمَ النَّبِيّٖنَ پیش کی گئی تو طرح طرح کی تاویلیں کر کے اس کو رد کر دیا اور آیت کے معانی اور مفاہیم اپنی طرف سے تجویز کر دیئے اور نبوت کی قسمیں بنالیں' حقیقی اور ظلی و بروزی کی تقسیم جاری کر دی تا وقت تحریر ان لوگوں کی جماعت موجود ہے جو یہود و نصاریٰ کی سرپرستی میں پرورش پاتی ہے اور اسلام اور قرآن اور مسلمانوں کی دشمنی میں برابر لگی ہوئی ہے' اللہ تعالیٰ امت مسلمہ کو ان کے شر سے بچائے' یہ ایک موٹی سی بات ہے کہ جو شخص قرآن کریم کی کسی آیت کا منکر ہو وہ نبی تو کیا ہو گا ادنیٰ درجہ کا مسلمان بھی نہیں' وہ تو ملحد اور زندیق اور کافر ہے تمام مسلمانوں کو چاہیے کہ ان ملحدوں اور زندیقوں سے چوکنا رہیں یہ لوگ ایمان کے ڈاکو ہوتے ہیں۔

وَكَانَ اللّٰـهُ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيْمًا (اور اللہ ہر چیز کا جاننے والا ہے) اس میں قرآنی اعلان کی خلاف ورزی کرنے والوں کے لیے تنبیہ ہے اور وعید ہے جو لوگ حضور خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کے بعد کسی دوسرے شخص کی نبوت کے قائل ہیں یا اسلام کے خلاف کوئی بھی عقیدہ رکھتے ہیں ایسے لوگ یوں نہ سمجھیں کہ یہ دنیا ہی سب کچھ ہے اللہ تعالیٰ کو سب کا حال ظاہر و باطن، عقیدہ و عمل معلوم ہیں وہ اس کے مطابق سزا دے گا حقیر دنیا کے لیے کفریہ عقائد اختیار کرنے والے اور کفریہ اعمال اختیار کرنے والے اللہ تعالیٰ کی وعید سے غافل نہ ہوں۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تشریف آوری ختم نبوت کے منافی نہیں.......... احادیث صحیحہ کثیرہ متواترہ سے صراحتاً اور آیت قرآنیہ وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ سے (علی احد القولین) اور آیت کریمہ وَاِنَّهٗ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ فَلَا تَمْتَرُنَّ بِهَا وَاتَّبِعُوْنِ سے (علی احد التفسیرین) یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام قیامت سے پہلے تشریف لائیں گے اور دجال کو قتل کریں گے تمام اہل السنّة و الجماعة کا اس پر اجماع ہے چونکہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعت کے تابع ہوں گے اور آپ ہی کی شریعت پر عمل کریں گے اور امت محمدیہ سے بھی اسی شریعت پر عمل کرائیں گے اور وہ آپ کے تشریف لانے سے پہلے ہی نبوت سے سرفراز تھے ایسا نہیں کہ وہ نئی نبوت لے کر آئیں گے بلکہ وہ پہلے ہی سے نبی ہیں جنہیں زندہ آسمان پر اٹھالیا گیا تھا' دنیا میں آکر دجال کو قتل کریں گے اور شادی کر کے مسلمانوں کے ساتھ رہ کر وفات پا جائیں گے۔ اس سے جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خاتم النبیین ہونے پر کوئی اثر نہیں پڑتا' شریعت محمدیہ میں جزیہ لینا مشروع ہے وہ اسے منسوخ کر دیں گے۔ اس منسوخ کرنے کی خبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پیشگی دے دی ہے لہٰذا یہ بھی آپ ہی کا منسوخ کرنا ہوا۔

حافظ جلال الدین سیوطیؒ نے نزول عیسیٰ بن مریم آخر الزمان کے نام سے ایک رسالہ لکھا ہے اس میں ''معجم الکبیر للطبرانی'' اور ''کتاب البعث والنشور للبیہقی'' سے حدیث نقل کی ہے اور اس کی سند جید بتائی ہے جس میں اس بات کی تصریح ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ملت پر ہوں گے، حدیث کے الفاظ یہ ہیں: عن عبداللّٰه بن مغفل رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللّٰه صلی اللّٰـه علیه وسلم یلبث الدجال ما شاء اللّٰه ثم ینزل عیسی بن مریم مصدقا بمحمد و علی ملته اماماً مهدیاً و حکماً عدلاً فیقتل الدجال۔ (حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جتنا عرصہ اللہ تعالیٰ چاہے گا دجال رہے گا پھر حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام نازل ہوں گے اس حال میں کہ وہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی

تصدیق کریں گے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ملت پر ہوں گے ہدایت کے امام ہوں گے حاکم و عادل ہوں گے اور پھر آپ دجال کو قتل کر دیں گے)

صحیح بخاری میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: **وَالَّذِی نفسی بیدہ لیوشکن ان ینزل فیکم ابن مریم حکمًا عدلًا**۔ (الحدیث) (باب نزول عیسیٰ علیہ السلام ص ۴۹۰)

لفظ حکماً کی تشریح کرتے ہوئے حافظ ابن حجرؒ فتح الباری جلد ۶ ص ۴۹۱ میں لکھتے ہیں: **والمعنی انہ ینزل حاکما بھٰذہ الشریعۃ فان ھٰذہ الشریعۃ باقیۃ لا تنسخ بل یکون عیسی علیہ السلام حاکماً وفیہ روایۃ اللیث عن ابن شھاب عند مسلم حکماً مقسطًا وللطبرانی من حدیث عبد اللّٰہ بن مغفل ینزل عیسیٰ ابن مریم مصدقاً بمحمد علی ملتہ۔**

(معنی یہ ہے کہ آپ شریعت محمدیہ کے مطابق فیصلے کرنے والے بن کر نازل ہوں گے کیونکہ یہ شریعت باقی ہے منسوخ نہیں ہو سکتی بلکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اسی کے مطابق حکومت کریں گے اور اسی بارے میں امام مسلم نے لیث عن ابن شہاب کی روایت لی ہے کہ حاکماً سے مراد ہے عادل حکمران اور طبرانی نے حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ کی حدیث نقل کی ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق کرنے والے ہو کر اور آپ کی ملت کے تابع ہو کر نازل ہوں گے)

امام نوویؒ شرح مسلم میں لکھتے ہیں: **ای ینزل حاکما بھٰذہ الشریعۃ لا ینزل نبیا برسالۃ مستقلۃ و شریعۃ ناسخۃ بل ھو حاکم من حکام ھٰذہ الامۃ.** (صحیح مسلم ج ۱ ص ۸۷)

(یعنی آپ شریعت محمدیہ کے مطابق فیصلے کرنے والے بن کر نازل ہوں گے مستقل نبوت و رسالت اور شریعت محمدیہ کو منسوخ کرنے والی شریعت لیکر نازل نہیں ہوں گے۔ بلکہ وہ اسی امت محمدیہ کے حاکموں میں سے ایک حاکم ہوں گے)

مطلب یہ ہے کہ سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام نازل ہوں گے اور شریعت اسلامیہ محمدیہ کے مطابق ہی فیصلہ دیں گے مستقل نبی نہ ہوں گے اور نہ مستقل شریعت لے کر آئیں گے جو جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعت کو منسوخ کردے وہ اسی امت کے حکام میں سے ایک حاکم ہوں گے، قادیانی جماعت آیت کریمہ کی تصریح کا انکار کرنے کی وجہ سے کافر ہے اور اس وجہ سے بھی کافر ہے کہ انہوں نے خاتم النبیین کے معنی میں تحریف کی ہے اور اس کا معنی افضل النبیین بتایا ہے، ان جاہلوں کو معلوم نہیں کہ قرأت میں ایک قرأت تاء کے زیر کے ساتھ بھی ہے اس کا انکار کرنا بھی کفر ہے۔

قادیانی زندیقوں کا جھوٹ.......... قادیانیوں نے ختم نبوت کا انکار کرنے کے لیے ایک یہ بات نکالی تھی کہ چونکہ حضرت مسیح علیہ السلام کے تشریف لانے کی خبر ہے اس لیے نبوت کا دروازہ بند نہیں ہوا اور ہم جسے نبی مانتے ہیں وہی مسیح ہے، ان لوگوں کی تردید کے لیے یہی کافی ہے کہ قرآن مجید میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو جگہ جگہ مسیح ابن مریم فرمایا ہے، دنیا جانتی ہے اور قادیانیوں کو بھی اس کا علم ہے کہ مرزا قادیانی کی ماں کا نام مریم نہیں تھا ملحدوں اور زندیقوں کو قرآن و حدیث ماننا نہیں ہوتا، اپنی تاویلات و تحریفات کے پیچھے چل کر ملعون ہوتے ہیں۔

یہ لوگ یوں بھی کہتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے تشریف لانے کا عقیدہ اس بات کو ظاہر کرتا ہے کہ سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر نبوت ختم نہیں ہوئی ان لوگوں کی اس بات کی تردید حضرات مفسرین کرامؒ اور علماء عظامؒ پہلے ہی کر گئے اور انہوں نے بتا دیا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام مستقل رسالت و نبوت کے ساتھ نہیں آئیں گے وہ اسی شریعت محمدیہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والتحیہ کے مطابق عمل کریں

گے اور امت محمدیہ سے متعلق اسی سے عمل کرائیں گے جبکہ قادیانی جماعت سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دین وشریعت پر نہیں ہے' اگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دین وشریعت پر ہوتے تو جہاد کو کیوں منسوخ کرتے' جہاد کو منسوخ کرنا ہی تو مرزا قادیانی کا اصل کارنامہ ہے جو اس نے نبوت کا دعویٰ کرانے والی حکومت برطانیہ کو خوش کرنے کے لیے انجام دیا تھا۔ ارے قادیانیو! شرم کرو اللہ کے سچے نبی خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کے سچے امتی بنو اور جھوٹے نبی کی نبوت کے اقرار سے توبہ کر کے اپنی جانوں کو دوزخ سے محفوظ کر لو یہ تمہاری خیر خواہی کے طور پر کہا جا رہا ہے۔ واللّٰہ علی مانقول وکیل۔

يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا ﴿۴۱﴾ وَّسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ﴿۴۲﴾ هُوَ الَّذِيْ

اے ایمان والو! اللہ کا ذکر کرو خوب کثرت کے ساتھ۔ اور صبح و شام اس کی تسبیح بیان کرو۔ وہی ہے جو تم پر

يُصَلِّيْ عَلَيْكُمْ وَمَلٰٓئِكَتُهٗ لِيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۭ وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَحِيْمًا ﴿۴۳﴾

رحمت بھیجتا ہے اور اس کے فرشتے بھی تاکہ تمہیں اندھیروں سے نکال کر نور کی طرف لے آئے۔ اور وہ ایمان والوں پر رحم فرمانے والا ہے۔

تَحِيَّتُهُمْ يَوْمَ يَلْقَوْنَهٗ سَلٰمٌ ښ وَّاَعَدَّ لَهُمْ اَجْرًا كَرِيْمًا ﴿۴۴﴾

جس دن یہ لوگ اس سے ملاقات کریں گے ان کا تحیہ سلام ہوگا اور اس نے ان کے لیے اجر کریم تیار فرمایا ہے۔

ایمان والوں کو ذکر اللہ کی کثرت کرنے کا حکم اور اس بات کی بشارت کہ اللہ اور اس کے فرشتے مؤمنین پر رحمت بھیجتے ہیں

یہ چار آیات کا ترجمہ ہے پہلی اور دوسری آیت میں اہل ایمان کو حکم دیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا خوب زیادہ ذکر کریں اور صبح وشام اس کی تسبیح بیان کریں۔ مفسرینؒ نے فرمایا ہے کہ صبح وشام تسبیح بیان کرنے کا مطلب یہ ہے کہ تمام اوقات میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کریں اور بعض حضرات نے فرمایا کہ صبح سے دن کی اور شام سے رات کی ابتداء ہوتی ہے اس لیے خصوصیت کے لیے لیل ونہار کے ابتدائی اوقات میں ذکر کرنے کا خصوصی حکم دیا تاکہ لیل ونہار کے باقی اوقات میں بھی ذکر کے لیے ذہن حاضر رہے اور قلب ولسان ذکر اللہ میں مشغول رہیں۔

ذکر اللہ کے فضائل............در حقیقت ذکر اللہ بہت بڑی عبادت ہے اور ہر وقت اس میں مشغول رہنے کی ضرورت ہے' سورۂ نساء میں فرمایا: فَاِذَا قَضَيْتُمُ الصَّلٰوةَ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِيٰمًا وَّقُعُوْدًا ۔سو جب تم نماز ادا کر چکو تو اللہ کو یاد کرو کھڑے اور بیٹھے اور اپنے پہلوؤں پر یعنی لیٹے ہوئے' انسان کی یہی تین حالتیں ہیں اور ان تینوں حالتوں میں اللہ کا ذکر کرنے کا حکم دیا ہے۔ در حقیقت ذکر ہی اس عالم کی جان ہے اور اس کے بقاء کا ذریعہ ہے۔ صحیح جلد نمبر اص ۲۴ میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ قیامت قائم نہ ہوگی جب تک زمین میں اللہ اللہ کہا جاتا رہے گا۔ دوسری عبادتوں کی روح بھی اللہ کا ذکر ہی ہے' سورۂ طٰہٰ میں فرمایا ہے: اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِيْ نماز کو میری یاد کے لیے قائم کرو۔ ذکر زبان سے بھی ہوتا ہے اور قلب سے بھی اور اللہ تعالیٰ کے ذکر سے دلوں کو اطمینان اور چین وسکون ملتا ہے جیسا کہ سورۂ رعد میں فرمایا: اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ خبردار اللہ کے ذکر سے دلوں کو اطمینان نصیب ہوتا ہے۔

حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا مثل الذی یذکر ربہ والذی لا یذکر

کمثل الحی و المیت مثال اس شخص کی جو اپنے رب کو یاد کرتا ہے اور جو یاد نہیں کرتا زندہ اور مردہ کی سی مثال ہے۔ (رواہ البخاری) معلوم ہوا کہ کھاتے پیتے رہنا اور دنیاوی مشاغل میں زندگی گزار لینا یہ کوئی زندگی نہیں ہے' زندہ وہ لوگ ہیں جو اللہ تعالیٰ کی یاد میں لگے رہتے ہیں جہاں تک ممکن ہو لیٹے بیٹھے اور کھڑے ہوئے اللہ کو یاد کرتے رہیں اور زبان کو ذکر اللہ میں لگائے رہیں۔

ایک حدیث میں فرمایا ہے کہ جنت والوں کو کسی بھی چیز کی حسرت نہ ہوگی سوائے اس ایک گھڑی کے جو دنیا میں اللہ کی یاد کے بغیر گزر گئی تھی۔

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ فرمایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ چند لوگ کسی جگہ بیٹھے انہوں نے اپنی مجلس میں اللہ کا ذکر نہ کیا اور اپنے نبی پر درود نہ بھیجا تو یہ مجلس ان کے لیے نقصان کا سبب ہوگی' پھر اگر اللہ چاہے تو ان کو عذاب دے اور اگر چاہے تو ان کی مغفرت فرمادے اور اگر کوئی شخص کسی جگہ لیٹا اور اس نے لیٹنے میں اللہ کو یاد نہ کیا تو یہ لیٹنا اس کے لیے نقصان کا سبب ہوگا اور جو شخص کسی جگہ چلا اور اس چلنے میں اس نے اللہ کو یاد نہ کیا تو اللہ کی طرف سے اس کا یہ چلنا نقصان کا باعث ہوگا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی ارشاد فرمایا کہ جو لوگ کسی جگہ بیٹھے جس میں انہوں نے اللہ کو یاد نہ کیا اور اپنے نبی پر درود نہ بھیجا تو قیامت کے دن ان کا یہ بیٹھنا حسرت اور افسوس کا باعث ہوگا اگرچہ ثواب کے لیے جنت میں داخل ہو جائیں۔ (الترغیب والترہیب جلد ۲ ص ۴۱۰'۴۰۹)

ہوشیار بندے وہی ہیں جو اپنی عمر کی ایک گھڑی بھی ضائع نہیں جانے دیتے' دنیا میں جینے کے لیے جو تھوڑے بہت شغل کی ضرورت ہے' اس میں تھوڑا بہت وقت لگایا اور اس میں بھی اللہ کا ذکر کرتے رہے اس کے بعد سارے وقت کو اللہ ہی کی یاد میں تلاوت میں تسبیح میں' تہلیل میں' تحمید میں' تکبیر میں درود شریف میں لگاتے رہتے ہیں لایعنی باتوں میں مشغول ہو کر اپنا وقت ضائع نہیں کرتے اور اپنے دل کا ناس نہیں کھوتے۔

حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ کے ذکر کے علاوہ زیادہ نہ بولا کرو کیونکہ اللہ کے ذکر کے علاوہ زیادہ بولنا قساوت قلب یعنی دل کی سختی کا سبب ہے اور بلاشبہ لوگوں میں اللہ سے سب سے زیادہ دور وہی شخص ہے جس کا دل سخت ہو۔ (رواہ الترمذی)

حضرت عبداللہ بن بسرؓ سے روایت ہے کہ ایک اعرابی یعنی دیہات کا رہنے والا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے سوال کیا کہ لوگوں میں سب سے بہتر کون ہے؟ آپؐ نے فرمایا جس کی عمر لمبی ہو اور اعمال اچھے ہوں' اس نے عرض کیا کہ کون سا عمل افضل ہے؟ آپؐ نے فرمایا یہ کہ تو دنیا سے اس حال میں رخصت ہو کہ تیری زبان اللہ کی یاد میں تر ہو۔ (رواہ الترمذی)

نماز جمعہ سے فارغ ہو کر بازار میں جانے کی اجازت دی اور کثرت سے اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے کا حکم فرمایا، سورۂ جمعہ میں ارشاد فرمایا: **فَاِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا فِي الْاَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَ اذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ** ۔ (پھر جب نماز پوری کر چکو تو زمین پر چلو پھرو، اور اللہ کے فضل سے تلاش کرو اور اللہ کو بکثرت یاد کرتے رہو تا کہ تم فلاح پاؤ)۔

اللہ تعالیٰ ذاکرین کو یاد فرماتا ہے......... سورۂ بقرہ میں فرمایا: **فَاذْكُرُوْنِيْٓ اَذْكُرْكُمْ** (سو تم مجھے یاد کرو میں تمہیں یاد کروں گا) دیکھو کتنی بڑی سعادت ہے کہ فرش خاکی کا رہنے والا جس کے اندر خون وغیرہ بھرا ہوا ہے اسے صاحب عرش اپنے دربار میں یاد فرمائیں۔

سورۂ طٰہٰ میں فرمایا: **اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِيْ** (نماز قائم کر میرے ذکر کیلیے) نماز سے پہلے اذان بھی ذکر ہے اور اقامت بھی، اذان کا جواب بھی وضو کی دعا بھی' فرضوں سے پہلے سنتیں بھی' پھر تکبیر تحریمہ سے لے کر سلام پھیرنے تک نمازی برابر ذکر میں مشغول رہتا ہے' کبھی

اللہ کے حمد وثناء میں مشغول رہتا ہے، کبھی تکبیر کہتا ہے، کبھی قرآن مجید کی تلاوت کرتا ہے، کبھی اللہ کی حمد بیان کرتا ہے، کبھی تنزیہ کلمات ادا کرتا ہے اور اپنے رب کو ہر طرح کے عیب ونقص سے پاک بتاتا ہے اور اس کے بارے میں اپنا عقیدہ ظاہر کرتا ہے اور کبھی دعا مانگتا ہے نمازی کی زبان بھی اللہ کی یاد میں لگی ہوئی ہے اور اس کے ساتھ ساتھ دل بھی اللہ کے ذکر میں مشغول ہے، قلب حاضر ہے، اعضاء متواضع ہیں، کبھی قیام میں قرأت پڑھ رہا ہے، کبھی رکوع میں تسبیح ہے، کبھی قومہ میں تحمید ہے، کبھی سجدہ میں گر گیا، جبین نیاز زمین پر رکھ دی اور رب تعالیٰ جل شانہ کی تسبیح میں مشغول ہو گیا، بندہ کے پاس اپنا عجز و نیاز اور تذلل اور عبودیت کا عملی اقرار ظاہر کرنے کے لیے اس سے زیادہ کچھ نہیں ہے کہ اشرف الاعضاء یعنی اپنے سر کو ارذل العناصر یعنی مٹی پر رکھ دیا اور اپنے رب کریم کے حضور اپنی ذات کو بالکل ذلیل کر کے پیش کر دیا۔ پھر نماز کے بعد سنن ونوافل بھی ذکر ہیں اور نماز کے بعد تسبیحات بھی، درحقیقت پانچوں نمازیں اللہ تعالیٰ کی یاد کی طرف کھینچتی ہیں، مؤمن کی زندگی سراپا ذکر ہے۔

فرش خاکی کا رہنے والا جس کے اندر خون وغیرہ بھرا ہوا ہے اسے صاحب عرش اپنے دربار میں یاد فرمائیں۔

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ بلاشبہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ میں اپنے بندہ کے ساتھ ہوں جب وہ مجھے یاد کرتا ہے اور میری یاد میں اس کے ہونٹ ہلتے ہیں۔ (رواہ البخاری)

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ میں اپنے بندہ کے گمان کے ساتھ ہوتا ہوں کہ وہ جب چاہے مجھے یاد کرے سو اگر وہ مجھے تنہائی میں یاد کرتا ہے تو میں اسے تنہا یاد کرتا ہوں اور اگر مجھے کسی جماعت میں یاد کرتا ہے تو میں اسے اس جماعت میں یاد کرتا ہوں جو اس جماعت سے بہتر ہوتی ہے[1] جس میں اس نے مجھے یاد کیا۔ (رواہ البخاری)

حافظ ابن کثیرؒ نے حضرت ابن عباسؓ سے کیسی عمدہ بات نقل فرمائی، انہوں نے فرمایا: **ان اللّٰہ تعالیٰ لم یفرض علی عبادہ فریضۃ الا جعل لھا حدا معلوما ثم و عذر اھلھا فی حال العذر غیر الذکر فان اللّٰہ تعالیٰ لم یجعل لہ حدا ینتھی الیہ و لم یعذر احدا فی ترکہ الا مغلوبا علیٰ ترکہ فقال (فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِيَامًا وَّقُعُوْدًا وَّ عَلٰى جُنُوْبِكُمْ) باللیل والنھار فی البر و البحر و فی السفر و الحضر و الغنی و الفقر و السقم و الصحۃ و السر و العلانیۃ و علی کل حال۔** مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں پر جو عبادات فرض فرمائی ہیں ان کی حد مقرر ہے اور اصحاب عذر کو (معافی یا تخفیف کی صورت میں) معذور قرار دیا ہے مگر ذکر اللہ ایسی عبادت ہے کہ اس کی نہ کوئی حد اور تعداد متعین ہے نہ کوئی خاص وقت اور زمانہ مقرر ہے، نہ اس کے لیے کوئی خاص ہیئت قیام یا نشست کی مقرر فرمائی ہے، نہ اس کے لیے طاہر اور باوضو ہونا شرط ہے، ہر وقت اور ہر حال میں بکثرت اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے کا حکم ہے، سفر ہو یا حضر، تندرستی ہو یا بیماری، خشکی میں ہو یا دریا میں، رات ہو یا دن ہر حال میں ذکر اللہ کرتے رہیں، اسی لیے اس کے ترک میں انسان کا کوئی عذر مسموع نہیں بجز

قال الطیبی، المراد ملامن الملٰئکۃ المقربین و ارواح المرسلین فلا دلالۃ علیٰ کون الملٰئکۃ افضل والاحسن ان یقال الخیریۃ من جھۃ النزاھۃ والنزاھۃ والتقدس والعلوّوھی لا تنا فی افضلیۃ البشر من جھۃ کثرۃ الثواب. (کذا فی حاشیۃ المشکوٰۃ عن اللمعات)

(علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں اس سے مراد مقرب فرشتوں اور بھیجی ہوئی روحوں کی جماعت ہے۔ یہ بات فرشتوں کے افضل واحسن ہونے کی دلیل نہیں ہے کہ کہا جائے فرشتے اپنی بے خواہشی اور معصومیت وبلندی کی وجہ سے انسان سے افضل وبہتر ہیں کیونکہ انسان کے کثرت ثواب کی وجہ سے یہ چیزیں بشریت کو کم قیمت کرنے والی نہیں ہیں۔)

اس کے کہ عقل وحواس ہی نہ رہیں اور بے ہوش ہو جائے۔

تیسری آیت میں یہ فرمایا هُوَ الَّذِیْ یُصَلِّیْ عَلَیْکُمْ وَمَلٰٓئِکَتُهٗ کہ اللہ تعالیٰ تم پر اپنی رحمت بھیجتا ہے اور اس کے فرشتے (تمہارے لیے استغفار کرتے ہیں) اس میں جو لفظ یُصَلِّیْ وارد ہوا ہے اس کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف بھی ہے اور فرشتوں کی طرف بھی۔ حضرات اکابر علماء نے فرمایا ہے کہ صلوٰۃ کی نسبت جو اللہ تعالیٰ کی طرف ہے اس سے رحمت مراد ہے یعنی اے مومنو! اللہ تم پر رحمت بھیجتا ہے اور فرشتوں کی طرف جو صلوٰۃ کی نسبت ہے اس سے استغفار مراد ہے' اس کا یہ مطلب ہوتا ہے کہ اللہ کے فرشتے تمہارے لیے رحمت کی دعا کرتے ہیں (کما فی سورۃ المؤمن: وَیَسْتَغْفِرُوْنَ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا) مزید فرمایا لِیُخْرِجَکُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوْرِ کہ تم پر اللہ کی رحمت ہونا اور تمہارے لیے فرشتوں کا استغفار کرنا اس لیے ہے کہ اللہ تمہیں اندھیروں سے روشنیوں کی طرف نکالے یعنی جہالت اور گمراہی کے اندھیروں سے نکال کر ہدایت اور یقین کے نور سے منور فرمائے۔ وَکَانَ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَحِیْمًا (اور اللہ مؤمنین پر رحم فرمانے والا ہے) یعنی وہ اہل ایمان پر دنیا میں بھی رحم فرماتا ہے اور آخرت میں بھی رحم فرمائے گا' دنیا میں ایمان کی دولت سے نوازا' کفر اور شرک سے اور بدعت سے بچایا' کھانے پینے اور پہننے اور برتنے کے لیے پاکیزہ چیزیں عطا فرمائیں اور آخرت میں انہیں امن چین' اطمینان اور نجات عطا فرمائے گا اور جنت میں داخل فرمائے گا اور فرشتے بشارت دیتے ہوئے ان سے ملاقات کریں گے۔

چوتھی آیت میں فرمایا تَحِیَّتُهُمْ یَوْمَ یَلْقَوْنَهٗ سَلٰمٌ (جس دن اللہ سے ملاقات کریں گے ان کا تحیہ سلام ہوگا) یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان پر سلام بھیجا جائے گا۔ کما قال تعالیٰ فی سورۃ یٰسٓ: سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ (اور فرشتے بھی ان پر داخل ہوں گے اور ان پر سلام پیش کریں گے۔ کما قال تعالیٰ فی سورۃ الرّعد: وَالْمَلٰٓئِکَةُ یَدْخُلُوْنَ عَلَیْهِمْ مِّنْ کُلِّ بَابٍ ۝ سَلٰمٌ عَلَیْکُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَی الدَّارِ ۝ اور بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ اس سے روح قبض ہونے کے وقت کا تحیہ مراد ہے کیونکہ جب فرشتہ مؤمن بندہ کی روح قبض کرنے کیلیے آتا ہے تو سَلٰمٌ عَلَیْکُمْ کہہ کر خطاب کرتا ہے۔ (ذکرہ فی الروح عن ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

وَاَعَدَّ لَهُمْ اَجْرًا کَرِیْمًا (اور اللہ نے ان کے لیے اجر کریم تیار فرمایا ہے) یعنی ان کے لیے عزت والا ثواب تیار فرمایا ہے' مفسر ابن کثیرؒ فرماتے ہیں کہ اجر کریم سے جنت اور وہاں کی نعمتیں اور ہر طرح کی لذتیں مراد ہیں' اول تو جنت کا داخلہ ہی بڑا اعزاز و اکرام ہے پھر اس میں جو کچھ پیش کیا جائے گا وہ بھی اعزاز کے ساتھ پیش ہوگا وہاں ہمیشہ مکرم اور معزز ہی رہیں گے۔

یٰٓاَیُّهَا النَّبِیُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰکَ شَاهِدًا وَّ مُبَشِّرًا وَّ نَذِیْرًا ۝۴۵ وَّدَاعِیًا اِلَی اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا

اے نبی بے شک ہم نے آپ کو گواہ اور بشارت دینے والا اور اللہ کے حکم سے اللہ کی طرف بلانے والا اور روشن کرنے

مُّنِیْرًا ۝۴۶ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِیْنَ بِاَنَّ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَضْلًا کَبِیْرًا ۝۴۷ وَلَا تُطِعِ الْکٰفِرِیْنَ وَالْمُنٰفِقِیْنَ

والا چراغ بنا کر بھیجا ہے۔ اور آپ مؤمنین کو خوشخبری سنا دیجئے کہ بلاشبہ اللہ کی طرف سے ان پر بڑا فضل ہے۔ اور آپ کافروں اور منافقوں کی بات نہ مانئے

وَدَعْ اَذٰىهُمْ وَتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰهِ ؕ وَکَفٰی بِاللّٰهِ وَکِیْلًا ۝۴۸

اور ان کی ایذاء کو چھوڑیئے اور اللہ پر بھروسہ کیجئے اور اللہ کافی کارساز ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صفات جمیلہ

یہ چار آیات کا ترجمہ ہے، پہلی دو آیتوں میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صفات بیان فرمائی ہیں اور تیسری آیت میں آپ کو بشارت دینے کا حکم دیا ہے اور چوتھی آیت میں کافروں اور منافقوں کا کہنا نہ ماننے کا اور ان سے جو تکلیفیں پہنچیں ان کی طرف سے دھیان نہ دینے کا اور اللہ پر بھروسہ کرنے کا حکم فرمایا ہے۔

اول تو یوں فرمایا یٰٓاَیُّھَا النَّبِیُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰکَ شَاھِدًا کہ اے نبی ہم نے آپ کو شاہد بنا کر بھیجا، شاہد گواہ کو کہتے ہیں، سورۂ بقرہ میں فرمایا ہے: وَکَذٰلِکَ جَعَلْنٰکُمْ اُمَّۃً وَّسَطًا لِّتَکُوْنُوْا شُھَدَآءَ عَلَی النَّاسِ وَیَکُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَیْکُمْ شَھِیْدًا (اور اسی طرح ہم نے تم کو ایک ایسی جماعت بنا دیا جو اعتدال والی ہے تا کہ تم لوگوں پر گواہ ہو جاؤ اور رسول تم پر گواہ ہو جائے) اور سورۂ نساء میں فرمایا فَکَیْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ کُلِّ اُمَّۃٍ بِشَھِیْدٍ وَّجِئْنَا بِکَ عَلٰی ھٰٓؤُلَآءِ شَھِیْدًا (سو کیا حال ہوگا جب ہم ہر امت میں سے ایک گواہ لائیں گے اور آپ کو ان پر گواہ بنائیں گے) اور سورۂ حج میں فرمایا: لِیَکُوْنَ الرَّسُوْلُ شَھِیْدًا عَلَیْکُمْ وَتَکُوْنُوْا شُھَدَآءَ عَلَی النَّاسِ (تا کہ رسول تم پر گواہ ہو جائے اور تم لوگوں کے مقابلہ میں گواہ بن جاؤ) ان آیتوں سے معلوم ہوا کہ آپ قیامت کے دن اپنے سے پہلی امتوں کے بارے میں گواہی دیں گے۔ سورۂ بقرہ اور سورۂ نساء کی آیات کے ذیل میں جو کچھ ہم نے لکھا ہے اس کی مراجعت فرمالیں۔

پھر فرمایا وَمُبَشِّرًا کہ آپ کو بشارت دینے والا بنا کر بھیجا، اہل ایمان کو ایمان کے منافع اور اعمال صالحہ کے اجر و ثواب کی خوشخبری دینا آپ کے کار مفوضہ میں شامل ہے۔ وَنَذِیْرًا اور آپ کو ڈرانے والا بنا کر بھیجا جیسا کہ اہل ایمان کو بشارت دینا آپ کے فرائض منصبی میں سے ہے اسی طرح اہل کفر اور اہل معصیت کو ڈرانا اور وعیدیں سنانا بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے آپ کے ذمہ کیا گیا ہے۔

عرب و عجم کے لیے، تمام ادیان والوں کیلئے اللہ تعالیٰ نے آپ کو بشیر و نذیر بنا کر بھیجا، سورۂ سباء میں ارشاد فرمایا: وَمَآ اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا کَآفَّۃً لِّلنَّاسِ بَشِیْرًا وَّنَذِیْرًا (اور ہم نے تو آپ کو تمام لوگوں کے واسطے پیغمبر بنا کر بھیجا ہے خوشخبری سنانے والے اور ڈرانے والے) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام انسانوں کو اور تمام اہل ادیان کو ایمان قبول کرنے پر آخرت کی بھلائی کی بشارت دی اور ایمان سے منحرف اور منکر ہونے پر آخرت کے عذاب سے باخبر فرمایا، یہود و نصاریٰ بھی اسی میں شامل ہیں جو اپنے پاس دین سماوی ہونے کے مدعی ہیں، سورۂ مائدہ میں فرمایا: یٰٓاَھْلَ الْکِتٰبِ قَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلُنَا یُبَیِّنُ لَکُمْ عَلٰی فَتْرَۃٍ مِّنَ الرُّسُلِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا جَآءَنَا مِنْ بَشِیْرٍ وَّلَا نَذِیْرٍ فَقَدْ جَآءَکُمْ بَشِیْرٌ وَّنَذِیْرٌ وَاللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ (اے اہل کتاب تمہارے پاس ہمارے یہ رسول آپہنچے جو کہ تم کو صاف صاف بتلاتے ہیں ایسے وقت میں کہ رسولوں کا سلسلہ موقوف تھا تا کہ یوں نہ کہنے لگو کہ ہمارے پاس کوئی بشیر اور نذیر نہیں آیا سو تمہارے پاس بشیر اور نذیر آچکے ہیں اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قدرت رکھتے ہیں) قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بشیر اور نذیر کی صفات عظیمہ سے متصف فرمایا ہے اور آپ کو شاہد بھی بتایا ہے، توریت شریف میں بھی آپ کی یہ صفات بیان فرمائی گئی ہیں۔

صحیح بخاری جلد ا ص ۲۸۵ میں حضرت عطا بن یسارؒ سے مروی ہے کہ انہوں نے بیان کیا میں نے عبداللہ بن عمرو بن عاصؓ سے ملاقات کی اور عرض کیا کہ توریت میں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت بیان کی گئی ہے اس میں مجھے باخبر فرمائیے، انہوں نے فرمایا جو آپ کی صفات قرآن شریف میں بیان کی گئی ہیں ان میں سے بعض صفات توریت میں بھی مذکور ہیں۔ یٰٓاَیُّھَا النَّبِیُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰکَ شَاھِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِیْرًا۔ اے نبی ہم نے آپ کو گواہ بنا کر اور خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا۔ (یہ الفاظ قرآنیہ کا ترجمہ ہے) اور

توریت میں مزید یہ باتیں بھی ہیں کہ آپ کو امیین یعنی عرب کی حفاظت کرنے والا بنا کر بھیجا' تو میرا بندہ ہے میں نے تیرا نام متوکل رکھا جو درشت خو اور سخت مزاج نہیں ہے اور بازاروں میں شور مچانے والا نہیں اور جو برائی کا بدلہ برائی سے نہیں دیتا لیکن معاف کرتا ہے اور بخش دیتا ہے اور اللہ اسے نہیں اٹھائے گا جب تک کہ اس کے ذریعہ کجی والی ملت کو سیدھی نہ کردے اسطرح سے کہ وہ لوگ **لا الـه الا اللّٰه** کہیں گے اور اس کے ذریعے ان کی اندھی آنکھوں کو کھول دے گا اور بہرے کانوں کو اور غلام چڑھے ہوئے قلوب کو کھول دے گا۔

وَدَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ (اور ہم نے آپ کو اللہ کی طرف بلانے والا بھیجا اللہ کے حکم سے) آپ سارے انسانوں اور سارے جنات کو توحید کی طرف اور اللہ تعالیٰ کی عبادت کی طرف بلانے والے ہیں' آپ نے بڑی محنت سے اللہ کی طرف بلایا اور اللہ کا بول بالا کیا اور اس بارے میں بڑی بڑی تکلیفیں اٹھائیں' اس میں جو لفظ **بِـاِذْنِـهٖ** وارد ہوا ہے اس کے بارے میں صاحب روح المعانی لکھتے ہیں: **ای بتسهيله و تيسره تعالى** یعنی اللہ تعالیٰ نے دعوت کا کام آپ کے لیے آسان کر دیا' تکلیفیں برداشت کرتے ہوئے آپ آگے بڑھتے رہے اور آپؐ کے سامنے ہی امت مسلمہ کی بھاری تعداد وجود میں آ گئی' دعوت کا کام ہمیشہ جاری رکھا جائے آپ کی امت بھی اس کی مخاطب ہے سورۂ آل عمران میں فرمایا ہے: **وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ** (اور تم میں سے ایسی جماعت ہو جو خیر کی طرف بلاتے ہوں اور بھلائی کا حکم دیتے ہیں اور برائیوں سے روکتے ہیں)۔

آپ کی صفات بیان کرتے ہوئے آیت کے ختم پر **وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا** بھی فرمایا یعنی ہم نے آپ کو روشن چراغ بنا کر بھیجا اس چراغ کی وجہ سے لوگ جہالت وگمراہی کی تاریکیوں سے نکلتے ہیں اور انوار ہدایت حاصل کرتے ہیں۔ حضرات اکابر نے فرمایا ہے کہ آپ کو **سـراجا مُّنِيْرًا** سے تشبیہ دینے میں اس طرف اشارہ ہے کہ آپ کی ذات گرامی سے صرف آپ کے زمانے کے انسانوں اور جنات ہی نے روشنی حاصل نہیں کی بلکہ آپ کے بعد بھی یہ روشنی رہے گی اور آپ کے علوم اور اعمال کو پہنچانے والے برابر رہیں گے جس طرح ایک چراغ سے بہت سے چراغ روشن ہو جاتے ہیں پھر ان چراغوں سے دوسرے چراغوں کو روشنی ملتی چلی جاتی ہے' اسی طرح آپ کا نور حضرات صحابہ کرام ؓ کو ملا پھر انہوں نے اسے آگے بڑھایا اور آج تک ہر استاد سے شاگرد تک پہنچ رہا ہے اور آپؐ کے جلائے ہوئے چراغوں سے برابر چراغ روشن ہیں' گو آپ کی روشنی آفتاب کی روشنی سے کہیں زیادہ ہے لیکن چونکہ ہمیشہ سے آفتاب ایک ہی آفتاب ہے پھر اس کی روشنی بھی دائمی نہیں' رات کو اندھیرا ہو جاتا ہے اور اس سے روشنی حاصل کرنا بندوں کے اختیار میں بھی نہیں اس لیے آپکی ذات گرامی کو **سـراج مـنير** سے تشبیہ دینا مناسب ہوا ایک چراغ سے بہت سے چراغ جل سکتے ہیں اور جس وقت چاہیں اس سے روشنی حاصل کر سکتا ہے۔

پھر فرمایا کہ آپ اہل ایمان کو خوشخبری سنا دیں ان کے لیے اللہ کی طرف سے بہت بڑا فضل ہے' وہ فضل دنیا میں ایمان کی دولت سے اور آخرت میں دخول جنت اور وہاں کی نعمتوں سے نوازش فرمانا ہے۔

پھر فرمایا **وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ** (اور آپ کافروں اور منافقوں کا کہنا نہ مانیئے) انہیں یہ گوارا نہیں ہے کہ آپ دعوت الی اللہ کا کام کریں اور جو کام آپ کے سپرد کیا گیا ہے یعنی تبشیر اور انذار، آپ اسے چھوڑ دیں اس سلسلے میں آپ ان کی کوئی بات نہ مانیں اور کسی طرح کی مسامحت اور مدارات اختیار نہ فرمائیں۔ **قال صاحب الروح: نهى عن مداراتهم فى امر الدعوة و لين الجانب فى التبليغ و المسامحة فى الانذار** ۔ (صاحب روح المعانی فرماتے ہیں کہ دعوت وتبلیغ کے معاملے میں کافروں کی مدارات اور ان کی رعایت اور چشم پوشی سے منع کیا گیا ہے)

وَدَعْ اَذٰهُمْ (اور ان کی ایذا کو چھوڑیئے) یعنی ان کی طرف سے جو تکلیفیں آپ کو پہنچی ہیں ان کی پرواہ نہ کیجئے اور ان پر صبر کیجئے۔

وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ (اور اللہ پر بھروسہ کیجئے) وہی مدد فرمائے گا۔ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا (اور اللہ کافی کارساز ہے) سب کچھ اسی کے سپرد کیجئے، وہی نفع وضرر کا مالک ہے، دشمنوں کی ایذاؤں سے بھی بچائے گا اور آپ کو خیریت اور عافیت سے بھی رکھے گا۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ

اے ایمان والو! جب تم مؤمن عورتوں سے نکاح کرو۔ پھر تم انہیں ہاتھ لگانے سے پہلے طلاق دے دو

فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّوْنَهَا ۚ فَمَتِّعُوْهُنَّ وَسَرِّحُوْهُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا ﴿۴۹﴾

تو تمہاری ان پر کوئی عدت نہیں جسے شمار کرو تم ان کو کچھ متاع دے دو اور انہیں خوبی کے ساتھ چھوڑ دو۔

عدت کے بعض مسائل

شریعت اسلامیہ میں نکاح اور طلاق، ادائے مہر، نان نفقہ اور طلاق کے بعد عدت گزارنے کے بہت سے احکام ہیں جو قرآن مجید میں کئی جگہ مذکور ہیں اور فقہاء کرام نے ان کو اپنی کتابوں میں لکھا ہے۔ نکاح تو بہت مبارک اور مستحسن اقدام ہے اور بعض صورتوں میں واجب بھی ہوتا ہے اور طلاق بھی شریعت اسلامیہ میں مشروع ہے لیکن اسے ابغض المباحات قرار دیا ہے اگر کوئی شخص کسی عورت سے نکاح کرلے جس سے نکاح حلال ہو تو نکاح منعقد ہو جاتا ہے، اب وہ اس کے نکاح سے اسی وقت نکلے گی جب یہ شخص مرجائے یا طلاق بائن یا مغلظہ دے دے یا طلاق رجعی دے کر عدت گزرنے تک رجوع نہ کرے۔

لفظ عِدّت عَدَّ يَعُدُّ کا مصدر ہے جس کا معنی ہے شمار کرنا، چونکہ مطلقہ اور متوفی عنها زوجها کو مہینے اور حیض شمار کرنے ہوتے ہیں تاکہ ان کے بعد کسی دوسرے مرد سے نکاح کر سکے، اس لیے دوسرے نکاح کے انتظار کے زمانہ کو عدت سے تعبیر کیا جاتا ہے جس کسی مرد نے نکاح کر کے جماع کر لیا پھر کسی وجہ سے طلاق دے دی اور عورت ایسی ہے جسے حیض آتا ہے اور حاملہ بھی نہیں ہے تو اس کی عدت تین حیض ہے اور اگر حیض والی نہیں ہے تو اس کی عدت کی مدت تین مہینے ہے اور جس عورت کو حالت حمل میں طلاق ہو جائے اس کی عدت وضع حمل پر ختم ہو جائے گی اور جس منکوحہ عورت کا شوہر مرجائے جو حمل والی نہ ہو تو اس کی عدت چار ماہ اور دس دن ہے شوہر نے اس سے جماع کیا ہو یا نہ کیا ہو اور اگر حمل والی ہے تو اس کی عدت وضع حمل ہے۔

اگر کسی عورت سے نکاح کیا اور اس سے جماع کرنے سے پہلے ہی طلاق دے دی تو کوئی عدت واجب نہیں یعنی ایسی عورت طلاق ہونے کے ساتھ ہی کسی دوسرے مرد سے نکاح کر سکتی ہے۔

طلاق دینے والے شوہر کو کوئی حق نہیں کہ اس کو عدت گزارنے کو کہے اور دوسری جگہ نکاح کرنے سے روکے، اور اسے کچھ متاع بھی دے دیں۔ لفظ مَتَاع مال کو کہتے ہیں، صورت مذکورہ میں کتنا مال دینا ہے؟ سورۂ بقرہ میں اس کو بیان فرمایا: وَاِنْ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ وَقَدْ فَرَضْتُمْ لَهُنَّ فَرِيْضَةً فَنِصْفُ مَا فَرَضْتُمْ یعنی اگر تم انہیں اس سے پہلے طلاق دے دو کہ انہیں ہاتھ لگاؤ اور حال یہ ہے کہ ان کے لیے مہر مقرر کر چکے ہو تو جو کچھ مقرر کیا ہے اس کا آدھا دے دو، اور اگر ہاتھ لگائے بغیر طلاق دے دی اور مہر مقرر نہیں کیا تھا تو ایک جوڑا کپڑے دینا واجب ہے۔ سورۂ بقرہ کی مذکورہ آیت سے پہلے جو وَمَتِّعُوْهُنَّ فرمایا ہے اس سے یہی مراد ہے، فقہاء کی اصطلاح میں اس جوڑے کو متاع کہتے ہیں، یہ جوڑا تین کپڑوں پر مشتمل ہوگا، ایک خوب بڑی چادر جس میں سر سے پاؤں تک لپٹ سکے، دوسرے دوپٹہ تیسرے کرتہ، اور یہ متاع مرد کی حیثیت کے مطابق دیا جائے گا اور اگر کسی عورت سے نکاح کے بعد جماع بھی کر لیا لیکن مہر مقرر نہیں کیا گیا

تو اس صورت میں مہر مثل واجب ہوتا ہے۔ اگر کسی عورت سے نکاح کیا بھی ہو اور اس کے ساتھ جماع بھی کیا اور پھر طلاق دے دی اور حال یہ ہے کہ مہر بھی مقرر کیا تھا تو اس صورت میں پورا مہر دینا واجب ہوگا۔

حنفیہ اور حنابلہ کے نزدیک جماع اور خلوت صحیحہ کا ایک ہی حکم ہے یعنی نکاح شدہ عورت سے خلوت صحیحہ ہوگئی تو اس میں بھی عدت واجب ہوگئی اور مقررہ مہر بھی پورا دینا ہوگا۔

قال ابن قدامة في المغني ج ۹ ص ۸۰ ولا خلاف بين اهل العلم في وجوبها على المطلقة بعد الدخول فاما ان خلابها ولم يصبها ثم طلقها فان مذهب احمد وجوب العدة عليها وروى ذلك عن الخلفاء الراشدين و زيد وابن عمرو به قال عروة و علي بن حسين و عطاء والزهري والثوري والا وزاعي والاسحق واصحاب الرأي والشافعي في قديم قوليه و قال الشافعي في الجديد لا عدة عليها، لقوله تعالىٰ يٰۤـاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّوْنَهَا (و هذا نص، ولا نها مطلقة لم تمس فاشبهت من يخل بها' ولنا اجماع الصحابة روى الامام احمد والاثرم باسناد هما عن زرارةِ بن اوفىٰ قال قضى الخلفاء الراشدون ان من ارخى سترا اَوْ اغلق بابًا فقد وجب المهر ووجبت العدة ورواه الاثرم ايضا عن الاحنف عن عمرو علي و عن سعيد بن المسيب عن عمر و زيد بن ثابت' وهذه قضايا اشتهرت فلم تنكر فصارت اجماعا' وضعف احمد ماروى في خلاف ذاك . اه (علامہ ابن قدامہ نے "المغنی" نے لکھا ہے کہ دخول کے بعد جس عورت کو طلاق دیدی جائے تو اس کے لئے حق مہر واجب ہے اس میں کسی کا اختلاف نہیں ہے لیکن اگر خاوند نے خلوت تو کی مگر وطی نہیں کی پھر طلاق دیدی تو اس کے بارے میں امام احمد کا مذہب یہ ہے کہ اس پر عدت واجب ہے اور یہی بات حضرات خلفائے راشدین، حضرت زید اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہم سے مروی ہے اور عروہ، علی بن حسین، عطاء، زہری، ثوری او زاعی، اسحاق، رائے والے اور امام شافعی اپنے پرانے قول کے مطابق یہ سب بھی اسی کے قائل ہیں کہ اس پر عدت واجب ہے، امام شافعی کا جدید قول یہ ہے اس پر عدت نہیں ہے اس آیت کی وجہ سے (فما لکم علیھن من عدۃ) اور یہ آیت اس بارے میں نص ہے کہ دخول سے پہلے طلاق میں عدت نہیں ہے اور اس وجہ سے بھی کہ وہ ایسی مطلقہ ہے جس کے ساتھ وطی نہیں ہوئی لہٰذا اس کی خلوت مشتبہ ہوگئی ہے اور ہماری دلیل صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا اجماع ہے۔ امام احمد اور اثرم نے اپنی اپنی سند کے ساتھ حضرت زرارۃ بن اوفی سے نقل کیا ہے کہ خلفائے راشدین کا فیصلہ یہ تھا کہ جس نے پردہ لٹکالیا یا دروازہ بند کر دیا تو مہر بھی واجب ہے اور عدت بھی اور اثرم نے احنف سے انہوں نے عمر و علی سے اور سعید بن المسیب سے انہوں نے عمر اور زید بن ثابت سے بھی یہی روایت کی ہے اور یہ مشہور فیصلے ہیں ان پر کسی صحابی نے نکیر نہیں کی لہٰذا اجماع ہوگیا اور اس کے خلاف جو مروی ہے امام احمد نے اسے ضعیف قرار دیا ہے۔

قال العبد الفقير : مذهب الجمهور مخالف في الظاهر الأية و هو التصريح بعدم و جوب العدة اذا طلقها و لم يمسها : و كيف ساغ للصحابة والتابعين و جمهور الفقهاء ان يختاروا خلاف ما صرحت به الأية الكريمة' هذا ما كان يختلج في قلبي' ثم ان الله تعالىٰ القى في روعي ان الله تعالىٰ انما خاطب الزوج الا ول الذى طلقها انه ليس لك ان تامرها بالعدة لان صلته انقطعت عنها فاما عدم الاعتداد في حق الزوج الثاني الذى يريد نكا حها بعد طلاق الزوج الاول و جواز النكاح بعد طلاق مباشرة فالآية الكريمة ساكتة عن ذلك' وانما جعل الجمهور الخلوة الصحيحة مثل المسيس في ايجاب العدة قطعاً للاحتمال فقديحتمل ان يكون وعدها سرًّا مع رجل يرغب

فی نکا حھا و تستعجل فی ذٰلک و تکذب فی انه لم یمسھا الزوج الا ول مع وجود المسیس و قد یمکن انه جامعھا الزوج الاول وعلقت منه و انکرت المسیس و امر المسیس لا یعلمه الا ھی والزوج الاول ‘فلو اخذ بقولھا واجیز لھا ان تَنکح زوجا اٰخر بغیر اعتداد عدة وجا معھا الزوج للثانی بعد نکا حه یختلط النسب لانه اذا ولِدَ وَلَدُ یظن الزوج الثانی انه ولده علی فراشه فیکون ذٰلک ادخالاً علی قوم من لیس منھم و ھومحترم ‘فقد روی ابو دائود عن ابی ھریرة رضی اللّٰه عنه انه سمع النبی صلی اللّٰه علیه وسلم یقول لما نزلت اٰیة الملاعنة ایما امرا ءة ادخلت علیٰ قوم من لیس منھم فلیست من اللّٰه فی شی ءٍ ولن یدخلھا اللّٰه الجنة فان قیل انھا کیف تتیقن بالعلوق من الزوج الاول ؟ قلنا یحتاط فی الانساب ما لا یحتاط فی غیرھا فنزل الجماع منزلة العلوق ‘بقی انه لم خوطب الزوج الاول بانه لیس لک علیھا عدة تعتد ھا ؟ فوجھه . واللّٰه تعالٰی اعلم .

(بندۂ عاجز کہتا ہے کہ جمہور کا مذہب آیت کے ظاہر کا مخالف نظر آتا ہے آیت میں تو وطی کے بغیر عدت نہ ہونے کی تصریح ہے تو صحابہ تابعین اور جمہور فقہاء نے آیت کی تصریح کے خلاف کیسے کیا ہے؟ یہ بات میرے دل میں کھٹک رہی تھی کہ اللہ تعالیٰ نے میرے دل میں ڈالا کہ اللہ تعالیٰ نے طلاق دینے والے پہلے خاوند سے خطاب کر کے فرمایا ہے کہ تو ایسی صورت میں اسے عدت کا حکم نہیں کر سکتا کیونکہ اس خاوند کا تعلق ختم ہو چکا ہے۔ مگر دوسرا خاوند جو اب پہلے کی طلاق کے بعد نکاح کرنا چاہتا ہے اور اس طلاق کے فوراً بعد نکاح کے بارے میں آیت کریمہ خاموش ہے۔ لہٰذا جمہور نے خلوۃ صحیحہ کو عدت کے واجب ہونے کے بارے میں وُقعۂ وطی کے قائم مقام قرار دیا ہے کہ ہو سکتا ہے کہ پہلے خاوند نے وطی کی ہو مگر یہ عورت دوسرے خاوند کی طرف رغبت کی وجہ سے کہتی ہو کہ وطی نہیں ہوئی جلدی نکاح ہو جائے اور یہ بھی ممکن ہے کہ پہلے خاوند کے جماع سے حمل ہو گیا ہو اور جماع کے معاملہ کو یہ عورت جانتی ہے یا پہلا خاوند جس نے طلاق دیدی ہے اور عورت اب اس کو چھپاتی ہے تا کہ جلدی دوسرا نکاح ہو جائے۔ اب اگر عورت کی بات کا اعتبار کیا جائے اور عدت گذارے بغیر دوسرے خاوند سے نکاح کی اجازت دیدی جائے اور نکاح کے بعد دوسرے خاوند نے جماع کر لیا تو نسب خلط ہو جائے گا تو یہ اس عورت کی طرف سے ایک قوم کے نطفہ کو دوسری قوم میں شامل کرنا ہوا ہو جو کہ حرام ہے۔ ابوداؤد نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا ہے کہ انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے جب لعان والی آیت اتری تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جس عورت نے کسی اور کا بچہ دوسری قوم میں داخل کر دیا تو اس عورت کا اللہ کے ہاں کوئی مقام نہیں ہے نہ ہی اللہ تعالیٰ اسے جنت میں داخل کرے گا اگر کوئی کہے کہ پہلے خاوند سے حمل کا یقین کیسے ہوا ہے؟ تو ہم کہتے ہیں نسب کے معاملہ میں دوسرے معاملات سے زیادہ احتیاط کی جاتی ہے لہٰذا یہاں جماع ہی کو طلاق کے قائمقام سمجھا گیا۔ باقی رہی یہ بات کہ جب دوسرے خاوند سے نکاح کے لئے احتیاط اسی میں تھی کہ وہ عورت عدت گذارے تو پھر اللہ تعالیٰ نے پہلے خاوند کو عدت گذاروانے کا حکم کیوں نہیں فرمایا؟ یہ اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتا ہے۔)

انه مامور بالسراح الجمیل فلا یعترض بشیءٍ لا صلة له به بعد قطع صلة المرء ة عن نفسه ‘والعلم عند اللّٰه الکریم . (ہوسکتا ہے یہ وجہ ہو کہ پہلا خاوند تو طلاق کے بعد حسن سلوک کا مامور ہے لہٰذا اب اسے ایسے معاملہ میں رکاوٹ نہیں بننا چاہئے کہ جس کے بارے میں اس کا تعلق عورت سے نہیں رہا کیونکہ وہ خود عورت سے اپنا تعلق کاٹ چکا ہے۔

آخر میں فرمایا: وَسَرِّ حُوْھُنَّ سَرَاحًا جَمِیْلًا (اور انہیں خوبی کے ساتھ چھوڑ دو) یعنی انہیں تنگ نہ کرو ان کا حق نصف مہر یا متاع خوشدلی کے ساتھ اور کوئی سخت بات نہ کہو اور اس کا جو حق دے چکے ہو وہ واپس نہ لو۔

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَحْلَلْنَا لَكَ اَزْوَاجَكَ الّٰتِيْٓ اٰتَيْتَ اُجُوْرَهُنَّ وَمَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ مِمَّآ اَفَآءَ

اے نبی! ہم نے آپ کے لیے یہ بیویاں حلال کر دیں جن کو آپ ان کے مہر دے چکے ہیں اور وہ عورتیں بھی حلال کیں جو آپ کی مملوکہ ہیں ان اموال میں سے جو اللہ نے آپ کو

اللّٰهُ عَلَيْكَ وَبَنٰتِ عَمِّكَ وَبَنٰتِ عَمّٰتِكَ وَبَنٰتِ خَالِكَ وَبَنٰتِ خٰلٰتِكَ

مال غنیمت میں سے دلوائے اور آپ کے چچا کی بیٹیاں اور آپ کی پھوپھیوں کی بیٹیاں اور آپ کے ماموں کی بیٹیاں اور خالاؤں کی بیٹیاں

الّٰتِيْ هَاجَرْنَ مَعَكَ ۫ وَامْرَاَةً مُّؤْمِنَةً اِنْ وَّهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ اِنْ اَرَادَ النَّبِيُّ اَنْ يَّسْتَنْكِحَهَا ۚ

جنہوں نے آپ کے ساتھ ہجرت کی اور وہ عورتیں حلال کیں جو بغیر عوض کے اپنی جان نبی کو بخش دیں اگر پیغمبر ان سے نکاح کرنا چاہیں،

خَالِصَةً لَّكَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ قَدْ عَلِمْنَا مَا فَرَضْنَا عَلَيْهِمْ فِيْٓ اَزْوَاجِهِمْ وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ

یہ آپ کے لیے مخصوص ہے نہ کہ مؤمنین کے لیے، ہم نے جان لیا جو کچھ ہم نے ان پر ان کی بیویوں اور باندیوں کے بارے میں احکام مقرر کیے

لِكَيْلَا يَكُوْنَ عَلَيْكَ حَرَجٌ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝

تاکہ آپ پر کوئی تنگی نہ ہو اور اللہ غفور ہے رحیم ہے۔

نکاح کے بعض احکام، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعض خصوصیات

حضرت خدیجہؓ کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے متعدد عورتوں سے نکاح فرمایا جن کے اسمائے گرامی آیت کریمہ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ اِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا کے ذیل میں بیان کیے جا چکے ہیں، ان بیویوں میں اکثر بیویاں مہاجرات تھیں، البتہ صفیہؓ بنت حی بن اخطب یہود خیبر کے قیدیوں میں سے اور حضرت جویریہؓ، غزوۂ بنی المصطلق کے قیدیوں میں سے تھیں ان بیویوں کو آیت بالا میں الّٰتِيْٓ اٰتَيْتَ اُجُوْرَهُنَّ میں بیان فرمایا اور آپ کی بعض سراری یعنی باندیاں بھی تھیں جنہیں وَمَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ مِمَّآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلَيْكَ میں بیان فرمایا ان باندیوں میں سے حضرت ماریہ قبطیہؓ بھی تھیں جن سے حضرت ابراہیمؑ پیدا ہوئے اور زمانہ رضاعت ہی میں وفات پا گئے۔

آیت بالا میں فرمایا کہ اے نبی! ہم نے آپ کے لیے آپ کی بیویاں حلال کر دیں، یہ وہ بیویاں ہیں جنہیں آپ ان کے مہر ادا کر چکے ہیں، مہر ادا کر دینا ازدواجی تعلقات حلال ہونے کی شرط نہیں لیکن جتنا جلدی ادا کر سکے وہ بہتر ہے خاص کر مہر معجّل تو ازدواجی تعلق قائم کرنے سے پہلے ہی دے دیں۔ قال صاحب الروح، وتقييد الا حلال له باطائها معجلة ليس لتوقف الحل عليه بل لايثار الافضل له صلى الله عليه وسلم فان فى التعجيل براءة الذمة و طيب النفس و لذا كان سنة السلف لا يعرف منهم غيره۔ (تفسیر روح المعانی والے فرماتے ہیں کہ عورتوں کے حلال کرنے کو مہر جلدی ادا کرنے کے ساتھ مقید کرنا اس لئے نہیں کہ عورت کا حلال ہونا ادائیگی مہر پر موقوف ہے نہیں بلکہ یہ اس لئے کہا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے افضل صورت کو پسند کیا گیا ہے کیونکہ جلدی مہر ادا کرنے میں ذمہ داری سے براءت ہے اور دل کی پاکیزگی ہے اسی لئے اسلاف کا طریقہ ایسا تھا کہ دوسرے اس سے قاصر ہیں)

ساتھ ہی یہ بھی فرمایا کہ ہم نے آپ کے لیے آپ کے چچا کی لڑکیاں اور آپ کی پھوپھیوں کی لڑکیاں اور آپ کے ماموں کی لڑکیاں اور آپ کی خالاؤں کی لڑکیاں حلال کر دیں جنہوں نے آپ کے ساتھ ہجرت کی' اس مضمون کو وَبَنٰتِ عَمِّكَ وَبَنٰتِ عَمّٰتِكَ وَبَنٰتِ خٰلٰتِكَ الّٰتِىْ هَاجَرْنَ مَعَكَ۔ میں بیان فرمایا ہے اللہ تعالیٰ نے آپ کے لیے ان رشتہ داروں کی بیٹیوں کو حلال تو فرما دیا لیکن ان میں سے آپ کے نکاح میں صرف حضرت زینب بنت جحشؓ آئیں جو آپ کی پھوپھی کی بیٹی تھیں' چچا کی بیٹیوں میں سے آپؐ کے نکاح میں کوئی بی بی نہیں آئیں' ان میں سے حضرت ام ہانیؓ بھی تھیں جو آپ کے چچا ابوطالب کی بیٹی اور حضرت علی ابن ابی طالبؓ کی بہن تھیں، آپ نے مکہ معظمہ میں ان کو نکاح کا پیغام دیا تھا اس وقت انہوں نے عذر پیش کر دیا' وہ فرماتی ہیں کہ جب آیت بالا نازل ہوئی تو میں آپ کے لیے حلال نہ تھی کیونکہ میں ہجرت کرنے والی عورتوں میں سے نہ تھی۔ (رواہ الترمذی)

حضرت ام ہانیؓ فتح مکہ کے دن مسلمان ہوئی تھیں ان عورتوں میں سے نہ تھیں جنہوں نے پہلے سے اسلام قبول کر کے مدینہ منورہ کو ہجرت کی تھی' بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ کسی عورت کا مہاجرہ ہونا حلت کی شرط نہیں تھی۔ حضرت ام ہانیؓ نے یہ جو فرمایا کہ میں آیت بالا نازل ہونے کے بعد آپؐ کے لیے حلال نہ تھی کیونکہ میں مہاجرات میں سے نہ تھی' یہ انہوں نے اپنے اجتہاد سے فرمایا لیکن حضرت ابن عباسؓ نے ہجرت کو شرط حلت قرار دیا۔ (کما رواہ الترمذی فی تفسیر الآیۃ الکریمہ)

اور الّٰتِىْ هَاجَرْنَ مَعَكَ بطور تغلیب ہے کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی والدہ ماجدہ مدینہ منورہ ہی کی تھیں لہٰذا ان کے بھائیوں اور بہنوں کے ہجرت کرنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا پھر سیرت کی کتابوں سے آپؐ کے ماموں اور خالاؤں کی بیٹیوں اور ان کی اولاد کا واضح پتہ نہیں چلتا۔ گو صاحب روح المعانی نے رجال اور سیر کی کتابوں سے تلاش کر کے بعض ماموؤں اور خلاؤں کا ذکر کیا ہے لیکن ان میں سے کسی کی بیٹی سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا نکاح نہیں ہوا اور ہر حال میں آیت کے مضمون پر کوئی اشکال نہیں ہے کیونکہ آیت میں تو چچا اور پھوپھی اور ماموں اور خالہ کی بیٹیوں سے نکاح کرنے کی اجازت دی ہے کوئی امر وجوبی نہیں ہے اور یوں بھی کہا جا سکتا ہے کہ آپؐ کو خطاب فرما کر آپ کی امت کو بتایا گیا ہے کہ تمہارے لیے چچا' پھوپھی' خالہ اور ماموں کی لڑکیوں سے نکاح کرنا درست ہے جیسا کہ يٰۤاَيُّهَا النَّبِىُّ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَطَلِّقُوْهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ میں مسلمانوں کو بھی طلاق دینے کا سنت طریقہ بتایا ہے بظاہر خطاب آپؐ کو ہے۔

پھر فرمایا وَامْرَاَةً مُّؤْمِنَةً اِنْ وَّهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِىِّ اِنْ اَرَادَ النَّبِىُّ اَنْ يَّسْتَنْكِحَهَا خَالِصَةً لَّكَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ (اور وہ عورت حلال کی جو بغیر عوض کے اپنی جان نبی کو بخش دے اگر پیغمبر اس سے نکاح کرنا چاہے نہ کہ مؤمنین کے لیے) اس آیت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ اختیار دیا گیا کہ اگر کوئی مسلمان عورت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنا نفس ہبہ کر دے یعنی بغیر مہر کے آپ سے نکاح کرنا چاہے اور آپ اس سے نکاح کا ارادہ کریں تو آپ کے لیے یہ نکاح حلال ہے اور یہ خاص آپؐ کے لیے ہے دوسرے مؤمنین کے لیے نہیں اگر کوئی دوسرا مسلمان کسی عورت سے نکاح کرنا چاہے اور عورت یوں کہہ دے کہ میں مہر نہیں لوں گی تب بھی مہر دینا ہوگا اور وہ مہر مثل کے بقدر ہوگا۔

آیت کریمہ میں جواز نکاح کا ذکر ہے یعنی یہ فرمایا ہے کہ نبی کے لیے ایسی عورت سے نکاح کرنا حلال ہے جو بغیر مہر کے نکاح کرنے پر راضی ہو جائے لیکن علماء کرام کا اس میں اختلاف ہے کہ کیا ایسا کوئی واقعہ پیش آیا بھی تھا یا نہیں یعنی کیا آپؐ نے کسی ایسی عورت سے نکاح کیا جس نے اپنے نفس کو بطور ہبہ پیش کیا ہو اور آپ نے نکاح فرما لیا ہو ایسی صورت پیش آئی تھی یا نہیں؟ بعض علماء نے فرمایا ہے کہ یہ

صرف اللہ تعالیٰ کی طرف سے آپ کے لیے جائز ہونے کا اعلان ہے لیکن ایسا کوئی واقعہ پیش نہیں آیا' دوسرا فریق کہتا ہے کہ ایسے واقعات پیش آئے تھے بعض عورتوں کو آپ نے اپنے نکاح میں قبول فرمالیا اور بعض کو قبول فرمانے سے انکار فرمادیا۔ بعض حضرات نے میمونہ بنت حارث ؓ کا نام بھی اس سلسلہ میں ذکر کیا ہے اور بعض حضرات نے زینب بنت خزیمہ ؓ کا نام بھی لیا ہے۔ صاحب روح المعانی نے ان کے علاوہ دوسرے نام بھی لکھے ہیں' حضرت ابن عباس ؓ سے نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کوئی ایسی عورت نہیں تھی جس نے اپنے نفس کو ہبہ کیا ہو۔

لفظ اِمْرَاۃ کے ساتھ جو لفظ مُؤْمِنَۃً کا اضافہ فرمایا ہے اس سے حضرات مفسرین کرام ؒ نے یہ استنباط کیا ہے کہ کتابی عورتوں سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو نکاح کرنا جائز نہیں تھا گو دیگر مسلمانوں کے لیے یہودیہ اور نصرانیہ سے نکاح کرنا جائز ہے (گو بہتر نہیں ہے) اور اگر ان کے میل جول سے اپنے ایمان اور اعمال اسلام میں رخنہ پڑنے کا اندیشہ ہو تو بقدر خطر کراہت میں شدت آجائے گی۔

پھر فرمایا: قَدْ عَلِمْنَا مَا فَرَضْنَا عَلَیْهِمْ فِیْٓ اَزْوَاجِهِمْ وَمَا مَلَكَتْ اَیْمَانُهُمْ (ہم نے جان لیا جو کچھ ہم نے ان پر ان کی بیویوں اور باندیوں کے بارے میں احکام مقرر کیے) یعنی آپ کے علاوہ باقی مؤمنین کے لیے جو احکام ہم نے مقرر کیے ہیں وہ ہم جانتے ہیں' آپ کے ساتھ جو خصوصی احکام ہیں وہ ان میں شریک نہیں ہیں' مثلاً عام مسلمانوں کا نکاح بطور ہبہ یعنی بغیر مہر کے نہیں ہوسکتا اور کتابی عورتوں سے انہیں نکاح کرنا جائز ہے اسی طرح سے جو مملوکہ باندیاں ہیں ان سے عام مؤمنین کا نکاح درست ہے۔

لِكَیْلَا یَكُوْنَ عَلَیْكَ حَرَجٌ (یعنی اوپر جو آپ کے لیے خصوصی احکام بیان کیے گئے یہ اس لیے ہیں کہ آپ پر کوئی تنگی نہ ہو۔ بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ اس کا تعلق ان وھبت نفسها سے ہے' مطلب یہ ہے کہ ہم نے جو بلا مہر ہبہ کرنے والی عورت سے نکاح کرنا آپ کے لیے جائز قرار دیا، یہ اس لیے ہے کہ آپ پر کوئی تنگی نہ ہو' اور بعض حضرات نے جملہ احکام مذکورہ سے متعلق کیا ہے اور مطلب یہ ہے کہ اوپر جو احکام بیان ہوئے یہ اس لیے مشروع کیے گئے کہ آپ تنگی میں نہ پڑیں۔

وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا (اور اللہ غفور ہے رحیم ہے) اس کی مغفرت اور رحمت بہت بڑی ہے۔

تُرْجِیْ مَنْ تَشَآءُ مِنْهُنَّ وَتُؤْوِیْٓ اِلَیْكَ مَنْ تَشَآءُ ؕ وَمَنِ ابْتَغَیْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ عَلَیْكَ ؕ

آپ ان میں سے جیسے چاہیں اپنے سے دور رکھیں اور جسے چاہیں اپنے نزدیک ٹھانہ دیں اور جسے آپ دور کردیں اسے طلب کریں تو اس بارے میں آپ پر کوئی گناہ نہیں

ذٰلِكَ اَدْنٰٓی اَنْ تَقَرَّ اَعْیُنُهُنَّ وَلَا یَحْزَنَّ وَیَرْضَیْنَ بِمَآ اٰتَیْتَهُنَّ كُلُّهُنَّ ؕ وَاللّٰهُ یَعْلَمُ مَا فِیْ قُلُوْبِكُمْ ؕ

یہ اس بات سے قریب تر ہے کہ ان کی آنکھیں ٹھنڈی رہیں اور وہ رنجیدہ نہ ہوں اور جو کچھ آپ ان کو دیں وہ سب اس پر راضی رہیں اور اللہ جانتا ہے جو تمہارے دلوں میں ہے

وَكَانَ اللّٰهُ عَلِیْمًا حَلِیْمًا ﴿۵۱﴾

اور اللہ جاننے والا ہے علم والا ہے۔

ازواج مطہرات ؓ کے بارے میں آپ ﷺ کو اختیار ہے کہ جسے چاہیں اپنے پاس رکھیں اور جسے چاہیں دور کردیں

آیت بالا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب ہے اور یہ فرمایا ہے کہ آپ ؐ کے نکاح میں جو عورتیں ہیں ان میں باری مقرر کرنے یا

نہ کرنے کا آپ کو اختیار ہے جس کو چاہیں باری دینے میں شامل فرما دیں اور جس کو چاہیں شامل نہ فرمائیں یعنی ازواج کے درمیان باری تقسیم کرنا آپ پر واجب نہیں ہے جیسا کہ امت کے افراد پر واجب ہے اگر آپ نے کسی کو باری میں شمار نہیں فرمایا اور اس کے بعد پھر اس کے لیے باری مقرر کرنا چاہیں تو پھر سے باری میں شامل فرما سکتے ہیں' اللہ تعالیٰ نے جب آپ کو مذکورہ بالا اختیار دے دیا اور آپ کی ازواج کو یہ معلوم ہو گیا کہ آپ کے ذمہ باری مقرر کرنا واجب نہیں ہے اور یہ بھی معلوم ہو گیا کہ آپ جو کچھ انہیں مال عطا فرمائیں گے وہ بھی محض تبرع ہوگا' تو یہ سب باتیں جانتے ہوئے اگر ان میں سے کسی کو مال نہ ملا یا باری میں شمار نہیں کی گئیں تو اس سے رنجیدہ نہ ہوں گی اور جو کچھ ملے گا اس سے راضی رہیں گی اور اس سے ان کی آنکھیں ٹھنڈی رہیں گی اور بعض حضرات نے اٰتَیۡتَھُنَّ سے مال مراد نہیں لیا بلکہ ان کے درمیان باری مقرر کرنا اور باری کا چھوڑ دینا مراد لیا ہے۔ **قال صاحب الروح** (ج ۲۲ ص ۲۳) **ای تفویض الامر الیٰ مشیئتک اقرب الیٰ قرۃ عیونھن و سرورھن و رضاھن جمیعا لانہ حکم کلھن فیہ سواء ثم ان سویت بینھن وجدن ذلک تفضلامنک و ان رجحت بعضھن علمن انہ بحکم اللّٰہ تعالیٰ فتطمئن بہ نفوسھن' وروی ھذا عن قتادۃ المراد بما اٰتَیۡتَھُنَّ علیہ ما صنعت معھن فیتناول ترک المضاجعۃ والقسم .**

(تفسیر روح المعانی کے مصنفؒ فرماتے ہیں یعنی معاملہ کا آپ کے سپرد ہونا ان کی آنکھوں کی ٹھنڈک اور ان کی خوشی و رضا کے زیادہ قریب ہے کیونکہ اس میں سب کا حکم برابر ہے۔ پھر اگر آپ ان میں برابری کریں گے تو وہ آپ کی طرف سے احسان سمجھیں گی۔ اور اگر آپ ان میں سے کسی کو ترجیح دیں گے تو وہ یہی سمجھیں گی کہ یہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے ہے اور ان کے دل مطمئن رہیں گے۔ اور یہ قتادہ سے مروی ہے۔ اور بِمَآ اٰتَیۡتَھُنَّ سے مراد ہے وہ معاملہ و سلوک جو آپ ان سے کریں گے پس یہ ساتھ لیٹنے کے ترک اور باری کی تقسیم کو شامل ہے)

وَاللّٰهُ يَعۡلَمُ مَا فِىۡ قُلُوۡبِكُمۡ ط صاحب روح المعانی لکھتے ہیں کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اور آپ کی ازواج مطہراتؓ کو خطاب ہے (جو **علی سبیل التغلیب** ہے) اور مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جو آپ کے قلب مبارک میں بعض ازواج کی طرف میلان ڈالا اور ازواج مطہراتؓ کے بارے میں جو حکم نازل ہوا جسے انہوں نے خوشی کے ساتھ قبول کیا اللہ تعالیٰ کو اس سب کا علم ہے باوجودیکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ اجازت تھی کہ جسے چاہیں دور رکھیں اور جسے چاہیں قریب رکھیں پھر بھی آپ تقسیم میں برابری فرماتے تھے اور غیر اختیاری رجحان جو کسی کی طرف تھا اس کے بارے میں اللہ تعالیٰ کے دربار میں عرض کیا: **اَللّٰھُمَّ ھٰذا قَسۡمِیۡ فیما اَملک فلا تَلُمۡنی فیما تملک ولا املک** (اے اللہ! یہ میری تقسیم ہے جو میرے اختیار میں ہے لہٰذا آپ اس پر ملامت نہ فرمایئے جو کہ آپ کے اختیار میں ہے (یعنی قلبی میلان) اور جو میرے اختیار میں نہیں ہے۔ (رواہ الترمذی)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمام بیویوں کے لیے باری مقرر کرتے تھے اور برابری فرماتے تھے البتہ حضرت سودہؓ نے اپنی باری حضرت عائشہؓ کو دے دی لہٰذا آپؐ ان کی باری حضرت عائشہؓ کو دے دیتے تھے اور سفر میں تشریف لے جاتے تھے تو قرعہ ڈالتے تھے اس طرح آپ سب کی دلداری فرماتے تھے۔

وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيۡمًا حَكِيۡمًا اور اللہ تعالیٰ جاننے والا ہے اسے سب کچھ معلوم ہے اور حلیم بھی ہے' اگر کوئی شخص اللہ کے فیصلہ پر راضی نہ ہوا سے سزا دینے میں جلدی نہیں فرماتا۔

لَا يَحِلُّ لَكَ النِّسَآءُ مِنْ بَعْدُ وَلَآ اَنْ تَبَدَّلَ بِهِنَّ مِنْ اَزْوَاجٍ وَّلَوْ اَعْجَبَكَ حُسْنُهُنَّ

اس کے بعد آپ کے لیے عورتیں حلال نہیں ہیں اور نہ یہ بات حلال ہے کہ آپ ان بیویوں کے بدلہ دوسری بیویوں سے نکاح کریں اگرچہ آپ کو ان کا حسن

اِلَّا مَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ ۗ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ رَّقِيْبًا ﴿۵۲﴾

بھلا معلوم ہو مگر جو آپ کی مملوکہ ہو اور اللہ ہر چیز کا نگران ہے۔

اس کے بعد آپ کے لیے عورتیں حلال نہیں ہیں اور نہ آپ ان بیویوں کے بدلے دوسری عورتوں سے نکاح کر سکتے ہیں

اس آیت کا مطلب ظاہری الفاظ اور سباق کے اعتبار سے یہ ہے کہ اس وقت (اس آیت کے نزول کے وقت) جو آپ کے نکاح میں عورتیں ہیں آپ انہیں کو اپنے نکاح میں رکھیں ان کے علاوہ کسی عورت سے آپ کو نکاح کرنا حلال نہیں ہے اور اس کی بھی اجازت نہیں ہے کہ ان میں سے کسی عورت کو طلاق دے کر اس کی جگہ کسی اور عورت سے نکاح کر لیں۔ حضرت انسؓ اور حضرت ابن عباسؓ سے اور دیگر ائمہ تفسیر سے آیت بالا کی یہ تفسیر منقول ہے، حضرت انسؓ نے بیان فرمایا کہ جب اللہ تعالیٰ نے آپ کی ازواج مطہراتؓ کو اختیار دے دیا کہ چاہو تو دنیا لے لو اور چاہو تو میرے پاس رہو (جس کا ذکر آیت کریمہ یٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ میں گزر چکا ہے) اور آپ ﷺ کی ازواج مطہراتؓ نے نفقہ کا مطالبہ چھوڑ کر آپ ہی کی زوجیت میں رہنا پسند کر لیا تو اللہ جل شانہ نے ان پر یہ انعام فرمایا کہ اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی کو بھی انہیں بیویوں کیلئے مخصوص فرمایا جو اس وقت آپؐ کے نکاح میں تھیں جن کی تعداد نو تھی ان کے سوا کسی سے آپ کے لیے نکاح جائز نہیں رکھا گیا۔ صاحب روح المعانی نے سنن بیہقی سے حضرت انسؓ کا یہ قول نقل کیا ہے پھر حضرت ابن عباسؓ سے بھی یہی بات نقل کی ہے (حبسه اللّٰه تعالیٰ علیهن کما حبسهن علیه علیه الصلوٰة والسلام) جب انہوں نے آپؐ کی زوجیت میں رہنے کو اختیار کر لیا تو اللہ تعالیٰ نے ان کے جذبہ کی قدردانی فرمائی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم دے دیا کہ ان کے نکاح میں ہوتے ہوئے یا ان میں سے کسی کو چھوڑ کر ان کے بدلہ میں کسی دوسری عورت سے نکاح کرنے کی اجازت نہیں ہے، ساتھ ہی وَلَوْ اَعْجَبَكَ حُسْنُهُنَّ بھی فرما دیا یعنی ان کے علاوہ کسی عورت سے نکاح کرنا آپ کے لیے اب حلال نہیں ہے اگرچہ کسی عورت کا حسن آپ کو پسند آ جائے۔

بعض حضرات نے آیت بالا کی دوسری تفسیر کی ہے وہ بھی حضرت ابن عباسؓ سے منقول ہے اور وہ یہ ہے کہ شروع آیت میں آپ کے لیے عورتوں کی جتنی اقسام حلال کی ہیں ان کے بعد یعنی ان کے علاوہ کسی اور قسم کی عورتوں سے آپ کو نکاح کرنے کی اجازت نہیں ہے، اپنے خاندان کی عورتوں سے آپؐ کے لیے صرف وہ عورتیں حلال کی گئیں جو مکہ معظمہ سے ہجرت کر کے مدینہ منورہ آ گئی تھیں غیر مہاجرات سے آپ کا نکاح حلال نہیں رکھا گیا، اسی طرح غیر مؤمنہ یعنی اہل کتاب کی عورتوں سے آپؐ کا نکاح جائز نہیں رکھا گیا۔ اور مِنْۢ بَعْدُ کا مطلب یہ ہوا کہ جتنی قسمیں آپ کے لیے حلال کر دی گئی آپ انہیں میں سے کسی عورت سے نکاح کر سکتے ہیں، اگر یہ مطلب لیا جائے تو یہ کسی نئے حکم کا اعادہ نہیں ہے بلکہ پہلے حکم ہی کی تاکید اور توضیح ہے، اس صورت میں آیت کا مطلب یہ ہوگا کہ آپ کے نکاح میں جو موجودہ نو عورتیں ہیں ان کے علاوہ کسی اور سے نکاح درست نہیں، اگر پہلی تفسیر مراد لی جائے تب بھی اس حکم کو منسوخ مانا گیا ہے۔ ام المؤمنین سیدہ

حضرت عائشہ صدیقہؓ نے فرمایا کہ آپ کا وصال ہونے سے پہلے اللہ تعالیٰ نے آپ کے لیے دیگر خواتین سے نکاح کی اجازت دے دی تھی۔ (رواہ الترمذی فی تفسیر سورۃ الاحزاب)

سرور دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے کثرت ازواج کی حکمت اور مصلحت

یہود اور نصاریٰ اور دیگر مشرک اقوام جنہیں اسلام اور داعی اسلام جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دشمنی ہے اسلام کا مقابلہ کرنے میں دلائل سے عاجز ہیں۔ عقائد اسلامیہ اور اعمال اسلامیہ کی خوبی پر اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کے خلاف کوئی معقول اعتراض نہ کر سکے لیکن ان کے اکابر نے اپنے عوام کو اسلام سے دور رکھنے اور خود بھی دور رہنے کے لیے دو چار ایسے نامعقول قسم کے اعتراضات تراش لیے جو ان کے خیال میں بہت وزنی ہیں۔ ان اعتراضات میں سے ایک اعتراض یہ ہے کہ جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت سی شادیاں کی تھیں اور آپ کے نکاح میں بہت سی بیویاں تھیں۔ درحقیقت سب سے پہلے بنیادی بات یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کے دلائل اور آپ کے معجزات کو دیکھنا چاہیے جن میں سب سے بڑا معجزہ قرآن کریم ہے، قرآن کریم نے چیلنج کیا ہے کہ قرآن جیسی کوئی سورت بنا کر لاؤ اگر تم سچے ہو! آج جبکہ قرآن کے اس چیلنج کو ڈیڑھ ہزار سال کے قریب ہو رہے ہیں کوئی فرد یا جماعت اس کی مثل بنا کر نہیں لا سکی اور لا بھی نہیں سکتے کیونکہ قرآن نے ساتھ ہی وَلَنْ تَفْعَلُوْا بھی فرما دیا ہے۔ جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کامل اور جامع دین پیش کیا، انسانی زندگی کے تمام انفرادی اور اجتماعی حالات کے قوانین بتائے۔ آداب بھی بتلائے اور اخلاق بھی سکھائے جبکہ آپؐ نے کسی سے کچھ بھی نہیں پڑھا تھا کیا یہ سب چیزیں اس بات کی دلیل نہیں ہیں کہ واقعی آپؐ اللہ کے رسول اور نبی ہیں۔ لکن الناس یعاندون الحق۔

جب دلیل سے ثابت ہو گیا کہ جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم واقعی اور بلا شک وشبہ اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں اور نبی ہیں تو آپ کی ہر بات اور ہر عمل صحیح ہے، اللہ تعالیٰ کی رضا مندی کے موافق ہے، بندوں کے لیے قانون وضع فرمانے والا اور احکام بھیجنے والا اور بعض کو بعض احکام سے مستثنیٰ فرمانے والا وہی ہے چونکہ وہ خالق اور مالک ہے اور سارے بندے اسی کی مخلوق ہیں اس لیے اسے اختیار ہے کہ جو احکام نافذ فرمائے اور جسے جس عمل کی اجازت دے دے جو دوسروں کے لیے نہ ہو۔

انہی امور میں سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے کثرت ازواج کا حلال ہونا بھی ہے، عام مؤمنین کو بشرط عدل چار بیویوں کی اجازت ہے اور آپؐ کے لیے اس سے زیادہ نکاح کرنے کی اجازت دے دی ہے۔

پھر یوں فرمایا لَا یَحِلُّ لَکَ النِّسَآءُ مِنْۢ بَعْدُ وَلَآ اَنْ تَبَدَّلَ بِهِنَّ مِنْ اَزْوَاجٍ وَّلَوْ اَعْجَبَكَ حُسْنُهُنَّ اِلَّا مَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ (اس کے بعد آپؐ کے لیے عورتیں حلال نہیں ہیں اور نہ یہ حلال ہے کہ آپ ان کے بدلہ دوسری بیویاں حاصل کر لیں اگرچہ آپ کو ان کا حسن بھاتا ہو، اِلَّا یہ کہ کوئی آپ کی باندی ہو۔

یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ اگر آپ بالفرض اللہ کے نبی نہیں تھے اور زیادہ بیویاں رکھنا محض نفسانی خواہشات کے لیے تھا تو آپ نے یہ کیوں فرمایا کہ مجھ پر آیت کریمہ لَا یَحِلُّ لَکَ النِّسَآءُ مِنْۢ بَعْدُ نازل ہوئی اور مجھے اب آئندہ نکاح کرنے سے منع فرما دیا ہے، یہ بات بالکل واضح ہے کہ جو شخص نفس ہی کا پابند ہوگا وہ اپنے اوپر ایسی پابندی کیوں لگائے گا۔

حضرت علیؓ نے عرض کیا کہ آپ کے چچا حمزہؓ کی فلاں لڑکی بہت خوبصورت ہے اس سے نکاح فرمالیں، آپؐ نے فرمایا حمزہؓ میرے

رضاعی بھائی ہیں ان کی لڑکی سے میرا نکاح حلال نہیں ہے اسی طرح بعض ازواج نے اپنی بہن سے نکاح کرنے کی گزارش کی جسے آپؐ نے نامنظور فرما دیا۔ ظاہر ہے کہ جس کو شہوت رانی سے مطلب ہو وہ قاعدہ قانون اور حرام وحلال کی پرواہ نہیں کرتا خصوصاً جبکہ جو کچھ اس کی زبان سے نکل جاتا ہو اس کے معتقدین کے نزدیک وہی قانون بن جاتا ہو۔ پھر یہ بھی سمجھنا چاہیے کہ حضرات صحابہؓ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین سب آپ کے فرمانبردار ہی نہیں بلکہ جان نثار بھی تھے اگر آپؐ چاہتے تو بہت سی کنواری لڑکیوں سے نکاح ہو سکتا تھا لیکن آپ کے نکاح میں صرف ایک بیوی ایسی تھی جس سے کنوارہ پن میں نکاح ہوا یعنی حضرت عائشہ صدیقہؓ ان سے نکاح کرنے سے امت کے لیے بہت سے احکام مشروع ہو گئے جن میں سے ایک یہ بھی ہے کہ بڑی عمر والے شخص کا کم عمر لڑکی سے نکاح جائز ہے۔ امام بخاریؒ نے اس پر مستقل باب قائم کیا ہے پھر یہ مسئلہ بھی ثابت ہوا ہے کہ سسرال ہی میں میاں بیوی کا میل ہو سکتا ہے اور دن میں بھی ہو سکتا ہے۔ روایات حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن حضرت ابوبکر صدیقؓ کے گھر میں تشریف لائے اور وہیں تنہائی اور یکجائی کا موقع دے دیا گیا اس کے علاوہ اور بھی بہت سے احکام ثابت ہوئے آپؐ قول سے بھی تعلیم دیتے تھے اور عمل سے بھی۔ آپؐ امت کی رہبری نہ فرماتے تو کون بتانے والا تھا جبکہ سب کو آپ ہی کے اتباع کا حکم دیا گیا ہے۔

حضرت عائشہ صدیقہؓ نو سال آپ کے ساتھ رہیں اس نو سال کے عرصہ میں انہوں نے بڑی بھاری تعداد میں روایات قولیہ اور فعلیہ کو محفوظ کیا اور پھر آپؐ کے بعد اڑتالیس سال تک ان کی تبلیغ فرمائی بڑی بھاری تعداد میں حضرات تابعینؒ نے آپ سے علم حاصل کیا آپ سے جو روایات مروی ہیں ان کی تعداد بائیس سو سے زیادہ ہے ہر سال حج کے لیے تشریف لے جاتی تھیں منیٰ میں جو آپ کا خیمہ ہوتا تھا وہ ایک بہت بڑا مرکزی دار العلوم بن جاتا تھا ہمیشہ سے پوری امت مسلمہ آپ کی روایت کردہ قولی اور فعلی احادیث سے مستفید ہو رہی ہے اور ہوتی رہے گی۔

تعدد ازواج کی وجہ سے تعلیمی اور تبلیغی فوائد جو امت کو حاصل ہوئے اور جو احکام امت تک پہنچے اس کی جزئیات اس قدر کثیر تعداد میں ہیں کہ ان کا احصاء دشوار ہے کتب احادیث اس پر شاہد ہیں البتہ بعض دیگر فوائد کی طرف یہاں ہم اشارہ کرتے ہیں۔

انسانی زندگی کا کوئی شعبہ ایسا نہیں ہے جس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رہبری کی ضرورت نہ ہو نماز باجماعت سے لے کر بیویوں کے تعلقات آل و اولاد کی پرورش اور پاخانہ و پیشاب اور طہارت تک کے بارے میں آپ کی قولی اور فعلی ہدایات سے کتب حدیث بھرپور ہیں۔ اندرون خانہ کیا کیا کام کیا بیویوں سے کیسے میل جول رکھا اور گھر میں آ کر مسائل پوچھنے والی خواتین کو کیا کیا جواب دیا۔ اس طرح کے سینکڑوں مسائل ہیں جن سے ازواج مطہراتؓ کے ذریعہ ہی امت کو راہنمائی ملی ہے۔ تعلیم وتبلیغ کی دینی ضرورت کے پیش نظر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے کثرت ازواج ایک ضروری امر تھا۔

حضرت ام سلمہؓ کے شوہر حضرت ابوسلمہؓ کی وفات کے بعد آپؐ نے ان سے نکاح کر لیا تھا وہ اپنے شوہر کے بچوں کے ساتھ آپؐ کے گھر تشریف لائیں ان کے بچوں کی آپؐ نے پرورش کی اور اپنے عمل سے بتا دیا کہ کس پیار و محبت سے سوتیلی اولاد کی پرورش کرنی چاہیے۔ آپ کی بیویوں میں صرف یہی ایک بیوی ہیں جو بچوں کے ساتھ آئیں اگر کوئی بھی بیوی اس طرح کی نہ ہوتی تو عملی طور پر سوتیلی اولاد کی پرورش کی تعلیم کا خانہ خالی رہ جاتا اور امت کو اس سلسلے میں کوئی ہدایت نہ ملتی۔ ان کے بیٹے حضرت عمر بن ابی سلمہؓ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی گود میں پرورش پاتا تھا۔ ایک بار آپؐ کے ساتھ کھانا کھاتے ہوئے پیالہ میں ہر جگہ ہاتھ ڈال رہا تھا آپؐ نے فرمایا سَمِّ اللّٰہَ وَ کُلْ بِیَمِیْنِکَ وَکُلْ مِمَّا یَلِیْکَ (اللہ کا نام لے کر کھا۔ داہنے ہاتھ سے کھا اور سامنے سے کھا) (بخاری ومسلم)۔

حضرت ام سلمہؓ کی مرویات کی تعداد تین سو اٹھتر (۳۷۸) تک پہنچی ہوئی ہے۔

حضرت جویریہؓ ایک جہاد میں قید ہو کر آئی تھیں، دوسرے قیدیوں کی طرح یہ بھی تقسیم میں آ گئیں، اور ثابت بن قیس یا ان کے چچازاد بھائی کے حصہ میں ان کو لگا دیا گیا، لیکن انہوں نے اپنے آقا سے اس طرح معاملہ کر لیا کہ اتنا اتنا مال تم کو دوں گی مجھے آزاد کر دو، یہ معاملہ کر کے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئیں اور مالی امداد کی درخواست کی۔ آپؐ نے فرمایا اس سے بہتر بات تمہیں نہ بتا دوں؟ وہ یہ کہ میں تمہاری طرف سے مال ادا کر دوں اور تم سے نکاح کر لوں، انہوں نے بخوشی منظور کر لیا۔ آپؐ نے ان کی طرف سے مال ادا کر کے نکاح فرما لیا، ان کی قوم کے سینکڑوں افراد حضرات صحابہؓ کی ملکیت میں آ چکے تھے کیونکہ وہ سب لوگ قیدی ہو کر آئے تھے، جب صحابہؓ کو پتہ چلا کہ جویریہؓ آپؐ کے نکاح میں آ گئی ہیں تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے احترام کے پیش نظر سب نے اپنے اپنے غلام باندی آزاد کر دیئے۔ سبحان اللہ! حضرات صحابۂ کرامؓ کے ادب کی کیا شان تھی۔ اس جذبہ کے پیش نظر کہ یہ لوگ اب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے سسرال والے ہو گئے ہیں ان کو غلام بنا کر کیسے رکھیں، سب کو آزاد کر دیا۔ حضرت عائشہ صدیقہؓ اس واقعہ کے متعلق فرماتی ہیں: **فلقد اعتق بتزوجہ ایاھا مائۃ اھل بیت من بنی المصطلق فما اعلم امراۃ اعظم برکۃ علی قومھا منھا** . (الاستیعاب والاصابہ)

(آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے جویریہؓ سے نکاح کر لینے سے بنو المصطلق کے سو (۱۰۰) گھرانے آزاد ہوئے، میں نے کوئی عورت ایسی نہیں دیکھی جو جویریہؓ سے بڑھ کر اپنی قوم کے لیے بڑی برکت والی ثابت ہوئی ہو)۔

حضرت ام حبیبہؓ نے اپنے شوہر کیساتھ ابتداء اسلام ہی میں مکہ میں اسلام قبول کیا تھا اور پھر دونوں میاں بیوی ہجرت کر کے قافلے کے دوسرے افراد کے ساتھ حبشہ چلے گئے وہاں ان کا شوہر نصرانی ہو گیا اور چند دن کے بعد مر گیا، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے شاہ حبشہ نجاشی کے واسطہ سے ان کے پاس نکاح کا پیغام بھیجا جسے انہوں نے قبول کر لیا اور وہیں حبشہ میں نجاشی ہی نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ان کا نکاح کر دیا، دلچسپ بات یہ ہے کہ حضرت ام حبیبہؓ حضرت ابوسفیانؓ کی صاحبزادی تھیں اور حضرت ابوسفیانؓ اس وقت اس گروہ کے سرخیل تھے جس نے اسلام دشمنی کو اپنا سب سے بڑا مقصد قرار دیا تھا اور وہ مسلمانوں کو اور پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو اذیت دینے سے باز نہیں آتے تھے اور انہیں فنا کے گھاٹ اتار دینے کی فکر میں رہتے تھے، جب ان کو اس نکاح کی اطلاع ہوئی تو بلا اختیار ان کی زبان سے یہ الفاظ نکلے: هُوَ الْفَحْلُ لَا يُجْدَعُ اَنْفُهٗ (یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم جوانمرد ہیں ان کی ناک نہیں کاٹی جا سکتی) مطلب یہ کہ وہ بلند ناک والے معزز ہیں ان کو ذلیل کرنا آسان نہیں، ادھر تو ہم ان کو ذلیل کرنے کی تیاریوں میں لگے ہوئے ہیں اور ادھر ہماری لڑکی ان کے نکاح میں چلی گئی۔

غرض اس نکاح سے کفر کے ایک قائد کے حوصلے پست ہو گئے اور اس نکاح کی وجہ سے جو سیاسی فائدہ اسلام اور مسلمانوں کو پہنچا اس کی اہمیت اور ضرورت سے انکار نہیں کیا جا سکتا اور یقین سے کہا جا سکتا ہے کہ خدا کے مدبر اور حکیم رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے اس فائدہ کو ضرور پیش نظر رکھا ہو گا۔

اور اس کثرت ازدواج کی حقیقت بھی سن لیجئے کہ کس طرح وجود میں آئی پچیس سال کی عمر سے لے کر پچاس سال کی عمر شریف ہونے تک تنہا حضرت خدیجہؓ آپؐ کی زوجہ رہیں، ان کی وفات کے بعد حضرت سودہؓ اور حضرت عائشہؓ سے نکاح ہوا لیکن صغرسنی کی وجہ سے حضرت عائشہؓ اپنے والد کے گھر ہی رہیں، پھر چند سال کے بعد سن ۲ ہجری میں مدینہ منورہ میں حضرت عائشہؓ کی رخصتی عمل میں آئی، اس

وقت آپ کی عمر چوون سال ہو چکی ہے اور دو بیویاں اس عمر میں جمع ہوئی ہیں، یہاں سے تعدد ازواج کا معاملہ شروع ہوا، اس کے ایک سال بعد حضرت حفصہؓ سے نکاح ہوا، پھر کچھ ماہ بعد حضرت زینب بنت خزیمہؓ سے نکاح ہوا، انہوں نے صرف اٹھارہ ماہ آپ کے نکاح میں رہ کر وفات پائی، ایک قول کے مطابق تین ماہ آپؐ کے نکاح میں زندہ رہیں، پھر ۴ ہجری میں حضرت ام سلمہؓ سے نکاح ہوا، پھر ۵ ہجری میں حضرت زینب بنت جحشؓ سے نکاح ہوا، اس وقت آپؐ کی عمر شریف اٹھاون سال ہو چکی تھی اور اتنی بڑی عمر میں آ کر چار بیویاں جمع ہوئیں، ان کے بعد ۶ ہجری میں حضرت جویریہؓ سے اور ۷ ہجری میں حضرت ام حبیبہؓ اور حضرت صفیہؓ اور حضرت میمونہؓ سے نکاح ہوا۔

خلاصہ......... یہ کہ چوون برس کی عمر تک آپؐ نے صرف ایک بیوی کے ساتھ گزارہ کیا، یعنی پچیس سال حضرت خدیجہؓ کے ساتھ اور چار پانچ سال حضرت سودہؓ کے ساتھ گزارے پھر اٹھاون سال کی عمر میں چار بیویاں جمع ہوئیں اور باقی ازواج مطہراتؓ دو تین سال کے اندر حرم نبوت میں آئیں اور ۱۰ ہجری میں آپؐ نے وفات پائی۔

اور یہ بات خاص طور سے قابل ذکر ہے کہ ان سب بیویوں میں صرف ایک ہی عورت ایسی تھیں جن سے کنوارے پن میں نکاح ہوا یعنی ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہؓ ان کے علاوہ باقی سب ازواج مطہراتؓ بیوہ تھیں جن میں بعض کے دو شوہر پہلے گزر چکے تھے، اور یہ تعداد بھی آخر عمر میں آ کر جمع ہوئی۔

اسلام کے بلند مقاصد اور پورے عالم کی انفرادی و اجتماعی، خانگی اور ملکی اصلاحات کی فکر کو دنیا کے شہوت پرست انسان کیا جانیں، وہ تو سب کو اپنے اوپر قیاس کر سکتے ہیں، اسی کے نتیجے میں کئی صدی سے یورپ کے ملحدین اور مستشرقین نے اپنی ہٹ دھرمی سے فخر عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے تعدد ازواج کو ایک خالص جنسی اور نفسانی خواہش کی پیداوار قرار دے رکھا ہے اگر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت پر ایک سرسری نظر ڈالی جائے تو ایک ہوش مند منصف مزاج کبھی بھی آپؐ کی کثرت ازواج کو اس پر محمول نہیں کر سکتا۔

آپؐ کی معصوم زندگی قریش مکہ کے سامنے اس طرح گزری کہ سب سے پہلے پچیس سال کی عمر میں ایک سن رسیدہ صاحب اولاد بیوہ (جس کے دو شوہر فوت ہو چکے تھے) سے عقد کیا اور پچیس سال تک ان ہی کے ساتھ گزارہ کیا، وہ بھی اس طرح کہ مہینہ مہینہ گھر چھوڑ کر غار حرا میں مشغول عبادت رہتے تھے، اس کے بعد جو دوسرے نکاح ہوئے پچاس سالہ عمر شریف گزر جانے کے بعد ہوئے، یہ پچاس سالہ زندگی اور عنفوان شباب کا سارا وقت اہل مکہ کی نظروں کے سامنے تھا، کبھی کسی دشمن کو بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف کوئی ایسی چیز منسوب کرنے کا موقع نہیں ملا جو تقویٰ و طہارت کو مشکوک کر سکے، آپؐ کے دشمنوں نے آپؐ پر ساحر، شاعر، مجنون، کذاب، مفتری جیسے الزامات تراشنے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی لیکن آپ کی معصوم زندگی کے بارے میں کوئی ایک حرف کہنے کی بھی جرات نہیں ہوئی جس کا تعلق جنسی اور نفسانی جذبات کی بے راہ روی سے ہو۔

ان حالات میں کیا یہ بات غور طلب نہیں ہے کہ چڑھتی جوانی سے لے کر پچاس سال کی عمر ہو جانے تک اس زہد و تقویٰ اور لذائذ دنیا سے یکسوئی میں گزارنے کے بعد وہ کیا داعیہ تھا جس نے آخر عمر میں آپؐ کو متعدد نکاحوں پر آمادہ کیا، اگر دل میں ذرا سا بھی انصاف ہو تو ان متعدد نکاحوں کی وجہ اس کے علاوہ کچھ نہیں بتلائی جا سکتی جس کا اوپر ذکر کیا گیا ہے۔ وَمَا يَتَذَكَّرُ اِلَّا مَنْ يُّنِيْبُ ۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ اِلَّاۤ اَنْ يُّؤْذَنَ لَكُمْ اِلٰى طَعَامٍ غَيْرَ نٰظِرِيْنَ

اے ایمان والو! نبی کے گھروں میں مت جایا کرو مگر جس وقت تم کو کھانے کے لیے اجازت دی جائے ایسے طور پر کہ اس کی تیاری کے منتظر نہ رہو

اِنٰىهُ ۙ وَلٰكِنْ اِذَا دُعِيْتُمْ فَادْخُلُوْا فَاِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا وَلَا مُسْتَاْنِسِيْنَ لِحَدِيْثٍ ؕ اِنَّ ذٰلِكُمْ

لیکن جب تم کو بلایا جائے تو داخل ہو جایا کرو، پھر جب کھانا کھا چکو تو اٹھ کر چلے جایا کرو اور باتوں میں جی لگا کر مت بیٹھے رہا کرو، اس بات سے

كَانَ يُؤْذِى النَّبِىَّ فَيَسْتَحْىٖ مِنْكُمْ ۫ وَاللّٰهُ لَا يَسْتَحْىٖ مِنَ الْحَقِّ ؕ وَاِذَا سَاَلْتُمُوْهُنَّ مَتَاعًا فَسْـَٔلُوْهُنَّ

نبی کو ناگواری ہوتی ہے سو وہ تمہارا لحاظ کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ صاف صاف بات کہنے میں لحاظ نہیں فرماتا، اور جب تم ان سے کوئی چیز مانگو تو پردہ

مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ ؕ ذٰلِكُمْ اَطْهَرُ لِقُلُوْبِكُمْ وَقُلُوْبِهِنَّ ؕ وَمَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُؤْذُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلَآ اَنْ

کے باہر سے مانگا کرو، یہ بات تمہارے دلوں کے پاک رہنے کا عمدہ ذریعہ ہے اور تم کو یہ جائز نہیں ہے کہ رسول کو کلفت پہنچاؤ اور نہ

تَنْكِحُوْٓا اَزْوَاجَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖٓ اَبَدًا ؕ اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمًا ﴿۵۳﴾ اِنْ تُبْدُوْا شَيْـًٔا اَوْ تُخْفُوْهُ فَاِنَّ

یہ جائز ہے کہ تم ان کے بعد ان کی بیویوں سے کبھی بھی نکاح کرو، بے شک تمہاری یہ بات خدا کے نزدیک بڑی بھاری ہوگی۔ اگر تم کسی چیز کو ظاہر کرو گے یا اسے پوشیدہ رکھو گے

اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيْمًا ﴿۵۴﴾

تو اللہ تعالیٰ ہر چیز کا جاننے والا ہے۔

نزول آیت حجاب کا واقعہ

حضرت انسؓ کا بیان ہے کہ جب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زینبؓ (بنت جحش) سے نکاح کیا (اور ولیمہ کھانے کے لیے آپؐ کے دولت کدہ پر) لوگ حاضر ہوئے تو طعام ولیمہ کھا کر وہیں باتیں کرتے ہوئے بیٹھے رہ گئے، حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے (چاہا کہ وہ لوگ اٹھ جائیں لہٰذا آپؐ نے) ایسا طرز اختیار فرمایا جیسے کہ آپ اٹھ رہے ہیں (اور وجہ اس کی یہ تھی کہ آپؐ کے مزاج میں وسعت اخلاق کے باعث لحاظ بہت تھا اس وجہ سے آپؐ نے صاف طور سے یہ نہ فرمایا کہ چلے جاؤ) وہ آپؐ کو اٹھتے دیکھ کر بھی نہ اٹھے جب آپؐ نے یہ حال دیکھا تو اٹھ کر چلے گئے، آپؐ کے اٹھ جانے پر کچھ آدمی تو چلے گئے اور کچھ رہ گئے۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم (حضرت عائشہؓ کے دروازے تک جا کر یہ سمجھتے ہوئے) واپس ہوئے کہ وہ لوگ نکل گئے ہوں گے۔ جب تشریف لائے تو دیکھا کہ وہ لوگ بیٹھے ہوئے ہیں (لہٰذا آپؐ پھر واپس ہو گئے) اس کے بعد وہ لوگ کھڑے ہوئے اور چلے گئے میں نے ان کے چلے جانے کی خبر آپؐ کو دی، آپؐ تشریف لائے یہاں تک کہ گھر میں داخل ہو گئے میں بھی آپؐ کے ساتھ داخل ہونے لگا تو آپؐ نے (مجھ کو روک دیا اور میرے اور اپنے درمیان پردہ ڈال دیا اور اللہ تعالیٰ نے آیت يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِىِّ (آخر تک) نازل فرمائی۔

یہ قصہ بخاری شریف میں کہیں اجمالاً کہیں تفصیلاً کئی جگہ مروی ہے۔ حضرت انسؓ بچپن سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں رہا کرتے تھے جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہجرت فرما کر مدینہ منورہ تشریف لائے اس وقت حضرت انسؓ کی عمر دس سال کی تھی اور آپؐ نے حضرت زینبؓ سے ۵ ہجری میں نکاح فرمایا لہٰذا اس حساب سے اس واقعہ کے وقت حضرت انسؓ کی عمر پندرہ سال ہوئی۔ چونکہ وہ پہلے سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے گھروں میں آیا جایا کرتے تھے اسی وجہ سے جب وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے چلے جانے کے بعد گھر میں داخل ہونے لگے تو حضرت انسؓ نے بھی آپؐ کے ہمراہ اندر جانے کا ارادہ کیا مگر چونکہ اس اثنا میں پردہ کا حکم آ چکا تھا اس لیے

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو گھر کے اندر جانے سے روک دیا۔ حضرت انسؓ چونکہ شروع واقعہ سے آخر تک موجود تھے اس لیے فرمایا کرتے تھے انا اعلم الناس بھٰذہ (یعنی میں پردہ کی آیت کے متعلق سب لوگوں سے زیادہ علم رکھتا ہوں)

اس آیت میں متعدد احکام بیان فرمائے ہیں، پہلا حکم یہ ہے کہ نبی کے گھروں میں داخل مت ہوا کرو، ہاں اگر تمہیں کھانے کے لیے بلایا جائے تو داخل ہو جاؤ لیکن اس صورت میں بھی ایسا نہ کرو کہ جلدی پہنچ جاؤ اور کھانے کے انتظار میں بیٹھے رہو، دوسرا حکم یہ فرمایا کہ جب کھانا کھا چکو تو وہاں سے منتشر ہو جاؤ، وہاں سے اٹھ کر چلے جاؤ، ایسا نہ کرو کہ کھانا کھا کر وہاں بیٹھے ہوئے باتیں کرتے رہو اور باتوں میں جی لگائے رہو کیونکہ اس سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ناگواری ہوتی ہے وہ تمہارا لحاظ کرتے ہیں اور زبان سے نہیں فرماتے کہ اٹھ کر چلے جاؤ، اللہ تعالیٰ تمہیں صاف بتاتا ہے اور صاف حکم دیتا ہے کہ تم کھانا کھا کر چلے جاؤ نبی کریم کو تکلیف نہ دو۔

تیسرا حکم یہ دیا کہ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہراتؓ سے کوئی چیز مانگو تو پردہ کے پیچھے سے طلب کرو، اس میں پردہ کا اہتمام کرنے کا حکم فرما دیا کہ مردوں کو کوئی چیز طلب کرنا ہو تو وہ بھی پردہ کے پیچھے سے طلب کریں اور عورتیں بھی سامنے نہ آئیں، کوئی چیز دینا ہو تو وہ بھی پردہ کے پیچھے سے دیں، پردہ کے اس اہتمام پر مزید زور دیتے ہوئے فرمایا ذٰلِكُمْ اَطْهَرُ لِقُلُوْبِكُمْ وَقُلُوْبِهِنَّ یہ بات تمہارے دلوں اور ان کے دلوں کے پاک رہنے کا عمدہ ذریعہ ہے۔

چوتھا حکم یہ دیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایذا مت پہنچاؤ جو لوگ گھر میں بیٹھے رہ گئے تھے ان سے آپ کو ایذا پہنچی تھی، وہ ایک وقتی اور خاص قسم کی ایذا تھی اس کے بعد عمومی حکم فرما دیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کبھی بھی کسی بھی قسم کی ایذا مت پہنچاؤ۔

پانچواں حکم فرمایا کہ نبی کے بعد ان کی بیویوں سے نکاح مت کرنا، اس سورت کے پہلے رکوع میں فرمایا کہ وَاَزْوَاجُهٗٓ اُمَّهٰتُهُمْ کہ آپؐ کی بیویاں امت کی مائیں ہیں اور یہاں فرمایا ہے کہ آپؐ کے بعد آپؐ کی بیویوں سے کسی کو نکاح کرنے کی اجازت نہیں ہے، یہ حکم ان پاک بیبیوں کے اکرام و احترام کی وجہ سے ہے، مزید فرمایا: اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمًا (بلاشبہ یہ اللہ کے نزدیک بڑی بھاری بات ہے) یعنی بہت بڑی معصیت ہے، نہ گناہ کا ارادہ کرو نہ گناہ کرو۔ اسی کو فرمایا اِنْ تُبْدُوْا شَيْئًا اَوْ تُخْفُوْهُ اگر تم ظاہراً کوئی گناہ کرو گے یا اسے پوشیدہ رکھو گے تو دونوں گناہ اللہ تعالیٰ کے علم میں ہوں گے وہ ظاہر کو بھی جانتا ہے اور پوشیدہ کو بھی 'فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا (وہ ہر چیز کا خوب جاننے والا ہے)

واضح رہے کہ جو احکام اوپر مذکور ہوئے ہیں ان میں صرف ایک حکم ایسا ہے جو آنحضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی کے ساتھ مخصوص ہے یعنی یہ کہ آپؐ کے بعد آپ کی بیوی سے کسی کا بھی نکاح جائز نہیں، باقی احکام سب کے لیے برابر ہیں، نہ تو کسی کے یہاں بغیر بلائے دعوت میں جائے اور نہ بلائے جانے کی صورت میں کھانا پکنے کے انتظار میں اس کے گھر میں جا کر بیٹھا رہے اور نہ کھانا کھا کر وہاں بیٹھ کر باتوں میں مشغول رہے بلکہ کھانا کھا کر وہاں سے چلا جائے، اگر کسی نامحرم عورت سے کوئی چیز طلب کرنی ہو تو پردہ کے پیچھے سے طلب کریں، نہ عورت سامنے آئے نہ مرد عورت کو دیکھیں، آج کل کے بعض جاہل جو پردہ کے دشمن ہیں، انہوں نے یہ جاہلانہ نکتہ نکالا ہے کہ چہرہ کا پردہ کرنے کا حکم صرف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہراتؓ کے لیے ہے، غور کرنے کی بات ہے کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہراتؓ کے بارے میں امت کے افراد کو یہ حکم ہے کہ پردہ کے پیچھے سے سوال کریں حالانکہ ان کو مسلمانوں کی مائیں بتایا گیا ہے تو دوسری عورتوں سے بغیر پردہ کے سامنے ہو کر بات چیت یا کوئی چیز طلب کرنے کی کیونکر اجازت ہو سکتی ہے، خصوصاً اس زمانے میں جو فساد اور فتنوں کا دور ہے۔

پردہ کے بارے میں ہم نے ضروری مضمون سورۂ مومنوں کی آیت وَقُلْ لِّلْمُؤْمِنَاتِ يَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ اوراس سورت کی آیت وَقَرْنَ فِیْ بُیُوْتِکُنَّ کے ذیل میں لکھ دیا ہے اور آئندہ رکوع کی پہلی آیت کے ذیل میں بھی اس بارے میں کچھ لکھیں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

لَا جُنَاحَ عَلَيْهِنَّ فِيْٓ اٰبَآئِهِنَّ وَلَآ اَبْنَآئِهِنَّ وَلَآ اِخْوَانِهِنَّ وَلَآ اَبْنَآءِ اِخْوَانِهِنَّ

ان بیویوں پر کوئی گناہ نہیں ہے اپنے باپوں کے بارے میں اور اپنے بیٹوں کے بارے میں اور اپنے بھائیوں کے بارے میں اور اپنے بھتیجوں کے بارے میں

وَلَآ اَبْنَآءِ اَخَوٰتِهِنَّ وَلَا نِسَآئِهِنَّ وَلَا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ ۚ وَاتَّقِيْنَ اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ

اور اپنے بھانجوں کے بارے میں اور اپنی عورتوں کے بارے میں اور اپنی لونڈیوں کے بارے میں، اور اللہ سے ڈرتی رہو،

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدًا ﴿۵۵﴾

بلاشبہ اللہ تعالیٰ ہر چیز پر حاضر ہے۔

عورتوں کو اپنے محرموں کے سامنے آنے کی اجازت ہے

روح المعانی میں لکھا ہے کہ جب آیت حجاب نازل ہوئی تو ازواج مطہراتؓ کے آباؤ، ابناء اور اقارب نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ! (صلی اللہ علیہ وسلم کیا ہم بھی ان سے پردہ کے پیچھے سے بات کیا کریں، اس پر آیت بالا نازل ہوئی اور ازواج مطہراتؓ کو اجازت دے دی گئی کہ اپنے باپوں اور بیٹوں اور اپنے بھائیوں کے بیٹوں اور بہنوں کے بیٹوں کے سامنے آسکتی ہیں۔

صاحب روح المعانی لکھتے ہیں: و فی حکمهم کل ذی رحم محرم من نسب او رضاع علی ماروی ابن سعد عن الزهری (ج ۲۲ص ۴۷) یعنی آیت کریمہ میں چار رشتوں کا ذکر ہے، دوسرے جو محرم ہیں نسب سے ہوں یا رضاع سے ان کا بھی یہی حکم ہے پھر لکھا ہے کہ آیت کریمہ میں چچا اور ماموں کا ذکر نہیں ہے کیونکہ دونوں والدین کی طرح سے ہیں۔

محرموں سے پردہ نہ کرنے کی اجازت کے ساتھ ہی وَلَا نِسَآئِهِنَّ فرمایا ہے یعنی مسلمان عورتوں سے بھی ان کا کوئی پردہ نہیں ہے البتہ کافر عورتوں کے سامنے نہ آئیں اگرچہ کتابیہ یعنی یہودیہ یا نصرانیہ ہوں۔

مزید فرمایا: وَلَا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ اور جن کے مالک ہیں انکے سامنے آنے میں بھی پردہ نہیں۔ حضرت امام ابوحنیفہؒ نے فرمایا کہ اس سے باندیاں مراد ہیں، اپنے غلاموں کے سامنے بھی آنا جائز نہیں ہے۔ سورۂ نور کی آیت: وَقُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ يَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ میں بھی ان رشتہ داروں کا ذکر ہے جن سے پردہ کرنا واجب نہیں ہے وہاں چند مزید رشتے ذکر فرمائے سورۂ نور کی آیت کی تفسیر ملاحظہ کر لی جائے۔ سورۂ نور میں جو اَوْ نِسَآئِهِنَّ اور یہاں سورۂ احزاب میں وَلَا نِسَآئِهِنَّ فرمایا ہے اس میں جو ضمیر مضاف الیہ ہے اس سے واضح ہو رہا ہے کہ مسلمان عورت کو کافر عورت کے سامنے آنا جائز نہیں۔

سورۂ نور میں مؤمن عورتوں کو جو پردہ کا حکم دیا ہے، اور محارم کے سامنے آنے کی اجازت دی ہے اس کے عموم میں ازواج مطہراتؓ بھی آجاتی ہیں اس کے باوجود یہاں خصوصیت کے ساتھ ازواج مطہراتؓ کا محارم کے سامنے آنا علیحدہ سے بھی ذکر فرمادیا جس سے یہ احتمال رفع ہوگیا کہ شاید انہیں محارم کے سامنے بھی آنا جائز نہ ہو۔

وَ اتَّقِيْنَ اللّٰهَ (اور اللہ سے ڈرتی رہو) اس میں التفات ہے جو غیوبت سے خطاب کی طرف ہے اللہ تعالیٰ نے خطاب کے صیغے کے ساتھ ازواج مطہرات کو خطاب فرمایا کہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتی رہو کیونکہ تقویٰ ہی ہر نیکی کی بنیاد ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ شَهِيْدًا (بلاشبہ اللہ ہر چیز پر حاضر ہے یعنی وہ ہر چیز کو دیکھتا ہے اس سے کوئی چیز پوشیدہ نہیں در حقیقت یہ یقین اور استحضار کہ اللہ تعالیٰ حاضر ناظر ہے دلوں میں تقویٰ پیدا ہونے اور اس کے استحضار کے لیے بڑا اکسیر ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ۭ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ﴿۵۶﴾

بے شک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے رحمت بھیجتے ہیں ان پیغمبر پر، اے ایمان والو تم بھی آپ پر رحمت بھیجا کرو اور خوب سلام بھیجا کرو۔

اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوٰۃ بھیجتے ہیں، اے مسلمانو! تم بھی نبی ﷺ پر صلوٰۃ وسلام بھیجا کرو

اصل مقصود آیت کا مسلمانوں کو یہ حکم دینا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوٰۃ وسلام بھیجا کریں مگر اس کی تعبیر و بیان میں یہ طریقہ اختیار فرمایا کہ پہلے حق تعالیٰ نے خود اپنا اور اپنے فرشتوں کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوٰۃ بھیجنے کا ذکر فرمایا، اس کے بعد عام مومنین کو اس کا حکم دیا جس میں آپ کے شرف اور عظمت کو مزید بلند فرما دیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے کا جو حکم مسلمانوں کو دیا جاتا ہے وہ کام ایسا ہے کہ خود حق تعالیٰ اور اس کے فرشتے بھی وہ کام کرتے ہیں۔ عام مومنین جن پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بے شمار احسانات ہیں ان کو تو اس عمل کا بڑا اہتمام کرنا چاہیے، اور ایک فائدہ اس تعبیر میں یہ بھی ہے کہ اس سے درود وسلام بھیجنے والے مسلمانوں کی ایک بہت بڑی فضیلت یہ ثابت ہوئی کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو اس کام میں شریک فرما لیا جو کام حق تعالیٰ خود بھی کرتے ہیں اور اس کے فرشتے بھی۔

آیت شریفہ میں لفظ يُصَلُّوْنَ وارد ہوا ہے جس کا ترجمہ یوں کیا گیا ہے کہ بلاشبہ اللہ اور اس کے فرشتے پیغمبر پر رحمت بھیجتے ہیں لفظ يُصَلُّوْنَ صلوٰۃ سے ماخوذ ہے، مفسرین ومحدثین نے فرمایا ہے کہ لفظ صلوٰۃ عربی زبان میں چند معانی کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ رحمت، دعا، مدح، وثناء پھر جس کی طرف صلوٰۃ منسوب ہوگی اس کی شان اور مرتبہ کے مناسب ثناء، تعظیم اور رحمت وشفقت مراد لیں گے، جیسے کہا جاتا ہے کہ باپ بیٹے سے اور بیٹا باپ سے اور بھائی بھائی سے محبت کرتے ہیں، مگر ظاہر ہے کہ جو محبت باپ کو بیٹے سے ہے بیٹے کو باپ سے اس طرح کی محبت نہیں ہے، نیز بھائی بھائی کی محبت اور باپ بیٹے کی محبت جدا ہوتی ہے لیکن محبت سب کو ہی کہا جاتا ہے اسی طرح صلوٰۃ کو سمجھ لو کہ اللہ جل شانہ، نبی پر صلوٰۃ بھیجتے ہیں اور فرشتے بھی اور عام مومنین بھی، مگر سب کی صلوٰۃ کے معنی ایک ہی نہیں ہیں بلکہ ہر ایک کی شان کے مناسب صلوٰۃ کے معنی مراد ہوتے ہیں، چنانچہ علماء نے لکھا ہے کہ اللہ جل شانہ کی صلوٰۃ رحمت بھیجنا ہے اور فرشتوں کی صلوٰۃ استغفار ہے اور مومنوں کی صلوٰۃ دعائے رحمت ہے اور ایک میں مدح وثناء اور تعظیم وتوقیر کے معنی ملحوظ ہیں، اللہ تعالیٰ کی طرف سے آپ کی عظمت اور توقیر یہ ہے کہ آپ کا ذکر بلند فرمایا اور آپ کے دین کو غالب کیا اور قیامت تک اس کو باقی رکھا اور آخرت میں آپ کی عظمت اور توقیر یہ ہے کہ آپ کو شفاعت کبریٰ نصیب فرمائی اور مقام محمود عطا فرمایا اور تمام مقربین اور اولین وآخرین پر آپ کی فضیلت ظاہر فرمائی۔

اور لفظ سلام مصدر السلامۃ ہے اور مراد اس سے نقائص وعیوب اور آفتوں سے سالم رہنا ہے، سلام معنی ثناء کو متضمن ہے اس لیے حرف عَلٰی کے ساتھ عَلَيْكَ یا عَلَيْكُمْ کہا جاتا ہے۔

اور بعض حضرات نے یہاں لفظ سلام سے مراد اللہ تعالیٰ کی ذات لی ہے کیونکہ سلام اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے تو مراد اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ سے یہ ہوگی کہ اللہ تعالیٰ آپ کی حفاظت ورعایت کا متولی اور کفیل رہے۔ (از روح المعانی)

اس آیت میں اللہ جل شانہ نے مؤمنوں کو حکم دیا ہے کہ سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجا کریں علمائے امت کا ارشاد ہے کہ اس صیغہ امر (صَلُّوْا) کی وجہ سے عمر بھر میں ایک مرتبہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا فرض ہے اور اگر ایک مجلس میں کئی بار آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر مبارک کرے یا سنے تو ذکر کرنے اور سننے والے پر حضرت امام طحاویؒ کے نزدیک ہر بار درود شریف پڑھنا واجب ہے مگر فتویٰ اس پر ہے کہ ایک بار واجب ہے پھر مستحب ہے' احتیاط اسی میں ہے کہ ہر بار درود شریف پڑھے اور آقائے دو جہاں صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کا ثبوت دے۔

؎ یَارَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا عَلٰی حَبِیْبِکَ مَنْ زَانَتْ بِهِ الْعُصَرُ

اس آیت میں لفظ صَلٰوۃ وارد ہوا ہے جس کی تشریح یہ ہے کہ صلٰوۃ علی النبی کے معنی یہ ہیں کہ شفقت ورحمت کے ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ثناء کی جائے۔

درود شریف کے فضائل.........سیدنا حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا بہت بڑی فضیلت والا عمل ہے' قرآن مجید میں حکم فرمایا ہے (جیسا کہ آیت بالا میں نظروں کے سامنے) اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اس کی بہت سی فضیلتیں بیان فرمائی ہیں۔ صحیح مسلم جلد اص ۱۶۶ میں حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص مجھ پر ایک بار درود بھیجتا ہے اللہ جل شانہ اس پر دس رحمتیں نازل فرماتے ہیں۔

سنن نسائی میں یہ بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے دس درجات بلند فرماتے ہیں اور اس کے لیے دس نیکیاں لکھ دیتے ہیں اور اس کے دس گناہ (نامۂ اعمال سے) مٹا دیتے ہیں۔

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ قیامت کے دن مجھ سے سب سے زیادہ قریب وہ لوگ ہوں گے جو مجھ پر سب سے زیادہ درود بھیجا کرتے تھے۔

حضرت ابن مسعودؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ کے بہت سے فرشتے زمین میں گشت لگاتے پھرتے ہیں اور مجھ کو میری امت کا سلام پہنچا دیتے ہیں' نیز ارشاد فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اپنے گھروں کو قبریں مت بناؤ اور میری قبر کو عید مت بناؤ اور مجھ پر درود بھیجو کیونکہ تمہارا درود میرے پاس پہنچ جاتا ہے تم جہاں کہیں بھی ہو۔ (یہ سب روایات مشکوٰۃ المصابیح ص ۸۲ ''باب الصلوۃ علی النبی و فضلها'' سے لی گئی ہیں)

''گھروں کو قبریں مت بناؤ (اس کا مطلب یہ ہے کہ جس طرح قبریں عبادت سے خالی ہوتی ہیں اس طرح گھروں کو عبادت سے خالی مت رکھو بلکہ نفل نمازیں ادا کرتے رہو'' میری قبر کو عید مت بناؤ'' اس کا مطلب یہ ہے کہ جس طرح عید کے روز زیب وزینت کے ساتھ خصوصی اجتماع ہوتا ہے میری قبر کی اس طرح زیارت نہ کرو بلکہ توقیر واحترام کو ملحوظ رکھتے ہوئے حاضری دو' آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا دربار کوئی معمولی دربار نہیں ہے کہ وہاں ہنستے ہوئے جاؤ بلکہ وہ تو شاہ دو جہاں سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کا در اطہر ہے' اس کی توقیر وعظمت

دل میں لے کر حاضر ہونا چاہیے۔

حضرت عبداللہ بن عمروؓ فرماتے ہیں کہ جو کوئی ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجتا ہے اللہ اور اسکے فرشتے اس شخص پر ستر رحمتیں بھیجتے ہیں۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۸۷)

ملا علی قاریؒ مرقاۃ شرح مشکوٰۃ میں لکھتے ہیں کہ یہ (یعنی ایک درود کے بدلے میں ستر رحمتیں نازل فرمانا) غالباً جمعہ کے روز کے ساتھ مخصوص ہے کیونکہ بعض اوقات اعمال کا ثواب وقت کی فضیلت وعظمت کی وجہ سے بڑھا دیا جاتا ہے' لہٰذا جمعہ کے روز دس رحمتوں کے بجائے ستر رحمتیں نازل ہوتی ہیں۔

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تمہارے دنوں میں سب دنوں سے بہتر جمعہ کا دن ہے' اسی روز آدم پیدا کیے گئے اور اسی روز انہوں نے وفات پائی' جمعہ کے روز ہی صور پھونکا جائے گا، اور جمعہ ہی کے روز صور کی آواز سن کر مخلوق بے ہوش ہوگی' چونکہ جمعہ کا دن سب سے افضل ہے اس لیے اس روز مجھ پر کثرت سے درود پڑھا کرو کیونکہ تمہارا درود مجھ پر پیش کیا جاتا ہے (ابوداؤد جلد ا ص ۱۵۰)

ارشاد فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو بھی مسلمان مجھ پر درود بھیجتا ہے فرشتے اس پر رحمت بھیجتے ہیں اب اختیار ہے کہ کوئی بندہ مجھ پر زیادہ درود بھیجے یا کم۔ (ابن ماجہ) مطلب یہ ہے کہ کثرت سے درود بھیجا کرو جیسا کہ کہہ دیا کرتے ہیں کہ فلاں عمل اچھا ہے آگے اختیار ہے کوئی کم کرے یا زیادہ۔

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ میں نماز پڑھ رہا تھا اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم موجود تھے آپ کے ساتھ ابوبکر وعمرؓ بھی تھے' جب میں نماز پڑھ کر بیٹھا تو اللہ کی تعریف بیان کی پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجا' بعد میں اپنے لیے دعا کی' یہ ماجرا دیکھ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ مانگ جو مانگے گا ملے گا۔ (ترمذی)

حضرت فضالہ بن عبیدؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما تھے کہ ایک شخص مسجد میں داخل ہوا اور نماز پڑھ کر اس نے دعا شروع کر دی اور کہا ''اے اللہ مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما'' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے نماز پڑھنے والے تو نے دعا کرنے میں جلدی کی' آئندہ کے لیے یاد رکھ کہ جب تو نماز پڑھ چکے تو بیٹھ کر اللہ کی حمد بیان کر جیسی اس کی ذات کے لائق ہے پھر مجھ پر درود بھیج پھر اللہ سے دعا کر۔

فضالہ بن عبیدؓ فرماتے ہیں کہ اس کے بعد پھر ایک اور شخص نے نماز پڑھی اور اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کی اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجا' نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے نماز پڑھنے والے دعا کر تیری دعا قبول ہوگی۔ (ترمذی)

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ دعا کے آداب میں سے یہ بھی ہے کہ پہلے اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کرے' پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے پھر اللہ سے دعا کرے۔' دعا کے قبول ہونے میں درود شریف کو بڑا دخل ہے حتیٰ کہ حضرت عمرؓ سے منقول ہے کہ جب تک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر درود نہ پڑھا جائے دعا آسمان وزمین کے درمیان لٹکی رہتی ہے۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۸۷)

اہل معرفت نے فرمایا ہے کہ درود شریف کے علاوہ جو دوسرے اذکار وعبادات ہیں کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ ان کا ثواب نہ دیا جائے لیکن درود شریف ہمیشہ مقبول ہی ہوتا ہے' جب دعا کرے تو دعا سے پہلے بھی درود شریف پڑھے اور دعا کے اخیر میں بھی' اللہ تعالیٰ بڑا کریم ہے جب دونوں درودوں کو قبول فرمائے گا تو درمیان میں جو دعا واقع ہوگی اسے بھی قبول فرمائے گا۔ (ذکرہ فی الحصن)

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو لوگ کسی مجلس میں بیٹھے اور اس میں اللہ کا ذکر نہ کیا

اور اپنے نبی پر درود نہ بھیجا تو یہ مجلس ان کے لیے نقصان کا باعث ہوگی' اب اللہ چاہے تو انہیں عذاب دے اور چاہے تو ان کی مغفرت فرما دے۔ (رواہ الترمذی)

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ کوئی مجلس اللہ کے ذکر سے اور درود شریف سے خالی نہ رہ جائے۔

جب کسی مجلس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر مبارک آئے خواہ خود ذکر کرے یا دوسرے شخص سے سنے تو درود شریف ضرور پڑھے گو کسی مجلس میں آپ کا اسم گرامی سن کر ایک مرتبہ درود شریف پڑھنا واجب ہے لیکن اکمل اور افضل یہی ہے کہ جب بھی آپ کا اسم گرامی سنے ہر بار درود شریف پڑھے' احتیاط اسی میں ہے کہ ہر مرتبہ درود شریف پڑھے کیونکہ درود شریف نہ پڑھنے پر وعیدیں آئی ہیں۔

حضرت علیؓ سے روایت کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اصل بخیل وہ ہے جس کے سامنے میرا ذکر ہو اور وہ مجھ پر درود نہ پڑھے۔ (ترمذی)

حضرت ابوذرؓ فرماتے ہیں کہ ایک روز میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کیا میں تم کو سب سے بڑا بخیل نہ بتادوں؟ صحابہؓ نے عرض کیا حضور ضرور ارشاد فرمائیں۔ فرمایا جس کے سامنے میرا ذکر ہو اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے وہ سب سے بڑا بخیل ہے۔ (ترغیب)

کعب بن عجرہؓ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ منبر کے قریب ہو جاؤ چنانچہ ہم حاضر ہو گئے (اور آپ منبر پر چڑھنے لگے) جب آپ نے پہلی سیڑھی پر قدم رکھا تو فرمایا ''آمین'' پھر جب دوسری سیڑھی پر قدم رکھا تو پھر فرمایا ''آمین'' جب تیسری سیڑھی پر قدم رکھا تو پھر فرمایا ''آمین'' جب آپ منبر سے اترے تو ہم نے عرض کیا کہ ہم نے آج آپ سے منبر پر چڑھتے ہوئے ایسی بات سنی جو پہلے نہ سنتے تھے۔ آپ نے فرمایا کہ سبب اس کا یہ ہوا کہ جبریل میرے سامنے آئے اور جب میں نے پہلی سیڑھی پر قدم رکھا تو جبریل نے کہا کہ ہلاک ہو وہ شخص کہ جس نے رمضان کا مہینہ پایا اور اس کی مغفرت نہ ہوئی' میں نے کہا آمین' پھر جب میں دوسری سیڑھی چڑھا تو جبریل نے کہا ہلاک ہو وہ شخص جس کے سامنے آپ کا اسم گرامی لیا جائے اور وہ آپ پر درود نہ بھیجے' میں نے کہا آمین' پھر جب میں تیسری سیڑھی پر چڑھا تو جبریل نے کہا ہلاک ہو وہ شخص جس کے سامنے اس کے دونوں والدین یا ان میں سے ایک بوڑھا ہو جائے اور وہ اس کو جنت میں داخل نہ کریں۔ (الترغیب والترہیب)

ضروری مسئلہ......... جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر خود کرے یا کسی سے سنے تو درود شریف پڑھے' اسی طرح جب کوئی مضمون یا تحریر لکھنے لگے تو اس وقت بھی درود شریف کے الفاظ لکھنا واجب ہے کم از کم صلی اللہ علیہ وسلم تو ضرور لکھ دے' بعض لوگ اختصار کے طور پر ''صلعم'' یا ''ص'' لکھ دیتے ہیں یہ صحیح نہیں پورا صلی اللہ علیہ وسلم لکھیں یا علیہ الصلوٰۃ والسلام لکھ دیں' صلوٰۃ کے ساتھ سلام بھی بھیجنا چاہیے دونوں کی فضیلت وارد ہوئی ہے۔

حضرت ابوطلحہؓ نے فرمایا کہ ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے' آپ کے چہرہ انور پر بشاشت ظاہر ہو رہی تھی' آپ نے فرمایا کہ میرے پاس جبریل آئے تھے' انہوں نے کہا کہ بے شک آپ کے رب نے فرمایا ہے کہ اے محمد! کیا یہ بات آپ کو خوش کرنے والی نہیں ہے کہ آپ کی امت میں سے جو شخص آپ پر درود بھیجے گا میں اس پر دس مرتبہ رحمت بھیجوں گا اور آپ کی امت میں سے جو شخص آپ پر سلام بھیجے گا میں اس پر دس سلام بھیجوں گا (رواہ النسائی)

مسئلہ.........صلوٰۃ و سلام دونوں ہی ایک ساتھ پڑھنا چاہیے' اگر ایک پر اکتفا کرے تو بعض حضرات نے اس کو خلاف اولیٰ یعنی مکروہ

تنزیہی بتایا ہے' درود شریف کے بہت سے صیغے احادیث شریف میں وارد ہوئے ہیں اور بہت سے صیغے اکابر سے منقول ہیں' جو صیغے سنت سے ثابت ہیں ان کے مطابق عمل کرنا افضل ہے اور دوسرے صیغوں کے ذریعے صلوٰۃ وسلام پڑھنا بھی جائز ہے۔

حدیث کعب بن عجرہؓ نے بیان کیا کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ ہم آپ پر اور آپ کے اہل بیت پر کس طرح درود بھیجیں' آپ پر سلام بھیجنا تو اللہ تعالیٰ نے ہمیں سکھا دیا (یعنی نماز میں جو تشہد پڑھتے ہیں اس میں اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ بتادیا) آپ نے فرمایا درود اس طرح پڑھو: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ. اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ (اے اللہ درود بھیج محمد پر اور محمد کی آل پر جیسا کہ آپ نے درود بھیجا ابراہیم پر اور ابراہیم کی آل پر بے شک آپ مستحق حمد ہیں اور صاحب مجد میں' اے اللہ برکت نازل فرمایئے محمد پر اور آل محمد پر جیسا کہ آپ نے برکت نازل فرمائی ابراہیم پر اور آل ابراہیم پر بے شک آپ مستحق حمد ہیں اور صاحب مجد ہیں۔ (رواہ البخاری ج ۱ ص ۴۷۷) یہ درود شریف وہی ہے جو نماز میں پڑھا جاتا ہے۔

حضرت ابو حمید ساعدیؓ سے روایت ہے کہ صحابہؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ ہم آپ پر کیسے درود بھیجیں' آپ نے فرمایا کہ یوں کہو: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اَزْوَاجِہٖ وَذُرِّیَّتِہٖ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ وَبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اَزْوَاجِہٖ وَذُرِّیَّتِہٖ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اٰلِ اِبْرٰھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ (اے اللہ درود محمد پر اور آپ کی بیویوں پر اور ان کی آل واولاد پر جیسا کہ آپ نے درود بھیجا آل ابراہیم پر اور اے اللہ برکت دیجئے محمد پر اور آپ کی بیویوں پر اور ان کی آل واولاد پر جیسا کہ برکت بھیجی آپ نے آل ابراہیم پر بلاشبہ آپ مستحق حمد ہیں صاحب مجد ہیں)۔ (رواہ البخاری)

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جسے یہ خوشی ہو کہ ہم پر اور ہمارے اہل بیت پر درود بھیج کر بھرپور طریقے پر ناپ تول کر ثواب لے تو وہ یوں کہے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاَزْوَجِہٖ اُمَّھَاتِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَذُرِّیَّتِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ کَمَاصَلَّیْتَ عَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ" (اے اللہ درود بھیج محمد پر جو نبی امی ہیں اور آپکے ازواج پر جو امہات المؤمنین ہیں اور آپ کی اولاد پر اور آپ کے اہل بیت پر جیسا کہ آپ نے درود بھیجا ابراہیم پر بلاشبہ آپ مستحق حمد ہیں صاحب مجد ہیں)۔ (رواہ ابوداؤد ص ۱۴۱)

حضرت رویفعؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجا اور پھر یوں دعا کی: اَللّٰھُمَّ اَنْزِلْہُ الْمَقْعَدَا لْمُقَرَّبَ عِنْدَکَ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ (اے اللہ ان کو (یعنی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو) قیامت کے روز اپنے قریب مقام میں نازل کیجئیو) تو اس کے لیے میری شفاعت واجب ہوگئی۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۸۷)

فائدہ: بعض بزرگوں نے کثرت سے درود شریف پڑھنے کے لیے یہ مختصر درود شریف تجویز کیا ہے: صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَبَارَکَ وَسَلَّمَ عَدَدَ مَا فِیْ عِلْمِہٖ۔

درود شریف پڑھنے کی حکمتیں............حضرت حکیم الامت مولانا محمد اشرف علی تھانوی قدس سرہ نے ''نشر الطیب'' میں درود شریف کی مشروعیت کی حکمتیں درج فرمائی ہیں جن میں بعض حضرت ممدوحؒ نے دوسروں سے نقل فرمائی ہیں اور بعض ان مواہب خداوندیہ سے ہیں جو حضرت ممدوح کو عطا کی گئی تھیں۔

(۱) امت مرحومہ پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے احسانات بے شمار ہیں کہ آپ نے صرف حکم خداوندی پورا کر دینے کے طور پر تبلیغ پر اکتفا نہیں کیا بلکہ اصلاح امت کے لیے تدبیریں سوچیں اور بڑے اہتمام کے ساتھ ان کے لیے دعائیں کیں اور ان کے احتمال مضرت سے رنجیدہ ہوئے لہٰذا آپ محسن بھی ہیں اور احسانات خداوندی کا واسطہ بھی ہیں اور فطرت سلیمہ کا تقاضا ہوتا ہے کہ اس محسن اور واسطہ احسان کے لیے رحمت کاملہ کی دعا کرے بالخصوص جبکہ احسانات کے بدلہ سے قاصر اور عاجز بھی ہے لہٰذا شریعت مطہرہ نے اسی فطرت سلیمہ کے مطابق کہیں وجوباً اور کہیں استحباباً درود شریف کا حکم دیا۔

(۲) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خدا کے محبوب ہیں اور محبوب کے لیے محبّ سے کسی چیز کی درخواست کرنا اس درخواست کرنے والے کو اس محبّ کا محبوب بنا دیتا ہے' اگرچہ خداوند قدوس خود اپنے محبوب پر صلوٰۃ بھیجتا ہے اور خدا کی رحمت ملنے کے لیے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ہماری دعائے رحمت کی حاجت نہیں ہے مگر خدا کی جناب میں آپ کے لیے رحمت کی دعا کر کے خود ہم کو خدا کا قرب اور اس کی رضا میسر ہوتی ہے۔

(۳) آپ کے لیے دعا رحمت کرنے میں آپ کے کمال عبدیت کے شرف خاص کا اظہار ہے کہ آپ کو بھی رحمت خداوندی کی حاجت ہے' نیز اس سے ان لوگوں کے ظن فاسد کی تردید بھی ہو جاتی ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات دیکھ کر امور تکوین میں آپ کا دخل سمجھتے ہیں یا احکام شرعیہ کو آپ کے اختیار میں جانتے ہیں۔

(۴) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بھی انسان ہیں اور بشریت میں امت کے ساتھ شریک ہیں کہ امت کی طرح کھانے پینے اور دیگر حوائج زندگی کی آپ کو بھی ضرورت ہوتی تھی بلکہ بعض امور میں امت کے افراد آنجناب صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑھے ہوئے ہیں' مثلاً کثرۃ المال وغیرہ' تو اس وجہ سے ممکن تھا کہ بعض افراد امت آپ کو اپنے جیسا بشر سمجھ کر بلکہ بعض امور میں کم دیکھ کر آپ کے اتباع سے گریز کرتے' لہٰذا شریعت مطہرہ نے اس کا علاج کیا اور آپ پر درود شریف بھیجنے کا حکم دیا تاکہ بشری اشتراک اور اپنا مالی امتیاز دیکھ کر کوئی دھوکہ نہ کھائے بلکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر جو خدا کی رحمت خاص ہے اس کا استحضار کرے اور یہ سمجھے کہ یہ مال و دولت رحمت خداوندی کے سامنے کچھ بھی نہیں بالخصوص جبکہ آپ کے اسم گرامی سے قبل لفظ سیدنا و مولنا بڑھائے اور تبلیغ دین کی جدوجہد کے بعض احوال آپ کی صفات میں ذکر کرے تو خود کو آپ کا احسان مند ہی پائے گا اور بجائے اپنے نفس کو بڑا سمجھنے کے اپنی ذات کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا محتاج سمجھے گا اور آپ کے واسطہ سے قرب خداوندی حاصل کرے گا۔

(۵) بعض طبائع میں مذاق توحید کا غلبہ ہوتا ہے اور اس غلبہ کی وجہ سے واسطوں سے زیادہ متعلق نہیں ہوتیں جن میں انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام بھی ہیں' گو اس اعتقاد و انقیاد کے بعد جو شرعاً واجب ہے یہ عدم زیادت مضر فی الایمان نہیں ہے لیکن کمال یہی ہے کہ جس واسطہ کی طرف التفات کو واحد حقیقی نے اپنی رضا کا ذریعہ بنایا ہے اس کی طرف التفات کرنے کو ذوقاً اور طبعاً بھی شاغل عن التوحید نہ سمجھے بلکہ مکمل توحید جانے' جیسا کہ محبوب کے قاصد کا اکرام اور اس کی خدمت و مدارت جس قدر عاشق کی جانب سے زیادہ تر ہوگی اسی قدر محبوب عاشق سے خوش ہوگا اور عاشق بیش از بیش قاصد کی مدارات کرے گا اور اس خدمت کو یہ نہ سمجھے گا کہ محبوب کے لیے میری محنت نہیں ہو رہی ہے بلکہ جس قدر محبوب کی خوشی دیکھے گا اسی قدر قاصد کی زیادہ خدمت کرے گا۔

پس شریعت مطہرہ نے ذوقی نقص کے دفع کرنے کیلئے درود شریف شروع فرمایا اور صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا کا حکم دے کر یہ بتایا کہ خدا تک پہنچانے والے واسطہ کی طرف جس قدر بھی احترام کے ساتھ توجہ کرو گے اللہ جل شانہ کی رضا نصیب ہوگی لہٰذا واسطہ

کی جانب توجہ کرنے کو خلاف مقصود نہ سمجھو۔ (یہاں ہم نے مختصر لکھ دیا ہے ''فضائل صلوٰۃ وسلام'' کے نام سے ہمارا ایک رسالہ بھی ہے اسے بھی ملاحظہ کر لیا جائے۔)

اِنَّ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَاَعَدَّ لَهُمْ

بلا شبہ جو لوگ اللہ کو اور اس کے رسول کو ایذا دیتے ہیں اللہ نے دنیا میں اور آخرت میں ان پر لعنت کی اور ان کے لیے ذلیل کرنے والا

عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿۵۷﴾ وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ بِغَيْرِ مَا اكْتَسَبُوْا فَقَدِ احْتَمَلُوْا

عذاب تیار فرمایا ہے۔ اور جو لوگ مؤمن مردوں اور مؤمن عورتوں کو بغیر گناہ کئے ایذا پہنچاتے ہیں، وہ لوگ

بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۵۸﴾

بہتان اور صریح گناہ کا بار اٹھاتے ہیں۔

ایذا دینے والوں اور تہمت لگانے والوں کا برا انجام

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اکرام واحترام کا حکم دینے اور آپ پر صلوٰۃ وسلام بھیجنے کا حکم فرمانے کے بعد آپ کو تکلیف دینے والوں کی مذمت بیان فرمائی اور ارشاد فرمایا کہ جو لوگ اللہ کو اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو تکلیف دیتے ہیں' اللہ نے ان پر دنیا اور آخرت میں لعنت کر دی' لعنت پھٹکار ڈالنے اور اللہ کی رحمت سے دور ہونے کو کہا جاتا ہے اور سب سے بڑی لعنت کافروں ہی پر ہے۔ گو بعض معصیتوں پر بھی لعنت وارد ہوئی ہے' کن کن افراد پر لعنت وارد ہوئی ہے انہیں ہم نے چہل حدیث میں جمع کر دیا ہے اس کا مطالعہ کیا جائے) اللہ تعالیٰ تأثر اور انفعال سے پاک ہے اسے کوئی تکلیف نہیں پہنچ سکتی' ایسے افعال کے ارتکاب کو اللہ تعالیٰ کو ایذا پہنچانے سے تعبیر فرمایا ہے جن سے مخلوق کو تکلیف ہوتی ہے۔

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ابن آدم مجھے ایذا دیتا ہے وہ زمانے کو برا کہتا ہے حالانکہ میں زمانہ ہوں (یعنی میں نے زمانے کو پیدا کیا ہے) سب امور میرے قبضہ قدرت میں ہیں میں رات اور دن کو الٹتا پلٹتا ہوں۔ (رواہ البخاری)

حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تکلیف کی بات سن کر صبر کرنے والا اللہ سے بڑھ کر کوئی نہیں' لوگ اللہ کے لیے اولاد تجویز کرتے ہیں (حالانکہ وہ اس سے پاک ہے) پھر بھی وہ انہیں عافیت دیتا ہے اور رزق دیتا ہے۔

حضرت سائب بن خلادؓ نے بیان کیا کہ ایک شخص کچھ لوگوں کا امام بنا اس نے قبلہ کی جانب تھوک دیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کی طرف دیکھ رہے تھے' جب وہ نماز سے فارغ ہوا تو آپ نے اس کی قوم سے فرمایا کہ آئندہ یہ تمہیں نماز نہ پڑھائے' اس کے بعد اس نے نماز پڑھانا چاہی تو ان لوگوں نے اسے منع کر دیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد سے باخبر کر دیا۔ اس شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بات کا تذکرہ کیا۔ (یعنی یہ دریافت کیا کہ کیا آپ نے ایسا فرمایا ہے) آپ نے فرمایا ہاں! حضرت سائب بن خلادؓ فرماتے ہیں کہ مجھے خیال ہے کہ آپ نے یوں بھی فرمایا کہ بلاشبہ تم نے اللہ اور اس کے رسول کو تکلیف دی۔ (رواہ ابوداؤد)

بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ اللہ کو ایذا دینے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایذا دینا مراد ہے اور اس میں اور زیادہ آپ کا اکرام

ہے کہ آپ کو ایذا دینے کو اللہ تعالیٰ کو ایذا دینے سے تعبیر فرمایا۔ روایات حدیث سے اس معنی کی بھی تائید ہوئی ہے، حضرت عبداللہ بن مغفل ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے صحابہ ؓ کے بارے میں اللہ سے ڈرو اللہ سے ڈرو ان کو میرے بعد اپنے اعتراضات وتنقیدات کا نشانہ نہ بناؤ کیونکہ ان سے جس نے محبت کی میری محبت کی وجہ سے کی اور جس نے ان سے بغض رکھا میرے بغض کی وجہ سے رکھا اور جس نے ان کو ایذا پہنچائی اس نے مجھے ایذا دی اور جس نے مجھے ایذا دی اس نے اللہ کو ایذا دی اور جس نے اللہ تعالیٰ کو ایذا دی تو قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کی گرفت فرمائے گا۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۵۵۴ عن الترمذی)

آیت شریفہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہر قسم کی ایذا پہنچانے پر ملعون ہونے کا ذکر ہے، بعض حضرات نے حضرت ابن عباس ؓ سے نقل فرمایا ہے کہ جس زمانہ میں حضرت عائشہ صدیقہ ؓ پر بہتان باندھا گیا (جس کا ذکر سورۂ مؤمنوں کے دوسرے رکوع میں گزر چکا ہے) تو رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی کے گھر میں کچھ لوگ جمع ہوئے جو اس بہتان کو پھیلانے اور چلتا کرنے کی باتیں کرتے تھے، اس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابۂ کرام ؓ سے اس کی شکایت فرمائی کہ یہ شخص مجھے ایذا پہنچاتا ہے۔

سنن ترمذی کی جو حدیث ہم نے اوپر نقل کی ہے اس میں یہ بھی ہے کہ آپ نے فرمایا جس نے میرے صحابہ کو ایذا دی اس نے ہمیں بھی ایذا دی۔ اسی سے سمجھ لیا جائے کہ جو لوگ حضرات صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو برا کہتے ہیں اور ان پر تبرا کرتے ہیں یہ لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایذا پہنچانے کا عمل کرتے ہیں لہٰذا قرآن کریم کی رو سے یہ لوگ ملعون ہیں، اللہ تعالیٰ کو اور اس کے رسول کو ایذا پہنچانے والے مستحق لعنت ہیں، پھر اس بات کی تصریح فرمائی ہے کہ مؤمن اور مؤمن عورتوں کو جو لوگ تکلیف پہنچاتے ہیں اور وہ کام ان کے ذمہ لگاتے ہیں جو انہوں نے نہیں کیے یعنی ان پر تہمت باندھتے ہیں ان لوگوں نے بہتان کا اور صریح گناہ کا بوجھ اپنے ذمہ اٹھایا (جس کا وبال آخرت میں بہت زیادہ ہے)

بدزبانی اور بدگوئی پر وعید......... حضرت عبداللہ بن عمر ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر تشریف لے گئے اور بلند آواز سے فرمایا کہ اے وہ لوگو! جنہوں نے زبان سے اسلام قبول کیا ہے اور ان کے دلوں تک ایمان نہیں پہنچا مسلمانوں کو تکلیف نہ دو اور ان پر عیب نہ لگاؤ اور ان کے پوشیدہ حالات کے پیچھے نہ پڑو کیونکہ جو شخص اپنے مسلمان بھائی کی کسی چھپی ہوئی عیب کی بات کے پیچھے پڑے گا اللہ اس کے پوشیدہ عیب کے پیچھے لگے گا اور اللہ جس کے عیب کے پیچھے لگے اسے رسوا کر دے گا اگرچہ اپنے گھر کے اندر ہی کرے۔ (رواہ الترمذی)

حضرت سعید بن زید ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ سب سے بڑا سود یہ ہے کہ ناحق کسی مسلمان کی آبرو میں زبان درازی کی جائے۔ (ابوداؤد)

حضرت انس ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس رات مجھے معراج کرائی گئی میں ایسے لوگوں پر گزرا جن کے تانبے کے ناخن تھے وہ ان سے اپنے چہروں اور سینوں کو چھیل رہے تھے میں نے کہا اے جبریل یہ کون لوگ ہیں؟ انہوں نے جواب دیا کہ یہ وہ لوگ ہیں جو لوگوں کے گوشت کھاتے ہیں (یعنی ان کی غیبت کرتے ہیں) اور ان کی بے آبروئی کرنے میں پڑے رہتے ہیں۔ (رواہ ابوداؤد کما فی المشکوٰۃ ص ۴۲۹)

لوگوں میں غیبت، بدگوئی، چغل خوری اور ایذا رسانی کی جو مجلسیں منعقد ہوتی ہیں سب اس آیت کریمہ اور حدیث شریف کے مضمون پر غور کریں اور اپنی اصلاح کریں اور زبان پر پابندی لگائیں کہ زبان کا یہ بھیڑیا صاحب زبان ہی کو پھاڑ کھا جائے گا، اگر کبھی کسی چغل خور

بدگو کی طرف سے کسی مسلمان کی بے آبروئی ہوتی دیکھیں تو اس کا دفاع کریں اور پارٹ لیں۔

حضرت معاذ بن انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس کسی شخص نے منافق کی باتیں سن کر کسی مؤمن کی حمایت کی اللہ اس کے لیے ایک فرشتہ بھیج دے گا جو قیامت کے دن اس کے گوشت کو دوزخ کی آگ سے بچائے گا اور جس شخص نے کسی مسلمان کو عیب لگانے کے لیے کوئی بات کہی تو اللہ تعالیٰ اسے دوزخ کے پل (یعنی پل صراط) پر روک دے گا' یہاں تک کہ اپنی کہی ہوئی بات سے نکل جائے (یا اسے راضی کرے جس کی بے آبروئی کی تھی یا عذاب بھگتے)۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص۴۲۴)

يٰۤاَيُّهَا النَّبِىُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ ؕ

اے نبی اپنی بیبیوں سے اور اپنی صاحبزادیوں سے اور دوسرے مسلمانوں کی عورتوں سے فرما دیجئے کہ اپنی چادریں نیچی کر لیا کریں

ذٰلِكَ اَدْنٰۤى اَنْ يُّعْرَفْنَ فَلَا يُؤْذَيْنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۵۹﴾ لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ الْمُنٰفِقُوْنَ وَ

اس سے جلدی پہچان ہو جایا کرے گی تو آزار نہ دی جایا کریں گی' اور اللہ تعالیٰ بخشنے والا مہربان ہے۔ اور وہ لوگ جن کے دلوں میں

الَّذِيْنَ فِىْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْمُرْجِفُوْنَ فِى الْمَدِيْنَةِ لَنُغْرِيَنَّكَ بِهِمْ ثُمَّ لَا يُجَاوِرُوْنَكَ فِيْهَاۤ

بیماری ہے اور جو مدینہ میں افواہیں اڑایا کرتے ہیں اگر یہ لوگ باز نہ آئے تو ضرور ہم آپ کو ان پر مسلط کر دیں گے' پھر یہ لوگ آپ کے پاس مدینہ میں بہت ہی کم

اِلَّا قَلِيْلًا ۛ ﴿۶۰﴾ مَّلْعُوْنِيْنَ ۛ اَيْنَمَا ثُقِفُوْۤا اُخِذُوْا وَقُتِّلُوْا تَقْتِيْلًا ﴿۶۱﴾ سُنَّةَ اللّٰهِ فِى الَّذِيْنَ خَلَوْا

رہنے پائیں گے۔ جو پھٹکارے ہوئے ہوں گے جہاں ملیں گے پکڑ دھکڑ ہو گی اور قتل کیے جائیں گے۔ جو لوگ پہلے گزرے ہیں اللہ تعالیٰ نے ان میں اپنا

مِنْ قَبْلُ ۚ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ﴿۶۲﴾

یہی دستور رکھا ہے اور آپ اللہ تعالیٰ کے دستور میں ردوبدل نہ پائیں گے۔

معانقة ۱۲ الربع

ازواج مطہراتؓ اور بنات طاہرات اور عام مؤمنات کو پردہ کا اہتمام کرنے کا حکم اور منافقین کے لیے وعید

مفسرینؒ نے لکھا ہے کہ رات کے وقت (جب گھروں میں بیت الخلاء نہیں بنائے گئے تھے) عورتیں قضائے حاجت کے لیے کھجور کے باغوں میں نشیبی علاقوں میں جایا کرتی تھیں ان میں حرائر (آزاد) عورتیں اور اماء (باندیاں) دونوں ہوتی تھیں' منافقین اور بدنفس لوگ راستوں میں کھڑے ہو جاتے تھے اور عورتوں کو چھیڑتے تھے یعنی اشارے بازی کرتے تھے' ان کا دھیان باندیوں کی طرف ہوتا تھا اگر کبھی کسی آزاد عورت کو چھیڑتے اور اس پر گرفت کی جاتی تو کہہ دیتے تھے کہ ہم نے یہ خیال کیا تھا کہ شاید یہ باندی ہے' نیز دشمنان اسلام (جن میں مدینے کے رہنے والے یہودی بھی تھے اور منافق بھی) یہ حرکت بھی کرتے تھے کہ مسلمانوں کے لشکر میں جب کہیں جاتے تو لوگوں میں رعب پیدا کرنے والی باتیں پھیلاتے اور شکست کی خبریں اڑا دیتے اور خوامخواہ بیٹھے بٹھائے یوں کہتے تھے کہ دشمن آ گیا دشمن آ گیا۔

آیات بالا میں اول تو یہ حکم دیا کہ اپنی عورتوں کو پردہ کرنے کا حکم دیں' ارشاد فرمایا: يٰۤاَيُّهَا النَّبِىُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ وَنِسَآءِ

الْمُؤْمِنِيْنَ يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَا بِيْبِهِنَّ (اے نبی! اپنی بیویوں سے اور اپنی بیٹیوں سے اور مؤمنین کی عورتوں سے فرما دیجئے کہ اپنی بڑی بڑی چادریں جو اتنی چوڑی چکلی ہوں جس میں عورت سر سے پاؤں تک اپنے آپ کو لپیٹ سکے اپنی ان چادروں کا ایک حصہ اپنے اوپر ڈال لیا کریں) یعنی سر بھی ڈھکے رہیں اور چہرے بھی اور سینے بھی، جب پردہ کا یہ اہتمام ہوگا تو آزاد عورتیں اور باندیاں الگ الگ پہچانی جا سکیں گی کیونکہ کام کاج کے لیے نکلنے کی وجہ سے باندیوں کا چہرہ ڈھانکنے کا حکم نہیں ہے۔

حضرت ابن عباسؓ نے يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَا بِيْبِهِنَّ کی تفسیر کرتے ہوئے فرمایا کہ اپنے سروں کو اور چہروں کو بڑی بڑی چادروں سے ڈھانکے رہا کریں صرف ایک آنکھ کھلی رہے، جس سے چلنے پھرنے اور دیکھنے بھالنے کی ضرورت پوری ہو جائے اور پورا پردہ کرنے کی وجہ سے آزاد عورتوں اور باندیوں میں امتیاز ہو جائے تاکہ بدنفس چھیڑ چھاڑ نہ کر سکیں، گو باندیوں کے ساتھ بھی چھیڑ چھاڑ کرنا ممنوع تھا لیکن آزاد عورتوں کو پورے پردہ کا حکم دینے سے ان بدنفسوں کا یہ بہانہ ختم ہو گیا کہ ہم نے باندی سمجھ کر آواز کسا تھا۔ (روح المعانی ج ۲۲ ص ۸۹)

یاد رہے کہ آیت کریمہ میں ارشاد فرمایا ہے کہ اے نبی! اپنی بیویوں اور بیٹیوں اور مؤمنوں کی عورتوں کو حکم دے دو کہ اپنے اوپر چوڑی چکلی چادریں ڈالے رہا کریں، اس سے ایک بات یہ معلوم ہوئی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک سے زیادہ بیٹیاں تھیں جس سے واضح طور پر روافض کی بات کی تردید ہوگئی جو یہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صرف ایک بیٹی حضرت سیدہ فاطمہؓ تھیں۔ (احقر نے بنات طاہرات کے احوال میں ایک مستقل رسالہ لکھا ہے اسے ملاحظہ کر لیا جائے) اور دوسری بات یہ معلوم ہوئی کہ جیسے سیدنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہراتؓ اور بنات طاہراتؓ کو پردہ کرنے کا حکم تھا اسی طرح دیگر مؤمنین کی بیبیوں کو بھی پردہ کرنے کا حکم ہے، بعض فیشن ایبل جاہل جو عورتوں کو بے پردہ بازاروں اور پارکوں میں گھمانے کو قابل فخر سمجھتے ہیں اور یوں کہتے ہیں کہ پردہ کا حکم صرف ازواج مطہراتؓ کے لیے تھا عام عورتوں کے لیے نہیں ہے آیت کریمہ سے ان لوگوں کی جاہلانہ باتوں کی تردید ہو رہی ہے۔

یہودیوں اور منافقوں کی یہ جو حرکت تھی کہ وہ مسلمانوں میں خوف و ہراس پیدا کریں، اس کے بارے میں فرمایا لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ الْمُنٰفِقُوْنَ (الأية) اگر منافقین اور وہ لوگ جن کے دلوں میں مرض ہے یعنی ایمان کا ضعف ہے۔ {وهم قوم كان فيهم ضعف ايمانهم و قلة ثبات عليه عما هم عليه من التزلزل وما يستتبعه مالا خير فيه۔ اور وہ ایسی قوم ہے کہ جس میں ایمان کی کمزوری ہے اور نہ ہی ایمان پر استقامت ہے اس لئے کہ وہ متزلزل ہیں اور اس کے علاوہ ان میں بھی غیر ایمانی رویے ہیں۔ (روح المعانی)} ٹھیک طرح سے مسلمان نہیں ہوئے، اور وہ مدینہ منورہ میں خبریں اڑانے والے باز نہ آئے تو ہم آپ کو آمادہ اور برانگیختہ کریں گے کہ آپ ان کے ساتھ وہ معاملہ کریں جو دشمن کے ساتھ ہوتا ہے، جب آپ ایسا کریں گے تو وہ آپ کے ساتھ مدینہ منورہ میں تھوڑے ہی وقت تک رہ سکیں گے، اس میں خطاب تو ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو لیکن تنبیہ ہے ان لوگوں کو جو بری حرکتیں کرتے ہیں اگر انہوں نے اپنی حرکتیں نہ چھوڑیں تو ہم اپنے نبی کو ان پر مسلط کر دیں گے۔

مَلْعُوْنِيْنَ جب مدینہ منورہ سے جلاوطن کیے جائیں تو حالت لعنت میں پھرتے رہیں گے ان پر اللہ کی پھٹکار ہوگی۔ اَيْنَمَا ثُقِفُوْٓا اُخِذُوْا وَقُتِّلُوْا تَقْتِيْلًا پھر جہاں کہیں بھی ہوں گے پکڑے جائیں گے اور خوب قتل کیے جائیں گے۔ سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ، اللہ نے ان لوگوں میں طریقہ مقرر فرما دیا ہے جو پہلے گزر چکے ہیں کہ فسادیوں کو قتل کیا جاتا رہے گا اور وہ جلاوطن کیے جاتے رہیں گے اور جہاں کہیں بھی ہوں گے ملعون و ماخوذ اور مقتول ہوتے رہیں گے۔

وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا (اور آپ اللہ کے طریقہ یعنی عادت مستمرہ میں تبدیلی نہ پائیں گے، چونکہ مذکورہ بالا طریقہ کے مطابق

تکوینی فیصلے ہونا امور فرعیہ میں سے نہیں ہیں اس لیے اس میں نسل کا احتمال نہیں۔

صاحب روح المعانی نے جو اقوال لکھے ہیں ان میں سے ایک تو یہ ہے کہ منافقین ایذا کے کاموں سے رک گئے تھے اور جو وعید نازل ہوئی تھی اس کے ڈر سے اپنے کاموں سے باز آ گئے تھے لہٰذا اغراء اور اخراج اور قتل کا وقوع نہیں ہوا' اور بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ جن لوگوں کو تنبیہہ کی گئی تھی وہ اپنی حرکتوں سے باز نہیں آئے اور مسجد سے نکال کر انہیں ذلیل کیا گیا اور ان پر نماز جنازہ پڑھنے سے بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو منع فرما دیا اور اس طرح وہ سب کی نظروں میں ملعون ہو گئے' یہ تو منافقین کے ساتھ ہوا البتہ یہودیوں کو مدینہ منورہ سے جلاوطن کیا گیا یہ قبیلہ بنی نضیر تھا اور یہود کے قبیلہ بنی قریظہ کے بالغ مردوں کو قتل کر دیا گیا (خوف و ہراس کی خبریں اڑانے میں یہود کا زیادہ حصہ تھا)۔

يَسْـَٔلُكَ النَّاسُ عَنِ السَّاعَةِ ۭ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ ۭ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ تَكُوْنُ

وہ آپ سے قیامت کے بارے میں پوچھتے ہیں آپ فرما دیجئے کہ اس کا علم صرف اللہ ہی کو ہے اور آپ کو اس کی کیا خبر عجب نہیں کہ قیامت قریب ہی زمانہ میں

قَرِيْبًا ۝۶۳ اِنَّ اللّٰهَ لَعَنَ الْكٰفِرِيْنَ وَاَعَدَّ لَهُمْ سَعِيْرًا ۝۶۴ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۚ لَا يَجِدُوْنَ

واقع ہو جائے۔ بے شک اللہ نے لعنت کر دی ہے کافروں پر اور ان کے لیے دہکنے والی آگ تیار کی ہے۔ وہ اس میں ہمیشہ ہمیش رہیں گے' وہ کوئی یار و مددگار نہ

وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ۝۶۵ يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوْهُهُمْ فِي النَّارِ يَقُوْلُوْنَ يٰلَيْتَنَآ اَطَعْنَا اللّٰهَ وَاَطَعْنَا الرَّسُوْلَا ۝۶۶

پائیں گے۔ جس دن ان کے چہرے آگ میں الٹ پلٹ کیے جائیں گے یوں کہیں گے اے کاش کہ ہم نے اللہ کی اطاعت کی ہوتی اور رسول کی اطاعت کی ہوتی۔

وَقَالُوْا رَبَّنَآ اِنَّآ اَطَعْنَا سَادَتَنَا وَكُبَرَاۗءَنَا فَاَضَلُّوْنَا السَّبِيْلَا ۝۶۷ رَبَّنَآ اٰتِهِمْ ضِعْفَيْنِ مِنَ الْعَذَابِ

اور وہ یوں کہیں گے کہ اے ہمارے رب بلاشبہ ہم نے اپنے سرداروں کی اور اپنے بڑوں کی فرمانبرداری کی سو انہوں نے ہمیں راستہ سے گمراہ کر دیا۔ اے ہمارے رب انہیں عذاب کا

وَالْعَنْهُمْ لَعْنًا كَبِيْرًا ۝۶۸

دوہرا حصہ دیجئے اور ان پر لعنت کر دیجئے بڑی لعنت۔

ع ۸ / ۵

کافروں پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہے وہ بھی دوزخ میں اپنے سرداروں پر لعنت کریں گے اور ان کے لیے دوہرے عذاب کی درخواست کریں گے

کافروں اور منافقوں کے سامنے جب قیامت کا ذکر آتا تھا تو اس کے واقع ہونے کا انکار کرتے ہوئے یوں کہتے تھے یہ تو بتاؤ کہ قیامت کب آئے گی؟ اللہ تعالیٰ نے جواب میں ارشاد فرمایا اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ کہ اس کا علم صرف اللہ ہی کو ہے' اس کے واقع ہونے کا وقت متعین کر کے اللہ تعالیٰ نے کسی کو نہیں بتایا نہ کسی فرشتہ کو نہ کسی نبی کو' لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ وہ واقع ہی نہ ہو گی' اس کا وقوع مقرر اور مقدر ہے' اس کے آنے میں دیر لگنا اور تمہارے سامنے واقع نہ ہونا اس بات کی دلیل نہیں کہ وہ واقع نہ ہو گی۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے خطاب فرمایا: وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ تَكُوْنُ قَرِيْبًا (اور آپ کو اس کی کیا خبر عجب نہیں کہ قیامت قریب ہی زمانہ میں واقع ہو جائے) جب آپ کو اس کا وقت مقررہ معلوم نہیں اور قرب وقوع کا ہر وقت احتمال ہے تو ان جھٹلانے والوں کو تو بطریق اولیٰ اس کا وقت

مقررہ معلوم نہیں جب ہمیشہ قریب الوقوع ہونے کا احتمال ہے تو ان پر لازم ہے کہ اس سے ڈرتے رہیں اور تیاری کرتے رہیں نہ یہ کہ جلدی مچائیں' مذاق اڑائیں' اس میں خطاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہے اور تنبیہ ہے منکرین کو۔

اس کے بعد کافروں کی بدحالی بتائی اور ارشاد فرمایا اِنَّ اللّٰہَ لَعَنَ الْکٰفِرِیْنَ (الآیۃ) بلاشبہ اللہ نے کافروں پر لعنت کردی وہ دنیا میں بھی ملعون ہیں اور آخرت میں بھی' اگر دنیا میں کچھ مزے اڑاتے ہیں تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے لعنت اور پھٹکار میں ہوتے ہوئے جیتے ہیں' اور ملعونیت کی زندگی کوئی زندگی نہیں اور آخرت میں ان کے لیے دہکتی ہوئی آگ کا عذاب ہے وہ بھی تھوڑے دن کا یا بہت ذرا دیر کا نہیں بلکہ اس میں ہمیشہ ہمیش رہیں گے' وہاں کوئی یار اور مددگار نہ ملے گا' جس روز ان کے چہرے آگ میں الٹ پلٹ کیے جائیں گے' چہروں کے بل دوزخ کی آگ میں گھسیٹے جائیں گے تو حسرت کے ساتھ یوں کہیں گے کہ ہائے کاش ہم نے اللہ کی فرمانبرداری کی ہوتی اور رسول کی بات مانی ہوتی' اگر ہم اطاعت کرتے تو آج عذاب میں مبتلا نہ ہوتے۔

اس کے بعد یوں کہیں گے کہ اے ہمارے رب ہم نے اپنے سرداروں اور بڑوں کی فرمانبرداری کی انہوں نے ہمیں ایمان قبول نہ کرنے دیا اور کفر پر جمے رہنے کی تاکید کرتے رہے' اس طرح سے انہوں نے ہمیں صحیح راستہ سے اور دین حق سے ہٹا کر گمراہ کردیا۔

سَادَتَنَا وَکُبَرَآءَنَا کے عموم میں چھوٹے بڑے چودھری' کفر کے سرغنے' گمراہی کے لیڈر سب ہی داخل ہیں' دنیا میں جہاں کہیں ایمان کی فضا بنتی ہے تو موں کے لیڈر اور چودھری ایمان سے روکتے ہیں جو شخص اسلام قبول کرلے اسے واپس کفر میں لے جانے کی کوشش کرتے ہیں' کفر کی دعوت دینے کے لیے اور اپنی قوموں کو کفر پر جمانے کے لیے ان کے ملوک اور رؤسا اور امراء اور وزراء واغنیاء بڑی بڑی محنتیں کرتے ہیں اور اربوں کی تعداد میں روپیہ خرچ کرتے ہیں اور دنیا میں اپنی بڑائی اور چودھراہٹ باقی رکھنے کے لیے کروڑوں انسانوں کو دوزخ کا ایندھن بنانے اور بنائے رکھنے کی کوششیں جاری رکھتے ہیں۔ دنیا میں یہ حال ہے لیکن وہاں جب عذاب میں مبتلا ہوں گے تو اپنے ماننے والوں سے بیزاری ظاہر کریں گے اور چھوٹوں بڑوں میں ہر قسم کے تعلقات ختم ہوجائیں گے اور چھوٹے بڑوں پر اور بڑے چھوٹوں پر لعنت کریں گے کوئی کسی کا مددگار نہ ہوگا' یہی عوام اور پبلک کے افراد جو دنیا میں اپنے بڑوں اور چودھریوں کی بات مانتے ہیں دوزخ میں پہنچ کر اپنے بڑوں' لیڈروں اور چودھریوں کے بارے میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض کریں گے کہ اے ہمارے رب ان کو دوہرا عذاب دے' خود جو گمراہ تھے عذاب تو انہیں ہونا ہی ہے' ہمیں جو انہوں نے گمراہ کیا اس کے عوض بھی ان کو عذاب دے۔

دوزخی لوگ اپنے بڑوں کے لیے یوں بھی دعا کریں گے کہ اے ہمارے رب ان پر بڑی لعنت کیجئے (جو شخص کفر پر مرگیا اس پر لعنت ہے چاہے چھوٹا ہو یا بڑا لیکن عوام الناس اپنے بڑوں اور چودھریوں کے لیے خوب بڑی لعنت کا سوال کریں)۔

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِیْنَ اٰذَوْا مُوْسٰى فَبَرَّاَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْا ؕ وَكَانَ

اے ایمان والو! ان لوگوں کی طرح مت ہو جاؤ جنہوں نے موسیٰ کو تکلیف دی سو اللہ نے انہیں اس بات سے بری کردیا جو ان لوگوں نے کہی تھی' اور موسیٰ

عِنْدَ اللّٰهِ وَجِیْهًا ؕ ﴿۶۹﴾ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَ قُوْلُوْا قَوْلًا سَدِیْدًا ﴿۷۰﴾ یُّصْلِحْ

اللہ کے نزدیک باوجاہت تھے۔ اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور ٹھیک بات کہو۔ اللہ تمہارے اعمال کو صحیح بنا دے گا۔ اور تمہارے

لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَ یَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ؕ وَمَنْ یُّطِعِ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِیْمًا ﴿۷۱﴾

گناہوں کو بخش دے گا اور جو شخص اللہ کی اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرے سو وہ کامیاب ہو گیا بڑی کامیابی کے ساتھ۔

ایمان والوں کو خطاب کہ ان لوگوں کی طرح نہ ہو جاؤ جنہوں نے حضرت موسیٰؑ کو ایذا دی

صحیح بخاری ص ۴۲ ص ۴۹۳ میں حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ بلاشبہ موسیٰ علیہ السلام شرمیلے آدمی تھے اور پردہ کرنے کا خوب زیادہ اہتمام کرتے تھے حتیٰ کہ ان کے جسم کی کھال بھی نظر آ جائے تو اس سے بھی شرماتے تھے، اور ایک روایت میں ہے کہ بنی اسرائیل ننگے نہاتے تھے اور آپس میں ایک دوسرے کو دیکھتے جاتے تھے اور موسیٰ علیہ السلام تنہا غسل کرتے تھے، بنی اسرائیل کے کچھ لوگوں نے انہیں تکلیف پہنچائی اور یوں کہا کہ یہ شخص اس قدر پردہ کرتا ہے ہو نہ ہو اس کی کھال میں کوئی عیب ہے یا جسم میں برص کے داغ ہیں یا اس کے فوطے پھولے ہوئے ہیں یا کوئی اور تکلیف کی بات ہے۔

اللہ تعالیٰ نے ان کو بنی اسرائیل کی بات سے بری کرنے کا ارادہ فرمایا اور قصہ یہ پیش آیا کہ ایک دن انہوں نے تنہائی میں پتھر پر اپنے کپڑے رکھ دیئے پھر غسل فرمانے لگے، غسل کر کے فارغ ہوئے تو کپڑے لینے کا ارادہ کیا ابھی کپڑے لینے نہ پائے تھے کہ جس پتھر پر کپڑے تھے وہ کپڑوں کو لے کر تیزی سے چلا گیا، موسیٰ علیہ السلام نے اپنی لاٹھی لی اور پتھر کے پیچھے چل دیئے اور فرمانے لگے کہ اے پتھر میرے کپڑے دے میرے کپڑے دے دے، اسی طرح بنی اسرائیل کی ایک جماعت تک پہنچ گئے کیونکہ کپڑے پہنے ہوئے نہیں تھے اس لیے آپ کو انہوں نے برہنہ دیکھ لیا اور انہیں پتہ چل گیا کہ ان کے جسم پر کوئی بھی عیب نہیں ہے اور یہ کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں بڑی اچھی حالت میں پیدا فرمایا ہے۔ جب ان لوگوں نے موسیٰ علیہ السلام کو دیکھ لیا اور مان لیا کہ ان کے جسم میں کوئی عیب نہیں ہے تو پتھر کھڑا ہو گیا اور موسیٰ علیہ السلام نے اپنے کپڑے لے کر پہن لیے اور پتھر کو اپنے عصا سے مارنا شروع کر دیا۔ حضرت ابو ہریرہؓ نے بیان فرمایا کہ اللہ کی قسم ان کے مارنے سے پتھر میں تین یا چار یا پانچ یا چھ یا سات نشانات پڑ گئے تھے۔

قرآن مجید میں جو یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا فرمایا ہے اس میں اسی قصے کو بیان کیا ہے، اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا اے ایمان والو ان لوگوں کی طرح نہ ہو جاؤ جنہوں نے موسیٰ علیہ السلام کو تکلیف دی سو اللہ نے انہیں ان کی باتوں سے بری کر دیا اور وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک باوجاہت تھے۔

یہ تو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے واقعہ کا ذکر ہے لیکن امام الانبیاء جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو لوگوں نے کیا تکلیفیں دی تھیں؟ اس کے بارے میں بھی صحیح بخاری جلد نمبر اص ۴۴۶ اور ص ۴۸۳ میں ایک قصہ لکھا ہے جو حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے مروی ہے انہوں نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوۂ حنین کے موقع پر عرب کے بعض سرداروں میں مال تقسیم فرمایا تھا اور ان میں سے کسی کو دوسرے کے مقابلہ میں زیادہ دے دیا، وہیں حاضرین میں سے کسی نے یوں کہہ دیا کہ یہ ایسی تقسیم ہے جس میں انصاف نہیں کیا گیا یا یوں کہہ دیا کہ اس تقسیم سے اللہ کی رضا مقصود نہیں ہے، حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر ان لوگوں کی یہ بات نقل کر دی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب اللہ اور اس کا رسول انصاف نہیں کرے گا تو پھر کون انصاف کرے گا؟ اللہ موسیٰ پر رحم فرمائے انہیں اس سے زیادہ تکلیف دی گئی پھر بھی انہوں نے صبر کیا۔

بات یہ ہے کہ جو مال آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تقسیم فرمایا وہ کسی کی ملکیت نہیں تھا وہ اموال فئے تھے اس میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے آپ کو یہ اختیار دیا گیا کہ اپنی صوابدید سے تقسیم فرمالیں، کسی کا حق روک کر مال تقسیم نہیں فرمایا تھا اور یہ بات نہ تھی کہ ایک کا حق دوسرے کو دے دیا، پھر اس کو انصاف کے خلاف کہنا ہی ظلم ہے۔ حدیث کی شرح لکھنے والے حضرات نے لکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر اعتراض کرنا کفر ہے جس کی سزا قتل ہے لیکن آپ نے مذکورہ بالا بات کہنے والے شخص کو مصلحتاً قتل نہیں کیا کیونکہ تالیف قلب کی ضرورت

تھی۔ اہل عرب میں یہ شہرت ہوجاتی کہ جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے ساتھیوں کو قتل کرتے ہیں' اس شہرت کی وجہ سے اندیشہ تھا کہ اسلام جو پھیل رہا تھا اس میں رکاوٹ ہوجاتی۔

بہرحال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اتنی بڑی تکلیف دینے والی بات کو برداشت کرلیا اور فرمادیا کہ موسیٰ علیہ السلام کو اس سے زیادہ تکلیف دی گئی اور انہوں نے صبر کیا' یہ تو ایک تکلیف تھی اس کے علاوہ منافقین سے تکلیفیں پہنچتی رہتی تھیں آپ درگزر فرماتے تھے' جب کبھی کوئی شخص دعوت کے لیے کھڑا ہوتا ہے اسے تکلیفیں پہنچتی ہیں' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے عمل سے برداشت کرکے بتادیا اور قول سے سمجھادیا کہ پہلے بھی ایسا ہوا ہے۔

یہ جو ارشاد فرمایا کہ: ''ان لوگوں کی طرح نہ ہوجاؤ جنہوں نے موسیٰ کو تکلیف دی'' مسلمانوں کو مزید خطاب فرمایا کہ اللہ سے ڈرو اور ٹھیک بات کہو' ٹھیک بات میں سب کچھ آگیا سچی بات بھی اور صحیح بات بھی اور عدل وانصاف کی بات بھی اور ہر دینی بات بھی۔ اسی لیے حضرت عکرمہؓ نے فرمایا (کمافی معالم التنزیل) کہ قَوْلًا سَدِیْدًا سے لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ کہنا مراد ہے۔ ترتیب میں اوّلاً تقوے کا ذکر کیا پھر قول سدید کہنے کا حکم فرمایا' اس سے یہ بات نکلتی ہے کہ تقویٰ ہوگا تو بندہ اعمال صالحہ اختیار کرے گا اگر تقویٰ نہ ہو تو اعمال صالحہ اختیار کرنے اور گناہ سے بچنے کی بندہ کو ہمت نہیں ہوتی' اللہ سے ڈرے اور آخرت کی فکر کرے تب قول اور فعل ٹھیک ہوتا ہے۔ پھر تقویٰ اختیار کرنے اور ٹھیک بات کہنے کا انعام بتایا یُصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ کہ اللہ تعالیٰ تمہارے اعمال کو قبول فرمالے گا اور تمہارے گناہوں کی مغفرت فرمادے گا۔

اللہ اور رسولؐ کی اطاعت میں کامیابی ہے.......... اس کے بعد یہ فرمایا وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا (اور جو شخص اللہ کی اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرے تو وہ بڑی کامیابی کے ساتھ کامیاب ہوگا)

لوگوں میں کامیابی کے بہت سے معیار معروف ہیں' کوئی شخص مال زیادہ ہونے کو کامیابی سمجھتا ہے اور کوئی شخص بادشاہ بن جانے کو' کوئی شخص وزارت مل جانے کو اور کوئی شخص جائیداد بنالینے کو اور کوئی شخص زیادہ پیسوں والی ملازمت مل جانے کو کامیابی سمجھتا ہے' اللہ تعالیٰ نے کامیابی کا معیار بتادیا کہ کامیاب وہ ہے جو اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرے اور یہی بڑی کامیابی ہے۔

خطبہ نکاح میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شہادتیں کے بعد آیت کریمہ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ (الآية) اور آیت کریمہ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ (الآية) اور آیت کریمہ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا پڑھا کرتے تھے' (پورا خطبہ حصن حصین میں مذکور ہے) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ نکاح میں جو تین آیات اختیار فرمائیں ان میں چار جگہ تقویٰ کا حکم ہے اس سے تقویٰ کی اہمیت اور ضرورت معلوم ہوگئی۔

اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالْجِبَالِ فَاَبَيْنَ اَنْ يَّحْمِلْنَهَا

بلاشبہ ہم نے آسمانوں اور زمینوں اور پہاڑوں کے سامنے امانت پیش کی سو انہوں نے اس کی ذمہ داری سے انکار کردیا

وَاَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْاِنْسَانُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ ظَلُوْمًا جَهُوْلًا ﴿۷۲﴾ لِّيُعَذِّبَ اللّٰهُ

اور اس سے ڈر گئے اور انسان نے اس کو اپنے ذمہ لے لیا' بے شک وہ ظلوم ہے جہول ہے۔ تاکہ اللہ

الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ وَيَتُوْبَ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ

منافقوں کو اور منافقات کو اور مشرکوں کو مشرکات کو سزا دے اور مؤمنین اور مؤمنات پر

وَالْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۷۳﴾

توجہ فرمائے اور اللہ غفور ہے رحیم ہے۔

آسمانوں اور زمینوں اور پہاڑوں نے بارامانت اٹھانے سے انکار کردیا اور انسان نے اسے اٹھالیا

یہ دو آیات کا ترجمہ ہے، پہلی آیت میں امانت سپرد کرنے کا اور دوسری آیت میں نافرمانوں کے لیے عذاب دینے کا اور اہل ایمان پر مہربانی فرمانے کا ذکر ہے۔

یہ جو فرمایا کہ ہم نے آسمانوں اور زمینوں پر اور پہاڑوں پر امانت پیش کی اور انہوں نے اس کی ذمہ داری اٹھانے سے انکار کردیا اور اس سے ڈر گئے اور انسانوں نے اس کو اٹھالیا۔ اس میں امانت سے کیا مراد ہے؟ اس بارے میں متعدد اقوال نقل کیے گئے ہیں۔ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا ہے کہ اس سے حکم کی فرمانبرداری کرنا یعنی فرائض کا انجام دینا مراد ہے' آسمانوں اور زمین سے اور پہاڑوں سے اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ تم امانت کو قبول کرو یعنی احکام کی فرمانبرداری کی ذمہ داری کا اقرار کرو اور ان کی ادائیگی کا بوجھ اٹھاؤ تو ان چیزوں نے کہا کہ اگر ہم ذمہ داری کو برداشت کرلیں اور احکام پر عمل پیرا ہونے کا وعدہ کرلیں تو اس کا انجام کیا ہوگا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اگر اچھے عمل کرو گے تو اس کا اچھا اجر ملے گا اور اگر نافرمانی کرو گے تو عذاب دیا جائے گا' انہوں نے کہا کہ یہ ہمارے بس کی بات نہیں نہ ہمیں ثواب چاہیے نہ عذاب میں مبتلا ہونے کو تیار ہیں (تشریعی طور پر اوامر اور احکام کا بوجھ اٹھانا ہمارے بس کا روگ نہیں ہاں ہم تکوینی طور پر مسخر ہیں' آپ کے حکم کے مطابق رہیں گے' اس میں نہ مخالفت کا اندیشہ ہے اور ثواب بھی نہیں عذاب بھی نہیں' ہمیں بے ثواب رہنا منظور ہے عذاب کی برداشت نہیں) ان پر خوف اور خشیت کا ایسا غلبہ ہوا کہ عذاب کے ڈر سے ثواب چھوڑنے پر بھی آمادہ ہو گئے' ان چیزوں پر جو اللہ تعالیٰ نے امانت پیش فرمائی تھی وہ بطور تخییر کے تھی یعنی اختیار دیا گیا تھا کہ چاہو تو اس کو اپنے ذمہ لے لو چاہو تو نہ لو' لہٰذا انہوں نے تخییر سے فائدہ اٹھایا اور تحمل امانت سے انکار کردیا' اگر کوئی شخص یہ سوال اٹھائے کہ آسمان و زمین اور پہاڑ تو جمادات ہیں ان سے سوال جواب کیسے ہوگا؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ وہ ہمارے نزدیک بے فہم ہیں خالق اور مالک سے جو ان کا تعلق ہے وہ ادراک اور سمجھ کے ساتھ ہے' جیسا کہ سورۃ الحج میں فرمایا: اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَسْجُدُ لَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ وَالنُّجُوْمُ وَالْجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَآبُّ وَكَثِيْرٌ مِّنَ النَّاسِ ؕ وَكَثِيْرٌ حَقَّ عَلَيْهِ الْعَذَابُ ؕ وَمَنْ يُّهِنِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّكْرِمٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يَشَآءُ ؕ (اے مخاطب! کیا تجھ کو یہ بات معلوم نہیں کہ اللہ کے سامنے سب عاجزی کرتے ہیں جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں اور سورج اور چاند اور ستارے اور پہاڑ اور درخت اور چوپائے اور بہت سے آدمی بھی' اور بہت سے ایسے ہیں جن پر عذاب ثابت ہوگیا اور جس کو اللہ ذلیل کرے اس کو کوئی عزت دینے والا نہیں' اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے کرتا ہے) سورۂ حم السجدہ میں فرمایا: ثُمَّ اسْتَوٰۤى اِلَى السَّمَآءِ وَهِيَ دُخَانٌ فَقَالَ لَهَا وَلِلْاَرْضِ ائْتِيَا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا ؕ قَالَتَاۤ اَتَيْنَا طَآئِعِيْنَ (پھر آسمان کی طرف توجہ فرمائی اور وہ دھواں تھا' سو اس سے فرمایا کہ تم دونوں خوشی سے آؤ یا زبردستی سے، دونوں نے عرض کیا کہ ہم خوشی سے حاضر ہیں) سورۃ البقرہ میں پتھروں کے

بارے میں فرمایا وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ (اوران میں بعض وہ ہیں جو اللہ کے ڈر سے گر پڑتے ہیں)۔

اصل بات یہ ہے کہ پتھروں میں اور دوسری جمادات میں ہمارے خیال میں ادراک اور شعور نہیں ہے کیونکہ وہ ہم سے بات نہیں کرتے اور ہمیں وہ احوال معلوم نہیں جو ان پر گزرتے ہیں، اور ان کا اپنے خالق سے مخلوق اور مملوک اور عبادت گزار ہونے کا جو تعلق ہے انسان اس سے واقف نہیں ہے۔

صحیح بخاری میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ احد ایسا پہاڑ ہے جو ہم سے محبت کرتا ہے اور ہم اس سے محبت کرتے ہیں۔ (جلد۲ص ۵۷۵)

حضرت جابر بن سمرةؓ روایت فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ بلاشبہ مکہ مکرمہ میں ایک پتھر ہے میں اسے پہچانتا ہوں جن دنوں میں میری بعثت ہوئی وہ مجھے سلام کیا کرتا تھا۔ (صحیح مسلم جلد۲ص ۲۴۵)

امانت کی تشریح اور توضیح و تفصیل.......... جب انسان پر امانت پیش کی گئی اور احکام الٰہیہ پر عمل پیرا ہونے کی ذمہ داری سونپی گئی تو انسان نے اسے قبول کرلیا اور برداشت کرلیا اور یہ مان لیا کہ میں احکام الٰہیہ پر عمل کروں گا، فرائض کی پابندی کروں گا، واجبات ادا کروں گا۔

وَحَمَلَهَا الْاِنْسَانُ میں اَلْاِنْسَانُ سے کیا مراد ہے؟ بعض مفسرینؒ کے بیان کے مطابق یہ امانت کی پیشی حضرت آدم علیہ السلام پر ہوئی تھی جذبہ ثواب میں آکر انہوں نے قبول کرلیا۔ معصیت کے عقاب کی طرف گویا خاص دھیان نہیں دیا اور تکوینی طور پر بھی انہیں قبول کرنا تھا کیونکہ انہیں خلافت کے لیے پیدا کیا گیا۔ یہ امانت کی پیشی کب ہوئی بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ یہ بھی یوم المیثاق میں ہوا جس کا ذکر آیت کریمہ وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْ ۢ بَنِيْٓ اٰدَمَ میں مذکور ہے اور بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ یہ واقعہ یوم المیثاق سے پہلے کا ہے۔ **واللّٰہ تعالیٰ اعلم بالصواب** ۔

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاصؓ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے انسان میں پہلے شرم گاہ پیدا فرمائی اور فرمایا کہ یہ امانت ہے اور تیرے پاس ودیعت رکھی جارہی ہے اسے ضائع مت کرنا صرف حلال جگہ میں استعمال کرنا، اگر تو نے اس کی حفاظت کی تو میں تیری حفاظت کروں گا (اس کے بعد فرمایا) لہٰذا شرمگاہ امانت ہے، کان امانت ہیں، آنکھیں امانت ہیں، زبان امانت ہے، پیٹ امانت ہے، ہاتھ امانت ہیں، پاؤں امانت ہیں، یعنی ان چیزوں سے متعلق جو احکام دیئے گئے ہیں ان کی خلاف ورزی خیانت ہے اور انہیں احکام الٰہیہ کے مطابق استعمال کرنا ادائے امانت ہے۔ (روح المعانی جلد۲۲ص ۹۶ تا ۹۸)

آیت کریمہ یٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَخُوْنُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ وَتَخُوْنُوْٓا اَمٰنٰتِكُمْ کی تفسیر کرتے ہوئے حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا **لا تخونوا اللّٰہ بترک فرائضہ والرسول بترک سنتہ** یعنی فرائض کو چھوڑ کر اللہ کی خیانت نہ کرو اور سنتوں کو چھوڑ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خیانت نہ کرو۔ (درمنثور جلد۳ص ۱۷۸)

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی خیانت کرنے کی ممانعت کرنے کے بعد فرمایا وَتَخُوْنُوْٓا اَمٰنٰتِكُمْ اور آپس میں اپنی امانتوں میں خیانت نہ کرو چونکہ امانت کا مفہوم بہت وسیع ہے اور ہر طرح کی امانت میں خیانت کرنے کی ممانعت ہے اس لیے ہر خیانت سے نہایت اہتمام کے ساتھ پرہیز کرنا لازم ہے۔ مالی خیانت کو تو سبھی جانتے ہیں مثلاً کوئی شخص کسی کے پاس امانت رکھے اور وہ اس کو کھا جائے یا استعمال کرے یا کم کردے یا وہ شریک آپس میں خیانت کرلیں جو شخص قرض دے کر یا کسی بھی طرح اپنا مال دے کر بھول جائے،

اس کا حق رکھ لیں وغیرہ وغیرہ' یہ سب خیانتیں ہیں' اور ہر شخص کو معلوم ہوتا ہے کہ میں نے کس کا حق مارا ہے اور کس کی خیانت کی ہے' فکر آخرت اور اللہ کا ڈر ہو تو انسان خیانت سے بچ سکتا ہے ورنہ دنیاوی نفع کو دیکھ کر بڑے بڑے دینداری کے دعویدار اس مسئلے میں کچے پڑ جاتے ہیں' ہر شخص اپنے اپنے متعلقہ احکام میں دیانتدار ہے' چھوٹے بڑے حکام اور ملوک اور روساء اور وزراء امانتدار ہیں' انہوں نے جو عہدے اپنے ذمہ لیے ہیں وہ ان کی ذمہ داری شریعت اسلامیہ کے مطابق پوری کریں کسی بھی معاملہ میں عوام کی خیانت نہ کریں' اسی طرح بائع اور مشتری اور سفر کے ساتھی' پڑوسی' میاں بیوی' ماں باپ اور اولاد سب ایک دوسرے کے مال کے اور دیگر متعلقہ امور کے امانت دار ہیں' جو بھی کوئی کسی کی خیانت کرے گا گنہگار ہوگا اور میدان آخرت میں پکڑا جائے گا' مالیات کے علاوہ دیگر امور میں بھی خیانت ہوتی ہے جن کا ذکر احادیث شریفہ میں وارد ہوا ہے۔

سورۂ نساء میں فرمایا: اِنَّ اللّٰہَ یَاْمُرُکُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمَانَاتِ اِلٰٓی اَھْلِھَا (بے شک اللہ تمہیں حکم فرماتا ہے کہ امانت والوں کو ان کی امانتیں دے دیا کرو) اور سورۂ بقرہ میں فرمایا ہے فَاِنْ اَمِنَ بَعْضُکُمْ بَعْضًا فَلْیُؤَدِّ الَّذِی اؤْتُمِنَ اَمَانَتَہٗ وَلْیَتَّقِ اللّٰہَ رَبَّہٗ (سو اگر تم میں سے ایک شخص دوسرے شخص پر اعتماد کرے تو جس پر اعتماد کیا گیا ہے وہ دوسرے کی امانت ادا کرے اور اللہ سے ڈرے جو اس کا رب ہے) سورۂ معارج میں نیک بندوں کی تعریف کرتے ہوئے فرمایا وَالَّذِیْنَ ھُمْ لِاَمَانَاتِھِمْ وَعَھْدِھِمْ رَاعُوْنَ (اور وہ لوگ جو اپنی امانتیں اور عہد کی رعایت کرنے والے ہیں۔

حضرت انسؓ نے بیان فرمایا کہ بہت کم ایسا ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ دیا ہو اور یوں نہ فرمایا ہو: لَااِیْمَانَ لِمَنْ لَّا اَمَانَۃَ لَہٗ وَلَا دِیْنَ لِمَنْ لَّا عَھْدَ لَہٗ (رواہ البیھقی فی شعب الایمان) اس کا کوئی ایمان نہیں جو امانت دار نہیں اور اس کا کوئی دین نہیں جو عہد کا پورا نہیں)

مؤمنین کا کام یہ ہے کہ پوری طرح امانت دار رہے' اللہ تعالیٰ کے فرائض اور واجبات کو بھی ادا کرے' سنتوں کا بھی اہتمام رکھے' بندوں کے حقوق بھی ادا کرے اور عہد کی بھی پابندی کرے۔

امانتوں کی کچھ تفصیل ہم نے سورۂ نساء کی آیت اِنَّ اللّٰہَ یَاْمُرُکُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمَانَاتِ اِلٰٓی اَھْلِھَا کے ذیل میں بیان کر دی ہے اور مستقل ایک رسالہ بھی ''امانت وخیانت'' کے عنوان سے لکھ دیا ہے کہ اس کو ملاحظہ کر لیا جائے۔

اِنَّہٗ کَانَ ظَلُوْمًا جَھُوْلًا (بے شک انسان ظلوم ہے جہول ہے) ظلوم کا معنی ہے ظلم کرنے والا اور جُہول کا معنی ہے ''نادان''۔

حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا ظلوم کا معنی یہ ہے کہ وہ اپنی جان پر ظلم کرنے والا ہے اور جہول کا مطلب یہ ہے کہ اس نے جو امانت کی ادائیگی کا بوجھ اٹھایا وہ اس کے انجام کو نہیں جانتا۔ یہ افراد کے اعتبار سے فرمایا کیونکہ انسانوں میں صالح بھی ہیں' علماء بھی ہیں عارفین بھی ہیں' اسی لیے مجموعہ افراد کا انجام بتاتے ہوئے ارشاد فرمایا لِیُعَذِّبَ اللّٰہُ الْمُنٰفِقِیْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِکِیْنَ وَالْمُشْرِکَاتِ (تاکہ اللہ عذاب دے منافق مردوں اور منافق عورتوں کو اور مشرک مردوں اور مشرک عورتوں کو) وَیَتُوْبَ اللّٰہُ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ (اور تاکہ رحمت کے ساتھ اللہ متوجہ ہو مؤمن مردوں اور مؤمن عورتوں پر) یعنی انسان نے امانت کے بوجھ کو اٹھا لیا پھر اس ذمہ داری کو نباہنے والے بھی ہوئے اور خلاف ورزی کرنے والے بھی ہوئے جس کا انجام یہ ہوا کہ منافقوں اور مشرکوں کو عذاب ہو (اس میں اَلْکَافِرِیْنَ وَالْکَافِرَاتِ کا ذکر نہیں ہے کیونکہ جب ان کافروں کا انجام عذاب ہے جو منافق ہیں یعنی زبان سے اسلام کا اقرار کرتے ہیں اور دل سے انکاری ہیں تو جو لوگ کھلے کافر ہوں گے وہ بطریق اولیٰ مستحق عذاب ہوں گے) اور ایمان والے مردوں اور عورتوں پر اللہ رحمت

کے ساتھ توجہ فرمائے گا اس میں ویرحم اللہ کے بجائے ویتوبُ فرمایا جس میں اس طرف اشارہ ہے کہ جو شخص نافرمانی کے بعد توبہ کرلے گا وہ بھی رحمت اور مغفرت کا مستحق ہوگا۔

آخر میں جو وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا فرمایا اس میں یہ بات بتادی کہ مغفرت فرمانا اور رحم فرمانا اللہ تعالیٰ کی صفات جلیلہ ہیں' کافر اور مشرک کی تو مغفرت نہیں جیسا کہ دوسری آیت میں بیان فرمایا ہے' دنیا میں تو سب ہی پر رحمت ہے اور آخرت میں صرف اہل ایمان پر رحمت ہوگی۔

تمّ تفسير سورة الاحزاب، والحمد لله الملك الوهاب، والصّلوٰة والسلام علىٰ رسوله سيد نا من اُوتى الكتاب ' وعلىٰ اٰله خير اٰل و اصحاب.

☆☆☆......................☆☆☆

مکی	سورۃ سبا	۵۴ آیتیں اور ۶ رکوع

(۳۴) سُوْرَةُ سَبَاٍ مَّكِّيَّةٌ (۵۸) اٰيَاتُهَا ۵۴ رُكُوْعَاتُهَا ۶

سورۂ سبا مکہ معظمہ میں نازل ہوئی اس میں چوون آیات اور چھ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي الْاٰخِرَةِ ۭ وَهُوَ الْحَكِيْمُ

سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے جس کی ملکیت میں وہ سب کچھ ہے جو آسمانوں میں اور زمینوں میں ہے اور اسی کے لیے حمد ہے دنیا میں اور آخرت میں، اور وہ حکیم ہے

الْخَبِيْرُ ۝ يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَاۗءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا ۭ

باخبر ہے۔ وہ جانتا ہے جو کچھ اس میں داخل ہوتا ہے اور جو کچھ اس میں سے نکلتا ہے اور جو کچھ آسمان سے نازل ہوتا ہے اور جو کچھ اس میں چڑھتا ہے۔

وَهُوَ الرَّحِيْمُ الْغَفُوْرُ ۝ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَاْتِيْنَا السَّاعَةُ ۭ قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتَاْتِيَنَّكُمْ ۙ عٰلِمِ

اور وہ رحیم ہے غفور ہے۔ اور کافروں نے کہا کہ ہمارے پاس قیامت نہیں آئے گی۔ آپ فرما دیجئے، ہاں میرے رب کی قسم وہ تم پر ضرور آئے گی، میرا رب عالم

الْغَيْبِ ۚ لَا يَعْزُبُ عَنْهُ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ وَلَآ اَصْغَرُ مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْبَرُ

الغیب ہے، اس سے ذرہ کے برابر بھی کوئی چیز آسمانوں میں اور زمین میں غائب نہیں ہے اور نہ کوئی اس سے چھوٹی چیز ہے، نہ بڑی چیز

اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝ لِّيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝

مگر کتاب مبین میں موجود ہے۔ تاکہ وہ ان لوگوں کو بدلہ دے جو ایمان لائے اور نیک عمل کیے، یہ وہ لوگ ہیں جن کے لیے مغفرت ہے اور رزق کریم ہے۔

وَالَّذِيْنَ سَعَوْ فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ مِّنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٌ ۝ وَيَرَى الَّذِيْنَ اُوْتُوا

اور جن لوگوں نے ہماری آیات کے بارے میں عاجز کرنے کی کوشش کی ان لوگوں کے لیے سختی والا دردناک عذاب ہے۔ اور جن کو علم دیا گیا وہ سمجھتے ہیں کہ ان کے

الْعِلْمَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ هُوَ الْحَقَّ ۙ وَيَهْدِيْٓ اِلٰى صِرَاطِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۝

رب کی طرف سے جو کچھ نازل کیا گیا ہے وہ حق ہے اور عزیز حمید کے راستہ کی طرف ہدایت دیتا ہے۔

اللہ تعالیٰ مستحق حمد ہے اسے ہر چیز کا علم ہے اہل ایمان کے لیے مغفرت اور رزق کریم ہے

یہاں سے سورۂ سباء شروع ہو رہی ہے، سباء ایک قوم تھی جو یمن میں رہتی تھی اس سورت کے دوسرے رکوع میں ان لوگوں کی بود و باش اور باغوں سے منقطع ہونے کا پھر ناشکری کی وجہ سے ان کی بربادی کا تذکرہ فرمایا ہے اس لیے اس سورۃ کا نام سورۂ سباء معروف ہوا۔

شروع سورۃ میں ارشاد فرمایا کہ آسمان اور زمین میں اللہ تعالیٰ ہی مستحق حمد ہے اس دنیا میں بھی اسی کیلئے حمد ہے اور آخرت میں بھی۔

اس کے بعد اللہ تعالیٰ کی صفات عالیہ بیان فرمائیں، اوّلاً تو یہ فرمایا کہ وہ حکیم ہے، حکمت والا ہے اس کا کوئی فعل اور کوئی فیصلہ حکمت سے خالی نہیں، پھر فرمایا کہ وہ خبیر ہے اسے اپنی مخلوق کی اور مخلوق کی مصالح اور منافع اور مضار کی پوری طرح خبر ہے۔

پھر اللہ تعالیٰ کے علم کی کچھ تفصیل بیان فرمائی کہ زمین میں جو کچھ داخل ہوتا ہے اور جو کچھ اس سے نکلتا ہے اور جو کچھ آسمان سے نازل ہوتا ہے اور جو آسمان میں چڑھتا ہے وہ ان سب کو جانتا ہے اور رحمت والا بھی ہے اور مغفرت کرنے والا بھی ہے۔

یہاں تک اللہ تعالیٰ کی حمد بیان ہوئی جس میں اس کی صفت علم اور صفت رحمت اور صفت حکمت اور صفت مغفرت کا ذکر آ گیا ہے اور اس سے توحید بھی ثابت ہوگئی اس کے بعد منکرین قیامت کا قول نقل فرمایا اور ان کی تردید فرمائی۔ ارشاد فرمایا وَقَالَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَا تَاْتِیْنَا السَّاعَةُ (اور کافروں نے کہا کہ ہم پر قیامت نہیں آئے گی قُلْ بَلٰی وَرَبِّیْ (آپ فرما دیجئے کہ ہاں میرے رب کی قسم قیامت ضرور آئے گی) عٰلِمِ الْغَیْبِ لَا یَعْزُبُ عَنْهُ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ فِی السَّمٰوٰتِ وَلَا فِی الْاَرْضِ وَلَآ اَصْغَرُ مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْبَرُ اِلَّا فِیْ كِتٰبٍ مُّبِیْنٍ (میرا رب عالم الغیب ہے اس سے ذرہ کے برابر بھی کوئی چیز آسمانوں میں اور زمین میں غائب نہیں ہے اور نہ کوئی اس سے چھوٹی چیز ہے نہ بڑی چیز مگر کتاب مبین میں موجود ہے) اس میں منکرین قیامت کی اس بات کا جواب دے دیا کہ جب اموات کی ہڈیاں گل سڑ جائیں گی، ان کے ذرات کہاں کے کہاں پہنچے ہوں گے، بعض دریا میں مر کر دریائی جانوروں کی غذا بنے ہوں گے اور بعض کو خشکی کے جانوروں نے کھایا ہوگا تو ان کے اجزاء کس طرح جمع ہوں گے؟ ان کے جواب میں فرمایا کہ اللہ تعالیٰ عالم الغیب ہے، کوئی چیز ذرہ بھر بھی اس کے علم سے باہر نہیں ہے، آسمانوں میں ہو یا زمین میں ہو کوئی بھی چیز خواہ چھوٹی ہو یا بڑی کتاب مبین میں محفوظ ہے۔

پھر قیامت قائم فرمانے کی غایت بتائی: لِیَجْزِیَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ (تاکہ اللہ ان لوگوں کو صلہ دے جو ایمان لائے اور نیک کام کیے) اُولٰٓئِكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّ رِزْقٌ كَرِیْمٌ (یہ وہ لوگ ہیں جن کے لیے مغفرت ہے اور عزت والا رزق ہے) وَالَّذِیْنَ سَعَوْا فِیْٓ اٰیٰتِنَا مُعٰجِزِیْنَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مِّنْ رِّجْزٍ اَلِیْمٌ (اور جن لوگوں نے ہماری آیات کے بارے میں عاجز کرنے کی کوشش کی ان لوگوں کے لیے سختی والا دردناک عذاب ہے) اس میں ان لوگوں کی سزا کا تذکرہ فرمایا ہے جو اہل ایمان کے مخالف ہیں اور یہ چاہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی آیات کو جھٹلا کر باطل کر دیں یعنی قیامت کے وقوع کو نہ مانیں اور قیامت کی خبر دینے والے (یعنی رسول اللہ ﷺ) کو ہرا دیں۔ قیامت قائم ہو کر جس طرح اہل ایمان اور اعمال صالحہ والوں کو مغفرت اور رزق کریم کا انعام ملے گا اسی طرح منکرین کو دردناک عذاب ہوگا۔ خلاصہ یہ ہے کہ قیامت کی غایت جزا اور سزا دینے کے لیے ہے۔

اس کے بعد اہل علم کی تعریف فرمائی: وَیَرَی الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ (الآیة) کہ جن لوگوں کو علم دیا گیا ہے وہ اس قرآن کو جو آپ کے رب کی طرف سے آپ کی طرف بھیجا گیا ہے حق سمجھتے ہیں اور یہ سمجھتے ہیں کہ وہ اللہ کی رضامندی کا راستہ بتاتا ہے جو غالب ہے اور مستحق حمد ہے۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا هَلْ نَدُلُّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ يُّنَبِّئُكُمْ اِذَا مُزِّقْتُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ۙ اِنَّكُمْ لَفِيْ

اور کافروں نے کہا کیا ہم تمہیں ایسا شخص نہ بتا دیں جو تمہیں یہ خبر دیتا ہے کہ جب تم پوری طرح ریزہ ریزہ ہو جاؤ گے تو تم ضرور ایک نئی

خَلْقٍ جَدِيْدٍ ۝ اَفْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَمْ بِهٖ جِنَّةٌ ۭ بَلِ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ فِي الْعَذَابِ

پیدائش میں آ جاؤ گے۔ کیا اس شخص نے اللہ پر جھوٹ باندھا ہے یا اس کو کسی طرح کا جنون ہے' بلکہ بات یہ ہے کہ جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے وہ عذاب میں

وَالضَّلٰلِ الْبَعِيْدِ ۝ اَفَلَمْ يَرَوْا اِلٰى مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ مِّنَ السَّمَاۗءِ وَالْاَرْضِ ۭ اِنْ نَّشَاْ نَخْسِفْ

اور دور کی گمراہی میں ہیں۔ کیا انہوں نے اسے نہیں دیکھا جو ان کے سامنے ہے اور جو ان کے پیچھے ہے یعنی آسمان اور زمین' اگر ہم چاہیں تو

بِهِمُ الْاَرْضَ اَوْ نُسْقِطْ عَلَيْهِمْ كِسَفًا مِّنَ السَّمَاۗءِ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ ۝

انہیں زمین میں دھنسا دیں یا ہم ان پر آسمان کے ٹکڑے گرا دیں' بلا شبہ اس میں متوجہ ہونے والے ہر بندہ کے لیے نشانی ضرور ہے۔

کافروں کی طرف سے وقوع قیامت کا انکار اور ان کے لیے عذاب کی وعید

جو لوگ قیامت کے منکر تھے وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں آپس میں کہتے تھے کہ کیا ہم تمہیں ایسا آدمی نہ بتا دیں جو تمہیں یہ بتاتا ہے کہ جب تم بالکل ہی چورہ چورہ ریزہ ریزہ ہو جاؤ گے تو پھر نئے طریقے سے پیدا ہو گے' انہیں نئے طور پر پیدا ہونے سے جو تعجب ہوتا تھا اپنے اس تعجب کو اس طرح ظاہر کیا اور اس میں کچھ استہزاء اور تمسخر کا بھی پہلو ہے' چونکہ یہ لوگ رسالت پر ایمان نہیں رکھتے تھے اس لیے انہوں نے وقوع قیامت کی خبر کو دو باتوں میں منحصر کر دیا اور کہنے لگے کہ یہ شخص اللہ پر جھوٹ باندھتا ہے یعنی وہ بات کہتا ہے جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے نہیں بتائی گئی اور اگر یہ بات نہیں ہے تو پھر یہ شخص دیوانگی میں مبتلا ہے' خبر کے سچا ہونے کا ان کے نزدیک احتمال ہی نہیں تھا اس لیے انہوں نے تیسری بات کا تذکرہ ہی نہیں کیا یعنی یوں نہیں کہا کہ ممکن ہے اس کی بات سچی ہو بلکہ دو ہی باتوں میں منحصر کر دیا حالانکہ ان کی دونوں باتیں غلط ہیں' نہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ پر جھوٹ باندھا اور نہ آپ کو دیوانگی ہے۔ ان کے جواب میں فرمایا: بَلِ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ فِي الْعَذَابِ وَالضَّلٰلِ الْبَعِيْدِ ۝ مطلب یہ ہے کہ ہمارا نبی نہ افتراء کرنے والا ہے نہ دیوانہ ہے بلکہ بات یہ ہے کہ جو لوگ آخرت پر یقین نہیں رکھتے وہ عذاب اور دور کی گمراہی میں پڑے ہوئے ہیں' گمراہی میں اتنے زیادہ آگے بڑھ چکے ہیں کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی خبر انہیں جھوٹی معلوم ہوتی ہے اور انہیں دیوانگی کی طرف منسوب کیا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ وہ عذاب میں مبتلا ہوں گے۔

پھر ان لوگوں کا تعجب دور کرنے کے لیے فرمایا: اَفَلَمْ يَرَوْا اِلٰى مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ مِّنَ السَّمَاۗءِ وَالْاَرْضِ ' اس میں یہ بتایا کہ دیکھو تمہارے سامنے آسمان ہیں اور زمین ہے' تمہیں معلوم ہے کہ ان کا کتنا وجود ہے' کتنی وسعت ہے یہ بھی مانتے ہو کہ انہیں اللہ تعالیٰ نے پیدا فرمایا جس نے انہیں پیدا فرما دیا اس کے بارے میں یہ غلط خیال کیسے کرنے لگے کہ وہ چھوٹی سی مخلوق کو یعنی تمہارے وجود کو دوبارہ پیدا نہ کر سکے گا۔ اسی کو سورۃ المؤمن میں یوں فرمایا: لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ (البتہ آسمانوں کا اور زمین کا پیدا فرمانا لوگوں کے پیدا فرمانے کی بہ نسبت بڑا کام ہے اور لیکن بہت سے لوگ نہیں جانتے) اور سورۂ یٰسٓ میں فرمایا: اَوَلَيْسَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ (کیا وہ ذات جس نے

آسمانوں کو اور زمین کو پیدا فرمایا اس پر قادر نہیں ہے کہ انکے جیسے پیدا فرمادے) اور سورۂ احقاف میں فرمایا: اَوَلَمْ یَرَوْا اَنَّ اللّٰہَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَمْ یَعْیَ بِخَلْقِهِنَّ بِقٰدِرٍ عَلٰٓی اَنْ یُّحْیِۦَ الْمَوْتٰی ط بَلٰٓی اِنَّهٗ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ (کیا ان لوگوں نے نہیں دیکھا کہ جس خدا نے آسمانوں کو اور زمین کو پیدا فرمایا اور انکے پیدا کرنے میں ذرا بھی نہیں تھکا وہ اس پر قادر ہے کہ مردوں کو زندہ فرمائے، کیوں نہیں، بے شک وہ ہر چیز پر قادر ہے)

پھر فرمایا: اِنْ نَّشَاْ نَخْسِفْ بِهِمُ الْاَرْضَ اَوْ نُسْقِطْ عَلَیْهِمْ كِسَفًا مِّنَ السَّمَآءِ (اگر ہم چاہیں تو ان کو زمین میں دھنسا دیں یا اگر چاہیں تو ان پر آسمان کے ٹکڑے گرادیں) یعنی آسمان اور زمین کو دیکھ کر یہ لوگ عبرت و بصیرت حاصل نہیں کرتے ان کے اس انکار و تکذیب کی سزا میں، ہم اتنی زمین کو اور اسی آسمان کو ان کے لیے عذاب کا ذریعہ بنا سکتے ہیں، حکمت کے مقتضا کے باعث گرفت میں جو دیر لگ رہی ہے اس سے دھوکہ نہ کھائیں۔

اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً لِّكُلِّ عَبْدٍ مُّنِیْبٍ (بلاشبہ اس میں اس بندے کے لیے بڑی نشانی ہے جو اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہو) اور حق کا طالب ہو۔

وَلَقَدْ اٰتَیْنَا دَاوٗدَ مِنَّا فَضْلًا ؕ یٰجِبَالُ اَوِّبِیْ مَعَهٗ وَالطَّیْرَ ۚ وَاَلَنَّا لَهُ

اور یہ واقعی بات ہے کہ ہم نے داؤد کو اپنی طرف سے بڑی نعمت دی تھی، اے پہاڑو! داؤد کے ساتھ بار بار تسبیح کرو اور پرندوں کو بھی یہی حکم دیا، اور ہم نے ان کے لیے

الْحَدِیْدَ ﴿۱۰﴾ اَنِ اعْمَلْ سٰبِغٰتٍ وَّقَدِّرْ فِی السَّرْدِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ؕ اِنِّیْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ ﴿۱۱﴾ وَلِسُلَیْمٰنَ

لوہے کو نرم کردیا۔ کہ تم پوری زرہیں بناؤ اور جوڑنے میں انداز ہ رکھو اور تم سب نیک کام کیا کرو، بلاشبہ میں ان کاموں کو دیکھ رہا ہوں جنہیں تم کرتے ہو۔ اور ہم نے سلیمان

الرِّیْحَ غُدُوُّهَا شَهْرٌ وَّرَوَاحُهَا شَهْرٌ ۚ وَاَسَلْنَا لَهٗ عَیْنَ الْقِطْرِ ؕ وَمِنَ الْجِنِّ مَنْ یَّعْمَلُ

کے لیے ہوا کو مسخر کیا، اسکا صبح کا چلنا ایک ماہ کی مسافت تھا اور اس کا شام کا چلنا ایک ماہ کی مسافت تھا، اور ہم نے ان کے لیے تانبے کا چشمہ بہادیا اور جنات میں بعض وہ تھے جو ان کے

بَیْنَ یَدَیْهِ بِاِذْنِ رَبِّهٖ ؕ وَمَنْ یَّزِغْ مِنْهُمْ عَنْ اَمْرِنَا نُذِقْهُ مِنْ عَذَابِ السَّعِیْرِ ﴿۱۲﴾ یَعْمَلُوْنَ لَهٗ مَا

سامنے ان کے رب کے حکم سے کام کرتے تھے اور ان میں سے جو شخص ہمارے حکم سے سرتابی کرے، ہم اسے دوزخ کا عذاب چکھائیں گے۔ جنات ان کے لیے ان کی فرمائش

یَشَآءُ مِنْ مَّحَارِیْبَ وَتَمَاثِیْلَ وَجِفَانٍ كَالْجَوَابِ وَقُدُوْرٍ رّٰسِیٰتٍ ؕ اِعْمَلُوْٓا اٰلَ دَاوٗدَ شُكْرًا ؕ

کے مطابق بڑی بڑی عمارتیں اور مجسمے اور حوضوں کے برابر بڑے بڑے لگن اور ایسی دیگیں بناتے تھے جو ایک ہی جگہ جمی رہیں، اے داؤد کے خاندان والو تم شکر کا کام کرو،

وَقَلِیْلٌ مِّنْ عِبَادِیَ الشَّكُوْرُ ﴿۱۳﴾

اور میرے بندوں میں شکر گزار کم ہوتے ہیں۔

حضرت داؤد اور حضرت سلیمان علیہما السلام والے انعامات کا تذکرہ

یہاں حضرت داؤد اور ان کے بیٹے حضرت سلیمان علیہما السلام کا تذکرہ فرمایا ہے اللہ تعالیٰ نے انہیں جس اقتدار اور اختیار اور جن

نعمتوں سے نوازا تھا ان میں سے بعض کا تذکرہ ہے۔ سورۂ انبیاء (رکوع نمبر ۵) میں دونوں حضرات کا تذکرہ گزر چکا ہے اور سورۂ ص میں بھی (رکوع نمبر۲ اور رکوع نمبر۳ میں) آ رہا ہے۔

پہاڑوں اور پرندوں کا تسبیح میں مشغول ہونا............ اوّلاً تو یہ فرمایا کہ ہم نے پہاڑوں اور پرندوں کو حکم دیا کہ داؤد علیہ السلام کے ساتھ ہماری طرف بار بار رجوع ہوں اور ان کے ساتھ ہمارے ذکر و تسبیح میں مشغول رہیں۔ لفظ اَوِّبِیْ باب تفعیل سے ہے اور چونکہ مجرد سے بھی اس کا معنی رجوع کرنے کا ہے اس لیے اس کا ترجمہ یہ کیا گیا ہے کہ رَجِّعِیْ مَعَهُ التَّسْبِیْحَ وَرَدِّیْ بِهٖ کہ داؤد کے ساتھ بار بار تسبیح کرو اور پرندوں کو بھی حکم دیا کہ داؤد علیہ السلام کے ساتھ اللہ کی تسبیح میں مشغول رہیں۔ سورۂ ص میں فرمایا ہے: اِنَّا سَخَّرْنَا الْجِبَالَ مَعَهٗ یُسَبِّحْنَ بِالْعَشِیِّ وَالْاِشْرَاقِ وَ الطَّیْرَ مَحْشُوْرَةً ؕ كُلٌّ لَّهٗۤ اَوَّابٌ (ہم نے پہاڑوں کو حکم کر رکھا تھا کہ ان کے ساتھ شام اور صبح تسبیح کیا کریں اور پرندوں کو بھی حکم دیا تھا جو جمع ہو جاتے تھے سب اس کی وجہ سے ذکر میں مشغول رہتے تھے۔

یوں تو ہر چیز اللہ کی تسبیح میں مشغول رہتی ہے جیسا کہ متعدد آیات میں بیان فرمایا ہے لیکن پہاڑوں اور پرندوں کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے خصوصی حکم تھا کہ داؤد علیہ السلام کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی تسبیح بیان کرنے میں مشغول رہیں، یہ تسبیح حروف اور کلمات کے ساتھ تھیں جیسا کہ اس طرح کے معجزات نبویہ بھی کتب احادیث میں مذکور ہیں۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے فرمایا کہ ہم کھانے کی تسبیح سنتے تھے جس وقت وہ کھایا جاتا تھا۔ (رواہ البخاری کما فی مشکوٰۃ المصابیح ص ۵۳۸)

جب داؤد علیہ السلام تسبیح پڑھتے تھے تو پہاڑ بھی تسبیح پڑھتے تھے اور پرندے بھی آپ کے پاس جمع ہوتے اور مشغول تسبیح ہو جاتے تھے۔ حضرت داؤد علیہ السلام نہایت خوش آواز تھے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ کی خوش آوازی کو تشبیہ دیتے ہوئے فرمایا لقد اوتی مزمارا من مزا میر آل داؤد (کہ ان کو داؤد علیہ السلام کی خوش آوازی کا حصہ دیا گیا)۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۵۷۵ عن البخاری ومسلم)

لوہے کو نرم فرمانا............ ثانیاً یہ فرمایا: وَاَلَنَّا لَهُ الْحَدِیْدَ کہ ہم نے لوہے کو داؤد علیہ السلام کے لیے نرم کر دیا، اَنِ اعْمَلْ سٰبِغٰتٍ اور انہیں حکم دیا کہ تم پوری زرہیں بناؤ۔ وَقَدِّرْ فِی السَّرْدِ اور ان کے جوڑنے میں اندازہ رکھو۔ حضرت داؤد علیہ السلام سے پہلے جو تلواروں کا حملہ روکنے کے لیے زرہیں بنائی جاتی تھیں وہ لوہے کے تختے ہوتے تھے جو جنگ کرنے والا اپنے آگے پیچھے باندھ لیتا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السلام کو زرہیں بنانے کا یہ طریقہ سکھایا کہ پہلے وہ لوہے کے زنجیر نما حلقے بنالیں پھر انہیں آپس میں ایک اچھے اور مناسب انداز میں جوڑ دیا کریں۔ اسی کو سورۃ الانبیاء میں فرمایا: وَعَلَّمْنٰهُ صَنْعَةَ لَبُوْسٍ لَّكُمْ لِتُحْصِنَكُمْ مِّنْۢ بَاْسِكُمْ (اور ہم نے انہیں زرہ بنانے کی کاری گری سکھائی تاکہ وہ تمہیں جنگوں میں محفوظ رکھیں)

معالم التنزیل جلد۳ ص ۵۰۵ میں لکھا ہے کہ حضرت داؤد علیہ السلام کو جب حکومت ملی تو آپ ہیئت بدل کر گھوما پھرا کرتے تھے اور اکا دکا جو کوئی شخص مل جاتا اس سے دریافت فرماتے تھے کہ کہو بھائی داؤد کیسے ہیں؟ عام طور سے اس کے جواب میں لوگ ان کی تعریف ہی کر دیتے تھے۔ ایک دن اللہ تعالیٰ نے انسانی صورت میں ایک فرشتہ بھیجا، داؤد علیہ السلام نے اس سے بھی وہی سوال کیا، جو دوسرے لوگوں سے کیا کرتے تھے، فرشتے نے کہا کہ ہاں آدمی تو وہ اچھے ہیں اگر ان میں ایک خصلت نہ ہوتی۔ یہ سن کر حضرت داؤد علیہ السلام متفکر ہوئے اور دریافت کیا کہ وہ کون سی خصلت ہے؟ فرشتے نے جواب دیا وہ یہ ہے کہ وہ خود بھی بیت المال سے کھاتے ہیں اور اپنے بچوں کو بھی اسی میں سے کھلاتے ہیں، یہ بات سن کر آپ کو تنبہ ہوا اور اللہ تعالیٰ سے سوال کیا کہ میرے لیے کوئی ایسا سبب بنا دیجئے جس سے میرا اور میرے

اہل وعیال کا گزارہ ہوتا رہے‘ اللہ تعالیٰ نے آپ کو زرہ بنانی سکھائی اور آپ کے لیے لوہے کو نرم کر دیا۔ زرہ بنانے کے لیے انہیں لوہے کو آگ میں ڈال کر نرم کرنے اور ہتھوڑوں سے کوٹنے پیٹنے کی ضرورت نہیں ہوتی تھی‘ ان کے ہاتھوں میں لوہا موم کی طرح پگھل جاتا تھا اور گوندھے ہوئے آٹے کی طرح نرم ہو جاتا تھا‘ روزانہ ایک زرہ بنا لیتے تھے جو چار ہزار درہم (اور ایک قول کے مطابق چھ ہزار درہم) میں فروخت کر دیتے تھے‘ ان میں سے اپنی جان پر‘ اپنے اہل وعیال پر خرچ فرماتے تھے اور فقراء بنی اسرائیل پر بھی صدقہ فرماتے تھے۔

حضرت مقداد بن معدیکربؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ کسی شخص نے اس سے بہتر کھانا نہیں کھایا کہ اپنے ہاتھ سے کام کرے اور اس سے جو حاصل ہو اس میں سے کھائے‘ اور فرمایا کہ بلاشبہ اللہ تعالیٰ کے نبی داؤد علیہ السلام اپنے ہاتھوں کی محنت سے کھاتے تھے۔ (رواہ البخاری ص ۲۰۸)

اس کے بعد فرمایا: وَاعْمَلُوْا صَالِحًا۔ اور اے داؤد کے گھر والو نیک عمل کرو۔ اِنِّیْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ ۝ بلاشبہ میں تمہارے کاموں کو دیکھنے والا ہوں)

ہوا کی تسخیر .... اس کے بعد حضرت سلیمان علیہ السلام پر جو انعامات تھے ان کا تذکرہ فرمایا‘ انہیں میں سے ایک انعام یہ تھا کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے ہوا کو مسخر فرما دیا تھا جہاں جانا ہوتا تھا ہوا کو حکم دے دیتے تھے وہ ان کو اور ان کے لشکر کو لے کر چل دیتی تھی اور اس کی رفتار کا یہ عالم تھا کہ صبح کو چلتی تھی تو اس زمانہ کے مسافروں کی عام رفتار کے مطابق ایک مہینے کی مسافت تک پہنچا دیتی تھی اور شام کو چلتی تو مزید ایک ماہ کی مسافت کو پہنچا دیتی تھی۔

معالم التنزیل میں حضرت حسنؒ سے نقل کیا ہے کہ صبح کو دمشق سے چل کر شام تک اصطخر پہنچا دیتی تھی پھر شام کو اصطخر سے چل کر صبح تک کابل پہنچا دیتی تھی۔ تیز رفتار سوار کے لیے دونوں مسافتیں ایک ایک ماہ کی مسافت کے برابر ہیں۔ بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ سلیمان علیہ السلام صبح کا کھانا مقام رے میں کھاتے تھے اور شام کا کھانا سمرقند میں کھاتے تھے۔

تانبے کا چشمہ بہا دینا .... دوسرا انعام ذکر کرتے ہوئے فرمایا: وَاَسَلْنَا لَهٗ عَيْنَ الْقِطْرِ ؕ اور ہم نے سلیمان (علیہ السلام) کے لیے تانبے کا چشمہ بہا دیا۔ تانبا مشہور معدنی چیز ہے اور جامد ہے‘ اسے برتن وغیرہ بنانے کے لیے پگھلانا پڑتا ہے‘ اللہ تعالیٰ جل شانہ نے آپ کو پگھلے ہوئے تانبے کی نعمت دی اور تھوڑا بہت نہیں بلکہ اس کا چشمہ جاری فرما دیا۔ صاحب روح المعانی نے حضرت ابن عباسؓ سے نقل کیا ہے کہ تانبے کا یہ چشمہ یمن کی سرزمین میں تھا۔

جنات کی تسخیر .... تیسری نعمت بیان فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا: وَمِنَ الْجِنِّ مَنْ يَّعْمَلُ بَيْنَ يَدَيْهِ بِاِذْنِ رَبِّهٖ (اور جنات میں سے بعض وہ تھے جو ان کے سامنے ان کے رب کے حکم سے کام کرتے تھے) اللہ تعالیٰ نے جنات کو بھی حضرت سلیمان علیہ السلام کی خدمت میں لگا دیا تھا‘ یہ شیاطین ان کے حکم کے مطابق کام کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ کا حکم جنات کے لیے یہ تھا کہ سلیمان (علیہ السلام) کی اطاعت کرو۔ وَمَنْ يَّزِغْ مِنْهُمْ عَنْ اَمْرِنَا نُذِقْهُ مِنْ عَذَابِ السَّعِيْرِ (ہمارے اس حکم سے جو سرتابی کرے گا یعنی سلیمان کی حکم عدولی کرے گا ہم اسے دوزخ کا عذاب چکھا دیں گے) شیاطین تو تھے ہی ان کو تشریعی طور پر بھی حضرت سلیمان کی اطاعت کا حکم تھا اس کی خلاف ورزی پر عذاب آخرت کی وعید ذکر فرمائی۔

محاریب اور تماثیل کا تذکرہ .... يَعْمَلُوْنَ لَهٗ مَا يَشَآءُ مِنْ مَّحَارِيْبَ وَتَمَاثِيْلَ‘ یہ جنات سلیمان علیہ السلام کے لیے ان کی فرمائش کے مطابق بڑی بڑی عمارتیں اور مجسمے یعنی مورتیاں بناتے تھے۔

لفظ مَحَارِیْبَ محراب کی جمع ہے جس کا ترجمہ عمارتیں کیا گیا ہے، بعض حضرات نے اس کا ترجمہ قصور یعنی محلات کیا ہے اور بعض حضرات نے مساکن یعنی رہنے کی جگہیں اور بعض نے اونچی جگہ یعنی بالا خانہ کا ترجمہ کیا ہے اور تَمَاثِیْلَ تمثال کی جمع ہے، حضرت سلیمان علیہ السلام کے حکم سے جنات تصویریں بناتے تھے جو تانبا، پیتل، شیشہ اور سفید پتھروں کی ہوتی تھیں۔

جِفَانٌ اور قُدُوْر رَّاسِیَات .... وَجِفَانٍ كَالْجَوَابِ اور بڑے بڑے لگن بناتے تھے جو حوضوں کی طرح ہوتے تھے۔ وَقُدُوْرٍ رّٰسِیٰتٍ اور ایسی دیگیں جو ایک ہی جگہ جمی رہنے والی تھیں۔ جِفَانٌ جَفْنَۃٌ کی جمع ہے جو پیالہ کے معنی میں آتا ہے اور اَلْجَوَابُ جمع ہے جَابِیَۃٌ کی۔ جیسے نَوَاصِیْ نَاصِیَۃٌ کی جمع ہے اس کے آخر سے یاء حذف ہوگئی۔ جابیہ بڑے پیالہ کے معنی میں آتا ہے کیونکہ وہ پیالے بڑے بڑے ہوتے تھے اس لیے اوپر لگن کا ترجمہ کیا گیا۔

جنات جو دیگیں بناتے تھے وہ بھی بہت بڑی بڑی ہوتی تھیں جو اپنی جگہوں پر جام رہتی تھیں۔ معالم التنزیل جلد۳ ص۵۵۲ میں لکھا ہے کہ ایک پیالہ سے ہزار آدمی کھاتے تھے اور یہ پیالے پایوں والے تھے اپنی جگہ سے حرکت نہیں کرتے تھے اور سیڑھیوں کے ذریعہ ان تک پہنچتے تھے۔ ظاہر ہے کہ پیالے اتنے بڑے تھے تو دیگیں کتنی بڑی ہوں گی جو اپنی جگہ جمی رہتی تھیں، حضرت سلیمانؑ کا یہ سلسلہ یمن میں تھا۔

ادائیگی شکر کا حکم .... اِعْمَلُوْٓا اٰلَ دَاوٗدَ شُكْرًا ' اے داؤد کے گھر والو شکر کا کام کرو (یعنی تمہیں جو نعمتیں ملی ہیں **قولاً وفعلاً** ان کا شکر ادا کرو، اعمال صالحہ میں لگے رہو) وَقَلِیْلٌ مِّنْ عِبَادِیَ الشَّكُوْرُ (اور میرے بندوں میں شکر گزار کم ہیں)

صحیح بخاری میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ حضرت داؤد علیہ السلام ایک دن روزہ رکھتے تھے اور ایک دن بیروزہ رہتے تھے اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے زیادہ محبوب نماز داؤد علیہ السلام کی نماز تھی (یعنی نماز تہجد) وہ آدھی رات سوتے تھے اور تہائی رات نماز میں کھڑے رہتے تھے اور رات کے چوتھے حصہ میں پھر سو جاتے تھے۔ (راجع صحیح البخاری کتاب الانبیاء)

اور معالم التنزیل میں حضرت ثابت بنانیؒ سے نقل کیا ہے کہ حضرت داؤد علیہ السلام نے رات اور دن کے حصوں کو اپنے اہل وعیال پر تقسیم کر رکھا تھا، رات اور دن میں جو بھی کوئی وقت ہوتا تھا ان کے گھر کا کوئی نہ کوئی شخص نماز میں مشغول رہتا تھا۔

شریعت محمدیہ میں تماثیل اور تصاویر کا حرام ہونا .... حضرت سلیمان علیہ السلام کے بارے میں ارشاد فرمایا کہ جنات ان کے تابع کر دیئے گئے تھے، ان کے بعض اعمال سورۂ سباء میں اور بعض اعمال سورۂ ص میں مذکور ہیں۔ یہاں جنات کے جن اعمال کا ذکر ہے ان میں تماثیل یعنی مورتیاں بنانے کا بھی تذکرہ فرمایا، بعض وہ لوگ جنہیں تصاویر سے اور مورتیوں سے محبت ہے وہ تصاویر اور تماثیل کے جواز پر اس آیت کو پیش کرتے ہیں، یہ ان لوگوں کی غلطی ہے، جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرما دیا جو قرآن کو اور احکام الٰہیہ کو سب سے زیادہ جانتے تھے تو کسی دوسرے کو کیا اختیار ہے کہ آپ کے حکم سے سرتابی کرے اور جس چیز کو آپ حرام قرار دیں اسے حلال کہے، بات یہ ہے کہ سابقہ امتوں کے لیے بعض چیزیں حلال کر دی گئی تھیں اور بعض چیزیں ان پر حرام تھیں، شریعت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والتحیہ نے ان حلال چیزوں میں سے بہت سی چیزیں حرام قرار دے دیں، یہ منسوخ ہونا کوئی تعجب کی بات نہیں ہے، خود اس امت کے لئے ابتدائے اسلام میں بہت سی چیزیں جائز تھیں پھر ان کو حرام کر دیا گیا، اسمیں شراب کا ابتداء حلال ہونا پھر حرام ہونا تو تقریباً سب ہی جانتے ہیں۔

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے سخت عذاب

تصویر بنانے والوں کو ہوگا۔ (رواہ البخاری ج ۲ص ۸۸۰)

حضرت ابن عباسؓ نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ ہر تصویر بنانے والا دوزخ میں ہوگا جو بھی صورت اس نے بنائی تھی وہ ایک جان بنا دی جائے گی جو اسے دوزخ میں عذاب دیتی رہے گی۔ (رواہ البخاری ومسلم کمافی المشکوٰۃ ص ۳۸۵)

اور حضرت عائشہ صدیقہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ان تصویر والوں کو قیامت کے دن عذاب دیا جائے گا' ان سے کہا جائے گا کہ تم نے جو کچھ بنایا تھا اس میں جان ڈالو اور آپ نے یہ بھی فرمایا کہ جس گھر میں تصویر ہو اس گھر میں فرشتے داخل نہیں ہوتے۔ (رواہ البخاری ص ۸۸۱ ج ۲)

حضرت ابو جحیفہؓ نے بیان کیا کہ بلاشبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خون کی قیمت اور کتے کی قیمت اور زنا کے ذریعہ مال کمانے سے منع فرمایا اور سود کھانے والے اور سود کھلانے والے پر اور گودنے والی اور گدوانے والی پر اور تصویر بنانے والے پر لعنت بھیجی ہے۔ (رواہ البخاری ص ۲۸۰)

یہ چند حدیثیں ہم نے صحیح بخاری سے نقل کر دی ہیں اور ان کے علاوہ بھی بہت سی حدیثیں ہیں جن میں تصویر بنانے اور تصویر رکھنے کی ممانعت ہے' مجموعی حیثیت سے ان کی تعداد تواتر معنوی کو پہنچی ہوئی ہے جو لوگ تصاویر و تماثیل کو جائز کہہ رہے ہیں وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات اور وجہ ممانعت کو نہیں دیکھتے اور اپنی طرف سے علتیں نکالتے ہیں پھر یوں کہتے ہیں کہ علت نہ رہی تو حکم بھی باقی نہیں رہا اور خود سے یہ علت نکالی کہ اہل عرب مشرک تھے' ان کے دلوں میں تصاویر کی اہمیت تھی لہٰذا ان کے دلوں سے تصاویر کی محبت نکالنے کے لیے تصاویر و تماثیل کو حرام قرار دے دیا تھا اب جب علت نہ رہی تو حکم بھی نہ رہا۔ العیاذ باللہ

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تو یہ علت نہیں بتائی' آپ نے تو یہ بتایا ہے کہ قیامت کے دن ان لوگوں کو عذاب ہوگا جو اللہ تعالیٰ کی صفت خالقیت کے مشابہ بنتے ہیں۔

اور ایک روایت میں یوں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اس سے بڑھ کر کون ظالم ہوگا' جو میری صفت خالقیت میں ساجھا کرے۔ اگر ایسے ہی پیدا کرنے والے ہیں تو ایک ذرہ پیدا کر دیں یا ایک حبہ یا ایک جو پیدا کر دیں۔ (رواہ البخاری ج ۲ص ۸۸۰)

آخر میں ایک اور حدیث سنتے چلیں' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ قیامت کے دن دوزخ سے ایک گردن نکلے گی' اس کی آنکھیں ہوں گی ان سے دیکھتی ہوگی اور دو کان ہوں گے جن سے سنتی ہوگی اور ایک زبان ہوگی جس سے بات کرتی ہوگی اور یوں کہے گی کہ میں تین شخصوں پر مسلط کی گئی ہوں (۱) ہر وہ شخص جو ظالم ہو' عناد کرنے والا ہو (۲) وہ شخص جس نے اللہ کے ساتھ معبود بنا کر کسی کو پکارا ہو (۳) جو تصویر بنانے والا ہو۔ (رواہ الترمذی)

ایک شخص داڑھی منڈی ہوئی' پتلون پہنے ہوئے نصرانی صورت میں احقر سے بھڑ گیا کہنے لگا کیمرہ تو بہت سے بہت ڈیڑھ سو سال پہلے کی ایجاد ہے' میں نے کہا گناہ کو گناہ سمجھتے ہوئے کرو تو توبہ کی توفیق بھی ہو جائے گی اور اگر گناہ کو حلال کرنے کی کوشش کی جائے گی تو گناہ ڈبل ہو جائے گا اور گناہ حلال نہیں ہوگا اور حلال سمجھنے کی وجہ سے توبہ کی توفیق بھی نہیں ہوگی۔ رسول اللہ ﷺ نے کسی آلہ کی تخصیص تو نہیں فرمائی کہ تصویر ہاتھ سے بناؤ گے تو فرشتے گھر میں داخل نہ ہوں گے اور کسی آلہ کے ذریعہ سے تصویر کھینچو گے تو فرشتوں کو ناگواری نہ ہوگی اور یہ نہیں فرمایا کہ یہ عمل یضاھئون خلق اللہ میں شامل نہیں۔

فَلَمَّا قَضَيْنَا عَلَيْهِ الْمَوْتَ مَا دَلَّهُمْ عَلٰى مَوْتِهٖٓ اِلَّا دَآبَّةُ الْاَرْضِ تَاْكُلُ مِنْسَاَتَهٗ ۚ فَلَمَّا

پھر جب ہم نے سلیمان پر موت کا حکم جاری کر دیا تو ان کو سلیمان کی موت کا پتہ نہ دیا مگر گھن کے کیڑے نے جو ان کے عصا کو کھا رہا تھا سو جب وہ گر

خَرَّ تَبَيَّنَتِ الْجِنُّ اَنْ لَّوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ الْغَيْبَ مَا لَبِثُوْا فِي الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ ﴿۱۴﴾

پڑے تو جنات کو پتہ چلا کہ اگر جن غیب کو جانتے ہوتے تو ذلیل کرنے والے عذاب میں نہ ٹھہرے رہتے۔

جنات غیب کو نہیں جانتے، وہ حضرت سلیمان علیہ السلام کی وفات سے بے خبر رہے

جیسا کہ پہلے معلوم ہوا حضرت سلیمانؑ جنات سے بڑے بڑے کام لیتے تھے ان میں سخت کام بھی ہوتے تھے اور ان میں سے بعض شیاطین کو بیڑیوں میں جکڑ کر بھی ڈالتے تھے کما ذکر اللّٰہ تعالیٰ فی سورۃ ص (وَالشَّيٰطِيْنَ كُلَّ بَنَّآءٍ وَّ غَوَّاصٍ ۝ وَّاٰخَرِيْنَ مُقَرَّنِيْنَ فِي الْاَصْفَادِ) جب حضرت سلیمان علیہ السلام کی وفات کا وقت قریب ہوا تو وہ ایک لاٹھی لے کر اپنی ٹھوڑی سے لگا کر تخت پر بیٹھ گئے، اسی حالت میں اللہ تعالیٰ نے ان کی موت آنے کا فیصلہ فرما دیا، لہٰذا ان کو موت آ گئی، جنات یہ سمجھ کر کہ آپ بیٹھے ہیں اور ہمیں دیکھ رہے ہیں، برابر کاموں میں لگے رہے اور تکلیفیں اٹھاتے رہے ان میں سے چھوٹے درجے کے جنات کو ایسا خیال تھا کہ جو ہمارے بڑے ہیں وہ غیب کو جانتے ہیں۔

صاحب روح المعانی لکھتے ہیں کہ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ان میں جو بڑے جنات تھے وہ خود بھی اپنے بارے میں غیب دانی کا دعویٰ کرتے ہوں، حضرت سلیمان علیہ السلام کو موت بھی آ گئی اور بدستور لاٹھی سے ٹیک لگائے بیٹھے رہے اور لاٹھی کو گھن کا کیڑا کھاتا رہا، جب ایک سال گزرا تو گھن کھانے کی وجہ سے لاٹھی ٹوٹ گئی اور حضرت سلیمان علیہ السلام کی لاش گر پڑی، اب جو لاش گری تو جنات کو پتہ چل گیا کہ ارے یہ تو مرے ہوئے تھے، ان کا بیٹھا رہنا اور رُکا رہنا لاٹھی کی ٹیک کی وجہ سے تھا پھر حساب لگایا کہ گھن کے کیڑے نے کتنے دن تک لاٹھی کو کھایا ہوگا تو اندازہ ہوا کہ ایک سال تک کیڑے نے لکڑی کو کھایا ہے، جس کا ہمیں اب پتہ چلا ہے اگر ہم پہلے ہی سے اس بات کو جان لیتے کہ ان کو موت آ چکی ہے تو مشقت کے کاموں میں کیوں لگے رہتے جو ہمارے لیے باعث عذاب بنے ہوئے تھے اور ہماری ذلت کا باعث تھے، ان کا غیب دانی کا جو دعویٰ تھا وہ غلط نکلا اور پوری طرح یہ واضح ہو گیا کہ جنات غیب کو نہیں جانتے۔ یہ غلط فہمی اس امت کے بعض لوگوں کو بھی ہے، حالانکہ عالم الغیب صرف اللہ تعالیٰ کی ذات پاک کے لیے مخصوص ہے، کسی رسول یا فرشتے کو جو کچھ علم حاصل ہوا وہ اللہ تعالیٰ ہی کے عطا فرمانے سے ملا، سورۂ آل عمران میں فرمایا: وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَجْتَبِيْ مِنْ رُّسُلِهٖ مَنْ يَّشَآءُ حضرت سلیمان علیہ السلام کی وفات کے واقعہ سے پوری طرح عیاں ہو گیا کہ جنات غیب دان نہیں ہیں۔

قوله تعالىٰ منساَتهٗ قال صاحب الروح والمنسأة من نسأت البعير اذا طردتهٗ لانها يطرد بها ومن نسأته اذا اخرته و منه النسيء ۚ ويظهر من هٰذا انها العصا الكبيرة التى تكون مع الراعى واضرابه.

لَقَدْ كَانَ لِسَبَاٍ فِيْ مَسْكَنِهِمْ اٰيَةٌ ۚ جَنَّتٰنِ عَنْ يَّمِيْنٍ وَّ شِمَالٍ ۬ كُلُوْا مِنْ رِّزْقِ رَبِّكُمْ

واقعی بات ہے کہ قوم سبا کے لیے ان کے ٹھہرنے کی جگہ میں بڑی نشانی تھی، دائیں بائیں دونوں طرف باغوں کی قطاریں تھیں، کھاؤ اپنے رب کے رزق سے

وَاشْكُرُوْا لَهٗ ؕ بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ وَّرَبٌّ غَفُوْرٌ ﴿۱۵﴾ فَاَعْرَضُوْا فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ سَيْلَ الْعَرِمِ وَبَدَّلْنٰهُمْ

اور اس کا شکرادا کرؤ عمدہ شہر ہے اور رب بخشنے والا ہے۔ سو انہوں نے روگردانی کی لہٰذا ہم نے ان پر بند کا سیلاب بھیج دیا اور ہم نے ان کے باغوں

بِجَنَّتَيْهِمْ جَنَّتَيْنِ ذَوَاتَيْ اُكُلٍ خَمْطٍ وَّاَثْلٍ وَّشَيْءٍ مِّنْ سِدْرٍ قَلِيْلٍ ﴿۱۶﴾ ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ بِمَا كَفَرُوْا ؕ

کے بدلہ میں دو ایسے باغ دے دیئے جن میں بدمزہ پھل اور جھاؤ کے درخت تھے۔ اور کچھ تھوڑے سے بیری کے درخت تھے ہم نے انہیں یہ سزا ان کے کفر کی وجہ سے دی

وَهَلْ نُجٰزِيْٓ اِلَّا الْكَفُوْرَ ﴿۱۷﴾ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ الْقُرَى الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا قُرًى

اور ہم ناشکروں ہی کو سزا دیا کرتے ہیں۔ اور ہم نے ان کے درمیان اور ان بستیوں کے درمیان جن میں ہم نے برکت رکھی تھی بہت سے گاؤں آباد کر رکھے تھے

ظَاهِرَةً وَّقَدَّرْنَا فِيْهَا السَّيْرَ ؕ سِيْرُوْا فِيْهَا لَيَالِيَ وَاَيَّامًا اٰمِنِيْنَ ﴿۱۸﴾ فَقَالُوْا رَبَّنَا

جو نظر آتے تھے اور ہم نے ان کے درمیان ان کے چلنے کا ایک خاص انداز رکھا تھا' ان میں راتوں کو چلو اور دن میں چلو امن وامان کے ساتھ۔ سو انہوں نے کہا کہ اے ہمارے رب دوری

بٰعِدْ بَيْنَ اَسْفَارِنَا وَظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَجَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيْثَ وَمَزَّقْنٰهُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ؕ اِنَّ فِيْ

کر دیجئے ہمارے سفروں کے درمیان اور انہوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا' سو ہم نے انہیں افسانہ بنا دیا اور انہیں پوری طرح تتر بتر کر دیا بے شک

ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ﴿۱۹﴾ وَلَقَدْ صَدَّقَ عَلَيْهِمْ اِبْلِيْسُ ظَنَّهٗ فَاتَّبَعُوْهُ اِلَّا فَرِيْقًا

اس میں ہر صابر وشاکر کے لیے بڑی عبرتیں ہیں۔ اور یہ بات واقعی ہے کہ ان کے بارے میں ابلیس نے اپنا گمان صحیح پالیا سو سب اس کے اتباع میں لگ گئے سوائے مومنین کی

مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۰﴾ وَمَا كَانَ لَهٗ عَلَيْهِمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ اِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ يُّؤْمِنُ بِالْاٰخِرَةِ

تھوڑی سی جماعت کے۔ اور ابلیس کا ان لوگوں پر کوئی زور نہ تھا بجز اس کے اور کسی وجہ سے نہیں کہ ہم یہ جان لیں کہ آخرت پر ایمان لانے والا کون ہے

مِمَّنْ هُوَ مِنْهَا فِيْ شَكٍّ ؕ وَرَبُّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ ﴿۲۱﴾

جو ان لوگوں سے علیحدہ ہے جو اس کی طرف سے شک میں ہیں اور آپ کا رب ہر چیز پر نگران ہے۔

ع ۲ / ۱۲ / ۸

قوم سباء پر اللہ تعالیٰ کے انعامات' پھر ناشکری کی وجہ سے نعمتوں کا مسلوب ہونا

سبا ایک قوم تھی جو اپنے جد اعلیٰ سبا بن یشجب کی طرف منسوب تھی' یہ لوگ یعرب بن قحطان کی اولاد سے تھے اور یمن میں رہتے تھے' اللہ تعالیٰ شانہ نے ان کو بہت نوازا تھا' دائیں بائیں باغوں کی قطاریں چلی گئی تھیں' انہی میں رہتے سہتے تھے اور اللہ تعالیٰ کی نعمتیں استعمال کرتے تھے' ان کے علاقہ کا نام مارب تھا جو شہر صنعاء سے (جواب بھی موجود ہے) تین دن کی مسافت پر تھا' ان کو حکم دیا تھا کہ اپنے رب کے رزق میں سے کھاؤ اور اس کا شکر بھی کیا کرو' روح المعانی میں مجمع البیان سے نقل کیا ہے کہ ان لوگوں کی تیرہ بستیاں تھیں اور ہر ہر بستی میں اللہ تعالیٰ کا ایک ایک نبی مبعوث ہوا تھا جو انہیں اس بات کی ترغیب دیتا تھا کہ اپنے رب کا رزق کھاؤ اور اس کا شکر ادا کرو۔ ساتھ ہی یہ بھی فرمایا بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ (کہ یہ جگہ جہاں تم بستے ہو عمدہ جگہ ہے) جس کی آب وہوا بھی اچھی ہے اور سرزمین بھی کاشت وغیرہ کے اعتبار سے

بہترین ہے نہ اس میں جوئیں ہیں نہ کھٹمل نہ دوسرے کیڑے مکوڑے۔ (من روح المعانی)

وَرَبٌّ غَفُوْرٌ ۔ اور تمہارا رب بخشنے والا ہے اس کی عبادت اور شکر گزاری میں لگے رہو کوئی قصور اور گناہ ہو جائے تو معافی مانگ لو وہ بخش دے گا۔

یہ لوگ ان نعمتوں میں مست تھے، جس کو اللہ تعالیٰ نے نعمتیں دی ہوں اسے خود اپنے ہوش گوش کے ساتھ اللہ کا شکر گزار ہونا چاہیے لیکن ان لوگوں نے توجہ دلانے پر بھی شکر ادا نہ کیا، جسے فَاَعْرَضُوْا سے تعبیر فرمایا۔

اللہ تعالیٰ نے انہیں ناشکری کی سزا دے دی اور ان پر عذاب بھیج دیا، یہ عذاب کیا تھا ایک سیلاب تھا اور یہ سیلاب بھی سخت تھا، جو بند بنا ہوا تھا وہ ٹوٹ گیا اور سیلاب نے انکے گھروں کو مکانوں کو، باغوں کو تباہ و برباد کر کے رکھ دیا، وہ جو باغوں کی قطاریں تھیں سب برباد ہو گئیں اور ان کی جگہ ایسے باغ نکل آئے جن کے پھل کڑوے تھے اور کچھ جھاؤ کے درخت۔ تھے اور کچھ بیری کے، اب تو افسوس کے ساتھ ہاتھ ملتے ہوئے رہ گئے لیکن: ''اب پچھتائے کیا ہوت جب سب کچھ بہا کر لے گیا سیلاب'' سیلاب کا تذکرہ فرما کر ارشاد فرمایا: وَهَلْ نُجَازِیْٓ اِلَّا الْكَفُوْرَ (اور ہم سزا نہیں دیتے مگر ناشکرے ہی کو) لفظ اَلْكَفُوْرُ میں سب سے بڑی ناشکری یعنی کفر بھی داخل ہے اور مدعیان اسلام کی قولی و عملی ناشکری بھی، ناشکرا آدمی یہ نہیں سمجھتا کہ میری نعمتیں چھینی بھی جا سکتی ہیں، اپنی نعمتوں میں مست رہتا ہے انہیں گناہوں میں خرچ کر کے ناشکری میں ترقی کرتا چلا جاتا ہے پھر سزا میں پکڑ لیا جاتا ہے۔

سورۃ النحل میں فرمایا ہے: وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا قَرْيَةً كَانَتْ اٰمِنَةً مُّطْمَئِنَّةً يَّاْتِيْهَا رِزْقُهَا رَغَدًا مِّنْ كُلِّ مَكَانٍ فَكَفَرَتْ بِاَنْعُمِ اللّٰهِ فَاَذَاقَهَا اللّٰهُ لِبَاسَ الْجُوْعِ وَالْخَوْفِ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ (اور اللہ تعالیٰ ایک بستی والوں کی حالت عجیبہ بیان فرماتے ہیں کہ وہ امن و اطمینان میں تھے ان کے کھانے پینے کی چیزیں بڑی فراغت سے چہار طرف سے ان کے پاس پہنچا کرتی تھیں، سو انہوں نے اللہ کی نعمتوں کی بے قدری کی، اس پر اللہ تعالیٰ نے ان کی حرکات کے سبب انہیں ایک محیط قحط اور خوف کا مزہ چکھایا)

اس کے بعد ان لوگوں کے انعامات کا اور ان کی ناشکریوں کا کچھ مزید تذکرہ فرمایا، ارشاد فرمایا: وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ الْقُرَى الَّتِیْ بٰرَكْنَا فِيْهَا قُرًى ظَاهِرَةً (اور ہم نے ان بستیوں کے درمیان جن میں ہم نے برکت رکھی تھی بہت سے گاؤں آباد کر رکھے تھے جو ظاہر تھے) یہ گاؤں برلب سڑک تھے، جب ایک بستی سے دوسری بستی تک گزرنا ہوتا تھا تو یہ گاؤں نظر آتے تھے اگر کوئی ٹھہرنا چاہتا تو ان میں ٹھہر سکتا تھا اور یوں بھی بار بار آباد نظر آنے سے سفر کی وحشت اور دہشت کم ہو جاتی ہے، آبادیوں کا برابر مسلسل اور متصل ہونا یہ بھی اہل سباء پر اللہ تعالیٰ کا انعام تھا۔

صاحب روح المعانی نے لکھا ہے کہ اَلَّتِیْ بٰرَكْنَا فِيْهَا سے ملک شام کی بستیاں مراد ہیں، جب یہ لوگ اپنے علاقہ سے ملک شام جاتے تھے تو راستہ میں قریب قریب بہت سی بستیاں آتی تھیں، جن کے قریب سے گزرتے تھے اور بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ برکت والی بستیوں سے خود اہل سبا ہی کی بستیاں مراد ہیں جو بڑی بڑی بستیاں تھیں، اور قُرًى ظَاهِرَةً سے چھوٹی بستیاں مراد ہیں جو بڑی بستیوں سے تھوڑے تھوڑے فاصلے پر واقع تھیں اور سفر کرنے والے کو عموماً نظر آتی تھیں۔

وَقَدَّرْنَا فِيْهَا السَّيْرَ (اور ہم نے ان کے درمیان ان کے چلنے کا ایک خاص انداز رکھا تھا) یعنی ان بستیوں کے درمیان جو مسافت تھی اللہ تعالیٰ نے ایک خاص مقدار معین کے ساتھ رکھی تھی، مثلاً کوئی شخص صبح کو روانہ ہوتا تو دوپہر ہونے تک دوسری بستی میں پہنچ جاتا اور ظہر کے بعد چلتا تو غروب آفتاب تک دوسری بستی میں پہنچ جاتا تھا، کھانا دانہ ساتھ لینے کی ضرورت نہ ہوتی تھی اور دشمن کا بھی کوئی خوف نہ

تھا۔بعض مفسرین نے بطور مثال مناسب اندازہ کے رفتار کا مطلب بتاتے ہوئے یہ بات کہی ہے۔اور ایک قول یہ بھی ہے کہ ایک بستی سے لے کر دوسری بستی تک ایک میل کی مسافت تھی۔

سِيْرُوْا فِيْهَا لَيَالِيَ وَاَيَّامًا اٰمِنِيْنَ (اللہ تعالیٰ کی طرف سے اعلان کر دیا گیا کہ تم ان بستیوں کے درمیان راتوں کو اور دن کو یعنی جب چاہو امن وامان کے ساتھ سفر کرو) تمہارے راتوں کے سفر بھی پُر امن ہیں جبکہ ان میں چوروں اور ڈاکوؤں کا خطرہ رہتا ہے اور دن کے اسفار بھی پُر امن ہیں، بغیر کسی خوف کے جب تک اور جہاں تک چاہو سفر کرو۔

فَقَالُوْا رَبَّنَا بٰعِدْ بَيْنَ اَسْفَارِنَا (سو ان لوگوں نے کہا کہ اے ہمارے رب دوری کر دیجئے ہمارے سفروں کے درمیان) جب انسانوں کو مال مل جاتا اور نعمتیں بہت ہو جاتی ہیں تو اترانے لگتے ہیں، بغاوت پر اتر آتے ہیں اور نعمتوں کی ناقدری شروع کر دیتے ہیں، یہی حال اہل سباء کا ہوا اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے کا جو حکم ہوا تھا اس پر تو عمل نہ کیا اور ایسی سمجھ الٹی، اور عقل کے پیچھے لٹھ لے کر پڑے کہ اللہ تعالیٰ سے اپنے لیے یوں بددعا کی کہ یہ جو ہمارے علاقہ میں آسانیاں ہیں، قریب قریب آبادیاں ہیں اور طرح طرح کی نعمتیں موجود ہیں اور سب کا حال برابر ہے ہمیں یہ منظور نہیں، ہماری تجارت گاہیں دور ہو جائیں تو اچھا ہے تاکہ دور دراز شہروں، بازاروں اور منڈیوں سے اپنی ضرورت کی چیزیں لایا کریں۔

مفسرین نے لکھا ہے کہ اس میں فخر و کبر کا دخل تھا، مطلب یہ تھا کہ جب سبھی برابر ہیں تو کسی کو کسی پر بڑائی جتانے اور مالداری کا غرور ظاہر کرنے کا موقع بالکل نہیں ہے، اب جب دور کے سفر کرنے پڑیں گے تو سب لوگ تو نہیں جا سکیں گے، بڑے بڑے مالدار جو سواریوں کے مالک ہوں گے وہی جا سکیں گے اور مال لا سکیں گے، فقراء اور کم پیسے والے ان کے محتاج ہوں گے، تو ذرا تمکنت اور غرور اور بڑائی ظاہر کرنے کا موقع ملے گا، یہ بددعا اپنے حق میں کر بیٹھے وَظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ (اور اپنی جانوں پر خود ہی ظلم کر لیا)۔

فَجَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيْثَ (سو ہم نے انہیں افسانہ بنا دیا) یعنی اللہ تعالیٰ نے ان کی دعا قبول فرمائی اور ان کی بستیوں کو برباد کر دیا، دنیا والوں میں جو ان کی نعمتوں کی اور باغوں اور شہروں کی شہرت تھی بس دوسروں کے لیے وہ ایک افسانہ بن کر رہ گئی۔

صاحب روح المعانی لکھتے ہیں کہ اَحَادِيْث جمع ہے اُحْدُوْثَةٌ کی اور مطلب یہ ہے کہ ان لوگوں کے احوال کے تذکرے زبانوں پر رہ گئے جیسے وقت گزاری کے طور پر لوگ قصے کہانیاں بیان کیا کرتے ہیں۔

وَمَزَّقْنٰهُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ (اور انہیں پوری طرح تتر بتر کر دیا) ان کا ملک بھی برباد ہو گیا اور قبیلے بھی منتشر ہو گئے۔

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ (بلاشبہ اس میں بڑی بڑی نشانیاں ہیں ہر اس شخص کے لیے جو خوب صبر کرنے والا ہو اور خوب شکر کرنے والا ہو) قوم سبا کا حال سن کر جو کوئی شخص سرکشی سے بچا رہے۔اطاعت پر جما رہے، شکر کی شان رکھتا ہو وہ ان لوگوں کے قصہ سے بڑی عبرت حاصل کر سکتا ہے۔

وَلَقَدْ صَدَّقَ عَلَيْهِمْ اِبْلِيْسُ ظَنَّهٗ (الآیتین) (اور یہ بات واقعی ہے ان کے بارے میں ابلیس نے اپنا گمان صحیح پالیا، سوا اس کے اتباع میں لگ گئے سوائے اہل ایمان کی تھوڑی سی جماعت کے اور ابلیس کا ان لوگوں پر جو کچھ زور تھا صرف اس لیے تھا کہ ہم یہ جان لیں کہ آخرت پر ایمان لانے والا کون ہے جو ان لوگوں سے علیحدہ ہے جو اس کی طرف سے شک میں ہے اور آپ کا رب ہر چیز پر نگران ہے) ابلیس نے ملعون قرار دیئے جانے کے بعد جو اللہ تعالیٰ کے دربار میں یوں عرض کیا تھا کہ میں بنی آدم کو بہکاؤں گا ورغلاؤں گا اور ان میں سے اکثر کو گمراہ کر کے چھوڑوں گا (لَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ) اور ان میں سے اکثر ناشکرے ہوں گے (وَلَا تَجِدُ اَكْثَرَهُمْ شٰكِرِيْنَ) اس

نے اپنے اس گمان کو سچ کر دکھایا یعنی اس نے جو کچھ کہا تھا صحیح پایا' اکثر بنی آدم اس کے اتباع میں لگ گئے مگر تھوڑے سے افراد جو مؤمن بندے ہیں انہوں نے اس کا اتباع نہیں کیا' شیطان نے جوان لوگوں پر غلبہ پایا اس کا سبب یہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے شیطان کو وسوسہ ڈالنے کی قوت دی اور انسان کو امتحان میں ڈالا' اس میں خیر اور شر کو قبول کرنے کی استعداد رکھی تا کہ ثواب یا عتاب کا مستحق ہو سکے' موت اور حیات امتحان کے لیے رکھی ہے' انسان پر جبر اور اکراہ نہیں رکھا تا کہ وہ جو کچھ کرے اپنے اختیار سے کرے اور ابلیس کا تسلط بھی اسی سلسلہ امتحان کی ایک کڑی ہے' حضرت آدم علیہ السلام جنت میں ایک ممنوع درخت کے کھانے پر نکالے گئے تھے تو اللہ تعالیٰ نے فرمادیا تھا: فَاِمَّا یَاْتِیَنَّكُمْ مِّنِّیْ هُدًى فَمَنْ تَبِعَ هُدَایَ فَلَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ ٥ وَالَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ٥ (پس اگر تمہارے پاس میری ہدایت آئے تو جو لوگ اس کا اتباع کریں گے ان پر کوئی خوف نہیں اور وہ رنجیدہ نہ ہوں گے اور جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری آیات کو جھٹلایا تو وہ آگ میں جانے والے ہیں اور اس میں ہمیشہ رہیں گے)۔

جب بنی آدم دنیا میں آئے تو اختیار بھی ساتھ لائے' ہوش گوش بھی ملا اور امتحان کے لیے شیطان کو بھی وسوسے ڈالنے کا موقع دے دیا گیا اور ساتھ ہی حضرات انبیاء کرام علیہم السلام کی دعوت بھی سامنے آتی رہی اور لوگ ان کے معجزات بھی دیکھتے رہے' لہٰذا انسانوں کے لیے اپنے خالق اور مالک کی الوہیت اور اس کے رسولوں کی دعوت کی حقانیت میں کسی طرح کا کوئی شک کرنے کا موقع نہ تھا لیکن بہت سے لوگوں نے شک کیا' حق میں شک کرنا کفر ہے جس کی وجہ سے مستحق عقاب وعذاب ہوئے۔

اس آیت میں بتادیا کہ شیطان کو جو تسلط دیا گیا کہ وہ وسوسہ ڈال سکے اس کی حکمت یہ تھی کہ ہمیں علم ظہوری کے طور پر یہ معلوم ہو جائے کہ کون لوگ آخرت پر ایمان رکھنے والے ہیں اور کون لوگ شک میں پڑنے والے ہیں' لیکن یہ تسلط ایسا نہیں ہے کہ جبر اور اکراہ کے درجہ میں ہو جس سے انسان مجبور محض بن جائے اور ہوش وگوش اور اختیار باقی نہ رہے۔

وَرَبُّكَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ حَفِیْظٌ (اور آپ کا رب ہر چیز کا نگران ہے) اسے سب کے حال کی خبر ہے وہ ہر ایک کو ایمان اور عدم ایمان کی صفت کے اعتبار سے جزا اور سزا دے گا۔ **قوله تعالىٰ : سَیْلَ الْعَرِمِ ای الصعب من عرم الرجل المثلث الراء فهو عارم وعرم اذا شرس خلقه و صعب و فی معناه ماجاء فی روایة عن ابن عباس من تفسیره بالشدید' و قیل العرم المطر الشدید وقال ابن جبیر العرم المسناة بلسان الحبش' وقوله تعالىٰ : خمط ای حامض اومر' و عن ابن عباسؓ الخمط الاراک ویقال لثمره مطلقا او اذا اسود و بلغ البربر' و قیل شجرة الغضا ولا اعلم هل له ثمرام لا' و قال ابو عبیدة کل شجرة مرة ذات شوک' و قوله تعالىٰ : و اَثْلٍ هو ضرب من الطرفاء علىٰ ما قاله ابو حنیفة اللغوی فی کتاب النبات له ونقل الطبرسی قولًا انه سمر.** (من روح المعانی ج ۲۳ ص ۱۲۶' ۱۲۷)

(اللہ تعالیٰ کے قول سَیْلَ الْعَرِمِ یعنی سخت وشدید سیلاب کہتے ہیں عرم الرجلُ راء کے زبر، زیر اور پیش کے ساتھ عَارِمٌ جبکہ کوئی آدم تند خو اور بد اخلاق ہو۔ اور اس کا وہ معنی بھی ہے جو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی روایت میں آیا ہے کہ آپ نے اس کی تفسیر شدید سے کی ہے اور بعض نے کہا اَلْعَرِمِ، شدید بارش کو کہتے ہیں ابن جبیر کہتے ہیں حبشیوں کی زبان میں کوہان کو کہتے ہیں اور "خمط" یعنی کھٹایا کڑوا حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ خمط کا معنی ہے "پیلو" اور پیلو کے پھل کو بھی کہتے ہیں خواہ کچا ہو یا پکا یا اس وقت کہتے ہیں جب وہ سیاہ ہو جائے اور بعض نے کہا جھاؤ کے درخت کو کہتے ہیں اور یہ معلوم نہیں کہ اس کا پھل بھی ہوتا ہے یا نہیں۔ ابو عبیدہ کہتے ہیں

خمط ہر اس درخت کو کہتے ہیں جو کڑوا ہو اور کانٹے دار ہو اور اثل یہ بھی جھاؤ کی طرح کے ایک درخت کو کہتے ہیں یہ معنی ابو حنیفہ بغوی نے اپنی کتاب النبیات میں لکھا ہے اور طبرسی نے ایک قول یہ نقل کیا ہے کہ اثل کا معنی کیکر)

قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۚ لَا يَمْلِكُوْنَ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ

آپ فرما دیجئے کہ اللہ کے سوا تم نے جنہیں معبود سمجھ رکھا ہے انہیں پکارو وہ ایک ذرہ کے برابر بھی اختیار نہیں رکھتے نہ آسمانوں میں نہ زمینوں میں،

وَمَا لَهُمْ فِيْهِمَا مِنْ شِرْكٍ وَّمَا لَهٗ مِنْهُمْ مِّنْ ظَهِيْرٍ ﴿۲۲﴾ وَلَا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا لِمَنْ

اور ان دونوں میں ان کا کچھ ساجھا نہیں' اور ان میں سے کوئی اللہ کا مددگار نہیں۔ اور اس کے پاس سفارش کام نہیں دے سکتی سوائے اس کے جس کے لیے اجازت دی ہو

اَذِنَ لَهٗ ۭ حَتّٰٓى اِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوْبِهِمْ قَالُوْا مَاذَا ۙ قَالَ رَبُّكُمْ ۭ قَالُوا الْحَقَّ ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ﴿۲۳﴾

یہاں تک کہ جب ان کے دلوں سے گھبراہٹ دور ہو جاتی ہے تو کہتے ہیں کہ تمہارے رب نے کیا فرمایا' جواب میں کہتے ہیں کہ حق ہی فرمایا اور وہ برتر ہے بڑا ہے۔

مشرکین نے جن کو شریک قرار دیا ہے نہ انہیں کچھ اختیار ہے نہ آسمان وزمین میں ان کا کوئی ساجھا ہے

ان دونوں آیتوں میں مشرکین کی تردید فرمائی ہے' ارشاد فرمایا کہ اللہ کے سوا تم نے جنہیں معبود بنا رکھا ہے اور یہ سمجھ رہے ہو کہ وہ خدائی میں دخیل ہیں ذرا انہیں اپنی کسی حاجت کے لیے پکارو تو سہی' تمہیں معلوم ہو جائے گا کہ وہ ذرا برابر بھی کسی چیز کا اختیار نہیں رکھتے نہ آسمانوں میں اور نہ زمین میں' اور یہ بھی سمجھ لو کہ آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے میں تمہارے تجویز کیے ہوئے معبودوں کی کوئی شرکت نہیں ہے اور ان میں سے کوئی بھی اللہ تعالیٰ جل شانہ کا مددگار نہیں ہے' نہ ایجاد عالم میں ان کا کوئی دخل ہے نہ اس کے باقی رکھنے میں نہ تصرفات میں۔

اور یہ بھی سمجھ لو کہ اللہ جل شانہ کی بارگاہ عالی میں کسی کے لیے کوئی شفاعت کام نہیں دے سکتی' تم لوگ جو یہ سمجھتے ہو کہ تمہارے تجویز کردہ معبود اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں سفارش کر دیں گے تو تمہارا یہ خیال غلط ہے' (کیونکہ ان میں بہت سے تو بے جان ہیں وہ شفاعت کو کیا جانیں' ان میں اس کی قابلیت ہی نہیں) اور ملائکہ اور حضرت عیسیٰ اور حضرت عزیر علیہم السلام کی سفارش کی بھی کوئی امید نہ رکھو جن کو تم نے معبود بنایا ہے اور سفارش کرنے والا سمجھا ہوا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے جس شخص کے بارے میں اجازت دی جائے گی مقبولان بارگاہ الٰہی اسی کے لیے سفارش کر سکیں گے اور مشرکین اور کافروں کے لیے اجازت نہ ہوگی لہٰذا تم جو ان کی شفاعت کے امیدوار ہو تمہاری یہ امید بھی غلط ہے' سورۃ الانبیاء میں فرشتوں کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا: وَلَا يَشْفَعُوْنَ اِلَّا لِمَنِ ارْتَضٰى وَهُمْ مِّنْ خَشْيَتِهٖ مُشْفِقُوْنَ (اور وہ اسی کے لیے سفارش کریں گے جس کے لیے اللہ کی مرضی ہوگی اور وہ اس کی ہیبت سے ڈرتے ہیں)۔

حَتّٰٓى اِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوْبِهِمْ (اس میں فرشتوں کی گھبراہٹ' خوف اور خشیت کا تذکرہ فرمایا' مطلب یہ ہے کہ یہ فرشتے جنہیں معبود تجویز کر کے ان کی شفاعت کی امید لیے بیٹھے ہو ان کا اپنا خود یہ حال ہے کہ جب اللہ تعالیٰ کی طرف سے کسی کام کا حکم ہوتا ہے تو ہیبت کے مارے گھبرا اٹھتے ہیں' شدت ہیبت کی وجہ سے ان کی حالت دگرگوں ہو جاتی ہے جب فرمان عالی پورا ہو جاتا ہے اور ہیبت کی کیفیت دور ہو جاتی ہے تو آپس میں دریافت کرتے ہیں کہ تمہارے رب نے کیا حکم فرمایا' پھر بعض سے کہتے ہیں کہ تمہارے رب نے حق ہی فرمایا۔

جہاں ہیبت کا یہ عالم ہے وہاں شفاعت کی کیا مجال ہو سکتی ہے' ملائکہ مقربین گھبراتے ہیں اور خوفزدہ ہوتے ہیں تو اصنام اور شیاطین کس شمار میں ہیں؟ اسی سے سمجھ لیا جائے۔

وَهُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيرُ (وہ بلند ہے بڑا ہے) اس کی بارگاہ میں وہی شفاعت کر سکتا ہے جسے شفاعت کی اجازت ہو اور اسی کے لیے شفاعت کر سکتا ہے جس کے لیے شفاعت کی اجازت ہو' مشرکوں کی حماقت دیکھو کہ خود ہی اللہ تعالیٰ کے لیے شریک تجویز کیے اور خود ہی یہ تجویز کر لیا کہ وہ ہماری سفارش کریں گے۔

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب آسمان میں اللہ تعالیٰ کا کوئی فیصلہ ہوتا ہے تو فرشتے اس کے فرمان کی وجہ سے بطور تواضع وانقیاد اپنے پروں کو مارتے ہیں جس سے ایسی آواز پیدا ہوتی ہے کہ گویا چکنے پتھر پر زنجیر کھینچی جا رہی ہے پھر جب ان کے دلوں سے گھبراہٹ دور ہو جاتی ہے تو کہتے ہیں کہ تمہارے رب نے کیا فرمایا؟ پھر آپس میں جواب دیتے ہیں کہ وہ برتر ہے بڑا ہے۔ (رواہ البخاری ص ۷۰۹ ج ۲)

قُلْ مَنْ يَرْزُقُكُمْ مِنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۖ قُلِ اللّٰهُ ۙ وَاِنَّآ اَوْ اِيَّاكُمْ لَعَلٰى هُدًى اَوْ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۴﴾

آپ فرما دیجئے کہ کون تمہیں رزق دیتا ہے آسمانوں سے اور زمین سے آپ فرما دیجئے کہ اللہ! اور بے شک ہم یا تم ضرور راہ راست پر ہیں یا صریح گمراہی میں ہیں۔

قُلْ لَّا تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّآ اَجْرَمْنَا وَلَا نُسْـَٔلُ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۵﴾ قُلْ يَجْمَعُ بَيْنَنَا رَبُّنَا ثُمَّ يَفْتَحُ

آپ فرما دیجئے ہم نے جو جرم کیے تم سے اس کی باز پرس نہ ہو گی اور ہم سے ان کاموں کے بارے میں سوال نہ ہو گا جو تم کرتے ہو۔ آپ فرما دیجئے کہ ہمارا رب ہم سب کو جمع کرے گا پھر

بَيْنَنَا بِالْحَقِّ ۗ وَهُوَ الْفَتَّاحُ الْعَلِيْمُ ﴿۲۶﴾ قُلْ اَرُوْنِيَ الَّذِيْنَ اَلْحَقْتُمْ بِهٖ شُرَكَآءَ كَلَّا ۗ

ہمارے درمیان ٹھیک ٹھیک فیصلہ فرمائے گا اور وہ بڑا فیصلہ فرمانے والا ہے خوب جاننے والا ہے۔ آپ فرما دیجئے مجھے دکھا دو وہ لوگ جنہیں تم نے شریک بنا کر اللہ کے ساتھ ملا رکھا ہے،

بَلْ هُوَ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲۷﴾

ہرگز نہیں بلکہ وہ اللہ ہے زبردست ہے حکمت والا ہے۔

قیامت کے دن صحیح فیصلے ہوں گے' اللہ تعالیٰ عزیز و حکیم ہے

ان آیات میں بھی توحید کا اثبات ہے' اول تو یہ فرمایا کہ تم یہ بتا دو کہ آسمانوں سے اور زمین سے تمہیں کون روزی دیتا ہے' آسمان سے پانی برستا ہے اور زمین سے درخت نکلتے ہیں اور کھیتیاں پیدا ہوتی ہیں' بتاؤ یہ کس کی قدرت کا مظاہرہ ہے اور ان چیزوں کو کس نے پیدا کیا؟ جواب ان کے نزدیک بھی متعین ہے کہ یہ سب اللہ تعالیٰ کی قدرت اور مشیت وارادہ سے ہوتا ہے اگر وہ جواب نہ دیں یا دیر سے جواب دیں تو آپ ہی فرما دیجئے کہ یہ سب اللہ تعالیٰ کی مشیت اور قدرت سے ہے۔

وَاِنَّآ اَوْ اِيَّاكُمْ لَعَلٰى هُدًى اَوْ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ (اور بے شک ہم یا تم ضرور راہ راست پر ہیں یا صریح گمراہی میں ہیں) یہ بطور تلطف کے فرمایا اور فکر کی دعوت دی اور مطلب یہ ہے کہ ہم تو توحید کی دعوت دیتے ہیں اور تم تو توحید کے منکر ہو اور ظاہر ہے کہ دونوں باتیں درست نہیں ہو سکتیں اور یہ سمجھ لو کہ جو ہدایت پر ہے موت کے بعد اسی کی خیر ہو گی اور اسی کو انعامات ملیں گے اور جو گمراہ ہو گا وہ

عذاب میں مبتلا ہوگا۔ اب تمہیں فکر مند ہونا چاہیے اور غور کرنا چاہیے کہ ہم ہدایت پر ہیں یا تم نہ ہو اور ہم گمراہی پر ہیں یا تم ہو، ہم نے تو غور کر لیا ہے دلائل سے دین توحید کو سمجھ لیا ہے اور تم کو بھی اس کی دعوت دی ہے، اب تم اپنی خیر خواہی کے لیے غور و فکر کر لو، ہم نے جو دلائل دیئے ہیں ان میں غور کر لو ہمیں بھی مرنا ہے تمہیں بھی مرنا ہے اگر موت کے بعد یہ ظاہر ہوا کہ تم برائی پر تھے تو وہاں دوزخ کے عذاب میں مبتلا ہو گے (جہاں سے واپس ہونے اور نکلنے کا امکان ہی نہیں) عذاب دائمی میں رہنا پڑے گا اس وقت کا پچھتاوا اور غور کرنا کام نہ دے گا لہٰذا اسی دنیا میں سمجھ لو، غور و فکر کر لو اور مان لو، آیت کا مطلب یہ نہیں ہے کہ توحید والے ممکن ہے گمراہی پر ہوں بلکہ مخاطب کو قریب کرنے کے لیے یہ طریقہ اختیار کیا گیا ہے۔

قُلْ لَّا تُسْـئَلُوْنَ عَمَّاۤ اَجْرَمْنَا وَلَا نُسْئَلُ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ (آپ فرما دیجئے ہم نے جو جرم کیے تم سے ان کا سوال نہ ہوگا اور جو تم کام کرتے ہو ہم سے ان کی پرستش نہ ہوگی) ہر فریق کا الگ الگ معاملہ ہے، اہل توحید بخشے جائیں گے اور کفر و شرک والے عذاب میں داخل ہوں گے، گو تمہارے اعمال کے بارے میں ہم سے سوال نہ ہوگا لیکن کسی عوض کا مطالبہ کیے بغیر تمہاری خیر خواہی کے لیے تمہیں حق کی دعوت دے رہے ہیں اب تم خود اپنی فکر کر لو۔

قُلْ يَجْمَعُ بَيْنَنَا رَبُّنَا ثُمَّ يَفْتَحُ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ (آپ فرما دیجئے کہ ہمارا رب ہم سب کو جمع کرے گا پھر ہمارے درمیان ٹھیک ٹھیک فیصلہ فرمائے گا) جب قیامت کے دن توحید والوں کے لیے انعام و اکرام کا اور مشرکین و کافرین کے لیے عذاب کا فیصلہ ہوگا اس وقت تمہیں اپنی گمراہی کا پتہ چل جائے گا۔

وَهُوَ الْفَتَّاحُ الْعَلِيْمُ (اور وہ بڑا فیصلہ فرمانے والا ہے اور خوب جاننے والا ہے) چونکہ ہر ہر شخص کا ہر ہر عمل اسے معلوم ہے اور ہر ایک کے عقیدوں کا بھی اسے پتہ ہے اس لیے اس کے سارے فیصلے حق ہوں گے اور حقیقت کے مطابق ہوں گے۔

قُلْ اَرُوْنِىَ الَّذِيْنَ اَلْحَقْتُمْ بِهٖ شُرَكَآءَ (آپ فرما دیجئے مجھے دکھا دو وہ لوگ جنہیں تم نے شریک بنا کر اللہ کے ساتھ ملا رکھا ہے) یعنی تم نے جو باطل معبود بنا رکھے ہیں اور انہیں مستحق عبادت سمجھ کر خدائی کا درجہ دے رکھا ہے، ذرا مجھے دکھا دو وہ کون ہیں یعنی وہ تو خود مخلوق ہیں اس لائق کہاں ہیں کہ الوہیت میں شریک ہوں، کوئی دلیل اور حجت ہے تو سامنے لاؤ۔ قال صاحب الروح المراد أعلمونی فی الحجة والدلیل کیف و جدت الشرکة.

كَلَّا (ایسا ہرگز نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ کا کوئی شریک ہو) تمہاری بیوقوفی ہے جو تم نے اس کے لیے شریک تجویز کر رکھے ہیں۔ بَلْ هُوَ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ (بلکہ وہی اللہ ہے یعنی معبود برحق ہے زبردست ہے حکمت والا ہے)

وَمَاۤ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۸﴾

اور ہم نے آپ کو نہیں بھیجا مگر سارے انسانوں کے لیے بشیر و نذیر بنا کر، لیکن بہت سے لوگ نہیں جانتے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت عامہ کا اعلان

اس آیت کریمہ میں نبی امی سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثتِ عامہ کا ذکر ہے، چونکہ آپ کی بعثتِ عامہ ہے اس لیے ہر فرد و بشر کے لیے آپ اللہ تعالیٰ کے نبی اور رسول ہیں، آپ کا دامن پکڑے بغیر کوئی شخص اللہ تعالیٰ کو راضی نہیں کر سکتا خواہ کتنی ہی عبادت کرتا ہو، جو ہدایت اللہ کے یہاں معتبر ہے وہ خاتم النبیین رسول الانس والجان ﷺ کے اتباع میں مرکوز ہے اور منحصر ہے۔

سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت عامہ کا دیگر مواضع میں بھی قرآن مجید میں تذکرہ فرمایا ہے، سورۂ اعراف میں فرمایا: قُلْ یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَیْكُمْ جَمِیْعَا ۣ الَّذِیْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ یُحْیٖ وَیُمِیْتُ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الَّذِیْ یُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَكَلِمٰتِهٖ وَاتَّبِعُوْهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ (آپ فرما دیجئے کہ اے لوگو! بلاشبہ میں تم سب کی طرف اللہ کا رسول ہوں جس کے لیے بادشاہت ہے آسمانوں اور زمینوں کی اس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ زندہ کرتا ہے اور موت دیتا ہے، سو ایمان لاؤ اللہ پر اور اس کے رسول پر جو نبی امی ہے جو ایمان لاتا ہے اللہ پر اور اس کے کلمات پر اور اس کا اتباع کرو تا کہ تم ہدایت پا جاؤ)

سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جو اللہ تعالیٰ شانہ نے خصوصی امتیازات اور فضائل عطا فرمائے ان میں سے ایک یہ بھی ہے کہ آپ کی بعثت عام ہے، حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ مجھے پانچ وہ چیزیں دی گئی ہیں جو مجھ سے پہلے کسی کو نہیں دی گئیں۔

۱۔ رعب کے ذریعے میری مدد کی گئی ایک ماہ کی مسافت تک دشمن مجھ سے ڈرتے ہیں۔

۲۔ پوری زمین میرے لیے سجدہ گاہ اور پاک کرنے والی بنا دی گئی (کہ مسجد کے علاوہ بھی ہر پاک جگہ نماز ہو جاتی ہے، پانی نہ ہونے کی صورت میں تیمم سے حدث اصغر اور حدث اکبر دور ہو جاتے ہیں) سو میری امت کے جس شخص کو جہاں بھی نماز کا وقت ہو جائے نماز پڑھ لے۔

۳۔ میرے لیے غنیمت کے مال حلال کر دیئے گئے اور مجھ سے پہلے کسی کے لیے حلال نہیں کیے گئے۔

۴۔ اور مجھے شفاعت عطا کی گئی (یعنی شفاعت کبریٰ جو قیامت کے دن ساری مخلوق کے لیے ہوگی۔

۵۔ اور مجھ سے پہلے نبی خاص کر اپنی قوم کی طرف بھیجا جاتا تھا اور میں عامۃً تمام انسانوں کی طرف مبعوث ہوا ہوں۔ (رواہ البخاری جلد ۱ ص ۴۸)

آپ نے یہ بھی ارشاد فرمایا: والذی نفس محمد بیدہ لا یسمع بی احد من ھٰذہ الامۃ یھودی ولا نصرانی ثم یموت ولم یؤمن بالذی ارسلت بہ الا کان من اصحاب النار. (رواہ مسلم ص ۸۶ ج ۱) (قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں محمد کی جان ہے اس امت میں جس کسی کو میری بعثت کا علم ہوا خواہ یہودی ہو خواہ نصرانی ہو پھر وہ اس حالت میں مر جائے کہ میں جو دین لے کر بھیجا گیا ہوں اس کو نہ مانا تو وہ ضرور دوزخ والوں میں سے ہوگا)۔

سورۂ آل عمران میں فرمایا: اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ (بے شک دین اللہ کے نزدیک اسلام ہی ہے) اور فرمایا: وَمَنْ یَّبْتَغِ غَیْرَ الْاِسْلَامِ دِیْنًا فَلَنْ یُّقْبَلَ مِنْهُ وَهُوَ فِی الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِیْنَ (اور جو شخص اسلام کے علاوہ کسی دوسرے دین کو چاہے گا وہ اس سے ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا اور وہ آخرت میں تباہ کار لوگوں میں سے ہوگا)۔

جب سے آپ کی بعثت ہوئی ہے یہودی، نصرانی، فرقہ صابئین اور ہر قوم اور ہر اہل مذہب کے لیے معیار نجات صرف سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ کے ہاں اور کسی قسم کا کوئی ایمان معتبر نہیں صرف یہی ایمان معتبر ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لائے اور آپ نے جو کچھ بتایا ہے اس کو دل سے مانے اور تسلیم کرے۔

وَيَقُولُونَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۲۹﴾ قُلْ لَّكُمْ مِّيْعَادُ يَوْمٍ لَّا تَسْتَاْخِرُوْنَ

اور وہ کہتے ہیں کہ یہ وعدہ کب پورا ہوگا اگر تم سچے ہو' آپ فرما دیجئے کہ تمہارے لیے ایک خاص دن کا وعدہ ہے اس سے نہ ایک ساعت

عَنْهُ سَاعَةً وَّلَا تَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿۳۰﴾

پیچھے ہٹ سکتے ہو اور نہ آگے بڑھ سکتے ہو۔

قیامت کا وقت مقرر ہے اس میں تقدیم وتاخیر نہیں ہوسکتی ہے

قیامت کے منکرین وقوع قیامت کا انکار کرتے ہوئے یوں بھی کہتے تھے کہ وہ وعدہ کب پورا ہوگا اور قیامت کس دن آئے گی؟ مقصود ان کا یہ تھا قیامت آنے والی ہوتی تو آجاتی اور اگر آنے میں دیر ہے تو اس کی تاریخ بتادؤ مقصد یہ تھا کہ نہ تو اب تک قیامت آئی ہے نہ آنے کی تاریخ بتاتے ہؤ معلوم ہوا کہ یہ محض باتیں ہی باتیں ہیں' ان کے جواب میں فرمایا کہ تمہارے لیے ایک خاص دن مقرر ہے وہ اسی دن آئے گی نہ اس سے پیچھے ہٹ سکتے ہو نہ آگے بڑھ سکتے ہو' اپنے مقررہ وقت پر آہی جائے گی' یہ تمہیں تاریخ نہ بتائی جائے تو اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ اس کا وقوع ہی نہیں ہوگا۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ بِهٰذَا الْقُرْاٰنِ وَلَا بِالَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ ۭ وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ مَوْقُوْفُوْنَ

اور کافروں نے کہا کہ ہم ہرگز اس قرآن پر اور اس سے پہلے جو کتابیں تھیں ان پر ایمان نہ لائیں گے اور اگر آپ اس وقت کی حالت دیکھ لیں جبکہ یہ ظالم لوگ

عِنْدَ رَبِّهِمْ ښ يَرْجِعُ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضِ اِۨالْقَوْلَ ۚ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا لَوْلَآ

اپنے رب کے سامنے کھڑے کیے جائیں گے' ہر ایک دوسرے پر بات کو ڈال رہا ہوگا' نیچے درجہ والے لوگ بڑے لوگوں سے کہیں گے اگر تم نہ ہوتے تو

اَنْتُمْ لَكُنَّا مُؤْمِنِيْنَ ﴿۳۱﴾ قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْٓا اَنَحْنُ صَدَدْنٰكُمْ عَنِ الْهُدٰى

ہم ضرور ایمان لائے ہوتے۔ بڑے لوگ چھوٹے درجے کے لوگوں سے کہیں گے کیا ہم نے تمہیں ہدایت سے روک دیا تھا اس کے بعد کہ

بَعْدَ اِذْ جَآءَكُمْ بَلْ كُنْتُمْ مُّجْرِمِيْنَ ﴿۳۲﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا بَلْ مَكْرُ الَّيْلِ

تمہارے پاس ہدایت آئی' بلکہ بات یہ ہے کہ تم مجرم تھے اور نیچے درجہ والے ان لوگوں سے کہیں گے جو بڑے تھے بلکہ رات

وَالنَّهَارِ اِذْ تَاْمُرُوْنَنَآ اَنْ نَّكْفُرَ بِاللّٰهِ وَنَجْعَلَ لَهٗٓ اَنْدَادًا ۭ وَاَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ ۭ

دن تمہاری مکاری نے روکا تھا جبکہ تم ہمیں حکم دیتے تھے کہ ہم اللہ کے ساتھ شرک کریں اور اس کے لیے شریک قرار دیں اور جب وہ عذاب کو دیکھیں گے

وَجَعَلْنَا الْاَغْلٰلَ فِيْٓ اَعْنَاقِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ هَلْ يُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ

تو ندامت کو چھپالیں گے اور ہم کافروں کی گردنوں میں طوق ڈال دیں گے انہیں صرف انہیں کاموں کا بدلہ دیا جائیگا جو وہ کیا کرتے تھے اور کسی بستی میں ہم نے کوئی ڈرانے والا

مِّنۡ نَّذِيۡرٍ اِلَّا قَالَ مُتۡرَفُوۡهَاۤ ۙ اِنَّا بِمَاۤ اُرۡسِلۡتُمۡ بِهٖ كٰفِرُوۡنَ ۝ وَقَالُوۡا نَحۡنُ اَكۡثَرُ اَمۡوَالًا وَّاَوۡلَادًا ۙ

نہیں بھیجا مگر ہوا یہ کہ ان کے خوشحال لوگوں نے کہا کہ بلاشبہ تم جو کچھ لے کر بھیجے گئے ہو ہم اسے نہیں مانتے۔ اور انہوں نے کہا کہ ہمارے اموال و اولاد تم سے زیادہ ہیں

وَّمَا نَحۡنُ بِمُعَذَّبِيۡنَ ۝ قُلۡ اِنَّ رَبِّىۡ يَبۡسُطُ الرِّزۡقَ لِمَنۡ يَّشَآءُ وَيَقۡدِرُ وَلٰـكِنَّ اَكۡثَرَ النَّاسِ لَا يَعۡلَمُوۡنَ ۝

اور ہمیں عذاب ہونے والا نہیں ہے' آپ فرما دیجئے کہ بلاشبہ میرا رب جس کے لیے چاہے روزی کو فراخ کردیتا ہے اور جس کے لیے چاہے تنگ کردیتا ہے اور لیکن بہت سے لوگ نہیں جانتے۔

وَمَاۤ اَمۡوَالُكُمۡ وَلَاۤ اَوۡلَادُكُمۡ بِالَّتِىۡ تُقَرِّبُكُمۡ عِنۡدَنَا زُلۡفٰٓى اِلَّا مَنۡ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًـا فَاُولٰٓـئِكَ لَهُمۡ جَزَآءُ

اور تمہارے اموال اور اولاد ایسے نہیں ہیں جو تمہیں ہمارا مقرب بنا دیں مگر ہاں جو ایمان لائے اور نیک عمل کرے' سو ان لوگوں کے لیے ان کے اعمال کی وجہ سے ایسا صلہ ہے

الضِّعۡفِ بِمَا عَمِلُوۡا وَهُمۡ فِى الۡغُرُفٰتِ اٰمِنُوۡنَ ۝ وَالَّذِيۡنَ يَسۡعَوۡنَ فِىۡۤ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيۡنَ اُولٰٓـئِكَ فِى الۡعَذَابِ

جو بڑھا چڑھا کر دیا جائے گا اور وہ بالا خانوں میں امن و چین سے ہوں گے اور جو لوگ ہماری آیتوں کے بارے میں ہرانے کی کوشش کرتے ہیں یہ وہ لوگ ہیں جو عذاب میں حاضر

مُحۡضَرُوۡنَ ۝ قُلۡ اِنَّ رَبِّىۡ يَبۡسُطُ الرِّزۡقَ لِمَنۡ يَّشَآءُ مِنۡ عِبَادِهٖ وَيَقۡدِرُ لَهٗ ؕ وَمَاۤ

کیے جائیں گے۔ آپ فرما دیجئے کہ میرا رب اپنے بندوں میں سے جس کے لیے چاہے روزی کو فراخ کردیتا ہے اور جس کے لیے چاہے تنگ کردیتا ہے

اَنۡفَقۡتُمۡ مِّنۡ شَىۡءٍ فَهُوَ يُخۡلِفُهٗ ۚ وَهُوَ خَيۡرُ الرّٰزِقِيۡنَ ۝

اور جو بھی کوئی چیز تم خرچ کرو گے سو وہ اس کے بعد اس کا عوض دے گا اور وہ سب سے بہتر روزی دینے والا ہے۔

عذاب کی وجہ سے کافروں کی بدحالی اور ایک دوسرے پر جرم کو ٹالنے کی گفتگو

ان آیات میں قیامت کے دن کا ایک منظر بیان فرمایا ہے جو کافروں کے آپس کے سوال و جواب سے متعلق ہے وہاں سبھی چھوٹے بڑے موجود ہوں گے' کفر کی سزا سامنے ہوگی' دوزخ کا داخلہ یقینی ہو چکا ہوگا ان سے جو لوگ دنیا میں چھوٹے یعنی کم درجہ کے لوگ تھے وہ اپنے بڑوں سے (جن کی دنیا میں بات مانتے تھے) کہیں گے کہ تم نے ہی ہمیں برباد کیا اگر تم نہ ہوتے تو ہم اللہ کے نبیوں پر اور اس کی کتابوں پر ایمان لے آتے اور آج کے دن پر بھی ایمان لاتے' ان کے بڑے کہیں گے کہ اپنا قصور ہمارے سر کیوں منڈھ رہے ہو' اپنی کرنی ہمارے ذمہ کیوں لگاتے ہو؟ کیا ہم نے تمہیں ہدایت سے روکا تھا؟ جب تمہارے پاس ہدایت آ گئی تو ہم نے کوئی زبردستی نہیں کی تھی اور کسی جبر و اکراہ سے کام لے کر تمہیں ایمان سے نہیں روکا تھا' ایسا تو نہیں ہوا کہ تم نے ایمان قبول کرنے کا ارادہ کیا ہو اور ہم نے تمہیں جبر و اکراہ کے ساتھ روک دیا ہو' اپنی آئی ہم پر کیوں لگاتے ہو؟ بات یہ ہے کہ تم خود ہی مجرم ہو۔

یہ جواب سن کر چھوٹے بڑوں سے کہیں گے کہ تم نے تلوار لے کر جبر و کراہ کے ساتھ تو ہمیں ایمان سے نہیں روکا لیکن رات دن تم مکاری کرتے تھے اور ایسی تدبیریں کرتے تھے کہ ہم ایمان نہ لائیں اور کفر پر جمے رہیں تاکہ تمہاری جماعت سے نہ نکلیں تم ہمیں حکم دیتے تھے کہ ہم اللہ کے ساتھ کفر کریں اور اللہ کے لیے شریک تجویز کریں' تمہاری یہ محنتیں اور تدبیریں اپنا کام کر گئیں اور ہم کفر پر جمے رہے اور موت آنے تک کفر ہی پر رہے' تمہاری ان حرکتوں کی وجہ سے آج ہم اس مصیبت میں پھنسے ہیں دونوں فریق (چھوٹے اور بڑے)

جب عذاب دیکھیں گے تو نادم و پشیمان ہوں گے لیکن ندامت کا اظہار نہ کریں گے اپنے دلوں ہی میں پشیمان ہوتے رہیں گے (لیکن پشیمانی کچھ فائدہ نہ دے گی)

اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان کی گردنوں میں طوق ڈال دیئے جائیں گے اور اسی حالت میں دوزخ میں داخل کر دیئے جائیں گے اور ہر ایک کو اپنے کیئے کا بدلہ ملے گا ایسا نہ ہوگا کہ بغیر کسی جرم کے سزا مل جائے یا جرم سے زیادہ سزا دی جائے۔

وَمَآ اَرْسَلْنَافِیْ قَرْیَةٍ مِّنْ نَّذِیْرٍ (الاٰیتین) اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا کہ ہم نے جس کسی بھی بستی میں کوئی ڈرانے والا یعنی اپنا کوئی رسول بھیجا تو وہاں کے خوشحال لوگوں نے (جنہیں مال اور دولت پر گھمنڈ تھا اور رزق کی وسعت اور نعمت کثیرہ کی وجہ سے مست تھے) یوں کہا کہ تم لوگ جو دین لے کر آئے ہو ہم اسے نہیں مانتے' مال کے غرور نے انہیں نبیوں پر ایمان لانے سے روکا اور کہنے لگے کہ ہم ہی اللہ کے مقبول بندے ہیں اگر ہم سے اللہ ناراض ہوتا تو ہمیں زیادہ مال اور زیادہ اولاد سے کیوں نوازتا' مال اور اولاد میں ہم تم سے بڑھ کر ہیں' جب دنیا میں ہمارا یہ حال ہے تو آخرت میں بھی ہمارا حال اچھا ہی رہے گا نہ یہاں تکلیف ہے نہ وہاں عذاب ہوگا (اول تو وہ قیامت کے قائل ہی نہ تھے لیکن بطور فرض و تقدیر انہوں نے کہا اگر قیامت آ ہی گئی تو ہم وہاں بھی عذاب سے محفوظ رہیں گے)۔

ان کی تردید میں فرمایا: قُلْ اِنَّ رَبِّیْ یَبْسُطُ الرِّزْقَ (الاٰیة) آپ فرما دیجئے کہ میرا رب جس کے لیے چاہے رزق فراخ کر دیتا ہے اور جس کے لیے چاہے تنگ کر دیتا ہے' دنیا میں رزق کا زیادہ ہونا اللہ تعالیٰ کے ہاں مقبول ہونے کی دلیل نہیں ہے جیسا کہ رزق کا تنگ ہونا اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں نامقبول ہونے کی دلیل نہیں ہے وہ اپنی حکمت کے مطابق کبھی نافرمان کی روزی وسیع فرما دیتا ہے اور فرمانبردار کی روزی تنگ فرما دیتا ہے اور اس کا عکس بھی ہوتا رہتا ہے' بات یہ ہے کہ اکثر لوگ اللہ تعالیٰ کی حکمتوں کو نہیں جانتے اور یہ بھی نہیں جانتے کہ رزق کی فراخی اللہ تعالیٰ کے ہاں معزز ہونے کی اور رزق کی تنگی اللہ تعالیٰ کے ہاں ذلیل ہونے کی دلیل نہیں ہے۔

اس کے بعد ایک قاعدہ کلیہ بیان فرمایا: وَمَآ اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ (الاٰیة) ارشاد فرمایا کہ تمہارے اموال اور اولاد تمہیں ہمارا مقرب بنانے والے نہیں ہیں جو کوئی شخص یہ سمجھتا ہے کہ چونکہ میرے پاس مال و اولاد زیادہ ہے اس لیے اللہ کا مقرب ہوں اور اپنے اعمال کو نہیں دیکھتا وہ شخص احمق ہے اور گمراہ ہے 'اِلَّا مَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا اللہ تعالیٰ کے ہاں تو وہ مقرب ہے جو ایمان لایا اور اعمال صالحہ میں لگا۔

جو مؤمن بندے ہوں گے اور ایمان کے ساتھ اعمال صالحہ میں بھی لگے ہوں گے ان کے ایمان اور اعمال کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کی طرف سے انہیں بڑھ چڑھ کر بدلہ دیا جائے گا جس میں نیکی کا ثواب کم از کم دس گنا ہوگا اور یہ حضرات جنت کے بالا خانوں میں امن و چین کے ساتھ رہیں گے۔ آگے مخالفین کی سزا کا تذکرہ ہے۔ وَالَّذِیْنَ یَسْعَوْنَ فِیْٓ اٰیٰتِنَا (الاٰیة) اور جو لوگ ہماری آیتوں کے بارے میں ہرانے کی کوشش کرتے ہیں یعنی ہماری آیتوں میں طعن کرتے ہیں اور یہ سمجھتے ہیں کہ انکار کر کے کہیں دور نکل جائیں گے اور (العیاذ باللہ) اللہ کو ہرا دیں گے اور اس کی قدرت اور گرفت سے باہر ہو جائیں گے یہ لوگ عذاب میں حاضر کر دیئے جائیں گے' یہ ان لوگوں کیلیے وعید ہے جو اللہ تعالیٰ کی آیات سن کر تکذیب بھی کرتے تھے' ان کا مذاق بھی اڑاتے تھے اور طعن و تشنیع بھی کرتے تھے اور یوں سمجھتے تھے کہ ہمارا کچھ نہیں بگڑے گا' انہیں واضح طور پر بتا دیا کہ تم پکڑے جاؤ گے اور عذاب میں حاضر کیے جاؤ گے' بھاگ کر کہیں نہیں جا سکتے۔

قُلْ اِنَّ رَبِّیْ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَآءُ (الاٰیة) اس میں اہل ایمان کو فی سبیل اللہ خرچ کرنے کی ترغیب بھی ہے اور جو کچھ للہ فی اللہ خرچ کریں گے اس کا بدلہ دیئے جانے کا وعدہ بھی ہے' جو شخص اللہ کی رضا کے لیے خرچ کرتا ہے اللہ تعالیٰ کی طرف سے اسے بہت کچھ

ملتا ہے، دنیا میں بھی صلہ دیا جاتا ہے اور آخرت میں تو بہت زیادہ دیا جائے گا۔ وَھُوَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ (اور اللہ تعالیٰ سب سے بہتر رزق دینے والا ہے) حقیقی رزاق تو وہی ہے عربی کے محاورات میں غیر اللہ کے لیے بھی یہ لفظ بولا جاتا ہے کہتے ہیں کہ رزق الامیر الجندی اس لیے مفسرینؒ نے خیر الرازقین کا یہ ترجمہ کیا ہے کہ رزق پہنچانے والوں میں وہ سب سے بہتر ہے۔ قال صاحب الروح : معنی الرازقین الموصلین للرزق والموھبین له فیطلق الرزاق حقیقة علی الله عزو جل و علی غیره و یشعر بذلک۔

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب بھی صبح ہوتی ہے دو فرشتے نازل ہوتے ہیں، ایک کہتا ہے: اَللّٰھُمَّ اَعْطِ مُنْفِقًا خَلَفًا (اے اللہ خرچ کرنے والے کو اس کے بعد اور مال دے) اور دوسرا کہتا ہے: اَللّٰھُمَّ اَعْطِ مُمْسِكًا تَلَفًا (اے اللہ روک کر رکھنے والے کا مال تلف فرما دے)۔ (رواہ البخاری ومسلم کما فی المشکوٰۃ ص ۱۶۴)

نیز حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ صدقہ کرنے سے کبھی مال میں کمی نہیں ہوتی، اور جس کسی بندے نے کسی کو معاف کر دیا تو اللہ تعالیٰ ضرور اس کی عزت بڑھا دیگا اور جو شخص اللہ کے لیے تواضع اختیار کرے گا تو اللہ اس کو بلند فرمائے گا۔ (رواہ مسلم ص ۳۲۱)

وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيعًا ثُمَّ يَقُولُ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اَهٰٓؤُلَآءِ اِيَّاكُمْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ ﴿۴۰﴾ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ اَنْتَ

اور جس دن اللہ سب کو جمع فرمائے گا پھر فرشتوں سے فرمائے گا کیا یہ لوگ تمہاری عبادت کرتے تھے؟ فرشتے عرض کریں گے کہ آپ پاک ہیں،

وَلِيُّنَا مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ بَلْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ الْجِنَّ ۚ اَكْثَرُهُمْ بِهِمْ مُّؤْمِنُوْنَ ﴿۴۱﴾ فَالْيَوْمَ لَا يَمْلِكُ

آپ ہمارے ولی ہیں ان سے ہمارا کچھ تعلق نہیں، بلکہ بات یہ ہے کہ یہ لوگ جنات کی عبادت کرتے تھے ان میں سے اکثر ان پر ایمان لائے ہوئے تھے۔ سو آج تم میں سے

بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ نَّفْعًا وَّلَا ضَرًّا ۭ وَنَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذُوْقُوْا عَذَابَ النَّارِ الَّتِيْ كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿۴۲﴾

بعض بعض کے لیے کسی نفع یا ضرر کا مالک نہیں، اور ہم ظالموں سے کہیں گے کہ دوزخ کا عذاب چکھ لو جسے تم جھٹلایا کرتے تھے۔

وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّا رَجُلٌ يُّرِيْدُ اَنْ يَّصُدَّكُمْ عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ

اور جب ان پر ہماری واضح آیات تلاوت کی جاتی ہیں تو کہتے ہیں کہ یہ شخص تو یہی چاہتا ہے کہ تم لوگوں کو ان چیزوں سے روک دے جن کی تمہارے باپ دادے

اٰبَآؤُكُمْ ۚ وَقَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّآ اِفْكٌ مُّفْتَرًى ۭ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ ۙ اِنْ هٰذَآ اِلَّا

عبادت کیا کرتے تھے۔ اور انہوں نے کہا کہ یہ تو محض ایک تراشا ہوا جھوٹ ہے۔ اور کافروں نے حق کے بارے میں کہا جب ان کے پاس آ گیا یہ محض ایک

سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۴۳﴾ وَمَآ اٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ كُتُبٍ يَّدْرُسُوْنَهَا وَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمْ قَبْلَكَ مِنْ نَّذِيْرٍ ﴿۴۴﴾ وَكَذَّبَ

جادو ہے کھلا ہوا اور ہم نے انہیں کتابیں نہیں دی تھیں جن کو وہ پڑھتے پڑھاتے ہوں۔ اور ہم نے آپ سے پہلے ان کی طرف کوئی ڈرانے والا نہیں بھیجا۔ اور جو لوگ ان

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۙ وَمَا بَلَغُوْا مِعْشَارَ مَآ اٰتَيْنٰهُمْ فَكَذَّبُوْا رُسُلِيْ ۣ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿۴۵﴾ ع ۵ ۹ ۱۱

سے پہلے تھے انہوں نے تکذیب کی اور جو کچھ ہم نے ان کو دیا تھا یہ لوگ اس کے دسویں حصہ کو بھی نہیں پہنچے سو انہوں نے میرے رسولوں کو جھٹلایا، سو کیسا ہوا میرا عذاب؟

کافروں کا عناد اور ان کا عذاب وانجام کار

قیامت کے دن اللہ تعالیٰ سب کو جمع فرمائے گا ان میں غیر اللہ کی عبادت کرنے والے بھی ہوں گے، ان میں وہ لوگ بھی موجود ہوں گے جو دنیا میں فرشتوں کی عبادت کرتے تھے، اللہ تعالیٰ فرشتوں سے سوال فرمائیں گے کہ کیا یہ لوگ تمہاری عبادت کرتے تھے؟ (یہ سوال مشرکین کی سرزنش کرنے اور ان کی گمراہی ظاہر کرنے کے لیے ہوگا) فرشتے عرض کریں گے کہ سُبْحَانَكَ آپ پاک ہیں (آپ کا کوئی شریک نہیں) اَنْتَ وَلِيُّنَا آپ ہمارے ولی ہیں مِنْ دُوْنِهِمْ ان سے ہمارا کوئی تعلق نہیں (نہ ہم نے انہیں شرک پر ڈالا نہ ہم ان کے اس عمل سے راضی ہیں) بَلْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ الْجِنَّ (بلکہ بات یہ ہے کہ یہ لوگ جنات کی یعنی شیاطین کی پرستش کرتے تھے) شیاطین جو ڈراؤنی صورتیں بنا بنا کر ان کے سامنے آتے تھے ان کی شکلوں کی مورتیاں بنا کر پوجا کرتے تھے اور دوسروں کی عبادت بھی اسی لیے کرتے تھے کہ شیاطین انہیں اس کا حکم دیتے تھے، فرمانبرداری کے اعتبار سے یہ بھی شیاطین کی عبادت ہوئی، شیاطین ہی کی بات مانتے ہوئے انہوں نے اللہ تعالیٰ کے علاوہ دوسرے معبود تجویز کیے اور ان کی عبادت کی اَكْثَرُهُمْ بِهِمْ مُّؤْمِنُوْنَ (ان میں اکثر شیاطین پر ہی ایمان لائے) یعنی ان ہی کے معتقد تھے، ان ہی کی بات مانتے تھے۔

چونکہ مشرکین غیر اللہ کی عبادات اس عقیدہ سے بھی کرتے تھے کہ وہ آخرت میں سفارش کریں گے اور عذاب سے بچالیں گے، اس لیے ان کی تردید کرتے ہوئے فرمایا: فَالْيَوْمَ لَا يَمْلِكُ بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ نَّفْعًا وَّلَا ضَرًّا (سو آج تم میں سے بعض بعض کے لیے کسی نفع یا ضرر کا مالک نہیں) لہٰذا غیر اللہ کی عبادت کر کے جو امیدیں باندھ رکھی تھیں وہ سب جھوٹی نکلیں اور اپنے بنائے ہوئے خیال سب باطل نکلے۔ وَنَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذُوْقُوْا عَذَابَ النَّارِ الَّتِيْ كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ (اور ہم ظالموں سے کہیں گے کہ دوزخ کے عذاب کو چکھ لو جسے تم جھٹلایا کرتے تھے)

اس کے بعد مشرکین کی تکذیب والی باتیں نقل فرمائیں: وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ (الآیۃ) اور جب ان پر ہماری آیات تلاوت کی جاتی ہیں تو کہتے ہیں کہ یہ شخص (جو قرآن کی تلاوت کرتا ہے) یہ تو بس ایک ایسا ہی آدمی ہے جو تمہیں ان چیزوں سے روکتا ہے جن کو تمہارے باپ دادے پوجتے تھے، اور دوسری بات یہ کہتے تھے کہ یہ تو ایک تراشا ہوا جھوٹ ہے اور تیسری بات یہ کہتے تھے کہ محمد (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) جو کچھ سناتے ہیں یہ تو کھلا ہوا جادو ہے ان کے بارے میں فرمایا: وَمَآ اٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ كُتُبٍ يَّدْرُسُوْنَهَا وَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمْ قَبْلَكَ مِنْ نَّذِيْرٍ (اور ہم نے انہیں کتابیں نہیں دی تھیں جن کو وہ پڑھتے پڑھاتے ہوں اور ہم نے پہلے ان کی طرف کوئی ڈرانے والا نہیں بھیجا تھا، لہٰذا انہیں اللہ کی اس نعمت کی قدر کرنا لازم تھا کیونکہ اس نے ان کی طرف نبی کو مبعوث فرمایا اور نبی بھی وہ ہے جو انہیں میں سے ہے، اس سے پہلے تو قسم کھا کھا کر کہتے تھے کہ لَئِنْ جَآءَهُمْ نَذِيْرٌ لَّيَكُوْنُنَّ اَهْدٰى مِنْ اِحْدَى الْاُمَمِ (اگر ہمارے پاس کوئی ڈرانے والا آجائے تو ہم دوسری امتوں کے مقابلے میں ہر امت سے زیادہ ہدایت قبول کرنے والے ہوں گے) ان لوگوں نے وعدہ پورا نہ کیا اور الٹے تکذیب پر اتر آئے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں نازیبا کلمات کہنے لگے۔

اس کے بعد مشرکین مکہ کے لیے وعید ذکر فرمائی: وَكَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَمَا بَلَغُوْا مِعْشَارَ مَآ اٰتَيْنٰهُمْ (اور ان لوگوں کو جھٹلایا جو ان سے پہلے تھے اور حال یہ ہے کہ ان لوگوں کو جو کچھ ہم نے دیا تھا یہ لوگ اس کے دسویں حصے کو بھی نہیں پہنچے) فَكَذَّبُوْا رُسُلِيْ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ. (سو ان لوگوں نے میرے رسولوں کو جھٹلایا سو کیسا تھا میرا عذاب) مطلب یہ ہے کہ سابقہ امتیں تکذیب کی وجہ سے

ہلاک ہوئی ہیں ان کے پاس تو حکومتیں بھی تھیں' اموال بھی بہت تھے' طرح طرح کے سامان بھی ان کے پاس تھے' قلعے تھے' بڑے بڑے مکانات تھے اور ان کی عمریں بھی بڑی تھیں انہیں ان پر گھمنڈ بھی تھا یہ لوگ جو تکذیب پر اڑے ہوئے ہیں اور عناد پر جمے ہوئے ہیں ان کے پاس تو ان نعمتوں کا دسواں حصہ بھی نہیں ہے جو ہم نے گزشتہ امتوں کو دی تھیں' ان لوگوں کے احوال انہیں معلوم ہیں' اسفار میں جاتے ہیں تو ان کے نشانات دیکھتے ہیں' تکذیب رسل کی وجہ سے وہ ہلاک کر دیئے گئے انہیں بھی اپنا انجام سوچ لینا چاہیے جبکہ انکے سامنے ان کی اہمیت کچھ بھی نہیں۔

قُلْ اِنَّمَآ اَعِظُكُمْ بِوَاحِدَةٍ ۚ اَنْ تَقُوْمُوْا لِلّٰهِ مَثْنٰى وَ فُرَادٰى ثُمَّ تَتَفَكَّرُوْا ۫ مَا بِصَاحِبِكُمْ مِّنْ جِنَّةٍ ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا

آپ فرما دیجئے کہ میں تمہیں ایک ہی بات کی نصیحت کرتا ہوں وہ یہ کہ تم اللہ کے لیے کھڑے ہو جاؤ دو دو اور ایک ایک پھر تم سوچو تمہارے ساتھی کو کوئی دیوانگی نہیں ہے' وہ تو ایک

نَذِيْرٌ لَّكُمْ بَيْنَ يَدَيْ عَذَابٍ شَدِيْدٍ ﴿۴۶﴾ قُلْ مَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ فَهُوَ لَكُمْ ۚ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ ۚ

سخت عذاب کے آنے سے پہلے تمہیں ڈرانے والا ہے۔ آپ فرما دیجئے کہ میں نے جو کچھ تم سے معاوضہ کا سوال کیا ہو سو وہ تمہارے لیے ہی ہے میرا اجر تو صرف اللہ پر ہے

وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿۴۷﴾ قُلْ اِنَّ رَبِّيْ يَقْذِفُ بِالْحَقِّ ۚ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿۴۸﴾ قُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَمَا يُبْدِئُ الْبَاطِلُ

اور وہ ہر چیز پر اطلاع رکھنے والا ہے۔ آپ فرما دیجئے کہ بے شک میرا رب حق کو غالب کر دیتا ہے وہ پوری طرح غیبوں کا جاننے والا ہے' آپ فرما دیجئے کہ حق آ گیا اور باطل نہ کرنے

وَمَا يُعِيْدُ ﴿۴۹﴾ قُلْ اِنْ ضَلَلْتُ فَاِنَّمَآ اَضِلُّ عَلٰى نَفْسِيْ ۚ وَ اِنِ اهْتَدَيْتُ فَبِمَا يُوْحِيْٓ اِلَيَّ رَبِّيْ ؕ اِنَّهٗ

کا رہا نہ دھرنے کا۔ آپ فرما دیجئے کہ اگر میں گمراہ ہو جاؤں تو میری گمراہی مجھ ہی پر پڑے گی اور اگر میں ہدایت پر رہوں تو اسی وحی کی بدولت جو اللہ میرے پاس بھیج رہا ہے' بے شک وہ

سَمِيْعٌ قَرِيْبٌ ﴿۵۰﴾ وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ فَزِعُوْا فَلَا فَوْتَ وَ اُخِذُوْا مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ ﴿۵۱﴾ وَّقَالُوْٓا اٰمَنَّا بِهٖ ۚ

سننے والا ہے قریب ہے اور اگر اس وقت کو آپ دیکھیں جب یہ لوگ گھبرا جائیں گے پھر چھوٹنے کی کوئی صورت نہ ہوگی اور قریب ہی جگہ سے پکڑ لیے جائیں گے۔ اور کہیں گے کہ ہم اس پر ایمان

وَاَنّٰى لَهُمُ التَّنَاوُشُ مِنْ مَّكَانٍ بَعِيْدٍ ﴿۵۲﴾ وَّ قَدْ كَفَرُوْا بِهٖ مِنْ قَبْلُ ۚ وَيَقْذِفُوْنَ بِالْغَيْبِ مِنْ مَّكَانٍ بَعِيْدٍ ﴿۵۳﴾

لائے اور اتنی دور جگہ سے ان کے ہاتھ آنا کہاں ممکن ہے حالانکہ وہ اس سے پہلے اس کا انکار کر چکے ہیں' اور دور ہی دور سے بے تحقیق باتیں پھینکا کرتے ہیں

وَحِيْلَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ مَا يَشْتَهُوْنَ كَمَا فُعِلَ بِاَشْيَاعِهِمْ مِّنْ قَبْلُ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا فِيْ شَكٍّ مُّرِيْبٍ ﴿۵۴﴾

اور ان کے اور ان کی آرزوؤں کے درمیان آڑ کر دی جائے گی جیسا کہ ان سے پہلے انکے ہم مشربوں کے ساتھ کیا گیا بلاشبہ وہ تردد میں ڈالنے والے شک میں تھے۔

انفرادی اور اجتماعی طور پر غور و فکر کرنے کی دعوت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اولین مخاطبین جو آپ کی تکذیب کرتے تھے وہ آپ کو دیوانگی کی طرف منسوب کرتے تھے' اللہ جل شانہ نے فرمایا کہ آپ ان سے فرما دیجئے کہ میں تمہیں صرف ایک بات کی نصیحت کرتا ہوں یہ نصیحت محض تمہاری ہمدردی کے لیے ہے تم دو دو آدمی مل کر یا علیحدہ علیحدہ تنہائیوں میں سوچو اور غور و فکر کرو تمہارا یہ سوچنا صرف اللہ کی رضا کے لیے ہو' اس میں نفسانیت اور تعصب کا دخل نہ ہو تم لوگ یہ سوچ لو کہ جو شخص یہ دعویٰ کر رہا ہے کہ میں نبی ہوں اور تمہیں توحید کی دعوت دے رہا ہے وہ دیوانہ نہیں ہے اس کے احوال دیکھ

لؤ اس کی بات سن لؤ وہ جو قرآن سناتا ہے اسے سنو اور یہ بھی سمجھ لو کہ باوجود چیلنج کے تم اس جیسا بنا کر نہیں لا سکتے اگر تم غور و فکر کرو گے تو تمہیں معلوم ہو جائیگا کہ یہ دعوت دینے والا شخص دیوانہ نہیں ہے وہ تو تم کو ایک سخت عذاب کے آنے سے پہلے ڈراتا ہے۔

پھر اللہ تعالیٰ نے چند باتوں کا حکم دیا کہ آپ ان لوگوں سے کہہ دیں: اول یہ کہ تم یہ بتاؤ کہ میں نے تم سے کوئی معاوضہ تو طلب نہیں کیا؟ اگر میں نے تم سے معاوضہ کا کوئی سوال کیا ہو تو وہ مجھے نہیں چاہیے وہ تم ہی رکھو' میرا اجر و ثواب تو صرف اللہ تعالیٰ کے ذمہ ہے' اس نے مجھ سے ثواب دینے کا وعدہ فرمایا ہے وہ مجھے ضرور عطا فرمائے گا اور یہ بھی سمجھ لو کہ وہ ہر چیز پر اطلاع رکھنے والا ہے جو میری محنتیں ہیں اس کا بھی اسے علم ہے اور جو تمہاری حرکتیں ہیں وہ ان سے بھی باخبر ہے۔ دوسری بات کہہ دیں کہ میرا رب حق کو غالب فرما دیتا ہے' میں جو حق لے کر آیا ہوں وہ غالب ہو کر رہے گا' انشاء اللہ تعالیٰ تم اپنی مغلوبیت کو سوچ لو' وہ علام الغیوب ہے اسے پہلے سے سب کچھ معلوم ہے تیسری بات یہ فرمائی کہ آپ فرما دیجئے کہ حق آ گیا اور باطل کسی کام کا نہ رہا یعنی اس کا ذکر ختم ہو گیا' فتح مکہ کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آیت کریمہ **وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ط اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا** (اور یہ آیت **قُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَمَا يُبْدِئُ الْبَاطِلُ وَمَا يُعِيْدُ**) تلاوت فرمائی تھی۔ (کما روی فی البخاری فی تفسیر سورۃ الاسراء ج ص ۶۸۶) کیونکہ اس وقت بالکل اس کا مظاہرہ ہو گیا تھا کہ حق ظاہر ہوا اور باطل چلتا بنا۔

چوتھی بات یہ ہے کہ آپ ان لوگوں سے فرما دیجئے کہ اگر میں گمراہ ہو جاؤں تو اس کا وبال مجھ ہی پر ہو گا (میں جو دین لایا ہوں وہ حق ہے جو اس کا منکر ہو گا گمراہ ہو گا) بالفرض اگر میں بھی اس دین کو چھوڑ دوں تو میں بھی گمراہ ہو جاؤں گا اور مجھ پر اس کا وبال پڑے گا اس میں نام اپنا ہے اور سنانا ان کو ہے جو علی اسلوب الحکیم ہے یعنی میں تو اسی راہ پر ہوں تم اس کے منکر ہو لہٰذا تم گمراہ ہو اور اس کا وبال تم پر پڑے گا) اور اگر میں ہدایت پر ہوں تو اس قرآن کی بدولت ہوں جس کی وحی میرا رب میری طرف بھیج رہا ہے' یہ بھی علی اسلوب الحکیم ہے' مطلب یہ ہے کہ تم ہدایت چاہو تو تمہیں بھی اسی راہ پر آنا پڑے گا۔ **اِنَّهٗ سَمِيْعٌ قَرِيْبٌ** (بے شک میرا رب سننے والا ہے بہت نزدیک ہے) میری باتیں بھی سنتا ہے اور تمہاری باتیں بھی۔

آخری آیتوں میں منکرین کے لیے وعید ہے' فرمایا: **وَلَوْ تَرٰى اِذْ فَزِعُوْا** (الیٰ آخر السورۃ) (اور اگر آپ اس وقت کو دیکھیں جب یہ لوگ گھبرا جائیں گے تو پھر چھوٹنے کی کوئی صورت نہ ہو گی اور قریبی جگہ سے پکڑ لیے جائیں گے اور کہیں گے کہ ہم اس پر ایمان لائے اور اتنی دور سے ان کے ہاتھ آنا کہاں ممکن ہے حالانکہ وہ اس سے پہلے اس کا انکار کر چکے ہیں اور دور ہی دور سے بے تحقیق باتیں پھینکا کرتے ہیں اور ان کے اور ان کی آرزوؤں کے درمیان آڑ کر دی جائے گی' بلاشبہ وہ تردد میں ڈالنے والے شک میں تھے۔

بتوفیق اللہ سبحانہ وتعالیٰ سورۂ سبا کی تفسیر تمام ہوئی۔

والحمد للّٰہ اوّلًا وآخرًا باطنًا وظاھرًا والسّلام علیٰ من ارسل طیبًا و طاھرًا

☆☆☆☆..........................☆☆☆

مکی	سورۃ فاطر	۴۵ آیتیں اور ۵ رکوع

اٰیَاتُھَا ۴۵ (۳۵) سُوْرَۃُ فَاطِرٍ مَّکِّیَّۃٌ (۴۳) رُکُوْعَاتُھَا ۵

سورۂ فاطر مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی اس میں پینتالیس آیات اور پانچ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ جَاعِلِ الْمَلٰٓئِکَۃِ رُسُلًا اُولِیْٓ اَجْنِحَۃٍ مَّثْنٰی وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ یَزِیْدُ فِی الْخَلْقِ

سب تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جو آسمانوں کا اور زمین کا پیدا فرمانے والا ہے، وہ فرشتوں کو پیغام رساں بنانے والا ہے جن کے دو دو اور تین تین اور چار چار بازو ہیں، وہ پیدائش میں جو

مَا یَشَآءُ اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝۱ مَا یَفْتَحِ اللّٰہُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَۃٍ فَلَا مُمْسِکَ لَھَا وَمَا یُمْسِکْ

چاہے زیادہ کر دیتا ہے، بلا شبہ اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ جو بھی کوئی رحمت اللہ انسانوں کے لیے کھول دے تو اس کو کوئی روکنے والا نہیں،

فَلَا مُرْسِلَ لَہٗ مِنْ بَعْدِہٖ وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ۝۲ یٰٓاَیُّھَا النَّاسُ اذْکُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰہِ عَلَیْکُمْ

اور جس کو وہ بند کر دے سو اس کے بعد اس کا کوئی جاری کرنے والا نہیں، اور وہ غالب ہے حکیم ہے۔ اے لوگو اللہ کی نعمت کو یاد کرو جو تم پر ہے،

ھَلْ مِنْ خَالِقٍ غَیْرُ اللّٰہِ یَرْزُقُکُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ فَاَنّٰی تُؤْفَکُوْنَ ۝۳ وَاِنْ یُّکَذِّبُوْکَ

کیا اللہ کے سوا کوئی پیدا کرنے والا ہے جو تمہیں آسمان و زمین سے رزق عطا فرماتا ہے، اس کے علاوہ کوئی معبود نہیں، سو تم کہاں الٹے جا رہے ہو اور اگر وہ آپ کو جھٹلائیں

فَقَدْ کُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِکَ وَاِلَی اللّٰہِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝۴ یٰٓاَیُّھَا النَّاسُ اِنَّ وَعْدَ اللّٰہِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّکُمُ

تو آپ سے پہلے بہت سے پیغمبر جھٹلائے جا چکے ہیں، اور اللہ ہی کی طرف سب امور لوٹائے جائیں گے۔ اے لوگو! بلا شبہ اللہ کا وعدہ حق ہے سو تمہیں ہرگز دنیا والی زندگی دھوکہ

الْحَیٰوۃُ الدُّنْیَا وَلَا یَغُرَّنَّکُمْ بِاللّٰہِ الْغَرُوْرُ ۝۵ اِنَّ الشَّیْطٰنَ لَکُمْ عَدُوٌّ فَاتَّخِذُوْہُ عَدُوًّا اِنَّمَا یَدْعُوْا حِزْبَہٗ

میں نہ ڈالے اور تمہیں اللہ کا نام لے کر دھوکہ باز ہرگز دھوکہ میں نہ ڈالے، بلا شبہ شیطان تمہارا دشمن ہے سو تم اسے اپنا دشمن سمجھتے رہو، وہ اپنے گروہ کو اسی لیے بلاتا ہے

لِیَکُوْنُوْا مِنْ اَصْحٰبِ السَّعِیْرِ ۝۶ اَلَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَھُمْ عَذَابٌ شَدِیْدٌ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

تاکہ وہ دوزخیوں میں سے ہو جائیں۔ جن لوگوں نے کفر کیا ان کے لیے سخت عذاب ہے اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کیے ان

لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ۝

کے لیے مغفرت ہے اور اجر کبیر ہے۔

اللہ تعالیٰ خالق ارض وسما ہے ہر چیز پر قادر ہے
اس کے سوا کوئی پیدا کرنے والا نہیں اور اس کے سوا کوئی معبود نہیں

یہاں سے سورۂ فاطر شروع ہو رہی ہے جس کا دوسرا نام سورۃ الملائکہ بھی ہے۔ سورۃ الفاتحہ، سورۃ الکہف اور سورۂ سباء کی طرح یہ سورت بھی اللہ تعالیٰ کی تعریف سے شروع ہے، فرمایا کہ سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے جو آسمانوں کا اور زمین کا پیدا فرمانے والا ہے اس کی مخلوق میں فرشتے بھی ہیں ان فرشتوں کو بھی اس نے پیدا فرمایا اور کاموں پر مقرر فرمایا ان کاموں میں سے ایک یہ کام ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے اور اس کے نبیوں کے درمیان پیغام رسانی کا کام کرتے رہے ہیں، ان کی تخلیق بھی دوسری مخلوق سے علیحدہ ہے، ان کے جو بازو ہیں وہ دو دو بھی ہیں تین تین بھی ہیں اور چار چار بھی، فرشتے ان بازوؤں کے ساتھ جاتے اور آتے ہیں، چڑھتے اور اترتے ہیں اور صرف چار بازوؤں پر ہی منحصر نہیں ہے اس سے زیادہ بازوؤں کا بھی صحیح بخاری میں ذکر ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جبریل علیہ السلام کو دو بار اصلی صورت میں دیکھا جن کے چھ سو بازو تھے۔

يَزِيْدُ فِي الْخَلْقِ مَا يَشَآءُ (اللہ تعالیٰ پیدائش میں جو چاہے زیادہ فرما دیتا ہے) اور یہ زیادتی کمیت اور کیفیت دونوں میں ہوتی ہے مخلوق میں جو کمی بیشی نظر آتی ہے اجسام میں بھی ہے اور اوصاف میں بھی ہے، یہ سب محض اللہ تعالیٰ کی تخلیق سے ہے۔ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (بلاشبہ اللہ ہر چیز پر قادر ہے)۔

اس کے بعد اللہ تعالیٰ جل شانہ کی شان رحمت کو بیان فرمایا اور فرمایا کہ اللہ تعالیٰ جو بھی کوئی رحمت کھول دے یعنی لوگوں پر رحم فرمائے اس رحمت کو کوئی روکنے والا نہیں جس شخص پر بھی جس طرح کی نعمت اللہ تعالیٰ بھیجنا چاہے اسے اس پر پوری پوری قدرت ہے کسی بھی مخلوق کی مجال نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ کی رحمت کو روک دے، بعض چھوٹے درجہ کے لوگوں پر اللہ تعالیٰ کی رحمت ہوتی ہے وہ بڑھتے اور ترقی کرتے چلے جاتے ہیں جلنے والے ان سے جلتے ہیں، حسد کرنے والے ان سے حسد کرتے ہیں لیکن کچھ کر نہیں سکتے، اللہ تعالیٰ کی رحمت برابر جاری رہتی ہے اور اللہ تعالیٰ اپنی رحمت کو جس سے روک لے کسی میں طاقت نہیں کہ اس کو جاری کر دے وہ غالب ہے جس کو چاہے دے جس سے جو چاہے چھین لے، وہ غالب بھی ہے اور حکیم بھی ہے جس کو جو کچھ وہ دیتا ہے اور جس سے واپس لیتا ہے یہ سب کچھ حکمت کے مطابق ہوتا ہے۔

پھر فرمایا کہ اے لوگو! اللہ تعالیٰ نے تم پر جو انعام فرمایا ہے اور جو نعمتیں دی ہیں ان کو یاد کرو، نعمتوں کو یاد کرنے میں ان کا شکر ادا کرنا بھی شامل ہے، جب نعمتوں کو یاد کریں گے اور غور کریں گے کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں فلاں فلاں نعمتیں دی ہیں جان بھی دی اولاد بھی عنایت فرمائی، مال بھی دیا اور حسن و جمال بھی، علمی و عملی کمال بھی اور جاہ و اقتدار بھی، تو اللہ تعالیٰ کی شکر گزاری کی طرف طبیعت چلے گی اللہ تعالیٰ کی عبادت کی طرف ذہن، دل اور دماغ متوجہ ہوگا۔

یہ بھی فرمایا کہ تم غور کر لو کیا اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی اور پیدا کرنے والا ہے جو تمہیں آسمان و زمین سے رزق دیتا ہو غور کرو گے تو سمجھ میں آ جائے گا، اور یقینی طور پر یہ بات دل میں بیٹھ جائے گی کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی بھی پیدا کرنے والا نہیں ہے اور اسکے علاوہ کوئی بھی نہیں ہے

جو تمہیں آسمان اور زمین سے رزق دیتا ہو، اللہ تعالیٰ ہی آسمان سے بارش برساتا ہے اور زمین میں اس نے غلے میوے اور کھانے پینے کی بہت سی چیزیں پیدا فرمائی ہیں، یہ سب چیزیں اس بات کو ظاہر کرتی ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے جب اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے تو کہاں الٹے پھرے جا رہے ہو کہ اللہ کو چھوڑ کر دوسروں کو معبود بنا رکھا ہے۔

اثبات توحید کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی دی کہ آپ کے مخالفین آپ کو جھٹلاتے ہیں تو آپ رنجیدہ نہ ہوں، آپ نے اپنا کام پورا کر لیا، حجت تمام کر دی، آپ سے پہلے بھی انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کو جھٹلایا گیا انہوں نے صبر کیا آپ بھی صبر کیجئے سب امور اللہ تعالیٰ کی طرف راجع ہوں گے اور کافرین و منکرین کو عذاب دے گا۔

اس کے بعد توحید اور رسالت کے منکرین سے خطاب فرمایا کہ اے لوگو! اللہ تعالیٰ کا جو وعدہ ہے کہ قیامت قائم ہوگی اور ایمان اور کفر کا بدلہ دیا جائے گا، یہ وعدہ حق ہے اور پورا ہو کر رہے گا، تمہیں دنیا والی زندگی دھوکہ میں نہ ڈالے (جس کا ہرا ابھرا ہونا تمہیں اپنی طرف کھینچتا ہے اور آخرت کے ماننے سے اور آخرت میں نفع دینے والے کاموں سے روکتا ہے) ایک طرف تو دنیا کی سرسبزی ہے دوسری طرف شیطان تمہارے پیچھے لگا ہوا ہے اس سے چوکنے اور ہوشیار رہو، وہ تمہارا دشمن ہے اسے دشمن ہی سمجھو، وہ تمہیں دھوکہ نہ دے، اس کے دھوکہ دینے کے جتنے طریقے ہیں ان میں سے ایک طریقہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا نام لیکر دھوکہ دیتا ہے اور یہ سمجھاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ بڑا مہربان ہے، ابھی تو بہت بڑی زندگی پڑی ہے رنگ رلیوں میں رہو اور بدمستیاں کرو، آخر میں توبہ کر لینا، حالانکہ بندہ کو یہ معلوم نہیں کہ کتنی زندگی باقی ہے، موت اچانک آجاتی ہے اور بغیر ایمان کے اور بغیر توبہ کے مر جاتے ہیں، شیطان دشمن ہے اگر ہم نے اس کی بات مانی تو وہ پٹک دے گا، دشمن کو دشمن ہی سمجھتے رہیں، وہ ہر وقت دشمنی میں لگا ہوا ہے، اپنی جماعت کو دوزخ ہی کی طرف بلاتا ہے اور اپنا بناتا ہے لہٰذا انسانوں کو بہت ہی بیدار مغزی کے ساتھ زندگی گزارنا لازم ہے۔

اس کے بعد اہل کفر کا عذاب اور اہل ایمان کا ثواب بیان فرمایا، ارشاد فرمایا کہ جن لوگوں نے کفر کیا ان کے لیے سخت عذاب ہے اور جو لوگ ایمان لائے اور اعمال صالحہ میں مشغول ہوئے ان کے لیے مغفرت ہے اور بڑا اجر ہے۔

اَفَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ فَرَاٰهُ حَسَنًا ؕ فَاِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ مَنْ

سو کیا جس شخص کے لیے اس کا عمل بد اچھا کر کے دیا گیا ہو سو اس نے اس کو اچھا سمجھا ہو سو بے شک اللہ گمراہ فرماتا ہے جس کو چاہے اور ہدایت دیتا ہے جس کو

يَّشَآءُ وَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ۖ فَلَا تَذْهَبْ نَفْسُكَ عَلَيْهِمْ حَسَرٰتٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَصْنَعُوْنَ ۝۸

چاہتا ہے، سو ان پر حسرتیں کرنے کی وجہ سے آپ کی جان نہ جاتی رہے، بلا شبہ جو کام یہ لوگ کرتے ہیں اللہ خوب جانتا ہے۔

وَاللّٰهُ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ الرِّيٰحَ فَتُثِيْرُ سَحَابًا فَسُقْنٰهُ اِلٰى بَلَدٍ مَّيِّتٍ فَاَحْيَيْنَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ

اور اللہ وہ ہے جس نے ہواؤں کو بھیج دیا جو اٹھاتی ہیں بادل کو پھر ہم نے اسے ایسے قطعۂ زمین کی طرف ہانک دیا جو خشک تھا پھر ہم نے اس کے ذریعہ زمین کو

مَوْتِهَا ؕ كَذٰلِكَ النُّشُوْرُ ۝۹

زندہ کر دیا اسی طرح جی اٹھنا ہوگا۔

برے عمل کو اچھا سمجھنے والا اچھے عمل والے کے برابر نہیں ہوسکتا

اللہ تعالیٰ سب کے اعمال کو جانتا ہے

یہ دو آیتوں کا ترجمہ ہے، پہلی آیت میں یہ بتایا کہ بہت سے لوگ برے عمل کرتے ہیں کفر اختیار کئے ہوئے ہیں اور شیطان نے اوران کے ماحول نے اوران کے نفوس نے کفر ہی کو اور اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کو ان کے سامنے اچھا کر کے پیش کیا ہے، جس کی وجہ سے کفر کو اور برے اعمال کو اچھا سمجھتے ہیں اور ایمان سے اور اعمال صالحہ سے بچتے ہیں اور ان کو قبیح جانتے ہیں، ارشاد فرمایا ایسا شخص جس کے لیے برے اعمال کو مزین بنا دیا گیا ہو اور اس نے برے اعمال ہی کو اچھا سمجھ لیا ہو کیا یہ شخص اور وہ آدمی دونوں برابر ہوسکتے ہیں جو برے اعمال کو برا جانتا ہو اور اچھے اعمال کو اچھا سمجھ کر اپنی زندگی میں اختیار کیے ہوئے ہو۔ یہ استفہام انکاری ہے، مطلب یہ ہے کہ جس کے لیے برے اعمال کو اچھا بنا کر پیش کر دیا گیا اور اس نے برے عمل کو اچھا سمجھ لیا یہ شخص اور اس کا مقابل وہ شخص جو برے اعمال کو برا اور اچھے اعمال کو اچھا سمجھتا ہو دونوں برابر نہیں ہوسکتے۔ فَاِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ (پس اللہ تعالیٰ جس کو چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جس کو چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے)۔

فَلَا تَذْهَبْ نَفْسُكَ عَلَيْهِمْ حَسَرٰتٍ (سو ان پر حسرتیں کرنے کی وجہ سے آپ کی جان نہ جاتی رہے) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بات کی بڑی حرص تھی کہ ساری امت دعوت مسلمان ہو جائے لیکن مخاطبین کی طرف سے تکذیب تھی اور عناد تھا اور اس سے آپ کو رنج ہوتا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ ان لوگوں پر افسوس کر کے آپ کی جان نہ جاتی رہے جیسا کہ سورۃ الشعراء میں فرمایا: لَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ اَلَّا يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ (کیا ایسا ہونے کو ہے کہ آپ اپنی جان کو اس وجہ سے ہلاک کر دیں کہ یہ لوگ ایمان نہیں لاتے)۔

پھر فرمایا اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ بِمَا يَصْنَعُوْنَ (بلاشبہ اللہ کو ان کے کاموں کا خوب علم ہے) وہ اپنے علم وحکمت کے مطابق بدلہ دے گا۔

دوسری آیت میں اللہ تعالیٰ کی شان رزاقیت بیان فرمائی اور فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ہواؤں کو بھیجتا ہے یہ ہوائیں بادلوں کو ان کی جگہوں سے ہٹاتی ہیں، پھر ان بادلوں کو اللہ تعالیٰ مردہ یعنی خشک زمین کی طرف بھیج دیتا ہے وہ وہاں جا کر پانی برساتے ہیں جس سے خشک زمین زندہ ہو جاتی ہے، گھاس پھونس پیدا ہوتا ہے جو مویشیوں کے کام آتا ہے، انسان اپنی ضرورت کی پیداوار کے لیے زمین میں بیج ڈالے ہوئے ہوتے ہیں بارش ہونے سے کھیتیاں نکلتی ہیں اور بقدر ضرورت بلند ہوتی ہیں، چھوٹی بڑی بالیں نکلتی ہیں جن میں دانے ہوتے ہیں یہ دانے پکتے ہیں پھر کھیتی کاٹی جاتی ہے، بھوسہ اور دانہ الگ الگ کیا جاتا ہے، پھر دانوں کو پیس کر پکاتے ہیں اور کھاتے ہیں۔ آیت کے ختم پر جو كَذٰلِكَ النُّشُوْرُ ہے اس میں ایک مزید فائدہ کی طرف اشارہ فرما دیا اور وہ یہ کہ جس طرح اللہ تعالیٰ مردہ زمین کو زندہ فرماتا ہے اسی طرح تم لوگ دوبارہ زندہ ہو کر قبروں سے نکلو گے۔

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعِزَّةَ فَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ جَمِيْعًا ؕ اِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهٗ ؕ

جو شخص عزت حاصل کرنا چاہے تو ساری عزت اللہ ہی کے لیے ہے، اچھے کلمات اس کی طرف پہنچتے ہیں اور نیک عمل انہیں بلند کر دیتا ہے،

وَالَّذِيْنَ يَمْكُرُوْنَ السَّيِّاٰتِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ؕ وَمَكْرُ اُولٰٓئِكَ هُوَ يَبُوْرُ ۝ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ

اور جو لوگ بری تدبیریں کرتے ہیں ان کے لیے سخت عذاب ہے اور ان کی تدبیر برباد ہوگی۔ اور اللہ نے تم کو مٹی

مِّنۡ تُرَابٍ ثُمَّ مِنۡ نُّطۡفَةٍ ثُمَّ جَعَلَكُمۡ اَزۡوَاجًا ؕ وَمَا تَحۡمِلُ مِنۡ اُنۡثٰى وَلَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلۡمِهٖ ؕ

سے پیدا فرمایا پھر نطفہ سے پھر اس نے تمہیں جوڑے جوڑے بنایا، اور جس کسی عورت کو حمل رہ جاتا ہے اور جو کوئی عورت جنتی ہے تو یہ سب اس کے علم میں ہوتا ہے،

وَمَا يُعَمَّرُ مِنۡ مُّعَمَّرٍ وَّلَا يُنۡقَصُ مِنۡ عُمُرِهٖۤ اِلَّا فِىۡ كِتٰبٍ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيۡرٌ ﴿۱۱﴾

اور جس کسی عمر والے کی عمر زیادہ کی جاتی ہے اور جس کی عمر کم کر دی جاتی ہے وہ سب کتاب میں ہے بلاشبہ یہ اللہ پر آسان ہے۔

ساری عزت اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہے، کلمات طیبات اس کی طرف جاتے ہیں اسے بندوں کی عمروں میں کمی بیشی کا علم ہے

لوگ دنیا میں عزت چاہتے ہیں ان کا خیال ہے کہ بڑے بن کر رہیں اور اس کے ذریعہ دنیاوی مصائب ومشکلات سے بھی بچنا چاہتے ہیں، اس بارے میں غیر اللہ کی طرف متوجہ ہوتے ہیں، بتوں کی پرستش کرتے ہیں اور مخلوق کو راضی کرنے کے لیے ایسے اعمال کرتے ہیں جن سے خالق کائنات جل شانہ راضی نہیں ہیں، ایسے لوگوں کو تنبیہ کرتے ہوئے فرمایا ہے: فَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ جَمِيْعًا یعنی جسے عزت چاہئے تو وہ اللہ تعالیٰ سے مانگے، وہ عزیز ہے اور ساری عزت اسی کے لیے ہے اپنی مخلوق میں جس کو چاہے عزت دے سکتا ہے اور جس کی عزت چاہے کم کرسکتا ہے اور ختم کرسکتا ہے لہٰذا اللہ ہی کی فرمانبرداری کرے اور اسی سے سب کچھ مانگے۔

بعض حضرات نے لفظ عِـزَّةٌ کا ترجمہ غَلَبَةٌ سے کیا ہے، یہ بھی درست ہے اور حقیقت میں اللہ ہی سب پر غالب ہے اور جسے چاہے غلبہ دے سکتا ہے۔ ایک مرتبہ منافقین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جہاد میں چلے گئے وہاں آپس میں کہنے لگے: لَئِنْ رَّجَعْنَآ اِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ (اگر ہم مدینہ واپس ہو گئے تو جو عزت والا ہے وہ ذلت والے کو نکال دیگا) مطلب یہ تھا کہ ہم پردیسی مہاجرین کو مدینہ سے نکال دیں گے، اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ (الآية) (اور اللہ ہی کے لیے عزت ہے اور اس کے رسول کے لیے اور مومنین کے لیے اور لیکن منافقین نہیں جانتے) سورۃ النساء میں فرمایا ہے: بَشِّرِ الْمُنٰفِقِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمَا ۨ الَّذِيْنَ يَتَّخِذُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اَيَبْتَغُوْنَ عِنْدَهُمُ الْعِزَّةَ فَاِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا (الآية) (منافقین کو خوشخبری سنا دیجئے اس امر کی کہ ان کے واسطے بڑی دردناک سزا ہے جن کی حالت یہ ہے کافروں کو دوست بناتے ہیں مسلمانوں کو چھوڑ کر کیا ان کے پاس معزز رہنا چاہتے ہیں سو اعزاز تو سارا اللہ تعالیٰ کے قبضہ میں ہے۔

ان آیات میں ان سب لوگوں کو تنبیہ ہے جو اللہ کے دشمنوں کو راضی کرنے کے لیے حکومت اور سیاست اور معیشت، خوراک، پوشاک، وضع قطع اور شکل وصورت میں کافروں کی مشابہت اور ان کے طور طریق اختیار کرتے ہیں اور یہ سمجھتے ہیں کہ اس طرح ہم باعزت سمجھے جائیں گے، حالانکہ عزت ایمان اور اعمال صالحہ میں ہے اور ساری عزت اللہ ہی کے لیے ہے، اللہ جسے چاہے گا عزت دے گا اور اللہ تعالیٰ کی ناراضگی میں کوئی عزت نہیں ہے، دنیا میں اگر کسی کافر فاسق کو کوئی عزت حاصل ہے تو بے حقیقت ہے، اور ذرا سی ہے ذرا سی دیر کیلئے ہے۔

پھر فرمایا: اِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ (اور اچھے کلمات اس کی طرف پہنچتے ہیں) یعنی اللہ تعالیٰ ان کو قبول فرماتا ہے، اچھے کلمات کلمہ توحید اور تمام اذکار الٰہیہ کو شامل ہیں۔ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهٗ (اور نیک عمل انہیں بلند کر دیتا ہے) نیک عمل سے اعمال صالحہ ظاہرہ باطنہ مراد ہیں، تصدیق قلبی یعنی ایمان تو ہر عمل کے مقبول ہونے کی شرط ہے ہی دوسرے اعمال صالحہ کو بھی کلمات طیبات کی مقبولیت میں دخل

ہے اور جن لوگوں کے اعمال واذکار عند اللہ مقبول ہوتے ہیں حقیقی عزت انہی کو ملتی ہے۔

وَالَّذِیْنَ یَمْکُرُوْنَ السَّیِّاٰتِ لَھُمْ عَذَابٌ شَدِیْدٌ (اور جو لوگ بری تدبیریں کرتے ہیں ان کے لیے سخت عذاب ہے) اس میں ان لوگوں کے لیے وعید ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت کرتے تھے اور آپ کی دعوت کو روکنے کے لیے مشورے کرتے تھے ایک مرتبہ وہ لوگ جمع ہو کر یہ مشورہ کرنے لگے کہ آپ کے ساتھ کیا معاملہ کیا جائے؟ آپ کو قید کر دیا جائے یا قتل کر دیا جائے یا مکہ معظمہ سے نکال دیا جائے جیسے سورۂ اعراف کی آیت کریمہ وَاِذْ یَمْکُرُ بِکَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لِیُثْبِتُوْکَ اَوْ یَقْتُلُوْکَ اَوْ یُخْرِجُوْکَ میں بیان فرمایا ہے۔

وَمَکْرُ اُولٰٓئِکَ ھُوَ یَبُوْرُ (اور ان لوگوں کی تدبیر برباد ہوگی) چنانچہ ایسا ہی ہوا' آپ کے خلاف تدبیریں کرنے والے غزوۂ بدر میں مقتول ہوئے اور اللہ تعالیٰ نے مستقل یہ تکوینی قانون بتا دیا وَلَا یَحِیْقُ الْمَکْرُ السَّیِّئُ اِلَّا بِاَھْلِہٖ (اور بری تدبیروں کا وبال انہیں لوگوں پر پڑتا ہے جو ایسی تدبیریں کرتے ہیں) ہر صاحب عقل وفہم کو یہ نکتہ سمجھ لینا چاہیے۔

اس کے بعد اللہ تعالیٰ کی شان خالقیت بیان فرمائی وَاللّٰہُ خَلَقَکُمْ مِّنْ تُرَابٍ (اور اللہ تعالیٰ نے تمہیں مٹی سے پیدا فرمایا) یعنی ابوالبشر حضرت آدم علیہ السلام کا پتلا مٹی سے بنایا پھر اس میں روح پھونکی' چونکہ ان کی تخلیق میں ان کی ساری اولاد کی تخلیق مضمر تھی اس لیے ان کی ساری اولاد کے بارے میں فرمایا کہ مٹی سے تمہاری پیدائش فرمائی پھر چونکہ سلسلہ توالد وتناسل نطفہ کے ذریعہ ہوتا رہا اور ہوتا ہے' اس لیے ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ بھی فرمایا یعنی مٹی سے تمہاری تخلیق فرمائی اس کے بعد تمہاری پیدائش کا سلسلہ اس طرح جاری فرمایا کہ مرد کا نطفہ عورت کے رحم میں جاتا ہے پھر اس سے انسان پیدا ہوتا ہے ثُمَّ جَعَلَکُمْ اَزْوَاجًا (پھر تمہیں جوڑے بنا دیا) یعنی مرد بھی پیدا فرمائے اور عورتیں بھی' جو ایک دوسرے کی زوجیت میں آتے ہیں اور ان سے اولاد پیدا ہوتی ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ کی صفت علم بیان فرمائی کہ وَمَا تَحْمِلُ مِنْ اُنْثٰی وَلَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلْمِہٖ جس کسی بھی عورت کو حمل قرار پاجاتا ہے اور جو بھی کوئی عورت بچہ جنتی ہے وہ سب اللہ تعالیٰ کے علم میں ہوتا ہے وَمَا یُعَمَّرُ مِنْ مُّعَمَّرٍ وَّلَا یُنْقَصُ مِنْ عُمُرِہٖٓ اِلَّا فِیْ کِتٰبٍ (اور جس کسی عمر والے کی عمر زیادہ کی جاتی ہے اور جس کی عمر کم کر دی جاتی ہے وہ سب کتاب میں ہے) یعنی جس کسی کی عمر زیادہ مقرر کی گئی اور جس کی عمر دوسروں کے مقابلہ میں کم مقرر کی گئی' یہ سب کچھ اللہ تعالیٰ نے پہلے ہی سے لوح محفوظ میں لکھ دیا ہے۔ اِنَّ ذٰلِکَ عَلَی اللّٰہِ یَسِیْرٌ (بلاشبہ یہ اللہ پر آسان ہے) یعنی لوح محفوظ میں انسانوں کی تخلیق سے پہلے ہی ان کی عمروں کی کمی بیشی لکھ دینا یہ اللہ تعالیٰ کے لیے بالکل آسان ہے کیونکہ اسے ازل سے ابد تک ہر چیز کا علم ہے۔

وَمَا یَسْتَوِی الْبَحْرٰنِ ۖ ھٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ سَآئِغٌ شَرَابُہٗ وَھٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ ۭ وَمِنْ کُلٍّ تَاْکُلُوْنَ

اور دو سمندر برابر نہیں' یہ میٹھا ہے پیاس بجھانے والا آسان ہے اس کا پینا اور یہ شور ہے کڑوا، اور ہر ایک میں سے تم تازہ

لَحْمًا طَرِیًّا وَّتَسْتَخْرِجُوْنَ حِلْیَةً تَلْبَسُوْنَھَا ۚ وَتَرَی الْفُلْکَ فِیْہِ مَوَاخِرَ لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِہٖ

گوشت کھاتے ہو' اور نکالتے ہو زیور جسے تم پہنتے ہو، اور اے مخاطب تو کشتیوں کو دیکھتا ہے کہ وہ پانی کو پھاڑتی ہوئی چلی جاتی ہیں تاکہ تم اس کے فضل سے

وَلَعَلَّکُمْ تَشْکُرُوْنَ ﴿۱۲﴾ یُوْلِجُ الَّیْلَ فِی النَّھَارِ وَیُوْلِجُ النَّھَارَ فِی الَّیْلِ ۙ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۡ

تلاش کرو اور تاکہ تم شکر ادا کرو۔ وہ رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں' اور اس نے سورج کو اور چاند کو مسخر فرمایا،

كُلٌّ يَّجْرِىْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ ؕ وَالَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ مَا

ہر ایک مقررہ وقت کے لیے چلتا ہے' یہ اللہ رب ہے تمہارا اسی کے لیے ملک ہے، اور اس کے سوا تم جن لوگوں کو پکارتے ہو وہ کھجور کی

يَمْلِكُوْنَ مِنْ قِطْمِيْرٍ ؕ﴿۱۳﴾ اِنْ تَدْعُوْهُمْ لَا يَسْمَعُوْا دُعَآءَكُمْ ۚ وَلَوْ سَمِعُوْا مَا اسْتَجَابُوْا لَكُمْ ؕ وَيَوْمَ

گٹھلی کے چھلکے کے برابر بھی اختیار نہیں رکھتے ۔ اگر تم ان کو پکارو تو تمہاری پکار نہیں سنیں گے اور اگر سن لیں تو تمہاری بات نہ مانیں گے اور قیامت

الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُوْنَ بِشِرْكِكُمْ ؕ وَلَا يُنَبِّئُكَ مِثْلُ خَبِيْرٍ ﴿۱۴﴾

کے دن وہ تمہارے شرک سے منکر ہو جائیں گے اور خبر رکھنے والے کے برابر تجھے کوئی نہیں بتا سکتا۔

ع ۱۴

سمندر کے سفر کے فوائد اور چاند سورج کی تسخیر کا بیان' مشرکین کو تنبیہ کہ تمہارے معبود گٹھلی کے چھلکے کے برابر بھی کسی چیز کے مالک نہیں

سمندر بھی اللہ تعالیٰ کی مخلوق ہے بعض سمندر میٹھے پانی کے ہیں ان کا پانی پیئو تو خوب میٹھا اور شیریں ہوتا ہے جو پیاس کو بجھاتا ہے اور اس کا پانی بھی آسانی کے ساتھ گلے میں اتر جاتا ہے اور بعض سمندر ایسے ہیں کہ ان کا پانی بہت زیادہ نمکین اور شور ہے وہ پیا ہی نہیں جا سکتا نہ گلے سے اترتا ہے نہ اس سے پیاس بجھتی ہے بعض دریاؤں میں شیرینی اور مٹھاس اور بعض میں یہ نمکینی اور کڑواپن سب اللہ تعالیٰ کی تخلیق سے ہے' دونوں سمندر برابر نہیں اور میٹھے سمندر کا میٹھاپن اور کڑوے سمندر کا کڑواپن محض اللہ تعالیٰ کی تخلیق سے ہے' ان سمندروں سے انسانوں کو بہت سے فوائد حاصل ہوتے ہیں جن میں سے ایک یہ ہے کہ ان سے تازہ تازہ گوشت کھاتے ہیں یعنی مچھلیوں کا شکار کرتے ہیں پھر انہیں پکا کر اور تل کر کھاتے ہیں' بعض حضرات نے مچھلی کے ساتھ پرندوں کا بھی ذکر فرمایا ہے۔

دریاؤں کا ایک نفع یہ بتایا کہ تم ان سے زیور نکالتے ہو اور ان کو پہنتے ہو' اس سے موتی اور سیپی وغیرہ مراد ہے' ان کے پہننے اور استعمال کے طریقے مختلف علاقوں میں مختلف پائے جاتے ہیں۔

اس کے بعد کشتیوں کا تذکرہ فرمایا کہ اے مخاطب تو دیکھتا ہے سمندر میں کشتیاں چلتی ہیں جو پانی کو پھاڑتی ہوئی جاتی ہیں ان کشتیوں کا چلنا بھی اللہ تعالیٰ کی نعمت ہے اور بہت بڑی نعمت ہے' ان کے ذریعہ دور دراز ملکوں کے سفر ہوتے ہیں' ایک براعظم سے دوسرے براعظم تک مال پہنچایا جاتا ہے اور طرح طرح کے منافع حاصل ہوتے ہیں' جو اموال اور اثقال باہر سے کشتیوں میں لائے جاتے ہیں اس میں بہت سی ایسی چیزیں ہوتی ہیں جو کھانے پینے اور دیگر ضروریات میں استعمال ہوتی ہیں اسی کو فرمایا کہ لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ تاکہ تم اللہ کے فضل کو تلاش کرو' اور جب اس کی نعمتیں استعمال کرو تو اس کا شکر بھی ادا کرو آخر میں اسی کی یاد دہانی فرمائی۔ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ۔

پھر فرمایا اللہ دن میں رات کو اور رات میں دن کو داخل فرماتا ہے کبھی یہ کم ہو کر بڑھ جاتا ہے اور کبھی وہ کم ہو جاتا ہے تو یہ بڑھ جاتا ہے اور چاند اور سورج کو بھی اس نے مسخر فرمایا ہے یعنی ہر ایک کو اس سے متعلقہ کام میں لگا دیا ہے ان کی روزانہ کی جو حرکات مقرر فرمائی ہیں اور ان کے لیے جو مدار معین فرمایا ہے وہ اس کے خلاف نہیں چل سکتے۔

ان کی یہ رفتار اَجَلٍ مُّسَمًّى یعنی مقررہ مدت تک اسی طرح جاری رہے گی جس طرح اللہ نے مقرر فرمادی اور مقررہ مدت سے یوم قیامت مراد ہے۔

ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ یہ ذات پاک جس کی مخلوقات اور مصنوعات کا اوپر تذکرہ ہوا' یہ اللہ تعالیٰ کی ذات ہے' وہ تمہارا رب ہے اسی کے لیے ملک ہے۔ وَالَّذِیْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ مَا یَمْلِكُوْنَ مِنْ قِطْمِیْرٍ اور جن لوگوں کو تم اللہ کے سوا پکارتے ہو وہ کھجور کی گٹھلی کے چھلکے کے برابر بھی اختیار نہیں رکھتے اِنْ تَدْعُوْهُمْ لَا یَسْمَعُوْا دُعَآءَكُمْ (جن لوگوں کی اللہ تعالیٰ کے علاوہ تم عبادت کرتے ہو ان کی بے بسی اور عاجزی کا یہ حال ہے کہ اگر تم ان کو پکارو تو وہ تمہاری پکار سن بھی نہ سکیں گے) وَلَوْ سَمِعُوْا مَا اسْتَجَابُوْا لَكُمْ (اور بالفرض تمہاری بات سن بھی لیں تو تمہاری بات نہ مانیں) یعنی تمہاری پکار پر تمہارے کچھ بھی کام نہ آئیں نہ جواب میں ہاں کہیں نہ اسی وقت کوئی مدد کر سکیں نہ بعد میں (یہ تو رہی دنیا کی حالت اور) رہا آخرت کا معاملہ سو سمجھ لو کہ تم نے جو ان کی مدد کا خیال جما رکھا ہے یہ خیال غلط ہے وہ تو وہاں تم سے بیزار ہو جائیں گے اور تم جو انہیں اللہ کا شریک بناتے ہو اس کے وہ منکر ہو جائیں گے۔ اسی کو یہاں فرمایا: وَیَوْمَ الْقِیٰمَةِ یَكْفُرُوْنَ بِشِرْكِكُمْ (اور قیامت کے دن وہ تمہارے شرک سے منکر ہو جائیں گے) سورۃ النحل میں فرمایا ہے: وَاِذَا رَاَ الَّذِیْنَ اَشْرَكُوْا شُرَكَآءَهُمْ قَالُوْا رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ شُرَكَآؤُنَا الَّذِیْنَ كُنَّا نَدْعُوْا مِنْ دُوْنِكَ فَاَلْقَوْا اِلَیْهِمُ الْقَوْلَ اِنَّكُمْ لَكٰذِبُوْنَ (اور جب مشرک لوگ اپنے شریکوں کو دیکھیں گے تو کہیں گے کہ اے ہمارے پروردگار! یہ ہمارے شریک ہیں' آپ کو چھوڑ کر ہم ان کو پوجا کرتے تھے سو وہ انکی طرف کلام کو متوجہ کریں گے کہ تم جھوٹے ہو)

وَلَا یُنَبِّئُكَ مِثْلُ خَبِیْرٍ (اور اے مخاطب تجھے خبر رکھنے والے کے برابر کوئی نہیں بتائے گا) علیم و خبیر جل مجدہ نے تجھے بتایا ہے جسے سب کچھ علم ہے اس نے جو کچھ بتایا ہے اس کو مان لے اسی میں تیرا بھلا ہے۔

یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ اِلَى اللّٰهِ ۚ وَاللّٰهُ هُوَ الْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ ﴿۱۵﴾ اِنْ یَّشَاْ یُذْهِبْكُمْ وَیَاْتِ

اے لوگو! تم سب اللہ کے محتاج ہو اور اللہ غنی ہے تعریف کا مستحق ہے اگر وہ چاہے تو تمہیں ختم کر دے

بِخَلْقٍ جَدِیْدٍ ﴿۱۶﴾ وَمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِیْزٍ ﴿۱۷﴾ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ؕ وَاِنْ تَدْعُ مُثْقَلَةٌ

اور نئی مخلوق پیدا فرما دے اور یہ اللہ پر کچھ مشکل نہیں۔ اور کوئی بوجھ اٹھانے والا دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا اور اگر کوئی بوجھ والا اپنا بوجھ اٹھانے

اِلٰى حِمْلِهَا لَا یُحْمَلْ مِنْهُ شَیْءٌ وَّلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ؕ اِنَّمَا تُنْذِرُ الَّذِیْنَ یَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَیْبِ

کے لیے بلائے گا تو اس میں سے کچھ بھی نہیں اٹھایا جائے گا اگرچہ قرابت دار ہی ہو' آپ صرف انہی لوگوں کو ڈراتے ہیں جو بن دیکھے اپنے رب سے ڈرتے ہیں

وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ؕ وَمَنْ تَزَكّٰى فَاِنَّمَا یَتَزَكّٰى لِنَفْسِهٖ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِیْرُ ﴿۱۸﴾ وَمَا یَسْتَوِی الْاَعْمٰى

اور انہوں نے نماز قائم کی، اور جو شخص پاکیزہ بنا تو وہ اپنی جان کے لیے پاکیزگی اختیار کرتا ہے۔ اور اللہ ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ اور نابینا اور دیکھنے

وَالْبَصِیْرُ ﴿۱۹﴾ وَلَا الظُّلُمٰتُ وَلَا النُّوْرُ ﴿۲۰﴾ وَلَا الظِّلُّ وَلَا الْحَرُوْرُ ﴿۲۱﴾ وَمَا یَسْتَوِی الْاَحْیَآءُ وَلَا الْاَمْوَاتُ ؕ

والا برابر نہیں۔ اور نہ اندھیریاں اور روشنی برابر ہے۔ اور نہ سایہ اور دھوپ برابر ہیں اور نہ زندہ اور مردہ برابر ہیں۔

اِنَّ اللّٰهَ یُسْمِعُ مَنْ یَّشَآءُ ۚ وَمَاۤ اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِی الْقُبُوْرِ ﴿۲۲﴾ اِنْ اَنْتَ اِلَّا نَذِیْرٌ ﴿۲۳﴾ اِنَّاۤ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ

بلاشبہ اللہ جسے چاہتا ہے سنوا دیتا ہے، اور آپ ان لوگوں کو سنانے والے نہیں جو قبروں میں ہیں آپ صرف ڈرانے والے ہیں' بے شک ہم نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے

بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ؕ وَاِنْ مِّنْ اُمَّةٍ اِلَّا خَلَا فِيْهَا نَذِيْرٌ ۝ وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كَذَّبَ الَّذِيْنَ

بشیر اور نذیر بنا کر اور کوئی بھی امت ایسی نہیں ہے جس میں ڈرانے والا نہ گذرا ہو اور اگر وہ آپ کو جھٹلاتے ہیں تو ان سے پہلے جو لوگ تھے

مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ وَبِالزُّبُرِ وَبِالْكِتٰبِ الْمُنِيْرِ ۝ ثُمَّ اَخَذْتُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

وہ بھی جھٹلا چکے ہیں، ان کے پاس ان کے پیغمبر کھلے ہوئے معجزات اور صحیفے اور روشن کتابیں لے کر آئے۔ پھر میں نے ان لوگوں کو پکڑ لیا جنہوں نے کفر

فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ۝

کیا سو میرا عذاب کیسا ہوا۔

سب اللہ کے محتاج ہیں قیامت کے دن کوئی کسی کا بوجھ نہ اٹھائے گا' بینا اور نابینا اندھیریاں اور روشنی زندہ اور مردہ برابر نہیں' ہر امت میں نذیر بھیجا گیا ہے

یہ پورے ایک رکوع کا ترجمہ ہے جس میں بہت سے امور پر تنبیہ فرمائی ہے اور متعدد نصیحتیں فرمائیں۔

اوّلاً یہ فرمایا کہ اے لوگو تم سب اللہ ہی کے محتاج ہو' اللہ تعالیٰ غنی ہے جسے کسی چیز کی حاجت نہیں ہے' کوئی بھی ایمان لانے والا اور اس کی عبادت کرنے والا یہ نہ سمجھے کہ اسے میری حاجت اور ضرورت ہے' بلکہ یہ سمجھ کر اس کی عبادت کرے کہ مجھے اسے راضی کرنے کی حاجت ہے' وہ غنی ہے بے نیاز ہے اور ہر تعریف کا مستحق ہے وہ ہر عیب سے پاک ہے اور صفات جلیلہ سے متصف ہے۔

ثانیاً یہ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کو پورا پورا اختیار ہے کہ وہ تمہیں باقی رکھے زندہ رہنے دے اور اگر چاہے تو تمہیں بالکل نیست و نابود کر دے، تمہیں پیدا فرمانے کے بعد اس کی قدرت اور صفت خالقیت اسی طرح باقی ہے جیسے پہلے تھی' وہ تمہیں ختم فرما کر دوسری مخلوق پیدا فرمانے پر اور اس دنیا میں بسانے پر پوری پوری قدرت رکھتا ہے' تمہیں ختم کرنا اور دوسری مخلوق پیدا کرنا اس کے لیے ذرا بھی مشکل نہیں۔

ثالثاً یہ فرمایا کہ ہر ایک کو اپنا اپنا بوجھ اٹھانا ہے' قیامت کے دن کوئی جان کسی دوسری جان کا بوجھ نہ اٹھائے گی' وہاں بڑے بڑے بوجھل انسان حاضر ہوں گے' گناہوں سے لدے ہوئے ہوں گے اگر کوئی شخص کسی سے یوں کہے کہ آ میرا کچھ بوجھ اٹھا لے تو اس کا ذرا سا بوجھ بھی کوئی نہ اٹھائے گا' اگر کوئی شخص اپنے کسی قریبی رشتہ دار سے کہے گا کہ تم میرے بوجھ میں شریک ہو جاؤ تو وہ بھی صاف انکار کر دیگا۔ سورۂ عبس میں فرمایا: يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِيْهِ، وَاُمِّهٖ وَاَبِيْهِ، وَصَاحِبَتِهٖ وَبَنِيْهِ . لِكُلِّ امْرِءٍ مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَاْنٌ يُّغْنِيْهِ (جس دن بھاگے کا آدمی اپنے بھائی سے اور اپنی ماں سے اور اپنے باپ سے اور اپنی بیوی سے اور اپنے بیٹوں سے' ان میں سے ہر شخص کا حال جدا ہو گا جو دوسروں سے بے نیاز کر دے گا)

رابعاً............ یہ فرمایا کہ آپ انہی لوگوں کو ڈراتے رہیں جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں' یعنی جو اہل ایمان ہیں اور ایمان کی ذمہ داریاں پوری کرتے ہیں وہی آپ کے ڈرانے سے منتفع ہوتے ہیں' ڈراتے تو آپ سب ہی کو ہیں لیکن ڈرانے کا فائدہ انہیں لوگوں کو حاصل ہوتا ہے جن کے دلوں میں اللہ کا ڈر ہے اور جو نماز میں لگے رہتے ہیں' ساری ہی عبادات اللہ تعالیٰ کے خوف کی وجہ سے ادا کی جاتی ہیں لیکن چونکہ نماز میں بہت سی خصوصیات ہیں جو صرف خوف و خشیت کی وجہ سے پیدا ہوتی ہیں اس لیے نماز کا خصوصی تذکرہ فرمایا۔

خامساً .... یہ فرمایا کہ پاکیزہ ہونا' گناہوں سے بچ کر رہنا' ظاہری باطنی عیوب سے محفوظ رہنا' اس میں کوئی شخص کسی پر احسان نہ دھرے، جو شخص پاکیزہ ہوگا وہ اپنی ہی جان کے لیے پاکیزگی اختیار کرے گا یعنی اس کا صلہ پائے گا اور سب کو اللہ تعالیٰ کی طرف پہنچنا ہے اور ہر ایک کو اس کے عمل کا بدلہ ملنا ہے۔

سادساً .... یہ فرمایا کہ اندھا اور دیکھنے والا برابر نہیں۔ (یہاں اندھے سے مراد کافر اور دیکھنے والے سے مؤمن مراد ہے) اور اندھیریاں اور روشنی برابر نہیں یعنی حق اور باطل برابر نہیں ہو سکتے اور سایہ اور گرمی برابر نہیں یعنی ثواب وعقاب برابر نہیں ہو سکتے (اور بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ اس سے جنت اور دوزخ مراد ہیں) نیز یہ بھی فرمایا کہ زندہ اور مردہ برابر نہیں ہو سکتے) زندوں سے اہل ایمان اور مردوں سے کافر مراد ہیں) اہل ایمان جنت میں اور اہل کفر دوزخ میں ہوں گے۔

اس کے بعد فرمایا کہ بلاشبہ اللہ جس کو چاہے سنا دے' یعنی ہدایت کی بات سنا کر سننے والے کے لیے سبب ہدایت بنا دیتا ہے۔

پھر فرمایا کہ جو لوگ قبروں میں ہیں آپ انہیں نہیں سنا سکتے یعنی جنہیں کفر پر اصرار ہے انہوں نے اپنا حال ایسا بنالیا ہے جیسے قبروں میں ہیں' قبروں میں جو لوگ چلے گئے آپ انہیں نہیں سنا سکتے اور یہ لوگ بھی آپ کی باتیں سن کر ایمان لانے والے نہیں ہیں۔

سماعِ موتیٰ .... کے بارے میں ضروری تحقیق سورۂ نمل (رکوع نمبر ۶) میں گزر چکی ہے' حقیقی سنانے والا اللہ تعالیٰ ہی ہے وہ جب چاہے جس کو چاہے سنائے اس میں کوئی اشکال ہی نہیں۔

سابعاً .... یہ فرمایا کہ ہم نے آپ کو حق دے کر بشیر ونذیر بنا کر بھیجا ہے اور یہ بھی فرمایا کہ جتنی بھی امتیں گزری ہیں ان میں کوئی نہ کوئی ڈرانے والا ضرور گذرا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا یہ قانون رہا ہے کہ بستیوں میں پیغامبر بھیجے جو حق پہنچانے والے ہوتے تھے وہ خوب اچھی طرح واضح طور پر حق اور ناحق بتا دیتے تھے' توحید کی دعوت دیتے تھے اور شرک سے روکتے تھے جب لوگ سرکشی پر اتر آتے تو انہیں عذاب میں مبتلا کر دیا جاتا تھا' سورۂ بنی اسرائیل میں فرمایا وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلًا (اور ہم عذاب دینے والے نہیں ہیں جب تک کوئی رسول نہ بھیج دیں) اور سورۃ القصص میں فرمایا ہے' وَمَا كَانَ رَبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى حَتّٰى يَبْعَثَ فِيْۤ اُمِّهَا رَسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا وَمَا كُنَّا مُهْلِكِي الْقُرٰۤى اِلَّا وَاَهْلُهَا ظٰلِمُوْنَ (اور آپ کا رب بستیوں کو ہلاک نہیں کیا کرتا جب تک کہ ان کے صدر مقام میں کسی پیغمبر کو نہ بھیج دے اور ہم بستیوں کو ہلاک نہیں کرتے مگر اس حالت میں کہ وہاں کے باشندے ظالم ہوں)۔

لہٰذا جتنی بھی امتیں گزری ہیں ان سب میں ڈرانے والا ضرور پہنچا اس نے تبلیغ کی اور حق کی دعوت دی' ضروری نہیں کہ جو مبلغ اور داعی پہنچا ہو وہ نبی ہی ہو۔ حضرات انبیاء کرام علیہم السلام نے جو اپنے نمائندے اور قاصد بھیجے آیت کا مفہوم ان کو بھی شامل ہے' یہاں اتنی بات سمجھ لینا چاہیے کہ اس وقت دنیا میں جو قومیں مذہبی کہلاتی ہیں وہ کسی ایک شخص کی طرف اپنی نسبت کرتی ہیں ان میں حضرت موسیٰ اور حضرت عیسیٰ علیہما السلام کی نبوت و رسالت تو قرآن مجید سے ثابت ہے' ان کی نبوت و رسالت پر ایمان لانا فرض ہے البتہ ان حضرات کی شریعت منسوخ ہے اور ہر فرد وبشر پر فرض ہے کہ حضور خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لائے۔ حضرت موسیٰ اور حضرت عیسیٰ علیہما السلام کے علاوہ جو دوسری مذہبی قومیں اپنے جن اکابر کی طرف منسوب ہیں ان کے بارے میں یہ یقین کر لینا کہ وہ بھی اللہ تعالیٰ کے نبی تھے اور اس بارے میں الفاظ وَاِنْ مِّنْ اُمَّةٍ اِلَّا خَلَا فِيْهَا نَذِيْرٌ سے استدلال کرنا صحیح نہیں کیونکہ قرآن کریم میں ان کا نام نہیں لیا اور کسی سند کے ساتھ ان لوگوں کا نبی ورسول ہونا ثابت نہیں ہے' کسی کو متعین کر کے نبی ورسول ماننے کے لیے دلیل شرعی کی ضرورت ہے جو یہاں مفقود ہے' ان لوگوں کی صحیح تاریخ بھی معلوم نہیں ہے اور ان کے جو قصے مشہور ہیں ان کے پیش نظر یہ کہنا پڑتا ہے کہ یہ لوگ نبی نہیں ہو سکتے

بلکہ ان میں سے بعض کی تصویریں اور مورتیاں جو ان کے ماننے والوں میں رواج پائے ہوئے ہیں وہ تو ننگی تصویریں ہیں' اللہ تعالیٰ کا کوئی نبی ننگا نہیں ہو سکتا' خوب سمجھ لیا جائے۔

ثامناً............ یہ فرمایا کہ اگر یہ لوگ آپ کی تکذیب کریں تو یہ کوئی تعجب کرنے اور رنجیدہ ہونے کی بات نہیں ہے کیونکہ آپ سے پہلے بھی انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام آ چکے ہیں ان کی امتوں نے انہیں جھٹلایا حالانکہ وہ حضرات ان کے پاس کھلی کھلی دلیلیں لے کر پہنچے' صحیفے لے کر آئے' بڑی کتابیں بھی لائے جیسے توراۃ' انجیل وغیرہ لیکن جنہیں ماننا نہ تھا انہوں نے نہ مانا' اگر یہ لوگ آپ پر ایمان نہیں لاتے تو کوئی تعجب کی بات نہیں ہے۔

تاسعاً............ یہ فرمایا کہ میں نے کافروں کو پکڑ لیا یعنی ان کو عذاب دے دیا اور مزید فرمایا فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ کہ غور کر لو میرا عذاب کیسا تھا۔ اس میں مخاطبین کو تنبیہ ہے کہ پہلی امتوں پر تکذیب کی وجہ سے عذاب آتا رہا ہے' یہ عذاب عبرتناک تھا اس کے بارے میں ان مخاطبین کو کچھ نہ کچھ علم بھی ہے لہٰذا عبرت حاصل کریں اور غور کریں کہ ان کا کیا انجام ہوا اور یہ کہ یہی انجام ہمارا بھی ہو سکتا ہے۔

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ ثَمَرٰتٍ مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهَا ؕ وَمِنَ الْجِبَالِ

اے مخاطب کیا تجھے علم نہیں کہ اللہ نے آسمان سے پانی اتارا پھر ہم نے اس کے ذریعہ پھل نکالے جن کے رنگ مختلف ہیں، اور پہاڑوں کے

جُدَدٌۢ بِيْضٌ وَّحُمْرٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهَا وَغَرَابِيْبُ سُوْدٌ ۝ وَمِنَ النَّاسِ وَالدَّوَآبِّ وَالْاَنْعَامِ مُخْتَلِفٌ

مختلف حصے ہیں، سفید ہیں اور سرخ ہیں' ان کے رنگ مختلف ہیں اور ان میں گہرے سیاہ رنگ والے بھی ہیں اور انسانوں میں اور چوپایوں میں اور جانوروں میں ایسے ہیں

اَلْوَانُهٗ كَذٰلِكَ ؕ اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ غَفُوْرٌ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ

جن کے رنگ مختلف ہیں' اسی طرح اللہ سے وہی بندے ڈرتے ہیں جو علم والے ہیں' بے شک اللہ تعالیٰ غلبہ والا ہے بخشنے والا ہے۔ بلاشبہ جو لوگ

يَتْلُوْنَ كِتٰبَ اللّٰهِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً يَّرْجُوْنَ تِجَارَةً

اللہ کی کتاب کو پڑھتے ہیں اور انہوں نے نماز کو قائم کیا اور ہم نے جو کچھ انہیں عطا فرمایا ہے اس میں سے خرچ کیا چپکے سے اور ظاہری طور پر یہ لوگ ایسی تجارت کی امید رکھتے ہیں

لَّنْ تَبُوْرَ ۝ لِيُوَفِّيَهُمْ اُجُوْرَهُمْ وَيَزِيْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّهٗ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ۝ وَالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ

جو کبھی ہلاک نہ ہو گی تاکہ ان کا رب انہیں پورے اجر عطا فرما دے اور اپنے فضل سے اور زیادہ دے' بلاشبہ وہ خوب بخشنے والا ہے بہت قدردان ہے اور یہ کتاب جو ہم

اِلَيْكَ مِنَ الْكِتٰبِ هُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِعِبَادِهٖ لَخَبِيْرٌۢ بَصِيْرٌ ۝

نے آپ کی طرف وحی بھیجی ہے بالکل حق ہے جو ان کتابوں کی تصدیق کرنے والی ہے جو اس سے پہلے تھیں' بلاشبہ اللہ اپنے بندوں کی پوری خبر رکھنے والا ہے خوب دیکھنے والا ہے۔

ثُمَّ اَوْرَثْنَا الْكِتٰبَ الَّذِيْنَ اصْطَفَيْنَا مِنْ عِبَادِنَا ۚ فَمِنْهُمْ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ وَمِنْهُمْ

پھر ہم نے ان لوگوں کو کتاب کا وارث بنایا جنہیں ہم نے اپنے بندوں میں سے چن لیا سو ان میں سے بعض وہ ہیں جو اپنی جانوں پر ظلم کرنے والے ہیں اور ان میں سے بعض وہ ہیں جو

مُّقْتَصِدٌ ۚ وَمِنْهُمْ سَابِقٌۢ بِالْخَيْرٰتِ بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ ﴿۳۲﴾ جَنّٰتُ عَدْنٍ

درمیانہ درجہ والے ہیں اور ان میں سے بعض وہ ہیں جو باذن اللہ بھلائی کے کاموں میں آگے بڑھنے والے ہیں' یہ اللہ کا بڑا فضل ہے۔ وہ ہمیشہ رہنے کے باغات ہیں

يَّدْخُلُوْنَهَا يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا ۚ وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا حَرِيْرٌ ﴿۳۳﴾ وَقَالُوا

جن میں یہ لوگ داخل ہوں گے اس میں انہیں سونے کے کنگن اور موتی زیور کے طور پر پہنائے جائیں گے اور اس میں ان کا لباس ریشم کا ہوگا۔ اور وہ کہیں گے

الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ ؕ اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ﴿۳۴﴾ الَّذِيْٓ اَحَلَّنَا دَارَ

کہ سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے جس نے ہم سے غم کو دور فرما دیا' بلاشبہ ہمارا رب بڑا بخشنے والا ہے خوب قدر دان ہے۔ جس نے ہمیں اپنے

الْمُقَامَةِ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ لَا يَمَسُّنَا فِيْهَا نَصَبٌ وَّلَا يَمَسُّنَا فِيْهَا لُغُوْبٌ ﴿۳۵﴾

فضل سے رہنے کی جگہ میں نازل فرما دیا' ہمیں اس میں نہ کوئی تکلیف پہنچے گی اور نہ ہمیں اس میں کوئی تھکن پہنچے گی۔

بارش کے منافع' نیک بندوں کی صفات اور ان کا اجر و ثواب

یہ متعدد آیات ہیں' پہلی دو آیتوں میں بعض علوی اور بعض سفلی انعامات کا تذکرہ فرمایا جو اللہ تعالیٰ شانہ کی قدرت قاہرہ پر دلالت کرتے ہیں۔

اول تو یہ بتایا کہ اللہ تعالیٰ نے آسمان سے پانی نازل فرمایا' اس پانی کے جہاں بہت سے فائدے ہیں ان میں سے ایک یہ بھی ہے کہ اس کے ذریعہ اللہ تعالیٰ نے بہت سے درخت نکال دیئے' پھر ان درختوں پر پھل لگا دیئے' ان پھلوں کی اقسام بھی بہت ہیں اور اَلْوَان یعنی رنگ بھی مزے بھی مختلف ہیں اور ہر قسم میں مختلف قسمیں ہیں۔

اور دوسری بات یہ بتائی کہ پہاڑوں کے مختلف حصے ہیں ان کے رنگ بھی مختلف ہیں' بعض سفید ہیں اور بعض بالکل سیاہ ہیں' پہاڑوں سے بنی آدم کو مختلف قسم کے منافع حاصل ہوتے ہیں۔

حضرت ابن عباسؓ سے جُـدَدٌ کی تفسیر معلوم کی گئی تو فرمایا کہ اس سے پہاڑوں کے راستے مراد ہیں' بنی آدم پہاڑوں پر چڑھتے ہیں ان کے راستوں میں سفر کرتے ہیں' منافع حاصل کرتے ہیں اور سُوْد اَسْوَدُ کی جمع ہے جو سیاہ کے معنی میں آتا ہے' دونوں لفظوں کو ملا کر مبالغہ کا معنی پیدا ہو جاتا ہے اسی لیے اوپر گہرے سیاہ رنگ والے کا ترجمہ کیا گیا ہے۔ **قال صاحب الروح و کثر فی کلامھم اتباعہ للاسود علی انہ صفۃ لہ او تاکید لفظی فقالوا اسود غِرْبِیب کماقالوا بیض یفق و اصفر فاقع و احمر قان.**

بارش اور پھلوں اور پہاڑوں کا تذکرہ کرنے کے بعد فرمایا کہ انسانوں میں اور چوپایوں میں اور جانوروں میں بھی مختلف اقسام کی چیزیں ہیں ان کی اقسام بھی مختلف ہیں اور انواع بھی اور رنگتیں بھی' اس سب میں اللہ تعالیٰ کی صفت تخلیق کا مظاہرہ بھی ہے اور انسانوں پر انعامات بھی ہیں' انسان جانوروں سے اور جانور انسانوں سے مستفید اور متمتع ہوتے ہیں۔

اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا (اللہ سے علم والے ہی ڈرتے ہیں) جن لوگوں کو اللہ تعالیٰ نے علم دیا ہے خواہ علم الآفاق ہو خواہ علم النفس' خواہ علم المصنوعات ہو خواہ علم الکتاب' یہی لوگ اللہ تعالیٰ سے ڈرتے ہیں کیونکہ علم ذریعہ معرفت ہے' جسے جتنی معرفت حاصل

ہوگی اسی قدر اپنے خالق و مالک سے ڈرے گا اور معاصی سے باز رہے گا ہاں اگر کوئی شخص علم ہوتے ہوئے بھی اپنے نفس کا اتباع کرے تو وہ گمراہ ہی رہیگا' کما قال اللہ تعالیٰ: اَرَاَیْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ وَاَضَلَّهُ اللّٰهُ عَلٰى عِلْمٍ ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سب سے بڑے عالم بھی تھے اور سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والے بھی تھے' آپ نے فرمایا: اما واللّٰہ انی لا خشاکم للّٰہ واتقاکم لہ (رواہ البخاری ج ۲ ص ۷۰۷ ومسلم ج ۱ ص ۴۴۹)۔ (خبردار! اللہ کی قسم میں تم میں سب سے زیادہ اللہ سے ڈرنے والا ہوں اور سب سے زیادہ پرہیزگار ہوں)۔

آیت کے آخر میں فرمایا: اِنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ غَفُوْرٌ (بلاشبہ اللہ عزت والا ہے خوب بخشنے والا ہے)

اس کے بعد نیک بندوں کی تعریف فرمائی اور ان کے اجر و ثواب کا تذکرہ فرمایا کہ جو لوگ اللہ کی کتاب کی تلاوت کرتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں اور پوشیدہ اور ظاہری طور پر ہمارے دیئے ہوئے مال سے خرچ کرتے ہیں' یہ لوگ ایسی تجارت کے امیدوار ہیں جو کبھی بھی ہلاک نہ ہوگی' ان کی عبادتوں کے اُجور اللہ تعالیٰ انہیں پورے پورے عطا فرمائے گا (جانی عبادتیں ہوں یا مالی) اور انہیں اپنے فضل سے مزید عطا فرمائے گا' وہ بہت بخشنے والا بھی ہے کمی کوتاہی کو معاف فرمادے گا اور وہ بڑا قدردان بھی ہے ہر نیکی کا اجر کم از کم دس گنا کر کے عطا فرمائے گا اسی تجارت میں لگنے میں نفع عظیم ہے جس کے تباہ ہونے کا خطرہ نہیں اور نقصان کا اندیشہ نہیں۔

اس کے بعد قرآن مجید کے بارے میں فرمایا کہ ہم نے جو کچھ آپ کو وحی بھیجی ہے وہ حق ہے' ان کتابوں کی تصدیق کرنے والی ہے جو اس سے پہلے نازل ہوئی تھیں' بلاشبہ اللہ اپنے بندوں کی پوری طرح خبر رکھنے والا ہے پوری طرح دیکھنے والا ہے

اس کے بعد ان بندوں کا تذکرہ فرمایا جنہیں اللہ تعالیٰ نے کتاب عطا فرمائی ان کے بارے میں لفظ اِصْطَفَیْنَا مِنْ عِبَادِنَا فرمایا جس میں یہ بتادیا کہ جسے اللہ تعالیٰ کی کتاب مل گئی وہ اللہ تعالیٰ کا برگزیدہ بندہ ہے (خواہ عمل کے اعتبار سے اس نے اپنی حیثیت گرا رکھی ہو)

حدیث شریف میں ہے کہ جسے اللہ تعالیٰ نے حفظ قرآن کی نعمت عطا فرمادی پھر اس نے کسی شخص کے بارے میں یہ خیال کیا کہ اسے مجھ سے افضل چیز عطا کی گئی ہے تو اس نے سب سے بڑی نعمت کو حقیر جانا۔ (فیض القدیر شرح الجامع الصغیر ج ۶ ص ۷۵)

پھر ان کی تین قسمیں بتائیں کہ ان میں بعض وہ ہیں جو اپنی جانوں پر ظلم کرنے والے ہیں یعنی گناہوں میں مشغول رہتے ہیں اور بعض وہ ہیں جو متوسط درجہ کے لوگ ہیں اور بعض وہ ہیں جو باذن اللہ نیکیوں میں آگے بڑھے ہوئے ہیں' یہ وہ حضرات ہیں جو گناہوں سے بچتے ہیں اور فرائض و واجبات کے علاوہ دوسرے نیک کاموں کا بھی اہتمام کرتے ہیں۔

ذٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِیْرُ ۔ (یہ اللہ کا بڑا فضل ہے) معلوم ہوا کہ جن لوگوں کو اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب عطا فرمائی ہے ان میں جو لوگ گنہگار ہیں ان کا بھی اکرام کرنا چاہیے ان کے گناہوں پر نظر نہ کریں بلکہ اللہ کے فضل کو دیکھیں' اس نے انہیں اپنی کتاب دے کر فضل کبیر سے نوازا ہے۔

سنن ترمذی میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ تینوں قسم کے لوگ ایک ہی مرتبہ میں ہیں' یعنی اللہ تعالیٰ کے نوازے ہوئے ہیں اور یہ سب جنت میں ہوں گے۔ (راجع تفسیر سورۃ فاطر من سنن الترمذی)

حضرت عمرؓ نے آیت بالا منبر پر پڑھی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کیا: سابقنا سابق مقتصدنا ناج وظالمنا مغفور لہ ۔ یعنی ہم میں جو آگے بڑھنے والے ہیں وہ (اجر و ثواب اور رفع درجات میں) آگے بڑھنے والے ہیں اور جو متوسط طبقہ کے ہیں وہ نجات پانے والے ہیں اور جو ظالم ہیں ان کی مغفرت ہوجائے گی۔

اور حضرت ابو الدرداءؓ نے بیان فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت تلاوت فرمائی اور یوں فرمایا کہ جو سابق بالخیرات ہوگا وہ

بلاحساب جنت میں داخل ہوگا اور جو متوسط درجہ کے ہوں گے ان سے ہلکا سا حساب لیا جائے گا اور جو اپنی جان پر ظلم کرنے والے ہوں گے انہیں حساب کے مقام پر روک لیا جائے گا یہاں تک کہ انہیں رنج لاحق ہو جائے گا پھر جنت میں داخل کر دیئے جائیں گے اسکے بعد یہ آیت تلاوت فرمائی۔ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْٓ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ ۔(راجع للحدیثین معالم التنزیل ج ۳ ص ۵۷۱)

ظالم اور مقتصد اور سابق بالخیرات کی تعیین اور تشریح میں متعدد اقوال ہیں جو روح المعانی و معالم التنزیل میں مذکور ہیں۔

اس کے بعد جنتیوں کی نعمتوں کا تذکرہ فرمایا کہ یہ لوگ ہمیشہ رہنے کے باغیچوں میں ہوں گے جن میں انہیں سونے اور موتیوں کے کنگن پہنائے جائیں گے اور ان کا لباس ریشم کا ہوگا' یہ مضمون سورۃ الحج (رکوع نمبر۳) میں بھی گزر چکا ہے یہاں یہ اشکال نہ کیا جائے کہ زیور تو عورتوں پر اچھا لگتا ہے مردوں کو کیا زیب دے گا؟ بات یہ ہے کہ ہر جگہ کا ایک مزاج اور رواج ہوتا ہے' اہل جنت کا یہ مزاج ہوگا کہ مرد بھی رغبت سے زیور پہنیں گے جیسا کہ دنیا میں بھی راجہ اور بادشاہ پہنتے رہے ہیں' شریعت اسلامیہ میں مردوں کو زیور پہننا منع ہے لیکن وہاں ان کے لیے بھی حلال ہوگا اور ان کو مرغوب بھی ہوگا جو اللہ تعالیٰ کا انعام ہوگا' اسی طرح ریشم کو سمجھ لیا جائے کہ مردوں کے لیے اس کا لباس پہننا اس دنیا میں جائز نہیں ہے لیکن جنتی مردوں کو وہاں ریشم کا لباس عطا کیا جائے گا۔

متعدد صحابہؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص دنیا میں ریشم کا لباس پہنے گا آخرت میں ریشم کا لباس نہیں پہنے گا۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۳۷۳ از بخاری و مسلم)

اس کے بعد اہل جنت کے شکر گزاری کے کلمات نقل فرمائے: وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْٓ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ (اور وہ لوگ کہیں گے کہ اللہ کے لیے سب تعریف ہے جس نے ہم سے غم کو دور فرمادیا) اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ (بلاشبہ ہمارا رب بہت بخشنے والا ہے) اس نے ہمارے گناہوں کو لغزشوں کو بخش دیا۔ شَكُوْرٌ (بڑا قدر دان ہے) ہماری نیکیوں کی قدر دانی فرمائی اور وہ وہ نعمتیں عطا فرمائیں جن کے ہم بالکل مستحق نہ تھے۔ اَلَّذِیْٓ اَحَلَّنَا دَارَ الْمُقَامَةِ مِنْ فَضْلِهٖ (جس نے ہمیں اپنے فضل سے رہنے کی جگہ میں اتار دیا) اس میں یہ بتایا کہ جنت رہنے کی جگہ ہے جس کے بارے میں فرمایا ہے لَا یَبْغُوْنَ عَنْهَا حِوَلًا کہ جنتی وہاں سے کہیں اور منتقل ہونا نہ چاہیں گے اور تعریضاً یہ بھی بتادیا کہ دنیا رہنے کی جگہ نہیں ہے، جو جنت میں پہنچا اس نے صحیح ٹھکانہ پکڑا جہاں سے کہیں اور جانا ہی نہیں اور نہ اس سے کوئی اچھی جگہ ہے جہاں جانے کا خیال آئے۔

لَا یَمَسُّنَا فِیْهَا نَصَبٌ وَّلَا یَمَسُّنَا فِیْهَا لُغُوْبٌ (ہمیں یہاں کوئی دکھ نہیں پہنچے گی اور نہ ہمیں یہاں کوئی تھکن محسوس ہوگی) وہاں آرام ہی آرام ہے کسی طرح کی کمائی کی کوئی حاجت نہیں اس لیے نہ محنت ہوگی نہ مشقت' نہ دکھن ہوگی نہ تھکن سے واسطہ پڑے گا۔ سورۃ الحجر میں فرمایا: لَا یَمَسُّهُمْ فِیْهَا نَصَبٌ وَّ مَاهُمْ مِّنْهَا بِمُخْرَجِیْنَ (نہ انہیں وہاں تکلیف پہنچے گی اور نہ وہ وہاں سے نکالے جائیں گے۔

وَالَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ نَارُ جَهَنَّمَ ۚ لَا یُقْضٰی عَلَیْهِمْ فَیَمُوْتُوْا وَلَا یُخَفَّفُ عَنْهُمْ مِّنْ عَذَابِهَا ؕ كَذٰلِكَ

اور جن لوگوں نے کفر کیا ان کے لیے دوزخ کی آگ ہے' نہ ان کی قضا آئے گی کہ وہ مر ہی جائیں اور نہ ان سے اس کا عذاب ہلکا کیا جائے گا' ہر کافر کو ہم ایسے

نَجْزِیْ كُلَّ كَفُوْرٍ ۚ وَهُمْ یَصْطَرِخُوْنَ فِیْهَا ۚ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا غَیْرَ الَّذِیْ كُنَّا نَعْمَلُ ؕ

ہی سزا دیا کرتے ہیں اور وہ لوگ دوزخ میں چلائیں گے کہ اے ہمارے رب ہمیں دوزخ سے نکال لیے ہم ان اعمال کے علاوہ دوسرے عمل کریں گے جو کیا کرتے تھے،

اَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَّا يَتَذَكَّرُ فِيْهِ مَنْ تَذَكَّرَ وَجَآءَكُمُ النَّذِيْرُ ۖ فَذُوْقُوْا فَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ نَّصِيْرٍ ۝

کیا ہم نے تمہیں اتنی عمر نہیں دی تھی جس میں وہ شخص سمجھ سکتا تھا جو سمجھنا چاہتا اور تمہارے پاس ڈرانے والا آیا تھا' سو تم چکھ لو' سو ظالموں کے لیے کوئی بھی مددگار نہیں۔

دوزخیوں کو نہ موت آئے گی نہ ان کا عذاب ہلکا کیا جائے گا نہ اس میں سے کبھی نکلیں گے

اہل ایمان کا انعام واکرام بیان فرمانے کے بعد اہل کفر کی سزا بیان فرمائی اور ان کے لیے دوزخ کی آگ میں داخل ہونے اور اس میں ہمیشہ رہنے کا تذکرہ فرمایا نہ تو ان کے بارے میں یہ فیصلہ ہوگا کہ مر جائیں اور نہ ان کا عذاب ہلکا کیا جائے گا۔ كَذٰلِكَ نَجْزِيْ كُلَّ كَفُوْرٍ اسی طرح ہم ہر کافر کو جزا دیتے ہیں' مزید فرمایا کہ جب اہل کفر دوزخ میں مبتلائے عذاب ہوں گے تو وہاں چیخیں گے اور چلائیں گے اور بارگاہ خداوندی میں درخواست پیش کریں گے کہ ہمیں اس سے نکال دیجئے' ہم پہلے جو عمل کیا کرتے تھے اب ان کے علاوہ عمل کریں گے یعنی آپ کے حکم کے مطابق چلیں گے' اللہ جل شانہ کا ارشاد ہوگا کیا ہم نے تمہیں اتنی عمر نہیں دی تھی جس میں نصیحت حاصل کرنے والا نصیحت حاصل کر لیتا اور تمہارے پاس ڈرانے والا بھی آیا تھا نہ تو تم نے اپنی عمر کو نیکیوں میں لگایا اور نہ ہماری طرف سے بھیجے ہوئے رسول اور نبی کی بات مانی جس نے تمہیں سمجھایا اور اس مصیبت سے ڈرایا جس میں تم آج مبتلا ہو' لہٰذا اب عذاب چکھو اور ظالموں کے لیے کوئی مددگار نہیں۔

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے اس شخص کے لیے کوئی عذر باقی نہیں رکھا جس کی عمر میں اتنی ڈھیل دے دی کہ ساٹھ سال تک پہنچا دیا۔ (رواہ البخاری کما فی مشکوۃ المصابیح ص ۴۵۰)

اور حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ قیامت کے دن ایک پکارنے والا یوں پکارے گا کہ ساٹھ سال کی عمر والے کہاں ہیں؟ (پھر فرمایا) یہی وہ عمر ہے جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: اَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَّا يَتَذَكَّرُ فِيْهِ مَنْ تَذَكَّرَ وَجَآءَكُمُ النَّذِيْرُ (مشکوۃ المصابیح ص ۴۵۱)

اِنَّ اللّٰهَ عٰلِمُ غَيْبِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝ هُوَ الَّذِيْ جَعَلَكُمْ

بلا شبہ اللہ آسمانوں کے اور زمین کے غیب کا جاننے والا ہے بلا شبہ وہ دلوں کی باتوں کا جاننے والا ہے۔ وہی ہے جس نے تمہیں زمین میں

خَلٰٓئِفَ فِي الْاَرْضِ ۭ فَمَنْ كَفَرَ فَعَلَيْهِ كُفْرُهٗ ۭ وَلَا يَزِيْدُ الْكٰفِرِيْنَ كُفْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ اِلَّا مَقْتًا ۚ

پہلے لوگوں کے بعد آباد فرمایا۔ سو جو شخص کفر اختیار کرے اس کا کفر اسی پر ہے اور کافروں کے لیے ان کا کفر انکے رب کے نزدیک ناراضگی ہی کو بڑھاتا ہے

وَلَا يَزِيْدُ الْكٰفِرِيْنَ كُفْرُهُمْ اِلَّا خَسَارًا ۝ قُلْ اَرَءَيْتُمْ شُرَكَآءَكُمُ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ

اور کافروں کے لیے ان کا کفر صرف خسارہ ہی میں اضافہ کرتا ہے۔ آپ فرما دیجئے کہ تم جنہیں اللہ کے سوا پکارتے ہو ان کا حال بتاؤ،

اَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمٰوٰتِ ۚ اَمْ اٰتَيْنٰهُمْ كِتٰبًا فَهُمْ عَلٰي بَيِّنَتٍ

مجھے دکھاؤ انہوں نے زمین کا کون سا حصہ پیدا کیا' کیا آسمانوں میں ان کا کوئی ساجھا ہے' کیا ہم نے انہیں کوئی کتاب دی ہے کہ یہ اس کی دلیل پر قائم

مِّنْهُ ۚ بَلْ اِنْ يَّعِدُ الظّٰلِمُوْنَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا اِلَّا غُرُوْرًا ۝ اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ

ہوں۔ بلکہ بات یہ ہے کہ ظالم لوگ ایک دوسرے کو صرف دھوکہ کی باتوں کا وعدہ کرتے ہیں۔ بلاشبہ اللہ آسمانوں کو اور زمین کو روکے ہوئے ہے کہ وہ ٹل

تَزُوْلَا ۚ وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ ۭ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ۝

نہ جائے اور اگر وہ ٹل جائیں تو اس کے سوا ان دونوں کو کوئی بھی تھامنے والا نہیں، بلا شبہ وہ حلیم ہے غفور ہے۔

کفر کا وبال اہل کفر ہی پر پڑے گا، کافر آپس میں ایک دوسرے کو دھوکہ دیتے ہیں، آسمانوں اور زمین کو اللہ تعالیٰ ہی روکے ہوئے ہے

ان آیات میں اللہ تعالیٰ کی صفت علم وقدرت کو بیان فرمایا ہے۔ اور مشرکوں اور کافروں کی گمراہی اور بدحالی بیان فرمائی ہے اول تو یہ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کو آسمانوں کی اور زمین کی پوشیدہ چیزوں کا علم ہے یعنی جو چیزیں مخلوق کے علم سے غائب ہیں وہ ان سب کو پوری طرح جانتا ہے دوم یہ فرمایا کہ وہ دلوں کی باتوں کو جانتا ہے، سوم یہ فرمایا کہ تم لوگوں کو اس نے زمین میں خلیفہ بنایا ہے یعنی تم سے پہلے جو لوگ زمین میں رہتے اور بستے تھے ان کے بعد تمہیں بسا دیا، سارے انسانوں پر لازم ہے کہ اس کا شکر ادا کریں، اس کی ذات وصفات پر اس کے نبیوں اور کتابوں پر ایمان لائیں لیکن لوگ اکثر کفر اختیار کیے ہوئے ہیں۔ فَمَنْ كَفَرَ فَعَلَيْهِ كُفْرُهٗ (سو جو شخص کفر اختیار کرے گا اس کے کفر کا وبال اسی پر ہے) وَلَا يَزِيْدُ الْكٰفِرِيْنَ كُفْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ اِلَّا مَقْتًا اور کافروں کا کفر انہیں کے حق میں مضر ہے جس کا سب سے بڑا ضرر یہ ہے کہ ان کا رب ان سے ناراض ہے اور جیسے جیسے یہ لوگ کفر میں آگے بڑھتے ہیں برابر پروردگار عالم جل مجدہ کی ناراضگی بڑھتی چلی جاتی ہے، کافر خواہ یہ سمجھتے ہوں کہ ہم بڑے نفع میں ہیں مگر حقیقت یہ ہے کہ ان کا کفران کے لیے خسارہ میں اضافہ کا باعث بنتا چلا جا رہا ہے۔

پھر فرمایا کہ یہ جو لوگوں نے اللہ کے شریک بنا رکھے ہیں جن کی پوجا کرتے ہیں اور جن کو پکارتے ہیں ان کے بارے میں ان سے دریافت کیجئے کہ ان کا کیا حال ہے، انہیں جو تم نے معبود بنایا ہے ان میں کون سی صفت دیکھ رکھی ہے جس کی وجہ سے وہ مستحق عبادت سمجھے گئے؟ انہوں نے زمین کا کون سا حصہ پیدا کیا ہے؟ کیا آسمانوں میں ان کا کچھ ساجھا ہے؟ اس میں سے کوئی بات نہیں ہے! زمین اللہ کی ہے جس پر رہتے سہتے ہو، آسمان اللہ کے ہیں جن کے نیچے زندگی گزارتے ہو، یہ سب کچھ جانتے ہوئے غیروں کی عبادت کرنا کون سی سمجھداری ہے۔

اَمْ اٰتَيْنٰهُمْ كِتٰبًا فَهُمْ عَلٰى بَيِّنَتٍ مِّنْهُ (کیا تم نے انہیں کوئی کتاب دی ہے جس کی دلیل پر یہ لوگ قائم ہیں) یہ استفہام انکاری ہے مطلب یہ ہے کہ ان کے پاس کوئی دلیل نہیں ہے جس کی رو سے شرک اختیار کرنے کو درست سمجھتے ہیں۔ بَلْ اِنْ يَّعِدُ الظّٰلِمُوْنَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا اِلَّا غُرُوْرًا۔ شرک کے درست ہونے کی ان کے پاس کوئی دلیل نہیں بلکہ بات یہ ہے کہ ظالم لوگ آپس میں ایک دوسرے سے دھوکہ کی باتوں کا وعدہ کرتے ہیں یعنی ایک دوسرے کو شرک پر جماتے ہیں اور توحید پر نہیں آنے دیتے اور شرک میں فائدہ بتا بتا کر ایک دوسرے کو دھوکہ دیتے ہیں اور یوں کہتے ہیں کہ یہ باطل معبود ہماری سفارش کریں گے۔

اس کے بعد اللہ جل شانہ کی قوت قاہرہ ایک اور طریقہ پر بیان فرمائی اور وہ یہ کہ اللہ تعالیٰ آسمانوں کو اور زمینوں کو تھامے ہوئے ہے ان کی جو جگہ مقرر ہے وہاں سے نہیں ٹل سکتے (اپنے محور ہی میں رہتے ہیں اور اگر بالفرض اپنی مقررہ جگہ کو چھوڑ دیں تو اسکے علاوہ کوئی ان کو

تھام نہیں سکتا' آسمان اور زمین اسی کی مخلوق ہیں' اسی نے ان کی جگہ مقرر فرمائی ہے کسی کو ان میں ذرا سے تصرف کا بھی اختیار نہیں ہے وہی ان کی حفاظت فرماتا ہے وہی ان کا مالک ہے ان میں جو چیزیں ہیں وہ ان کا بھی خالق و مالک ہے پھر اس کے علاوہ دوسرا کوئی مستحق عبادت کیسے ہوسکتا ہے۔ اِنَّهُ كَانَ حَلِيماً غَفُوراً (بے شک وہ حلیم ہے (عذاب دینے میں جلدی نہیں فرماتا) غفور بھی ہے سب کچھ معاف کرنے والا ہے۔

آسمان وزمین کے تھامنے کی تشریح میں یہ جو عرض کیا گیا کہ اللہ تعالیٰ نے جو ان کی جگہ مقرر فرما دی ہے اس کے علاوہ دوسری جگہ منتقل نہیں ہو سکتے' اس معنی کو لینے سے آسمان اور زمین کی حرکت کے بارے میں کوئی اشکال نہیں رہتا وہ اسی جگہ میں رہتے ہوئے حرکت کرتے ہیں جو اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے مقرر فرمائی ہے (دونوں حرکت کرتے ہوں یا ایک متحرک ہو حسب ما یقول اصحاب الفلسفة القديمة والجديدة۔ بہر حال اللہ تعالیٰ کی مقرر فرمودہ حد میں رہتے ہیں۔

وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ جَآءَهُمْ نَذِيْرٌ لَّيَكُوْنُنَّ اَهْدٰى مِنْ اِحْدَى الْاُمَمِ ۚ فَلَمَّا

اور ان لوگوں نے مضبوطی کے ساتھ اللہ کی قسم کھائی کہ اگر ہمارے پاس کوئی ڈرانے والا آ جائے تو دوسری امتوں کے مقابلہ میں ہر ایک سے زیادہ ہدایت پانے والے ہوں گے پھر

جَآءَهُمْ نَذِيْرٌ مَّا زَادَهُمْ اِلَّا نُفُوْرَا ﴿٤٢﴾ اِسْتِكْبَارًا فِي الْاَرْضِ وَمَكْرَ السَّيِّئِ ۚ وَلَا يَحِيْقُ

جب ان کے پاس ڈرانے والا آ گیا تو ان کی نفرت زیادہ ہو گئی۔ زمین میں تکبر کرنے اور بری تدبیریں اختیار کرنے کی وجہ سے، اور بری تدبیر

الْمَكْرُ السَّيِّئُ اِلَّا بِاَهْلِهٖ ۚ فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا سُنَّتَ الْاَوَّلِيْنَ ۚ فَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ۚ

کا وبال اسی پر ہے جو یہ کام کرے' سو کیا وہ پرانے لوگوں کے دستور کا انتظار کر رہے ہیں' سو آپ ہرگز اللہ کے دستور میں تبدیلی نہ پائیں گے

وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَحْوِيْلًا ﴿٤٣﴾

اور آپ ہرگز اللہ کے دستور میں منتقل ہونا نہ پائیں گے۔

قریش مکہ نے قسم کھا کر کہا کہ ہمارے پاس کوئی ڈرانے والا آ گیا تو ہم دوسروں سے بڑھ کر ہدایت والے ہوں گے' پھر جب ڈرنے والا آ گیا تو متکبر بن گئے اور حق سے منحرف ہو گئے

قریش مکہ مشرک تھے تجارت کے لیے شام جایا کرتے تھے وہاں نصاریٰ کی حکومت تھی اور یہودیوں کا بھی انہیں کچھ علم تھا جب انہیں یہ پتہ چلا کہ ان دونوں قوموں نے اللہ کے پیغمبروں کی تکذیب کی ہے تو کہنے لگے کہ یہود و نصاریٰ پر اللہ کی لعنت ہو ان کے پاس اللہ کے رسول آئے تو انہیں جھٹلا دیا ہم اللہ کی قسم کھا کر کہتے ہیں کہ اگر ہمارے پاس کوئی رسول آ گیا تو ان لوگوں سے بڑھ کر ہدایت پر ہوں گے' یہ بات انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے پہلے کہی تھی' پھر جب آپ کی بعثت ہوئی تو نہ صرف یہ کہ آپ کی تکذیب کی بلکہ آپ کی تکذیب کی اور تنفر ہی کو اختیار کر لیا اور نفرت اختیار کرنے کا باعث یہ تھا کہ ایمان قبول کرنے کو اپنی شان کے خلاف سمجھتے تھے جو سراسر تکبر تھا' یہ لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف بری بری تدبیریں کرتے تھے' پھر جو تدبیریں کیں وہ خود الٹی انہیں کے گلے پڑیں' جن حضرات کو اسلام سے روکتے تھے ان کے روکنے میں بھی کامیاب نہ ہوئے اور یہ روکنے والے غزوۂ بدر میں مقتول ہوئے اور سارا تکبر

دھرا رہ گیا۔ اللہ تعالیٰ نے بطور قاعدہ کلیہ اس کو یوں بیان فرمایا: وَلَا يَحِيقُ الْمَكْرُ السَّيِّئُ إِلَّا بِأَهْلِهِ (اور بری تدبیروں کا وبال ان تدبیر والوں ہی پر پڑتا ہے) یہ تکوینی قانون ہے کہ جو شخص کسی کو دکھ دینے کی تدبیریں کرے گا وہ خود اسی پر پڑیں گی، عموماً ایسا دیکھا جاتا رہا ہے اور اسکے بارے میں یہ جملہ مشہور ہو گیا ہے: من حفر بئر لا خيه فقد وقع فيه ۔ (جو شخص اپنے بھائی کے لیے کنواں کھودے وہ خود اسی میں گرے گا)۔

فَهَلْ يَنظُرُونَ إِلَّا سُنَّتَ الْأَوَّلِينَ (سو کیا وہ پرانے لوگوں کے دستور کا انتظار کر رہے ہیں) فَلَن تَجِدَ لِسُنَّتِ اللَّهِ تَبْدِيلًا (سو آپ ہرگز اللہ کے دستور میں تبدیلی نہ پائیں گے) وَلَن تَجِدَ لِسُنَّتِ اللَّهِ تَحْوِيلًا (اور آپ ہرگز اللہ کے دستور میں منتقل ہونا نہ پائیں گے) یعنی اللہ تعالیٰ کا یہ دستور ہے کہ کافروں پر عذاب ہوگا خواہ دنیا و آخرت دونوں میں ہو، خواہ صرف آخرت میں ہو اور یہ بھی دستور ہے کہ جو عذاب کا مستحق ہو اسی کو عذاب ہوتا ہے، ایسا نہیں کہ انہیں چھوڑ کر کسی دوسری قوم کو عذاب ہو جائے جو مستحق عذاب نہ ہو، ان کا ڈھنگ اور طریقہ کار ایسا ہے جیسے عذاب کے منتظر ہوں اور وجہ اس کی عناد اور باطل پر اصرار ہے، چونکہ عذاب میں مبتلا ہونے کا یقین نہیں اس لیے عذاب کے انتظار میں بیٹھے ہیں، انتظار کرنے سے عذاب سے حفاظت نہ ہو جائیگی آنے والا عذاب آ کر رہے گا۔

أَوَلَمْ يَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَيَنظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَكَانُوا أَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً ۚ

کیا وہ لوگ زمین میں نہیں چلے پھرے تا کہ دیکھ لیتے کہ ان لوگوں کا کیا انجام ہوا جو ان سے پہلے تھے اور وہ ان سے قوت میں بڑھے ہوئے تھے،

وَمَا كَانَ اللَّهُ لِيُعْجِزَهُ مِن شَيْءٍ فِي السَّمَاوَاتِ وَلَا فِي الْأَرْضِ ۚ إِنَّهُ كَانَ عَلِيمًا قَدِيرًا ﴿٤٤﴾

اور آسمانوں میں اور زمین میں اللہ کو کوئی چیز عاجز نہیں کر سکتی، بلا شبہ وہ جاننے والا ہے قدرت والا ہے۔

وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللَّهُ النَّاسَ بِمَا كَسَبُوا مَا تَرَكَ عَلَىٰ ظَهْرِهَا مِن دَابَّةٍ وَلَٰكِن يُؤَخِّرُهُمْ

اور اگر اللہ لوگوں کے اعمال کی وجہ سے ان کا مواخذہ فرمائے تو زمین کی پشت پر کسی ایک چلنے پھرنے والے کو بھی نہ چھوڑے اور لیکن وہ ایک میعاد مقررہ

إِلَىٰ أَجَلٍ مُّسَمًّى ۖ فَإِذَا جَاءَ أَجَلُهُمْ فَإِنَّ اللَّهَ كَانَ بِعِبَادِهِ بَصِيرًا ﴿٤٥﴾

تک مہلت دے رہا ہے، سو جب ان کی مقررہ میعاد آ جائے گی تو اللہ اپنے بندوں کا دیکھنے والا ہے۔

ع ۸ ۱۷

زمین میں چل پھر کر دیکھتے ہیں پھر بھی سابقہ امتوں کے انجام سے عبرت حاصل نہیں کرتے، لوگوں کے اعمال کی وجہ سے اللہ تعالیٰ مؤاخذہ فرماتا تو زمین کی پشت پر کسی کو بھی نہ چھوڑتا

مکہ والے تجارت کے لیے شام کے اسفار میں جایا کرتے تھے راستہ میں قوم ثمود کی برباد شدہ بستیاں پڑتی تھیں اور حضرت لوط علیہ السلام کی قوم بستی (سدوم) کے پاس سے بھی گزر ہوتا تھا اس لیے انہیں یاد دہانی فرمائی، اور فرمایا کہ کیا یہ لوگ زمین میں نہیں چلے پھرے تا کہ ان لوگوں کا انجام دیکھ لیتے جو ان سے پہلے تھے یعنی جن قوموں پر عذاب آیا اور ہلاک کیے گئے ان کا حال انہیں معلوم ہے؟ ان کی آبادیوں کے نشان دیکھتے ہوئے گزرتے ہیں پھر بھی عبرت حاصل نہیں کرتے اور عبرت کے لیے مزید بات یہ ہے کہ وہ لوگ ان سے قوت میں بڑھے ہوئے تھے جب وہ ہلاک کر دیئے گئے تو ان کی تو ہستی ہی کیا ہے۔

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعْجِزَهٗ مِنْ شَیْءٍ فِی السَّمٰوٰتِ وَلَا فِی الْاَرْضِ ۔اور اللہ تعالیٰ کو پوری پوری قدرت ہے جو چاہے کرے اور جسے چاہے عذاب دے' آسمانوں اور زمین میں اسے کوئی چیز عاجز نہیں کر سکتی۔

اِنَّهٗ كَانَ عَلِيْمًا قَدِيْرًا (بلاشبہ وہ بڑے علم والا ہے بڑی قدرت والا ہے) کوئی شخص یا کوئی جماعت یہ نہ سمجھے کہ اسے ہمارے کرتوتوں کا علم نہیں ہے اور یہ بھی نہ سمجھے کہ وہ عذاب دینے پر قدرت نہیں رکھتا' وہ تو ہر چیز پر قادر ہے اس کی گرفت سے بچ کر کوئی کہیں نہیں جا سکتا۔

سورت کے ختم پر فرمایا کہ اللہ تعالیٰ عذاب دینے میں جلدی نہیں فرماتا' دنیا میں لوگوں کا یہ حال ہے کہ اپنے کفر کی وجہ سے بربادی کے مستحق ہیں اگر اللہ تعالیٰ ان کا مواخذہ فرمائے تو زمین پر کسی چلنے پھرنے والے کو نہ چھوڑے لیکن اس کے یہاں تاخیر ہے اور ڈھیل ہے اس نے جو اَجَل اور میعاد مقرر فرما رکھی ہے جب وہ آئے گی تو عذاب آ جائے گا اور کوئی شخص یہ نہ سمجھے کہ کتنے کافر گزر گئے اور کتنوں نے بدعملی کر لی ان سب کی فہرست کہاں ہے اور ہر ایک کا مؤاخذہ کیسے ہوگا جو شخص ایسا خیال کرتا ہے یہ اس کی جہالت کی بات ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ جل شانہ اپنے ہر ہر بندہ کو دیکھتا ہے اور سب کچھ اس کے علم میں ہے' جب مقررہ میعاد آ جائے گی اپنے علم کے مطابق سزا دیدے گا اسی کو فرمایا۔فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِعِبَادِهٖ بَصِيْرًا (سو جب ان کی اجل آ جائے گی تو اس میں کوئی شک نہیں کہ اللہ اپنے بندوں کو دیکھنے والا ہے)

یہاں جو یہ اشکال ہوتا ہے کہ زمین کے باشندوں میں سب کی ہلاکت ہوگی تو اہل ایمان کو بھی شامل ہوگی۔ وہ ہلاکت میں کیوں شریک کیے جائیں گے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے تکوینی قانون کے مطابق ہلاک تو سبھی ہوں گے لیکن قیامت کے دن اپنے اپنے اعمال کے مطابق اٹھائے جائیں گے' اہل کفر دوزخ میں اور اہل ایمان جنت میں جائیں گے۔

حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب اللہ تعالیٰ کسی قوم پر عذاب نازل فرماتا ہے تو جو بھی لوگ وہاں موجود ہوں ان سب کو عذاب پہنچ جاتا ہے پھر اپنے اپنے اعمال کے مطابق قیامت کے دن اٹھائے جائیں گے۔ (رواہ البخاری ص ۱۰۵۳)

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ایک لشکر کعبہ شریف پر حملہ کرنے کے لیے آئے گا جب وہ میدان میں ہوں گے تو اول سے آخر تک سب کو زمین میں دھنسا دیا جائیگا میں نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ)! اول سے آخر تک سب کو کیسے دھنسا دیا جائے گا حالانکہ ان میں وہ لوگ بھی ہوں گے جو خرید و فروخت کے لیے نکلے ہوں گے اور وہ لوگ بھی ہوں جو ان میں شامل نہ ہوں گے' آپ نے فرمایا کہ دھنسائے تو جائیں گے سب ہی پھر اپنی اپنی نیت پر اٹھائے جائیں گے۔ (رواہ البخاری ص ۲۸۴ ج ۱)

کہیں لکھا تو نہیں دیکھا لیکن اللہ تعالیٰ کی رحمت کے پیش نظر یہ معلوم ہوتا ہے کہ اہل ایمان کے لیے یہ ہلاکت باعث اجر و ثواب ہوگی اور محض ایمان و اعمال صالحہ پر جو اجر ملتا ہے اس مجموعی عذاب میں شامل کیے جانے کی وجہ سے مزید اجر ملے گا اور اس تکلیف کو مستقل ثواب کا سبب بنا دیا جائے گا۔ واللّٰہ تعالیٰ اعلم۔

و هذا اٰخر التفسير من سورة فاطر فی السابع من ايام ربيع الاول سن ۱۴۱۷ من الهجرة النبوية علٰى صاحبها الصلوٰة و التحيه.

☆☆☆..........................☆☆☆

مکی	سورۃ یٰسٓ	۸۳ آیتیں اور ۵ رکوع

اٰیَاتُہَا ۸۳ (۳۶) سُوْرَۃُ یٰسٓ مَکِّیَّۃٌ (۴۱) رُکُوْعَاتُہَا ۵

سورۂ یٰسٓ مکہ معظمہ میں نازل ہوئی اس میں تراسی آیات اور پانچ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

شروع اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بڑا رحم والا ہے

يٰسٓ ۝۱ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۝۲ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝۳ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝۴ تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ۝۵

یٰسٓ قسم ہے قرآن حکیم کی۔ بلاشبہ آپ پیغمبروں میں سے ہیں۔ سیدھے راستہ پر ہیں۔ یہ قرآن ایسی ذات کی طرف سے نازل کیا گیا ہے، جو زبردست ہے رحم والا ہے۔

لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ۝۶ لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا

تاکہ آپ ایسے لوگوں کو ڈرائیں جن کے باپ دادوں کو نہیں ڈرایا گیا سو وہ غافل ہیں۔ البتہ یہ بات واقعی ہے کہ ان میں سے اکثر لوگوں پر بات ثابت ہو چکی ہے سو وہ

يُؤْمِنُوْنَ ۝۷ اِنَّا جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِيَ اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ۝۸ وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ

ایمان نہ لائیں گے۔ بلاشبہ ہم نے ان کی گردنوں میں طوق ڈال دیئے ہیں۔ سو وہ اوپر ہی کو رہ گئے ہیں۔ اور ہم نے ان کے آگے آڑ بنادی اور ان کے پیچھے آڑ

سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ۝۹ وَسَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا

بنادی سو ہم نے ان کو گھیر دیا لہٰذا وہ نہیں دیکھ سکتے۔ اور ان کے حق میں بات برابر ہے آپ انہیں ڈرائیں یا نہ ڈرائیں ایمان

يُؤْمِنُوْنَ ۝۱۰ اِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ ۚ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ ۝۱۱ اِنَّا نَحْنُ

نہیں لائیں گے۔ آپ اسی شخص کو ڈرا سکتے ہیں جو نصیحت کا اتباع کرے اور بن دیکھے رحمٰن سے ڈرے، سو آپ اسے مغفرت کی اور اجر کریم کی خوشخبری سنا دیجئے۔ بے شک ہم مردوں

نُحْيِ الْمَوْتٰى وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ ۭ وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ فِيْٓ اِمَامٍ مُّبِيْنٍ ۝۱۲

کو زندہ کرتے ہیں اور ان لوگوں نے جو آگے بھیجا اسے اور ان کے نشانوں کو لکھ لیتے ہیں، اور ہر چیز کو ہم نے ایک واضح کتاب میں پوری طرح لکھ دیا۔

وقف غفران ع ۱۲

آپ اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں، قرآن اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل کیا گیا ہے تاکہ آپ ان لوگوں کو تبلیغ کریں جن کے باپ دادوں کے پاس ڈرانے والے نہیں آئے

لفظ یٰسٓ متشابہات میں سے ہے جس کا معنی اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا منکرین جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کا انکار

کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن حکیم کی قسم کھا کر ان کی تردید فرمائی اور فرمایا اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ (بلاشبہ آپ پیغمبروں میں سے ہیں) اور مزید فرمایا عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ (کہ آپ سیدھے راستہ پر ہیں) آپ کے دشمن جو آپ کے بارے میں غلط باتیں کہتے ہیں اور آپ جس راہ پر ہیں یعنی توحید اور عبودیت للہ اس سے جو مخاطبین بدکتے ہیں ان کا خیال نہ کیجئے اللہ تعالیٰ کی گواہی کافی ہے کہ آپ صراط مستقیم پر ہیں۔

جو لوگ آپ کی رسالت کے منکر تھے اور قرآن کریم کو بھی اللہ تعالیٰ کی کتاب نہیں مانتے تھے ان لوگوں کی تردید کرتے ہوئے فرمایا: تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ۔ اس میں مصدر مفعول مطلق ہے جو نَزَّلَ محذوف کی وجہ سے منصوب ہے، ارشاد فرمایا کہ یہ قرآن ایسی ذات پاک کی طرف سے اتارا گیا ہے جو زبردست ہے اور رحم فرمانے والا ہے۔ اَلْعَزِيْزِ فرما کر یہ بتا دیا کہ منکرین چین سے نہ بیٹھیں، نڈر نہ ہوں جس نے یہ قرآن نازل فرمایا ہے وہ باعزت ہے غلبہ والا ہے وہ انکار پر سزا دینے پر پوری طرح قدرت رکھتا ہے اور اَلرَّحِيْمِ فرما کر یہ بتا دیا کہ گرفت میں جو دیر لگ رہی ہے وہ اس کی شان رحمت کا مظاہرہ ہے اس دیر لگنے سے یہ نہ سمجھیں کہ عذاب میں مبتلا ہونا ہی نہیں ہے۔

لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ آپ کو جو نبوت سے نوازا گیا ہے اور آپ پر جو قرآن مجید نازل کیا گیا ہے یہ اس لیے ہے کہ آپ ان لوگوں کو ڈرائیں جن کے باپ دادوں کو نہیں ڈرایا گیا یعنی آپ کے اولین مخاطب اہل مکہ ہیں ماضی قریب میں ان کے پاس کوئی نبی نہیں آیا جو انہیں ڈراتا، یوں تو یہ حضرت ابراہیم اور حضرت اسماعیل علیہما الصلوٰۃ والسلام کی اولاد ہیں انہوں نے انہیں دین حق کی تبلیغ کی تھی توحید سمجھائی تھی، شرک سے بچنے کی تاکید کی تھی لیکن بعد میں یہ لوگ کفر اور شرک پر لگ گئے۔ هذا اذا كانت ما نافية كما هو المتبادر و قال ابن عطية يحتمل ان تكون ما مصدرية تكون نعتاً المصدر مؤكداى لتنذر قوماً انذاراً مثل انذار الرسل آبآئهم الابعدين ۔ (یہ اس وقت ہے جب ما نافیہ ہو جیسا کہ ظاہر ہے اور ابن عطیہ نے کہا ہو سکتا ہے کہ ما مصدریہ ہو کر مصدر مؤکد کی صفت ہو یعنی تاکہ آپ قوم کو ڈرائیں جیسا کہ ان کے دور کے آبا کو رسولوں نے ڈرایا۔)

فَهُمْ غٰفِلُوْنَ (سو یہ لوگ غافل ہیں) ان کے باپ دادوں کو ڈرانے کے لیے کوئی نبی نہیں بھیجا گیا لہٰذا وہ غفلت میں پڑے ہوئے ہیں اب آپ ان کو ڈرائیے اور سمجھائیے۔

پھر فرمایا لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ (الآیة) جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اہل مکہ کو تبلیغ کرتے تھے تو وہ آپ کی تکذیب کرتے تھے اور آپ کی بات نہیں مانتے تھے اس سے آپ کو رنج ہوتا تھا اللہ تعالیٰ نے آپ کو تسلی دی کہ ان میں سے اکثر پر بات ثابت ہو چکی ہے یعنی ان کے بارے میں یہ طے ہو چکا ہے کہ عذاب میں جائیں گے، تکوینی طور پر یہ بات طے شدہ ہے کہ اکثر ایمان نہیں لائیں گے لہٰذا آپ کارِ رسالت انجام دیں اور ان کے انکار اور عناد سے دلگیر نہ ہوں۔

اس کے بعد منکرین کے ایک عذاب کا تذکرہ فرمایا: اِنَّا جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ (الآیة) کہ ہم ان کی گردنوں میں طوق ڈال دیں گے یہ طوق ٹھوڑیوں تک ہیں (اور ہاتھ بھی اوپر ہی ان طوقوں میں بندھے ہوئے ہوں گے) لہٰذا ان لوگوں کی کیفیت ایسی ہو جائے گی کہ ان کے سر اوپر ہی کو اٹھے ہوئے رہ جائیں گے نیچے کو نہ جھکا سکیں گے۔

علامہ قرطبیؒ (جلد ۱۵ ص ۹) نے بعض حضرات سے آیت کا یہ مفہوم نقل کیا ہے اور بتایا ہے کہ اہل کفر کے ساتھ یہ معاملہ دوزخ میں ہوگا اور سورۃ المؤمن کی آیت کریمہ اِذِ الْاَغْلٰلُ فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ وَالسَّلٰسِلُ سے استدلال کیا ہے، بظاہر یہ رائے ٹھیک ہے اس میں مجاز اور تمثیل کا ارتکاب نہیں کرنا پڑتا۔

آیات بالا کا شان نزول............ اور صاحب روح المعانی نے بحوالہ دلائل النبوۃ حضرت ابن عباسؓ سے نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن (مسجد میں) بلند آواز سے قرآن مجید پڑھ رہے تھے قریش مکہ کو اس سے تکلیف ہوئی وہ لوگ جمع ہو کر آپ کے قریب آئے تا کہ آپ کو پکڑ لیں لیکن اللہ تعالیٰ کی طرف سے خود ان کی پکڑ ہو گئی ان لوگوں کے ہاتھ گردنوں تک پہنچ کر جام ہو گئے اور نظر آنا بھی بند ہو گیا جب یہ حال ہوا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ ہم آپ کو اللہ تعالیٰ اور رشتہ داری کا واسطہ دیتے ہیں دعا کیجئے کہ ہماری مصیبت دور ہو جائے' آپ نے ان کے لیے دعا کر دی جس سے ان کی وہ حالت ختم ہو گئی اور یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ سے لے کر اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۔ تک آیات نازل ہوئیں' لیکن ان میں سے ایک شخص بھی ایمان نہ لایا۔

اس قصہ میں یہ تصریح ہے کہ جب ان لوگوں نے آپ کے پکڑنے کا ارادہ کیا تو ان کی یہ حالت ہوئی کہ ان کے ہاتھ گرنوں سے چپک کر رہ گئے (اوپر جو ترجمہ لکھا گیا ہے اسی کے مطابق ہے ۱۲ مؤلف عفا اللہ عنہ)۔ اگر دنیا میں بھی ایسا واقعہ ہوا ہو جو حضرت ابن عباسؓ سے مروی ہے اور آخرت میں اس سے بڑھ کر ہو جائے تو اس میں کوئی منافات نہیں ہے۔

صاحب روح المعانی نے ایک یہ قصہ بھی لکھا ہے کہ ایک دن ابو جہل نے پتھر اٹھایا تا کہ آپ پر حملہ کرے آپ نماز پڑھ رہے تھے ابو جہل کا ہاتھ گردن تک اٹھا اور وہیں جا کر چپک گیا وہ اپنے ساتھیوں کے پاس آیا' کیا دیکھتے ہیں کہ پتھر اس کے ہاتھ میں اور اس کا ہاتھ گردن سے چپکا ہوا ہے ان لوگوں نے بڑی محنت اور مشقت سے اس کا ہاتھ گردن سے چھڑایا' پھر اس پتھر کو بنی مخزوم کے آدمی نے لے لیا جب وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب پہنچا تو اللہ تعالیٰ نے اس کی آنکھ کی روشنی ختم کر دی وہ واپس لوٹا تو اس کے ساتھی اسے نظر نہ آرہے تھے انہوں نے آواز دے کر اسے اپنے پاس بلا لیا اب تیسرا شخص اٹھا اس نے پتھر لیا اور یوں کہتا ہوا چلا کہ میں ان کا سر پھوڑ دوں گا' تھوڑا سا چلا تھا کہ فوراً ایڑھیوں کے بل پیچھے لوٹا یہاں تک کہ گدی کے بل گر پڑا کسی نے کہا ارے تجھے کیا ہوا؟ کہنے لگا کہ بہت بڑا حادثہ ہو گیا وہ یہ کہ میں جب ان کے قریب گیا تو دیکھتا ہوں کہ وہاں ایک بہت بڑا اونٹ ہے ایسا اونٹ میں نے پہلے کبھی نہیں دیکھا' یہ اونٹ میرے اور ان کے درمیان حائل ہو گیا' پھر بتوں کی قسم کھا کر کہا کہ اگر میں ان کے قریب چلا جاتا تو یہ اونٹ مجھے کھائے بغیر نہ چھوڑتا۔

یہ قصہ لکھ کر صاحب روح المعانی لکھتے ہیں کہ (اگر اس قصے کو سبب نزول مانا جائے تو) طوق ڈالنا اور آگے پیچھے آڑ بن جانا یہ سب استعارہ ہو گا یعنی وہ تینوں حملہ کرنے والے پیچھے ہٹ گئے اور حملہ نہ کر سکے ایسے بے بس ہو گئے جیسے کسی کا ہاتھ گردن سے بندھ جائے اور آنکھوں کی روشنی چلی جائے۔

اس کے بعد فرمایا کہ ان لوگوں کے لیے ڈرانا اور نہ ڈرانا برابر ہے ان کو ایمان لانا نہیں ہے یعنی یہ لوگ آپ کے انداز کا اثر نہ لیں گے جو لوگ انذار کا اثر لیتے ہیں یہ وہ لوگ ہیں جن کا نصیحت قبول کرنے کا مزاج ہے جو حق بات سنتے ہیں اور فکر کرتے ہیں اور وضوح حق کے بعد حق کو مان لیتے ہیں: هٰذا على احد القولين اور بعض حضرات نے فرمایا کہ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ سے مؤمنین مراد ہیں اور ویوید ما بعدہٗ جو وہ بن دیکھے رحمٰن سے ڈرتے ہیں وہ رحمٰن کو رحمٰن بھی مانتے ہیں لیکن ساتھ ہی نافرمانی اور تقصیر اور کوتاہی کے سبب اس کی گرفت سے بھی ڈرتے ہیں۔

فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّ اَجْرٍ كَرِيْمٍ (سو اس شخص کو مغفرت اور اجر کریم کی بشارت دے دو) اِنَّا نَحْنُ نُحْيِ الْمَوْتٰى (الأية) بلاشبہ ہم مردوں کو زندہ کریں گے اور ہم ان کے آثار کو یعنی اچھے اور برے اعمال کو لکھ رہے ہیں جو وہ آگے بھیج رہے ہیں اور ہم نے ہر چیز کو واضح کتاب یعنی لوح محفوظ میں پوری طرح محفوظ کر دیا ہے۔

لفظ وَاٰثَارَهُمْ اچھے برے تمام اعمال کو شامل ہے اور اعمال کی بجائے اٰثَارْ کا لفظ لانے میں یہ نکتہ ہے کہ جس کسی نے کوئی ایسا عمل کیا (اچھا ہو یا برا) جس کا اتباع بعد کے آنے والے لوگ کرتے ہیں اور جس سے نفع حاصل کرتے رہے ہیں وہ بھی اس کے عموم میں داخل ہو جائے' جو اپنی نماز خود پڑھی یا قرآن مجید کی تلاوت کی اس کا ثواب تو ملتا ہی ہے لیکن اگر کسی کو نماز سکھا دی' قرآن مجید پڑھا دیا نماز پڑھنے والوں کے لیے مسجد بنا دی کوئی دینی کتاب لکھ دی تو یہ سب آثار میں شامل ہے جب تک فیض جاری رہے گا ثواب بھی ملتا رہے گا یہی حال معصیتوں' بدعتوں اور بری رسوم کے جاری کرنے کا ہے جس کسی نے یہ چیزیں جاری کر دیں بعد میں عمل کرنے والوں کے گناہوں میں ان کا جاری کرنے والا بھی شریک رہے گا۔

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا بے شک ان چیزوں میں جو مؤمن کو موت کے بعد پہنچتی ہیں یعنی اس کے عمل اور اس کی نیکیاں' ان میں ایک تو علم ہے جسے اس نے حاصل کیا اور پھیلایا اور اولاد صالح ہے جسے چھوڑ گیا یا قرآن ورثہ میں چھوڑ گیا یا مسافر خانہ تعمیر کر گیا یا نہر جاری کر گیا یا اپنے مال سے زندگی میں اور تندرستی کے زمانے میں ایسا صدقہ نکال گیا جو مرنے کے بعد اس کو پہنچتا ہے۔ (رواہ ابن ماجہ ص ۲۲)

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا یہ بھی ارشاد ہے کہ جس کسی نے اسلام میں کوئی اچھا طریقہ جاری کیا تو اسے اس کا ثواب ملے گا اور اس کے بعد جو لوگ اس پر عمل کریں گے اسے ان کے عمل کا بھی ثواب ملے گا اور ان کے ثواب میں کوئی کمی نہیں کی جائے گی اور جس شخص نے اسلام میں کوئی برا طریقہ جاری کیا اسے اس کا گناہ ملے گا اور اسکے بعد جو لوگ اس طریقہ پر عمل کریں گے ان کے عمل کا گناہ بھی اسے ملے گا اور ان لوگوں کے گناہوں میں سے کچھ کمی نہ کی جائے گی۔ (رواہ مسلم)

بعض حضرات نے وَاٰثَارَهُمْ کے عموم میں مساجد کو جانے آنے کے نشان ہائے قدم کو بھی شمار کیا ہے۔ حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ مسجد نبوی کے آس پاس جگہیں خالی ہو گئیں تو قبیلہ بنو سلمہ نے ارادہ کیا کہ اپنے دور والے گھروں کو چھوڑ کر مسجد نبوی کے قریب آباد ہو جائیں' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کے اس ارادہ کی خبر ملی تو ارشاد فرمایا کہ اے بنی سلمہ تم اپنے گھروں میں ہی ٹھہرے رہو تمہارے قدموں کے نشان لکھے جاتے ہیں۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۶۸ از مسلم)

وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا اَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ ۘ اِذْ جَآءَهَا الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۱۳﴾ اِذْ اَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ

وقف لازم

اور آپ انکے سامنے بستی والوں کا قصہ بیان کیجئے جبکہ انکے پاس رسول آئے جبکہ ہم نے ان کے پاس دو پیامبروں کو بھیجا

فَكَذَّبُوْهُمَا فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ فَقَالُوْٓا اِنَّآ اِلَيْكُمْ مُّرْسَلُوْنَ ﴿۱۴﴾ قَالُوْا مَآ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ

سو انہوں نے انہیں جھٹلا دیا پھر ہم نے تیسرے رسول کے ذریعے ان کو تقویت دے دی ان تینوں نے کہا کہ ہم تمہاری طرف بھیجے گئے ہیں۔ ان لوگوں نے کہا کہ تم تو ہماری ہی

مِّثْلُنَا ۙ وَمَآ اَنْزَلَ الرَّحْمٰنُ مِنْ شَيْءٍ ۙ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَكْذِبُوْنَ ﴿۱۵﴾ قَالُوْا رَبُّنَا يَعْلَمُ اِنَّآ

طرح کے آدمی ہو اور رحمٰن نے کچھ بھی نازل نہیں کیا تم تو جھوٹ ہی بول رہے ہو' انہوں نے کہا کہ بلا شبہ یہ بات واقعی ہے کہ ہم تمہاری

اِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُوْنَ ﴿۱۶﴾ وَمَا عَلَيْنَآ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۷﴾ قَالُوْٓا اِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ ۚ لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهُوْا

طرف بھیجے گئے ہیں۔ اور ہماری ذمہ داری صرف یہی ہے کہ کھول کر بات پہنچا دیں۔ ان لوگوں نے کہا کہ بے شک ہم تو تمہیں منحوس سمجھتے ہیں اگر تم باز نہ آئے تو ہم تمہیں پتھر مار مار

لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَلَيَمَسَّنَّكُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۸﴾ قَالُوْا طَآئِرُكُمْ مَّعَكُمْ ؕ اَئِنْ

کر ہلاک کر دیں گے اور ہماری طرف سے تمہیں ضرور ضرور دردناک تکلیف پہنچے گی۔ انہوں نے کہا کہ تمہاری نحوست تمہارے ساتھ ہے کیا اس بات کو تم نے نحوست سمجھ لیا کہ

ذُكِّرْتُمْ ؕ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ﴿۱۹﴾

تم کو نصیحت کی گئی بلکہ بات یہ ہے کہ تم حد سے بڑھ جانے والے لوگ ہو۔

ایک بستی میں پیامبروں کا پہنچنا اور بستی والوں کا معاندانہ طریقہ پر گفتگو کرنا

ان آیات میں ایک واقعہ کا تذکرہ فرمایا ہے اور وہ یہ کہ ایک بستی (جس کا نام مفسرینؒ نے انطاکیہ بتایا ہے) میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے دو فرستادہ گئے، مفسرینؒ نے فرمایا ہے کہ یہ دونوں نبی نہیں تھے لیکن اللہ تعالیٰ کے رسول حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بھیجے ہوئے آدمی تھے جو انہوں نے اپنے حواریین میں سے بھیجے تھے چونکہ اللہ تعالیٰ کے ایک رسول نے انہیں بھیجا تھا اس لیے اللہ تعالیٰ نے اپنی طرف نسبت فرمائی اور اِذْ اَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمُ فرمایا اور بعض مفسرینؒ نے فرمایا کہ یہ حضرات مستقل نبی تھے، پہلے دو حضرات تشریف لے گئے اور انہوں نے بستی والوں سے کہا کہ ہم تمہاری طرف بھیجے ہوئے ہیں ہماری بات سنو، دین اسلام قبول کرو اور توحید پر آؤ، یہ بات سن کر بستی والوں نے انہیں جھٹلا دیا اور کہا کہ نہیں تم لوگ اللہ کے رسول نہیں ہو۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے ایک تیسرے آدمی کو بھیجا جس کے ذریعہ پہلے دو آدمیوں کی تائید کرنا مقصود تھا اب ان تینوں نے مل کر وہی بات کہی کہ ہم اللہ تعالیٰ کی طرف سے تمہاری طرف بھیجے گئے ہیں تم ایمان لاؤ توحید کو قبول کرو، بستی والوں نے کہا کہ تم کو کیسے اللہ کا فرستادہ مانیں تم تو ہمارے ہی جیسے ہو تم میں ایسی کون سی فضیلت کی بات ہے جس کی وجہ سے تم اللہ تعالیٰ کے پیغمبر بنائے گئے، تمہارا یہ کہنا کہ اللہ تعالیٰ نے وحی نازل فرمائی ہے ہم اسے نہیں مانتے، ہمارے نزدیک تو رحمٰن نے تم پر کچھ بھی نازل نہیں فرمایا، تم جو یہ دعویٰ کر رہے ہو کہ ہم اللہ تعالیٰ کے بھیجے ہوئے ہیں یہ جھوٹ ہے۔

ان تینوں حضرات نے کہا کہ تم مانو یا نہ مانو ہمارا رب جانتا ہے کہ ہم ضرور ضرور تمہاری طرف بھیجے گئے ہیں تمہارے ماننے نہ ماننے سے ہمارے کام پر کچھ اثر نہیں پڑتا ہم نتیجہ کے مکلف نہیں ہیں ہماری ذمہ داری صرف اتنی ہے کہ خوب اچھی طرح واضح طور پر بیان کریں ماننا نہ ماننا یہ تمہارا کام ہے، بستی والے کہنے لگے کہ تمہارا آنا تو ہمارے لیے منحوس ہو گیا، ایک تو تمہارے آنے سے ہمارے اندر دو فرقے ہو گئے کوئی تمہارا مخالف اور منکر ہے اور کوئی تمہارا موافق ہے اور بعض مفسرینؒ نے فرمایا کہ ان لوگوں کے انکار کی وجہ سے بطور عذاب بعض چیزوں کا وقوع ہو گیا تھا اس کو انہوں نے نحوست بتایا) گاؤں والوں نے مزید کہا کہ تم اپنی باتیں بس کرو اگر باز نہ آئے تو تمہاری خیر نہیں اگر تم نے اپنی باتیں نہ چھوڑیں تو ہم پتھروں سے مار مار کر ختم کر دیں گے اور اس کے علاوہ بھی ہم تمہیں سخت تکلیف پہنچائیں گے۔

ان تینوں حضرات نے کہا کہ تم نحوست کو ہماری طرف منسوب کر رہے ہو تمہاری نحوست تمہارے ساتھ ہے نہ تم کفر پر جمے رہتے نہ پھوٹ پڑتی نہ کوئی اور تکلیف آتی، کرتوت تمہارے ہیں اور ان کا نتیجہ ہمارے ذمہ لگا رہے ہو، ہم نے تو اتنا ہی کیا ہے کہ تمہیں توحید کی دعوت دی ہے اور ایمان قبول کرنے کو کہا ہے اس میں کون سی ایسی بات ہے جسے نحوست کا سبب بنا لیا جائے۔ قال صاحب الروح اَئِنْ ذُكِّرْتُمْ ووعظتم مافيه سعادتكم تطيرون او تتوعدون اونحو ذٰلك و يقدر مضارع وان شئت قدرت ما ضيا كتطيرتم۔ (تفسیر روح المعانی والے فرماتے ہیں کیا اس لئے کہ تمہیں اس چیز کی وعظ و نصیحت کی گئی ہے جس میں تمہاری کامیابی ہے تم

نحوست کی فال لیتے ہو یا یہ کہ تم ہمیں دھمکیاں دیتے ہو یا اسی جیسی کوئی اور عبارت محذوف ہو سکتی۔ اور فعل محذوف مضارع بھی مانا جا سکتا ہے اور اگر چاہو تو ماضی مان لو جیسے تطیرون کی جگہ تطیر تم)

ان تینوں حضرات نے آخر میں فرمایا: بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ بلکہ بات یہ ہے کہ تم حد سے آگے بڑھ جانے والے ہو تمہارا حد سے آگے بڑھنا یعنی کفر پر جمے رہنا ان چیزوں کا سبب ہے جنہیں ہماری آمد کی نحوست بتا رہے ہیں۔

یاد رہے کہ اسلام میں نحوست کوئی چیز نہیں ہے' تینوں حضرات نے جو یہ فرمایا کہ تمہاری نحوست تمہارے ساتھ ہے یہ ان کے جواب میں علی سبیل المشاکلہ فرمایا' کفر کی وجہ ہے جو ان لوگوں کی کچھ گرفت ہوئی تھی اسے انہوں نے نحوست بتا دیا' تینوں حضرات نے ان کے الفاظ پر لوٹا دیئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے الطیر شرک یعنی بدشگونی شرک ہے۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۳۹۲)

وَجَآءَ مِنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ رَجُلٌ يَّسْعٰى قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۲۰﴾ اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا يَسْـَٔلُكُمْ

اور ایک شخص اس شہر کے دور والے مقام سے دوڑتا ہوا آیا' اس نے کہا کہ اے میری قوم ان فرستادہ آدمیوں کا اتباع کرو۔ ایسے لوگوں کی راہ پر چلو جو تم سے کسی

اَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۲۱﴾

اجرت کا سوال نہیں کرتے اور وہ خود راہ ہدایت پر ہیں۔

مذکورہ بستی کے باشندوں میں سے ایک شخص کا پیامبروں کی تصدیق کرنا اور بستی والوں کو توحید کی تلقین کرنا

تینوں حضرات بستی والوں کو ہدایت دے رہے تھے اور وہ لوگ ان حضرات سے الجھ رہے تھے اور یوں کہہ رہے تھے کہ تمہارا آنا ہمارے لیے نحوست کا سبب ہے' یہ باتیں ہو ہی رہی تھیں کہ ایک شخص اس بستی کی ایک جانب سے جو بہت دور تھی دوڑتا ہوا وہاں پہنچ گیا اس نے تینوں حضرات کی تائید کی اور بستی والوں سے کہا کہ اے میری قوم یہ حضرات ٹھیک فرما رہے ہیں' یہ واقعی اللہ تعالیٰ کی طرف سے بھیجے ہوئے ہیں تم ان کی بات مان لو اور ان کا اتباع کرو' یہ حضرات ایک تو اللہ تعالیٰ کے بھیجے ہوئے ہیں دوسرے تم سے کسی معاوضہ کا سوال نہیں کرتے تیسرے یہ خود ہدایت پر ہیں ان کا عمل ان کے قول کے مطابق ہے (لہٰذا ان کا اتباع تم پر لازم ہے)۔

☆☆☆ .... بحمد اللہ پارہ ۲۲ مکمل ہوا .... ☆☆☆

(پارہ نمبر ۲۳)

وَمَا لِيَ لَآ اَعْبُدُ الَّذِيْ فَطَرَنِيْ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۲﴾ ءَاَتَّخِذُ مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً اِنْ

اور میرے پاس کون سا عذر ہے کہ میں اس کی عبادت نہ کروں جس نے مجھے پیدا فرمایا اور تم سب کو اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ کیا میں اسکے سوا ایسے معبود مان لوں کہ

يُّرِدْنِ الرَّحْمٰنُ بِضُرٍّ لَّا تُغْنِ عَنِّيْ شَفَاعَتُهُمْ شَيْئًا وَّلَا يُنْقِذُوْنِ ﴿۲۳﴾ اِنِّيْٓ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۴﴾

اگر رحمٰن مجھے کوئی ضرر پہنچانا چاہے تو ان کی سفارش مجھے ذرا بھی کام نہ دے اور نہ وہ مجھے بچاسکیں۔ اگر میں ایسا کروں تو صریح گمراہی میں جا پڑوں گا۔

اِنِّيْٓ اٰمَنْتُ بِرَبِّكُمْ فَاسْمَعُوْنِ ﴿۲۵﴾ قِيْلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ ؕ قَالَ يٰلَيْتَ قَوْمِيْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۶﴾

بیشک میں تمہارے رب پر ایمان لا چکا سو تم میری بات سنو۔ اس سے کہا گیا کہ جنت میں داخل ہو جا' وہ کہنے لگا کہ کاش میری قوم کو یہ بات معلوم ہو جاتی۔

بِمَا غَفَرَ لِيْ رَبِّيْ وَجَعَلَنِيْ مِنَ الْمُكْرَمِيْنَ ﴿۲۷﴾ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰى قَوْمِهٖ مِنْۢ بَعْدِهٖ مِنْ جُنْدٍ مِّنَ

کہ میرے پروردگار نے مجھے بخش دیا اور مجھے باعزت بندوں میں شامل فرمادیا۔ اور ہم نے اس کے بعد اس کی قوم پر آسمان سے کوئی لشکر نازل نہیں کیا

وقف غفران

السَّمَآءِ وَمَا كُنَّا مُنْزِلِيْنَ ﴿۲۸﴾ اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ خٰمِدُوْنَ ﴿۲۹﴾ يٰحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ

اور نہ ہم اتارنے والے تھے۔ نہیں تھی مگر ایک چیخ سو وہ بجھ کر رہ گئے۔ افسوس ہے بندوں کے حال پر،

مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۳۰﴾ اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ

جب ان کے پاس کوئی رسول آیا تو انہوں نے ضرور اس کا مذاق بنایا۔ کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم ان سے پہلے بہت سی اُمتیں ہلاک کر چکے ہیں،

اَنَّهُمْ اِلَيْهِمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۳۱﴾ وَاِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿۳۲﴾

ع ۲

بے شک وہ ان کی طرف واپس نہیں ہوں گے۔ اور یہ سب مجتمع طور پر ہمارے پاس ضرور حاضر ہوں گے۔

تفسیر: یہ باتیں کہہ کر اس شخص نے ان لوگوں کو عبادت خداوندی کی دعوت دی اور اپنے اوپر بات رکھ کر کہا کہ کیا وجہ ہے کہ میں اس ذات پاک کی عبادت نہ کروں جس نے مجھے پیدا کیا' اس میں یہ بتا دیا کہ جس نے پیدا کیا وہی عبادت کا مستحق ہے' جب پیدا فرمانا استحقاق عبودیت کی دلیل ہو تو ضروری ہے کہ تم بھی اللہ ہی کی عبادت کرو میں بھی اسی کی عبادت کروں' اسی لیے آخر میں و الیہ ارجع (اور میں اسی کی طرف لوٹایا جاؤں گا) نہیں کہا بلکہ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ (اور تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے) کہا۔ جب اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے جس نے پیدا کیا تو اس کی عبادت چھوڑنا یا دوسروں کو اس کی عبادت میں شریک کرنا یہ تو بالکل ہی حماقت اور بیوقوفی کی بات ہے۔

چونکہ اس بستی کے لوگ مشرک تھے اس لیے سلسلہ کلام جاری رکھتے ہوئے اس شخص نے مزید کہا: ءَاَتَّخِذُ مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً (الاٰیتین)

(کیا میں اپنے پیدا کرنے والے کے علاوہ دوسرے معبود تجویز کرلوں) یہ جو تم نے اس کے سوا معبود بنا رکھے ہیں وہ تو بالکل ہی بے حقیقت ہیں اگر رحمٰن تبارک وتعالیٰ مجھے کوئی ضرر پہنچانا چاہے تو یہ اس کی بارگاہ میں سفارش کر کے میری کوئی مدد نہیں کر سکتے اور نہ خود مجھے اس ضرر سے چھڑا سکتے ہیں، یعنی نہ تو یہ شفاعت کے اہل ہیں اور نہ خود ان میں کوئی قوت اور طاقت ہے اگر رحمٰن جل مجدہ کو چھوڑ کر دوسرے معبود بنا لوں تو میں کھلی گمراہی میں پڑ جاؤں گا۔ (یہ سب باتیں اس دور سے آنے والے آدمی نے اپنے اوپر رکھ کر کہیں اور انہیں بتا دیا کہ تم لوگ مشرک ہو کھلی گمراہی میں ہو اور خالق جل مجدہ کے علاوہ جن کی تم عبادت کرتے ہو وہ تمہیں کچھ بھی نفع نہیں پہنچا سکتے)۔

اس کے بعد اس شخص نے اپنے دین توحید کا کھل کر اعلان کر دیا کہ اِنِّیْٓ اٰمَنْتُ بِرَبِّکُمْ فَاسْمَعُوْنِ ۔ (بلاشک وشبہ میں تمہارے رب پر ایمان لے آیا تم میرے اس اعلان کو سن لو) اس اعلان میں بِرَبِّیْ نہیں کہا بلکہ بِرَبِّکُمْ کہا جس میں انہیں تنبیہ کر دی اور یہ بتا دیا کہ جو تمہارا رب ہے وہی مستحق عبادت ہے دوسرے یہ بتایا کہ تم اسی کی طرف واپس جاؤ گے، تیسرے یہ بتایا کہ تم نے جو اس کے علاوہ معبود بنا رکھے ہیں بے حقیقت ہیں، چوتھے یہ بتایا کہ تم کھلی ہوئی گمراہی میں ہو، اور پانچویں میں یہ بتا دیا کہ میں نے یہی دین اختیار کیا ہے کہ صرف اسی کی عبادت کروں تم بھی یہ دین اختیار کرلو۔

معالم التنزیل میں لکھا ہے کہ جب اس شخص نے یہ باتیں کہیں تو وہ لوگ یکبار ہی اس پر پل پڑے اور اسے قتل کر دیا حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے فرمایا کہ اسے پاؤں سے اتنا روندا کہ اس کی آنتیں باہر نکل پڑیں۔

قِیْلَ ادْخُلِ الْجَنَّۃَ ۔ اللہ تعالیٰ نے اس کو ایمان اور دعوت توحید اور شہادت کا انعام دیا اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے اعلان ہوا کہ جنت میں داخل ہو جا۔

قَالَ یٰلَیْتَ قَوْمِیْ یَعْلَمُوْنَ ٥ بِمَا غَفَرَلِیْ رَبِّیْ وَجَعَلَنِیْ مِنَ الْمُکْرَمِیْنَ ۔ جنت میں داخل ہو کر اس شخص نے کہا کیا اچھا ہوتا کہ میری قوم کو اس کا پتہ چل جاتا جو میرے رب نے میری مغفرت فرمائی اور جو مجھے معزز بندوں میں شامل فرمایا (یہ بات اس نے آرزو کے طور پر کہی کہ میری قوم کو اللہ کے انعام و کرام کا پتہ چل جاتا تو وہ بھی مسلمان ہو جاتے)

معالم التنزیل میں یہ بھی لکھا ہے کہ جب بستی والوں نے اس آدمی کو قتل کر دیا جو بستی کے آخر والے حصہ سے آیا تھا تو اللہ تعالیٰ نے ان پر عذاب بھیج دیا۔ حضرت جبریل علیہ السلام کو ان کے ہلاک کرنے کا حکم دیا، انہوں نے وہاں زور سے ایک چیخ ماری جس کی وجہ سے وہ سب لقمہ اجل بن گئے ان لوگوں کی ہلاکت کے بارے میں فرمایا: وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰی قَوْمِہٖ مِنْۢ بَعْدِہٖ مِنْ جُنْدٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَمَا کُنَّا مُنْزِلِیْنَ اِنْ کَانَتْ اِلَّا صَیْحَۃً وَّاحِدَۃً فَاِذَا ھُمْ خٰمِدُوْنَ (اور ہم نے اس شخص کی قوم پر اس کے بعد آسمان سے کوئی لشکر نازل نہیں کیا اور ہم لشکر کے نازل کرنے والے نہ تھے وہ تو صرف ایک چیخ تھی سو اچانک وہ بجھ کر رہ گئے) یعنی مذکورہ بستی والے جو ہلاک کیے گئے ان کی ہلاکت کے لیے ہمیں کوئی لشکر اور جماعت کبیرہ بھیجنے کی ضرورت نہیں تھی بس ایک چیخ ہی کے ذریعے ہلاک کر دیئے گئے۔ اس میں عبرت ہے دوسرے منکرین و مکذبین کے لیے کوئی فرد یا جماعت یہ نہ سمجھے کہ اللہ تعالیٰ ہم سے انتقام نہیں لے سکتا، وہ تو قادر مطلق ہے اس کے صرف کُــــنْ کے خطاب سے سب کچھ ہو جاتا ہے، جو چیخ بھیجی اس کی بھی ضرورت نہ تھی لیکن حکمت کا تقاضا یہ تھا کہ انہیں ایک چیخ کے ذریعے ہلاک کر دیا جائے، ایک چیخ آئی اور یہ لوگ بجھے ہوئے رہ گئے، بڑے غرور اور طمطراق میں بھرے ہوئے تھے نہ خود رہے نہ جماعت رہی نہ غرور رہا، بالکل ایسے ہو گئے جیسے آگ کسی لکڑی کو بجھا کر راکھ بنا دے۔

قِیْلَ ادْخُلِ الْجَنَّۃَ ۔ جو فرمایا ہے اس سے بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ جو لوگ بلا حساب کتاب جنت میں داخل ہوں گے اس شخص کو انہیں

میں شامل فرما دیا اور اسے مزید یہ فضیلت دی کہ وقوع قیامت کا انتظار نہیں کیا گیا ابھی سے جنت میں داخل کر دیا گیا اور اللہ تعالیٰ کی رحمت سے یہ کوئی بعید نہیں ہے۔ کما قال النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم لقد رأیت رجلا یتقلب فی الجنۃ فی شجرۃ قطعھا من ظھر الطریق کانت تؤذی الناس. (رواہ مسلم ص ۳۲۸)

اور بعض حضرات نے قِیْلَ ادْخُلِ الْجَنَّۃَ کا مطلب یہ لیا ہے کہ اس سے محض بشارت دینا مقصود ہے اور جنت کا داخلہ قیامت کے دن اپنے وقت پر ہوگا' اگر یہ قول مراد لیا جائے تو قَالَ یٰلَیْتَ قَوْمِیْ یَعْلَمُوْنَ ۔ کا مطلب یہ لیا جائے گا کہ موت کے بعد ہی برزخ میں جو حسن سلوک ہوا اسی سے متاثر ہو کر اس نے یہ بات کہی۔ وَاللّٰہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ ۔

اور وَمَا کُنَّا مُنْزِلِیْنَ کا مطلب یہ ہے کہ مذکورہ بستی کے ہلاک کرنے کے لیے ہم فرشتوں کو اتارنے والے نہیں تھے کیونکہ ہمیشہ تعذیب اور ہلاکت کے لیے فرشتے نہیں آتے' اللہ تعالیٰ کبھی فرشتوں کو اتار دیتے ہیں جیسا کہ غزوۂ بدر میں فرشتے نازل کیے گئے اور کبھی نہیں اتارتے' مختلف طریقوں سے ہلاک کیا گیا۔

قال صاحب الروح ج ۲۳ ص ۲) والظاھر ان المراد بھٰذا الجند جند الملٰئکۃ ما انزلنا لا ھلاکھم مَلٰئِکَۃً مِّنَ السَّمَآءِ وَمَا کُنَّا مُنْزِلِیْنَ . وَمَا صح فی حکمتنا ان ننزل الجند لاھلاکھم لما انا قدرنا لکلِّ شیءٍ سبباً حیث اھلکنا بعض من اَھلکنا من الاُمم بالحاصب و بعضھم بالصیحۃ و بعضھم بالخسف و بعضھم بالاغراق و جعلنا انزال الجند من خصائصک فی الانتصار لک من قومک و کفینا امر ھٰؤلاءِ بصیحۃ ملک صاح بھم فھلکوا یعنی ان ذلک الرجل فوطب بذٰلک . (تفسیر روح المعانی والے فرماتے ہیں ظاہر یہ ہے کہ اس لشکر سے مراد فرشتوں کا لشکر ہے یعنی ہم نے ان کے ہلاک کرنے کے لئے آسمان سے فرشتے نہیں اتارے اور نہ ہی ہم فرشتے اتارنے والے تھے کہ ہماری حکمت میں ان کی ہلاکت کے لئے فرشتوں کا اتارنا صحیح نہیں ہے اس لئے کہ ہم نے ہر چیز کے لئے سبب مقرر کیا ہے جیسا کہ بعض قوموں کو ہم نے پتھر برسا کر ہلاک کیا بعض کو چیخ سے بعض کو زمین میں دھنسا کر بعض کو پانی میں غرق کر کے ہلاک کیا فرشتے نہیں اتارے، لیکن اب یہ تیری قوم میں تیری مدد کیلئے فرشتوں کا اترنا تیری خصوصیات میں سے ہے۔ اور ہم نے ان کے لئے ایک فرشتہ کی چیخ کو کافی کر دیا فرشتے نے چیخ ماری اور یہ سب ہلاک ہو گئے۔ یعنی اس آدمی سے خطاب کر کے یہ کہا گیا)

یٰحَسْرَۃً عَلَی الْعِبَادِ (افسوس ہے بندوں کے حال پر) بیان القرآن میں لفظ ''حسرت'' کا ترجمہ ''افسوس'' سے کیا ہے لفظ حسرت وہاں استعمال ہوتا ہے جہاں کوئی نفع مند چیز فوت ہو جائے اور اس پر ندامت اور شرمندگی ہونے لگے چونکہ ذات باری تعالیٰ کے لیے اصلی معنی میں حسرت ہونا محال ہے اس لیے افسوس سے ترجمہ کیا گیا ہے لیکن احقر کو اس میں بھی اشکال ہے کیونکہ افسوس سے بھی اللہ تعالیٰ کی ذات پاک بلند و برتر ہے' صاحب روح المعانی نے اس موقع پر متعدد اقوال نقل کیے ہیں کہ حسرت کرنے والے کون ہیں اور العباد کون ہیں جن پر حسرت کی گئی پھر ایک قول یہ لکھا گیا ہے: وجوز ان یکون التحسر منہ سبحانہ' و تعالٰی مجازاً عن استعظام ماجنوہ علی انفسھم ۔ (اور ہو سکتا ہے کہ یہ حسرت اللہ تعالیٰ کی طرف سے مجاز ہو ان کے جرم کی بڑائی کو ظاہر کرنے کے لئے) پھر چند سطر کے بعد لکھا ہے' وقیل (یا) للنداء و المنادی محذوف و (حسرۃ) مفعول مطلق لفعل مضمرو (علی العباد) متعلق بذٰلک انفعل ای یاھٰؤُلآءِ تحسروا حسرۃ علی العباد ۔ (بعض نے کہا ہے یا ءندا کے لئے ہے اور منادی محذوف ہے اور حسرۃً فعل محذوف کا مفعول مطلق ہے اور علی العباد اسی فعل محذوف کا متعلق ہے یعنی اے لوگو! ان بندوں پر خوب حسرۃ کرو) یعنی

منادی محذوف ہے اور مطلب یہ ہے کہ اے لوگو! بندوں کے حال پر حسرت کرو ان کے پاس جب کبھی کوئی رسول آیا انہوں نے مذاق اڑایا اور اپنی آخرت برباد کی۔

صاحب روح المعانی نے اخیر میں لکھا ہے: **و لعل الاوفق للمقام المتبادر الی الا فهام ان المراد نداء حسرة كل من يتا تی منه التحسر ففيه من المبالغة ما فيه** ۔یعنی مقام کے مناسب یہ مطلب زیادہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ہر وہ شخص جو حسرت کرنے کے اہل ہے ان لوگوں کے حال پر حسرت کرے جنہوں نے نبیوں کو جھٹلایا اور ان کا مذاق بنایا۔

اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ ۔کیا ان لوگوں (یعنی اہل مکہ) نے اس کو نہیں دیکھا کہ ہم نے ان سے پہلے بہت سی امتیں ہلاک کر دیں (جس کا انہیں علم ہے اور اقرار ہے) اسفار میں جاتے ہیں تو ہلاک شدہ قوموں کے کھنڈر دیکھتے ہیں اگر غور کرتے تو جھٹلانے اور نبیوں کا مذاق بنانے سے بچتے اَنَّهُمْ اِلَيْهِمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ۔ یہ ہلاک شدگان ان کی طرف لوٹنے والے نہیں ہیں یعنی جنہیں ہلاک کیا گیا وہ ختم ہو گئے دنیا سے چلے گئے اب انہیں واپس آنا نہیں ہے جو کچھ محل تعمیر کیے عمارتیں بنائیں، مال جمع کیا سب کچھ دھرا رہ گیا نہ پہلی زندگی میں ان چیزوں نے ان کی جان بچائی نہ واپس آ کر ان سے منتفع اور مستفید ہو سکتے ہیں۔

وَاِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ (اور یہ سب لوگ مجتمع طور پر ہمارے روبرو حاضر کیے جائیں گے) یعنی جو لوگ کفر کی وجہ سے ہلاک کیے گئے ان کا جو دنیا میں ہلاک کیا جانا اور عذاب دیا جانا ہے اسی پر بس نہیں ہے مزید عذاب آخرت میں دیا جائے گا جو دائمی ہو گا جو لوگ بھی ہلاک کیے جائیں گے وہ سب مجتمع طور پر ہمارے روبرو حاضر ہوں گے، حجتیں قائم ہوں گی پھر دائمی عذاب کی جگہ یعنی دوزخ میں جائیں گے۔

فوائد مستنبطہ از قصہ مذکورہ............ تین حضرات مذکورہ بستی میں دعوت اور تبلیغ کے کام کے لیے گئے ان کے بارے میں بیان فرمایا کہ پہلے دو حضرات کو بھیجا تھا پھر تیسرا شخص بھی ان کی تقویت کے لیے بھیج دیا، اس سے جماعتی طور پر دعوت و تبلیغ کا کام کرنے کا ایک طریقہ معلوم ہوا یوں تو ایک شخص تنہا بھی اپنی بساط کے موافق جتنا چاہے کر سکتا ہے اور بعض مرتبہ مخاطبین کی بدسلوکی کی وجہ سے اسے بہت زیادہ ثواب بھی مل سکتا ہے لیکن جماعت بن کر لوگوں کے پاس جانے اور انہیں حق کی تبلیغ کرنے اور ایمان اور ایمانیات کی دعوت دینے کے لیے نکل کر لوگوں کے پاس پہنچنے سے بعض مرتبہ نفع زیادہ ہوتا ہے اور فی نفسہ یہ طریقہ بہت مفید ہے۔

قصہ بالا سے یہ بھی معلوم ہوا کہ جو حضرات دینی دعوت کے لیے کہیں جائیں تو مقامی لوگوں کو بھی ان کی تائید میں کھڑا ہونا چاہیے جیسا کہ مذکورہ بستی کے دور دراز حصہ سے آ کر ایک شخص نے اصحاب ثلاثہ کی تائید کی، اس سے دعوت دینے والے حضرات کو تقویت ہوتی ہے۔

ان حضرات کے قصہ سے دو باتیں اور مزید معلوم ہوئیں، اول یہ کہ دور دراز سے جو شخص آیا اس نے خطاب کی ابتداء کرتے ہوئے یاقوم کہا پھر یوں کہا: اِتَّبِعُوْا مَنْ لَّا يَسْئَلُكُمْ اَجْرًا ۔(کہ اے میری قوم تم ان لوگوں کا اتباع کرو جو کسی معاوضہ یا اجرت کا سوال نہیں کرتے) وَهُمْ مُّهْتَدُوْنَ (اور وہ لوگ خود بھی ہدایت پر ہیں) معلوم ہوا کہ جو لوگ دعوت کا کام کہیں لے کر جائیں وہ بغیر کسی دنیاوی غرض کے دعوت کے کام کے لیے نکلیں اور جن لوگوں کے پاس پہنچیں ان سے کسی قسم کا ذرا سا بھی کوئی لالچ نہ رکھیں نہ دعوت و ضیافت کا نہ روٹی پانی کا نہ بوریا اور بستر کا، اپنا خرچہ خود ہی کریں۔ حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کا یہ خاص وصف تھا کہ وہ اپنے دعوت کے کام کا ثواب صرف اللہ تعالیٰ سے چاہتے تھے مخاطبین سے ذرا سی بھی امید نہ رکھتے تھے نہ ان سے کچھ طلب کرتے تھے، ان حضرات کا فرمانا یہ تھا وَمَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ (اور میں تم سے توحید کی دعوت پر کوئی اجرت طلب نہیں کرتا میرا

اجر صرف اللہ کے ذمہ ہے) سورۂ سباء میں ہے: قُلْ مَاسَاَلْتُکُمْ مِّنْ اَجْرٍ فَھُوَ لَکُمْ اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا عَلَی اللّٰہِ (آپ فرما دیجئے کہ میں نے جو کچھ کوئی عوض تم سے طلب کیا ہو تو وہ تمہارے ہی لیے ہے میرا اجر صرف اللہ پر ہے) سورۂ ص کے آخر میں فرمایا: قُلْ مَآ اَسْئَلُکُمْ عَلَیْہِ مِنْ اَجْرٍ وَّ مَآ اَنَا مِنَ الْمُتَکَلِّفِیْنَ (آپ فرما دیجئے کہ میں تم سے اپنی دعوت کے کام پر کوئی معاوضہ طلب نہیں کرتا اور میں بناوٹ کرنے والوں میں سے نہیں ہوں)۔

دوسری بات یہ معلوم ہوئی کہ جو لوگ ہدایت کی دعوت دیں وہ خود بھی ہدایت یافتہ ہوں اگر خود بھی ہدایت پر ہوں گے تو مخاطبین ان کی بات کا اثر جلدی لیں گے اور ان میں سے کوئی شخص یوں نہ کہہ سکے گا کہ نکلے ہو دوسروں کو بتانے اور دینی اعتبار سے تمہارا اپنا حال پلپلا ہے۔

داعیٔ حق کو مخاطبین سے بات کرنے کا اسلوب بھی ایسا اختیار کرنا چاہیے جسے ان کے کان خوشی سے سن لیں اور قلوب گوارا کر لیں، مذکورہ بالا بستی کا جو شخص دور سے دوڑا ہوا آیا تھا ایک تو بستی والوں کو یٰقَوْمِ کہہ کر اپنایا اور یہ بتایا کہ تم اور میں ایک ہی قوم کے افراد ہیں ان کے ذہنوں کو قریب کرنے کے لیے یہ بتایا کہ میں تمہیں میں سے ہوں۔

پھر یہ صاحب جب اصحاب ثلاثہ (تینوں فرستادوں) کی تائید سے فارغ ہوئے تو اپنے اوپر رکھ کر یوں کہا: وَمَا لِیَ لَآ اَعْبُدُ الَّذِیْ فَطَرَنِیْ (اور کیا ہوا کہ میں اس ذات کی عبادت نہ کروں جس نے مجھے پیدا فرمایا) وہ شخص خود تو ہدایت پر تھا، موحد تھا اور جو مخاطب تھے وہ مشرک تھے لیکن بات کرنے میں متکلم کا صیغہ استعمال کیا کہ مجھے کیا ہوا جو میں اپنے خالق کی عبادت نہ کروں حالانکہ بظاہر یوں کہنا چاہیے تھا وَمَالَکُمْ لَا تَعْبُدُوْنَ الَّذِیْ فَطَرَکُمْ کہ تمہیں کیا ہوا کہ اس ذات کی عبادت نہیں کرتے جس نے تمہیں پیدا کیا، خطاب ان سے کیا بات اپنے اوپر رکھی اور توحید کی دلیل بھی بتا دی اور شرک کی تردید بھی کر دی کہ جس نے پیدا کیا ہے صرف وہی مستحق عبادت ہے اور اس کی عبادت میں کسی کو شریک کرنا کسی بھی طرح درست نہیں ہے، کیونکہ اس کی صفت خالقیت میں کوئی بھی شریک نہیں اور چونکہ اصل تبلیغ مخاطبین ہی کو کرنی تھی اس لیے آخر میں وَاِلَیْہِ ارجع نہیں کہا (کہ میں اس کی طرف لوٹایا جاؤں گا) بلکہ وَاِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ کہا کہ تم اس کی طرف لوٹائے جاؤ گے اب تم سمجھ لو کہ تمہارا کیا حال بنے گا شرک کی پاداش میں سزا بھگتنا ہے تو تم جانو۔

سلسلہ کلام جاری رکھتے ہوئے صاحب موصوف نے کہا اِنِّیْٓ اِذًا لَّفِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ (اگر میں اپنے خالق کے علاوہ کسی اور کی عبادت کرنے لگوں تو کھلی ہوئی گمراہی میں پڑ جاؤں گا یہ بات بھی اپنے اوپر رکھ کر کہی اور مخاطبین کو بتا دیا کہ دیکھو تم مشرک ہو اور کھلی ہوئی گمراہی میں ہو۔

آخر میں کہا اِنِّیْٓ اٰمَنْتُ بِرَبِّکُمْ فَاسْمَعُوْنِ (بلاشبہ میں تو تمہارے رب پر ایمان لے آیا سو تم میری بات سنو) اس میں اپنے ایمان کا واضح طور پر اعلان کر دیا اور اس میں بھی ان کو ایمان کی دعوت دے دی اٰمَنْتُ بِرَبِّیْ کے بجائے اٰمَنْتُ بِرَبِّکُمْ کہا اور یہ بتا دیا کہ جو تمہارا پروردگار ہے اسی پر ایمان لانا اور اسی کی عبادت کرنا لازم ہے پرورش تو کرے خالق اور مالک جس میں اس کا کوئی شریک نہیں اور عبادت دوسروں کی کی جائے یہ تو ہلاکت اور ضلالت کی بات ہے۔

بات یہ ہے کہ جو لوگ اللہ کی رضا کے لیے دعوت وارشاد کا کام کرتے ہیں، ناصح اور امین ہوتے ہیں اللہ تعالیٰ ان کے قلوب میں اس کا طریقہ ڈال دیتے ہیں اور ان کی زبانیں حسن اسلوب، حسن اداء اور عمدہ سلیقہ سے متصف ہو جاتی ہیں۔ وَذٰلِکَ فَضْلُ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ۔

وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الْاَرْضُ الْمَيْتَةُ ۚۖ اَحْيَيْنٰهَا وَاَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ يَاْكُلُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَجَعَلْنَا

اور ان لوگوں کے لیے ایک نشانی مردہ زمین ہے ہم نے اسے زندہ کیا اور ہم نے اس سے غلے نکالے سو وہ اس میں سے کھاتے ہیں۔ اور ہم نے اس میں

فِيْهَا جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ وَّفَجَّرْنَا فِيْهَا مِنَ الْعُيُوْنِ ﴿۳۴﴾ لِيَاْكُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ ۙ وَمَا

کھجوروں کے اور انگوروں کے باغ پیدا کیے اور ہم نے اس میں چشمے جاری کردیئے۔ تاکہ وہ اس کے پھلوں سے کھائیں اور اسے ان

عَمِلَتْهُ اَيْدِيْهِمْ ۭ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۳۵﴾ سُبْحٰنَ الَّذِيْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ

کے ہاتھوں نے نہیں بنایا' سو کیا وہ شکر ادا نہیں کرتے۔ پاک ہے وہ ذات جس نے زمین سے پیدا ہونے والی چیزوں سے ہر قسم کی چیزیں پیدا فرمائیں اور ان لوگوں کی جانوں میں سے اور

اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۶﴾

ان چیزوں میں سے جنہیں یہ لوگ نہیں جانتے۔

مردہ زمین کو زندہ فرمانا اور اس میں سے کھیتیاں اور پھل پیدا فرمانا' یہ اللہ تعالیٰ کی قدرت کے بعض مظاہرے ہیں

اللہ تعالیٰ کی قدرت کے مظاہرے تو بہت ہیں اور کثیر تعداد میں ایسی چیزیں ہیں جو اللہ تعالیٰ کے کمال قدرت پر دلالت کرتی ہیں اللہ کی نشانیوں میں سے زمین بھی ہے' زمین کا وجود اور پھیلاؤ اور اس پر جو کائنات آباد ہے ان سب کا وجود اللہ تعالیٰ کی قدرت کی نشانیاں ہیں، انہی نشانیوں میں سے ایک یہ ہے کہ زمین مردہ ہو جاتی ہے اس میں کوئی سبزی اور گھاس پھونس باقی نہیں رہتا پھر اللہ جل شانہ پانی برسا دیتے ہیں اور اس پانی کے ذریعے زمین کو زندہ فرما دیتے ہیں' پانی برسا زمین زندہ ہوگئی کسانوں نے بیج ڈالا تو کھیتی ظاہر ہوگئی آگے بڑھی بالیں نکلیں ان میں دانے پیدا ہوئے پھر وہ پک گئے کاٹی گئیں' غلے نکلے پھر لوگوں نے ان کو غذا بنایا' یہ تو سلسلہ کھیتی کا ہے اور کھیتی کے علاوہ اللہ تعالیٰ نے زمین میں بہت سارے باغ بھی پیدا فرمائے ہیں' ان میں مختلف قسم کے درختوں کے باغ ہیں۔ آیت بالا میں انگوروں اور کھجوروں کے باغوں کا تذکرہ فرمایا' کھجور اور انگور یہ دونوں اللہ تعالیٰ کی بڑی نعمتیں ہیں ان میں بڑی غذائیت ہے۔ اللہ تعالیٰ نے چشمے بھی پیدا فرما دیئے ہیں' جن کا پانی میٹھا ہوتا ہے بارش نہ ہو تو ان چشموں سے کھیتوں کو اور باغوں کو سیراب کر دیا جاتا ہے۔ جس طرح کھیتوں سے پیدا ہونے والے غلوں سے خوراک حاصل کرتے ہیں اسی طرح درختوں کے پھل بھی غذائیت کا کام دیتے ہیں اور اس سے بڑھ کر یہ کہ ان کے میوہ جات بھی بنائے جاتے ہیں۔

کھیتیوں اور باغوں کا تذکرہ فرمانے کے بعد ارشاد فرمایا: وَمَا عَمِلَتْهُ اَيْدِيْهِمْ کہ یہ جو چیزیں ہم نے پیدا کی ہیں انہیں ان کے ہاتھوں نے پیدا نہیں کیا یہ سب چیزیں ہماری ہی بنائی ہوئی ہیں' ان نعمتوں کا شکر کرنا لازم ہے۔ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ کیا پھر بھی شکر ادا نہیں کرتے۔

سُبْحٰنَ الَّذِيْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا (الاٰية) یعنی زمین سے جو بھی چیزیں پیدا ہوتی ہیں سب اس ذات نے پیدا فرمائی ہیں جو بالکل بے عیب ہے ہر نقص اور ہر کمی کوتاہی سے پاک ہے، یہ چیزیں جو زمین کی پیداوار ہیں ان میں طرح طرح کے انواع و اقسام ہیں

اور خود انسانوں کی جانوں میں بھی ازواج ہیں یعنی کچھ مذکر ہیں اور کچھ مؤنث ہیں' اپنی جانوں کو اور زمین کی پیداوار کو تو لوگ جانتے ہیں ان کے علاوہ بھی اللہ تعالیٰ کی مخلوق ہے جو بر و بحر میں پھیلی ہوئی ہیں' درندے ہیں چرندے ہیں' دریائی جانور ہیں' ان میں بھی مختلف قسم کے انواع واقسام ہیں' وَ ذٰلِکَ کله من صنع اللّٰه تعالیٰ لادخل فیه لغیره سبحانه و تعالیٰ۔

انسان ہل جوتنے اور بیج ڈالنے اور ٹریکٹر چلانے کی کچھ کوشش تو کر لیتے ہیں لیکن پیدا فرمانا زمین سے نکالنا' بڑھانا' پھل پھول کے لائق بنانا' دانہ نکالنا پھر ثمرات ظاہر ہونا یہ سب اللہ تعالیٰ جل شانہ کی قدرت اور تخلیق اور ایجاد سے ہے۔

وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الَّيْلُ ۖ نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَاِذَا هُمْ مُّظْلِمُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ؕ

اور ان کے لیے ایک نشانی رات ہے' ہم اس سے دن کو کھینچ لیتے ہیں سو وہ اچانک اندھیرے میں رہ جاتے ہیں' اور سورج اپنے ٹھکانے کی طرف چلتا ہے

ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿۳۸﴾ وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِيْمِ ﴿۳۹﴾ لَا الشَّمْسُ

یہ اس کا مقرر کیا ہوا ہے جو زبردست ہے علم والا ہے۔ اور اس نے چاند کے لیے منزلیں مقرر کر دیں یہاں تک کہ وہ کھجور کی ٹہنی کی طرح رہ جاتا ہے۔ نہ تو سورج

يَنْۢبَغِيْ لَهَآ اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا الَّيْلُ سَابِقُ النَّهَارِ ؕ وَكُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ﴿۴۰﴾

کی مجال ہے کہ چاند کو پکڑ لے اور نہ رات دن سے آگے بڑھ کر پہلے آ سکتی ہے اور سب ایک ایک دائرہ میں تیر رہے ہیں۔

رات دن اور شمس و قمر اللہ تعالیٰ کے مظاہر قدرت میں سے ہیں

آیات سفلیہ بیان فرمانے کے بعد آیات علویہ کا بیان شروع ہو رہا ہے رات اور دن کا تعلق چونکہ سورج کے طلوع اور غروب سے ہے اس لیے ان دونوں کو بھی آیات علویہ میں ذکر فرما دیا ارشاد فرمایا کہ لوگوں کے لیے رات بھی ایک نشانی ہے رات کے آنے جانے سے بھی اپنے خالق کو پہچان سکتے ہیں' سب کو معلوم ہے کہ رات کے آنے جانے میں صرف اللہ تعالیٰ کے حکم تکوینی کو دخل ہے' فرمایا: نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَاِذَاهُمْ مُّظْلِمُوْنَ (ہم اس سے دن کو کھینچ لیتے ہیں سو وہ اچانک اندھیرے میں رہ جاتے ہیں) یعنی جس جگہ روشنی ہوتی ہے اور دن ہوتا ہے اس جگہ سے ہم روشنی کو کھینچ لیتے ہیں (قال صاحب الروح أی نکشف و نزیل الضوء من مکان الیل و موضع القاء ظله و ظلمته وهو الهواء فالنهار عبارة عن الضوء اما علی التجوز اوعلی حذف المضاف وقولهٗ تعالیٰ (منه)' علی حذف مضاف و ذٰلک لأن النهار والیل عبارتان کون الشمس فوق الافق و تحتهٗ و لا معنی لکشف أحدهما عن الأخر (الٰی اخر ما ذکر) جب روشنی ختم ہو جاتی ہے تو دن ختم ہو جاتا ہے اور رات آ جاتی ہے' دن گیا رات آئی اور لوگوں پر اندھیرا چھا گیا' اب ان میں سے کسی میں بھی یہ طاقت نہیں ہے کہ رات کو ختم کر کے دن کی روشنی لے آئے جس نے رات کو پیدا فرمایا وہی دن کو پیدا فرماتا ہے۔

سورج کی رفتار میں مظاہر قدرت ہے.......... وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا (اور سورج اپنے ٹھکانے کی طرف چلتا ہے) سورج بھی اللہ تعالیٰ کی مخلوق ہے اس کا وجود مستقل نشانی ہے اور اس کی روشنی مستقل نشانی ہے پھر اس کا اپنے ٹھکانہ کے لیے چلنا یہ بھی مستقل نشانی ہے اس کی رفتار اور اس کا محور پر چلنا' ادھر ادھر نہ ہونا یہ سب اللہ تعالیٰ کی قدرت قاہرہ کی نشانی ہے۔ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ (یہ اس کا مقررہ کیا ہوا ہے جو زبردست ہے علم والا ہے) سورج پابند ہے کہ اپنے محور پر چلے اور اسی رفتار پر چلے جو اس کی رفتار مقرر ہے گرمیوں کے زمانہ میں سورج خط استواء پر چلتا ہے اور سردیوں میں ہٹ جاتا ہے اور دوسرا محور اختیار کر لیتا ہے' اس کا جو راستہ

خالق جل مجدہ کی طرف سے طے کر دیا گیا ہے اس کے خلاف نہیں چل سکتا۔

سورج کے مستقر یعنی ٹھکانہ کا کیا مطلب ہے بعض لوگوں نے بلاوجہ اس کو مجاز پر محمول کیا ہے اور بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ اس کا یہ مطلب ہے کہ ایک سال سے دوسرے سال کے ختم تک اس کا جو دور ہے اسی حد معین کا نام مستقر ہے اور بعض حضرات نے یہ فرمایا ہے کہ لام تعلیلیہ ہے اور مطلب یہ ہے کہ اسے اپنے مقررہ مشارق اور مغارب پر پہنچنا ہے اس لیے چلتا رہتا ہے اس کی ایک حد مقرر ہے وہاں تک پہنچنے اور پھر آگے بڑھنے کو مستقر فرمایا اور بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ بارہ برجوں میں مخصوص طریقہ پر ٹھہرنا اور پھر آگے بڑھنا یہ مستقر میں پہنچنا ہے اور ایک قول یہ ہے کہ مستقر اسم زمان ہے اور مطلب یہ ہے کہ اس کے مسلسل چلتے رہنے کا جو ایک وقت مقرر ہے اس وقت تک چلتا رہے گا اور جب قیامت قائم ہوگی تو اس کی رفتار ختم ہو جائے گی۔

سورج کا سجدہ کرنا .... ان سب باتوں کی بنیاد محض احتمالات ہیں، صحیح بات وہ ہے جو حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن مجھ سے سورج چھپ جانے کے بعد فرمایا کیا تم جانتے ہو یہ کہاں جاتا ہے؟ میں نے عرض کیا کہ اللہ اور اس کا رسول ہی خوب جانتے ہیں، اس پر آپ نے ارشاد فرمایا کہ بے شک یہ چلتے چلتے عرش کے نیچے پہنچ کر سجدہ کرتا ہے اور حسب عادت مشرق سے طلوع ہونے کی اجازت چاہتا ہے اور اسے اجازت دے دی جاتی ہے اور ایسا بھی ہونے والا ہے کہ ایک روز یہ سجدہ کرے گا اور اس کا سجدہ قبول نہ ہوگا اور (مشرق سے طلوع ہونے کی) اجازت چاہے گا تو اجازت نہ دی جائے گی اور کہا جائے گا کہ جہاں سے آیا ہے وہیں واپس لوٹ جا، چنانچہ سورج (واپس ہو کر) مغرب کی جانب سے طلوع ہوگا پھر فرمایا کہ **وَالشَّمْسُ تَجْرِیْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا** (سورج اپنے ٹھکانے کو جاتا ہے) کا یہی مطلب ہے کہ (اپنے مقررہ ٹھکانے تک جا کر مشرق سے نکلتا ہے) اور فرمایا کہ اس کا ٹھکانہ عرش کے نیچے ہے۔ (بخاری و مسلم)

حدیث شریف سے معلوم ہوا کہ سورج چلتا ہے اپنے مستقر پر جاتا ہے اللہ تعالیٰ کو سجدہ کرتا ہے آگے بڑھنے اور طلوع ہونے کی اجازت مانگتا ہے جب اجازت ملتی ہے تو وہ آگے بڑھتا ہے اور طلوع ہوتا ہے ایک وہ وقت بھی آئیگا جب وہ آگے بڑھنے کی اجازت طلب کرے گا تو اجازت نہ دی جائے گی اور واپس پیچھے لوٹنے کا حکم ہوگا چنانچہ وہ واپس پیچھے لوٹ جائے گا یہاں لوگوں نے یہ اشکال کیا ہے کہ آلات رصدیہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کی حرکت کسی وقت بھی ختم نہیں ہوتی برابر چلتا رہتا ہے، اس کا اصل جواب تو یہ ہے کہ حدیث شریف کی تصریح کے بعد اس کے خلاف کوئی قول معتبر نہیں، پھر کیا یہ ضروری ہے کہ پورے عالم کا ہر ہر جگہ کا طلوع اور غروب مراد ہو ممکن ہے کہ خاص مدینہ منورہ اور اس کے محاذی نقطہ غروب والے مقامات کا غروب مراد ہو اور یہ سجدہ والا سکون ایسا خفیف ہو جس کا آلات رصدیہ سے ادراک نہ ہوتا ہو۔

بعض حضرات نے فرمایا کہ اس سے حرکت سنویہ بھی مراد ہو سکتی ہے یعنی ہر سال کے ختم پر وہ اپنے مستقر پر جاتا ہے پھر سجدہ کرتا ہے اور طلوع ہونے کی اجازت لیتا ہے، لیکن یہ اس مفہوم کے خلاف ہے جو حدیث شریف سے متبادر ہوتا ہے۔ **واللّٰہ تعالیٰ اعلم باسرارہ وما اودع فی کتابہ.**

فائدہ .... سورج کا چلنا تو آیت کریمہ سے ثابت ہوا جس کا انکار کفر ہے رہی یہ بات کہ زمین چلتی ہے یا نہیں! اس کے بارے میں قرآن مجید ساکت ہے اور سورۂ نمل میں جو **اَمَّنْ جَعَلَ الْاَرْضَ قَرَارًا** فرمایا ہے اس سے قطعی طور پر زمین کے عدم تحرک پر واضح دلالت نہیں ہے کیونکہ **قَرَارًا** کا ایک یہ معنی بتایا گیا ہے کہ وہ اس طرح حرکت نہیں کرتی کہ اس پر انسانوں کا رہنا مشکل ہو جائے جیسے سورۂ لقمان

میں وَاَلْقٰی فِی الْاَرْضِ رَوَاسِیَ اَنْ تَمِیْدَ بِکُمْ میں بیان فرمایا ہے۔

منازل قمر کا تذکرہ.......... یہ بتانے کے بعد کہ آفتاب کا اپنے مستقر تک جانا اللہ تعالیٰ کی قدرت کی نشانی ہے چاند کے بارے میں فرمایا وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰی عَادَ کَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِیْمِ (اور ہم نے چاند کی منزلیں مقرر کیں یہاں تک کہ وہ کھجور کی پرانی ٹہنی کی طرح رہ جاتا ہے) یعنی جس طرح کھجور کی پرانی ٹہنی ٹیڑھی ہو جاتی ہے اسی طرح مہینے کے اول میں اور آخر میں نظر کے سامنے بظاہر خمدار نظر آتا ہے، چاند کی جو منزلیں اللہ تعالیٰ نے مقرر فرمائی ہیں ترتیب کے ساتھ انہیں میں چلتا رہتا ہے۔

سورج چاند کو نہیں پکڑ سکتا.......... اس کے بعد چاند اور سورج کی رفتار اور رات اور دن کی آمد کے نظام بے مثال کو بیان فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا: لَا الشَّمْسُ یَنْۢبَغِیْ لَهَآ اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا الَّیْلُ سَابِقُ النَّهَارِ ط (کہ نہ سورج کی یہ مجال ہے کہ چاند کو جا کر پکڑ لے اور نہ رات دن سے پہلے آسکتی ہے) مطلب یہ ہے کہ آفتاب رات کو محو نہیں کر سکتا، جو چاند کے منور ہونے کا وقت ہے۔

اور دن کا جتنا وقت مقرر ہے اس وقت کے ختم ہونے سے پہلے رات نہیں آسکتی، رات آگے بڑھ کر دن کا کچھ حصہ اپنے اندر لے لے اور مقررہ نظام کے خلاف دن گھٹ جائے اور رات بڑھ جائے ایسا کوئی اختیار نہ رات کو ہے نہ دن کو ہے: وَكُلٌّ فِیْ فَلَكٍ یَّسْبَحُوْنَ (اور سب ایک ایک دائرہ میں تیر رہے ہیں) فلک گول چیز کو کہتے ہیں جس کا ترجمہ دائرہ سے کیا گیا ہے، اس سے معلوم ہوا کہ چاند اور سورج کی حرکت مستدیر ہے۔

وَاٰیَةٌ لَّهُمْ اَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّیَّتَهُمْ فِی الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿۴۱﴾ وَخَلَقْنَا لَهُمْ مِّنْ مِّثْلِهٖ

اور ان لوگوں کے لیے ایک نشانی یہ ہے کہ ہم نے ان کی اولاد کو بھری ہوئی کشتی میں سوار کیا۔ اور ہم نے ان کے لیے کشتی جیسی چیزیں

مَا یَرْكَبُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَاِنْ نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِیْخَ لَهُمْ وَلَا هُمْ یُنْقَذُوْنَ ﴿۴۳﴾ اِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا وَ

پیدا کیں جن پر یہ لوگ سوار ہوتے ہیں۔ اور اگر ہم چاہیں تو انہیں ڈبو دیں سو ان کی کوئی بھی فریاد رسی کرنے والا نہ ہو اور نہ انہیں چھٹکارا دیا جائے۔ مگر یہ کہ ہماری مہربانی ہو جائے

مَتَاعًا اِلٰی حِیْنٍ ﴿۴۴﴾ وَاِذَا قِیْلَ لَهُمُ اتَّقُوْا مَا بَیْنَ اَیْدِیْكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۴۵﴾

اور ایک وقت مقررہ تک فائدہ دینا منظور ہو۔ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ تم اس سے ڈرو جو تمہارے آگے ہے اور جو پیچھے ہے تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔

وَمَا تَاْتِیْهِمْ مِّنْ اٰیَةٍ مِّنْ اٰیٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِیْنَ ﴿۴۶﴾ وَاِذَا قِیْلَ لَهُمْ

اور ان کے رب کی نشانیوں میں سے جو نشانی بھی ان کے پاس آتی ہے اس کی طرف سے اعراض کرنے والے بن جاتے ہیں۔ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ

اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ۙ قَالَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَنُطْعِمُ مَنْ لَّوْ یَشَآءُ اللّٰهُ اَطْعَمَهٗٓ ۖ

اس میں سے خرچ کرو جو اللہ نے تمہیں دیا ہے تو کافر لوگ اہل ایمان سے کہتے ہیں کہ کیا ہم لوگ ان لوگوں کو کھلائیں جنہیں اللہ چاہے تو کھلا دے۔

اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ﴿۴۷﴾

بات یہی ہے کہ تم کھلی ہوئی گمراہی میں ہو۔

کشتی اللہ کی نعمت ہے اللہ تعالیٰ حفاظت فرماتا ہے اور ڈوبنے سے بچاتا ہے

ان آیات میں کشتی کی سواری کا ذکر ہے کشتیوں کا دریاؤں میں چلنا (مطلق کشتی ہر چھوٹے بڑے جہاز کو شامل ہے) انسانوں کا ان پر سوار ہونا اور سامان لادنا' ایک براعظم سے دوسرے براعظم تک سفر کرنا ان میں اللہ تعالیٰ کا انعام عظیم بھی ہے اور قدرت قاہرہ پر دلالت بھی ہے کشتی کی سواری کے ساتھ یوں بھی فرمایا وَخَلَقْنَا لَهُمْ مِّنْ مِّثْلِهِ مَا يَرْكَبُوْنَ (اور ہم نے ان کے لیے کشتی جیسی ایسی چیزیں پیدا فرمائیں جن پر یہ لوگ سوار ہوتے ہیں) یہ سواریاں گھوڑے' خچر اور گدھے ہیں جن کا سورۃ النحل میں ذکر ہے۔ وَالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيْرَ لِتَرْكَبُوْهَا وَزِيْنَةً اور اب توریل گاڑی اور پٹرول سے چلنے والی گاڑیاں اور ہوائی جہاز بھی سواریوں کا کام دے رہے ہیں اور بوجھ بھی لے جاتے ہیں۔ سورۃ النحل میں ان نئی سواریوں کی بلکہ ان کے بعد جو سواریاں پیدا ہوں گی ان کے بارے میں پیشن گوئی فرما دی: وَيَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ (اور اللہ وہ چیزیں پیدا فرمائے گا جو تم نہیں جانتے)۔

مزید فرمایا کہ یہ لوگ جو جہازوں اور کشتیوں میں امن وامان کے ساتھ سفر کرتے ہیں' یہ امن وامان سے رکھنا اور ڈوبنے سے حفاظت کرنا ہمارا ہی انعام ہے: وَاِنْ نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِيْخَ لَهُمْ (اور اگر ہم چاہیں تو انہیں غرق کر دیں پھر انہیں کوئی فریاد رس نہ ملے) وَلَاهُمْ يُنْقَذُوْنَ (اور نہ انہیں خلاصی دی جائے، اِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا وَمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ (مگر یہ کہ ہماری مہربانی ہو جائے اور ایک وقت معین تک انہیں فائدہ دینا منظور ہو) اللہ تعالیٰ اپنی مہربانی سے محفوظ فرماتا ہے اور وقت معین تک فائدہ پہنچاتا ہے۔

اعراض کرنے والوں کی محرومی......... پھر فرمایا: وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّقُوْا مَا بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ (اور جب مکذبین ومنکرین سے کہا جاتا ہے کہ تم اس عذاب سے ڈرو جو تمہارے سامنے ہے یعنی غرق کیا جانا یا زمین میں دھنسایا جانا یا مقتول ہونا وغیرہ) اور اس عذاب سے ڈرو جو تمہارے پیچھے یعنی آخرت میں آنیوالا ہے تمہارا یہ ڈرنا تم پر رحمت کا سبب بن جائے گا تو وہ لوگ نصیحت پر کان نہیں دھرتے اور اس سے اعراض کرتے ہیں۔ وَمَا تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيَاتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ (اور ان کے پاس ان کے رب کی نشانیوں میں سے جو بھی نشانی آتی ہے اس سے اعراض کرنے والے بن جاتے ہیں)۔

یہ تو ان کا معاملہ عقیدہ توحید کے ساتھ ہوا جسے وہ قبول کرنے کو تیار نہیں آگے مالی انعامات ہوتے ہوئے جو کنجوسی اور ناشکری کرتے تھے اس کا تذکرہ فرمایا کہ جب ان سے کہا جاتا ہے کہ جو کچھ اللہ نے تمہیں دے دیا ہے اس میں سے مسکینوں اور حاجت مندوں پر خرچ کرو تو خرچ کرنے کے بجائے شرارت سے اور مذاق اڑانے کی نیت سے کافروں نے یوں کہا کیا ہم ان لوگوں کو کھلائیں جو تمہارے ساتھ ایمان قبول کر چکے ہیں اللہ چاہے تو انہیں کھلا دے (ان کا مطلب یہ تھا کہ تم کہتے ہو کہ صرف اللہ تعالیٰ ہی رزق دینے والا ہے تو بس وہی انہیں رزق دے دے گا' ان لوگوں نے یہ بھی کہا کہ تم جو ہمیں خرچ کرنے کو کہہ رہے ہو یہ کھلی ہوئی گمراہی ہے)۔

کفار بھی یہ بات مانتے تھے کہ اللہ تعالیٰ ہی رزق دینے والا ہے اور کھلانے والا ہے لیکن اس بات کو انہوں نے بطور طنز کے ذکر کیا اور مقصد ان کا یہ تھا کہ تم یوں کہتے ہو کہ جسے اللہ تعالیٰ چاہے کھلا دے تو اپنے قول کے مطابق اللہ تعالیٰ ہی سے مانگ لو اور انہیں کھلا دو۔

وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۴۸﴾ مَا يَنْظُرُوْنَ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً تَاْخُذُهُمْ

اور وہ کہتے ہیں کہ یہ وعدہ کب ہوگا اگر تم سچے ہو۔ وہ لوگ بس ایک سخت آواز کے انتظار میں ہیں جو ان کو پکڑ لے

وَهُمْ يَخِصِّمُوْنَ ﴿٤٩﴾ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ تَوْصِيَةً وَّلَآ اِلٰٓى اَهْلِهِمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿٥٠﴾ وَنُفِخَ فِى الصُّوْرِ

اور وہ آپس میں جھگڑ رہے ہوں۔ سو نہ تو وہ کوئی وصیت کر سکیں گے اور نہ اپنے گھر والوں کے پاس لوٹ کر جا سکیں گے۔ اور صور پھونکا جائے گا سو وہ سب

فَاِذَا هُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ ﴿٥١﴾ قَالُوْا يٰوَيْلَنَا مَنْۢ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا ٜ

یکا یک قبروں سے نکل کر اپنے رب کی طرف جلدی جلدی چلنے لگیں گے۔ وہ کہیں گے کہ ہائے ہماری کم بختی ہمیں کس نے ہماری لیٹنے کی جگہ سے اٹھا دیا،

هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿٥٢﴾ اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ جَمِيْعٌ

یہ وہی ہے جس کا رحمٰن نے وعدہ فرمایا اور پیغمبروں نے سچی خبر دی بس وہ ایک چیخ ہو گی سو وہ سب ہمارے

لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿٥٣﴾ فَالْيَوْمَ لَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْـًٔا وَّلَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٥٤﴾

پاس حاضر کر دیئے جائیں گے، سو اس دن کسی جان پر ذرا سا بھی ظلم نہ ہو گا اور تمہیں صرف انہیں کاموں کا بدلہ ملے گا جو تم کرتے تھے۔

ع ۳ / ۱۸ — وقف لازم — وقف منزل وقف غفران

منکرین بعث کا قول اور ان کی تردید

توحید کے دلائل اور منکرین کے اعراض کا بیان فرمانے کے بعد وقوع قیامت کے یقینی ہونے کا اور منکرین کے استبعاد کا تذکرہ فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا: وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ (اور وہ لوگ کہتے ہیں کہ یہ وعدہ کب ہو گا اگر تم سچے ہو) یعنی تم جو یوں کہتے ہو کہ قیامت آئے گی ہمارے خیال میں یہ تمہاری باتیں ہی باتیں ہیں آنی ہوتی تو کب کی آچکی ہوتی اس کے واقع ہونے کی جو تم خبر دے رہے ہو اگر تم اس خبر میں سچے ہو تو وقت طے کر کے بتا دو کہ قیامت فلاں آئے گی، یہ بات کہنے سے ان کا مقصود وقوع قیامت کا انکار کرنا تھا، اس انکار کو انہوں نے استفہام انکاری کے پیرایہ میں بیان کیا، اللہ جل شانہ نے فرمایا مَا يَنْظُرُوْنَ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً تَاْخُذُهُمْ وَهُمْ يَخِصِّمُوْنَ ۔ یہ لوگ جو قیامت کا انکار کر رہے ہیں ان کے انکار کرنے سے قیامت کا آنا رک نہیں جائے گا، بس یہ لوگ ایک چیخ کے انتظار میں ہیں جو انہیں پکڑ لے گی اور اس وقت یہ لوگ آپس میں جھگڑ رہے ہوں گے اس وقت جو جہاں ہو گا وہیں دھرا رہ جائے گا اور وہیں مر جائے گا اس وقت نہ کوئی وصیت کر سکیں گے اور نہ اپنے گھر والوں کی طرف لوٹ سکیں گے (یہ نفخہ اولیٰ یعنی پہلی بار صور پھونکنے کے وقت ہو گا)۔

نفخ صور کے وقت حیرانی اور پریشانی .... مزید فرمایا وَنُفِخَ فِى الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ ۔ اور صور میں پھونکا جائے گا تو وہ اچانک قبروں سے نکل کر اپنے رب کی طرف (یعنی حساب کی جگہ کے لیے) جلدی جلدی چلنے لگیں گے۔

قبروں سے اٹھنے والے (جن کو اللہ تعالیٰ امن و امان نہ دے، گھبراہٹ سے محفوظ نہ فرمائے وہ) کہیں گے يٰوَيْلَنَا مَنْۢ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا (ہائے ہماری کم بختی ہمیں لیٹنے کی جگہ سے کس نے اٹھا دیا) فرشتے جواب میں کہیں گے۔ هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ (یہ وہی قیامت کا دن ہے جس کا رحمٰن نے وعدہ فرمایا تھا اور پیغمبروں نے سچی خبر دی تھی)۔

اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ (بس وہ یعنی نفخۂ ثانیہ ایک زور کی آواز ہو گی جس سے یکا یک سب جمع ہو کر ہمارے پاس حاضر کیے جائیں گے) یہ جمع ہونا حساب کتاب کے لیے ہو گا حساب ہونے پر جس کو جو سزا ملے گی اس میں کسی

جان پر کچھ بھی ظلم نہ ہوگا' نہ کسی کی کوئی نیکی کم کی جائے گی جو لائق ثواب ہو اور نہ کسی کے گناہوں میں کسی نا کردہ گناہ کا اضافہ ہوگا۔ سورۃ کہف میں فرمایا: وَوَجَدُوْا مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا اور انہوں نے جو عمل کیے تھے ان کو حاضر پائیں گے اور آپ کا رب کسی پر ظلم نہ کرے گا)۔

اِنَّ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِيْ شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ ﴿۵۵﴾ هُمْ وَاَزْوَاجُهُمْ فِيْ ظِلٰلٍ عَلَى الْاَرَآئِكِ

بلا شبہ آج جنت والے اپنے مشغلوں میں خوش ہوں گے۔ وہ اور ان کی بیویاں سایوں میں ہوں گے' مسہریوں پر تکیہ لگائے

مُتَّكِئُوْنَ ﴿۵۶﴾ لَهُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّلَهُمْ مَّا يَدَّعُوْنَ ﴿۵۷﴾ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ﴿۵۸﴾

ہوئے ہوں گے۔ اس میں ان کے لیے میوے ہوں گے اور جو کچھ طلب کریں گے انہیں وہ ملے گا۔ مہربان رب کی طرف سے ان پر سلام ہوگا۔

اہل جنت کی نعمتوں کا تذکرہ

وہ اپنی بیویوں کے ساتھ سایوں میں تکئے لگائے بیٹھے ہوں گے

ان آیات میں اہل جنت کی بعض نعمتوں کا تذکرہ فرمایا۔ اول تو یہ فرمایا کہ یہ لوگ اپنے اپنے مشغلوں میں خوش ہوں گے' صاحب روح المعانی لکھتے ہیں: والمراد به ما هم فيه من النعيم الّذى شغلهم عن كل ما يخطر بالبال یعنی شغل سے وہاں کی نعمتوں میں مشغول رہنا مراد ہے' وہاں کی نعمتیں ہر اس چیز کے تصور سے بے پروا کر دیں گی جن کا تصور آ سکتا ہو۔ فٰكِهُوْنَ کا ایک ترجمہ تو وہی ہے جو اوپر لکھا گیا ہے یعنی وہ اپنی نعمتوں میں خوش ہوں گے اور بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ اس سے تمتع اور تلذذ مراد ہے اور مطلب یہ ہے کہ ان کے پاس میوے موجود ہوں گے جن میں سے کھایا کریں گے۔ (روح المعانی)۔

پھر فرمایا کہ اہل جنت اور ان کی بیویاں سایوں میں ہوں گے جہاں ناگوار گرمی نہ ہوگی۔ اَرَآئِك یعنی مسہریوں پر ہوں گے' یہ اَرِيْكَةٌ کی جمع ہے، اريكة مسہری کو کہتے ہیں۔

مُتَّكِئُوْنَ تکیہ لگائے ہوئے ہوں گے سورۃ الواقعہ میں فرمایا: عَلٰى سُرُرٍ مَّوْضُوْنَةٍ مُّتَّكِئِيْنَ عَلَيْهَا مُتَقٰبِلِيْنَ۔ وہ لوگ سونے کے تاروں سے بنے ہوئے تختوں پر تکیہ لگائے ہوئے ہوں گے۔

مزید فرمایا: لَهُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّلَهُمْ مَّا يَدَّعُوْنَ (اس میں ان کے لیے میوے ہوں گے اور جو کچھ طلب کریں گے انہیں وہ ملے گا) اس میں یہ بتا دیا کہ اہل جنت میں جن نعمتوں کا صریح طور پر تذکرہ کر دیا گیا ہے صرف انہی نعمتوں میں انحصار نہیں ہے وہ لوگ وہاں جو کچھ بھی طلب کریں گے سب کچھ حاضر کر دیا جائے گا۔ سورۃ الزخرف میں فرمایا وَفِيْهَا مَا تَشْتَهِيْهِ الْاَنْفُسُ وَتَلَذُّ الْاَعْيُنُ (اور اس میں وہ چیزیں ملیں گی جن کی ان کے نفسوں کو خواہش ہوگی اور جن سے آنکھوں کو لذت ہوگی)۔

اور ان سب سے بڑھ کر یہ ہوگا کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے سلام آئے گا جسے سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ فرما کر بتایا ہے کیا کہنے ان بندوں کے لیے ان کے رب کا سلام آئے۔

حضرت جابرؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اس کے درمیان کہ اہل جنت اپنی نعمتوں میں ہوں گے اچانک ایک نور کی چمک ہوگی اوپر کو اپنے سر اٹھائیں گے تو دیکھیں گے کہ رب جل شانہ نے ان پر توجہ فرمائی ہے اللہ تعالیٰ کا فرمان ہوگا اَلسَّلَامُ

عَلَيْكُمْ يَآاَهْلَ الْجَنَّةِ. (مشکوٰۃ المصابیح ص۵۰۲ از ابن ماجہ)

وَامْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۵۹﴾ اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ ۚ

اور اے مجرمو! آج علیحدہ ہو جاؤ۔ اے بنی آدم کیا میں نے تمہیں تاکید نہیں کی تھی کہ شیطان کی عبادت مت کرنا،

اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۶۰﴾ وَّاَنِ اعْبُدُوْنِيْ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿۶۱﴾ وَلَقَدْ اَضَلَّ مِنْكُمْ

بلا شبہ وہ تمہارا کھلا ہوا دشمن ہے۔ اور میری عبادت کرنا یہ سیدھا راستہ ہے اور یہ واقعی بات ہے کہ شیطان نے تم میں

جِبِلًّا كَثِيْرًا ؕ اَفَلَمْ تَكُوْنُوْا تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۲﴾ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿۶۳﴾ اِصْلَوْهَا

سے کثیر مخلوق کو گمراہ کر دیا۔ کیا تم سمجھ نہیں رکھتے تھے یہ جہنم ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا۔ آج تم اس میں

الْيَوْمَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۶۴﴾ اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓى اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَآ اَيْدِيْهِمْ وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا

داخل ہو جاؤ اپنے کفر کی وجہ سے آج ہم ان کے مونہوں پر مہر لگا دیں گے اور ہم سے ان کے ہاتھ کلام کریں گے اور ان کے پاؤں اس کی گواہی دیں گے

كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۶۵﴾ وَلَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلٰٓى اَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَاَنّٰى يُبْصِرُوْنَ ﴿۶۶﴾

جو کچھ وہ کیا کرتے تھے۔ اور اگر ہم چاہتے تو ان کی آنکھوں کو مٹا دیتے سو وہ راستے کی طرف دوڑتے پھرتے سو ان کو کہاں نظر آتا۔

وَلَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا وَّلَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۶۷﴾ وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ

اور اگر ہم چاہتے تو انہیں ان کی جگہ پر مسخ کر دیتے اس طرح پر کہ وہ جہاں ہیں وہیں رہ جاتے جس کی وجہ سے یہ نہ آگے چل سکتے اور نہ پیچھے کو لوٹ سکتے اور ہم جس کو

نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ ؕ اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۶۸﴾

زیادہ عمر دے دیتے ہیں اسے طبعی حالت پر لوٹا دیتے ہیں کیا یہ لوگ نہیں سمجھتے۔

مجرمین سے خطاب اور ان کے عذاب کا تذکرہ

اہل جنت کا اکرام اور انعام بیان فرمانے کے بعد اہل دوزخ کی تباہی اور بربادی کو بیان فرمایا جو قیامت کے دن ان کے سامنے آئے گی۔ اول تو یہ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کا ان سے خطاب ہوگا کہ اے مجرمو! آج تم علیحدہ ہو جاؤ' دنیا میں تم اہل ایمان کے ساتھ ملے جلے رہتے تھے اور قبروں سے نکل کر بھی میدان حشر میں اکٹھے جمع ہوئے ہو اب تم ان سے علیحدہ ہو جاؤ کیونکہ ان کو جنت میں جانا ہے اور تم کو دوزخ میں جانا ہے (یہ آیت بہت زیادہ فکرمند بنانے والی ہے' حضرت امام ابوحنیفہؒ ایک مرتبہ پوری رات نفل نماز میں کھڑے رہے اور اسی آیت مبارکہ کو پڑھتے رہے) اس میں فکر کی بات یہ ہے کہ جس وقت یہ حکم ہوگا اس وقت میں کن لوگوں میں ہوں گا مجرمین میں ہوں گا یا مؤمنین میں۔

کافروں سے یہ خطاب بھی ہوگا اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ (الأية) اے آدم کی اولاد کیا میں نے تمہیں یہ تاکید نہیں کی تھی کہ شیطان کی عبادت مت کرنا یعنی اس کی فرمانبرداری مت کرنا اور اس کے کہنے کے مطابق عمل نہ کرنا' بے شک وہ تمہارا کھلا ہوا دشمن ہے' اور تمہیں تاکید کی تھی

کہ میری عبادت کرنا یہ سیدھا راستہ ہے (تم اس سیدھے راستہ سے ہٹ گئے) وَلَقَدْ اَضَلَّ مِنْكُمْ (الآیة) اور یہ بات واقعی ہے کہ شیطان نے تم میں سے کثیر مخلوق کو گمراہ کر دیا، کیا تم سمجھ نہیں رکھتے تھے (اب اس گمراہی کا بدلہ ملے گا) هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِیْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ یہ جہنم ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا۔ اِصْلَوْهَا الْیَوْمَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ (آج اس میں داخل ہو جاؤ اس وجہ سے کہ تم کفر کرتے تھے)۔

مجرمین کے خلاف ان کے اعضاء کی گواہی .... کافروں کی سزا بیان فرمانے کے بعد ارشاد فرمایا: اَلْیَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰۤی اَفْوَاهِهِمْ ہم آج کے دن ان کے مونہوں پر مہر لگا دیں گے وَتُكَلِّمُنَاۤ اَیْدِیْهِمْ۔ اور ہم سے ان کے ہاتھ کلام کریں گے۔ وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا یَكْسِبُوْنَ (اور ان کے پاؤں ان کاموں کی گواہی دیں گے جو وہ کیا کرتے تھے۔)

اس آیت سے معلوم ہوا کہ مجرمین کی زبانوں پر مہر لگا دی جائے گی اور ہاتھ پاؤں ان کے اعمال بد کی گواہی دیں گے اور سورۃ النور میں فرمایا ہے: یَوْمَ تَشْهَدُ عَلَیْهِمْ اَلْسِنَتُهُمْ وَاَیْدِیْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اعمال بد کی گواہی زبان بھی دے گی۔ اس میں کوئی تعارض نہیں ہے کیونکہ قیامت کے دن احوال مختلف ہوں گے، کسی وقت میں ہاتھ پاؤں بلکہ ان کے چمڑے تک ان کے خلاف گواہی دے دیں گے اور زبان نہ بول سکے گی اور جب زبان کھول دی جائے گی تو زبان سے بھی اپنی نافرمانی کے اقراری ہو جائیں گے۔

اس کے بعد فرمایا وَلَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلٰۤی اَعْیُنِهِمْ (الآیة) اگر ہم چاہیں تو ان کی آنکھوں کو ختم کر دیں پھر وہ راستے کی طرف دوڑیں سو ان کو کہاں نظر آئے۔ وَلَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنٰهُمْ (الآیة) اور اگر ہم چاہیں تو ان کی جگہوں پر ہی ان کی صورتیں مسخ کر دیں تو انہیں نہ گزرنے کی طاقت رہے اور نہ واپس ہو سکیں۔

ان دو آیتوں میں یہ بتا دیا کہ ہم دنیا میں بھی سزا دینے پر قدرت رکھتے ہیں اور ان سزاؤں کی بہت سی صورتیں ہو سکتی ہیں۔ ان میں سے ایک یہ ہے کہ ہم ان کی آنکھوں کو ختم کر دیں یعنی چہرہ کو سپاٹ بنا دیں آنکھیں باقی ہی نہ رہیں، آگے بڑھنا چاہیں تو کچھ بھی نظر نہ آئے، اسی طرح ہم ان ہی کی جگہ رکھتے ہوئے انہیں مسخ بھی کر سکتے ہیں یعنی ان کی صورتیں بدل سکتے ہیں جیسے گزشتہ امتوں میں سے بعض لوگ بندر اور خنزیر بنا دیئے گئے جب جانور ہی بن جائیں تو جہاں تھے وہیں رہ جائیں نہ آگے بڑھ سکیں نہ پیچھے ہٹ سکیں۔ جو مقاصد دنیا دیہ لے کر نکلے تھے ان کا ہوش ہی نہ رہے گا۔

انسان قوت کے بعد دوبارہ ضعف کی طرف لوٹا دیا جاتا ہے .... اس کے بعد فرمایا: وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ (الآیة) کہ ہم جسے طویل عمر دے دیتے ہیں اس کی حالت طبعی جو اسے پہلے دی گئی تھی اسے الٹ دیتے ہیں، یعنی جوانی میں جو قوتیں دی گئی تھیں وہ چلی جاتی ہیں اور ضعف بڑھتا چلا جاتا ہے، سننے اور دیکھنے کی قوتیں ضعیف ہو جاتی ہیں، سمجھنے اور سوچنے کی طاقت بھی کمزور ہو جاتی ہے، گوشت گھل جاتا ہے کھال لٹک جاتی ہے، یہ تو سب کے سامنے ہے، اس سے سمجھ لینا چاہیے کہ ہم آنکھوں کو ختم کر سکتے ہیں اور صورتیں مسخ کر سکتے ہیں: اَفَلَا یَعْقِلُوْنَ (کیا یہ سب کچھ دیکھتے ہوئے بھی نہیں سمجھتے ہیں)

قوله تعالیٰ مُضِیًّا اصله مضوی اجتمعت الواو ساکنة مع الیاء فقلبت الواو کما هو القاعدة و ادغمت الیاء فی الیاء و قلبت ضمة الضاد کسرة لتخف و تناسب الیاء۔ (اللہ تعالیٰ کا قول مضیا یہ اصل میں مُضُوِیٌ تھا واو ساکنہ اور یاء جمع ہو گئیں تو واو کو یا کر دیا جیسا کہ قانون ہے پھر یاء کو یاء میں ادغام کر دیا اور ضاد کے ضمہ کو تخفیف اولیاء کی مناسبت کی وجہ سے کسرۃ سے

تبدیل کر دیا)۔

وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهٗ ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّ قُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ ۙ﴿۶۹﴾ لِّيُنْذِرَ مَنْ كَانَ

اور ہم نے ان کو شعر نہیں سکھایا اور نہ شعر ان کے لائق ہے۔ وہ تو بس ایک نصیحت ہے اور قرآن مبین ہے۔ تاکہ وہ اسے ڈرائے جو زندہ ہے

حَيًّا وَّيَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿۷۰﴾

اور کافروں پر حجت ثابت ہو جائے۔

شاعری رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان کے لائق نہیں، قرآن کریم زندہ قلوب کیلئے نصیحت ہے اور کافروں کیلئے حجت ہے

مشرکین عرب اور خاص کر اہل مکہ جب قرآن مجید سنتے تھے تو یہ جانتے ہوئے کہ نہ اس میں اشعار ہیں نہ شاعرانہ خیالی مضامین ہیں پھر بھی قرآن مجید کے بارے میں یوں کہہ دیتے تھے کہ یہ شاعرانہ باتیں ہیں ان لوگوں کی تردید کرتے ہوئے فرمایا وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ (ہم نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو شعر نہیں سکھایا) وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهٗ (اور نہ شعر کہنا ان کی شان کے لائق ہے) سو جب وہ شعر کہنا جانتے ہی نہیں اور ان کی شان کے لائق ہی نہیں تو تمہارے سامنے شاعرانہ باتیں کیسے بیان کر سکتے ہیں؟ شاعرانہ تخیلات تو جھوٹے ہوتے ہیں' ان میں جب تک ان کہنی نہ ہو اس وقت تک شعر شعر ہی نہیں ہوتا' پھر یوں بھی دیکھنا لازم ہے کہ یہ جو قرآن کریم آپ پیش فرماتے ہیں یہ شعر نہیں ہے نہ اس میں خیالی مضامین ہیں نہ شاعرانہ تک بندیاں ہیں بلکہ لفظی اعتبار سے نہایت فصیح اور بلیغ اور محکم کلام ہے اور معنوی اعتبار سے اس کے مضامین اعلیٰ درجہ کے محقق ہیں اور سراپا سچ ہیں لیکن دشمن جب اعتراض پر آ جائے تو اندھا بن جاتا ہے پھر اسے حق اور ناحق کی کچھ تمیز نہیں رہتی۔

اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّقُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ ۔ (وہ تو بس ایک نصیحت ہے اور قرآن مبین ہے) لِّيُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَيًّا (تاکہ وہ اسے ڈرائے جو زندہ ہے) یعنی عقل رکھتا ہے اور اسے حق اور ناحق کی سوجھ بوجھ ہے' بے عقلی کی وجہ سے اموات کے درجہ کو نہیں پہنچا۔ وَيَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ (اور کافروں پر حجت ثابت ہو جائے) یعنی جب قیامت کے دن کافروں کو عذاب ہونے لگے تو ان کے عذر پیش کرنے پر صاف صاف کہہ دیا جائے کہ تمہارے پاس اللہ تعالیٰ کا رسول پہنچا اس نے اللہ تعالیٰ کی کتاب سنائی ایمان کی دعوت دی لیکن تم نے نہیں مانا اور خود ہی مستحق عذاب ہوئے' آج کوئی معذرت کام دینے والی نہیں۔

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ اَيْدِيْنَآ اَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا مٰلِكُوْنَ ﴿۷۱﴾ وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ

کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم نے ان کیلئے ان چیزوں میں سے جو ہمارے ہاتھوں نے پیدا کیں مویشی پیدا کیے ہیں سو وہ ان کے مالک ہیں۔ اور ہم نے ان مویشیوں کو ان کا فرمانبردار

فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ وَمِنْهَا يَاْكُلُوْنَ ﴿۷۲﴾ وَلَهُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ۭ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۷۳﴾

بنا دیا ہے سو ان میں سے بعض ایسے ہیں جو انکی سواریاں ہیں اور بعض ایسے ہیں جنہیں وہ کھاتے ہیں۔ اور ان مویشیوں میں ان کیلئے منافع ہیں اور پینے کی چیزیں ہیں سو کیا یہ شکر ادا نہیں کرتے۔

وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لَّعَلَّهُمْ يُنْصَرُوْنَ ۞ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَهُمْ وَهُمْ لَهُمْ

اور انہوں نے اللہ کے سوا معبود بنا لیے ہیں اس امید پر کہ ان کی مدد کر دی جائے گی۔ وہ ان کی مدد نہیں کر سکتے اور وہ ان کے لیے ایک

جُنْدٌ مُّحْضَرُوْنَ ۞ فَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّا نَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۞

فریق ہو جائیں گے جو حاضر کر دیئے جائیں گے۔ سو آپ کو ان کی باتیں رنجیدہ نہ کریں بلا شبہ ہم جانتے ہیں جو کچھ یہ لوگ چھپاتے ہیں اور جو ظاہر کرتے ہیں۔

وقف لازم

جانوروں میں اللہ تعالیٰ کی نعمتیں ہیں' ان میں منافع اور مشارب ہیں

ایمانیات کا تذکرہ فرمانے کے بعد بعض دنیاوی منافع کا تذکرہ فرمایا' ارشاد فرمایا کیا ان لوگوں کو معلوم نہیں کہ ہم نے ان کے لیے محض اپنی قدرت سے چوپائے پیدا کیے' یہ لوگ چوپایوں کے مالک ہیں' ہر چیز کا حقیقی مالک تو اللہ تعالیٰ ہی ہے انسانوں کو بھی اس نے اپنی مخلوق میں سے بعض چیزوں کا مالک بنا دیا ہے' بندے مجازی مالک ہیں اور مالک ہوتے ہوئے ان احکام کے پابند ہیں جو شریعت اسلامیہ کی طرف سے مقرر کیے گئے ہیں جو شخص ان کی خلاف ورزی کرے گا گنہگار ہوگا یوں نہ سمجھے کہ میں اس جانور کا مالک ہوں جو چاہوں کروں۔

جانوروں کو اللہ تعالیٰ نے انسانوں کے قابو میں دے دیا ہے کچھ جانور ایسے ہیں جو سواری کا کام دیتے ہیں اور کچھ ایسے ہیں جو خوراک کے کام میں آتے ہیں ان کا گوشت کھایا جاتا ہے' جب کوئی جانور بدک جائے' یا چمک جائے' قابو سے باہر ہو جائے اس وقت انسان کو احساس ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی تسخیر سے یہ جانور ہمارے قابو میں ہے اگر بے قابو ہو جائے تو ہم اس سے کام نہیں لے سکتے' اسی لیے تو سواری کی دعا سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَلَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ وَاِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ تعلیم فرمائی۔ (سورۃ الزخرف ع نمبر ۱)

وَلَهُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ (اور چار پایوں میں ان کے لیے منافع ہیں اور پینے کی چیزیں ہیں سو کیا یہ شکر نہیں کرتے) اوپر دو منافع کا ذکر تھا' ایک یہ کہ جانور سواری کا کام دیتے ہیں اور دوسرے یہ کہ ان میں سے بعض کا گوشت کھایا جاتا ہے۔ اس آیت میں دوسرے منافع کا بھی اجمالاً ذکر فرمایا۔ مثلاً ان کی کھالیں دباغت کے بعد کام میں لاتے ہیں اور ان کے بال اور اون کاٹ کر بچھانے اور پہننے کی چیزیں تیار کرتے ہیں اور ان سے کھیتی جوتنے کا کام بھی لیتے ہیں، اور ان کے ذریعے پانی کھینچ کر کھیتوں کو سیراب کرتے ہیں، ساتھ ہی مشارب کا بھی ذکر فرمایا' صاحب روح المعانی فرماتے ہیں کہ اس سے دودھ مراد ہے اور مشارب مشرب کی جمع ہے جو مشروب کے معنی میں ہے اور دودھ کی چونکہ بہت سی اقسام ہیں اس لیے جمع لایا گیا۔

پھر دودھ سے گھی بھی بنتا ہے' لسی بھی بنتی ہے' دہی بھی بنائی جاتی ہے جن کو پیتے ہیں اور استعمال میں لاتے ہیں' یہ بھی جمع لانے کی ایک وجہ ہے۔

بعض مفسرینؒ نے فرمایا ہے کہ مشارب ظرف کا صیغہ ہے اور اس سے برتن مراد ہیں' زمانہ قدیم میں جانوروں کے چمڑوں سے مشکیزے تو بناتے ہی تھے پیالے بھی بنا لیتے تھے جس میں دودھ وغیرہ پیتے تھے' اگر یہ معنی مراد لیے جائیں تو یہ بھی بعید نہیں ہے اور اس سے مشارب کا جمع لانا اور زیادہ واضح ہو جاتا ہے۔

مشرکین کی بیوقوفی .... اس کے بعد فرمایا: وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لَّعَلَّهُمْ يُنْصَرُوْنَ ط اور ان لوگوں نے اللہ کے علاوہ معبود بنا لیے ہیں جن سے یہ امید رکھتے ہیں کہ یہ ہماری مدد کریں گے) لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَهُمْ (جن لوگوں سے مدد کی امید کر رکھی ہے

وہ ان کی مدد نہیں کر سکتے (وَهُمْ لَهُمْ جُنْدٌ مُّحْضَرُوْنَ (اور وہ ان کے لیے فریق مخالف ہو جائیں گے جو حاضر کر دیئے جائیں گے) یعنی اللہ کے سوا جنہیں معبود بنا کر ان سے مدد کی امید باندھے ہوئے ہیں وہ تو ان معبود بنانے والوں کے مخالف ہو جائیں گے اور میدان قیامت میں بالاضطرار حاضر کر دیئے جائیں گے اور وہاں حاضر ہو کر جنہوں نے انہیں معبود بنایا تھا ان کی مخالفت کریں گے۔ سورۂ مریم میں فرمایا: وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لِّيَكُوْنُوْا لَهُمْ عِزًّا ۝ كَلَّا سَيَكْفُرُوْنَ بِعِبَادَتِهِمْ وَيَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِمْ ضِدًّا (اور لوگوں نے خدا کو چھوڑ کر دوسرے معبود تجویز کر رکھے ہیں تاکہ ان کے لیے وہ باعث عزت ہوں، ہرگز نہیں وہ ان کی عبادت ہی کا انکار کریں گے اور ان کے مخالف ہو جائیں گے) وہاں جھوٹی آرزوؤں کی قلعی کھل جائے گی۔

فَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ اِنَّا نَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ (سو ان کی باتیں آپ کو رنجیدہ نہ کریں بلاشبہ ہم جانتے ہیں جو کچھ وہ چھپاتے ہیں اور جو کچھ ظاہر کرتے ہیں) اس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی دی ہے کہ آپ منکرین کی باتوں سے رنجیدہ نہ ہوں، ان میں عناد ہے بات ماننے کو تیار نہیں لہٰذا ان سے ایمان قبول کرنے کی امید رکھنا ہی غلط ہے آپ اپنے کام میں لگے رہیں اور ان کی باتوں سے آزردہ خاطر نہ ہوں ان کے دل کے حالات اور زبانی باتیں ہمیں سب معلوم ہیں ہم انہیں ان سب چیزوں کی سزا دے دیں گے۔

اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ۝ وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ

کیا انسان کو اس کا علم نہیں ہے کہ ہم نے اسے نطفہ سے پیدا کیا سو اچانک وہ علانیہ طور پر جھگڑالو ہو گیا۔ اور ہمارے بارے میں مثل بیان کرنے لگا اور اپنی پیدائش

خَلْقَهٗ ؕ قَالَ مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ ۝ قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ ؕ

کو بھول گیا۔ اس نے کہا کہ ہڈیوں کو کون زندہ کرے گا حالانکہ وہ بوسیدہ ہو چکی ہوں گی، آپ فرما دیجئے کہ انہیں وہی زندہ فرمائے گا جس نے انہیں پہلی مرتبہ پیدا فرمایا

وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمُ ۝ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَارًا فَاِذَآ اَنْتُمْ مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ ۝ اَوَلَيْسَ

اور وہ ہر چیز کا جاننے والا ہے۔ جس نے تمہارے لیے ہرے درخت سے آگ پیدا کی سو اچانک تم اس میں سے جلاتے ہو۔ جس نے آسمانوں کو

الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ ؕ بَلٰى ۚ وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ۝ اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ

اور زمین کو پیدا فرمایا کیا وہ اس پر قادر نہیں ہے کہ ان کے جیسے پیدا فرما دے، ہاں وہ قادر ہے اور وہ بڑا پیدا کرنے والا ہے خوب جاننے والا ہے۔ اس کا معمول یہی ہے

اَرَادَ شَيْـًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ۝ فَسُبْحٰنَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝

کہ جب وہ کسی چیز کے پیدا کرنے کا ارادہ فرمائے تو یوں فرما دیتا ہے کہ ہو جا سو وہ ہو جاتی ہے۔ سو پاک ہے وہ ذات جس کے ہاتھ میں ہر چیز کا پورا اختیار ہے اور تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

وقف غفران ع

انسان قیامت کا منکر ہے وہ اپنی خلقت کو بھول گیا

وقوع قیامت اور بعث اور حشر نشر کا جو لوگ انکار کیا کرتے تھے ان میں سے ایک شخص عاص بن وائل بھی تھا۔ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور ایک گلی سڑی ہڈی لے کر آیا اس ہڈی کو اس نے اپنے ہاتھ سے چورا چورا کیا اور کہنے لگا کہ اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) جب میں اس ہڈی کو اپنے ہاتھ سے پھینک دوں تو کیا اللہ تعالیٰ اسے زندہ فرما دے گا؟ آپ نے فرمایا ہاں اللہ تعالیٰ اسے زندہ فرما

دے گا پھر تجھے موت دے گا پھر تجھے زندہ فرمائے گا پھر تجھے دوزخ کی آگ میں داخل کرے گا۔ اس پر اَوَلَمْ یَرَ الْاِنْسَانُ سے لے کر ختم سورۃ تک آیات نازل ہوئیں، جس شخص سے یہ باتیں ہوئی تھیں اس کے بارے میں دیگر اقوال بھی ہیں جو روح المعانی جلد ۲۳ ص ۵۳ میں مذکور ہیں۔

ارشاد فرمایا کیا انسان کو معلوم نہیں ہے کہ ہم نے اسے نطفہ منی سے پیدا کیا؟ اس کو تو وہ جانتا ہے مانتا ہے، جب ہم نطفہ منی سے اسے پیدا کر سکتے ہیں تو بوسیدہ ہڈیوں کو مرکب کر کے ان میں جان کیوں نہیں ڈال سکتے؟ قیامت اور حشر نشر کی سچی خبر جو حضرات انبیاء کرام علیہم السلام نے دی اس کی تصدیق کرنے کے بجائے انسان بڑا جھگڑالو بن گیا اور ایسا جھگڑالو بنا کہ واضح طور پر وقوع قیامت اور موت کے بعد زندہ ہونے کا انکار کرنے لگا، جب اسے اپنے مبدء فطرت کا علم ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اسے ذلیل پانی سے پیدا فرمایا ہے تو اسے جھگڑنے اور یہ بات کہنے کا کیا مقام ہے کہ میں بوسیدہ ہڈیوں سے کیسے پیدا کیا جاؤں گا۔

اسی کو فرمایا وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا اور اس نے ہمارے بارے میں ایک مثل بیان کر دی اور ایسی بات کہہ دی جو فی نفسہ عجیب ہے۔ وَنَسِيَ اور وہ یہ بات بھول گیا کہ وہ کیسے پیدا کیا گیا ہے۔ قَالَ مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ کہ ہڈیوں کو کون زندہ کرے گا حالانکہ وہ بوسیدہ ہو چکی ہوں گی، یہ ہے وہ عجیب مضمون جسے اس نے اللہ تعالیٰ کی شان میں بیان کیا، بجائے یہ سمجھنے کے کہ میں جس طرح پہلے پیدا ہوا ہوں اسی طرح میرا خالق دوبارہ پیدا فرما دے گا ایسی بات کہنے لگا جس سے انکار بعث مقصود ہے۔

قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ (آپ جواب میں فرما دیجئے کہ ان ہڈیوں کو وہی زندہ فرمائے گا جس نے انہیں پہلی بار پیدا فرمایا) وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمٌ (اور وہ ہر مخلوق کو جاننے والا ہے) اس میں منکرین کا یہ اشکال دور کر دیا کہ ہڈیاں گل جائیں گی ان کے ریزے کہاں کہاں پہنچے ہوئے ہوں گے پھر کیسے جمع کیے جائیں گے؟ اللہ تعالیٰ نے فرما دیا کہ جس نے پیدا کیا تھا اسے سب پتہ ہے کہ کون سی چیز کہاں ہے اسے اس کا علم ہے کہ کون سا ذرہ کہاں پہنچا اور کس جگہ میں ہے۔

الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَارًا فَاِذَآ اَنْتُمْ مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ (جس نے تمہارے لیے ہرے درخت سے آگ پیدا کی سو اچانک تم اس میں سے جلاتے ہو) یعنی جس ذات پاک نے ہرے درخت میں سے آگ نکالی حالانکہ درخت پانی کے اثر سے ہرا بھرا ہوتا ہے اور درخت کو نچوڑیں تو اس میں سے پانی نکلتا ہے اور آگ اور پانی آپس میں ضد ہیں اس کے لیے جماد یعنی ایسی بے جان چیز میں جان ڈالنا کیا مشکل ہے جس میں ظاہری اعتبار سے اس کے مخالف اور منافی کوئی چیز موجود نہیں ہے اور وہ ایک بار زندگی پا چکی ہے۔

صاحب روح المعانی نے لکھا ہے کہ مرخ اور عفار دو درخت ہوتے تھے اور سرسبز ہوتے تھے جن میں سے پانی ٹپکتا تھا ان میں سے ایک کی ٹہنی لے کر دوسرے کی ٹہنی پر مارتے تھے تو اس سے آگ نکلتی تھی پھر اس آگ سے اپنی ضرورت کے لیے آگ جلا لیتے تھے ان دو درختوں میں سے ایک کا دوسرے پر مارا جانا چقماق کا کام دیتا تھا۔ اسی کو فرمایا فَاِذَآ اَنْتُمْ مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ (سو اچانک تم اس میں سے آگ جلاتے ہو)۔

اس کے بعد انسانوں کو دوبارہ پیدا فرمانے کی ایک اور دلیل ذکر فرمائی اور سوال کے پیرایہ میں فرمایا اَوَلَيْسَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ (جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا فرمایا کیا وہ اس پر قادر نہیں ہے کہ ان کے جیسے پیدا فرما دے) (بَلٰى وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ) (ہاں وہ قادر ہے اور وہ بڑا پیدا کرنے والا ہے) جس ذات پاک نے اتنے بڑے بڑے آسمان بنا دیئے اتنی بڑی زمین بنا دی اسکے بارے میں یہ کہنا کہ جب ہم مر جائیں گے تو وہ ہمیں کیسے پیدا کرے گا یہ سوال سراسر حماقت ہے۔

اللہ پاک قادر مطلق ہے سب کواسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے.......... اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْـًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ (اس کی شان یہی ہے کہ جب وہ کسی چیز کے پیدا کرنے کا ارادہ فرمائے تو یوں فرمادیتا ہے کہ ہو جا سو وہ ہو جاتی ہے' سو جب صرف کُنْ فرمادینے سے سب کچھ وجود میں آجاتا ہے تو زندوں کو موت دے کر دوبارہ زندہ فرمانا کیونکر مشکل ہو سکتا ہے؟

فَسُبْحٰنَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ (سو پاک ہے وہ ذات جس کے ہاتھ میں ہر چیز کا پورا اختیار ہے اور تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے) اس کی ذات ہر عیب اور نقص سے پاک ہے کسی بھی چیز کے پیدا کرنے سے عاجز نہیں' مردہ انسانوں کو دوبارہ زندہ فرمانا بھی اس کی قدرت سے باہر نہیں تمہیں لوٹ کر اسی کی طرف جانا ہے اس کی قدرت کا انکار کرو گے تو سزا پاؤ گے۔

ولقد تمّ تفسیر سورۃ یٰسٓ والصلوۃ والسلام علی سید الانبیاء والمرسلین و علی اٰلہ واصحابہ وَمَنْ تَبِعَهُمْ بِاِحْسَانٍ اِلٰی يَوْمِ الدِّيْنِ.

☆☆☆..........................☆☆☆

مکی	سورۃ الصّٰفّٰت	۱۸۲ آیتیں اور ۵ رکوع

(۳۷) سُوْرَةُ الصّٰٓفّٰتِ مَكِّيَّةٌ (۵۶) — اٰيَاتُهَا ۱۸۲ — رُكُوْعَاتُهَا ۵

سورۂ صافات مکہ معظمہ میں نازل ہوئی اس میں ایک سو بیاسی آیات اور پانچ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ۝١ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۝٢ فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ۝٣ اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ۝٤

قسم ہے صف بنا کر کھڑے ہونے والے فرشتوں کی۔ پھر ان فرشتوں کی جو بندش کرنے والے ہیں۔ پھر ان فرشتوں کی جو ذکر کی تلاوت کرنے والے ہیں۔ بلاشبہ تمہارا معبود ایک ہے۔

رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ۝٥ اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ ۨ الْكَوَاكِبِ ۝٦

جو رب ہے آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ ان کے درمیان ہے اور رب ہے مشارق کا۔ بلاشبہ ہم نے قریب والے آسمان کو زینت دی ہے خاص زینت یعنی ستاروں کے ذریعہ۔

وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ۝٧ لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ۝٨

اور حفاظت کی ہے ہر سرکش شیطان سے۔ یہ لوگ عالم بالا کی طرف کان نہیں لگا سکتے اور وہ ہر جانب سے مار کر دھکے دیئے جاتے ہیں

دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ۝٩ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ۝١٠

اور ان کے لیے دائمی عذاب ہے۔ سوائے اس شیطان کے جو اچک کر لے بھاگے تو اس کے پیچھے ایک شعلہ دہکتا ہوا لگ جاتا ہے۔

صرف اللہ تعالیٰ ہی معبود ہے
آسمان وزمین اور مشارق ومغارب کا رب ہے

ابتدائی تین آیات میں تو فرشتوں کی قسم کھائی ہے اور قسم کھا کر فرمایا ہے کہ بلا شبہ تمہارا معبود ایک ہی ہے۔ اوّلاً صف بنا کر کھڑے ہونے والے فرشتوں کی قسم کھائی فرمایا: وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا (قسم ہے صف بنا کر کھڑے ہونے والے فرشتوں کی) جو عبادت خداوندی کے لیے صف باندھ کر کھڑے ہوتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: الا تصفون كما تصف الملٰئكة عِندَ رَبِّهَا (کیا تم اس طرح صف نہیں بناتے جس طرح فرشتے اپنے رب کے پاس صف بناتے ہیں) صحابہؓ نے عرض کیا فرشتے اپنے رب کے پاس کیسے صف بناتے ہیں؟ آپ نے فرمایا کہ وہ پہلی صفوں کو پورا کرتے ہیں اور صفوں میں خوب مل مل کر کھڑے ہوتے ہیں۔ (رواہ مسلم کما فی المشکوٰۃ ص ۹۸)

منزل ۶

فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۔ یہ لفظ زجر سے لیا گیا ہے زجر جھڑکنے اور منع کرنے کو کہتے ہیں اسی لیے ترجمہ یوں لکھا گیا ہے پھر ان فرشتوں کی قسم جو بندش کرنے والے ہیں۔ فرشتوں کا زجر کرنا اور روکنا کیا ہے؟ روح المعانی میں لکھا ہے کہ اس سے یہ مراد ہے کہ فرشتے اللہ کے بندوں کو گناہوں سے روکتے ہیں اور ان کے دل میں خیر کی باتیں ڈالتے ہیں اور شیاطین کو وسوسے ڈالنے سے روکتے ہیں۔

فَالتّٰلِیٰتِ ذِکْرًا (پھر قسم ہے ان فرشتوں کی جو ذکر کی تلاوت کرنے والے ہیں) اس کا ایک مطلب مفسرینؒ نے یہ بتایا ہے کہ ان فرشتوں کی قسم جو اللہ تعالیٰ کی کتاب قرآن کریم اور دوسری کتابیں لاتے رہے اور جس نبی کے پاس لائے اس پر پڑھتے رہے اور ایک مطلب یہ بتایا ہے کہ ان فرشتوں کی قسم کھائی ہے جو ذکر الٰہی میں مشغول رہتے ہیں اور تسبیح و تقدیس میں لگے رہتے ہیں۔

اِنَّ اِلٰھَکُمْ لَوَاحِدٌ یہ جواب قسم ہے قسم کھا کر فرمایا کہ بلاشبہ تمہارا معبود ایک ہی ہے پھر اس معبود کی صفت بیان کرتے ہوئے فرمایا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَھُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ وہ آسمانوں کا اور زمین کا رب ہے اور جو کچھ ان کے درمیان ہے ان کا بھی رب ہے اور مشارق کا بھی رب ہے۔

مشارق مشرق کی جمع ہے .... یہاں رَبُّ الْمَشَارِقِ فرمایا ہے اور سورۃ المعارج میں فَلَآ اُقْسِمُ بِرَبِّ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ فرمایا ہے اور سورۃ الرحمٰن میں رَبُّ الْمَشْرِقَیْنِ وَرَبُّ الْمَغْرِبَیْنِ۔ فرمایا ہے۔

مشارق اور مغارب جمع ہیں اور مَشْرِقَیْنِ اور مَغْرِبَیْنِ تثنیہ ہیں اور سورۃ المزمل میں رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ فرمایا ہے ان میں واحد کا صیغہ تو جنس کے اعتبار سے ہے اور تثنیہ سردی اور گرمی کے موسموں کے اعتبار سے ہے کیونکہ سردی کے دنوں میں آفتاب کے طلوع اور غروب ہونے کی جگہ اس جگہ کے علاوہ ہے جو گرمی میں غروب ہونے اور طلوع ہونے کی جگہ ہے اور جمع اس اعتبار سے ہے کہ مشرق اور مغرب بدلتے رہتے ہیں۔

اسکے بعد ستاروں کا تذکرہ فرمایا: اِنَّا زَیَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْیَا بِزِیْنَةِ نِ الْکَوَاکِبِ بلاشبہ ہم نے قریب والے آسمان کو ایک خاص زینت کے ساتھ مزین کیا یعنی ستاروں کے ذریعے اسے زینت دی۔ وَحِفْظًا مِّنْ کُلِّ شَیْطٰنٍ مَّارِدٍ ای و حَفِظْنٰھَا حِفْظًا اور ہم نے آسمان کو محفوظ کیا ہر سرکش شیطان سے (شیاطین اوپر جا کر فرشتوں کی باتیں سننے کی جو کوشش کرتے ہیں ستارے انہیں مار بھگاتے ہیں۔

ستارے آسمان و دنیا کے لیے زینت ہیں اور شیاطین سے محفوظ رہنے کا ذریعہ ہیں .... رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے پہلے شیاطین نے ایک دھندہ بنا رکھا تھا اوپر جاتے تھے باتیں سنتے تھے اور باتیں لا کر کاہنوں کے کان میں ڈالتے تھے اور وہ اس میں سو جھوٹ ملا کر آگے بڑھاتے تھے اوپر سے سنی ہوئی سچی بات نکل جاتی تھی تو لوگ کاہنوں کے معتقد ہو جاتے تھے کہ دیکھو یہ غیب کی باتیں بتاتے ہیں، جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت ہوئی تو وہاں پہرہ لگ گیا' اب شیاطین اوپر جاتے ہیں تو مار کھاتے ہیں۔

اسی کو فرمایا لَا یَسَّمَّعُوْنَ اِلَی الْمَلَاِ الْاَعْلٰی (وہ ملاء اعلیٰ کی بات نہیں سن سکتے) وَیُقْذَفُوْنَ مِنْ کُلِّ جَانِبٍ دُحُوْرًا (اور وہ مارے جاتے ہیں ہر جانب سے دھتکارے ہوئے) یعنی اوپر پہنچ کر کان تو لگاتے ہیں لیکن مار پڑنے اور دھتکارے جانے کی وجہ سے سن نہیں پاتے۔ وَلَھُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ (اور ان کے لیے دائمی عذاب ہے) یعنی دنیاوی مار پیٹ اور دھتکار کے علاوہ آخرت میں مستقل عذاب ہوگا جو دائمی ہوگا۔ (اور ظاہر اسیاق آیت لایسمعون سے معلوم ہوتا ہے کہ اوّل استماع کی نفی کی باعتبار اکثر کے پھر بعد استماع شاذ و نادر سے یقذفون میں سمع کی نفی کی پھر بعد سمع اتفاقی کے اتبعہٗ سے سماع کی نفی کی اور من کل جانب کا مطلب یہ نہیں کہ ہر شیطان کو ہر طرف سے رجم کرتے ہیں بلکہ مطلب یہ ہے کہ جس طرف کوئی شیطان جائے ادھر ہی مرجوم ہوتا ہے۔)

اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ (مگر ان میں سے جس نے کوئی بات اچک لی) یعنی فرشتے جو آپس میں باتیں کرتے ہیں مار پڑنے سے پہلے ان میں سے کوئی بات کسی نے اچک لی اور وہاں سے لے کر چل دیا تو اس کے پیچھے ایک روشن شعلہ لگ جاتا ہے اور یہ روشن شعلہ اس پر پڑتا ہے تو اسے جلا دیتا ہے یا اس کے بعض اعضاء کٹ جاتے ہیں یا وہ دیوانہ ہو جاتا ہے۔

آیت کریمہ سے معلوم ہوا کہ ستاروں کے ذریعے سرکش شیاطین سے آسمان کی حفاظت کا انتظام کیا گیا ہے۔ سورۂ ملک میں واضح طور پر فرمایا ہے: وَجَعَلْنٰهَا رُجُوْمًا لِّلشَّيٰطِيْنِ (اور ہم نے ستاروں کو شیاطین کے مارنے کا ذریعہ بنایا ہے) اور سورۃ الحجر اور سورۃ الصافات میں فرمایا ہے کہ شیطان اوپر بات سننے لگتے ہیں تو انہیں شعلہ مار دیا جاتا ہے۔ بعض لوگوں نے یہ اشکال کیا ہے کہ ستارے تو اپنی جگہ چھوڑ کر شیاطین کے پیچھے دوڑتے ہوئے نظر نہیں آتے پھر ستاروں کے مارنے کا کیا مطلب ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ ضروری نہیں ہے کہ جو ستارے اس کام پر لگے ہوئے ہیں وہ ہمیں نظر آتے ہوں، اور یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ یہ شعلہ جسے سورۃ الحجر میں شِهَابٌ مُّبِيْنٌ اور سورۃ الصّٰفّٰت میں شِهَابٌ ثَاقِبٌ فرمایا ہے یہ شہاب بعض ستاروں کی سخونت (یعنی گرمی) سے پیدا ہوتے ہوں اور یہ بھی سمجھنا چاہیے کہ شہاب ثاقب دن کو بھی شیاطین کا پیچھا کرتا ہے لیکن سورج کی روشنی کی وجہ سے نظر نہیں آتا لہٰذا یہ سوال پیدا ہی نہیں ہوتا شیاطین رات ہی کو بات سننے کے لیے کیوں اوپر جاتے ہیں؟ اور یہ بھی سمجھنا چاہیے کہ یہ ضروری نہیں کہ آسمان پر جو انگارہ نظر آئے وہ شیاطین ہی کے مارنے کے لیے ہو اس کے وجود کے دوسرے اسباب بھی ہو سکتے ہیں۔

فَاسْتَفْتِهِمْ اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ خَلَقْنَا ؕ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ ﴿۱۱﴾ بَلْ عَجِبْتَ

سو آپ ان سے دریافت کر لیجئے کیا وہ پیدائش کے اعتبار سے زیادہ سخت ہیں یا ہماری پیدا کی ہوئی دوسری چیزیں، بے شک انہیں ہم نے چپکتی ہوئی مٹی سے پیدا کیا ہے بلکہ آپ تعجب کرتے ہیں

وَيَسْخَرُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَاِذَا ذُكِّرُوْا لَا يَذْكُرُوْنَ ﴿۱۳﴾ وَاِذَا رَاَوْا اٰيَةً يَّسْتَسْخِرُوْنَ ﴿۱۴﴾ وَقَالُوْۤا اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا

اور وہ لوگ تمسخر کرتے ہیں اور جب انہیں نصیحت کی جاتی ہے تو نصیحت کو نہیں سمجھتے۔ اور جب وہ کوئی معجزہ دیکھتے ہیں تو ہنسی اڑاتے ہیں۔ اور انہوں نے کہا کہ یہ کھلے ہوئے جادو کے علاوہ

سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵﴾ ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿۱۶﴾ اَوَ اٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ﴿۱۷﴾ قُلْ نَعَمْ وَاَنْتُمْ

کچھ نہیں ہے۔ کیا جب ہم مر جائیں گے اور ہم مٹی اور ہڈیاں ہو جائیں گے۔ تو کیا ہم پھر اٹھائے جائیں گے کیا ہمارے پرانے باپ دادے بھی۔ آپ فرما دیجئے ہاں

دَاخِرُوْنَ ﴿۱۸﴾ فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ فَاِذَا هُمْ يَنْظُرُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَقَالُوْا يٰوَيْلَنَا هٰذَا يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿۲۰﴾ هٰذَا يَوْمُ

اور تم ذلیل ہو گے۔ بس وہ ایک للکار ہوگی سو یکایک وہ سب کھڑے دیکھ رہے ہوں گے۔ اور یوں کہیں گے کہ ہائے ہماری

الْفَصْلِ الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿۲۱﴾

کم بختی یہ تو روز جزا ہے۔ فیصلہ کا دن ہے جس کو تم جھٹلایا کرتے تھے۔

معجزات کا استہزاء کرنے والوں اور وقوع قیامت کے منکرین کی تردید اور ان کے لیے وعید شدید

ان آیات میں اثبات توحید بھی ہے اور اثبات معاد بھی ہے اور منکرین کے استعجاب کی تردید بھی۔ اول تو یہ فرمایا کہ آپ ان سے پوچھ

لیجئے کہ یہ لوگ یعنی منکرین بعث بناوٹ میں زیادہ سخت ہیں یا دوسری چیزیں جو اللہ تعالیٰ نے پیدا کی ہیں ان کا ذکر اوپر ہو چکا ہے' ظاہر ہے کہ وہی چیزیں زیادہ سخت ہیں جب انسان یہ جانتا ہے کہ مجھ سے زیادہ مضبوط اور سخت چیزیں موجود ہیں تو پھر دوبارہ اپنے پیدا کیے جانے کا کیسے انکار کرتا ہے؟ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ (بے شک ہم نے انہیں چپکتی ہوئی مٹی سے پیدا کیا ہے) جو چپکتی ہوئی مٹی سے پیدا ہوا ہے جس میں نہ کچھ قوت ہے نہ صلابت ہے اس کو خود غور کرنا چاہیے کہ جب اتنی بڑی بڑی سخت مخلوق کو رب العالمین جل مجدہ نے پیدا فرمایا تو مجھ جیسے ضعیف کو پیدا کرنا اس کے لیے کیا مشکل ہے۔ مجھے پہلے بھی اسی نے پیدا کیا ہے اور موت کے بعد دوبارہ بھی وہی پیدا فرمائے۔ **قال صاحب الروح احتجاج علیهم فی امر البعث بان الطین اللازب الذی خلقوا منه فی ضمن خلق ابیهم ادم علیه السلام تراب فمن این استنکروا ان یخلقوا منه مرة ثانیة۔**

بَلْ عَجِبْتَ وَيَسْخَرُوْنَ (بلکہ بات یہ ہے کہ آپ تو ان کے انکار پر تعجب کرتے ہیں کیونکہ یہ قدرت الٰہیہ کے منکر ہیں اور یہ لوگ تمسخر کرتے ہیں مذاق بناتے ہیں) وَاِذَا ذُكِّرُوْا لَا يَذْكُرُوْنَ (اور جب ان کو سمجھایا جاتا ہے تو نہیں سمجھتے) (دلائل عقلیہ ان کے سامنے لائے جاتے ہیں تو ان سے بھی منتفع نہیں ہوتے) وَاِذَا رَاَوْا اٰيَةً يَّسْتَسْخِرُوْنَ ۝ (اور جب کوئی معجزہ دیکھتے ہیں، جو آپ کی نبوت ثابت کرنے کے لئے ان کی نظروں کے سامنے آتا ہے تو اس کا مذاق اڑاتے ہیں۔ وَقَالُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ (اور کہتے ہیں کہ یہ جو کچھ ہم نے دیکھا یہ تو کھلا ہوا جادو ہے) بس جب دلائل عقلیہ میں بھی غور و فکر نہیں کرتے اور معجزات کو بھی جادو بتا دیتے تو ان سے قبول حق کی کیا امید رکھی جاسکتی ہے۔

ءَاِذَا مِتْنَا (الأیتین) وہ لوگ یہ بھی کہتے ہیں کیا جب ہم مرجائیں گے اور مٹی اور ہڈیاں ہو جائیں گے کیا ہم پھر زندہ کیے جائیں گے اور کیا ہمارے اگلے باپ دادا بھی زندہ ہوں گے (ان کی یہ بات استفہام انکاری کے طور پر ہے بعث بعد الموت کا انکار کرتے ہیں' انہوں نے کہا کہ مٹی ہو کر اور ہڈیوں کا ریزہ ریزہ بن جانے کے بعد دوبارہ زندہ ہونا ہماری سمجھ میں نہیں آتا ہم اسے نہیں مانتے۔

قُلْ نَعَمْ وَاَنْتُمْ دَاخِرُوْنَ (آپ فرما دیجئے کہ ہاں اور تم ذلیل بھی ہو گے) یعنی تمہارے انکار کے باوجود تمہیں قیامت میں زندہ ہونا ہے اور قبروں سے اٹھنا ہے' تمہارے پرانے باپ دادے بھی زندہ کیے جائیں گے اور قبروں سے اٹھیں گے اور تم ذلیل بھی ہو گے' حق بات تمہارے سامنے آتی ہے تو اس کے منکر ہو جاتے ہو' اس دن منکر اور کافر کی ذلت یقینی ہے۔ فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ قادر مطلق جل مجدہ کے لیے قیامت قائم کرنا اور مرنے کے بعد دوبارہ زندہ کرنا ذرا بھی دشوار نہیں ہے' اس کے حکم سے ایک چیخ وجود میں آئے گی یعنی پہلی بار صور پھونکے جانے کے بعد دوبارہ صور پھونکا جائے گا تو سب قبروں سے نکل کر دیکھنے لگیں گے جیسا کہ موت سے پہلے سابقہ زندگی میں دیکھا کرتے تھے' کما فی سورۃ الزمر: ثُمَّ نُفِخَ فِيْهِ اُخْرٰى فَاِذَا هُمْ قِيَامٌ يَّنْظُرُوْنَ ۝

وَقَالُوْا يٰوَيْلَنَا هٰذَا يَوْمُ الدِّيْنِ (اور کہیں گے ہائے ہماری کم بختی یہ تو روز جزا ہے) جس کا ہم انکار کیا کرتے تھے' باری تعالیٰ کا ارشاد ہوگا: هٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ (یہ فیصلہ کا دن ہے جس کو تم جھٹلایا کرتے تھے) تمہارے جھٹلانے سے اس کی آمد نہیں رکی' اب تو تمہیں سزا بھگتنی ہی ہوگی۔

اُحْشُرُوا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَاَزْوَاجَهُمْ وَمَا كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ ۝ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَاهْدُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطِ

ظالموں کو اور ان کے ہم مشربوں کو جمع کر لو اور ان معبودوں کو جن کی وہ لوگ اللہ کو چھوڑ کر عبادت کیا کرتے تھے۔ پھر انہیں دوزخ کا

الْجَحِیْمِ ﴿۲۳﴾ وَقِفُوْهُمْ اِنَّهُمْ مَّسْئُوْلُوْنَ ﴿۲۴﴾ مَا لَكُمْ لَا تَنَاصَرُوْنَ ﴿۲۵﴾ بَلْ هُمُ الْیَوْمَ مُسْتَسْلِمُوْنَ ﴿۲۶﴾

راستہ دکھادو۔ اور انہیں ٹھہراؤ بے شک ان سے سوال کیا جائے گا۔ کیا بات ہے کہ تم ایک دوسرے کی مدد نہیں کرتے۔ بلکہ وہ آج سب کے سب ہار مانے ہوئے ہوں گے۔

وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ یَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿۲۷﴾ قَالُوْٓا اِنَّكُمْ كُنْتُمْ تَاْتُوْنَنَا عَنِ الْیَمِیْنِ ﴿۲۸﴾ قَالُوْا بَلْ

اور ان میں سے بعض بعض کی طرف متوجہ ہو کر ایک دوسرے سے سوال کریں گے۔ کہیں گے کہ بے شک تم ہمارے پاس بڑے زوردار طریقے سے آیا کرتے تھے۔ متبوعین

لَّمْ تَكُوْنُوْا مُؤْمِنِیْنَ ﴿۲۹﴾ وَمَا كَانَ لَنَا عَلَیْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ ۚ بَلْ كُنْتُمْ قَوْمًا طٰغِیْنَ ﴿۳۰﴾ فَحَقَّ عَلَیْنَا

کہیں گے بلکہ بات یہ ہے کہ تم خود ہی ایمان لانے والے نہ تھے۔ اور تم پر ہمارا کوئی زور نہیں تھا بلکہ بات یہ ہے کہ تم سرکشی کرنے والے تھے۔ سو ہم پر ہمارے رب کی

قَوْلُ رَبِّنَآ ۖ اِنَّا لَذَآئِقُوْنَ ﴿۳۱﴾ فَاَغْوَیْنٰكُمْ اِنَّا كُنَّا غٰوِیْنَ ﴿۳۲﴾ فَاِنَّهُمْ یَوْمَئِذٍ فِی الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ ﴿۳۳﴾

بات ثابت ہوگئی، بلاشبہ ہم سب چکھنے والے ہیں۔ سو بلاشبہ ہم نے تمہیں بہکایا بے شک ہم خود بھی گمراہ تھے۔ سو بلاشبہ وہ لوگ آج کے دن عذاب میں شریک ہوں گے۔

اِنَّا كَذٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِیْنَ ﴿۳۴﴾ اِنَّهُمْ كَانُوْٓا اِذَا قِیْلَ لَهُمْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ۙ یَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۳۵﴾

بلاشبہ ہم مجرموں کیساتھ ایسا ہی کرتے ہیں۔ یقینی بات ہے کہ ان کا ڈھنگ یہ تھا کہ جب ان سے کہا جاتا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے تو تکبر کیا کرتے تھے۔

وَیَقُوْلُوْنَ اَئِنَّا لَتَارِكُوْٓا اٰلِهَتِنَا لِشَاعِرٍ مَّجْنُوْنٍ ﴿۳۶﴾

اور کہتے تھے کیا ہم ایک ایسے شخص کی وجہ سے اپنے معبودوں کو چھوڑ دیں جو شاعر ہے دیوانہ ہے۔

قیامت کے دن مجرمین کا ایک دوسرے پر بات ڈالنا اور چھوٹوں کا بڑوں کو الزام دینا

یہاں سے سورۃ الصّٰفّٰت کا دوسرا رکوع شروع ہو رہا ہے اس میں روز قیامت کے بعض مناظر اور اہل دوزخ کی آپس کی بعض باتیں اور اہل جنت کے اکرام و انعام کا اور باہمی گفتگو کا تذکرہ فرمایا ہے اور رکوع ختم ہونے سے چند آیات پہلے زقوم کے درخت کا اور اس کے کھانے والوں کا تذکرہ فرمایا ہے۔

اُحْشُرُوا الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا (الآیات التسع) اول تو یہ فرمایا کہ دوسرا صور پھونکے جانے کے بعد جب میدان حشر میں پہنچیں گے تو اللہ جل شانہ کا ارشاد ہوگا کہ جن لوگوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا یعنی کفر اختیار کیا اور اس کے داعی بنے انہیں اور ان کے ہم مشربوں یعنی ان کا اتباع کرنے والوں کو اور ان معبودوں کو جن کی وہ اللہ کو چھوڑ کر عبادت کیا کرتے تھے ان سب کو جمع کرو' ان کو ایک جگہ جمع کر کے دوزخ کا راستہ بتادو کہ جاؤ اس میں داخل ہو جاؤ' اور ہاں ان کو ذرا ٹھہرالو ان سے سوال کیا جائے گا' جب ان کو ٹھہرا لیا جائیگا تو یہ سوال ہوگا کہ آج آپس میں ایک دوسرے کی مدد کیوں نہیں کرتے؟ دنیا میں تو بڑے یار یار بنے ہوئے تھے اور مدد کے وعدے بھی کرتے تھے' جو لوگ کفر کی دعوت دیتے تھے وہ تو یہاں تک کہہ دیتے تھے: اِتَّبِعُوْا سَبِیْلَنَا وَلْنَحْمِلْ خَطٰیٰكُمْ (سورۂ عنکبوت) (کہ تم ہماری راہ کا اتباع کرلو تمہاری خطاؤں کو ہم اٹھالیں گے) کیا بات ہے آج تم میں سے کوئی بھی کسی کا مددگار نہیں؟ وہاں تو ہر ایک خود ہی مبتلائے عذاب ہوگا دوسرے کی کچھ بھی مدد نہ کر سکے گا اور سب شرم کے مارے سر جھکائے ہار مانے ہوئے کھڑے ہوں گے اور یہ مان لیں گے اور جان لیں گے کہ واقعی ہم

مستحق عذاب ہیں۔

حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس کسی بھی شخص نے (دنیا میں) کسی بھی چیز کی طرف دعوت دی ہوگی تو یہ شخص قیامت کے دن کھڑا کیا جائے گا جس کو دعوت دی ہوگی وہ اسے پکڑے رہے گا اس سے جدا نہیں ہوگا' اگرچہ ایک ہی شخص نے ایک ہی شخص کو دعوت دی ہوگی' اس کے بعد آپ نے یہ آیت تلاوت فرمائی: وَقِفُوْهُمْ اِنَّهُمْ مَّسْئُوْلُوْنَ مَا لَكُمْ لَا تَنَاصَرُوْنَ. (رواه الترمذی فی تفسیر سورة الصّٰفّٰت).

آپس میں ایک دوسرے کی مدد تو کیا کرتے وہاں تو چھوٹے بڑوں کو الزام دیں گے اور بڑوں سے کہیں گے کہ تم نے تو ہمارا ناس کر دیا' دنیا میں تمہارا یہ حال تھا کہ ہمارے پاس بڑے زوردار طریقے سے آتے تھے اور ہم پر خوب زور ڈال کر کفر و شرک کی راہ دکھاتے تھے اور اپنی چودھراہٹ اور سرداری کو استعمال کرتے تھے آج جب ہم مصیبت میں پھنسے ہوئے ہیں تو تمہاری طرف سے کچھ بھی مدد نہیں؟ ان کے بڑے سردار اور چودھری کہیں گے بات یہ ہے کہ ہم نے جو کچھ کیا وہ اپنی جگہ ہے تمہاری گمراہی صرف ہمارے ہی گمراہ کرنے پر منحصر نہ تھی بلکہ تم خود ہی مؤمن نہیں تھے' ہم نے تم سے جو کچھ کہا اور تمہیں جو کچھ بتایا وہ بہت سے بہت ایسی بات تھی کہ تم کو کفر پر جمے رہنے کی تاکید کرتے رہے' کافر تو تم خود ہی تھے اگر ہم تمہیں نہ بہکاتے اپنے کفر کی وجہ سے پھر بھی تم آج سزا پاتے' اور اس بات کا بھی تو خیال کرو کہ ہم نے تمہیں جو کچھ بتایا اور کفر پر ابھارا اس میں ہماری باتیں ہی باتیں تو تھیں تم پر ہمارا ایسا کوئی تسلط نہیں تھا کہ لٹھ مارتے اور تلوار دکھا کر کفر پر جمے رہنے کی تاکید کرتے' بات یہ ہے کہ تم خود ہی سرکش تھے تمہارے جذبات اور ہمارے جذبات میں یگانگت تھی لہٰذا تم نے ہماری بات مان لی۔قال صاحب الروح: بَلْ كُنْتُمْ قَوْمًا طٰغِيْنَ جواب آخر تسليمي على فرض اضلالهم بانهم لم يجبروا عليه و انما دعوهم له فاجابوا باختيار هم لموافقة ما دعوا اليه هوا هم۔ (صاحب تفسیر روح المعانی والے فرماتے ہیں بَلْ كُنْتُمْ قَوْمًا طٰغِيْنَ یہ ایک دوسرا جواب ہے جو اس طرح ہے کہ بالفرض ہم مان لیتے ہیں کہ ہم نے تمہیں گمراہ کیا لیکن ہم نے تمہیں اس گمراہی کے ماننے پر مجبور نہیں کیا ہم نے تو فقط دعوت ہی دی اور انہوں نے اپنی مرضی و پسند سے اس دعوت کو قبول کر لیا۔)

مجرمین کا اقرار کہ ہم عذاب کے مستحق ہیں .... فَحَقَّ عَلَيْنَا قَوْلُ رَبِّنَآ اِنَّا لَذَآئِقُوْنَ (سو ہم پر ہمارے رب کی بات ثابت ہوگئی بلا شبہ ہم سب چکھنے والے ہیں) یعنی ہمارے خالق اور مالک نے جو کافروں کے لیے جہنم کا داخلہ طے فرما دیا تھا۔ اسی کے مطابق ہمیں اور تمہیں عذاب چکھنا ہوگا: فَاَغْوَيْنٰكُمْ اِنَّا كُنَّا غٰوِيْنَ (سو ہم نے تم کو بہکا دیا بے شک ہم بھی گمراہ تھے) تم بھی کافر تھے اور ہم بھی اب عذاب سے چھٹکارے کا کوئی راستہ نہیں ہمیں الزام دے کر تمہارا بچاؤ نہیں ہو سکتا۔

اتباع اور تابعین سب عذاب میں مشترک ہوں گے .... فَاِنَّهُمْ يَوْمَئِذٍ فِي الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ (ارشاد خداوندی ہے کہ وہ سب لوگ تابع اور متبوع' بڑے اور چھوٹے اس دن عذاب میں شریک ہوں گے' اِنَّا كَذٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِيْنَ (بلا شبہ ہم مجرمین کے ساتھ ایسا ہی کیا کرتے ہیں) مشرکوں اور کفاروں کے لیے عذاب طے شدہ ہے جس میں ضرور مبتلا ہوں گے۔ اِنَّهُمْ كَانُوْا اِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يَسْتَكْبِرُوْنَ (بے شک جب ان کے سامنے معبود برحق کی الوہیت کی دعوت دی جاتی تھی اور ان کے سامنے مضمون لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ بیان کیا جاتا تھا تو تکبر کرتے تھے یعنی اس کلمہ کے ماننے سے نفرت کرتے تھے اور اس کے قبول کرنے میں اپنی ہتک سمجھتے تھے' اس طرح توحید کا انکار کرتے تھے۔ وَيَقُوْلُوْنَ اَئِنَّا لَتَارِكُوْٓا اٰلِهَتِنَا لِشَاعِرٍ مَّجْنُوْنٍ (اور یوں کہتے تھے کیا ہم اپنے معبودوں کو چھوڑ دیں ایک شاعر دیوانہ کی وجہ سے) اس میں رسالت کا انکار ہے' انکار توحید اور انکار رسالت دنیا میں دونوں باتوں پر جمے

رہتے ہیں اسی طرح مجرم بن کر آخرت میں اللہ کے دربار میں پہنچیں گے اور عذاب بھگتیں گے۔

بَلْ جَآءَ بِالْحَقِّ وَصَدَّقَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۳۷﴾ اِنَّكُمْ لَذَآئِقُوا الْعَذَابِ الْاَلِيْمِ ﴿۳۸﴾ وَمَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ

بلکہ بات یہ ہے کہ وہ سچ لے کر آیا اور دوسرے پیغمبروں کی تصدیق کی۔ بلاشبہ تم دردناک عذاب کو چکھنے والے ہو اور تمہیں انہی کاموں کا بدلہ دیا جائے گا جو تم

تَعْمَلُوْنَ ﴿۳۹﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۴۰﴾ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ رِزْقٌ مَّعْلُوْمٌ ﴿۴۱﴾ فَوَاكِهُ ۚ وَهُمْ مُّكْرَمُوْنَ ﴿۴۲﴾ فِيْ

کیا کرتے تھے۔ ہاں جو اللہ کے مخلص بندے ہیں ان کا حال دوسرا ہوگا۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کے لیے رزق معلوم یعنی میوے ہیں اور وہ نعمت کے باغوں میں

جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿۴۳﴾ عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿۴۴﴾ يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِكَاْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ ﴿۴۵﴾ بَيْضَآءَ لَذَّةٍ

باعزت رہیں گے۔ آمنے سامنے تختوں پر بیٹھے ہوں گے۔ ان کے پاس شراب کا ایسا جام لایا جائے گا جو بہتی ہوئی شراب سے بھرا ہوا ہوگا۔ وہ شراب سفید ہوگی پینے والوں

لِّلشّٰرِبِيْنَ ﴿۴۶﴾ لَا فِيْهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ عِيْنٌ ﴿۴۸﴾

کے لیے لذیذ ہوگی۔ نہ اس سے دردسر ہوگا اور نہ اس سے عقل میں فتور آئے گا۔ اور انکے پاس بڑی بڑی آنکھوں والی بیویاں ہوں گی جن کی نظریں نیچی ہوں گی۔

كَاَنَّهُنَّ بَيْضٌ مَّكْنُوْنٌ ﴿۴۹﴾

گویا کہ وہ بیضے ہیں جو چھپے ہوئے رکھے ہیں۔

کافر دردناک عذاب میں ہوں گے اور اللہ کے مخلص بندے عزت کے ساتھ تختوں پر جنت کی نعمتوں میں مشغول ہوں گے

اس میں منکرین اور معاندین کی تردید ہے ارشاد فرمایا کہ یہ بات نہیں ہے کہ ہمارا رسول شاعر یا دیوانہ ہے بلکہ بات یہ ہے کہ وہ حق لے کر آیا ہے اور آپ سے پہلے رسولوں نے بھی اس کی تصدیق کی ہے تمام انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام توحید کی دعوت دینے کے لیے آئے ان کی دعوت حق تھی اور اس نبی (یعنی امام الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت بھی حق ہے) تم شرک پر اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تکذیب پر جمے ہوئے ہو اور دعوت توحید قبول کرنے کو اپنی شان کے خلاف سمجھتے ہو، لامحالہ تمہیں دردناک عذاب چکھنا ہی ہوگا اور تمہیں جو عذاب ہوگا وہ صرف تمہارے کیے ہوئے اعمال ہی کا بدلہ ہوگا۔

رہے مؤمن مخلص بندے سو وہ اپنے ایمان کی وجہ سے عذاب سے محفوظ ہوں گے، بلکہ ان کا انعام واکرام کیا جائے گا ان کے لیے رزق معلوم ہوگا جو ہر اعتبار سے عمدہ ہوگا۔ فواکہ یعنی میوے ہوں گے جنہیں پوری رغبت اور اشتہاء کے ساتھ کھائیں گے، کما فی سورۃ الطور : وَفَاكِهَةٍ مِّمَّا يَتَخَيَّرُوْنَ. وَلَحْمِ طَيْرٍ مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ یہ حضرات اللہ تعالیٰ کے نزدیک معزز اور مکرم ہوں گے نعمت کے باغیچوں میں ہوں گے، آمنے سامنے تختوں پر بیٹھے ہوں گے ان پر جام وشراب کا دور چلے گا۔ وِلْدَانٌ اور غِلْمَانٌ ایسی شراب کے جام بھر بھر کر لائیں گے جو جاری یعنی بہتی ہوگی۔ جنت میں جیسے پانی اور دودھ اور شہد کی نہریں ہوں گی ایسے ہی شراب کی بھی نہریں ہوں گی اور رنگ کے اعتبار سے یہ شراب سفید ہوگی اور مزہ کے اعتبار سے پینے والوں کے لیے لذیذ ہوگی اور کسی کو یہ وہم نہ ہو کہ شراب میں تو نشہ ہوتا ہے جس سے آدمی کے ہوش وحواس ٹھیک نہیں رہتے، شراب پی کر اگر نشہ طاری ہوا اور ہوش وحواس صحیح نہ رہے تو کیا مزہ رہے گا؟ اس وسوسہ کو

دور کرتے ہوئے فرمایا لَا فِیْهَا غَوْلٌ (نہ تو اس میں دردسر ہوگا) یہ ترجمہ حضرت ابن عباسؓ سے منقول ہے اور انہی سے اس کا یہ مطلب بھی منقول ہے کہ لَیْسَ فِیْهَا نَتْنٌ وَّلَا كَرَاهِیَةٌ كَخَمْرِ الدُّنْیَا، اس میں دنیا والی شراب کی طرح نہ بدبو ہوگی نہ اس سے کراہت ہو گی۔ (ذکرہ صاحب الروح) وَلَاهُمْ عَنْهَا یُنْزَفُوْنَ (اور نہ اس سے عقل میں فتور آئے گا) خلاصہ یہ ہے کہ شراب لذیذ بھی ہوگی اور کسی قسم کی ظاہری یا باطنی تکلیف بھی نہیں پہنچے گی شراب پی کر بھی حسب سابق ہوش گوش برقرار رہے گا۔

مخلص بندوں کو جو نعمتیں ملیں گی ان میں بڑی بڑی آنکھوں والی حسین و جمیل بیویاں بھی ہوں گی، وہ صفائی اور ستھرائی میں ایسی ہوں گی جیسے دنیا میں پرندوں کے انڈے ہوتے ہیں جنہیں جانور اپنے پروں میں چھپا کر رکھتے ہیں جنت کی ان بیویوں کو جو بیض مکنون سے تشبیہ دی ہے تشبیہ صفائی اور گرد و غبار اور داغ دھبے سے محفوظ رہنے میں ہے اہل عرب عورتوں کو انڈوں سے تشبیہ دیتے تھے اور انہیں بیضات خدور کہتے تھے لہٰذا سورۂ رحمٰن میں جو كَاَنَّهُنَّ الْیَاقُوْتُ وَالْمَرْجَانُ فرمایا ہے یہ اس کے منافی نہیں، اور بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ ممکن ہے حور عین کے رنگ مختلف ہوں سفید بھی ہوں اور سرخ بھی ہوں لیکن چونکہ خالص سفید رنگ (جو انڈے کی طرح سے ہو) عورتوں میں محبوب و مرغوب نہیں سمجھا جاتا اس لیے بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ اس رنگ میں زردی کی آمیزش ہوگی، سفیدی اور زردی مل کر ایک خوشنما منظر دیکھنے میں آئے گا۔ هذا ملخص ما ذكره صاحب الروح والذی سنح فی قلبی انه لیس من الضروری ان تكون البیضة بیضآء فقد راینا بیضاً ذات الوانٍ اُخرٰی غیر بیاضٍ و لیس فی لفظ الأیة ما یدل علٰی وجه الشبه و لمّا كان فی الجنة كل نعمة حسب رغبات اهلها یكون لو نُهن احسن و اجمل ایًّا ما كان ۔ وَاللّٰهُ تَعَالٰی اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ. (یہ تو اس کا خلاصہ ہے جو صاحب روح المعانی نے ذکر کیا ہے اور جو بات میرے دل میں آتی ہے وہ یہ ہے کہ یہ ضروری نہیں ہے کہ انڈہ سفید ہی ہو ہم نے سفید کے علاوہ کئی رنگوں والے انڈے دیکھے ہیں اور آیت کے الفاظ میں بھی اس پر شبہ کی کوئی دلیل نہیں ہے لہٰذا جب جنت میں جنتیوں کے حسب منشاء ہر نعمت ہوگی تو حوروں کا رنگ بھی نہایت حسین و خوبصورت ہوگا خواہ کوئی بھی ہو)

جنت کی بیویوں کے بارے میں یہ بھی فرمایا کہ وہ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ ہوں گی جس کا ترجمہ ''نیچی نظروں والی'' کیا گیا ہے۔ حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے فرمایا کہ وہ صرف اپنے شوہروں کی طرف نظر رکھیں گی کسی غیر کی طرف نظر اٹھا کر نہ دیکھیں گی، دنیا کی مومن عورتوں کو جنتی حوروں کی طرح قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ ہونا چاہیے۔

فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰی بَعْضٍ یَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿۵۰﴾ قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ اِنِّیْ كَانَ لِیْ قَرِیْنٌ ﴿۵۱﴾ یَّقُوْلُ

سو ان میں سے بعض بعض پر متوجہ ہو کر ایک دوسرے سے سوال کریں گے۔ ان میں سے ایک کہے گا کہ بلا شبہ میرا ایک ساتھی تھا۔ وہ کہتا تھا

اَئِنَّكَ لَمِنَ الْمُصَدِّقِیْنَ ﴿۵۲﴾ ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَدِیْنُوْنَ ﴿۵۳﴾ قَالَ

کیا تو تصدیق کرنے والوں میں ہے؟ کیا جب ہم مر جائیں گے اور مٹی اور ہڈیاں ہو جائیں گے تو کیا ہمیں اپنے کاموں کا بدلہ دیا جائے گا۔ وہ کہے گا

هَلْ اَنْتُمْ مُّطَّلِعُوْنَ ﴿۵۴﴾ فَاطَّلَعَ فَرَاٰهُ فِیْ سَوَآءِ الْجَحِیْمِ ﴿۵۵﴾ قَالَ تَاللّٰهِ اِنْ كِدْتَّ لَتُرْدِیْنِ ﴿۵۶﴾

کیا تم جھانک کر اسے دیکھنا چاہتے ہو؟ سو وہ شخص جھانکے گا تو اس کو جہنم کے بیچ میں دیکھ لے گا۔ کہے گا کہ اللہ کی قسم قریب تھا کہ تو مجھے ہلاک ہی کر دیتا۔

وَلَوْلَا نِعْمَةُ رَبِّي لَكُنتُ مِنَ الْمُحْضَرِينَ ﴿٥٧﴾ أَفَمَا نَحْنُ بِمَيِّتِينَ ﴿٥٨﴾ إِلَّا مَوْتَتَنَا الْأُولَىٰ

اور اگر میرے رب کا فضل نہ ہوتا تو میں بھی ان لوگوں میں ہوتا جو حاضر کیے گئے ہیں۔ یہی بات ہے نا کہ ہم پہلی بار مر چکنے کے بعد نہیں مریں گے

وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِينَ ﴿٥٩﴾ إِنَّ هَٰذَا لَهُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ﴿٦٠﴾ لِمِثْلِ هَٰذَا فَلْيَعْمَلِ الْعَامِلُونَ ﴿٦١﴾

اور ہم کو عذاب نہ ہو گا۔ بلاشبہ یہ بڑی کامیابی ہے۔ اسی کے لیے عمل کرنے والوں کو عمل کرنا چاہیے۔

ایک جنتی اور ایک دوزخی کا مکالمہ

اہل جنت، جنت کی نعمتوں میں مشغول ہوں گے، آمنے سامنے تختوں پر بیٹھے ہوں گے آپس میں باتیں بھی ہوں گی، دل لگی کے طور پر چھینا جھپٹی بھی ہوگی، جیسا کہ سورۃ الطور میں یَتَنَازَعُوْنَ فِیْهَا كَاْسًا فرمایا ہے، انہی باتوں میں سے ایک یہ بات بھی ہوگی کہ جنتیوں میں سے ایک جنتی یوں کہے گا کہ دنیا میں میرا ایک ساتھی تھا جس سے ملاقات ہوتی رہتی تھی وہ خود مومن نہ تھا مجھے بھی سرزنش کرتا تھا اور قیامت پر ایمان لانے کو بیوقوفی سمجھتا تھا اور مجھ سے کہتا تھا کیا تو بھی اس بات کی تصدیق کرتا ہے کہ قیامت قائم ہوگی اور مردے سے زندہ ہو کر قبروں سے اٹھیں گے تو ہی بتا کہ جب ہم مر جائیں گے اور مٹی اور ہڈیاں ہو جائیں گے تو کیا زندہ کر کے اٹھائے جائیں گے اور اپنے اپنے اعمال کی جزا و سزا پائیں گے، میری سمجھ میں تو یہ بات نہیں آتی۔

بات کرتے کرتے وہ شخص کہے گا میں تو جنت میں آ گیا اور میرا وہ ساتھی جو جزا سزا کی تصدیق نہیں کرتا تھا اور مجھے بھی اس سے روکتا تھا وہ دوزخ میں چلا گیا۔ آؤ ذرا دوزخ میں جھانک کر دیکھیں تو سہی اس کا کیا حال ہے؟ یہ بات کہہ کر جب وہ شخص دوزخ میں جھانکے گا تو اسی ساتھی کو جو ایمان سے روکتا تھا اور خود کافر تھا دوزخ کے درمیان دیکھ لے گا جب وہ نظر آ جائے گا تو اس سے کہے گا کہ تو نے اپنا انجام دیکھ لیا، تو تو مجھے بھی ایمان لانے سے روکتا تھا، قریب تھا کہ تو میرا بھی ناس کھو دیتا اگر میں تیری بات مان لیتا تو آج میں بھی دوزخ میں ہوتا، اللہ تعالیٰ ہی نے مجھ پر فضل فرمایا کہ اس نے مجھے ایمان کی توفیق دی اور کفر سے بچایا، اللہ کی توفیق اور فضل و کرم نہ ہوتا تو آج میں بھی انہیں لوگوں میں ہوتا جو عذاب کے لیے دوزخ میں حاضر کر دیئے گئے۔

جنت میں ہوتے ہوئے دوزخ میں کیسے نظر جائے گی اور جنتی آدمی کو اپنا دنیا والا ساتھی جو منکر بعث تھا کیسے نظر آ جائے گا؟ اس سوال کا جواب دیتے ہوئے صاحب روح المعانی لکھتے ہیں کہ ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ جل شانہ اہل جنت کی نظر کو تیز پیدا فرما دے اور انہیں ایسی قوت دے دے جس کے ذریعے جس کو چاہیں دیکھ سکیں اور دوسرا جواب یہ دیا ہے کہ جب جنتی حضرات دوزخ میں نظر ڈالنا چاہیں گے تو اعراف پر کھڑے کر دیئے جائیں گے اور بعض حضرات سے نقل کرتے ہوئے تیسرا جواب یہ دیا ہے کہ جنت میں کچھ طاقچے ہوں گے ان سے دوزخ والوں کو دیکھ لیں گے، یہ جواب پرانے زمانے کے اعتبار سے ہیں، اب تو دیکھنے سننے اور بات کرنے کے ایسے نئے آلات نظروں کے سامنے آ گئے ہیں کہ احتمالات بعیدہ نکالنے کی ضرورت ہی نہیں رہی، پہلا جواب احوال حاضرہ کے مناسب ہے۔ وَيَخْلُقُ اللّٰهُ مَا يَشَآءُ.

اَفَمَا نَحْنُ بِمَيِّتِيْنَ ۔ وہ جنتی شخص جو اپنے ساتھی کو دوزخ میں دیکھے گا اس سے خطاب کرنے کے بعد پھر اپنے ساتھیوں کی طرف متوجہ ہو کر یوں کہے گا، یہی بات ہے نا کہ اب ہم مرنے والے نہیں ہیں، وہ پہلی موت جو دنیا میں آئی تھی اس کے بعد اب اور کوئی موت نہیں، ہمیشہ ہمیں جنت ہی میں رہنا ہے اور ہمیں عذاب بھی نہیں ہوگا قال صاحب الروح: والمراد استمرار النفی و تاکیده و كذا فيما تقدم و استمرار هذا النفی نعمة جليلة ۔ (صاحب روح المعانی فرماتے ہیں مراد نفی کا استمرار اور تاکید ہے اور گذشتہ میں بھی یہی مراد

ہے اور اس نفی کا استمرار بہت بڑی نعمت ہے)

اللہ جل شانہ نے ارشاد فرمایا: اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ○ (بلاشبہ یہ بڑی کامیابی ہے) کہ جنت میں داخلہ ہوگیا اور ہمیشہ کے لیے ہوگیا اور وہاں کی بے مثال نعمتیں ہمیشہ کے لیے مل گئیں۔

لِمِثْلِ هٰذَا فَلْيَعْمَلِ الْعٰمِلُوْنَ (اسی جیسی کامیابی کے لیے عمل کرنے والوں کو عمل کرنا چاہیے) یعنی ایمان لائیں اور اعمال صالح کرتے رہیں۔

اَذٰلِكَ خَيْرٌ نُّزُلًا اَمْ شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ ۝ اِنَّا جَعَلْنٰهَا فِتْنَةً لِّلظّٰلِمِيْنَ ۝ اِنَّهَا شَجَرَةٌ تَخْرُجُ

کیا ضیافت کے اعتبار سے یہ بہتر ہے یا زقوم کا درخت۔ بے شک ہم نے اس درخت کو ظالموں کے لیے فتنہ بنایا ہے۔ بلاشبہ وہ ایک درخت ہے جو دوزخ کی گہرائی

فِيْٓ اَصْلِ الْجَحِيْمِ ۝ طَلْعُهَا كَاَنَّهٗ رُءُوْسُ الشَّيٰطِيْنِ ۝ فَاِنَّهُمْ لَاٰكِلُوْنَ مِنْهَا فَمَالِـُٔوْنَ

میں سے نکلتا ہے۔ اس کے پھل ایسے ہیں جیسے سانپوں کے پھن ہوں۔ سو اس میں شک نہیں کہ وہ لوگ بالضرور اس میں سے کھائیں گے سو اس سے

مِنْهَا الْبُطُوْنَ ۝ ثُمَّ اِنَّ لَهُمْ عَلَيْهَا لَشَوْبًا مِّنْ حَمِيْمٍ ۝ ثُمَّ اِنَّ مَرْجِعَهُمْ لَاِلَى الْجَحِيْمِ ۝

اپنے پیٹوں کو بھر لیں گے۔ پھر بلاشبہ ان کے لیے اس درخت کے اوپر سے کھولتا ہوا گرم پانی ملا کر دیا جائے گا۔ پھر بلاشبہ ان کا لوٹنا دوزخ کی طرف ہوگا۔

اِنَّهُمْ اَلْفَوْا اٰبَآءَهُمْ ضَآلِّيْنَ ۝ فَهُمْ عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ يُهْرَعُوْنَ ۝ وَلَقَدْ ضَلَّ قَبْلَهُمْ اَكْثَرُ

بے شک انہوں نے باپ دادوں کو گمراہی کی حالت میں پایا۔ پھر ان کے نقش قدم پر تیزی کے ساتھ چلتے رہے۔ اور یہ واقعی بات ہے کہ ان سے پہلے اگلے لوگوں میں سے اکثر

الْاَوَّلِيْنَ ۝ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا فِيْهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ۝ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ ۝ اِلَّا عِبَادَ

گمراہ ہو چکے ہیں اور یہ بات واقعی ہے کہ ہم نے ان میں ڈرانے والے بھیجے ہیں' سو دیکھ لیجئے جن کو ڈرایا گیا ان کا کیا انجام ہوا، سوا

اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ۝

اللہ کے مخلص بندوں کے۔

ع ۲

شجرۃ الزقوم کا تذکرہ جسے اہل جہنم کھائیں گے

اوپر اہل جنت کی نعمتوں کا اور وہاں کی کامیابیوں کا تذکرہ فرمایا ہے اور ان آیتوں میں اہل دوزخ کے کھانے کی چیزوں میں سے ایک چیز یعنی زقوم کا تذکرہ فرمایا' اہل جنت کے بارے میں فرمایا اُولٰٓئِكَ لَهُمْ رِزْقٌ مَّعْلُوْمٌ فَوَاكِهُ . اور یہاں یوں فرمایا: اَذٰلِكَ خَيْرٌ نُّزُلًا اَمْ شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ (کیا اہل جنت کا رزق بہتر ہے جو بطور مہمانی ان کو دیا جائیگا یا زقوم کا درخت بہتر ہے) زقوم کا درخت بہت ہی زیادہ بدمزہ اور کڑوا ہوگا جو دوزخ کی گہرائی میں سے نکلے گا، اس کے پھل ایسے ہوں گے جیسے سانپوں کے پھن ہوں۔ اس میں درخت کی بدصورتی بیان فرمائی' مزہ بھی بہت زیادہ مکروہ ہوگا اور صورت بھی بہت زیادہ مکروہ ہوگی جس کے دیکھنے ہی سے ڈر لگے گا یہ درخت گو بہت زیادہ کڑوا اور بدصورت ہوگا لیکن دوزخی بھوک کی وجہ سے اتنا کھائیں گے اتنا کھائیں گے کہ پیٹ بھر لیں گے۔

سورۂ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) میں فرمایا کہ ان کو سخت گرم پانی پلایا جائے گا۔ وَسُقُوْا مَآءً حَمِيْمًا فَقَطَّعَ اَمْعَآئَهُمْ (اور انہیں گرم پانی پلایا جائے گا جو ان کی آنتوں کو کاٹ کر رکھ دے گا)

سورۂ واقعہ میں فرمایا: ثُمَّ اِنَّكُمْ اَيُّهَا الضَّآلُّوْنَ الْمُكَذِّبُوْنَ لَاٰكِلُوْنَ مِنْ شَجَرٍ مِّنْ زَقُّوْمٍ فَمَالِئُوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ فَشٰرِبُوْنَ عَلَيْهِ مِنَ الْحَمِيْمِ ـ فَشٰرِبُوْنَ شُرْبَ الْهِيْمِ هٰذَا نُزُلُهُمْ يَوْمَ الدِّيْنِ (پھر اے جھٹلانے والے گمراہ لوگو! تم زقوم کے درخت سے کھاؤ گے اور اس سے اپنے پیٹ بھر لو گے پھر اوپر سے کھولتا ہوا پانی پیو گے جیسے پیاسے اونٹ پیتے ہیں، قیامت کے روز اس طرح ان کی مہمانی ہوگی)۔

وہ کیا ہی برا منظر ہوگا جب دوزخی اس درخت سے کھائیں گے اور پھر اوپر سے کھولتا ہوا پانی پئیں گے اور وہ بھی تھوڑا بہت نہیں بلکہ پیاسے اونٹوں کی طرح خوب زیادہ پئیں گے۔ **اعاذنا اللّٰہ تعالیٰ من الزَّقُّوْم والحمیم و سائر انواع عذاب الجحیم۔**

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اگر زقوم کا ایک قطرہ بھی دنیا میں ٹپکا دیا جائے تو وہ یقیناً تمام دنیا والوں کی غذائیں بگاڑ ڈالے اب بتاؤ کہ اس کا کیا حال ہوگا جس کی خوراک ہی زقوم ہوگی۔ (الترغیب والترہیب جلد ۴ ص ۴۸۰ از ترمذی وابن ماجہ وابن حبان)

ثُمَّ اِنَّ مَرْجِعَهُمْ لَاِلَى الْجَحِيْمِ (پھر ان کا لوٹنا دوزخ ہی کی طرف ہوگا) زقوم کھانے اور گرم پانی پینے کے لیے جس جگہ جائیں گے وہ بھی دوزخ ہی میں ہوگی اور یہ چیزیں کھا پی کر بھی دوزخ ہی میں رہیں گے اپنے اپنے ٹھکانے پر پہنچ جائیں گے۔ **قال صاحب الروح ای الٰی مقرھم من النار فان فی جھنم مواضع اعد فی کل موضع منھا نوع من البلاء۔** (تفسیر روح المعانی کے مصنف فرماتے ہیں یعنی جہنم میں ان کے ٹھکانے کی طرف لوٹنا ہے کیونکہ جہنم میں کئی درجہ ہیں ہر جگہ ایک الگ قسم کا عذاب ہے)

زقوم کے بارے میں یہ بھی فرمایا کہ ہم نے اسے ظالموں کے لیے امتحان کی چیز بنایا ہے (یعنی موت کے بعد دوزخ میں داخل ہو کر اہل کفر بطور سزا کے زقوم کا درخت کھائیں گے وہاں اسے کھانا پڑے گا اور دنیا میں اس کا ذکر آیا تو مذاق بنانے لگے جو ان کے لیے فتنہ یعنی امتحان کا سبب بن گیا (کہ وہ اس کی خبر پر ایمان لاتے ہیں یا انکاری ہوتے ہیں)۔

صاحب روح المعانی لکھتے ہیں کہ کافروں نے جب یہ بات سنی تو کہنے لگے کہ تمہارے بیان کے مطابق تو دوزخ میں آگ ہی آگ ہے وہاں درخت کا کیا کام؟ اور جب ابوجہل نے زقوم کے درخت کی بات سنی تو مذاق بناتے ہوئے کہنے لگے کہ ہم تو یہ جانتے ہیں کہ زقوم کھجور اور مسکہ کا نام ہے وہاں جا کر بھی تو ہمارے مزے ہوں گے۔ یہ بات اس نے اپنے پاس سے بنائی۔ عربی لغت میں زقوم کا ترجمہ کھجور اور مسکہ نہیں ہے اور یہ بات کہ آگ میں درخت کیسے زندہ رہے گا؟ یہ بھی بیوقوفی کا سوال ہے، آگ تو اللہ کے حکم سے جلاتی ہے، اللہ تعالیٰ جس کو چاہے آگ میں زندہ اور ہرا بھرا رکھ سکتا ہے۔

اہل جہنم آباؤ اجداد کی تقلید کر کے گمراہ ہوئے .... اِنَّهُمْ اَلْفَوْا اٰبَآءَهُمْ ضَآلِّيْنَ فَهُمْ عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ يُهْرَعُوْنَ ۔ یعنی یہ لوگ جنہوں نے کفر اختیار کر رکھا ہے اور آخرت کے عذاب کے مستحق ہو رہے ہیں انہوں نے اپنے باپ دادوں کو گمراہ پایا پھر غور و فکر کیے بغیر اور حق و باطل میں امتیاز کیے بغیر انہی کے قدم بہ قدم تیزی کے ساتھ چل رہے ہیں، گمراہوں کی تقلید نے انہیں برباد کیا۔

وَلَقَدْ ضَلَّ قَبْلَهُمْ اَكْثَرُ الْاَوَّلِيْنَ (اور یہ بات واقعی ہے کہ ان موجودہ ظالموں یعنی کافروں سے پہلے گزشتہ امتوں میں سے اکثر لوگ گمراہ ہو چکے ہیں) وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا فِيْهِمْ مُّنْذِرِيْنَ (اور یہ بات بھی واقعی ہے کہ ہم نے ان میں ڈرانے والے بھیجے تھے) یعنی حضرات

انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام حق کی دعوت لے کر پہنچے اور انہیں بتایا کہ اگر باطل میں لگے رہو گے حق قبول نہ کرو گے تو تمہارا برا انجام ہوگا لیکن وہ لوگ نہ مانے' دنیا میں بھی ان پر عذاب آیا اور آخرت میں بھی انکے لیے عذاب ہے۔ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ (سو دیکھ لیجئے جن لوگوں کو ڈرایا گیا ان کا کیا انجام ہوا؟)

اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ (مگر اللہ کے وہ بندے جنہیں اللہ نے منتخب فرمالیا) وہ برائی سے بھی محفوظ رہے اور ان کا انجام بھی اچھا ہوا۔

وَلَقَدْ نَادٰىنَا نُوْحٌ فَلَنِعْمَ الْمُجِيْبُوْنَ ﴿۷۵﴾ وَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿۷۶﴾ وَجَعَلْنَا

اور یہ بات واقعی ہے کہ نوح نے ہمیں پکارا سو ہم کیا ہی خوب ہیں فریاد سننے والے۔ اور ہم نے نوح کو اور اسکے گھر والوں کو بڑے غم سے نجات دی۔ اور ہم نے اس

ذُرِّيَّتَهٗ هُمُ الْبٰقِيْنَ ﴿۷۷﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿۷۸﴾ سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۹﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ

کی ذریت کو باقی رہنے دیا۔ اور ہم نے ان کے لیے بعد کے آنے والوں میں یہ بات رہنے دی، کہ نوح پر سلام ہے جہانوں میں۔ بلا شبہ ہم

نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۸۰﴾ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۸۱﴾ ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿۸۲﴾

مخلصین کو ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہیں۔ بلا شبہ وہ ہمارے مؤمن بندوں میں ہیں۔ پھر ہم نے دوسرے لوگوں کو غرق کر دیا۔

حضرت نوح علیہ السلام کا دعا کرنا اور ان کی قوم کا ہلاک ہونا اور ان کی ذریت کا نجات پانا

حضرت نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنی قوم میں ساڑھے نو سو برس رہے' انہیں سمجھایا' توحید کی دعوت دی کہ غیر اللہ کی پرستش چھوڑنے کی تلقین کی' لیکن ان لوگوں نے نہ مانا بس تھوڑے سے ہی آدمی مسلمان ہوئے' اہل ایمان کی مختصر تعداد کے علاوہ جو دوسرے لوگ تھے وہ ضد پر اڑے رہے اور حضرت نوح علیہ السلام کی مخالفت کرتے رہے' حضرت نوح علیہ السلام نے تنگ آ کر ان کے لئے بددعا کردی، لَاتَذَرْ عَلَى الْاَرْضِ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ دَيَّارًا ﴿﴾ (کہ اے رب زمین میں ایک بھی کافر باشندہ مت چھوڑ) اللہ تعالیٰ کی طرف سے حکم ہوا کہ کشتی بناؤ انہوں نے ایک کشتی بنالی اللہ پاک کی طرف سے پہلے خبر دے دی گئی تھی کہ پانی کا طوفان آئے گا' طوفان آیا' حضرت نوح علیہ السلام اللہ کے حکم سے اپنے گھر والوں اور دوسرے اہل ایمان کے ساتھ کشتی میں سوار ہو گئے' یہ حضرات غرق ہونے سے بچ گئے۔ اللہ تعالیٰ نے ان سب کو نجات دے دی اور اہل کفر سب غرق ہو گئے' ان غرق ہونے والوں میں حضرت نوح علیہ السلام کا ایک بیٹا بھی تھا اور ایک بیوی بھی تھی۔

ارشاد فرمایا: وَلَقَدْ نَادٰىنَا نُوْحًا فَلَنِعْمَ الْمُجِيْبُوْنَ۔ اور واقعی بات یہ ہے کہ نوح نے ہمیں پکارا سو ہم کیا ہی خوب دعا قبول کرنے والے ہیں (یعنی ان کی دعا قبول فرمائی)۔

وَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ (ہم نے نوح کو اور ان کے گھر والوں کو بڑے غم سے یعنی ڈوبنے کی مصیبت سے نجات دے دی) وَجَعَلْنَا ذُرِّيَّتَهٗ هُمُ الْبٰقِيْنَ (اور ہم نے ان کی ذریت کو باقی رکھا) وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ. سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ (اور بعد کے آنے والوں میں ان کے لیے ہم نے یہ بات رہنے دی کہ نوح پر سلام ہو جہانوں میں) اللہ تعالیٰ نے ان پر کئی طرح انعام فرمایا۔ اول تو انہیں اور ان کے اہل وعیال کو غرق ہونے سے بچالیا۔ دوسرے ان کی نسل کو دنیا میں باقی رکھا جو آج تک چل رہی ہے اور تیسرے یہ انعام فرمایا کہ بعد کے آنے والوں میں ان کا ذکر جاری رکھا' ان کے بعد جو انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام تشریف لائے

اوران کی امتیں وجود میں آئیں سب نے ان پر سلام بھیجا اور سلام میں بھی عموم ہے، جس کا مطلب یہ ہے کہ نوح علیہ السلام جہاں بھی ہوں جس عالم میں بھی ہوں ان پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے سلامتی ہو۔

پھر فرمایا: اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ (ہم احسان والوں کواسی طرح بدلہ دیا کرتے ہیں) کسی کام کو اچھی طرح انجام دینے کو احسان کہا جاتا ہے، نیت کو درست کرنا صرف اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے عمل کرنا اس کی بڑی اہمیت ہے، اسی لیے ترجمہ میں اَلْمُحْسِنِیْنَ کا ترجمہ مخلصین کیا گیا ہے۔

اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِیْنَ (بلاشبہ وہ مومن بندوں میں سے تھے) ایمان ہی تو اصل چیز ہے، جس کے بغیر اللہ تعالیٰ کے ہاں کوئی مقبولیت نہیں، حضرت نوح علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے نبی تھے پھر بھی ان کے ایمان کا تذکرہ فرمایا اور اس سے پہلے احسان کا تذکرہ فرمایا جس سے معلوم ہوا کہ ایمان کے ساتھ احسان بھی ضروری ہے۔ انہی سے اللہ تعالیٰ کے نزدیک ترقیات ہوتی ہیں لیکن نبوت وہبی چیز ہے کسبی چیز نہیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر وہ بالکل ہی ختم ہوگئی۔ ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِیْنَ (پھر ہم نے دوسرے لوگوں کو غرق کر دیا) یعنی حضرت نوح علیہ السلام، آپ کے اہل وعیال اور اہل ایمان کو نجات دے دی اور ان کے علاوہ کو غرق کر دیا۔

کیا طوفان نوح سارے عالم کو محیط تھا؟ .... حضرت نوح علیہ السلام کو آدم ثانی کہا جاتا ہے اور یہ بات مشہور ہے کہ ان کے بعد دنیا میں جو آبادی ہوئی وہ سب ان ہی کی اولاد سے ہے قرآن مجید کی آیت وَجَعَلْنَا ذُرِّیَّتَهٗ هُمُ الْبَاقِیْنَ۔ سے بھی یہی متبادر ہوتا ہے کیونکہ یہ الفاظ حصر پر دلالت کرتے ہیں۔

حضرت سمرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کے ارشاد وَجَعَلْنَا ذُرِّیَّتَهٗ هُمُ الْبَاقِیْنَ کی تفسیر میں (حضرت نوح علیہ السلام کے بیٹوں کا تذکرہ فرماتے ہوئے) یوں فرمایا کہ یہ حام اور سام اور یافث تھے۔ امام ترمذیؒ نے اس کے بارے میں فرمایا هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ۔ پھر حضرت سمرہؓ ہی سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کیا ہے کہ سام عرب کا جد اعلیٰ اور حام حبشیوں کا جد اعلیٰ اور یافث رومیوں کا جد اعلیٰ تھا۔ (سنن ترمذی تفسیر سورۃ الصّٰفّٰت)

اور معالم التنزیل میں حضرت سعید بن المسیب تابعیؒ سے یوں نقل کیا ہے کہ سام عرب اور فارس اور روم کا جد اعلیٰ تھا اور حام سوڈان یعنی کالے لوگوں کا جد اعلیٰ تھا اور یافث ترکوں کا اور یاجوج ماجوج کا اور جو ان کے قریب اقوام رہتی ہیں ان کا جد اعلیٰ تھا۔

اگر طوفان پورے عالم میں آیا ہو اور زمین پر جتنی بھی آبادیاں تھیں ان سب کو غرق کر دیا گیا ہو تو پھر یہی متعین ہو جاتا ہے کہ حضرت نوح علیہ السلام کی اولاد ہی سے آگے دنیا آباد ہوئی لیکن اس میں یہ اشکال باقی رہ جاتا ہے کہ حضرت نوح علیہ السلام کے ساتھ جن اہل ایمان نے نجات پائی تھی کیا ان کی نسلیں نہیں چلیں؟ اس کے بارے میں صاحب روح المعانی نے لکھا ہے: **وقدروی انه مات کل من فی السفینة ولم یعقبوا عقبًا باقیًا غیر الثلث سام و حام ویافث و ازواجهم فانهم بقوا متناسلین الیٰ یوم القیٰمة** یعنی حضرت نوح علیہ السلام کے ساتھ جو لوگ کشتی میں تھے وہ لوگ غرق ہونے سے نجات پا کر کشتی سے اتر کر اپنی اپنی اجل کے مطابق مر گئے اور ان میں سے کسی کی نسل نہیں چلی صرف حضرت نوح علیہ السلام اور آپ کے تین بیٹے سام، حام اور یافث اور ان کے بیویاں باقی رہیں جن کی قیامت تک نسل جاری رہے گی۔ صاحب روح المعانی نے لکھ تو دیا لیکن سند پیش نہیں کی اور یہ بھی نہیں بتایا کہ یہ کس کا قول ہے۔

عام طور پر جو یہ مشہور ہے کہ حضرت نوح علیہ السلام ہی کی اولاد سے آگے نسل چلی، اس کے مقابل دوسرا قول یہ ہے کہ حضرت نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اولاد کے علاوہ دوسری نسلیں بھی دنیا میں چلتی رہی ہیں جن لوگوں نے یہ بات کہی ہے ان کا قول اس پر مبنی ہے کہ طوفان نوح (علیہ السلام) عام نہیں تھا۔ ان حضرات کا یہ کہنا ہے کہ حضرت نوح علیہ الصلوٰۃ السلام کی بعثت تمام اقوام کے لیے عام نہیں تھی

کیونکہ یہ صرف خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت ہے، جب ان کی بعثت عام نہیں تھی تو جو لوگ ان کے مخاطب تھے انہوں نے ان کی نبوت کا انکار کیا اور انہی کے لیے بددعا فرمائی اور وہی لوگ ہلاک ہوئے۔ اس پر یہ اشکال ہوتا ہے کہ آیت کریمہ کے الفاظ سے تو حصر معلوم ہوتا ہے کہ حضرت نوح علیہ السلام ہی کی ذریت کو باقی رکھا' اس کا جواب یوں دیا گیا ہے کہ یہ حصر کشتی والوں سے متعلق ہے' مطلب یہ ہے کہ جو لوگ کشتی میں سوار تھے ان میں سے صرف حضرت نوح علیہ السلام کی اولاد سے نسل چلی' باقی دنیا جو اپنی جگہ آباد تھی اس میں بسنے والوں اور ان کی نسلوں کا تذکرہ نہیں ہے۔ واللّٰہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔ (راجع روح المعانی ج ۲۳ ص ۹۸)

وقد وقع فی قلبی بفضل اللّٰہ تعالی و کرمہ انہ یمکن ان یقال ن الارض لم تکن معمورۃ ببنی آدم وما کانت اقطارھا کلھا یعیش فیھا الانسان و کان عمر انھا فی مناطق محدودۃ و لم تکن الا امۃ واحدۃ لعدم الامتداد الطویل من عھد ادم علیہ السلام فکان جمیع الناس مخاطبین لہ فلما انکروا اغرقوا وھذا لاینا فی کون بعثۃ النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم عامۃ لانھا عمت لجمیع افراد البشر ولسائر الاقوام ولجمیع الامکنۃ الا زمنۃ' واللّٰہ تعالیٰ اعلم بالصواب. (اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے میرے دل میں یہ بات آ گئی ہے کہ یوں بھی کہا جا سکتا ہے کہ اسوقت پوری زمین میں انسان آباد نہیں تھے فقط محدود علاقوں میں آبادی تھی۔ وہ محدود آبادی گویا بس ایک ہی امت تھی کیونکہ حضرت آدم علیہ السلام کو کوئی لمبا عرصہ نہیں گذرا تھا، لہٰذا اس وقت کے سب لوگ حضرت نوح علیہ السلام کی دعوت کے مخاطب تھے۔ جب انہوں نے انکار کیا تو سب غرق کئے گئے۔ اور یہ توجیہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی عمومی بعثت کے منافی نہیں ہے کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت تمام انسانی افراد، اقوام اور تمام ممالک و زمانوں کو عام ہے۔)

رکوع ۳

وَاِنَّ مِنْ شِيْعَتِهٖ لَاِبْرٰهِيْمَ ﴿۸۳﴾ اِذْ جَآءَ رَبَّهٗ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ﴿۸۴﴾ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَ قَوْمِهٖ

اور بلاشبہ نوح کا اتباع کرنے والوں میں ابراہیم بھی تھے۔ جب وہ اپنے رب کے پاس قلب سلیم لے کر آئے۔ جبکہ انہوں نے اپنے باپ سے اور اپنی قوم سے کہا کہ تم

مَاذَا تَعْبُدُوْنَ ﴿۸۵﴾ اَئِفْكًا اٰلِهَةً دُوْنَ اللّٰهِ تُرِيْدُوْنَ ﴿۸۶﴾ فَمَا ظَنُّكُمْ بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۷﴾

لوگ کس چیز کی عبادت کرتے ہو۔ کیا اللہ کو چھوڑ کر جھوٹ موٹ کے معبودوں کو چاہتے ہو۔ سو رب العالمین کے بارے میں تمہارا کیا خیال ہے۔

فَنَظَرَ نَظْرَةً فِي النُّجُوْمِ ﴿۸۸﴾ فَقَالَ اِنِّيْ سَقِيْمٌ ﴿۸۹﴾ فَتَوَلَّوْا عَنْهُ مُدْبِرِيْنَ ﴿۹۰﴾ فَرَاغَ اِلٰٓى اٰلِهَتِهِمْ فَقَالَ

پھر ایک نظر اٹھا کر ستاروں کو دیکھا اور کہہ دیا کہ بے شک میں بیمار ہوں۔ سو وہ لوگ ان سے پشت پھیر کر چلے گئے۔ سو وہ ان کے بتوں کی طرف متوجہ ہوئے سو

اَلَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۹۱﴾ مَا لَكُمْ لَا تَنْطِقُوْنَ ﴿۹۲﴾ فَرَاغَ عَلَيْهِمْ ضَرْبًا بِالْيَمِيْنِ ﴿۹۳﴾ فَاَقْبَلُوْٓا اِلَيْهِ يَزِفُّوْنَ ﴿۹۴﴾

کہا کیا تم کھاتے نہیں ہو؟ تم کو کیا ہوا تم بولتے نہیں' پھر ان پر قوت کے ساتھ متوجہ ہو کر مارنے لگے سو وہ لوگ ان کے پاس دوڑتے ہوئے آئے۔

قَالَ اَتَعْبُدُوْنَ مَا تَنْحِتُوْنَ ﴿۹۵﴾ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۶﴾ قَالُوا ابْنُوْا لَهٗ بُنْيَانًا فَاَلْقُوْهُ فِي

ابراہیم نے کہا کیا تم اس چیز کی پوجا کرتے ہو جسے خود تراشتے ہو اور اللہ نے تمہیں پیدا فرمایا ہے اور ان چیزوں کو بھی جنہیں تم بناتے ہو کہنے لگے کہ اس کے لیے ایک مکان بناؤ پھر اسے دہکتی

الْجَحِيْمِ ﴿۹۷﴾ فَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَسْفَلِيْنَ ﴿۹۸﴾

ہوئی آگ میں ڈال دو۔ سو انہوں نے ان کے ساتھ برا برتاؤ کرنے کا ارادہ کیا سو ہم نے ان لوگوں کو نیچا دیکھنے والا بنا دیا۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کا اپنی قوم کو توحید کی دعوت دینا اور بتوں کو توڑ دینا پھر آگ میں ڈالا جانا اور صحیح سالم محفوظ رہ جانا

یہاں سے حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کا تذکرہ شروع ہو رہا ہے، ارشاد فرمایا کہ حضرت نوح علیہ السلام کا اتباع کرنے والوں میں حضرت ابراہیم علیہ السلام بھی تھے۔

اتباع کا مطلب کیا ہے؟ اس کے بارے میں بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ ان دونوں کی شریعتوں میں اصول دین میں تو اتفاق تھا ہی احکام میں بھی اکثر اتفاق تھا اور بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ تابع ہونے کا مطلب یہ ہے کہ جس طرح حضرت نوح علیہ السلام نے دعوت کے کام میں بہت محنت کی اور تکلیفیں برداشت کیں اسی طرح حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بھی جم کر دعوت کا کام کیا اور بڑی بڑی مشقتیں برداشت کیں، حتیٰ کہ آگ میں ڈالے گئے۔

اِذْ جَآءَ رَبَّهٗ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ (جبکہ وہ اپنے رب کے پاس قلب سلیم لے کر آئے) سلیم سالم کے معنی میں ہے مطلب یہ ہے کہ وہ ایسا دل لے کر بارگاہ الٰہی میں حاضر ہوئے کہ عقائد بالکل صحیح تھے، نیت خالص تھی، صفات قبیحہ مثلاً حسد، کھوٹ کپٹ سے خالی تھے۔ اس کے بعد حضرت ابراہیم علیہ السلام کی ایک گفتگو کا تذکرہ فرمایا جو ان کے اور ان کی قوم کے درمیان ہوئی تھی۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے باپ سے اور اپنی قوم سے فرمایا کہ تم کس چیز کی پرستش کرتے ہو؟ انہوں نے جواب میں کہا کہ ہم بتوں کو پوجتے ہیں، کما ذکر فی سورۃ الشعراء.

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا کیا تم اللہ کو چھوڑ کر جھوٹ موٹ کے معبودوں کو چاہتے ہو؟ فَمَا ظَنُّكُمْ بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ سو رب العالمین کے بارے میں تمہارا کیا خیال ہے؟ تم اس کی عبادت بالکل ہی نہیں کرتے یا اس کی عبادت تو کرتے ہو لیکن ساتھ ہی بتوں کو بھی شریک بنا رکھا ہے یعنی ساتھ ہی ان کی بھی عبادت کرتے ہو۔

صاحب روح المعانی نے اس کا یہ مطلب لکھا ہے کہ تمہارا اللہ تعالیٰ کے بارے میں کیا خیال ہے، کیا وہ تمہاری اس جرأت پر عذاب نہ دے گا کہ تم نے جھوٹے معبود بنا لیے اور تمہیں کچھ بھی ڈر نہیں ہے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کی قوم بت پرست تھی اور بت پرست اقوام کی طرح میلے لگاتے تھے، ایک مرتبہ قوم اپنے بتوں کے سامنے کھانا رکھ کر میلے میں شریک ہونے کے لیے چلی گئی۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام سے کہا کہ تم بھی چلو، چونکہ یہ لوگ ستاروں کی تاثیرات کے قائل تھے اس لیے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ان سے اپنا پیچھا چھڑانے اور ان کے پیچھے ان کے بتوں کی توڑ پھوڑ کے لیے ستاروں کی طرف ایک نظر دیکھا اور فرمایا کہ میں تو بیمار ہونے والا ہوں تمہارے ساتھ کیسے جاؤں، وہ لوگ آپ کو چھوڑ کر چلے گئے آپ نے ان کے پیچھے بت خانہ کا رخ کیا اور وہاں جا کر اول تو ان بتوں کی مذاق بنائی اور فرمایا کیا بات ہے کہ تم کھاتے نہیں ہو؟ (کھانے کی چیزیں وہاں پہلے سے رکھی ہوئی تھیں، مشرکین وہاں متبرک بنانے کے طور پر رکھ کر گئے تھے تاکہ واپس ہو کر کھائیں) حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بتوں سے یہ بھی کہا کیا بات ہے تم بولتے نہیں؟ بت تو بت ہیں کیا جواب دیتے، حضرت ابراہیم علیہ السلام ان پر کلہاڑا لے کر پل پڑے اور مار مار کر ان کا تیہ پانچا کر دیا اور توڑ کر رکھ دیا، اس میں جو لفظ بالیمین وارد ہوا ہے اس کے دو ترجمے کیے گئے ہیں، اول یہ ہے کہ داہنے ہاتھ سے حملہ کیا اور دوسرے یہ ہے کہ پوری قوت کے ساتھ مار بجائی۔

جب وہ لوگ میلہ سے واپس ہوئے اور بتوں کو اس حال میں پایا کہ ان کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے گئے ہیں تو اول تو آپس میں پوچھنے لگے کہ یہ کس نے کیا ہے؟ پھر کہنے لگے کہ ہاں وہ ایک نوجوان جسے ابراہیم کہا جاتا ہے وہ ایک دن کہہ رہا تھا کہ میں ایک دن ان کے بارے میں ایک تدبیر نکالوں گا ہو نہ ہو ایسا کام کرنے والا ابراہیم ہی ہوگا' کہنے لگے اسے بلاؤ سب لوگوں کے سامنے بات ہوگی۔ اس مشورے کے بعد جلدی جلدی حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس دوڑے ہوئے آئے اور آپ سے دریافت کیا کیا تم نے ہمارے بتوں کے ساتھ ایسا کیا ہے؟ فرمایا یہ کام ان کے بڑے نے کیا ہے انہی سے پوچھ لو اگر یہ بولتے ہیں؟ کہنے لگے تم جانتے ہو یہ تو بولتے نہیں ہیں! فرمایا تو کیا تم اللہ کو چھوڑ کر ان چیزوں کی پوجا کرتے ہو جو تمہیں کچھ بھی نفع اور ضرر نہیں پہنچا سکتے' تف ہے تم پر اور تمہارے معبودوں پر' یہ سوال اور جواب سورۃ الانبیاء میں مذکور ہے۔

یہاں سورۃ الصّٰفّٰت میں فرمایا ہے قَالَ اَتَعْبُدُوْنَ مَاتَنْحِتُوْنَ کیا تم ان چیزوں کی عبادت کرتے ہو جنہیں خود ہی تراش کر اور کاٹ چھانٹ کر کے بنا لیتے ہو وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ ٥ اور حال یہ ہے کہ اللہ نے تمہیں بھی پیدا کیا اور جن چیزوں کو تم بناتے ہو انہیں بھی اسی نے پیدا فرمایا ہے۔

مشرکین حضرت ابراہیم علیہ السلام کی بات کا دلیل سے تو جواب نہ دے سکے البتہ آپس میں یہ طے کیا کہ ان کے لیے ایک مکان بناؤ یعنی ایک چار دیواری تیار کرو پھر اس میں بہت زیادہ آگ جلاؤ اور اس شخص کو اس آگ میں ڈال دو۔

چنانچہ انہوں نے ایک بڑی جگہ بنائی اور اس میں خوب آگ جلائی پھر منجنیق کے ذریعے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اس آگ میں ڈال دیا' آگ کو اللہ تعالیٰ کا حکم ہوا کہ تو ٹھنڈی ہو جا اور سلامتی والی بن جا' ابراہیم کو کوئی تکلیف نہ پہنچے چنانچہ آگ اللہ کے حکم سے ٹھنڈی ہوگئی اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کا بال بھی بیکا نہ ہوا۔ اب تو دشمنوں نے منہ کی کھائی' سب حیران رہ گئے۔ اسی کو فرمایا: فَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَسْفَلِيْنَ (سو ان لوگوں نے ابراہیم کو تکلیف پہنچانے کی تدبیر کی سو ہم نے ان لوگوں کو نیچا کر دیا) وہ ذلیل ہوئے اور سب نے نیچا دیکھا۔

اس قصہ کی تفصیل سورۃ الانبیاء (رکوع نمبر۴) میں بھی گزر چکی ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے جو اِنِّىْ سَقِيْمٌ فرمایا تھا اس کے بارے میں بھی وہاں ضروری بحث لکھ دی گئی ہے' مطالعہ کر لی جائے۔

یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے جو ستاروں کی طرف دیکھ کر اپنی قوم کو جواب دیا کہ میں بیمار ہونے والا ہوں تو ستاروں کی طرف کیوں دیکھا اور کیا ستاروں سے انسانوں کے احوال اور امراض اور اسقام کا کوئی تعلق ہے؟ پہلی بات کا جواب اوپر گزر چکا ہے کہ چونکہ وہ لوگ ستاروں کو مانتے تھے اور یہ عقیدہ رکھتے تھے کہ ہمارے حالات کا ستاروں سے تعلق ہے اس لیے ستاروں کو بہانہ بنا کر ان لوگوں کو چلتا کر دیا اور خود وہیں رہ گئے۔ اب رہا دوسرا سوال تو اس کے بارے میں حضرت حکیم الامت قدس سرہ ''بیان القرآن'' میں لکھتے ہیں کہ علم نجوم شرعاً مذموم ہے خواہ اس وجہ سے کہ وہ بـاصْلِهٖ باطل ہے اور کواکب میں سعادت ونحوست منفی ہے اور یا اس وجہ سے مذموم ہے کہ کواکب کی سعادت ونحوست میں گو ثبوت عدم نہ ہو مگر عدم ثبوت ہے اور اس کے قواعد کسی دلیل صحیح کی طرف مستند نہیں اور پھر مفاسد کثیرہ اس پر مرتب ہوتے ہیں اعتقاد قبیح اور شرک صریح اور ضعف توکل علی اللہ اور ترک علوم نافعہ وغیرہ ذلک۔ حاصل یہ ہے کہ نجوم مذموم ہے خواہ قبح لعینہ کی وجہ سے مذموم ہو خواہ قبح لغیرہ کی وجہ سے۔ (انتهىٰ ملخصًا)

وَقَالَ اِنِّیْ ذَاهِبٌ اِلٰی رَبِّیْ سَیَهْدِیْنِ ﴿۹۹﴾ رَبِّ هَبْ لِیْ مِنَ الصّٰلِحِیْنَ ﴿۱۰۰﴾ فَبَشَّرْنٰهُ بِغُلٰمٍ

اور ابراہیم نے کہا کہ بلاشبہ میں اپنے رب کی طرف جانے والا ہوں وہ عنقریب مجھے راہ بتا دے گا۔ اے میرے رب مجھے نیک فرزند عطا فرما۔ سو ہم نے انہیں حلم والے لڑکے کی

حَلِیْمٍ ﴿۱۰۱﴾ فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْیَ قَالَ یٰبُنَیَّ اِنِّیْۤ اَرٰی فِی الْمَنَامِ اَنِّیْۤ اَذْبَحُكَ

بشارت دی۔ سو جب وہ لڑکا ایسی عمر کو پہنچا کہ ابراہیم کے ساتھ چلنے پھرنے لگا تو ابراہیم نے کہا کہ اے میرے چھوٹے سے بیٹے بے شک میں خواب میں دیکھ رہا ہوں کہ تجھے ذبح کرتا ہوں

فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰی ؕ قَالَ یٰۤاَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ ۫ سَتَجِدُنِیْۤ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِیْنَ ﴿۱۰۲﴾

سو تو غور کرلے تیری کیا رائے ہے؟ بیٹے نے کہا اے ابا جان آپ کو جو حکم ہوا ہے اس پر عمل کرلیجئے، انشاء اللہ آپ مجھے صابروں میں سے پائیں گے۔

فَلَمَّاۤ اَسْلَمَا وَتَلَّهٗ لِلْجَبِیْنِ ﴿۱۰۳﴾ وَنَادَیْنٰهُ اَنْ یّٰۤاِبْرٰهِیْمُ ﴿۱۰۴﴾ قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْیَا ۚ اِنَّا كَذٰلِكَ

سو جب دونوں نے حکم کو مان لیا اور ابراہیم نے بیٹے کو کروٹ کے بل لٹا دیا اور ہم نے آواز دی کہ اے ابراہیم تم نے خواب کو سچ کر دکھایا۔ بلاشبہ ہم مخلصین

نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۱۰۵﴾ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْبَلٰٓؤُا الْمُبِیْنُ ﴿۱۰۶﴾ وَفَدَیْنٰهُ بِذِبْحٍ عَظِیْمٍ ﴿۱۰۷﴾ وَتَرَكْنَا

کو ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہیں۔ بلاشبہ یہ کھلا ہوا امتحان ہے اور ہم نے ایک بڑا ذبیحہ اس کے عوض دے دیا۔ اور بعد کے آنے والوں

عَلَیْهِ فِی الْاٰخِرِیْنَ ﴿۱۰۸﴾ سَلٰمٌ عَلٰۤی اِبْرٰهِیْمَ ﴿۱۰۹﴾ كَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۱۱۰﴾ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا

میں ان کے لیے یہ بات رہنے دی کہ سلام ہو ابراہیم پر۔ ہم اسی طرح مخلصین کو بدلہ دیا کرتے ہیں۔ بے شک وہ ہمارے

الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۱۱۱﴾ وَبَشَّرْنٰهُ بِاِسْحٰقَ نَبِیًّا مِّنَ الصّٰلِحِیْنَ ﴿۱۱۲﴾ وَبٰرَكْنَا عَلَیْهِ وَعَلٰۤی اِسْحٰقَ ؕ

مؤمن بندوں میں سے تھے اور ہم نے انہیں اسحاق کی بشارت دی کہ وہ نبی ہوں گے صالحین میں سے ہوں گے۔ اور ہم نے ابراہیم پر اور اسحاق پر برکت دی،

وَمِنْ ذُرِّیَّتِهِمَا مُحْسِنٌ وَّظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ مُبِیْنٌ ﴿۱۱۳﴾

اور ان کی نسل میں سے اچھے لوگ ہیں اور ایسے لوگ بھی ہیں جو صریحاً اپنی جان پر ظلم کرنے والے ہیں۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کا اپنے علاقہ سے ہجرت کرنا پھر بیٹے کے ذبح کرنے کا حکم ملنا اور فرمانبرداری میں کامیاب ہونا

حضرت ابراہیم علیہ السلام کا وطن بابل کے قریب تھا انہوں نے وہاں کے مشرکین کو شرک سے باز آنے اور خالق کائنات وحدہ لاشریک کی عبادت کی دعوت دی' یہ لوگ شرک سے باز نہ آئے' آپ نے ہجرت کا اعلان کر دیا اور فرمایا کہ میں اپنے رب کی طرف جاتا ہوں یعنی کسی ایسی جگہ جا کر آباد ہوتا ہوں جہاں اپنے رب کے احکام ادا کرسکوں اور دوسروں کو بھی راہ حق دکھا سکوں۔ میرا رب میری رہبری فرمائے گا اور مجھے ایسی جگہ پہنچا دے گا جہاں رہنے سے اس کی رضامندی حاصل ہوگی' چنانچہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ملک شام کو ہجرت کر گئے اور وہاں جا کر آباد ہو گئے' حضرت لوط علیہ السلام بھی آپ کے ساتھ تھے' دونوں نے سرزمین شام کے لیے ہجرت کی اور فلسطین کے

علاقے میں جا کر آباد ہو گئے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کی ایک بیوی تو سفر ہی میں ان کے ساتھ تھیں جن کا نام سارہؓ تھا اور دوسری بیوی ایک بادشاہ نے پیش کر دی تھیں جن کا نام ہاجرہؓ تھا، جس بادشاہ نے حضرت سارہؓ کو پکڑوا کر بلایا تھا اسی نے حضرت ہاجرہ کو بطور خادمہ آپ کی خدمت میں پیش کر دیا تھا (جس کا قصہ سورۃ الانبیاء میں گزر چکا ہے) حضرت سارہؓ اسحٰق علیہ السلام کی والدہ تھیں اور حضرت ہاجرہؓ حضرت اسماعیل علیہ السلام کی والدہ تھیں۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ مجھے ایک ایسا فرزند عطا فرمایئے جو صالحین میں سے ہو۔

چنانچہ اللہ تعالیٰ نے بیٹا عطا فرمایا، مفسر ابن کثیرؒ لکھتے ہیں کہ سب علماء کا اس پر اتفاق ہے کہ یہاں جس بیٹے کی بشارت کا ذکر ہے اس سے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام ہی مراد ہیں۔ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام پیدا ہوئے، کچھ بڑے ہوئے تو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے انہیں اور ان کی والدہ کو اللہ کے حکم سے مکہ معظّمہ کی سرزمین پر چھوڑ دیا، اس وقت مکہ معظّمہ چٹیل میدان تھا کعبہ شریف کی عمارت بھی موجود نہ تھی، اللہ کریم نے ان کے لیے زمزم کا چشمہ پیدا فرما دیا پھر بنی جرہم کا قبیلہ بھی وہاں آ کر آباد ہو گیا۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام فلسطین سے اپنی بیوی اور بیٹے کی خبر لینے مکہ معظّمہ جایا کرتے تھے، ایک مرتبہ تشریف لائے تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے انہیں خواب دکھایا گیا کہ وہ اپنے بیٹے کو ذبح کر رہے ہیں، انبیاء کرام علیہم السلام کا خواب سچا ہوتا تھا اور اللہ کی جانب سے ہوتا تھا، ایسی بات اللہ تعالیٰ کی جانب سے حکم دیئے جانے کے مترادف سمجھی جاتی تھی اس لیے انہوں نے اپنے بیٹے سے کہا کہ میں نے ایسا خواب دیکھا ہے تمہاری کیا رائے ہے؟ بیٹے نے جواب دیا: يٰٓاَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِيْنَ (یعنی اے ابا جان آپ کو جو حکم ہوا ہے اس پر عمل کر لیجئے آپ مجھے انشاء اللہ صبر کرنے والوں میں سے پائیں گے۔)

چنانچہ حضرت ابراہیم علیہ السلام اپنے بیٹے حضرت اسماعیل علیہ السلام کو مکہ مکرمہ سے لے کر چلے اور منیٰ میں جا کر ذبح کرنے کی نیت سے ایک چھری ساتھ لی (منیٰ مکہ معظّمہ سے تین میل دور دو پہاڑوں کے درمیان بہت لمبا میدان ہے) جب منیٰ میں داخل ہونے لگے تو ان کے بیٹے کو شیطان بہکانے لگا، حضرت ابراہیم علیہ السلام کو پتہ چلا تو اللہ اکبر کہہ کر سات کنکریاں ماریں جس کی وجہ سے وہ زمین میں دھنس گیا، یہ دونوں آگے بڑھے تو پھر زمین نے اس کو چھوڑ دیا، پھر قریب آ کر ورغلانے لگا حضرت ابراہیم علیہ السلام نے پھر اللہ اکبر کہہ کر اسے سات کنکریاں ماریں پھر وہ زمین میں دھنس گیا اور اس کے بعد آگے بڑھ کر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے بیٹے کو پیشانی کے بل زمین پر لٹا دیا۔

وَنَادَيْنٰهُ اَنْ يّٰٓاِبْرٰهِيْمُ قَدْ صَدَّقْتَ الرُّؤْيَا (اور ہم نے ابراہیم کو آواز دی کہ تم نے خواب کو سچا کر دکھایا) خواب میں جو حکم دیا گیا تھا اپنی طرف سے اس کے انجام دینے میں ذرا بھی کسر نہ چھوڑی۔ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ (اور ہم مخلصین کو اسی طرح بدلہ دیا کرتے ہیں)

اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْبَلٰٓؤُا الْمُبِيْنُ (بلاشبہ یہ کھلا امتحان ہے) وَفَدَيْنٰهُ بِذِبْحٍ عَظِيْمٍ (اور ہم نے اس کے بدلہ ایک بڑا ذبیحہ دے دیا) یعنی حضرت ابراہیم علیہ السلام کے فرزند کو ذبح ہونے سے بچا لیا (انہوں نے اپنے بیٹے کے گلے پر چھری پھیر دی لیکن گلا نہ کٹا۔ مشہور ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے گلے کو تانبے کا بنا دیا جس پر چھری نے کچھ کام نہ دیا، اسکے بعد اللہ تعالیٰ نے ایک بڑا ذبیحہ بھیج دیا۔ حضرت ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ یہ ذبیحہ ایک مینڈھا تھا جو جنت سے لایا گیا تھا اور بعض روایات میں ہے کہ اس مینڈھے کو حضرت جبریل علیہ

السلام لے کر آئے تھے۔ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ سَلٰمٌ عَلٰى اِبْرٰهِيْمَ ○ (اور ہم نے بعد کے آنے والوں میں ابراہیم کے بارے میں یہ بات چھوڑ دی کہ سلام ہو ابراہیم پر) كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ (ہم مخلصین کو اسی طرح صلہ دیا کرتے ہیں) چنانچہ بعد کے آنے والی تمام امتوں میں انکا اور ان کی قربانی کا تذکرہ ہے اور اہل ایمان ان پر سلام بھیجتے رہتے ہیں' جب ان کا نام لیتے ہیں علیہ السلام کہتے ہیں اور امت محمدیہ کو ان سے خاص تعلق ہے ان کی شریعت کے احکام اس شریعت میں ماخوذ ہیں اور نماز میں جو درود ابراہیمی پڑھا جاتا ہے وہ تو نمازیوں کو ہی یاد ہے انہوں نے دعا بھی کی تھی: وَاجْعَلْ لِّيْ لِسَانَ صِدْقٍ فِي الْاٰخِرِيْنَ (اور اے اللہ بعد کے آنے والوں میں میرا اچھا تذکرہ جاری رکھیئے اللہ تعالیٰ نے ان کی دعا قبول فرمائی' برابر ان کا ذکر خیر جاری ہے اور برابر ان کے لیے سلام کی دعا اہل ایمان کی زبانوں سے نکلتی ہے اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ (بلاشبہ وہ ہمارے مؤمن بندوں میں سے ہیں)

نیک نیتی پر ثواب .... حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بہت بڑی قربانی دی' اپنے وطن میں آگ میں ڈالے گئے اسے خوشی سے منظور کر لیا' اللہ تعالیٰ جل شانہ نے حفاظت فرمائی اور صحیح سالم آگ سے باہر آ گئے پھر جب ہجرت فرما کر شام میں آ گئے اور مکہ معظمہ میں اپنی ایک بیوی اور ایک بچے کو آباد کر دیا' پھر جب اس کے ذبح کرنے کا حکم ہوا تو اسے بھی ذبح کر دیا (یعنی اپنی کوشش میں کوئی کسر نہیں چھوڑی) اللہ تعالیٰ نے یہاں بھی مدد فرمائی اور ان کے بیٹے کو بچا لیا اور اس کی جگہ ایک مینڈھا بھیج دیا' اس سے معلوم ہوا کہ جو بھی کوئی شخص سچی نیت سے اور سچے دل سے کسی عمل کا ارادہ کرے اور پھر وہ کام نہ ہو سکے تب بھی اس کا ثواب مل جاتا ہے۔

حدیث شریف میں وارد ہے کہ جو شخص حج یا عمرہ یا جہاد کے لیے اپنے گھر سے نکل گیا پھر راستہ میں مر گیا تو اس کے لیے اللہ تعالیٰ جل شانہ مجاہد اور حاجی اور عمرہ کرنے والوں کا ثواب لکھ دے گا۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۲۲۳)

قرآن شریف میں وارد ہے: وَمَنْ يَّخْرُجْ مِنْۢ بَيْتِهٖ مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ (سورۃ النساء) اور جو شخص اپنے گھر سے اللہ اور اس کے رسول کی طرف ہجرت کرنے کے لیے نکل جائے پھر اس کو موت آ جائے تو اللہ کے ذمہ اس کا ثواب ثابت ہو گیا۔

حدیث شریف میں یہ بھی وارد ہے کہ جو شخص تہجد کی نماز پڑھنے کی نیت سے سو گیا اور پھر آنکھ نہ کھل سکی تو اس کو تہجد پڑھنے کا ثواب ملے گا۔ (الترغیب والترہیب ص ۴۰۹ ج ۱)

امت محمدیہ کے لیے قربانی کا حکم .... حضرت ابراہیم اور اسماعیل علیہما السلام کے واقعہ سے قربانی کی ابتداء معلوم ہوئی' اور حج کے موقع پر منیٰ میں جو کنکریاں ماری جاتی ہیں ان کی ابتداء بھی اسی واقعہ سے ہے۔ انہی تین جگہوں پر کنکریاں مارتے ہیں جہاں شیطان زمین میں دھنس گیا تھا جگہ کی نشاندہی کے لیے پتھر کے مینار بنا دیئے گئے ہیں۔ اس کے بعد سے اللہ تبارک وتعالیٰ کی رضا کے لیے ان جگہوں میں حج کے موقع پر کنکریاں مارنا اور جانوروں کی قربانی کرنا عبادت میں شمار ہو گیا ہے' چنانچہ امت محمدیہ کے لیے بھی قربانی شروع ہو گئی۔ صاحب حیثیت پر قربانی واجب ہے اور اگر کسی کی اتنی حیثیت نہ ہو اور قربانی کر دے تب بھی ثواب عظیم کا مستحق ہو گا۔

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ مَنْ وَّجَدَ سَعَةً لِاَنْ يُّضَحِّيَ فَلَمْ يُضَحِّ فَلَا يَحْضُرْ مُصَلَّانَا (الترغیب والترہیب ج ۲ ص ۱۰۳) یعنی جو شخص وسعت ہوتے ہوئے بھی قربانی نہ کرے وہ ہماری عیدگاہ میں نہ آئے۔

حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ منورہ میں دس سال قیام فرمایا اور ہر سال قربانی

فرمائی۔ (مشکوٰۃ)

ان حدیثوں سے قربانی کی بہت زیادہ تاکید معلوم ہوئی، حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے پابندی سے قربانی کرنے اور اس کی تاکید کرنے کی وجہ سے حضرت امام ابوحنیفہؒ نے اہل وسعت پر قربانی کو واجب کہا ہے اور فرمایا ہے کہ صاحب نصاب پر قربانی واجب ہے (واجب کا درجہ فرض کے قریب ہے بلکہ عمل میں فرض کے برابر ہے) صاحب نصاب کون ہے؟ اس کو سمجھنے کے لیے کتب فقہ کی مراجعت کی جائے۔

چونکہ اصل خون بہانا یعنی جان، جان آفریں کے سپرد کرنا ہے اس لیے قربانی کے ایام میں اگر کوئی شخص قربانی کی قیمت صدقہ کر دے یا اس کی جگہ غلہ یا کپڑا محتاجوں کو دے دے تو اس سے حکم کی تعمیل نہ ہوگی اور ترک قربانی کا گناہ ہوگا اور ہر بال کے بدلہ نیکی ملنے کی جو سعادت تھی اس سے محرومی ہوگی۔

حضرت زید بن ارقمؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے صحابہؓ نے پوچھا کہ یا رسول اللہ یہ قربانیاں کیا ہیں؟ فرمایا یہ تمہارے باپ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا جاری کیا ہوا طریقہ ہے پھر سوال کیا گیا کہ یا رسول اللہ ہمارے لیے قربانی میں کیا ثواب ہے؟ فرمایا ہر بال کے بدلہ میں ایک نیکی ہے، صحابہؓ نے پھر پوچھا کہ یا رسول اللہ اون کے بارے میں کیا ارشاد ہے؟ فرمایا (اگر قربانی کے طور پر ایسا جانور ذبح کیا جو اون والا ہو مثلاً دنبہ ہو تو) تو اسکے بھی ہر بال کے بدلہ میں ایک نیکی ملے گی۔ (رواہ احمد وابن ماجہ)

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یوم النحر (ذی الحجہ کی دسویں تاریخ کے دن) کسی شخص نے کوئی عمل ایسا نہیں کیا جو اللہ تعالیٰ کے نزدیک قربانی کا خون بہانے سے زیادہ محبوب ہو اور ارشاد فرمایا کہ بلاشبہ قیامت کے دن قربانی کرنے والا قربانی کے جانور کے سینگوں اور بالوں اور کھروں کو لے کر آئے گا، مزید فرمایا کہ قربانی کا خون زمین پر گرنے سے پہلے اللہ تعالیٰ کے نزدیک مقبولیت کا درجہ پالیتا ہے لہٰذا تم خوشدلی کے ساتھ قربانی کیا کرو۔ (رواہ ابن ماجه والترمذی و قال حسن غریب والحاکم و قال صحیح و فی الترغیب ص ۱۰۴ ج ۲)

حضرت ابوسعیدؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت فاطمہؓ سے فرمایا کہ اپنی قربانی کے قریب کھڑی ہو جاؤ کیونکہ قربانی کے خون کا قطرہ جو گرے گا اس کی وجہ سے تمہارے گزشتہ گناہ معاف ہو جائیں گے، عرض کیا یا رسول اللہ یہ ثواب ہمارے لیے یعنی اہل بیت کے لیے مخصوص ہے یا ہمارے اور تمام مسلمانوں کے لیے ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ ثواب ہمارے لیے اور تمام مسلمانوں کے لیے ہے۔ (رواہ البزار وابوالشیخ بن حبان فی کتاب الضحایا وغیرہ کما فی الترغیب ص ۱۰۴ ج ۲)

حضرت اسحٰق علیہ السلام کی بشارت .... وَبَشَّرْنٰهُ بِاِسْحٰقَ نَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ (اور ہم نے ابراہیم کو بشارت دی اسحٰق کی کہ وہ نبی ہوں گے صالحین میں سے) وَبٰرَكْنَا عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اِسْحٰقَ (اور ہم نے ابراہیم اور اسحٰق پر برکتیں نازل کیں) وَمِنْ ذُرِّيَّتِهِمَا مُحْسِنٌ وَّظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ مُبِيْنٌ (اور ان دونوں کی نسل میں بعض اچھے ہیں اور بعض ایسے ہیں جو کھلے طور پر اپنی جان پر ظلم کرنے والے ہیں۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے جو بیٹے عطا فرمائے تھے ان میں سے ایک حضرت اسمٰعیل علیہ السلام تھے جن کے ذریعے مکہ معظمہ آباد ہوا ہے اور ان کے ساتھ مل کر انہوں نے کعبہ شریف تعمیر کیا اور جن کی نسل سے خاتم النبیین سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پیدا ہوئے دوسرے مشہور صاحبزادہ حضرت اسحٰق علیہ السلام تھے، ان کے بیٹے حضرت یعقوب علیہ السلام تھے جن کا لقب اسرائیل تھا ان کے بارہ بیٹے تھے، بنی اسرائیل انہیں کی اولاد ہیں، اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل میں بہت برکت دی، ان کی نسل بھی بہت ہوئی اور ان میں

انبیائے کرام علیہم السلام بھی کثیر تعداد میں ہوئے، اللہ تعالیٰ کی کتابیں بھی ان پر نازل ہوئیں اور صحیفے بھی۔

آخر میں جو یہ فرمایا کہ ان کی ذریت میں محسنین بھی ہیں اور ظالمین بھی' اس میں یہ بتا دیا کہ انبیاء کرام علیہم السلام کی نسلوں میں ہونا عنداللہ مقبولیت کی دلیل نہیں ہے جو ایمان سے محروم ہوگا اور عمل صالح سے دور ہوگا وہ کسی مقبول بندہ کا بیٹا ہونے کی وجہ سے نجات کا مستحق نہیں ہوسکتا۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کا کون سا فرزند ذبیح تھا.........اس میں اختلاف ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو جس بیٹے کے ذبح کرنے کا حکم اللہ نے دیا تھا وہ کون سا بیٹا تھا۔ اہل کتاب تو یہی کہتے ہیں کہ وہ حضرت اسحٰق علیہ السلام تھے اور امت محمدیہ میں سے بھی بعض علماء نے اسی کو اختیار کیا ہے لیکن بہت سے اہل تحقیق فرماتے ہیں کہ ذبیح حضرت اسمٰعیل علیہ السلام تھے' ان حضرات کی دو دلیلیں زیادہ وزنی ہیں' ایک تو یہ کہ سورۃ الصّٰفّٰت میں اولاً یہ فرمایا فَبَشَّرْنٰهُ بِغُلٰمٍ حَلِيْمٍ پھر متصلاً ہی یوں فرمایا فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْيَ قَالَ يٰبُنَيَّ اِنِّيْٓ اَرٰى فِي الْمَنَامِ اَنِّيْٓ اَذْبَحُكَ اس کے بعد ذبح کا قصہ ذکر فرمایا' پھر فرمایا: وَبَشَّرْنٰهُ بِاِسْحٰقَ نَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ لہٰذا سیاق کلام سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ جس بیٹے کی اولاً خوشخبری دی گئی وہی ذبیح تھے اور وہ اسحٰق علیہ السلام کے علاوہ تھے' دوسری دلیل جو پہلی دلیل سے زیادہ وزن دار ہے یہ ہے کہ سورۂ ہود میں فرمایا ہے: فَبَشَّرْنٰهُ بِاِسْحٰقَ وَمِنْ وَّرَآءِ اِسْحٰقَ يَعْقُوْبَ کہ ہم نے ابراہیم کو اسحاق کی خوشخبری دی اور ہم نے یہ خوشخبری بھی دی کہ اسحٰق کے بعد یعقوب کا بھی تولد ہوگا اور یہ بات ظاہر ہے کہ جس بیٹے کو ذبح فرمایا وہ نابالغ تھا اسی لیے اسے یٰبُنَیَّ کہہ کر خطاب کیا اور جب کسی کے بارے میں پہلے سے یہ کہہ دیا جائے کہ اس کی اولاد بھی ہوگی اور پھر یوں کہہ دیا جائے کہ اس کو ذبح کر دو تو اس میں امتحان کا خاص پہلو نہیں نکلتا جسے ذبح کرنے کا حکم دیا جائے وہ پہلے سے جانتا ہے کہ یہ ذبح ہونے والا نہیں ہے کیونکہ اسے بالغ بھی ہونا ہے اور اس کی اولاد بھی ہونی ہے۔ صاحب الدر المختار لکھتے ہیں کہ: المختار ان الذبیح اسماعیل و فی القاموس انہ اصحّ قال و معناہ مطیع اللّٰہ، صاحب رد المحتار اس پر تعلیق کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔ قلت و بہ قال احمد و رجعہ غالب المحدّثین۔

وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۱۱۴﴾ وَنَجَّيْنٰهُمَا وَقَوْمَهُمَا مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۱۵﴾ وَنَصَرْنٰهُمْ

اور یہ واقعی بات ہے کہ ہم نے موسیٰ اور ہارون پر احسان کیا۔ اور دونوں کو اور ان کی قوم کو بڑی بے چینی سے نجات دی اور ہم نے ان کی مدد کی

فَكَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿۱۱۶﴾ وَاٰتَيْنٰهُمَا الْكِتٰبَ الْمُسْتَبِيْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَهَدَيْنٰهُمَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ﴿۱۱۸﴾ وَتَرَكْنَا

سو وہی غالب ہونے والے تھے۔ اور ہم نے انہیں واضح طور پر بیان کرنے والی کتاب دی اور ہم نے انہیں صراط مستقیم کی ہدایت کی' اور ہم نے بعد میں آنے

عَلَيْهِمَا فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ سَلٰمٌ عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۱۲۰﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۲۱﴾ اِنَّهُمَا

والوں میں ان دونوں کے بارے میں یہ بات چھوڑ دی کہ سلام ہو موسیٰ پر اور ہارون پر۔ بلاشبہ ہم اسی طرح مخلصین کو صلہ دیا کرتے ہیں۔ بے شک

مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۲۲﴾

وہ ہمارے مؤمن بندوں میں سے تھے۔

حضرت موسیٰ اور حضرت ہارون علیہما السلام کا تذکرہ

ان آیات میں حضرت موسیٰ اور انکے بھائی حضرت ہارون علیہما السلام کا تذکرہ فرمایا ہے۔ اول تو یہ فرمایا کہ ہم نے ان دونوں پر احسان کیا یعنی نبوت عطا کی اور اس بڑے انعام سے نوازا اور اسکے علاوہ بھی دوسری نعمتیں عطا فرمائیں۔ انہی نعمتوں میں سے ایک یہ بھی ہے کہ انہیں اور ان کی قوم کو بڑی بے چینی سے نجات دی کیونکہ یہ لوگ مصر میں رہتے تھے جہاں کا صاحب اقتدار فرعون تھا وہ بڑا ظالم تھا اس کی حکومت میں بنی اسرائیل عاجز محض بنے ہوئے تھے (جو حضرت موسیٰ اور حضرت ہارون علیہما السلام کی قوم کے لوگ تھے) فرعون ان کے لڑکوں تک کو ذبح کر دیتا تھا اور یہ چوں بھی نہیں کر سکتے تھے۔ اس سے بڑی بے چینی اور مظلومیت کیا ہوگی، اللہ تعالیٰ نے اس بے چینی سے ان کو نجات دی، ان لوگوں کی مدد فرمائی، دریا سے پار کر دیا، یہ لوگ غالب ہوئے اور فرعون اور اس کا لشکر مغلوب ہوئے جو دریا میں غرق ہو کر ہلاک ہو گئے۔

وَاٰتَیْنٰـهُـمَـا الْكِتٰبَ الْمُسْتَبِیْنَ (اور ہم نے انہیں واضح کتاب دی) یعنی توریت شریف عطا فرمائی جس میں واضح طور پر احکام شرعیہ بیان فرمائے۔ وَهَـدَیْنٰـهُـمَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ (اور ہم نے ان دونوں کو صراط مستقیم کی ہدایت دی) جس پر وہ قائم رہے اور بنی اسرائیل کو بھی اس کی دعوت دیتے رہے۔ وَتَـرَكْـنَـا عَلَیْهِمَا فِی الْاٰخِرِیْنَ ○ سَلٰمٌ عَـلٰی مُوْسٰی وَهٰرُوْنَ ۔ اور ہم نے بعد کے آنے والوں میں ان کے بارے میں یہ بات رہنے دی کہ سلام ہو موسیٰ اور ہارون پر (چنانچہ ان کے بعد آنے والی ساری امتیں خاص کر امت محمدیہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والتحیۃ برابر دعائے سلام کے ساتھ ان کا نام لیتی ہے یعنی انہیں لفظ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ یاد کرتی ہے) اِنَّا كَـذٰلِكَ نَـجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ اِنَّهُمَا مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِیْنَ ۔ بے شک ہم مخلصین کو اسی طرح صلہ دیا کرتے ہیں بلاشبہ وہ دونوں ہمارے مؤمن بندوں میں سے ہیں۔

وَاِنَّ اِلْیَاسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ ﴿۱۲۳﴾ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۲۴﴾ اَتَدْعُوْنَ بَعْلًا وَّتَذَرُوْنَ

اور بلا شبہ الیاس پیغمبروں میں سے ہیں جبکہ انہوں نے اپنی قوم سے کہا کیا تم نہیں ڈرتے، کیا بعل کی عبادت کرتے ہو اور احسن

اَحْسَنَ الْخَالِقِیْنَ ﴿۱۲۵﴾ اللّٰهَ رَبَّكُمْ وَرَبَّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِیْنَ ﴿۱۲۶﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَاِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾

الخالقین کو چھوڑے ہوئے ہو۔ جو اللہ ہے جو تمہارا رب ہے اور تمہارے باپ دادوں کا رب ہے۔ سو ان لوگوں نے انہیں جھٹلایا لہٰذا وہ ضرور حاضر کیے جائیں گے

اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِیْنَ ﴿۱۲۸﴾ وَتَرَكْنَا عَلَیْهِ فِی الْاٰخِرِیْنَ ﴿۱۲۹﴾ سَلٰمٌ عَلٰٓی اِلْ یَاسِیْنَ ﴿۱۳۰﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ

سوائے اللہ کے مخلص بندوں کے اور بعد میں آنیوالوں میں ان کے بارے میں یہ بات چھوڑ دی کہ سلام ہو الیاس پر، بلا شبہ ہم

نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۱۳۱﴾ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۱۳۲﴾

مخلصین کو ایسے ہی صلہ دیا کرتے ہیں۔ بے شک وہ ہمارے مؤمن بندوں میں سے تھے۔

حضرت الیاس علیہ السلام کا اپنی قوم کو توحید کی دعوت دینا اور بت پرستی چھوڑنے کی تلقین فرمانا

حضرت الیاس علیہ السلام بھی اللہ تعالیٰ کے پیغمبروں میں سے تھے، بعض مفسرینؒ نے فرمایا ہے کہ وہ بنی اسرائیل میں سے اور

حضرت ہارون علیہ السلام کی اولاد میں سے تھے آپ جن لوگوں کی طرف مبعوث ہوئے تھے وہ لوگ مشرک تھے، ان کا ایک بت تھا جس کا نام بَعْل تھا یہ لوگ اس کی عبادت کرتے تھے اور اس سے حاجتیں مانگا کرتے تھے۔ روح المعانی میں ایک قول لکھا ہے کہ یہ بت سونے کا تھا جس کا قد بیس ہاتھ تھا اور چار چہرے تھے' شیطان اس کے اندر داخل ہو جاتا تھا اور اس کے پجاریوں اور خدمت گاروں سے باتیں کرتا تھا وہ لوگ اس کی باتیں وہاں آنے والوں کو بتا دیتے تھے جس سے وہ لوگ اور زیادہ معتقد ہو جاتے تھے۔ حضرت الیاس علیہ السلام نے ان کو تبلیغ کی اور توحید کی دعوت دی اور استفہام انکاری کے طور پر فرمایا کیا تم اس ذات پاک کو چھوڑتے ہو جو احسن الخالقین ہے جو اللہ ہے جو تمہارا بھی رب ہے اور تمہارے باپ دادوں کا بھی' تم معبود حقیقی کی عبادت نہیں کرتے اور اسے اپنی حاجتوں کے لیے نہیں پکارتے' یہ تمہاری بیوقوفی ہے صرف اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اور اسی سے اپنی حاجتیں طلب کرو۔

اس میں جو احسن الخالقین فرمایا ہے اس سے احسن المصورین مراد ہے یعنی اللہ تعالیٰ جل شانہ سب کی صورتیں بناتا ہے' وہی حقیقی مصور ہے اس کے علاوہ جو لوگ مورتیاں بناتے ہیں وہ مجازی مصور ہیں۔

ان لوگوں نے حضرت الیاس علیہ السلام کی بات نہ مانی' شرک کو نہ چھوڑا' توحید پر نہ آئے' ان کے بارے میں ارشاد فرمایا: فَاِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ) کہ وہ ضرور عذاب میں حاضر کیے جائیں گے)اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ (سوائے اللہ کے ان بندوں کے جو اللہ ہی کے خالص بندے تھے' جنہیں اللہ تعالیٰ نے ہدایت کے لیے چن لیا تھا) اس میں یہ بتا دیا کہ حضرت الیاس علیہ السلام کی امت میں سبھی کافر و مشرک نہ تھے بعض مخلص مؤمن بھی تھے: وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ سَلٰمٌ عَلٰٓى اِلْيَاسِيْنَ ۔ اور ہم نے بعد کے آنے والوں میں ان کے بارے میں یہ بات رہنے دی کہ سلام ہو الیاس پر اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ۔ بے شک ہم مخلصین کو اسی طرح صلہ دیا کرتے ہیں بے شک وہ ہمارے مؤمن بندوں میں سے ہیں۔

سَلٰمٌ عَلٰٓى اِلْ يَاسِيْنَ ۔ میں جو لفظ اِلْ يَاسِين ہے اس کے بارے میں بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ یہ بھی حضرت الیاس علیہ السلام کا نام تھا۔ کبھی کبھی کلمہ کے اخیر میں یا اور نون بڑھا دیا کرتے ہیں جیسے سِيْنَاء اور سینین ہے' رعایت فواصل کی وجہ سے اِلْ یاسین لایا گیا ہے۔ وقيل هو جمع الياسِ عَلىٰ طريق التغليب علىٰ قومه وَاتباعه كا لمهلبين للمهلب و قومه وقيل جمع الياسيّ بياء النسبة فخفف والمراد بالياسين قوم الياسين المخلصون فانهم الاحقآء بان ينسبوا اليه وَضُعِّفَ هٰذا القول . وقرأ نافع و ابن عامر و يعقوب و زيد بن علي (آل ياسين) بالا ضافة' و كتب في المصحف العثماني منفصلاً ففيه نوع تاييد لهٰذا القرأة و جوّزان يكون الآل مقحما علىٰ ان ياسين هو ا لياس نفسه. (اور کہا گیا ہے کہ وہ الیاس کی جمع ہے حضرت الیاس علیہ السلام کی قوم اور متبعین پر ان کی تغلیب کی وجہ سے جیسے مہلّب اور اس کی قوم کے لئے مہلّبین کہا جاتا ہے اور بعض نے کہا یہ الیاسیؔ کی جمع ہے جس کے آخر میں یاء نسبت کی ہے پھر اس میں تخفیف کر کے الیاس سین ہوا۔ الیاسین سے مراد حضرت الیاس علیہ السلام کے مخلص متبع ہیں کیونکہ وہی حضرت الیاس علیہ السلام کی طرف منسوب ہونے کے مستحق ہیں۔ لیکن اس قول کو ضعیف کہا گیا ہے نافع، ابن عامر، یعقوب اور زید بن علی نے اضافت کے ساتھ آل یاسین پڑھا ہے مصحف عثمانی میں آل اور یاسین الگ الگ لکھا ہوا ہے لہٰذا یہ بات اس قول کی تائید کرتی ہے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ آل کا لفظ زائد ہو اور یاسین سے مراد خود حضرت الیاس ہی ہوں۔)

وَ اِنَّ لُوْطًا لَّمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۳۳﴾ اِذْ نَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۳۴﴾ اِلَّا عَجُوْزًا فِى الْغٰبِرِيْنَ ﴿۱۳۵﴾

اور بلاشبہ لوط پیغمبروں میں سے ہیں۔ جبکہ ہم نے انہیں اور ان کے گھر والوں کو نجات دے دی۔ سوائے بوڑھی عورت کے وہ باقی رہ جانے والوں میں سے تھی۔

ثُمَّ دَمَّرْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿۱۳۶﴾ وَاِنَّكُمْ لَتَمُرُّوْنَ عَلَيْهِمْ مُّصْبِحِيْنَ ﴿۱۳۷﴾ وَبِالَّيْلِ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۳۸﴾

پھر ہم نے دوسرے لوگوں کو ہلاک کر دیا۔ اور بلاشبہ تم ان پر ضرور گزرتے ہو صبح کے وقت۔ اور رات کو، سو کیا تم سمجھ نہیں رکھتے۔

حضرت لوط علیہ السلام کا تذکرہ اور قوم کا ہلاک ہونا اور بیوی کے علاوہ ان کے تمام اہل وعیال کا نجات پانا

ان آیات میں حضرت لوط علیہ السلام کی بعثت اور ان کی اور ان کے اہل وعیال کی نجات اور ان کی قوم کی ہلاکت کا ذکر ہے ان کی قوم کے لوگ کافر تو تھے ہی برے اعمال میں بھی بہت آگے بڑھے ہوئے تھے، مرد مردوں سے شہوت پوری کرتے تھے، حضرت لوط علیہ السلام نے انہیں بہت سمجھایا وہ لوگ نہ مانے اور حضرت لوط علیہ السلام سے کہا کہ اے لوط! اگر تم اپنی بات سے باز نہ آئے تو ہم تمہیں اپنی آبادی سے نکال باہر کریں گے، ان لوگوں پر جس دن صبح صبح عذاب آنا تھا اللہ تعالیٰ نے اس صبح سے پہلے حضرت لوط علیہ السلام کو حکم دیا تھا کہ اپنے اہل وعیال کو لے کر رات کے آخری حصہ میں آبادی سے نکل جائیں البتہ اپنی بیوی کو ساتھ نہ لینا (یہ اس لیے کہ وہ کافرہ تھی جیسا کہ سورۃ التحریم کے آخر میں اس کا کافر ہونا مذکور ہے) چنانچہ حضرت لوط علیہ السلام رات کو اپنے اہل وعیال کو لے کر آبادی سے نکل گئے، صبح ہوئی قوم پر عذاب آ گیا، زمین کا تختہ الٹ دیا گیا اور آسمان سے پتھر برسا دیئے گئے، یہ قصہ سورۃ الانعام، سورۃ الحجر، سورۃ الشعراء اور سورۃ النمل میں گذر چکا ہے، حضرت لوط علیہ السلام کی بیوی بھی اپنے کفر کی وجہ سے ہلاک شدہ لوگوں میں رہ گئی۔ اسی کو اِلَّا عَجُوْزًا فِى الْغَابِرِيْنَ سے تعبیر فرمایا ہے۔

اہل مکہ کو عبرت دلانا............ اہل مکہ کا یہ طریقہ تھا کہ سال میں دو مرتبہ ملک شام کا سفر کرتے تھے، ایک سفر سردی میں اور ایک سفر گرمی میں ہوتا تھا جس کے بارے میں رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ فرمایا ہے، یہ سفر تجارت کا ہوتا تھا، شام جانے کے لیے ضروری تھا کہ ان بستیوں کے پاس سے گذریں جو الٹ دی گئی تھیں ان کے کھنڈر نظر آتے تھے، ان جگہوں میں کبھی رات کو گذرتے تھے اور کبھی صبح کو ہلاک شدہ اقوام کے آثار اور نشان دیکھتے تھے لیکن اثر نہیں لیتے تھے، اسی کو فرمایا وَاِنَّكُمْ لَتَمُرُّوْنَ عَلَيْهِمْ مُّصْبِحِيْنَ وَبِاللَّيْلِ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ (اور بے شک تم ان پر گذرتے ہو صبح کے وقت اور رات کو تو کیا تم سمجھ نہیں رکھتے) بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ جب حجاز کی جانب سے شام کو جاتے تھے تو ان کا گزر ان بستیوں کے قریب صبح کے وقت ہوتا تھا اور جب ادھر سے حجاز کی جانب واپس آتے تھے تو رات کو ان بستیوں کے قریب صبح کے وقت ہوتا تھا اور جب ادھر سے حجاز کی جانب واپس آتے تھے تو رات کو ان بستیوں کے پاس سے گذرتے تھے انہیں یاد دلایا کہ دیکھو کفر کی وجہ سے یہ بستیاں ہلاک ہو گئیں، تم آنکھوں سے ان کی نشانیاں دیکھ رہے ہو پھر بھی عبرت حاصل نہیں کرتے، تم اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت سے باز آؤ اور ہلاک شدہ قوم سے عبرت حاصل کرو ورنہ تمہیں بھی عذاب پہنچ سکتا ہے۔

وَاِنَّ يُوْنُسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۳۹﴾ اِذْ اَبَقَ اِلَى الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿۱۴۰﴾ فَسَاهَمَ فَكَانَ مِنَ الْمُدْحَضِيْنَ ﴿۱۴۱﴾

اور بلا شبہ یونس پیغمبروں میں سے ہیں جب وہ بھری ہوئی کشتی کی طرف بھاگ کر چلے گئے سو قرعہ ڈالا سو وہ ہار جانے والوں میں سے ہو گئے۔

فَالْتَقَمَهُ الْحُوْتُ وَهُوَ مُلِيْمٌ ﴿۱۴۲﴾ فَلَوْلَآ اَنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ ﴿۱۴۳﴾ لَلَبِثَ فِيْ بَطْنِهٖٓ اِلٰى

سو مچھلی نے ان کا لقمہ بنالیا اس حال میں کہ وہ صاحب ملامت ہو گئے۔ سو اگر وہ تسبیح کرنے والوں میں سے نہ ہوتے تو ضرور مچھلی کے پیٹ میں اس دن تک ٹھہرے رہتے جس

يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿۱۴۴﴾ فَنَبَذْنٰهُ بِالْعَرَآءِ وَهُوَ سَقِيْمٌ ﴿۱۴۵﴾ وَاَنْۢبَتْنَا عَلَيْهِ شَجَرَةً مِّنْ يَّقْطِيْنٍ ﴿۱۴۶﴾

دن لوگ اٹھائے جائیں گے۔ سو ہم نے انہیں ایک میدان میں ڈال دیا اس حال میں کہ وہ سقیم تھے۔ اور ہم نے ان پر ایک بیل دار درخت اگا دیا

وَاَرْسَلْنٰهُ اِلٰى مِائَةِ اَلْفٍ اَوْ يَزِيْدُوْنَ ﴿۱۴۷﴾ فَاٰمَنُوْا فَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ ﴿۱۴۸﴾

اور ہم نے انہیں ایک لاکھ یا اس سے زیادہ آدمیوں کی طرف بھیجا تھا۔ سو وہ لوگ ایمان لے آئے تو ہم نے ان کو ایک زمانہ تک عیش دیا۔

حضرت یونس علیہ السلام کا کشتی سے سمندر میں کود پڑنا' پھر مچھلی کے پیٹ میں تسبیح میں مشغول رہنا

ان آیات میں حضرت یونس علیہ السلام کی بعثت اور مصیبت اور ان کی قوم کی ضلالت اور پھر ہدایت کا تذکرہ فرمایا ہے' حضرت یونس علیہ السلام کے بارے میں مفسرین نے لکھا ہے کہ جب وہ ایک عرصہ تک اپنی قوم کو تبلیغ کرتے رہے اور قوم نے نہ مانا انکار پر تلے رہے تو حضرت یونس علیہ السلام نے ان سے فرمادیا کہ دیکھو تین دن کے اندر اندر تم پر عذاب آجائے گا' اس کے بعد دو دن تک انتظار کیا' تیسرے دن بھی انتظار میں تھے لیکن عذاب کے آثار نہیں دیکھے' جب یہ صورتحال سامنے آئی تو یہ سمجھ کر کہ اگر عذاب نہ آیا تو میں جھوٹا بنوں گا وہاں سے روانہ ہو گئے اور ادھر ان کی قوم نے عذاب آتا دیکھا تو اللہ تعالیٰ کے حضور میں روئے اور گڑگڑائے۔ زاری کرتے رہے' خوب توبہ کی' معافی مانگی اور ایمان قبول کرلیا' اللہ تعالیٰ نے ان سے عذاب ہٹا دیا اور ان کا ایمان قبول فرمالیا۔ یہ ان کی خصوصیت تھی کیونکہ عذاب آنے کے بعد ایمان اور توبہ کی قبولیت نہیں ہوتی۔ سورۂ یونس میں فرمایا: فَلَوْلَا كَانَتْ قَرْيَةٌ اٰمَنَتْ فَنَفَعَهَآ اِيْمَانُهَآ اِلَّا قَوْمَ يُوْنُسَ ؕ لَمَّآ اٰمَنُوْا كَشَفْنَا عَنْهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ ۔ سو کوئی ایسی بستی کیوں ایمان نہ لائی جس کا ایمان لانا اس کو نافع ہوتا مگر یونس کی قوم' جب وہ ایمان لائے تو ہم نے رسوائی کے عذاب کو دنیوی زندگی میں ان پر ٹال دیا اور ان کو ایک وقت خاص تک عیش دیا۔

حضرت یونس علیہ السلام یہ دیکھ کر عذاب نہیں آیا اپنی قوم کو چھوڑ کر روانہ ہوئے تو چلتے چلتے دریا کے کنارے پہنچے وہاں جو کشتی والے تھے سواریوں کو کشتی میں بٹھا کر اس کنارہ سے اس کنارہ تک پہنچاتے تھے اور مسافروں سے کرایہ بھی لیتے تھے' انہوں نے حضرت یونس علیہ السلام کو پہچان لیا اور بغیر اجرت کے کشتی میں بٹھالیا' کشتی میں سوار تو ہو گئے لیکن اب یہ ماجرا ہوا کہ کشتی روانہ ہو کر بیچ منجدھار میں جا کر رک گئی' کشتی والوں نے کہا کہ جو لوگ کشتی میں سوار ہیں ان میں کوئی ایسا شخص ہے جس کی وجہ سے کشتی بیچ دریا میں آکر ٹھہر گئی ہے اور بعض روایات میں ہے کہ جب حضرت یونس علیہ السلام کشتی میں سوار ہوئے تو دیکھ رہے ہیں کہ دائیں بائیں کشتیاں چل رہی ہیں لیکن آپ جس کشتی میں تھے وہ نہ چلانے سے چلتی ہے نہ ہلانے سے ٹلتی ہے' آپ نے خود ہی دریافت فرمایا کہ اس کشتی کو کیا ہوا؟ لوگوں نے کہا کہ ہمیں

تو پتہ نہیں! فرمایا لیکن مجھے اس کا سبب معلوم ہے' اس میں کوئی ایسا غلام ہے جو اپنے آقا کی فرمانبرداری چھوڑ کر بھاگ آیا ہے اور جب تک اس شخص کو سمندر میں نہ ڈال دو یہ کشتی ٹھہری ہی رہے گی' اور وہ بھاگا ہوا غلام میں ہوں (یہ اس لیے کہا کہ اللہ جل شانہ کی اجازت کے بغیر اپنی قوم کو چھوڑ کر چلے آئے تھے) مجھے دریا میں ڈال دو' لوگوں نے کہا یا نبی اللہ! ہم آپ کو دریا میں نہیں ڈال سکتے' فرمایا اچھا تو پھر قرعہ ڈال لو جس کے نام کا قرعہ نکلے اسے دریا میں ڈال دینا' چنانچہ انہوں نے تین بار قرعہ ڈالا ہر بار آپ ہی کا نام نکلا' لہٰذا آپ نے خود ہی دریا میں چھلانگ لگا دی۔ عربی زبان میں لفظ **سہم** تیر کو کہتے ہیں چونکہ تیروں کے ذریعہ قرعہ ڈالا گیا تھا اس لیے اسے **فَسَاهَمَ** سے تعبیر فرمایا' اور طریقہ قرعہ کا یہ تھا کہ ہر شخص اپنا اپنا تیر لے کر پانی میں ڈال دے جس کا تیر اوپر ہی کو رہے اس کو دریا میں ڈال دیا جائے اور جس کا تیر ڈوب جائے اس کے بارے میں سمجھ لیا جائے کہ یہ وہ شخص نہیں ہے جس کی وجہ سے کشتی رکی کھڑی ہے۔ حضرت یونس علیہ السلام کے نام کا جو تیر تھا وہ پانی پر ہی تیرتا ہوا رہ گیا اس پر آپ نے سمجھ لیا کہ مجھ ہی کو سمندر کے حوالے ہونا چاہیے' اور کشتی کے دوسرے سواروں نے بھی اس بات کا یقین کر لیا۔ اسی کو یہاں فرمایا **فَكَانَ مِنَ الْمُدْحَضِيْنَ** (کہ حضرت یونس علیہ السلام مغلوب ہو گئے اور دوسری سواریوں کے مقابلہ میں ہار گئے)۔ (ذکرہ صاحب الروح)

حضرت یونس علیہ السلام نے جیسے ہی دریا میں چھلانگ لگائی ایک مچھلی اللہ کے حکم سے پہلے ہی سے تیار تھی اس نے آپ کا لقمہ بنا لیا لیکن چبایا نہیں صحیح سالم نگل لیا' مچھلی کے پیٹ میں پہنچے تو تین تاریکیوں میں مبتلا ہوئے۔ ایک تاریکی رات کی' دوسری سمندر کے پانی کی' تیسری مچھلی کے پیٹ کی۔ ان تاریکیوں میں بھی اللہ تعالیٰ کی تسبیح بیان کرتے رہے جسے سورۃ الانبیاء میں فرمایا ہے: **فَنَادٰى فِى الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ** (سو تاریکیوں میں پکارتے رہے کہ اے اللہ آپ کے سوا کوئی معبود نہیں آپ پاک ہیں بے شک میں ظلم کرنے والوں میں سے ہوں) مچھلی کے پیٹ میں اللہ تعالیٰ کی تسبیح و تہلیل میں مشغول رہے' اللہ تعالیٰ نے وہاں ان کی حفاظت فرمائی اور ان کو اس مصیبت سے نجات دے دی۔ سورۃ الانبیاء میں فرمایا ہے **فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِى الْمُؤْمِنِيْنَ** (سو ہم نے ان کی دعا قبول کی اور انہیں گھٹن سے نجات دی اور ہم اسی طرح اہل ایمان کو نجات دیا کرتے ہیں) اور یہاں سورۃ الصّٰفّٰت میں فرمایا ہے **فَلَوْ لَآ اَنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ لَلَبِثَ فِىْ بَطْنِهٖٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ** (سو اگر وہ تسبیح بیان کرنے والوں میں سے نہ ہوتے تو قیامت کے دن تک مچھلی کے پیٹ میں ہی رہتے۔)

ایک بیلدار درخت کا سایہ دینا.......... جب مچھلی کے پیٹ میں آپ نے ذکر کیا' اللہ تعالیٰ کی تسبیح بیان کی تو اللہ جل شانہ نے مچھلی کو حکم دیا کہ ان کو کنارے پر اگل دے' مچھلی نے آپ کو کنارے پر ڈال دیا۔ اس کے پیٹ سے اور پانی سے باہر تو آ گئے لیکن سقیم تھے' سقیم عربی زبان میں بیمار کو کہتے ہیں جب مچھلی کے پیٹ میں کھانا دانہ نہ ملا تو تندرستی والی حالت برقرار نہ رہی' ضعف ہو جانا لازمی تھا۔ اسی لیے بعض حضرات نے **سقیم** کا ترجمہ مضمحل کیا ہے۔ ضرورت تھی کہ سایہ بھی ملے اور غذا بھی پہنچے اللہ تعالیٰ شانہ نے وہاں ایک بیلدار درخت اگا دیا' مشہور یہ ہے کہ وہ کدو کا درخت تھا اور مفسرینؒ نے یہ بھی لکھا کہ اللہ تعالیٰ نے ایک جنگل کی بکری کو انہیں دودھ پلانے پر لگا دیا' وہ بکری آتی تھی اور آپ کو دودھ پلا کر چلی جاتی تھی۔

امتیوں کی تعداد.......... حضرت یونس علیہ السلام کے بارے میں مفسرینؒ نے لکھا ہے کہ وہ نینوی بستی کی طرف مبعوث ہوئے تھے جو شہر موصل کے قریب تھی۔ یہاں سورۃ الصّٰفّٰت میں ان کی تعداد کے بارے میں فرمایا ہے: **وَاَرْسَلْنٰهُ اِلٰى مِائَةِ اَلْفٍ اَوْ يَزِيْدُوْنَ** (اور ہم نے انہیں ایک لاکھ بلکہ اس سے کچھ زیادہ افراد کی طرف بھیجا) چونکہ ان لوگوں نے عذاب کے آثار دیکھ کر توبہ کر لی اور ایمان لے آئے اس

لیے اللہ تعالیٰ نے ان سے عذاب ہٹا دیا اور اس کے بعد انہیں ایک زمانہ تک مزید زندگی بخش دی اور دنیا کی زندگی سے اور دنیا کی دوسری نعمتوں سے بھی متمتع ہونے کا موقع دیا۔ اسی کو یہاں فرمایا: فَاٰمَنُوْا فَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ (سو وہ لوگ ایمان لے آئے لہٰذا ہم نے انہیں ایک زمانہ تک جینے اور فائدہ اٹھانے کا موقع دے دیا) تفسیر قرطبی میں لکھا ہے کہ جب حضرت یونس علیہ السلام تندرست ہو گئے تو اپنی قوم کے پاس تشریف لے گئے۔

یہاں جو یہ اشکال پیدا ہوتا ہے کہ بیل دار درخت تو زمین پر پھیل جاتا ہے اس سے سایہ کیسے مل سکتا ہے! بعض حضرات نے اس کے جواب میں فرمایا ہے کہ بطور خرق عادت اس درخت کی بیل کسی سہارے کے بغیر اوپر پھیل گئی کیونکہ معجزہ تھا اس کے لیے چڑھنے اور ٹھہرنے کے لیے کسی درخت یا دیوار کی ضرورت نہ ہوئی اور بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ ممکن ہے کہ وہاں کوئی سوکھا ہوا درخت کھڑا ہو اس پر بیل چڑھ گئی ہو۔

اِلٰى مِائَةِ اَلْفٍ اَوْ يَزِيْدُوْنَ ۔ جو فرمایا ہے اس میں اَوْ شک کے لیے نہیں ہے۔ لِاَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى مُتَعَالٍ عَنْ ذٰلِكَ۔ اسی لیے فرّا نحوی نے فرمایا ہے کہ یہاں اَوْ بَلْ کے معنی میں ہے اور بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ واؤ کے معنی میں ہے اور اخفش اور زجاج نے فرمایا ہے کہ الفاظ قرآنی کا مطلب یہ ہے کہ اگر تم ان کو دیکھ لیتے تو تمہارے اندازہ میں ایک لاکھ یا اس سے کچھ زیادہ سمجھ میں آتے۔ (تفسیر قرطبی ص ۱۳۲ ج ۱۵) اور ''بیان القرآن'' میں لکھا ہے کہ کسر کا اعتبار نہ کرو تو ایک لاکھ کہو اور اگر کسر کا اعتبار کرو تو زیادہ کہو۔

سنن ترمذی میں حضرت ابی بن کعبؓ کا بیان نقل کیا ہے انہوں نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اللہ تعالیٰ کے فرمان وَاَرْسَلْنٰهُ اِلٰى مِائَةِ اَلْفٍ اَوْ يَزِيْدُوْنَ کے بارے میں دریافت کیا تو آپ نے فرمایا کہ وہ ایک لاکھ سے بیس ہزار زیادہ تھے۔ (قال الترمذی هذا حدیث غریب و فی سنده رجل مجهول)۔

فائدہ ..... اللہ تعالیٰ کا تکوینی قانون یہ ہے کہ جب کسی قوم پر عذاب آ جائے تو اس وقت توبہ کرنے سے واپس نہیں ہوتا لیکن حضرت یونس علیہ السلام کی قوم کے لیے یہ خصوصیت تھی کہ اللہ تعالیٰ نے عذاب آنے کے بعد بھی ان کی توبہ قبول فرمائی' وہ ایمان لے آئے تو اللہ تعالیٰ نے ان کی توبہ قبول فرمائی اور ایمان بھی قبول فرمایا اور عذاب کو ہٹا دیا جس کی تفصیل سورۂ یونس میں گزر چکی ہے۔

فَاسْتَفْتِهِمْ اَلِرَبِّكَ الْبَنَاتُ وَلَهُمُ الْبَنُوْنَ ﴿۱۴۹﴾ اَمْ خَلَقْنَا الْمَلٰٓئِكَةَ اِنَاثًا وَّهُمْ شٰهِدُوْنَ ﴿۱۵۰﴾

سو آپ ان سے دریافت فرمائیے کیا آپ کے رب کے لیے بیٹیاں اور ان کے لیے بیٹے ہیں؟ کیا ہم نے فرشتوں کو عورتیں بنایا ہے اس حال میں کہ وہ حاضر تھے؟

اَلَآ اِنَّهُمْ مِّنْ اِفْكِهِمْ لَيَقُوْلُوْنَ ﴿۱۵۱﴾ وَلَدَ اللّٰهُ ۙ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۱۵۲﴾ اَصْطَفَى الْبَنَاتِ عَلَى الْبَنِيْنَ ﴿۱۵۳﴾

خبردار وہ اپنی سخن تراشی سے یوں کہتے ہیں کہ اللہ صاحب اولاد ہے اور بلا شبہ وہ جھوٹے ہیں۔ کیا اس نے بیٹیوں کو بیٹوں کے مقابلہ میں چن لیا۔

مَا لَكُمْ ۫ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ﴿۱۵۴﴾ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۱۵۵﴾ اَمْ لَكُمْ سُلْطٰنٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵۶﴾ فَاْتُوْا بِكِتٰبِكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۵۷﴾

تمہیں کیا ہوا کیسا حکم لگاتے ہو' کیا تم سمجھتے نہیں ہو؟ کیا تمہارے پاس کوئی واضح دلیل ہے؟ سو لے آؤ اپنی کتاب اگر تم سچے ہو

وَجَعَلُوْا بَيْنَهٗ وَبَيْنَ الْجِنَّةِ نَسَبًا ۭ وَلَقَدْ عَلِمَتِ الْجِنَّةُ اِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ﴿۱۵۸﴾ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا

اور انہوں نے اللہ کے اور جنات کے درمیان رشتہ داری قرار دے دی' حالانکہ جنات کو معلوم ہے کہ وہ ضرور حاضر کیے جائیں گے۔ اللہ ان باتوں سے پاک ہے

يَصِفُوْنَ ﴿١٥٩﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿١٦٠﴾

جو وہ بیان کرتے ہیں مگر وہ جو اللہ کے خاص بندے ہیں۔

مشرکین کی تردید جو اللہ کے لیے اولاد تجویز کرتے تھے

شیطان نے اپنی کوششوں سے انسانوں کو توحید سے ہٹایا اور شرک کا رواج ڈالا' اس سلسلہ میں اس کی جو کوششیں آگے بڑھیں ان کا نتیجہ یہ ہوا کہ اس نے بتوں کی عبادت پر تو ڈالا ہی تھا جنات اور فرشتوں کے بارے میں بھی لوگوں کو یہ سمجھایا کہ ان میں اور خالق کائنات جل مجدہ کے درمیان رشتہ داری ہے چنانچہ انہوں نے فرشتوں کو اللہ تعالیٰ کی بیٹیاں بتادیا' لوگ شیاطین کی بات مانتے چلے گئے اور اللہ تعالیٰ کے ذمہ وہ باتیں لگادیں جن سے وہ بری ہے اور پاک ہے۔

اللہ تعالیٰ کے لیے اولاد ہونا اس کی شان یکتا کے خلاف ہے' اس کی شان لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ ہے نہ اس نے کسی کو جنا نہ وہ کسی سے جنا گیا' سورۂ مریم میں فرمایا: وَمَا يَنْبَغِىْ لِلرَّحْمٰنِ اَنْ يَّتَّخِذَ وَلَدًا (اور یہ رحمٰن کی شان کے لائق نہیں ہے کہ وہ کسی کو اولاد بنائے) مشرکین نے اول تو یہ سخت غلطی کی کہ اللہ تعالیٰ کے لیے اولاد تجویز کردی' پھر جب اولاد تجویز کی تو وہ بھی لڑکیاں' اور فرشتوں کو اللہ تعالیٰ کی لڑکیاں بتا دیا' اللہ تعالیٰ کی اولاد تجویز کرنے میں بھی جھوٹ تراشا اور اولاد بھی وہ تجویز کی جو اپنے لیے ناپسند ہے۔

اسی کو یہاں فرمایا کہ آپ ان سے پوچھ لیجئے کیا خالق جل مجدہ نے اپنے لیے لڑکیوں کو بطور اولاد کے چن لیا اور تمہیں اپنے لیے لڑکے پسند ہیں' اور تم جو یہ کہہ رہے ہو کہ فرشتے اللہ کی بیٹیاں ہیں تمہارا یہ جھوٹ اپنی جگہ رہا اب یہ تو بتاؤ کہ فرشتوں کے لڑکیاں ہونے کا علم تمہیں کہاں سے ہوا؟ جب اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو پیدا فرمایا تو کیا تم حاضر تھے اور یہ دیکھ رہے تھے کہ یہ مخلوق جو پیدا ہو رہی ہے۔ مؤنث یعنی مادہ ہے نر نہیں۔ ایک تو تم نے فرشتوں کو مؤنث بتایا دوسرے انہیں اللہ تعالیٰ کی بیٹیاں بتایا' تیسرے یہ کیا کہ جب خالق جل مجدہ کے لیے اولاد تجویز کرنے لگے تو بیٹیاں تجویز کردیں جبکہ اپنے لیے بیٹی کو ناپسند کرتے ہو۔ یہ ساری باتیں بے دلیل اور سراپا جھوٹ ہیں' اللہ تعالیٰ کے کوئی اولاد نہیں' نہ بیٹی نہ بیٹا اور اولاد ہونا اس کی شان اقدس کے خلاف ہے۔ ان مشرکین سے فرمایا۔ وَمَا لَكُمْ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ۔ تمہیں کیا ہوا تم کیسے حکم لگاتے ہو' کیا تم سمجھ سے کام نہیں لیتے؟ کوئی دلیل عقلی یا کوئی دلیل نقلی یعنی اللہ کی بھیجی ہوئی کوئی کتاب تمہارے پاس ہو جس سے تم نے یہ بات نکالی ہو تو وہ پیش کرو' جب تمہارے پاس کوئی دلیل نہیں تو یہ شرکیہ باتیں کیوں کرتے ہو اور اپنی طرف سے کیوں جھوٹ بناتے ہو؟

جب مشرکین مکہ نے یوں کہا کہ فرشتے اللہ تعالیٰ کی بیٹیاں ہیں' تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ان سے دریافت کیا کہ ان کی مائیں کون ہیں؟ اس پر انہوں نے کہہ دیا کہ جنات میں جو سردار ہیں ان کی بیٹیاں فرشتوں کی مائیں ہیں۔ (روح المعانی ص ۱۵۱ ج ۲۳) اس طرح سے انہوں نے اللہ تعالیٰ کے اور جنات کے درمیان قرابتداری تجویز کردی اور گویا جنات کے سرداروں کو فرشتوں کا نانا بنادیا۔ اس کو فرمایا وَجَعَلُوْا بَيْنَهٗ وَبَيْنَ الْجِنَّةِ نَسَبًا (کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ کے اور جنات کے درمیان رشتہ داری تجویز کردی) پھر ان کی تردید کرتے ہوئے فرمایا وَلَقَدْ عَلِمَتِ الْجِنَّةُ اِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ (اور جنات کا یہ عقیدہ ہے کہ وہ حاضر کیے جائیں گے) یعنی قیامت کے دن گرفتار ہوں گے' ان میں جو کافر ہوں گے دوزخ میں ڈال جائیں گے جن میں ان کے سردار بھی ہوں گے' لہٰذا جو گرفتار ہو کر آئے گا اور دوزخ میں ڈالا جائے گا اس کے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان کیسے رشتہ ہوسکتا ہے۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوْنَ۔ اللہ ان باتوں سے پاک

ہے جو یہ لوگ بیان کرتے ہیں (یہ جملہ معترضہ ہے) اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ۔ مگر جو اللہ کے خاص بندے ہیں وہ دوزخ سے بچا لیے جائیں گے انسانوں میں سے ہوں یا جنات میں سے۔

فَاِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ ﴿۱۶۱﴾ مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ بِفٰتِنِيْنَ ﴿۱۶۲﴾ اِلَّا مَنْ هُوَ صَالِ الْجَحِيْمِ ﴿۱۶۳﴾ وَمَا مِنَّآ اِلَّا لَهٗ مَقَامٌ

سو بلا شبہ تم اور تمہارے معبود اللہ تعالیٰ سے کسی کو نہیں پھیر سکتے مگر اسی کو جو دوزخ میں داخل ہونے والا ہے اور ہم میں سے کوئی ایسا نہیں ہے جس کا مقام

مَّعْلُوْمٌ ﴿۱۶۴﴾ وَّاِنَّا لَنَحْنُ الصَّآفُّوْنَ ﴿۱۶۵﴾ وَاِنَّا لَنَحْنُ الْمُسَبِّحُوْنَ ﴿۱۶۶﴾ وَاِنْ كَانُوْا لَيَقُوْلُوْنَ ﴿۱۶۷﴾ لَوْ اَنَّ عِنْدَنَا

معلوم نہ ہو۔ اور بلاشبہ ہم صف بستہ کھڑے ہونے والے ہیں۔ اور بلاشبہ ہم تسبیح میں مشغول ہونے والے ہیں۔ اور یہ واقعی بات ہے کہ یہ لوگ یوں کہا کرتے تھے کہ ہمارے پاس کوئی نصیحت

ذِكْرًا مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۶۸﴾ لَكُنَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۱۶۹﴾ فَكَفَرُوْا بِهٖ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۷۰﴾

ہوتی ان نصیحتوں میں سے جو پہلے لوگوں کے پاس تھیں تو ہم ضرور اللہ کے خاص بندے ہوتے۔ سو ان لوگوں نے اس کا انکار کیا لہٰذا عنقریب جان لیں گے۔

فرشتوں کی بعض صفات کا تذکرہ

ان آیات میں اول تو مشرکین کو خطاب فرمایا کہ تم اور تمہارے سارے معبود جن کی تم عبادت کرتے ہو اللہ تعالیٰ جل شانہ کی توحید سے کسی کو نہیں پھیر سکتے حالانکہ تمہاری کوششیں برابر جاری ہیں ہاں اللہ تعالیٰ کے علم ازلی میں جس کسی کا دوزخ میں جانا مقرر و مقدر ہے اسی کو توحید کے راستے سے ہٹا سکتے ہو۔

چونکہ مشرکین فرشتوں کو اللہ کی بیٹیاں بناتے تھے اور ان کی عبادت کرتے تھے اس لیے ان کی شان عبدیت انہی کی زبانی بیان فرمائی (پہلے جنات کے بارے میں بتایا جا چکا ہے کہ وہ اپنے بارے میں یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ جو شخص مجرم ہوگا گرفتار ہو کر حاضر کیا جائے گا) جس طرح اللہ تعالیٰ کی قدرت کے سامنے جنات عاجز ہیں اسی طرح فرشتے بھی اپنا عجز تسلیم کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی عبادت میں لگے رہتے ہیں، فرشتوں کا کہنا ہے کہ ہم میں سے ہر ایک کا مقام معلوم ہے جو حکم ہے ہر ایک اسی کی بجا آوری میں لگا ہوا ہے، ہم اللہ کے حضور میں صف بستہ کھڑے ہوتے ہیں اور اللہ کی پاکی بیان کرنے میں لگے رہتے ہیں، (فرشتوں کا تو یہ حال ہے لیکن جو لوگ ان کی عبادت کرتے ہیں اور انہیں اللہ کی بیٹیاں بتاتے ہیں انہوں نے اپنی حماقت اور سفاہت سے فرشتوں کو کیا کیا سمجھ رکھا ہے)۔

اس کے بعد کفار عرب کا یہ قول نقل فرمایا کہ یہ لوگ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت اور نزول قرآن سے پہلے یوں کہا کرتے تھے کہ اگر ہمارے پاس کوئی ایسا ذکر یعنی کتاب آ جاتی جیسی پہلے لوگوں یعنی یہود و نصاریٰ کے پاس کتابیں آئیں تو ہم اللہ کے خاص بندے ہوتے یعنی تصدیق کرتے اور عمل کرتے اور ان لوگوں کی طرح تکذیب نہ کرتے جیسا کہ سورۂ فاطر میں ان کا قول نقل کیا گیا ہے۔ وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ جَآءَهُمْ نَذِيْرٌ لَّيَكُوْنُنَّ اَهْدٰى مِنْ اِحْدَى الْاُمَمِ (اور ان لوگوں نے خوب زور دار اللہ کی قسم کھائی کہ اگر ہمارے پاس کوئی ڈرانے والا آ گیا تو گزشتہ امتیں جو گذری ہیں ان کے مقابلہ میں ہر ایک سے بڑھ کر ہم ہدایت والے ہوں گے): فَلَمَّا جَآءَهُمْ نَذِيْرٌ مَّا زَادَهُمْ اِلَّا نُفُوْرًا (پس جب ان کے پاس ڈرانے والا آ گیا تو ان کی نفرت اور زیادہ ہوگئی) اول تو کفر اور شرک یوں ہی سب سے بڑا گناہ ہے پھر خود سے کتاب کا مطالبہ کرنا اور وعدے کرنا کہ اگر ہمیں کتاب مل جائے تو ایسے ایسے نیک بنیں گے اور ہدایت میں سابقہ امتوں کو پیچھے چھوڑ دیں گے پھر جب کتاب مل گئی، ہدایت آ گئی تو اس کے منکر ہو گئے، ظاہر ہے کہ اس طرح

بڑی سزا کے مستحق ہو گئے اسی کو فرمایا فَكَفَرُوْا بِهٖ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ (سو عنقریب جان لیں گے)

وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِيْنَ ۝ اِنَّهُمْ لَهُمُ الْمَنْصُوْرُوْنَ ۝ وَاِنَّ جُنْدَنَا لَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ ۝

اور ہمارا قول اپنے بندوں یعنی پیغمبروں کے لیے پہلے ہی سے طے شدہ ہے، کہ بے شک انہیں کی مدد کی جائے گی اور بے شک ہمارا لشکر ضرور غالب ہوگا

فَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ ۝ وَّاَبْصِرْهُمْ فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ ۝ اَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُوْنَ ۝ فَاِذَا نَزَلَ بِسَاحَتِهِمْ

سو آپ مختصر زمانہ تک ان سے اعراض فرمائیے اور ان کو دیکھتے رہیے سو عنقریب وہ بھی دیکھ لیں گے کیا وہ ہمارے عذاب کے لیے جلدی مچا رہے ہیں سو جب وہ ان کے میدان میں نازل

فَسَآءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ ۝ وَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ ۝ وَّاَبْصِرْ فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ ۝

ہو جائے گا تو ان لوگوں کی صبح بری ہوگی جن کو ڈرایا جا چکا تھا۔ اور تھوڑے زمانہ تک آپ ان سے اعراض کیجئے اور ان کو دیکھتے رہیے۔ سو عنقریب وہ بھی دیکھ لیں گے۔

پیغمبروں کی مدد کی جائے گی، اللہ کے لشکر غالب رہیں گے

ان آیات میں اول تو اللہ تعالیٰ نے یہ فرمایا کہ ہمارے خاص بندوں یعنی پیغمبر حضرات کے بارے میں ہماری طرف سے یہ پہلے ہی سے طے شدہ ہے کہ ان کی ضرور مدد کی جائے گی اور اللہ کا لشکر غالب رہے گا سورۃ المؤمن میں فرمایا: اِنَّا لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيَوْمَ يَقُوْمُ الْاَشْهَادُ (بلاشبہ ہم اپنے رسولوں کی اور ایمان والوں کی دنیاوی زندگی میں مدد کرتے ہیں اور اس روز بھی جس دن گواہی دینے والے کھڑے ہوں گے) اور سورۃ المجادلہ میں فرمایا ہے: كَتَبَ اللّٰهُ لَاَغْلِبَنَّ اَنَا وَرُسُلِيْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ (اللہ تعالیٰ نے یہ بات لکھ دی ہے کہ میں اور میرے رسول ضرور غالب ہوں گے بلاشبہ اللہ قوی ہے عزیز ہے) اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی ہدایت کے لیے بڑی کثیر تعداد میں حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام مبعوث فرمائے، ان میں بہت سے تو ایسے تھے جن کے ماننے والے تھے ہی نہیں یا بہت قلیل مقدار میں تھے۔ (صحیح مسلم قبیل کتاب الطہارۃ ص ۱۱۷ ج ۱) ان حضرات کا اہل کفر کے ساتھ قتل و قتال والا مقابلہ ہوا ہی نہیں البتہ دلیل و حجت سے یہ حضرات تکذیب کرنے والوں پر ہمیشہ غالب رہے اور پھر تکذیب کی سزا میں ان کی امتیں ہلاک ہو گئیں، یہ بھی حضرات انبیاء کرام علیہم السلام ہی کا غلبہ ہے۔

پھر جن انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کے ماننے والے زیادہ تھے جو لشکر اور فوج بنانے کے لائق تھے ان کی تعداد بھی زیادہ نہ تھی ان کے زمانہ کے کافروں نے حق کو نہ مانا تو وہ کافر مغلوب ہوئے، حضرات انبیائے کرام علیہم السلام کی فوجوں کے مقابلہ میں شکست کھائی یا عذاب کے ذریعے ہلاک کر دیئے گئے جو آیات اوپر ذکر کی گئی ہیں ان میں سے کسی میں اس بات کی تصریح نہیں ہے کہ کافروں کے مقابلہ میں کوئی مسلمان شہید نہ ہوا اور یہ بھی نہیں کہ پہلی ہی ملاقات میں مسلمان غالب ہو جائیں گے، ہاں انجام یہ ہوگا کہ حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام اور ان کے لشکر ہی غالب ہوں گے، چنانچہ حضرات انبیاء کرام علیہم السلام کی موجودگی میں ہمیشہ ایسا ہی ہوتا رہا اور دلیل سے غالب ہونا اور آخرت میں فتح یاب ہونا اور کافروں کا شکست کھانا یہ بات تو بہر حال ہے اگر شاذ و نادر کسی نبی کو اس کی قوم نے بلا مقابلہ شہید کر دیا جیسا کہ بنی اسرائیل کے بارے میں يَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ فرمایا ہے تو یہ واقعات اول تو شاذ و نادر ہوئے ہیں، عسکری قوت کے مقابلہ میں ایسا نہیں ہوا دشمنوں نے بلا مقابلہ قتل کر دیا۔ دوسرے اس میں اللہ کی بعض تکوینی حکمتیں بھی تھیں لہٰذا ان حضرات کا یہ قتل سورۃ الصّٰفّٰت اور سورۃ المؤمن اور سورۃ المجادلہ کی تصریحات کے خلاف نہیں ہے اور یہ بھی سمجھنا چاہیے کہ یہ نہیں فرمایا ہے کہ ہر موقع پر ہر مقابلہ میں حضرات

انبیاء کرام علیہم السلام اور ان کا لشکر غالب ہوگا بلکہ لڑائیوں کا خلاصہ اور حاصل بتادیا ہے۔ غزوۂ احد میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جو لشکر تھا اس کو شکست تو ہوئی پھر آخر میں انہی حضرات کو بعد میں فتح ہوئی۔ غزوۂ احزاب میں بھی کافر بھاگے اور فتح مکہ کے موقع پر بھی مغلوب ہوئے۔ سارا عرب اسلام کا دشمن تھا بالآخر سبھی مغلوب ہوئے۔ کسریٰ بھی ختم ہوا اور قیصر بھی انجام کار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے لشکروں ہی کو فتح یابی حاصل ہوئی۔

پھر یہ بھی سمجھ لینا چاہیے کہ غزوۂ احد میں جو مسلمانوں نے شکست کا منہ دیکھا وہ ان کی اپنی غلطی کی وجہ سے تھا' جیسا کہ سورۂ آل عمران میں ارشاد فرمایا: حَتّٰٓی اِذَا فَشِلْتُمْ وَتَنَازَعْتُمْ فِی الْاَمْرِ وَعَصَیْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَآ اَرٰىكُمْ مَّا تُحِبُّوْنَ ؕ مِنْكُمْ مَّنْ یُّرِیْدُ الدُّنْیَا وَمِنْكُمْ مَّنْ یُّرِیْدُ الْاٰخِرَةَ.

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات مبارکہ میں امت کو عملی تربیت دینے کے لیے تکوینی طور پر ہر طرح کے واقعات پیش آجاتے تھے' غزوۂ بدر میں یہ بتادیا کہ فتح یابی ہو تو کیا کریں' اب عملی طور پر یہ بتانا بھی ضروری تھا کہ شکست ہو تو کیا کریں' یہ بات غزوۂ احد کے واقعہ نے بتادی اور ساتھ ہی یہ بھی بتادیا کہ شکست کا سبب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی تھی جس کا صحابہؓ سے صدور ہوگیا تھا۔

اخلاص اور تقویٰ کی ضرورت .... جب مسلمان اخلاص اور تقویٰ کے ساتھ لڑتے رہے' اللہ تعالیٰ کی طرف سے برابر ان کی مدد ہوتی رہی' جب مسلمان اخلاص کھو بیٹھے' دنیا دار ہوگئے' دشمنوں سے دوستی کرلی' خیانتیں کرنے لگے' گناہوں میں کامیابی سمجھنے لگے اس وقت سے تنزل میں آگئے' دشمن انہیں پیٹنے لگے' غزوۂ احد میں جو کچھ انہیں بتایا اور سمجھایا تھا اس کی خلاف ورزی کرنے لگے یعنی گناہوں ہی کو زندگی کا مشغلہ بنادیا لہٰذا اللہ تعالیٰ کی مدد جاتی رہی اور مغلوب ہونے لگے جو ممالک اللہ تعالیٰ نے قبضہ میں دیئے تھے وہ بھی ہاتھ سے نکل گئے' مدد کا وعدہ تو ہے لیکن ایمان کی شرط کے ساتھ ہے۔ سورۂ آل عمران میں جہاں غزوۂ احد کا ذکر ہے وہیں یہ بھی فرمایا ہے وَلَا تَهِنُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ۔ (اور ہمت نہ ہارو اور غمگین مت ہو اور تم ہی بلند ہوگے اگر مؤمن ہو) آج کا مسلمان اللہ تعالیٰ کی مدد کا انتظار تو کرتا ہے لیکن مدد کی جو شرط ہے اسے پورا کرنے کو تیار نہیں' گناہوں کو چھوڑو پھر مدد دیکھو۔

اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی دیتے ہوئے فرمایا کہ ان سے اعراض فرمایئے' وقت گزرنے دیجئے' آپ ان کو دیکھتے رہیے یہ بھی دیکھ لیں گے' چنانچہ آپ نے دیکھ لیا اور اہل مکہ بدر میں مغلوب ہوئے' آپ نے بھی ان کا انجام دیکھ لیا اور انہوں نے بھی۔

اَفَبِعَذَابِنَا یَسْتَعْجِلُوْنَ (کیا یہ لوگ ہمارے عذاب کے لیے جلدی مچا رہے ہیں) یعنی عذاب کا تقاضا کرتے ہیں اور یوں کہتے ہیں کہ مَتٰی هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ (یہ وعدہ کب پورا ہوگا اگر تم سچے ہو) ان کا یہ تقاضا کرنا ان کے حق میں اچھا نہیں ہے۔ فَاِذَا نَزَلَ بِسَاحَتِهِمْ فَسَآءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِیْنَ (سو جب وہ ان کے میدان میں نازل ہوجائے گا تو ان لوگوں کی صبح بری ہوگی جن کو ڈرایا گیا) یعنی عذاب کا تقاضا کیوں کرتے ہیں وہ کوئی فائدہ کی چیز تو نہیں ہے جب عذاب آئے گا وہ دن ان کے حق میں برا ہوگا۔ (عام طور سے اہل عرب کا طریقہ تھا کہ صبح کے وقت ایک قبیلہ دوسرے قبیلہ پر حملہ کیا کرتا تھا اور جس قبیلہ پر حملہ ہوتا تھا وہ یَا صَبَاحَاهُ کی آواز دے کر سب کو مطلع کیا کرتا تھا۔ اسی محاورہ کے مطابق فَسَآءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِیْنَ فرمایا۔ ان کی طرف اعراض فرمانے کا حکم دوبار فرمایا اور یہ بھی دو بار فرمایا کہ آپ ان کو دیکھتے رہیے۔

سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا یَصِفُوْنَ ﴿۱۸۰﴾ وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِیْنَ ﴿۱۸۱﴾ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۸۲﴾

آپ کا رب جو رب العزت ہے ان باتوں سے پاک ہے جو یہ لوگ بیان کرتے ہیں اور سلام ہو پیغمبروں پر اور سب تعریف ہے اللہ کیلئے جو رب العالمین ہے۔

ع ۵ / ۹

اللہ رب العزت ہے ان باتوں سے پاک ہے جو یہ لوگ بیان کرتے ہیں

یہاں سورۃ الصّٰفّٰت ختم ہو رہی ہے جو تین آیات اوپر ذکر کی گئی ہیں ان میں پوری سورت کا خلاصہ آ گیا ہے اللہ تعالیٰ کی صفت ربوبیت اور اس کا رب العزت ہونا بیان فرمایا اور جو بھی لوگ اسکی ذات متعالیہ کے بارے میں غلط باتیں کہتے ہیں یا دل میں اعتقاد رکھتے ہیں ان کی تردید فرمائی اور تمام انبیاء کرام علیہم السلام کو سلام کی نعمت سے نواز دیا جو اللہ کے بندوں کے درمیان خیر پہنچانے کا ذریعہ تھے۔ آخری رکوع سے پہلے دو رکوع میں متعدد انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کیلیے سلام کا تذکرہ فرمایا تھا یہاں ختم سورت پر وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ فرما کر تمام انبیاء کرام علیہم السلام کو سلام کی دولت سے نواز دیا۔

سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے.......... اور آخر میں وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۔فرمادیا کہ ہر طرح کی سب تعریفیں رب العالمین جل مجدہ ہی کے لیے ہیں اس کے سارے افعال محمود ہیں اور وہ ہمیشہ ہر حال میں حمد وثنا کا مستحق ہے۔

تفسیر روح المعانی میں ہے کہ حضرت زید بن ارقمؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص ہر نماز کے بعد (مذکورہ بالا) تینوں آیتوں کو پڑھ لے تو اس نے پیمانہ بھر کر ثواب لے لیا اور بعض روایات میں ان آیات کو مجلس کے ختم پر پڑھنے کی فضیلت بھی وارد ہوئی ہے۔ (روح المعانی ج ۲۳ ص ۱۵۹)

ولقد تم تفسير سورة الصّٰفّٰت ' والحمد للّٰہ رب الصافات والتاليات ' والسلامُ علىٰ رسله اصحاب الباقيات الصالحات وَعَلٰى مَنْ تَبِعَهُمْ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ.

☆☆☆..........................☆☆☆

مکی	سورۃ ص	۸۸ آیتیں اور ۵ رکوع

(۳۸) سُوْرَۃُ صٓ مَکِّیَّۃٌ (۳۸) — اٰیَاتُہَا ۸۸ — رُکُوْعَاتُہَا ۵

سورۂ ص مکہ معظمہ میں نازل ہوئی اس میں اٹھاسی آیات اور پانچ رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِى الذِّكْرِ ۝١ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِىْ عِزَّةٍ وَّشِقَاقٍ ۝٢ كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ

ص قسم ہے قرآن کی جو نصیحت والا ہے۔ بلکہ جن لوگوں نے کفر کیا تعصب میں اور مخالفت میں ہیں۔ ہم نے ان سے پہلے کتنی ہی امتوں کو

مِّنْ قَرْنٍ فَنَادَوْا وَّلَاتَ حِيْنَ مَنَاصٍ ۝٣ وَعَجِبُوْٓا اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ وَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ

ہلاک کر دیا سو انہوں نے پکارا اور وہ وقت خلاصی کا نہ تھا۔ اور ان لوگوں نے اس بات پر تعجب کیا کہ انہیں میں سے ایک ڈرانے والا آ گیا' اور کافروں نے کہا کہ

هٰذَا سٰحِرٌ كَذَّابٌ ۝٤ اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ اِنَّ هٰذَا لَشَىْءٌ عُجَابٌ ۝٥ وَانْطَلَقَ الْمَلَاُ مِنْهُمْ اَنِ

یہ شخص جادوگر ہے بڑا جھوٹا ہے۔ کیا اس نے سارے معبودوں کو ایک ہی معبود بنا دیا۔ بیشک یہ تو بڑی عجیب بات ہے۔ اور ان کے بڑے لوگ یہ کہتے ہوئے چلے گئے

امْشُوْا وَاصْبِرُوْا عَلٰٓى اٰلِهَتِكُمْ ۚ اِنَّ هٰذَا لَشَىْءٌ يُّرَادُ ۝٦ مَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِى الْمِلَّةِ الْاٰخِرَةِ ۚ اِنْ

کہ چلو اور اپنے معبودوں پر جمے رہو۔ بلاشبہ یہ ایسی بات ہے جس میں کوئی مقصد ہے ہم نے یہ بات گزشتہ مذہب میں نہیں سنی' بس یہ تو

هٰذَآ اِلَّا اخْتِلَاقٌ ۝٧ ءَاُنْزِلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ مِنْ بَيْنِنَا ۭ بَلْ هُمْ فِىْ شَكٍّ مِّنْ ذِكْرِىْ ۚ بَلْ لَّمَّا يَذُوْقُوْا

گھڑی ہوئی بات ہے' کیا ہمارے درمیان سے اسی شخص پر کلام نازل ہوا' بلکہ بات یہ ہے کہ یہ لوگ میری وحی کی وجہ سے شک میں ہیں' بلکہ بات یہ ہے کہ انہوں نے میرا

عَذَابِ ۝٨ اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَآئِنُ رَحْمَةِ رَبِّكَ الْعَزِيْزِ الْوَهَّابِ ۝٩ اَمْ لَهُمْ مُّلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

عذاب نہیں چکھا۔ کیا ان کے پاس آپ کے رب کے خزانے ہیں جو غالب ہے بخشش فرمانے والا ہے' کیا ان کے لئے آسمانوں کا اور زمین کا اور جو کچھ ان کے درمیان ہے

وَمَا بَيْنَهُمَا ۣ فَلْيَرْتَقُوْا فِى الْاَسْبَابِ ۝١٠ جُنْدٌ مَّا هُنَالِكَ مَهْزُوْمٌ مِّنَ الْاَحْزَابِ ۝١١ كَذَّبَتْ

ان کا اختیار حاصل ہے۔ سو چاہیے کہ سیڑھیاں لگا کر چڑھ جائیں۔ اس مقام پر لوگوں کی ایک بھیڑ ہے جو شکست خوردہ جماعتوں میں سے ہے ان سے پہلے قوم نوح نے اور عاد نے

قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ وَّعَادٌ وَّفِرْعَوْنُ ذُو الْأَوْتَادِ ﴿١٢﴾ وَثَمُودُ وَقَوْمُ لُوطٍ وَّأَصْحَابُ لْئَيْكَةِ ۚ أُولَٰئِكَ

اور فرعون نے جو میخوں والا تھا اور ثمود نے اور لوط کی قوم نے اور ایکہ والوں نے جھٹلایا۔ وہ گروہ

الْأَحْزَابُ ﴿١٣﴾ إِن كُلٌّ إِلَّا كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ عِقَابِ ﴿١٤﴾

یہی لوگ تھے یہ وہی لوگ تھے جنہوں نے رسولوں کو جھٹلایا' سو میرا عذاب واقع ہو گیا۔

منکرین توحید و مکذبین رسالت کے لئے وعید

صٓ یہ حروف مقطعات میں سے ہے جس کے معنی اللہ تعالیٰ ہی کو معلوم ہے۔ آگے بڑھنے سے پہلے ابتدائی آیات کا سبب نزول معلوم کر لینا چاہیے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ جب ابوطالب بیمار ہوئے تو ان کے پاس قریش مکہ آئے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بھی تشریف لائے۔ قریش نے ابوطالب سے شکایت کی (کہ تمہارا بھتیجا ایسی ایسی باتیں کرتا ہے) ابوطالب نے آپ سے پوچھا کہ اے میرے بھائی کے بیٹے! تم اپنی قوم سے کیا چاہتے ہو۔ آپ نے فرمایا کہ میں ان کے سامنے ایک کلمہ پیش کرتا ہوں' وہ اسے قبول کر لیں تو سارا عرب ان کا فرمانبردار ہو جائے گا اور عجمی لوگ ان کو جزیہ دیا کریں گے۔ ابوطالب نے کہا کہ صرف ایک کلمہ کہلوانا چاہتے ہو؟ فرمایا ہاں بس ایک کلمہ! آپ نے فرمایا اے چچا! لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہہ لو! قریش مکہ جو وہاں حاضر تھے انہوں نے کہا کیا ایک ہی معبود کو مان لیں؟ ہم نے تو یہ بات اس سے پہلے کسی مذہب میں نہیں سنی۔ یہ تو اپنے پاس سے بنائی ہوئی ہے' لہٰذا ان کے بارے میں قرآن مجید نازل ہو گیا یعنی صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِي الذِّكْرِ سے لے کر اِنْ هٰذَآ اِلَّا اخْتِلَاقٌ ط تک آیات نازل ہو گئیں۔ (رواہ الترمذی فی اوائل سورۃ ص و قال هذا حديث حسن صحيح)

وَالْقُرْاٰنِ ذِي الذِّكْرِ ط (قسم ہے قرآن کی جو نصیحت والا ہے) کافر لوگ جو قرآن کو اور آپ کو جھٹلا رہے ہیں۔ ان کی بات غلط ہے۔ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ عِزَّةٍ وَّشِقَاقٍ ط (بلکہ بات یہ ہے کہ جن لوگوں نے کفر کیا وہ خود ہی تعصب میں اور حق کی مخالفت میں پڑے ہوئے ہیں) كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ ط (ان سے پہلے کتنی ہی امتوں کو ہم نے ہلاک کر دیا) فَنَادَوْا وَّلَاتَ حِيْنَ مَنَاصٍ ط سو ان لوگوں نے پکارا یعنی جب عذاب آیا تو بلند آواز سے توبہ کرنے لگے تاکہ عذاب سے نجات مل جائے اور وہ وقت چھٹکارہ کا نہ تھا (کیونکہ جب عذاب آ جاتا ہے تو اس وقت توبہ قبول نہیں ہوتی)

فائدہ .... مصاحف قرآنیہ میں وَلَاتَ حِيْنَ مَنَاصٍ ط لکھا ہوا ہے اور محققین کے نزدیک اسی طرح صحیح ہے قدیم اور جدید مصاحف میں لَاتَ بقطع التاء ہی لکھا ہوا ہے جو تواتر سے ثابت ہے [1]۔

---

[1] .... (ولات هى "لا" المشبهة بليس عند سيبويه زيدت عليها تاء التأنيث لتاكيد معناها وهو النفى لان زيادة البناء تدل على زيادة المعنى أولان التاء تكون للمبالغة كما فى علامة أولتاكيد شبهها بليس بجعلها على ثلاثة أحرف ساكنة الوسط (روح المعانى ص ١٦٣ ج ٢٣)

والمناص المنجا والفوت يقات ناصهٗ ينوصهٗ اذا فاتهٗ وقال الفراء النوص التأخر وعن مجاهد تفسيرهٗ بالفرار وكذا روى عن ابن عباس (روح المعانى ص ١٦٥ ج ٢٣)

(سیبویہ کے نزدیک "لات" کا لا مشبہ بلیس ہے اور اس کے ساتھ تائے تانیث معنی نفی کی تاکید کے لئے بڑھائی گئی ہے کیونکہ بناء کی زیادتی معنی کی زیادتی پر دلالت کرتی ہے یا تاء اس لئے بڑھائی گئی کہ وہ مبالغہ کیلئے ہے جیسے علامۃ کی تاء یا تاء لیس کے ساتھ مشابہت کی تاکید کے لئے بڑھائی گئی ہے تاء نے "لا" کے تین حرف بنا دیئے جن کا درمیان والا ساکن ہے اور لیس بھی اسی طرح ہے)

اور المناص کا معنی ہے نجات کی جگہ اور، بچنا، چوکنا کہا جاتا ہے ناصہ، نیوسہ جب کوئی چیز فوت ہو جائے اوقراء کہتے ہیں العصوص کا معنی ہے پیچھے رہ جانا اور حضرت مجاہدؒ نے اس کی تفسیر فرار کے ساتھ کی ہے اور حضرت ابن عباسؓ سے بھی اسی طرح مروی ہے)

لیکن حضرت ابوعبید قاسم بن سلام کا ارشاد ہے کہ لاتَـحِيْـنَ وصل التاء کے ساتھ رسم قرآنی ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ مصحف عثمانی میں میں نے خود موصولاً لکھا ہوا دیکھا ہے لیکن امام شاطبی رحمۃ اللہ علیہ نے قصیدہ رائیہ میں فرمایا ہے اَبُوْعبيدِ عَزَا وَلَا تَـحِيْنَ اِلٰى اِمَامِ والكلُّ فِيهِ اَعْظَمَ النُّكرَا (یعنی ابوعبید نے ''ولا تحين'' کو مصحف عثمانی کی طرف منسوب کیا ہے اور تمام علماء نے اس بارے میں بڑی نکیر کی ہے) حضرت عبید بھی رسم قرآنی کے امام ہیں لیکن چونکہ یہ نقل خبر واحد کے درجہ میں ہے جس کا تواتر ثابت نہیں ہوا اس لئے آئمہ کرام نے اس کو تسلیم نہیں کیا۔ حضرت امام جذری نے بھی نام لئے بغیر اپنے مقدمہ میں حضرت ابوعبید کا قول نقل کیا ہے اور آخر میں وَوُهَلَا فرمایا یعنی یہ قول ضعیف قرار دیا گیا ہے۔

لَاتَ حِيْـنَ کے مذکورہ وصل وقطع کے اختلاف کی وجہ سے وقف اور ابتدا میں بھی اختلاف ہو گیا چنانچہ جملہ علماء وقراء فرماتے ہیں کہ ''لا'' پر وقف کر کے تَـحِيْـنَ سے ابتداء کرنا درست نہیں ہے کیونکہ لَا پر تا زائدہ آتی ہے اور دونوں کلمۂ واحدہ کے حکم میں ہیں لہٰذا وقف کریں تو لَاتَ پر کریں لیکن ابوعبید رحمۃ اللہ اپنے اختیار کردہ رسم الخط کی بناء پر کہتے ہیں کہ لَا پر وقف کر کے تَحِيْنَ سے ابتدا کر سکتے ہیں۔

ملاعلی قاری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ قرأت شاذ ہے کیونکہ مبنی اور معنی کے اعتبار سے قواعد عربیہ کے خلاف ہے۔

اگر ضرورت کی بناء پر لَاتَ پر حسب مذہب جمہور قراء عمل کیا جائے تو تا کو ہاء سے بدل کر وقف کریں یا تا کو ت ہی رہنے دیں؟ اس بارے میں ملاعلی قاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ کسائیؒ وقف بالھاء کرتے ہیں اور باقی قراء کرام رسم کے تابع کرتے ہوئے وقف بالتا کرتے ہیں۔ (کیونکہ تا لمبی لکھی ہوئی ہے) وَعَجِبُوْٓا اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ (اور انہیں اس بات سے تعجب ہوا کہ انہیں میں ایک ڈرانے والا آ گیا) اس میں ان کے لئے دو باتیں تعجب کی تھیں ایک تو یہ کہ انسان اللہ کا پیغمبر بن کر آیا ہے دوسرے یہ کہ ہمارے ہی اندر سے نبی بھیجا گیا ہے اگر ہمارے اندر سے اللہ تعالیٰ کا پیغمبر بھیجنا تھا تو کوئی سردار آدمی ہوتا کما فی سورۃ الزخرف (لَوْلَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ○)

وَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا سٰحِرٌ كَذَّابٌ (اور کافروں نے کہا کہ یہ شخص جادوگر ہے بڑا جھوٹا ہے) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے معجزات دیکھ کر انہوں نے یہ بات کہی تھی۔ کافروں نے یہ بھی کہا: اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَّاحِدًا (کیا اس نے بہت سے معبودوں کو ایک ہی معبود بنا دیا) اِنَّ هٰذَا لَشَیْءٌ عُجَابٌ (بلاشبہ یہ بڑے تعجب کی بات ہے) چونکہ قریش مکہ اپنے باپ دادا کو دیکھتے آئے تھے جو بہت سے معبود مانتے تھے اور ان کی عبادت کرتے تھے۔ اس لئے انہیں یہ بات عجیب معلوم ہوئی کہ صرف ایک ہی معبود کی عبادت کی جائے اور ایک معبود کے علاوہ سارے معبودوں کو باطل معبود قرار دے دیا جائے (خیر کی بات رواج سے اُٹھ جاتی ہے اور بری بات عام ہو جاتی ہے رواج میں جگہ پکڑ لیتی ہے تو اچھی بات سن کر جو خلاف رواج تعجب ہونے لگتا ہے۔ اسی لئے قریش مکہ کو توحید کی بات سن کر تعجب ہوا)

وَانْطَلَقَ الْمَلَاُ مِنْهُمْ (اور ان میں جو سردار تھے یوں کہتے ہوئے روانہ ہو گئے کہ یہاں سے چل دو اور اپنے معبودوں پر جمے رہو) اگر یہاں اور بیٹھے رہے تو ممکن ہے کہ اس شخص کی بات ہمارے دلوں میں اثر کر جائے اور ہمیں ایک ہی معبود کو ماننا پڑے۔ اِنَّ هٰذَا لَشَیْءٌ يُّـرَادُ (بیشک یہ ایسی چیز ہے جس کا ارادہ کیا جا رہا ہے) یہ بھی مشرکین کا قول ہے۔ اس کا ایک مطلب تو یہ ہے جس کی طرف ترجمہ میں اشارہ کر دیا گیا ہے یعنی یہ شخص جو ہماری جماعت سے نکل کر نئی نئی باتیں کر رہا ہے اس کا کوئی مقصد ہے اور وہ یہ کہ اسے عرب وعجم کی سرداری

مل جائے اور سب سے اوپر ہو کر رہے' اور بعض مفسرین نے یہ مطلب بتایا ہے کہ اس شخص کا جو کچھ دعویٰ ہے اور اس پر اس کا جو جماؤ ہے اس سے اس کو ہٹایا نہیں جا سکتا۔ اس کی طرف سے کسی طرح جھکاؤ کی امید نہیں اور تیسرا مطلب یہ بتایا ہے کہ اس شخص کا وجود اور اس شخص کی دعوت اور اس کا دعویٰ یہ بھی زمانہ کی لائی ہوئی مصیبتوں میں سے ایک مصیبت ہے۔ ہمارے پاس کوئی ایسی تدبیر نہیں کہ اس شخص کو روک دیں' صبر کے گھونٹ پینے کے بغیر کوئی چارہ نہیں۔ (ذکرہ صاحب الروح)

مشرکین مکہ نے مزید کہا کہ مَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِی الْمِلَّةِ الْاٰخِرَةِ (ہم نے یہ بات کسی دوسرے دین میں نہیں سنی) حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ اس سے دین نصاریٰ مراد ہے۔ اس وقت تک ادیانِ سماوی میں وہی آخری دین تھا جس میں نصاریٰ نے تحریف و تغییر کر لی تھی اور مشرکین مکہ نصاریٰ کی باتیں سنتے رہتے تھے اس لئے انہوں نے یہ بات کہی۔ نصاریٰ نے اپنے دین کو بدل دیا تھا توحید سے منحرف ہو کر تین خدا ماننے لگے تھے۔

ان لوگوں نے یہ بھی کہا اِنْ هٰذَآ اِلَّا اخْتِلَاقٌ (یہ جو توحید والی بات کہتے ہیں بالکل ہی گھڑی ہوئی ہے) جس کو انہوں نے اپنے پاس سے بنا لیا ہے' اپنی بات میں اضافہ کرتے ہوئے انہوں نے یہ بھی کہا: ءَ اُنْزِلَ عَلَیْهِ الذِّکْرُ مِنْۢ بَیْنِنَا (کیا نصیحت کی بات یعنی قرآن جس کے نازل ہونے کا ان کو دعویٰ ہے۔ ہمارے درمیان سے انہیں پر نازل کیا گیا) ان کا مطلب یہ تھا کہ ہم لوگ سردار ہیں' مال والے ہیں' بڑے لوگ ہیں اگر اللہ کی طرف سے کوئی کتاب نازل ہونا تھی تو ہم میں سے کسی پر نازل ہونی چاہیے تھی' اس کی کیا خصوصیت ہے جو اس کو نبی بنایا گیا اور اس پر کتاب نازل کی گئی۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا بَلْ هُمْ فِیْ شَکٍّ مِّنْ ذِکْرِیْ (بلکہ بات یہ ہے کہ میرے ذکر کی طرف سے یہ لوگ شک میں ہیں) بَلْ لَّمَّا یَذُوْقُوْا عَذَابِ (بلکہ بات یہ ہے کہ انہوں نے میرا عذاب نہیں چکھا) یہ ساری باتیں اور منہ شگافیاں عذاب آنے سے پہلے پہلے ہیں۔ جب عذاب آ جائے گا تو تصدیق کرنے پر مجبور ہو جائیں گے لیکن اس وقت کی تصدیق فائدہ نہ دے گی اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَآئِنُ رَحْمَةِ رَبِّکَ الْعَزِیْزِ الْوَهَّابِ ط (کیا ان کے پاس آپ کے رب کی رحمت کے خزانے ہیں' جو بہت عزت والا ہے' بہت عطا فرمانے والا ہے) یعنی یہ لوگ جو یوں کہہ رہے ہیں کہ ہمیں چھوڑ کر اس شخص کو کیوں پیغمبری ملی اور اس پر قرآن کیوں نازل ہوا۔ انہیں یہ بات کہنے اور اعتراض کرنے کا کوئی حق نہیں۔ اللہ تعالیٰ جل شانہٗ عزیز ہے' وہاب ہے' وہ اپنی رحمت سے جس کو جو چاہے عطا فرما دے' نبوت اور رسالت بھی اس کا عطیہ ہے۔ اس نے اپنی حکمت کے مطابق جسے چاہا نبوت اور رسالت سے سرفراز فرمایا۔ ان لوگوں کو نہ کوئی اختیار ہے' نہ پروردگار عالم جل مجدہٗ کے خزانوں کے مالک ہیں۔ انہیں یہ بات کہنے کا کیا اختیار ہے کہ آپ کو نبوت کیوں ملی؟

اَمْ لَهُمْ مُّلْکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَهُمَا ط (کیا ان کے قبضہ میں آسمانوں کا اور زمین کا اور جو کچھ ان کے درمیان ہے ان سب کی ملکیت ہے؟ یعنی یہ سب چیزیں اللہ تعالیٰ کی ملکیت ہیں۔ اجرام علویہ اور اجسام سفلیہ میں ان کا کچھ بھی دخل اور اختیار نہیں ہے۔ پھر انہیں کیا مقام ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ملک اور ملکوت میں دخل دیں اور قادرِ مطلق جل مجدہٗ پر اعتراض کریں کہ فلاں کو کیوں نبوت دی۔ فَلْیَرْتَقُوْا فِی الْاَسْبَابِ ط آسمانوں اور زمینوں اور ان کے درمیان جو چیزیں ہیں اگر انہیں ان کے بارے میں کسی اختیار کا دعویٰ ہے تو یہ سیڑھیوں کے ذریعہ اوپر چڑھ جائیں لیکن انہیں تو ذرا سا بھی اختیار نہیں پھر کیوں اعتراض کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے اختیارات میں کیوں دخل دیتے ہیں۔

جُنْدٌ مَّا هُنَالِکَ مَهْزُوْمٌ مِّنَ الْاَحْزَابِ ط (اس مقام پر ان لوگوں کی ایک بھیڑ ہے جو شکست کھائی ہوئی جماعتوں میں سے

ہیں) یعنی یہاں مکہ معظمہ میں ایسے لوگوں کی بھیڑ ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت کرتے ہیں۔ ان کا لشکر شکست خوردہ جماعتوں میں سے ایک جماعت ہے، یہ بھی شکست کھائیں گے جیسے ان سے پہلی مخالف جماعتوں نے شکست کھائی، چنانچہ اہل مکہ نے بدر میں شکست کھائی اور بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ احزاب سے وہ جماعتیں مراد ہیں جو غزوۂ خندق کے موقع پر چڑھ کر آگئی تھیں۔ انہوں نے بھی شکست کھائی اور بری طرح پسپا ہو کر بھاگے۔ اس مضمون میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی دی گئی ہے کہ آپ ﷺ غم نہ کریں، فکر مند نہ ہوں، دوسری اقوام کی طرح ان کو بھی شکست ہوگی۔ (راجع القرطبی ص ١۵٣ ج ١۵)

گزشتہ ہلاک شدہ اقوام کا تذکرہ .... اس کے بعد گزشتہ ہلاک شدہ اقوام کا ذکر فرمایا جس میں مشرکین مکہ کے لئے عبرت ہے۔ ارشاد فرمایا کہ ان سے پہلے نوح علیہ السلام کی قوم نے اور قوم عاد نے اور فرعون نے جو **ذی الاوتاد** تھا اور ثمود نے اور لوط علیہ السلام کی قوم نے اور اصحاب الایکہ نے حضرات انبیائے علیہم السلام کو جھٹلایا یہ وہ جماعتیں ہیں جنہوں نے اللہ کے رسولوں کی مخالفت کو اپنا شیوہ بنایا اور اس کی سزا پائی، مزید فرمایا: **اِنْ كُلٌّ اِلَّا كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ عِقَابِ** o یہ سب وہی ہیں جنہوں نے رسولوں کو جھٹلایا تو ان پر میرا عذاب ثابت ہو گیا۔ ان لوگوں کے عذاب کی تفصیلات قرآن مجید میں جگہ جگہ مذکور ہیں جنہیں عام طور سے عوام اور خواص جانتے ہیں، اصحاب الایکہ سے حضرت شعیب علیہ السلام کی ایک امت مراد ہے جو ایکہ یعنی جھاڑیوں اور جنگلوں میں رہتے تھے ان پر **ظُلَّه** کا عذاب آیا یہ لوگ سخت گرمی کی وجہ سے ایک بادل کے سایہ میں کھڑے ہو گئے تھے اور وہیں ہلاک کر دیئے گئے۔

ذُو الْاَوْتَادِ کا معنی .... **ذُو الْاَوْتَادِ** (میخوں والا) یہ لفظ فرعون کی صفت ہے، اس سے کیا مراد ہے؟ بعض حضرات نے فرمایا کہ وہ میخوں یعنی کیلوں کے ذریعہ لوگوں کو سزا دیتا تھا۔ چاروں ہاتھ پاؤں چار ستونوں سے باندھ دیتا تھا اور چاروں میں ایک ایک کیل ٹھونک دیتا تھا پھر اسی طرح چھوڑ دیتا تھا جس کی وجہ سے وہیں پڑے پڑے آدمی مر جاتا تھا، اور بعض حضرات نے اس کا یہ مطلب بتایا ہے کہ اس کی حکومت مضبوط تھی، اور ایک قول یہ ہے کہ **اوتاد** سے لشکر مراد ہے مطلب یہ ہے کہ فرعون کے بہت سارے لشکر تھے۔ چونکہ لشکر جہاں پڑاؤ ڈالتے ہیں اپنے خیمے نصب کرنے کے لئے کیلیں گاڑتے ہیں اس لئے لشکروں کو **اوتاد** سے تعبیر کیا۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب (ذکر ہذہ الاقوال صاحب الروح)

وَمَا يَنْظُرُ هٰٓؤُلَآءِ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً مَّا لَهَا مِنْ فَوَاقٍ ﴿١۵﴾ وَقَالُوْا رَبَّنَا عَجِّلْ لَّنَا قِطَّنَا
اور یہ لوگ بس ایک زوردار چیخ کے انتظار میں ہیں جس میں دم لینے کی گنجائش نہ ہوگی اور ان لوگوں نے کہا کہ اے رب ہمارا حصہ حساب کے دن
قَبْلَ يَوْمِ الْحِسَابِ ﴿١٦﴾
پہلے ہمیں دے دیجئے۔

اہل مکہ کو جب یہ بات سنائی جاتی تھی کہ انکار اور تکذیب پر عذاب آ جایا کرتا ہے اور پہلی قومیں کفر پر جمے رہنے اور انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی تکذیب کرنے کی وجہ سے ہلاک ہو چکی ہیں تو اس کا مذاق بناتے تھے اور اطمینان کے ساتھ دنیاوی اعمال میں مشغول رہتے تھے۔ اللہ تعالیٰ جل شانہٗ نے فرمایا کہ یہ لوگ بس اسی انتظار میں ہیں کہ ایک چیخ آ جائے یعنی صور پھونک دیا جائے گا، اس وقت جو چیخ ہوگی وہ رکنے والی نہ ہوگی۔ سمجھداری اسی میں ہے کہ قیامت آنے سے پہلے ہی ایمان قبول کر لیں اور اپنا حال درست کر لیں۔ علامہ

قرطبیؒ فرماتے ہیں کہ یہ ایسا ہی ہے جیسے سورۂ یٰسٓ میں فرمایا ہے مَا يَنْظُرُوْنَ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً تَاْخُذُهُمْ وَهُمْ يَخِصِّمُوْنَ (یہ لوگ ایک ایسی سخت آواز کے منتظر ہیں جو انہیں آ کر پکڑ لے گی اور وہ آپس میں جھگڑ رہے ہوں گے) فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ تَوْصِيَةً وَّلَآ اِلٰٓى اَهْلِهِمْ يَرْجِعُوْنَ (سو نہ وصیت کر سکیں گے اور نہ اپنے گھروں کی طرف جا سکیں گے) علامہ قرطبی رحمۃ اللہ علیہ سورۂ صٓ کی آیت کا مطلب بتاتے ہوئے فرماتے ہیں کہ اب غزوۂ بدر کے واقعہ کے بعد انہیں یہی انتظار ہے کہ قیامت قائم ہو جائے۔ ان کو چاہیے تھا کہ بدر کے واقعہ سے عبرت حاصل کر لیتے اور اہل ایمان کے غلبہ سے سبق لے کر خود بھی مؤمن ہو جاتے۔ قیامت قائم ہوگی تو دم مارنے کی گنجائش نہ ہوگی اور ذرا سی مہلت نہ دی جائے گی۔ قیامت کو مانتے بھی نہیں اور ڈھنگ ایسا ہے جیسے وہاں کے لئے بہت کچھ کیا ہے اور عذاب کی بھی بددعا کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اے ہمارے رب! حساب کے دن سے پہلے ہمارا حصہ ہمیں دے دے (قوله تعالىٰ مَالَهَا من فواقٍ بفتح الفاء ضمها فى السبعية وهوما بين الحلبتين لانها تحلب ثم تترك سريعة يرضعهاالفصيل لتدرثم تحلب قال الفراء و ابو عبيدة وغيرهما من فواق بفتح الفاء أى راحة يفيقون فيها كما يفيق المريض والمغشى عليهٔ ومن فواق بضم الفاء مِن انتظار' والقط فى كلام العرب الحظ والنصيب' او القط اسم للقطة من الشئ كالقَسم والقِسم فأطلق على النضيب والكتاب والرزق لقطعه عن غيره الا أنه فى الكتاب اكثر استعمالًا وأقوى حقيقة (اللہ تعالیٰ کا ارشاد مَا لَهَامِنْ فَوَاقٍ فا کے فتحہ کے ساتھ اس وقفہ کو کہتے ہیں جو دو دفعہ دودھ دوہنے کے درمیان ہوتا ہے کہ پہلے دودھ دوہ کر تھوڑا سا چھوڑ دیا جاتا ہے تاکہ بچہ تھنوں کو چوسے تو دوبارہ دودھ اتر آئے اور پھر دوسری دفعہ دودھ لیں فراء اور ابوعبیدہ وغیرہ کہتے ہیں فَوَاغ فاء کے فتح کے ساتھ یعنی ایسی راحت وسکون جس میں افاقہ نہ ہوگا جیسے مریض کو افاقہ ہوتا ہے یا بے ہوش کو، اور فُوَاقِ فاء کے ضمہ کے ساتھ انتظار کے معنی میں ہے اور ''قط'' کلام عرب میں حصہ اور نصیب کو کہتے ہیں یا ''القط'' کسی شئی کے ٹکڑے کو کہتے ہیں جیسے القسم القسم پھر اس کا اطلاق حصہ پر کیا گیا وہ کتاب اور رزق جو الگ کر لیا گیا ہو ان پر بھی بولا جاتا ہے مگر کتاب کے معنی میں اس کا استعمال زیادہ ہے اور حقیقت کے لحاظ سے قط بمعنی کتاب زیادہ قوی ہے) (ملتقطا من القرطبى ص ١٥٦ ' ١٥٧ ج ١٥) یعنی قیامت کے دن کا انتظار کیوں ہے۔ ہمیں جو عذاب دینا ہے ابھی آ جائے' بات یہ ہے کہ انہیں قیامت آنے کا یقین نہیں تھا ورنہ اپنے منہ سے کون عذاب مانگتا ہے۔

اِصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَاذْكُرْ عَبْدَنَا دَاوٗدَ ذَا الْاَيْدِۚ اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ ﴿١٧﴾ اِنَّا سَخَّرْنَا الْجِبَالَ

یہ لوگ جو کچھ کہتے ہیں اس پر صبر کیجئے اور ہمارے بندہ داؤد کو یاد کیجئے جو قوت والے تھے۔ بیشک وہ رجوع کرنے والے تھے' بیشک ہم نے ان کے ساتھ پہاڑوں کو

مَعَهٗ يُسَبِّحْنَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِشْرَاقِ ﴿١٨﴾ وَالطَّيْرَ مَحْشُوْرَةًؕ كُلٌّ لَّهٗٓ اَوَّابٌ ﴿١٩﴾ وَشَدَدْنَا

مسخر کر دیا وہ تسبیح میں مشغول ہوتے تھے شام کو اور اشراق کے وقت' اور پرندوں کو مسخر کر دیا جو جمع کئے ہوئے تھے' سب اس کی طرف رجوع کرنے والے تھے۔ اور ہم نے ان کے

مُلْكَهٗ وَاٰتَيْنٰهُ الْحِكْمَةَ وَفَصْلَ الْخِطَابِ ﴿٢٠﴾

ملک کو مضبوط کر دیا اور انہیں حکمت دے دی اور فصل خطاب دے دیا۔

حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی اور حضرت داؤد علیہ السلام کا تذکرہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مشرکین کی باتوں سے رنج ہوتا تھا۔ آیت بالا میں آپ ﷺ کو حکم دیا کہ آپ ان کی باتوں پر صبر کریں اور

ساتھ ہی ارشاد فرمایا کہ ہمارے بندہ داؤد کو یاد کیجئے جو قوت والے تھے اور فرمایا کہ وہ اَوَّاب تھے یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف بہت رجوع کرنے والے تھے پھر ان کی تسبیح کا تذکرہ فرمایا کہ ہم نے ان کے ساتھ پہاڑوں کو حکم کر رکھا تھا کہ ان کے ساتھ شام کو اور صبح کو تسبیح کیا کرو اور پرندوں کو حکم دیا تھا جو جمع ہو جاتے تھے اور یہ سب اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرتے تھے یعنی اس کے ذکر میں مشغول رہتے تھے۔ سورۂ سبا کے دوسرے رکوع میں بھی یہ مضمون گزر چکا ہے اس کی مراجعت کر لی جائے۔

اس کے بعد ارشاد فرمایا کہ ہم نے ان کا ملک مضبوط کر دیا تھا اور انہیں حکمت یعنی نبوت دی تھی اور فصل الخطاب سے نوازا تھا یعنی وہ ایسی تقریر کرتے تھے جو خوب واضح ہوتی تھی، سننے والے اچھی طرح سمجھ لیتے تھے۔

اس کے بعد آئندہ آیات میں ان کا ایک واقعہ ذکر فرمایا جس میں ان کے صبر کا تذکرہ ہے اور اسی نسبت سے اِصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ کے ساتھ حضرت داؤد علیہ السلام کو یاد کرنے کا حکم دیا۔

وَهَلْ اَتٰىكَ نَبَؤُا الْخَصْمِۘ اِذْ تَسَوَّرُوا الْمِحْرَابَ ﴿٢١﴾ اِذْ دَخَلُوْا عَلٰى دَاوٗدَ فَفَزِعَ مِنْهُمْ

اور کیا آپ کے پاس جھگڑا کرنے والوں کی خبر پہنچی ہے جبکہ وہ دیوار پھاند کر محراب میں آ گئے۔ جب وہ داؤد پر داخل ہوئے تو وہ ان کے آنے سے گھبرا گئے

قَالُوْا لَا تَخَفْۚ خَصْمٰنِ بَغٰى بَعْضُنَا عَلٰى بَعْضٍ فَاحْكُمْ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ وَلَا تُشْطِطْ

انہوں نے کہا کہ آپ ڈریں نہیں ہم دو اہل معاملہ ہیں ایک نے دوسرے پر زیادتی کی ہے سو آپ حق کے ساتھ ہمارے درمیان فیصلہ کر دیجئے اور بے انصافی نہ کیجئے

وَاهْدِنَآ اِلٰى سَوَآءِ الصِّرَاطِ ﴿٢٢﴾ اِنَّ هٰذَآ اَخِیْ لَهٗ تِسْعٌ وَّتِسْعُوْنَ نَعْجَةً وَّلِیَ نَعْجَةٌ وَّاحِدَةٌ فَقَالَ

اور ہمیں سیدھی راہ بتا دیجئے۔ بیشک یہ میرا بھائی ہے اس کے پاس ننانویں دنبیاں ہیں اور میرے پاس ایک دنبی ہے سو یہ کہتا ہے کہ وہ مجھے دیدے

اَكْفِلْنِيْهَا وَعَزَّنِيْ فِي الْخِطَابِ ﴿٢٣﴾ قَالَ لَقَدْ ظَلَمَكَ بِسُؤَالِ نَعْجَتِكَ اِلٰى نِعَاجِهٖ ؕ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ

اور بات چیت میں مجھے دباتا ہے۔ داؤد نے کہا کہ بلاشبہ اس نے تجھ پر ظلم کیا کہ تیری دنبی کو اپنی دنبیوں میں ملانے کا سوال کیا اور اکثر شرکاء

الْخُلَطَآءِ لَيَبْغِيْ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَقَلِيْلٌ مَّا هُمْ ؕ وَظَنَّ

ایک دوسرے پر زیادتی کیا کرتے ہیں مگر وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک عمل کئے اور ایسے لوگ بہت کم ہیں، اور داؤد نے خیال کیا

دَاوٗدُ اَنَّمَا فَتَنّٰهُ فَاسْتَغْفَرَ رَبَّهٗ وَخَرَّ رَاكِعًا وَّاَنَابَ ﴿٢٤﴾ فَغَفَرْنَا لَهٗ ذٰلِكَ ؕ وَاِنَّ لَهٗ عِنْدَنَا لَزُلْفٰى

کہ ہم نے ان کا امتحان لیا ہے سو انہوں نے اپنے رب سے استغفار کیا اور سجدہ میں گر پڑے اور رجوع ہوئے، سو ہم نے وہ ان کو معاف کر دیا اور بلاشبہ ان کے لئے ہمارے پاس نزدیکی ہے

وَحُسْنَ مَاٰبٍ ﴿٢٥﴾

اور اچھا انجام ہے۔

وقف لازم

السجدة ١٠

حضرت داؤد علیہ السلام کی خدمت میں دو شخصوں کا حاضر ہو کر فیصلہ چاہنا اور آپ کا فیصلہ دینا

ان آیات میں حضرت داؤد علیہ السلام کا قصہ بیان فرمایا اور اس کے بعد والی آیات میں یہ بتایا کہ ہم نے داؤد کو زمین کا خلیفہ بنانے کا

اعلان کیا تھا اور انہیں حکم دیا تھا کہ آپ انصاف کے ساتھ لوگوں میں فیصلہ کریں۔ یہاں جو قصہ ذکر فرمایا ہے وہ یہ ہے کہ دو شخص اپنا مقدمہ لے کر حضرت داؤد علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آئے بھی کس طرح؟ دروازہ سے آنے کے بجائے دیوار پھاند کر آئے اور تنہائی میں ان کے پاس پہنچ گئے انہوں نے عبادت کے لئے ایک جگہ بنا رکھی تھی جسے محراب سے تعبیر فرمایا وہ مشغول عبادت تھے جب ان دونوں پر نظر پڑی تو بتقاضائے بشریت گھبرا گئے۔ ان دو شخصوں نے ان کی گھبراہٹ کو محسوس کر لیا اور کہنے لگے کہ آپ ہماری وجہ سے خوفزدہ نہ ہوں ہم کوئی چور ڈاکو نہیں ہیں ہم اپنا مقدمہ لے کر حاضر ہوئے ہیں، ہم میں ایک مدعی ہے اور دوسرا مدعیٰ علیہ ہے، ایک نے دوسرے پر زیادتی کی ہے۔ آپ ہمارا مقدمہ سن لیجئے اور انصاف سے فیصلہ کر دیجئے اور فیصلہ میں بے انصافی نہ کیجئے اور ہم کو سیدھی راہ بتا دیجئے۔

پھر ان میں سے ایکؔ بولا کہ یہ میرا (دینی) بھائی ہے اس کے پاس ننانوے یعنی ایک کم سو دُنبیاں ہیں اور میرے پاس ایک ہی دنبی ہے۔ اب یہ کہتا ہے کہ وہ بھی مجھے دے دے، اور کہنے میں بھی وہ طریقہ نہیں اختیار کیا جو سوال کرنے والوں کا ہوتا ہے بلکہ مجھے اس نے سختی کے ساتھ خطاب کیا۔ حضرت داؤد علیہ السلام نے فرمایا کہ اس نے جو یہ بات اٹھائی کہ تیری جو ایک دنبی ہے وہ تو اسے دیدے اور یہ اسے اپنی دنبیوں میں ملا لے اس کا یہ سوال کرنا ظلم ہے، یہ تو ان دونوں کے مقدمہ کا فیصلہ فرمایا اور ساتھ ہی عام لوگوں کا مزاج اور رواج اور طریقہ کار بھی بیان فرما دیا اور وہ یہ کہ بہت سے لوگ جو شریک ہوتے ہیں یا مل جل کر رہتے ہیں ان کا یہ طریقہ کار رہتا ہے کہ ایک دوسرے پر ظلم و زیادتی کرتے ہیں۔ ہاں اہل ایمان اور اعمالِ صالحہ والے لوگ ایک دوسرے پر زیادتی نہیں کرتے۔ ایسے لوگ ہیں تو سہی مگر کم ہیں۔

اوّل تو یہ سمجھنا چاہیے کہ اللہ جل شانہٗ نے حضرت داؤد علیہ السلام کے واقعہ کو اِصْبِرْ عَلٰی مَایَقُوْلُوْنَ کے ساتھ شروع فرمایا ہے جس سے واضح ہو رہا ہے کہ حضرت داؤد علیہ السلام کو کسی ایسی بات میں مبتلا فرمایا تھا جس میں صبر کی ضرورت تھی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم ہوا کہ آپ اپنے مخاطبین کی باتوں پر صبر کریں اور داؤد کے قصے کو یاد کریں اس کے بعد یہ بات بیان فرمائی کہ وہ اللہ تعالیٰ کی تسبیح میں مشغول رہتے تھے۔ پھر یہ قصہ بیان فرمایا کہ دو شخص ان کے پاس دیوار پھلانگ کر آ گئے اور دونوں نے اپنا مقدمہ پیش کیا۔ انہوں نے ان کو فیصلہ سنا دیا۔ اس میں یہ بات تلاش کرنے کی ہے اس میں صبر کرنے کی کون سی بات تھی۔ اس بارے میں روایات حدیث سے کوئی بات واضح نہیں ہوتی، البتہ اتنی بات قرآن مجید کے سیاق وسباق اور بیان سے معلوم ہو رہی ہے کہ جو دو شخص ان کے پاس تنہائی میں پہنچ گئے تھے وہ وقت ان کی عبادت کرنے کا تھا فیصلہ اور خصومات کا وقت نہ تھا پھر وہ دونوں دیواریں کود کر آئے۔ جب داؤد علیہ السلام کو ان سے گھبراہٹ ہوئی تو انہوں نے تسلی دے دی کہ آپ گھبرائیے نہیں لیکن بے وقت پہنچے پھر دیوار کود کر آئے اور ساتھ ہی یوں کہہ دیا کہ فَاحْكُمْ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ کہ آپ ہمارے درمیان حق کے ساتھ فیصلہ کیجئے اور مزید یوں کہا کہ بے انصافی نہ کیجئے اور ساتھ ہی یوں بھی کہہ دیا کہ سیدھی راہ بتا دیجئے ان باتوں سے ایک طرح کی بے ادبی ظاہر ہوتی تھی جس سے ابہام ہوتا تھا کہ داؤد علیہ السلام ناحق فیصلہ بھی کر سکتے ہیں اور زیادتی بھی کر سکتے ہیں، داؤد علیہ السلام نبی ہونے کے ساتھ ساتھ جلیل القدر بادشاہ بھی تھے۔ مدعی اور مدعا علیہ کی باتیں سن کر صبر کیا اور تحمل سے کام لیا۔ ان متواتر گستاخیوں پر کوئی دار و گیر نہیں فرمائی بلکہ بڑی نرمی کے ساتھ ان کا مقدمہ سنا اور فیصلہ فرما دیا۔

حضرت داؤد علیہ السلام کا مبتلائے امتحان ہونا پھر استغفار کرنا............اب رہی یہ بات کہ حضرت داؤد علیہ السلام نے جب صبر کے ساتھ مدعی اور مدعا علیہ کی بات سنی اور فیصلہ فرما دیا جو صحیح فیصلہ تھا تو اس میں وہ کون سی بات تھی جو ان کے امتحان کا سبب بن گئی؟ اس کے بارے میں بعض حضرات نے یہ فرمایا ہے کہ حضرت داؤد علیہ السلام نے مدعی کی بات سن کر مدعیٰ علیہ سے دریافت کئے بغیر جو یہ فرما دیا کہ اس شخص نے تجھ پر ظلم کیا کہ اپنی دنبیوں میں ملانے کے لئے تیری دنبی ملانے کا سوال کیا۔ اس میں فریقین میں سے ایک کی جانب جھکاؤ

معلوم ہوتا ہے جو آداب قضاء کے خلاف ہے اور بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ مدعیٰ علیہ نے اس بات کا اقرار کر لیا تھا کہ واقعی میں نے اس شخص سے یہ سوال کیا ہے کہ اپنی دنبی مجھے دیدے اگر یہ صورت ہو تو پھر بھی یہ بات رہ جاتی ہے کہ قاعدہ کے مطابق مدعیٰ علیہ سے فرمانا چاہیے تھا کہ تو نے اس پر ظلم کیا ہے، بجائے اس سے خطاب کرنے کے مدعی سے فرمایا کہ اس شخص نے تجھ پر ظلم کیا۔ یہ بھی ایک قسم کی مدعی کی تھوڑی سی طرفداری ہوئی۔ جب یہ خیال آیا تو انہوں نے اسے امتحان کی بات سمجھا۔ بڑوں کی بڑی باتیں ہیں معمولی بات میں بھی ان کی گرفت ہو جاتی ہے اس لئے وہ استغفار کی طرف متوجہ ہوئے اور سجدہ میں گر پڑے اللہ تعالیٰ نے ان کو معاف فرما دیا اور یہ بھی فرما دیا کہ ان کے لئے ہمارے یہاں نزدیکی اور اچھا انجام ہے۔

یہ دونوں شخص جو مقدمہ لے کر آئے تھے اس کی واضح تصریح نہیں ملتی کہ یہ کون تھے؟ صاحب روح المعانی نے لکھا ہے (جو بے سند ہے) کہ یہ دونوں حضرت جبریل اور میکائیل علیہما السلام تھے' اندر جانا چاہا تو چوکیداروں نے روکا۔ لہٰذا وہ دیوار کود کران کے پاس محراب میں تشریف لے گئے' یہ بات بعید نہیں ہے کہ یہ دونوں فرشتے ہوں کیونکہ اونچی دیوار تھی' پھلانگ کر تنہائی میں پہنچ جانا انسانوں کا کام نہیں ہے لیکن اگر یہ حضرات فرشتے تھے تو یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ فرشتوں کا دنبیوں سے کیا واسطہ اور جھگڑے سے کیا تعلق! ملا اعلیٰ والے دنبیوں کے بارے میں کیوں جھگڑا کرنے لگے اور ننانوے دنبی والے نے ایک دنبی والے سے مطالبہ کیوں کیا کہ یہ ایک دنبی بھی مجھے دے اور نہ صرف یہ کہ سادگی کے ساتھ مطالبہ کیا بلکہ سختی کو استعمال کیا اگر یہ دونوں فرشتے تھے تو انہوں نے جھگڑا کیا تو وہ بھی حقیر دنیا کے لئے اور اگر جھگڑا ہوا ہی نہیں تھا تو حضرت داؤد علیہ السلام کی خدمت میں یہ بات کیوں کہی کہ ہمارا آپس میں جھگڑا ہوا ہے یہ تو کذب بیانی ہوئی اور جھوٹا بیان ہوا جو گناہ کبیرہ ہے اور فرشتے تو ہر گناہ سے پاک ہیں۔

مفسرین نے اس کا یہ جواب لکھا ہے کہ یہ جھگڑا اور دعویٰ کسی حقیقت واقعیہ پر مبنی نہیں تھا بلکہ بطور فرض انہوں نے یہ واقعہ بیان کیا تھا جس سے حضرت داؤد علیہ السلام کو متنبہ کرنا مقصود تھا۔ اس کے ذریعہ انہوں نے حضرت داؤد علیہ السلام کو امتحان میں ڈالنے کا ایک راستہ نکالا تھا۔

حضرت داؤد علیہ السلام جس فتنہ میں مبتلا کئے گئے اس کے بارے میں حضرت ابن عباسؓ سے یوں نقل کیا گیا ہے جسے محدث حاکم نے مستدرک میں لکھا ہے کہ داؤد علیہ السلام کو ان کی خود پسندی نے امتحان میں مبتلا کیا جس کی صورتحال یوں بن گئی کہ انہوں نے عرض کیا کہ یا اللہ رات اور دن میں کوئی بھی ایسی خالی گھڑی نہیں گزرتی جس میں آل داؤد میں سے کوئی شخص نماز یا تسبیح یا تکبیر اور دیگر عبادات میں مشغول نہ ہوتا ہو' اللہ جل شانہٗ کو ان کی یہ بات ناگوار ہوئی اور ارشاد فرمایا کہ داؤد یہ سب کچھ میری ہی مدد سے ہے اگر میری مدد شامل حال نہ ہو تو تمہیں مذکورہ عبادت پر قدرت نہ ہو' قسم ہے میرے جلال کی میں ایک دن تجھے تیرے ہی سپرد کرتا ہوں۔ داؤد علیہ السلام نے عرض کیا کہ اے رب مجھے وہ دن بتا دیجئے گا اس کے بعد اس خاص دن میں وہ فتنہ میں مبتلا کر دیئے گئے۔ (مستدرک حاکم ص ۴۳۳ ج ۲ وقال صحیح الاسناد واُقرہ الذہبی) اس میں سبب فتنہ کا تو ذکر ہے لیکن فتنہ کا ذکر نہیں۔ بعض اکابر نے فرمایا ہے کہ جتنی دیر فرشتوں سے بات چیت ہوئی اتنی دیر میں چونکہ اللہ کے ذکر سے غافل رہے۔ اس لئے انہوں نے اسے فتنہ سمجھ لیا گو قضاء کا کام اور فیصلے دینا بھی عبادت ہے لیکن چونکہ عبادت بلا واسطہ یعنی تسبیح و تہلیل سے غفلت ہوئی اس لئے انہوں نے اسے اپنے حق میں فتنہ سمجھ لیا۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

شرکاء مالیات کا عام طریقہ...........حضرت داؤد علیہ السلام نے دو شخصوں کے درمیان جو فیصلہ فرمایا صرف اسی پر اکتفاء نہیں کیا بلکہ اس کے ساتھ ہی شرکاء عام کی ایک حالت بھی بتا دی جنہیں خُلَطَاء سے تعبیر فرمایا اور ارشاد فرمایا کہ اس دنیا میں بسنے والے لوگ جو آپس

میں مل جل کر رہتے ہیں جن میں وہ لوگ بھی ہیں جن کا تجارت میں یا کسب اموال کے دوسرے طریقوں میں ساجھا رہتا ہے۔ عام طور سے یہ لوگ ایک دوسرے پر زیادتی کرتے رہتے ہیں جو خیانت وغیرہ کی صورت میں ہوتی ہے۔ عام طور پر لوگوں کا یہی حال ہے۔ ہاں اللہ تعالیٰ کے کچھ ایسے بندے بھی ہیں جو اہل ایمان اور اعمال صالحہ والے ہیں یہ لوگ اپنے شرکاء پر زیادتی نہیں کرتے لیکن ایسے لوگ زیادہ نہیں ہیں' یہ لوگ کمی کے ساتھ پائے جاتے ہیں' حضرت داؤد علیہ السلام نے بہت کام کی بات بتائی اور شرکاء کا ایک مزاج بتا دیا' اور درحقیقت شرکت میں کوئی دھندا کرنا بہت بڑے امتحان میں پڑنے کا ذریعہ ہے۔ بات بات میں جھگڑے بھی اٹھتے رہتے ہیں اور خیانت کے مواقع بھی سامنے آتے رہتے ہیں' جو شخص خیانت سے بچ گیا' بہت ہی مبارک ہے' حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ جل شانہٗ کا ارشاد ہے کہ میں دو شریکوں میں تیسرا ہوتا ہوں (یعنی میری طرف سے ان کی مدد ہوتی رہتی ہے) جب تک کہ ان میں سے کوئی ایک خیانت نہ کرے پھر جب دونوں میں سے کوئی شریک خیانت کر لیتا ہے تو میں درمیان سے نکل جاتا ہوں۔ (رواہ ابوداؤد) یعنی اللہ تعالیٰ کی مدد ختم ہو جاتی ہے۔

حضرت داؤد علیہ السلام کی ایک دعا.......... حضرت داؤد علیہ الصلوٰۃ والسلام بہت بڑے ذاکر و عابد تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ محبوب داؤد علیہ السلام کی نماز تھی اور روزوں میں سب سے زیادہ محبوب داؤد علیہ السلام کے روزے تھے وہ آدھی رات سوتے تھے اور تہائی رات نماز میں کھڑے رہتے تھے اور (آخری) چھٹے حصہ میں سو جاتے تھے اور ایک دن روزہ رکھتے تھے اور ایک دن بغیر روزہ کے رہتے تھے۔ (رواہ البخاری ص ۴٨٦ ج ١) اور ایک روایت میں ہے کہ داؤد علیہ السلام ایک دن روزہ رکھتے تھے اور ایک دن بے روزہ رہتے تھے اور جب دشمن سے بھڑ جاتے تھے تو پشت نہیں پھیرتے تھے۔ (ایضاً)

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ داؤد علیہ السلام کی دعاؤں میں سے ایک یہ دعا بھی تھی: **اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُکَ حُبَّکَ وَحُبَّ مَنْ یُّحِبُّکَ وَالْعَمَلَ الَّذِیْ یُبَلِّغُنِیْ حُبَّکَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ حُبَّکَ اَحَبَّ اِلَیَّ مِنْ نَّفْسِیْ وَمَالِیْ وَاَهْلِیْ وَمِنَ الْمَآءِ الْبَارِدِ** (اے اللہ میں آپ سے آپ کی محبت کا اور ان لوگوں کی محبت کا جو آپ سے محبت کرتے ہیں اور اس عمل کی محبت کا سوال کرتا ہوں جو مجھے آپ کی محبت تک پہنچا دے' اے اللہ! آپ اپنی محبت کو مجھے اتنی زیادہ محبوب بنا دیجئے جو میری جان سے اور میرے مال سے اور میرے اہل و عیال سے اور ٹھنڈے پانی سے بڑھ کر مجھے محبوب ہو۔ (رواہ الترمذی وحسنہ کما فی المشکوٰۃ ص ٢٢٠)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب داؤد علیہ السلام کا ذکر کرتے تھے تو یہ بات بیان فرمایا کرتے تھے کہ وہ انسانوں میں سب سے بڑھ کر عبادت گزار تھے۔ (ایضاً)

حضرت داؤد علیہ السلام اپنے ہاتھ کے ہنر سے کسب کرتے تھے۔ اسی میں سے کھاتے تھے۔ (رواہ البخاری مرفوعاً) اور ان کا ذریعہ کسب یہ تھا کہ لوہے کی زرہیں بناتے تھے۔ انہیں فروخت کر کے اپنا خرچہ بھی چلاتے تھے اور فقراء و مساکین پر بھی خرچ کرتے تھے۔

سورۂ صٓ کا سجدہ.......... سورۂ صٓ میں شوافع کے نزدیک سجدۂ تلاوت نہیں ہے اور حنفیہ کے نزدیک یہاں سجدۂ تلاوت ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۂ صٓ میں سجدۂ تلاوت ادا کیا اور فرمایا کہ داؤد نے توبہ کے طور پر سجدہ کیا تھا' اور ہم اس سجدہ کو بطور شکر ادا کرتے ہیں۔ (رواہ النسائی کما فی المشکوٰۃ ص ٩۴)

ایک مشہور قصہ کی تردید.......... حضرت داؤد علیہ السلام کے پاس جو دو شخص فیصلہ لے کر آئے تھے جن کا یہ فیصلہ ان کے امتحان کا

سبب بنا اس کے بارے میں بعض کتابوں میں ایک ایسا قصہ لکھ دیا گیا ہے جو حضرات انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی شان کے خلاف ہے اور وہ یہ ہے کہ ایک عورت پر ان کی نظر پڑ گئی تھی جس سے نکاح کرنے کا خیال پیدا ہو گیا اور اس خیال کے پیچھے ایسے پڑے کہ اس کے شوہر کو جہاد میں بھیج کر شہید کروانے کا راستہ نکالا اور جب وہ شخص شہید ہو گیا تو آپ نے اس عورت سے نکاح کر لیا' یہ قصہ جھوٹا ہے جسے اسرائیلی روایات سے لیا گیا ہے۔ حد یہ ہے کہ محدث حاکم نے بھی مستدرک میں لکھ دیا۔ (مستدرک ص ۵۸٦ ج ۲) اور تعجب ہے کہ حافظ ذہبی نے بھی تلخیص مستدرک میں اسے ذکر کر کے سکوت اختیار کیا۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص داؤد علیہ السلام کے بارے میں ایسی بات کہے گا اور اس کا عقیدہ رکھے گا تو میں اس پر حد قذف کی دوہری سزا جاری کروں گا یعنی ایک سو ساٹھ (١٦٠) کوڑے لگاؤں گا۔ (روح المعانی ص ۱۸۵ ج ۲۳)

اور صاحب جلالین نے یوں لکھ دیا ہے کہ حضرت داؤد علیہ السلام کی ننانوے بیویاں تھیں اور ایک شخص کی ایک بیوی تھی جس نے شکایت کی تھی۔

یہ قصہ بھی اسرائیلی روایات سے لیا گیا ہے۔ حضرت انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی شان کے خلاف بھی ہے اور کسی صحیح سند سے ثابت نہیں ہے۔

یٰدَاوٗدُ اِنَّا جَعَلْنٰكَ خَلِيْفَةً فِى الْاَرْضِ فَاحْكُمْ بَيْنَ النَّاسِ بِالْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعِ الْهَوٰى فَيُضِلَّكَ عَنْ سَبِيْلِ

اے داؤد! بیشک ہم نے تمہیں زمین میں خلیفہ بنا دیا۔ سو لوگوں کے درمیان حق کے ساتھ فیصلہ کیجئے اور خواہش کی پیروی مت کرنا کہ وہ آپ کو اللہ کے راستہ سے

اللّٰهِ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ يَضِلُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌۢ بِمَا نَسُوْا يَوْمَ الْحِسَابِ ۝۲٦

بہکا دے گی بلاشبہ جو لوگ اللہ کے راستہ سے بھٹکتے ہیں ان کے لئے سخت عذاب ہے اس سبب سے کہ وہ حساب کے دن کو بھول گئے۔

حضرت داؤد علیہ السلام کی خلافت کا اعلان

اس آیت میں اللہ جل شانہٗ کا خطاب ہے جو حضرت داؤد علیہ السلام کو فرمایا تھا۔ ارشاد فرمایا کہ اے داؤد! ہم نے تمہیں زمین میں خلیفہ بنایا سو آپ لوگوں کے درمیان حق کے ساتھ فیصلہ کریں اور خواہش نفس کا اتباع نہ کیجئے ورنہ یہ خواہش آپ کو اللہ تعالیٰ کے راستہ سے ہٹا دے گی۔ یوں تو ہر حاکم پر لازم ہے کہ فیصلہ کرنے میں عدل و انصاف کو ملحوظ رکھے لیکن خاص طور پر جسے اللہ نے اپنا خلیفہ بنایا اور نبوت سے بھی سرفراز فرمایا اس کی ذمہ داری اور زیادہ بڑھ جاتی ہے کہ وہ حق اور حقیقت اور عدل و انصاف پر قائم رہے۔

اتباع ہوٰی کی مذمت........ نیز یہ بھی خطاب فرمایا کہ آپ اتباع ہوٰی سے پرہیز کریں یعنی خواہش نفس کا اتباع نہ کریں ورنہ وہ آپ کو اللہ کے راستہ سے ہٹا دے گی۔ درحقیقت دو ہی چیزیں ہیں اتباع ھدٰی اور اتباع ہوٰی اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے جو عمل کرنے کے لئے حکم ہو وہ ھدٰی یعنی ہدایت ہے اس کا اتباع کرنا لازم ہے اور جو چیز اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے نہ ہو اپنے نفس کے تقاضوں کے مطابق ہو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی ہدایت کے خلاف ہو اس کا اتباع کرنا جائز نہیں ہے۔ یہ نفس کا اتباع ہی تو ہے جو بندوں کو احکامِ شرعیہ سے روکتا ہے جو لوگ قاضی اور حاکم ہیں اور جج ہیں یہ لوگ خلاف شرع فیصلے کر جاتے ہیں' رشوت لے لیتے ہیں یا اپنے رشتہ دار کی رشتہ داری کو دیکھ کر اس کے حق میں فیصلہ کر دیتے ہیں یہ اتباع ہوٰی

ہی تو ہے۔ سورۃ النساء میں فرمایا

یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِیْنَ بِالْقِسْطِ شُهَدَآءَ لِلّٰهِ وَلَوْ عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ اَوِ الْوَالِدَیْنِ وَالْاَقْرَبِیْنَ ۚ اِنْ یَّكُنْ غَنِیًّا اَوْ فَقِیْرًا فَاللّٰهُ اَوْلٰى بِهِمَا فَلَا تَتَّبِعُوا الْهَوٰٓى اَنْ تَعْدِلُوْا ۚ (اے ایمان والو! انصاف پر خوب قائم رہنے والے اللہ کے لئے گواہی دینے والے رہو اگرچہ اپنی ہی ذات پر ہو یا والدین یا دوسرے رشتہ داروں کے مقابلہ میں ہو وہ شخص اگر امیر ہے تو اور غریب ہے تو دونوں کے ساتھ اللہ تعالیٰ کو زیادہ تعلق ہے سو تم خواہش نفس کا اتباع مت کرنا کبھی تم حق سے ہٹ جاؤ) اور بہت سے حکام کسی کی دشمنی میں ظالمانہ فیصلہ دے دیتے ہیں۔ سورۃ المائدہ میں اسی کو فرمایا وَلَا یَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰٓى اَلَّا تَعْدِلُوْا (اور کسی قوم کا بغض تمہیں اس بات پر آمادہ نہ کردے کہ تم انصاف نہ کرو)

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سوال فرمایا کیا تم جانتے ہو کہ اللہ عزوجل نے فرمایا کہ قیامت کے دن اللہ عزوجل کے سایہ کی طرف پہلے پہنچنے والے کون ہیں؟ عرض کیا اللہ اور اس کا رسول خوب جانتے ہیں فرمایا یہ وہ لوگ ہیں کہ جب انہیں حق دیا جائے تو قبول کرلیں اور جب ان سے حق کا سوال کیا جائے تو پوری طرح دے دیں اور لوگوں کے لئے اسی طرح فیصلے کریں جیسے اپنے لئے فیصلہ کرتے ہیں۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۳۲۲)

یہ اتباع ہوٰی ہی قرآن وحدیث کے احکام میں تاویل کرنے پر آمادہ کرتا ہے۔ علماء سے بدظن کرتا ہے' زکوٰۃ نہ دینے کے لئے حیلے اور بہانے تراشتا ہے' بے پردگی اور سود کو حلال کرنے کے لئے ایسے لوگوں کی تحریروں کی آڑ لیتا ہے جو اخلاص سے خالی ہیں۔ تقویٰ سے دور ہیں' بھرپور علم سے بعید ہیں' ننگے پہناوے' ناچ رنگ' نفس ونظر کی حرام لذت' جاہ وشہرت کی طلب اور مالِ کثیر کی رغبت' شریعت کے خلاف عمل کرنے پر آمادہ کرنا اتباع ہوٰی ہی کا کام ہے۔ کسی بھی مرنے والے کی میراث شرعی وارثوں کو نہ دینا۔ بہنوں کو باپ کے ترکہ سے نہ دینا' مزدور سے کام لے کر مزدوری نہ دینا یہ اور اسی طرح کی سینکڑوں چیزیں ہیں جنہیں انسان اتباع ہوٰی کی وجہ سے اختیار کرتا ہے اور احکام شرعیہ سے منہ موڑتا ہے' جو لوگ ہدایت کا اتباع کرتے ہیں وہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم پر چلنے ہی کو زندگی کا مقصد قرار دیتے ہیں اور جو حکم سنتے ہیں مان لیتے ہیں۔

خواہشوں کا اتباع گمراہ کردیتا ہے .... یہ جو فرمایا فَیُضِلَّكَ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ۚ اس میں یہ بتادیا کہ خواہشوں کا اتباع کرنا اللہ تعالیٰ کے راستہ سے ہٹادیتا ہے جس طرح دنیاوی احکام میں نفس کی خواہشوں کے پیچھے چلنے کی وجہ سے قوانین شریعت کی خلاف ورزی ہوتی ہے اسی طرح امور آخرت میں بھی اتباع ہوٰی اللہ کے راستہ سے ہٹادیتا ہے نام دین کا اور بزرگی کا ہوتا ہے لیکن کام شریعت کے خلاف ہوتے ہیں' یہ جو قبر پرستی ہے جھوٹی پیری مریدی ہے' عرسوں کی خرافات ہیں' اپنی طرف سے تجویز کردہ نفل نمازوں کی بدعات ہیں یہ سب اتباع ہوٰی کی وجہ سے ہے اور لوگوں کو عموماً اتباع سنت سے زیادہ بدعات پر چلنا زیادہ مرغوب ہے کیونکہ وہ ان کی اپنی نکالی ہوئی ہے اور شیطان بھی ان کو بدعات پر ابھارتا ہے' حدیث شریف میں ہے کہ ابلیس نے کہا کہ میں نے لوگوں کو گناہوں پر ڈال کر ہلاک کردیا اور انہوں نے مجھے استغفار کے ساتھ ہلاک کردیا (یعنی میں گناہ کرواتا تھا' وہ گناہ کرکے استغفار کرلیتے تھے جس سے میری محنت پر پانی پھر جاتا تھا) لہٰذا میں نے ان کے لئے وہ چیزیں نکال لیں جو دین الٰہی میں نہیں' ان کی خواہشوں کے مطابق انہیں وہ نیکی سمجھ کر کرتے ہیں لہٰذا وہ ان چیزوں سے توبہ نہیں کرتے۔ (الترغیب والترہیب للحافظ المنذری) (جب خواہشات نفس کا اتباع کریں گے اور ان اعمال کو انہیں نیکی

سمجھ کر کریں گے تو توبہ نہ کریں گے لہٰذا عذاب میں مبتلا ہوں گے اور شیطان کا مقصد پورا ہو گا)۔

گمراہ لوگ عذابِ شدید کے مستحق ہیں......... اِنَّ الَّذِیْنَ یَضِلُّوْنَ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰہِ لَھُمْ عَذَابٌ شَدِیْدٌۢ بِمَا نَسُوْا یَوْمَ الْحِسَابِ (بلاشبہ جو لوگ اللہ کی راہ سے ہٹتے ہیں ان کے لئے سخت عذاب ہے حساب کے دن کو بھول جانے کے سبب سے) اس میں اللہ تعالیٰ کی راہ سے ہٹنے والوں کے لئے وعید بیان فرما دی اور یہ بھی بتا دیا کہ یہ لوگ اس لئے مبتلائے عذاب ہوں گے کہ دنیا میں رہتے ہوئے حساب کے دن کو بھول گئے تھے اس میں تعمیم ہے کہ اتباع ہویٰ کی وجہ سے کوئی شخص اللہ تعالیٰ کی راہ سے ہٹا ہو یا اور کسی وجہ سے وہ عذاب شدید کا مستحق ہوا ہو ان گمراہوں میں عام طور سے وہی لوگ مبتلا ہوتے ہیں جو قیامت کو نہیں مانتے' یا مانتے تو ہیں لیکن وہاں کی حاضری کا خیال نہیں رکھتے اور اسے بھول بھلیاں کئے رہتے ہیں اس لئے وہاں کے لئے تیاری نہیں کرتے اور اپنی جان کو مستحق عذاب بناتے رہتے ہیں۔

وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَیْنَھُمَا بَاطِلًا ۭ ذٰلِكَ ظَنُّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا ۚ فَوَیْلٌ

اور ہم نے آسمان اور زمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان ہے بلاحکمت پیدا نہیں کیا' یہ گمان ہے ان لوگوں کا جنہوں نے کفر کیا' سو ان لوگوں کے لئے

لِّلَّذِیْنَ كَفَرُوْا مِنَ النَّارِ ؀ اَمْ نَجْعَلُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَالْمُفْسِدِیْنَ فِی الْاَرْضِ ۡ

ہلاکت ہے یعنی دوزخ کا داخلہ ہے جو لوگ ایمان لائے اور اعمالِ صالحہ کئے کیا ہم انہیں ان لوگوں کی طرح کر دیں گے جو زمین میں فساد کرنے والے ہیں'

اَمْ نَجْعَلُ الْمُتَّقِیْنَ كَالْفُجَّارِ ؀ كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَیْكَ مُبٰرَكٌ لِّیَدَّبَّرُوْٓا اٰیٰتِهٖ وَلِیَتَذَكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ؀

کیا ہم متقیوں کو فاجروں کی طرح کر دیں گے' یہ کتاب ہے جو ہم نے آپ کی طرف نازل کی ہے مبارک ہے تاکہ یہ لوگ اس کی آیات میں غور کریں اور تاکہ عقل والے نصیحت حاصل کریں۔

مفسدین اور اعمالِ صالحہ والے' مؤمنین اور متقین اور فجار برابر نہیں ہو سکتے!

یہ تین آیات کا ترجمہ ہے ان سے پہلے داؤد علیہ السلام کا ذکر ہو رہا تھا اور عنقریب حضرت سلیمان اور ان کے بعد حضرت ایوب علیہما السلام کا ذکر آ رہا ہے۔ ان تین آیات میں بطور جملہ معترضہ توحید اور رسالت اور معاد کو بیان فرما دیا۔ یہی تینوں چیزیں ہیں جن کی طرف قرآن کریم برابر دعوت دیتا ہے اور ان کے ماننے پر آخرت کی بھلائی کا وعدہ دیتا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے جو آسمان اور زمین کو پیدا فرمایا اور ان دونوں کے درمیان جو کچھ ہے اسے وجود بخشا یہ سب یوں ہی خواہ مخواہ اور بلا حکمت نہیں ہیں ان کے وجود کو دیکھ کر اوّل تو خالق کائنات جل مجدہٗ کی معرفت حاصل ہونا چاہیے اور پھر یہ بھی فکر کرنا چاہیے کہ ان چیزوں کے پیدا فرمانے میں حکمت کیا ہے؟ دنیا میں انسان بھی ہے اور دوسری مخلوق بھی ہے آپس میں رحم بھی ہے' مظالم بھی ہیں۔ لڑائی جھگڑے بھی ہیں' قتل و خون بھی ہیں' اللہ تعالیٰ کے مؤمن بندے بھی ہیں اور کافر و مشرک بھی ہیں' موت بھی ہے اور حیات بھی ہے' یہ کارخانہ جو جاری اور ساری ہے خالق کائنات جل مجدہٗ نے اسے کیوں پیدا فرمایا اگر اس بات پر غور کیا جائے تو سمجھ میں آ جائے گا کہ اس کارخانہ میں جو کچھ بھی ہے سب اللہ تعالیٰ شانہ کی حکمت پر مبنی ہے' ایمان و کفر' خیر و شر کا سلسلہ جاری ہے لیکن ایک دن یہ دنیا ختم ہو جائے گی قیامت واقع ہو گی۔ سب حاضر ہوں گے اس وقت اہل ایمان کو ایمان کی جزا اور اہل کفر کو کفر کی سزا دی جائے گی جو لوگ وقوع قیامت پر ایمان نہیں رکھتے ان

کے نزدیک موت کے بعد اچھے یا برے اعمال کا بدلہ ملنے والا نہیں ہے۔ ان کی بات کا حاصل یہ ہے کہ جو لوگ مؤمن ہیں متقی ہیں گناہوں سے بچتے ہیں وہ اور بڑے بڑے فاجر برابر ہو جائیں گے۔ یعنی نہ انہیں کوئی ثواب ملے گا نہ انہیں کوئی عذاب ملے گا' ان لوگوں کا یہ گمان باطل ہے جو ان کے لئے ہلاکت اور بربادی کا سبب ہے اور وہ بربادی یہ ہو گی کہ یہ لوگ دوزخ میں داخل کر دیئے جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ کے یہاں اہل ایمان اور اعمالِ صالحہ والے بندوں کا بڑا مرتبہ ہے یہ حضرات جنتی ہوں گے اور زمین میں فساد کرنے والے دوزخ میں جائیں گے اگر ان کافروں اور مفسدوں نے یہ سمجھا ہے کہ اہل ایمان کو نعمتیں نہ ملیں گی اور وہ ہماری طرح ہی ہوں گے مر کر ختم ہو جائیں گے یا یہ سمجھا ہے کہ جو نعمتیں انہیں ملیں گی ہمیں بھی مل جائیں گی یہ ان کی حماقت ہے۔ (یہاں تک توحید اور معاد کا بیان ہوا)

اس کے بعد فرمایا کہ ہم نے آپ کی طرف ایک کتاب نازل کی ہے جو مبارک ہے اس کے ماننے اور پڑھنے پڑھانے اور اس پر عمل کرنے میں دنیا اور آخرت کی خیر ہی خیر ہے۔ آپ کے توسط سے جن لوگوں تک پہنچے ان کو چاہیے کہ اس کی آیات میں فکر کریں اور عقل والے اس سے نصیحت حاصل کریں تا کہ احکام شرعیہ کو جانیں اور ان پر عمل پیرا بھی ہوں۔

وَ وَهَبْنَا لِدَاوٗدَ سُلَيْمٰنَ ؕ نِعْمَ الْعَبْدُ ؕ اِنَّهٗۤ اَوَّابٌ ۞ اِذْ عُرِضَ عَلَيْهِ بِالْعَشِيِّ الصّٰفِنٰتُ

اور ہم نے داؤد کو سلیمان بخشش کر دیا اور وہ اچھا بندہ تھا بلاشبہ وہ بہت رجوع کرنے والا تھا جب پیش کئے گئے اس پر شام کے وقت ایسے گھوڑے جو سامنے کے ایک پاؤں پر کھڑے ہونے والے تھے

الْجِيَادُ ۞ فَقَالَ اِنِّيْۤ اَحْبَبْتُ حُبَّ الْخَيْرِ عَنْ ذِكْرِ رَبِّيْ ۚ حَتّٰى تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ ۞ رُدُّوْهَا عَلَيَّ ؕ

عمدہ گھوڑے تھے سو انہوں نے کہا کہ میں نے مال کی محبت کو ترجیح دی اپنے رب کے ذکر کو چھوڑ کر یہاں تک کہ پردے میں چھپ گئے انہیں مجھ پر واپس کرو

فَطَفِقَ مَسْحًا بِالسُّوْقِ وَالْاَعْنَاقِ ۞

سو شروع کر دیا ان کی پنڈلیوں اور گردنوں کا چھونا۔

حضرت سلیمان علیہ السلام کا تذکرہ وہ اچھے بندہ تھے

حضرت سلیمان علیہ السلام حضرت داؤد علیہ السلام کے بیٹے تھے ان کو بھی اللہ تعالیٰ نے نبوت کے ساتھ مال اور دولت اور ملک اور حکومت سے نوازا تھا۔ اوّل ان کے بارے میں فرمایا نِعْمَ الْعَبْدُ کہ وہ اچھے بندے تھے اور ساتھ ہی اِنَّهٗۤ اَوَّابٌ بھی فرمایا یعنی وہ اللہ تعالیٰ کی طرف بہت زیادہ رجوع کرنے والے تھے۔

گھوڑوں کا پیش کیا جانا آخر میں متنبہ ہونا .... اس کے بعد سلیمان علیہ السلام کا ایک واقعہ بیان فرمایا اور وہ یہ کہ ان کے پاس گھوڑے بندھے ہوئے تھے۔ اندازہ یہی ہے کہ یہ گھوڑے جہاد کی ضرورت کے لئے پال رکھے تھے گھوڑے بھی اصیل تھے' اور عمدہ تھے صَافِنَاتٌ یہ صَافِنٌ کی جمع ہے صافن اس گھوڑے کو کہتے ہیں جو سامنے کے ایک پاؤں کو موڑ کر باقی تین پاؤں پر کھڑا ہو' اصیل گھوڑوں کی یہ صفت بتائی جاتی ہے۔

ایک دن حضرت سلیمان علیہ السلام نے معائنہ فرمانے کے لئے گھوڑوں کو طلب کیا آپ ان کے دیکھنے میں اتنے مشغول ہوئے کہ سورج چھپ گیا' اس سے پہلے جو فرض یا نفل نماز پڑھا کرتے تھے وہ رہ گئی (اگر فرض نماز تھی تو بھولنے کی وجہ سے گناہ میں شمار نہیں ہوتی خصوصاً جبکہ حاضرین میں سے کسی نے یاد نہ دلایا ہو اور اگر نفل نماز تھی تب تو اس کے چھوٹ جانے میں گناہ تھا ہی نہیں لیکن انہوں نے ہر

حال میں اس نماز کے چھوٹنے کو اچھا نہ سمجھا اور گو کہ گھوڑوں کی مشغولیت بھی اللہ تعالیٰ کے لئے تھی لیکن پھر بھی چونکہ ذکر بالواسطہ ذکر حقیقی یعنی ذکر بلاواسطہ سے غافل ہونے کا سبب بن گیا اس لئے جب مذکورہ نماز کے فوت ہو جانے کا احساس ہوا تو فرمایا کہ ان گھوڑوں کو واپس کرو۔ جب گھوڑے واپس لوٹائے گئے تو انہیں ذبح کرنا شروع کر دیا ان کی گردنیں تو کاٹی ہی تھیں پنڈلیاں بھی کاٹ دیں اور فرمایا کہ مال کی محبت نے مجھے اپنی طرف اتنا لگایا کہ اپنے رب کی طرف سے غافل ہو گیا' یہ ذبح کرنا مال ضائع کرنے کے طور پر نہیں تھا بلکہ بطورِ قربانی کے تھا البتہ یہ اشکال رہ جاتا ہے کہ پنڈلیوں کو کیوں کاٹا؟ یہ تو جانور کو بلاوجہ تکلیف دینا ہوا احقر کے خیال میں یوں آتا ہے کہ گردنیں کاٹنے کے بعد پنڈلیاں کاٹی ہوں گی جبکہ ان کی جان نکل چکی ہو گی اور گھوڑے میں چونکہ پنڈلی ہی اصل چیز ہے اس سے گھوڑا دوڑتا ہے اس لئے غیرت کے جوش میں پنڈلیاں بھی کاٹ دیں یعنی اس کام میں جلدی کر دی ورنہ کھانے پینے کے لئے تو کاٹنا ہی تھا چونکہ تقدم ذکری تقدم عملی کو مستلزم نہیں ہے اس لئے یہ اشکال پیدا نہیں ہوتا کہ آیت شریفہ میں پہلے پنڈلیوں کا ذکر ہے یہاں رعایت فاصلہ کے لئے لفظ الاعناق کو مؤخر کر دیا گیا ہے یہ بلاغت میں ہوتا رہتا ہے جیسا کہ سورۂ طٰہٰ میں رَبِّ هٰـرُوْنَ وَ مُـوْسٰـى فرمایا ہے اور دوسری جگہ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ فرمایا ہے[1]۔

---

۱)............(وفی روح المعانی: وقیل ضمیر (توارت) للخیل کضمیر (ردوها) واختاره جمع' فقیل الحجاب اصطبلا تها ای حتی دخلت اصطبلا تها' وقیل حتی توارت فی المسابقة بما یحجبها عن النظر' وبعض من قال بارجاع الضمیر للخیل جعل عن للتعلیل ولم یجعل المسح بالسوق والاعناق بالمعنی السابق فقالت طائفة: عرض علی سلیمان الخیل وهو فی الصلاة فاشار الیهم انی فی صلاة فازا الوها عنه حتی دخلت فی الاصطبلات فقال لما فرغ من صلاته: (انی أحببت حب الخیر) ای الذی لی عند اللّٰه تعالٰی فی الأخرة بسبب ذکر ربی کانه یقول فشغلنی ذلک عن رؤیة الخیل حتی دخلت اصطبلاتها ردوها علی فطفق یمسح اعرافها وسوقها محبة لها وتکریما. وروی أن المسح کان لذلک عن ابن عباس والزهری. وابن کیسان ورجحه الطبری' وقبل کان غسلا بالماء ولایخفی أن تطبیق هذه الطائفة الایة علی ما یقولون رکیک جدا (ص ۱۹۴ ج ۳)

(اور بعض حضرات نے کہا کہ ''توارت'' کی ضمیر گھوڑوں کی طرف لوٹتی ہے جیسا کہ رُدُّوْهَــا کی ضمیر گھوڑوں کی طرف لوٹتی ہے ایک جماعت نے اسی کو پسند کیا ہے بعض نے کہا ''حجاب'' سے مراد گھوڑوں کے اصطبل ہیں معنی یہ ہوا ''حتی کہ گھوڑے اپنے اصطبلوں میں داخل ہو گئے''۔ بعض نے کہا حتی کہ دوڑ میں آگے بڑھ کر چھپ گئے کہ نظر آنے سے رہ گئے۔ جن لوگوں نے توارت کی ضمیر گھوڑوں کی طرف لوٹائی ہے ان میں سے بعض نے یہاں عن کو تعلیل کیلئے بنایا ہے اور گھوڑوں کی پیٹھوں اور گردنوں کے مسح کو سابقہ معنی میں نہیں لیا ہے۔

ایک جماعت نے کہا ہے حضرت سلیمان علیہ السلام کے سامنے گھوڑے پیش کئے گئے جبکہ آپ نماز پڑھ رہے تھے، آپ نے اشارہ کیا کہ میں نماز میں ہوں، تو گھوڑے ہٹا لئے گئے حتی کہ اپنے اصطبل میں پہنچ گئے جب آپ نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا میں نے خیر کی محبت کو ترجیح دی یعنی وہ خیر جو میرے ذکر اللہ کے سبب سے اللہ تعالیٰ کے پاس آخرت میں ہے گویا کہ آپ علیہ السلام نے فرمایا مجھے اللہ تعالیٰ کے ذکر نے گھوڑوں کو دیکھنے سے روکا حتی کہ گھوڑے اصطبلوں میں واپس چلے گئے اب انہیں میرے پاس لے آؤ گھوڑے دوبارہ لائے گئے تو آپ ان کی پیٹھوں اور گردنوں پر ان کی محبت و وقعت کی وجہ سے ہاتھ پھیرنے لگے اور مروی ہے کہ حضرت عبداللہ بن عباسؓ کے ہاں مسح اسی طرح ہے زہری، ابن کیسان کے نزدیک بھی اسی طرح ہے اور طبری نے اسی کو ترجیح دی ہے۔ بعض نے کہا مسح پانی سے دھونا تھا، اور یہ بات واضح ہے اس گروہ نے آیت سے اپنے قول کو جو تطبیق دی ہے یہ بہت کمزور ہے۔)

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ﴿۳۴﴾ قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَهَبْ

اور یہ واقعی بات ہے کہ ہم نے سلیمان کو امتحان میں ڈالا اور ہم نے ان کی کرسی پر ایک جسم ڈال دیا پھر انہوں نے رجوع کیا عرض کیا اے میرے رب میری مغفرت فرما اور مجھے ایسا

لِيْ مُلْكًا لَّا يَنْۢبَغِيْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِيْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ﴿۳۵﴾ فَسَخَّرْنَا لَهُ الرِّيْحَ تَجْرِيْ بِاَمْرِهٖ رُخَآءً

ملک عطا کیجئے جو میرے بعد کسی دوسرے کو میسر نہ ہو بلاشبہ آپ بڑے دینے والے ہیں۔ سو ہم نے ان کے لئے ہوا کو مسخر کر دیا جو ان کے حکم سے نرمی سے چلتی تھی

حَيْثُ اَصَابَ ﴿۳۶﴾ وَالشَّيٰطِيْنَ كُلَّ بَنَّآءٍ وَّغَوَّاصٍ ﴿۳۷﴾ وَّاٰخَرِيْنَ مُقَرَّنِيْنَ فِي الْاَصْفَادِ ﴿۳۸﴾ هٰذَا

جہاں ان کو جانا ہوتا تھا اور ان کے لئے شیاطین مسخر کر دیئے ہر بنانے والا اور غوطہ لگانے والا اور ان کے علاوہ بھی جو زنجیروں میں جکڑے رہتے تھے۔ یہ ہماری بخشش

عَطَآؤُنَا فَامْنُنْ اَوْ اَمْسِكْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۳۹﴾ وَاِنَّ لَهٗ عِنْدَنَا لَزُلْفٰى وَحُسْنَ مَاٰبٍ ﴿۴۰﴾

ہے۔ سو آپ احسان کریں یا روک لیں کوئی حساب نہیں' اور بلاشبہ ان کے لئے ہمارے پاس نزدیکی ہے اور اچھا انجام ہے۔

حضرت سلیمان علیہ السلام کا ابتلاء اور دعا' شیاطین کا مسخر ہونا' کاموں میں لگنا اور زنجیروں میں باندھا جانا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سلیمان ابن داؤد علیہما السلام نے کہا کہ آج کی رات ستر (۷۰) عورتوں کے پاس جاؤں گا (یعنی ان سے صحبت کروں گا) ان میں ہر عورت حاملہ ہوگی اور ہر عورت سے ایک شہسوار پیدا ہوگا جو فی سبیل اللہ جہاد کرے گا وہاں جوان کے پاس فرشتہ موجود تھا اس نے کہا کہ انشاء اللہ کہہ لیجئے لیکن انہوں نے (پھر بھی انشاء اللہ نہ کہا اور دل میں جو اعتقاد خالص تھا کہ سب کچھ اللہ تعالیٰ کی مشیت سے ہوتا ہے) اسی پر اکتفاء کیا اس کے بعد یہ ہوا کہ ان عورتوں میں سے صرف ایک عورت کو حمل قرار پایا اس سے ادھورا بچہ پیدا ہوا جس کا ایک طرف کا دھڑ نہ تھا۔ یہ بیان فرما کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اگر وہ انشاء اللہ کہہ لیتے تو سب صحیح وسالم لڑکے پیدا ہوتے جو اللہ کی راہ میں جہاد کرتے۔ (رواہ البخاری ص ۴۸۷ ج ۱)

آیت بالا کی تفسیر میں مفسرین کرام نے یہ واقعہ نقل کیا ہے اور بتایا ہے کہ آیت شریفہ میں جو سلیمان علیہ السلام کے امتحان میں ڈالنے کا ذکر ہے اس سے یہی امتحان مراد ہے کہ انہوں نے انشاء اللہ نہ کہا تھا اور جو ادھورا بچہ پیدا ہوا تھا اسی کے بارے میں فرمایا ہے کہ ہم نے ان کی کرسی پر ایک جسم ڈال دیا۔ پھر جب انہیں اپنی اس لغزش کا احساس ہوا (کہ انشاء اللہ نہ کہا تھا) تو اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع ہوئے اور استغفار کیا۔

استغفار بھی کیا اور آئندہ کے لئے اللہ تعالیٰ سے ایسی حکومت اور سلطنت کی دعا کی جو ان کے سوا اور کسی کو نہ ملے۔ دعا کے اخیر میں اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ' کہا کہ اے اللہ! آپ بہت بڑے دینے والے ہیں۔ یہ دعا کے آداب میں سے ہے کہ دعا کے اول و آخر اللہ تعالیٰ کی صفات جلیلہ بیان کی جائیں۔ اللہ تعالیٰ جل شانہ' نے ان کی دعا قبول فرمائی' پہلے تو گھوڑے ہی قابو میں تھے اب ہوا کو مسخر فرما دیا اور ان کے تابع بنا دیا وہ جہاں جانا چاہتے تھے وہ ہوا انہیں وہاں لے کر چلی جاتی تھی۔ سورۂ سبا میں فرمایا ہے غُدُوُّهَا شَهْرٌ وَّرَوَاحُهَا شَهْرٌ ط کہ اس ہوا کا صبح کو چلنا ایک مہینے کی مسافت تھی اور اس کا شام کا چلنا بھی ایک مہینے کی مسافت تھی۔ ہوا تیز تو چلتی ہی تھی لیکن نرمی کے ساتھ

جاتی تھی اس میں ہلانا جلانا نہیں تھا۔ اب تو طیاروں کی رفتاروں نے عام اور خاص سب کو یہ بات بتادی ہے کہ تیز چلنا اور بیٹھنے والوں کا آرام سے بیٹھے رہنا دونوں چیزیں جمع ہوسکتی ہیں' سلیمان علیہ السلام کے لئے جس طرح ہوا مسخر کردی گئی تھی جو ان کو لشکروں اور خادموں سمیت حکم کے مطابق لاتی اور لے جاتی تھی۔ اسی طرح اللہ نے شیاطین بھی ان کے لئے مسخر فرمادیئے تھے۔ ان سے وہ عمارتیں بنوانے کا کام لیتے تھے اور انہیں یہ بھی حکم دیتے تھے کہ دریا میں غوطہ لگاؤ اور سمندری چیزیں نکال کر لاؤ نیز ان سے ان کے علاوہ بھی کام لیتے تھے جن کا ذکر سورۂ انبیاء کے چھٹے رکوع میں اور سورۂ سبا کے دوسرے رکوع میں گزر چکا ہے' بہت سے شیاطین ایسے بھی تھے جنہیں حضرت سلیمان علیہ السلام زنجیروں میں جکڑ کر ڈال دیتے تھے۔ یہ قدرت اور قوت اللہ تعالیٰ نے حضرت سلیمان علیہ السلام کو دی تھی ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جو خدمات سپرد کی جاتی تھیں ان میں سے کسی کام کے کرنے میں اگر جنات میں سے کوئی شیطان پہلوتہی یا کوتاہی کرتا تو اسے قید کر کے ڈال دیتے تھے۔

اللہ تعالیٰ نے سلیمان علیہ السلام کو سلطنت دی' بڑی بڑی چیزیں عطا فرمائیں' املاک سے اور ملک سے نوازا شیاطین پر قابو دے دیا اور فرمایا کہ **هٰذَا عَطَآؤُنَا** کہ یہ ہمارا عطیہ ہے **فَامْنُنْ** سو اس میں سے کسی کو دے کر احسان کردو **اَوْ اَمْسِكْ** یا روکے رکھو یعنی کسی کو کچھ بھی نہ دو تمہیں اختیار ہے تمہیں جو کچھ دیا گیا سب بغیر حساب اور بغیر دار و گیر کے ہے تم اس کے مالک ہو اور آخر میں اسی انعام کا تذکرہ فرمایا جو ان کے والد کے لئے فرمایا تھا: **وَاِنَّ لَهٗ عِنْدَنَا لَزُلْفٰى وَ حُسْنَ مَاٰبٍ.**

فائدہ............ مجموعی حیثیت سے حضرت سلیمان علیہ السلام کو جو اللہ تعالیٰ نے حکومت اور سلطنت نصیب فرمائی وہ ان کے بعد کسی کو نہیں ملی۔ انہوں نے جو دعا میں **لَا يَنْۢبَغِيْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِيْ** کہا تھا اللہ تعالیٰ نے ان کی اس دعا کو قبول فرمایا جنات پر تو قابو پالیا جاتا ہے اور مشاہدہ ہے لیکن ہوا پر حضرت سلیمان علیہ السلام کے علاوہ کسی کا تسلط اور قبضہ ہوا ہو اس کا کوئی ثبوت نہیں ہے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بلاشبہ جنات میں سے ایک عفریت (بڑا خبیث شیطان) رات کو چھوٹ گیا تھا۔ (وہ میرے پاس آگیا) تاکہ میری نماز کاٹ دے۔ اللہ نے مجھے اس پر قابو دے دیا سو میں نے اسے پکڑ لیا میں نے چاہا کہ اسے مسجد کے ایک ستون سے باندھ دوں تاکہ تم سب اسے دیکھو پھر مجھے اپنے بھائی سلیمان علیہ السلام کی دعا یاد آگئی **رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَهَبْ لِيْ مُلْكًا لَّا يَنْۢبَغِيْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِيْ** لہٰذا میں نے اسے ذلیل کر کے دھکا دے دیا۔ (صحیح البخاری ص ۴۸۷ ج ۱)

معلوم ہوا کہ کسی انسان کو اللہ تعالیٰ کسی شیطان پر قابو دیدے تو یہ کوئی بعید بات نہیں' اور یہ آپس کے اکرام اور احترام کی بات ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قابو کر لینے کے باوجود شیطان کو چھوڑ دیا اور باندھ کر نہ ڈالا تاکہ اپنے بھائی سلیمان علیہ السلام کی انفرادی شان میں فرق نہ آجائے جو انہیں مرغوب تھی اور جس کے لئے انہوں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی تھی۔

وَاذْكُرْ عَبْدَنَآ اَيُّوْبَ ۘ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الشَّيْطٰنُ بِنُصْبٍ وَّعَذَابٍ ۝۴۱ اُرْكُضْ بِرِجْلِكَ ۚ هٰذَا (وقف لازم)

اور ہمارے بندے ایوب کو یاد کیجئے جبکہ انہوں نے اپنے رب کو پکارا کہ بیشک مجھے شیطان نے دکھ اور آزار پہنچایا ہے' اپنا پاؤں مارو یہ غسل کرنے کا

مُغْتَسَلٌۢ بَارِدٌ وَّشَرَابٌ ۝۴۲ وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنَّا وَذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ ۝۴۳

ٹھنڈا پانی ہے اور پینے کا' اور ہم نے ان کو انکا کنبہ اور ان کے ساتھ ان کے برابر عطا کئے ہماری رحمت خاصہ کے سبب سے اور عقل والوں کی یادگار کے لئے'

وَخُذْ بِيَدِكَ ضِغْثًا فَاضْرِبْ بِّهٖ وَلَا تَحْنَثْ ؕ اِنَّا وَجَدْنٰهُ صَابِرًا ؕ نِعْمَ الْعَبْدُ ؕ اِنَّهٗۤ اَوَّابٌ ﴿۴۴﴾

اور تم اپنے ہاتھ میں ایک مٹھا سینکوں کا لے لو پھر اسے مار دو اور قسم نہ توڑو بلاشبہ ہم نے ان کو صابر پایا اچھے بندہ تھے وہ بیشک وہ بہت رجوع ہونے والے تھے۔

حضرت ایوب علیہ السلام کی بیماری اور دعاء اور شفایابی کا تذکرہ

ان آیات میں حضرت ایوب علیہ السلام کے ابتلاء اور امتحان میں ان کے کامیاب ہونے کا ذکر ہے۔ سورۃ الانبیاء رکوع ۶ میں بھی ان کا یہ تذکرہ گزر چکا ہے قرآن مجید میں ان کے واقعہ کا اجمالی ذکر ہے۔ تفصیلی حالات جاننے کا کوئی راستہ نہیں ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد سے صرف اتنا ثابت ہے کہ حضرت ایوب علیہ السلام غسل فرما رہے تھے۔ سونے کی ٹڈیاں گریں تو انہیں جمع کرنے لگے (جیسا کہ ہم عنقریب ہی پوری حدیث ذکر کریں گے انشاء اللہ تعالیٰ) حضرت ایوب علیہ السلام کے دکھ تکلیف کے تفصیلی حالات اور مدت ابتلاء اور دیگر امور سے متعلق بعض چیزیں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے اور بعض حضرت قتادہؒ (تابعی) سے اور بعض حضرت حسنؒ (تابعی) سے منقول ہیں جنہیں حافظ جلال الدین سیوطیؒ نے درمنثور میں لکھا ہے لیکن یہ چیزیں اسرائیلی روایات ہیں جن پر اعتماد کرنے کا کوئی راستہ نہیں (۱)۔

قرآن مجید کی تصریحات سے جو باتیں معلوم ہوتی ہیں وہ یہ ہیں کہ

۱۔ حضرت ایوب علیہ السلام سخت تکلیف میں مبتلا کئے گئے۔

۲۔ شیطان نے انہیں تکلیف پہنچائی۔ ۳۔ تکلیف جانی بھی تھی اور مالی بھی۔

۴۔ ان کے اہل وعیال بھی ختم کر دیئے گئے تھے۔ ۵۔ اس پر انہوں نے بہت صبر کیا جس پر اللہ تعالیٰ نے ان کی تعریف فرمائی کہ اِنَّا وَجَدْنٰهُ صَابِرًا ط بے شک ہم نے ان کو صابر پایا نِعْمَ الْعَبْدُ ط اچھے بندے تھے ایوب، اِنَّهٗۤ اَوَّابٌ (بیشک بہت رجوع کرنے والے تھے)

اسرائیلی روایات میں ذکر کیا گیا ہے کہ حضرت ایوب علیہ السلام سات سال اور چند ماہ سخت تکلیف میں مبتلا رہے۔ (فتح الباری میں ۳ سال اور ۱۳ سال اور سات سال ذکر کیا ہے۔ اور قول ثانی کو صحیح بتایا ہے ج ۶ ص ۴۲۲) مال اور اہل وعیال کچھ بھی پاس نہ رہا تھا جبکہ پہلے طرح طرح

---

۱) .... (واما النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم فلم یصح عنہ انہٗ ذکرہ بحرف واحد الا قولہ بینا ایوب یغتسل اذخر علیہ رجلٌ من جراد من ذھب الحدیث واذالم یصح عنہ فیہ قراٰن و سنۃ الا ما ذکرناہ فمن الذی یوصل السامع الی ایوب خبر لہٗ ام علٰی ای لسان سمعہ؟ والاسرائیلیات مرفوضۃٌ عند العلماء علی البینات' فاعرض عن سطورھا بصرک واصمم علی سماعھا اذنیک فانھا لا تعطی فکرک الاخیالا' ولا تزید فؤادک الاخبالا (القرطبی ص ۲۱۰ ج ۱۵)

(لیکن حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی صحیح روایت نہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک حرف بھی اس بارے میں فرمایا ہو، مگر صرف اتنا کہ حضرت ایوب علیہ السلام نہار ہے تھے تو ان پر ٹڈی کی ایک سونے کی ٹانگ آ پڑی پس جب اس بارے میں نہ قرآن سے کوئی ثبوت ہے اور نہ صحیح حدیث سے تو پھر اس بات کی سند حضرت ایوب علیہ السلام تک کیسے پہنچ سکتی ہے یا کون ہے جس نے یہ بات حضرت ایوب علیہ السلام سے سنی ہو۔ اسرائیلی روایات علماء کے نزدیک دلائل کی محتاج ہیں لہٰذا تم اس قسم کے واقعات کو پڑھنے سے آنکھیں بند کر لو اور ان کے سننے سے کان بھی بند کر لو ان روایات سے تو بس ذہن میں خیال ہی آئیں گے اور دل میں واہیات باتیں پیدا ہوں گی)۔

کی نعمتوں سے مالا مال تھے۔صرف ان کی بیوی ان کے پاس رہ گئی تھی جو ان کی خدمت کرتی رہتی تھی اس وفادار بیوی کا نام رحمت تھا۔ انہوں نے جو دعا کی تھی اس کے الفاظ سورۃ الانبیاء میں یوں ہیں۔اَنِّیۡ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنۡتَ اَرۡحَمُ الرّٰحِمِیۡنَ ؁ (بیشک مجھے تکلیف پہنچ گئی اور آپ ارحم الراحمین ہیں)۔

اور سورۂ صٓ میں یوں ہے اِذۡ نَادٰی رَبَّهٗۤ اَنِّیۡ مَسَّنِیَ الشَّیۡطٰنُ بِنُصۡبٍ وَّعَذَابٍ ؁ (کہ شیطان نے مجھے دکھ پہنچادیا اور تکلیف پہنچادی)۔صاحب روح المعانی لکھتے ہیں کہ نصیب مشقت کے معنی میں آتا ہے اور زیادہ تر کام کاج کی وجہ سے جو تھکن ہو جائے اس کے لئے استعمال ہوتا ہے اور عذاب سے الم مراد ہے جسے سورۂ الانبیاء میں الضر سے تعبیر فرمایا ہے۔

اور بعض حضرات کا یہ قول نقل کیا ہے کہ النصب اور الضر سے جسمانی تکلیف اور عذاب سے اہل اور مال ضائع ہونے کی تکلیف مراد ہے۔

جب اللہ تعالیٰ شانہٗ نے حضرت ایوب علیہ السلام کی دعا قبول فرمائی تو فرمایا اُرۡكُضۡ بِرِجۡلِكَ کہ زمین میں اپنا پاؤں مارو انہوں نے پاؤں مارا تو وہاں سے چشمہ جاری ہوگیا۔اللہ تعالیٰ نے فرمایا هٰذَا مُغۡتَسَلٌۢ بَارِدٌ وَّشَرَابٌ (یہ غسل کرنے کی چیز ہے جو ٹھنڈی ہے اور پینے کی چیز ہے) چنانچہ انہوں نے غسل کیا اور پانی پیا جسم درست ہوگیا۔شفا کامل حاصل ہوگئی۔ظاہری اور باطنی پر بالکل صحت اور عافیت اور سلامتی والی زندگی مل گئی۔

ان کے اہل واولاد جو اِدھر اُدھر منتشر ہو گئے تھے۔اللہ تعالیٰ نے واپس ان کے پاس پہنچادیئے اور سب کو عیش وعشرت والی زندگی عطا فرمادی۔

پھر ان لوگوں سے آگے نسل چلی اور اتنی زیادہ نسل پھیلی پھولی کہ جس قدر ان کی پہلی نسل کے افراد تھے اسی قدر اللہ تعالیٰ نے مزید افراد پیدا فرمادیئے وَوَهَبۡنَا لَهٗۤ اَهۡلَهٗ وَمِثۡلَهُمۡ مَّعَهُمۡ کا ایک مطلب یہی بیان کیا گیا ہے۔صاحب روح المعانی فرماتے ہیں کہ میرا میلان بھی اسی طرف ہے اور دوسرا قول یہ ہے کہ ان کی اولاد لقمہ اجل بن گئی تھی سب مر گئے تھے اللہ تعالیٰ نے انہیں دوبارہ اتنی ہی اولاد دے دی اور اس کے علاوہ مزید اتنی ہی اولاد اور دیدی۔سنن ابن ماجہ میں ہے کہ حضرت ایوب علیہ الصلوٰۃ والسلام کو جس دن تکلیف پہنچی وہ بدھ کا دن تھا اور جس دن انہیں عافیت ملی وہ منگل کا دن تھا (باب فی ای الایام یحتجم) رَحۡمَةً مِّنَّا وَذِكۡرٰی لِاُولِی الۡاَلۡبَابِ۔

یہ ہماری طرف سے رحمت خاصہ کے طور پر تھا اور عقل والوں کے لئے ایک یادگار تھی (تاکہ اہل عقل یہ سمجھیں اور یاد رکھیں کہ صابرین کو اللہ تعالیٰ کیسی اچھی اچھی جزا عطا فرماتا ہے) وَخُذۡ بِیَدِكَ ضِغۡثًا (الآیۃ) حضرت ایوب علیہ السلام اپنی بیماری کے زمانہ میں اپنی بیوی سے ناراض ہو گئے تھے۔ناراضگی کا کیا سبب تھا۔اس کے بارے میں تفسیر کی کتابوں میں کئی باتیں لکھی ہیں اور ہیں سب اسرائیلی روایات۔ان میں سے ایک روایت یہ ہے جو حضرت ابن عباسؓ سے منقول ہے کہ ایک مرتبہ شیطان معالج کی صورت بنائے ہوئے جارہا تھا ان کی بیوی نے اس سے کہا کہ میرے شوہر کا علاج کردے' شیطان نے کہا میں علاج تو کردوں گا مجھے کوئی فیس اور دوا کی قیمت کی ضرورت نہیں' ہاں جب تیرا شوہر اچھا ہو جائے تو صرف اتنا کہہ دینا کہ تو نے شفادی۔حضرت ایوب علیہ السلام کی بیوی نے اس کو مان لیا پھر ان سے تذکرہ کیا انہیں یہ بات ناگوار ہوئی اور فرمایا کہ تو نے شیطان سے یہ وعدہ کرلیا کہ اس کے بارے میں یوں کہہ دیا جائے کہ تو نے شفادی؟ میں اچھا ہو گیا تو تجھے سو قمچیاں ماروں گا جب اللہ تعالیٰ نے انہیں شفا دے دی تو قسم پورا کرنے کا خیال

آیا۔ اللہ تعالیٰ جل شانہٗ نے ارشاد فرمایا کہ تم اپنے ہاتھ میں سینکوں کا ایک مٹھا لے لو اور اس کو ایک مرتبہ اپنی بیوی کے جسم پر مارو جب ایسا کرلو گے تو تمہاری قسم پوری ہو جائے گی اور حانث ہونے سے بچ جاؤ گے۔ چنانچہ انہوں نے ایسا ہی کیا۔ چونکہ اللہ تعالیٰ جل شانہٗ نے خود ہی انہیں یہ عمل بتایا اور یہ فرمایا کہ تم قسم توڑنے والے نہ بنو اور اس عمل کو قسم پورا ہونے کی جگہ قبول فرمالیا اس لئے انہیں کہا جا سکتا کہ کوئی شخص سو کوڑے یا سو قمچیاں مارنے کی قسم کھالے اور اکٹھی سو سینکیں مار کر قسم پوری کرنے والوں میں شمار ہو جائے اور قسم توڑنے کے گناہ سے بچ جائے۔ جو چیزیں خاص ہوتی ہیں ان پر قیاس نہیں کیا جا سکتا۔ البتہ اس سے قسم پورا کرنے کی ضرورت اور اہمیت معلوم ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ چاہتا تو ان کی قسم کے ٹوٹ جانے کو بالکل ہی معاف فرما دیتا لیکن بالکل معاف نہیں فرمایا کچھ نہ کچھ ایسا عمل کروا ہی دیا جس سے قسم میں پورا اترنے کی شرعی حیثیت باقی رہے۔ اسی طرح کا ایک واقعہ سنن ابی داؤد شریف میں مذکور ہے جو حضرت ابوامامہ بن سہل بن حُنَیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ ایک شخص جو بہت زیادہ ضعیف ہو چکا تھا۔ وہ ایک باندی کے ساتھ زنا کر بیٹھا پھر اسے احساس ہوا تو انصار کے جو لوگ اس کی عیادت کرنے گئے انہیں صورت حال بتادی اور کہا کہ میرے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فتویٰ طلب کرو۔ ان حضرات نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے واقعہ پیش کیا اور ساتھ ہی یہ بیان کر دیا کہ جو شخص اتنا زیادہ نحیف اور ضعیف ہے کہ صرف ہڈیوں پر کھال رہ گئی ہے اگر ہم اسے آپ کی خدمت میں لے کر آئیں تو اس کی ہڈیاں ٹوٹ پھوٹ کر رہ جائیں گی۔ آپ ؐ نے حکم دیا کہ کھجور کی ایک ٹہنی کے سو اجزاء لے لو اور ایک ساتھ سب کو ایک مرتبہ مارو۔ (سنن ابی داؤد ج ۲ ص ۲۵۸)

اس سے بھی وہی بات سمجھ میں آ رہی ہے کہ وہ شخص زنا کرنے کی وجہ سے سو (۱۰۰) کوڑوں کی سزا کا مستحق تھا لیکن موت کی سزا کا مستحق نہ تھا۔ اب اسے سو (۱۰۰) کوڑے مارے جاتے تو مر جاتا اور جان سے مار دینا مقصود نہ تھا اور حد کو بالکل ہی ختم کر دینا بھی شریعت کے مزاج کے خلاف تھا کیونکہ قرآن مجید میں ارشاد فرمایا وَ لَا تَاْخُذْكُمْ بِهِمَا رَاْفَةٌ فِیْ دِیْنِ اللّٰهِ (اور اللہ کے دین میں تمہیں رحمت نہ پکڑ لے کہ تم زانی اور زانیہ پر رحم کھا جاؤ) لہٰذا حد کو معطل نہیں فرمایا بلکہ کچھ نہ کچھ سزا دلوا ہی دی تاکہ امت ہوشیار اور بیدار رہے اور حد جاری کرنے میں کسی طرح کی ڈھیل کو برداشت نہ کرے۔

فائدہ: دعا کی قبولیت اور برکات......... یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا حضرت ایوب علیہ السلام نے اپنی سخت بیماری کے دنوں میں صحت و عافیت کے لئے دعا نہیں کی اور اگر کی تھی تو کیوں قبول نہ ہوئی' بات یہ ہے کہ بظاہر حضرت ایوب علیہ السلام دعا سے غافل تو نہ رہے ہوں گے لیکن اللہ تعالیٰ جل شانہٗ کی قضا و قدر میں جب تک انہیں مبتلا رکھنا تھا اس وقت تک ابتلاء باقی رہا اور دعا کا ثواب انہیں ملتا رہا اور آخرت میں درجات کی بلندی کیلئے یہ دعائیں ذخیرہ بنتی رہیں' مؤمن بندہ کی کوئی دعا ضائع نہیں جاتی'

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو بھی کوئی مسلمان کوئی دعا کرتا ہے جو گناہ کی یا قطع رحمی کی دعا نہ ہو تو اللہ تعالیٰ اسے ضرور تین چیزوں میں سے ایک عطا فرما دیتا ہے۔

۱۔ جو دعا کی اس کے مطابق اسی دنیا میں جلدی مقصد پورا کر دیا جاتا ہے۔

۲۔ یا اس دعا کو اس کے لئے آخرت کا ذخیرہ بنا دیا جاتا ہے۔

۳۔ یا اس جیسی آنے والی مصیبت اس سے پھیر دی جاتی ہے' (یعنی آنے سے رک جاتی ہے)

صحابہؓ نے عرض کیا بس تو ہم پھر خوب زیادہ دعائیں کریں گے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ (بھی) بہت زیادہ دینے والا ہے۔ (رواہ احمد کما فی المشکوٰۃ ص ۱۹۶)

سب کچھ اللہ تعالیٰ کے قضا و قدر کے موافق ہوتا ہے........... اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ جب حضرت ایوب علیہ السلام کو تکلیف پہنچی تھی تو اللہ تعالیٰ نے انہیں دعا کرنا بھلا دیا تھا' گو اللہ تعالیٰ کا ذکر بہت زیادہ کرتے تھے لیکن دعا نہ کرتے تھے اور چونکہ دکھ تکلیف میں اللہ کی رضا سمجھتے تھے۔ اس لئے ان کی رغبت اسی میں تھی کہ تکلیف میں رہوں۔ (بعض اسرائیلی روایات میں ہے کہ ایک مرتبہ جب حضرت ایوب علیہ السلام کی اہلیہ نے عافیت کی دعا کرنے کی بات کہی تو فرمایا کہ ہم ستر سال عیش و آرام میں رہے ہیں۔ اب صبر کرو جب ستر سال تکلیف میں گزر جائیں گے اس کے بعد دعا کریں گے۔ (روح المعانی ص ۲۰۷ ج ۲۳)) پھر جب اللہ تعالیٰ کو ان کی تکلیف دور کرنا منظور ہوا' تو انہیں دعا کرنے کی توفیق دے دی' اور انہیں دعا کرنا یاد آ گیا' جب دعا کی تو اللہ تعالیٰ نے دعا قبول فرمائی اور مال و دولت آل و اولاد جو کچھ جاتا رہا تھا اس کا دوگنا عطا فرما دیا اور اللہ تعالیٰ نے انکی تعریف فرمائی کہ اِنَّا وَجَدْنٰهُ صَابِرًا ؕ نِعْمَ الْعَبْدُ ؕ اِنَّهٗۤ اَوَّابٌ. (ذکرہ فی الدر المنثور ص ۳۲۸ ج ۴)

بات یہ ہے کہ پورے عالم میں جو کچھ ہوتا ہے اللہ تعالیٰ کی قضا و قدر کے موافق ہوتا ہے دعا بھی اسی وقت مقبول ہوتی ہے جب کامیابی کا وقت آ جاتا ہے اور دوا بھی جب ہی اثر کرتی ہے جب اللہ تعالیٰ کی قضا اور قدر میں شفا دینا ہوتا ہے' اللہ تعالیٰ کو پورا پورا اختیار ہے کہ جسے چاہے جتنا آرام دے اور جسے چاہے تکلیف کے ذریعہ آزمائے اور مؤمن بندوں کے لئے چونکہ تکلیف میں بھی خیر ہی خیر ہے (اس پر ثواب ملتا ہے اور آخرت میں درجات بلند ہوتے ہیں) اس لئے ان کے لئے تکلیف میں مبتلا ہونا بھی خیر ہی خیر ہے کوئی شخص یوں نہ سمجھے کہ فلاں شخص دیکھنے میں تو اتنا نیک ہے پھر یہ اتنی بڑی تکلیف میں مبتلا ہوا ہے تو ضرور کسی بڑے گناہ میں مبتلا ہوا ہوگا[1]۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ قیامت کے دن جب مصیبت والوں کو ثواب دیا جائے گا تو آرام و عافیت والے تمنا کریں گے کہ کاش ہماری کھالیں قینچیوں سے کاٹی جائیں۔ (رواہ الترمذی کما فی المشکوٰۃ ص ۱۳۷)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے جو یہ فرمایا کہ حضرت ایوب علیہ السلام اپنے تکلیف کے دنوں میں دعا کو بھولے رہے اس کی تائید میں حضرت ابان بن عثمان رضی اللہ عنہ کی ایک بات سنئے۔ وہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے والد عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سنا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو بھی کوئی بندہ روزانہ صبح و شام تین مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ پڑھ لیا کرے تو اسے کوئی چیز بھی ضرر نہ پہنچا سکے گی۔ حضرت ابان نے حدیث تو بیان کر دی لیکن ان کے جسم پر ایک جگہ فالج کا اثر تھا جس شخص سے انہوں نے حدیث بیان کی وہ ان کی طرف (تعجب کی نظروں سے) دیکھنے لگا۔ حضرت ابان نے اس کی نظروں کو بھانپ لیا اور فرمایا تم مجھے کیا دیکھ رہے ہو؟ خوب سمجھ لو بلا شک و شبہ حدیث اسی طرح سے ہے جیسا

---

۱)........(قال العینی فی عمدة القاری ج۵ ص ۲۸۲ فان قلت فلم لم یدع اوّل ما انزل به البلاء قلت لانهٗ علم امر اللّٰه فیه ولا تصرف للعبد مع مولاه اَو اراد مضاعفة الثواب فلم یسأل کشف البلاء)۔

(علامہ عینی عمدۃ القاری میں فرماتے ہیں اگر تم کہو کہ حضرت ایوب علیہ السلام نے بیماری کے شروع ہی میں دعا کیوں نہیں مانگی تو میں کہتا ہوں اس لئے کہ حضرت ایوب علیہ السلام نے خیال کیا کہ اس آزمائش میں اللہ تعالیٰ کا حکم ہے اور اللہ تعالیٰ کے حکم میں بندہ کا کوئی تصرف نہیں ہے یا یہ کہ حضرت ایوب علیہ السلام نے زیادہ ثواب حاصل کرنے کے لئے شروع ہی میں تکلیف دور ہونے کی دعا نہیں مانگی)۔

کہ میں نے بیان کی لیکن بات یہ ہے جس دن مجھے یہ تکلیف پہنچی میں نے اس دعا کو نہیں پڑھا تھا (یعنی بھول گیا تھا) تاکہ اللہ اپنی تقدیر کے فیصلے کو نافذ فرما دے۔ (رواہ الترمذی وابن ماجہ وابوداؤد کمافی المشکوٰۃ ص ۲۰۹)

تکمیل تذکرہ حضرت ایوب علیہ السلام ...... حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اس درمیان میں کہ ایوب علیہ السلام (تنہائی میں) ننگے غسل کر رہے تھے ان کے اوپر سونے کی ٹڈیاں گر گئیں وہ انہیں اپنے کپڑے میں سمیٹنے لگے۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں پکارا کہ اے ایوب کیا میں نے تمہیں غنی نہیں بنا دیا تمہارے سامنے جو کچھ ہے اس کی ضرورت نہیں۔ عرض کیا آپ کی عزت کی قسم آپ نے مجھے غنی بنا دیا ہے لیکن میں آپ کی برکت سے بے نیاز نہیں ہوں۔

فتح الباری ص ۴۲۰ ج ٦ میں بحوالہ احمد وابن حبان حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نقل کیا ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے ایوب علیہ السلام کو عافیت دے دی یعنی ان کا مرض دور فرما دیا تو ان پر سونے کی ٹڈیاں برسا دیں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ ٹڈیوں کا برسنا مرض سے شفایاب ہونے کے بعد کی بات ہے۔

فتح الباری میں یہ بھی لکھا ہے کہ جب حضرت ایوب علیہ السلام دکھ و تکلیف میں مبتلا ہوئے تو ہر شخص نے انہیں چھوڑ دیا البتہ ان کے دوستوں میں دو شخص ان کے پاس صبح و شام آنا جانا رکھتے تھے۔ ایک دن دونوں نے آپس میں ایک دوسرے سے کہا ضرور ایوب نے کوئی بڑا گناہ کیا ہے ایسی بات نہ ہوتی تو اللہ تعالیٰ ان کی اس مصیبت کو ضرور دور فرما دیتا جس شخص سے بات کہی تھی اس نے ایوب علیہ السلام سے اس کا تذکرہ کر دیا اس پر وہ رنجیدہ ہوئے اور اللہ تعالیٰ سے اسی وقت دعا کی پھر قضاء حاجت کے لئے چلے گئے۔ اللہ تعالیٰ نے وحی بھیجی کہ اپنا پاؤں زمین پر مارو۔ انہوں نے زمین پر پاؤں مارا تو ایک چشمہ جاری ہو گیا جس میں انہوں نے غسل کیا اور بالکل صحیح اور تندرست ہو گئے اب جوان کی بیوی آئی تو انہیں نہ پہچان سکی اور خود انہیں سے دریافت کیا کہ یہاں جو مریض تھا وہ کہاں گیا ایسا تو نہیں کہ اسے بھیڑیا کھا گیا ہو۔ حضرت ایوب علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ وہ میں ہی ہوں اللہ تعالیٰ نے ان کو بھی تندرستی دے دی اور ان کی بیوی پر بھی جوانی لوٹا دی۔ یہاں تک کہ اس کے بعد ان سے چھبیس (۲۶) لڑکے پیدا ہوئے۔ فتح الباری میں یہ بھی لکھا ہے کہ حضرت ایوب علیہ السلام کے دو کھلیان تھے (جن میں کھیتی کاٹنے کے بعد غلہ جمع کیا جاتا ہے) ایک کھلیان گیہوں کا اور دوسرا جو کا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے ایک بادل بھیجا جس نے گیہوں والے کھلیان میں اتنا سونا برسایا کہ بہنے لگا اور جو کے کھلیان میں اتنی چاندی برسائی کہ وہ بھی بہہ پڑی۔ فللّٰہ الحمد علی انعامہ۔

وَاذْكُرْ عِبٰدَنَآ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ اُولِي الْاَيْدِيْ وَالْاَبْصَارِ ﴿۴۵﴾ اِنَّآ اَخْلَصْنٰهُمْ بِخَالِصَةٍ ذِكْرَى الدَّارِ ﴿۴۶﴾

اور یاد کیجئے ہمارے بندوں ابراہیم اور اسحاق اور یعقوب کو جو ہاتھوں والے اور آنکھوں والے تھے، بیشک ہم نے انہیں ایک خاص بات کیساتھ مخصوص کیا تھا جو آخرت کی یاد ہے

وَاِنَّهُمْ عِنْدَنَا لَمِنَ الْمُصْطَفَيْنَ الْاَخْيَارِ ﴿۴۷﴾ وَاذْكُرْ اِسْمٰعِيْلَ وَالْيَسَعَ وَذَا الْكِفْلِ ۭ وَكُلٌّ مِّنَ الْاَخْيَارِ ﴿۴۸﴾

اور بلاشبہ یہ بندے ہمارے نزدیک انتخاب کردہ اچھے لوگوں میں سے ہیں اور یاد کیجئے اسماعیل کو اور الیسع کو اور ذوالکفل کو، اور یہ سب اچھے لوگوں میں سے تھے،

هٰذَا ذِكْرٌ ۭ وَاِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ لَحُسْنَ مَاٰبٍ ﴿۴۹﴾ جَنّٰتِ عَدْنٍ مُّفَتَّحَةً لَّهُمُ الْاَبْوَابُ ﴿۵۰﴾ مُتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا

یہ ایک نصیحت ہے اور بلاشبہ پرہیز گاروں کے لئے اچھا ٹھکانہ ہے، ہمیشہ رہنے کے باغ ہیں ان کے لئے دروازے کھلے ہوں گے۔ وہ ان میں تکیہ لگائے ہوں گے،

يَدْعُوْنَ فِيْهَا بِفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ وَّ شَرَابٍ ﴿۵۱﴾ وَ عِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ اَتْرَابٌ ﴿۵۲﴾ هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ

وہ وہاں بہت سے میوے اور پینے کی چیزیں طلب کریں گے اور ان کے پاس نیچی نگاہ والی ہم عمر بیویاں ہوں گی یہ وہ ہے جس کا تم سے روزِ حساب آنے

لِيَوْمِ الْحِسَابِ ﴿۵۳﴾ اِنَّ هٰذَا لَرِزْقُنَا مَا لَهٗ مِنْ نَّفَادٍ ﴿۵۴﴾

پر وعدہ کیا جاتا تھا بلاشبہ یہ ہمارا رزق ہے۔ جس کو ختم ہونا ہی نہیں۔

حضرت ابراہیم، حضرت اسحٰق، حضرت یعقوب علیہم السلام کا تذکرہ

ان آیات میں اول چند حضرات انبیاء کرام علیہم السلام کا اجمالی تذکرہ فرمایا اس کے بعد متقیوں کا انعام بیان فرمایا جو باغوں اور ہم عمر بیویوں اور مطعومات اور مشروبات کی صورت میں دیا جائے گا۔

ارشاد فرمایا کہ ہمارے ان بندوں کو یاد کیجئے یعنی ابراہیم اور ان کے بیٹے اسحٰق اور ان کے بیٹے یعقوب کو یاد کیجئے، ان حضرات کی نبوت کا تذکرہ قرآن مجید میں دوسری جگہ آچکا ہے حضرت ابراہیم علیہم السلام کا تذکرہ تو بہت جگہ آیا ہے توحید کی دعوت کے سلسلے میں ان کا تکلیفیں اٹھانا آگ میں ڈالا جانا کافروں اور مشرکوں سے مباحثہ کرنا، اللہ تعالیٰ کا حکم ملنے پر بیٹے کو ذبح کرنے کے لئے لٹا دینا یہ سب گزر چکا ہے۔ اپنے بیٹے حضرت اسماعیل علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ مل کر کعبہ شریف بنایا پھر حج کے لئے لوگوں کو پکارا اور یہ دعا کی کہ اے ہمارے رب مکہ والوں میں انہیں میں سے ایسا شخص نبی بنا کر بھیجنا جو آپکی کتاب پڑھ کر سنائے اور انہیں کتاب اور حکمت کی تعلیم دے۔ یہ بیان بھی پہلے فرمایا ہے سورۂ بقرہ اور سورۂ نحل اور سورۂ حج میں اسکا بیان بھی گزر چکا ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بعد جتنے بھی نبی آئے سب انہیں کی نسل میں سے تھے۔ خاتم النبیین سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بنی اسماعیل میں سے اور باقی تمام انبیاء کرام علیہم الصلاۃ السلام بنی اسحٰق میں سے تھے جنہیں بنی اسرائیل کہا جاتا ہے اسرائیل حضرت یعقوب علیہ السلام کا لقب تھا۔ حضرت اسماعیل اور اسحٰق بڑھاپے میں عطا کئے گئے تھے اس لئے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بطور شکر یوں کہا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ وَهَبَ لِیْ عَلَى الْكِبَرِ اِسْمٰعِیْلَ وَ اِسْحٰقَ اِنَّ رَبِّیْ لَسَمِیْعُ الدُّعَآءِ (سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لئے ہے جس نے مجھے بوڑھی عمر میں اسماعیل اور اسحٰق عطا فرمائے بلاشبہ میرا رب دعا کا سننے والا ہے)۔

ان حضرات کا ایک خاص وصف اُولِی الْاَیْدِیْ وَ الْاَبْصَارِ بیان فرمایا لفظی ترجمہ تو یہ ہے کہ وہ ہاتھوں والے تھے اور آنکھوں والے اور اس کا مطلب علماء نے یہ لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں اپنی طاعت اور عبادت کی قوت عطا فرمائی اور دینی بصیرت اور تفقه فی الدین کی نعمت سے نوازا تھا۔ (ذکرہ ابن کثیر)

اس کے بعد انکی ایک اور صفت بیان فرمائی: اِنَّآ اَخْلَصْنٰهُمْ بِخَالِصَةٍ ذِكْرَى الدَّارِ (یعنی ہم نے انہیں ایک خاص بات کے ساتھ مخصوص کیا تھا جو آخرت کی یاد ہے۔ یہ حضرات خالص آخرت کے کاموں میں وہاں کی فکرمندی میں لگے رہتے تھے۔ تفسیر ابن کثیر میں حضرت مالک بن دینارؒ سے اس آیت کی تفسیر نقل کرتے ہوئے لکھا ہے۔ نزع اللّٰه تعالٰی قلوبهم حب الدنیا و ذكرها و اخلصهم بحبّ الأخرة و ذكراها .

(یعنی اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں سے دنیا کی محبت اور اسکی یاد کو نکال دیا اور ان کے دلوں میں خالص آخرت کی محبت ڈال دی اور خالص اسی کے فکر سے آراستہ فرمایا اور حضرت قتادہ سے نقل کیا ہے کہ کانوا یذکرون الناس الدار الأخرة والعمل لها (یعنی یہ حضرات

دوسرے لوگوں کو آخرت یاد دلاتے تھے اور اسکے لئے عمل کرنیکی ترغیب دیتے تھے)۔

ان حضرات کی تیسری صفت بیان کرتے ہوئے فرمایا وَاِنَّهُمْ عِنْدَنَا لَمِنَ الْمُصْطَفَيْنَ الْاَخْيَارِ اور بلاشبہ یہ بندے ہمارے نزدیک منتخب کئے ہوئے تھے اچھے لوگوں میں سے تھے (کیا کہنے ان بندوں کے جنہیں اللہ تعالیٰ اپنا برگزیدہ بنائے اور اچھے لوگوں میں شمار فرمائے۔

حضرت اسمٰعیل حضرت الیسع اور ذوالکفل علیہم السلام کا تذکرہ........... انکے بعد حضرت اسماعیل ذوالکفل علیہم السلام کا تذکرہ کرنے کا حکم فرمایا اور یہ بھی فرمایا کہ یہ سب اچھے بندے تھے، ان حضرات کا تذکرہ سورۃ الانبیاء میں گزر چکا ہے۔ نیز سورۃ الانعام کے رکوع وَتِلْكَ حُجَّتُنَا اٰتَيْنٰهَا اِبْرٰهِيْمَ عَلٰى قَوْمِهٖ کی تفسیر بھی دیکھ لی جائے۔

هٰذَا ذِكْرٌ یعنی یہ جو کچھ بیان ہوا ایک نصیحت کی چیز ہے جس کو یاد رکھنا چاہئے اور اس کے مقتضاء پر عمل کرنا چاہئے۔

متقی حضرات کی نعمتوں کا ذکر........... وَاِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ لَحُسْنَ مَاٰبٍ (اور بلاشبہ پرہیزگاروں کے لئے اچھا ٹھکانا ہے) پھر اس ٹھکانے کی تفسیر بتائی جَنّٰتِ عَدْنٍ مُّفَتَّحَةً لَّهُمُ الْاَبْوَابُ (یعنی ہمیشہ رہنے کے باغیچے ہوں گے جن کے دروازے انکے لئے کھلے ہوں گے) جب جنت میں داخل ہونے لگیں گے تو اسکے دروازے کھلے ہوئیں پائیں گے جیسا کہ ان لوگوں کا اکرام اور استقبال کیا جاتا ہے جنہیں مہمانی کے طور پر بلایا جاتا ہے سورۂ زمر میں اسی کو فرمایا: حَتّٰۤى اِذَا جَآءُوْهَا وَفُتِحَتْ اَبْوَابُهَا اسکے بعد ان حضرات کے بیٹھنے کا اور میووں کا اور پینے کی چیزیں طلب کرنے کا تذکرہ فرمایا مُتَّكِئِيْنَ فِيْهَا يَدْعُوْنَ فِيْهَا بِفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ وَّشَرَابٍ پھر انکی بیویوں کا تذکرہ فرمایا وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ اَتْرَابٌ (انکے پاس ایسی بیویاں ہوں گی جو نظریں پست کئے ہوں گی یعنی اپنے شوہروں کے علاوہ کسی کی طرف نظر اٹھا کر نہ دیکھیں گی اور وہ ہم عمر بھی ہونگی هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ لِيَوْمِ الْحِسَابِ (ان سے کہا جائے گا کہ یہ ہے وہ انعام و کرام جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا کہ حساب کے دن یعنی قیامت کے روز تمہیں یہ چیزیں دی جائیں گی۔

اہل جنت کو خوش کرنے کے لئے یہ بھی کہا جائے گا کہ اِنَّ هٰذَا لَرِزْقُنَا مَا لَهٗ مِنْ نَّفَادٍ (بلاشبہ یہ ہمارا رزق ہے جس کے لئے ختم ہونا نہیں ہے یعنی یہ رزق ہمیشہ رہے گا) کبھی چھینا نہ جائے گا اور کم نہ ہوگا۔ سورۂ ہود میں فرمایا عَطَآءً غَيْرَ مَجْذُوْذٍ (بخشش ہے جو ختم ہونے والی نہیں ہے) اور اہل ایمان کے لئے لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ بھی فرمایا ہے ان کے لئے ایسا اجر ہے جو کٹنے والا یعنی ختم ہونے والا نہیں۔

هٰذَا ۭ وَاِنَّ لِلطّٰغِيْنَ لَشَرَّ مَاٰبٍ ﴿۵۵﴾ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۚ فَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۵۶﴾ هٰذَا ۙ فَلْيَذُوْقُوْهُ حَمِيْمٌ وَّ

اس بات کو سمجھ لو، اور بلاشبہ سرکشوں کے لئے برا ٹھکانا ہے۔ جہنم ہے جس میں وہ داخل ہوں گے سو وہ برا بچھونا ہے۔ یہ عذاب ہے سو تم اس کو چکھ لو، حمیم ہے

غَسَّاقٌ ﴿۵۷﴾ وَّاٰخَرُ مِنْ شَكْلِهٖۤ اَزْوَاجٌ ﴿۵۸﴾ هٰذَا فَوْجٌ مُّقْتَحِمٌ مَّعَكُمْ ۚ لَا مَرْحَبًۢا بِهِمْ ۭ اِنَّهُمْ

اور غساق ہے، اور اس کے سوا اسی طرح کو انواع عذاب ہیں۔ یہ جماعت ہے جو تمہارے ساتھ داخل ہو رہی ہے، جن کے لئے کوئی مرحبا نہیں ہے بیشک یہ لوگ دوزخ

صَالُوا النَّارِ ﴿۵۹﴾ قَالُوْا بَلْ اَنْتُمْ ۣ لَا مَرْحَبًۢا بِكُمْ ۭ اَنْتُمْ قَدَّمْتُمُوْهُ لَنَا ۚ فَبِئْسَ الْقَرَارُ ﴿۶۰﴾ قَالُوْا رَبَّنَا

میں داخل ہونے والے ہیں۔ وہ کہیں گے بلکہ تم ایسے ہو کہ تمہارے لئے مرحبا نہیں ہے تم نے اس کو ہمارے لیے آگے بڑھایا سو یہ بری جگہ ہے ٹھہرنے کی۔ وہ کہیں گے کہ اے ہمارے رب

مَنْ قَدَّمَ لَنَا هٰذَا فَزِدْهُ عَذَابًا ضِعْفًا فِي النَّارِ ﴿٦١﴾ وَقَالُوْا مَا لَنَا لَا نَرٰى رِجَالًا كُنَّا

جس نے اس کو ہمارے آگے کیا اسے دوزخ میں دوگنا عذاب بڑھا دیجئے۔ اور وہ کہیں گے کیا بات ہے ہم ان لوگوں کو نہیں دیکھتے جنہیں ہم اشرار

نَعُدُّهُمْ مِّنَ الْاَشْرَارِ ﴿٦٢﴾ اَتَّخَذْنٰهُمْ سِخْرِيًّا اَمْ زَاغَتْ عَنْهُمُ الْاَبْصَارُ ﴿٦٣﴾ اِنَّ ذٰلِكَ لَحَقٌّ

یعنی برے لوگوں میں شمار کرتے تھے۔ کیا ہم نے ان کا مذاق بنا رکھا تھا یا انکے دیکھنے سے آنکھیں چکرا رہی ہیں؟ بلا شبہ یہ حق ہے،

تَخَاصُمُ اَهْلِ النَّارِ ﴿٦٤﴾

دوزخ والوں کا جھگڑنا۔

سرکشوں کا برا انجام، دوزخ میں ایک دوسرے سے بیزار ہونا

اہل سعادت کا اکرام اور انعام بیان کرنے کے بعد فرمایا هٰذَا یعنی یہ بات جو اوپر بیان ہو چکی اس کو محفوظ رکھو اور یاد رکھو، اسکے بعد اہل شقاوت کا حال معلوم کرو اور وہ یہ ہے کہ سرکشوں کا برا ٹھکانہ ہوگا یعنی یہ لوگ دوزخ میں داخل ہوں گے جو بدترین ٹھکانہ ہے اور برا بچھونا ہے۔ (چونکہ دوزخیوں کے نیچے بھی آگ ہوگی اس لئے اسے برا بچھونا فرمایا) یہ عذاب ہے سو اسے چکھ لو، حمیم ہے اور غساق ہے اور اسی طرح کا مختلف قسم کا عذاب ہے مثلاً ضریع ہے اور زمہریر ہے زقوم ہے اور غسلین ہے، صعود ہے اور مقامع ہیں وغیر ذلک حمیم گرم پانی کو کہتے ہیں سورۂ محمد میں فرمایا: وَسُقُوْا مَآءً حَمِيْمًا فَقَطَّعَ اَمْعَآءَهُمْ (اور انہیں کھولتا ہوا گرم پانی پلایا جائے گا جو انکی آنتوں کے ٹکڑے ٹکڑے کردے گا اور غساق کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اگر اس کا ایک ڈول دنیا میں ڈال دیا جائے تو تمام دنیا والے سڑ جائیں۔ (مشکوٰۃ المصابیح از ترمذی ص ۵۰۳) غساق کیا چیز ہے اس کے بارے میں صاحب مرقاۃ (شرح مشکوٰۃ) نے چار قول نقل کئے ہیں۔

۱۔ دوزخیوں کی پیپ اور اُن کا دھوون مراد ہے۔

۲۔ دوزخیوں کے آنسو مراد ہیں۔

۳۔ زمہریر یعنی دوزخ کا ٹھنڈک والا عذاب مراد ہے۔

۴۔ غساق سڑی ہوئی ٹھنڈی پیپ ہے جو ٹھنڈک کی وجہ سے پی نہ جاسکے گی، (مگر بھوک کی وجہ سے مجبوراً پینی پڑے گی) بہر حال غساق بہت ہی بری چیز ہے۔ جو بہت ہی زیادہ بدبودار ہے اَللّٰهُمَّ اَعِذْنَا مِنْهُ.

اس کے بعد اہل دوزخ کا ایک باہمی مکالمہ نقل فرمایا اور وہ یہ کہ جو لوگ پہلے سے دوزخ میں جا چکے ہوں گے (اور علی التعاقب اس طرح کی بہت سی جماعتیں جانیوالی ہوں گی) تو بعد میں آنیوالی جماعت کو دیکھ کر پہلے داخل ہونے والی جماعت کہے گی یہ ایک جماعت اور آئی جو تمہارے ساتھ عذاب بھگتنے کے واسطے یہیں گھسنے کے لئے آرہی ہے انکے لئے کوئی مرحبا نہیں یعنی انکے آنے کی کوئی خوشی نہیں یہ بھی جہنمی ہم بھی جہنمی ہمیں ان سے کوئی فائدہ نہیں پہنچ سکتا، بعد میں آنے والی جماعت جواب میں کہے گی۔ (جو دنیا میں پہلی جماعت کی پیرو کار تھی اور اسکے بہلانے اور ورغلانے سے کفر اختیار کئے ہوئے تھی) بلکہ تمہارے لئے کوئی مرحبا نہیں ہے۔ تم یہ عذاب ہمارے آگے لائے یعنی تم نے ہمیں کفر پر ڈالا اور جمایا جس کے نتیجے میں ہم یہاں عذاب بھگتنے کے لئے داخل کئے گئے اس کے بعد وہ بعد میں آنیوالی

جماعت (جو اتباع تھے) اللہ تعالیٰ کے حضور میں اپنے متبوعین یعنی بڑوں اور سرداروں کی سزا کیلئے یہ درخواست پیش کریں گے کہ اے ہمارے رب جو شخص ہمارے لئے عذاب کو آگے لایا اسے دوزخ میں دوگنا عذاب دیجئے (یہاں دنیا میں ایک دوسرے سے تعلق بھی رکھتے ہیں اور چھوٹے لوگ اپنے بڑوں کی بات بھی مانتے ہیں اور انکے کہنے سے کفر پر جمے رہتے ہیں لیکن جب وہاں دوزخ میں داخل ہوں گے تو ایک دوسرے پر لعنت کریں گے اور چھوٹے لوگ اپنے سرداروں کے لئے دوہرے عذاب کی درخواست کریں گے۔

اہل دوزخ کو حیرت ہوگی جب اہل ایمان کو اپنے ساتھ نہ دیکھیں گے............اہل دوزخ کہیں گے کہ ہم دنیا میں تھے تو اہل ایمان کو اور خاص کر فقرائے مؤمنین کو ذلیل سمجھتے تھے اور یوں بھی کہتے تھے کہ یہ اشرار ہیں یعنی برے لوگ ہیں ان میں کوئی خیر نہیں، اور بعض مرتبہ ان سے یوں بھی کہہ دیتے تھے کہ تم دوزخ میں جاؤ گے ہم جنتی ہونگے (جیسا کہ یہود اور نصاریٰ اور اہل ہنود سمجھتے ہیں) لیکن جب یہ کفار دوزخ میں پہنچیں گے اور ادھر ادھر نظر ڈالیں گے تو انہیں اہل ایمان میں سے کوئی بھی نظر نہ آئے گا۔ نظروں کے سامنے سب کافر ہی ہوں گے اس وقت یوں کہیں گے کیا بات ہے، ہم ان آدمیوں کو نہیں دیکھ رہے ہیں جنہیں ہم برے لوگوں میں شمار کیا کرتے تھے کیا ہم نے ناحق انکی ہنسی کر رکھی تھی کہ انہیں دوزخی سمجھتے تھے (اور حقیقت میں وہ ایسے نہ تھے جیسا ہم نے سمجھا تھا) یا یہ بات ہے کہ وہ لوگ یہاں موجود تو ہیں لیکن ہماری آنکھیں چکرا رہی ہیں کہ ان پر نظر نہیں پڑتی اس بات کو یاد کر کے انہیں حیرت بھی ہوگی اور حسرت بھی کہ جن کی ہم نے مذاق بنائی تھی وہ تو یہاں نہ پہنچے اور ہمیں یہاں آنا پڑا۔

اِنَّ ذٰلِكَ لَحَقٌّ تَخَاصُمُ اَهْلِ النَّارِ (یعنی دوزخیوں کا آپس میں جھگڑنا بالکل سچی بات ہے ایسا ضرور ہوگا)

قُلْ اِنَّمَآ اَنَا مُنْذِرٌ ۖ وَّمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّا اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿٦٥﴾ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا

آپ فرما دیجئے کہ میں تو صرف ڈرانے والا ہوں اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو واحد ہے قہار ہے۔ وہ آسمانوں کا اور زمین کا اور جو کچھ ان کے اندر ہے ان سب کا

الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ ﴿٦٦﴾ قُلْ هُوَ نَبَؤٌا عَظِيْمٌ ﴿٦٧﴾ اَنْتُمْ عَنْهُ مُعْرِضُوْنَ ﴿٦٨﴾ مَا كَانَ لِيَ مِنْ عِلْمٍۭ بِالْمَلَاِ الْاَعْلٰى

رب ہے، عزیز ہے، غفار ہے، آپ فرما دیجئے کہ یہ بڑی خبر ہے تم اس سے اعراض کئے ہوئے ہو، مجھے ملأ اعلیٰ کا کچھ علم نہیں ہے جبکہ وہ آپس

اِذْ يَخْتَصِمُوْنَ ﴿٦٩﴾ اِنْ يُّوْحٰٓى اِلَيَّ اِلَّآ اَنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿٧٠﴾

میں گفتگو کرتے ہیں، میری طرف تو یہ وحی بھیجی گئی ہے کہ میں واضح طور پر ڈرانے والا ہوں۔

صرف اللہ تعالیٰ ہی معبود ہے وہ واحد وقہار ہے مالک ارض وسماء ہے عزیز وغفار ہے

ان آیات میں توحید اور رسالت کا اثبات فرمایا ہے اور اللہ تعالیٰ کی پانچ صفات بیان فرمائیں آپ کو خطاب فرمایا کہ اپنے مخاطبین سے فرما دیں کہ میں تو صرف ڈرانے والا ہوں زبردستی کسی سے ایمان قبول کرانے والا نہیں، پھر توحید کی دعوت دی کہ معبود صرف ایک ہی ہے یعنی اللہ تعالیٰ جو اپنی ذات وصفات میں تنہا ہے قہار بھی ہے یعنی وہ سب پر غالب ہے تکوینی طور پر اسی کی قضاء اور قدر کے مطابق سب کچھ وجود اور ظہور میں آتا ہے وہ آسمانوں کا بھی رب ہے اور زمین کا بھی اور جو کچھ ان کے درمیان ہے ان سب کا رب ہے پروردگار عالم جل مجدہٗ کو چھوڑ کر تم جو کسی دوسرے کی عبادت کر رہے ہو یہ حماقت اور ضلالت ہے، پھر یہ بھی سمجھ لو کہ وہ عزیز بھی ہے یعنی غلبہ والا ہے اسے تمہاری گرفت فرمانے اور عذاب دینے پر پوری پوری قدرت ہے وہ غالب ہے اور سب مغلوب ہیں لیکن اگر تم کفر وشرک سے توبہ کر لو گے تو وہ

بخش دے گا کیونکہ وہ غفار ہے یعنی بہت بڑا بخشنے والا بھی ہے۔
اس کے بعد آپکی نبوت کی ایک دلیل بیان فرمائی کہ آپ ان لوگوں سے فرمادیں یہ جو کچھ میں نے اپنی رسالت کی خبر دی ہے اور تمہیں یہ بتایا ہے کہ میں اللہ تعالیٰ کا رسول ہوں یہ بہت بڑی خبر ہے تمہیں اسکی طرف متوجہ ہونا لازم تھا لیکن تم اس سے اعراض کر رہے ہو تم یہ تو دیکھو کہ میں جو ملأ اعلیٰ (عالم بالا) کی خبریں دیتا ہوں یہ خبریں میرے پاس کہاں سے آگئیں نہ میں نے پرانی کتابیں پڑھی ہیں نہ اہل کتاب سے میرا میل جول رہا ہے۔ یہ باتیں جو میں بتاتا ہوں جن کی اہل کتاب تصدیق کرتے ہیں اور تمہارے سامنے بھی میری بتائی ہوئی خبروں کا صحیح طور پر ظہور ہوتا رہتا ہے۔ یہ علم مجھے کہاں سے ملا ظاہر ہے کہ فرشتوں کو سجدہ کرنے کا حکم فرمایا اور ابلیس سجدہ کرنے سے منکر ہوا ان باتوں کی جو میں نے خبر دی ہے مجھے ان کا کچھ علم نہ تھا۔
اللہ تعالیٰ کا اپنے فرشتوں سے یوں فرمانا کہ میں زمین میں اپنا خلیفہ پیدا کرنے والا ہوں پھر ان کا اس پر سوال اٹھانا پھر آدم علیہ السلام کے مقابلہ میں چیزوں کے نام بتانے سے عاجز ہو کر سُبْحَانَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا کہنا (**کما مرفی سورۃ البقرۃ و ھذا داخل فی الاختصام لأن قولۃ تعالٰی اذ قال ربک للملئکۃ بدل من قولہ تعالٰی اذ یختصمون کما ذکرہ صاحب الروح**) یہ سب تفصیل مجھے صرف وحی سے معلوم ہوئی ہے اس سے پہلے ان چیزوں کو بالکل نہیں جانتا تھا تم اپنے ہوش کی دوا کرو اور بات کو سمجھو اور میری نبوت کے انکار سے باز آؤ میں دوبارہ واضح طور پر تمہیں بتاتا ہوں کہ میری طرف دعوت و تبلیغ کے سلسلے میں یہی وحی آئی ہے کہ میں واضح طور پر ڈرانے والا ہی ہوں میری بات نہ مانو گے تو اپنا برا کرو گے میں تم سے زبردستی قبول نہیں کرا سکتا۔

اِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّیْ خَالِقٌۢ بَشَرًا مِّنْ طِیْنٍ ﴿۷۱﴾ فَاِذَا سَوَّیْتُهٗ وَ نَفَخْتُ فِیْهِ

جب کہ آپ کے رب نے فرشتوں سے فرمایا کہ بیشک میں کیچڑ سے ایک بشر کو پیدا کرنے والا ہوں۔ سو جب میں اسے پوری طرح بنا دوں۔ اور اس میں اپنی روح

مِنْ رُّوْحِیْ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِیْنَ ﴿۷۲﴾ فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ ﴿۷۳﴾ اِلَّآ اِبْلِیْسَ ؕ اِسْتَكْبَرَ وَ كَانَ

پھونک دوں۔ تو اسکے لئے سجدہ میں گر پڑنا۔ سو سارے فرشتوں نے سجدہ کیا۔ مگر ابلیس نے نہ کیا اس نے تکبر کیا

مِنَ الْكٰفِرِیْنَ ﴿۷۴﴾ قَالَ یٰٓاِبْلِیْسُ مَا مَنَعَكَ اَنْ تَسْجُدَ لِمَا خَلَقْتُ بِیَدَیَّ ؕ اَسْتَكْبَرْتَ اَمْ كُنْتَ

اور وہ کافروں میں سے تھا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اے ابلیس تجھے اس بات سے کس چیز نے روکا تو اسے سجدہ کرے جسے میں نے اپنے ہاتھوں سے پیدا کیا، کیا تو نے تکبر کیا یا یہ کہ تو بڑے درجے

مِنَ الْعَالِیْنَ ﴿۷۵﴾ قَالَ اَنَا خَیْرٌ مِّنْهُ ؕ خَلَقْتَنِیْ مِنْ نَّارٍ وَّ خَلَقْتَهٗ مِنْ طِیْنٍ ﴿۷۶﴾ قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا

والوں میں سے ہے۔ ابلیس نے کہا کہ میں اس سے بہتر ہوں مجھے آپ نے آگ سے اور اسے کیچڑ سے پیدا کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا سو تو یہاں سے نکل جا

فَاِنَّكَ رَجِیْمٌ ﴿۷۷﴾ وَّ اِنَّ عَلَیْكَ لَعْنَتِیْۤ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ ﴿۷۸﴾ قَالَ رَبِّ فَاَنْظِرْنِیْۤ اِلٰی یَوْمِ یُبْعَثُوْنَ ﴿۷۹﴾

کیونکہ بلاشبہ تو مردود ہے اور قیامت کے دن تک تجھ پر میری لعنت ہے ابلیس نے کہا اے میرے رب مجھے اس دن تک مہلت دیجئے جس دن لوگ اٹھائے جائیں گے۔

قَالَ فَاِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِیْنَ ﴿۸۰﴾ اِلٰی یَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ ﴿۸۱﴾ قَالَ فَبِعِزَّتِكَ لَاُغْوِیَنَّهُمْ اَجْمَعِیْنَ ﴿۸۲﴾

اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ بیشک وقت معلوم کے دن تک تجھے مہلت دی گئی۔ ابلیس نے کہا سو آپکی عزت کی قسم میں ان سب کو ضرور گمراہ کروں گا۔

إِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِينَ ۝ قَالَ فَالْحَقُّ وَالْحَقَّ أَقُولُ ۝ لَأَمْلَأَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكَ وَمِمَّنْ تَبِعَكَ

سوائے آپ کے ان بندوں کے جو منتخب ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ میں سچ کہتا ہوں اور سچ ہی کہا کرتا ہوں۔ میں جہنم کو تجھ سے اور ان سب لوگوں سے ضرور بھردوں گا

مِنْهُمْ أَجْمَعِينَ ۝

جو تیرے پیچھے چلیں گے۔

ابلیس کی حکم عدولی اور سرتابی، حضرت آدم علیہ السلام کو سجدہ کرنے سے انکار کر کے مستحق لعنت ہونا اور بنی آدم کو ورغلانے کی قسم کھانا

ان آیات میں تخلیق آدم اور پھر فرشتوں کو انہیں سجدہ کرنے کا حکم اور ان کے سجدہ کرنے کا واقعہ اور ابلیس کے انکار کا تذکرہ فرمایا ہے۔ یہ مضمون سورۂ بقرہ رکوع ۴ اور سورۂ اعراف رکوع ۲ اور سورۂ حجر رکوع ۳ اور سورۃ الاسراء رکوع ۶ میں بھی گزر چکا ہے وہاں جو ہم نے تفصیل کے ساتھ لکھا ہے اسکی مراجعت کر لی جائے۔

جب اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو پیدا کرنے کا ارادہ فرمایا تو فرشتوں سے فرمایا کہ میں طِيـن یعنی کیچڑ سے ایک بشر کو پیدا کروں گا جب میں اسے پیدا کروں اور پوری طرح بنادوں اور اس میں اپنی روح پھونک دوں تو تم اس کے لئے سجدہ میں گر جانا۔

اس میں لفظ بشر فرمایا ہے جس کا معنی ہے ایسی کھال والی چیز جو بالوں سے چھپی ہوئی نہ ہو، دوسرے جو حیوانات ہیں انکے جسم پر بال ہوتے ہیں جن سے ان کا بدن ڈھکا رہتا ہے لیکن انسان کے سر اور اسکی ڈاڑھی کے علاوہ اور کسی جگہ پر عام طور سے بڑے بڑے بال نہیں ہوتے کپڑا نہ پہنے تو کھال نظر آتی ہے اور بعض جگہ جو بال نکل آتے ہیں وہ بڑھتے چلے جاتے ہیں انکے صاف کرنے کا حکم دیا گیا ہے البتہ داڑھی رکھنا واجب ہے پھر جب جنت میں جائیں گے تو وہاں مردوں کے بھی ڈاڑھی نہ ہوگی وہاں بشر ہونے کا پورا پورا مظاہرہ ہو جائے گا۔

یہاں کیچڑ سے پیدا فرمانے کا ذکر ہے اور سورۃ الانعام میں لفظ تُراب وارد ہوا ہے اور سورۂ حجر میں صَلْصَالٍ مِنْ حَمَاٍ مَّسْنُونٍ فرمایا ہے کہ ہم نے انسان کو بجتی ہوئی کالی سڑی ہوئی مٹی سے پیدا فرمایا اور سورۃ الرحمٰن میں فرمایا مِنْ صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ کہ ہم نے انسان کو ایسی مٹی سے پیدا فرمایا جو ٹھیکرے کی طرح بجنے والی تھی۔ ان آیات میں آدم علیہ السلام کا پتلا تیار کئے جانے کے تدریجی حالات بتائے ہیں مختلف جگہوں سے مٹی جمع کی گئی پھر اس میں پانی ڈال دیا تو کیچڑ بن گئی اور عرصہ تک اسی طرح پڑے رہنے کی وجہ سے سیاہ اور بدبو دار ہوگئی پھر جب پتلا بنا دیا تو وہ پڑے پڑے سوکھ گیا اور ایسا ہو گیا کہ اگر اس پر انگلی ماری جائے تو بجنے لگے جیسے مٹی سے بنائے ہوئے برتن انگلیاں مارنے سے بجتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے فرشتوں سے فرمایا کہ جب میں اس بشر کو پیدا کروں اور پوری طرح اس کا مجسمہ بنادوں پھر اس میں روح پھونک دوں تو تم اس کو سجدہ کرنا (اسکی تعظیم کے لئے سجدہ میں گر جانا) فرشتوں نے حکم کے مطابق اس بشر کو جن کا نام پہلے سے آدم تجویز کر دیا گیا تھا تعظیمی سجدہ کر لیا۔ ابلیس بھی وہیں رہتا تھا اسے بھی حکم تھا کہ اس نئی مخلوق یعنی آدم علیہ السلام کو سجدہ کرے، وہ سجدہ کرنے سے منکر ہو گیا۔ سورۃ الکہف میں فرمایا ہے كَانَ مِنَ الْجِنِّ فَفَسَقَ عَنْ اَمْرِ رَبِّهٖ (وہ جنات میں سے تھا سو اس نے اپنے رب کی نافرمانی کی) اور سورۃ البقرۃ میں فرمایا ہے اَبٰى وَاسْتَكْبَرَ وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ (کہ اس نے تکبر کیا اور وہ کافروں میں سے تھا یعنی اللہ تعالیٰ کے علم میں پہلے

ہی سے یہ بات تھی کہ وہ کفر اختیار کر لے گا کافروں میں سے ہو جائے گا۔ اور سورۃ الاعراف میں فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے ابلیس سے فرمایا مَا مَنَعَكَ اَنْ تَسْجُدَ اِذْ اَمَرْتُكَ کہ تجھے سجدہ کرنے سے کس چیز نے روکا جبکہ میں نے تجھے حکم دیا تھا (معلوم ہوا کہ وہ بھی عمومی حکم میں شامل تھا یا اسے خطاب فرما کر مستقل طور پر بھی حکم دیا تھا یہاں سورہ صٓ میں فرمایا: قَالَ يٰٓاِبْلِيْسُ مَا مَنَعَكَ اَنْ تَسْجُدَ لِمَا خَلَقْتُ بِيَدَيَّ (کہ اے ابلیس تجھے کس چیز نے اس بات سے روکا کہ تو اس چیز کو سجدہ کرنے جس میں نے اپنے ہاتھوں سے بنایا) علماء نے فرمایا ہے کہ ہاتھوں سے پیدا کرنا جو فرمایا اس سے معنی مجازی مراد ہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ جسمیت اور اعضاء سے پاک ہے اور یہ فرمانا کہ میں نے اپنے ہاتھوں سے پیدا فرمایا اسکی اہمیت بتانے کے لئے ہے، جس چیز کی اہمیت ہوتی ہے اسکے بارے میں یوں کہا جاتا ہے کہ اسے اپنے ہاتھ سے بنایا یہ اہل تاویل کا قول ہے اور سلف کا فرمانا یہ ہے کہ ہم تاویل نہیں کرتے اور یدین (دونوں ہاتھ) کا جو مطلب ہے اسے اللہ تعالیٰ کی طرف مفوض کرتے ہیں یعنی اللہ تعالیٰ کے نزدیک جو یدین کا مطلب ہے جو اسکی شان کے لائق ہے، ہم اسی پر ایمان لاتے ہیں اس طرح یہ جو فرمایا کہ جب میں اس میں اپنی روح پھونک دوں اسکے بارے میں بعض حضرات نے تاویل کی ہے اور فرمایا ہے کہ اسکا مطلب یہ ہے کہ جب میں اس میں جان ڈال دوں تو تم اسکے لئے سجدہ میں گر پڑنا اور دوسرے حضرات نے فرمایا کہ ہم تاویل نہیں کرتے اس پر ایمان لاتے ہیں اللہ تعالیٰ کے نزدیک جو اس کا مطلب ہے جو اس کی شان کے لائق ہے، ہم اسے مانتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ جل شانہٗ نے ابلیس سے فرمایا اَسْتَكْبَرْتَ اَمْ كُنْتَ مِنَ الْعَالِيْنَ (کیا تو نے تکبر کیا یا یہ کہ تو بڑے درجے والوں میں سے ہے) یعنی کیا تو غرور میں آ گیا اور واقع میں بڑا نہیں ہے یا یہ کہ تو واقع میں ایسے بڑے درجہ والوں میں ہے، جس کو سجدہ کا حکم کرنا زیبا نہیں۔

ابلیس نے کہا کہ یہ شق ثانی ہی واقعی ہے یعنی اسکو سجدہ کرنا میری شان کے لائق نہیں ہے (جس کی وجہ یہ ہے کہ) مجھے آپ نے آگ سے پیدا فرمایا ہے اور اسے کیچڑ سے پیدا فرمایا ہے۔ (لہٰذا میں اس سے بہتر ہوا اور مجھے یہ حکم دینا کہ اسے سجدہ کروں میری شان کے خلاف ہے) اللہ تعالیٰ جل شانہٗ نے فرمایا کہ تو یہاں سے نکل جا کیونکہ بلاشک تو مردود ہو گیا اور قیامت کے دن تک تجھ پر میری لعنت ہے (اور جس پر قیامت کے دن تک لعنت رہے گی وہ اس کے بعد بھی ملعون ہی رہے گا۔ کما قال اللہ تعالیٰ جل شانہٗ فَاَذَّنَ مُؤَذِّنٌۢ بَيْنَهُمْ اَنْ لَّعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ابلیس کو تکبر کھا گیا ملعون ہونا منظور کر لیا لیکن اللہ تعالیٰ کا حکم ماننے اور معافی مانگنے کے لئے تیار نہ ہوا بلکہ اس نے لمبی عمر ہونے کی درخواست کر دی۔ اور یوں کہا کہ اے رب مجھے اس دن تک مہلت دیجئے جس دن لوگ اٹھائے جائیں گے (یعنی قبروں سے نکلیں گے) روح المعانی میں لکھا ہے کہ اس سے نفخۂ ثانیہ کا وقت مراد ہے مطلب ابلیس ملعون کا یہ تھا کہ مجھے لمبی زندگی دیدی جائے اور اتنی لمبی ہو کہ قیامت پر ہی ختم ہو۔ (وفی تفسیر القرطبی ارادا لملعون ان لا یموت فلم یُجب الی ذالک واُخِر الی الوقت المعلوم وھو یوم یموت الخلق فیه فاخر الیه تھاوُناً به۔ (تفسیر قرطبی میں ہے کہ شیطان کی خواہش تو یہ تھی کہ اسے موت ہی نہ آئے لیکن اس کی یہ خواہش قبول نہیں ہوئی اور اسے وقت معلوم یعنی تمام مخلوق کی موت کے دن (نفخۂ ثانیہ) تک اسے مہلت دینے کیلئے اس کی موت مؤخر کی گئی) (ص ۲۱۹ ج ۱۵)

اللہ تعالیٰ نے فرمادیا کہ جا تجھے ایک وقت معلوم تک مہلت دے دی گئی اب تو اس نے اپنے نفس میں جو بات چھپا رکھی تھی وہ ظاہر کر دی اور کہنے لگا کہ اے رب آپکی عزت کی قسم میں ان لوگوں کو (جو اس نئی مخلوق کی نسل میں ہونگے (سب کو بہکاؤں گا کفر پر اور آپ کی نافرمانیوں پر ڈالوں گا اور برے کاموں کو اچھا بتاؤں گا مگر جن لوگوں کو آپ نے اپنی اطاعت کے لئے چن لیا اور میرے بہکانے سے بچا دیا ان پر میرا بس نہ چلے گا۔

ابلیس چونکہ آدم علیہ السلام کو سجدہ نہ کرنے کی وجہ سے ملعون و مردود ہوا تھا اس لئے اس نے ان سے اور انکی اولاد سے انتقام اور بدلہ لینے کا فیصلہ کیا حالانکہ حماقت اس کی تھی رب العلمین جل مجدہٗ کے حکم سے سرتابی کی ملعون ہونے کا کام خود کیا اللہ تعالیٰ سے مقابلہ کیا اس کے حکم کو غلط بتایا اور ٹھان لی آدم علیہ السلام اور انکی اولاد سے بدلہ لینے کی چونکہ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو ابتلاء اور امتحان کے لئے پیدا فرمایا ہے اس لئے ابلیس کو لمبی زندگی بھی دیدی اور بہکانے اور ورغلانے کی کوششیں کرنے کا موقع بھی دیدیا اور انسانوں کو بتادیا کہ یہ اور اسکی ذریت تمہارے دشمن ہیں تم ان سے چوکنے رہنا، انکے بہکاوے میں نہ آنا اور خیر اور شر کے دونوں راستے بتادیئے انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کو مبعوث فرمایا اور اپنی کتابیں اور صحیفے نازل فرمائے پھر انکے خلفاء کے ذریعے دعوت و تبلیغ کا سلسلہ جاری رکھا جو شخص شیطان کی باتوں میں آئیگا راہ حق چھوڑے گا۔ وہ اپنی بربادی کا خود ذمہ دار بنے گا۔

ابلیس اور اسکے متبعین سے دوزخ کو بھر دیا جائے گا......... جب ابلیس نے کہا کہ میں بنی آدم کو ورغلاؤں گا اور بہکاؤں گا اور راہ حق سے ہٹاؤں گا تو اللہ تعالیٰ جل شانہٗ نے فرمایا **فَالْحَقُّ وَالْحَقَّ اَقُوْلُ** کہ میں سچ کہتا ہوں اور سچ ہی کہا کرتا ہوں (تو اپنی اور اپنے پیچھے چلنے والوں کی سزا ابھی سے سن لے) میں تجھ سے اور جو لوگ ان میں سے تیرا اتباع کریں گے ان سب سے دوزخ کو بھر دوں گا۔

یہ بات اللہ تعالیٰ نے ابلیس سے بھی فرمادی اور جب آدم علیہ السلام اور انکی بیوی کو زمین پر بھیجا جانے لگا اس وقت انکو خطاب کر کے صاف صاف بتادیا: **فَاِمَّا یَاْتِیَنَّکُمْ مِّنِّیْ هُدًی فَمَنْ تَبِعَ هُدَایَ فَلَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ ط وَالَّذِیْنَ کَفَرُوْا وَکَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَآ اُولٰٓئِکَ اَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ط** (سو اگر تمہارے پاس میری طرف سے ہدایت آئے سو جو شخص میری ہدایت کا اتباع کرے گا ان لوگوں کو کوئی خوف نہ ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے، اور جو لوگ کفر اختیار کریں گے اور ہماری آیات کو جھٹلائیں گے وہ دوزخ والے ہوں گے وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

فائدہ......... ابلیس نے جو مہلت مانگی تھی اس میں یوں کہا تھا کہ مجھے اس دن تک مہلت دی جائے جس دن لوگ قبروں سے اُٹھائے جائیں گے اللہ تعالیٰ جل شانہ نے فرمایا کہ تجھے وقت معلوم تک مہلت ہے، یہ وقت معلوم اللہ تعالیٰ ہی کو معلوم ہے جب تک ابلیس کو موت کا وقت مقرر نہ آجائے وہ زندہ رہے گا اور کفر پر مرے گا اور دوزخ میں جائے گا۔

قُلْ مَآ اَسْئَلُکُمْ عَلَیْهِ مِنْ اَجْرٍ وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُتَکَلِّفِیْنَ ﴿۸۶﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِکْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ ﴿۸۷﴾

آپ فرمادیجئے کہ میں تم سے اس پر کوئی معاوضہ طلب نہیں کرتا اور نہ میں تکلف کرنے والوں میں سے ہوں۔ یہ تو صرف جہان والوں کے لئے ایک نصیحت ہے۔

وَلَتَعْلَمُنَّ نَبَاَهٗ بَعْدَ حِیْنٍ ﴿۸۸﴾ ع ۵ / ۲۴ / ۱۴

اور کچھ عرصہ کے بعد تم اس کا حال ضرور جان لو گے۔

دعوتِ حق پر کسی معاوضہ کا مطالبہ نہیں

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کو قرآن مجید سناتے تھے توحید کی دعوت دیتے تھے تو لوگوں کو ناگوار ہوتا تھا آپکی تکذیب کرتے تھے معجزات دیکھ کر بھی حق قبول نہیں کرتے تھے، انہیں ایک اور طریقہ سے سمجھایا اور فکر کی دعوت دی۔ ارشاد فرمایا کہ آپ ان سے فرمادیجئے کہ میں تم سے قرآن کی باتیں سنانے پر کوئی اجرت طلب نہیں کرتا یہ بات تم پر واضح ہے اب تمہیں خود غور کرنا چاہئے کہ جس شخص کو ہم سے کوئی

دنیاوی غرض نہیں کسی طرح کے مال و متاع کا طالب نہیں یہ بار بار ہمیں تبلیغ کیوں کرتا ہے ظاہر ہے کہ جب اُسے کوئی مطلب نہیں ہے تو ضرور اللہ تعالیٰ کی طرف سے اسے دعوت و تبلیغ کرنے کا حکم ہوا ہے اور آپ ان سے یہ بھی فرما دیں کہ میں تکلف والوں میں سے نہیں ہوں یعنی ایسا نہیں ۔ کہ میں نے بناوٹ کی راہ سے نبوت کا دعویٰ کر دیا ہو اور غیر قرآن کو قرآن کہہ دیا ہو یہ جو کچھ تمہارے سامنے پیش کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے یہ قرآن تمام جہانوں کے لئے نصیحت ہے تم اسے نہ مانو گے تو اپنا برا کرو گے اور عنقریب موت کے بعد تمہیں پتہ چل جائے گا ۔ کہ یہ حق تھا اور اسکا انکار کرنا باطل کام تھا لیکن اس وقت معلوم ہونا فائدہ نہ دے گا ، اور بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ بعد حین سے یوم بدر مراد ہے یعنی اسی دنیا میں تمہیں عنقریب پتہ چل جائے گا کہ قرآن حق ہے اور اس کا انکار کرنیوالے باطل پر ہیں ۔

فائدہ .... آیت کریمہ میں جو یہ فرمایا ہے کہ آپ ان سے فرما دیں کہ میں تم سے اپنی محنت اور دعوت پر کوئی اجر طلب نہیں کرتا اس میں تمام مبلغین اور داعی حضرات کو یہ بتا دیا کہ دعوت الی الخیر کا کام محض اللہ کی رضا کے لئے کریں مخلوق سے کسی چیز کے طالب نہ ہوں اور امیدوار بھی نہ ہوں اور وَمَآ اَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ میں یہ بتا دیا کہ اہل ایمان اور خاص کر اہل علم تکلف کو اختیار نہ کریں ، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ارشاد فرمایا کہ اے لوگو جسے کوئی چیز معلوم ہو وہ بتا دے اور جسے علم نہ ہو وہ کہہ دے کہ اللہ کو معلوم ہے (بغیر علم کے کوئی چیز نہ بتائے اور یہ ظاہر نہ کرے کہ مجھے علم ہے کیونکہ اس میں تصنع اور تکلف ہے جو جھوٹ کی ایک قسم ہے) جو چیز نہ جانے اس کے نہ جاننے کا اقرار کر لینا اور یہ کہہ دینا کہ اللہ کو معلوم ہے یہ بھی علم کی بات ہے ۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کو حکم دیا ہے کہ آپ فرما دیجئے کہ میں تم سے اس پر کوئی اجر طلب نہیں کرتا اور میں تکلف کرنیوالوں میں سے نہیں ہوں ۔ (صحیح بخاری ۷۱۰ ج ۲)

بہت سے لوگوں کو علم نہیں ہوتا اپنے نام کے ساتھ مفتی یا مولانا کا لفظ لگا لیتے ہیں یا ممتاز عالم دین کا لقب اختیار کر کے اخبارات میں اپنا نام اچھالتے رہتے ہیں ۔ پھر جب ان سے کوئی مسئلہ پوچھا جاتا ہے یا کوئی حدیث دریافت کی جاتی ہے تو یوں کہنا کہ مجھے معلوم نہیں اپنی شان کے خلاف سمجھتے ہیں اور اپنے پاس سے کچھ نہ کچھ بتا دیتے ہیں ایسے لوگوں کے لئے آیت بالا میں تنبیہ ہے ، بہت سی باتیں جو حق اور حقیقت سے دور ہوتی ہیں جو تصنع اور جھوٹ پر مبنی ہوتی ہیں مؤمن آدمی کو ان سب سے بچنا لازم ہے ایک عورت نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ ! میری ایک سوتن یعنی شوہر کی دوسری بیوی ہے ۔ کیا مجھے اس بات پر گناہ ہوگا کہ میں جھوٹ موٹ اس پر ظاہر کروں کہ مجھے شوہر نے یہ دیا اور وہ دیا اور حقیقت میں نہیں دیا (تا کہ اسے جلن ہو) آپ نے فرمایا جسے کوئی چیز نہیں دی گئی اگر وہ جھوٹ موٹ یہ ظاہر کرے کہ مجھے دی گئی ہے وہ ایسا ہے جیسے کوئی شخص جھوٹ کے کپڑے پہن لے ۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۲۸۱ از بخاری و مسلم)

وقد تم تفسير سورة ص في شهر ربيع الآخر ١٤١٧ه والحمد لله الهاد الى سبيل الرشاد والصلوٰة على نبيه سيد العباد وعلى اٰله وصحبه ومن تبعهم باحسان الى يوم المعاد.

☆☆☆..........☆☆☆

۷۵ آیتیں اور ۸ رکوع	سورۃ الزمر	مکی

(۳۹) سُوْرَةُ الزُّمَرِ مَكِّيَّةٌ (۵۹) ۔ اٰیاتُہا ۷۵ ۔ رکوعاتُہا ۸

سورۂ زمر مکہ معظمہ میں نازل ہوئی اس میں پچھتر آیات اور آٹھ رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے۔

تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ۝۱ اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ فَاعْبُدِ اللّٰهَ

یہ نازل کی ہوئی کتاب ہے اللہ کی طرف سے جو غلبہ والا ہے حکمت والا ہے۔ بلاشبہ ہم نے آپ کی طرف حق کے ساتھ کتاب نازل کی سو آپ اللہ کی عبادت کیجئے

مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ ۝۲ اَلَا لِلّٰهِ الدِّيْنُ الْخَالِصُ ؕ وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ ۘ مَا نَعْبُدُهُمْ

اس طرح سے کہ اسی کے لئے دین خالص ہو۔ خبردار اللہ ہی کے لئے دین خالص ہے اور جن لوگوں نے اس کے علاوہ شرکاء بنالئے وہ کہتے ہیں

وقف لازم

اِلَّا لِيُقَرِّبُوْنَآ اِلَى اللّٰهِ زُلْفٰى ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ فِيْ مَا هُمْ فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ۬ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا

کہ ہم انکی عبادت صرف اسی لئے کرتے ہیں کہ ہمیں اللہ کا زیادہ مقرب بنادیں، جن باتوں میں یہ لوگ اختلاف کرتے ہیں، بلاشبہ اللہ انکے درمیان فیصلہ

يَهْدِيْ مَنْ هُوَ كٰذِبٌ كَفَّارٌ ۝۳ لَوْ اَرَادَ اللّٰهُ اَنْ يَّتَّخِذَ وَلَدًا لَّاصْطَفٰى مِمَّا يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ۙ

فرمادیگا، بلاشبہ اللہ ایسے شخص کو ہدایت نہیں دیتا جو جھوٹا ہو کافر ہو۔ اگر اللہ چاہتا کہ کسی کو اولاد بنائے تو جسے چاہتا اپنی مخلوق میں سے منتخب فرمالیتا،

سُبْحٰنَهٗ ؕ هُوَ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۝۴ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۚ يُكَوِّرُ الَّيْلَ عَلَى النَّهَارِ

وہ پاک ہے۔ وہ اللہ ہے، تنہا ہے زبردست ہے اس نے آسمانوں کو اور زمین کو حق کے ساتھ پیدا فرمایا وہ رات کو دن پر لپیٹتا ہے اور دن کو رات پر لپیٹتا ہے

وَيُكَوِّرُ النَّهَارَ عَلَى الَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ اَلَا هُوَ الْعَزِيْزُ

اور اس نے چاند اور سورج کو مسخر فرمایا ہے، ہر ایک وقت مقرر تک جاری ہے، خبردار وہ زبردست ہے بڑا

الْغَفَّارُ ۝۵ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ الْاَنْعَامِ ثَمٰنِيَةَ

بخشنے والا ہے، اس نے تمہیں ایک جان سے پیدا فرمایا پھر اسی سے اس کا جوڑا بنایا، اور تمہارے لئے چوپایوں میں سے آٹھ قسم کے

اَزْوَاجٍ ؕ يَخْلُقُكُمْ فِىْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ خَلْقًا مِّنْۢ بَعْدِ خَلْقٍ فِىْ ظُلُمٰتٍ ثَلٰثٍ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ

جوڑے بنائے، وہ تمہیں تمہاری ماؤں کے پیٹوں میں پیدا فرماتا ہے ایک پیدائش کے بعد دوسری پیدائش کے بعد ہوتی ہے۔ تین اندھیریوں میں۔ یہ اللہ ہے تمہارا رب ہے اسی کے

لَهُ الْمُلْكُ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ۝

لئے ملک ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں سو تم کہاں پھرے جا رہے ہو۔

اللہ واحد ہے، قہار ہے، عزیز ہے، غفار ہے، اس نے چاند، سورج کو مسخر فرمایا انسان کو تین اندھیریوں میں پیدا فرمایا

یہاں سے سورۂ زمر شروع ہو رہی ہے اوپر چھ آیات کا ترجمہ کیا گیا ہے ان آیات میں انزال قرآن اور اثبات توحید اور شرک کی تردید فرمائی ہے اور اللہ جل شانہٗ کی شان خالقیت کو بیان فرمایا ہے۔

اوّل تو یہ فرمایا کہ یہ کتاب اللہ کی طرف سے نازل ہوئی ہے جو عزیز یعنی عزت اور غلبہ والا ہے اور حکیم یعنی حکمت والا ہے پھر غیبوبت سے تکلم کی طرف التفات فرمایا اور فرمایا کہ ہم نے تمہاری طرف کتاب کو حق کے ساتھ نازل فرمایا ہے لہٰذا آپ اپنے دین کو یعنی اعتقاد کو اللہ ہی کے لئے خالص رکھتے ہوئے اللہ ہی کی عبادت کیجئے، اس میں بظاہر آپ کو خطاب ہے اور اسی کے ذیل میں دوسرے بندوں سے بھی خطاب ہو گیا، جب آپ پر لازم ہے کہ توحید پر جمے رہیں تو دوسروں پر توحید اختیار کرنا کیونکر فرض نہ ہوگا، پھر خطاب عام فرمایا اَلَا لِلّٰهِ الدِّيْنُ الْخَالِصُ خبردار دین خالص اللہ ہی کے لئے (یعنی سب بندوں پر فرض ہے کہ موحد بنے رہیں)۔

اس کے بعد مشرکین کی ایک بڑی گمراہی اور انکے جھوٹے دعوے کا تذکرہ فرمایا اور وہ یہ کہ جن لوگوں نے اللہ کے سوا اولیاء بنا رکھے ہیں یعنی شرکاء تجویز کر رکھے ہیں وہ ان کے بارے میں کہتے ہیں کہ ہم تو انکی عبادت صرف اس لئے کرتے ہیں کہ یہ ہمیں اللہ کا مقرب بنا دیں گے یعنی ہماری عبادات کو اللہ کے حضور میں پیش کر دیں گے یا ہماری حاجت روائی کے لئے سفارش کر دیں گے۔ بات یہ ہے کہ شیطان بڑا چالاک ہے گمراہ کرنے میں ماہر ہے اس سلسلہ کے داؤ پیچ خوب جانتا ہے جب لوگوں کو شرک پر ڈالا اور حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام اور انکے داعیوں نے توحید کی طرف بلایا اور شرک کی برائی بیان کی تو مشرکین کی سمجھ میں کچھ بات آنے لگی لہٰذا شیطان نے انہیں یہ پٹی پڑھا دی کہ تمہارا یہ غیر اللہ کی عبادت کرنا توحید کے خلاف نہیں ہے۔ بلکہ توحید ہی کی ایک صورت ہے اللہ تعالیٰ کے علاوہ جن کی عبادت کرتے ہو یہ اللہ تعالیٰ کے خاص بندے ہیں۔ جب تک کوئی واسطہ نہ ہو اللہ تعالیٰ کی ذات عالی تک تم کہاں پہنچ سکتے ہو اللہ کے سوا جن معبودوں کی عبادت کرتے ہو یہ تو وسائط ہیں اللہ تعالیٰ کے ہاں تمہاری سفارش کر دیں گے، لہٰذا یہ بھی ایک طرح سے اللہ تعالیٰ ہی کی عبادت ہوئی اور اسکی ذات عالی تک پہنچنے کا ایک ذریعہ ہوا، دیکھو دنیا میں چھوٹے موٹے وزیروں سے کام لینا ہو تو سفارش کی ضرورت پڑتی ہے جب بلا واسطہ مخلوق تک بات نہیں پہنچ سکتی تو خالق تعالیٰ کی ذات عالی تک بلا واسطہ تمہاری پہنچ کیسے ہو سکتی ہے۔ شیطان کی یہ بات مشرکین کے دلوں میں اُتر گئی اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ شرک کو چھوڑو اللہ کی عبادت کرو تو وہ یہی جواب دیتے ہیں کہ ہم تو انکی عبادت اس لئے کرتے ہیں کہ ہمیں اللہ تعالیٰ تک پہنچا دیں گے جو قومیں فرشتوں کو، جنات کو، بتوں کو پوجتی ہیں اور انکے علاوہ جو قبر پرست ہیں، یہی بات کہتے ہیں کہ ہم جو انکی قبروں کو سجدہ کرتے ہیں اور انکی نیازیں مانتے ہیں یہ کوئی توحید کے خلاف نہیں یہ قبر والے اللہ تعالیٰ کے بارگاہ میں

سفارش کر کے ہمیں بخشوا دیں گے، انہیں شرک بھاتا ہے جو دوزخ میں لے جانے والا ہے اور توحید کی بات بری لگتی ہے اَلَا سَآءَ مَا یَحْكُمُوْنَ ۔

اللہ جل شانہٗ نے ارشاد فرمایا: اِنَّ اللّٰهَ یَحْكُمُ بَیْنَهُمْ فِیْمَا هُمْ فِیْهِ یَخْتَلِفُوْنَ ۔ (کہ لوگ جس چیز میں اختلاف کرتے ہیں اللہ تعالیٰ انکے درمیان فیصلہ فرما دے گا) دلائل کے ذریعہ دنیا میں بھی حق اور باطل کا فیصلہ فرما دیا ہے قیامت کے روز عملی طور پر فیصلہ فرما دے گا کہ اہل حق کو جنت میں اور کفر و شرک والوں کو دوزخ میں بھیج دے گا۔

پھر فرمایا اِنَّ اللّٰهَ لَا یَهْدِیْ مَنْ هُوَ كٰذِبٌ كَفَّارٌ (کہ بلاشبہ اللہ اس شخص کو ہدایت نہیں دیتا جو جھوٹا ہو اور کافر ہو) ہدایت کی دو صورتیں ہیں ایک ہدایت کا راستہ بتا دینا وہ تو سبھی کے لئے ہے اور ایک حق قبول کرنے کی حد تک پہنچا دینا یہ ہدایت ان لوگوں کو نہیں ہوتی جن میں عناد ہو اقوال کفریہ اور عقائد کفریہ پر اصرار ہو اور حق کی طلب نہ ہو۔ یہاں وہی ہدایت مراد ہے جسے علمی زبان میں ایصال الی المطلوب سے تعبیر کیا جاتا ہے، اس کے بعد ان لوگوں کی تردید فرمائی جو اللہ کے لئے اولاد تجویز کرتے ہیں: لَوْ اَرَادَ اللّٰهُ اَنْ یَّتَّخِذَ (الأیۃ) اگر اللہ تعالیٰ کسی کو اپنی اولاد بنانا چاہتا تو اپنی مخلوق میں سے کسی کو منتخب فرما لیتا لیکن اولاد ہونا اس کے لئے عیب ہے وہ اس سے پاک ہے کہ اس کے لئے کوئی اولاد ہو وہ بالکل ہی یکتا ہے اور قہار ہے یعنی غلبہ والا ہے اسے کسی کی ضرورت اور حاجت نہیں ہیں، عموماً مخلوق اس لئے اولاد کی آرزو کرتی ہے کہ آڑے وقت میں اور بڑھاپے میں کام آئے، اللہ تعالیٰ ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا اس کی ذات و صفات میں کوئی تغیر و تبدل نہیں، نہ اس میں کبھی ضعف آئے گا۔ اسے نہ کسی کی مدد کی ضرورت ہے نہ کبھی ضرورت ہوگی کوئی اس کے مماثل اور مجانس نہیں ہے غیر جنس اولاد ہونا یوں بھی نامعقول بات ہے وہ واحد ہے وحدہٗ لاشریک ہے اس کے لئے اولاد نہیں ہو سکتی۔

پھر لیل و نہار اور شمس و قمر کا تذکرہ فرمایا اس میں بھی شان خالقیت کا مظاہرہ ہے، ارشاد فرمایا کہ اس نے آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ پیدا فرمایا وہ دن کو رات پر اور رات کو دن پر لپیٹ دیتا ہے یعنی کام میں لگا دیا ان دونوں کو جس کام میں لگایا ہے اس میں لگے ہوئے ہیں ان کا کام بھی مقرر ہے اور ان کی اجل بھی مقرر ہے، مقررہ اجل تک چل رہے ہیں اور چلتے رہیں گے۔ پھر جب خالق جل مجدہٗ کا حکم ہوگا، تو بے نور کر دیئے جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ عزیز ہے غلبہ والا ہے اسکی مشیت اور ارادہ اور تکوین کے خلاف کوئی نہیں چل سکتا وہ غفار بھی ہے جو لوگ منکر ہیں اگر وہ انکار سے توبہ کر لیں اور مؤمن ہو جائیں تو انہیں بخش دے گا کوئی شخص یہ نہ سمجھے کہ اتنے لوگوں کو اور اتنے گناہوں کو کیسے بخش دے گا جو شخص ایسا سوال اٹھائے اس کے جواب میں اللہ تعالیٰ کی صفت الغفّار بیان فرما دی کہ وہ بڑا غفار ہے بڑا بخشنے والا ہے۔

اسکے بعد ارشاد فرمایا خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ (اللہ نے تمہیں ایک جان یعنی آدم علیہ السلام سے پیدا کیا) ثُمَّ جَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا پھر اسی جان سے اس کا جوڑا بنا دیا یعنی حضرت آدم علیہ السلام کی انسیت کے لئے حضرت حواء کو پیدا فرمایا انکی پیدائش حضرت آدم علیہ السلام کی پسلی سے فرما دی اور دونوں کی نسل دنیا میں پھیلا دی جو کروڑوں کی تعداد میں موجود ہے۔

وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ الْاَنْعَامِ ثَمٰنِیَةَ اَزْوَاجٍ (اور تمہارے لئے چوپایوں میں سے آٹھ قسمیں پیدا فرما دی ہیں آٹھ قسموں سے اونٹ، گائے، بھیڑ اور بکری کے جوڑے، نر اور مادہ مراد ہیں جیسا کہ سورۃ الانعام میں آٹھوں قسموں کا تذکرہ گزر چکا ہے۔

یَخْلُقُكُمْ فِیْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ خَلْقًا مِّنْۢ بَعْدِ خَلْقٍ (وہ ماؤں کے پیٹ میں تمہاری ایک پیدائش کے بعد دوسری پیدائش فرماتا ہے) یعنی نطفہ کو عَلَقَه یعنی جما ہوا خون لوتھڑے کی شکل میں بنا دیتا ہے پھر اسے مُضْغَةً یعنی بوٹی بنا دیتا ہے پھر اسکو ہڈیاں بنا دیتا ہے پھر

ان ہڈیوں پر گوشت چڑھا دیتا ہے۔

فِىْ ظُلُمَاتٍ ثَلاثٍ (یہ ساری تخلیق تین اندھیریوں میں ہوتی ہے) ایک اندھیری ماں کے پیٹ کی، دوسری رحم کی، تیسری اس جھلی کی جس میں بچہ لپٹا ہوا ہوتا ہے۔ یہ سب کچھ اللہ تعالیٰ کی قدرت کاملہ اور علم کامل پر دلالت کرتا ہے ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ (یہ ہے اللہ تمہارا رب) لَهُ الْمُلْكُ (اسی کی سلطنت ہے) لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ (اس کے سوا کوئی معبود نہیں) فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ (سو تم کہاں پھرے جا رہے ہو) حق چھوڑ کر باطل کی طرف رخ کئے ہوئے ہو، خالق کائنات جل مجدہ کی توحید سے منہ موڑ کر شرک میں مبتلا ہو رہے ہو جس نے تمہیں تین تاریک کوٹھریوں میں پیدا فرمایا اس کی توحید سے منہ موڑ کر غیروں کو لائق عبادت سمجھنا کیا یہ تمہاری حماقت نہیں ہے؟

اِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِىٌّ عَنْكُمْ وَلَا يَرْضٰى لِعِبَادِهِ الْكُفْرَ وَاِنْ تَشْكُرُوْا يَرْضَهُ لَكُمْ وَلَا

اگر تم کفر کرو سو بلاشبہ اللہ تم سے بے نیاز ہے اور وہ اپنے بندوں کے لئے کفر کو پسند نہیں فرماتا اور اگر تم شکر کرو تو وہ اس کو تمہارے لئے پسند فرماتا ہے، اور

تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ مَّرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ

کوئی بوجھ اٹھانے والا دوسرے کا بوجھ نہیں اُٹھائے گا، پھر تمہیں اپنے رب کی طرف لوٹ جانا ہے، سو وہ تمہیں تمہارے سب اعمال جتا دے گا،

اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۞

بلاشبہ وہ سینوں کی باتوں کا جاننے والا ہے۔

اللہ تعالیٰ بے نیاز ہے کفر سے راضی نہیں شکر اسے محبوب ہے

گزشتہ آیات میں توحید کی دعوت تھی اور شرک اور کفر اختیار کرنیوالوں کی حماقت اور ضلالت بیان فرمائی تھی۔ اگر کسی کو یہ وہم اور وسوسہ ہو کہ اللہ تعالیٰ کو ہمارے موحد ہونے کی یا اسکی عبادت کرنے کی ضرورت ہے تو اس وہم اور وسوسہ کو دور فرما دیا کہ اگر تم کفر اختیار کرو اور اسی پر جمے رہو تو اللہ تعالیٰ کے کمالات میں کوئی کمی نہیں آئے گی وہ تم سے بے نیاز ہے۔ تمہارا حاجتمند نہیں ہے، لیکن اس کا یہ مطلب بھی نہیں کہ وہ اپنے بندوں کے کفر سے راضی ہے اگر کوئی شخص کافر ہوگا تو وہ اس کے کفر کی سزا دے گا۔ اور اگر تم شکر کرو گے اس پر ایمان لاؤ گے اسکی توحید کے قائل ہو گے، اور دل سے مانو گے تو وہ اسکی قدردانی فرمائے گا جس پر انعامات دے گا کفر میں تمہارا ہی نقصان ہے اور ایمان لانے میں تمہارا ہی نفع ہے۔

اور یہ جو تم کفر اختیار کرتے ہو اپنے سرداروں کے بہکاوے میں آتے ہو اس بارے میں نہ سمجھ لینا کہ ہمارے کفر کا وبال ان ہی لوگوں پر پڑے گا اور ہمارا مواخذہ نہ ہوگا اس بات کو واضح کرنے کے لئے فرمایا وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى (کوئی جان کسی کا بوجھ نہ اٹھائے گی) ہر شخص کو اپنے کفر کی سزا دائمی عذاب کی صورت میں بھگتنی ہوگی۔

اور یہ بھی سمجھ لینا چاہئے کہ تمہیں اپنے رب کی طرف لوٹ کر جانا ہے وہ تمہارے اعمال سے آگاہ فرما دے گا۔ کوئی شخص یہ نہ سمجھے کہ میرے اعمال کی پیشی نہ ہوگی یا یہ کہ میرے اعمال وجود میں آ کر معدوم ہو جائیں گے تو کیونکر پیش ہوں گے، بات یہ ہے کہ جس نے پیدا فرمایا ہے جان دی ہے اسے تمہارے سب کاموں کا علم ہے اور نہ صرف ظاہری اعمال کا علم ہے بلکہ دلوں کی باتوں تک کا اسے علم ہے، وہ

تمہیں بتادے گا اور جتادے گا کہ تم نے یہ اعمال کئے ہیں بلکہ دلوں کی باتوں تک کا اسے علم ہے، وہ تمہیں بتادے گا اور جتادے گا کہ تم نے یہ یہ اعمال کئے ہیں لہٰذا وہاں کی پیشی کے لئے تیار رہو ایمان لاؤ اور اعمال صالحہ اختیار کرو۔

وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَا رَبَّهٗ مُنِيْبًا اِلَيْهِ ثُمَّ اِذَا خَوَّلَهٗ نِعْمَةً مِّنْهُ نَسِيَ مَا

اور انسان کو جب کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو اپنے رب کو پکارنے لگتا ہے اس کی طرف متوجہ ہو کر، پھر جب وہ اسے اپنی طرف سے کوئی نعمت عطا فرما دیتا ہے تو وہ اس

كَانَ يَدْعُوْٓا اِلَيْهِ مِنْ قَبْلُ وَجَعَلَ لِلّٰهِ اَنْدَادًا لِّيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ؕ قُلْ تَمَتَّعْ بِكُفْرِكَ

بات کو بھول جاتا ہے جس کے لئے پہلے پکار رہا تھا۔ اور اللہ کے لئے شریک تجویز کرنے لگتا ہے، تاکہ اس کی راہ سے گمراہ کرے، آپ فرما دیجئے کہ تو اپنے کفر کے

قَلِيْلًا ۖ اِنَّكَ مِنْ اَصْحٰبِ النَّارِ ۝۸ اَمَّنْ هُوَ قَانِتٌ اٰنَآءَ الَّيْلِ سَاجِدًا وَّ

ذریعہ تھوڑا سا نفع حاصل کر لے، بلاشبہ تو دوزخ والوں میں سے ہے، کیا وہ شخص جو رات کے اوقات میں عبادت میں لگا ہوا ہوتا ہے حالت سجدہ میں اور

قَآئِمًا يَّحْذَرُ الْاٰخِرَةَ وَيَرْجُوْا رَحْمَةَ رَبِّهٖ ؕ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الَّذِيْنَ يَعْلَمُوْنَ وَالَّذِيْنَ

حالت قیام میں آخرت سے ڈرتا ہے اور اپنے رب کے رحمت کا امیدوار ہے، آپ فرما دیجئے کیا وہ لوگ برابر ہیں جو جاننے والے ہیں اور جو جاننے

لَا يَعْلَمُوْنَ ؕ اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝۹

والے نہیں ہیں، عقل والے ہی نصیحت حاصل کرتے ہیں۔

تکلیف پہنچتی ہے تو انسان اپنے رب کو توجہ کے ساتھ پکارتا ہے اور نعمت کے زمانہ میں دعاؤں کو بھول جاتا ہے

یہ دو آیتوں کا ترجمہ ہے پہلی آیت میں انسان کا مزاج بتایا ہے اور وہ یہ ہے کہ جب اسے تکلیف پہنچ جائے تو اپنے رب کی طرف رجوع کر کے پکارنا شروع کر دیتا ہے۔ دعا پر دعا کرتا چلا جاتا ہے جو دوسرے معبود بنائے ہوئے رہتا ہے ان سب کو یکسر بھول جاتا ہے اور خالص اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع ہوتا ہے کیونکہ وہ سمجھتا ہے کہ ان جھوٹے معبودوں سے کوئی فائدہ پہنچنے والا نہیں پھر جب اللہ تعالیٰ اپنی طرف سے نعمت عطا فرما دیتا ہے تو اس حاجت وضرورت کو بھول جاتا ہے جس کے لئے پہلے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگی تھی اور صرف یہی نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کے لئے شریک تجویز کرنے لگتا ہے۔ جس کا اثر یہ ہوتا ہے کہ دوسروں کو بھی گمراہ کرتا ہے اور اللہ کی راہ سے ہٹاتا ہے سورۃ العنکبوت میں فرمایا۔ فَاِذَا رَكِبُوْا فِي الْفُلْكِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ فَلَمَّا نَجّٰىهُمْ اِلَى الْبَرِّ اِذَا هُمْ يُشْرِكُوْنَ. لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ وَلِيَتَمَتَّعُوْا فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ (سو جب کشتی میں سوار ہوتے ہیں تو خالص اعتقاد کر کے اللہ ہی کو پکارنے لگتے ہیں پھر جب وہ انہیں خشکی کی طرف نجات دے دیتا ہے تو اچانک وہ شرک کرنے لگتے ہیں تاکہ ان نعمتوں کی ناقدری کریں جو ہم نے انہیں دی ہیں تاکہ نفع حاصل کرلیں، سو عنقریب جان لیں گے۔

ارشاد فرمایا قُلْ تَمَتَّعْ بِكُفْرِكَ قَلِيْلًا (آپ فرما دیجئے کہ تو اپنے کفر کے ذریعہ تھوڑا سا نفع حاصل کرلے اِنَّكَ مِنْ اَصْحٰبِ

النَّارِ ۔ (بے شک تو دوزخ والوں میں سے ہے) اس میں ان لوگوں کو تنبیہ فرمادی جو کفر کو اس لئے نہیں چھوڑتے کہ اس سے دنیا کے قلیل اور کثیر فوائد اور منافع وابستہ ہوتے ہیں کوئی اقتدار کی کرسی کی وجہ سے اور کوئی جائداد باقی رکھنے کیلئے اور کوئی اعزہ واقرباء کے تعلقات کے پیش نظر کفر پر جما ہوا ہے، یہ نہیں سمجھتے کہ یہ دنیا کا تھوڑا سا نفع ہے دوزخ کی آگ بہت بڑا عذاب ہے۔ اگر کسی سے یوں کہا جائے کہ دنیا والی آگ کو پانچ منٹ ہاتھ میں لے لو اور اسکے عوض بادشاہ یا وزیر یا بہت بڑے جاگیردار بن جاؤ تو اسے کبھی گوارا نہیں کرسکتا لو عجیب بات ہے کہ دوزخ کے دائمی عذاب کے لئے تیار ہیں اور حقیر دنیا کا نقصان گوارا نہیں جو تھوڑی ہے اور تھوڑی مدت کے لئے ہے اگرچہ دیکھنے میں بہت زیادہ معلوم ہوتی ہو۔

صالحین کی صفات .... دوسری آیت میں ارشاد فرمایا کہ جو شخص اس طرح رات گزارتا ہو کہ اللہ کی عبادت میں لگا ہوا ہے کبھی سجدہ میں ہے کبھی کھڑا ہوا ہے جو آخرت کے مؤاخذہ سے ڈرتا ہے۔ اور اپنے رب کی رحمت کا امیدوار ہے کیا یہ شخص اس شخص کے برابر ہوسکتا ہے جو کافر ہو گناہوں میں لگا ہوا ہو (یہ بطور استفہام انکاری ہے) مطلب یہ ہے کہ عبادت گزار شخص جو راتوں رات اللہ تعالیٰ کی عبادت میں مشغول رہتا ہے جو آخرت سے ڈرتا ہے اور جو اللہ تعالیٰ کی رحمت کا امیدوار ہے یہ شخص اور اللہ تعالیٰ کا نافرمان کافر بندہ برابر نہیں ہوسکتے، بلکہ مؤمن صالح اور مسلم فاسق بھی برابر نہیں ہوسکتے جیسا کہ سورۂ ص میں فرمایا۔ اَمْ نَجْعَلُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ کَالْمُفْسِدِیْنَ فِی الْاَرْضِ اَمْ نَجْعَلُ الْمُتَّقِیْنَ کَالْفُجَّارِ۔

پھر فرمایا: قُلْ هَلْ یَسْتَوِی الَّذِیْنَ یَعْلَمُوْنَ وَالَّذِیْنَ لَا یَعْلَمُوْنَ (آپ فرمادیجئے کیا جاننے والے اور بے علم برابر ہوسکتے ہیں؟) یعنی برابر نہیں ہوسکتے، مطلب یہ ہے کہ جو لوگ اہل علم ہیں جن کے علم نے انہیں ایمان کی روشنی دکھائی ہے جس کی وجہ سے انہوں نے ایمان قبول کیا اور عبادت میں لگے اور جو لوگ جاہل ہیں اللہ تعالیٰ کی توحید کو نہیں جانتے یہ دونوں فریق برابر نہیں ہوسکتے نہ جہل علم کے برابر ہے نہ جاہل عالم کے برابر ہے اور نہ دونوں کا مرتبہ برابر ہے۔ جب قیامت کے دن حاضر ہوں گے تو اہل علم اصحاب ایمان جنت میں اور اہل کفر دوزخ میں بھیج دیئے جائیں گے۔

اِنَّمَا یَتَذَکَّرُ اُولُو الْاَلْبَابِ (جو لوگ عقل والے ہیں وہی نصیحت حاصل کرتے ہیں) جن لوگوں کو عقل نہیں یا عقل بے جا استعمال کرتے ہیں وہ لوگ نصیحت حاصل نہیں کرتے قرآن سنتے ہیں قرآن کی دعوت اور اسکی تعلیمات پر ایمان نہیں لاتے، بے شمار آدمی ایسے ہیں جو دنیاوی کاموں میں بہت آگے آگے ہیں نئی نئی مصنوعات ایجاد کرتے ہیں انسان کی ترقی کے لئے بہت کچھ سوچتے ہیں طرح طرح کی مشینری مارکیٹ میں لاتے ہیں سائنس اور جغرافیہ کی بڑی بڑی باتیں کرتے ہیں لیکن کافر ومشرک ہیں اپنے خالق کو نہیں پہچانتے بہت سے لوگ تو خالق تعالیٰ شانہٗ کے وجود ہی کو نہیں مانتے اور جو مانتے ہیں وہ مشرک ہیں اس کے لئے اولاد بھی تجویز کرتے ہیں اور غیر اللہ کی عبادت بھی کرتے ہیں یہ عقلمندی بیکار ہے ایسے لوگوں کے عقل پر پتھر پڑے ہوئے ہیں ایسی عقل کا کیا فائدہ جو دوزخ میں لے جائے۔

نماز تہجد کی فضیلت .... آیت کریمہ سے نماز تہجد کی فضیلت معلوم ہوئی۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ فرض نمازوں کے بعد افضل ترین نماز وہ نماز ہے جو رات کے درمیانی حصے میں پڑھی جائے۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۱۱۰) اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ میری امت کے اشراف (یعنی شرافت والے) وہ لوگ ہیں جو حاملین قرآن ہیں اور راتوں کو نمازیں پڑھنے والے ہیں۔ (مشکوٰۃ المصابیح ۱۴۰) حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نمازوں میں اتنا قیام فرمایا کہ آپکے اگلے پچھلے سب گناہ بخش دیئے ہیں

(گناہوں سے وہ لغزشیں مراد ہیں جن کی خطا اجتہادی طور پر صادر ہو) آپ نے فرمایا تو کیا میں شکر گزار بندہ نہ بنوں؟ (رواہ البخاری) یعنی اللہ تعالیٰ کے انعام کا تقاضا تو یہ ہے کہ اور زیادہ عبادت گزار ہونا چاہئے نہ یہ کہ تھوڑی عبادت پر اکتفا کیا جائے۔ یَحْذَرُ الْاٰخِرَةَ وَيَرْجُوْا رَحْمَةَ رَبِّهٖ سے معلوم ہوا کہ خوف اور امید ساتھ ساتھ ہونا چاہئے یہ مومن کی صفات ہیں سورۃ الانبیاء میں چند حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کا تذکرہ کرنے کے بعد فرمایا: اِنَّهُمْ كَانُوْا يُسَارِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ وَيَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّرَهَبًا (یہ سب نیک کاموں میں دوڑتے تھے اور امید وبیم کے ساتھ ہماری عبادت کیا کرتے تھے) اور سورۂ الٓم سجدہ میں فرمایا: تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا وَّمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۔ (ان کے پہلو خوابگاہوں سے علیحدہ ہوتے ہیں اس طور پر کہ وہ اپنے رب کو امید سے اور خوف سے پکارتے ہیں اور ہماری دی ہوئی چیزوں میں سے خرچ کرتے ہیں) ان دونوں آیتوں سے بھی معلوم ہوا کہ اعمال صالحہ میں بھی لگے اللہ تعالیٰ سے دعا بھی کرے امید بھی رکھے ڈرتا بھی رہے یہ حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام اور عباد صالحین کا طریقہ ہے۔ عمل نہ کرنا اور خالی امید رکھنا یہ ایمانی تقاضوں کے خلاف ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ ایک جوان شخص کے پاس تشریف لے گئے، یہ اُن کی موت کا وقت تھا۔ آپ نے فرمایا کہ تم اپنے کو کس حال میں پاتے ہو، عرض کیا کہ میں اللہ سے امید رکھتا ہوں اور اپنے گناہوں پر مؤاخذہ ہونے سے ڈرتا ہوں، آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے انکی بات سن کر فرمایا اس جیسے موقعہ میں (یعنی موت کے وقت) جس کسی بندہ کے دل میں یہ دونوں باتیں جمع ہوں گی۔ اللہ اسکی امید کے مطابق ضرور اسے (انعام) عطا فرمائے گا اور وہ جس چیز سے ڈر رہا ہے اس سے امن وامان میں رکھے گا۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۱۱۰)

قُلْ يٰعِبَادِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ؕ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ؕ

آپ فرما دیجئے کہ اے میرے بندو جو ایمان لائے اپنے رب سے ڈرو، یہی بات ہے کہ جن لوگوں نے اس دنیا میں اچھے کام کئے انکے لئے اچھا بدلہ ہے

وَاَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةٌ ؕ اِنَّمَا يُوَفَّى الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝۱۰ قُلْ اِنِّيْۤ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ اللّٰهَ

اور اللہ کی زمین فراخ ہے، صبر کرنیوالوں کو ان کا پورا اجر بغیر حساب دیا جائے گا۔ آپ فرما دیجئے کہ بلاشبہ مجھے حکم دیا گیا ہے کہ اس طرح اللہ کی عبادت کروں

مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ ۝۱۱ وَاُمِرْتُ لِاَنْ اَكُوْنَ اَوَّلَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝۱۲ قُلْ اِنِّيْۤ اَخَافُ اِنْ

کہ عبادت اسی کے لئے خالص ہو۔ اور مجھے حکم ہوا ہے کہ میں سب سے پہلا مسلمان ہوں۔ آپ فرما دیجئے اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں تو بڑے

عَصَيْتُ رَبِّيْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝۱۳ قُلِ اللّٰهَ اَعْبُدُ مُخْلِصًا لَّهُ دِيْنِيْ ۝۱۴

دن کے عذاب کا خوف رکھتا ہوں۔ آپ فرما دیجئے کہ بیشک میں اللہ ہی کی عبادت کرتا ہوں اس طرح سے کہ میری عبادت اسی کے لئے خالص ہے۔

فَاعْبُدُوْا مَا شِئْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ ؕ قُلْ اِنَّ الْخٰسِرِيْنَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْۤا اَنْفُسَهُمْ وَاَهْلِيْهِمْ يَوْمَ

سوا اسے چھوڑ کر تم جس کی چاہو عبادت کرو، آپ فرما دیجئے کہ بلاشبہ نقصان میں پڑنے والے وہی لوگ ہیں جو قیامت کے دن اپنی جانوں سے اور اپنے اہل وعیال سے

الْقِيٰمَةِ ؕ اَلَا ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ ۝۱۵ لَهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ ظُلَلٌ مِّنَ النَّارِ وَمِنْ تَحْتِهِمْ ظُلَلٌ ؕ

خسارہ میں پڑ گئے خبردار یہ صریح خسارہ ہے۔ ان کے لئے ان کے اوپر سے آگ کے شعلے ہوں گے اور ان کے نیچے سے بھی شعلے ہوں گے، یہ وہ بات ہے جس سے اللہ اپنے بندوں کو

ذٰلِكَ يُخَوِّفُ اللّٰهُ بِهٖ عِبَادَهٗ ؕ يٰعِبَادِ فَاتَّقُوْنِ ﴿۱۶﴾ وَالَّذِيْنَ اجْتَنَبُوا الطَّاغُوْتَ اَنْ يَّعْبُدُوْهَا

ڈراتا ہے، اے میرے بندو سو تم مجھ سے ڈرو۔ اور جن لوگوں نے اس بات سے پرہیز کیا کہ شیطان کی عبادت کریں

وَاَنَابُوْٓا اِلَى اللّٰهِ لَهُمُ الْبُشْرٰى ۚ فَبَشِّرْ عِبَادِ ﴿۱۷﴾ الَّذِيْنَ يَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُوْنَ

اور وہ اللہ کی طرف متوجہ ہوئے ان کے لئے خوشخبری ہے سو آپ میرے ان بندوں کو خوشخبری سنا دیجئے۔ جو اس کلام کو کان لگا کر سنتے ہیں پھر اسکی اچھی سے اچھی باتوں

اَحْسَنَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ هَدٰىهُمُ اللّٰهُ وَاُولٰٓئِكَ هُمْ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۱۸﴾ اَفَمَنْ حَقَّ عَلَيْهِ كَلِمَةُ

کا اتباع کرتے ہیں، یہ وہ لوگ ہیں جنہیں اللہ نے ہدایت دی اور یہی وہ لوگ ہیں جو عقل والے ہیں۔ سو جس شخص کے بارے میں عذاب کی

الْعَذَابِ ؕ اَفَاَنْتَ تُنْقِذُ مَنْ فِى النَّارِ ﴿۱۹﴾ لٰكِنِ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ غُرَفٌ مِّنْ فَوْقِهَا غُرَفٌ

بات طے ہو چکی ہے کیا آپ اسے چھڑالیں گے جو دوزخ میں ہے۔ لیکن جو لوگ اپنے رب سے ڈرے ان کے لئے بالا خانے بنے ہوئے ہیں ان کے نیچے

مَّبْنِيَّةٌ ۙ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ وَعْدَ اللّٰهِ ؕ لَا يُخْلِفُ اللّٰهُ الْمِيْعَادَ ﴿۲۰﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ

نہریں جاری ہوں گی یہ اللہ نے وعدہ فرمایا ہے، اللہ وعدہ خلاف نہیں فرماتا۔ کیا تو نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے آسمان سے پانی

السَّمَآءِ مَآءً فَسَلَكَهٗ يَنَابِيْعَ فِى الْاَرْضِ ثُمَّ يُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ

نازل فرمایا پھر اسکو زمین کی سوتوں میں داخل کر دیا پھر اس کے ذریعہ کھیتیاں نکالتا ہے جن کی قسمیں مختلف ہیں پھر وہ کھیتی خشک ہو جاتی ہے

مُصْفَرًّا ثُمَّ يَجْعَلُهٗ حُطَامًا ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى لِاُولِى الْاَلْبَابِ ﴿۲۱﴾ ع ۱۲/۱۶

سو تو اسے دیکھتا ہے پیلے رنگ کی حالت میں پھر وہ اسے چورا چورا بنا دیتا ہے، بلا شبہ اس میں عقل والوں کیلئے نصیحت ہے۔

اللہ سے ڈرنے اور خالص اسکی عبادت کرنے کا حکم

ان آیات میں اللہ جل شانہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو متعدد باتوں کا اعلان کرنے کا حکم دیا ہے اول تو یہ فرمایا کہ آپ میرے مؤمن بندوں سے فرما دیجئے کہ تم اپنے رب سے ڈرو، یہ ڈرنا اعمال صالحہ پر ابھارنے اور گناہوں سے بچنے کا ذریعہ ہوتا ہے۔ جب کوئی شخص اعمال صالحہ ادا کرتا ہے تو اسکی نیکیاں جمع ہوتی رہتی ہیں۔ ان نیکیوں پر صبر کرنا اور جمے رہنا مبارک ہے صبر کرنیوالوں کا پورا پورا اجر وثواب اللہ تعالیٰ بغیر حساب کے عطا فرما دے گا۔ ساتھ ہی یہ بھی فرمایا وَاَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةٌ (کہ اللہ کی زمین فراخ ہے)

اس میں یہ بیان فرمایا کہ جو کوئی ایسی جگہ رہتا ہو جہاں کافر رہتے اور بستے ہیں اور انکے نرغہ میں رہنے کی وجہ سے دین پر نہیں جم سکتا اور اعمال صالحہ انجام نہیں دے سکتا اور ممنوعات شرعیہ سے نہیں بچ سکتا تو وہاں سے چلا جائے اور کسی ایسی جگہ جا کر آباد ہو جائے جہاں احکام اسلام پر عمل کر سکتا ہو، اور کوئی شخص یہ نہ سوچے کہ میں یہاں سے کہاں جاؤں ہمت وارادہ کرے گا اور وطن کی محبت سے بالاتر ہو کر اللہ تعالیٰ کی محبت کے پیش نظر نکل کھڑا ہوگا، تو انشاء اللہ تعالیٰ بہت سی جگہ مل جائے گی، سورۃ النساء میں اسی کو فرمایا وَمَنْ يُّهَاجِرْ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يَجِدْ فِى الْاَرْضِ مُرَاغَمًا كَثِيْرًا وَّ سَعَةً (اور جو شخص اللہ تعالیٰ کی راہ میں ہجرت کرے گا تو اس کو روئے زمین پر جانے کی بہت جگہ

ملے گی اور بہت گنجائش)

دوم.......... یہ حکم دیا کہ آپ اعلان فرمادیں کہ مجھے یہ حکم ہوا ہے کہ صرف اللہ تعالیٰ کی عبادت کروں خالص اسی کی عبادت میں مشغول رہوں، اور مجھے یہ بھی حکم ہوا ہے کہ مسلمانوں میں سب سے پہلا مسلمان ہوں، چونکہ یہ امت آخری ہے اور آپ آخری نبی ہیں لہٰذا آپ اس آخری امت میں سب سے پہلے مسلمان ہیں جیسے دیگر تمام مسلمانوں کو اللہ تعالیٰ کے احکام پر عمل پیرا ہونا لازم ہے اسی طرح اللہ تعالیٰ کا دین پیش کرنے والے پر بھی ان احکام کی فرماں برداری لازم ہے جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے اسکی ذات سے متعلق ہیں اس اعلان میں یہ بتا دیا کہ میں بھی اللہ تعالیٰ کا بندہ ہوں اور فرماں بردار ہوں اور صرف دوسروں ہی کو ایمان کی دعوت نہیں دیتا خود بھی مؤمن ہوں اور احکام پر عمل پیرا ہوں معلوم ہوا کہ ہر داعی کو اپنی دعوت پر خود بھی عمل پیرا ہونا لازم ہے۔

تیسرا.......... حکم یہ دیا کہ آپ فرمادیجئے اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں تو بڑے دن کے عذاب کا خوف رکھتا ہوں (انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام گناہ گار اور نافرمان نہیں ہوتے تھے بطور فرض یہ اعلان کروادیا کہ میں خود نافرمانی کے مؤاخذہ سے ڈرتا ہوں۔ جبکہ اللہ تعالیٰ کا رسول ہوں لہٰذا دیگر افراد کو تو اور زیادہ خوف زدہ ہونے اور مؤاخذہ سے ڈرنے کی ضرورت ہے۔

چوتھا.......... حکم یہ دیا کہ آپ لوگوں سے فرمادیں کہ دیکھو میں تو خالص اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتا ہوں (اور تمہیں بھی اسی کی دعوت دیتا ہوں) تم میری دعوت قبول نہیں کرتے تو تم جانو اللہ کو چھوڑ کر جس کی چاہو عبادت کرلو لیکن اس کا انجام برا ہوگا۔

پانچویں...... حکم میں فرمایا کہ آپ فرمادیجئے اصل خسارہ والے وہ ہیں جو قیامت کے دن اپنی جانوں اور اپنی اہل وعیال کی طرف سے خسارہ میں پڑیں گے۔ یعنی اس کفر وشرک کے وبال میں قیامت کے دن جو ابتلا ہوگا وہ سخت خسارہ کی صورت میں سامنے آئے گا۔ اس دن کا خسارہ معمولی نہ ہوگا۔ اس دن اپنی اس جان کو کوئی نفع نہ پہنچا سکیں گے۔ اور نہ عذاب سے بچا سکیں گے۔ اللہ تعالیٰ کا حکم نافذ ہوگا دوزخ میں داخل ہوں گے۔ فرشتے عذاب دیں گے۔ اور جن لوگوں کو انہوں نے کفر وشرک پر ڈالا یعنی ان کے اہل واولاد اور دوسرے لوگ جو اتباع کرنیوالے تھے وہ بھی ان کے نہ رہیں گے۔ وہ جب دنیا میں کفر وشرک پر ڈال کر اپنی جانوں کا ناس کھو دیا تو اپنی جانوں سے بھی گئے اور انکی جانوں سے بھی اَلَا ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ۔ (خبردار خوب سمجھ لو کہ یہ واضح کھلا ہوا خسارہ ہے)

اس کے بعد انکے عذاب کی کچھ تفصیل بیان فرمائی اور وہ یہ کہ انکے اوپر آگ کے شعلے ہوں گے اور نیچے بھی آگ کے ان شعلوں کو ظُلَلٌ سے تعبیر فرمایا جو ظُلَّةٌ کی جمع ہے ظُلَّةٌ سائبان کو کہا جاتا ہے۔

علامہ قرطبی فرماتے ہیں کہ یہ ایسا ہی ہے جیسے سورۂ اعراف میں فرمایا: لَهُمْ مِّنْ جَهَنَّمَ مِهَادٌ وَّمِنْ فَوْقِهِمْ غَوَاشٍ 'اور سورۂ عنکبوت میں فرمایا يَوْمَ يَغْشَاهُمُ الْعَذَابُ مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ نیچے بھی آگ ہوگی اور اوپر بھی، اوپر سے بھی جلیں گے اور نیچے سے بھی مشاکلۃ نیچے کے بستر کو ظلل سے تعبیر فرمایا قال صاحب الروح و تسمیتها ظللا من باب المشاکلة۔

ذٰلِكَ يُخَوِّفُ اللّٰهُ بِهٖ عِبَادَهٗ (یہ وہ چیز ہے جس کے ذریعہ اللہ اپنے بندوں کو ڈراتا ہے) يٰعِبَادِ فَاتَّقُوْنِ (اے میرے بندو تم مجھ سے ڈرو) میری ناراضگی کے کام نہ کرو قال صاحب الروح ولا تتعر ضوا لما یوجب سخطی.

اس کے بعد ان حضرات کی تعریف فرمائی جو کفر وشرک سے بچتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔ ارشاد فرمایا وَالَّذِيْنَ اجْتَنَبُوا الطَّاغُوْتَ اَنْ يَّعْبُدُوْهَا وَاَنَابُوْٓا اِلَى اللّٰهِ لَهُمُ الْبُشْرٰى ۔(اور جن لوگوں نے اس بات سے پرہیز کیا کہ شیطان کی عبادت کریں اور اللہ کی طرف متوجہ ہوئے انکے لئے خوش خبری ہے) لفظ طاغوت فَعلوت کے وزن پر ہے بقول صاحب روح المعانی اسکی اصل

طغیوت یا طغووت ہے اور جمع طغایت ہے۔ بہت زیادہ شریر اور حد سے زیادہ نافرمان کے لئے یہ لفظ بولا جاتا ہے۔ اسی لئے اس کا ترجمہ شیطان کیا گیا ہے۔ شیطان لوگوں کو بہکاتا ہے اور توحید سے دور رکھتا ہے۔ اپنی فرماں برداری کراتا ہے اور ڈراؤنی صورتیں بنا بنا کر مشرکین کے سامنے آتا ہے۔ وہ ان صورتوں کے مطابق مورتیاں بناتے ہیں جن کو پوجا کرتے ہیں یہ سب باتیں شیطان کی عبادت میں شامل ہیں جو شیطان سے دور رہے اور اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہوئے وہی لوگ ہدایت یافتہ ہیں اور ان کے لئے اللہ تعالیٰ کی رضامندی اور دخول جنت کی خوشخبری ہے۔

اس کے بعد مؤمن بندوں کی ایک خاص صفت بیان فرمائی، ارشاد فرمایا: **فَبَشِّرْ عِبَادِ الَّذِيْنَ يَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ** (سو آپ میرے بندوں کو خوشخبری دے دیجئے جو کلام کو یعنی قرآن کو سنتے ہیں پھر اسکی اچھی سے اچھی باتوں کا اتباع کرتے ہیں) یعنی وہ اعمال اختیار کرتے ہیں جن میں زیادہ سے زیادہ ثواب ہے۔ فرائض اور واجبات پر تو عمل کرتے ہی ہیں دوسرے نیک کاموں میں بھی احسن اور افضل کو اختیار کرتے ہیں۔ **قال صاحب الروح ص ۲۵۲ ج۲۳ مدح لهم بأنهم نقاد فى الدين يميزون بين الحسن والاحسن والفاضل والأفضل فاذا اعترضهم امران واجب و ندب اختاروا الواجب وكذالك المباح والنديب.** (تفسیر روح المعانی والے فرماتے ہیں اس آیت میں مؤمن بندوں کی تعریف ہے کہ وہ دین میں بالغ نظر ہیں اچھے اور بُرے کی تمیز کر سکتے ہیں افضل اور افضل ترین میں فرق کرتے ہیں جب انہیں دو امر پیش آئیں ایک واجب ہو اور دوسرا مستحب تو وہ واجب کو اختیار کر لیتے ہیں اسی طرح مباح اور مستحب میں بھی فرق کر لیتے ہیں۔)

مذکورہ بالا حضرات کی تعریف میں دو باتیں اور بیان فرمائی اولاً فرمایا: **اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ هَدٰهُمُ اللّٰهُ** کہ یہ وہ لوگ ہیں جنہیں اللہ نے ہدایت دی ثانیاً یوں فرمایا۔ **وَاُولٰٓئِكَ هُمْ اُولُوا الْاَلْبَابِ** اور یہ لوگ عقل والے ہیں۔ ان کی عقلیں سلیم ہیں صحیح ہیں آباؤ اجداد کی تقلید میں کفر و شرک پر نہ جمے رہے بلکہ اپنے عقلوں کو کام میں لائے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو بھی ہدایت آئی اسے قبول کیا۔

فائدہ............ روح المعانی میں آیت کریمہ **وَالَّذِيْنَ اجْتَنَبُوا الطَّاغُوْتَ** کا سبب نزول یہ لکھا ہے کہ جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کر لیا تو عبدالرحمٰن بن عوف اور سعد بن ابی وقاص اور سعد بن زید اور زبیر بن عوام انکے پاس آئے اور سوال کیا کہ آپ نے اسلام قبول کر لیا؟ انہوں نے فرمایا کہ ہاں! اور ساتھ ہی ان لوگوں کو نصیحت کی اس پر انہوں نے بھی ایمان قبول کر لیا اور مسلمان ہو گئے اس پر آیت کریمہ نازل ہوئی۔

اَفَمَنْ حَقَّ عَلَيْهِ كَلِمَةُ الْعَذَابِ اَفَاَنْتَ تُنْقِذُ مَنْ فِى النَّارِ ۔ (سو کیا جس شخص کے بارے میں عذاب کی بات طے ہو چکی ہے کیا آپ اسے چھڑا لیں گے جو دوزخ میں ہو) اس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی دی ہے۔ جس کا خلاصہ یہ ہے کہ گمراہی پر جمنے والوں کے بارے میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ طے ہے کہ انہیں دوزخ میں جانا ہے اور وہ بھی اپنے بارے میں یہ طے کر چکے ہیں کہ ہمیں ایمان قبول کرنا نہیں وہ دوزخ کی وعیدیں سنتے ہیں لیکن پھر بھی کفر پر جمے ہوئے ہیں کیا آپ انہیں دوزخ سے بچا دیں گے یعنی یہ آپ کا کام نہیں ہے۔ لہٰذا جو شخص ہدایت قبول نہ کرے اسکی وجہ سے آپ غمگین نہ ہوں، اس کے بعد اس بشارت کا تذکرہ فرمایا جس کا **لَهُمُ الْبُشْرٰى** میں وعدہ فرمایا ہے ارشاد ہے **لٰكِنِ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ** (الآیۃ) لیکن جو لوگ اپنے رب سے ڈرتے رہے انکے لئے بالا خانے ہیں جن کے اوپر اور بالا خانے بنائے ہوئے ہیں انکے نیچے نہریں جاری ہوں گی **وَعْدَ اللّٰهِ** یہ اللہ نے وعدہ فرمایا ہے **لَا يُخْلِفُ اللّٰهُ الْمِيْعَادَ** (اللہ وعدہ خلاف نہیں کرتا) پس متقی بندے یقین کریں کہ انہیں جو بشارت دی گئی ہے وہ حق ہے صحیح ہے اسکے مطابق عمل کیا جائے گا۔ جو

لوگ حق واضح ہونے کے بعد بھی ایمان قبول نہیں کرتے ان میں وہ لوگ بھی ہوتے ہیں جو اپنی دنیا اور دنیاوی منافع سے محبت کرنے کی وجہ سے ایمان سے محروم رہتے ہیں اور جانتے ہوئے کہ ایمان سے محروم رہنے کے باعث جنت سے محروم ہونے اور دوزخ کے دائمی عذاب میں مبتلا ہونگے حق کو قبول نہیں کرتے عارضی دنیا کی چہل پہل ہی کو سامنے رکھتے ہیں۔ایسے لوگوں کو تنبیہ فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً (الآیة) اے مخاطب کیا تو نے یہ نہیں دیکھا کہ اللہ تعالیٰ نے آسمان سے پانی نازل فرمایا پھر اس پانی کو زمین کے سوتوں میں داخل فرما دیا یہ پانی زمین میں جاری رہتا ہے۔ پھر ایک جگہ جمع ہو جاتا ہے۔ پھر چشموں اور کنوؤں سے نکالا جاتا ہے جس سے کھیتوں کی آب پاشی ہوتی ہے اس کے ذریعہ اللہ زمین سے کھیتیوں کو اگا دیتا ہے، ان کھیتیوں کی مختلف قسمیں ہیں۔ کھیتی بڑھ جاتی ہے۔ سرسبز ہوتی ہے پکتی ہے پھر خشک ہو جاتی ہے رنگ زرد ہو جاتا ہے پھر چورا چورا ہو جاتی ہے کھیتی کا جو حال ہے دنیا کا اٹھان اور فنا اسی طرح سے ہے۔ ساری دنیا ہی فنا ہو گی قیامت کا صور پھونکا جائے گا تو جو کچھ اس میں ہے تہس نہس ہو جائے گا۔

لوگ بڑے محلات بناتے ہیں قلعے تعمیر کرتے ہیں۔ بڑی آرائش و زیبائش اختیار کرتے ہیں کھیتیاں بوتے ہیں باغ بھی لگاتے ہیں تجارتیں بھی کرتے ہیں۔ نوٹوں کی گڈیوں سے تجوریاں بھرتے ہیں۔ صدارتوں کے امیدوار رہتے ہیں۔ وزیر بن جاتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ ہم بہت زیادہ کامیاب ہیں لیکن ایک دن موت آ ہی جاتی ہے سب کچھ دھرا رہ جاتا ہے اور جو کچھ حاصل کیا تھا سب دھوکہ کا سامان ہوتا ہے جس کے بارے میں سورۃ آل عمران میں وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ فرمایا ہے (یعنی دنیا والی زندگی دھوکہ کے علاوہ کچھ نہیں) یہ سب کچھ دیکھتے ہیں پھر بھی اسکے پیچھے پڑے ہیں اور حب دنیا کی وجہ سے اپنی آخرت تباہ کر رہے ہیں، یہ بے حسی قابل تعجب ہے اس سے عبرت حاصل کرنے کے بجائے اسی میں دل دیئے پڑے ہیں۔ حالانکہ دنیا کے حالات میں سب کے لئے بہت بڑی عبرت اور نصیحت ہے۔ اسی کو فرمایا اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ (بلاشبہ اس میں عقل والوں کے لئے ضرور نصیحت ہے) لوگ اپنی عقلوں کو دنیا کی ترقی کے لئے استعمال کرتے ہیں اور اپنی آخرت کو قصداً و ارادۃً خراب کرتے ہیں، یہ بے عقلی نہیں ہے تو اور کیا ہے؟ سورۃ الکہف میں فرمایا۔ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ فَاَصْبَحَ هَشِيْمًا تَذْرُوْهُ الرِّيٰحُ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِرًا (اور آپ ان لوگوں سے دنیوی زندگی کی حالت بیان فرمائیے کہ وہ ایسی ہے جیسے آسمان سے ہم نے پانی برسایا پھر اسکے ذریعہ سے زمین کی نباتات خوب گنجان ہو گئیں۔ پھیر وہ ریزہ ریزہ ہو جائے جس کو ہوا اڑائے لئے پھرتی ہو اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتا ہے)۔

اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ فَهُوَ عَلٰى نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ فَوَيْلٌ لِّلْقٰسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ مِّنْ

سو اللہ نے جس کا سینہ اسلام کے لئے کھول دیا سو وہ اپنے رب کی طرف سے نور پر ہے، سو ہلاکت ہے ان لوگوں کے لئے جن کے دل ذکر اللہ کی جانب سے سخت ہیں،

ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ اَللّٰهُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِيْثِ كِتٰبًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِيَ ۖ

یہ لوگ کھلی ہوئی گمراہی میں ہیں۔ اللہ نے بڑا اچھا کلام نازل فرمایا جو ایسی کتاب ہے جس کی باتیں آپس میں ملتی جلتی ہیں، جو بار بار دہرائی جاتی ہیں،

تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُوْدُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ۚ ثُمَّ تَلِيْنُ جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ

اس سے ان لوگوں کے بدن کانپ اٹھتے ہیں جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں، پھر انکے بدن اور دل نرم ہو کر اللہ کی طرف متوجہ ہوتے ہیں، یہ اللہ کی

هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿۲۳﴾ اَفَمَنْ يَّتَّقِيْ بِوَجْهِهٖ

ہدایت ہے اسکے ذریعہ وہ جسے چاہے ہدایت دیتا ہے، اور اللہ جسے گمراہ کرے اسے کوئی ہدایت دینے والا نہیں۔ کیا جو شخص قیامت کے دن اپنے

سُوْٓءَ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَقِيْلَ لِلظّٰلِمِيْنَ ذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿۲۴﴾ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ

چہرہ کو برے عذاب سے بچائے گا، اور ظالموں سے کہا جائے گا کہ جو کچھ تم کمائی کرتے تھے اسے چکھ لو۔ ان لوگوں سے پہلے جو لوگ تھے انہوں نے جھٹلایا

قَبْلِهِمْ فَاَتٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۲۵﴾ فَاَذَاقَهُمُ اللّٰهُ الْخِزْيَ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ

سو انکے پاس اس طور سے عذاب آیا کہ انہیں اسکا خیال بھی نہ تھا۔ سو اللہ نے انہیں دنیا والی زندگی میں رسوائی چکھا دی

وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۶﴾ وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ

وقف لازم

اور البتہ آخرت کا عذاب اس سے بڑا ہے اگر وہ جانتے ہوتے۔ اور یہ بات واقعی ہے کہ ہم نے لوگوں کے لئے اس قرآن میں ہر قسم کے عمدہ مضامین

كُلِّ مَثَلٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۷﴾ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا غَيْرَ ذِيْ عِوَجٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۲۸﴾ ضَرَبَ

بیان کر دیئے تاکہ یہ لوگ نصیحت حاصل کریں۔ وہ قرآن عربی ہے جس میں کوئی کجی نہیں تاکہ یہ لوگ ڈریں۔ اللہ تعالیٰ نے ایک ایک مثال

اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلًا فِيْهِ شُرَكَآءُ مُتَشٰكِسُوْنَ وَرَجُلًا سَلَمًا لِّرَجُلٍ ؕ هَلْ يَسْتَوِيٰنِ مَثَلًا ؕ

بیان فرمائی ہے کہ ایک شخص جس میں کئی ساجھی ہیں۔ جن میں آپس میں ضد اضدی ہے اور ایک وہ شخص ہے جو ایک ہی آدمی کے لئے سالم ہے کیا یہ دونوں حالت کے اعتبار سے برابر ہیں؟

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۚ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۹﴾ اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ ﴿۳۰﴾ ثُمَّ اِنَّكُمْ

سب تعریف اللہ ہی کے لئے ہے بلکہ ان میں اکثر لوگ نہیں جانتے بلاشبہ آپ مرنے والے ہیں۔ اور بلاشبہ یہ لوگ بھی مرنیوالے ہیں، پھر یقینی بات ہے کہ قیامت کے دن

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ ﴿۳۱﴾

ع ۳

تم اپنے رب کے پاس پیش ہو کر مدعی اور مدعی علیہ ہو گے۔

اللہ تعالیٰ نے اسلام کیلئے جس کا سینہ کھول دیا وہ صاحب نور ہے جن کے قلوب اللہ کے ذکر کی جانب سے سخت ہیں ان کے لئے ہلاکت ہے

گذشتہ آیات میں مؤمنین کے ثواب کا اور کافروں کے عقاب کا ذکر ہے۔ یہ تو دونوں فریق کا انجام کے اعتبار سے فرق ہے جو آخرت میں سب کے سامنے آجائے گا اب یہاں مؤمن اور کافر کی قلبی کیفیات کو بیان فرمایا ارشاد فرمایا کہ ایک وہ شخص ہے جس کا سینہ اللہ نے اسلام کے لئے کھول دیا اور اس کے دل میں نور ایمان بھر دیا اور دوسرا وہ شخص ہے جس کا دل تنگ ہے نور ایمان سے خالی ہے اور اللہ تعالیٰ کے ذکر سے تنگی محسوس کرتا ہے اور ذکر اللہ سے مانوس نہ ہونے کی وجہ سے اسکے دل میں سختی ہے، بتاؤ وہ شخص جس کا دل ایمان سے معمور ہے اور اسے اسلام کے بارے میں شرح صدر ہے کیا اس شخص کی طرح ہو سکتا ہے جس کے دل میں کفر ہو جو اللہ کے ذکر کو قبول

نہ کرتا ہو اسکے دل کی قساوت اور سختی اسے اللہ تعالیٰ کا نام نہ لینے دے۔ یہ ایک سوال ہے، جس کا جواب آسان ہے سب جانتے ہیں۔

سورۂ انعام میں فرمایا ہے۔ فَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ اَنْ يَّهْدِيَهٗ يَشْرَحْ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ وَمَنْ يُّرِدْ اَنْ يُّضِلَّهٗ يَجْعَلْ صَدْرَهٗ ضَيِّقًا حَرَجًا كَاَنَّمَا يَصَّعَّدُ فِى السَّمَآءِ كَذٰلِكَ يَجْعَلُ اللّٰهُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ (سو جس شخص کو اللہ تعالیٰ ہدایت پر ڈالنا چاہتا ہے اسکے سینہ کو اسلام کیلئے کھول دیتا ہے اور جس کو بے راہ کرنا چاہتا ہے اسکے سینہ کو بہت تنگ کر دیتا ہے جیسے کوئی آسمان میں چڑھتا ہو اسی طرح اللہ تعالیٰ ایمان نہ لانے والوں پر پھٹکار ڈالتا ہے)۔

شرح صدر کی دو نشانیاں.......... حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آیت کریمہ اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ تلاوت فرمائی اور ارشاد فرمایا کہ بلاشبہ جب نور سینہ میں داخل ہو جاتا ہے تو سینہ کھل جاتا ہے، عرض کیا گیا یا رسول اللہ کیا اسکی کوئی نشانی ہے؟ آپ نے فرمایا ہاں اسکی نشانی ہے اور وہ یہ کہ **دار الغرور** (دھوکہ کے گھر یعنی دنیا) سے دور رہے اور **دار الخلود** (ہمیشگی کے گھر یعنی جنت) کی طرف رجوع ہو، یعنی ایسے اعمال کرتا رہے جو دخول جنت کا ذریعہ بن جائیں اور ایک نشانی یہ ہے کہ موت آنے سے پہلے اس کے لئے تیاری کر لے۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ٤٤٦)

حدیث شریف سے معلوم ہوا کہ اسلام کے لئے شرح صدر ہو جانے کی یہ نشانی ہے کہ **دار الغرور** سے بچے اور **دار الخلود** یعنی آخرت کی طرف متوجہ رہے اور موت کیلئے تیاری کرتا رہے۔

سورۂ زمر کی آیت میں شرح صدر والی بات بیان کرنے کے بعد فرمایا: فَوَيْلٌ لِّلْقٰسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ مِّنْ ذِكْرِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ فِىْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ. (سو جن لوگوں کے دل اللہ کے ذکر کی جانب سے سخت ہیں یعنی اللہ کے ذکر سے متاثر نہیں ہوتے اور اس کے لئے نرم ہوتے ان کے لئے بڑی خرابی ہے یہ لوگ کھلی گمراہی میں ہیں) اس سے معلوم ہوا کہ جن لوگوں کے دل میں اسلام کے لئے شرح صدر نہیں ہوتا ان کے دل ایسے سخت ہوتے ہیں کہ اللہ کی یاد میں لگنا اور اللہ کا ذکر کرنا انہیں شاق گزرتا ہے انکے دلوں کی سختی انہیں اللہ کی یاد میں نہیں لگنے دیتی در حقیقت اللہ کا ذکر بڑی نعمت ہے۔ مبارک بندے ہی اس میں لگتے ہیں اور اس میں لذت محسوس کرتے ہیں اور کثرتِ ذکر انکی خصوصی غذا بن جاتی ہے۔

ذکر اللہ کی فضیلت اور اہمیت............ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ کے ذکر کے علاوہ زیادہ مت بولا کرو کیونکہ ذکر اللہ کے علاوہ زیادہ بولنا دل کی سختی کا سبب بن جاتا ہے اور بلاشبہ لوگوں میں اللہ سے سب سے زیادہ دور وہی شخص ہے، جس کا دل سخت ہے۔ (رواہ الترمذی)

حضرت عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ! دین کی باتیں تو بہت ہیں (ان سب پر مجموعی حیثیت سے عمل کرنا مجھے دشوار معلوم ہو رہا ہے، (کیونکہ فضیلت والے اعمال اس قدر ہیں کہ مجھ سے ان سب پر عمل نہیں ہو سکتا) لہٰذا آپ مجھے ایسی چیز بتا دیجئے کہ میں اسے پکڑے رہوں آپ نے فرمایا کہ تیری زبان ہر وقت اللہ کی یاد میں تر رہے۔ (رواہ الترمذی)

حضرت عبداللہ بن بسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ بھی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک اعرابی (دیہات کے رہنے والے) نے سوال کیا یا رسول اللہ تمام اعمال میں افضل کونسا عمل ہے؟ آپ نے فرمایا یہ کہ تو دنیا سے اس حال میں جدا ہو کہ تیری زبان اللہ کی یاد سے تر ہو (رواہ الترمذی)

مُتَشَابِهًا مَّثَانِيَ کی تشریح..........اس کے بعد قرآن مجید کی فضیلت بیان فرمائی، ارشاد فرمایا کہ اللہ نے سب سے اچھا کلام نازل کیا پھر اسکی ایک صفت کِتَابًا مُّتَشَابِهًا اور دوسری صفت مَثَانِيَ بیان فرمائی مُتَشَابِهًا کا مطلب یہ ہے کہ لفظی اعتبار سے فصیح بلیغ بھی ہے اور معجز بھی ہے اور معنوی اعتبار سے اسکے مضامین آپس میں مشابہ ہیں اور آیات آپس میں ایک دوسرے کی تصدیق کرتی ہیں۔ سب میں عقائد صحیحہ بیان کئے ہیں توحید رسالت کے اقرار اور آخرت پر ایمان لانے کی دعوت دیتے ہیں مَثَانِيَ کا معنی یہ ہے کہ اس میں احکام مواعظ اور نصائح بار بار دہرائے گئے ہیں نیز بار بار اسکی آیات تلاوت کی جاتی ہیں لیکن طبیعت ملول نہیں ہوتی اور ہر مرتبہ نئی چیز معلوم ہوتی ہے۔

ذاکرین کی صفات..........پھر فرمایا تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُوْدُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ (اس سے ان لوگوں کے بدن کانپ اٹھتے ہیں جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں اس میں ان حضرات کی صفت خاص بیان فرمائی جو قرآن کو پڑھتے اور سنتے ہیں اور اس کا یہ اثر لیتے ہیں کہ انکے بدن کانپ اٹھتے ہیں ثُمَّ تَلِيْنُ جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ (پھر ان کے بدن اور دل نرم ہو کر اللہ کے ذکر کی طرف متوجہ ہوتے ہیں) یہ دونوں صفات ان مؤمن بندوں کی ہیں جن کے دلوں میں خوف وخشیت ہو اور اللہ تعالیٰ کے حضور میں حاضر ہونے سے ڈرتے رہتے ہوں۔ سورۂ انفال میں فرمایا: اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَاِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ اٰيٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا وَّعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ (ایمان والے وہی ہیں کہ جب اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا جاتا ہے تو انکے قلوب ڈر جاتے ہیں اور جب اللہ کی آیتیں ان کو پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو وہ آیتیں انکے ایمان کو اور زیادہ کر دیتی ہیں اور وہ لوگ اپنے رب پر توکل کرتے ہیں)۔

ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ (یہ اللہ کی ہدایت ہے اسکے ذریعہ وہ جسے چاہے ہدایت دیتا ہے) وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ (اور اللہ جسے گمراہ کرے اسے کوئی ہدایت دینے والا نہیں) اَفَمَنْ يَّتَّقِيْ بِوَجْهِهٖ سُوْٓءَ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ (کیا جو شخص قیامت کے دن اپنے چہرے کے ذریعے برے عذاب سے بچ جائے) اور جنت میں داخل ہو جائے کیا اس شخص کے برابر ہے جو دوزخ میں داخل کر دیا جائے؟ چہرہ کے ذریعہ بچنے کا مطلب یہ ہے کہ سب سے پہلے اہل عذاب کے چہروں کو آگ پہنچے گی وہ چاہیں گے کہ چہروں کو ڈھال بنالیں اور اپنی جانوں کو عذاب سے بچالیں لیکن ایسا نہ ہو سکے گا۔ دوزخ میں داخل ہوں گے اور ہر ہر حصہ عذاب میں ڈالا جائے گا۔ اور طرح طرح کے عذاب میں گرفتار ہوں گے۔ سورۃ الفرقان میں فرمایا ہے۔ اَلَّذِيْنَ يُحْشَرُوْنَ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ اِلٰى جَهَنَّمَ اُولٰٓئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضَلُّ سَبِيْلًا ۔ (جو لوگ اپنے چہروں کے بل دوزخ کی طرف لیجائے جائیں گے وہ لوگ جگہ کے اعتبار سے بدترین ہیں اور بہت زیادہ گمراہ ہیں) چہروں کے بل گھسیٹا جانا بھی ایک عذاب ہے۔ اسی طرح گھسیٹتے ہوئے اسے دوزخ میں پہنچا دیا جائے گا۔ وَقِيْلَ لِلظّٰلِمِيْنَ ذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ (اور ظالموں سے کہا جائے گا کہ تم جو عمل کیا کرتے تھے ان کا عذاب چکھ لو)۔

كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ (الآيتين) ان دونوں آیتوں میں منکرین کی بدحالی بیان فرمائی کہ وہ یوں نہ سمجھیں کہ عذاب کی وعیدیں ہی ایک تہدید ہے انکو سمجھ لینا چاہئے کہ وعیدیں سچی ہیں، جھٹلانے والوں کو عذاب پہنچ کر رہے گا ان سے پہلے بھی لوگوں نے جھٹلایا پھر انکے پاس عذاب پہنچ گیا اور پہنچا بھی اس طرح کہ انہیں اسکے جانے کا خیال بھی نہ تھا اللہ نے انہیں دنیا میں بھی رسوائی کا مزہ چکھا دیا اور آخرت میں انکے لئے بڑا عذاب ہے، جو دنیا والے عذاب سے بہت بڑھ کر ہے۔

وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ (الآيتين) ان دو آیتوں میں قرآن مجید کی صفات بیان فرمائیں اور ارشاد فرمایا کہ ہم نے اس قرآن میں لوگوں کے لئے ہر قسم کے عمدہ مضامین بیان کر دیئے ہیں تا کہ یہ لوگ نصیحت حاصل کریں، اور یہ بھی فرمایا کہ قرآن عربی میں

ہے (جسے اولین مخاطبین اہل عرب سمجھتے اور جانتے ہیں اور اسکی فصاحت اور بلاغت سے بھی واقف ہیں) تیسری بات یہ بیان فرمائی کہ قرآن مجید میں ذرا بھی کجی نہیں ہے نہ اس میں لفظی رکاکت ہے نہ فصاحت میں اختلال ہے نہ معنوی طور پر اس میں کوئی تناقض ہے آخر میں فرمایا لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ تاکہ یہ لوگ قرآن کی تکذیب سے باز آئیں اور اللہ جل شانہ کے عذاب اور پکڑ سے ڈریں اور اپنی جانوں کو اس سے بچائیں۔

مشرک وموحد کی مثال .... اس کے بعد مشرک اور موحد کی ایک مثال بیان فرمائی اور وہ یہ ہے کہ ایک غلام ہے اس میں کئی افراد شریک ہیں اور وہ بدخلق بھی ہیں کھینچا تان میں انکی بدخلقی کا مظاہرہ ہوتا رہتا ہے۔ ایک اس غلام کو اپنی طرف کھینچتا ہے اور کہتا ہے کہ یہ میرے ماتحت رہے اور میرا ہی کام کرے اور دوسرا اور تیسرا اپنی طرف کھینچتا ہے اور اس سلسلہ میں ہر ایک بدخلقی کو اختیار کرتا ہے ساجھیوں کی بدخلقی کے لپیٹ میں یہ غلام حیران رہتا ہے اور ساجھیوں کے ساجھے کی سزا بھگتار ہتا ہے اور ایک غلام وہ ہے جو ایک ہی شخص کا غلام ہے اور اسے صرف ایک ہی شخص کی خدمت کرنی ہے ان دونوں غلاموں کی زندگی پر نظر ڈالو ایک کی حیرانی اور پریشانی کو دیکھو اور دوسرے کی سلامتی کو دیکھو اور بتاؤ کیا یہ دونوں برابر ہو سکتے ہیں؟ اسی سے سمجھ لو کہ جس طرح یہ برابر نہیں ہو سکتے اسی طرح سے موحد اور مشرک بھی برابر نہیں ہو سکتے موحد پورا پورا معبود واحد اور معبود حقیقی کا بندہ بنا رہتا ہے اسی کی عبادت کرتا ہے اسی کی یاد میں مگن رہتا ہے ہر حاجت اسی سے طلب کرتا ہے اور دوسرا شخص وہ ہے جس نے بہت سے معبود بنا رکھے ہیں اسکی بھی عبادت کرتا ہے اور اس کی بھی عبادت کرتا ہے اسکے سامنے بھی سر جھکاتا ہے اور اسکے سامنے بھی جبین نیاز رگڑتا ہے۔ موحد ومشرک میں اتنا عظیم فرق ہے، شرک اختیار کرنے والے سراپا گمراہ ہیں اور سراپا بیوقوف بھی ہیں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ سب تعریف اللہ ہی کے لئے ہے جس نے ہدایت نازل فرمائی اور توحید کی دعوت دی اور مشرکوں کی گمراہی اور حماقت سے آگاہ فرمایا۔

بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ (بلکہ ان میں اکثر وہ لوگ ہیں جو نہیں سمجھتے) حق اور ناحق میں تمیز کرنا ہی نہیں چاہتے۔

قوله تعالى مُتَشَا كِسُوْنَ قال الراغب فى مفرداته الشكس : السيئى الخلق وقوله شركاء متشا كسون اى متشا جرون لشكا سة خُلقهم .اه. قال صاحب الروح والمعنى ضرب اللّٰه تعالىٰ مثلا للمشرك حسبما يقود اليه مذهبه من ادعاء كل من معبودية عبوديته عبدايتشارك فيه جماعة متشا جرون لشكاسةاخلاقهم وسوء طبائهم يتجا ذبونه ويتعا ورونه فى مهما تهم المتبا ينة فى تحيره وتوزع قلبه۔

(اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''متشاکسون'' اس کے بارے میں امام راغب اپنی کتاب مفردات القرآن میں لکھتے ہیں ''الشکس'' کا معنی ہے بدخلق اور اللہ تعالیٰ کے قول ''شرکاء متشاکسون'' یعنی ایسے شرکاء جو اپنی بدخلقی کیوجہ سے آپس میں لڑنے والے ہیں اھ)

تفسیر روح المعانی کے مصنف فرماتے ہیں اس کا معنی مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مشرک کی مثال بیان فرمائی ہے کہ مشرک کو جب اس کا مذہب اپنے معبودوں میں سے ہر ایک کی عبادت کی دعوت دیتا ہے تو اس کی حیرانی اور بے یقینی کی حالت کی مثال اس غلام کی ہے جس کی ملکیت میں ایک گروہ ایک دوسرے کے ساتھ اپنی بدخلقی کی وجہ سے لڑتا رہتا ہو ہر ایک غلام کو اپنی طرف کھینچتا ہو اور ہر کوئی دوسرے سے کام سے مختلف اپنے کام میں استعمال کرنا چاہتا ہو)

آخر میں فرمایا اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ (بلاشبہ آپ مرنے والے ہیں اور بلاشبہ یہ لوگ بھی مرنے والے ہیں)۔

مطلب یہ ہے کہ آپ منکرین کے بارے میں غمگین نہ ہوں یہ لوگ دنیا میں آپکی بات نہیں مانتے قیامت کے دن فیصلہ ہو جائے گا اہل ایمان جنت میں اور اہل کفر دوزخ میں ہونگے جیسا کہ آئندہ آیات میں بیان فرمایا۔

تفسیر جلالین میں لکھا ہے کہ اہل مکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کا انتظار کرتے تھے اور یوں کہتے تھے کہ اس شخص کو موت آجائے تو ہماری جان چھٹ جائے گی۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو خطاب کر کے فرمایا کہ آپ بھی وفات پانے والے ہیں اور ان لوگوں کو بھی مرنا ہے۔ دنیا سے تو سب کو ہی جانا ہے اگر یہ لوگ نہ مرتے تو آپ کی وفات ہو جانے سے انکی جان چھوٹ جاتی۔

سورۃ الانبیاء میں فرمایا اَفَائِنْ مِّتَّ فَهُمُ الْخَالِدُوْنَ (اگر آپکی وفات ہو جائے گی تو کیا یہ ہمیشہ رہیں گے) ان کو بھی مرنا ہے اور پیشی بھی ہونی ہے۔

قیامت کے دن ادعاء اور اختصام

ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ (پھر یقینی بات ہے کہ قیامت کے دن تم اپنے رب کے پاس پیش ہو کر مدعی اور مدعٰی علیہ بنو گے) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا کہ عرصہ دراز تک ہم اس آیت کو پڑھتے رہے لیکن یہ سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ ہم میں جھگڑے کیوں ہونگے۔ جبکہ ہماری کتاب ایک ہے، قبلہ ایک ہے، حرم ایک ہے، نبی ایک ہے۔ (صلی اللہ علیہ وسلم) پھر جب ہم میں آپس میں قتل وقتال ہوا تو سمجھ میں آ گیا کہ یہ آیت ہمارے بارے میں نازل ہوئی ہے۔ (منثور از مستدرک حاکم)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جب جنگ صفین کے موقعہ پر ہم آپس میں ایک دوسرے پر حملہ آور ہوئے اس وقت ہم نے سمجھا کہ یہ آیت ہمارے بارے میں ہے۔ (درمنثور)

حضرت ابن عمر و حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہما نے اپنے زمانہ میں ایک دوسرے پر حملہ آور ہونے کو آیت شریفہ کا مصداق قرار دیا۔ لیکن الفاظ کا عموم ان سب جھگڑوں کو شامل ہے جو قیامت کے دن اٹھائے جائیں گے اور بارگاہ خداوندی میں پیش ہوں گے۔ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ قیامت کے دن جو لوگ جھگڑے لے کر اٹھیں گے ان میں سب سے پہلے دو پڑوسی ہوں گے۔ (مشکوٰۃ المصابیح ۴۴۵) جس کا جو حق مارا گیا ہوگا اپنے حق کے لئے جھگڑا کرے گا۔

رعیت امیر وزیر اور بادشاہ پر دعویٰ کرے گی، مالی حق رکھنے والوں پر اصحاب حقوق دعویٰ کریں گے، مظلوم ظالم سے اپنا حق طلب کرے گا جن کے قرضے تھے وہ قرضے طلب کریں گے جن کی غیبت کی تھی یا جن پر تہمت دھری تھی وہ بھی مدعی بن کر کھڑے ہو جائیں گے۔ اس مضمون میں تفصیل بہت ہے جاننے والے جانتے بھی ہیں بہر حال اگر وہاں مدعیٰ علیہ ہونے سے بچنا ہے تو کسی بندے کا کوئی حق مار کر نہ جائیں۔

☆☆☆ .... بحمد اللہ پارہ ۲۳ مکمل ہوا .... ☆☆☆

(پارہ نمبر ٢٤)

فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَبَ عَلَى اللّٰهِ وَكَذَّبَ بِالصِّدْقِ اِذْ جَآءَهٗ ؕ اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ ۝

سو اس سے بڑھ کر کون ظالم ہے جس نے اللہ پر جھوٹ باندھا اور سچ کو جھٹلایا جبکہ وہ اس کے پاس آیا کیا دوزخ میں کافروں کا ٹھکانہ نہیں ہے،

وَالَّذِيْ جَآءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهٖٓ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ۝ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ ذٰلِكَ جَزٰٓؤُا

اور جو شخص سچ کو لیکر آیا اور سچ کی تصدیق کی یہ وہ لوگ ہیں جو متقی ہیں ان کے لئے ان کے رب کے پاس وہی ہے جو وہ چاہیں یہ بدلہ ہے اچھے

الْمُحْسِنِيْنَ ۝ لِيُكَفِّرَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَسْوَاَ الَّذِيْ عَمِلُوْا وَيَجْزِيَهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝

کام کرنے والوں کا تاکہ اللہ ان کے برے کاموں کا کفارہ کر دے اور انہیں ان اعمال کا اچھے سے اچھا اجر دے جو وہ کیا کرتے تھے۔

جھوٹوں سے بڑھ کر ظالم کون ہے؟

گزشتہ آیات میں مؤمنین موحدین اور مشرکین معاندین اور کافرین مکذبین کا ذکر تھا ان آیات میں ہر دو فریق کا انجام بتایا ہے۔ مؤمن کے اجر و ثواب سے اور کافروں کے عذاب سے باخبر کیا ہے، فرمایا فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَبَ عَلَى اللّٰهِ (سو اس سے بڑھ کر کون ظالم ہوگا۔ جو اللہ پر جھوٹ باندھے یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف ایسی بات منسوب کرے جو اللہ تعالیٰ نے نہیں بتائی انہیں باتوں میں سے ایک یہ ہے کہ مشرکین یوں کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے شریک بنالئے ہیں اور یہ کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے لئے اولاد تجویز کرلی ہے۔ نیز مشرکین کا یہ مزاج بھی ہے کہ جب کسی برے کام سے روکا جاتا ہے تو کہہ دیتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں اس کا حکم دیا کما فی سورۃ الاعراف قَالُوْا وَجَدْنَا عَلَيْهَآ اٰبَآءَنَا وَاللّٰهُ اَمَرَنَا بِهَا ظالم لوگ اللہ تعالیٰ پر تہمت دھرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ پر افترا کرتے ہیں یہ سب سے بڑا ظلم ہے جس کی سزا بھی بہت بڑی ہے۔

وَكَذَّبَ بِالصِّدْقِ اِذْ جَآءَهٗ (اور اس سے بڑھ کر ظالم کون ہوگا جو سچی بات کو یعنی قرآن کو جھٹلائے جبکہ وہ اس کے پاس آگیا)۔

اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ (کیا دوزخ میں کافروں کا ٹھکانہ نہیں ہے؟ (یہ استفہام تقریری ہے یعنی کافروں کا ٹھکانہ دوزخ میں ہے۔

اس کے بعد اہل ایمان کا حال بتایا۔ وَالَّذِيْ جَآءَ بِالصِّدْقِ (اور جو شخص سچی بات کو لے کر آیا اس کا عموم تمام انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام اور جو حضرات انکے کام میں لگے حق کے داعی بنے ان سب کو شامل ہے وَصَدَّقَ بِهٖ اور جس نے سچی بات کی تصدیق کی اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ (یہ لوگ پرہیز کرنے والے ہیں) شرک سے کفر سے اور گناہوں سے بچتے ہیں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے منقول ہے الصدق سچی بات سے کلمہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اور اَلَّذِيْ جَآءَ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی مراد ہے آگے انکی جزا بتائی۔ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ (ان کے لئے انکے رب کے پاس وہ سب کچھ ہوگا جو وہ چاہیں گے) وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الْمُحْسِنِيْنَ (اور

یہ بدلہ ہے اچھے کام کرنیوالوں گا)۔

لِيُكَفِّرَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَسْوَءَ الَّذِیْ عَمِلُوْا وَيَجْزِيَهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ○ (تا کہ اللہ انکے برے کاموں کا کفارہ کردے اور انہیں ان اعمال کا اچھے سے اچھا اجر دے جو وہ کیا کرتے تھے) یعنی اللہ تعالیٰ نے ان سے جو وعدہ فرمایا ہے اور انکا انعام جو پہلے ہی سے اس دنیا میں بتا دیا ہے یہ اسلئے ہے کہ یہ لوگ اللہ تعالیٰ کے وعدہ پر یقین رکھتے ہوئے اچھے اچھے کام کریں تا کہ اللہ تعالیٰ اپنے وعدہ کے بموجب انکے برے اعمال کا کفارہ فرمادے اور انکے اچھے اعمال کا بدلہ دیدے۔ قال صاحب الروح ای وعدهم الله جميع ما يشآء ونه من زوال المضار وحصول المسار ليكفر عنهم بمو جب ذلک الوعداسوأ الذی عملوا الخ.

اَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ ؕ وَيُخَوِّفُوْنَكَ بِالَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ۚ﴿۳۶﴾ وَمَنْ

کیا اللہ اپنے بندہ کو کافی نہیں ہے، اور وہ آپ کو ان سے ڈراتے ہیں جو اسے اللہ کے علاوہ ہیں، اور اللہ جسے گمراہ کردے اس کو کوئی ہدایت دینے والا نہیں۔ اور جسے

يَّهْدِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّضِلٍّ ؕ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِعَزِيْزٍ ذِی انْتِقَامٍ ﴿۳۷﴾ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

اللہ ہدایت دیدے سو اس کو کوئی گمراہ کرنیوالا نہیں کیا اللہ عزت والا بدلہ لینے والا نہیں؟ اور اگر آپ ان سے سوال کریں کہ کس نے پیدا کیا آسمانوں کو

وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ قُلْ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَنِیَ اللّٰهُ بِضُرٍّ هَلْ هُنَّ كٰشِفٰتُ

اور زمین کو تو ضرور یوں کہیں گے کہ اللہ نے پیدا کیا آپ فرما دیجئے کہ تم ہی بتاؤ جنہیں تم اللہ کے سوا پکارتے ہو اگر اللہ مجھے کوئی ضرر پہنچانے کا ارادہ فرمائے تو کیا یہ اسکی پہنچائی ہوئی

ضُرِّهٖۤ اَوْ اَرَادَنِیْ بِرَحْمَةٍ هَلْ هُنَّ مُمْسِكٰتُ رَحْمَتِهٖ ؕ قُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ ؕ عَلَيْهِ يَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿۳۸﴾

تکلیف کو دور کرسکتے ہیں یا اگر وہ مجھے رحمت سے نوازنے کا ارادہ فرمائے تو کیا یہ اسکی رحمت کو روک سکتے ہیں، آپ فرما دیجئے کہ کافی ہے مجھے اللہ! اسی پر بھروسہ کرنے والے بھروسہ کرتے ہیں۔

قُلْ يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّیْ عَامِلٌ ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۹﴾ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَيَحِلُّ عَلَيْهِ

آپ فرما دیجئے کہ اے میری قوم تم اپنی جگہ پر عمل کرتے رہو، بیشک میں عمل کررہا ہوں، سو تم عنقریب جان لوگے کس کے پاس عذاب آتا ہے جو اس کو ذلیل کردے گا۔ اور اس پر ایسا عذاب نازل

عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿۴۰﴾ اِنَّاۤ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ لِلنَّاسِ بِالْحَقِّ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰی فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ

ہوتا ہے جو ٹھہر کر رہ جائے۔ بے شک ہم نے لوگوں کیلئے حق کے ساتھ آپ پر کتاب نازل کی ہے سو جو ہدایت پر آجائے یہ اسکی اپنے جان کیلئے ہے اور جو شخص گمراہی اختیار کرے

فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۚ وَمَاۤ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ﴿۴۱﴾ ع

سو وہ اپنی جان کو ضرر پہنچانے کے لئے گمراہی کو اختیار کرتا ہے، اور آپ ان پر مسلط بنا کر نہیں بھیجے گئے۔

بندہ کو اللہ کافی ہے، اللہ کے سوا تکلیف کو کوئی دور نہیں کرسکتا اور اسکی رحمت کو کوئی روک نہیں سکتا

جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مشرکین کو توحید کی دعوت دیتے تھے تو وہ لوگ برا مانتے تھے ایک دن ان میں سے ایک شخص نے کہا کہ دیکھو تم ہمارے معبودوں کو برا کہنا چھوڑ دو، ورنہ ہم اپنے معبودوں سے کہیں گے کہ تمہیں ایسا کردیں کہ تمہارے ہوش وحواس قائم نہ رہیں۔

اس پر آیت کریمہ اَلَیۡسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبۡدَهٗ نازل ہوئی۔

اور بعض روایات میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو بھیجا تھا کہ عزّیٰ بت کو توڑ دیں جب یہ وہاں پہنچے تو وہاں کے بت خانہ کا جو ذمہ دار بنا ہوا تھا اس نے کہا کہ دیکھو میں تمہیں آگاہ کرتا ہوں اس بت کی طرف سے تمہیں کوئی تکلیف پہنچ جائے گی۔ حضرت خالد بن ولید ؓ نے اسکی کوئی بات نہ مانی آگے بڑھے اور جو کلہاڑا لیکر گئے تھے وہ اس بت کی ناک پر مار کر تیا پانچا کر دیا، اس پر وَيُخَوِّفُونَكَ بِالَّذِينَ مِنۡ دُونِهٖ کا نزول ہوا۔ (ذكر هما في الدر المنثور عن قتادة)

مشرکین خود تو اپنے معبودوں سے ڈرتے ہی ہیں مؤمن بندوں کو بھی ڈراتے ہیں اللہ جل شانہ، نے ارشاد فرمایا اَلَیۡسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبۡدَهٗ (کیا اللہ اپنے بندہ کیلئے کافی نہیں ہے) یعنی اللہ تعالیٰ اپنے بندہ کے لئے کافی ہے جو ہر شر اور ضرر اور آفت و مصیبت سے بچائے گا، بت تو بے جان ہیں ان سے کوئی تکلیف نہیں پہنچ سکتی جو انسان اور جن کچھ اختیار رکھتے ہیں وہ بھی کسی نفع اور ضرر کے مالک نہیں۔

وَمَنۡ يُّضۡلِلِ اللّٰهُ فَمَالَهٗ مِنۡ هَادٍ (اور اللہ جسے گمراہ کردے اس کو کوئی ہدایت دینے والا نہیں؟) وَمَنۡ يَّهۡدِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنۡ مُّضِلٍّ ؕ اَلَيۡسَ اللّٰهُ بِعَزِيۡزٍ ذِی انۡتِقَامٍ۔ (اور جسے اللہ ہدایت دے دے اس کا کوئی گمراہ کرنے والا نہیں۔ کیا اللہ عزت والا بدلہ لینے والا نہیں ہے؟) جو لوگ بت پرست ہیں وہ اپنے معبودوں کے ضرر پہنچانے سے ڈرتے ہیں اللہ تعالیٰ کے قادر اور کافی اور عزیز (غالب) ہونے اور انتقام لینے کی قدرت ہونے پر ان کی نظر نہیں، جو باطل معبود انہوں نے خود تجویز کر رکھے ہیں اپنی گمراہی سے ان میں نفع و ضرر سمجھتے ہیں اور ان سے خود بھی ڈرتے ہیں دوسروں کو بھی ڈراتے ہیں۔

اس کے بعد ارشاد فرمایا کہ آپ ان مشرکین سے دریافت فرمائیے کہ یہ بتاؤ آسمانوں کو اور زمین کو کس نے پیدا کیا؟ اس سوال کا جواب دیدیں (زبان حال سے یا قال سے) تو آپ ان سے فرمائیں کہ اب یہ بتاؤ کہ تم نے جو اللہ تعالیٰ کے سوا معبود بنا رکھے ہیں کیا نہیں ایسی قدرت ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ مجھے ضرر پہنچانا چاہے تو یہ اسے دور کردیں یا اگر اللہ تعالیٰ مجھ پر رحمت فرمانا چاہے تو یہ اسکی رحمت کو روک دیں اور ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ کے بھیجے ہوئے دکھ تکلیف کو اس کے سوا کوئی دور نہیں کرسکتا اور اسکی رحمت کو کوئی نہیں روک سکتا، جب یہ بات ہے تو تمہارے معبودوں سے میں کیوں ڈروں؟ مجھے صرف اللہ کافی ہے صحیح معنی میں توکل کرنیوالے صرف اسی پر توکل کرتے ہیں اور میرا بھی اسی پر توکل ہے۔

قُلۡ يٰقَوۡمِ اعۡمَلُوۡا عَلٰی مَكَانَتِكُمۡ (الأية) آپ فرما دیجئے کہ تم اپنی جگہ پر عمل کئے جاؤ میں اپنے طور پر عمل کر رہا ہوں تم اپنا مشرکانہ طرز عمل نہیں چھوڑتے اور مجھے تو اپنا دین بہر حال چھوڑنا ہی نہیں ہے، تم جو مجھے غلطی پر سمجھ رہے ہو تو تمہیں جلدی معلوم ہو جائے گا کہ وہ کون ہے جس پر عذاب آنیوالا ہے جو اسے رسوا کردے گا اور جس پر ایسا عذاب نازل ہوگا جو دائمی ہوگا۔ مفسرین نے فرمایا ہے کہ اس سے مشرکین کا بدر میں مقتول ہونا مراد ہے، بدر کے مقتولین نے دنیا میں بھی سزا پائی ذلیل ہوئے اور آخرت میں بھی انکے لئے دائمی عذاب ہے اور ہر کافر کے لئے عذاب دائمی ہی ہے قال صاحب الروح فان الاول اشارة الى العذاب الدنيوى وقدرنا لهم يوم بدر و الثانى اشارة الى العذاب الاخروى فان العذاب المقيم عذاب النار۔ (صاحب روح المعانی ؒ فرماتے ہیں پہلے عذاب سے دینوی عذاب کی طرف اشارہ ہے، جو ہم نے ان کیلئے بدر کے دن میں مقرر کیا تھا اور دوسرے عذاب سے مراد آخرت کا عذاب ہے کیونکہ عذاب مقیم جہنم ہی کا عذاب ہے)

آخر میں فرمایا اِنَّاۤ اَنۡزَلۡنَا عَلَيۡكَ الۡكِتٰبَ لِلنَّاسِ بِالۡحَقِّ (بیشک ہم نے آپ پر لوگوں کے لئے حق کے ساتھ کتاب نازل کی)

فَمَنِ اهْتَدٰى فَلِنَفْسِهٖ (سو جو ہدایت پر آ جائے یہ اس کی اپنی جان کے لئے ہے) وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا (اور جو شخص گمراہی اختیار کرے سو وہ اسے اپنی جان کو ضرر پہنچانے کے لئے اختیار کرتا ہے۔ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ (اور آپ ان پر مسلط بنا کر نہیں بھیجے گئے۔ اس میں آپ کو تسلی دی ہے۔ مطلب یہ ہے کہ آپکے ذمہ یہ نہیں کیا گیا کہ لوگوں کو زبردستی دین پر لائیں اور اپنی بات منوائیں آپکے ذمہ صرف پہنچا دینا ہے۔ عمل کرنا نہ کرنا انکی اپنی ذمہ داری ہے۔ آپ انکی وجہ سے غمگین نہ ہوں۔

اَللّٰهُ يَتَوَفَّى الْاَنْفُسَ حِيْنَ مَوْتِهَا وَالَّتِيْ لَمْ تَمُتْ فِيْ مَنَامِهَا ۚ فَيُمْسِكُ الَّتِيْ قَضٰى عَلَيْهَا الْمَوْتَ

اللہ قبض کر لیتا ہے جانوں کو انکی موت کے وقت، اور ان جانوں کو بھی جنکی موت نہیں آئی انکے سوتے وقت، پھر اسے روک لیتا ہے جس کے بارے میں موت کا

وَيُرْسِلُ الْاُخْرٰٓى اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝ اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ

فیصلہ فرما دیا اور دوسری کو اجل مقرر تک چھوڑ دیتا ہے، بلاشبہ اس میں نشانیاں ہیں ان لوگوں کیلئے جو فکر کرتے ہیں۔ کیا ان لوگوں نے اللہ کے سوا سفارش

اللّٰهِ شُفَعَاۗءَ ۭ قُلْ اَوَلَوْ كَانُوْا لَا يَمْلِكُوْنَ شَيْـــًٔا وَّلَا يَعْقِلُوْنَ ۝ قُلْ لِّلّٰهِ الشَّفَاعَةُ جَمِيْعًا ۭ

کرنے والے تجویز کر رکھے ہیں۔ آپ فرما دیجئے اگر چہ وہ کچھ بھی قدرت نہ رکھتے ہوں۔ اور کچھ بھی نہ سمجھتے ہوں؟ آپ فرما دیجئے کہ سفارش تمامتر اللہ ہی کے اختیار میں ہے،

لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝ وَاِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَحْدَهُ اشْمَاَزَّتْ قُلُوْبُ الَّذِيْنَ

اللہ ہی کیلئے ہے ملک آسمانوں کا اور زمین کا پھر تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔ پھر جب تنہا اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے تو ان لوگوں کے دل منقبض ہو جاتے

لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ ۚ وَاِذَا ذُكِرَ الَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ۝

ہیں۔ جو آخرت پر یقین نہیں رکھتے اور جب اس کے سوا دوسروں کا ذکر کیا جاتا ہے تو اچانک وہ خوش ہو جاتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ جانوں کو قبض فرماتا ہے، سفارش کے بارے میں صرف اسی کو اختیار ہے، مشرکین کے سامنے اللہ تعالیٰ کا ذکر ہوتا ہے تو انکے دل منقبض ہوتے ہیں

یہ تین آیات کا ترجمہ ہے پہلی آیت میں اللہ جل شانہ، نے اپنے ان تصرفات کا تذکرہ فرمایا جو انسانوں کی جانوں سے متعلق ہیں، ارشاد فرمایا کہ انسانوں کی جانوں کو اللہ تعالیٰ انکی موت کے وقت قبض فرما لیتا ہے، اور یہ قبض کامل ہوتا ہے، اس کے بعد جسم انسانی میں کوئی حس و حرکت باقی نہیں رہتی اور جب بنی آدم سو جاتے ہیں تو اس وقت بھی اللہ ان کی جانوں کو قبض فرما لیتا، لیکن چونکہ قبض کامل نہیں ہوتا روح باقی رہتی ہے (اگر چہ افعال و حرکات پر ارواح کا قبضہ نہیں رہتا) اس لئے انکی موت کا مقررہ وقت آنے تک سونے والوں کی جانوں کو اللہ تعالیٰ چھوڑ دیتا ہے یعنی جو ہوش گوش اور حس حرکت اور اختیار والی زندگی عارضی طور پر جا چکی تھی اسے واپس لوٹا دیتا ہے، ان تصرفات میں اللہ تعالیٰ بالکل مختار مطلق ہے کسی کو اس میں کوئی دخل نہیں، دیکھنے والے دیکھتے ہیں اور روزانہ اس کا مظاہرہ ہوتا رہتا ہے، اس میں ان لوگوں کے لئے بڑی بڑی نشانیاں ہیں جو غور و فکر سے کام لیتے ہیں، انسان کو ہر سونے اور جاگنے کے وقت سوچنا چاہئے کہ میں کیسا ضعیف ہوں۔ کہ سونے جاگنے تک پر مجھے قدرت نہیں اگر انسان اپنی عاجزی پر غور کرے تو سمجھ میں آ جائے گا کہ واقعی مجھے جس نے پیدا فرمایا ہے

میں صرف اسی کا بندہ ہوں۔

دوسری آیت میں مشرکین کی اس بے وقوفی کو بیان فرمایا کہ انہوں نے اللہ کے سوا دوسرے معبود تجویز کر رکھے ہیں۔ ان شرکا کو شُفَعَآءَ سے تعبیر کیا کیونکہ مشرکین کا یہ عقیدہ تھا کہ جن کو ہم نے اللہ تعالیٰ کا شریک بنایا ہے یہ لوگ اللہ تعالیٰ کے حضور میں شفاعت کر کے ہماری بخشش کرا دیں گے۔ پہلے تو غیر اللہ کو معبود بنانے کی نکیر فرمائی پھر فرمایا کہ جن کو تم نے سفارشی سمجھا ہے انہیں تو کچھ بھی قدرت نہیں اور کچھ بھی سمجھ نہیں یہ تو پتھر کی مورتیاں ہیں نہ انہیں کچھ قدرت ہے نہ کسی بات کا علم ہے یہ کیا جانیں کہ سفارش کیا ہوتی ہے۔ اور یہ کہ سفارش کس کی کی جائے اور کس سے سفارش کی جائے جب انکی عجز اور جہل کا یہ حال ہے تو کیا سفارش کر سکتے ہیں؟

یہ بھی سمجھنا چاہئے کہ سفارش کے بارے میں ہر طرح کا اختیار اللہ تعالیٰ ہی کو ہے۔ وہ جسے چاہے گا اور جس کیلئے چاہے گا سفارش کرنے کی اجازت دے گا، اس کے لئے یہاں مشرک اور کافر کی بخشش نہیں، اس لئے جو بندے اس کے نزدیک شفاعت کرنے کے اہل ہیں انبیاء کرام علیہم السلام اور ملائک عظام علیہم السلام انہیں کافروں اور مشرکوں کی سفارش کرنے کی اجازت نہ دی جائے گی۔ لہٰذا شرک و کفر میں مبتلا رہنا اور اپنے معبودوں کی سفارش کا بخشش کے لئے سہارا لینا یہ سراپا جہالت اور حماقت اور گمراہی ہے، اس بیان سے مشرکین کے اس سوال کا جواب بھی واضح ہو گیا کہ ہم نے تو فرشتوں کو اور بعض پیغمبروں کو بھی الوہیت میں شریک کر رکھا ہے وہ تو شفاعت کے اہل ہیں اوپر کے بیان سے واضح ہو گیا کہ جس کی بخشش نہیں اس کے لئے نہ کوئی سفارش کرے گا نہ اس کے لئے سفارش کی اجازت دی جائے گی اور بلا اجازت کسی کو سفارش کا اختیار نہیں، سورۂ بقرہ میں فرمایا مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ (کون ہے جو اسکی بارگاہ میں سفارش کرے مگر اسکی اجازت سے) اور سورۂ طٰہٰ میں فرمایا یَوْمَئِذٍ لَّا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَرَضِیَ لَهٗ قَوْلًا (اس روز سفارش نفع نہ دے گی مگر ایسے شخص کو جس کے واسطے اللہ تعالیٰ نے اجازت دیدی ہو اور اس شخص کے واسطے بولنا پسند کر لیا ہو)۔

اور سورۃ الانبیاء میں فرشتوں کے بارے میں فرمایا وَلَا یَشْفَعُوْنَ اِلَّا لِمَنِ ارْتَضٰی (اور وہ بجز اس کے جس کے لئے اللہ تعالیٰ کی مرضی ہو اور کسی کی سفارش نہیں کر سکتے)

مزید فرمایا لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (اسی کے لئے ملک ہے آسمانوں کا اور زمین کا) ثُمَّ اِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ (پھر تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے) اس میں یہ بتا دیا کہ اللہ تعالیٰ ہی مالک الملک ہے۔ دنیا اور آخرت سب اسی کی مملوک ہیں۔ اور ہر طرح کا پورا اختیار اور اقتدار اسی کا ہے۔

تیسری آیت میں مشرکین کا مزاج بتایا اور وہ یہ کہ شرک ان کے دلوں میں اس درجہ گھر کر گیا ہے اور انہیں توحید اس قدر ناگوار ہے کہ جب انکے سامنے صرف اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا جاتا ہے جس میں لآ الٰہ الا للّٰہ کی دعوت بھی ہے تو ان لوگوں کے دل منقبض ہوتے ہیں۔ جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے انہیں یہ بات ناگوار معلوم ہوتی ہے۔ کہ ہمارے تجویز کردہ شرکاء کے بغیر اللہ کا نام کیوں لیا گیا، اور ان لوگوں نے اللہ کے سوا جو دوسرے معبود تجویز کر رکھے ہیں جب ان کا تنہا ذکر ہوتا ہے تو اس سے خوش ہوتے ہیں۔ اللہ کو ماننے کا دعویٰ کرتے ہوئے یوں نہیں کہتے کہ اللہ کا ذکر کئے بغیر ان کو کیوں یاد کیا گیا انکے دلوں میں اس درجہ شرک رچ بچ گیا ہے کہ تنہا اللہ کا ذکر ہو تو انہیں بہت ناگواری ہوتی ہے اور جو باطل معبود انہوں نے تجویز کر رکھے ہیں ان کا ذکر ہو جائے اور اللہ تعالیٰ کا ذکر نہ ہو تو اس وقت ان کی خوشی کی انتہا نہیں رہتی قال صاحب الروح فان الاستبشار أن یمتلئ القلب سرورا حتی ینبسط له بشرة الوجه، و الاشمئزاز أن یمتلئ غیظا و غما ینقبض عنه ادیم الوجه کما یشاهد فی وجه العابس المحزون. (یعنی استبشار یہ ہے کہ دل خوشی سے لبریز ہو جس سے چہرے پر بشاشت کے آثار نمایاں ہو جائیں اور اشمئزاز یہ ہے کہ دل غم و غصہ سے لبریز ہو جس کی

وجہ سے چہرے پر انقباض طاری ہو جائے)۔

یہی حال ان مبتدعین و مشرکین کا ہے جو مسلمان ہونے کے دعویدار ہیں لیکن اللہ تعالیٰ کے ذکر کی اور اتباع سنت کی تلقین کی جاتی ہے تو انہیں اچھی نہیں لگتی بدعتوں کا بیان کیا جائے اور پیروں فقیروں کی جھوٹی کرامات اور خودتراشیدہ قصے بیان کئے جائیں تو اس سے خوش ہوتے ہیں راتوں رات قوالی سنتے ہیں، ہارمونیم اور طبلہ کی آواز پر انہیں وجد آتا ہے اور اسی رات کے ختم پر جب فجر کی اذان ہوتی ہے تو مسجد کا رخ کرنے کی بجائے بستروں کی طرف رُخ کرتے ہیں۔ اور گھر میں جا کر سو جاتے ہیں۔

قال صاحب الروح وقد رأينا كثيراً من الناس على نحو هٰذه الصفة التى وصفه الله تعالىٰ بها المشركين يهشون لذكر اموات يستغيثون بهم ويطلبون منهم ويطربون من سماع حكايات كاذبة عنهم توافق هواهم واعتقادهم فيهم ويُعَظِّمُوْن من يحكى لهم ذلك وينقبضون من ذكر الله تعالى وحده (الى (أن قال) وقد قلت يوما لرجل يستغيث فى شدة ببعض الاموات وينادى يا فلان اغثنى فقلت له قل يا الله فقد قال سبحانه واذا سألك عبادى عنى فانى قريب اجيب دعوة الداع اذا دعان فغضب وبلغنى انه قال فلان منكر على الاولياء وسمعت عن بعضهم انه قال الولى اسرع اجابة من الله عزوجل هٰذا من الكفر بمكان نسأل الله تعالىٰ أن يعصمنا من الزيغ والطغيان. (١١ ج ٢٤) (صاحب روح المعانی کہتے ہیں کہ جو صفات اللہ تعالیٰ نے مشرکین کی بیان کی ہیں ہم وہی صفات بہت سے اسلام کے دعویداروں میں بھی دیکھتے ہیں کہ وہ مردوں کے تذکرہ سے خوش ہوتے ہیں ان سے مدد طلب کرتے ہیں مرادیں مانگتے ہیں اور ان کے بارے میں جھوٹی حکایات سن کر وجد میں آ جاتے ہیں اور جب خالصتاً اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا جائے تو اس سے منقبض ہوتے ہیں۔ (آگے چل کر فرماتے ہیں) میں نے ایک شخص سے ”جو کہ اپنی کسی شکل میں کسی مردہ پیر فقیر سے مدد مانگ رہا تھا اور کہہ رہا تھا اے فلاں میری مدد کر“ کہا کہ اللہ تعالیٰ کو پکار کہ اس کا ارشاد ہے جب میرے بندے مجھ سے سوال کرتے ہیں تو میں ان کے قریب ہوتا ہوں (اور) پکارنے والوں کی پکار کو قبول کرتا ہوں۔ تو میری اس بات سے وہ ناراض ہو گیا اور مجھے کسی نے بتایا کہ اس نے میرے بارے میں کہا کہ یہ تو اولیاء اللہ کا منکر ہے۔ اور میں نے ایک شخص کے بارے میں سنا کہ وہ کہتا تھا کہ اللہ تعالیٰ سے زیادہ تو ولی دعا کو قبول کرتے ہیں (العیاذ باللہ) اور یہ صریح کفر ہے اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہمیں ہر قسم کی گمراہی و سرکشی سے محفوظ فرمائے)۔

قُلِ اللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عٰلِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ اَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِيْ مَا كَانُوْا

آپ یوں کہئے کہ اے اللہ آسمانوں اور زمینوں کے پیدا فرمانے والے غیب اور شہادت کے جاننے والے آپ اپنے بندوں کے درمیان فیصلہ فرمائیں گے ان باتوں کے بارے

فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿٤٦﴾ وَلَوْ اَنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَا فِى الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لَافْتَدَوْا بِهٖ مِنْ

میں جن میں اختلاف کرتے ہیں، اور جن لوگوں نے ظلم کیا اگر ان کے لئے وہ سب کچھ ہو جو زمین میں ہے اور اس کے ساتھ اس جیسا اور ہو تو قیامت کے دن عذاب کی بدحالی کی

سُوْٓءِ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَبَدَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مَا لَمْ يَكُوْنُوْا يَحْتَسِبُوْنَ ﴿٤٧﴾ وَبَدَا لَهُمْ

وجہ سے وہ اس سب کو جان کے بدلہ میں دیدیں گے اور ان کے لئے اللہ کی طرف سے وہ ظاہر ہو جائے گا جو ان کے گمان میں نہ تھا۔ اور انہوں نے جو عمل کئے تھے ان کے برے

سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿٤٨﴾ فَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَانَا ۡ ثُمَّ اِذَا

نتیجے ان کے لئے ظاہر ہو جائیں گے اور انہیں وہ چیز گھیر لے گی جس کا وہ مذاق بناتے تھے۔ سو جب انسان کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو وہ ہمیں پکارتا ہے پھر جب ہم اسے اپنی

خَوَّلْنٰهُ نِعْمَةً مِّنَّا ۙ قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ عَلٰى عِلْمٍ ۭ بَلْ هِىَ فِتْنَةٌ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٤٩﴾

طرف سے نعمت دے دیتے ہیں تو وہ کہتا ہے کہ یہ تو مجھے ہنر کی وجہ سے ملا ہے۔ بلکہ بات یہ ہے کہ وہ امتحان ہے لیکن ان میں سے اکثر نہیں جانتے،

قَدْ قَالَهَا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿٥٠﴾ فَاَصَابَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا ۭ

یہ کلمہ ان سے پہلے لوگوں نے کہا سو جو کچھ کمائی کرتے تھے اس نے انہیں کچھ بھی فائدہ نہ دیا، سو انہوں نے جو برے اعمال کئے تھے ان کا بدلہ انہیں پہنچ گیا،

وَالَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْ هٰٓؤُلَاۗءِ سَيُصِيْبُهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا ۙ وَمَا هُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿٥١﴾ اَوَلَمْ يَعْلَمُوْٓا

اور ان میں سے جن لوگوں نے ظلم کیا عنقریب انہیں ان کے اعمال کا بدلہ پہنچ جائے گا اور وہ عاجز کرنے والے نہیں ہیں۔ کیا انہوں نے نہیں جانا

اَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَاۗءُ وَيَقْدِرُ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿٥٢﴾

کہ اللہ رزق پھیلا دیتا ہے جس کے لئے چاہے اور تنگ کر دیتا ہے، جس کیلئے چاہے، بلاشبہ اس میں نشانیاں ہیں ان لوگوں کیلئے جو ایمان لاتے ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک خاص دعاء کی تلقین انسان کی بدخلقی اور بدحالی کا تذکرہ

یہ سات آیات کا ترجمہ ہے پہلی آیت میں اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تلقین فرمائی کہ آپ یوں دعا کریں **اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عٰلِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ اَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ**o

اے اللہ آسمانوں اور زمین کے پیدا فرمانے والے غیب اور شہادہ کے جاننے والے آپ اپنے بندوں کے درمیان فیصلہ فرمائیں گے ان باتوں کے بارے میں جن میں اختلاف کرتے ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مخاطبین جور و یہ اختیار کرتے تکلیف پہنچاتے، اور تکذیب کرتے تھے اس سے آپ کو تکلیف ہوتی تھی، تسلی کے لئے اللہ تعالیٰ نے آپ کو یہ دعا سکھائی آپ کے توسط سے امت کو بھی یہ دعا معلوم ہوگئی جس کسی کو دین کے دشمنوں سے تکلیف پہنچے یہ دعا پڑھے اللہ تعالیٰ **عالم الغیب و الشهاده** ہے اسے سب کا حال معلوم ہے وہ اپنے علم کے مطابق جزا سزا دے گا اور لوگوں میں جو اختلاف ہے حق بات نہیں مانتے اور باطل ہی کو حق سمجھتے ہیں۔ اس بات کا آخرت کے دن فیصلہ ہو جائیگا، اہل کفر دوزخ میں اور اہل ایمان جنت میں چلے جائیں گے۔

دوسری آیت میں اہل کفر کی قیامت کے دن کی بدحالی بیان فرمائی اور فرمایا کہ زمین میں جو کچھ ہے اگر کسی کافر کے پاس یہ سب کچھ ہو اور اسکے علاوہ اور بھی اسی قدر ہو تو قیامت کے دن کے عذاب سے بچنے کے لئے اس سب کو جان کے بدلہ دینے کو تیار ہو جائے گا، اس سے انکی بدحالی معلوم ہوگئی نہ وہاں کسی کے پاس کچھ ہوگا نہ جان کا بدلہ قبول ہوگا، **لَا يُقْبَلُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا تَنْفَعُهَا شَفَاعَةٌ وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ**۔ (نہ کسی کی طرف سے کوئی معاوضہ قبول کیا جائے گا اور نہ کسی کو کوئی سفارش مفید ہوگی اور نہ ان لوگوں کی مدد کی جائے گی)۔

یہ لوگ جب دنیا میں تھے تو قیامت قائم ہونے ہی کے منکر تھے دوزخ پر اجمالی ایمان لانے کو تیار نہ تھے وہاں کی عقوبات اور سزاؤں کی تفصیل کو کیا جانتے اب جب وہاں طرح طرح کے عذاب میں مبتلا ہونگے تو عذاب کی وہ چیزیں انکے سامنے آجائیں گی جن کا انہیں خیال بھی نہ تھا لہٰذا جان کا فدیہ دینے کے لئے تیار ہو جائیں گے لیکن وہاں کچھ پاس نہ ہوگا اور اگر بالفرض کچھ پاس ہو تو قبول نہ ہوگا۔

تیسری آیت میں یہ فرمایا کہ دنیا میں جوانہوں نے برے عمل کئے وہ وہاں ظاہر ہو جائیں گے اور جس چیز کا مذاق بنایا کرتے تھے یعنی عذاب جہنم وہ ان کو وہاں گھیر لے گا۔

چوتھی آیت میں انسان کا مزاج بیان فرمایا اور وہ یہ کہ اسے کوئی تکلیف پہنچ جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ کو پکارنے لگتا ہے۔ پھر جب اللہ تعالیٰ کی طرف سے مہربانی ہو جاتی ہے اور نعمت نصیب ہو جاتی ہے تو یوں نہیں کہتا کہ یہ نعمت مجھے اللہ نے دی ہے بلکہ اس میں بھی اپنا کمال ظاہر کرتا ہے اور یوں کہتا ہے کہ میں نے اپنے ہنر کو کام میں لایا تدبیریں سوچیں مال کمانے کے گر سیکھے یہ نعمت مجھے اسی کے ذریعہ ملی ہے۔

اللہ تعالیٰ شانہ نے ارشاد فرمایا: بَلْ هِيَ فِتْنَةٌ (یہ بات نہیں ہے کہ یہ مال اسے اسکے علم اور ہنر سے ملا۔ یہ مال اسے ہم نے دیا ہے جب اس کے پاس مال نہیں تھا اس وقت بھی تو علم اور ہنر والا تھا اس وقت کیوں مال حاصل نہیں کر سکا یہ مال جو ہم نے اسے دیا ہے یہ فِتْنَـــة ہے یعنی امتحان ہے کہ مال ملنے پر شکر گزار رہتا ہے یا ناشکری اختیار کرتا ہے لیکن ان میں سے بہت سے لوگ نہیں جانتے) اللہ تعالیٰ کی حکمتوں کو نہیں پہچانتے شکر کی ضرورت نہیں سمجھتے، ناشکری پر ہی جمے رہتے ہیں۔ اور امتحان میں فیل ہو جاتے ہیں۔ **قوله تعالىٰ انما اوتيته على علـم بـل هـى فتنة ذكـر الضمير الاول لان النعمة بمعنى الانعام و قيل لان المراد بها المال وأنث الضمير الثانى لـرجـوعهـا الـى الـنـعمة واختير لفظها كما اختير فى الاول المعنى** (اللہ تعالیٰ کا ارشاد 'انـمـا أوتيتـه على علم بل هى فتـنـة'' اس میں پہلی ضمیر کو مذکر اس لئے لایا گیا ہے کیونکہ یہاں نعمة انعام کے معنی میں ہے اور بعض نے کہا اس لئے کہ یہاں نعمة سے مراد مال ہے اور دوسری ضمیر کو اس لئے مذکر لایا گیا ہے کیونکہ وہ نعمة کی طرف لوٹ رہی ہے اور یہاں نعمة کا لفظ مراد ہے جیسا کہ پہلی ضمیر لوٹانے کے وقت نعمة کا معنی مراد لیا گیا ہے)

پانچویں آیت میں یہ بیان فرمایا کہ یہ جملہ ایسے شخص نے کہا ہے کہ جسے مال دیکر نوازا گیا اس سے پہلے بھی لوگ اسطرح کہتے رہے ہیں اور اسے زبان پر لاتے رہے ہیں۔ وہ سمجھتے تھے کہ ہمارا یہ مال ہمیں فائدہ پہنچا دے گا، لیکن یہ مال نہ دنیا کے عذاب سے بچا سکا اور نہ انہیں آخرت میں اس سے کوئی فائدہ پہنچے گا۔

چھٹی آیت میں فرمایا ان لوگوں نے جو برے اعمال کئے انہیں ان کا بدلہ مل گیا اور جو موجود لوگ ہیں ان میں جو ظالم ہیں وہ بھی عنقریب اپنی اعمال کا بدلہ پالیں گے دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی، چنانچہ بدر میں سرداران قریش میں سے ستر ۷۰ آدمی مقتول ہوئے اور ستر ۷۰ قیدی ہوئے اور جو زندہ بچ گئے تھے بڑی ذلت اور رسوائی کے ساتھ واپس ہوئے، ساتھ ہی وَمَا هُمْ بِمُعْجِزِيْنَ بھی فرمایا یعنی ہم جن لوگوں کو عذاب دینا چاہیں عذاب دے دیں گے۔ ایسا نہیں ہے کہ مشرکین کافرین میں سے کوئی شخص کہیں بھاگ کر چلا جائے اور ہمارے قبضۂ قدرت سے نکل جائے۔

ساتویں آیت میں فرمایا کیا انہیں معلوم نہیں ہے کہ اللہ جس کے لئے چاہتا ہے رزق کو فراخ کر دیتا ہے اور جس کے لئے چاہتا ہے تنگ کر دیتا ہے یہ سب اسکی مشیت اور حکمت پر مبنی ہے ہنر مند کو بھی دیتا ہے اور بے ہنر کو بھی، علم والے تنگی اُٹھاتے ہیں اور جاہل چوٹ سیٹھ جی بنے بیٹھے رہتے ہیں۔ جس کے پاس جو کچھ ہے اللہ کے فضل سے ہے۔ اس میں اپنے کسب اور ہنر کا دخل نہ جانیں۔

بہ نادان چناں روزی رساند   کہ دانا اندراں حیران بماند

قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ؕ

آپ فرما دیجئے کہ اے میرے وہ بندو جنہوں نے اپنی جانوں پر زیادتی کی ہے اللہ کی رحمت سے ناامید نہ ہو جاؤ بلاشبہ اللہ تمام گناہوں کو معاف فرما دے گا، بے شک

اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۵۳﴾ وَاَنِيْبُوْٓا اِلٰى رَبِّكُمْ وَاَسْلِمُوْا لَهٗ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ ثُمَّ لَا

وہ بہت بخشنے والا ہے نہایت رحم والا ہے۔ اور اپنے رب کی طرف متوجہ ہو جاؤ اور اس کے فرماں بردار بن جاؤ اس سے پہلے کہ تمہارے پاس عذاب آئے پھر تمہاری

تُنْصَرُوْنَ ﴿۵۴﴾ وَاتَّبِعُوْٓا اَحْسَنَ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ بَغْتَةً وَّاَنْتُمْ لَا

مدد نہ کی جائے۔ اور تم اپنے رب کے پاس سے آئے ہوئے اچھے اچھے حکموں پر چلو قبل اس کے کہ تم پر اچانک عذاب آپڑے اور تم کو خیال بھی

تَشْعُرُوْنَ ﴿۵۵﴾ اَنْ تَقُوْلَ نَفْسٌ يّٰحَسْرَتٰى عَلٰى مَا فَرَّطْتُّ فِيْ جَنْۢبِ اللّٰهِ وَاِنْ كُنْتُ لَمِنَ السّٰخِرِيْنَ ﴿۵۶﴾

نہ ہو۔ کبھی کوئی جان یوں کہنے لگے کہ ہائے میری حسرت اس چیز پر جو میں نے اللہ کے بارے میں تقصیر کی، اور بے شک بات یہ ہے کہ میں مذاق بنانے والوں میں سے تھا،

اَوْ تَقُوْلَ لَوْ اَنَّ اللّٰهَ هَدٰىنِيْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۵۷﴾ اَوْ تَقُوْلَ حِيْنَ تَرَى الْعَذَابَ لَوْ اَنَّ

کوئی شخص یوں نہ کہنے لگے کہ اللہ مجھے ہدایت دیتا تو میں متقیوں میں سے ہوتا یا کوئی جان یوں کہنے لگے جبکہ وہ عذاب کو دیکھے یا کہ اگر میری واپسی ہو

لِيْ كَرَّةً فَاَكُوْنَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۸﴾ بَلٰى قَدْ جَآءَتْكَ اٰيٰتِيْ فَكَذَّبْتَ بِهَا وَاسْتَكْبَرْتَ

جاتی تو میں نیک کام کرنے والوں میں سے ہو جاتا، ہاں بات یہ ہے کہ تیرے پاس میری آیتیں آئیں تو نے انہیں جھٹلا دیا اور تو نے تکبر

وَكُنْتَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۵۹﴾ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ تَرَى الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلَى اللّٰهِ وُجُوْهُهُمْ مُّسْوَدَّةٌ ؕ اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ

اختیار کیا اور تو کافروں میں سے تھا، اور اے مخاطب تو قیامت کے دن دیکھے گا کہ جن لوگوں نے اللہ پر جھوٹ باندھا انکے چہرے سیاہ ہوں گے۔ کیا دوزخ میں

مَثْوًى لِّلْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۶۰﴾ وَيُنَجِّي اللّٰهُ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا بِمَفَازَتِهِمْ ۡ لَا يَمَسُّهُمُ السُّوْٓءُ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۶۱﴾ اَللّٰهُ خَالِقُ

تکبر والوں کا ٹھکانہ نہیں ہے اور اللہ تقوے والوں کو انکی کامیابی کے ساتھ نجات دے گا انہیں تکلیف نہ پہنچے گی اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ اللہ ہر چیز کا پیدا فرمانے

كُلِّ شَيْءٍ ۡ وَّهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ﴿۶۲﴾ لَهٗ مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ

والا ہے اور وہ ہر چیز میں تصرف کرنے والا ہے۔ اسی کے لئے آسمانوں اور زمین کی کنجیاں ہیں، اور جن لوگوں نے اللہ کی آیات کے

اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۶۳﴾

ساتھ کفر کیا یہ لوگ تباہ ہونے والے ہیں۔

ع ۱۱ ۶

اللہ تعالیٰ کی رحمت عامہ کا اعلان، انابت الی اللہ کا حکم، مکذّبین اور متکبّرین کی بدحالی

اللہ تعالیٰ حکیم ہے سمیع ہے بصیر ہے علیم ہے خبیر ہے قہار ہے، غفار ہے وہ گناہوں پر مؤاخذہ بھی فرماتا ہے،۔ اور معاف بھی فرما دیتا

ہے اسکی مغفرت بہت بڑی ہے پہلی آیت میں اللہ تعالیٰ کی شان غفاریت کا عام اعلان کیا اور فرمایا۔

قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ.

(آپ میرے بندوں سے فرما دیجئے کہ اللہ کی رحمت سے ناامید نہ ہوں) کوئی شخص یہ نہ سمجھے کہ میں تو بہت بڑا گنہگار ہوں میری بخشش کیسے ہوگی۔ جتنا بڑا بھی جو شخص گناہگار ہو اللہ تعالیٰ مغفرت فرما دے گا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا کہ قرآن کریم میں آیت شریفہ يَا عِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ سے بڑھ کر کوئی دوسری آیت نہیں ہے جس میں اللہ تعالیٰ کی وسیع رحمت کا اعلان ہو۔ (روح المعانی)

البتہ کافر اور مشرک کی مغفرت ہونے کے لئے اسلام قبول کرنا شرط ہے کفر پر برقرار رہتے ہوئے معافی اور مغفرت نہیں ہو سکتی جیسا کہ سورۃ النساء میں فرمایا: اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا بَعِيْدًا (بیشک اللہ تعالیٰ اس بات کو نہ بخشیں گے کہ انکے ساتھ کسی کو شریک قرار دیا جائے اس کے سوا اور جتنے گناہ ہیں جس کے لئے منظور ہوگا اس کے گناہ بخش دیں گے۔ اور جو شخص اللہ تعالیٰ کے ساتھ شریک ٹھہراتا ہے وہ بڑی دور کی گمراہی میں جا پڑا) اور سورۂ آل عمران میں فرمایا: اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَمَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْ اَحَدِهِمْ مِّلْءُ الْاَرْضِ ذَهَبًا وَّلَوِ افْتَدٰى بِهٖ ط اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ وَّمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ (بے شک جو لوگ کافر ہوئے اور وہ مر گئے حالت کفر ہی میں سو ان میں سے کسی کا زمین بھر سونا قبول نہ کیا جائے گا اگرچہ وہ معاوضہ میں اس کو دینا بھی چاہے ان لوگوں کو دردناک سزا ہوگی اور انکے حامی بھی نہ ہوں گے) کوئی کتنا ہی بڑا کافر و مشرک ہو اس کے لئے بھی اللہ تعالیٰ کی رحمت و مغفرت کا دروازہ کھلا ہوا ہے بشرطیکہ توبہ کرے لے یعنی اسلام قبول کر لے مشرکین میں سے بہت سے لوگوں نے بہت سارے قتل کئے تھے اور اس میں بہت زیادہ آگے بڑھ گئے تھے اور ان میں سے بہت سے لوگوں سے زنا بھی کثرت سے صادر ہوا تھا یہ لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئے اور عرض کیا کہ آپ جس چیز کی دعوت دیتے ہیں وہ تو اچھی چیز ہے لیکن ہمیں یہ تو بتائیے کہ ہم نے جو بڑے بڑے گناہ کئے ہیں کیا ان کا کفارہ ہو سکتا ہے اس پر سورۂ فرقان کی آیت کریمہ وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَلَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُوْنَ اور سورۂ زمر کی آیت يَا عِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ۔ نازل ہوئی۔ (صحیح بخاری ۷۱۰ ج ۲)

جب کسی شخص نے اسلام قبول کر لیا کفر و شرک سے توبہ کر لی تو اس کے پچھلے گزشتہ سب گناہ معاف ہو گئے البتہ حقوق العباد کی ادائیگی کی فکر کرے اور جو شخص پہلے سے مسلمان ہے کتنے ہی گناہ کر لے جب توبہ کرے گا اللہ تعالیٰ اس کے سب گناہ معاف کر دے گا اللہ تعالیٰ کی رحمت سے ناامید نہ ہوں، البتہ حقوق العباد کی تلافی کریں یہ بھی توبہ کا جز ہے اگر توبہ سچی ہو اور صحیح ہو تو ضرور قبول ہوتی ہے حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آیت شریفہ يَا عِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا کی تلاوت کی پھر فرمایا و لا یبالی کہ اللہ تعالیٰ کچھ پرواہ نہیں کرتا (وہ جس کو چاہے بخش دے اور جس بڑے گناہ کو بخش دے اور جتنے بڑے گنہگار کو بخش دے اس کے لئے کچھ بھاری نہیں ہے اور اسکے کرم اور فضل اور رحمت اور مغفرت سے اسے کوئی روکنے والا نہیں صحیح طریقہ یہی ہے کہ برابر توبہ کرتے رہیں اگر توبہ ٹوٹ جائے پھر کر لیں توبہ ٹوٹتی رہے۔ بار بار کرتے رہیں) سورۂ زمر کی مذکورہ بالا آیت بندوں کے لئے بہت بڑی ڈھارس ہے اور اس میں بندوں کو حکم دیا ہے کہ اللہ کی رحمت سے ناامید نہ ہوں۔ کروڑوں گناہ بھی اللہ کی رحمت اور مغفرت کے سامنے کوئی حیثیت نہیں رکھتے سورۂ یوسف میں ارشاد ہے۔

وَلَا تَايْـئَسُوْا مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ لَا يَايْـئَسُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْكٰفِرُوْنَ ○

اور اللہ کی رحمت سے ناامید مت ہو بیشک اللہ کی رحمت سے وہی لوگ ناامید ہوتے ہیں جو کافر ہیں۔

اور سورۂ حجر میں ارشاد ہے:

قَالَ وَمَنْ يَّقْنَطُ مِنْ رَّحْمَةِ رَبِّهٖٓ اِلَّا الضَّآلُّوْنَ ○

(حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرشتوں سے گفتگو فرماتے ہوئے کہا) کہ گمراہ لوگوں کے سوا اپنے رب کی رحمت سے کون ناامید ہوتا ہے۔

صغیرہ گناہوں کی مغفرت اوران کا کفارہ تو اعمال صالحہ سے بھی ہوتا رہتا ہے لیکن کبیرہ گناہوں کی یقینی طور پر مغفرت ہو جانا توبہ کے ساتھ مشروط ہے اگر توبہ نہ کی اور اسی طرح موت آ گئی تو بشرط ایمان مغفرت تو پھر بھی ہو جائے گی لیکن یہ کوئی ضروری نہیں کہ بلا عذاب کے مغفرت ہو جائے، اللہ تعالیٰ بلا توبہ بھی مغفرت فرما سکتا ہے اور اسے یہ بھی اختیار ہے کہ گناہوں کی سزا دینے کے لئے دوزخ میں ڈال دے پھر عذاب کے ذریعہ پاک وصاف کر کے جنت میں بھیجے چونکہ عذاب کا خطرہ بھی لگا ہوا ہے، اس لئے پکی توبہ اور استغفار کرتے رہیں اور اللہ تعالیٰ سے ہمیشہ مغفرت کی امید رکھیں اسکی رحمت سے ناامید کبھی نہ ہوں تاکہ اس حال میں موت آئے کہ توبہ کے ذریعہ سب کچھ معاف ہو چکا ہو۔

وفادار بندوں کا یہ شعار نہیں کہ مغفرت کا وعدہ سن کر بے خوف ہو جائیں بلکہ مغفرتوں کی بشارتوں کے بعد اور زیادہ گناہوں سے بچنے اور نیکیوں میں ترقی کرنے کی طرف متوجہ ہونے کی ضرورت ہے۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑھ کر کسی کے لئے بشارتیں نہیں ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کی سب لغزشوں کی مغفرت فرمادی جس کا اعلان سورۃ الفتح کے شروع میں فرمادیا اس کے باوجود آپ راتوں رات نمازیں پڑھتے تھے جس کی وجہ سے آپ کے قدم مبارک سوج گئے تھے۔ جب کسی نے عرض کیا کہ آپ عبادت میں اتنی محنت فرماتے ہیں۔ حالانکہ اللہ پاک نے آپ کا سب کچھ اگلا پچھلا (لغزش والا عمل) معاف فرمادیا اس پر آپ نے ارشاد فرمایا: اَفَلَا اَكُوْنُ عَبْدًا شَكُوْرًا (کیا میں اللہ تعالیٰ کا شکر گزار بندہ نہ بنوں)۔ (رواہ البخاری ص ١٥٢ ج ١) مطلب یہ ہے کہ اللہ پاک نے اتنی بڑی مہربانی فرمائی کہ میرا سب کچھ معاف فرمادیا تو اس کی شکرگزاری کا تقاضا یہ ہے کہ میں مزید طاعت اور عبادت کے ذریعہ اللہ کے قرب میں ترقی کرتا چلا جاؤں۔

کتنے ہی صحابہؓ ایسے تھے جن کو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی دنیا میں خوشخبری دیدی تھی کہ وہ جنتی ہیں عشرہ مبشرہ (دس جنتی) تو مشہور ہی ہیں عموماً ان کو سب جانتے ہیں اور غزوۂ بدر میں شرکت کرنے والے حضرات کو اللہ جل شانہٗ کی طرف سے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ خوشخبری دی کہ اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ فَقَدْ غَفَرْتُ لَكُمْ (رواہ البخاری ص ١٥٢) یعنی تم جو چاہو کرو میں نے تم کو بخش دیا۔

ان حضرات کے علاوہ اور بھی ہیں جن کو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے جنت کی بشارت دی لیکن ان حضرات نے اس کا یہ اثر بالکل نہیں لیا کہ گناہ کرتے چلے جائیں اور فرائض کو ضائع کرتے رہیں بلکہ یہ حضرات برابر گناہوں سے پرہیز کرتے رہتے تھے اور نیکیوں میں ترقی کے لئے کوشاں رہتے تھے اور معمولی سا گناہ ہو جانے پر فکر مند ہو جاتے تھے اور ڈرتے رہتے تھے ہم کو انہی حضرات کا اتباع کرنا لازم ہے سورۂ طٰہٰ میں فرمایا وَاِنِّيْ لَغَفَّارٌ لِّمَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ثُمَّ اهْتَدٰى ○ (اور میں ایسے لوگوں کے لئے بڑا بخشنے والا ہوں جو توبہ کرلیں اور ایمان لے آئیں اور نیک عمل کرتے رہیں پھر راہ پر قائم رہیں یعنی مزید عمل صالح پر مداومت کریں)

معلوم ہوا کہ ایمان اور عمل صالح اور توبہ پر استقامت ضروری ہے یہ تفصیل اس لئے لکھی گئی ہے کہ کوئی شخص اللہ تعالیٰ کی وسیع رحمت اور عموم مغفرت کی بات سن کر گناہوں میں ترقی نہ کرتا چلا جائے اور توبہ میں دیر نہ لگائے کیونکہ احادیث صحیحہ اور صریحہ سے یہ بات ثابت ہے کہ بہت سے اہل ایمان بھی اپنے گناہوں کی وجہ سے دوزخ میں داخل ہوں گے پھر عذاب بھگت کر حضرات ملائکہ کرام اور حضرات انبیاء عظام علیہم السلام اور دیگر اہل ایمان کی شفاعت سے اور محض ارحم الراحمین جل مجدہ کی رحمت سے دوزخ سے نکال کر جنت میں داخل کردیئے جائیں گے۔ (کمافی مشکوٰۃ المصابیح ۴۹۰، ۴۹۱)

پھر فرمایا وَاَنِیْبُوْٓا اِلٰی رَبِّکُمْ (الآیۃ) (اور اپنے رب کی طرف متوجہ ہو جاؤ اور اسکے فرمان بردار بن جاؤ اس سے پہلے کہ تمہارے پاس عذاب آئے پھر تمہاری مدد نہ کی جائے) اس آیت میں اللہ کی طرف رجوع ہونے اور اس کا فرماں بردار بننے کا حکم دیا ہے اور فرمایا ہے کہ عذاب کے آنے سے پہلے اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہو جاؤ اور اس کے فرماں بردار بن جاؤ جب اللہ تعالیٰ کا عذاب آ جائے گا تو اس وقت مدد نہ کی جائے گی لفظ ''اَنِیْبُوْا'' اِنَابَۃٌ سے مشتق ہے صاحب روح المعانی لکھتے ہیں کہ اِنَابَۃ اور تَوْبَہ میں یہ فرق ہے کہ توبہ کرنے والا عذاب کے ڈر سے اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع ہوتا ہے اور انابت کرنے والا اللہ تعالیٰ کے کرم اور فضل سے متاثر ہو کر شرماجاتا ہے اور یہ حیاء اسے اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع ہونے پر آمادہ کرتی ہے پھر وَاَسْلِمُوْا لَہٗ کا مطلب بتاتے ہوئے لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ جل شانہٗ کی طاعت میں اخلاص کے ساتھ لگا رہے۔ وَاتَّبِعُوْٓا اَحْسَنَ مَآ اُنْزِلَ اِلَیْکُمْ مِّنْ رَّبِّکُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ یَّاْتِیَکُمُ الْعَذَابُ بَغْتَۃً وَّاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ○ (اور اپنے رب کے پاس سے آئے ہوئے اچھے اچھے حکموں پر چلو قبل اس کے کہ تم پر اچانک عذاب آ پڑے اور تم کو خیال بھی نہ ہو) اس آیت میں قرآن کریم کا اتباع کرنے کا حکم دیا ہے لفظ اَحْسَنَ اسم تفضیل کا صیغہ ہے اس کے بارے میں بعض مفسرینؒ نے فرمایا ہے کہ یہ حَسَنٌ کے معنی میں ہے اور بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ اس سے عزائم مراد ہیں جو رخصتوں اور اجازتوں کے مقابلے میں اختیار کئے جاتے ہیں اور ان کا ثواب زیادہ ہوتا ہے اور بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ ہر عبادت میں جو افضل ترین اعمال ہیں۔ ان پر عمل کر کے ثواب حاصل کرنے کا حکم دیا اور بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ جو حکم منسوخ ہیں ان کی جگہ اس حکم پر عمل کرنے کا حکم دیا ہے جو منسوخ نہیں ہے حضرت عطا بن یسار رحمۃ اللہ علیہ نے بیان فرمایا کہ قُلْ یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ سے لیکر وَاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ تک تینوں آیات مدینہ منورہ میں وحشی بن حرب اور ان کے جیسے افراد کے بارے میں نازل ہوئیں (وحشی بن حرب وہی ہیں جنہوں نے بحالت کفر غزوۂ احد کے موقعہ پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا حضرت حمزہ بن عبدالمطلبؓ کو شہید کیا تھا)

آیات بالا کا مضمون سامنے رکھنے سے معلوم ہوا کہ کتنا بھی کوئی بڑا گناہ کرے اللہ تعالیٰ کی رحمت سے ناامید نہ ہو اسکی رحمت اور مغفرت کا یقین رکھے اور اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع ہو۔ احکام قرآنیہ پر عمل کرتے رہیں اور اس بات سے ڈرتے رہیں کہ گناہوں کی وجہ سے عذاب نہ آ جائے اَنِیْبُوْا وَاَسْلِمُوْا میں بتا دیا کہ باوجود وعدۂ مغفرت کے اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہوں اور اعمال خیر میں لگے رہیں۔

اَنْ تَقُوْلَ نَفْسٌ (الآیات الثلاث) ان آیات میں یہ بتا دیا کہ اسی دنیا میں اپنے اعمال درست کر لئے جائیں گناہوں سے پرہیز کیا جائے تاکہ قیامت کے دن کوئی شخص پچتاتے ہوئے یوں نہ کہے کہ ہائے ہائے میں نے کیا کیا اللہ تعالیٰ جل شانہ کے احکام کے بارے میں تقصیر کی اب مجھے یہاں اسکی سزا مل رہی ہے اور نہ صرف یہ کہ میں نافرمان تھا بلکہ اللہ تعالیٰ جل شانہ کے دین کا مذاق بنانے والوں میں سے تھا اور اس کے نیک بندوں کی ہنسی اڑاتا تھا اور کوئی شخص میدان قیامت میں یوں نہ کہنے لگے کہ اے اللہ مجھے ہدایت دیتا تو میں متقیوں میں سے ہوتا یعنی گناہ نہ کرتا (اللہ تعالیٰ نے رسول بھیج دیا قرآن نازل فرما دیا ایمان کی دعوت دیدی اور اسکی جزا بھی بتادی

اور کفر کا جرم عظیم ہونا بیان کر دیا اور اسکی سزا بھی بتادی اب یوں کہنا کہ اللہ تعالیٰ مجھے ہدایت دیتا تو میں متقیوں میں سے ہوتا اس بات کے کہنے کا موقعہ نہیں رہا۔

قیامت کے دن کسی کے لئے یہ بات کہنے کا موقعہ نہیں رہا کہ مجھے واپس لوٹا دیا جائے۔ اگر مجھے واپسی مل جائے تو دنیا میں جا کر خوب نیک بن جاؤں جس نے پہلی زندگی ضائع کر دی اب دوسری زندگی میں کیا ہدایت قبول کرے گا جبکہ اس مرتبہ بھی اموال اور اولاد کا فتنہ موجود ہوگا اسی لئے سورۃ الانعام میں فرمایا وَلَوْ رُدُّوْا لَعَادُوْا لِمَا نُهُوْا عَنْهُ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ (اور اگر انہیں واپس کر دیا جائے تو ضرور پھر وہی عمل کریں گے جس سے منع کیا گیا اور بلاشبہ وہ جھوٹے ہیں)۔

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا! بَلٰى قَدْ جَآءَتْكَ اٰيٰتِىْ فَكَذَّبْتَ بِهَا وَاسْتَكْبَرْتَ وَكُنْتَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ۔(ہاں تیرے پاس میری آیات آئیں سو تو نے انہیں جھٹلا دیا اور تو کافروں میں سے تھا)

اس کے بعد قیامت کے دن کی بدحالی بیان فرمائی جو کافروں کو درپیش ہوگی، فرمایا تم قیامت کے دن دیکھو گے کہ جن لوگوں نے اللہ پر جھوٹ باندھا کفر اختیار کیا (اور وہ چیزیں اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب کیں جن سے وہ بری اور بیزار ہے کہ ان کے چہرے سیاہ ہوں گے۔ ہدایت سامنے آجانے کے بعد ہدایت کو قبول نہ کرنا چونکہ تکبر کی وجہ سے ہوتا ہے یعنی کافر آدمی حق کو اس لئے قبول نہیں کرتا کہ میری قوم اور سوسائٹی کے لوگ کیا کہیں گے اس لئے فرمایا اَلَيْسَ فِىْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْمُتَكَبِّرِيْنَ (کیا جہنم میں تکبر والوں کا ٹھکانہ نہیں ہے) یعنی اہل تکبر کا تکبر انہیں لے ڈوبے گا جس نے دنیا میں ایمان قبول نہ کرنے دیا، تکبر کی وجہ سے یہ لوگ دوزخ میں جائیں گے۔

اس کے بعد اہل ایمان کا ثواب بیان فرمایا وَيُنَجِّى اللّٰهُ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا (الآیة) ارشاد فرمایا کہ جن لوگوں نے تقویٰ اختیار کیا کفر اور شرک سے بھی بچے اور گناہوں سے بھی، اللہ تعالیٰ انہیں ان کی کامیابی کے ساتھ نجات دے گا اور اہل تکبر کے ٹھکانہ یعنی دوزخ سے بچا لے گا انہیں کوئی تکلیف نہیں پہنچے گی اور نہ وہ رنجیدہ ہوں گے۔

اَللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَىْءٍ (اللہ تعالیٰ ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے) چونکہ ہر چیز کو اسی نے پیدا فرمایا ہے۔ ہر چیز میں اس کا تصرف بھی پورا پورا ہے۔

لَهٗ مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (اسی کے لئے آسمانوں اور زمین کی کنجیاں ہیں) وہ تصرف کرنے والا بھی ہے اور محافظت فرمانے والا بھی ہے)

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ○ (اور جن لوگوں نے اللہ کی آیات کے ساتھ کفر کیا یہ لوگ تباہ ہونے والے ہیں)۔

قُلْ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَاْمُرُوْٓنِّىْٓ اَعْبُدُ اَيُّهَا الْجٰهِلُوْنَ ﴿۶۴﴾ وَلَقَدْ اُوْحِىَ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ

آپ فرما دیجئے کہ اے جاہلو! کیا میں اللہ کے سوا کسی دوسرے کی عبادت کروں؟ اور یہ واقعی بات ہے کہ آپ کی طرف اور آپ سے پہلے جو رسول تھے انکی طرف یہ وحی بھیجی گئی

لَئِنْ اَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ وَلَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۶۵﴾ بَلِ اللّٰهَ فَاعْبُدْ وَكُنْ مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۶۶﴾

کہ اے مخاطب اگر تو نے شرک کیا تو تیرا عمل حبط ہو جائے گا اور تو نقصان اٹھانے والوں میں سے ہو جائے گا۔ بلکہ اللہ ہی کی عبادت کر اور شکر گزاروں میں سے ہو جا۔

آپ فرما دیجئے کہ اے جاہلو میں اللہ کے سوا کسی دوسرے کی عبادت نہیں کر سکتا

مفسر ابن کثیرؒ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کیا ہے کہ مشرکین نے اپنی جہالت کی وجہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دعوت دی کہ ہمارے معبودوں کی عبادت کرنے لگو اگر ایسا کرو گے تو ہم بھی تمہارے ساتھ تمہارے معبود کی عبادت کرنے لگیں گے۔ اس پر آیت کریمہ قُلْ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ (آخر تک) نازل ہوئی، اللہ تعالیٰ جل شانہ نے آپ کو حکم دیا ان مشرکوں سے کہہ دیجئے کہ اے جاہلو! کیا مجھے حکم دے رہے ہو کہ میں اللہ کے سوا کسی دوسرے کی عبادت کرنے لگوں؟ مزید فرمایا وَلَقَدْ اُوْحِيَ اِلَيْكَ (الآیۃ) کہ آپ کی طرف اور آپ سے پہلے انبیاء کرام علیہم السلام سب کی طرف ہم نے یہ وحی بھیجی ہے کہ اگر بالفرض اے مخاطب تو نے شرک اختیار کر لیا تو اللہ جل شانہ تیرا عمل حبط فرما دے گا یعنی بالکل اکارت کر دیا جائے گا۔ جس پر ذرا بھی ثواب نہ ملے گا، وَلَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ۔ (اور نقصان اٹھانیوالوں میں سے ہو جائے گا) یعنی اعمال کا بھی کچھ نہ ملے گا اور جان بھی ضائع ہوگی اس کی کچھ قیمت نہ ملے گی، جان کی مکمل بربادی ہوگی، کیونکہ دوزخ میں داخلہ ہوگا حضرات انبیاء کرام علیہم السلام تو گناہوں سے بھی معصوم تھے شرک اور کفر کا ارتکاب ان سے ہو ہی نہیں سکتا لیکن برسبیل فرض اگر کسی نبی نے بھی شرک کر لیا تو اس کی بھی جان بخشی نہ ہوگی غیروں کا تو سوال ہی کیا ہے، حضرات انبیاء کرام علیہم السلام کو خطاب کر کے ان کی امتوں کو بتا دیا کہ دیکھو شرک ایسی بری چیز ہے اگر کسی نبی سے بھی صادر ہو جائے تو اس کے اعمال صالحہ برباد ہو جائیں گے۔ اور وہ تباہ برباد ہو گا لہٰذا امتیوں کو تو اور زیادہ شرک سے دور رہنا اور بیزار رہنا لازم ہے۔

بَلِ اللّٰهَ فَاعْبُدْ (بلکہ آپ صرف اللہ ہی کی عبادت کریں) وَكُنْ مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ۔ (اور شکر گزاروں میں سے ہو جائیں) اللہ تعالیٰ نے آپ کو شرک کے ماحول میں پیدا فرمایا لیکن شرک سے بچایا مؤحد بنایا اور توحید کی دعوت کا کام آپکے سپرد کیا لہٰذا آپ پر شکر ادا کرنا فرض ہے۔ اللہ تعالیٰ کی عبادت بھی کیجئے اور اس کا شکر بھی ادا کرتے رہئے۔ یہ لوگ جو آپ کو اپنے معبودوں کی عبادت کی دعوت دے رہے ہیں اسکی طرف متوجہ نہ ہو جایئے اور انکی باتوں میں نہ آیئے اللہ کی عبادت کرانے کے لئے خود غیر اللہ کی عبادت کرنا جائز نہیں ہے۔ جو لوگ حق قبول نہیں کرتے ان کا وبال ان پر پڑے گا۔

وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ۖ وَالْاَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌۢ بِيَمِيْنِهٖ ۚ

اور ان لوگوں نے اللہ کی عظمت نہیں کی جیسی عظمت کرنا لازم تھا حالانکہ قیامت کے دن ساری زمین اسکی مٹھی میں ہوگی اور تمام آسمان اس کے داہنے ہاتھ میں لپٹے ہوئے ہوں

سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۶۷﴾ وَنُفِخَ فِى الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِى الْاَرْضِ

گے وہ پاک ہے اور اس سے برتر ہے جو لوگ شرک کرتے ہیں۔ اور صور میں پھونکا جائے گا تو جو بھی آسمانوں میں اور زمین میں ہوں گے

اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ۖ ثُمَّ نُفِخَ فِيْهِ اُخْرٰى فَاِذَا هُمْ قِيَامٌ يَّنْظُرُوْنَ ﴿۶۸﴾ وَاَشْرَقَتِ الْاَرْضُ بِنُوْرِ

سب بے کار ہو جائیں گے مگر جنہیں اللہ چاہے پھر اس میں دوبارہ پھونکا جائے گا تو وہ اچانک وہ سب کھڑے ہوئے دیکھتے ہوں گے۔ اور زمین اپنے رب کے نور سے

رَبِّهَا وَوُضِعَ الْكِتٰبُ وَجِايْٓءَ بِالنَّبِيّٖنَ وَالشُّهَدَآءِ وَقُضِىَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۶۹﴾

روشن ہو جائے گی اور اعمال نامے رکھ دیئے جائیں گے۔ اور پیغمبروں کو اور گواہوں کو لایا جائے گا، اور لوگوں کے سامنے حق کے ساتھ فیصلہ کیا جائے گا اور ان پر ظلم نہ کیا جائیگا

وَ وُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَهُوَ اَعْلَمُ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ۝

ہر جان کو اس کے اعمال کا پورا بدلہ دیا جائے گا اور اللہ ان کاموں کو خوب جانتا ہے جو وہ کرتے ہیں۔

وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ

اللہ تعالیٰ شانہ کی ذات بہت بڑی ہے اس کو اس دنیا میں دیکھا نہیں ہے لیکن اس کی صفات کا مظاہرہ ہوتا رہتا ہے اسکی صفت خالقیت کو سب عقلمند جانتے ہیں۔ اور یہ مانتے ہیں کہ سب کچھ اسی نے پیدا کیا ہے اس کا حق ہے کہ صرف اس کی عبادت کی جائے، جن لوگوں نے کسی کو اس کا ساجھی ٹھہرایا اور عبادت میں شریک بنایا اور نہ صرف یہ کہ خود مشرک بنے بلکہ اس کے رسول کو بھی شرک کی دعوت دے دی ان لوگوں نے اللہ تعالیٰ کی وہ تعظیم نہیں کی جس تعظیم کا وہ مستحق ہے اسکی ذات پاک کے لئے شریک تجویز کرنا بہت بڑی حماقت اور ضلالت ہے، دنیا میں اسکی قدرت کا مظاہرہ ہوتا رہتا ہے، اور قیامت کے دن ایک مظاہرہ اس طرح سے ہوگا کہ ساری زمین اس کی مٹھی میں ہوگی اور سارے آسمان اسکے داہنے ہاتھ میں لپٹے ہوئے ہونگے وہ ہر عیب سے پاک ہے اور ان لوگوں کے شرکیہ اقوال وافعال سے بھی پاک ہے۔

چونکہ سورۂ شوریٰ میں ارشاد فرمایا ہے کہ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ (اللہ کے مثل کوئی چیز نہیں ہے) اس لئے اہل اسلام کا عقیدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ جسم سے اور اعضاء سے پاک ہے اگر آیت کریمہ کا معنی ہاتھ کی مٹھی لیا جائے اور بِيَمِيْنِهٖ سے داہنا ہاتھ مراد لیا جائے تو اس سے جسمیت اور مثلیت لازم آتی ہے اس لئے علماء کرام نے فرمایا ہے کہ آیت شریفہ کے مضمون کے بارے میں یوں عقیدہ رکھو کہ اس کا جو بھی مطلب اللہ کے نزدیک ہے وہ حق ہے، ہم اس پر ایمان لاتے ہیں اور اس کا معنی اور مفہوم اسی کی طرف تفویض کرتے ہیں، بعض علماء نے تاویل بھی کی ہے لیکن محققین تاویل کے بجائے تفویض کو اختیار کرتے ہیں، کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ جسم سے اعضاء سے پاک ہے اور جو کچھ بھی قرآن حدیث میں آیا ہے وہ سب حق ہے۔ اس کا مطلب اللہ تعالیٰ کو معلوم ہے۔ ہم اپنی طرف سے مطلب تجویز نہیں کرتے، اس طرح کا مضمون جہاں کہیں بھی آئے اس کے بارے میں تفویض والی صورت اختیار کی جائے آئندہ جو احادیث نقل کی جائیں گی جو آیت بالا سے متعلق ہیں انکے معنی کی تفویض بھی اللہ تعالیٰ کی طرف کی جائے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ایک یہودی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے کہا کہ اے محمد! بلاشبہ اللہ تعالیٰ آسمانوں کو ایک انگلی پر، اور زمینوں کو ایک انگلی پر، اور پہاڑوں کو ایک انگلی پر اور درختوں کو ایک انگلی پر، اور (باقی) ساری مخلوق کو ایک انگلی پر روک لے گا پھر فرمائے گا کہ اَنَا الْمَلِكُ (میں بادشاہ ہوں) یہ سن کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہنسی آگئی یہاں تک کہ آپ کی مبارک ڈاڑھیں ظاہر ہوگئیں۔ اس کے بعد آپ نے آیت (بالا) وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ تلاوت فرمائی آپ کا ہنسنا اس یہودی کی تصدیق کے طور پر تھا۔ (صحیح بخاری ١١٠٣،١٠٢)

قیامت کے دن صور پھونکے جانے کا تذکرہ ...... پھر فرمایا وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ اور صور میں پھونک ماری جائے گی تو جو بھی آسمانوں میں اور زمین میں ہیں سب بے ہوش ہو جائیں گے مگر جنہیں اللہ چاہے پھر صور میں دوبارہ پھونکا جائے گا تو اچانک وہ کھڑے ہو کر دیکھنے لگیں گے) جب قیامت قائم ہوگی تو اسکی ابتداء صور پھونکے جانے سے ہوگی اور دو مرتبہ صور پھونکا جائے گا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ اسرافیل علیہ السلام کان لگائے ہوئے ہیں اور پیشانی کو جھکائے ہوئے انتظار میں ہیں کہ کب صور پھونکنے کا حکم ہو۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ٤٨٢) آپ نے یہ بھی فرمایا ہے کہ صور ایک سینگ ہے جس میں پھونکا جائے گا۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ٤٨٢)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ البتہ قیامت ضرور اس حالت میں قائم ہوگی کہ دو شخصوں نے اپنے درمیان (خرید و فروخت کے لئے) کپڑا کھول رکھا ہوگا، ابھی معاملہ طے کرنے اور کپڑا لپیٹنے بھی نہ پائیں گے کہ قیامت قائم ہو جائے گی (پھر فرمایا کہ) البتہ قیامت ضرور اس حال میں قائم ہوگی کہ ایک انسان اپنی اونٹنی کا دودھ نکال کر لے جا رہا ہوگا اور پی بھی نہ سکے گا، اور قیامت یقیناً اس حال میں قائم ہوگی کہ انسان اپنا حوض لیپ رہا ہوگا اور ابھی اس میں (مویشیوں کو) پانی پلانے بھی نہ پائے گا، اور واقعی قیامت اس حال میں قائم ہوگی کہ انسان اپنے منہ کی طرف لقمہ اٹھائے گا اور اسے کھا بھی نہ سکے گا۔ (رواہ البخاری)

پہلی بار صور پھونکا جائے گا تو جو لوگ زندہ ہونگے وہ مر جائیں گے اور ان پر بے ہوشی طاری ہو جائے گی اور جو اس سے پہلے مر چکے تھے وہ بیہوش ہو جائیں گے آسمانوں میں اور زمینوں میں جو لوگ ہونگے سب پر بے ہوشی طاری ہو جائیگی پھر دوبارہ صور پھونکا جائے گا تو سب اُٹھ کھڑے ہوں گے، قبروں سے نکل کر موقف (یعنی حساب کی جگہ) کی طرف چل دیں گے، دونوں بار جو صور پھونکا جائے گا ان کے درمیان کتنا فاصلہ ہوگا چالیس کا عدد ذکر کیا۔ حاضرین نے عرض کیا اے ابو ہریرہ! کیا چالیس دن کا فاصلہ ہوگا؟ فرمایا مجھے پتہ نہیں عرض کیا گیا کیا چالیس مہینے کا فاصلہ ہوگا؟ فرمایا مجھے پتہ نہیں، عرض کیا کیا چالیس سال کا فاصلہ ہوگا؟ فرمایا مجھے پتہ نہیں۔ (مشکوۃ المصابیح ص ۴۸۱)

الامن شآء اللّٰہ کا استثناء

اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰہُ میں کن حضرات کا استثناء ہے اس کے بارے میں احادیث مرفوعہ صحیحہ میں کوئی واضح بات نہیں ملتی، البتہ ایک حدیث میں یوں ہے جو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک مسلمان اور ایک یہودی کے درمیان کچھ گالی گلوچ ہوگئی، باتوں میں مسلمان نے یوں کہہ دیا کہ قسم اس ذات کی جس نے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سارے جہانوں میں فضیلت دی ہے یہ سن کر یہودی نے یوں کہا قسم اس ذات کی جس نے موسیٰ علیہ السلام کو سارے جہانوں پر فضیلت دی ہے، یہ سن کر اس مسلمان نے یہودی کے منہ پر طمانچہ مار دیا وہ یہودی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں چلا گیا اور واقعہ بیان کیا، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مسلمان کو بلایا جس نے طمانچہ مار دیا تھا اور اس سے صورت حال معلوم کی، اس نے صورت حال بیان کر دی تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ مجھے موسیٰ پر فضیلت نہ دو (یعنی اسطرح کی کوئی بات نہ کہو جس سے ان کے مرتبہ کی تنقیص ہوتی ہو) کیونکہ قیامت کے دن سب لوگ بیہوش ہو جائیں گے اور میں بھی انکے ساتھ بے ہوش ہو جاؤں گا۔ پھر سب سے پہلے مجھے ہی ہوش آئے گا میں دیکھوں گا کہ موسیٰ علیہ السلام عرش کی جانب کو پکڑے کھڑے ہیں، میں نہیں کہہ سکتا کہ وہ ان لوگوں میں ہونگے جو بے ہوش ہو گئے تھے اور انہیں مجھ سے پہلے ہوش آ گیا یا وہ ان لوگوں میں سے ہوں گے جن کا استثناء کیا گیا ہے یعنی اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰہُ کے عموم میں وہ بھی شامل ہوں گے اور ایک روایت میں یوں ہے کہ میں نہیں جانتا کہ طور پر انہیں جو بے ہوشی طاری ہوئی تھی اس کو اس وقت کی بے ہوشی کے حساب لگا دیا گیا (اور ان پر بے ہوشی طاری ہی نہ ہو) یا بے ہوش تو ہوں گے لیکن مجھ سے پہلے ہوش میں آ چکے ہوں گے۔ (رواہ البخاری ۹۶۵ ج ۲، ۶۸۸ ج ۲)

چونکہ اسکی تصریح نہیں ہے کہ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰہُ کا مصداق کون ہے اس لئے مفسرینؒ میں سے کسی نے یوں کہا کہ جو حضرات بیہوش نہ ہونگے ان سے جبریل اسرافیل اور میکائل اور ملک الموت علیہم السلام مراد ہیں اور بعض مفسرینؒ نے فرمایا ہے کہ اس سے حاملین عرش مراد ہیں اور یوں بھی لکھا ہے کہ پہلی بار صور پھونکے جانے پر جو حضرات بے ہوشی سے محفوظ رہیں گے بعد میں انکو بھی موت آ جائے گی۔

وَاَشْرَقَتِ الْاَرْضُ بِنُوْرِ رَبِّهَا (اور زمین روشن ہو جائے گی اپنے رب کے نور سے) یعنی شمس و قمر کے بغیر محض اللہ تعالیٰ کے حکم

سے زمین پر روشنی پھیل جائے گی۔

وَوُضِعَ الْكِتٰبُ (اور کتاب رکھ دی جائے گی) یعنی اعمال نامے سامنے آجائیں گے۔ اور عمل کرنے والوں کے ہاتھوں میں انکے اعمالنامے رکھ دیئے جائیں گے وَجِآئَ ءَ بِالنَّبِيّٖنَ (اور نبیوں کو لایا جائے گا۔ تاکہ وہ اپنی امتوں کے بارے میں گواہی دیں اور خود ان سے بھی تبلیغ کے بارے میں سوال کیا جائے جیسا کہ سورۃ الاعراف میں فرمایا فَلَنَسْئَلَنَّ الَّذِيْنَ اُرْسِلَ اِلَيْهِمْ وَلَنَسْئَلَنَّ الْمُرْسَلِيْنَ.

وَالشُّهَدَآءِ (اور شہداء کو لایا جائے گا) لفظ الشہداء کا عموم تمام گواہی دینے والوں کو شامل ہے جن میں تمام امتوں کے انبیاء کرام علیہم السلام اور اعمال نامے لکھنے والے فرشتے اور انسانوں کے اپنے اعضاء ہاتھ پاؤں اور زبانیں سب داخل ہیں۔

وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ (اور بندوں کے درمیان حق کے ساتھ یعنی انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیا جائے گا) وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ (اور ان پر کوئی ظلم نہیں کیا جائے گا) وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ وَّهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ (اور ہر جان کو اس کے عمل کا پورا بدلہ دیا جائے گا) وَهُوَ اَعْلَمُ بِمَا يَفْعَلُوْنَ (اور اللہ خوب جانتا ہے جو کچھ وہ لوگ کرتے ہیں) یعنی اسے سب کے اعمال معلوم ہیں وہ اپنی حکمت کے مطابق جزا و سزا دے گا، یہ جو فرمایا کہ ہر شخص کو پورا بدلہ دیا جائے گا اس کا مطلب یہ ہے کہ نیکیوں کے بدلہ میں کمی نہ ہوگی البتہ نیکیوں میں اضافہ کر کے ثواب میں اضافہ کر دیا جائے گا۔ جیسا کہ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا میں بیان فرمایا ہے اور برے اعمال کا پورا بدلہ دینے کا یہ مطلب ہے کہ جس قدر برے عمل ہوں گے ان کے بقدر عذاب دیا جائے گا اور انکی جزائے موعود میں اضافہ نہ کیا جائے گا جس کو وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزٰٓى اِلَّا مِثْلَهَا اور وَجَزٰٓؤُا سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا میں بیان فرمایا ہے۔

وَسِيْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى جَهَنَّمَ زُمَرًا ۭ حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْهَا فُتِحَتْ اَبْوَابُهَا وَقَالَ

اور کافر گروہ گروہ بنا کر دوزخ کی طرف ہانکے جائیں گے، یہاں تک کہ جب دوزخ کے پاس پہنچیں گے تو اس کے دروازے کھول دیئے جائیں گے اور ان سے دوزخ کے

لَهُمْ خَزَنَتُهَآ اَلَمْ يَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَتْلُوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِ رَبِّكُمْ وَيُنْذِرُوْنَكُمْ

محافظ کہیں گے کیا تمہارے پاس پیغمبر نہیں آئے تھے جو تم ہی میں سے تھے جو تمہیں تمہارے رب کی آیات سناتے تھے اور تمہیں آج کے دن

لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ۭ قَالُوْا بَلٰى وَلٰكِنْ حَقَّتْ كَلِمَةُ الْعَذَابِ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۝ قِيْلَ ادْخُلُوْٓا

کی ملاقات سے ڈراتے تھے، وہ کہیں گے کہ ہاں آئے تو تھے لیکن عذاب کا کلمہ کافروں پر ثابت ہو کر رہا، کہا جائے گا کہ جہنم کے

اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ۝ وَسِيْقَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ اِلَى الْجَنَّةِ

دروازوں میں داخل ہو جاؤ اس میں تم ہمیشہ رہو گے۔ سو برا ٹھکانہ ہے تکبر کرنیوالوں کا، اور جو لوگ اپنے رب سے ڈرے انہیں جنت کی طرف گروہ گروہ بنا کر روانہ

زُمَرًا ۭ حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْهَا وَفُتِحَتْ اَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ

کر دیا جائے گا، یہاں تک کہ جب جنت کے قریب پہنچ جائیں گے اس حال میں کہ اس کے دروازے پہلے سے کھلے ہوئے ہوں گے اور ان سے جنت کے محافظ کہیں گے کہ تم پر سلام ہو تم

فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ ۝ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ صَدَقَنَا وَعْدَهٗ وَاَوْرَثَنَا

خوشی کے ساتھ رہو، سو تم اس میں ہمیشہ رہنے کے لئے داخل ہو جاؤ اور وہ کہیں گے کہ سب تعریف ہے اللہ کے لئے جس نے ہم سے سچا وعدہ کیا اور ہمیں زمین کا وارث

الْاَرْضَ نَتَبَوَّاُ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ نَشَآءُ ۚ فَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ﴿۷۴﴾ وَ تَرَى الْمَلٰٓئِكَةَ حَآفِّيْنَ

بنا دیا، ہم جنت میں جہاں چاہیں قیام کریں، سو اچھا بدلہ ہے عمل کرنے والوں کا۔ اور آپ فرشتوں کو دیکھیں گے کہ عرش کے گرد اگرد حلقہ

مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ ۚ وَ قُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَ قِيْلَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ

بنائے ہوئے ہیں۔ وہ اپنے رب کی تسبیح وتحمید میں مشغول ہوں گے، اور بندوں کے درمیان حق کے ساتھ فیصلہ کر دیا جائے گا اور کہہ دیا جائے گا کہ سب تعریف ہے اللہ

رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۵﴾

کیلئے جو رب العالمین ہے۔

اہل کفر اور اہل ایمان کی جماعتوں کا گروہ گروہ اپنے اپنے ٹھکانوں تک پہنچنا

اس رکوع میں اہل کفر اور اہل ایمان کا انجام بیان فرمایا ہے اول کافروں کا حال بیان فرمایا کہ کافروں کو گروہ گروہ بنا کر دوزخ کی طرف ہانک کر لے جایا جائے گا، سورۃ الطور میں فرمایا یَوْمَ یُدَعُّوْنَ اِلٰی نَارِ جَهَنَّمَ دَعًّا (جس روز انہیں دوزخ کی آگ کی طرف دھکے دے کر لایا جائے گا) جب دوزخ کی طرف لے جایا جائے گا تو انکے مختلف گروہ ہوں گے کیونکہ کفر کے بہت سے اقسام ہیں اور کفر کے مراتب بھی جدا جدا ہیں اس لئے ایک ایک طرح کے کافروں کا ایک ایک گروہ ہوگا قال صاحب الروح ای سیقوا الیھا بالعنف و الاھانۃ افواجا متفرقۃ بعضھا فی اثر بعض مترتبۃ حسب ترتب طبقاتھم فی الضلالۃ والشرارۃ اسی طرح چلائے جاتے رہیں گے یہاں تک کہ جب دوزخ کے قریب پہنچ جائیں گے تو اس میں داخل کرنے کے لئے اس کے دروازے کھول دیئے جائیں گے اس سے پہلے دوزخ کے دروازہ بند ہوں گے جیسے کہ دنیا میں بھی جیل خانوں کے دوازے بند رہتے ہیں جب کوئی قیدی لایا جاتا ہے تو کھول دیئے جاتے ہیں دوزخ کے جو ذمہ دار فرشتے ہوں گے وہ ان سے کہیں گے کیا تمہارے پاس پیغمبر نہیں آئے تھے جو تم ہی میں سے تھے (جن سے علم حاصل کرنا اور عمل سیکھنا اور انکے پاس اٹھنا بیٹھنا تمہارے لئے آسان تھا، وہ تم پر اللہ کی آیات تلاوت کرتے تھے اور آج کے دن کی ملاقات سے ڈراتے تھے اس کے جواب میں وہ لوگ کہیں گے کہ ہاں اللہ کے رسول آئے تھے تو انہوں نے ہمیں پروردگار جل مجدہ کی آیات بھی سنائیں اور آج کی دن کی ملاقات سے بھی ڈرایا لیکن عذاب کا کلمہ کافروں کے حق میں ثابت ہو گیا، اللہ تعالیٰ نے جو فیصلہ فرمایا تھا کہ کافر دوزخ میں جائیں گے اس کے مطابق ہمیں یہاں آنا پڑا، نہ کافر ہوتے نہ یہاں آتے۔ ان سے کہا جائے گا کہ تم دوزخ کے دروازوں میں داخل ہو جاؤ تم اس میں ہمیشہ رہو گے اس میں داخل ہونے کے بعد اب تمہیں یہاں سے نکلنا نہ ہوگا۔

فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ (سو برا ٹھکانہ ہے تکبر کرنے والوں کا) تکبر نے ان لوگوں کا ناس کھویا اور حق قبول کرنے نہ دیا، کافرین جب دوزخ میں داخل کر دیئے جائیں گے تو اس کے دروازے بند کر دیئے جائیں گے اور وہاں سے کبھی نکلنا نہ ہوگا۔ وَمَا هُمْ بِخَارِجِيْنَ مِنَ النَّارِ

اس کے بعد اہل ایمان کے انعام کا تذکرہ فرمایا کہ جو لوگ اپنے رب سے ڈرتے تھے وہ گروہ گروہ ہو کر جنت کی طرف لے جائے جائیں گے تقویٰ کا ابتدائی درجہ تو یہ ہے کہ کفر کو چھوڑ کر ایمان قبول کرے پھر اعمال صالحہ اختیار کرنے اور گناہوں سے بچنے کے اعتبار سے اہلِ تقویٰ کے مختلف درجات ہیں۔ اور ان میں فرق مراتب ہے ان درجات کے مراتب کے اعتبار سے گروہ گروہ بنا دیئے جائیں گے

جنت کے پاس پہنچیں گے تو اسکے دروازے پہلے سے کھلے ہوئے پائیں گے جیسا کہ مہمان کے اکرام کے لئے ایسا ہی کیا جاتا ہے۔ اور وہاں کے محافظ فرشتے ان سے کہیں گے سَلَامٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خَالِدِيْنَ تم پر سلامتی ہو تم اچھی طرح رہو مزے میں رہو اور اس جنت میں ہمیشہ کے لئے داخل ہو جاؤ۔ یہاں سے کہیں جانا اور نکلنا نہیں ہے، نہ یہاں سے نکلو گے نہ نکالے جاؤ گے۔ لَا يَمَسُّهُمْ فِيْهَا نَصَبٌ وَّمَا هُمْ مِّنْهَا بِمُخْرَجِيْنَ.

اہل جنت، جنت میں داخل ہو کر اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء میں مشغول ہو جائیں گے اور عرض کریں گے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ صَدَقَنَا وَعْدَهٗ (سب تعریف اللہ ہی کے لئے ہے جس نے اپنا وعدہ ہم سے سچا کیا یعنی جو وعدہ فرمایا تھا پورا فرمایا) وَاَوْرَثَنَا الْاَرْضَ نَتَبَوَّاُ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ نَشَآءُ (اور ہم کو اس زمین کا وارث بنا دیا ہم جنت میں جہاں چاہیں اپنا ٹھکانہ بنائیں ہمیں بہت بڑی اور عمدہ جگہ ملی ہے جہاں چاہیں چلے پھریں قیام کریں۔

فَنِعْمَ اَجْرُ الْعَامِلِيْنَ (سو اچھا بدلہ ہے عمل کرنیوالوں کا) جنہوں نے نیک عمل کئے انہیں یہاں آنا نصیب ہوا۔

سورت کے ختم پر روز قیامت کے فیصلوں کو مختصر الفاظ میں بیان فرمادیا کہ آپ فرشتوں کو دیکھیں گے کہ عرش کے گرداگرد حلقہ باندھے ہوئے ہوں گے۔ اپنے رب کی تسبیح و تحمید بیان کرتے ہونگے وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ (اور بندوں کے درمیان حق کے ساتھ فیصلہ کر دیا جائے گا۔ وَقِيْلَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ۔ اور کہا جائے گا کہ ساری تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے (ساری تعریفیں اللہ ہی کے لئے خاص ہیں جس نے حق کے ساتھ سارے فیصلے فرمادیئے)۔

فائدہ .... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب تک سورۂ زمر اور سورۂ بنی اسرائیل (رات کو) نہیں پڑھ لیتے تھے اس وقت تک نہیں سوتے تھے۔ (رواہ الترمذی فی ابواب الدعوات ۱۲)

وَقَد تم تفسير سُورة الزُمر وَالْحَمْدُلِلّٰهِ اَوّلاً وَّ اٰخِرًا وَالسّلامُ عَلٰى مَنْ اُرْسِلَ طَيّباً وَطَاهِرًا.

☆☆☆.........☆☆☆

مکی	سورۃ المؤمن	۸۵ آیتیں اور ۹ رکوع

(۴۰) سُوْرَۃُ الْمُؤْمِنِ مَکِّیَّۃٌ (۶۰) اٰیَاتُہَا ۸۵ رُکُوْعَاتُہَا ۹

سورۂ مومن مکی ہے اس میں پچاسی آیات ہیں اور نو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

حٰمٓ ۝ تَنْزِیْلُ الْکِتٰبِ مِنَ اللّٰہِ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ ۝ غَافِرِ الذَّنْۢبِ وَ قَابِلِ التَّوْبِ شَدِیْدِ

حٰمٓ ۝ یہ کتاب اتاری گئی ہے اللہ کی طرف سے جو زبردست ہے سب کچھ جاننے والا ہے گناہ کا بخشنے والا ہے اور توبہ قبول کرنے والا ہے

الْعِقَابِ ذِی الطَّوْلِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ اِلَیْہِ الْمَصِیْرُ ۝

سخت سزا دینے والا ہے، قدرت والا ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں اُسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔

اللہ تعالیٰ گناہ بخشنے والا ہے توبہ قبول کرنیوالا ہے، سخت عذاب والا ہے، اسکے سوا کوئی معبود نہیں

یہاں سے سورۃ المؤمن شروع ہو رہی ہے جس کا دوسرا نام سورۃ الغافر بھی ہے۔ یہ پہلی سورت ہے جو حٰمٓ سے شروع ہوئی ہے اس کے بعد سورۂ حٰمٓ سجدہ، سورۃ الشوریٰ، سورۃ الزخرف، سورۃ الدخان، سورۃ الجاثیہ اور سورۃ الاحقاف بھی حٰمٓ سے شروع ہیں، انہیں حوامیم سبعہ کہا جاتا ہے۔ روح المعانی نے بحوالہ فضائل القرآن لأبی عبید حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کیا ہے کہ ہر چیز کا ایک خلاصہ ہوتا ہے اور بلاشبہ قرآن کا خلاصہ وہ سورتیں ہیں جو حٰمٓ سے شروع ہوتی ہیں۔ سنن ترمذی میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس شخص نے صبح کو سورۃ المؤمن اول سے لے کر اِلَیْہِ الْمَصِیْرُ تک تلاوت کی اور ساتھ ہی آیۃ الکرسی بھی پڑھی تو یہ شخص شام تک اسکی وجہ سے (مصائب اور تکالیف سے) محفوظ رہے گا اور جس نے ان دونوں کو شام کے وقت پڑھا وہ صبح ہونے تک محفوظ رہے گا۔ حٰمٓ حروف مقطعات میں سے جو متشابہات ہیں ان کا معنی اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔

اوپر سورۃ المؤمن کی دو آیتوں کا ترجمہ کیا گیا ہے اول تو یہ فرمایا کہ یہ کتاب اللہ تعالیٰ کی طرف سے اُتاری گئی ہے پھر اللہ تعالیٰ کی چھ صفات بیان فرمائیں اول یہ کہ وہ عزیز ہے یعنی زبردست ہے، دوم یہ کہ وہ علیم ہے یعنی ہر چیز کو پوری طرح جانتا ہے، سوم یہ کہ وہ گناہوں کا بخشنے والا ہے اور چہارم یہ کہ وہ توبہ قبول فرمانے والا ہے، پنجم یہ کہ وہ سخت سزا دینے والا ہے، ششم یہ کہ وہ قدرت والا ہے اللہ تعالیٰ کی صفت عزت اور علم بیان فرمانے کے بعد ارشاد فرمایا کہ وہ گناہ بھی بخشتا ہے توبہ بھی قبول فرماتا ہے مؤمن بندہ سے کوئی گناہ ہو جائے تو اسکے حضور

میں توبہ کرے اور اپنے گناہ معاف کرائے اگر کوئی شخص گناہ کرتا ہے توبہ کی طرف متوجہ نہ ہو تو یہ نہ سمجھے کہ دنیا میں اور آخرت میں میری کوئی گرفت نہیں ہوگی۔ اللہ تعالیٰ گناہ بخشنے والا بھی ہے اور سخت سزا دینے والا بھی ہے۔ نیز وہ قدرت والا بھی ہے وہ جسے جو سزا دینا چاہے اسے اس پر پوری طرح قدرت ہے کوئی اسے روک نہیں سکتا لَآ اِلٰـهَ اِلَّا هُوَ ط اسکے سوا کوئی معبود نہیں ہے، جو لوگ اس کے سوا کسی کو معبود بناتے ہیں وہ سخت عذاب کے مستحق ہیں ان پر لازم ہے کہ شرک سے توبہ کریں تا کہ عذاب شدید سے بچ جائیں اِلَيْـهِ الْمَصِيْرُ (سب کو اسی کی طرف واپس ہو کر جانا ہے) دنیا میں آ تو گئے ہیں لیکن ہمیشہ رہنے کے لئے نہیں آئے مرنا ہے یہاں سے جانا ہے اسی وحدہٗ لاشریک لہٗ کے سامنے پیش ہونا ہے لہٰذا دنیا سے ایسی حالت میں جائیں کہ عقائد اعمال و احوال درست ہوں جن پر اجر و ثواب ملے اور وہاں کے عذاب سے محفوظ رہ سکیں۔

مَا يُجَادِلُ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ اِلَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَلَا يَغْرُرْكَ تَقَلُّبُهُمْ فِي الْبِلَادِ ۝ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ

اللہ کی آیات میں جھگڑا نہیں کرتے مگر وہی لوگ جنہوں نے کفر اختیار کیا۔ سو آپ کو دھوکہ میں نہ ڈالے ان کا شہروں میں چلنا پھرنا، ان سے پہلے نوح کی

قَوْمُ نُوْحٍ وَّ الْاَحْزَابُ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ۠ وَهَمَّتْ كُلُّ اُمَّةٍۢ بِرَسُوْلِهِمْ لِيَاْخُذُوْهُ وَجٰدَلُوْا بِالْبَاطِلِ

قوم نے اور ان کے بعد دوسری جماعتوں نے جھٹلایا اور ہر امت نے ارادہ کیا کہ اپنے رسول کو پکڑ لیں اور باطل کے ذریعہ جھگڑا کریں تا کہ اس کے ذریعہ

لِيُدْحِضُوْا بِهِ الْحَقَّ فَاَخَذْتُهُمْ ۣ فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ ۝ وَكَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِيْنَ

حق کو باطل کر دیں، سو میں نے ان کو پکڑ لیا، سو کیسا تھا میرا عذاب، اور اسی طرح آپکے رب کا قول

كَفَرُوْٓا اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ النَّارِ ۝

کافروں پر ثابت ہو چکا کہ وہ دوزخ والے ہیں۔

کافر لوگ اللہ کی آیات کے بارے میں جھگڑا کرتے ہیں شہروں میں انکا چلنا پھرنا دھوکہ میں نہ ڈالے سابقہ امتوں اور جماعتوں نے جھٹلایا جس کی وجہ سے انکی گرفت کر لی گئی

قرآن مجید کی آیات نازل ہوتی تھیں تو جو لوگ ایمان نہیں لاتے تھے اور اپنے کفر پر جمے رہتے تھے ان آیات میں یہ لوگ طرح طرح کی باتیں نکالتے تھے اور جھگڑے کی باتیں کرتے تھے ان لوگوں کی باتوں سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تکلیف پہنچتی تھی یہ لوگ دنیاوی اعتبار سے کھاتے پیتے اور مالدار تھے ان کے پاس سواریاں بھی تھیں۔ ایک شہر سے دوسرے شہر میں جاتے تھے اور زمین میں گھومتے پھرتے تھے، جو لوگ آپ کے ساتھی تھے ان کو خیال ہو سکتا تھا کہ ہم اہل ایمان ہیں غریب ہیں اور یہ لوگ کافر اور منکر ہیں انکے پاس دنیا ہے عیش کے اسباب ہیں مال کی فراوانی ہے، اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ انکا شہروں میں گھومنا پھرنا آپ کو دھوکہ میں نہ ڈالے یہ انکی چند روزہ زندگی ہے آخرت میں تو ہر کافر کو عذاب ہی ہے اور دنیا میں بھی انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کے معاندوں اور منکروں اور جدال کرنے والوں پر عذاب آتا رہا ہے ان سے پہلے نوح علیہ السلام کی قوم گذری ہے اور ان کے بعد بہت سی جماعتیں گذری ہیں مثلاً عاد و ثمود وغیرہ انہوں نے پیغمبروں کو جھٹلایا اور مبتلائے عذاب ہوئے۔

جو امتیں پہلے گزری ہیں ان میں سے ہر امت نے اپنے نبی کو پکڑنے کا ارادہ کیا تا کہ قتل کر دیں اور بعض انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کو قتل کر بھی دیا اور ان لوگوں نے باطل کے ذریعہ جھگڑا کیا تا کہ حق کو مٹادیں، کچھ دن ان کا یہ طریقہ کار رہا بالآخر اللہ تعالیٰ نے انکی گرفت فرمائی، انہیں پکڑ لیا اور عذاب چکھا دیا اور عذاب بھی معمولی نہیں ان پر سخت عذاب آیا، ہلاک اور برباد ہوئے اسی کو فرمایا فَاَخَذْتُهُمْ فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ (سو میں نے ان کی گرفت کر لی، سو کیسا ہوا میرا عذاب) اس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی ہے کہ ان لوگوں کے جدال اور عناد اور کفر وانکار کی وجہ سے غمزدہ نہ ہوں سابقہ امتوں نے بھی اپنے اپنے نبیوں کے ساتھ جدال عناد کا معاملہ کیا ہے۔

دنیا میں کافروں کو جو عذاب ہوگا اسی پر بس نہیں ہے کافروں کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ثابت ہو چکا ہے کہ ان کو دوزخ میں ضرور جانا ہے۔

اَلَّذِيْنَ يَحْمِلُوْنَ الْعَرْشَ وَمَنْ حَوْلَهٗ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيُؤْمِنُوْنَ بِهٖ

جو فرشتے عرش کو اٹھائے ہوئے ہیں ور جو فرشتے انکے گردا گرد ہیں وہ اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح بیان کرتے ہیں اور اس پر ایمان رکھتے ہیں

وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۚ رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا

اور ان لوگوں کیلئے استغفار کرتے ہیں جو ایمان لائے، اے ہمارے رب آپکی رحمت اور آپ کا علم ہر چیز کو شامل ہے سو اُن لوگوں کو بخش دیجئے جنھوں نے توبہ کی

سَبِيْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ۞ رَبَّنَا وَاَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ ِالَّتِيْ وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ

اور آپکے راستے کا اتباع کیا اور انہیں دوزخ کے عذاب سے بچالیجئے اے ہمارے رب اور انہیں ہمیشہ رہنے کی بہشتوں میں داخل فرمایئے جن کا آپ نے اُن سے وعدہ فرمایا ہے اور انکے

اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ ۭ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۞ وَقِهِمُ السَّيِّاٰتِ ۭ وَمَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ

آباء اور ازواج ذریتوں میں جو صالح ہوئے ان کو بھی داخل فرمایئے بلا شبہ آپ زبردست ہیں، حکمت والے ہیں اور ان کو تکلیفوں سے بچایئے،

يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ۭ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۞

اور اس دن جسے آپ نے تکلیفوں سے، بچالیا سو آپ نے اس پر رحم فرما دیا اور یہ بڑی کامیابی ہے۔

حاملین عرش کا مؤمنین کے لئے دعاء کرنا اہل ایمان اور ان کی ازواج اور ذرّیات کے لئے جنت میں داخل ہونے کا سوال

اوپر اہل کفر کی سزا کا بیان ہوا، ان آیات میں اہل ایمان کی فضیلت بیان فرمائی اور یہ فرمایا کہ اہل ایمان کے لئے حاملین عرش اور وہ فرشتے جو انکے آس پاس ہیں دعا کرتے ہیں، یہ حضرات اللہ تعالیٰ کی تحمید وتقدیس میں مشغول رہتے ہیں، اللہ پر ایمان لائے ہیں اور دنیا میں جو اہل ایمان ہیں ان کے لئے استغفار کرتے ہیں، اور یوں دعا کرتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار آپ کی رحمت اور آپ کا علم ہر چیز کو شامل ہے لہٰذا آپ ان لوگوں کو بخش دیجئے جنہوں نے شرک وکفر سے توبہ کی اور آپ کے راستہ پر چلتے رہے۔ ان کو آپ عذاب جہنم سے بھی بچالیجئے اور ان کو ان بہشتوں میں داخل فرمایئے جو ہمیشہ رہنے کے لئے ہیں، جن کا آپ نے ان سے وعدہ فرمایا ہے یہ لوگ اہل ایمان ہیں۔ اور رحمت کے مستحق بھی ہیں۔ لہٰذا انکو بخش ہی دیا جائے۔

حاملین عرش اور ان کے آس پاس جو فرشتے ہیں ان کی دعا اہل ایمان کے آباء واجداد اور ازواج واولاد کے لئے بھی ہے کہ انکو بھی ہمیشہ رہنے کی بہشتوں میں داخل فرمائیے اس مضمون کو وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ میں بیان فرمایا صاحب روح المعانی لکھتے ہیں کہ وَمَنْ صَلَحَ کا عطف اَدْخِلْهُمْ کی ضمیر منصوب پر ہے اور مطلب یہ ہے کہ ان حضرات کے ساتھ ان کے آباء وازواج اور ذریات کو بھی جنات عدن میں داخل فرمائیے ان میں سے جو جنت میں داخل ہونے کے قانون میں آسکیں انکی صلاحیت اگر چہ متبوع کی صلاحیت سے کم ہو پھر بھی انہیں ان کے ساتھ داخل جنت فرما دیجئے تا کہ انکی خوشی مکمل ہو بلکہ خوشی میں خوب زیادہ اضافہ ہو جائے۔

ابآء أبٌ کی جمع ہے جس سے باپ دادے مراد ہیں اور اَزْوَاجٌ زَوْجٌ کی جمع ہے یہ لفظ جوڑے کے لئے بولا جاتا ہے اس کا عموم مرد اور عورت دونوں کے لئے شامل ہے اور ذُرِّيّٰت ذُرِّيَّت کی جمع ہے ذریت آل واولاد کے لئے مستعمل ہوتا ہے۔ سورۂ طور میں فرمایا ہے وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ بِاِيْمَانٍ اَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ (اور جو لوگ ایمان لائے اور انکی ذریت نے ایمان کے ساتھ ان کا اتباع کیا ہم ذریت کو ان کے ساتھ ملا دیں گے) اس میں جو وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ بِاِيْمَانٍ فرمایا ہے یہاں سورۃ المؤمن میں اسی کو وَمَنْ صَلَحَ سے تعبیر فرمایا ہے جو شخص با ایمان نہ ہو وہ دخول جنت کا مستحق نہیں ہے لہٰذا کسی کے تعلق کی وجہ سے وہ جنت میں داخل نہیں ہو سکے گا۔ اہل ایمان کی اہل ایمان اولاد ہی جنت میں داخل ہوگی۔ اسی طرح آباء و ازواج بھی وہی جنت میں داخل ہو سکیں گے۔ جو اہل ایمان ہوں۔

وَقِهِمُ السَّيِّاٰتِ (اور انکو بدحالیوں سے بچائیے اور وَمَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ اور اس دن آپ نے جسے بدحالیوں سے بچالیا تو آپ نے اُس پر رحم فرمایا وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ (اور یہ بڑی کامیابی ہے) يَوْمَئِذٍ سے قیامت کا دن مراد ہے اور بد حالیوں سے قیامت کے دن کی اور اس کے بعد عذاب جہنم کی تکلیفیں مراد ہیں بعض حضرات نے يَوْمَئِذٍ سے دنیا والی زندگی مراد لی ہے اور اس صورت میں سیاٰت کے معنی معروف مراد ہوں گے اور مطلب یہ ہوگا کہ ان لوگوں کو دنیا میں گناہوں سے بچائیے اور جسے آپ نے دنیا میں گناہوں سے بچالیا آپ اس پر آخرت میں رحم ہی فرما دیں گے۔

جن حضرات سے اللہ تعالیٰ نے جنت کا وعدہ فرمایا ہے ان کے لئے داخل جنت ہونے کی دعا ان لوگوں کے اظہار فضیلت اور تقرب الی اللہ کے لئے ہے مؤمنین کو ہمیشہ اپنے لئے اور اپنے متعلقین کے لئے خیر ہی کی دعا کرتے رہنا چاہئے۔ جن حضرات صحابہ ﷺ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دخول جنت کی بشارت دیدی تھی وہ بھی اعمال صالحہ سے اور دعاؤں سے غافل نہیں ہوئے اور ارتکاب سیاٰت سے بچتے رہے، بندگی کا تقاضا یہی ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُنَادَوْنَ لَمَقْتُ اللّٰهِ اَكْبَرُ مِنْ مَّقْتِكُمْ اَنْفُسَكُمْ اِذْ تُدْعَوْنَ

بلاشبہ جنہوں نے کفر کیا ان کو پکارا جائے گا کہ یہ بات واقعی ہے کہ اللہ کا جو تم سے بغض ہے وہ اس بغض سے بہت بڑا ہے جو تمہیں خود اپنی جانوں سے ہے تم ایمان

اِلَى الْاِيْمَانِ فَتَكْفُرُوْنَ ۝۱۰ قَالُوْا رَبَّنَآ اَمَتَّنَا اثْنَتَيْنِ وَاَحْيَيْتَنَا اثْنَتَيْنِ فَاعْتَرَفْنَا

کی طرف بلائے جاتے تھے تو کفر اختیار کرتے تھے۔ وہ لوگ کہیں گے کہ اے ہمارے رب آپ نے ہمیں دوبار موت دی اور دوبار زندگی دی۔ سو ہم نے

بِذُنُوبِنَا فَهَلْ إِلَىٰ خُرُوجٍ مِّن سَبِيلٍ ﴿١١﴾ ذَٰلِكُم بِأَنَّهُ إِذَا دُعِيَ اللَّهُ وَحْدَهُ كَفَرْتُمْ

اپنے گناہوں کا اقرار کر لیا تو کیا نکلنے کی کوئی راہ ہے۔ یہ اس وجہ سے کہ جب صرف اللہ کا نام لیا جاتا تھا تو تم انکار کرتے تھے

وَإِن يُشْرَكْ بِهِ تُؤْمِنُوا ۚ فَالْحُكْمُ لِلَّهِ الْعَلِيِّ الْكَبِيرِ ﴿١٢﴾

اور اگر اس کے ساتھ کسی کو شریک بنایا جاتا تھا تو اسے مان لیتے تھے۔ سو فیصلہ اللہ ہی کے لئے ہے جو بلند ہے بڑا ہے۔

کافروں کا اقرار جرم کرنا اور دوزخ سے نکلنے کا سوال کرنے پر جواب ملنا کہ تم نے توحید کو ناپسند کیا اور شرک کی دعوت پر ایمان لائے

دنیا میں اہل کفر اپنے کو اچھا جانتے ہیں اور یہ سمجھتے ہیں کہ ہم بہت اچھے ہیں ایمان والوں سے بہتر ہیں اور برتر ہیں، لیکن جب قیامت کے دن اپنی بدحالی دیکھیں گے تو خود اپنے نفسوں سے اور اپنی جانوں سے بغض کرنے لگیں گے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہوگا کہ تمہیں جتنا اپنے نفسوں سے بغض ہے اللہ تعالیٰ کو تمہارے نفسوں سے اس بغض سے بھی زیادہ بغض ہے اور یہ بغض اب سے نہیں جب سے تم دنیا میں تھے اسی وقت سے اللہ تعالیٰ کو تم سے بغض ہے۔ جس کی وجہ یہ ہے کہ جب دنیا میں تمہیں ایمان کی طرف بلایا جاتا تھا تو تم اس کے قبول کرنے سے انکار کرتے تھے اور کفر پر جمے رہتے تھے تمہیں بار بار ایمان کی دعوت دی گئی لیکن تم نے ہر بار حق کے قبول کرنے سے انکار کیا۔

مَّقْتِكُمْ أَنفُسَكُمْ کا ایک مطلب تو وہی ہے جو اوپر بیان کیا گیا اور بعض حضرات نے فرمایا ہے **وجُوِّزَ ان یراد بہ مقت بعضھم بعضا** یعنی آپس میں تم میں جو آج ایک دوسرے سے بغض اور نفرت ہے کہ بڑے چھوٹوں کو اور چھوٹے بڑوں کو الزام دے رہے ہیں اور ایک دوسرے سے برأت ظاہر کر رہے ہیں اللہ تعالیٰ کو تم سے اس سے زیادہ بغض ہے یہ تفسیر يَلْعَنُ بَعْضُكُم بَعْضًا کے ہم معنی ہے جو سورۂ عنکبوت میں مذکور ہے۔

کافر عرض کریں گے کہ اے ہمارے رب آپ نے ہمیں دو مرتبہ موت دی، پہلی بار جب ہمیں پیدا کیا اس وقت ہم بے جان تھے کیونکہ منی کا نطفہ تھے آپ نے ہمیں زندہ فرما دیا ماؤں کے پیٹوں میں روح پھونک دی پھر ماؤں کے پیٹوں سے نکالا اور آپ کی مشیت کے مطابق زندگی بڑھتی رہی پھر آپ نے ہمیں موت دیدی جس کی وجہ سے ہم قبروں میں چلے گئے پھر آج آپ نے ہمیں قیامت کے دن زندہ فرمایا ہم پر دو موتیں طاری ہوئیں اور دو زندگیاں آئیں۔ ایک پہلے تھی اور ایک اب ہے یہ آپ کے تصرفات ہیں ہمیں چاہئے تھا کہ ہم دنیا والی زندگی میں ایمان قبول کرتے اور شرک اور کفر سے بچتے ہم یہی سمجھتے رہے کہ دنیا والی زندگی کے بعد جو موت آئے گی اس کے بعد پھر زندہ ہونا نہیں یہ ہماری غلطی تھی، اب ہم اس زندگی میں اپنے گناہوں کا اقرار کرتے ہیں۔ اب تو ہمیں عذاب سے چھٹکارہ کی ضرورت ہے تو کیا ایسی کوئی صورت ہے کہ ہمارا چھٹکارہ ہو جائے اور عذاب کی مصیبت سے نکاسی ہو جائے اگر ہمیں چھٹکارہ مل جائے اور دوبارہ دنیا میں بھیج دیا جائے تو وہاں ایمان قبول کریں گے اور نیک اعمال اختیار کریں گے اور اس کے بعد پھر جب موت آئے تو اچھی حالت میں میدان حشر میں حاضر ہوں۔ **وھٰذا کما حکی اللّٰہ تعالٰی فی قولہ فی سورۃ الٓمٓ السجدۃ** رَبَّنَا أَبْصَرْنَا وَسَمِعْنَا۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ذَٰلِكُم بِأَنَّهُ إِذَا دُعِيَ اللَّهُ وَحْدَهُ كَفَرْتُمْ وَإِن يُشْرَكْ بِهِ تُؤْمِنُوا (تمہارا یہ عذاب میں مبتلا ہونا اس وجہ سے ہے کہ جب دنیا میں اللّٰہ وحدہٗ لاشریک کو پکارا جاتا تھا تو تمہیں اچھا نہیں لگتا تھا تم اللہ کی وحدانیت کا انکار کرتے تھے اور اسی

انکار پر جمے رہتے تھے اور اگر تمہارے سامنے کوئی ایسا موقع آ جاتا کہ اللہ کے ساتھ شرک کیا جاتا تو تم اسے مان لیتے تھے اور اسے صحیح کہتے تھے اور اس کے اقراری ہو جاتے تھے، وہ دنیا گذر گئی تم اس میں برابر کافر ہی رہے آج چھٹکارہ کا راستہ نہیں اللہ تعالیٰ نے فیصلہ فرمایا کہ تمہیں عذاب میں ہی رہنا ہے اللہ تعالیٰ برتر بھی ہے اور بڑا بھی ہے اس کے سارے فیصلے حق ہیں حکمت کے مطابق ہیں اس کے فیصلے کو کوئی رد نہیں کر سکتا اس کی صفت علو اور کبریا کی طرف تم نے نہیں دیکھا اور اپنے من مانے خیالات اور اعتقادات میں منہمک رہے اب عذاب اور عقاب کے سوا تمہارے لئے کچھ نہیں۔

هُوَ الَّذِیْ یُرِیْكُمْ اٰیٰتِهٖ وَ یُنَزِّلُ لَكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ رِزْقًا ؕ وَمَا یَتَذَكَّرُ اِلَّا مَنْ یُّنِیْبُ ﴿۱۳﴾ فَادْعُوا اللّٰهَ

وہ تمہیں اپنی نشانیاں دکھاتا ہے اور تمہارے لئے آسمان سے رزق اُتارتا ہے، اور نصیحت حاصل نہیں کرتے مگر وہی لوگ جو رجوع کرتے ہیں۔ سو تم اللہ کو پکارو۔

مُخْلِصِیْنَ لَهُ الدِّیْنَ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۴﴾ رَفِیْعُ الدَّرَجٰتِ ذُو الْعَرْشِ ۚ یُلْقِی الرُّوْحَ مِنْ اَمْرِهٖ

دین کو اسی کے لئے خالص کرتے ہوئے اگرچہ کافروں کو ناگوار ہو، وہ رفیع الدرجات ہے عرش والا ہے، وہ اپنے حکم سے وحی نازل فرماتا ہے

عَلٰی مَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ لِیُنْذِرَ یَوْمَ التَّلَاقِ ﴿۱۵﴾ یَوْمَ هُمْ بٰرِزُوْنَ ۚ لَا یَخْفٰی عَلَی اللّٰهِ مِنْهُمْ

اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے، تاکہ وہ ملاقات کے دن سے ڈرائے۔ جس دن وہ لوگ ظاہر ہوں گے، اللہ تعالیٰ پر ان میں سے کوئی چیز بھی پوشیدہ

شَیْءٌ ؕ لِمَنِ الْمُلْكُ الْیَوْمَ ؕ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ﴿۱۶﴾ اَلْیَوْمَ تُجْزٰی كُلُّ نَفْسٍۭ بِمَا كَسَبَتْ ؕ لَا ظُلْمَ

نہ ہوگی، آج کس کے لئے ملک ہے، اللہ واحد قہار کے لئے ہے، آج کے دن ہر جان کو اس کا بدلہ دیا جائے گا جو اس نے کمایا آج کے دن ظلم

الْیَوْمَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَرِیْعُ الْحِسَابِ ﴿۱۷﴾

نہیں ہے بیشک اللہ جلد حساب لینے والا ہے۔

اللہ تعالیٰ رفیع الدرجات ہے ذوالعرش ہے جس کی طرف چاہتا ہے وحی بھیجتا ہے قیامت کے دن سب حاضر ہوں گے اللہ سے کوئی بھی پوشیدہ نہ ہوگا صرف اللہ تعالیٰ ہی کی بادشاہی ہوگی

ان آیات میں اللہ تعالیٰ کے بعض انعامات اور صفات جلیلہ اور قیامت کے دن کے بعض مناظر بیان فرمائے ہیں۔ اوّل تو یہ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ تمہیں اپنی نشانیاں دکھاتا ہے اس کی مخلوق میں بے شمار نشانیاں ہیں جو اسکے قادرِ مطلق اور وحدہٗ لاشریک ہونے پر دلالت کرتی ہیں، پھر فرمایا کہ وہ تمہارے لئے آسمان سے رزق نازل فرماتا ہے اس میں بیان قدرت بھی ہے اور اظہار انعام بھی، پھر فرمایا وَمَا یَتَذَكَّرُ اِلَّا مَنْ یُّنِیْبُ ط اور نشانیوں کو دیکھ کر وہی لوگ نصیحت حاصل کرتے ہیں جو رجوع کرتے ہیں یعنی اپنی عقل کو استعمال کرتے ہیں اور فکر کو کام میں لاتے ہیں اور نشانیوں سے فائدہ حاصل کرتے ہیں ان کا یہ غور و فکر انہیں قبول حق تک پہنچا دیتا ہے۔

فَادْعُوا اللّٰهَ مُخْلِصِیْنَ لَهُ الدِّیْنَ ط سو تم اللہ کو پکارو اسی کی عبادت کرو اور دین کو اسی کے لئے خالص رکھو یعنی اس کی عبادت میں کسی کو شریک نہ بناؤ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ۞ (اگرچہ کافروں کو ناگوار ہو) تم اللہ کے بندے ہو خالص اسی کی عبادت کرو توحید اور ایمان پر

مستقیم رہنا اور خالص اللہ تعالیٰ ہی کی عبادت کرنا یہ تمہارا فریضہ ہے جو لوگ تمہارے دین کو قبول نہیں کرتے وہ تم سے اور تمہارے عقیدۂ توحید اور اخلاص فی العبادۃ سے راضی نہیں انہیں ناراض رہنے دو انکی ناراضگی اور ناگواری کی کوئی پرواہ نہ کرو۔

رَفِیۡعُ الدَّرَجَات یہ اللہ تعالیٰ کی صفت ہے مفسرینؒ نے اس کے دو معنی بیان کئے ہیں اول یہ کہ وہ درجات کو بلند فرمانے والا ہے جو بندے مؤمن ہیں اور نیک کاموں میں لگے ہوئے ہیں قیامت کے دن ان کے درجات بلند فرمائے گا اور اس دنیا میں بھی اس نے اپنے بندوں میں فرق مراتب رکھا ہے کما قال تعالیٰ وَرَفَعۡنَا بَعۡضَهُمۡ دَرَجَاتٍ وقال تعالیٰ ! یَرۡفَعِ اللّٰهُ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا مِنۡكُمۡ وَالَّذِیۡنَ اُوۡتُوا الۡعِلۡمَ دَرَجَاتٍ ؕ (یہ معنی زیادہ واضح ہے اس میں رفیع بمعنی رافع ہوگا۔ (گو صاحب روح المعانی نے فرمایا ہے کہ اس میں بُعد ہے) اور دوسرا معنی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ مرتفع الدرجات ہے یعنی عظیم الصفات ہے (قال صاحب الروح عن ابی زید انه قال ای عظیم الصفات و کانه بیان لحاصل المعنی الکنائی)۔

ذُو الۡعَرۡشِ (وہ عرش والا ہے) یُلۡقِی الرُّوۡحَ مِنۡ اَمۡرِهٖ عَلٰی مَنۡ یَّشَآءُ مِنۡ عِبَادِهٖ (وہ نازل فرماتا ہے روح کو یعنی وحی کو اپنے بندوں میں سے جس پر چاہے وحی کو روح اس لئے فرمایا کہ اس کے ذریعہ قلوب کو حیات حاصل ہوتی ہے، اور لفظ مِنۡ اَمۡرِهٖ کے بارے میں بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ یہ روح کا بیان ہے اور بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ من ابتدائیہ ہے اور مطلب یہ ہے کہ یہ روح یعنی وحی کا نازل ہونا اس کے حکم سے ہے ایک قول یہ بھی ہے کہ روح سے حضرت جبریل علیہ السلام مراد ہیں اور مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ جبریل علیہ السلام کو اپنا حکم پہنچانے کے لئے نازل فرماتا ہے۔

عَلٰی مَنۡ یَّشَآءُ مِنۡ عِبَادِهٖ جو فرمایا ہے اس میں یہ بتادیا کہ وہ خود ہی اپنی رسالت کے لئے اپنے بندوں میں سے اشخاص اور افراد کو چن لیتا ہے کما قال تعالیٰ فی سورۃ الحج اَللّٰهُ یَصۡطَفِیۡ مِنَ الۡمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا وَّمِنَ النَّاسِ ؕ نبوت اور رسالت کوئی ایسا عہدہ نہیں ہے جسے ہنر اور کسب کے ساتھ حاصل کرلیا جائے اللہ تعالیٰ شانہٗ نے حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم تک جس کو چاہا منتخب فرمایا اور نبوت ورسالت سے نواز دیا۔

لِیُنۡذِرَ یَوۡمَ التَّلَاقِ ؕ (تاکہ اللہ کا یہ بندہ جس کی طرف وحی بھیجی ملاقات کے دن سے ڈرائے لفظ التلاق لَقِیَ یَلۡقٰی سے باب تفاعل کا مصدر ہے جو جانبین سے ملاقات کرنے پر دلالت کرتا ہے اس کے آخر سے یا حذف کردی گئی ہے مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے جس بندہ پر چاہا وحی بھیج دی تاکہ وہ قیامت کے دن کے عذاب سے ڈرائے اس دن نیک بندے اپنے اچھے اعمال کی جزا سے اور برے بندے اپنی بداعمالیوں کی سزا سے ملاقات کریں گے۔

اَلۡیَوۡمَ تُجۡزٰی كُلُّ نَفۡسٍۭ بِمَا كَسَبَتۡ ؕ (آج کے دن ہر جان کو اس کا بدلہ دیا جائے گا جو کچھ اس نے کسب کیا) یعنی جو کچھ کمایا خیر ہو یا شر ہو اس کا بدلہ دیا جائے گا۔ لَا ظُلۡمَ الۡیَوۡمَ ؕ (آج کے دن کوئی ظلم نہیں) نہ کسی کی کوئی نیکی ضائع جائے گی اور نہ کسی کے اعمالنامے میں کسی برائی کا اضافہ کیا جائے گا جو اس نے نہ کی ہو۔ اِنَّ اللّٰهَ سَرِیۡعُ الۡحِسَابِ ؕ (بلاشبہ اللہ جلد حساب لینے والا ہے) وہ سب کا حساب بیک وقت لینے پر قادر ہے ایسا نہیں ہے کہ ترتیب وار حساب لینے کی ضرورت ہو اور ایک کا حساب لینا دوسرے کے حساب سے مانع ہو۔

وَاَنۡذِرۡهُمۡ یَوۡمَ الۡاٰزِفَةِ اِذِ الۡقُلُوۡبُ لَدَى الۡحَنَاجِرِ كٰظِمِیۡنَ ۬ؕ مَا لِلظّٰلِمِیۡنَ

اور آپ ان کو قریب آنے والی مصیبت کے دن سے ڈرائیے جس وقت قلوب گلوں کے پاس ہوں گے گھٹن میں پڑے ہوئے ہوں گے، ظالموں کے لئے

مِنْ حَمِيمٍ وَّلَا شَفِيعٍ يُّطَاعُ ﴿١٨﴾ يَعْلَمُ خَآئِنَةَ الْاَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُورُ ﴿١٩﴾ وَاللّٰهُ

نہ کوئی دوست ہوگا اور نہ کوئی سفارش کرنیوالا ہوگا جس کی بات مانی جائے، وہ جانتا ہے آنکھوں کی خیانت کو اور ان چیزوں کو جنہیں سینے پوشیدہ رکھتے ہیں۔ اور اللہ

يَقْضِي بِالْحَقِّ ۚ وَالَّذِينَ يَدْعُونَ مِنْ دُونِهٖ لَا يَقْضُونَ بِشَيْءٍ ۗ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ ﴿٢٠﴾

حق کے ساتھ فیصلہ فرمائے گا اور اللہ کے سوا جنہیں یہ لوگ پکارتے ہیں وہ کچھ بھی فیصلہ نہیں کر سکتے، بلاشبہ اللہ سننے والا ہے دیکھنے والا ہے۔

انہیں قیامت کے دن سے ڈرایئے جس دن دل گھٹن میں ہونگے ظالموں کیلئے کوئی دوست یا سفارش کرنے والا نہ ہوگا

ان آیات میں بھی قیامت کا منظر بتایا ہے، ارشاد فرمایا کہ آپ انہیں **یوم الازفة** سے ڈرایئے یہ اَزِفَ یأزَفُ سے اسم فاعل کا صیغہ ہے جو قرب کے معنی پر دلالت کرتا ہے **سورۃ النجم** میں فرمایا اَزِفَتِ الْاٰزِفَةُ (قریب آنے والی قریب آگئی) اس سے قیامت مراد ہے جو جلد ہی آجانے والی ہے آیت بالا میں فرمایا کہ آپ ان کو قیامت کے دن سے ڈرایئے یہ ایسا دن ہوگا کہ قلوب حلقوم کو پہنچے ہوئے ہوں گے اور ایسا معلوم ہوگا کہ دل اندر سے اٹھ کر گلوں میں آکر پھنس گئے ہیں اور باہر آنا چاہتے ہیں یہ قلوب بڑی گھٹن میں ہوں گے اس وقت سخت تکلیف گھٹن اور غم اور بے چینی بہت زیادہ ہوگی جو لوگ دنیا میں ظلم والے تھے وہ وہاں مصیبت سے چھٹکارہ کے لئے دوست اور سفارشی تلاش کریں گے تو کوئی بھی دوست نہ ملے گا اور نہ کوئی سفارشی ملے گا جس کی بات مانی جائے، صاحب روح المعانی لکھتے ہیں کہ ظالمین سے کافر مراد ہیں کیونکہ ظلم میں کامل ہونا انہیں کی صفت ہے۔

اللہ تعالیٰ آنکھوں کی خیانت کو اور دلوں کی پوشیدہ چیزوں کو جانتا ہے ...... يَعْلَمُ خَآئِنَةَ الْاَعْيُنِ ط قیامت کے دن محاسبہ ہوگا نیکیوں کی جزا ملے گی اور برائیوں پر سزا یاب ہوں گے اعضاء ظاہرہ کے اعمال کو بھی اللہ تعالیٰ جانتا ہے اور سینوں میں جو چیزیں پوشیدہ ہیں برے عقیدے بری نیتیں برے جذبات اللہ تعالیٰ ان سب سے بھی باخبر ہے کوئی شخص یہ نہ سمجھے کہ میرے باطن کا حال پوشیدہ ہے اس پر مواخذہ نہ ہوگا اعضاء ظاہرہ میں آنکھیں بھی ہیں بری جگہ نظر ڈالنا جہاں دیکھنے کی اجازت نہیں اور بد اعمالیوں میں آنکھوں کا استعمال کرنا یہ سب گناہ ہے آنکھوں کے اعمال میں سے ایک عمل خیانت بھی ہے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ وہ آنکھوں کی خیانت کو اور دلوں میں پوشیدہ چیزوں کو جانتا ہے آنکھ کے گوشے سے نامحرم کو دیکھ لیا چپکے سے گناہ کی نظر کہیں ڈال لی آنکھ کے اشارہ سے کسی کی غیبت کر دی یہ سب گناہ میں شمار ہوتا ہے اللہ تعالیٰ کو سب کا علم ہے۔

حضرت اُم معبد رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوں دعا کرتے تھے

اَللّٰهُمَّ طَهِّرْ قَلْبِيْ مِنَ النِّفَاقِ وَعَمَلِيْ مِنَ الرِّيَآءِ وَلِسَانِيْ مِنَ الْكَذِبِ وَعَيْنِيْ مِنَ الْخِيَانَةِ فَاِنَّكَ تَعْلَمُ خَآئِنَةَ الْاَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُورُ (رواہ البیہقی فی الدعوات الکبیر کما فی المشکوٰۃ ٢٢٠)

ترجمہ دعا یہ ہے

''اے اللہ میرے دل کو نفاق سے اور میرے عمل کو ریا سے اور میری زبان کو جھوٹ سے اور میری آنکھ کو خیانت سے پاک فرما دے کیونکہ آپ آنکھوں کی خیانت اور ان چیزوں کو جانتے ہیں جنہیں سینے چھپائے ہوئے ہیں۔''

وَاللّٰهُ يَقْضِىْ بِالْحَقِّ ط (اور اللہ حق کے ساتھ فیصلے فرماتا ہے) وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَقْضُوْنَ بِشَىْءٍ ط (اور جن کو یہ لوگ پکارتے ہیں یعنی معبودان باطلہ کچھ بھی فیصلہ نہیں کر سکتے۔ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ط (بلاشبہ اللہ سننے والا دیکھنے والا ہے) اسی کا فیصلہ حق ہے جو واقعی علم کے مطابق ہے۔

اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ كَانُوْا مِنْ قَبْلِهِمْ ط كَانُوْا هُمْ اَشَدَّ مِنْهُمْ

کیا یہ لوگ زمین میں نہیں چلے پھرے تاکہ دیکھ لیتے ان لوگوں کا کیا انجام ہوا جو ان سے پہلے تھے، وہ قوت کے اعتبار سے ان سے زیادہ سخت تھے اور زمین میں نشانوں کے

قُوَّةً وَّاٰثَارًا فِى الْاَرْضِ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ط وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ۞ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ

اعتبار سے بھی بڑھ کر تھے، سو اللہ نے ان کے گناہوں کی وجہ سے ان کی گرفت فرمائی اور انہیں اللہ سے بچانے والا کوئی بھی نہ تھا۔ یہ اس وجہ سے کہ ان کے

كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَكَفَرُوْا فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ ط اِنَّهٗ قَوِىٌّ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۞

پاس ان کے رسول کھلی ہوئی دلیلیں لے کر آئے سو انہوں نے کفر کیا پھر اللہ نے ان کو پکڑ لیا، بیشک وہ قوی ہے سخت عذاب والا ہے۔

کیا زمین میں چل پھر کر سابقہ امتوں کو نہیں دیکھا وہ قوت میں بہت بڑھے ہوئے تھے اللہ تعالیٰ نے گناہوں کی وجہ سے ان کی گرفت فرمائی

کفار مکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تکذیب کرتے تھے جب یہ کہا جاتا تھا کہ ایمان لاؤ ورنہ کفر پر عذاب آجائے گا تو اس کا بھی مذاق بناتے تھے حالانکہ ایک سال میں دو مرتبہ تجارت کے لئے ملک شام جاتے تھے راستے میں ان قوموں کی تباہ شدہ عمارتوں اور کھنڈروں پر گزرتے تھے جو حضرات انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی نافرمانیوں کی وجہ سے ہلاک ہوئیں۔ آیت بالا میں ان کو اسی طرف متوجہ کیا اور فرمایا کیا انہوں نے زمین میں چل پھر کر نہیں دیکھا کہ ان سے پہلے لوگوں کا کیا انجام ہوا؟ عاد اور ثمود کی بستیوں پر گزرتے ہیں وہ لوگ ان سے بہت زیادہ طاقتور تھے اور بڑی قوت رکھتے تھے زمین میں انکے بڑے بڑے نشان تھے جو اب بھی ٹوٹی پھوٹی حالت میں نظروں کے سامنے ہیں۔ انہوں نے بڑے بڑے قلعے بنائے شہروں کو آباد کیا لیکن انبیائے کرام علیہم السلام کی بات نہ مانی، ایمان نہ لائے اور کفر کی وجہ سے ہلاک اور برباد ہوئے انکے گناہوں کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے انکو پکڑ لیا انکا گھمنڈ رکھا رہ گیا جو یوں کہتے تھے، کہ مَنْ اَشَدُّ مِنَّا قُوَّةً ط (ہم سے بڑھ کر قوت میں کون ہے؟) ان کی ساری قوت دھری رہ گئی عذاب آیا اور ہلاک ہوئے جب اللہ تعالیٰ نے عذاب بھیجا تو کوئی بھی انہیں اللہ کے عذاب سے بچانے والا نہیں تھا، اللہ تعالیٰ جل شانہ کی طرف سے جو انکی گرفت ہوئی اور مبتلائے عذاب ہوئے اس کا یہی سبب تھا کہ اللہ تعالیٰ نے جو رسول صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس بھیجے وہ کھلی ہوئی نشانیاں معجزات لے کر آئے انہوں نے انکی دعوت پر کان نہ دھرا برابر انکار کرتے رہے اللہ تعالیٰ نے پکڑا تو کہاں بچ سکتے تھے اللہ تعالیٰ قوی ہے اور شدید العقاب ہے، گزشتہ امتوں کے حالات اور واقعات سے ہر زمانے کے کافروں کو عبرت لینا ضروری ہے۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۞ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَقَارُوْنَ فَقَالُوْا سٰحِرٌ كَذَّابٌ ۞

اور یہ بات واقعی ہے کہ ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو اپنی آیات اور واضح دلیل کے ساتھ فرعون اور ہامان اور قارون کے پاس بھیجا سو ان لوگوں نے کہا کہ یہ جادوگر ہے بڑا جھوٹا ہے،

فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوا اقْتُلُوٓا اَبْنَآءَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ وَاسْتَحْيُوْا

سو جب ان کے پاس ہمارے پاس سے حق لے کر آیا تو کہنے لگے کہ جو لوگ اسکے ساتھ ایمان لائے ان کے بیٹوں کو قتل کر دو اور ان کی

نِسَآءَهُمْ ؕ وَمَا كَيْدُ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ۝ وَقَالَ فِرْعَوْنُ ذَرُوْنِيْٓ اَقْتُلْ مُوْسٰى وَلْيَدْعُ

عورتوں کو زندہ چھوڑ دو اور کافروں کی تدبیر محض بے اثر رہی۔ اور فرعون نے کہا مجھے چھوڑو میں موسیٰ کو قتل کر دوں اور وہ اپنے

رَبَّهٗ ۚ اِنِّيْٓ اَخَافُ اَنْ يُّبَدِّلَ دِيْنَكُمْ اَوْ اَنْ يُّظْهِرَ فِي الْاَرْضِ الْفَسَادَ ۝ وَقَالَ مُوْسٰٓى اِنِّيْ عُذْتُ

رب کو پکارے بلا شبہ میں ڈرتا ہوں کہ وہ تمہارے دین کو بدل دے یا زمین میں فساد پھیلا دے۔ اور موسیٰ نے کہا بلاشبہ میں

بِرَبِّيْ وَرَبِّكُمْ مِّنْ كُلِّ مُتَكَبِّرٍ لَّا يُؤْمِنُ بِيَوْمِ الْحِسَابِ ۝

اپنے رب کی پناہ لیتا ہوں جو میرا بھی رب ہے اور تمہارا بھی ہر متکبر سے جو حساب کے دن پر ایمان نہیں لاتا۔

ہم نے موسیٰ کو فرعون، ہامان، قارون کی طرف بھیجا انہوں نے ان کو ساحر اور کذاب بتایا، فرعون کے برے عزائم کا تذکرہ، اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کا اپنے رب کی پناہ مانگنا

گذشتہ آیات میں اجمالی طور پر بعض اقوام کی تکذیب اور ہلاکت وتعذیب کا تذکرہ فرمایا۔ آیات بالا میں اور ان کے بعد ڈیڑھ رکوع تک فرعون اور اس کی قوم کے عناد اور تکذیب کا اور بالآخر ان کے غرق اور تعذیب کا تذکرہ فرمایا درمیان میں ایک ایسے شخص کی نصیحتوں کا تذکرہ بھی فرمایا جو آلِ فرعون میں سے تھا، یہ شخص ایمان لے آیا تھا اور اپنے ایمان کو چھپاتا تھا۔

ارشاد فرمایا کہ ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو اپنی آیات یعنی معجزات کے ساتھ اور واضح حُجت کے ساتھ فرعون اور ہامان اور قارون کے پاس بھیجا حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ان لوگوں کو معجزات دکھائے توحید کی دعوت دی لیکن ان لوگوں نے جحود اور عناد اور انکار سے کام لیا، کہنے لگے یہ تو جادوگر ہے بڑا جھوٹا ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ان کی تکذیب کی کوئی پروانہ کی اور برابر تبلیغ فرماتے رہے۔ فرعونیوں نے جب دیکھا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بات اثر کر رہی ہے اور کچھ لوگ مسلمان ہو گئے ہیں اور کچھ لوگ متاثر ہوتے جا رہے ہیں تو باہم مشورہ کر کے کہنے لگے کہ جو لوگ ایمان لائے ہیں۔ ان کے لڑکوں کو قتل کر دو اور انکی عورتوں کو باقی رکھو (یعنی وہی عمل لڑکوں کے قتل کرنے کا پھر شروع کر دو جو کاہنوں کے خبر دینے پر بنی اسرائیل کے بچوں کو قتل کرنے کا سلسلہ شروع کیا تھا تا کہ ان کا کوئی بچہ ایسی پرورش نہ پا جائے جو فرعونی حکومت کو تہہ و بالا کرنے کا ذریعہ بن جائے) ان لوگوں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعوتِ توحید کو دبانے کیلئے مشورہ تو کر لیا اور ممکن ہے اس پر عمل بھی کر لیا ہو لیکن ان کی سب تدبیریں ضائع ہوئیں جسے وَمَا كَيْدُ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ میں بیان فرمایا ہے۔

فرعون نے اپنی قوم کے سرداروں سے کہا کہ تم مجھے چھوڑو میں موسیٰ کو قتل کر دوں اور جب میں اسے قتل کرنے لگوں تو وہ اپنے رب کو پکارے (ایسا معلوم ہوتا ہے کہ فرعون نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو قتل کرنے کا ارادہ ظاہر کیا تو اس کی قوم کے سرداروں نے اسے موسیٰ علیہ السلام کو قتل کرنے سے روکا اور یہ سمجھایا کہ تو انہیں قتل کر دے گا، تو عامۃ الناس یہ سمجھ لیں گے کہ تو دلیل سے عاجز آ گیا اس لئے قتل کے

در پے ہو گیا لیکن وہ سمجھتا تھا کہ ان کے قتل کر دینے ہی سے میرا ملک بچ سکتا ہے)۔

فرعون نے یہ جو کہا کہ میں جب اسے قتل کرنے لگوں تو یہ اپنے رب کو پکارے یہ ظاہری طور پر ڈینگ مارنے والی بات ہے اندر سے گھبرایا ہوا تھا اور انکی دعا سے ڈر رہا تھا اور ظاہر میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کا مذاق اڑانے کے لئے یہ الفاظ بول رہا تھا۔

فرعون نے اپنے ماننے والوں سے یہ بھی کہا کہ اگر موسیٰ کو چند دن اور بھی چھوڑ دیا تو ڈر ہے کہ تمہارے دین کو بدل دے میری عبادت چھڑا دے اور بتوں کی عبادت سے ہٹا دے اور یہ بھی ڈر ہے کہ یہ زمین میں کوئی فساد کھڑا کر دے کیونکہ جب اس کی بات بڑھے گی اس کے ماننے والے تعداد میں بہت ہو جائیں گے تو اس کے ماننے والوں میں اور میرے ماننے والوں میں لڑائی جھگڑے ہوں گے اور اس سے نظام معطل ہوگا (جو لوگ دنیا دار ہوتے ہیں اور دنیا ہی کو سب کچھ سمجھتے ہیں ان کے سوچنے کا یہی طریقہ ہوتا ہے کہ اپنے مقابل کو قتل کر دیں اور خود دنیاوی مال و جائداد اور اختیار و اقتدار پر قابض رہیں اور اس بارے میں عوام کو یہ سمجھاتے ہیں کہ میں تمہارے بھلے کے لئے ایسا کر رہا ہوں اس شخص کے وجود سے تمہارے دین و دنیا کو خطرہ ہے لہٰذا اس کو قتل کر دینا ضروری ہے۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کو فرعون کی بات کا جب علم ہوا تو فرمایا کہ میں اللہ کی پناہ لیتا ہوں جو تمہارا بھی رب ہے اور میرا بھی رب ہے کہ وہ مجھے ہر متکبر سے محفوظ رکھے جو حساب کے دن پر ایمان نہیں لاتا، حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنی حفاظت کی دعا کی اور لوگوں کو بتا دیا کہ جو میرا رب ہے وہی تمہارا رب ہے جو بھی کوئی شخص تکبر کرے آخرت کے دن کو نہ مانے ایسا منکر اور معاند کافر ہے، اللہ تعالیٰ مجھے محفوظ رکھے گا، مجھے اس کی دھمکیوں کی کوئی پروہ نہیں۔

وَقَالَ رَجُلٌ مُّؤْمِنٌ ۖ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَكْتُمُ اِيْمَانَهٗۤ اَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا اَنْ يَّقُوْلَ رَبِّيَ اللّٰهُ

اور آل فرعون میں سے ایک مؤمن نے کہا جو اپنے ایمان کو چھپائے ہوئے تھا کیا تم ایسے شخص کو قتل کرتے ہو جو یہ کہتا ہے کہ میرا رب اللہ ہے

وَقَدْ جَآءَكُمْ بِالْبَيِّنٰتِ مِنْ رَّبِّكُمْ ۭ وَاِنْ يَّكُ كَاذِبًا فَعَلَيْهِ كَذِبُهٗ ۚ وَاِنْ يَّكُ صَادِقًا يُّصِبْكُمْ

حالانکہ تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے دلیلیں لے کر آیا ہے، اور اگر وہ جھوٹا ہوگا تو اس کا جھوٹ اسی پر پڑے گا اور اگر وہ سچا ہوگا تو تمہیں بعض وہ مصائب پہنچ

بَعْضُ الَّذِيْ يَعِدُكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ كَذَّابٌ ۝۲۸ يٰقَوْمِ

جائیں گے جن کی وہ بطور پیشن گوئی خبر دے رہا ہے، بلاشبہ اللہ ایسے شخص کو ہدایت نہیں دیتا جو حد سے گزر جانے والا ہو بہت جھوٹا ہو، اے میری قوم

لَكُمُ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ظٰهِرِيْنَ فِي الْاَرْضِ ۡ فَمَنْ يَّنْصُرُنَا مِنْۢ بَاْسِ اللّٰهِ اِنْ جَآءَنَا ۭ

آج زمین میں تمہاری حکومت میں تم غلبہ پائے ہوئے ہو سو اگر اللہ کا عذاب ہم تک آپہنچا تو ہمیں اس سے بچانے کے لئے کون مدد کرے گا؟

قَالَ فِرْعَوْنُ مَآ اُرِيْكُمْ اِلَّا مَآ اَرٰى وَمَآ اَهْدِيْكُمْ اِلَّا سَبِيْلَ الرَّشَادِ ۝۲۹

فرعون نے کہا میں تو تمہیں وہی رائے دوں گا جسے میں خود ٹھیک سمجھ رہا ہوں اور میں تمہیں وہی راہ بتاؤں گا جو ہدایت کا راستہ ہے۔

آل فرعون میں سے ایک مؤمن بندہ کی حق گوئی نیز تنبیہ اور تہدید

آل فرعون میں سے ایک شخص حضرت موسیٰ علیہ السلام پر ایمان لے آیا تھا (جیسا کہ فرعون کی بیوی مسلمان ہوگئی تھی) کہا جاتا ہے

کہ یہ شخص فرعون کے چچا کا لڑکا تھا۔ اور یہ بھی لکھا ہے کہ وہ فرعون کا ولی عہد سمجھا جاتا تھا اور محکمہ پولیس کا ذمہ دار تھا یہ مؤمن تو تھا لیکن اپنے ایمان کو چھپاتا تھا اس نے بطور ہمدردی فرعون سے اور اس کے ساتھیوں سے جو اس کی ہاں میں ہاں ملاتے تھے یوں کہا کہ تم جو اس شخص کو قتل کرنے کے منصوبے بنا رہے ہو یہ کوئی سمجھداری کی بات نہیں۔ اول تو اس کا کوئی قصور نہیں کوئی چوری نہیں کی کوئی ڈاکہ نہیں ڈالا اس نے ایک حق بات کہی ہے اور یوں کہا ہے کہ میرا رب اللہ ہے یہ کوئی ایسی بات نہیں جسے قتل کرنے کا سبب بنا لیا جائے پھر وہ جو کچھ کہتا ہے وہ اس کے لئے دلائل بھی پیش کرتا ہے دلائل واضحہ اور معجزات دیکھتے ہوئے جو تمہارے رب کی طرف سے اسے دیئے گئے ہیں قتل کر دو گے تو تمہارا کیا بنے گا؟ سمجھداری کی بات یہ ہے کہ اسے قتل نہ کرو اگر یہ اپنی باتوں میں جھوٹا ہے تو اس کے جھوٹ کا وبال اس پر پڑ جائے گا یعنی اسی دنیا میں اس کی سزا پالے گا تمہیں اس کے قتل میں ہاتھ ملوث کرنے کی ضرورت کیا ہے؟ یہ تو ایک رُخ کی بات ہوئی۔ اب دوسرے رُخ پر بھی غور کر لو اور وہ یہ ہے کہ اگر یہ اپنے دعوے میں سچا ہو واقعی پروردگار جل مجدہ کا پیغمبر ہو اور تم برابر اسے جھٹلاتے رہے اور جھٹلانے کی وجہ سے پروردگار جل مجدہ کی طرف سے تم پر عذاب آ گیا (جس کا اس شخص نے اپنی باتوں میں تذکرہ کیا ہے اور تمہیں یہ بتایا ہے کہ میری بات نہ مانو گے تو ایسے ایسے عذابوں میں مبتلا ہو گے) تو تم کہیں کے نہ رہو گے یہ دنیا بھی برباد ہو گی اور موت کے بعد بھی عذاب کا سامنا ہو گا۔

سلسلۂ کلام جاری رکھتے ہوئے بندۂ مؤمن نے یہ بھی کہا اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِىْ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ كَذَّابٌ ؕ (بلاشبہ اللہ اسے ہدایت نہیں دیتا جو حد سے بڑھنے والا ہو بہت جھوٹا ہو) اس میں یہ بتایا کہ موسیٰ علیہ السلام سچے ہیں اگر یہ سچے نہ ہوتے تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے معجزات کے ذریعے ان کی تائید نہ کی جاتی اور یہ جو دلائل پیش کرتے ہیں یہ دلائل ان کو نہ دیئے جاتے، اور اس میں اس طرف بھی اشارہ کر دیا کہ فرعون مسرف ہے حد سے بڑھنے والا ہے بات بات میں لوگوں کو قتل کرتا ہے فساد پر تلا ہوا ہے اپنے معبود ہونے کا دعویٰ کر کے بہت بڑا کذاب یعنی جھوٹا بھی ہے۔ اس کی سب تدبیریں فیل ہوں گی اور یہ موسیٰ علیہ السلام کو قتل نہ کر سکے گا۔ بندۂ مؤمن نے سلسلۂ کلام جاری رکھتے ہوئے یوں بھی کہا کہ آج تم لوگ اس سرزمین یعنی مصر میں حکومت والے ہو تمہارا غلبہ ہے لیکن اللہ کی گرفت کے سامنے اس کی کوئی حیثیت نہیں اگر ہم پر اللہ کا عذاب آ جائے تو یہ ساری حکومت اور سلطنت دھری رہ جائے گی اور ہمیں اللہ کے عذاب سے بچانے والا کوئی نہ ہو گا وعید اور تہدید کو استفہام کے پیرائے میں بیان کیا جو اصحابِ حکمت وموعظت کا طریقہ ہے۔

فرعون پر یہ باتیں سُن کر مزید خوف طاری ہوا کہ موسیٰ علیہ السلام کی بات بڑھتی رہی تو لوگوں میں اسلام پھیل جائے گا اور میری حکومت اور دعوائے خدائی سب کچھ خاک میں مل جائے گا اس لئے بندۂ مؤمن کی بات سن کر حاضرین سے کہنے لگا کہ میں تو تمہیں وہی بات بتاتا ہوں جسے اپنی رائے میں درست سمجھتا ہوں، میرے نزدیک تو موسیٰ (علیہ السلام) کو قتل ہی کر دینا چاہئے میں جو تمہیں رائے دے رہا ہوں یہی رائے ٹھیک ہے۔ جو مصلحت کے موافق ہے۔ (لعنہ اللہ تعالیٰ)

وَقَالَ الَّذِیْٓ اٰمَنَ يٰقَوْمِ اِنِّیْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ مِّثْلَ يَوْمِ الْاَحْزَابِ ﴿۳۰﴾ مِثْلَ دَاْبِ قَوْمِ نُوْحٍ

اور اس شخص نے کہا جو ایمان لایا تھا کہ اے میری قوم میں اس بات سے ڈرتا ہوں کہ تم پر سابقہ جماعتوں جیسا دن نہ آ پڑے جیسا کہ قوم نوح

وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ وَالَّذِيْنَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ؕ وَمَا اللّٰهُ يُرِيْدُ ظُلْمًا لِّلْعِبَادِ ﴿۳۱﴾ وَيٰقَوْمِ اِنِّیْٓ اَخَافُ

اور عاد اور ثمود اور ان کے بعد والوں کا حال ہوا، اور اللہ بندوں پر کسی طرح بھی ظلم کا ارادہ نہیں فرماتا۔ اور اے میری قوم بلاشبہ میں تمہارے بارے

عَلَيْكُمْ يَوْمَ التَّنَادِ ﴿٣٢﴾ يَوْمَ تُوَلُّوْنَ مُدْبِرِيْنَ ۚ مَا لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ عَاصِمٍ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلِ

میں یوم التناد کا اندیشہ رکھتا ہوں جس دن تم پشت پھیر کر واپس لوٹو گے تمہارے لئے اللہ سے بچانے والا کوئی بھی نہ ہوگا، اور

اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿٣٣﴾

اللہ جسے گمراہ کرے اسے کوئی بھی ہدایت دینے والا نہیں۔

بندۂ مؤمن کا سابقہ اُمتوں کی بَربادی کو یاددلانا اور قیامت کے دن کی بَدحالی سے آگاہ کرنا

بندۂ مؤمن نے سلسلۂ کلام جاری رکھتے ہوئے تہدید اور تخویف سے بھی کام لیا اور یوں کہا کہ اے میری قوم تم جو حق کے انکار پر اور اس شخص کی تکذیب پر تُلے ہوئے ہو تمہارا یہ رویہ خود تمہارے حق میں صحیح نہیں ہے تم سے پہلے بھی قومیں گزری ہیں ان کی طرف اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول بھیجے قوموں نے ان کی تکذیب کی اور برباد ہوئے اس طرح کی ہلاک شدہ جو جماعتیں گزری ہیں، ان میں سے حضرت نوح علیہ السلام کی قوم بھی گزری ہے عاد اور ثمود بھی اس دنیا میں لائے اور بسے، یہ سب قومیں حق کو ٹھکرانے کی وجہ سے ہلاک اور برباد ہوئیں ان کے بعد بہت سی قومیں آئیں جنہوں نے اپنے اپنے نبیوں کو جھٹلایا اور جھٹلانے کا مزہ پایا یعنی ہلاکت اور بربادی کے گھاٹ اُتر گئے، اللہ تعالیٰ نے جن قوموں کو ہلاک کیا ہے ان لوگوں کی بری حرکتوں کی وجہ سے ہلاک فرمایا ہے وہ اپنے بندوں پر ظلم کرنے کا ارادہ نہیں فرماتا۔

بندۂ مؤمن نے سلسلۂ کلام جاری رکھتے ہوئے مزید یوں کہا کہ دیکھو تمہیں ہمیشہ دنیا ہی میں نہیں رہنا ہے مرنا بھی ہے قیامت کے دن پیشی بھی ہونی ہے وہاں حساب کتاب ہوگا، فیصلے ہوں گے اور پکارا جائے گا (اسی پکارے جانے کی وجہ سے یوم القیامۃ کو یوم التناد کے نام سے موسوم کیا، اُس دن بہت سی ندائیں ہوں گی)۔

پہلی پکار نفخ صور کے وقت ہوگی جسے يَوْمَ يُنَادِ الْمُنَادِ مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ میں بیان فرمایا اور میدانِ حشر میں مختلف قسم کے لوگ ہوں گے انہیں ان کے اپنے اپنے پیشوا کے ساتھ بلایا جائے گا جسے يَوْمَ نَدْعُوْا كُلَّ اُنَاسٍۢ بِاِمَامِهِمْ میں بیان فرمایا ہے (اور جب اہل ایمان کو داہنے ہاتھ میں کتاب دی جائے گی تو پکار اُٹھیں گے هَآؤُمُ اقْرَءُوْا كِتٰبِيَهْ نیز اہل جنت دوزخ والوں کو اور اہل اعراف بہت سے لوگوں کو پکاریں گے جیسا کہ سورۂ اعراف رکوع نمبر ۵ اور ۶ میں ذکر فرمایا ہے۔)

جب پکار پڑے گی تو تم پشت پھیر کر چل دو گے یعنی محشر سے دوزخ کی طرف روانہ ہو جاؤ گے۔ (کذا فسر البغوی فی معالم التنزیل) دوزخ سے بھاگنا چاہو گے تو بھاگ نہ سکو گے اس میں داخل ہونا ہی پڑے گا۔ اللہ تعالیٰ جب فیصلہ فرمادے گا کہ تمہیں دوزخ میں جانا ہی تو کوئی بھی چیز تمہیں عذاب سے نہیں بچاسکتی اور اس کے حکم کو نہیں ٹال سکتی۔

دیکھو تم رائے حق قبول کرلو ہاں اگر اللہ تعالیٰ کی طرف سے تمہاری گمراہی کا فیصلہ ہو ہی چکا ہے تو پھر تمہیں کوئی ہدایت دینے والا نہیں۔

وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ط بندۂ مؤمن نے اپنے مخاطبین کی ہدایت سے ناامید ہو کر ایسا کہا۔

وَلَقَدْ جَآءَكُمْ يُوْسُفُ مِنْ قَبْلُ بِالْبَيِّنٰتِ فَمَا زِلْتُمْ فِيْ شَكٍّ مِّمَّا جَآءَكُمْ بِهٖ ط

اور یہ بات واقعی ہے کہ یوسف تمہارے پاس اس سے پہلے واضح معجزات لے کر آئے سو وہ جو کچھ تمہارے پاس لائے تم اس میں برابر شک کرتے رہے۔

حَتّٰٓى اِذَا هَلَكَ قُلْتُمْ لَنْ يَّبْعَثَ اللّٰهُ مِنْۢ بَعْدِهٖ رَسُوْلًا ؕ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ هُوَ

یہاں تک کہ جب ان کی وفات ہوگئی تو تم نے کہا کہ اللہ ان کے بعد کسی رسول کو مبعوث نہ فرمائے گا۔ اللہ ایسے ہی گمراہ کر دیتا ہے۔ اس شخص کو جو حد سے

مُسْرِفٌ مُّرْتَابُ ۚۙ ۝ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ بِغَيْرِ سُلْطٰنٍ اَتٰىهُمْ ؕ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ

بڑھ جانے والا ہو شک میں پڑنے والا ہو۔ جو اللہ کی آیات میں بغیر دلیل کے جو ان کے پاس آئی ہو جھگڑے بازی کرتے ہیں اللہ کے نزدیک

وَعِنْدَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ قَلْبِ مُتَكَبِّرٍ جَبَّارٍ ۝۳۵

اور اہل ایمان کے نزدیک یہ بڑے بغض کی چیز ہے اسی طرح اللہ مہر لگا دیتا ہے ہر متکبر جبار کے دل پر۔

مُسرف مرتاب کا گمراہ ہونا اور ہر متکبر جبار کے دل پر اللہ کی طرف سے مُہر لگ جانا

مردمؤمن کا سلسلہ کلام جاری ہے اس نے پہلے تو فرعون اور اس کی قوم کو ڈرایا اور یاد دلایا کہ دیکھو تم سے پہلے اللہ تعالیٰ کے رسولوں کو جھٹلا کر گزشتہ امتیں ہلاک ہو چکی ہے اس کے بعد ان سے خصوصی طور پر حضرت یوسف علیہ السلام کی بعثت کا تذکرہ کیا جو اہل مصر کی طرف مبعوث ہوئے تھے انہیں یاد دلایا کہ دیکھو حضرت یوسف علیہ السلام دلائل کے ساتھ تمہارے پاس آئے لیکن تم نے ان کو بھی جھٹلایا اور انہوں نے جو دعوت پیش کی اور اللہ تعالیٰ کے احکام بتلائے تم اس میں برابر شک کرتے رہے تم نے یہ تسلیم نہ کیا کہ یہ اللہ کے رسول ہیں اور ان کی دعوت حق ہے اور تم نے نہ صرف یہ کہ حضرت یوسف علیہ السلام کی رسالت کا انکار کیا بلکہ ان کی وفات ہو جانے پر یوں کہہ دیا کہ اگر یہ بالفرض رسول تھے تو اب ان کے بعد اللہ تعالیٰ کوئی رسول نہ بھیجے گا اللہ کے رسول کی رسالت کا انکاری ہونا اور اپنی طرف سے یہ تجویز کر دینا کہ اللہ تعالیٰ اب کوئی بھی رسول نہ بھیجے گا، عناد در عناد اور بغاوت در بغاوت ہے۔

جو لوگ بغاوت اور سرکشی میں حد سے بڑھ جائیں اور ان کا مزاج شک کرنے کا بن جائے ایسے لوگوں کو اللہ تعالیٰ گمراہ فرما دیتا ہے ان کا کام یہ ہوتا ہے کہ خواہ مخواہ بلا دلیل اللہ کی آیات میں جھگڑے کرتے رہیں گے ان کی یہ جھگڑے بازی اللہ کے نزدیک اور اہل ایمان کے نزدیک بہت زیادہ بغض اور نفرت کی چیز ہے۔

مردمؤمن نے مزید کہا کہ میں تو یہ سمجھتا ہوں کہ تمہارے دلوں پر مہر لگ چکی ہے اب تمہیں حق قول کرنا نہیں ہے جسے اللہ تعالیٰ نے تمہارے دلوں پر مہر لگا دی ہے وہ اسی طرح ہر متکبر مغرور اور جابر کے دل پر مہر لگا دیتا ہے ایسے شخص کے دل میں ذرا بھی حق قبول کرنے کی طرف جھکاؤ نہیں رہتا اس میں حق سمجھنے اور قبول کرنے کی بالکل ہی گنجائش نہیں رہتی۔

فائدہ .... صاحب روح المعانی نے اوّل تو حضرت یوسف علیہ السلام کے نام کے ساتھ بن یعقوب لکھ دیا ہے اور حضرت یوسف علیہ السلام جو کنعان سے آ کر مصر میں صاحب اقتدار ہو گئے تھے اور ان کے سامنے ہی ان کے والدین اور بھائی تمام اہل وعیال کے ساتھ مصر میں آ کر بس گئے تھے انہیں یوسف علیہ السلام کو مراد لیا ہے اور جَآءَكُمْ میں جو ضمیر خطاب ہے، اس کا مطلب یہ لیا ہے کہ اس سے اہل مصر کے آباؤ اجداد مراد ہیں پھر ایک یہ قول نقل کیا ہے کہ آیت بالا میں جس یوسف کا ذکر ہے وہ حضرت یوسف الصدیق علیہ السلام کے پوتے تھے ان کو بھی اللہ تعالیٰ نے نبی بنا کر بھیجا تھا انہوں نے بھی مصر میں بیس سال قیام کیا اور یہ لوگ ان کی دعوت میں شک ہی کرتے رہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

وَ قَالَ فِرْعَوْنُ يٰهَامٰنُ ابْنِ لِيْ صَرْحًا لَّعَلِّيْٓ اَبْلُغُ الْاَسْبَابَ ﴿٣٦﴾ اَسْبَابَ السَّمٰوٰتِ فَاَطَّلِعَ

اور فرعون نے کہا کہ اے ہامان میرے لئے ایک محل بنادے ہوسکتا ہے کہ میں راستوں میں پہنچ جاؤں ۔یعنی آسمان کے راستوں تک میری رسائی ہو جائے

اِلٰٓى اِلٰهِ مُوْسٰى وَ اِنِّيْ لَاَظُنُّهٗ كَاذِبًا ؕ وَ كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِفِرْعَوْنَ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ

پھر میں موسیٰ کے معبود کا پتہ چلاؤں، اور بے شک میں تو اسے جھوٹا ہی سمجھتا ہوں۔ اور اسی طرح فرعون کے لئے اس کا برا عمل مُـزَیَّـن کردیا گیا

وَ صُدَّ عَنِ السَّبِيْلِ ؕ وَ مَا كَيْدُ فِرْعَوْنَ اِلَّا فِيْ تَبَابٍ ﴿٣٧﴾

اور وہ راستہ سے روک دیا گیا اور فرعون کی تدبیر ہلاکت ہی میں لے جانے والی ہے۔

فرعون کا اُوپر چڑھنے کیلئے اُونچا محل بنانے کا حکم دینا اور اس کی تدبیر کا بربادی کا سبب بننا

جب فرعون کے سامنے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنی دعوت پیش کی تو اس نے سوال و جواب کئے قتل کی دھمکی دی بڑی ڈینگیں ماریں، اور اپنے عوام کو دھوکہ دینے کے لئے طرح طرح کی باتیں نکالیں انہیں باتوں میں سے ایک یہ بات تھی کہ اُس نے اپنے وزیر ہامان سے کہا کہ ذرا ایک محل یعنی اُونچی عمارت تو بناؤ میں اُوپر چڑھوں گا آسمان کے راستوں پر پہنچوں گا اور موسیٰ علیہ السلام کے معبود کا پتہ چلاؤں گا۔ جھوٹے معبود ایسے ہی ہوتے ہیں دعویٰ تو اس کا یہ تھا کہ میں سب سے بڑا رب ہوں اور حال اس کا یہ تھا کہ آسمانوں کی خبر جاننے کے لئے اُونچی عمارت کا اور سیڑھیوں کا محتاج تھا چونکہ صرف عوام کو دھوکہ دینا مقصود تھا اس لئے بلند عمارت کا حکم دینے کے ساتھ ساتھ اس نے پہلے ہی سے یوں کہہ دیا کہ میں موسیٰ کو جھوٹا سمجھتا ہوں۔ (فرعون نے جو اُونچا محل بنانے کو کہا تھا اس کا ذکر سورۃ القصص میں بھی گزر چکا ہے۔ فَاَوْقِدْلِیْ یَا هَامَانُ عَلَی الطِّیْنِ (ع ٤) کی تفسیر کا مطالعہ بھی کر لیا جائے۔ (دیکھو انوار البیان ص ٢٤١ ج ٤

وَ كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِفِرْعَوْنَ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ اور اسی طرح فرعون کے لئے اس کی بدکرداری مزین کردی گئی جسے وہ اچھی سمجھتا تھا۔

وَ صُدَّ عَنِ السَّبِيْلِ (اور وہ راہِ حق سے روک دیا گیا (موسیٰ علیہ السلام کا مقابلہ کرنے کے لئے تدبیریں سوچتا رہا مگر کوئی تدبیر کام نہ آئی وَ مَا كَيْدُ فِرْعَوْنَ اِلَّا فِيْ تَبَابٍ (اور فرعون کی تدبیر ہلاکت ہی میں لے جانے والی تھی) جو سوچا سب اُلٹا بالآخر ہلاک ہوا خود بھی ڈوبا اپنے لشکروں کو بھی لے ڈوبا۔

قال تعالیٰ فی سورۃ طٰهٰ ! فَغَشِيَهُمْ مِّنَ الْيَمِّ مَا غَشِيَهُمْ وَ اَضَلَّ فِرْعَوْنُ قَوْمَهٗ وَ مَا هَدٰى ۔ (سو فرعون کو اور اس کے لشکروں کو سمندر کے ایک بڑے حصّہ نے ڈھانپ لیا اور فرعون نے اپنی قوم کو گمراہ کیا اور صحیح راہ نہ بتائی)۔

وَ قَالَ الَّذِيْٓ اٰمَنَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوْنِ اَهْدِكُمْ سَبِيْلَ الرَّشَادِ ﴿٣٨﴾ يٰقَوْمِ اِنَّمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا مَتَاعٌ

اور جو شخص ایمان لایا اس نے کہا کہ اے میری قوم میرا اتباع کرو میں تمہیں ہدایت والا راستہ بتاؤں گا۔ اے میری قوم یہ دنیا والی زندگی تھوڑے سے نفع کی زندگی ہے

وَّ اِنَّ الْاٰخِرَةَ هِيَ دَارُ الْقَرَارِ ﴿٣٩﴾ مَنْ عَمِلَ سَيِّئَةً فَلَا يُجْزٰٓى اِلَّا مِثْلَهَا ۚ وَ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا

اور بلاشبہ آخرت ہی رہنے کی جگہ ہے جس نے کوئی بھی برائی کی تو اس کا بدلہ صرف اسی قدر دیا جائے گا اور جس نے نیک عمل کیا مرد ہو یا

مِنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ يُرْزَقُوْنَ فِيْهَا بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿٤٠﴾

عورت اور حال یہ ہو کہ وہ مؤمن ہو تو یہ لوگ جنت میں داخل ہوں گے اس میں انہیں بے حساب رزق دیا جائے گا،

وَيٰقَوْمِ مَا لِيْٓ اَدْعُوْكُمْ اِلَى النَّجٰوةِ وَتَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَى النَّارِ ﴿٤١﴾ تَدْعُوْنَنِيْ لِاَكْفُرَ

اور اے میری قوم کیا بات ہے میں تمہیں نجات کی طرف بلاتا ہوں اور تم مجھے دوزخ کی طرف بلاتے ہو، تم مجھے اس بات کی دعوت دیتے ہو کہ میں اللہ کے ساتھ

بِاللّٰهِ وَاُشْرِكَ بِهٖ مَا لَيْسَ لِيْ بِهٖ عِلْمٌ ۡ وَّاَنَا اَدْعُوْكُمْ اِلَى الْعَزِيْزِ الْغَفَّارِ ﴿٤٢﴾ لَا جَرَمَ

کفر کروں اور اس چیز کو اس کا شریک بناؤں جس کی میرے پاس کوئی دلیل نہیں ہے، اور میں تمہیں عزیز غفار کی طرف بلاتا ہوں، یہ یقینی بات ہے

اَنَّمَا تَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَيْهِ لَيْسَ لَهٗ دَعْوَةٌ فِي الدُّنْيَا وَلَا فِي الْاٰخِرَةِ وَاَنَّ مَرَدَّنَآ اِلَى اللّٰهِ وَاَنَّ

کہ تم مجھے جس چیز کی دعوت دیتے ہو اس کی دعوت نہ دنیا میں ہے اور نہ آخرت میں، اور بلا شبہ ہمارا لوٹنا اللہ کی طرف ہے اور بلا شبہ جو

الْمُسْرِفِيْنَ هُمْ اَصْحٰبُ النَّارِ ﴿٤٣﴾ فَسَتَذْكُرُوْنَ مَآ اَقُوْلُ لَكُمْ ۭ وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّ

لوگ حد سے بڑھ جانے والے ہیں وہ دوزخ والے ہیں سو تم یاد کرو گے جو میں تم سے کہتا ہوں اور میں اپنا معاملہ اللہ کے سپرد کرتا ہوں، بیشک

اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿٤٤﴾ فَوَقٰىهُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِ مَا مَكَرُوْا وَحَاقَ بِاٰلِ فِرْعَوْنَ سُوْٓءُ الْعَذَابِ ﴿٤٥﴾ اَلنَّارُ

اللہ بندوں کو دیکھنے والا ہے، سو اللہ نے اس شخص کو ان لوگوں کی تدبیروں کی مضرتوں سے بچالیا اور آل فرعون پر برا عذاب نازل ہوا۔ صبح شام

يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا غُدُوًّا وَّعَشِيًّا ۚ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ ۣ اَدْخِلُوْٓا اٰلَ فِرْعَوْنَ اَشَدَّ الْعَذَابِ ﴿٤٦﴾

یہ لوگ آگ کے سامنے لائے جاتے ہیں اور جس دن قیامت قائم ہوگی حکم ہوگا کہ آل فرعون کو سخت ترین عذاب میں داخل کر دو۔

مردِ مؤمن کا فناءِ دنیا اور بقاءِ آخرت کی طرف متوجہ کرنا، اپنا معاملہ اللہ تعالیٰ کے سپرد کرنا

مرد مؤمن کا سلسلۂ کلام جاری ہے درمیان میں فرعون کی اس بات کا تذکرہ فرمایا کہ اس نے اپنے وزیر ہامان سے ایک اونچی عمارت بنانے کا حکم دیا اور یوں کہا کہ میں اس عمارت پر چڑھ کر موسیٰ کے معبود کا پتہ چلاؤں گا۔ مرد مؤمن نے فرعون کی بات سنی اور قوم فرعون کو مزید نصیحت کی اول تو اس نے یہ کہا کہ تم لوگ میرا اتباع کرو میں تمہیں ہدایت کا راستہ بتاؤں گا جیسے میں موسیٰ علیہ السلام پر ایمان لایا ایسے ہی تم بھی ایمان لاؤ اور یہ دنیا جس پر تم دل دیئے پڑے ہو اور اسی کو سب کچھ سمجھ رہے ہو اور یہ سمجھتے ہو کہ موسیٰ علیہ السلام پر ایمان لانے سے ہماری دنیا جاتی رہے گی۔ اس کے بارے میں تمہیں سمجھ لینا چاہئے کہ یہ دنیا والی زندگی تھوڑی سی ہے چند روز ہے اس میں جو کچھ سامان ہے وہ بھی تھوڑا سا ہے اور تھوڑے دن کام آنے والا ہے اس ذرا سی دنیا کے لئے تم اپنی آخرت برباد نہ کرو، جو شخص کفر پر مرے گا اس کے لئے وہاں دائمی عذاب ہے وہاں کے عذاب کے لئے اپنی جان کو تیار کرنا ناسمجھی کی بات ہے سب کو مرنا ہے میدان آخرت میں جانا ہے جو لوگ ایمان کے ساتھ پہنچیں گے وہ وہاں جنت میں جائیں گے، اور جنت ایسی جگہ ہے جو دار القرار ہے حقیقت میں وہی رہنے کی جگہ ہے۔

النصف

مردِمؤمن نے مزید کہا کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن نیکیوں اور برائیوں کا بدلہ دیگا برائی کا بدلہ تو اتنا ہی ملے گا جس درجہ برائی کی تھی اور نیک عمل کا بدلہ بہت زیادہ ملے گا، کسی بھی مرد یا عورت نے بحالت ایمان کوئی بھی نیک عمل کرلیا تو اس کے لئے اللہ نے یہ صلہ رکھا ہے کہ ایسے لوگ جنت میں داخل ہوں گے وہاں انہیں بے حساب رزق دیا جائے گا تم لوگ اسی جنت کے لئے فکر مند بنو اور ایمان قبول کرو۔

مردِمؤمن نے یوں بھی کہا کہ میں تمہیں ایسے کام کی طرف بلاتا ہوں جس میں آخرت کی نجات ہے اور تم مجھے اس چیز کی طرف بلاتے ہو جو دوزخ کے داخلے کا سبب ہے میں ایمان کی دعوت دیتا ہوں اور تم مجھے یہ دعوت دیتے ہو کہ میں اللہ کے ساتھ کفر کروں اور اس کے ساتھ کسی کو شریک بناؤں جبکہ شریک کے جائز ہونے کی کوئی دلیل نہیں ہے، اس میں مَالَیْسَ لِیْ بِهٖ عِلْمٌ کہا اور انہیں یہ بتادیا کہ تمہارے پاس بھی شرک کی کوئی دلیل نہیں ہے۔ بات رکھی اپنے اوپر اور سمجھا دیا ان کو۔ قوم کو خطاب کرتے ہوئے مزید کہا وَاَنَا اَدْعُوْكُمْ اِلَى الْعَزِیْزِ الْغَفَّارِ (یعنی میں تمہیں اپنے معبود کی طرف بلاتا ہوں وہ عزیز ہے زبردست ہے، بہت مغفرت کرنیوالا ہے) اگر کسی کو عذاب دینا چاہے تو اسے کوئی روکنے والا نہیں اور وہ غفار بھی ہے کوئی شخص کیسے ہی گناہ کرلے وہ معاف کرنا چاہے تو اسے کوئی بھی روکنے والا نہیں لہٰذا تم کفر سے توبہ کرلو اور بخشش کے دائرہ میں آجاؤ یہ نہ سوچو کہ ہم نے جواب تک کفر و شرک کیا ہے اور اعمالِ بد کا ارتکاب کیا ہے اسکی معافی کیسے ہوگی۔

مردِمؤمن نے یہ بھی کہا کہ تم لوگ جو مجھے کفر شرک کی طرف بلاتے ہو یہ باطل چیز ہے اور اس میں بربادی ہے یہ جو تم شرک اور کفر کی دعوت دے رہے ہو یہ محض ایک جاہلانہ بات ہے تم نے جو بت تراش رکھے ہیں یہ تو ذرا بھی نہ سنتے ہیں نہ ہاں کرتے ہیں نہ کسی نفع اور ضرر کے مالک ہیں یہ تو دنیا میں تمہاری دعوت کی حقیقت ہے اور آخرت میں اس کا کوئی نفع پہنچنے والا نہیں ہے قال صاحب الروح فالمعنی ان ماتدعوننی الیه من الاصنام لیس لهٗ استجابة دعوة لمن یدعوه اصل اولیس له دعوة مستجابة ای لا یدعی دعا یستجیبه لداعیه فالکلام اما علی حذف المضاف او علی حذف الموصوف. (تفسیر روح المعانی کے مصنف لکھتے ہیں مطلب یہ ہے کہ جن بتوں کی طرف تم مجھے بلاتے ہو انہیں جو پکارے وہ اس کی پکار کا جواب ہرگز نہیں دے سکتے یا ان کو پکارنے والے کی کوئی دُعاء مقبول نہیں ہے یعنی کوئی ایسی دعا نہیں جو مانگنے والے کیلئے قبول ہو، یہاں لَیْسَ لَهٗ دَعْوَةٌ میں یا تو مضاف محذوف ہے یا موصوف محذوف ہے۔)

وَاَنَّ مَرَدَّنَآ اِلَى اللّٰهِ (مردمؤمن نے مزید کہا ہم سب کا لوٹنا اللہ کی طرف ہے وَاَنَّ الْمُسْرِفِیْنَ هُمْ اَصْحٰبُ النَّارِ (اور بلاشبہ حد سے آگے بڑھنے والے ہی دوزخی ہوں گے) اس میں ترکیب سے یہ بتادیا کہ تم لوگ مسرف ہو حد سے آگے بڑھنے والے ہو، ایمان قبول کرو تا کہ آگ کے عذاب سے بچ سکو۔

فَسَتَذْكُرُوْنَ مَآ اَقُوْلُ لَكُمْ (سو تم عنقریب جان لوگے جو میں تم سے کہتا ہوں) وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَى اللّٰهِ (اور میں اپنا معاملہ اللہ کے سپرد کرتا ہوں) اگر تم نے مجھے تکلیف دینے کا ارادہ کیا تو میں اللہ تعالیٰ سے اُمید کرتا ہوں کہ وہ میری حفاظت فرمائے گا۔

مردِمؤمن کا قوم کا شرارتوں سے محفوظ ہوجانا اور قوم فرعون کا برباد ہونا .... یہاں تک مردمؤمن کا کلام تھا آگے اللہ تعالیٰ جل شانہ نے اس کی حفاظت کا اور آل فرعون کے مبتلائے عذاب ہونے کا تذکرہ فرمایا۔ ارشاد فرمایا فَوَقٰىهُ اللّٰهُ سَیِّاٰتِ مَا مَكَرُوْا (سو اللہ نے اس کو ان لوگوں کے مکر اور تدبیر کی مصیبتوں سے محفوظ فرمایا وَحَاقَ بِاٰلِ فِرْعَوْنَ سُوْٓءُ الْعَذَابِ اور فرعون اور آل فرعون پر برا عذاب نازل ہوگیا یہ لوگ دریا میں غرق ہوئے اور ڈوب مرے اور حَاقَ بِاٰلِ فِرْعَوْنَ سے اسی غرق کو مراد لیا جائے تو

سیاق کلام سے بعید نہیں ہے گو صاحب روح المعانی نے یہ بھی لکھا ہے کہ جب مرد مؤمن کو قتل کرنے کا فرعون نے منصوبہ بنایا (جن کا مؤمن ہونا بعد میں ظاہر ہو گیا تھا) وہ ایک پہاڑ کی طرف چلے گئے ان کے پیچھے فرعون نے ہزار آدمی بھیج دیئے ان آدمیوں نے انہیں نماز پڑھتے ہوئے پایا اللہ تعالیٰ نے ان کی حفاظت فرمائی اور ان لوگوں کو درندے کھا گئے اور ان میں سے بعض پہاڑ میں پیاسے مر گئے اور بعض لوگ فرعون کے پاس واپس آ گئے اس نے ان کو یہ کہہ کر قتل کر دیا کہ تم قصداً اس شخص کو لے کر نہیں آئے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

آخر میں فرمایا اَلنَّارُ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا غُدُوًّا وَّعَشِيًّا (یہ لوگ صبح و شام آگ پر پیش کئے جاتے ہیں) اس پیش کرنے میں ان کی سزا بھی ہے آگ پر پیش کئے جاتے ہیں تو اس کی لپٹ پہنچتی ہے اور انہیں یہ بھی بتایا جاتا ہے کہ تمہیں اسی میں داخل ہونا ہے یہ تو برزخ کا معاملہ ہوا اور قیامت کے دن انہیں اصلی دوزخ میں داخل کیا جائے گا۔ ارشاد فرمایا وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ اَدْخِلُوْٓا اٰلَ فِرْعَوْنَ اَشَدَّ الْعَذَابِ اور جس دن قیامت قائم ہوگی فرشتوں سے کہا جائے گا کہ آلِ فرعون کو سخت ترین عذاب میں داخل کرو۔

عذابِ قبر کا تذکرہ .... کافروں اور فاسقوں کے لئے عذاب قبر میں مبتلا ہونا احادیث شریفہ سے ثابت ہے حضرات مفسرین نے فرمایا ہے کہ آیت کریمہ اَلنَّارُ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا غُدُوًّا وَّ عَشِيًّا اور دوسری آیت مِمَّا خَطِيْٓئٰتِهِمْ اُغْرِقُوْا فَاُدْخِلُوْا نَارًا اس سے برزخ کا عذاب ثابت ہوتا ہے۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تم میں سے جب کوئی شخص مرجاتا ہے تو صبح و شام اس پر اس کا ٹھکانا پیش کیا جاتا ہے اگر اہل جنت میں سے ہوتا ہے تو جنت کا ٹھکانہ پیش کیا جاتا ہے۔ اگر اہل دوزخ میں سے ہے تو دوزخ کا ٹھکانہ پیش کیا جاتا ہے ہر ایک کا ٹھکانہ پیش کر کے کہا جاتا ہے کہ یہ تیرا اصلی ٹھکانہ ہے جب تک کہ اللہ تجھے قیامت کے دن اس میں داخل کرنے کے لئے نہ اُٹھائے (اس وقت تک یہاں رہنا ہے)۔ (مشکوٰۃ المصابیح ٢٥ عن الصحیحین)

وَاِذْ يَتَحَآجُّوْنَ فِي النَّارِ فَيَقُوْلُ الضُّعَفٰٓؤُا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُنَّا لَكُمْ

اور اس وقت کو یاد کرو جبکہ کافر لوگ دوزخ میں ایک دوسرے سے جھگڑا کریں گے سو جو لوگ کمزور تھے وہ ان لوگوں سے کہیں گے جو بڑے بنے ہوئے تھے بیشک ہم تمہارے

تَبَعًا فَهَلْ اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ عَنَّا نَصِيْبًا مِّنَ النَّارِ ۝٤٧ قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُلٌّ فِيْهَآ ۙ اِنَّ اللّٰهَ

تابع تھے تو کیا تم ہم سے آگ کا کوئی حصہ ہٹا سکتے ہو؟ جو لوگ بڑے تھے وہ کہیں گے کہ بیشک ہم سب دوزخ میں ہیں بیشک اللہ

قَدْ حَكَمَ بَيْنَ الْعِبَادِ ۝٤٨ وَقَالَ الَّذِيْنَ فِي النَّارِ لِخَزَنَةِ جَهَنَّمَ ادْعُوْا رَبَّكُمْ

نے بندوں کے درمیان فیصلہ فرما دیا۔ اور جو لوگ دوزخ میں ہوں گے وہ دوزخ کے دار و غاؤں سے کہیں گے کہ تم اپنے رب سے دعا کر دو وہ ہم

يُخَفِّفْ عَنَّا يَوْمًا مِّنَ الْعَذَابِ ۝٤٩ قَالُوْٓا اَوَلَمْ تَكُ تَاْتِيْكُمْ رُسُلُكُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۭ

سے ایک دن عذاب کا کچھ حصہ ہلکا کر دے، وہ جواب دیں گے کیا تمہارے پاس تمہارے رسول کھلے ہوئے دلائل لیکر نہیں آئے تھے وہ لوگ کہیں گے کہ

قَالُوْا بَلٰى ۭ قَالُوْا فَادْعُوْا ۚ وَمَا دُعٰٓؤُا الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ۝٥٠

ہاں آئے تو تھے اس پر دار وغہائے دوزخ جواب دیں گے کہ پھر تو تم ہی دعا کر لو اور کافروں کی دعا محض بے اثر ہے۔

ع ١٤ / ١٠

دوزخیوں کا آپس میں جھگڑنا چھوٹوں کا بڑوں پر الزام دھرنا

دوزخی لوگ آپس میں جھگڑے بازی کریں گے جو لوگ چھوٹے تھے دنیا میں خوب بڑھ چڑھ کر اپنے بڑوں کی بات مانتے تھے اور ان کے کہنے سے حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام سے اور ان کے متبعین سے لڑتے تھے اور انکی تکذیب کرتے تھے اور دوسروں کو بھی ایمان قبول کرنے سے روکتے تھے، جب قیامت کے دن حاضر ہوں گے تو بڑے چھوٹے سب آپس میں ایک دوسرے کے دشمن ہو جائیں گے اور دوزخ میں داخل ہو جائیں گے تو یہی اتباع یعنی چھوٹے لوگ جو دنیا میں سرداروں اور لیڈروں کے کہنے اور پھکی دینے سے حق اور اہل حق سے دشمنی کرتے تھے اپنے بڑوں سے کہیں گے کہ دنیا میں ہم نے تمہاری بات مانی اب تم یہاں ہمیں کچھ فائدہ پہنچا دو۔ بالکل تو دوزخ سے کیا نکلوا سکتے آگ کا تھوڑا سا عذاب ہی ہٹوا دو، ان کے بڑے جواب میں کہیں گے کہ بلا شبہ ہمیں اور تم کو اسی میں رہنا ہے اس میں شک نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے بندوں کے درمیان فیصلہ فرما دیا ہے یہاں سے نکلنے کا کوئی راستہ نہیں تم بھی یہیں رہو گے اور ہم بھی یہیں رہیں گے جب یہاں رہنا ہے تو یہاں کے قانون کے مطابق رہنا ہوگا۔ (اور قانون یہ ہے کہ کوئی دوزخی کسی کی کچھ مدد نہیں کر سکتا) سورۂ ابراہیم میں بھی یہ مضمون مذکورہ ہے کہ چھوٹے وہاں اپنے بڑوں سے یہ بات کہیں گے اور وہ اس کا یہ جواب دیں گے لَوْ هَدٰىنَا اللّٰهُ لَهَدَيْنٰكُمْ. (اگر اللہ ہم کو کوئی راہ بتاتا تو ہم بھی تم کو وہ راہ بتا دیتے) سَوَآءٌ عَلَيْنَآ اَجَزِعْنَآ اَمْ صَبَرْنَا مَا لَنَا مِنْ مَّحِيْصٍ (ہمارے حق میں برابر ہے ہم پریشانی کا اظہار کریں یا صبر کریں ہمارے چھٹکارہ کا کوئی راستہ نہیں)۔

دوزخیوں کا فرشتوں سے تخفیف عذاب کے لئے عرض و معروض کرنا .... دوزخی عذاب ہلکا کروانے کے لئے دوزخ پر مقررہ فرشتوں سے بھی عرض معروض کرینگے اور ان سے کہیں گے کہ تم اپنے رب سے دعا کر دو کہ وہ ایک ہی دن ہمارا عذاب ہلکا کر دے وہ سوال کریں گے کہ یہاں تمہارے آنے کا جو سبب بنا ہے وہ کیا ہے؟ تم جانتے ہو کہ تمہارے رب نے تمہارے پاس اپنے رسول بھیجے تھے انہوں نے ایمان کی دعوت دی تھی وہ جب تمہارے پاس آئے تم نے ان کو جھٹلایا اور ان کی بات نہ مانی بولو۔ کیا یہ بات ٹھیک ہے؟ اس پر وہ لوگ جواب دیں گے کہ ہاں واقعی یہ بات صحیح ہے داروغہائے دوزخ کہیں گے کہ ہم ایسے لوگوں کے لئے کچھ بھی سفارش نہیں کر سکتے تم ہی دعا کر لو، وہاں انکا دعا کرنا بیکار ہوگا ان کی دعا ضائع ہوگی کافروں کی کوئی دعا وہاں قبول نہیں ہو سکتی۔

اِنَّا لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيَوْمَ يَقُوْمُ الْاَشْهَادُ ﴿۵۱﴾ يَوْمَ لَا

بلا شبہ ہم اپنے رسولوں کی اور ان لوگوں کی جو ایمان لائے دنیا والی زندگی میں مدد کرتے ہیں اور جس دن گواہی دینے والے کھڑے ہوں گے جس دن

يَنْفَعُ الظّٰلِمِيْنَ مَعْذِرَتُهُمْ وَلَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ ﴿۵۲﴾

ظالموں کو ان کی معذرت کام نہ دے گی اور ان کے لئے لعنت ہے اور ان کے لئے برے گھر میں رہنا ہے۔

اللہ تعالیٰ کا اپنے رسولوں اور اہل ایمان سے نصرت کا وعدہ فرمانا اور ظالمین کے ملعون ہونے کا اعلان فرمانا

یہ دو آیتوں کا ترجمہ ہے ان میں دو باتیں بتائی ہیں اوّل یہ کہ ہم اپنے رسولوں کی اور ایمان والوں کی دنیا والی زندگی میں مدد کرتے ہیں (مدد تو ہوتی ہے لیکن بعض مرتبہ دیر لگ جاتی ہے اور اس دیر لگنے میں بڑی حکمتیں ہوتی ہیں انہیں حکمتوں میں سے ایک یہ بھی ہے کہ کافروں

کو مہلت دی جاتی ہے جوان کے حق میں استدراج ہوتا ہے اور اسی استدراج کی وجہ سے اور زیادہ بڑھ چڑھ کر شرارت اور بغاوت کرتے ہیں پھر دنیا میں ان سے انتقام لے لیا جاتا ہے)۔

وَيَوْمَ يَقُوْمُ الْاَشْهَادُ اور ہم اس دن بھی رسولوں اور ایمان والوں کی مدد کریں گے جس دن گواہ کھڑے ہوں گے یعنی فرشتے گواہی دیں گے کہ رسولوں نے تبلیغ کی اور کافروں نے جھٹلایا۔

دوسری بات یہ واضح فرمائی کہ قیامت کے دن ظالموں کو انکی عذر خواہی نفع نہ دے گی وہ دنیا میں بھی مستحق لعنت ہیں اور آخرت میں بھی ملعون ہوں گے۔ اور جو انہیں رہنے کا گھر ملے گا وہ برا گھر ہوگا یعنی دوزخ میں جائیں گے۔ جو آگ والا گھر ہے۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْهُدٰى وَاَوْرَثْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْكِتٰبَ ﴿٥٣﴾ هُدًى وَّ ذِكْرٰى لِاُولِى الْاَلْبَابِ ﴿٥٤﴾

اور یہ واقعی بات ہے کہ ہم نے موسیٰ کو ہدایت دی اور بنی اسرائیل کو کتاب کا وارث بنایا۔ یہ کتاب ہدایت اور نصیحت تھی عقل والوں کے لئے۔

فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَ سَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ بِالْعَشِيِّ وَ الْاِبْكَارِ ﴿٥٥﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

سو آپ صبر کیجئے بلاشبہ اللہ کا وعدہ حق ہے، اور اپنے گناہ کے لئے استغفار کیجئے اور صبح و شام اپنے رب کی تسبیح بیان کیجئے جو حمد کے ساتھ ہو، بلاشبہ جو لوگ

يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ بِغَيْرِ سُلْطٰنٍ اَتٰىهُمْ ۙ اِنْ فِيْ صُدُوْرِهِمْ اِلَّا كِبْرٌ مَّا هُمْ بِبَالِغِيْهِ ۚ

اللہ کی آیات کے بارے میں جھگڑا کرتے ہیں بغیر دلیل کے جوان کے پاس آئی ہو ان کے سینوں میں تکبر ہی ہے وہ کبھی بھی اس تک پہنچنے والے نہیں ہیں

فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ﴿٥٦﴾

سو آپ اللہ سے پناہ طلب کیجئے بلاشبہ وہ سننے والا دیکھنے والا ہے۔

صبر کرنے اور استغفار کرنے اور تسبیح و تحمید میں مشغول رہنے کا حکم

ان آیات میں اول تو حضرت موسیٰ علیہ السلام اور ان کی قوم بنی اسرائیل کا تذکرہ فرمایا ارشاد فرمایا کہ ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو ہدایت دی اور بنی اسرائیل کو کتاب کا وارث بنایا (یہ کتاب حضرت موسیٰ علیہ السلام ہی کے واسطہ سے انہیں ملی تھی جو سراپا ہدایت تھی) یہ کتاب ہدایت تھی وہ عقل والوں کے لئے نصیحت بھی تھی، انہوں نے (قدر دانی نہ کی حضرت موسیٰ علیہ السلام کو بھی ایذائیں پہنچائیں اور توریت شریف پر بھی عمل نہ کیا) جس طرح موسیٰ علیہ السلام نے صبر کیا آپ بھی صبر کیجئے اور اپنے گناہ کے لئے بھی استغفار کیجئے (اگر صبر میں کمی آجائے تو اس کی استغفار کے ذریعہ تلافی کر دیجئے کیونکہ صبر کی کمی آپ کے شان عالی کے لائق نہیں ہے اس لئے مجازاً اس کو گناہ سے تعبیر فرمایا اور استغفار سے اس کے تدارک کا حکم دیا اور صبح و شام یعنی ہر وقت اللہ تعالیٰ کی تسبیح و تہلیل میں لگے رہئے۔

اللہ کی آیات میں جھگڑا کرنیوالوں کے سینے میں کبر ہے .... پھر فرمایا کہ جو لوگ اللہ کی آیات میں بغیر کسی دلیل کے جھگڑا کرتے ہیں (قرآن کو نہیں مانتے اور آپ کی تکذیب کرتے ہیں ان کے سینوں میں بس تکبر گھسا ہوا ہے وہ اپنے تکبر کی وجہ سے خیال کرتے ہیں کہ ہم غالب ہو جائیں گے، حالانکہ وہ غالب ہونے والے نہیں ہیں آپ اللہ کی پناہ لیجئے بلاشبہ وہ سمیع اور بصیر ہے۔

معالم التنزیل میں لکھا ہے کہ یہ آیت یہودیوں کے بارے میں نازل ہوئی انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ

ہمارا مسیح یعنی دجال آخر زمانے میں نکلے گا اس کے ذریعہ ہمارا ملک واپس مل جائے گا، اس پر اللہ تعالیٰ نے آیت نازل فرمائی کہ ان کے سینوں میں تکبر نے جگہ پکڑ رکھی ہے اور یہ سمجھ رہے ہیں کہ ہم غالب ہو جائیں گے حالانکہ وہ غالب نہیں ہو سکتے، ان کے لئے تو یہ فرمایا کہ وہ جس چیز کا لالچ کر رہے ہیں اس تک نہیں پہنچ سکتے اور آپ کو حکم دیا کہ آپ اللہ کی پناہ لیں اس میں دجال سے پناہ لینا بھی داخل ہے۔

لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَمَا

البتہ آسمانوں کا اور زمین کا پیدا فرمانا لوگوں کے پیدا کرنے سے زیادہ بڑی بات ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے اور برابر

يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۙ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَلَا الْمُسِيْٓءُ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۸﴾

نہیں نابینا اور دیکھنے والا اور وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک عمل کئے برے لوگوں کے برابر نہیں ہیں، لوگ کم نصیحت حاصل کرتے ہیں۔

اِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۹﴾

بلا شبہ قیامت ضرور آنے والی ہے اور لیکن بہت سے لوگ ایمان نہیں لاتے۔

بینا اور نابینا اور مؤمن صالحین اور برے لوگ برابر نہیں ہو سکتے

ان آیات میں قیامت کا آنا ثابت فرمایا ہے اور جو لوگ وقوع قیامت کو مستبعد سمجھتے تھے ان کا استبعاد دور فرمایا، قیامت کا انکار کرنے والے یوں کہتے تھے کہ قبروں سے نکل کر دوبارہ کیسے زندہ ہوں گے یہ ان لوگوں کی ناسمجھی اور بیوقوفی کی بات تھی اللہ جل شانہ نے ارشاد فرمایا کہ دیکھو یہ آسمان اور یہ زمین اتنی بڑی بڑی چیزیں ہم نے پیدا کیں ایک سمجھ دار منصف آدمی غور کرے گا تو اس کی سمجھ میں یہی آئے گا کہ مردہ جسم میں جان ڈالنا خالق ارض وسماء کے لئے ذرا بھی بڑی بات نہیں ہے بات تو سیدھی سادی ہے لیکن بہت سے لوگ نہیں جانتے کہ مردوں میں روح دوبارہ آسکتی ہے، مزید فرمایا کہ نابینا اور دیکھنے والا برابر نہیں ہو سکتے اس کو تو سبھی سمجھتے ہیں، اہل ایمان اور اعمال صالحہ والوں کے مقابلہ میں بدکردار برابر نہیں ہو سکتے جب یہ بات سمجھتے ہو تو یہ بھی سمجھو کہ اچھوں کو اچھا بدلہ ملنا ہے اور بروں کو برا بدلہ ملنا ہے۔ لہٰذا قیامت قائم ہونا ضروری ہے تاکہ ہر ایک اپنے اپنے کئے کا بدلہ پالے حقائق سامنے رکھ دیئے جاتے ہیں لیکن تم لوگ کم نصیحت حاصل کرتے ہو۔ بلا شبہ قیامت ضرور قائم ہوگی اس کے آنے میں ذرا شک نہیں ہے، لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے۔

وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ

اور تمہارے رب نے فرمایا کہ تم مجھے پکارو میں تمہاری دعا قبول کروں گا، بلا شبہ جو لوگ میری عبادت سے تکبر کرتے ہیں عنقریب بحالت ذلت

جَهَنَّمَ دٰخِرِيْنَ ﴿۶۰﴾

جہنم میں داخل ہوں گے۔

ع

اللہ تعالیٰ کی طرف سے دعا کرنے کا حکم اور قبول فرمانے کا وعدہ

اس آیت کریمہ میں حکم فرمایا ہے کہ تم مجھے پکارو میں تمہاری دعا قبول کروں گا، یہ اللہ تعالیٰ شانہ کا بہت بڑا انعام اور احسان ہے کہ بندوں کو اپنی ذات عالی سے مانگنے کی اجازت دیدی اور پھر قبول کرنے کا وعدہ بھی فرمالیا۔ دعا مانگنے میں جو کیف ہے اسے وہی بندے جانتے ہیں جو دعا کے طریقہ پر دعا کرتے ہیں دعا سراپا عبادت ہے جیسا کہ آیت کے ختم پر فرمایا اِنَّ الَّذِیْنَ یَسْتَکْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِیْ سَیَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دَاخِرِیْنَ ط (بیشک جو لوگ میری عبادت سے تکبر کرتے ہیں یعنی دعا سے منہ موڑتے ہیں وہ عنقریب ذلیل ہونے کی حالت میں جہنم میں داخل ہوں گے)۔

دُعا کی ضرورت اور فضیلت.......... حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ **الدعاء مخ العبادة** (مشکوٰۃ المصابیح ۱۹۴) (کہ دعا عبادت کا مغز ہے) چھلکے کے اندر جو اصل چیز ہوتی ہے اسے مغز کہتے ہیں۔ اور اسی مغز کے دام ہوتے ہیں۔ اگر بادام کو پھوڑو تو اس میں سے گری نکلتی ہے اور اسی گری کی اصل قیمت ہوتی ہے اگر چھلکوں کے اندر گری نہ ہو تو بادام بے دام ہو جاتے ہیں۔ عبادتیں بہت سی ہیں اور دعا بھی ایک عبادت ہے لیکن یہ ایک بہت بڑی عبادت ہے عبادت ہی نہیں عبادت کا مغز ہے اور اصل عبادت ہے عبادت کی حقیقت یہ ہے کہ اللہ جل شانہ کے حضور میں بندہ اپنی عاجزی اور ذلت پیش کرے اور خشوع وخضوع یعنی ظاہر اور باطن کے جھکاؤ کے ساتھ بارگاہ بے نیاز میں پوری نیازمندی کے ساتھ حاضر ہو اور چونکہ یہ عاجزی والی حضوری دعا میں سب عبادتوں سے زیادہ پائی جاتی ہے اس لئے دعا، کو عین عبادت اور عبادت کو مغز فرمایا دعا کرتے وقت بندہ اپنی عاجزی اور حاجت مندی کا اقرار کرتا ہے اور سراپا نیاز ہو کر بارگاہ خداوندی میں اپنی حاجت پیش کر کے للچاتا اور للکارتا ہے اور یقین رکھتا ہے کہ صرف اللہ ہی دینے والا ہے وہ داتا ہے اس کے سوا کوئی دینے والا نہیں ہے وہ قادر ہے کریم ہے، جتنا چاہے دے سکتا ہے اس کو کوئی روکنے والا نہیں ہے وہ بے نیاز ہے اس کو کسی چیز کی حاجت نہیں ہے اور مخلوق سراسر عاجز اور محتاج ہے جب اپنے اس یقین کے ساتھ قادر وقیوم کی بارگاہ میں ہاتھ پھیلا کر سوال کرتا ہے تو اس کا یہ شغل سراپا عبادت بن جاتا ہے اور یہ دعا اللہ تعالیٰ کی خوشنودی اور رضامندی سبب بن جاتی ہے۔ اس کے برعکس جو شخص دعا سے گریز کرتا ہے اور اپنی حاجت مندی کے اقرار کو خلاف شان سمجھتا ہے چونکہ اس کے اس طرز عمل میں تکبر ہے اور اپنی بے نیازی کا دعویٰ ہے اس لئے اللہ جل شانہ اس سے ناراض ہو جاتے ہیں۔

چونکہ دعا ہی عبادت ہے اس لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا **لیس شیء اکرم علی اللّٰہ من الدعاء** (کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک دعا سے بڑھ کر کوئی چیز بزرگ اور برتر نہیں ہے۔ (مشکوٰۃ المصابیح ۱۹۴ عن الترمذی)

اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا ہے **من لم یسئل اللّٰہ یغضب علیه**. (مشکوٰۃ المصابیح ۱۹۵) (جو شخص اللہ سے سوال نہیں کرتا اللہ اس سے ناراض ہو جاتا ہے)۔

انسان اپنی بھلائی اور بہتری کے لئے جتنی تدبیریں کرتا ہے اور دکھ تکلیف اور نقصان اور ضرر سے بچنے کے لئے جتنے طریقے سوچتا ہے ان میں سب سے زیادہ کامیاب اور آسان اور مؤثر طریقہ دعا کرنا ہے نہ ہاتھ پاؤں کی محنت نہ مال کا خرچہ بس دل کو حاضر کر کے دعا کر لی جائے غریب امیر، بیمار اور صحت مند مسافر اور مقیم بوڑھا اور جوان مرد ہو یا عورت مجمع ہو یا تنہائی ہر شخص دعا کر سکتا ہے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ **لا تعجزوا فی الدعاء فانه لن یهلک مع الدعاء احد** ط (الترغیب والترهیب للحافظ المنذری) (دعا کے بارے میں عاجز نہ بنو کیونکہ دعا کے

ساتھ ہوتے ہوئے ہرگز کوئی شخص ہلاک نہ ہوگا)۔

جو لوگ دعا سے غافل ہوتے ہیں گویا اپنے کو اللہ تعالیٰ کا محتاج نہیں سمجھتے اور ان سے بڑھ کر وہ لوگ ہیں جن کے دلوں میں خناس گھسا ہوا ہے وہ دعا کرنے کو اپنی شان کے خلاف سمجھتے ہیں ایسے لوگوں کے بارے میں آیت بالا میں فرمایا کہ جو لوگ میری عبادت سے یعنی مجھ سے دعا کرنے میں اپنی ذلت محسوس کرتے ہیں۔ اور دعا نہ کرنے میں اپنی شان سمجھتے ہیں۔ ایسے لوگ ذلت کی حالت میں جہنم میں داخل ہوں گے لوگوں کا طریقہ یہ رہ گیا ہے کہ دنیاوی اسباب ہی کو سب کچھ سمجھتے ہیں اگر دعا کرتے بھی ہیں تو بس ذرا نام کو ہاتھ اٹھا لیتے ہیں۔ نہ دل حاضر نہ آداب دعا کا خیال، ہاتھ اٹھائے اور منہ پر پھیر لئے یہ بھی پتہ نہیں کہ زبان سے کیا کلمات نکلے اور کیا دعا مانگی۔ فضائل دعا کے بارے میں ہم نے مستقل کتاب لکھ دی ہے اس کا مطالعہ کر لیا جائے۔

اَللّٰهُ الَّذِىْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ

اللہ وہی ہے جس نے رات کو پیدا فرمایا تاکہ تم اس میں آرام کرو اور دن کو ایسی چیز بنائی جس میں دیکھتے بھالتے ہیں، بلاشبہ اللہ لوگوں پر فضل فرمانے والا ہے اور لیکن اکثر

اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ ۝ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ خَالِقُ كُلِّ شَىْءٍ ۘ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ۝

لوگ شکر ادا نہیں کرتے یہ اللہ ہے تمہارا رب ہے ہر چیز کا پیدا فرمانے والا ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں سو تم کہاں اُلٹ کر جا رہے ہو،

كَذٰلِكَ يُؤْفَكُ الَّذِيْنَ كَانُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ۝ اَللّٰهُ الَّذِىْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ قَرَارًا وَّالسَّمَآءَ

اسی طرح الٹے چلائے جاتے ہیں وہ لوگ جو ہماری آیات کا انکار کرتے ہیں۔ اللہ وہ ہے جس نے زمین کو تمہارے لئے ٹھہری ہوئی چیز بنا دیا اور آسمان کو

بِنَآءً وَّصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚۖ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

چھت بنا دیا اور تمہاری صورتیں بنائیں سو تمہاری اچھی صورتیں بنا دیں اور تمہیں پاکیزہ چیزوں سے رزق دیا، یہ اللہ ہے تمہارا رب ہے۔ سو بابرکت ہے اللہ جو رب العلمین ہے

هُوَ الْحَىُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

وہ زندہ ہے کوئی معبود نہیں اس کے سوا تم اسے پکارو اس طرح سے کہ خالص اس کی فرمانبرداری کرنے والے ہو۔ سب تعریف ہے اللہ کے لئے جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے۔

وقف لازم

اللہ تعالیٰ ہر چیز کا خالق ہے، لیل و نہار ارض و سماء اُسی نے پیدا فرمائے

ان آیات میں اللہ تعالیٰ کے انعامات کبیرہ اور اللہ تعالیٰ کی صفات جلیلہ بیان فرمائیں ارشاد فرمایا کہ دیکھو اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے رات دن بنائے رات میں آرام کرتے ہوں سکون اور چین سے رہتے ہو اور دن کو ایسی چیز بنا دی جس میں دیکھتے بھالتے ہو آتے جاتے ہو رزق تلاش کرتے ہو رات اور دن دونوں اس کی بڑی نعمتیں ہیں لوگوں پر اللہ تعالیٰ کا بڑا فضل ہے لیکن اکثر لوگ شکر ادا نہیں کرتے۔

اس کے بعد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ تمہارا رب ہے وہ ہر چیز کو پیدا فرمانے والا ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے ان باتوں کا تقاضا ہے کہ تم اسی کی طرف متوجہ ہو اسی کی عبادت کرو۔ اس کو چھوڑ کر کدھر جا رہے ہو تمہارا کدھر کو رخ ہے معبود برحق کی طرف سے ہٹ کر تمہارا رخ کدھر کو ہے اس کے بعد یہ بتایا کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت سے وہ لوگ ہٹا دیئے جاتے ہیں جو اللہ تعالیٰ کی آیات کا انکار کرتے ہیں۔ یہ اس کی آیات کا انکار کرنا اس بات کا ذریعہ بن جاتا ہے کہ شیاطین الانس والجن ان کو حق سے ہٹا کر دوسری طرف لے جاتے ہیں۔

پھر اللہ تعالیٰ کی مزید چند نعمتوں کا ذکر فرمایا اول یہ کہ اللہ نے تمہارے لئے زمین بنائی جس پر آرام سے رہتے سہتے ہو وہ ہلتی جلتی نہیں اور اس نے آسمان کو تمہارے لئے ایک چھت بنا دیا اُوپر دیکھتے ہو تو دل خوش ہوتا ہے اور فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہاری صورتیں بنائیں اور اچھی صورتیں بنائیں پھر مزید یہ کرم فرمایا کہ پاکیزہ عمدہ چیزیں عطا فرمائیں جو کھانے کی چیزیں بھی ہیں اور پہننے کی بھی ہیں اور دوسرے مواقع پر بھی استعمال ہوتی ہیں جس نے تمہیں ان چیزوں سے نوازا یہ اللہ ہے تمہارا رب ہے بابرکت ہے رب العٰلمین ہے وہ زندہ ہے اس کی حیات ذاتی ہے حقیقی ہے ازلی ہے ابدی ہے ان باتوں کو سمجھو اور یقین کرو کہ اس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے لہٰذا اسی کو پکارو اسی سے مانگو اسی کی عبادت کرو اور کہ عبادت اور طاعت خالص اسی کے لئے ہو آخر میں فرمایا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ (سب تعریف اللہ ہی کے لئے ہے جو سارے جہانوں کا پروردگار ہے)۔

قُلْ اِنِّیْ نُهِیْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِیْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَمَّا جَآءَنِیَ الْبَیِّنٰتُ مِنْ رَّبِّیْ ز وَ اُمِرْتُ

آپ فرما دیجئے بلاشبہ میں اس سے منع کیا گیا ہوں کہ انکی عبادت کروں جن کی اللہ کو چھوڑ کر تم عبادت کرتے ہو جبکہ میرے رب کے طرف سے میرے پاس واضح نشانیاں آچکی ہیں اور مجھے

اَنْ اُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ هُوَ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ

حکم دیا گیا ہے کہ میں رب العلمین ہی کا فرمانبردار بنوں۔ اللہ وہ ہے جس نے تمہیں مٹی سے پھر نطفہ سے پھر جمے ہوئے خون سے پیدا فرمایا پھر تمہیں اس حالت

ثُمَّ یُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ ثُمَّ لِتَكُوْنُوْا شُیُوْخًا ج وَ مِنْكُمْ مَّنْ یُّتَوَفّٰی مِنْ قَبْلُ

میں نکالتا ہے کہ تم بچے ہوتے ہو پھر تا کہ تم اپنی طاقت کو پہنچ جاؤ پھر تا کہ تم بوڑھے ہو جاؤ اور تم میں سے بعض کو اس سے پہلے اٹھا لیتا ہے

وَ لِتَبْلُغُوْٓا اَجَلًا مُّسَمًّی وَّ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝ هُوَ الَّذِیْ یُحْیٖ وَ یُمِیْتُ ج فَاِذَا قَضٰٓی اَمْرًا فَاِنَّمَا

اور تا کہ تم اجل مسمی کو پہنچ جاؤ اور تا کہ تم سمجھ حاصل کرو، اللہ وہی ہے جو زندہ فرماتا ہے اور موت دیتا ہے پھر جب وہ کسی حکم کا فیصلہ فرماتا ہے

یَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَیَكُوْنُ ۝

تو یہی فرما دیتا ہے کہ ہو جا لہٰذا وہ ہو جاتا ہے۔

ع ٨

میں تمہارے معبودوں کی عبادت نہیں کر سکتا مجھے حکم ہوا ہے کہ رب العالمین کی فرمانبرداری کروں

یہ تین آیات کا ترجمہ ہے پہلی آیت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم فرمایا کہ آپ مشرکین سے فرما دیں کہ میرے پاس میرے رب کی طرف سے واضح دلائل آچکے ہیں میں تو صرف اللہ جل مجدہٗ ہی کی عبادت کروں گا تم اللہ تعالیٰ جل شانہ کو چھوڑ کر جو غیروں کی عبادت کرتے ہو میں تمہارا ساتھ نہیں دے سکتا مجھے اس سے منع کیا گیا ہے کہ میں شرک اختیار کروں مجھے تو یہ حکم دیا گیا ہے کہ رب العلمین جل مجدہ کی خالص فرمانبرداری کروں (یہ اعلان کر کے مشرکین کو یہ بتا دیا کہ تم جو یہ امید لئے بیٹھے ہو کہ میں اپنی توحید کی دعوت کو چھوڑ دوں گا یا تمہاری طرف کچھ جھک جاؤں گا یہ تمہارا جھوٹا خیال ہے)۔

دوسری آیت میں انسان کی تخلیق کے مختلف ادوار بتائے اول تو یہ فرمایا کہ اللہ نے تمہیں مٹی سے پیدا (فرمایا یعنی انسان کی ابتدائی

تخلیق مٹی سے ہے سب سے پہلے انسان حضرت آدم علیہ السلام کو مٹی سے پیدا فرمادیا اس طرح سے ان کی پوری نسل کی اصل مٹی ہوگئی اور حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق کے بعد ان کی نسل کی پیدائش کا اللہ تعالیٰ نے یوں سلسلہ چلایا کہ ہر فرد مرد کے نطفہ سے پیدا ہوتا ہے مرد کا نطفہ عورت کے رحم میں جاتا ہے کچھ عرصے کے بعد یہ نطفہ علقہ یعنی جما ہوا خون بن جاتا ہے پھر یہ جما ہوا خون چبانے کے قابل ایک گوشت کا ٹکڑا بن جاتا ہے پھر اللہ تعالیٰ وہیں رحم مادر میں اس کی صورت بنا دیتا ہے اور وہیں پر ہڈیاں بنا دیتا ہے پھر اللہ تعالیٰ ہڈیوں پر گوشت چڑھا دیتا ہے پھر اس میں روح پھونک دی جاتی ہے پھر اللہ تعالیٰ کی مشیت کے مطابق وہ باہر آجاتا ہے۔ تو اس وقت طفل ہوتا ہے اس شان طفولیت سے ہر بچہ گزرتا ہے اس تفصیل کو ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ يُخْرِجُكُمْ طِفْلاً میں بیان فرمایا ہے۔

انسان کی تخلیق اور اُسکی زندگی کے مختلف اَطوار و اَدوار............اس تفصیل اور تفسیر کو بیان کرتے ہوئے سورۃ الحج کے پہلے رکوع اور سورۃ المؤمنون کے پہلے رکوع کو سامنے رکھا گیا ان دونوں جگہ اجمال کی تفصیل ہے اس کے بعد زندگی کے مزید ادوار بیان فرمائے، اولاً ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ فرمایا ای ثـم یبـقیکم لتبلغوا اشد کم یعنی اللہ نے تمہیں حالت طفلی میں پیدا فرمایا پھر تم کو اتنی زندگی دی کہ طاقت کے زمانہ یعنی جوانی کے زمانہ کو پہنچ گئے جسمانی قوت بھی دی سمجھ بھی دی عقل بھی عنایت فرمائی اور قوت گویائی بھی عطا فرمائی ثُمَّ لِتَكُوْنُوْا شُيُوْخاً پھر تمہاری جوانی آگے بڑھتی رہی بڑھاپا قریب آتا چلا گیا حتیٰ کہ تم بوڑھے ہوگئے۔

پھر یہ ضروری نہیں کہ ہر شخص جوان ہو یا ہر شخص بوڑھا ہو اللہ تعالیٰ بعض کو پہلے ہی اُٹھا لیتا ہے بہت سے لوگ بڑھاپا پانے سے پہلے بلکہ جوانی آنے سے پہلے ہی اس دنیا سے اٹھا لئے جاتے ہیں اور موت ان کا صفایا کر دیتی ہے اس کو وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى مِنْ قَبْلُ میں بیان فرمایا۔

پھر فرمایا وَلِتَبْلُغُوْٓا اَجَلاً مُّسَمًّى یعنی مختلف ادوار سے گزرتے ہوئے آخر میں سب کو مقررہ اجل یعنی قیامت کے دن تک پہنچنا ہے یعنی اس دن حاضر ہونا ہے وہاں سب کی حاضری ہوگی اور جو زندگی دی گئی تھی اس میں جو اعمال کئے ان کا محاسبہ ہوگا۔

وَلَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ اور تاکہ تم سمجھ لو کہ مختلف ادوار سے جو گزرتے ہو یہ کیوں گزارے جا رہے ہیں اور اس میں حکمتوں اور عبرتوں کی کیا کیا باتیں ہیں۔

تیسری آیت میں یہ بتایا کہ اللہ ہی موت دیتا ہے اور وہی زندہ فرماتا ہے اور اس کے حکم کو کوئی روکنے والا نہیں ہے جب کسی چیز کو وجود میں لانا ہو تو اس کا کُنْ (ہوجا) فرمادینا ہی کافی ہے اس کا حکم ہوا اور چیز وجود میں آئی فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ جو فرمایا اس میں یہ بتایا کہ اللہ تعالیٰ کسی چیز کے پیدا فرمانے میں اسباب اور آلات کا محتاج نہیں ہے کسی چیز کو وجود میں لانے کے لئے اس کا ارادہ ہی کافی ہے مزید توضیح کے لئے انوار البیان ۱۹۵ ج ا کا مطالعہ کیا جائے۔

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ ؕ اَنّٰى يُصْرَفُوْنَ ﴿۶۹﴾ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِالْكِتٰبِ وَبِمَآ

اے مخاطب کیا تو نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو اللہ کی آیات میں جھگڑا کرتے ہیں کہاں اُلٹے پھرے جارہے ہیں۔ وہ لوگ جنہوں نے اس کتاب کو جھٹلایا اور اس

اَرْسَلْنَا بِهٖ رُسُلَنَا ﳝ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۷۰﴾ اِذِ الْاَغْلٰلُ فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ وَالسَّلٰسِلُ ؕ يُسْحَبُوْنَ ﴿۷۱﴾ فِي

چیز کو جھٹلایا جس کو ہم نے رسولوں کے واسطہ سے بھیجا سو عنقریب وہ لوگ جان لیں گے۔ جبکہ ان کی گردنوں میں طوق ہوں گے اور زنجیریں ہوں گی وہ گھسیٹے جائیں گے۔ گرم پانی

معانقة ۱۳

الْحَمِيْمِ ۙ ثُمَّ فِي النَّارِ يُسْجَرُوْنَ ۚ ثُمَّ قِيْلَ لَهُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ۙ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ

میں پھر ان کو دوزخ میں جھونک دیا جائے گا۔ پھر ان سے کہا جائے گا کہ وہ معبود غیر اللہ کہاں گئے جنہیں تم شریک بناتے تھے وہ جواب دیں گے

قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا بَلْ لَّمْ نَكُنْ نَّدْعُوْا مِنْ قَبْلُ شَيْئًا ؕ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ الْكٰفِرِيْنَ ۝ ذٰلِكُمْ

کہ وہ تو ہم سے غائب ہو گئے بلکہ ہم تو اس سے پہلے کسی چیز کی عبادت کرتے ہی نہ تھے اللہ تعالیٰ اسی طرح کافروں کو گمراہ فرماتا ہے یہ اس وجہ سے

بِمَا كُنْتُمْ تَفْرَحُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَمْرَحُوْنَ ۚ اُدْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ

کہ تم زمین میں ناحق اتراتے تھے اور اس وجہ سے کہ تم اکڑ مکڑ کرتے تھے۔ داخل ہو جاؤ جہنم کے دروازوں میں اس میں ہمیشہ

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ۝ فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ۚ فَاِمَّا نُرِيَنَّكَ

رہو گے سو برا ٹھکانہ ہے تکبر کرنے والوں کا، سو آپ صبر کیجئے بیشک اللہ کا وعدہ حق ہے سو اگر ہم آپ کو اس میں سے بعض چیزیں دکھا دیں

بَعْضَ الَّذِيْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِلَيْنَا يُرْجَعُوْنَ ۝

جس کے بارے میں ہم نے انہیں پہلے سے بتا دیا ہے یا ہم آپ کو وفات دے دیں تو ہماری ہی طرف سب لوٹائے جائیں گے۔

دوزخیوں کا طوقوں اور زنجیروں میں گھسیٹا جانا دوزخ میں داخل ہونا اور ان سے یہ سوال ہونا کہ تمہارے باطل معبود کہاں ہیں؟

اوپر چند آیات کا ترجمہ ذکر کیا گیا ہے اَوّلاً اُن لوگوں کی وعید ذکر فرمائی جو اللہ تعالیٰ کی آیات میں جھگڑے بازی کرتے ہیں اور جو اللہ کی کتاب کو اور اللہ کے پیغام کو جھٹلاتے ہیں ان کے بارے میں فرمایا کہ یہ لوگ عنقریب اپنی سزا کو جان لیں گے جبکہ ان کی گردنوں میں طوق ہوں گے اور زنجیریں ہوں گی اسی حالت میں فرشتے انہیں گھسیٹتے ہوئے کھولتے ہوئے پانی میں لے جائیں گے پھر یہ لوگ آگ میں جھونک دیئے جائیں گے وہاں ان سے دریافت کیا جائے گا کہ اللہ کے سوا تم نے جو معبود بنا رکھے تھے وہ سب کہاں گئے؟ یہ لوگ اول تو یوں کہیں گے کہ وہ سب غائب ہو گئے ہمیں ان سے کچھ نفع نہیں پہنچا، پھر کہیں گے کہ ہم تو کسی کو پوجتے ہی نہ تھے۔ صاحب روح المعانی نے اس کے دو مطلب لکھے ہیں اول یہ کہ آج ہمیں پتہ چلا کہ ہم اللہ کے سوا جن لوگوں کی پوجا کرتے تھے وہ لوگ کچھ بھی نہ تھے معلوم ہوا کہ ہم سب غلطی پر تھے ایسی چیز کی پرستش کی جو لاشیٔ محض تھی دوسرا مطلب یہ لکھا ہے کہ وہ لوگ وہاں غیر اللہ کی پرستش سے انکاری ہو جائیں گے اور قصداً و ارادۃً جھوٹ بولیں گے جیسا کہ سورۃ الانعام میں ہے کہ وہ یوں کہیں گے وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ ط۔

ان لوگوں کا جواب ذکر کرنے کے بعد فرمایا كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ الْكٰفِرِيْنَ ط اللہ تعالیٰ اسی طرح کافروں کو گمراہ کرتا ہے یہاں اس دنیا میں جس چیز کے نافع ہونے کا خیال باندھے ہوئے ہیں اور اسی خیال سے غیر اللہ کی پوجا کرتے ہیں قیامت کے دن ان معبودان باطلہ کو لاشیٔ محض قرار دے دیں گے بلکہ انکی پوجا ہی سے منکر ہو جائیں گے حیرت اور پریشانی کی وجہ سے جھوٹ پر اتر آئیں گے ذٰلِكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَفْرَحُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ط (اور عذاب اس لئے ہے کہ تم ناحق زمین پر اتراتے پھرتے تھے) وَبِمَا كُنْتُمْ

تَمْرَحُوْنَ ؕ (اور اس وجہ سے یہ عذاب ہے کہ تم اکڑ مکڑ کرتے تھے) دنیا میں جو نعمتیں تمہیں دی گئیں ان میں لگ کر تم منعم حقیقی سے غافل ہو گئے اور آخرت کو بھول گئے، فرح اور مرح دونوں نے تمہارا ناس کھو دیا۔

اُدْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ (تم دوزخ کے دروازوں میں داخل ہو جاؤ اس میں تمہیں ہمیشہ رہنا ہے) فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ؕ (سو برا ٹھکانہ ہے تکبر کرنیوالوں کا) جب تمہارے سامنے حق آتا تھا توحید پیش کی جاتی تھی اللہ تعالیٰ کے پیغمبر تمہارے پاس دعوت حق لے کر آتے تھے تو تم انکی بات قبول کرنے میں اپنی ہیٹی سمجھتے تھے اور انسلٹ جانتے تھے آج اس تکبر کا بدلہ چکھ لو جہنم میں عذاب بھی ہے اور ذلت بھی۔

اُوپر جو يُسْحَبُوْنَ فِي الْحَمِيْمِ ثُمَّ فِي النَّارِ يُسْجَرُوْنَ فرمایا ہے اس پر بعض اہل علم نے یہ اشکال کیا ہے کہ سورۂ دخان کی آیت ثُمَّ صُبُّوْا فَوْقَ رَاْسِهٖ مِنْ عَذَابِ الْحَمِيْمِ ؕ سے معلوم ہوتا ہے کہ جحیم کا عذاب حمیم سے پہلے ہے۔ حقیقت میں اس میں کوئی تعارض اور تنافی نہیں ہے کیونکہ سورۂ زمر کی آیت میں یہ نہیں فرمایا کہ بالکل ابتداء میں داخلۂ جحیم سے پہلے حمیم کا عذاب ہوگا۔ دوزخ میں داخل ہونے کے بعد کبھی حمیم ہو کبھی جحیم ہو اس طرح تقدم اور تأخر ہوتا رہے اس میں کوئی اشکال کی بات نہیں اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو صبر کی تلقین فرمائی فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ۚ (آپ صبر کیجئے بے شک اللہ کا وعدہ سچا ہے کفر پر جو کافروں کو عذاب ہوگا وہ یقینی ہے فَاِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِلَيْنَا يُرْجَعُوْنَ ؕ ہم اُن سے جس عذاب کا وعدہ کر رہے ہیں اگر ہم آپ کے سامنے اس میں سے کچھ حصہ آپ کو دکھلا دیں یعنی آپ کی حیات میں اس کا نزول اور ظہور ہو جائے یا اس کے نزول سے پہلے ہی ہم آپکو وفات دیدیں تو یہ دونوں باتیں ہو سکتی ہیں جو بھی صورت ہو بہر حال ان سب کو ہمارے ہی پاس آنا ہے لہٰذا ہم انکو آخرت میں کفر کی سزا دے دیں گے)۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ مِنْهُمْ مَّنْ قَصَصْنَا عَلَيْكَ وَ مِنْهُمْ مَّنْ لَّمْ نَقْصُصْ

اور یہ واقعی بات ہے کہ ہم نے آپ سے پہلے رسول بھیجے جن میں سے بعض کا تذکرہ ہم نے آپ سے بیان کر دیا اور ان میں بعض ایسے ہیں جن کا تذکرہ ہم نے آپ

عَلَيْكَ ؕ وَمَا كَانَ لِرَسُوْلٍ اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ فَاِذَا جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ قُضِيَ بِالْحَقِّ

سے بیان نہیں کیا، اور کسی رسول کو یہ قدرت نہیں کہ کوئی نشانی لے آئے مگر اللہ کے اذن سے، پھر جب اللہ کا حکم آجائے گا تو حق کے ساتھ فیصلہ کر دیا جائیگا

وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۷۸﴾

اور اس وقت باطل والے خسارہ میں رہ جائیں گے۔

ع ۸ ۱۴

ہم نے آپ سے بعض رسولوں کا تذکرہ کر دیا ہے اور بعض کا نہیں کیا، کسی نبی کو اختیار نہ تھا کہ اذن الٰہی کے بغیر کوئی نشانی لے آئے

آیت بالا میں دو باتیں ذکر فرمائیں اوّلاً رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب کر کے فرمایا کہ ہم نے آپ سے پہلے بڑی تعداد میں رسول بھیجے جن میں سے بعض کا تذکرہ ہم نے آپس سے کر دیا اور بعض کا تذکرہ نہیں کیا (جن حضرات کا تذکرہ فرمایا ہے۔ سورۂ بقرۃ، سورۂ مائدہ، سورۂ انعام اور سورۂ اعراف و سورۂ ہود اور سورۃ الانبیاء میں اور بعض دیگر سورتوں میں مذکور ہیں یہ اس کے معارض نہیں ہے کہ اجمالی طور

پر ان حضرات کی تعداد سے اللہ تعالیٰ نے آپ کو باخبر فرما دیا ہو، تفصیلی اخبار و آثار کا بیان نہ فرمانا اجمالی عدد جاننے کے منافی نہیں ہے۔
مسند احمد میں حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! انبیاء کرام کی کتنی تعداد ہے آپ نے فرمایا ایک لاکھ چوبیس ہزار (مزید فرمایا کہ) ان میں سے تین سو پندرہ رسول تھے۔ (مشکوۃ المصابیح ۱۵۱)

چونکہ یہ حدیث متواتر نہیں ہے اس لئے علماء نے فرمایا کہ ایمان لانے میں حضرات انبیاء کرام علیہم کا خاص عدد ذکر نہ کرے بلکہ یوں عقیدہ رکھے کہ اللہ تعالیٰ کے تمام رسولوں اور نبیوں پر ایمان رکھتا ہوں۔

دوسری بات یہ بتائی کہ کسی نبی کو یہ قدرت نہ تھی اور نہ یہ اختیار تھا کہ خود سے کوئی معجزہ لے آئے جتنے بھی معجزات امتوں کے سامنے لائے گئے وہ سب اللہ کے اذن اور مشیت سے تھے سابقین انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام سے بھی انکی امتوں نے اپنی خواہشوں کے مطابق معجزات طلب کئے وہ حضرات خود مختار نہ تھے جو خود سے معجزات پیش کر دیتے اللہ تعالیٰ نے جو معجزہ چاہا ظاہر فرما دیا (آپ سے بھی امت کے لوگ خود تراشیدہ معجزات طلب کرتے ہیں اور اس کے ظاہر نہ ہونے پر آپکی تکذیب کرتے ہیں۔ یہ کوئی نئی بات نہیں ہے انبیائے سابقین علیہم الصلوٰۃ والسلام کیساتھ بھی ایسا ہوتا رہا ہے آپ تسلی رکھئے اور ان حضرات کی طرح صبر کیجئے۔

فَاِذَا جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ قُضِیَ بِالْحَقِّ (پھر جب اللہ کا حکم آئے گا یعنی دنیا میں یا آخرت میں عذاب کا نزول ہو جائے گا تو اس وقت فیصلہ کر دیا جائے گا) جو حضرات حق پر ہوں گے ان کی نجات ہوگی اور اجر و ثواب ملے گا اور اہل باطل عذاب میں مبتلا ہوں گے وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْمُبْطِلُوْنَ ؕ (اور اس وقت باطل والے خسارہ یعنی ہلاکت اور بربادی میں پڑ جائیں گے) لہٰذا آپ انتظار فرمائیں اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے ضرور فیصلہ ہوگا اور حق فیصلہ ہوگا۔

اَللّٰهُ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَنْعَامَ لِتَرْكَبُوْا مِنْهَا وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۷۹﴾ وَلَكُمْ فِیْهَا مَنَافِعُ

اللہ وہ ہے جس نے تمہارے لئے مویشی بنائے تاکہ تم ان میں سے بعض پر سوار ہو، اور ان میں سے بعض کو کھاتے ہو، اور تمہارے لئے ان میں منافع

وَلِتَبْلُغُوْا عَلَیْهَا حَاجَةً فِیْ صُدُوْرِكُمْ وَعَلَیْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ﴿۸۰﴾ وَیُرِیْكُمْ اٰیٰتِهٖ ۖ

ہیں، اور تاکہ تم ان پر سوار ہو کر اپنی حاجت پر پہنچو جو تمہارے سینوں میں ہے اور ان پر اور کشتیوں پر لدے ہوئے پھرتے ہو، اور وہ تمہیں اپنی نشانیاں دکھاتا ہے

فَاَیَّ اٰیٰتِ اللّٰهِ تُنْكِرُوْنَ ﴿۸۱﴾ اَفَلَمْ یَسِیْرُوْا فِی الْاَرْضِ فَیَنْظُرُوْا كَیْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِیْنَ

سو اللہ کی کون کون سی نشانیوں کا انکار کرو گے۔ کیا وہ لوگ زمین میں نہیں چلے پھرے سو وہ دیکھ لیتے کیا انجام ہوا۔ ان لوگوں کا جو ان

مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَانُوْۤا اَكْثَرَ مِنْهُمْ وَاَشَدَّ قُوَّةً وَّاٰثَارًا فِی الْاَرْضِ فَمَاۤ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا

سے پہلے تھے، وہ ان سے زیادہ تھے اور ان سے قوت میں بھی سخت تھے اور زمین میں بھی انکی نشانیاں بہت ہیں سو انکی کمائی ان کے کچھ کام نہ آئی سو جب انکے پاس ہمارے

یَكْسِبُوْنَ ﴿۸۲﴾ فَلَمَّا جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَیِّنٰتِ فَرِحُوْا بِمَا عِنْدَهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ وَحَاقَ

رسول دلیلیں لے کر آئے تو جو علم انکے پاس تھا اس کی وجہ سے بڑے اترائے اور ان پر وہ عذاب نازل ہو گیا جس کا

بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿٨٣﴾ فَلَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗ وَ كَفَرْنَا

مذاق بنایا کرتے تھے۔ سو جب انہوں نے ہمارے عذاب کو دیکھا تو کہنے لگے ہم ایمان لائے اللہ پر جو تنہا ہے۔ اور ہم جن چیزوں کو اللہ کا

بِمَا كُنَّا بِهٖ مُشْرِكِيْنَ ﴿٨٤﴾ فَلَمْ يَكُ يَنْفَعُهُمْ اِيْمَانُهُمْ لَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا ۭ سُنَّتَ اللّٰهِ

شریک بناتے تھے ان کے منکر ہیں۔ سو ان کے ایمان نے انکو کچھ نفع نہ دیا جب انہوں نے ہمارا عذاب دیکھا، اللہ کی سنت ہے

الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ فِيْ عِبَادِهٖ ۚ وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿٨٥﴾

جو اس کے بندوں میں گزر چکی ہے اور اس موقع پر کفر کرنے والے خسارہ میں رہ گئے۔

ع ۷ ۱۴

چوپائیوں اور کشتیوں کی نعمت کا تذکرہ

ان آیات میں اللہ تعالیٰ نے اپنی نعمتیں یاد دلائیں اور مخاطبین کو توجہ دلائی کہ زمین میں چل پھر کہ پُرانی امتوں کے نشانات دیکھیں اور ان کی ہلاکت سے عبرت حاصل کریں۔ فرمایا اللہ وہ ہے جس نے تمہارے لئے چوپائے پیدا فرمائے ان چوپاؤں پر سوار بھی ہوتے ہو اور انکا گوشت بھی کھاتے ہو اور ان میں دیگر منافع بھی ہیں مثلاً دودھ پیتے ہو ان کے بالوں سے اور اُون سے اور چمڑوں سے نفع حاصل کرتے ہو ان پر جو سفر کرتے ہو یہ اسفار ایسے نہیں کہ صرف تم ہی کو یہ جانور ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچادیں بلکہ تم انہیں بوجھ منتقل کرنے کے لئے بھی استعمال کرتے ہو۔ ان پر مال لاد کر ایک شہر سے دوسرے شہر لے جاتے ہو پھر اسے وہاں فروخت کرتے ہو پھر وہاں سے مال خرید کر ان کی کمروں پر باندھ کر لے آتے ہو اس طرح سے تمہاری حاجتیں پوری ہوتی ہیں۔

صاحب روح المعانی نے بعض مفسرینؒ سے نقل کیا ہے کہ چونکہ اس سے پہلی آیت میں جانوروں پر سوار ہونے کا ذکر آچکا ہے اس لئے یہاں بچوں اور عورتوں کے سوار کئے جانے کا ذکر ہے کیونکہ یہ دونوں ضعیف مخلوق ہیں بڑے تو ہمت کر کے ایک شہر سے دوسرے شہر بھی جاسکتے ہیں لیکن ان دونوں جنسوں کے افراد سفر نہیں کر سکتے اس لئے اس میں مجہول کا صیغہ تُحْمَلُوْنَ لایا گیا اور یہ بتایا گیا ہے کہ جب تم چھوٹے چھوٹے تھے تم کو ان جانوروں پر سوار کیا جاتا تھا۔

وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ (اور اللہ تمہیں اپنی نشانیاں دکھاتا ہے) فَاَيَّ اٰيٰتِ اللّٰهِ تُنْكِرُوْنَ (سو تم اللہ کی کن کن نشانیوں کا انکار کرو گے) یعنی اللہ تعالیٰ کی نشانیاں بہت ہیں اور وہ خوب ظاہر بھی ہیں سب کے سامنے ہیں انکار کرنے کا کوئی موقعہ نہیں ہے صحیح عقل والا انسان ان کا انکار نہیں کر سکتا جب ان سے انکار نہیں تو توحید کے کیوں قائل نہیں ہوتے اور شرک پر کیوں جمے ہوئے ہو۔

گزشتہ قوموں کی بربادی کا تذکرہ............ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ (الی اٰخر السورۃ) کیا ان لوگوں نے سفر نہیں کیا اور نافرمان پرانی امتوں کے مکان اور کھنڈر اور کنوئیں اور اینٹ پتھر نہیں دیکھے؟ دیکھے ہیں اور بار بار دیکھے ہیں ان امتوں کا انجام بھی دیکھ چکے ہیں اور یہ بھی معلوم ہے کہ وہ لوگ ان سے عدد میں بڑھ کر تھے اور طاقت میں بھی زیادہ تھے اور زمین میں انکے نشانات بھی بہت ہیں انہوں نے مضبوط قلعے بنائے پتھروں کو تراش کر گھر بنائے لیکن رسولوں کی تکذیب کی وجہ سے عذاب آیا تو سب چیزیں دھری رہ گئیں جو کچھ کماتے تھے وہ کچھ بھی کام نہ آیا۔

جب اللہ کے رسول کھلے ہوئے معجزات اور آیات واضحات لے کر آئے تو ان لوگوں نے رسولوں کی باتوں کی طرف دھیان نہیں دیا اور

اپنے پاس جو دنیاوی چیزوں کا علم تھا یا جہل کو علم سمجھ رکھا تھا اسی پر اتراتے رہے اور حضرات انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی طرف سے جو تکذیب پر عذاب آنے کی خبر دی گئی تھی اس کا مذاق اُڑاتے تھے اس نے ان کو تباہ کر دیا قرآن کے مخاطبین پر لازم ہے کہ ان لوگوں کے حالات اور ان لوگوں کے انجام سے عبرت حاصل کریں۔

جب ان لوگوں پر عذاب آیا تو کہنے لگے کہ ہم اللہ وحدہ لاشریک پر ایمان لاتے ہیں اور اللہ کے سوا ہم نے جن کی عبادت کی اور انہیں عبادت الٰہیہ میں شریک کیا آج ہم اس کے منکر ہوتے ہیں لیکن جب انہوں نے عذاب دیکھ لیا تو ایمان کی باتیں کرنے سے انہیں کوئی فائدہ نہیں پہنچا ایمان اس وقت نافع ہوتا ہے جب عذاب آنے سے پہلے ایمان قبول کرلیا جائے اللہ تعالیٰ کی یہی عادت رہی کہ تکذیب کی وجہ سے جب بندوں پر عذاب آیا تو اس وقت ان کا ایمان لانا مقبول نہ ہوا بہر حال ہلاک کر دیئے گئے وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْكٰفِرُوْنَ ؁ (اور اس موقعہ پر کافر لوگ خسارہ ہی میں پڑ گئے ولا یستثنی من ذلک الا قوم یونس علیه السلام کما جآء مصرحاً فی سورة یونس (علیه السلام) پس مخاطبین قرآن پر لازم ہے کہ اللہ وحدہٗ لاشریک پر اور اس کے آخری نبیؐ پر اور اس کے دین پر ایمان لائیں تا کہ سابقہ اُمتوں کی طرح ہلاک نہ ہو جائیں۔

وهٰذا أخر تفسير سورة الغافر، والحمد للّٰه العزيز الغافر، الصلوٰة على النبى الطيب الطاهر، وعلى من اتبع سنة من كل ذاكر وشاكر،

☆☆☆..........................☆☆☆

مکی	سورۃ حٰمٓ السجدۃ	٥٤ آیتیں اور ٦ رکوع

(٤١) سُوْرَۃُ حٰمٓ السَّجْدَۃِ مَکِّیَّۃٌ (٦١) — اٰیَاتُھَا ٥٤ — رُکُوْعَاتُھَا ٦

سورۂ حٰمٓ السجدہ مکہ معظمہ میں نازل ہوئی اس میں چون آیات اور چھ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے

حٰمٓ ۝ تَنْزِیْلٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ کِتٰبٌ فُصِّلَتْ اٰیٰتُہٗ قُرْاٰنًا عَرَبِیًّا لِّقَوْمٍ

حٰمٓ o یہ کلام ہے نازل کیا گیا ہے رحمٰن رحیم کی طرف سے۔ یہ کتاب ہے جس کی آیتیں مفصل طریقہ پر بیان کی گئی ہیں یعنی یہ قرآن ہے جو عربی ہے ان لوگوں کے لئے

یَّعْلَمُوْنَ ۝ بَشِیْرًا وَّ نَذِیْرًا ۚ فَاَعْرَضَ اَکْثَرُھُمْ فَھُمْ لَا یَسْمَعُوْنَ ۝ وَ قَالُوْا قُلُوْبُنَا

جو جانتے ہیں۔ بشارت دینے والا اور ڈرانے والا ہے، سو ان میں سے اکثر لوگوں نے اعراض کیا سو وہ لوگ نہیں سنتے، اور انہوں نے کہا جس چیز کی طرف سے ہمیں

فِیْٓ اَکِنَّۃٍ مِّمَّا تَدْعُوْنَآ اِلَیْہِ وَ فِیْٓ اٰذَانِنَا وَقْرٌ وَّ مِنْ بَیْنِنَا وَ بَیْنِکَ حِجَابٌ فَاعْمَلْ

بلاتے ہیں اس کے بارے میں ہمارے دل پردوں میں ہیں اور ہمارے کانوں میں ڈاٹ ہے، اور ہمارے اور تمہارے درمیان پردہ ہے، سو تم کام کئے جاؤ

اِنَّنَا عٰمِلُوْنَ ۝

بیشک ہم کام کرنے والے ہیں۔

قرآن کی آیات مُفصّل ہیں، وہ بشیر ہے اور نذیر ہے مُنکرین اس سے اعراض کرتے ہیں

حٰمٓ، یہ حروف مقطعات میں سے ہے اس کا معنی اللہ تعالیٰ ہی کو معلوم ہے۔ اس کے بعد دو آیتوں میں قرآن مجید کی صفات بیان فرمائیں۔ اوّل یہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل ہوا ہے جو رحمٰن ہے اور رحیم ہے یعنی بہت بڑا مہربان ہے، بہت زیادہ رحم فرمانے والا ہے اس کی رحمت کا تقاضا ہوا کہ اپنے بندوں کی ہدایت کے لئے کتاب نازل فرمائے، دوم یہ کہ قرآن ایسی کتاب ہے جس کی آیات مفصل ہیں۔ یعنی خوب صاف صاف بیان کی گئی ہیں۔ سوم یہ فرمایا کہ یہ قرآن کی آیات ہیں جو عربی ہے اس کے اوّلین مخاطب اہل عرب ہیں اس کا سمجھنا ان کے لئے آسان ہے اور فصاحت و بلاغت کے اعتبار سے چونکہ بہت اعلیٰ ہے اس لئے بطور معجزہ اہل عرب پر اس کے ذریعہ حُجت قائم ہو چکی ہے اب جو شخص ایمان نہ لائے گا اپنا برا کرے گا یوں تو قرآن سب ہی کو حق کی دعوت دیتا ہے اور سب ہی پر اس کا ماننا

اوراس پر ایمان لانا فرض ہے لیکن اہل علم ہی اس سے مُستفید اور مُنتفع ہوتے ہیں اس لئے لِقَوْمٍ یَّعْلَمُوْنَ فرمایا چہارم بَشِیْرًا وَّنَذِیْرًا فرمایا کہ قرآن اپنے ماننے والوں کو بشارت دینے والا ہے اور منکرین کو ڈرانے والا ہے۔ اس کے بعد لوگوں کی روگردانی کا تذکرہ فرمایا باوجود یکہ قرآن خوب اچھی طرح واضح طور پر بیان فرماتا ہے بشیر بھی ہے اور نذیر بھی پھر بھی اکثر لوگ اس کی طرف سے اعراض یعنی روگردانی کرتے ہیں اور ساری سنی اَن سنی کر دیتے ہیں گویا کہ انہوں نے سنا ہی نہیں، اسی کو فرمایا فَاَعْرَضَ اَکْثَرُهُمْ فَهُمْ لَا یَسْمَعُوْنَ ط اور نہ صرف یہ کہ ایمان نہ لائے اور جو کچھ سنا تھا اس کی طرف متوجہ نہ ہوئے بلکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے خطاب کر کے یوں کہنے لگے کہ ہمارے دلوں پر پردے پڑے ہوئے ہیں اور ہمارے کانوں میں ڈاٹ لگی ہوئی ہے تمہاری دعوت نہ ہمارے کان سننے کو تیار ہیں اور نہ ہمارے دلوں کو اس کا قبول کرنا گوارا ہے اور مزید یوں کہا کہ تم اگرچہ حسی اور جسمانی طور پر قریب ہو لیکن حقیقت میں ہمارے اور تمہارے درمیان بعد ہے اور پردہ ہے جو کچھ کہو ہم سننے اور ماننے والے نہیں ان لوگوں نے یہ بھی کہا فَاعْمَلْ اِنَّنَا عٰمِلُوْنَ ط کہ آپ اپنا عمل کرتے رہیں ہم اپنے دین کے مطابق عمل کرتے رہیں گے اس میں یہ بھی داخل ہے کہ تمہارا کاٹ کریں گے یہ کہہ کر دعوتِ حق سننے اور قبول کرنے سے بالکل ہی انکاری ہو گئے ان لوگوں نے جو یہ کہا کہ ہمارے دلوں پر پردے ہیں اور کانوں میں ڈاٹ ہے چونکہ اس سے اصرار علی الکفر مقصود تھا اس لئے وَجَعَلْنَا عَلٰی قُلُوْبِهِمْ اَکِنَّةً اَنْ یَّفْقَهُوْهُ وَفِیْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ط اس کے منافی نہیں ہے جس میں جَعْلُ الْاَکِنَّةِ عَلَی الْقُلُوْبِ کی نسبت اللہ جل شانہٗ کی طرف کی گئی ہے۔

قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُکُمْ یُوْحٰٓی اِلَیَّ اَنَّمَآ اِلٰهُکُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَاسْتَقِیْمُوْٓا اِلَیْهِ

آپ فرما دیجئے میں تو تمہارا ہی جیسا بشر ہوں میری طرف وحی کی جاتی ہے کہ تمہارا معبود صرف ایک ہی معبود ہے لہٰذا تم ٹھیک طریقہ پر اسکی طرف متوجہ ہو جاؤ

وَاسْتَغْفِرُوْهُ ط وَوَیْلٌ لِّلْمُشْرِکِیْنَ ۝ الَّذِیْنَ لَا یُؤْتُوْنَ الزَّکٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ

اور اس سے استغفار کرو، اور ہلاکت ہے ان لوگوں کے لئے جو شرک کرنے والے ہیں جو زکوٰۃ نہیں دیتے اور وہ آخرت کے

کٰفِرُوْنَ ۝ اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ غَیْرُ مَمْنُوْنٍ ۝ ع

منکر ہیں۔ بلاشبہ جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کئے ان کے لئے اجر ہے جو ختم ہونے والا نہیں ہے۔

آپ فرما دیجئے میں تمہارا ہی جیسا بشر ہوں، میری طرف وحی کی جاتی ہے، مشرکین کیلئے ہلاکت ہے اور اہل ایمان کے لئے ثواب ہے جو کبھی ختم نہ ہوگا

قرآن کے مخاطبین جو یہ کہتے تھے کہ ہم تمہیں کیسے اللہ کا نبی مانیں تم تو ہماری ہی طرح کے آدمی ہو اس کا جواب دے دیا کہ میں ہوں تو تمہارا ہی جیسا آدمی لیکن مجھے اللہ تعالیٰ نے ایک ایسی فضیلت اور خصوصیت عطا فرمائی ہے جو تم میں نہیں ہے اور وہ یہ کہ مجھے اللہ تعالیٰ نے نبوت و رسالت سے نوازا ہے چونکہ میں اللہ تعالیٰ کا پیغمبر ہوں اس لئے میں تمہیں اللہ تعالیٰ کی بات پہنچاتا ہوں ۔ تمہارا معبود ایک ہی ہے یعنی اللہ تعالیٰ جل شانہ، جس نے سب کو پیدا فرمایا عقل صحیح کا بھی تقاضا ہے کہ خالق تعالیٰ جل شانہٗ کی طرف متوجہ ہوں اور اس کے حکموں کو مانیں اور ہر طرح کی کجی اور بے راہی اور ٹیڑھے پن سے دور رہا جائے، تم سیدھی راہ چلو اللہ تعالیٰ کو واحد مانو اور صحیح طریقہ پر اس کا دین

اختیار کرو اور یہ نہ سمجھو کہ ہماری بخشش کیسے ہوگی شرک اور کفر ہے تو بہت بڑی بغاوت لیکن جب کوئی کافر اور مشرک توبہ کر لے یعنی کفر اور شرک کو چھوڑ کر ایمان قبول کر لے تو پچھلا سب کچھ معاف ہو جاتا ہے لہٰذا تم ایمان قبول کرو اور اللہ تعالیٰ سے استغفار کرو۔

اس کے بعد مشرکین کی ہلاکت اور بربادی بیان فرمائی فَوَيْلٌ لِّلْمُشْرِكِيْنَ اور بربادی ہے مشرکوں کے لئے اَلَّذِيْنَ لَا يُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ جو زکوٰۃ ادا نہیں کرتے (نماز کی تو کیا پابندی کریں گے جو بڑا کام ہے، وہ تو مال خرچ نہیں کر سکتے جو معمولی چیز ہے ہاتھ کا میل ہے بخل ان پر مسلط ہے وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ اور وہ آخرت کے منکر ہیں۔

بعض حضرات نے لَا يُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ کا معروف معنی نہیں لیا لغوی معنی لے کر اس کا یہ مطلب بتایا ہے کہ وہ اپنے نفسوں کو شرک سے پاک نہیں کرتے اور ایمان سے متصف نہیں ہوتے۔

اس کے بعد اہل ایمان کا ثواب بتایا اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کئے ان کے لئے اجر ہے جو کبھی ختم نہ ہوگا۔

قُلْ اَئِنَّكُمْ لَتَكْفُرُوْنَ بِالَّذِيْ خَلَقَ الْاَرْضَ فِيْ يَوْمَيْنِ وَتَجْعَلُوْنَ لَهٗٓ اَنْدَادًا ۭ ذٰلِكَ

آپ فرما دیجئے کیا تم ایسی ذات کا انکار کرتے ہو جس نے زمین کو دو دن میں پیدا فرمایا اور تم اس کے لئے شریک تجویز کرتے ہو، وہ سارے

رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ۚ وَجَعَلَ فِيْهَا رَوَاسِيَ مِنْ فَوْقِهَا وَبٰرَكَ فِيْهَا وَقَدَّرَ فِيْهَآ

جہانوں کا رب ہے۔ اور اس نے زمین میں پہاڑ بنا دیئے جو اس کے اوپر موجود ہیں اور اس نے زمین میں برکت دی، اور اس نے زمین میں اس کی

اَقْوَاتَهَا فِيْٓ اَرْبَعَةِ اَيَّامٍ ۭ سَوَاۗءً لِّلسَّاۗىِٕلِيْنَ ۝ ثُمَّ اسْتَوٰٓى اِلَى السَّمَاۗءِ وَهِيَ دُخَانٌ

غذائیں مقرر کر دیں چار دن میں، یہ پورے ہیں پوچھنے والوں کے لئے۔ پھر اس نے آسمان کی طرف توجہ فرمائی اس حال میں کہ وہ دھواں تھا

فَقَالَ لَهَا وَلِلْاَرْضِ ائْتِيَا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا ۭ قَالَتَآ اَتَيْنَا طَاۗىِٕعِيْنَ ۝ فَقَضٰىهُنَّ

سو اس نے آسمان اور زمین سے فرمایا تم دونوں خوشی سے آؤ یا زبردستی سے، دونوں نے عرض کیا کہ ہم خوشی کے ساتھ حاضر ہیں۔ سو اس نے دو دن میں

سَبْعَ سَمٰوَاتٍ فِيْ يَوْمَيْنِ وَاَوْحٰى فِيْ كُلِّ سَمَاۗءٍ اَمْرَهَا ۭ وَزَيَّنَّا السَّمَاۗءَ الدُّنْيَا

سات آسمان بنا دیئے اور ہر آسمان میں اس کے مناسب حکم بھیج دیا، اور ہم نے قریب والے آسمان کو ستاروں

بِمَصَابِيْحَ ڰ وَحِفْظًا ۭ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ۝

سے زینت دے دی اور حفاظت کی چیز بنا دی یہ تقدیر ہے عزیز کی علیم کی۔

زمین و آسمان کی تخلیق کا تذکرہ، ان دونوں سے اللہ تعالیٰ کا خطاب، اور ان کا فرمانبرداری والا جواب

ان آیات میں اللہ تعالیٰ کی توحید کی دعوت دی ہے اور شرک کی شناعت اور قباحت بیان فرمائی نیز آسمان اور زمین کے پیدا فرمانے اور

آسمان اور زمین سے متعلقہ اُمور بیان فرمائے۔

ارشاد فرمایا کیا تم اس ذات پاک کی توحید کا انکار کرتے ہو جس نے زمین کو دو دن میں پیدا فرما دیا اتنی بڑی زمین کا وجود سمجھدار عقلمند انسان کے لئے یہ یقین دلانے کے لئے کافی ہے کہ اس کا پیدا فرمانے والا وحدہ لاشریک ہے، اس کی توحید کے قائل ہونے کے بجائے تم نے یہ کر رکھا ہے کہ اس کے لئے شریک ٹھہرا دیئے جنہیں تم اس کے برابر سمجھتے ہو، انہوں نے کچھ بھی پیدا نہیں کیا اور وہ خود پیدا فرمانے والے کے پیدا کرنے سے وجود میں آئے ہیں وہ اپنے خالق کا برابر اور ہمسر اور شریک اور مقابل کیسے ہوسکتا ہے۔ جس نے اس کو پیدا کیا ہے۔ جس ذات پاک نے زمین کو پیدا فرمایا ہے وہ سارے جہانوں کا مالک ہے اور پروردگار ہے تم اور تمہارے باطل معبود اسی خالق جل مجدہ کی مخلوق اور مملوک ہیں۔

خالق کائنات جل مجدہٗ نے صرف زمین ہی کو پیدا نہیں فرمایا زمین میں طرح طرح کی چیزیں پیدا فرمائیں دیکھو اس نے زمین کے اوپر بوجھل اور بھاری پہاڑ پیدا فرما دیئے اور زمین میں برکت رکھ دی صاحب روح المعانی ارشاد فرماتے ہیں **قدر سبحانہٗ ان یکثر خیرھا بان یکثر فیھا النباتات وانواع الحیوانات التی من جملتھا الانسان** ۔یعنی اللہ تعالیٰ نے زمین میں خیر و برکت رکھ دی اور وہ اس طرح سے کہ اس میں طرح طرح کے نباتات اور حیوانات پیدا فرما دیئے جاندار چیزوں میں انسان بھی ہے۔

زمین میں غذائیں بھی رکھ دیں جو انسانوں اور حیوانوں کے کام آتی ہیں۔ یہ غذائیں زمین سے نکلتی ہیں نیز اللہ تعالیٰ نے طرح طرح کے پھل میوے، سبزیاں اور دیگر کھانے کی چیزیں پیدا فرمائیں اور پہلے سے تجویز فرما دیا کہ کتنی کتنی چیزیں پیدا ہوں گی اور کہاں کہاں کس کس علاقہ میں پائی جائیں گی اور کس کے حصہ میں کتنی خوراک آئے گی **فی روح المعانی بین کمیتھا واقدارھا وقال فی الارشاد ای حکم بالفعل بأن یوجد فیما سیأتی لا ھلھا من الانواع المختلفۃ اقواتھا المناسبۃ لھا علی مقدار معین تقتضیہ الحکمۃ.** (روح المعانی میں ہے کہ روزی کی مقدار و انداز واضح فرما دیا اور الارشاد میں ہے یعنی بالفعل حکم دیدیا کہ اہل زمین کیلئے مختلف انواع کی روزی جو ان کے مناسب ہوگی حکم کے مطابق معین مقدار میں موجود رہے گی)

فِیْٓ اَرْبَعَةِ اَیَّامٍ یہ مذکورہ کام چار دن میں ہوئے یعنی دو دن میں زمین پیدا فرمائی دو دن میں پہاڑوں کی پیدائش فرمائی اور برکت کا رکھ دینا اور روزیوں کا مقرر فرمانا ہوا چونکہ دیگر آیات میں آسمانوں اور زمین اور انکے درمیان چیزوں کی تخلیق چھ دن میں بتائی ہے اس لئے مفسرین کرامؒ نے مذکورہ بالا تفسیر اختیار کی ہے دو دن زمین کے پیدا فرمانے کے اور دو دن دوسری چیزوں کے (جو مزکور ہوئیں) اور دو دن آسمانوں کی تخلیق کے جن کا ذکر ابھی آتا ہے انشاء اللہ۔

سَوَآءً لِّلسَّآئِلِیْنَ یہ پورے چار دن ہیں پوچھنے والوں کے لئے، تفسیر منثور میں بحوالۂ حاکم اور بیہقی حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نقل کیا ہے کہ یہودی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آسمان اور زمین کی تخلیق کے بارے میں سوال کیا آپ نے انہیں جواب دے دیا پھر اللہ تعالیٰ نے آیت بالا نازل فرمائی اور اس کے آخر میں فرمایا: **سَوَآءً لِّلسَّآئِلِیْنَ** ۔کہ یہ چار دن ہیں پورے ان لوگوں کے جواب میں جو سوال کرنے والے ہیں۔

اس کے بعد آسمانوں کی تخلیق کا تذکرہ فرمایا **ثُمَّ اسْتَوٰٓى اِلَى السَّمَآءِ وَهِیَ دُخَانٌ** (الآیتین) پھر آسمان کی طرف توجہ فرمائی اور وہ اس وقت دھواں تھا یعنی اس کا مادہ دخان کی صورت میں تھا۔ اللہ تعالیٰ نے اس کو پیدا فرما دیا اور زمین اور آسمان دونوں سے فرمایا کہ تم دونوں کو ہمارے حکم کے مطابق آنا لازم ہوگا خوشی سے آؤ یا زبردستی یعنی ہمارے احکام تکوینیہ جو تم دونوں میں جاری ہوں گے ان

کے مطابق ہی تمہیں رہنا لازم ہوگا۔ صاحب روح المعانی لکھتے ہیں کہ طَوْعًا اَوْ كَرْهًا کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی قدرت سے جو تمہارے اندر تاثیر ہوگی اسی کے مطابق ہوگا تم اس کے خلاف نہیں کر سکتے اور یہ مقصد نہیں ہے کہ انہیں ماننے نہ ماننے کا اختیار دے دیا قَالَتَآ اَتَيْنَا طَآئِعِيْنَ۔ آسمان اور زمین دونوں نے عرض کیا کہ ہم خوشی کے ساتھ فرمانبرداری کے لئے حاضر ہیں۔

فَقَضٰهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ فِيْ يَوْمَيْنِ ۔ (سو اللہ تعالیٰ نے دو دن میں سات آسمان بنا دیئے) وَاَوْحٰى فِيْ كُلِّ سَمَآءٍ اَمْرَهَا (اور ہر آسمان میں اس کے مناسب اپنا حکم بھیج دیا) یعنی جن فرشتوں سے جو کام لینا تھا وہ ان کو بتا دیا۔

وَزَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيْحَ وَحِفْظًا (اور ہم نے قریب والے آسمان کو ستاروں سے زینت دی اور ان ستاروں کو حفاظت کا ذریعہ بنا دیا) شیاطین اوپر کی باتیں سننے کے لئے اوپر جاتے ہیں تو یہ ستارے انہیں مارتے ہیں جیسا کہ سورۃ الملک کی آیت وَلَقَدْ زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيْحَ وَجَعَلْنٰهَا رُجُوْمًا لِّلشَّيٰطِيْنِ میں بیان فرمایا ہے۔

ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ط (یہ تقدیر ہے یعنی طے کردہ امر ہے اس ذات پاک کی طرف سے جو عزیز یعنی زبردست ہے اور علیم ہے۔

سورۂ بقرہ کی آیت هُوَ الَّذِيْ خَلَقَ لَكُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا اور سورۃ حٰم سجدہ کی آیت بالا اور سورۃ النازعات کی آیت وَالْاَرْضَ بَعْدَ ذٰلِكَ دَحٰهَا۔ ان سب کے ملانے سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے زمین کا مادہ بنایا اور اسکے اوپر بھاری پہاڑ پیدا فرما دیئے پھر سات آسمان بنا دیئے جو بنانے سے پہلے دھوئیں کی صورت میں تھے اس کے بعد زمین کے مادہ کو موجودہ صورت میں پھیلا دیا۔

قریش کے انکار وعناد پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا آیاتِ بالا پڑھ کر سُنانا .... تفسیر قرطبیؒ ص ۳۳۸ ج ۱۵ میں لکھا ہے کہ ایک دن قریش نے آپس میں یوں کہا جن میں ابوجہل بھی تھا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا معاملہ ہمارے لئے اشکال کا باعث بن گیا ہے (واضح طور پر ہم اس کے بارے میں کوئی فیصلہ کرنے سے قاصر ہیں) تم ایسا کرو کہ ایسے شخص کو تلاش کرو جو شاعر بھی ہو اور کاہن بھی اور ساحر بھی، ایسا شخص انکے پاس جائے اور گفتگو کر کے واپس آئے اور ہمیں واضح طور پر بتا دے کہ ان کے دعویٰ کی کیا حقیقت ہے، یہ سن کر عتبہ بن ربیعہ نے کہا کہ اللہ کی قسم میں کہانت اور شعر اور سحر تینوں سے واقف ہوں اگر ان تینوں میں سے کوئی چیز ہوگی تو مجھے پتہ چل جائے گا ان لوگوں نے کہا کہ اچھا تم محمد (علیہ السلام) کے پاس جاؤ اور بات چیت کرو۔

عتبہ بن ربیعہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہنے لگا کہ اے محمد آپ ﷺ بہتر ہیں یا قصی بن کلاب؟ آپ بہتر ہیں یا ہاشم؟ آپ بہتر ہیں یا عبدالمطلب؟ آپ بہتر ہیں یا عبداللہ؟ (مطلب یہ تھا کہ یہ آپکے آباؤ اجداد ہیں آپ انکے دین کو باطل بتاتے ہیں) آپ ہمارے معبودوں کو برا کہتے ہیں اور ہمارے باپ دادوں کو گمراہ بتاتے ہیں اور ناسمجھ بتاتے ہیں اور ہمارے دین کو برا کہتے ہیں۔ (ان سب باتوں سے کا مقصد کیا ہے) اگر آپ سردار بننا چاہتے ہیں تو ہم آپ کو سردار بنا لیتے ہیں جب تک آپ زندہ رہیں اور اس کے اظہار اور اعلان کے لئے جھنڈے کھڑے کر دیتے ہیں اور اگر آپ کا مقصد یہ ہے کہ آپکی شادی ہو جائے تو ہم قریش کی دس لڑکیوں سے آپ کا نکاح کر دیتے ہیں جنہیں آپ چاہیں اور اگر آپ مال چاہتے ہیں تو ہم آپ کے لئے اتنا مال جمع کر دیں گے کہ اسکی وجہ سے آپ اور آپ کے بعد آنے والے آل واولاد سب کو بے نیاز کر دیں گے اور اگر یہ بات ہے کہ جو کچھ آپ کی زبان سے نکلتا ہے یہ جنات کا کوئی اثر ہے تو بتا دیجئے ہم مال جمع کریں گے اور آپ کا علاج کرا دیں گے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ سب باتیں خاموشی کے ساتھ سنتے رہے جب عتبہ اپنی باتیں کہہ چکا تو آپ نے فرمایا کہ اے ابوالولید تو اپنی باتوں سے فارغ ہو گیا؟ (ابوالولید عتبہ کی کنیت تھی) عتبہ نے کہا کہ

ہاں میں کہہ چکا! آپ نے فرمایا کہ سن! کہنے لگا کہ سنایئے آپ نے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ کر سورۂ حٰمٓ السجدة پڑھنا شروع کیا اور فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَقُلْ اَنْذَرْتُكُمْ صٰعِقَةً مِّثْلَ صٰعِقَةِ عَادٍ وَّ ثَمُوْدَ. تک پڑھتے چلے گئے آپ یہاں تک پہنچے تھے کہ عتبہ کود پڑا اور آپ کے منہ مبارک پر ہاتھ رکھ دیا اور اللہ کی قسم دی کہ آپ خاموش ہو جائیں اس کے بعد وہ اپنے گھر چلا گیا اور قریش کی مجلس میں نہ آیا ابوجہل نے اس سے کہا کیا تو بے دین ہو کر محمد کی طرف ڈھل گیا یا تجھے محمدؐ کا کھانا پسند آ گیا، یہ سن کر عتبہ غصہ ہو گیا اور اس نے قسم کھائی کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے کبھی بھی بات نہ کروں گا۔ اس کے بعد عتبہ نے کہا اللہ کی قسم تم جانتے ہو کہ میں قریش میں سب سے زیادہ مال والے لوگوں میں سے ہوں (مال یا طعام کی وجہ سے میں خاموش نہیں ہوا) لیکن بات یہ ہے کہ جب میں نے محمد (علیہ السلام) سے گفتگو کی تو انہوں نے جو مجھے جواب دیا اس سے میں نے یہ سمجھ لیا کہ نہ وہ شعر ہے نہ کہانت ہے نہ جادو ہے اس کے بعد عتبہ نے (مِثْلَ صٰعِقَةِ عَادٍ وَّ ثَمُوْدَ) تک آیات سنادیں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی تھیں اور اس نے بتایا کہ میں نے ان کا منہ پکڑ لیا اور قسم دی کہ آگے نہ پڑھیں، سلسلہ کلام جاری رکھتے ہوئے عتبہ نے مزید کہا کہ تم جانتے ہو کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) نے جب کبھی بھی کوئی بات کہی ہے جھوٹ نہیں بولا میں ڈر گیا کہ تم لوگوں پر عذاب نازل نہ ہو جائے۔

اور ایک روایت میں یوں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عتبہ بن ربیعہ کے سامنے سورۂ حٰمٓ سجدہ کے شروع سے آیت سجدہ تک تلاوت کی، عتبہ کان لگا کر سنتا رہا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب قرأت ختم کر دی تو فرمایا اے ابوالولید تو نے سن لیا جو میں نے کہا آگے تو جانے (تو ایمان لائے نہ لائے، عذاب میں گرفتار ہو تو جانے)۔

عتبہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے اُٹھا اور قریش کی مجلس میں پہنچا وہ اسکی صورت دیکھتے ہی کہنے لگے کہ اللہ کی قسم ابوالولید کا رُخ بدلا ہوا ہے یہ دوسرا چہرہ لے کر آیا ہے اس کے بعد عتبہ سے قریش نے کہا اے ابوالولید تو کیا خبر لایا؟ کہنے لگا اللہ کی قسم محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے میں نے ایسا کلام سنا ہے کہ اس جیسا کبھی نہیں سنا۔ میں اللہ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ وہ نہ شعر ہے نہ کہانت ہے لہٰذا اس مسئلہ میں تم میری بات مان لو محمد کو انکے حال پر چھوڑ دو (صلی اللہ علیہ وسلم) اور انہیں کچھ نہ کہو اللہ کی قسم میں سمجھتا ہوں کہ ان کی باتوں کا ضرور چرچا ہوگا کہ اور اہل عرب نے ان کو ختم کر دیا تو دوسروں کے ذریعہ تمہارا کام چل جائے گا اور اگر محمد صلی اللہ علیہ وسلم بادشاہ بن گئے یا ان کی نبوت کا مظاہرہ ہو گیا تو تمہیں اس کی سعادت پوری طرح نصیب ہو جائے گی کیونکہ انکا ملک تمہارا ہی ملک ہوگا اور ان کا شرف تمہارا ہی شرف ہے۔ یہ سن کر قریش کہنے لگے۔ اے ابوالولید محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے تجھ پر جادو کر دیا ہے عتبہ نے کہا یہ میری رائے ہے آگے تم جو چاہو کرو۔

فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَقُلْ اَنْذَرْتُكُمْ صٰعِقَةً مِّثْلَ صٰعِقَةِ عَادٍ وَّ ثَمُوْدَ ﴿۱۳﴾ اِذْ جَآءَتْهُمُ الرُّسُلُ

پھر اگر وہ اعراض کریں تو آپ فرما دیجئے کہ میں تمہیں ایسی آفت سے ڈراتا ہوں جیسی آفت عاد و ثمود پر آئی جبکہ ان کے پاس ان کے آگے

مِنْۢ بَیْنِ اَیْدِیْهِمْ وَ مِنْ خَلْفِهِمْ اَلَّا تَعْبُدُوْۤا اِلَّا اللّٰهَ ؕ قَالُوْا لَوْ شَآءَ رَبُّنَا لَاَنْزَلَ مَلٰٓىِٕكَةً

سے اور پیچھے سے رسول آئے کہ اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو انہوں نے کہا کہ اگر ہمارا رب چاہتا تو فرشتے نازل فرما دیتا

فَاِنَّا بِمَاۤ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿۱۴﴾ فَاَمَّا عَادٌ فَاسْتَكْبَرُوْا فِی الْاَرْضِ بِغَیْرِ الْحَقِّ وَ قَالُوْا مَنْ

سو بلاشبہ ہم اس چیز کے منکر ہیں جو تم دے کر بھیجے گئے ہو، پھر وہ لوگ جو عاد والے تھے انہوں نے زمین میں ناحق تکبر کیا اور کہنے لگے کہ قوت میں

اَشَدُّ مِنَّا قُوَّةً ؕ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَهُمْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُمْ قُوَّةً ؕ وَكَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ۝

ہم سے زیادہ کون ہے کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ جس ذات نے انہیں پیدا فرمایا وہ قوت میں ان سے زیادہ ہے اور وہ ہماری آیات کا انکار کرتے تھے۔

فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا صَرْصَرًا فِيْٓ اَيَّامٍ نَّحِسَاتٍ لِّنُذِيْقَهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ

سو ہم نے انکے اوپر منحوس دنوں میں تیز ہوا بھیج دی تاکہ ہم انہیں دنیا والی زندگی میں ذلت کا عذاب چکھا دیں،

وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَخْزٰى وَهُمْ لَا يُنْصَرُوْنَ ۝ وَاَمَّا ثَمُوْدُ فَهَدَيْنٰهُمْ فَاسْتَحَبُّوا الْعَمٰى عَلَى

اور یہ بات واقعی ہے کہ آخرت کا عذاب اس سے بڑھ کر رسوائی والا ہے اور انکی مدد نہ کی جائے گی۔ اور وہ لوگ جو قوم ثمود والے تھے سو ہم نے انہیں ہدایت دی تو انہوں نے ہدایت کے

الْهُدٰى فَاَخَذَتْهُمْ صٰعِقَةُ الْعَذَابِ الْهُوْنِ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝ وَنَجَّيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

مقابلہ میں اندھے پن کو پسند کیا سو انہیں عذاب کی آفت نے پکڑ لیا جو سراپا ذلت تھا انکی بدکرداریوں کی وجہ سے، اور ہم نے ان لوگوں کو نجات دے دی جو ایمان لائے

وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ۝

اور ڈرا کرتے تھے۔

ع ۲ / ۱۰ / ۱۶

حق سے اعراض کرنے والوں کو تنبیہ اور تہدید عاد و ثمود کی بربادی کا تذکرہ

ان آیات میں قرآن کریم کے مخاطبین کو تنبیہ فرمائی ہے کہ تمہارے سامنے واضح طور پر دلائل آ چکے ہیں نشانیاں دیکھ چکے ہو ان سب کے باوجود پھر بھی اعراض کرتے ہو ایمان نہیں لاتے، لہٰذا سمجھ لو کہ عذاب آ جائے گا تم سے پہلے ایسی اُمتیں گذری ہیں جنہوں نے رسولوں کو جھٹلایا پھر ان کو عذاب نے آ دبایا، عاد و ثمود دو قومیں گزر چکی ہیں انہوں نے اپنے اپنے رسول کی تکذیب کی پھر مبتلائے عذاب ہوئے اور ہلاک ہوئے اُن پر جو عذاب کی مصیبت آئی میں تمہیں اس جیسی آفت سے ڈراتا ہوں، اللہ تعالیٰ کے پیغمبر علیہم الصلوٰۃ والسلام انکے پاس آئے۔ انہوں نے ان کو توحید کی دعوت دی کہ اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو یہ لوگ دلیل سے دین توحید کی تردید نہ کر سکے اور حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی شخصیات پر اعتراض کرنے لگے، کہنے لگے کہ تم تو آدمی ہو جیسے ہم ویسے تم اگر اللہ تعالیٰ کو رسول بھیجنے ہی تھے تو کیا اس کے لئے تم ہی رہ گئے ہو۔ وہ اگر چاہتا تو فرشتوں کو رسول بنا کر بھیج دیتا تم جو یہ کہتے ہو کہ ہم اللہ کے پیغمبر ہیں اور ایسے ایسے احکام لے کر آئے ہیں اور توحید کی دعوت ہمارا کام ہے، ہم ان سب باتوں کے منکر ہیں۔

یہ تو دونوں قوموں کی مشترکہ باتیں تھیں اب الگ الگ بھی ان کا حال سنیں قوم عاد بڑے ڈیل ڈول والے تھے انہیں اپنی قوت اور طاقت پر بڑا گھمنڈ تھا اس کی وجہ سے انہوں نے تکبر کی راہ اختیار کی اور بڑے غرور کے ساتھ کہنے لگے کہ مَنْ اَشَدُّ مِنَّا قُوَّةً (کہ وہ کون ہے جو طاقت میں ہم سے بڑھ کر ہے) انسان کی بیوقوفی دیکھو کہ وہ دنیا میں اموال و اولاد اور قوت اور طاقت پر گھمنڈ کر لیتا ہے اور تکبر میں آ کر بڑی بڑی باتیں کہہ جاتا ہے۔ فرض کرو موجودہ مخلوق میں کوئی بھی مقابل نہ ہو تو جس نے پیدا فرمایا اس کی قوت تو بہرحال سب سے زیادہ ہے ان لوگوں نے اپنے خالق تعالیٰ جل شانہ پر نظر نہ کی اور تکبر کی بات کہہ دی ان کی اس بیوقوفی کو ظاہر فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَهُمْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُمْ قُوَّةً (کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ اللہ تعالیٰ طاقت کے اعتبار سے بہت زیادہ ہے جس نے

انہیں پیدا فرمایا)

وَكَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ (اور یہ لوگ ہماری آیات کا انکار کرتے تھے واضح دلائل دیکھتے ہوئے اور جانتے بوجھتے انہوں نے حق سے منہ موڑا اور اس کے قبول کرنے سے انکار کیا۔

فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا صَرْصَرًا (سو ہم نے ان پر تیز ہوا بھیج دی فِيْٓ اَيَّامٍ نَّحِسَاتٍ (منحوس دنوں میں)۔لِّنُذِيْقَهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا تا ہم انہیں دنیا والی زندگی میں ذلت کا عذاب چکھائیں، اور اسی عذاب پر بس نہیں ان کے لئے آخرت میں بھی عذاب ہے اور وہ اس دنیا والے عذاب سے بڑھ کر زیادہ ذلت اور رسوائی والا ہوگا۔وَهُمْ لَا يُنْصَرُوْنَ اور وہاں انکی مدد نہ کی جائے گی یہ جو مال و دولت اور افراد و اولاد پر گھمنڈ ہے سب دھرا رہ جائیگا۔سورۃ الحاقہ میں فرمایا ہے سَخَّرَهَا عَلَيْهِمْ سَبْعَ لَيَالٍ وَّثَمٰنِيَةَ اَيَّامٍ حُسُوْمًا فَتَرَى الْقَوْمَ فِيْهَا صَرْعٰى كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ خَاوِيَةٍ (قوم عاد پر جو تیز ہوا بھیجی تھی وہ سات رات اور آٹھ دن اُن پر مسلط فرمادی تھی سوائے مخاطب تو اس قوم کو اسطرح گرا ہوا دیکھتا کہ گویا وہ گری ہوئی کھجوروں کے تنے ہیں) یہ لوگ بڑے ڈیل ڈول والے تھے اپنی قوت پر گھمنڈ کئے ہوئے تھے تند و تیز ہوا نے بالکل ہی انکا ناس کھودیا کھجوروں کے تنوں کی طرح زمین پر گر گئے سورۃ القمر میں اس کو كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ مُّنْقَعِرٍ فرمایا ہے۔

احادیث شریفہ سے معلوم ہوتا ہے کہ نحوست کوئی چیز نہیں ہے حضرت سعد بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اگر نحوست کسی چیز میں ہوتی تو گھر میں اور گھوڑے میں اور عورت میں ہوتی۔(رواہ ابوداؤد کمافی المشکوٰۃ ۳۹۲) قوم عاد کے بارے میں جو یہ فرمایا کہ منحوس دنوں میں ان پر تیز ہوا بھیج دی ان کے ساتھ خاص ہے یہ بات نہیں ہے کہ وہ دن سب کے لئے منحوس ہیں اگر ایسا ہوتا تو سارے ہی دن منحوس ہوتے کیونکہ ان پر ایک ہفتہ سے زیادہ تیز ہوا چلی۔

اس کے بعد قوم ثمود کا حال بیان فرمایا وَاَمَّا ثَمُوْدُ فَهَدَيْنٰهُمْ اور رہے ثمود سو ہم نے انہیں ہدایت دی یعنی ان کی طرف نبی بھیجا جس نے انہیں حق کا راستہ بتایا اور توحید کی دعوت دی انہوں نے سمجھ سے کام نہ لیا ہدایت کو اختیار نہ کیا اور اندھا رہے یعنی گمراہی کو ترجیح دی جب ہدایت کو نہ مانا تو انہیں عذاب کی مصیبت نے پکڑ لیا اور وہ اپنے برے کرتوتوں کی وجہ سے ہلاک کردیئے گئے صاعقہ کا اصل معنی بجلی کا ہے جو بارش کے دنوں میں چمکتی ہے اور کبھی کبھی اس سے مطلق آفت بھی مراد لے لیتے ہیں۔

وَنَجَّيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ (اور ہم نے ان لوگوں کو نجات دی جو ایمان لائے اور وہ ڈرتے تھے) یعنی اللہ تعالیٰ کا خوف کھاتے تھے۔

وَيَوْمَ يُحْشَرُ اَعْدَآءُ اللّٰهِ اِلَى النَّارِ فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ۝ حَتّٰٓى اِذَا مَا جَآءُوْهَا شَهِدَ عَلَيْهِمْ

اور جس دن اللہ کے دشمن دوزخ کی طرف جمع کئے جائیں گے پھر وہ روکے جائیں گے۔ یہاں تک کہ جب دوزخ کے پاس آجائیں گے تو ان کے

سَمْعُهُمْ وَاَبْصَارُهُمْ وَجُلُوْدُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ وَقَالُوْا لِجُلُوْدِهِمْ لِمَ شَهِدْتُّمْ عَلَيْنَا

کان اور آنکھیں اور کھالیں ان کے خلاف ان کاموں کی گواہی دیں گے جو وہ کیا کرتے تھے۔اور وہ اپنی کھالوں سے کہیں گے کہ تم نے ہمارے خلاف کیوں گواہی دی؟

قَالُوْٓا اَنْطَقَنَا اللّٰهُ الَّذِيْٓ اَنْطَقَ كُلَّ شَيْءٍ وَّهُوَ خَلَقَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝

وہ جواب میں کہیں گے کہ ہمیں اللہ نے بولنے والا بنادیا جس نے ہر چیز کو بولنے والا بنایا ہے اور اس نے تمہیں پہلی بار پیدا فرمایا اور تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ اَنْ يَّشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلَآ اَبْصَارُكُمْ وَلَا جُلُوْدُكُمْ وَلٰكِنْ ظَنَنْتُمْ

اور تم اس وجہ سے پوشیدہ نہیں ہوتے تھے کہ تمہارے کان اور تمہاری آنکھیں اور تمہاری کھالیں تمہارے خلاف گواہی دیں گے

اَنَّ اللّٰهَ لَا يَعْلَمُ كَثِيْرًا مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَ ذٰلِكُمْ ظَنُّكُمُ الَّذِيْ ظَنَنْتُمْ بِرَبِّكُمْ اَرْدٰىكُمْ

اور لیکن تم نے یہ خیال کیا تھا کہ اللہ تعالیٰ بہت سے ان اعمال کو نہیں جانتا جنہیں تم کرتے ہو۔ اور تمہارا یہ گمان جو تم نے اپنے رب کے بارے میں کیا ہے اس نے تمہیں ہلاک کر دیا،

فَاَصْبَحْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۲۳﴾ فَاِنْ يَّصْبِرُوْا فَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ ۚ وَاِنْ يَّسْتَعْتِبُوْا فَمَا هُمْ مِّنَ

سو تم نقصان اٹھانے والوں میں سے ہو گئے۔ سو اگر صبر کریں تو آگ ٹھکانہ ہے ان کے لئے، اور اگر راضی کرنا چاہیں تو ان کی درخواست قبول

الْمُعْتَبِيْنَ ﴿۲۴﴾ وَقَيَّضْنَا لَهُمْ قُرَنَآءَ فَزَيَّنُوْا لَهُمْ مَّا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَحَقَّ

نہیں کی جائے گی، اور ہم نے ان کے لئے ساتھیوں کو مسلط کر دیا سو انہوں نے ان کے لئے ان چیزوں کو مزین کر دیا جو انکے آگے اور پیچھے ہیں

عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۚ اِنَّهُمْ كَانُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿۲۵﴾

اور ان پر بات ثابت ہوگئی ان جماعتوں میں شامل ہو کر جو ان سے پہلے جنات میں سے اور انسانوں میں سے گزر چکی ہیں بیشک وہ خسارہ والے ہیں۔

اللہ کے دشمنوں کا دوزخ کی طرف جمع کیا جانا ان کے اعضاء کا انکے خلاف گواہی دینا اور عذاب سے کبھی چھٹکارہ نہ ہونا

ان آیات میں اللہ کے دشمنوں یعنی کافروں کی مصیبت بیان فرمائی کہ قیامت کے دن انہیں دوزخ کی طرف جمع کیا جائے گا۔ جماعتیں جماعتیں بن کر اس کے قریب پہنچیں گے ایک جماعت آئے گی وہ روک لی جائے گی پھر دوسری جماعت آئے گی وہ بھی روک لی جائے گی جب یہ جماعتیں جمع ہو جائیں اور دوزخ کے قریب پہنچ جائیں گے تو ان کے خلاف ان کے کان اور آنکھیں اور کھالیں گواہی دیں گی، دنیا میں جو جو حرکتیں کیں یہ اعضاء سب بتا دیں گے کہ اس شخص نے ہمیں ایسے ایسے کاموں میں استعمال کیا۔ آنکھیں اور کان تو اعضاء میں اس دن کھالیں یعنی چمڑے بھی گواہی دے دیں گے کہ یہ لوگ ایسے ایسے اعمال کرتے تھے چمڑا تو پورے بدن کو گھیرے ہوئے ہے وہ ہر گناہ میں استعمال ہوتا تھا سورۃ النور اور سورۂ یٰسٓ میں ہاتھوں اور پاؤں کی گواہی کا بھی ذکر ہے جب کافروں کے اعضاء ہی ان کے خلاف گواہی دے دیں گے جن کے بارے میں انہیں وہم وگمان بھی نہ تھا تو وہ کہیں گے کہ لِمَ شَهِدْتُّمْ عَلَيْنَا کہ تم نے ہمارے خلاف کیوں گواہی دی اس گواہی کا نتیجہ یہ ہے کہ تمہیں بھی عذاب ہوگا اور ہمیں بھی، کیوں کہ ہمارے جسم کے اجزاء میں تم بھی شامل ہو ہمارے برے اعمال سے منکر ہونا تمہارے بچانے کے لئے ہی تو تھا اگر گواہی دے کر تم عذاب سے بچ جاتے تو تمہیں گواہی دینے کا کچھ فائدہ پہنچ جاتا۔ اعضاء کہیں گے کہ ہماری کیا مجال تھی کہ نہ بولتے خاموش رہ کر گواہی کو چھپا لیتے؟ جب اللہ تعالیٰ نے ہمیں زبان دے دی اور حکم دے کر کہلوایا تو یہ کیسے ممکن تھا کہ ہم گواہی نہ دیتے تمہارا جو یہ خیال تھا کہ ہم بول نہیں سکتے یہ خیال غلط تھا۔ اللہ جسے چاہے بولنے کی قوت دے سکتا ہے جس نے ہر ہر بولنے والی چیز کو بولنے والا بنایا اسی نے ہمیں بھی قوت گویائی عطا فرما دی۔

صحیح مسلم میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے انہوں نے بیان کیا کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں

حاضر تھے آپ کو ہنسی آ گئی آپ نے فرمایا تم جانتے ہو میں کس بات سے ہنس رہا ہوں۔ ہم نے عرض کیا کہ اللہ اور اس کا رسول ہی زیادہ جاننے والے ہیں۔ آپ نے فرمایا (قیامت کے دن) بندہ جو اپنے رب سے مخاطب ہوگا اس کی وجہ سے مجھے ہنسی آ گئی۔ بندہ کہے گا اے رب کیا آپ نے مجھے اس بات کا وعدہ نہیں دے دیا کہ مجھ پر ظلم نہیں ہوگا۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہوگا ہاں تجھ سے یہ وعدہ ہے اس پر وہ کہے گا کہ بس تو میں اپنے خلاف کسی کو گواہی کو تسلیم نہیں کرتا سوائے ایسے گواہ کے جو مجھ ہی میں سے ہو۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہوگا کہ آج تیرا نفس ہی تیرے خلاف گواہی دینے کو کافی ہے۔ اور کرام کاتبین بھی تیرے خلاف گواہی دینے کو کافی ہیں، اس کے بعد اس کے منہ پر مہر لگا دی جائے گی اور اس کے اعضاء سے کہا جائے گا کہ بولو! لہٰذا اس کے اعضاء اس کے اعمال کی گواہی دے دیں گے پھر اسے بولنے کی قوت دے دی جائے گی۔ لہٰذا وہ اپنے اعضاء سے کہے گا کہ دور ہو تمہارے لئے ہلاکت ہے تمہاری ہی طرف سے تو میں جھگڑا کر رہا تھا۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ٤٨٥) (یعنی میں نے جو یہ کہا تھا کہ اپنے نفس کے خلاف کسی کی گواہی قبول نہیں کروں گا۔ الا یہ میرے اندر کی کوئی چیز ہو اس کا مقصد یہی تو تھا کہ تم عذاب سے بچ جاؤ)۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ منافق قیامت کے دن یوں کہے گا کہ اے رب میں آپ پر ایمان لایا اور آپکی کتاب پر، اور آپکے رسولوں پر ایمان لایا اور میں نے نمازیں پڑھیں، روزے رکھے اور صدقات دیئے اور جہاں تک ممکن ہوگا اپنی تعریف کرے گا اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہوگا یہاں ابھی پتہ چل جاتا ہے، پھر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ارشاد ہوگا کہ ہم ابھی گواہ پیش کرتے ہیں۔ اس پر وہ اپنے نفس میں سوچے گا کہ کون ہے جو میرے خلاف گواہی دے گا۔ پھر اس کے منہ پر مہر لگا دی جائے گی اور اس کی ران سے اور گوشت سے اور ہڈیوں سے کہا جائے گا کہ بولو! لہٰذا اس کی ران اور اس کا گوشت اور اسکی ہڈیاں اس کے اعمال پر گواہی دیں گی، اور یہ گفتگو اس لئے کرائی جائے گی کہ اللہ تعالیٰ پر کوئی اعتراض نہ رہے، یہ جو کچھ مذکور ہوا۔ منافق سے متعلق ہے اس سے اللہ تعالیٰ کو ناراضگی ہوگی۔ (صحیح مسلم ص ٤٠٩)

یہاں جو یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ سورۃ النور میں فرمایا کہ مجرمین کی زبانیں بھی گواہی دیں گی اور سورۃ یٰسٓ میں مسلم شریف کی حدیث میں فرمایا کہ منہ پر مہریں لگا دی جائیں گی۔ اس میں بظاہر تعارض ہے، اس کا جواب یہ ہے کہ مختلف احوال کے اعتبار سے ہے بعض احوال میں زبانیں گواہی دیں گی اور بعض مواقع میں ان پر مہر لگا دی جائے گی۔

وَهُوَ خَلَقَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ (اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہیں پہلی بار دنیا میں پیدا فرمایا پھر مر جاؤ گے اور اسی کی طرف لوٹ کر جاؤ گے) اس نے دنیا میں زبان کو بولنا سکھایا۔ آخرت میں دوسرے اعضاء کو بھی بولنے کی طاقت دے دیگا اس میں تعجب کی کوئی بات نہیں۔

وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ (الآیۃ) یہ بھی کافروں سے خطاب ہے وہاں ان سے کہا جائے گا کہ تم دنیا میں جو کام کرتے تھے اس کا تمہیں ذرا بھی احتمال نہ تھا کہ قیامت کے دن تمہارے کان اور آنکھیں اور چمڑے تمہارے خلاف گواہی دے دیں گے۔ لہٰذا تم ان سے نہ چھپتے تھے نہ چھپ سکتے تھے جس کی وجہ سے تم دلیری کے ساتھ گناہ کرتے تھے۔ تم سمجھتے تھے کہ ہمارے خلاف گواہی دینے والا کوئی نہ ہوگا۔ مخلوق کے بارے میں تو تمہارا یہ خیال تھا ہی تم نے اللہ تعالیٰ کے بارے میں یہی خیال کر رکھا تھا کہ وہ تمہارے بہت سے اعمال کو نہیں جانتا۔

قال القرطبي ومعنى "تَسْتَتِرُوْنَ" تستخفون في قول اكثر العلماء أي ما كنتم تستخفون من أنفسكم حذرًا من شهادة الجوارح عليكم، لأن الانسان لا يمكنه أن يخفي من نفسه عمله، فيكون الاستخفاء بمعنى ترك

المعصية وقيل : الاستتار بمعنى الاتقاء أي ما كنتم تتقون في الدنيا أن تشهد عليكم جوار حكم في الآخرة فتتركوا لمعاصي خوفا من هذه الشهادة ۔ (علامہ قرطبی نے کہا اکثر علماء کے قول کے مطابق "تَسْتَتِرُوْنَ" کا معنی ہے "تم چھپتے تھے" یعنی تم جو اپنے آپ سے چھپتے تھے اعضاء کی اپنے خلاف گواہی کے خوف سے، چونکہ انسان کیلئے اپنے عمل کو اپنے آپ سے چھپانا ممکن نہیں ہے اس لئے یہاں استخفاء معصیت کے ترک کے معنی میں ہوگا، اور بعض نے کہا الاستتار بمعنی اتقاء ہے یعنی تم جو دنیا میں بچتے تھے اس سے کہ آخرت میں تمہارے اعضاء تمہارے خلاف گواہی دیں لہٰذا اس گواہی کے خوف سے تم نے گناہ چھوڑ دیئے)

صحیح بخاری میں ہے کہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا کہ میں کعبہ شریف کے پردوں میں چھپا ہوا تھا تین آدمی آئے ان میں سے ایک ثقفی تھا اور دو قریشی تھے ان کے پیٹ بھاری تھے اور کم سمجھ تھے انہوں نے کچھ ایسی باتیں کیں جنہیں میں (ٹھیک سے) نہ سن سکا ان میں سے ایک نے کہا کہ بتاؤ کیا اللہ ہماری باتوں کو سنتا ہے دوسرے نے کہا بلند آواز ہو تو سنتا ہے اور بلند نہ ہو تو نہیں سنتا تیسرے نے کہا اگر وہ سنتا ہے تو سب کچھ سنتا ہے میں نے یہ قصہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سنا دیا تو اللہ تعالیٰ نے وَمَا کُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ سے مِنَ الْخٰسِرِیْنَ تک آیت کریمہ نازل فرمائی مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ سب کچھ سنتا ہے اور اس کے سننے اور جاننے کے علاوہ یہ بات بھی ہے کہ تمہارے اعضاء بھی تمہارے خلاف گواہی دے دیں گے لہٰذا ایمان اور اعمال صالحہ سے متصف ہونا ضروری ہے۔

کافروں کو ان کے گمان بد نے ہلاک کیا .... **وَذٰلِکُمْ ظَنُّکُمُ الَّذِیْ ظَنَنْتُمْ بِرَبِّکُمْ اَرْدٰکُمْ** (اور تمہارا یہ گمان کہ اللہ تعالیٰ بہت سے اعمال کو نہیں جانتا اس نے تمہیں ہلاک کر دیا) **فَاَصْبَحْتُمْ مِّنَ الْخَاسِرِیْنَ** (سو تم خسارے والے ہو گئے) تم نے جو یہ سمجھا کہ اللہ تعالیٰ کو ہمارے بہت سے اعمال کا علم نہیں ہے اسی گمان کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرتے رہے۔ اگر اللہ تعالیٰ کو علم والا جانتے اور یہ یقین کرتے کہ وہ سب کچھ جانتا ہے تو خلوتوں میں اور جلوتوں میں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی سے بچتے اور اس نے جو اعضاء کی نعمتیں دی تھیں ان کو نیکیوں میں استعمال کرتے، تم نے اللہ تعالیٰ کے بارے میں غلط گمان کیا اور اعضاء کو بھی غلط استعمال کیا۔ آج یہاں خسارہ میں یعنی پوری ہلاکت میں پڑ گئے۔

فَاِنْ یَّصْبِرُوْا فَالنَّارُ مَثْوًی لَّهُمْ (سو یہ لوگ جو دوزخ میں داخل کرنے کے لئے جمع کر دیئے گئے ان کو دوزخ میں داخل ہونا ہی ہے اور انہیں اس میں رہنا ہی ہے اور ہمیشہ رہنا ہے صبر کریں یا نہ کریں دوزخ میں ہی ان کا ٹھکانہ ہے یہ نہ سمجھیں کہ دنیا میں تکلیف پر صبر کر لیتے تھے تو بعد میں اچھی حالت آ جاتی تھی وہاں صبر کرنا کوئی کام نہیں دے گا۔ **وَاِنْ یَّسْتَعْتِبُوْا فَمَا هُمْ مِّنَ الْمُعْتَبِیْنَ** (اور اگر وہ یہ چاہیں کہ اللہ تعالیٰ کو راضی کر لیں اور اس کے لئے درخواست کریں تو ان کی یہ درخواست منظور نہیں کی جائے گی) راضی کرنے کا موقع موت سے پہلے تھا۔ ایمان لاتے اعمال صالحہ کرتے نافرمانیوں سے بچتے تو آج عذاب کا منہ نہ دیکھنا پڑتا۔

مشرکین اور کافرین پر برے ساتھی مسلط کر دیئے گئے .... **وَقَیَّضْنَا لَهُمْ قُرَنَآءَ** ہم نے ان کے اوپر ساتھی مسلط کر دیئے جو انسانوں میں سے بھی ہیں اور جنات میں سے بھی وہ ان کے ساتھ لگے رہتے ہیں **فَزَیَّنُوْا لَهُمْ مَّا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ** ان ساتھیوں نے ان کے اعمال کو مزین کر دیا اور ان کو اچھا بتا کر پیش کیا گناہوں کو اچھا کر کے دکھایا لذتوں پر ابھارا شہوتوں میں پڑنے کی ترغیب دی اور انہیں یہ بھی سمجھایا جو مزے اڑا سکتے ہو اڑا لو موت کے بعد نہ جی اٹھنا ہے نہ جنت ہے نہ دوزخ، ان ساتھیوں کی باتوں میں آ کر کفر و شرک اختیار کیا گناہوں میں منہمک رہے لہٰذا عذاب کے مستحق ہوئے **مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ** کے بارے میں حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ پہلے لفظ سے آخرت مراد ہے اور مطلب یہ ہے کہ انہیں یہ سمجھایا کہ حساب کتاب اور جنت و

دوزخ کچھ نہیں اور وَمَا خَلْفَهُمْ کے بارے میں فرمایا کہ اس سے دنیا والی زندگی مراد ہے انہوں نے اس دنیا میں کفر کو اچھا بتایا اور خواہشوں اور لذتوں پر ڈالا اور ابھارا۔

سورۃ الزخرف میں فرمایا ہے وَمَنْ يَّعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ نُقَيِّضْ لَهٗ شَيْطَانًا فَهُوَ لَهٗ قَرِيْنٌ ۝ وَاِنَّهُمْ لَيَصُدُّوْنَهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ۝ (اور جو شخص اندھا بنتا ہے رحمٰن کی یاد سے ہم اس پر تعینات کر دیا کرتے ہیں ایک شیطان سو وہ اس کے ساتھ رہتا ہے شیاطین ان کو روکتے ہیں راہ سے اور یہ لوگ سمجھتے ہیں کہ ہم راہ پر ہیں۔ وَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اور ان پر عذاب والی بات ثابت ہوگئی اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ طے کر دیا گیا کہ ان کو عذاب میں داخل ہونا ہے، ان سے پہلے جو امتیں جنات میں سے اور انسانوں میں سے گزر چکی ہیں یہ بھی انہیں میں شامل کر دیئے گئے یعنی وہ بھی عذاب میں داخل ہوئے، اور یہ بھی اِنَّهُمْ كَانُوْا خٰسِرِيْنَ ۝ (بلاشبہ یہ سب لوگ خسارے والے تھے) دنیا میں آئے زندگی ملی جان ملی اعضاء دیئے گئے اموال کے مالک ہوئے لیکن سب کچھ کھو دیا اور ضائع کر دیا اب تو عذاب ہی عذاب ہے۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَسْمَعُوْا لِهٰذَا الْقُرْاٰنِ وَالْغَوْا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَغْلِبُوْنَ ۝ فَلَنُذِيْقَنَّ الَّذِيْنَ

اور جن لوگوں نے کفر کیا انہوں نے کہا کہ اس قرآن کو مت سنو اور اس کے درمیان شور مچایا کرو شاید تم غالب رہو، سو جن لوگوں نے کفر کیا ہم انہیں

كَفَرُوْا عَذَابًا شَدِيْدًا ۙ وَّلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَسْوَاَ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ ذٰلِكَ جَزَآءُ اَعْدَآءِ اللّٰهِ

ضرور ضرور سخت عذاب چکھادیں گے اور ضرور ضرور انہیں برے کاموں کی سزا دے دیں گے۔ جنہیں وہ کیا کرتے تھے یہ سزا ہے اللہ کے دشمنوں کی

النَّارُ ۚ لَهُمْ فِيْهَا دَارُ الْخُلْدِ ۭ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ۝ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

جو آگ ہے، ان کے اس میں ہمیشہ کا رہنا ہے اس بات کے بدلہ میں کہ وہ ہماری آیتوں کا انکار کیا کرتے تھے، اور جن لوگوں نے کفر کیا وہ کہیں گے کہ اے ہمارے

رَبَّنَآ اَرِنَا الَّذَيْنِ اَضَلّٰنَا مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ نَجْعَلْهُمَا تَحْتَ اَقْدَامِنَا لِيَكُوْنَا مِنَ الْاَسْفَلِيْنَ ۝

پروردگار جنات میں سے اور انسانوں میں سے جن لوگوں نے ہمیں گمراہ کیا ہم کو انہیں دکھا دیجئے ہم انہیں اپنے قدموں کے نیچے کر یں تا کہ یہ دونوں گروہ خوب زیادہ ذلیلوں میں سے

اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَلَّا تَخَافُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَبْشِرُوْا

جائیں، بلاشبہ جن لوگوں نے یوں کہا کہ ہمارا رب اللہ ہے پھر مستقیم رہے ان پر فرشتے نازل ہوں گے کہ تم خوف نہ کرو اور رنج نہ کرو اور خوش ہو جاؤ

بِالْجَنَّةِ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ۝ نَحْنُ اَوْلِيٰٓؤُكُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ۚ وَلَكُمْ

جنت کی خبر سے جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا ہم دنیا والی زندگی میں تمہارے رفیق ہیں۔ اور آخرت میں بھی، اور تمہارے لئے اس میں ہر وہ چیز ہے جس

فِيْهَا مَا تَشْتَهِيْٓ اَنْفُسُكُمْ وَلَكُمْ فِيْهَا مَا تَدَّعُوْنَ ۝ نُزُلًا مِّنْ غَفُوْرٍ رَّحِيْمٍ ۝

کی تمہارے نفسوں کو خواہش ہوگی اور تمہارے لئے اس میں ہر وہ چیز ہے جو تم طلب کرو گے، یہ مہمانی کے طور پر ہے غفور رحیم کی طرف سے۔

کافروں کا قرآن سننے سے روکنا اور شور وشغب کرنے کا مشورہ دینا

یہ سات آیات کا ترجمہ ہے اول کی چار آیتوں میں کافروں کی شرارت اور حماقت کا اور ان کے عذاب کا تذکرہ فرمایا ہے اور آپس میں جو وہاں بڑوں اور چھوٹوں میں دشمنی کا مظاہرہ ہوگا اس کو بیان کیا ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب قرآن مجید تلاوت کرتے اور لوگوں کو سناتے تو مکہ کے مشرکین میں سے جو بڑے بڑے لوگ تھے وہ اپنے نیچے والوں کو حکم دیتے تھے کہ اس قرآن کو نہ تو خود سُنو اور نہ دوسروں کو سننے دو جب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پڑھیں تو تم لوگ اس میں شور وغل مچاؤ لایعنی باتیں کرو، بے تکی آوازیں نکالو لہٰذا وہ لوگ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تلاوت کے وقت سیٹیاں بجاتے تھے اور تالیاں پیٹتے تھے اور شور کرتے تھے اور اونچی آواز سے اشعار بھی پڑھتے تھے، رؤسا مشرکین جو اپنے نیچے کے لوگوں کو ان باتوں کا حکم دیتے تھے ان کا مقصد یہ تھا کہ قرآن کی آواز دب جائے اور چیخ و پکار کرنے والے غالب ہو جائیں تا کہ قرآن آگے نہ بڑھے اور اس کے ماننے والوں کی تعداد میں اضافہ نہ ہو۔

مشرکین کی حرکتوں کو بیان فرمانے کے بعد جن کا وہ دنیا میں ارتکاب کرتے تھے ان کی سزا بیان فرمائی اور ارشاد فرمایا کہ ہم انہیں سخت عذاب چکھائیں گے یہ لوگ جو برے اعمال کیا کرتے تھے انہیں ضرور ان کی سزا دیں گے آیت کریمہ میں عذاب دنیا یا عذاب آخرت کا ذکر نہیں ہے مطلق عذاب کی وعید ہے صاحب روح المعانی لکھتے ہیں کہ اس سے دونوں جہان کا عذاب بھی مراد ہوسکتا ہے اور دونوں میں سے کسی ایک کا بھی۔ پھر حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نقل کیا ہے کہ عَذَابًا شَدِیْدًا سے غزوۂ بدر مراد ہے اَسْوَاَ الَّذِیْ کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ سے آخرت کا عذاب مراد ہے مطلب یہ ہے کہ اپنی حرکتوں کی وجہ سے دنیا میں بھی سخت عذاب میں مبتلا ہوں گے اور آخرت میں بھی برے اعمال کی سزا پائیں گے۔

پھر فرمایا کہ اللہ کے دشمنوں کو (آخرت میں جو) سزا ملے گی آگ کی صورت میں ان کے سامنے آئے گی یعنی نار جہنم میں داخل ہوں گے اور ایسا نہیں کہ تھوڑے سے دن سزا بھگت لیں تو جان بخشی ہو جائے بلکہ انہیں اس آگ میں ہمیشہ رہنا ہوگا ان کا یہ عذاب اس کا بدلہ ہوگا کہ وہ اللہ کی آیات کا انکار کیا کرتے تھے۔

گمراہ لوگ درخواست کریں گے کہ ہمارے بڑوں کو سامنے لایا جائے تا کہ قدموں سے روند ڈالیں............ دنیا میں تو یہ حال تھا کہ چھوٹے موٹے لوگ اپنے بڑوں اور سرداروں کے بہکانے سے کفر پر جمے رہے اللہ تعالیٰ کی آیات کا انکار کرتے رہے ان کے بہکانے والوں میں جنات بھی تھے اور انسان بھی تھے جو انہیں حق قبول نہیں کرنے دیتے تھے۔ اور ان سے کہتے تھے کہ قرآن پڑھا جائے تو تم شور وغل کرو یہ لوگ ان کی بات مان لیتے تھے۔ یہ تو ان کا دنیا میں حال تھا پھر جب آخرت میں ہوں گے تو اپنے بڑوں پر غصہ ہوں گے اور دانت پیسیں گے کہ انہوں نے ہمارا ناس کھویا لہٰذا بارگاہ خداوندی میں عرض کریں گے کہ اے ہمارے پروردگا جنات میں سے اور انسانوں میں سے جنہوں نے ہمیں گمراہ کیا انہیں ہمارے سامنے لایئے آج ہم انہیں بہکانے اور ورغلانے کا مزہ چکھا دیں، بتایئے وہ لوگ کہاں ہیں ہم انہیں اپنے پاؤں میں روند ڈالیں انہوں نے ہمارا ناس کھویا آج ہم ان سے بدلہ لے لیں انہیں اپنے پاؤں کے نیچے مسل دیں اور کچل دیں تا کہ وہ خوب زیادہ ذلت والوں میں سے ہو جائیں۔

اہل استقامت کو بشارت............ اس کے بعد اہل ایمان کی فضیلت بیان فرمائی اور انکی اجمالی نعمتوں کا تذکرہ فرمایا، ارشاد فرمایا کہ جو لوگ ایمان لائے پھر ایمان پر جمے رہے یعنی اس کے تقاضوں کو پورا کرتے رہے ان پر فرشتے نازل ہوتے ہیں اور ان کو بشارت دیتے ہیں کہ تم خوف نہ کرو اور رنج نہ کرو اور جنت کی خوشخبری سن لو جس کا تم سے اللہ کے نبی نے اور اللہ کی کتاب نے وعدہ کیا ہے۔

فرشتوں کے جس نزول اور بشارت کا ذکر ہے اس کا وقوع کب ہوتا ہے؟ صاحب روح المعانی نے حضرت زید بن اسلم تابعیؒ سے نقل کیا ہے کہ موت کے وقت اور قبر میں نازل ہوتے وقت فرشتے آتے ہیں اور مذکورہ بالا بشارت دیتے ہیں اور قیامت کے دن جب قبروں سے اٹھائے جائیں گے اس وقت بھی فرشتے یہ بشارت دیں گے اور بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ یہ بشارت مذکورہ بالا تینوں احوال کے ساتھ خاص نہیں ہے بلکہ عام حالات میں بھی اللہ کے نیک بندوں کے ساتھ یہ معاملہ ہوتا رہتا ہے۔ کہ فرشتے بطریقۂ الہام ان کے دلوں میں سکون اور اطمینان کا القاء کرتے رہتے ہیں جس سے وہ اور زیادہ خیر کے کاموں میں آگے بڑھتے رہتے ہیں، حضرت عطاء ابن ابی رباحؒ نے فرمایا ہے کہ اَلَّا تَخَافُوْا کا مطلب یہ ہے کہ تمہاری نیکیاں مقبول ہیں یہ خوف نہ کرو کہ وہ رد کردی جائیں گی اور وَلَا تَحْزَنُوْا کا مطلب یہ ہے کہ گناہوں کے بارے میں رنجیدہ مت ہو وہ بخش دیئے جائیں گے۔

فرشتوں کا اہل ایمان سے خطاب .... نَحْنُ اَوْلِیٰٓؤُکُمْ فِی الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا وَفِی الْاٰخِرَۃِ۔ فرشتے اہل استقامت مؤمنین سے یہ بھی کہتے ہیں کہ ہم دنیا اور آخرت میں تمہارے ولی ہیں یعنی ہم تمہارے مددگار ہیں معلوم ہوا کہ موت سے پہلے بھی ملائکہ کا نزول ہوتا رہتا ہے۔ جو اہل ایمان کو تسلی دیتے ہیں اور خیر وصلاح کی باتیں بتاتے ہیں اور شرور سے بچاتے ہیں، دنیا میں انکی یہ دوستی ہے اور آخرت میں بھی دوستی کا ظہور ہوگا، شفاعت بھی کریں گے اور اکرام کے ساتھ پیش آئیں گے اور اُنکے پاس پہنچیں گے اور سَلٰمٌ عَلَیْکُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ ط فَنِعْمَ عُقْبَی الدَّارِ ط کہہ کر سلامتی کی دعا بھی دیں گے اور مبارکباد بھی۔

فرشتے جو جنت کے داخلے کی پیشگی بشارت دیں گے اس بشارت کے ساتھ اجمالی طور پر نعمتوں کا تذکرہ بھی فرمایا وہ کہیں گے کہ آخرت میں تمہیں جو جنت کا داخلہ ملے گا وہ داخلہ بہت بڑی نعمت ہے وہ ہر قسم کی خواہش پوری ہونے کی جگہ ہے جنت میں تمہاری جو بھی خواہش ہوگی وہ سب پوری کردی جائے گی اور وہاں جو بھی کچھ مانگو گے اور طلب کرو گے سب کچھ موجود ہوگا ایسا نہ ہوگا کہ کوئی خواہش رُک رہ جائے اور کوئی مطلوبہ شئے عطا نہ کی جائے۔

غفور رحیم کی طرف سے مہمانی .... آخر میں فرمایا نُزُلًا مِّنْ غَفُوْرٍ رَّحِیْمٍ ط وہاں جو کچھ عطا کیا جائے گا غفور رحیم کی طرف سے بطور مہمانی کے ہوگا۔ دیکھو سب سے بڑی ذات کے مہمان بن رہے ہو جس نے تمہارے سب گناہ اور خطائیں معاف فرمادی ہیں اور مہربانی فرما کر تمہیں یہاں داخلہ دے دیا ہے جس ذات عالی کے مہمان ہو اس کی مہمانی اسی کے شان کے لائق ہے جس کا تقاضہ یہ ہے کہ مہمان کی جو خواہش ہو پوری کی جائے اور جو کچھ طلب کرے وہ اسے دیا جائے۔

وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَآ اِلَی اللّٰہِ وَعَمِلَ صَالِحًا وَّقَالَ اِنَّنِیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ﴿۳۳﴾ وَلَا تَسْتَوِی

اور اس سے اچھی کس کی بات ہوگی جس نے اللہ کی طرف بلایا اور نیک عمل کئے اور یوں کہا کہ بلا شبہ میں مسلمین میں سے ہوں۔ اور اچھائی

الْحَسَنَۃُ وَلَا السَّیِّئَۃُ ط اِدْفَعْ بِالَّتِیْ ھِیَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِیْ بَیْنَکَ وَبَیْنَہٗ عَدَاوَۃٌ

اور برائی برابر نہیں ہوتی آپ ایسے برتاؤ کے ساتھ دفع کیجئے جو اچھا طریقہ ہو پھر یکایک ایسا ہوگا جس شخص کو آپ سے دشمنی تھی گویا

کَاَنَّہٗ وَلِیٌّ حَمِیْمٌ ﴿۳۴﴾ وَمَا یُلَقّٰھَآ اِلَّا الَّذِیْنَ صَبَرُوْا ج وَمَا یُلَقّٰھَآ اِلَّا ذُوْ حَظٍّ عَظِیْمٍ ﴿۳۵﴾

کہ وہ خالص دوست ہے۔ اور اس بات کا صرف ان لوگوں کو القا کیا جاتا ہے جو صبر والے ہیں اور اس بات کا القا اسی شخص کو ہوتا ہے جو بڑے نصیب والا ہو۔

وَ اِمَّا یَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّیْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝

اور اگر آپ کو شیطان کی طرف سے کوئی وسوسہ آنے لگے تو اللہ کی پناہ لیجئے بیشک وہ سننے والا جاننے والا ہے۔

داعی الی اللہ کی فضیلت، اخلاقِ عالیہ کی تلقین، شیطان سے محفوظ ہونے کیلئے اللہ کی پناہ لینا

ان آیات میں داعی الی اللہ یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف بلانے والے اشخاص وافراد کی فضیلت بیان فرمائی اور بعض اُمور پر تنبیہ کی ہے، ارشاد فرمایا کہ اس سے بڑھ کر کس کی بات اچھی ہوگی جو اللہ کی طرف بلائے اور نیک عمل کرے اور یوں کہے کہ میں مسلمانوں میں سے ہوں، اس میں یہ بتادیا کہ اللہ تعالیٰ کی طرف جو شخص بلائے یعنی توحید کی دعوت دے اور اس کے دین اور احکام دین قبول کرنے اور ان پر عمل پیرا ہونے کی دعوت دے اسے خود بھی اعمال صالحہ میں لگنا چاہئے جب خود عمل کریگا تو دوسروں کو اعمال صالحہ کی دعوت دینا بھی مفید ہوگا نافع ہوگا اور جو شخص داعی ہو اس میں تواضع بھی ہونی چاہئے حق کی دعوت بھی دے اور اپنے کو بڑا بھی نہ سمجھے اپنے بارے میں یوں کہے کہ میں بھی مسلمانوں میں سے ایک مسلمان ہوں اپنے علم وعمل کو تکبر اور غرور کا ذریعہ نہ بنالے جب کوئی شخص حق کی دعوت لئے کھڑا ہوتا ہے تو تکے بے تکے لوگوں سے سابقہ پڑتا ہے معاندین اور متکبرین سامنے آتے ہیں زبان سے اور ہاتھ سے تکلیف دیتے ہیں ایسے مواقع پر صبر کرنا اور درگزر کرنا مناسب ہوتا ہے اور ترکی بہ ترکی جواب دینا برائی کا بدلہ برائی سے دینا مناسب نہیں ہوتا، اگر برائی کا بدلہ برائی سے دیا جائے اور اسی قدر دیا جائے جتنی زیادتی دوسرے نے کی ہے تو یہ جائز تو ہے لیکن خوبی اور بہتری حلم اور برداشت ہی میں ہے، اسی کو فرمایا وَلَاتَسْتَوِی الْحَسَنَةُ وَلَا السَّیِّئَةُ کہ اچھا برتاؤ اور بُرا برتاؤ برابر نہیں ہے۔ پھر فرمایا اِدْفَعْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ ؕ جو اچھی خصلت ہے اور عمدہ طریقہ اس کو اختیار کیجئے اس کے ذریعہ مخالف کی بدمعاملگی اور برے برتاؤ کو دفع کیجئے فَاِذَا الَّذِیْ بَیْنَكَ وَبَیْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِیٌّ حَمِیْمٌ جب ایسا کرو گے تو نتیجہ یہ ہوگا کہ جس شخص سے آپ کی دشمنی تھی وہ آپ کا خالص دوست بن جائے گا۔

اس کے بعد اچھی خصلت یعنی علم اور بردباری، حُسن خلق عفو اور درگزر کے بارے میں فرمایا کہ یہ بہت عمدہ اور بہت بلند صفت ہے جو ہر ایک کو نصیب نہیں ہوتی وَمَا یُلَقّٰهَآ اِلَّا الَّذِیْنَ صَبَرُوْا وَمَا یُلَقّٰهَآ اِلَّا ذُوْحَظٍّ عَظِیْمٍ ؕ (اور یہ بلند اخلاقوں کی صفت انہی لوگوں کو دی جاتی ہے جو بڑے نصیب والے ہیں)۔

حَظٍّ عَظِیْمٍ (بڑا نصیب) کیا ہے بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ اس سے ثواب کا بڑا حصہ مراد ہے اور ایک قول یہ ہے کہ اس سے جنت مراد ہے۔ (ذکرہما فی الروح)

جب کوئی شخص نیک کاموں میں لگتا ہے تو شیطان اس کے نفس میں برے برے وسوسے ڈالتا ہے اس کے بارے میں فرمایا وَاِمَّا یَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّیْطَانِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ (اور اگر آپ کو شیطان کی طرف سے کچھ وسوسہ آنے لگے تو آپ اللہ کی پناہ مانگیں اِنَّهٗ هُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ (بے شک اللہ سننے والا جاننے والا ہے)۔

صاحب روح المعانی فرماتے ہیں کہ لفظ نــــزغ عربی زبان میں کسی لکڑی یا انگلی سے چبھانے کے لئے بولا جاتا ہے جسے اُردو کے محاورے میں کچوکہ دینا کہہ سکتے ہیں ذرا ذرا سے وسوسے تو آتے ہی رہتے ہیں شیطان کبھی زوردار وسوسہ بھی ڈال دیتا ہے اسی لئے نــزغ سے تعبیر فرمایا، جب کوئی شخص دعوت حق دے گا خیر کی بات کرے گا اور مخالف اور منکر کی تکلیف دہ باتوں پر صبر کرے گا تو شیطان اس موقع پر کچوکا دے گا اور مثلاً یوں سمجھائے گا کہ تم تو حق بات کہہ رہے ہو۔ تمہیں چھوٹا بننے اور دبنے کی کیا ضرورت ہے؟ ایسے موقع پر اللہ کی پناہ

لے اور اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ پڑھ کر آگے بڑھ جائے۔

وَمِنْ اٰیٰتِہِ الَّیْلُ وَالنَّہَارُ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ؕ لَا تَسْجُدُوْا لِلشَّمْسِ وَلَا لِلْقَمَرِ وَاسْجُدُوْا لِلّٰہِ

اور اللہ کی نشانیوں میں سے رات ہے اور دن ہے اور چاند ہے اور سورج ہے مت سجدہ کرو سورج کو اور نہ چاند کو، اور سجدہ کرو اللہ کو

الَّذِیْ خَلَقَہُنَّ اِنْ کُنْتُمْ اِیَّاہُ تَعْبُدُوْنَ ﴿۳۷﴾ فَاِنِ اسْتَکْبَرُوْا فَالَّذِیْنَ عِنْدَ رَبِّکَ یُسَبِّحُوْنَ

جس نے ان کو پیدا فرمایا اگر تم اس کی عبادت کرتے ہو۔ سو اگر وہ تکبر کریں تو جو تیرے رب کے مقرب ہیں وہ رات دن اس

لَہٗ بِالَّیْلِ وَالنَّہَارِ وَہُمْ لَا یَسْـَٔمُوْنَ ﴿۳۸﴾ السجدۃ وَمِنْ اٰیٰتِہٖٓ اَنَّکَ تَرَی الْاَرْضَ خَاشِعَۃً فَاِذَآ اَنْزَلْنَا

کی پاکی بیان کرتے ہیں اور اُکتاتے نہیں ہیں، اور اس کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ تو زمین کو دبی ہوئی حالت میں دیکھتا ہے پھر جب ہم اس پر پانی

عَلَیْہَا الْمَآءَ اہْتَزَّتْ وَرَبَتْ ؕ اِنَّ الَّذِیْٓ اَحْیَاہَا لَمُحْیِ الْمَوْتٰی ؕ اِنَّہٗ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۳۹﴾

نازل کر دیتے ہیں تو وہ اُبھر آتی ہے اور بڑھتی ہے بلا شبہ جس نے اس کو زندہ فرمایا وہی مردوں کو زندہ کرنے والا ہے۔

السجدۃ ۱۱

رات دن چاند اور سورج اللہ کی نشانیوں میں سے ہیں' ان کے پیدا کرنے والے کو سجدہ کرو

ان آیات میں اللہ تعالیٰ کی توحید پر بعض دلائل قائم فرمائے ہیں اور غیر اللہ کو سجدہ کرنے اور غیر اللہ کی عبادت کرنے سے منع فرمایا ہے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے رات بھی ہے اور دن بھی ہے، اللہ تعالیٰ کی قدرت اور مشیت سے ایک دوسرے کے آگے پیچھے آتے رہتے ہیں۔ اور سورج اور چاند بھی اس کی نشانیوں میں سے ہیں اللہ تعالیٰ نے ان کو پیدا فرمایا اور روشنی بخشی اور ان کے گردش کرنے کا مدار مقرر فرمایا اور طلوع و غروب کے اوقات مقرر فرمائے جس ذات پاک نے ان کو پیدا فرمایا، صرف وہی مستحق عبادت ہے۔

لَا تَسْجُدُوْا لِلشَّمْسِ وَلَا لِلْقَمَرِ۔ یہ مشرکین کو خطاب ہے مطلب یہ ہے کہ تم سورج کو سجدہ نہ کرو ان کو بڑی چیزیں سمجھ کر سجدہ کرتے ہو حالانکہ جس نے انہیں پیدا کیا وہ سب سے بڑا ہے اور صرف وہی عبادت کا مستحق ہے اسی کو فرمایا وَاسْجُدُوْا لِلّٰہِ الَّذِیْ خَلَقَہُنَّ (اور اللہ کو سجدہ کرو جس نے انہیں پیدا کیا) اِنْ کُنْتُمْ اِیَّاہُ تَعْبُدُوْنَ ط (اگر تم ان کے پیدا کرنے والے کی عبادت کرتے ہو)...... مطلب یہ ہے اگر خالق کی عبادت کرتے ہو تو مخلوق کی عبادت نہ کرو۔ خالق کی وہ عبادت معتبر نہیں جس کے ساتھ مخلوق کی عبادت بھی کی جاتی ہو لہٰذا شرک اختیار کرتے ہوئے تمہارا یہ دعویٰ کرنا کہ ہم اللہ کے عبادت گزار ہیں یہ غلط ہے۔

فَاِنِ اسْتَکْبَرُوْا (الآیۃ) سو اگر وہ لوگ تکبر اختیار کریں اور آپ کی بات ماننے میں عار سمجھیں اور غیر اللہ کو سجدہ کرنے سے باز نہ آئیں تو انہیں بتا دیں کہ اللہ تعالیٰ کسی کی عبادت اور سجود کا محتاج نہیں ہے تم اسے سجدہ کرو یا نہ کرو اس کی ذات عالی صفات بہر حال بلند اور برتر ہے اس کی بارگاہ اقدس میں جو فرشتے حاضر ہیں وہ ہمہ تن اور ہر وقت تسبیح میں مشغول رہتے ہیں ذرا بھی نہیں اُکتاتے (اور اسے انکی تسبیح اور عبادت کی بھی حاجت نہیں ہے)۔

زمین کا خشک ہو کر زندہ ہو جانا بھی اللہ کی نشانی ہے............ اس کے بعد ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ جل شانہ کی نشانیوں میں سے زمین بھی ہے جس پر یہ لوگ رہتے ہیں اور اس پر جن تغیرات کا ظہور ہوتا رہتا ہے انہیں یہ لوگ دیکھتے رہتے ہیں انہی تغیرات میں سے ایک

یہ ہے کہ زمین خشک ہو جاتی ہے سبزی بالکل نہیں رہتی سوکھی ہوئی حالت میں پڑی رہتی ہے پھر اللہ تعالیٰ بارش بھیجتا ہے بارش برستی ہے زمین پر پانی پڑتا ہے اندر پہنچتا ہے جیسے ہی یہ زمین پانی سے متاثر ہوتی ہے اس میں تازگی آجاتی ہے زمین پھولتی ہے، اندر سے پودے زور لگاتے ہیں باہر نکلتے ہیں تھوڑا سا ہی وقت گزرتا ہے کہ زمین ہری بھری ہو جاتی ہے اس میں کھیتیاں بھی ہوتی ہیں جن سے انسانوں کو غذائیں ملتی ہیں بڑے بڑے درخت بھی ہوتے ہیں جن پر کچھ عرصے کے بعد پھل آتے ہیں ان میں سے انسان کھاتے ہیں، اور گھاس بھی نکلتی ہے جو مویشیوں کی غذا بنتی ہے اس میں کئی طرح سے اللہ تعالیٰ کی قدرت کی نشانیاں ہیں اللہ تعالیٰ کی قدرت بھی ظاہر ہوتی ہے اور توحید بھی ثابت ہوتی ہے کیونکہ ان تصرفات کا کرنے والا صرف اللہ تعالیٰ ہی ہے اور اس سے وقوع قیامت کا استبعاد بھی دور ہو جاتا ہے، قیامت قائم ہونے اور زندہ ہو کر قبروں سے نکلنے اور دوبارہ زندگی حاصل ہونے کو جو لوگ بعید اور عجیب سمجھتے ہیں ان کے لئے زمین کی حالت بدلنا خشک زمین کا تروتازہ ہو جانا اس میں پودے نکل آنا یہ اس بات کی نظیر ہے کہ انسان بھی مرکھپ کر اسی طرح زندہ ہو کر قبروں سے باہر آجائیں گے، اسی کو فرمایا اِنَّ الَّذِیْٓ اَحْیَاهَا لَمُحْیِ الْمَوْتٰی ط (بلاشبہ جس نے اس زمین کو زندگی بخشی وہی مردوں کو زندہ فرمانے والا ہے۔ اِنَّهٗ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ط (اور وہ ہر چیز پر قادر ہے)۔

اِنَّ الَّذِیْنَ یُلْحِدُوْنَ فِیْٓ اٰیٰتِنَا لَا یَخْفَوْنَ عَلَیْنَا ط اَفَمَنْ یُّلْقٰی فِی النَّارِ خَیْرٌ اَمْ مَّنْ یَّاْتِیْٓ

بلا شبہ جو لوگ ہماری آیتوں میں کجروی اختیار کرتے ہیں وہ ہم پر پوشیدہ نہیں ہیں۔ کیا جو شخص آگ میں ڈالا جائے گا وہ بہتر ہے یا وہ جو

اٰمِنًا یَّوْمَ الْقِیٰمَةِ ط اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ لا اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ ﴿٤٠﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِالذِّكْرِ

قیامت کے دن امن کی حالت میں آئے گا، تم کرلو جو چاہو بیشک وہ تمہارے کاموں کو دیکھنے والا ہے۔ بیشک جن لوگوں نے ذکر کے ساتھ کفر کیا جب وہ

لَمَّا جَآءَهُمْ ج وَاِنَّهٗ لَكِتٰبٌ عَزِیْزٌ ﴿٤١﴾ لَّا یَاْتِیْهِ الْبَاطِلُ مِنْۢ بَیْنِ یَدَیْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ ط تَنْزِیْلٌ

انکے پاس آگیا اور بیشک حال یہ ہے کہ وہ کتاب عزیز ہے اس کے پاس باطل نہیں آتا آگے سے اور نہ پیچھے سے، وہ اُتاری ہوئی ہے حکمت والے

مِّنْ حَكِیْمٍ حَمِیْدٍ ﴿٤٢﴾ مَا یُقَالُ لَكَ اِلَّا مَا قَدْ قِیْلَ لِلرُّسُلِ مِنْ قَبْلِكَ ط اِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ

کی طرف سے جو ستودہ اوصاف ہے۔ آپ سے نہیں کہا جاتا مگر وہی جو آپ سے پہلے رسولوں کے لئے کہا گیا بلاشبہ آپ کا رب مغفرت والا ہے

وَّ ذُوْ عِقَابٍ اَلِیْمٍ ﴿٤٣﴾ وَلَوْ جَعَلْنٰهُ قُرْاٰنًا اَعْجَمِیًّا لَّقَالُوْا لَوْ لَا فُصِّلَتْ اٰیٰتُهٗ ط ءَاَعْجَمِیٌّ وَّ عَرَبِیٌّ ط

اور دردناک عذاب والا ہے، اور اگر ہم اسکو قرآن عجمی بنادیتے تو یہ لوگ کہتے کہ اس کی آیات کو کیوں واضح طریقہ پر بیان نہیں کیا گیا، یہ کیا بات ہے کہ رسول عربی ہے اور کتاب عجمی ہے،

قُلْ هُوَ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا هُدًی وَّ شِفَآءٌ ط وَالَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ فِیْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرٌ وَّ هُوَ عَلَیْهِمْ

آپ فرما دیجئے کہ وہ ایمان والوں کے لئے ہدایت ہے اور شفاء ہے، اور جو لوگ ایمان نہیں لاتے ان کے کانوں میں ڈاٹ ہے اور وہ ان پر گمراہی کا

عَمًی ط اُولٰٓئِكَ یُنَادَوْنَ مِنْ مَّكَانٍۢ بَعِیْدٍ ﴿٤٤﴾

سبب بنا ہوا ہے۔ یہ وہ لوگ ہیں جنہیں دور سے پکارا جاتا ہے۔

ع ١٢ / ١٩

ملحدین ہم پر پوشیدہ نہیں ہیں، جو چاہو کرلو اللہ دیکھتا ہے!

قرآن مجید سے نفع حاصل کرنے والے اہل ایمان ہیں اور دو جماعتیں ایسی ہیں جو قرآن کی دشمن ہیں ایک جماعت تو وہ ہے جو قرآن کو اللہ کی کتاب مانتے ہی نہیں یہ لوگ منکرین ہیں اور دوسری جماعت وہ ہے جو یوں نہیں کہتے کہ قرآن اللہ کی کتاب نہیں ہے لیکن ان کی دشمنی اس طرح ظاہر ہوتی ہے کہ وہ قرآن کا مطلب اپنی طرف سے تجویز کرتے ہیں اور اپنی خواہشوں کے مطابق آیات اور کلمات کا مطلب بتاتے ہیں یہ لوگ ملحدین ہیں جو قرآن میں کجروی نکالتے ہیں حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے الحاد کا یہی مطلب بتایا اور فرمایا۔ یَضَعُوْن الکلام فی غیر موضعہ یعنی آیات کا مطلب اپنی طرف سے تجویز کرتے ہیں، متشابہات کے پیچھے پڑنا اپنی نکالی ہوئی بدعتوں اور خواہشوں کے مطابق قرآن کی تفسیر کرنا یہ سب الحاد کی صورتیں ہیں حضرت حکیم الامت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ مسائل سلوک میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا قول نقل فرمانے کے بعد لکھتے ہیں **ودخل فیہ غلاۃ الصوفیۃ فی نفیھم التفسیر المنقول واختراعھم ما یخالف الاصول** یعنی اس میں غلو والے صوفی بھی داخل ہیں جو منقول تفسیر کی نفی کرتے ہیں اور اپنے پاس سے وہ چیزیں نکالتے ہیں جو اصول کے خلاف ہیں، اللہ تعالیٰ جل شانہ نے فرمایا کہ جو لوگ ہماری آیات میں کجروی اختیار کرتے ہیں ان کا حال ہم پر پوشیدہ نہیں ہے، الحاد اور بے دینی کی سزا ملے گی اس کے بعد فرمایا اَفَمَنْ یُّلْقٰی فِی النَّارِ قیامت کے دن دو قسم کے لوگ ہوں گے بعض وہ لوگ ہوں گے جو امن و اطمینان کے ساتھ بے خوف ہوں گے اور جنت میں داخل کردیئے جائیں گے اور بہت سے لوگ ایسے ہوں گے جو حیرانی پریشانی اور گھبراہٹ کے ساتھ قبروں سے نکل کر میدان حشر میں حاضر ہوں گے پھر دوزخ میں داخل کردیئے جائیں گے اب بتانے والے بتائیں اور سمجھدار لوگ جواب دیں کہ جو شخص دوزخ میں ڈالا جائے گا وہ بہتر ہے یا وہ شخص بہتر ہے جو امن و چین اور اطمینان اور سکون سے قیامت کے دن حاضر ہوگا اور پھر جنت میں بھی اسی شان سے داخل ہوگا، قیامت کے دن بھی سکون اور اطمینان اور اس کے بعد بھی امن و چین کے ساتھ خوش و خرم رہے گا جَعَلَنَا اللّٰهُ مِنْهُمْ۔

اِعْمَلُوْا مَاشِئْتُمْ ط اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ ط (کرلو جو چاہو بیشک اللہ تمہارے کاموں کا دیکھنے والا ہے) اس میں تہدید ہے کہ قرآن کے مخالفین اور منکرین جو چاہیں کرلیں اور اپنے کئے کی سزا پائیں گے وہ یہ نہ سمجھیں کہ ہم جو کچھ کرلیں گے اس کی خبر نہ ہوگی اللہ جل شانہ ان کے اعمال کو دیکھتا ہے وہ ان کے اعمال کی سزا دے گا۔

اِنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا بِالذِّکْرِ (الآیۃ) بلاشبہ جن لوگوں نے ذکر یعنی قرآن کا انکار کیا، جب کہ وہ ان کے پاس آگیا تو انہوں نے غور و فکر نہ کیا) اگر غور و فکر کرتے تو منکر نہ ہوتے وَاِنَّهٗ لَكِتٰبٌ عَزِیْزٌ ط (اور بلاشبہ وہ عزت والی کتاب ہے) لَایَاْتِیْهِ الْبَاطِلُ مِنْۢ بَیْنِ یَدَیْهِ وَ لَا مِنْ خَلْفِهٖ (باطل نہ اس کے آگے سے آسکتا ہے نہ اس کے پیچھے سے) یعنی کسی پہلو اور کسی جہت سے اس کا احتمال نہیں تَنْزِیْلٌ مِّنْ حَکِیْمٍ حَمِیْدٍ (وہ اتاری گئی ہے حکمت والے کی طرف سے جس کی ذات و صفات محمود ہیں)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی .... مَا یُقَالُ لَكَ اِلَّا مَاقَدْقِیْلَ لِلرُّسُلِ مِنْ قَبْلِكَ ط اس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی دی ہے مطلب یہ ہے کہ آپ کے بارے میں جو کافر لوگ معاندانہ طریقے پر کچھ کہتے ہیں جس سے آپ کو تکلیف ہوتی ہے یہ کوئی نئی چیز نہیں ہے آپ سے پہلے جو رسول گزرے ہیں ان کے بارے میں ایسی باتیں کہی گئی ہیں، ان حضرات نے صبر کیا آپ بھی صبر کریں اِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ بلاشبہ آپ کا رب بڑی مغفرت والا ہے) وَذُوْعِقَابٍ اَلِیْمٍ ط (اور دردناک عذاب والا ہے) آپ کے مخالفین اگر

اپنی حرکتوں سے باز آ گئے اور ایمان قبول کر لیا تو دیگر اہل ایمان کے ساتھ ان کی بھی مغفرت ہو جائے گی اور ان لوگوں نے توبہ نہ کی اپنی حرکتوں سے باز نہ آئے ایمان قبول نہ کیا تو دردناک عذاب میں مبتلا ہوں گے۔

مکذبین کا عناد .... وَلَوْ جَعَلْنٰهُ قُرْاٰنًا اَعْجَمِیًّا لَّقَالُوْا لَوْلَا فُصِّلَتْ اٰیٰتُهٗ ؕ (اور اگر ہم اس کو قرآن عجمی بنا دیتے تو یہ لوگ کہتے کہ اس کی آیات کو کیوں واضح طریقہ پر بیان نہیں کیا گیا۔

جس کو حق سے بیر ہو اور عناد پر کمر باندھ لے اس کا نفس اور شیطان طرح طرح کے شوشے چھوڑتے رہتے ہیں قریش مکہ نے ایک یہ شوشہ چھوڑا کہ یہ قرآن عربی ہی میں کیوں ہے عجمی یعنی غیر عربی عجمی زبان میں بھی ہوتا تو اس کا معجزہ ہونا اور زیادہ ظاہر ہو جاتا اللہ تعالیٰ نے ان کی تردید میں ارشاد فرمایا کہ اگر ہم قرآن کو عجمی زبان میں نازل کرتے تو یہ لوگ پھر بھی ایمان لانے والے نہ تھے۔

یہ لوگ اس وقت یہ حجت نکالتے کہ ہم تو عرب ہیں ہمارے سامنے تو عربی ہی میں آیات ہوتیں جن میں صاف صاف بیان ہوتا، اور یہ اعتراض اُٹھ جاتے ءَاَعْجَمِیٌّ وَّعَرَبِیٌّ یعنی یوں کہتے کیا بات ہے کتاب عجمی ہے اور رسول عربی ہے اب جو قرآن عربی میں ہے تو کہتے ہیں کہ عربی کیوں ہے اور عجمی ہوتا تو کہتے کہ عربی کیوں نہیں مقصود محض اعتراض ہے قبول حق نہیں اسی لئے بے تکی باتیں کرتے ہیں۔ قال صاحب الروح وحاصله انهٗ لو نزل کما یریدون لا نکروا ایضاً وقالوا مالک وللعجمة اَوْما لنا وللعجمة (ص ۱۲۹ ج ۲۴) (صاحب روح المعانی فرماتے ہیں اور حاصل یہ ہے کہ اگر قرآن انہیں کی خواہش کے مطابق نازل کیا جاتا تو بھی یہ انکار کرتے اور کہتے آپ کیا لگیں اور عربی کیا لگے یا کہتے ہمیں غیر عربی زبان سے کیا واسطہ؟) (ص ۱۲۹ ج ۲۴)

قرآن مؤمنین کے لئے ہدایت ہے اور شفا ہے .... قُلْ هُوَ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا هُدًی وَّشِفَآءٌ ؕ (آپ فرما دیجئے کہ یہ قرآن ایمان والوں کے لئے ہدایت اور شفاء ہے) وَالَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ فِیْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرٌ وَّهُوَ عَلَیْهِمْ عَمًی ؕ اور جو لوگ ایمان نہیں لاتے ان کے کانوں میں ڈاٹ ہے اور وہ انکے حق میں اندھے پن کا سبب بنا ہوا ہے اُولٰٓئِكَ یُنَادَوْنَ مِنْ مَّكَانٍۢ بَعِیْدٍ ؕ (یہ لوگ دور جگہ سے بلائے جاتے ہیں) یعنی یہ لوگ ایسے ہیں کہ جیسے کسی کو پکارا جائے وہ آواز تو سنے لیکن بات نہ سمجھے۔ حق کی آواز کانوں میں پڑتی ہے لیکن اسے سمجھنا اور قبول کرنا نہیں چاہئے۔

یُنَادَوْنَ مِنْ مَّكَانٍۢ بَعِیْدٍ کی تفسیر .... صاحب روح المعانی لکھتے ہیں کہ اُولٰٓئِكَ یُنَادَوْنَ مِنْ مَّكَانٍۢ بَعِیْدٍ کا یہ مطلب (جو اوپر لکھا گیا) حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور حضرت مجاہد سے مروی ہے، اور بعض مفسرینؒ نے اس کا یہ مطلب بتایا ہے کہ قیامت کے دن یہ لوگ کفر اور اعمال بد کی وجہ سے برے ناموں کے ساتھ پکارے جائیں گے اور یہ پکار دور سے ہوگی تا کہ اہل موقف بھی اس آواز کو سن لیں جس سے ان لوگوں کی شُہرت ہو جائے کہ یہ لوگ ایسے ایسے تھے۔

وَلَقَدْ اٰتَیْنَا مُوْسَی الْكِتٰبَ فَاخْتُلِفَ فِیْهِ ؕ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِیَ

اور یہ واقعی بات ہے کہ ہم نے موسیٰ کو کتاب دی سو اس میں اختلاف کیا گیا اور اگر ایک بات نہ ہوتی جو آپ کے رب کی طرف سے طے ہو چکی ہے تو ان کے درمیان

بَیْنَهُمْ ؕ وَاِنَّهُمْ لَفِیْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِیْبٍ ﴿۴۵﴾ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ وَمَنْ اَسَآءَ فَعَلَیْهَا ؕ

فیصلہ کر دیا جاتا اور بلا شبہ یہ لوگ اس کی طرف سے شک میں پڑے ہوئے ہیں۔ جس نے نیک عمل کیا سو وہ اس کی جان کے لئے ہے اور جس نے برا عمل کیا تو اس کا وبال اسی پر ہے،

وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيدِ ﴿۴۶﴾

اور آپ کا رب بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں ہے۔

ہر شخص کا نیک عمل اس کیلئے مفید ہے، اور برے عمل کا وبال براعمل کرنیوالے پر ہی ہے

اُوپر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی دیتے ہوئے فرمایا تھا کہ معاندین کی طرف سے آپ کے بارے میں وہی باتیں کہی جاتی ہیں جو آپ سے پہلے رسولوں سے کہی گئیں اس کے بعد گزشتہ رسولوں میں سے ایک رسول یعنی حضرت موسیٰ علیہ السلام کا تذکرہ فرمایا ارشاد فرمایا کہ ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو کتاب یعنی توریت شریف دی اس کتاب میں اختلاف کیا گیا کسی نے اس کی تصدیق کی اور کسی نے اسے جھٹلایا آپ کے ساتھ اور قرآن کے ساتھ جو آپ کے مخاطبین کا معاملہ ہے یہ پہلے بھی ہو چکا ہے، پھر فرمایا کہ آپ کے رب کی طرف سے ایک بات طے ہو چکی ہے اور وہ یہ کہ جھٹلانے والوں پر مقررہ وقت پر عذاب آئے گا اگر یہ طے شدہ بات نہ ہوتی تو ان کے درمیان فیصلہ کر دیا جاتا یعنی گزشتہ اُمتوں کی طرح عذاب بھیج کران کو ختم کر دیا جاتا۔ وَاِنَّهُمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ (اور یہ لوگ قرآن کے بارے میں شک میں پڑے ہوئے ہیں اور یہ شک باعث تردد اور باعث اضطراب بنا ہوا ہے)۔

بعض حضرات نے مِنْهُ کی ضمیر عذاب کے فیصلے کی طرف راجع کی ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ یہ لوگ عذاب موعود کے بارے میں شک میں پڑے ہوئے ہیں اس شک نے ان کو تردد میں ڈال رکھا ہے عذاب کی وعید سنتے ہیں لیکن یقین نہیں کرتے۔

مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ (جو شخص براعمل کرے گا تو اس کا وبال اور ضرر اسی پر پڑے گا) وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ (اور آپ کا رب بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں ہے) وہ ہر چھوٹی بڑی نیکی کا بدلہ دے گا اور ایسا نہ ہوگا کہ جو کوئی برائی نہ کی ہو وہ اس کے اعمال نامہ میں لکھ دی جائے، اور پھر اس کی وجہ سے عذاب دیا جائے۔

☆☆☆ .... بحمد اللہ پارہ ۲۴ مکمل ہوا .... ☆☆☆

ختم شد